Presented By: www.jafrilibrary.com

سعادت الدّارین

فی

مقتل الحسین علیہ السلام



تالیف منیف

علامہ الشیخ محمد حسین النجفی مجتہد العصر دظلہ العالی

اسلامک بک سنٹر، اسلام آباد

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ يُّقْتَلُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتٌ بَلْ اَحْيَآءٌ وَّلٰكِنْ لَّا تَشْعُرُوْنَ۔

جو لوگ خدا کی راہ میں مارے گئے انہیں کبھی مردہ نہ کہنا بلکہ (وہ لوگ) زندہ ہیں لیکن تم ان کی زندگی کی حقیقت کا شعور نہیں رکھتے۔ (سورۂ بقرہ، آیت ۵۴)

کتابِ مستطاب

سعادت الدارین

فی

مقتل الحسین ع

SIBTAIN.COM
Presented By: www.jafrilibrary.com

تالیف

صدر المحققین، سلطان المتکلمین حجۃ الاسلام والمسلمین علامہ

الشیخ محمد حسین النجفی قبلہ مجتہد العصر مدظلہ العالی

ناشر

اسلامک بک سینٹر، 362-C، گلی نمبر 12، سیکٹر G-6/2، اسلام آباد

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

باسمہٖ سُبحانہٗ

اِھداء

ان خزف ریزوں کو عقیدت و اخلاص کے سلک میں پرو کر سرکار سید الشہداء ابو عبداللہ الحسین علیہ السلام کی بارگاہِ معلیٰ میں پیش کرنے کی سعادت حاصل کی جا رہی ہے۔ اس امید کامل کے ساتھ کہ شاید ان کی نظر کیمیا اثر سے ان کی آبرو میں اس قدر بڑھ جائے کہ سوائے جنت الفردوس کے ان کی اور کوئی قیمت مقرر نہ کی جا سکے۔ ع

آنان کہ خاک را بنظر کیمیا کنند
آیا بود کہ گوشۂ چشمے بما کنند

الاحقر
محمد حسین عفی عنہٗ
کوٹ فرید، سرگودھا
۴ دسمبر ۱۹۶۷ء

SIBTAIN.COM
Presented By: www.jafrilibrary.com

قطعۂ تاریخ کتاب سعادۃ الدارین

از قلم شاعر اہل بیتؑ سید وزیر حسین وزیر شیرازیؒ

دو اماموں کی سرگزشت ہے یہ
اس لیے کہیے اس کو ذو النورین
سال تاریخ یوں وزیر کہو
"چاپ ثانی سعادت الدارین"

(۱۳۹۸ھ)

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

نام کتاب	:	سعادت الدارین فی مقتل الحسینؑ
تالیف	:	علامہ الشیخ محمد حسین النجفی
تحقیق و تصحیح	:	علامہ آفتاب حسین جوادی
پیشکش	:	سید محمد ثقلین کاظمی
کمپوزنگ	:	غلام حیدر (میکسیما کمپوزنگ سینٹر، موبائل: 03335169622)
ناشر	:	اسلامک بک سینٹر، 362-C، گلی 12، سیکٹر G-6/2 اسلام آباد
طباعت	:	میکسیما پرنٹنگ پریس، راولپنڈی
طبع پنجم	:	مئی ۲۰۰۴ء بمطابق ربیع الاول ۱۴۲۵ھ
قیمت	:	۳۰۰ روپے
تعداد	:	۱۰۰۰

SIBTAIN.COM

ملنے کا پتہ

اسلامک بک سینٹر
مکان نمبر 362-C، گلی نمبر 12،
سیکٹر G-6/2، اسلام آباد
فون: 051-2870105

میکسیما کمپوزنگ سینٹر
آفس نمبر 19، تھرڈ فلور، ماسکو پلازہ،
64-W، بلیو ایریا، اسلام آباد
موبائل: 03335169622

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

عرض ناشر

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

خالق ارض وسماء کا خصوصی احسان وکرم ہے کہ اس نے ہمیں مکتب اہل بیت علیہم السلام جیسی عظیم نعمت سے نوازا ہے ذلک فضل اللہ یؤتیہ من یشاء۔

حقیقت امر یہ ہے کہ علامہ محمد حسین نجفی دامت فیوضہم العالیہ نے مختلف عنوانات پر بہت سی علمی اور جامع کتب تحریر فرمائی ہیں۔ جن میں سے ایک کتاب "سعادت الدارین فی مقتل الحسینؑ" بھی ہے۔ یہ بڑی تحقیقی کتاب ہے جو واقعات کربلا پر سند کی حیثیت رکھتی ہے اس وقت تک اس کتاب کے چار ایڈیشن شائع ہو چکے ہیں۔ ہماری خواہش تھی کہ یہ کتاب ایک اچھے اور خوبصورت انداز میں شائع ہو، چنانچہ جناب علامہ محمد حسین نجفی قبلہ سے اس کتاب کے پانچویں ایڈیشن کو اسلامک بک سینٹر اسلام آباد کی طرف سے شائع کرنے کی اجازت طلب کی گئی جو آپ نے بخوشی مرحمت فرمائی۔

SIBTAIN.COM
Presented By: www.jafrilibrary.com

اشاعت کی اجازت ملنے کے بعد اس کتاب کی تصحیح وتصویب کیلئے جناب مولانا آفتاب حسین جوادی دام مجدہ کو زحمت دی گئی چنانچہ انہوں نے پورے انہماک کے ساتھ اس مسودے پر نظر ثانی فرمائی جس کے لیے میں ان کا شکر گزار ہوں، خداوند عالم ان کی توفیقات میں مزید اضافہ فرمائے۔

ہم اس کتاب کو ممکن حد تک جدید کمپوزنگ، عمدہ وخوبصورت طباعت اور تصحیح کے ساتھ ابنائے قوم وملت کی خدمت میں پیش کرنے کی سعادت حاصل کر رہے ہیں۔ دعا ہے اللہ تعالیٰ بحق چہاردہ معصومین علیہم السلام ہماری یہ ادنیٰ سی کوشش قبول فرمائے اور اسے ہمارے لیے ذریعہ بخشش قرار دے، واعظین وذاکرین کو اس سے مستفید ہونے کی توفیق عطا فرمائے آمین یارب العالمین۔

والسلام

سید محمد ثقلین کاظمی
اسلامک بک سینٹر، 362-C، گلی نمبر 12
سیکٹر G-6/2، اسلام آباد

بتاریخ: ۱۲ مئی ۲۰۰۴ء بمطابق ۲۱ ربیع الاول ۱۴۲۵ھ

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

اجمالی فہرست مضامین

نمبر شمار	مضمون	صفحہ
۱	مقدمہ	۱۵
۲	بزرگوں کی یاد منانا اور اس کی غرض وغایت	۱۵
۳	مجالس عزا کی تاریخ	۱۶
۴	مجالس ومحافل کے فوائد وعوائد کا ایک شمہ	۱۶
۵	دعوت غور وفکر	۱۸
۶	موجودہ روش ورفتار پر تنقید	۱۸
۷	مجالس عزا بہترین عبادت اور ذریعہ بخشش ہیں	۱۹
۸	مجالس کی موجودہ روش میں اصلاح کی ضرورت	۱۹
۹	اصلاح احوال کی زیادہ ذمہ داری علماء پر عائد ہوتی ہے	۲۰
۱۰	کیا اصلاح ہونی چاہیئے؟	۲۱
۱۱	سب سے پہلی اصلاح اخلاص کا ہونا چاہیئے	۲۱
۱۲	مجالس خواں طبقہ کی اکثریت کے اخلاص سے خالی ہونے کے شواہد پنجگانہ	۲۲
۱۳	عدم اخلاص کا پہلا شاہد فیس کا طے کرنا	۲۲
۱۴	آئمہ اطہارؑ کے اپنے ماداحین کو عطا کرنے والے شبہ کا ازالہ	۲۳
۱۵	مجالس پر نذرانہ لینے کے جواز کا طریقہ	۲۳
۱۶	مستحبات پر اجرت لینے کے جواز والے شبہ کا ازالہ	۲۴
۱۷	دوسرا شاہد	۲۵
۱۸	تیسرا شاہد: اہل علم وایمان کی توہین وتذلیل کرنا	۲۶
۱۹	چوتھا شاہد: جھوٹی روایات اور غلط واقعات کا پڑھنا	۲۶
۲۰	کذب کی مذمت قرآن کی روشنی میں	۲۷
۲۱	مذمت کذب احادیث کی روشنی میں	۲۷
۲۲	خدا اور رسولؐ اور آئمہ طاہرینؑ پر جھوٹ بھولنا اور بھی گناہ عظیم ہے	۲۸
۲۳	ایک عبرت انگیز خواب	۲۸
۲۴	ایک مفید مشورہ	۲۹
۲۵	ایک عذر لنگ کا ازالہ	۲۹
۲۶	ایک غلط روش کی مذمت	۳۰
۲۷	ایک اور عذر بارد کا ازالہ	۳۰
۲۸	پانچواں شاہد: غنا وسرود کا ارتکاب ہے	۳۱
۲۹	حرمت غنا قرآن کی روشنی میں	۳۱
۳۰	حرمت غنا احادیث معصومینؑ کی روشنی میں	۳۱
۳۱	حرمت غنا اتفاق فقہاء کی روشنی میں	۳۲
۳۲	قصائد ومراثی میں غنا کرنے کا گناہ زیادہ سخت ہے	۳۲
۳۳	موجودہ مجالس عزا کی حالت زار پر صاحب البرہان کا تبصرہ	۳۳
۳۴	بانیان مجلس اور سامعین کی اکثریت کے دولت اخلاص سے تہی دامن ہونے پر شواہد پنجگانہ	۳۳
۳۵	اثبات مدعا پر پہلا شاہد تیری میری مجلس کی تفریق	۳۴

SIBTAIN.COM
Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

نمبر شمار	مضمون	صفحہ
۳۶	دوسرا شاہد: بے جا تکلفات باردہ کا ارتکاب	۳۵
۳۷	تیسرا شاہد: تعیش دماغی کی تلاش	۳۵
۳۸	چوتھا شاہد: صالح وطالح کی عدم تمیز	۳۶
۳۹	پانچواں شاہد: سیرت حسینیؑ کا فقدان	۳۷
۴۰	مجلس خواہ گروہ کے آداب دوگانہ	۳۸
۴۱	پہلا ادب صحت عقائد ہے	۳۸
۴۲	اہل منبر کے لیے مفید مشورہ	۳۹
۴۳	دوسرا ادب: ضرورت اخلاص ہے	۴۰
۴۴	تیسرا ادب: مقتضائے حال کے مطابق گفتگو کرنا	۴۰
۴۵	چوتھا، پانچواں اور چھٹا ادب: فیس طے کرنے اور غنا سے اجتناب	۴۱
۴۶	ساتواں ادب: اہل منبر کو حسینیؑ سیرت کا عملی نمونہ پیش کرنا چاہیے	۴۱
۴۷	آٹھواں ادب: واعظین کا بیان امید وبیم کے درمیان ہونا چاہیے	۴۲
۴۸	نواں ادب: مبلغین کو معصومینؑ کے فرامین پر اکتفا کرنا چاہیے	۴۳
۴۹	دسواں ادب: طول ممل و اختصار مخل سے اجتناب کرنا چاہیے	۴۳
۵۰	واعظ میں کن صفات کا ہونا ضروری ہے	۴۴
۵۱	بانیان مجالس اور سامعین کرام کے دوگانہ وظائف کا بیان	۴۴
۵۲	پہلا وظیفہ: خلوص نیت ہے	۴۵
۵۳	دوسرا وظیفہ جہاں غیر شرعی امور کا ارتکاب ہو وہاں شرکت نہ کرنا	۴۵
۵۴	تیسرا وظیفہ: مجلس میں دنیوی خیالات سے فارغ ہو کر شریک ہونا	۴۶
۵۵	چوتھا وظیفہ: مجالس میں شرکت سے ذاتی ترفع مانع نہ ہو	۴۷
۵۶	پانچواں وظیفہ: اس حال میں شریک ہوں کہ سوگوار ہونا ظاہر ہو	۴۸
۵۷	چھٹا وظیفہ: بحالت نجاست شامل مجلس نہیں ہونا چاہیے	۴۹
۵۸	ساتواں وظیفہ: بکا یا تباکی کرنا چاہیے	۴۹
۵۹	آٹھواں وظیفہ: عزاخانہ کو سادہ ہونا چاہیے	۴۹
۶۰	نواں وظیفہ: مجالس میں کچھ شیرینی تقسیم کرنا چاہیے	۵۰
۶۱	دسواں وظیفہ: اسوۂ حسینیؑ کی تاسی کرنا چاہیے	۵۰
۶۲	کچھ موجودہ کتاب کے بارے میں	۵۱
❀	**باب نمبر ۱**	۵۵
۶۳	حضرت امام حسین علیہ السلام کی ولادت باسعادت اور ابتدائی حالات	۵۵
۶۴	امام حسین علیہ السلام کی طہارت	۵۵
۶۵	کیفیت تسمیہ	۵۶
۶۶	عقیقۃ الحسین علیہ السلام	۵۶
۶۷	تربیۃ الحسین علیہ السلام	۵۷
۶۸	ولادت حسینؑ پر زینت جنان وخمود نیران	۵۸
۶۹	تہنیت ملائکہ	۵۸
۷۰	ولادت حسینؑ کے وقت گریہ رسولؐ مقبول	۵۸
۷۱	شمائل نبویہؐ کی تقسیم	۵۹

SIBTAIN.COM
Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

نمبر شمار	مضمون	صفحہ
۷۲	محبت رسول ؐ متعلقین بہ امام حسینؑ	۵۹
۷۳	جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اپنے بیٹے ابراہیم کو حسین علیہ السلام پر قربان کرنا	۶۰
۷۴	مسلمانوں پر محبت حسینؑ واجب ہے	۶۲
❁	**باب نمبر ۲**	۶۴
۷۵	حضرت امام حسین علیہ السلام کے نسبی خصوصیات اور خاندانی روایات	۶۴
۷۶	شہزادۂ کونین کا حضرت امیر علیہ السلام کے ساتھ مفاخرہ	۶۵
❁	**باب نمبر ۳**	۶۸
۷۷	حضرت امام حسین علیہ السلام کے جسمی کمالات یعنی ان کے ذاتی اطوار واخلاق اور انسانی فضائل ومناقب	۶۸
۷۸	حسین علیہ السلام کے کمالات علمیہ	۶۹
۷۹	حسین علیہ السلام کی فصاحت وبلاغت	۷۴
۸۰	امامؑ کے کلام منظوم کا نمونہ	۷۹
۸۱	امام حسین علیہ السلام کی سخاوت اور اہل قدر کی قدر و ہمت افزائی	۸۱
۸۲	ہمدردیٔ خلائق	۸۲
۸۳	امام حسین علیہ السلام کی تواضع اور بخشش بر مساکین	۸۳
۸۴	امام حسین علیہ السلام کا اہل تقصیر سے عفو ودرگزر	۸۴
۸۵	امام حسین علیہ السلام کی عبادت وزہادت	۸۵
۸۶	امام حسین علیہ السلام کی شجاعت وشہامت	۸۷
❁	**باب نمبر ۴**	۸۹
۸۷	حضرت امام حسین علیہ السلام کے بعض معجزات کا بیان	۸۹
۸۸	پہلا معجزہ	۸۹
۸۹	دوسرا معجزہ	۹۰
۹۰	تیسرا معجزہ	۹۱
۹۱	چوتھا معجزہ	۹۱
۹۲	پانچواں معجزہ	۹۲
❁	**باب نمبر ۵**	۹۳
۹۳	امام حسین علیہ السلام کی امامت حقہ کے بعض دلائل و براہین	۹۳
❁	**باب نمبر ۶**	۹۷
۹۴	حضرت امام حسین علیہ السلام کی ازواج محترمات اور اولاد امجاد	۹۷
❁	**باب نمبر ۷**	۱۰۱
۹۵	امام حسین علیہ السلام کی زندگی کا دوسرا دور وفات پیغمبرؐ سے شہادت جناب امیرؑ اور شہادت جناب امیرؑ سے شہادت امام حسنؑ تک سنہ ۱۱ھ تا ۴۰ھ تا ۵۰ھ	۱۰۱
❁	**باب نمبر ۸**	۱۲۱
۹۶	حضرت امام حسین علیہ السلام کی زندگی کا تیسرا دور شہادت امام حسن علیہ السلام ۵۰ھ سے ۶۰ھ تک	۱۲۱
❁	**باب نمبر ۹**	۱۳۳
۹۷	آیا امام حسین علیہ السلام کی شہادت عظمیٰ ایک اتفاقی حادثہ تھا یا مسلسل علل واسباب کا نتیجہ تھی	۱۳۳
۹۸	شہادت حسینؑ کی پہلی اینٹ واقعہ عقبہ ہے	۱۳۴
۹۹	دوسری اینٹ واقعہ تبلیغ سورۂ برأت	۱۳۵
۱۰۰	تیسری اینٹ واقعہ غدیر	۱۳۵
۱۰۱	چوتھی اینٹ تخلف از جیش اسامہ	۱۳۵

SIBTAIN.COM
Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

نمبر شمار	مضمون	صفحہ
۱۰۲	پانچویں اینٹ واقعۂ قرطاس	۱۳۶
۱۰۳	شہادت حسینؑ کی چھٹی اینٹ	۱۳۸
۱۰۴	شہادت حسینؑ کی ساتویں اینٹ سقیفہ بنی ساعدہ	۱۳۹
۱۰۵	شہادت حسینؑ کی آٹھویں اینٹ حضرت امیرؑ کی گرفتاری	۱۴۰
۱۰۶	شہادت حسینؑ کی نویں اینٹ خانۂ علیؑ و بتولؑ کو آگ لگانے کی دھمکی	۱۴۰
۱۰۷	قتل حسینؑ کی دسویں اینٹ محرومی جناب سیدہ از میراث	۱۴۱
۱۰۸	شہادت حسینؑ کی گیارہویں اینٹ بنی امیہ کی اسلامی عہدوں پر تقرری ہے	۱۴۳
۱۰۹	شہادت حسینؑ کی بارہویں اینٹ امیر شام معاویہ ہے	۱۴۴
۱۱۰	شہادت حسینؑ کی تیرہویں اینٹ شوریٰ ہے	۱۴۵
۱۱۱	شہادت حسینؑ کی چودہویں اینٹ خلافت عثمان ہے	۱۴۵
۱۱۲	پندرہویں اینٹ حضرت عائشہ کی مہربانیاں	۱۴۶
۱۱۳	سولہویں اور آخری اینٹ خلافت یزید ہے	۱۴۶
❁	**باب نمبر ۱۰**	۱۴۷
۱۱۴	امام حسن علیہ السلام کی صلح اور امام حسین علیہ السلام کی جنگ بالفاظ دیگر امام حسن علیہ السلام کے تقیہ کرنے اور امام حسین علیہ السلام کے تقیہ نہ کرنے کے بعض رموز و اسرار	۱۴۷
۱۱۵	صلح حسنؑ و اقدام حسینؑ کا پہلا فرق	۱۴۸
۱۱۶	دوسرا فرق	۱۴۹
۱۱۷	تیسرا فرق	۱۵۰
۱۱۸	چوتھا فرق	۱۵۲
۱۱۹	پانچواں فرق	۱۵۴
۱۲۰	چھٹا فرق	۱۵۴
❁	**باب نمبر ۱۱**	۱۵۶
۱۲۱	آیا امام حسین علیہ السلام کا یہ اقدام باغیانہ تھا؟ (معاذ اللہ)	۱۵۶
۱۲۲	یزید کے حقیقی خدوخال، تاریخ کی روشنی میں	۱۵۶
۱۲۳	خلافت یزید کے ناجائز ہونے کی پہلی وجہ	۱۵۷
۱۲۴	دوسری وجہ	۱۵۸
۱۲۵	تیسری وجہ	۱۶۰
۱۲۶	یزید کے بعض کافرانہ عقائد و نظریات	۱۶۰
۱۲۷	حلت شراب کے متعلق یزید کا نظریہ اور پینے کے متعلق معاویہ کی تدبیر	۱۶۱
۱۲۸	یزید اور محرمات شرعیہ سے زنا اور ترک صلوٰۃ و شرب خمر	۱۶۲
۱۲۹	یزید کے عام عادات و اطوار	۱۶۳
۱۳۰	یزید کے متعلق اسلامی دنیا کی رائے	۱۶۴
۱۳۱	ایک مشہور شبہ کا جواب	۱۶۷
❁	**باب نمبر ۱۲**	۱۷۲
۱۳۲	حضرت امام حسین علیہ السلام کی شہادت کا مقصد کیا ہے	۱۷۲
۱۳۳	کام کی قدر و قیمت اس کی غرض و غایت کے تابع ہوتی ہے	۱۷۲
۱۳۴	شہادت حسینؑ نے بنی امیہ کے خلاف اسلام کردار کو بے نقاب کر دیا	۱۷۲

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

نمبر شمار	مضمون	صفحہ
۱۳۵	شہادت حسینؑ بقائے اسلام کی ضامن ہے	۱۷۳
۱۳۶	شہادت حسینؑ پورے عالم انسانیت کو ہلاکت ابدی سے بچانے کا سبب ہے	۱۷۴
۱۳۷	مقصد شہادت حسینؑ خود امام حسین علیہ السلام کے کلام حقیقت ترجمان کی روشنی میں	۱۷۶
۱۳۸	کیا حسینؑ کا مدعا دنیاوی سلطنت و بادشاہی کا حاصل کرنا تھا؟	۱۷۷
۱۳۹	حضرت امام حسین علیہ السلام کی روش نزاعی نہ تھی بلکہ دفاعی تھی	۱۷۸
۱۴۰	امام حسین علیہ السلام کے نام لیواؤں سے چند باتیں	۱۷۸
❁	**باب نمبر ۱۳**	۱۷۹
۱۴۱	شہادت امام حسینؑ پنجتن پاکؑ کے ارشادات کی روشنی میں	۱۷۹
۱۴۲	جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خبر شہادت حسینؑ	۱۷۹
۱۴۳	حضرت امیر علیہ السلام کا شہادت حسین علیہ السلام کی خبر دینا	۱۸۰
۱۴۴	امام حسن مجتبیٰ علیہ السلام کا امام حسین علیہ السلام کی خبر شہادت دینا	۱۸۱
۱۴۵	جناب سیدہ سلام اللہ علیہا کا شہادت حسینؑ پر مطلع ہونا	۱۸۲
۱۴۶	خود امام حسین علیہ السلام کا اپنی شہادت کی خبر دینا	۱۸۲
❁	**باب نمبر ۱۴**	۱۸۴
۱۴۷	یزید کی تخت نشینی اور حضرت امام حسین علیہ السلام سے بیعت لینے پر اصرار اور امام حسین علیہ السلام کا انکار	۱۸۴
❁	**باب نمبر ۱۵**	۱۹۳
۱۴۸	حضرت امام حسین علیہ السلام کی مدینہ منورہ سے مکہ معظمہ کی طرف ہجرت	۱۹۳
۱۴۹	جناب محمد بن حنفیہ اور امام عالی مقامؑ کے درمیان مکالمہ	۱۹۵
۱۵۰	جناب ام سلمہؓ اور امام عالی مقامؑ کے درمیان گفتگو	۱۹۶
۱۵۱	عبداللہ بن عمر کا مشورہ	۱۹۷
۱۵۲	دو مشہور غلط فہمیوں کا ازالہ	۱۹۸
۱۵۳	جناب فاطمہ صغریٰؑ کے مدینہ میں ام سلمہؓ کے پاس چھوڑے جانے کی تحقیق	۱۹۸
۱۵۴	ایک مشہور شبہ کا ازالہ	۲۰۱
۱۵۵	بوقت روانگی از مدینہ سید الشہداؑ و شاہانہ شان و شکوہ کے مظاہرہ والی روایت کی تحقیق	۲۰۱
❁	**باب نمبر ۱۶**	۲۰۶
۱۵۶	شہنشاہ مدینہ کی حرم خدا میں پناہ	۲۰۶
۱۵۷	اہل کوفہ کے خطوط امام عالی مقامؑ کے نام	۲۰۸
❁	**باب نمبر ۱۷**	۲۱۲
۱۵۸	اس امر کی تحقیق کہ قاتلان حسینؑ شیعہ تھے	۲۱۲
۱۵۹	ذمہ داران شہادت حسینؑ کا کفر و الحاد	۲۱۳
۱۶۰	دو ضروری تنقیحیں	۲۱۴
۱۶۱	قاتلان حسینؑ کے مذہب پر تاریخی شواہد و قرائن	۲۱۵
۱۶۲	حضرت مسلمؑ کے ہاتھ پر اٹھارہ ہزار کوفیوں کے بیعت کرنے کے اسباب	۲۱۹
۱۶۳	شیعیان کوفہ کی نصرت و امداد امامؑ میں تقصیر و کوتاہی کے علل و اسباب	۲۲۱

SIBTAIN.COM
Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

نمبر شمار	مضمون	صفحہ
۱۶۴	جب امام عالی مقامؑ کو اہل کوفہ کی وفاداری پر یقین نہ رہا تو پھر ان کی دعوت قبول کیوں فرمائی؟	۲۲۳
❁	**باب نمبر ۱۸**	۲۲۷
۱۶۵	حضرت مسلم بن عقیلؑ کی بجانب کوفہ روانگی اور شہادت	۲۲۷
۱۶۶	نعمان بن بشیر حاکم کوفہ	۲۳۰
۱۶۷	ہواخواہان بنی امیہ کا یزید کے پاس نعمان کے متعلق شکایتی خطوط لکھنا	۲۳۱
۱۶۸	نعمان بن بشیر کی معزولی	۲۳۱
۱۶۹	عبید اللہ بن زیاد کی بجانب کوفہ روانگی	۲۳۲
۱۷۰	ابن زیاد کا کوفہ میں ورود	۲۳۲
۱۷۱	جناب مسلمؑ کا مختارؓ کے گھر سے جناب ہانیؓ کے گھر منتقل ہونا	۲۳۴
۱۷۲	ابن زیاد کا مکر و حیلہ سے جناب مسلمؑ کے حالات معلوم کرنا	۲۳۴
۱۷۳	جناب ہانی کی وجاہت اور جلالت قدر	۲۳۵
۱۷۴	حضرت مسلمؑ کی ظاہری ناکامی کے اسباب	۲۳۹
۱۷۵	جناب طوعہ کا مختصر تعارف	۲۴۱
❁	**باب نمبر ۱۹**	۲۵۳
۱۷۶	شہنشاہ عرب و عجم کی مکہ مکرمہ سے بجانب کربلا معلیٰ روانگی اور منازل سفر	۲۵۳
۱۷۷	ابن عباسؓ کا مشورہ	۲۵۵
۱۷۸	مکہ سے کربلا تک منازل سفر کا بیان	۲۵۷
۱۷۹	کربلا میں ورود	۲۸۲
۱۸۰	ایک مشہور واقعہ پر تنقید	۲۸۳

نمبر شمار	مضمون	صفحہ
❁	**باب نمبر ۲۰**	۲۸۴
۱۸۱	دو محرم سے شب عاشورا تک کے حالات و واقعات	۲۸۴
۱۸۲	حضرت امام حسین علیہ السلام کے نام ابن زیاد کا خط	۲۸۴
۱۸۳	سوم محرم الحرام کو عمر بن سعد کا چار ہزار لشکر کے ساتھ کربلا میں پہنچنا	۲۸۴
۱۸۴	ابن زیاد کا قتل فرزند رسولؐ کے لیے لوگوں کو برانگیختہ کرنا	۲۸۶
۱۸۵	امام عالی مقامؑ کے جواب پر تبصرہ اور ایک مشہور غلط فہمی کا ازالہ	۲۸۸
۱۸۶	چوتھی محرم اور کربلا میں فوجیں ہی فوجیں	۲۸۹
۱۸۷	امام عالی مقامؑ اور عمر بن سعد کے درمیان کیا گفتگو ہوئی؟	۲۹۲
۱۸۸	ایک غلط فہمی کا ازالہ	۲۹۳
۱۸۹	عمر بن سعد کی ناکامی کے اسباب	۲۹۵
۱۹۰	ساتویں محرم اور خاندان نبوتؐ پر بندش آب	۲۹۸
۱۹۱	حصول آب کی کوششیں	۲۹۹
۱۹۲	دوبار خیام حسینؑ میں پانی کا پہنچنا	۳۰۲
۱۹۳	نویں محرم کے واقعات	۳۰۴
۱۹۴	شب عاشورا کے واقعات	۳۰۶
۱۹۵	ایک رات کی مہلت لینے کی مصالح	۳۰۷
۱۹۶	امام علیہ السلام اصحاب کو جنت میں ان کے مکانات دکھاتے ہیں	۳۱۰
۱۹۷	شب عاشورا کا ایک خاص واقعہ	۳۱۲

SIBTAIN.COM
Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

نمبر شمار	مضمون	صفحہ
❁	**باب نمبر ۲۱**	۳۱۵
۱۹۸	روز عاشوراء	۳۱۵
۱۹۹	سید الشہداء امام حسین علیہ السلام اور ان کے اعزہ و اعوان کی بے مثال قربانیاں	۳۱۵
۲۰۰	لشکر مخالف کی تعداد کس قدر تھی	۳۱۷
۲۰۱	سپاہ حسینیؑ کی تعداد کس قدر تھی	۳۱۸
۲۰۲	بعض بے دینوں کی گستاخیاں اور سزایابیاں	۳۲۰
۲۰۳	اتمام حجت کے لیے امامؑ کا بروز عاشوراء خطبہ	۳۲۲
۲۰۴	حُر کا بارگاہ حسینیؑ میں حاضر ہونا	۳۲۸
۲۰۵	پسر سعد کی طرف سے آغاز جنگ	۳۳۲
۲۰۶	بعض تحقیقات انیقہ	۳۳۴
۲۰۷	جناب حُرؓ کس وقت جماعت حسینیؑ میں شامل ہوئے	۳۳۴
۲۰۸	جناب حُرؓ تنہا آئے یا بھائی، بیٹا اور غلام بھی ہمراہ تھے	۳۳۴
۲۰۹	آیا حملۂ اولیٰ میں انصار حسینیؑ کا کوئی جانی نقصان ہوا	۳۳۵
❁	**باب نمبر ۲۲**	۳۳۷
۲۱۰	انصار حسینیؑ کے مختصر حالات و شہادات اور ان کے زریں کارنامے	۳۳۷
۲۱۱	فضیلت شہادت عقل سلیم کی روشنی میں	۳۳۸
۲۱۲	فضیلت شہادت قرآن کریم کی روشنی میں	۳۳۸
۲۱۳	فضیلت شہادت احادیث معصومینؑ کی روشنی میں	۳۳۹
۲۱۴	شہدائے کربلا کی خصوصی فضیلت	۳۴۰
۲۱۵	افادہ راجع بطریق ہائے جنگ	۳۴۲
۲۱۶	ایک سو پینتالیس شہداء کربلا کے حالات و واقعات شہادت کا تذکرہ	۳۴۳ تا ۴۱۱
❁	**باب نمبر ۲۳**	۴۱۳
۲۱۷	واقعۂ کربلا میں بنی ہاشم کی عظیم الشان قربانیاں	۴۱۳
۲۱۸	شہدائے بنی ہاشم کی تعداد کتنی ہے	۴۱۳
۲۱۹	شہزادہ علی اکبرؑ کی شہادت کے جامع اور مکمل حالات	۴۱۴
۲۲۰	چند امور مہمہ کی تنقیح	۴۱۷
۲۲۱	اولاد عقیلؑ بن ابی طالب کی قربانیاں	۴۲۸
۲۲۲	جناب عبداللہ بن مسلم بن عقیل بن ابی طالبؑ کی شہادت	۴۲۸
۲۲۳	آل ابی طالبؑ کا یکبارگی حملہ	۴۲۹
۲۲۴	محمد بن مسلم بن عقیل بن ابی طالبؑ کی شہادت	۴۳۰
۲۲۵	جعفر بن عقیل بن ابی طالبؑ کی شہادت	۴۳۰
۲۲۶	عبدالرحمٰن بن عقیل بن ابی طالب کی شہادت	۴۳۱
۲۲۷	محمد بن ابی سعید بن عقیل بن ابی طالبؑ کی شہادت	۴۳۱
۲۲۸	اولاد جعفر طیارؑ کی قربانیاں	۴۳۱
۲۲۹	محمد بن عبداللہ بن جعفر طیارؑ کی شہادت	۴۳۱
۲۳۰	عون بن عبداللہ بن جعفر طیارؑ کی شہادت	۴۳۲
۲۳۱	اولاد امام حسن علیہ السلام کی قربانیاں	۴۳۲
۲۳۲	شہزادہ قاسم بن حسنؑ بن علیؑ کی شہادت	۴۳۲
۲۳۳	ایک خیال کا ابطال	۴۴۰
۲۳۴	امر سوم: شہزادہ قاسمؑ کی پامالی لاش کی تحقیق	۴۴۱

SIBTAIN.COM
Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

نمبر شمار	مضمون	صفحہ
۲۳۵	واقعات کربلا کی صحت و سقم معلوم کرنے کا معیار	۴۴۳
۲۳۶	شہزادہ قاسمؑ کی شہادت	۴۴۳
۲۳۷	ابوبکر بن حسنؑ بن علیؑ کی شہادت	۴۴۶
۲۳۸	عبداللہ (الاصغر) بن الحسنؑ بن علیؑ کی شہادت	۴۴۶
۲۳۹	اولاد امیر المومنین علیہ السلام کی قربانیاں	۴۴۸
۲۴۰	ابوبکر بن علیؑ بن ابی طالبؑ کی شہادت	۴۴۸
۲۴۱	محمد بن علیؑ بن ابی طالب الاصغر کی شہادت	۴۴۸
۲۴۲	عبداللہ بن علیؑ بن ابی طالبؑ کی شہادت	۴۴۹
۲۴۳	عثمان بن علیؑ بن ابی طالبؑ کی شہادت	۴۴۹
۲۴۴	جعفر بن علیؑ بن ابی طالبؑ کی شہادت	۴۵۰
۲۴۵	قمر بنی ہاشم عباسؑ بن علیؑ بن ابی طالبؑ کی شہادت مع ذکر فضائل و حالات	۴۵۱ تا ۴۶۰
۲۴۶	امام علیہ السلام کے طفل شیر خوار کی شہادت	۴۶۴
۲۴۷	سید الشہداء علیہ السلام کا مخدرات سے الوداع ہونا	۴۶۶
۲۴۸	اسرار امامت و ودائع نبوت کی تحویل	۴۶۶
۲۴۹	امامؑ کا آخری وقت لباس کہنہ طلب فرمانا	۴۶۷
۲۵۰	شبیرؑ جہانگیر عرصہ رزم گاہ کربلا میں	۴۶۸
۲۵۱	فرزند حیدر کرارؑ کی بے مثال بہادری کے کارنامے	۴۶۹
۲۵۲	شمر ذی الجوشن کا خیام امامؑ کو لوٹنے کا ارادہ کرنا	۴۷۰
۲۵۳	نہر فرات پر ساقی کوثرؑ کے فرزند کا قبضہ	۴۷۱
۲۵۴	امام علیہ السلام کا دوسری بار اہل حرم کو الوداع کہنا	۴۷۲
۲۵۵	امام مظلوم علیہ السلام کے زخموں کی تعداد	۴۷۳
❁	**باب نمبر ۲۴**	۴۷۷
۲۵۶	امام علیہ السلام کی شہادت عظمیٰ سے لے کر اسیریٔ اہل بیتؑ تک کے واقعات	۴۷۷
۲۵۷	امام علیہ السلام کی لاش مقدس کی عریانی	۴۷۸
۲۵۸	جناب سید الشہداء علیہ السلام کی لاش مقدس کو پامال سم اسپاں کرنے کی تحقیق	۴۷۹
۲۵۹	اسپ امامؑ کا عجیب کیفیت کے ساتھ خیام کی طرف آنا	۴۸۱
۲۶۰	ایضاح در کشف ابہام از نام اسپ امامؑ	۴۸۲
۲۶۱	تاراجی خیام اہل بیتؑ کے واقعات	۴۸۳
۲۶۲	دفن شہداء کربلا کی تحقیق	۴۸۶
۲۶۳	سید الشہداء علیہ السلام کے قاتل کی تعیین	۴۹۳
۲۶۴	جناب مخدرہ شہربانوؑ کے طوس جانے کی تحقیق	۴۹۳
۲۶۵	شام غریباں کے دل خراش واقعات پر مختصر تبصرہ	۴۹۷
❁	**باب نمبر ۲۵**	۴۹۹
۲۶۶	ابتدائے اسیریٔ اہل بیتؑ سے روانگی شام تک کے حالات	۴۹۹
۲۶۷	امام سجاد علیہ السلام کی بیقراری اور شریکۃ الحسینؑ کی دلجوئی	۵۰۱
۲۶۸	اسارائے اہل بیتؑ کی کوفہ میں آمد	۵۰۲
۲۶۹	جناب زینب عالیہؑ کا خطبہ	۵۰۵
۲۷۰	جناب فاطمہ صغریٰؑ کا خطبہ	۵۰۸
۲۷۱	حضرت امام زین العابدینؑ کا خطبہ	۵۱۲
۲۷۲	ابن زیاد کی سر سید الشہداء علیہ السلام کے ساتھ بے ادبی	۵۱۴

SIBTAIN.COM
Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

نمبر شمار	مضمون	صفحہ
۲۷۳	اسیرانِ آل محمدؐ کا دربار ابن زیاد میں ورود	۵۱۵
۲۷۴	دربار میں بنت حیدر کرارؑ کی ابن زیاد سے گفتگو	۵۱۵
۲۷۵	امام سجادؑ کا ابن زیاد کے ساتھ مکالمہ	۵۱۷
۲۷۶	ابن زیاد کا جامع مسجد کوفہ میں شرانگیز خطبہ	۵۱۸
۲۷۷	سید الشہداءؑ کی شہادت کی مدینہ میں اطلاع	۵۲۲
❁	**باب نمبر ۲۶**	۵۲۵
۲۷۸	اسیرانِ آل محمدؐ کی روانگی بجانب شام اور منازل سفر کے حالات	۵۲۵
۲۷۹	آل محمدؐ کا قافلہ کب کوفہ سے روانہ ہوا اور کب شام پہنچا	۵۲۵
۲۸۰	کوفہ سے شام تک منازل سفر کی تعیین و تحقیق	۵۲۶
۲۸۱	کیا صرف مخدراتِ عصمت کو شام لے جایا گیا یا دوسری عورتیں بھی ہمراہ قید تھیں	۵۲۸
۲۸۲	سربائے شہداء اور اسیرانِ خانوادۂ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شام کی طرف روانگی	۵۲۹
۲۸۳	سفر شام کے بعض کرامات و واقعات	۵۳۱
۲۸۴	اسیرانِ آل محمدؐ کا شام میں داخلہ	۵۳۵
۲۸۵	بعض تابعین کی روپوشی	۵۳۶
۲۸۶	یزید کے کافرانہ اشعار اور مسرت کا اظہار	۵۳۶
۲۸۷	داخلۂ شام کے وقت اسیرانِ آل رسولؐ کی کیفیت	۵۳۸
۲۸۸	ایک بوڑھے شامی کی گستاخی اور پھر توبہ	۵۴۳
۲۸۹	زحر بن قیس کی دربار یزید میں غلط رپورٹ	۵۴۴
۲۹۰	زینب کبریٰ سلام اللہ علیہا کا دربار یزید میں تاریخی خطبہ	۵۴۶
۲۹۱	جناب فاطمہ بنت الحسینؑ اور ایک ناواقف حال شامی کی گستاخی	۵۵۰
۲۹۲	امام زین العابدینؑ کے ساتھ یزید کا مکالمہ	۵۵۱
۲۹۳	یزید کا ایک دین فروش خطیب کو مذمت اہل بیتؑ کا حکم دینا	۵۵۲
۲۹۴	اسیرانِ آل محمد علیہم السلام زندانِ شام میں	۵۵۵
۲۹۵	زندانِ شام اور دربار یزید کے بعض واقعات	۵۵۶
۲۹۶	حضرت امام سجادؑ سے منہال کی ملاقات	۵۵۸
۲۹۷	جناب سکینہ بنت الحسینؑ کا زندانِ شام میں ایک عجیب خواب دیکھنا	۵۵۹
۲۹۸	ہند زوجۂ یزید کے حالات و واقعات	۵۶۰
۲۹۹	یزید کا قتل امامؑ کی سازش کرنا اور اس میں ناکام ہونا	۵۶۳
۳۰۰	جناب سکینہ بنت الحسینؑ کے زندان شام میں وفات پانے کی رد	۵۶۳
۳۰۱	اسیرانِ اہل بیتؑ کتنا عرصہ زندان شام میں رہے	۵۶۴
۳۰۲	رہائی اہل بیتؑ اور اس کے علل و اسباب	۵۶۹
۳۰۳	اسیرانِ آل محمد علیہم السلام کا رہائی کے بعد کربلا میں ورود	۵۷۴
۳۰۴	زیارتِ اربعین کی فضیلت	۵۷۶

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

نمبر شمار	مضمون	صفحہ
❁	**باب نمبر ۲۷**	۵۸۵
۳۰۵	ان شہداء کی شہادتوں کا بیان جن کا واقعۂ کربلا کے ساتھ بالواسطہ گہرا ربط ہے	۵۸۵
۳۰۶	شہادتِ فرزندانِ مسلمؑ بن عقیلؑ	۵۸۶
۳۰۷	بعض تحقیق طلب امور پر تبصرہ	۵۸۶
❁	**باب نمبر ۲۸**	۵۹۵
۳۰۸	اسیرانِ آل محمدؐ کا مختصر تعارف	۵۹۵
۳۰۹	امام علی بن الحسین علیہ السلام المعروف بہ امام زین العابدین کے مختصر مگر جامع حالات	۵۹۵
۳۱۰	امام محمد بن علی الباقر علیہ السلام کے مختصر مگر جامع حالات	۵۹۷
۳۱۱	حضرت زینبؑ بنت علی علیہ السلام کے مختصر مگر جامع حالاتِ زندگی	۵۹۹
۳۱۲	جناب ام کلثومؑ بنت امیر المومنینؑ	۶۰۵
۳۱۳	جناب رقیہ کبریٰ بنت امیر المومنینؑ	۶۰۵
۳۱۴	جناب فاطمہؑ بنت الحسینؑ	۶۰۶
۳۱۵	جناب ربابؑ بنت امراء القیس الکلبیہ	۶۰۸
❁	**باب نمبر ۲۹**	۶۱۰
۳۱۶	واقعۂ کربلا کے اخلاقی وافادی نتائج وآثار	۶۱۰
۳۱۷	شہادتِ حسینؑ صداقت اسلام کی ناقابل تردید دلیل ہے	۶۱۱
۳۱۸	حسینی شہادت کا دوسرے شہداء سے سرسری مقابلہ	۶۲۲
۳۱۹	امام علیہ السلام کے سر پر مصیبت کا یہ کوہ گراں کیوں رکھا گیا	۶۲۳
۳۲۰	لمحۂ فکریہ یا ملت گریہ کن سے دو باتیں	۶۲۹

نمبر شمار	مضمون	صفحہ
❁	**باب نمبر ۳۰**	۶۳۲
۳۲۱	امام حسین علیہ السلام کا مقام اور کام مفکرین عالم کی نظر میں	۶۳۲
۳۲۲	خاتمۃ الکتاب انقلاب عالم اسلام یا نافرجام قاتلانِ حسینؑ کا عبرت ناک انجام	۶۳۸
۳۲۳	جماعت توابین اور اس کے کارناموں کا تذکرہ	۶۳۸
۳۲۴	مختار آل محمدؐ کے قاتلانِ امام سے انتقام لینے کا بیان	۶۵۲
۳۲۵	مختارؒ کے حسب ونسب کا مختصر تعارف	۶۵۲
۳۲۶	مختارؒ کی مدح اور قدح میں روایات کا اختلاف	۶۵۲
۳۲۷	مختارؒ زندانِ ابن زیاد میں	۶۵۴
۳۲۸	مختارؒ رہائی کے بعد حجاز میں	۶۵۵
۳۲۹	مختارؒ دوبارہ زندانِ کوفہ میں	۶۵۶
۳۳۰	مختارؒ کی قید سے رہائی	۶۵۷
۳۳۱	عبداللہ بن یزید کی بجائے عبداللہ بن مطیع کا تقرر	۶۵۸
۳۳۲	ابراہیم بن مالک اشتر کی شمولیت	۶۵۸
۳۳۳	عملی اقدام کا ہنگام	۶۵۸
۳۳۴	کوفہ کے بعض شرپسند عناصر کی شورش	۶۶۲
۳۳۵	تکمیل مقصد کا ہنگام آ گیا	۶۶۲
۳۳۶	قاتلانِ حسینؑ کے گھروں کا ڈھایا جانا	۶۶۲
۳۳۷	سید الشہداء علیہ السلام کی لاش مقدس کو پامال کرنے والوں کا قتل کرنا	۶۶۳
۳۳۸	قاتلانِ حسینؑ کو عبرت ناک سزائیں	۶۶۵
۳۳۹	مختارؒ کا ہنگام وفات	۶۷۴

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

مقدمہ

بزرگوں کی یاد منانا اور اس کی غرض وغایت

زندہ قوموں کا دستور ہے کہ وہ اپنے واجب الاحترام بزرگوں کی یاد منانے اور ان کے عظیم کارناموں کا تذکرہ کر کے نئی پود کے خون کو گرمانے اور ان میں جذبۂ عمل پیدا کرنے کو اپنے لیے مایۂ سعادت مندی اور اس میں تقصیر و کوتاہی کرنے کو گناہ تصور کرتی ہیں۔ اسلام بھی اسی فطری تقاضا کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے یہ تعلیم دیتا ہے: ﴿هَلۡ جَزَآءُ الۡاِحۡسَانِ اِلَّا الۡاِحۡسَانُ﴾ محسن کے احسان کا بدلہ احسان کے ساتھ دینا چاہیے۔ یہ اور بات ہے کہ جس قدر واقعہ کی اہمیت اور صاحبِ واقعہ کی عظمت ہوتی ہے۔ اسی کے مطابق اس کی یادگار مہتم بالشان اور مؤثر ہوتی ہے۔

یادگاروں کے قائم کرنے کا خواہ وہ کسی قوم وملت سے متعلق ہوں۔ مذہبی ضرورت سے قائم کی گئی ہوں یا قومی لحاظ سے، ایک ہی مقصد ہوتا ہے اور وہ مقصد یہ ہے کہ تمام آنے والی نسلیں جب تک وہ یادگار قوم کے تغافل سے محفوظ اور اپنی قوت اثر کے لحاظ سے قائم رہ سکتی ہے۔ اس سے فائدہ حاصل کر سکیں۔ کم از کم سال میں ایک مرتبہ اس یادگار کے ہیرو کا کریکٹر و کردار ان کے پیش نظر ہو جائے۔ وہ اس کی ارادی و عملی قوتوں پر غور کریں۔ اپنے جذبات کی تصحیح اور شعار کی اصلاح میں اس کے واقعات سے مدد لیں تاکہ اگر کبھی زمانہ اور وقت اس کا متقضی ہو تو دنیا کے سامنے ویسی ہی شاندار اور زریں مثال پیش کر سکیں۔

محترم کا حسینؑ ایسے ہی کریکٹر و کردار کا انسان تھا جس کے واقعات کا مطالعہ اور جس کی یادگار کا مشاہدہ ہر قوم وملت کے افراد کے لیے یکساں مفید اور سبق آموز ہے۔ امام حسین علیہ السلام نے انسانیت کی حفاظت، حق کی حمایت اور باطل کی مخالفت میں ایسی شاندار قربانیاں دی ہیں اور نوع انسان کو فلسفۂ اخلاق کے وہ درس دیئے ہیں کہ جن کی

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

بدولت اقوام عالم میں انتہائی بلند و بالا مقام حاصل کر لیا ہے۔ آج وہ تنہا مدینہ و کربلا کا، شیعہ اور سنی مسلمانوں کا، ہندوؤں اور دوسری قوموں کا حسینؑ نہیں ہے بلکہ ایک انگریز کے قول کے مطابق تمام دنیا کا حسینؑ ہے۔ گو ایسا پُر درد واقعہ جس کی یاد ہر مؤمن کے لوح قلب پر کالنقش علی الحجر کندہ ہے۔ بظاہر کسی رسمی یادگار کا محتاج نہیں ہے لیکن یہ ایک ناشکر گزاری ہوتی۔ اگر مسلمان اپنے محسن ہیرو کی جو اسلام کو نئے سرے سے زندہ کرنے والا اور اس کی بقاءِ ہستی کا باعث ہے اور جس کی عظیم الشان اور بے مثال قربانی پر اسلامی تاریخ جس قدر فخر و ناز کرے کم ہے، کوئی یادگار قائم نہ کرے! مسلمانوں نے یادگار قائم کی اور ایسی کی کہ دوسری قومیں اس کی نظیر پیش نہیں کر سکتیں۔ (مجاہد اعظم)

مجالس عزاء کی تاریخ

وہ مثالی یادگار ہے حسین علیہ السلام کی مجلس عزاء جو اگرچہ سال بھر دنیا کے گوشے گوشے میں برپا رہتی ہے مگر محرم کے عشرہ میں اس کی شان کچھ اور ہی ہوتی ہے۔ اب رہی اس بات کی تحقیق کہ شہادت حسینؑ کے بعد اس غم کدۂ عالم میں پہلی مجلس عزا کب منعقد ہوئی؟ اس کا صحیح جواب دینا قدرے مشکل ہے۔ ہاں مختلف تاریخی آثار و اخبار سے اس قدر ضرور واضح و آشکار ہوتا ہے کہ پہلی مجلس عزا اسیران اہل بیتؑ کی رہائی کے بعد حضرت امام زین العابدین علیہ السلام اور مخدرات عصمت و طہارت نے یزید کے دار الحکومت شام میں منعقد کی۔ پھر دوسری مجلس واپسی پر مدینہ پہنچنے کے بعد ہوئی جس میں تمام مردوں اور عورتوں نے شریک غم ہو کر امام عالی مقام پر گریہ و بکا کیا۔ پھر اسی تسلسل کے ساتھ آئمہ اطہار علیہم السلام مخصوص طریقہ اور محدود پیمانہ پر مجالس عزا منعقد کرتے رہے۔ بالآخر دیلمی خاندان کے دور میں ان کی طرف خاص توجہ مبذول کی گئی اور آزادانہ طور پر مجالس عزا منعقد کی گئیں اور کھلم کھلا طور پر مظلوم کربلا کا ماتم کیا گیا۔ اس کے بعد یہ سلسلہ برابر مختلف ادوار و اعصار میں جاری و ساری رہا۔ متحدہ ہندوستان میں مجالس عزا پر خاص توجہ کی گئی اور ان کو بام عروج تک پہنچایا گیا۔

مجالس و محافل کے فوائد و عوائد کا ایک شمہ

ارباب عقل و دانش پر یہ حقیقت مخفی نہیں ہے کہ اگر ہماری یہ مجالس و محافل اور ماتمی جلوس صحیح طریقے و سلیقے سے انعقاد پذیر ہوں تو بے شمار فوائد و عوائد کے حامل ہیں اور حق تو یہ ہے کہ ماضی کے بعض تاریک ترین دوروں اور نامساعد حالات سے گزرنے کے باوجود مذہب حق کی بقاء اور اس کی ترقی و اشاعت کا راز اسی عزاداریٔ سید الشہداءؑ میں پوشیدہ نظر آتا ہے جیسا کہ فرانسیسی مؤرخ ڈاکٹر جوزف نے اپنی کتاب "الاسلام والمسلمون" میں اس حقیقت کا اظہار کیا ہے۔ اب ذیل میں ان مجالس و محافل کے بعض فوائد کی طرف اشارہ کیا جاتا ہے۔

(۱) یہ مجالس دینی معلومات حاصل کرنے کا وہ مدرسہ ہیں جن میں تمام طبقات کے لوگ شرکت کر کے دینی معلومات

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

از قسم اصول و فروع دین، اسلامی تاریخ، تمدن و معاشرت، اخلاق اور سیرت معصومینؑ کے درس حاصل کرتے ہیں جن سے اصلاح عقائد و اعمال میں خاصی مدد ملتی ہے۔

(۲) امر بالمعروف و نہی عن المنکر کے ذریعہ سے لوگوں کو اطاعت گزاری کا حکم اور غفلت شعاری سے ممانعت کر کے مقصد خلقت کی تکمیل میں مدد کی جاتی ہے۔

(۳) معصومین علیہم السلام کے فضائل اور صفات جلیلہ اور مخالفین کے برے خصائل و صفاتِ رذیلہ کا تذکرہ ہوتا ہے۔ جس کی وجہ سے سامعین میں فطری طور پر اپنے اندر صفاتِ جمیلہ پیدا کرنے اور صفاتِ رذیلہ سے اجتناب کرنے کا ملکۂ صالحہ پیدا ہوتا ہے۔

(۴) امام الشہداء علیہ السلام کے عظیم کارناموں کے تذکرہ سے سننے والوں کے اندر حق کی نصرت اور باطل کا مقابلہ کرنے کا صحیح جذبہ پیدا ہوتا ہے۔

(۵) یہاں چونکہ دین حق کی حفاظت و صیانت کے لیے خود اختیاری طور پر آئمہ طاہرین علیہم السلام اور بالخصوص امام حسین علیہ السلام کے جانگداز مصائب برداشت کرنے کے تذکرے ہوتے ہیں جن سے ان کے نام لیواؤں کے دل میں مذہب کی حقانیت راسخ ہو جاتی ہے جس کی وجہ سے وہ کبھی مذہب اہل بیتؑ ترک کر کے کسی اور مذہب کو اختیار نہیں کرتے۔

SIBTAIN.COM

(۶) یہاں دین اسلام کے معارف و حقائق بیان ہوتے ہیں جن سے مقصد شہادتِ حسینؑ کی تکمیل ہوتی ہے۔

(۷) یہاں چونکہ مظلومین کی مظلومیت اور ظالمین کے واقعاتِ ظلم و جور کو مؤثر اور دل نشین انداز میں بیان کیا جاتا ہے اس لیے سامعین کے دلوں میں مظلوم سے الفت اور ظالم سے نفرت کا ولولہ پیدا ہوتا ہے۔

(۸) یہاں دنیائے دُوں کی حقارت و بے ثباتی اور آخرت کی جلالت و ہمیشگی کے واقعات بیان کئے جاتے ہیں جس کی وجہ سے سامعین میں "زہد" و "تقویٰ" جیسی جلیل القدر صفتیں پیدا ہوتی ہیں۔

(۹) یہاں آئمہ طاہرین علیہم السلام پر حمایت حق کی وجہ سے وارد شدہ مصائب و شدائد اور ان کے صبر و رضا کے تذکرے کئے جاتے ہیں جس کے سبب سے ان کے نام لیواؤں کے اندر صبر و رضا اور بالخصوص دین کے معاملہ میں وارد شدہ تکالیف برداشت کرنے کا خوابیدہ شوق بیدار ہو جاتا ہے۔

(۱۰) اس سے مجالس منعقد کرنے اور ان میں شرکت کرنے والوں کا جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ان کی آل اطیاب علیہم السلام کے ساتھ محبت اور قلبی لگاؤ کا عملی ثبوت مل جاتا ہے کیونکہ محبوب کی خوشی سے خوش ہونا اور اس کے غم سے غمناک ہونا ایک فطری اور جبلی تقاضا ہے۔ اسی بنا پر امام زمانہ عجل اللہ تعالیٰ فرجہ الشریف کا ارشاد

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

﴿شیعتنا خلقوا من فاضل طینتنا یحزنون لحزننا و یفرحون لفرحنا﴾ (بحارالانوار، ج ۱۳، ص ۲۸۹، طبع قدیم) اور حضرت باقر العلوم علیہ السلام کا فرمان ہے: ﴿شیعتنا من تابعنا فی افعالنا ولم یخالفنا و اذا امنا امن و اذا خفنا خاف﴾ ہمارا شیعہ وہ ہے جو ہمارے اعمال میں ہماری پیروی کرتا ہے اور جب ہم امن میں ہوں تو وہ امن میں ہوتا ہے اور جب ہم خوف زدہ ہوں تو وہ بھی خائف ہوتا ہے۔ (تفسیر برہان، ج ۲، ص ۱۷۳، طبع تہران) تلک عشرۃ کاملۃ۔

انہی حقائق کی بنا پر حضرات معصومین علیہم السلام ایسی مجالس و محافل کو محبوب رکھتے تھے۔ چنانچہ ایک مرتبہ حضرت امام رضا علیہ السلام نے اپنے صحابی فضیل سے دریافت فرمایا: "اے فضیل کیا تم باہم بیٹھ کر اور مجالس برپا کر کے احادیث بیان کرتے ہو؟ فضیل نے عرض کیا: ہاں فرزند رسولؐ! فضیل کا یہ جواب سن کر امامؑ نے فرمایا: ﴿تلک مجالس انا احبھا﴾ "ایسی مجالس کو میں محبوب رکھتا ہوں۔" پھر فرمایا: ﴿رحم اللّٰہ من احیٰ امرنا﴾ خدا اس بندے پر رحم فرمائے جو ہماری شریعت کو زندہ کرتا ہے۔ (نفس المہموم)

دعوت غور و فکر

مجالس و محافل کے بے شمار فوائد میں سے اوپر صرف دس فائدے ذکر کئے گئے ہیں جو قطرہ از دریا و دانہ از انبار کی حیثیت رکھتے ہیں لیکن آیئے موجودہ مجالس و محافل کا اجمالی جائزہ لیں اور دیکھیں کہ آیا ان کے انعقاد سے یہ فوائد حاصل بھی ہو رہے ہیں یا نہیں؟ کیا ان میں صحیح عقائد و اعمال کی تعلیم دی جاتی ہے؟ کیا ان میں امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کا فریضہ انجام دیا جاتا ہے؟ کیا کربلا والوں کے اتفاق و اتحاد کے تذکرے کرنے والوں کی اپنی صفوں میں اتحاد ہے؟ کیا مظلوم کی حمایت کے دعویداروں میں آج ظالم کی مخالفت اور مظلوم کی حمایت کا جذبہ موجود ہے؟ غرضیکہ آیا ہمارے اخلاق و اطوار سے ہمارا حسینی ہونا واضح و آشکار ہوتا ہے؟ اگر ٹھنڈے دل و دماغ کے ساتھ حالاتِ حاضرہ کا جائزہ لیا جائے تو ان سوالات کے جوابات نہایت مایوس کن سامنے آتے ہیں۔

موجودہ روش و رفتار پر تنقید

اس میں کوئی شک نہیں کہ مجالس بہت ہوتی ہیں۔ ان میں روپیہ پیسہ پانی کی طرح بہایا جاتا ہے۔ ظاہری مظاہر غم کا اظہار بھی کیا جاتا ہے۔ بالخصوص محرم کے ایام میں تو کچھ اور ہی کیفیت ہوتی ہے لیکن قابل غور امر یہ ہے کہ آیا شہادتِ امام کی علت غائی اور اصلی مقصد یہی ہے کہ محرم کا چاند نظر آیا۔ ماتمی لباس پہنا، مجلس عزا منعقد کی، مرثیے اور نوحے پڑھے، لچھے دار تقریریں سنیں، آنسو بہائے، سر پیٹا، سینہ کوٹا اور بس۔ اگر مقصدِ شہادت صرف اتنا ہی ہے اور ہم نے اس سے یہی سبق حاصل کیا ہے تو دنیائے اسلام کے لیے یہ دوسری مصیبت ہے جو حادثۂ عاشوراء سے کم نہیں ہے

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

اور یہ سراسر اس عدیم النظیر واقعہ کی توہین وتذلیل ہے۔

مجالس عزا بہترین عبادت اور ذریعۂ بخشش ہیں

ہم یہ تسلیم کرتے ہیں کہ اس عظیم سانحہ کو زندہ رکھنے، جذبات غم والم میں ہیجان پیدا کرنے اور حزن انگیز اسباب میں اضافہ کرنے کی خاطر ماتمی جلوسوں اور دیگر مظاہر غم کے افادی پہلو کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا! اسی طرح اس حقیقت میں بھی کسی محب اہل بیتؑ کو کوئی شک وشبہ نہیں ہو سکتا کہ امام الشہداء یا دوسرے آئمہ ہدیٰ ﷺ کے نام پر مجالس عزاء یا محافل میلاد منعقد کرنا بہترین اسلامی عبادت اور بخشش گناہان کا بہترین ذریعہ ووسیلہ ہے۔ جیسا کہ کامل الزیارہ، ثواب الاعمال اور عیون اخبار الرضا وغیرہ کتب معتبرہ میں نثر ونظم کے ذریعہ ذکر مصائب کرنے اور رونے و رلانے کی فضیلت میں بکثرت احادیث شریفہ موجود ہیں۔ (ہم نے ان کا ایک شمہ اپنے رسالہ اصلاح المجالس میں نقل بھی کیا ہے) لیکن بایں ہمہ ارباب عقل ودانش پر یہ امر مخفی نہیں ہے کہ ماتمی جلوس ہوں یا مجالس عزاء یہ اصل مقصد کو حاصل کرنے کا بہترین ذریعہ ہیں۔

مجالس کی موجودہ روش میں اصلاح کی ضرورت ہے

اب قابل غور بات یہ ہے کہ ہر سال لاکھوں روپے خرچ کرنے کے باوجود آیا وہ مقصد حاصل ہو رہا ہے؟ اور ان مجالس سے مطلوبہ نتائج وآثار ان پر مترتب ہو رہے ہیں؟ آج ہر ہمدرد قوم وملت کے قلب حساس میں یہ سوال پیدا ہو رہا ہے۔ ظاہر ہے کہ جواب نفی میں ہے! یہاں پھر قدرتی طور پر سوال پیدا ہوتا ہے کہ ایسا کیوں ہے؟ جواب میں اس تلخ حقیقت کا اعتراف کئے بغیر کوئی چارۂ کار نہیں ہے کہ موجودہ طرز مجالس میں کچھ خامیاں وخرابیاں موجود ہیں جن کی وجہ سے مطلوبہ فوائد حاصل نہیں ہو رہے! بنابریں موجودہ طرز میں اصلاح کی ضرورت ہے اور اشد ضرورت ہے۔

پہلے:۔ ان مجالس کا طریقہ وہ ہونا چاہیے جو آئمہ اہل بیت ﷺ کا تھا۔ مجالس عزا کو بزم مشاعرہ اور جلسۂ موسیقی نہ بنایا جائے۔

دوسرے:۔ رسوم کو بھی ایسے سادہ اصول سے ادا کیا جائے جو ہر قسم کی لغویات تصنع اور نمود ونمائش سے مبرا ہوں۔ نہ ایسے طریقے پر کہ مخالف مضحکہ اڑائیں۔

تیسرے:۔ مراسم یادگاری اس طرح ادا کی جائیں کہ بدعات سیئہ وحرکات نامشروع کی حد تک نہ پہنچیں اور اس مصرع کی مصداق نہ بنیں کہ ع

ماتم کریں حسینؑ کا لوٹیں حسن پورہ (مجاہد اعظم، حصہ اول)

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

ہم اس کے قائل نہیں کہ اگر کسی مسجد میں قوالی ہوتی ہو یا کسی بزرگ کی قبر پر عرس تو مسجد گرادی جائے یا قبر اکھاڑ دی جائے یا اگر باغ میں کچھ خس وخاشاک پڑ جائے تو باغ تباہ کر دیا جائے بلکہ غلط رسم کا استیصال کرنا چاہیے لہٰذا اگر ہماری موجودہ مجالس میں کچھ نقائص ہیں اور یقیناً ہیں از قسم بداعتقادی، بدعملی، بے اخلاصی اور رسم پرستی وغیرہ تو اس کا یہ مطلب ہرگز نہیں کہ یہ مجالس ہی بند کر دی جائیں بلکہ ان کی اصلاح ہونی چاہیے تاکہ گلزار عزائے حسینیؑ سے یہ خس وخاشاک دور ہو جائے۔

اصلاح احوال کی زیادہ ذمہ داری علماء پر عائد ہوتی ہے

یہاں یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ یہ اصلاح کون کرے؟ اس کا جواب یہ ہے کہ اگرچہ اس اصلاح کی ذمہ داری کسی ایک فرد یا ایک گروہ پر عائد نہیں ہوتی بلکہ مجالس پڑھنے، سننے اور منعقد کرنے والے سب طبقات پر عائد ہوتی ہے لیکن اس کے ساتھ ساتھ یہ حقیقت بھی ناقابل انکار ہے کہ اس کی سب سے زیادہ ذمہ داری اہل علم پر عائد ہوتی ہے جو کشتیٔ قوم کے ناخدا ہونے کے دعویدار ہیں۔ لہٰذا اگر یہ طبقہ بعض اغراض فاسدہ کا شکار ہو کر اپنی شرعی ذمہ داریوں سے عہدہ برآ ہونے کی کوشش نہیں کرے گا تو خدا اور رسول کی لعنت میں گرفتار ہوگا۔ جیسا کہ ارشادِ قدرت ہے:

﴿اِنَّ الَّذِیْنَ یَکْتُمُوْنَ مَا اَنْزَلْنَا مِنَ الْبَیِّنٰتِ وَالْھُدٰی مِنْ م بَعْدِ مَا بَیَّنّٰہُ لِلنَّاسِ فِی الْکِتٰبِ اُولٰٓئِکَ یَلْعَنُھُمُ اللّٰہُ وَ یَلْعَنُھُمُ اللّٰعِنُوْنَ﴾ (سورۂ بقرہ، آیت ۱۵۹)

اور جو لوگ اس کو چھپاتے ہیں جو کھلی دلیلیں اور ہدایت ان پر نازل کر چکے بعد اس کے کہ ہم نے کل آدمیوں کے لیے کتاب میں اس کو کھول کر بیان کر دیا ہے۔ یقیناً ان ہی پر اللہ لعنت کرتا ہے اور انہی پر لعنت کرنے والے لعنت کرتے ہیں۔ (ترجمۂ مقبولؒ)

اور جناب رسول خداﷺ کا ارشاد ہے:

﴿اذا ظهرت البدع فی امتی فلیظهر العالم علمه فمن لم یفعل فعلیه لعنة الله﴾

"جب میری امت میں بدعات ومنکرات ظاہر ہو جائیں تو عالم دین کو چاہیے کہ اپنے علم کا اظہار کریں سو جس نے ایسا نہ کیا تو اس پر خدا کی لعنت ہوگی۔"

(اصول کافی، صفحہ ۳۰، باب البدع والرأی والمقائیس)

اس شرعی ذمہ داری کے ادا نہ کرنے کی اس تہدید ووعید کے پیش نظر ہم نے اصلاح احوال کا بیڑا اٹھا رکھا ہے اگرچہ ہمیں اس کی بڑی بھاری قیمت بھی ادا کرنا پڑ رہی ہے مگر ہم نے بعونہ تعالیٰ اس سلسلہ میں ہر تکلیف برداشت کرنے کا عزم بالجزم کر لیا ہے۔ لعنتِ خداوندی کے بالمقابل سب کچھ ہیچ ہے۔ ہم سے تو انسان ضعیف البیان کو خوش

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

کرنے کی خاطر خالق دو جہاں کو ناراض کر کے اس کی لعنت کا طوق اپنی کمزور گردن میں نہیں ڈالا جا سکتا۔

ان حقائق کی روشنی میں یہ بات بھی واضح ہو جاتی ہے کہ ہم نہ تو مجالس عزا کے خلاف ہیں (معاذ اللہ) اور نہ واعظین و ذاکرین کی ذات سے ہمیں کسی قسم کی کوئی کد و کاوش ہے بلکہ مقصد صرف اصلاح احوال کی کوشش کرنا ہے ﴿اِنْ اُرِیْدُ اِلَّا الْاِصْلَاحَ مَا اسْتَطَعْتُ وَ مَا تَوْفِیْقِیْ اِلَّا بِاللّٰہِ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَ اِلَیْہِ اُنِیْبُ وَ اللّٰہُ عَلٰی مَا نَقُوْلُ وَکِیْلٌ﴾۔

کیا اصلاح ہونی چاہیے؟

مذکورہ بالا حقائق کے پیش نظر اب یہ سوال ابھرتا ہے کہ ان مجالس میں کیا اصلاح ہونی چاہیے؟ موجودہ طرز میں وہ کون سے نقائص ہیں جن کا ازالہ ضروری ہے؟ تاکہ مطلوبہ فوائد و آثار ان پر مترتب ہو سکیں۔ اس کا جواب یہ ہے۔ یہ خرابیاں دو قسم کی ہیں۔ ایک قسم وہ ہے جو مجالس پڑھنے، سننے اور منعقد کرنے والوں میں مشترکہ طور پر پائی جاتی ہے اور دوسری قسم وہ ہے جس کا تعلق ان طبقات میں سے کسی ایک کے ساتھ ہے۔ اب ہم ذیل میں اختصار کے ساتھ ان تمام خامیوں کی نشاندہی کر کے ان کے ازالہ کی سعی جمیل کرتے ہیں۔

SIBTAIN.COM

سب سے پہلی اصلاح اخلاص کا ہونا ہے

موجودہ طرز مجالس میں جو سب سے بڑی خامی ہے وہ اخلاص کی جنس گرانمایہ کی کمی ہے یہ درست ہے کہ ہر گروہ و جماعت میں مستثنیات ہوتے ہیں (وقلیل ماہم) لیکن بدقسمتی سے جہاں تک مذکورہ بالا تینوں طبقوں کی اکثریت کا تعلق ہے اس میں نہ صرف یہ کہ اس چیز کی قلت ہے بلکہ سراسر فقدان ہے حالانکہ ارباب بصیرت جانتے ہیں کہ جب تک خلوص نیت نہ ہو۔ اس وقت تک کوئی عمل، عمل اور کوئی عبادت، عبادت نہیں ہو سکتی۔ اس لیے لازم ہے کہ کوئی بھی عمل صالح ہو اسے ہر قسم کے دنیوی اغراض فاسدہ سے مبرا اور خالصاً لوجہ اللہ ہونا چاہیے۔ ارشاد قدرت ہے:

﴿وَمَآ اُمِرُوْٓا اِلَّا لِیَعْبُدُوا اللّٰہَ مُخْلِصِیْنَ لَہُ الدِّیْنَ﴾ (سورۂ بینہ، آیت ۵)

"حالانکہ انہیں تو صرف یہ حکم دیا گیا تھا کہ وہ یکسو ہو کر دین کو اس کے لیے خالص رکھتے ہوئے صرف اللہ کی عبادت کریں۔"

جناب پیغمبر اسلام ﷺ فرماتے ہیں:

﴿الناس کلّھم ھلکی الا العالمون و العالمون کلھم ھلکی الا المخلصون و المخلصون علی خطر عظیم﴾

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

"سب لوگ ہلاک ہو جائیں گے سوائے جاننے والوں کے اور جاننے والے سب ہلاک ہو جائیں گے سوائے مخلصین کے اور مخلصین بھی بڑے خطرے میں ہیں۔

(الکبریت الاحمر، ص ۱۲، فصل دوم، در شرائط واعظ)

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کا ارشاد ہے:

﴿من تعلّم علماً من علم الاخرة یرید به غرضًا من غرض الدنیا لم یجد ریح الجنّة﴾ جو شخص علم آخرت (علم دین) کو دنیا کمانے کے لیے حاصل کرے اسے جنت کی خوشبو بھی نصیب نہ ہوگی۔ (سرائر ابن ادریس حلیؒ، بحوالہ لؤلؤ و مرجان، صفحہ ۱۳، مطبوعہ لکھنؤ)

ان حقائق سے واضح ہو جاتا ہے کہ اخلاص کے بغیر عمل ایک کاغذی پھول ہے جس میں خوشبو نہ ہو یا ایک ڈھانچہ ہے جس میں روح نہ ہو۔ یہی مقدار خواب غفلت میں سوئے ہوئے حضرات کو بیدار کرنے کیلئے کافی ہے ع

اگر در خانہ کس است یک حرف بس است

مجلس خواں طبقہ کی اکثریت کے اخلاص سے خالی ہونے کے شواہد پنجگانہ

چونکہ سطور بالا میں ہم نے یہ دعویٰ کیا ہے کہ بدقسمتی سے مجلس پڑھنے، سننے اور منعقد کرنے والوں کی اکثریت دولت اخلاص سے تہی دامن ہے اگرچہ موجودہ ماحول میں یہ حقیقت دلائل و براہین کی محتاج نہیں ہے تاہم بموجب ﴿هَاتُوا بُرْهَانَكُمْ إِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ﴾ ناظرین کرام کے اطمینان قلب کی خاطر۔ پہلے مجلس خوان گروہ کے عدم اخلاص پر پنجگانہ قطعی شواہد و قرائن پیش کرتے ہیں اور پھر دوسرے دونوں طبقوں کے عدم اخلاص پر شواہد پیش کریں گے۔

عدم اخلاص کا پہلا شاہد فیس کا طے کرنا

اس دعویٰ کا پہلا شاہد یہ ہے کہ یہ لوگ فیس طے کر کے اور اجرت چکا کر مجالس پڑھتے ہیں۔ معمولی عقل و انصاف رکھنے والا انسان بھی اس حقیقت کا انکار نہیں کر سکتا کہ اس طرح دین فروشی کرنے والے شخص یا گروہ میں اور تو سب کچھ ہو سکتا ہے مگر اخلاص ہرگز نہیں ہو سکتا۔ اگرچہ یہ بات روز روشن سے بھی زیادہ واضح و آشکار ہے تاہم بطور اتمام حجت اس دین فروشی کی مذمت کے سلسلہ میں ایک دو احادیث شریفہ پیش کی جاتی ہیں۔ لیهلک من هلک عن بیّنة و یحیٰی من حیّ عن بیّنة۔

(۱) حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں: ﴿من اراد الحدیث لمنفعة الدنیا لم یکن له فی الاخرة نصیب و من اراد به خیر الاخرة اعطاه الله به خیر الدنیا و الاخرة﴾ جو شخص دنیوی منفعت کی

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

خاطر حدیث حاصل کرے آخرت میں اس کا کوئی حصہ نہیں ہے اور جو آخرت کی خیر کے لیے حاصل کرے اسے خدائے کریم دنیا و آخرت کی خیر و خوبی عطا فرمائے گا (اصول کافی، صفحہ ۲۵، باب المستاکل بعلمہ والمباھی بہ)۔ (۲) امام محمد باقر علیہ السلام فرماتے ہیں: ﴿لا تاکل بنا الناس فیفقر﴾ ہمارے ذریعہ سے لوگوں کا (مال) نہ کھاؤ ورنہ فقیر و نادار ہو جاؤ گے۔ (اصول کافی، صفحہ ۵۲۱، باب طلب الریاسۃ) بعض اہل تحقیق نے اس فقرہ سے "فقر دارین" مراد لیا ہے یعنی دنیا میں خیر و برکت نہ ہوگی اور آخرت میں نیکیوں سے دامن تہی ہوگا۔

ائمہ اطہارؑ کے اپنے مادحین کو مال عطا کرنے والے شبہ کا ازالہ

ذکر اہل بیت علیہم السلام کو ذریعۂ معاش بنانے والے کچھ لوگ اپنے اس فعل مذموم کے لیے یہ جواز پیش کیا کرتے ہیں کہ یہ ائمہ طاہرین علیہم السلام اپنے مدح کنندہ شعراء مثل فرزدق، کمیتؒ اور دعبل خزاعیؒ وامثالہم رضوان اللہ علیہم کو ان کے مدحیہ قصائد یا مراثی غم انشاء کرنے پر عطایائے کثیر عطا فرمایا کرتے تھے جس سے ثابت ہوتا ہے کہ ان کے نام پر بھاری بھرکم فیس لینا جائز ہے۔

اس شبہ (جو تار عنکبوت سے بھی زیادہ کمزور ہے) کا جواب ظاہر ہے کہ ان شعراء کرامؒ نے نہ کبھی فیس طے کی تھی اور نہ ہی کبھی اسے ذریعۂ معاش بنایا تھا کیونکہ جہاں ائمہ طاہرین علیہم السلام کا ان کو عطیات کثیرہ سے نوازنا مذکور ہے وہاں یہ کہیں بھی نہیں لکھا کہ ان شعراء نے کبھی ائمہ علیہم السلام کے ساتھ پہلے معاملہ طے کیا ہو کہ آقا ہم نے آپ کی یا آپ کے اب وجد کی مدح میں قصیدہ یا ان کی مصیبت پر مرثیہ لکھا ہے مگر سنائیں گے تب جب پہلے آپ یہ طے کر لیں کہ آیا فیس دیں گے؟ ظاہر ہے کہ جب تک یہ بات ثابت نہ کی جائے اس وقت تک اس کے ساتھ تمسک ہرگز درست نہیں ہے اور یہ بات قیامت تک ثابت نہیں ہو سکتی بلکہ روایات میں تو اس کے برخلاف بوقت عطا ان مخلص شعراء کے انکار اور حضرات ائمہؑ کے باصرار عطا کرنے کے تذکرے ملتے ہیں۔

مجالس پر نذرانہ لینے کے جواز کا طریقہ

مذکورہ بالا حقائق سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ مادحین ائمہ قربۃ الی اللہ پہلے ان کی مدح و ثنا کرتے تھے اور بعد میں یہ ذوات مقدسہ از خود خوش ہو کر ان کو کچھ نذرانہ پیش فرما دیتے تھے۔ جس سے معلوم ہوتا ہے کہ اس طرح دینا اور لینا جائز ہے جیسا کہ اس روایت سے بھی یہی واضح ہوتا ہے جو امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے، آپ نے فرمایا: ﴿لا تشارط و تقبل کل ما اعطیت﴾ پہلے اجرت اور فیس طے نہ کرو (بلکہ قربۃ الی اللہ) پڑھو ہاں اگر بعد میں جو کچھ پیش کیا جائے تو اسے قبول کر لو۔ (مہیج الاحزان، صفحہ ۱۲، طبع ایران) علماء اعلام کا فتویٰ بھی اسی کے مطابق ہے۔ جیسا کہ دیار فقہ کی سیر کرنے والے حضرات پر مخفی نہیں ہے اور اگر بالفرض بعض علماء کے فتویٰ کے مطابق اجرت

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

طے کرنے کو جائز بھی تسلیم کر لیا جائے تو اس سے یہ کب ثابت ہوتا ہے کہ ایسا کرنے والے کو آخرت میں اجر و ثواب بھی ملے گا! مگر یہاں تو ابلہ یا خود فریبی کا یہ عالم ہے کہ با ایں ہمہ دین فروشی من بکی او ابکی..... الخ والی احادیث کو اپنے اوپر منطبق کیا جاتا ہے۔ بھلا جب دار دنیا میں اجرت مقرر کر کے اہل ایمان سے نقد وصولی کر لی تو پھر آخرت میں خدا سے اجر و ثواب لینے کا استحقاق کہاں رہا؟

مستحبات پر اجرت لینے کے جواز والے شبہ کا ازالہ

بعض نیم ملا خطرۂ ایمان قسم کے لوگ اپنے اس مذموم دھندے کا جواز ثابت کرنے کے لیے یہ بھی کہا کرتے ہیں کہ واجبات کی ادائیگی پر اجرت لینا حرام ہے نہ مستحبات پر، اور چونکہ مجلس عزاء ایک مستحب امر ہے لہٰذا اس پر اجرت لینا جائز ہے۔

ان حضرات کے دینی معلومات میں اضافہ کی خاطر عرض ہے کہ مذکورہ بالا کلیہ درست نہیں ہے کیونکہ شریعت مطہرہ میں بعض مستحبات پر اجرت لینا بھی ناجائز ہے جیسے اذان کہنا اور نماز باجماعت پڑھانا وغیرہ۔ چنانچہ امام محمد باقر علیہ السلام سے مروی ہے۔ فرمایا: ﴿لا تصلی خلف من یبغی علی الاذان و الصلوٰۃ بالناس اجراً ولا تقبل شهادته﴾ جو شخص اجرت طے کر کے اذان کہتا ہے اور لوگوں کو نماز پڑھاتا ہے اس کی اقتداء میں نماز نہ پڑھی جائے اور نہ ہی (بوجہ سقوطِ عدالت) اس کی شہادت قبول کی جائے (من لا یحضرہ الفقیہ، جلد ۳، صفحہ ۱۶، باب القضاء) انہی حقائق کی بناء پر فقہاءِ عظام نے اس کی تصریح فرمائی ہے۔ ﴿و کذا یحرم اخذ الاجرة علی الصلوٰة بالناس جماعة و فاقاً لجماعة وفی الخبر لا تصلی خلف من یبغی علی الاذان و الصلوٰة بالناس اجراً ولا تقبل شهادته وهو نص فی التحریم﴾

(حاشیہ شرح اللمعہ، جلد اول، باب المتاجر، صفحہ ۲۳۷ و کذا فی المسالک والجواہر)

لہٰذا معلوم ہوا کہ اس شبہ کے ساتھ تمسک کرنا بھی بالکل بے جا ہے۔ افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ جب سے مجالس عزا کو کچھ لوگوں نے ذریعۂ معاش بنا لیا ہے۔ اسی وقت سے مذہب کی صحیح تبلیغ ختم ہو کر رہ گئی ہے اور اب تو رفتہ رفتہ ان لوگوں کی ہوس زر اس قدر بڑھ گئی ہے کہ حرام و حلال کی بھی کوئی پرواہ نہیں رہی۔ یہاں تک کہ بعض پیشہ ور مقررین و ذاکرین مخصوص پیشہ ور ننگِ انسانیت عورتوں کے ہاں مجالس پڑھنا اور ان سے فیس لینا بھی معیوب نہیں سمجھتے۔ آہ

چوں کفر از کعبہ برخیزد کجا ماند مسلمانی

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

دوسرا شاہد:۔ خدا اور رسول کی رضا پر پبلک کی خوشنودی کو مقدم سمجھنا

مذکورہ بالا دعویٰ پر دوسرا شاہد یہ ہے کہ یہ لوگ منشاءِ ایزدی سمجھنے اور پھر اس سے عہدہ برآ ہونے کی کوشش کرنے کی بجائے جہاں جاتے ہیں پہلے یہ سوال کرتے ہیں کہ اس مقام کی پبلک کس موضوع و مضمون کو زیادہ پسند کرتی ہے۔ ان کی بلا جانے کہ ان کا وظیفۂ شرعی کیا ہے؟ اصلاح احوال کے لیے کس چیز کی ضرورت ہے؟ معاشرہ کا مرض کیا ہے؟ اور پھر اس کا علاج کیا؟ ان کا تو ایک ہی اصل الاصول ہے کہ کسی نہ کسی طرح پبلک اور بالخصوص بانیٔ مجلس راضی ہو جائے اور عوام سے صدائے واہ واہ بلند ہو جائے وہ اسی امر کو اپنی مجلس کی کامیابی کا معیار سمجھتے ہیں۔ ایسے ہی لوگوں کو ہادیانِ دین نے راہزنانِ ایمان و یقین قرار دیا ہے چنانچہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے کہ خداوند عالم نے حضرت داؤد علیہ السلام کو وحی فرمائی: ﴿لا تجعل بینی و بینک عالماً مفتوناً بالدنیا فیصدّک عن طریق محبتی فان اولئک قطّاع طریق عبادی المریدین ان ادنیٰ ما انا صانع بهم ان انزع حلاوة مناجاتی من قلوبهم﴾ اے داؤد! میرے اور اپنے درمیان ایسے اہل علم کو واسطہ قرار نہ دو جو دنیا پر فریفتہ ہیں۔ ورنہ وہ تمہیں میری محبت کے راستہ سے روک دیں گے کیونکہ ایسے لوگ میرے ان بندوں کے لیے راہزن ہیں جو میری بارگاہ میں باریابی کا ارادہ رکھتے ہیں۔ میں کم تر درجہ کا جو سلوک ان کے ساتھ کرتا ہوں وہ یہ ہے کہ ان کے دلوں سے اپنی مناجات کی لذت سلب کر لیتا ہوں۔ (اصول کافی، صفحہ ۲۵)

بھلا جو لوگ خود دنیائے دوں کی محبت کے مرض میں گرفتار ہوں وہ دوسروں کو کیا پیغامِ شفا دیں گے۔

؎ آں خویشتن گم است کرا راہبری کند

حضرت امیر المؤمنین علیہ السلام فرماتے ہیں ﴿الدنیا داء الدین و العالم طبیب الدین فاذا رأیتم الطبیب یجرّ الداء علی نفسه فاتهموه﴾ دنیا ایک دین کا مرض ہے اور عالم اس دین کا طبیب! پس جب تم دیکھو کہ خود طبیب مرض کو اپنی طرف کھینچ رہا ہے تو اسے دین کے معاملہ میں متہم سمجھو (اس پر اعتماد نہ کرو)۔

(خصال صدوق، صفحہ ۱۱۳، طبع جدید تہران)

ان حضرات کی یہ روش درحقیقت کمزوریٔ ایمان و اعتقاد کا نتیجہ ہے۔ دلوں میں عظمتِ خداوندی کا نقش راسخ نہیں اور نہ اس کی ذات ان کی امیدوں کا مرکز ہے وہ اپنے نفع و نقصان اور سود و زیاں کا مالک انسان ضعیف البیان کو سمجھتے ہیں، سچ ہے: ﴿اذا عظم الخالق صغر المخلوق﴾ جب عظمتِ خالق دل میں جاگزین ہو جائے تو پھر مخلوق چھوٹی معلوم ہوتی ہے (نہج البلاغہ) اور جب دل عظمتِ خالق سے خالی ہو تو پھر نتیجہ اس کے برعکس برآمد ہوتا ہے۔

؎ بتوں سے تجھ کو امیدیں خدا سے ناامیدی مجھے بتا تو سہی اور آذری کیا ہے

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

تیسرا شاہد: اہل علم وایمان کی توہین وتذلیل کرنا

سابقہ دعویٰ پر تیسرا شاہد یہ ہے کہ چونکہ اس طبقہ کی اکثریت دولتِ اخلاص سے محروم اور حسد وغیرہ روحانی امراض میں مبتلاء ہے اس لیے وہ دوسرے اہل فضل وکمال کے اثر ورسوخ کو کم کرنے اور اپنی مجالس کو بزعم خویش کامیاب بنانے کے لیے بلا جھجک برسر منبران کی تذلیل اوران پر طعن وتشنیع اور افترا پردازی کرکے اپنے ایمان کا (بشرطیکہ موجود ہو) ستیاناس کرتے ہیں حالانکہ اس سلسلہ میں خدائے قہار کا ارشاد ہے: ﴿اِنَّ الَّذِیْنَ یُحِبُّوْنَ اَنْ تَشِیْعَ الْفَاحِشَةُ فِی الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَهُمْ عَذَابٌ اَلِیْمٌ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ وَ اللّٰهُ یَعْلَمُ وَ اَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ﴾ (سورۂ نور، آیت ۱۹) یقیناً وہ لوگ جو اس بات کو دوست رکھتے ہیں کہ ایمان والوں میں بے حیائی کی باتیں رائج ہوں۔ ان کے لیے دنیا میں بھی دردناک عذاب ہے اور آخرت میں بھی اور اللہ (اس کو) خوب جانتا ہے اور تم نہیں جانتے۔ (ترجمۂ مقبولؒ) اور پیغمبر اکرم ﷺ کا ارشاد ہے: ﴿من اهان عالماً فقد اهانني﴾ جو شخص کسی عالم کی توہین کرتا ہے وہ گویا میری توہین کرتا ہے۔ (جامع الاخبار، صفحہ ۳۷، طبع نجف و بحار الانوار) ارشادِ قدرت ہے: ﴿اِنَّمَا یَفْتَرِی الْكَذِبَ الَّذِیْنَ لَا یُؤْمِنُوْنَ﴾ "افتراء پردازی وہی لوگ کرتے ہیں جو ایمان نہیں رکھتے۔" (سورۂ نحل، آیت ۱۰۵) مگر افسوس کہ یہ گروہ خوفِ خدا سے آزاد ہوکر اسی منبر پر جو شریعتِ اسلامیہ کے حقائق ومعارف کی نشر واشاعت کے لیے وقف تھا اپنے نفس امارہ کی تسکین کے لیے دوسرے اہل ایمان کی برملا توہین کرتے ہیں اوران سے ذاتی انتقام لینے کے لیے اسی حسینی اسٹیج کو منتخب کرتے ہیں مگر کوئی روکنے ٹوکنے والا نہیں ہے ع

فلیبک علی الاسلام من کان باکیاً

اس سے ظاہر ہے کہ ان کی یہ مجالس خوانی خوشنودیٔ خدا وائمہ ہدیٰ ﷺ کے لیے نہیں ہے ورنہ ان کی یہ روش ورفتار اور یہ حالت زار نہ ہوتی۔

چوتھا شاہد: جھوٹی روایات اور غلط واقعات کا پڑھنا

مرقوم الصدر دعویٰ پر چوتھا شاہد یہ ہے کہ مجلس خواں گروہ کی اکثریت اپنی مجالس کی ظاہری ونمائشی کامیابی کی خاطر بالعموم اور مصائب میں گریہ وبکا کے کہرام برپا کرنے کے لیے بالخصوص بلا تحاشہ کذب وافترا ایسے گناہِ کبیرہ کا ارتکاب کرتے ہوئے غلط واقعات اور بے سروپا روایات پڑھتے ہیں حالانکہ یہ ایک واضح حقیقت ہے کہ کذب تمام صفاتِ رذیلہ کی جڑ ہے جس طرح کہ صدق تمام صفاتِ جمیلہ کا اصل اصول ہے۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

کذب کی مذمت قرآن کی روشنی میں

اس سلسلہ میں متعدد آیاتِ مبارکہ موجود ہیں۔ تبرکاً چند آیات درج کی جاتی ہیں: (۱) ارشادِ قدرت ہے: ﴿اِنَّ اللّٰہَ لَا یَھْدِیْ مَنْ ھُوَ مُسْرِفٌ کَذَّابٌ﴾ (سورۂ مؤمن، آیت ۲۸) خداوند عالم اسراف کرنے والے جھوٹے کو ہدایت نہیں کرتا۔ (۲) ﴿اِنَّمَا یَفْتَرِی الْکَذِبَ الَّذِیْنَ لَا یُؤْمِنُوْنَ بِاٰیٰتِ اللّٰہِ﴾ (سورۂ نحل، آیت ۱۰۵) جو لوگ جھوٹ بولتے ہیں وہ آیاتِ خداوندی پر ایمان نہیں رکھتے۔ اس آیتِ مبارکہ سے بعبارۃ النص واضح ہوتا ہے کہ عمداً جھوٹ بولنے والا شخص دائرۂ ایمان سے خارج ہے۔ (۳) ﴿لَعْنَۃُ اللّٰہِ عَلَی الْکَاذِبِیْنَ﴾ (سورۂ آل عمران، آیت ۶۱) جھوٹوں پر خدا کی لعنت۔ (۴) ﴿وَ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ تَرَی الَّذِیْنَ کَذَبُوْا عَلَی اللّٰہِ وُجُوْھُھُمْ مُّسْوَدَّۃٌ﴾ (سورۂ زمر، آیت ۶۰) بروزِ قیامت تم دیکھو گے کہ جن لوگوں نے خدا پر جھوٹ بولا ہوگا ان کے چہرے سیاہ ہوں گے۔ وفیہ کفایۃ لمن لہ ادنی درایۃ۔

مذمتِ کذب احادیث کی روشنی میں

اس سلسلہ میں روایات متکاثرہ موجود ہیں۔ بطور تذکر و عبرت چند روایات پیش کی جاتی ہیں:

(۱) جناب رسول خدا ﷺ سے منقول ہے، فرمایا: جب کوئی شخص بلا عذر جھوٹ بولتا ہے تو اس پر ستر ہزار فرشتے لعنت کرتے ہیں اور اس کے منہ سے ایک ایسی بدبو نکلتی ہے جو عرش الٰہی تک جا پہنچتی ہے تب حاملانِ عرش اس پر لعنت کرتے ہیں اور خدائے قہار اس کے نامۂ اعمال میں ایک جھوٹ کے عوض ایسے ستر زنا کا عذاب درج کرتا ہے جو محارم کے ساتھ کئے گئے ہیں۔ (جامع الاخبار)

(۲) حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے، فرمایا: ﴿ان اللّٰہ عزوجل جعل للشر اقفالاً و جعل مفاتیح تلک الاقفال الشراب و اشر من الشراب الکذب﴾ خداوند عالم نے برائی کے لیے کچھ قفل (تالے) بنائے ہیں اور ان تالوں کی کنجی شراب ہے لیکن جھوٹ شراب سے بھی بدتر ہے۔

(ثواب الاعمال وعقابہا، صفحہ ۲۴۴، طبع بیروت)

(۳) انہی بزرگوار سے مروی ہے، فرمایا: ﴿ان الکذب ھو خراب الایمان﴾ بلاشبہ جھوٹ بولنا باعثِ خرابیٔ ایمان ہے۔ (اصول کافی، صفحہ ۵۳۹، باب الکذب) صاحب لولو و مرجان نے قرآن و حدیث کی رُو سے جھوٹ بولنے کے پورے چالیس عدد مفاسد شمار کئے ہیں۔ (اصل کتاب کی طرف رجوع فرمائیں)

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

خدا و رسولؐ اور ائمہ طاہرینؑ پر جھوٹ بولنا اور بھی گناہِ عظیم ہے

سطورِ بالا میں کذب و افتراء کی مذمت میں جو کچھ لکھا گیا ہے یہ عام کذب کے بارے میں ہے لیکن اگر یہی کذب و افتراء خدا اور رسولؐ یا ائمہ ہدیٰ ﷺ پر کیا جائے تو اس کی سنگینی اور بھی بڑھ جاتی ہے کیونکہ زمان، مکان اور فاعل وغیرہ کے بدلنے سے گناہ کی نوعیت بھی بدلتی رہتی ہے چنانچہ ارشادِ قدرت ہے: ﴿فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰی عَلَی اللّٰہِ کَذِبًا﴾ (سورۂ اعراف، آیت ۳۷) اس شخص سے بڑھ کر اور کون ظالم ہے جو خدا پر افترا پردازی کرتا ہے۔ (۲) نیز ارشادِ قدرت ہے: ﴿اِنَّ الَّذِیْنَ یَفْتَرُوْنَ عَلَی اللّٰہِ الْکَذِبَ لَا یُفْلِحُوْنَ مَتَاعٌ قَلِیْلٌ وَّلَھُمْ عَذَابٌ اَلِیْمٌ﴾ (سورۂ نحل، آیت ۱۱۶/۱۱۷) جو لوگ خدا پر افتراء کرتے ہیں وہ ہرگز کامیاب نہ ہوں گے ہاں اس میں معمولی سا فائدہ ہے (دنیا میں) مگر ان کے لیے (آخرت میں) تکلیف دہ عذاب ہے۔

جناب رسول خدا ﷺ کی متفق بین الفریقین حدیث ہے: ﴿من کذب علیّ متعمّداً فلیبوّء مقعده من النار﴾ جو شخص جان بوجھ کر مجھ پر جھوٹ بولتا ہے وہ جہنم میں اپنا ٹھکانہ مہیا سمجھے۔

امام محمد باقر ؑ ابو النعمان سے فرماتے ہیں: ﴿لا تکذب علینا کذبةً فتسلب الحنیفیة﴾ اے ابو النعمان! ہم پر جھوٹ نہ بولنا ورنہ ملتِ اسلام تم سے سلب کر لی جائے گی۔ (اصول کافی، صفحہ ۵۳۸)

یہی وجہ ہے کہ خدا و رسولؐ اور ائمہ ہدیٰ ﷺ پر کذب و افترا پردازی کرنے سے روزہ باطل ہو جاتا ہے اور بنا بر مشہور بین الفقہاء اس سے قضا و کفارہ دونوں واجب ہو جاتے ہیں اور اسی بناء پر علماءِ اخلاق نے تمام اقسام کذب سے اس قسم کو بدترین اور سب سے زیادہ سنگین قرار دیا ہے چنانچہ حضرت شیخ نراقی رقمطراز ہیں: ﴿واشد انواع الکذب اثماً و معصیة الکذب علی اللّٰہ و علی رسوله و علی الائمة و کفاه ذماً انه یبطل الصوم و یوجب القضاء و الکفارة علی الاقوی﴾ جھوٹ کے تمام انواع میں سے از روئے گناہ زیادہ سخت وہ جھوٹ ہے جو خدا، رسولؐ اور ائمہ طاہرین ﷺ پر بولا جائے اور اس کی مذمت کے لیے یہی امر کافی ہے کہ یہ جھوٹ روزہ کو باطل کر دیتا ہے اور بنا بر اقویٰ قضاء و کفارہ ہر دو کا موجب ہوتا ہے (جامع السعادات، ج ۲، صفحہ ۳۲۳، طبع بیروت)

﴿یٰاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰہَ وَ کُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِیْنَ﴾

ایک عبرت انگیز خواب

بعض رویائے صادقہ سے بھی قرآن و حدیثِ معصومین ﷺ سے ثابت شدہ مذکورہ بالا حقیقت کی تائید مزید ہوتی ہے چنانچہ شہر کرمان شاہ میں ایک شخص نے عالم و کامل و جامع آقا شیخ محمد علی صاحب مقامع الفضل وغیرہ قدس اللہ سرہ کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا کہ میں نے خواب میں دیکھا ہے کہ میں جناب سید الشہداء ؑ کے

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

بدن مبارک کا گوشت اپنے دانتوں سے کاٹ رہا ہوں جس سے آں جنابؑ کے زخم تازہ ہو گئے ہیں۔ اس کی کیا تعبیر ہے؟ آقائے موصوف اس شخص اور اس کے پیشہ سے واقف نہ تھے۔ تھوڑی دیر سر جھکا کر فکر کرنے کے بعد فرمایا: شاید تم روضہ (مجلس) خوانی کرتے ہو۔ اس نے عرض کیا: ہاں، جناب آقا نے فرمایا: یا تو روضہ خوانی چھوڑ دو یا پھر کتب معتبرہ سے واقعات نقل کیا کرو۔ (لولو و مرجان)

ایک مفید مشورہ

بنابریں کس قدر احسن و اولیٰ ہے کہ وہ مجلس خواں حضرات جو کتب علمیہ کا مطالعہ کرنے کی استعداد رکھتے ہیں وہ مقاتل کی کتب معتبرہ سے روایات معتمدہ بیان کریں اور جو حضرات یہ استعداد نہیں رکھتے وہ پڑھنے سے پہلے واقعات کی کسی محقق عالم دین سے تصحیح و توثیق کرالیں۔ اس طرح کر کے وہ اپنی شرعی ذمہ داری سے سبکدوش ہو جائیں گے۔ اس موضوع پر اردو زبان میں جو خلا تھا وہ بفضلہ تعالیٰ ہماری اس کتاب سے پُر ہو جائے گا اور امید ہے کہ اس کی موجودگی میں مقتل کی کسی اور کتاب کی طرف رجوع کرنے کی ضرورت باقی نہیں رہے گی۔ انشاء اللہ۔

ایک عذر لنگ کا ازالہ

بعض وہ حضرات جو اس سلسلہ میں ہر قسم کی رطب و یابس روایات بیان کرنے کے عادی ہیں وہ اپنے اس طرز عمل کے جواز کی سند میں حضرت امیر علیہ السلام کے اس ارشاد کو پیش کرتے ہیں: ﴿اذا حدثتم بحدیث فاسندوہ الی الذی حدثکم فان کان حقا فلکم و ان کان کذباً فعلیہ﴾ یعنی جب تم کوئی حدیث نقل کرو تو اس کی نسبت اس شخص کی طرف دے دو جس نے تم سے بیان کی ہے اگر وہ حدیث سچی ہوئی تو اس کا فائدہ تم کو ملے گا اور اگر غلط ہوئی تو نقصان اس کا ہوگا۔

اس شبہ کا جواب یہ ہے کہ یہ حدیث قدرے مجمل ہے۔ اس میں اس ناقل کی کوئی وضاحت نہیں کی گئی کہ کیسا ہو؟ ثقہ ہو یا غیر ثقہ؟ صادق ہو یا کاذب؟ صالح ہو یا طالح؟ وغیرہ۔ مگر بموجب الاحادیث یفسر بعضھا بعضاً۔ دوسری احادیث شریفہ میں یہ وضاحت موجود ہے کہ ناقل روایت کا ثقہ و صادق ہونا ضروری ہے۔ چنانچہ جناب امیرؑ سے ہی مروی ہے حارث ہمدانی سے فرماتے ہیں: ﴿ولا تحدث الناس بکل ما سمعت فکفی بذلک کذبا﴾ جو کچھ تم نے لوگوں سے سنا ہے وہ سب کچھ بیان نہ کرو ورنہ تمہارے جھوٹا ہونے کے لیے یہی امر کافی ہے۔ (نہج البلاغہ)

نیز یہ بھی انہی جناب سے منقول ہے کہ امام حسن علیہ السلام کی وصیت میں فرمایا: ﴿ولا تحدث الا عن ثقۃ فتکون کذاباً و الکذب ذل﴾ بغیر قابل وثوق آدمی کے اور کسی سے کوئی حدیث نقل نہ کرو ورنہ دروغ گو قرار

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

پاؤ گے اور دروغ گوئی باعث ذلت ہے۔ (کشف المحجہ، صفحہ ۱۷۲، طبع قم)

ان حقائق کی روشنی میں واضح ہو گیا کہ ہر کس و ناکس سے سنی سنائی بات کا نقل کرنا جائز نہیں ہے بلکہ ثقہ آدمی سے سن کر یا ثقہ آدمی کی کتاب سے دیکھ کر اور وہ بھی نسبت دے کر بیان کرنے سے شرعی ذمہ داری پوری ہو سکتی ہے اسی لیے ارشادِ قدرت ہے: ﴿اِذَا جَآءَ کُمْ فَاسِقٌ م بِنَبَاٍ فَتَبَیَّنُوْٓا﴾ جب کوئی فاسق کوئی خبر بیان کرے تو اچھی طرح اس کی چھان بین کر لیا کرو۔

بموجب خوئے بد را بہانہ بسیار

ایک غلط روش کی مذمت

بعض بہانہ جو مجلس خوان بعض اوقات جب کوئی عجیب و غریب روایت یا واقعہ بیان کریں تو اس کے حوالہ کے سلسلہ میں کسی ایسی گمنام کتاب کا نام بیان کر دیتے ہیں جس کا اہل فن نے کوئی تذکرہ ہی نہیں کیا ہوتا یا کسی مشہور عالم جلیل کے ایسے مقتل کا نام لے لیتے ہیں کہ اس کی فہرست تالیفات میں اس کتاب کا نام نہیں ملتا یا اگر ملتا بھی ہے تو اس میں اس واقعہ کا کوئی نام و نشان تک نہیں ہوتا۔ یا کسی ایسے عالمِ دین سے سننے کا حوالہ دے دیتے ہیں جو اس وقت دوسرے عالم میں سدھار چکے ہوتے ہیں تاکہ تصدیق بھی نہ ہو سکے۔ بہر حال یہ روش بہت مذموم ہے اور بناء الفاسد علی الفاسد کی مصداق ہے جس سے اجتناب لازم و واجب ہے۔

SIBTAIN.COM
Presented By: www.jafrilibrary.com

ایک اور عذرِ بارد کا ازالہ

بعض بے توفیق ضعیف بلکہ موضوع روایات و واقعات بیان کرنے کے جواز میں یہ شبہ پیش کیا کرتے ہیں کہ سید الشہداء علیہ السلام کی مجالس عزاء میں رونا رلانا شرعاً پسندیدہ امر ہے اس لیے یہ مقصد جس طرح بھی حاصل ہو جائے درست ہے۔

یہ شبہ سابقہ شبہ سے بھی زیادہ رکیک اور کمزور ہے۔ یہ درست ہے کہ ائمہ طاہرین علیہم السلام اور بالخصوص سید الصابرین کے مصائب و آلام کا تذکرہ کرنا اور ان پر رونا یا رلانا ایک بہت بڑی عبادت اور باعث اجر و ثواب ہے لیکن ہے تو پھر بھی بہر حال مستحب! اور کذب و افتراء کی حرمت مسلّم الثبوت ہے۔ عقل سلیم اور شرع متین کے کن قوانین کی رو سے یہ جائز ہے کہ مستحب امر کی بجا آوری کے لیے فعل حرام کا ارتکاب کیا جائے؟ کیا غصبی یا مسروقہ مال سے سفر زیارت کرنا اس بناء پر جائز قرار دیا جا سکتا ہے کہ زیارت ائمہ اطہار علیہم السلام ثواب بے حساب کی موجب ہے؟ کیا اس غرض کے لیے کسی کا مال غصب کرنا یا چرانا جائز ہو جائے گا؟ کیا کوئی معمولی عقل و خرد رکھنے والا انسان یا معمولی دینی بصیرت رکھنے والا مسلمان ایسا کرنے کی جرأت و جسارت کر سکتا ہے؟ کیا یہ اطاعت بامر ممنوع کے تحت میں داخل نہیں

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

ہے جیسا کہ صاحب جواہر الکلام نے ایک ایسے ہی شبہ (جواز غنا در مراثی بغرض بکا و ابکاء) کے جواب میں لکھا ہے:
﴿و کونہ معیناً علی البکاء المرغب فیہ طاعۃ اللہ بمعصیۃ﴾ باقی رہا اس (غنا) کا گریہ و بکاء پر جو کہ شرعاً مرغوب ہے۔ معین و ممد ہوتا تو (بنا بر تسلیم) چونکہ یہ خدا کی نافرمانی کے ساتھ اس کی اطاعت ہے (اس لیے محال اور ناجائز ہے) مالکم کیف تحکمون؟ اللہ اذن لکم ام علی اللہ تفترون؟

پانچواں شاہد:۔ غنا و سرود کا ارتکاب ہے

ہمارے دعویٰ کی صداقت پر پانچواں شاہد یہ ہے کہ مجلس خوان طبقہ کے اکثر بلکہ تمام ذاکرین اور بعض مقررین بھی بلا تحاشا غنا و سرود کا ارتکاب کر کے جہاں مجالس عزا کی حقیقی شان خراب کرتے ہیں وہاں اپنی آخرت بھی برباد کرتے ہیں۔

حرمتِ غنا قرآن کی روشنی میں

یہاں بنظر اختصار صرف بعض آیات کی طرف اشارہ کیا جاتا ہے:

(۱) ﴿فَاجْتَنِبُوا الرِّجْسَ مِنَ الْاَوْثَانِ وَ اجْتَنِبُوْا قَوْلَ الزُّوْرِ﴾ (سورۂ حج، آیت ۳۰) ''تم ناپاک بتوں سے بچے رہو اور لغو باتوں گانے وغیرہ سے بچے رہو۔''

اس آیت مبارکہ میں وارد شدہ لفظ ''قول زور'' کی تفسیر حضرت صادق آل محمد علیہ السلام نے غنا و سرود کے ساتھ کی ہے۔ (ملاحظہ ہو: تفسیر مجمع البیان، برہان، صافی اور اصول کافی وغیرہ)

(۲) ارشاد رب العباد ہے: ﴿وَ مِنَ النَّاسِ مَنْ يَّشْتَرِيْ لَهْوَ الْحَدِيْثِ لِيُضِلَّ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَ يَتَّخِذَهَا هُزُوًا اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ﴾ (سورۂ لقمان، آیت ۶) ''لوگوں میں سے کچھ لوگ ایسے بھی ہیں جو لہو الحدیث کو خریدتا ہے تاکہ علم و معرفت کے بغیر لوگوں کو خدا کے راستہ سے گمراہ کرے اور خدا کی آیات سے تمسخر کرے ایسے لوگوں کے لیے رسوا کرنے والا عذاب ہے۔''

اس آیت مبارکہ میں وارد شدہ لفظ ''لہو الحدیث'' کی تفسیر حضرت باقر العلوم علیہ السلام نے غنا کے ساتھ فرماتے ہوئے فرمایا ہے: ﴿الغناء مما اوعد اللہ علیہ النار﴾ کہ غنا ان ممنوع امور میں سے ہے جن پر خدا نے وعید جہنم فرمائی ہے۔ (مذکورہ بالا کتب ملاحظہ ہوں)

حرمتِ غناء احادیثِ معصومینؑ کی روشنی میں

اس سلسلہ میں روایات متواترہ و متکاثرہ موجود ہیں۔ صرف بطور تبرک و تذکر چند روایات پیش کی جاتی ہیں:

(۱) بروایت جابر بن عبداللہ انصاری جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے مروی ہے، فرمایا: ﴿اول من تغنی ابلیس

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

لما اکل آدم من الشجرة ﴾ سب سے پہلے جس نے غنا کا ارتکاب کیا وہ شیطان تھا جب کہ حضرت آدم علیہ السلام نے شجرۂ ممنوعہ کا پھل کھایا تھا۔ (من لا یحضرہ الفقیہ)

اس روایت شریفہ سے ظاہر ہے کہ تمام غنا کرنے والے خواہ جس رنگ میں بھی اس کا ارتکاب کریں وہ سب شیطان کی پیروی کرتے ہیں۔ ﴿اَلَمْ اَعْهَدْ اِلَيْكُمْ يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ اَنْ لَّا تَعْبُدُوا الشَّيْطٰنَ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ﴾

(۲) حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے، فرمایا: ﴿الغناء عش النفاق﴾ غنا و سرود منافقت کا آشیانہ ہے (جہاں وہ پرورش پاتی ہے)۔ (۳) انہی جناب سے منقول ہے، فرمایا: ﴿مجلس الغناء لا ینظر اللہ الی اھلہ﴾ جہاں غنا ہو۔ خدا وہاں بیٹھنے والوں کی طرف نظر (رحمت) نہیں کرتا۔ اہل انصاف بتائیں جس مجلس کی طرف خدا نظر رحمت ہی نہ فرمائے وہ مجلس شرف قبولیت کیوں کر حاصل کر سکتی ہے؟

(۴) نیز انہی جناب سے مروی ہے، فرمایا: ﴿استماع الغنا و اللھو ینبت النفاق فی القلب کما ینبت الماء الزرع﴾ کان لگا کر (توجہ سے) غنا سننا اس طرح دل میں نفاق کو اگاتا ہے جس طرح پانی انگوری کو اگاتا ہے (ہر سہ از وسائل الشیعہ وغیرہ)

حرمت غنا اتفاق فقہاء کی روشنی میں

SIBTAIN.COM

قرآن و حدیث کی روشنی میں حرمت غنا پر تمام علماء فقہاء کا اتفاق ہے چنانچہ صاحب حدائق قدس سرہ رقمطراز ہیں: ﴿ولا خلاف فی حرمتہ فیما اعلم﴾ جہاں تک مجھے معلوم ہے اس کی حرمت میں کوئی اختلاف نہیں ہے۔ اسی طرح صاحب جواہر نور مرقدہ تحریر فرماتے ہیں: ﴿بلا خلاف اجدہ بل الاجماع بقسمیہ علیہ و السنۃ متواترۃ فیہ بل یمکن دعویٰ کونہ ضروریا فی المذھب﴾ میں اس (غنا) کی حرمت میں کوئی اختلاف نہیں پاتا بلکہ اس پر ہر دو قسم کا (محصل و منقول) اجماع قائم ہے۔ اس سلسلہ میں احادیث متواترہ وارد ہیں بلکہ یہ دعویٰ کرنا ممکن ہے کہ غناء کی حرمت مذہب اہل بیتؑ کے ضروریات میں سے ہے (جن کا منکر دائرۂ مذہب سے خارج متصور ہوتا ہے)۔

قصائد و مراثی میں غنا کا گناہ زیادہ سخت ہے

جیسا کہ قبل ازیں بھی بیان کیا جا چکا ہے زمان، مکان، فاعل اور مابہ العصیان کے بدلنے سے گناہ کی نوعیت بھی بدل جاتی ہے۔ بنابریں عام جگہ، عام دن، عام آدمی اور عام چیز (جیسے غزل وغیرہ) میں غنا کا ارتکاب کیا جائے تو گناہ کی نوعیت اور ہوگی لیکن اگر اسی جرم کا ارتکاب کسی متبرک جگہ، متبرک دن، قرآن و دعا یا مجلس عزا میں کیا جائے اور ایسا کرنے والا بھی صاحب عقل و علم ہو تو اس صورت میں یقیناً اس جرم کی سنگینی بڑھ جائے گی چنانچہ حضرت آقا شیخ

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

زین العابدین قدس سرہ ایسے ہی ایک سوال کے جواب میں فرماتے ہیں: ﴿در مراثی و قرآن عذابش بیشتر است﴾ یعنی اگر قرآن یا مرثیہ خوانی میں غنا کا ارتکاب کیا جائے تو اس کا عذاب زیادہ ہے۔ (ذخیرۃ العباد)

اسی طرح حضرت شیخ انصاری اعلی اللہ مقامہ غنا کی تعریف[1] کرنے کے بعد تحریر فرماتے ہیں: ﴿وظهر مما ذكرنا انه لا فرق بين استعمال هذه الكيفية في كلام حق او باطل فقرأة القرآن و الدعاء و المراثي بصوت يرجع فيه على سبيل اللهو لا اشكال في حرمتها ولا في تضاعف عقابها لكونها معصية في مقام الطاعة و استخفافاً بالمقرّد و المدعو و المرثي﴾ مذکورہ بالا تعریف سے ظاہر ہے کہ اس صوتی کیفیت کی حرمت میں کوئی فرق نہیں خواہ کلام حق میں اس کا استعمال کیا جائے یا باطل میں۔ بنابریں اگر قرآن، دعا اور مرثیہ کو ترجیع لہوی کے ساتھ پڑھا جائے تو اس کی حرمت اور عذاب کے دوگنا ہونے میں کوئی اشکال نہیں ہے کیونکہ یہ مقامِ اطاعت میں معصیت ہے اور اس میں مقرد (قرآن)، مدعو (خدا) اور جس کا مرثیہ پڑھا جا رہا ہے (امامؑ) کی توہین ہے۔" (مکاسب، صفحہ ۳۷)

موجودہ مجالس عزا کی حالتِ زار پر صاحب البرہان کا تبصرہ

ہم یہ نہیں کہتے کہ ہر اچھی آواز غنا ہے سادہ طریقہ پر ذاکری کرنے میں کوئی قباحت نہیں۔ ہم تو یہ چاہتے ہیں کہ تقدیس مجلس کا خیال رکھا جائے اور مجلس عزا کو محفل سرود یا بزم موسیقی نہ بنایا جائے۔ مگر افسوس کا مقام ہے کہ آج جس نہج پر مجالس عزا ہو رہی ہیں اس نے تمیز کو بھی مات کر دیا ہے۔ انہی حالات سے متاثر ہو کر مجلہ علمیہ البرہان لدھیانہ کے سرپرست مرحوم نے (جلد ۲۳ ۱۹۴۴ء) میں انہی مجالس پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھا تھا:

---

[1] **تعریف غنا کی تحقیق**:۔ حضرت شیخ قدس سرہ نے غنا کی یہ مشہور بین الفقہاء تعریف نقل کر کے اس سے موافقت ظاہر کی ہے۔ ﴿مد الصوت المشتمل على الترجيع المطرب﴾ اس آواز کا کھینچنا جس میں ترجیع کی جائے اور طرب آور بھی ہو اور اس کے علاوہ بھی بعض تعریفات نقل کر کے آخر میں بطور خلاصہ لکھا ہے: ﴿فالمحصل من الادلة المتقدمة حرمة الصوت المرجع فيه على سبيل اللهو﴾۔ (مکاسب ص ۳۷)

اس کے علاوہ اس کی اور بھی مختلف تعریفات کی گئی ہیں جن کی تفصیل ہمارے رسالہ "حرمت غنا اور اسلام" میں دیکھی جا سکتی ہے مگر جس نظریہ پر علماء محققین کی رائے مستقر ہوئی ہے وہ یہ ہے کہ غنا کی تعریف بیان کرنا عالم و فقیہ کا منصب نہیں ہے اس کا کام صرف شرعی حکم بیان کرنا ہے کہ فلاں چیز حلال ہے اور فلاں حرام، باقی رہی موضوع حکم کی تشخیص و تعیین اس سلسلہ میں اہل خبرہ کی طرف رجوع کرنا چاہیے۔ بنابریں غنا کے مفہوم کی تعیین کے سلسلہ میں بھی اس کے اہل خبرہ (گانے بجانے والے لوگوں) کی طرف رجوع کرنا چاہیے پس وہ جس مخصوص آواز کو غنا و سرود قرار دیں اسے غنا سمجھا جائے گا۔ (منہ عفی عنہ)

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

"ایک ناواقف شخص انہیں دیکھ کر یہ محسوس ہی نہیں کر سکتا کہ یہ مجلس عزا ہے یا محفل سرود و نشاط۔ جب ایک اچھا گانے والا اپنے فن کا عمدہ مظاہرہ کرتا ہے تو سامعین واہ وا، سبحان اللہ (بلکہ نعرۂ حیدری، ناقل) کا وہ شور مچاتا ہے کہ چھتیں اڑنے لگتی ہیں۔ ایک ناواقف شخص باہر سے سننے والا اسے مجلس عزا تو کیا سمجھے گا بلکہ وہ یہ سمجھتا ہے کہ (معاذ اللہ، ناقل) کسی تھیٹر یا سینما کا تماشا دیکھ رہا ہے یا اگر بٹیر بازی کا شوقین ہے تو وہ یہ سمجھے گا کہ بٹیر لڑائے جا رہے ہیں اور اگر وہ نیک منش انسان ہے تو اپنے حسن ظن کی بنا پر یہ خیال کرے گا کہ کوئی مشاعرہ ہے جس میں غزل خوانی ہو رہی ہے۔"

جناب مولانا موصوف کا یہ خیال آج سے کم و بیش نصف صدی پہلے کی مجلس کے متعلق ہے مگر اب تو صورت حال اس سے بھی کہیں بدتر ہو چکی ہے۔ آج مجالس کی کامیابی کا دار و مدار صرف دو باتوں پر ہے۔ پہلے حاضرین کو خوب ہنسایا جائے اگرچہ لغویات و واہیات قسم کے قصے، کہانیوں یا لطیفہ بلکہ کثیفہ گویوں سے سہی اور پھر فنی گریز اور مہارتی ایکٹنگ سے سامعین کو خوب رلایا جائے اور حقیقی یا مصنوعی گریہ و بکاء کا شور بلند کر دیا جائے اگرچہ من گھڑت اور خانہ ساز غلط روایات و واقعات سے سہی۔ اللہ بس باقی ہوس۔ و الی اللہ المشتکی۔

کیا مجالس عزائے حسینؑ کی یہی شان ہے؟ کیا عزاداروں اور سوگواروں کی یہی حالت ہوتی ہے؟ کیا اقوام عالم کے سامنے ائمہ معصومین علیہم السلام کی سیرت و کردار کے پیش کرنے کا یہی طریقہ ہے؟ کیا مذہبی عبادات و رسوم کی ادائیگی کا یہی سلیقہ ہے؟ اور کیا حسینؑ کی شہادت اور مجالس کے انعقاد کی یہی غرض و غایت ہے؟ یہ سوالات ارباب عقل و فکر کی خصوصی توجہ کے طلب گار ہیں!

بانیانِ مجالس اور سامعین کی اکثریت کے دولتِ اخلاص سے تہی دامن ہونے پر شواہد پنجگانہ

جب مجلس خوان گروہ کی اکثریت کا اخلاص سے عاری ہونا ثابت ہو چکا تو اب ہم اپنے دعویٰ کے دوسرے جزء یعنی بانیانِ مجالس اور سامعین کی اکثریت کے دولتِ اخلاص سے تہی دامن ہونے پر پانچ شواہد پیش کرتے ہیں۔

اثباتِ مدعا پر پہلا شاہد تیری میری مجلس کی تفریق

اس دعوے پر پہلا شاہد یہ ہے کہ آج کل مجالس عزائے سید الشہداءؑ میں تیری مجلس اور "میری مجلس" کی تفریق پائی جاتی ہے جس کا نتیجہ مجالس کے باہمی تصادم کی صورت میں ظاہر ہو رہا ہے۔ واضح ہے کہ یہ طرزِ عمل روح اخلاص کے منافی ہے۔ جب ہر مجلس مجلس حسینؑ ہے اور اس کے انعقاد کا مقصد دین حق کی نشر و اشاعت کر کے خدا اور رسولؐ اور ائمہ ہدیٰ علیہم السلام کی رضا حاصل کرنا ہے تو پھر یہ تیری میری مجلس اور فلاں و فلاں کی مجلس کے کیا معنی ہیں؟ جب

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

یہ مجلس عبادت ہے تو عبادت تو وہی ہوتی ہے جو خالصاً لوجہ اللہ ہو۔ جب سے اس تفریق کا قبیح سلسلہ شروع ہوا ہے اس کے ساتھ ہی مجالس کے تصادم کا سلسلہ غیر مرضیہ بھی شروع ہوگیا ہے جس کا نتیجہ ہے کہ آج مجلس سے مجلس ٹکرا رہی ہے اور جلوس سے جلوس ٹکرا رہا ہے۔ ہر بانی مجلس کی یہ خواہش ہوتی ہے کہ اس کی مجلس کامیاب ہو جائے دوسرے کی کامیاب ہو یا ناکام۔ اس سلسلہ میں جن جن حرکات قبیحہ وافعال نامرضیہ کا ارتکاب کیا جاتا ہے وہ عیاں راچہ بیان کا مصداق ہے جس کا فطرتی وقدرتی نتیجہ یہ ہے کہ مجالس کی اصل شان اور افادیت بھی ختم ہوتی جارہی ہے اور بجائے اس کے کہ ان مجالس سے نظم وضبط اور اتفاق واتحاد کا درس لیا جاتا۔ الٹا یہی مجالس باہمی تفریق وجدائی کا باعث بن رہی ہیں۔

دوسرا شاہد: بے جا تکلفات باردہ کا ارتکاب

مذکورۃ الصدر دعوے کے اثبات پر دوسرا شاہد یہ ہے کہ اکثر بانیانِ مجالس کا مقصد نام ونمود حاصل کرنا اور اپنے ٹھاٹھ باٹھ کی نمائش کے ساتھ ساتھ دوسروں کی تحقیر کرنا ہوتا ہے جس کی وجہ سے وہ بعض اوقات ایسے امور کا ارتکاب کر بیٹھتے ہیں جو شرعاً ناجائز یا کم از کم نامرغوب ضرور ہوتے ہیں۔ ان تکلفات باردہ کی وجہ سے روز بروز اسراف میں اضافہ ہوتا جاتا ہے اب رفتہ رفتہ مجالس میں حقہ، پان، سگریٹ، چائے اور شربت شیرہ وغیرہ اور امام بارگاہوں کی جھاڑ فانوس اور آئینہ وغیرہ سامانِ آرائش سے زیبائش وآرائش کرنا کہ جس کی وجہ سے وہ بجائے عزاخانہ کے محفل یا نشاط خانہ معلوم ہوں۔ عزاداری کا جز بنتی جارہی ہیں جس سے عزاداری کی اصل روح یعنی سادگی جو اسلام کا طغرائے امتیاز ہے بالخصوص عبادت خانوں میں تو اس پر اس قدر زور دیا گیا ہے کہ مساجد میں سونے چاندی سے نقش و نگار کرنا حرام قرار دیا گیا ہے۔ مجروح ہورہی ہے بلکہ مردہ۔ اس لیے اس فاسد جذبہ کا قلع قمع کرنا ضروری ہے۔ ظاہر ہے کہ یہ چیز اخلاص کے منافی ہے جس کی وجہ سے "نیکی برباد اور گناہ لازم" والی مثل صادق آتی ہے۔ اما من کان یرجوا لقاء ربہ فلیعمل عملاً صالحاً ولا یشرک بعبادۃ ربہ احداً۔

تیسرا شاہد: تعیش دماغی کی تلاش

مذکورہ بالا دعویٰ کے اثبات پر تیسرا شاہد یہ ہے کہ بانیانِ کرام ہوں یا سامعینِ عظام ان کی اکثریت ایسے مجالس خوان حضرات کو پسند کرتی ہے جن کی پڑھائی میں تعیش دماغی حاصل کرنے کے پورے پورے سامان مہیا ہوں اور اگر کوئی پڑھنے والا خدا اور رسولؐ اور ائمہ اطہار علیہم السلام کی منشاء کے مطابق سادہ اور صحیح طریقہ پر پڑھتا ہے تو نہ بانیان اس کی طرف توجہ کرتے ہیں اور نہ ہی سامعین شرکت کی زحمت گوارا کرتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ بانی حضرات کسی کو دعوت دینے سے پہلے اس کی آزمائشی تقریریں سنتے ہیں اور اس مقصد کے لیے بعض مقامات پر خصوصی مجالس کا اہتمام

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

کیا جاتا ہے اور سامعین حضرات شرکت سے پہلے یہ معلوم کرتے ہیں کہ پڑھنے والا کون اور کیسا ہے؟ ان حضرات کی یہ روش و رفتار اس امر کی غماز ہے کہ یہ لوگ مجلس کو مجلس عزا سمجھ کر منعقد نہیں کرتے اور سنتے بلکہ مجلس حسینؑ کی آڑ میں تعیش دماغی اور تفریح طبعی حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ واقعۂ کربلا ایسا رقت خیز سانحہ ہے جو اپنی مثال آپ ہے۔ یہ ناممکن ہے کہ کسی شخص کے دل میں ذرہ بھر بھی محبتِ اہل بیتؑ ہو اور یہ واقعۂ ہائلہ سنے اور پھر اس کی آنکھ اشکبار نہ ہو۔ خود شہیدِ کربلا کا ارشاد ہے: ﴿انا قتیل العبرة ما ذکرنی مؤمن الا استعبرت عیناه﴾ (نفس المہموم وغیرہ) پھر نا معلوم مظلوم کربلا کی مصیبتِ عظمیٰ پر چند اشک غم بہانے کے لیے فضول تکلفات کی کیا ضرورت ہے؟ کیا نوبت نقارہ اور راگ و رنگ کے بغیر گریہ نہیں ہوتا اگر کسی کا کوئی عزیز مر جائے تو کیا مجلس سماع منعقد کرنے، ڈھول بجوانے اور راگ و سرود سے اس پر رنج و غم کا اظہار کیا جاتا ہے؟ جب وہاں ایسا نہیں کیا جاتا تو کم از کم شہدائے کربلا کے ساتھ وہی سلوک ہی کیا جائے جو اپنے مرنے والے عزیزوں کے ساتھ کیا جاتا ہے۔ حالانکہ حقیقت یہ ہے: ﴿لا یقاس بآل محمدؐ احد من الناس﴾ (نہج البلاغہ) بہر حال اگر ان مجالس کے انعقاد کا مقصد خوشنودیٔ خدا و رسولؐ حاصل کرنا ہے تو بانیوں اور سامعین کو بلا تکلفاتِ باردہ سچے فضائل و مصائب اہل بیتؑ سننے کی عادت ڈالنی چاہیے۔ نیز ضروری ہے کہ ان مجالس میں کسی فرقہ کی دل آزاری نہ کی جائے بلکہ حکم امام "رغبهم ولا تنفر" پر عمل کرتے ہوئے ایسا طرزِ مجلس خوانی اختیار کیا جائے کہ تمام برادرانِ اسلامی شوق سے ان میں شرکت کر کے بارگاہِ حسینیؑ میں اپنی عقیدت کے پھول نثار کر سکیں۔

چوتھا شاہد: صالح و طالح کی عدم تمیز

ہمارے مدعا پر چوتھا شاہد یہ ہے کہ بانیانِ مجالس ہوں یا سامعین ان کی اکثریت مجالس پڑھانے یا سننے کے سلسلہ میں صحیح العقیدہ اور بدعقیدہ، صادق و کاذب اور صالح و طالح میں کوئی امتیاز نہیں کرتی بلکہ ان کا مطمح نظر صرف یہ ہوتا ہے کہ اگر پڑھنے والا مولوی ہے تو چند رٹے رٹائے غیر علمی نکتوں سے سہی مجمع کو خوب اچھال سکے اور اگر ذاکر ہے تو اپنی خوش الحانی کی وجہ سے حاضرین کو مسحور کر سکے۔ بلا تشبیہ آج منبر پر مؤذن حمص والے واقعہ کو دہرایا جاتا ہے جس کا لب لباب یہ ہے کہ ایک نو وارد شخص جب شہر حمص میں وارد ہوا تو اس نے ایک خوش آواز شخص کو اس طرح اذان کہتے ہوئے سنا جو بجائے ﴿اشهد ان محمداً رسول الله﴾ کے کہہ رہا تھا: ﴿ان اهل حمص یشهدون ان محمداً رسول الله﴾ (یعنی حمص کے لوگ گواہی دیتے ہیں کہ محمدؐ خدا کے رسول ہیں) اس شخص نے قاضیٔ شہر سے جا کر حقیقتِ حال دریافت کی۔ قاضی نے اسے بتایا کہ ان کا مقررہ مؤذن تعطیلات پر گھر گیا ہوا ہے۔ اس کے بعد ہمیں ایک خوش آواز مؤذن کی ضرورت درپیش آئی۔ بدقسمتی سے مسلمانانِ حمص میں ایسا کوئی شخص نہ مل سکا۔ اس لیے

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

ہمیں ایک یہودی کی خدمت حاصل کرنا پڑی اور چونکہ وہ آنحضرت ﷺ کی رسالت کا قائل نہیں اس لیے کہتا ہے:

﴿ان اھل حمص یشھدون الخ.....﴾ (زھر الربیع)

ہمارے اکثر سادہ لوح عوام نے بھی یہی نظریہ قائم کر رکھا ہے کہ ہمیں تو ایک خوش الحان آدمی سے مجلس حسینؑ سننا ہے ہمیں اس کے کردار سے کیا تعلق ہے؟ حقیقت یہ ہے کہ جب سے ہمارے اسلامی بھائیوں نے یہ نظریہ قائم کیا کہ ہم نے تو قرآن کی اقتداء کرنا ہے پیش نماز جیسا بھی ہو۔ اس دن سے ان کے مصلیٰ کی عظمت ختم ہوگئی ہے اسی طرح جب سے ہمارے عوام نے یہ خیال کر لیا ہے کہ ہم نے تو مجلس حسینؑ سننا ہے ہمیں پڑھنے والے کے کردار سے کیا سروکار ہے! اسی دن سے حسینی اسٹیج کی تقدیس ختم ہو کر رہ گئی ہے۔

یہ روش و رفتار شاہد ہے کہ اس عمل میں روح اخلاص کا فقدان ہے۔ اگر یہ مجالس خالصاً لوجہ اللہ ہیں تو ضروری ہے کہ منبر پر انہی لوگوں کو لایا جائے جن کے عقائد و اعمال شریعت مقدسہ کے عین مطابق ہوں اور بدعقیدہ و بداعمال افراد کو حسینی اسٹیج کے قریب بھی نہ آنے دیا جائے کیونکہ ؎

آں خویشتن گم است کرا راہبری کند

پانچواں شاہد: سیرت حسینیؑ کا فقدان

SIBTAIN.COM

ہمارے مرقومہ بالا دعویٰ کی صداقت پر پانچواں شاہد یہ ہے کہ بانیانِ مجالس ہوں یا سامعین ان کی اکثریت میں سیرت و کردار امام حسین علیہ السلام کی جھلکیاں دکھائی نہیں دیتیں۔ یہ درست ہے کہ یہ لوگ بڑے ٹھاٹھ باٹھ سے مجالس منعقد کرتے ہیں۔ ان میں واہ وا اور آہ کی آوازیں بھی خوب بلند ہوتی ہیں۔ دعوتیں خوب اڑتی ہیں۔ ناؤ نوش کے انتظام اعلیٰ پیمانہ پر ہوتے ہیں۔ بڑے بڑے جلسوں میں تو بعض اوقات پڑھنے اور سننے والے اس قدر کثیر التعداد ہوتے ہیں کہ ان کی صحیح تعداد کا اندازہ لگانا بھی مشکل ہوتا ہے۔ بانیٔ مجلس کی تعریف و توصیف میں زمین و آسمان کے قلابے بھی ملائے جاتے ہیں۔ بالعموم پڑھنے والے بانیانِ کرام کو جنت کے ٹکٹ بھی دے کر جاتے ہیں۔ یہ سب کچھ ہوتا ہے۔ ہاں اگر کسی چیز کی کمی ہوتی ہے تو سیرت و کردار کی۔ ان لوگوں کے عقائد و نظریات اور اخلاق و اطوار ائمہ اطہار علیہم السلام کی بجائے دشمنانِ اہل بیتؑ کے کردار کی غمازی کرتے ہوئے نظر آتے ہیں کیونکہ اور نہیں تو کم از کم بانیان و سامعین کرام کو نمازی تو ضرور ہونا چاہیے اور نماز بھی مثالی، کیونکہ ان مجالس کے انعقاد کا اصلی مقصد تو یہی ہے کہ عزاداروں میں حسینیتؑ پیدا کی جائے اور سید الشہداء علیہ السلام نے روزِ عاشورہ میں حالتِ جنگ میں نمازِ ظہر اور وہ بھی جماعت کے ساتھ اس طرح پڑھی ہے کہ اس کی نظیر صفحۂ عالم پر نظر نہیں آتی۔ لہٰذا ان کے نام لیواؤں کو بھی ان ذواتِ مقدسہ کی اس قدر تاسی تو کرنا چاہیے کہ مشکل سے مشکل اور کٹھن سے کٹھن حالات میں بھی نمازِ خدا ترک نہ کریں اور

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

اگر عین حالت مجلس اور جلوس میں نماز کا اول وقت داخل ہو جائے تو مجلس یا جلوس کو روک کر وہیں نمازِ باجماعت پڑھ کر اہل عالم پر واضح کر دیں کہ حسینیؑ اس طرح ہوتے ہیں۔ پھر دیکھیں کہ ان مجالس وجلوس ہائے عزاء کی افادیت میں کس قدر اضافہ ہوتا ہے اور مذہب حق کی کس قدر ترویج وترقی ہوتی ہے! اور اگر یہ نہیں تو پھر یہ حقیقت اچھی طرح ذہن نشین کر لینا چاہیے کہ ؎

جو کچھ بھی ہے تکلفِ وہم و خیال ہے

الحمد للہ کہ ان حقائق کی روشنی میں ہمارے دعویٰ کی صداقت اظہر من الشمس ہوگئی ہے۔ دعا ہے کہ خداوند عالم تمام مجالس ومحافل پڑھنے، سننے اور منعقد کرنے والوں کو اخلاص کی دولتِ گرانمایہ ارزانی فرمائے۔ آمین بجاہ النبی و آلہ الطاہرینؑ۔

مجلس خواں گروہ کے آداب دہ گانہ

اب ہم ذیل میں کتاب کبریت احمر، لؤلؤ ومرجان، مجاہد اعظم حصہ اول وغیرہ کتبِ معتبرہ سے ہے مع اضافاتِ جدیدہ ومفیدہ مجلس خوان گروہ کے دہ گانہ آداب وشرائط کا تذکرہ کرتے ہیں۔ اس کے بعد ان دہ گانہ آداب کا تذکرہ کیا جائے گا جن کا تعلق بانیانِ کرام یا سامعین عظام یا خود مجلس امام کے ساتھ ہے۔ انشاء اللہ

SIBTAIN.COM

پہلا ادب: صحت عقائد

تمام ادیان ومذاہب میں بالعموم اور دین اسلام میں بالخصوص عقائد اور ان کی صحت کو جو اہمیت دی گئی ہے وہ اربابِ بصیرت پر مخفی نہیں ہے۔ تمام انسانی اقوال وافعال کی قبولیت کا دارومدار تمام اخروی جزا وسزا کا انحصار اسی صحتِ عقیدہ پر ہے۔ اسی فسادِ اعتقاد کی وجہ سے کفار ومشرکین پر جنت حرام قرار دی گئی ہے۔ ارشاد قدرت ہے: ﴿وَ مَنْ يُشْرِكْ بِاللّٰهِ فَقَدْ حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ الْجَنَّةَ اِنَّ اللّٰهَ حَرَّمَهُمَا عَلَى الْكٰفِرِيْنَ﴾

عقیدہ میں معمولی سی لغزش انسان کو خلود فی النار کا سزاوار بنا دیتی ہے اس لیے ہر مکلف پر بالعموم اور مبلغ دین پر بالخصوص ناقابل انکار قطعی دلائل سے اصولِ اسلامیہ اور عقائدِ ایمانیہ کا اس طرح محکم کرنا واجب ولازم ہے کہ تزول الجبال ولا تزول تلک العقائد چونکہ افرادِ قوم کے عقائد کی اصلاح یا ان کا فساد زیادہ تر اہل منبر کے ساتھ وابستہ ہوتا ہے اس لیے اگر خدانخواستہ ان کے عقائد فاسد ہوئے تو ان کا وجود قوم وملت کے لیے شیطان سے بھی زیادہ ضرر رساں اور باعثِ نقصان ہوگا۔

یہ امر بھی ملحوظ رہے کہ صرف سنی سنائی باتوں سے یا گھر بیٹھ کر محض چند کتب کی ورق گردانی کرنے سے عقائد میں درستگی اور پختگی پیدا نہیں ہو سکتی۔ اسی بنا پر ہادیانِ دین نے ایسے لوگوں کی صحبت سے اجتناب کرنے کی ہدایت

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

فرمائی ہے جن کا سرمایۂ علم صرف چند کتابوں کی ورق گردانی تک محدود ہو۔ چنانچہ جناب رسول خدا ﷺ کا ارشاد ہے: ﴿ایاکم و اهل الدفاتر ولا یغرنکم الصحفیون﴾ کاپیوں والے (اہل علم) سے بچنا کہیں یہ کرم کتابی تمہیں دھوکہ نہ دے دیں (بحار ج ۱) کیونکہ ایسے لوگ ما یفسدونه اکثر مما یصلحون (اس قدر اصلاح نہیں کرتے جس قدر افساد کرتے ہیں) وجہ ظاہر ہے کہ علمی اسرار و رموز صرف کتب بینی سے حاصل نہیں ہو سکتے بلکہ اس مقصد جلیل کے حاصل کرنے کے لیے علماءِ محققین کی خدمت میں زانوئے ادب تہہ کرنا پڑتا ہے جیسا کہ جناب علامہ حلیؒ نے فرمایا ہے: ﴿ولکل علم اسرار لا یطلع علیها من الکتب فیجب اخذه من العلماء و لهذا قال علیه السلام خذوا العلم من افواه الرجال و نهی عن الاخذ عمن اخذ علمه من الدفاتر فقال علیه السلام لا یغرنکم الصحفیون﴾ آنحضرت کا مشہور ارشاد ہے: خذوا العلم من افواه الرجال ۔ کہ علم کو علماء سے حاصل کرو۔ (بحار، ج ۱، تحریر الاحکام)

حضرت صادق آل محمد علیہ السلام فرماتے ہیں: ﴿من دان الله بغیر سماع من عالم صادق الزمه الله النیه الی الفناء﴾ جو شخص کسی حقیقی عالم سے سنے بغیر کوئی عقیدہ قائم کرے گا وہ مرتے وقت تک سرگردان رہے گا (کبریتِ احمر، صفحہ ۱۱، طبع ایران) ان حقائق سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ فروع دین کی طرح اصول عقائد میں بھی علماءِ اعلام ہی کی طرف رجوع کرنا لازم ہے اور انہی سے تصحیح عقائد کرنا واجب، ہاں اصول و فروع کے سلسلہ میں اس قدر فرق ہے کہ فروع کے سلسلہ میں صرف شرعی حکم معلوم کیا جائے گا۔ اس کی دلیل دریافت نہیں کی جائے گی لیکن اصول عقائد میں صحیح عقیدہ بھی انہی سے معلوم کیا جائے گا اور ساتھ ہی اس کی دلیل بھی حاصل کی جائے گی تاکہ وہ عقیدہ علی وجہ البصیرہ ہو اور اس سے اطمینانِ قلب حاصل ہو جائے۔

اہل منبر کے لیے مفید مشورہ

اہل منبر کے لیے صرف یہی بات کافی نہیں کہ علماءِ اعلام سے اپنے عقائد کی اصلاح کرائیں بلکہ یہ بھی ضروری ہے کہ احادیث بیان کرنے کے سلسلہ میں بھی علماءِ محققین سے اجازۂ نقلِ روایت حاصل کریں کیونکہ کتابوں میں ہر قسم کا رطب و یابس مواد مل جاتا ہے اس لیے حزم و احتیاط فی الدین کا تقاضا یہ ہے کہ اہل منبر نقل روایات سے پہلے اس کا اجازہ حاصل کریں اگر ایسا نہ کیا گیا تو ان کی مجلس خوانی سے اتنا فائدہ نہ ہوگا جتنا کہ دینی نقصان ہوگا۔ بعض علماءِ کرام نے تو ایسے بے لگام مقررین کی مجالس میں شرکت کرنے کو بھی حرام قرار دے دیا ہے جن کا نہ خود علمی پایہ بلند ہوتا ہے اور نہ علماءِ اعلام کی طرف رجوع کرنے کی ضرورت محسوس کرتے ہیں: ﴿فلا یجوز الاستماع الیهم و حضور منابرهم و مجالسهم و یحرم علیهم نقل الاحادیث مالم یرجعوا الی من له اهلیة التمیز بین

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

ضعاف الاحادیث و صححها ممن یجوز تقلیده و الرجوع الیه﴾ (احیاء الشریعہ، ج ۱)

لہٰذا ایسے لوگ اگر دینی احکام میں مداخلت کریں گے تو بقول علامہ مازندرانی ان کا قول مثل بول متصور ہوگا۔ ﴿واعظ غیر مجتهد قولش مثل بولش می باشد در بیان احکام اگر از خود بگوید﴾ (ذخیرۃ المعاد، ص ۱۰۲، طبع لکھنؤ)

دوسرا ادب: ضرورتِ اخلاص

قبل ازیں اخلاص فی العمل کی ضرورت و اہمیت پر بہت کچھ لکھا جا چکا ہے یہاں اس کے اعادہ و تکرار کی حاجت نہیں ہے یہاں تو صرف اجمالی اشارہ کرنا مقصود ہے کہ ہر عبادت کی روح اخلاص ہے لہٰذا مجالس خوان حضرات کے لیے لازم ہے کہ وہ مجالس کو (جو کہ بہترین عبادت ہے) پورے خلوص نیت کے ساتھ پڑھیں۔ اس میں ذاتی نام و نمود کی خواہش، ریا و سمعہ کی آمیزش، تعریف و توصیف کی تمنا اور اپنی برتری اور دوسروں کی تحقیر کا جذبہ یا اس قسم کا کوئی اور نفسی ولولہ کارفرما نہ ہو۔ قبل ازیں ثابت کیا جا چکا ہے کہ فیس مقرر کر کے مجلس پڑھنا بھی روحِ اخلاص کے منافی ہے جس سے اجر و ثواب اکارت ہو جاتا ہے۔

وضاحت

SIBTAIN.COM

ہم واعظین و ذاکرین کی مالی خدمت کرنے کے مخالف نہیں بلکہ اس بات کے حامی ہیں کہ ان کی زیادہ سے زیادہ امداد و اعانت کی جائے تاکہ وہ فکر معاش سے فارغ البال اور مرفہ الحال ہو کر فریضۂ تبلیغ کو بجا لا سکیں۔ بنابریں اگر یہ حضرات خلوص کے ساتھ مجلس پڑھ دیں اور ان کی خدمت میں علی قدر مدار جھم بطور ہدیہ و نذرانہ کم یا زیادہ کچھ پیش کیا جائے تو اس کے جواز میں کوئی کلام نہیں۔ ہمیں اگر اعتراض ہے تو صرف ذکر حسینؑ کی تجارت پر۔ اس کے چک چکاؤ پر رسول بھاؤ پر۔ ظاہر ہے کہ ہدیہ و عطیہ کی صورت اور ہے اور تجارت کی شکل اور۔ و بینهما بون بعید۔

تیسرا ادب: مقتضائے حال کے مطابق گفتگو کرنا

علم معانی و بیان سے معمولی واقفیت رکھنے والے حضرات کے لیے یہ حقیقت کسی دلیل و برہان کی محتاج نہیں ہے کہ مقتضائے حال کے مطابق کلام کرنے کا نام بلاغت ہے۔ بنابریں اہل منبر کو منبر پر ایسے مطالب و مضامین بیان کرنے سے اجتناب کرنا چاہیے جن سے ان کی قابلیت کا اظہار تو ہوتا ہو مگر سامعین کے پلے کچھ نہ پڑے بلکہ ان کو چاہیے کہ سامعین کے ظرفِ فہم و مقدارِ عقل کی وسعت کے مطابق حقائق بیان کریں۔

آنحضرت ﷺ کا ارشاد ہے: ﴿انا معاشر الانبیاء امرنا ان نکلم الناس علی قدر عقولهم﴾ ہم گروہِ انبیاءؑ کو یہ حکم دیا گیا ہے کہ لوگوں کی عقل و فکر کے مطابق گفتگو کریں۔ (بحار الانوار) جناب امیر علیہ السلام اپنی

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

وصیت میں فرماتے ہیں: ﴿یا بنیّ! لا تقل مالا تعلم بل لا تقل کلما تعلم﴾ بیٹا! جس بات کا علم نہ ہو وہ بات نہ کہو بلکہ ہر وہ بات جو تمہیں معلوم ہے وہ بھی نہ کہو۔ (نہج البلاغہ) سچ ہے لیس کلما یعلم یقال ؎

دیتے ہیں بادہ ظرف قدح خوار دیکھ کر

آج کل کچھ لوگ عوامی سٹیج پر ایسے ایسے باریک مطالب بیان کرتے ہیں اور ایسی ایسی علمی موشگافیاں کرتے ہیں کہ سامعین کی اکثریت تو سواد علمی سے بے بہرہ ہونے کی وجہ سے کیا سمجھے گی بلکہ ظن غالب یہ ہے کہ خود بیان کرنے والوں کی بھی مطالب کی گہرائی و گیرائی تک صحیح رسائی نہیں ہوتی اور نہ ہی اپنی بیان کردہ تمام باتوں پر اعتقاد ہوتا ہے بلکہ صرف عنوانِ خطابت کے تحت سب کچھ کیا جاتا ہے اگرچہ سامعین کے عقیدہ و عمل کا بیڑا غرق ہو جائے۔ دوسری طرف کچھ اہل منبر علمی سطح سے ہٹ کر ایسے مبتذل نکات، بودے استدلات، رکیک استنتاجات اور غلط بیانات بیان کرنے کے عادی ہو گئے ہیں کہ عوام کالانعام تو ان باتوں سے ضرور محظوظ ہوتے ہیں اور داد و تحسین کی صدائیں بھی بلند ہوتی ہیں مگر ایک باسمجھ اور بابصیرت انسان سر پیٹ کر رہ جاتا ہے۔ آج حقائق کی جگہ لطائف اور دقائق کی جگہ ظرائف نے لے لی ہے اور اس سے ہماری قوم کی دماغی تربیت استدلالی لحاظ سے ابتر ہوتی جا رہی ہے اور قوائے فکریہ کو برابر مغالطوں کا شکار کیا جا رہا ہے۔ اس طرح قوم سے صحیح غور و فکر کا مادہ ہی سلب ہوتا جا رہا ہے۔ بالخصوص اغیار کی موجودگی میں ہمارے مجالس خوان جب ایسے ہفوات پر اتر آتے ہیں تو اربابِ بصیرت کو نہایت شرمندہ ہونا پڑتا ہے۔ ایسے لوگ قابل انتباہ ہیں۔ و فقنا اللہ لما یحب و یرضٰی۔

چوتھا، پانچواں اور چھٹا ادب: فیس طے کرنے اور غنا سے اجتناب کرنا

اہل منبر کو چاہیے کہ مجلس حسینؑ ایسی مقدس چیز کو اجرت کے طے کرنے، ان میں غنا و موسیقی کا ارتکاب کرنے اور کذب و افتراء کی آلائش سے ملوث کرنے سے مکمل اجتناب کریں۔ ان تمام امور پر قبل ازیں مکمل تبصرہ کیا جا چکا ہے۔ یہاں تو صرف اجتماعی طور پر ان آداب و شرائط کا اجمالی تذکرہ کرنا مقصود ہے۔ و بس۔

ساتواں ادب: حسینیؑ سیرت کا عملی نمونہ پیش کرنا

مجلس خوان حضرات کو چاہیے کہ اپنی سیرت و کردار کی پاکیزگی سے اسوۂ حسینیؑ کا عملی نمونہ پیش کریں۔ اپنی شکل و شمائل اور عادات و خصائل کو شریعتِ مقدسہ کے اصولوں کے مطابق ڈھالیں۔ واجبات کی بجا آوری اور محرمات سے اجتناب کی سختی کے ساتھ پابندی کریں۔ راست گوئی، راست بازی اور خلوص کو اپنا شعار قرار دیں، ایثار کو اپنا شیوہ بنائیں، امر بالمعروف و نہی عن المنکر کے فریضہ کی ادائیگی کو سرمایۂ حیات مستعار قرار دیں تاکہ ذاتی اغراض سے بالا ہو کر خدمتِ دین کر سکیں اور قومی و ملی مفاد کو اپنے ذاتی مفاد پر ترجیح دیں۔ ذکر حسینؑ کو ذریعۂ معاش و سرمایۂ حیات نہ

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

بنائیں۔ لوازم عیش وعشرت سے اجتناب کریں تاکہ مہمانِ کربلا کی سادہ زندگی بیان کرنے والوں کی مہمانداری میں اہل ایمان کو پریشانی نہ ہو۔ نیز ان کو مصائب وآلام کی تکلیف جھیلنے کی عادت ڈالنا چاہیے تاکہ تبلیغ حق کے سلسلہ میں اگر کوئی تکلیف پہنچے تو اسے خندہ پیشانی کے ساتھ برداشت کرسکیں۔ نیز انہیں چاہیے کہ اپنے عمل سے اتفاق واتحاد کی تلقین کریں۔ غرضیکہ سیرتِ حسینؑ کا تذکرہ کرنے والوں کو اپنے عمل وکردار سے لوگوں کو سیرتِ ائمہ اطہار ﷺ کا درس دینا چاہیے۔ اگر اہل منبر میں یہ صفاتِ جلیلہ موجود نہیں ہیں تو پھر وہ اس عزت ومنزلت کے ہرگز مستحق نہیں ہیں جو ان کے جلیل القدر منصب سے وابستہ ہے اور ان کی منبر پر سب ہاؤ ہو اور رونا ورلانا سطحی جذبات کی نمائش ہے جو کوئی قابلِ قدر چیز نہیں ہے۔ ﴿وَلْتَكُنْ مِّنْكُمْ اُمَّةٌ يَّدْعُوْنَ اِلَى الْخَيْرِ وَ يَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَ يَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ﴾

آٹھواں ادب: واعظین کے بیان کا امید وبیم کے درمیان ہونا

اہل منبر کو چاہیے کہ ان کا بیان خوف ورجاء کے بین بین ہو نہ تو اس قدر عذابِ خداوندی سے ڈرائیں کہ لوگ رحمتِ پروردگار سے مایوس ہوجائیں اور نہ ہی رحمتِ حق پر غلط اعتماد کرکے اس قدر ڈھیل دیں کہ لوگ عذابِ خدا سے مامون ومطمئن ہوکر گناہوں پر جری وجسور ہوجائیں۔ حضرت صادق آل محمد علیہ السلام فرماتے ہیں: ﴿الا اخبركم بالفقيه حق الفقيه من لم يقنط الناس من رحمة الله ولم يؤمنهم من عذاب الله﴾ کیا میں تمہیں خبر نہ دوں کہ حقیقی فقیہ اور شریعت دان کون ہے؟ جو نہ تو لوگوں کو رحمتِ حق سے ناامید کرے اور نہ ہی عذابِ خدا سے بے خوف کردے (اصول کافی، صفحہ ۱۹، باب صفۃ العلماء) فلاح کونین کے لیے جس قدر خدا کی رحمتِ کاملہ پر اعتماد کی ضرورت ہے اتنا ہی اس کے عذاب وعقاب سے ڈرنا بھی لازم ہے کیونکہ جہاں وہ غفور ورحیم ہے وہاں جبار وقہار بھی ہے ﴿اِنَّ رَحْمَتَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ مِّنَ الْمُحْسِنِيْنَ﴾ اسی لیے آنحضرت ﷺ کی یہ شان بیان کی گئی ہے کہ وہ بشیر ہونے کے ساتھ ساتھ نذیر بھی تھے ﴿يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا وَّ مُبَشِّرًا وَّ نَذِيْرًا﴾ بہرحال ایک عقل مند اور ہمدردِ قوم مبلغ کی حیثیت ایک ماہر طبیب کی سی ہے اسے چاہیے کہ قوم کی نبض پر ہاتھ رکھے اور جہاں جس قسم کے بیان کی ضرورت ہو اس کے مطابق بشارت یا نذارت کا فریضہ انجام دے مگر افسوس کا مقام ہے کہ اکثر مقررین نے صرف بشارت کو اختیار کرکے نذارت کو بالکل ہی نظر انداز کردیا ہے جس کی وجہ سے ہماری اجتماعی قوتِ عمل پژمردہ ہوگئی ہے اور اس کے باوجود ہر شخص جنت کا ٹھیکیدار نظر آتا ہے۔ ایسے خوش فہم حضرات کو یاد رکھنا چاہیے کہ جنت کے پٹے ایسے ارزاں پڑے نہیں بکتے کہ اس طرح رائیگاں اور مفت میں ہاتھ آجائیں۔ شفاعت برحق ہے اور ضرور ہے مگر ہمارا مسئلہ شفاعت نصرانیوں کی طرح نہیں ہے کہ گناہوں کی گٹھری خدا کے بیٹے کے حوالہ کردی اور خود مطلق

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

الغنان ہوکر جو چاہیں کرتے پھریں۔ خدا کی بارگاہ میں دیر تو ہوسکتی ہے مگر اندھیر نہیں۔ ﴿فَمَنْ يَعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَرَهُ وَمَنْ يَعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَرَهُ﴾

نواں ادب: مبلغین کا معصومینؑ کے فرامین پر اکتفا کرنا

مبلغین کو چاہیے کہ وہ حضرات معصومین ؑ کے ارشادات و فرامین بیان کرنے پر اکتفا کریں اور بغیر شدید ضرورت کے مخالفین کے روایات نقل کرنے سے تا بمقدور اجتناب کریں۔ اصول دین ہوں یا فروع دین بلکہ فضائل ائمہ طاہرین ؑ میں بھی روایات مخالفین پر اعتماد کرنے کی ممانعت وارد ہوئی ہے چنانچہ علامہ مجلسیؒ نے ہفتم بحار الانوار، ص ۴۶۱ پر ایک پورا باب بعنوان "باب النهی عن اخذ فضائلهم من مخالفیهم" منعقد کیا ہے اور پھر ارشادِ معصومین ؑ کی روشنی میں اس مطلب کو ثابت فرمایا ہے اسی طرح حضرت شیخ طوسی علیہ الرحمہ نے عدۃ الاصول ص ۵۳ طبع ایران میں اس مطلب پر فرقۂ محقہ کے اجماع کا دعویٰ فرمایا ہے۔ رجال کشی ص ۲ طبع بمبئی میں بروایت علی بن سوید جناب امام موسیٰ کاظم ؑ سے مروی ہے: ﴿لا تاخذن معالم دینک عن غیر شیعتنا فانک ان تعدیتهم اخذت دینک عن الخائنین﴾ اپنے دین کے معالم و معارف کو شیعیان علیؑ کے علاوہ اور کسی سے حاصل نہ کرنا۔ اگر تم نے ان سے تجاوز کیا تو پھر خیانت کاروں سے دینی معلومات حاصل کرو گے۔

مگر افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ آج ہماری مجالس کچھ اس نہج پر چل رہی ہیں کہ ابتداء سے انتہا تک مخالفین کی کتب تفسیر و حدیث وغیرہ کے حوالہ جات پر مجلس ختم ہوجاتی ہے اور جو لوگ اپنے ہادیانِ دینؑ کے فرامین سننے کے شوق میں شریکِ مجلس ہوتے ہیں ان کے کان قال الباقر ؑ اور قال الصادق ع ☆ کی آواز سننے کے لیے ترستے ہی رہتے ہیں۔ اسی غلط روش کا نتیجہ ہے کہ اپنی مذہبی کتب کا مطالعہ متروک ہوتا جارہا ہے جس کی وجہ سے پڑھنے اور سننے والوں کی اکثریت اپنے صحیح مذہبی معلومات سے تہی دامن نظر آتی ہے۔ مخالفین کی رطب و یابس مطالب سے لبریز کتب کے ناموں سے تو قوم کا بچہ بچہ واقف ہے مگر اپنی کتبِ اربعہ کے بھی انہیں نام معلوم نہیں ہیں، العجب۔ بہرکیف اس روش میں اصلاح کی اشد ضرورت ہے ہاں بوقتِ ضرورت بغرض تائید یا بطور الزام ان کے روایات پیش کرنے میں مقررین کے لیے کوئی حرج نہیں لیکن نہ اس حد تک کہ اسے ہی اصل مقصود بالذات سمجھ لیا جائے۔

دسواں باب: طول ممل و اختصار مخل سے اجتناب کرنا

مبلغین و ذاکرین کو انسانی نفسیات سے بھی واقف ہونا چاہیے تاکہ وہ موقع و محل کی نزاکت کا خیال کرکے طول یا اختصار سے کام لے سکیں۔ بموجب خیر الامور اوساطها بہتر یہ ہے کہ طول ممل اور اختصار مخل ہر دو سے اور بالخصوص طول کلام سے اجتناب کریں۔ جب سننے والوں کا ہنوز اشتیاق باقی ہو تو سلسلۂ کلام بند کردینا چاہیے تاکہ

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

کلام میں زیادہ اثر پیدا ہو۔ اس بات کا لحاظ کرنا اس وقت اور بھی زیادہ مؤکد ہو جاتا ہے جب کہ اور بھی پڑھنے والے موجود ہوں تا کہ ایک کے طول کلام سے دوسروں کی مجلس متاثر نہ ہو۔ اور اس طرح ان کے درمیان باہمی عداوت اور شکر رنجی کے جذبات نہ ابھرنے پائیں۔ ہاں اگر کسی وقت خود سامعین کا اصرار ہو کہ مقرر اپنے بیان کو قدرے طول دے تو یہ اور بات ہے۔ حدیث میں وارد ہے: ﴿القائل اقل ملالةً من المستمع فاذا حدثت فلا تملّ جلسائک﴾ بولنے والا سننے والے کی نسبت کم ملول ہوتا ہے لہٰذا جب کچھ بیان کرو تو (طول کلام سے) سامعین کو ملول نہ کرو۔ بہر حال اہل منبر کو خود نفسیاتی طور پر موقع و محل کی نزاکت کا خیال رکھنا چاہیے۔ و لکل مقام مقال۔

واعظ میں کن صفات کا ہونا ضروری ہے

اس سلسلہ کے اختتام پر حضرت صادق آل محمد علیہ السلام کی ایک حدیث پیش کر دینا فائدہ سے خالی نہیں ہے جس میں آنجنابؑ نے واعظین کے چند اہم صفات جلیلہ کا تذکرہ فرمایا ہے جس سے مذکورہ بالا حقائق کی تائید مزید ہوتی ہے۔ ارشاد فرماتے ہیں: ﴿من لم ینسلخ من هواجسه ولم یتخلّص من آفات نفسه و شهواته ولم یهزم الشیطان ولم یدخل فی کنف الله و امان عصمته لم یصلح للامر بالمعروف و النهی عن المنکر لانه اذا لم یکن بهذه الصفة فکل ما اظهر یکون حجة علیه ولا ینتفع الناس به قال الله تعالیٰ اتأمرون الناس بالبر و تنسون انفسکم و یقال له یا خائن اتطالب خلقی بما خنت به نفسک و ارخیت عنانک﴾ کوئی بھی شخص جب تک اپنے وساوس نفسانیہ اور اس کے آفات و شہوات سے گلو خلاصی نہ کرا لے اور شیطان کو شکست دے کر خدا کی پناہ گاہ اور امان میں داخل نہ ہو جائے اس وقت تک امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کرنے کی صلاحیت نہیں رکھتا کیونکہ وہ جب تک ان صفات کا حامل نہ ہوگا تو جو کچھ کہے گا وہ اس کے برخلاف اتمام حجت ہوگا اور لوگ اس سے فائدہ بھی حاصل نہیں کر سکیں گے خدا فرماتا ہے: کیا تم لوگوں کو نیکی کا حکم دیتے ہو اور اپنے آپ کو فراموش کر دیتے ہو نیز اس سے (منجانب اللہ) یہ کہا جاتا ہے او خائن! تو میری مخلوق سے ان امور کی بجا آوری کا مطالبہ کرتا ہے جن میں خود خیانت مجرمانہ کرتا ہے اور اپنے نفس کی لگام ڈھیلی چھوڑتا ہے۔ و نعم ما قیل لا تنهه عن خلق و تاتی مثلة عار علیک اذا فعلت عظیم۔

بانیانِ مجالس اور سامعین کرام کے دہ گانہ وظائف کا بیان

یہ امر کسی دلیل کا محتاج نہیں ہے کہ ہر کام کی انجام دہی کے کچھ مخصوص قواعد و ضوابط ہوتے ہیں اگر ان کو نظر انداز کر دیا جائے تو وہ کام ناتمام رہتا ہے اسی طرح مجالس عزا کے انعقاد و استماع اور ان سے مطلوبہ فوائد حاصل کرنے کے بھی کچھ قواعد ہیں جن کا ملحوظ رکھنا ضروری ہے ورنہ یہ عمل خیر بے کیف اور جسد بلا روح ہو کر رہ جائے گا ہم ذیل میں

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

صرف دس اہم وظائف کا تذکرہ کرتے ہیں۔

پہلا وظیفہ: خلوصِ نیت

اس موضوع پر قبل ازیں کافی تبصرہ کیا جا چکا ہے کہ کوئی بھی عبادت اس وقت تک عبادت ہی نہیں ہوتی جب تک اس میں اخلاص نہ ہو اور اخلاص ہی عبادت کی روح اور اس کا حقیقی جوہر ہے اگر اس کا فقدان ہو تو وہ عمل صالح بجائے شرفِ قبولیت حاصل کرنے کے الٹا عامل کے لیے باعث وزر و وبال بن جائے گا لہٰذا اگر بانی اور سامع مجالس عزاء کے انعقاد و استماع کو عبادت سمجھتے ہیں تو ان کو خلوص نیت سے ان میں حصہ لینا لازم ہے۔

دوسرا وظیفہ: جہاں غیر شرعی امور کا ارتکاب ہو وہاں شرکت نہ کرنا

جن مجالس میں غیر شرعی امور مثل کذب و افتراء علی المعصومین، ہجو مومنین اور غنا و سرود وغیرہ کا ارتکاب ہوتا ہو بانیوں کو ان میں حصہ لینے اور سامعین کو اس میں شرکت کرنے سے اجتناب کرنا ضروری ہے بشرطیکہ اصلاح احوال سے قاصر ہوں ورنہ پہلے اصلاح کی کوشش کرنا مقدم ہے۔ ارشاد قدرت ہے: ﴿وَ قَدْ نَزَّلَ عَلَيْكُمْ فِي الْكِتٰبِ اَنْ اِذَا سَمِعْتُمْ اٰيٰتِ اللّٰهِ يُكْفَرُ بِهَا وَ يُسْتَهْزَاُ بِهَا فَلَا تَقْعُدُوْا مَعَهُمْ حَتّٰى يَخُوْضُوْا فِيْ حَدِيْثٍ غَيْرِهٖٓ اِنَّكُمْ اِذًا مِّثْلُهُمْ﴾ (سورۂ نساء، آیت ۱۴۰) اور وہ تم پر کتاب میں یہ حکم نازل کر چکا ہے کہ جس وقت تم یہ سنو کہ خدا کی آیتوں کا انکار کیا جاتا ہے یا ان کی ہنسی اڑائی جاتی ہے تو تم ان لوگوں کے پاس مت بیٹھو جب تک کہ وہ کسی اور معاملہ میں گفتگو نہ شروع کریں ورنہ تم بھی اس صورت میں (کفر میں) انہیں کے مانند ہو جاؤ گے۔

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے کہ غلط کار لوگوں کو پہلے تو وعظ و نصیحت کے ذریعہ سے ان حرکات سے باز رکھنے کی کوشش کرو اور اگر تمہاری کوشش بار آور نہ ہو تو پھر ان کی ہمنشینی سے اجتناب کرو۔ (کبریت احمر) امالی شیخ مفید علیہ الرحمۃ میں حضرت امام رضا علیہ السلام سے ایک طویل حدیث منقول ہے جس میں مذکور ہے کہ آنجناب نے سلیمان جعفری کے والد کو ایک بدعقیدہ شخص عبدالرحمٰن بن یعقوب کی ہمنشینی پر ٹوکا اور فرمایا کہ اگر اس کی ہمنشینی اختیار کرنا ہے تو ہماری صحبت چھوڑ دو۔ اس کے اس عرض کرنے پر کہ وہ اس کا ہم عقیدہ تو نہیں ہے! پھر کیا حرج ہے؟ فرمایا: کیا تمہیں یہ اندیشہ نہیں ہے کہ اس پر عذاب خدا نازل ہو اور سب اہل بزم کو اپنی لپیٹ میں لے لے پھر امام نے ایک اسرائیلی مومن کا تذکرہ فرمایا جو غرق فرعون کے وقت اپنے کافر باپ کی ہمنشینی کی وجہ سے غرق ہو گیا تھا۔ ﴿لان البلاء اذا ینزل یعم. ولم یکن له عمن قارب المذنب دفاع﴾ قبل ازیں بھی اس سلسلہ میں بعض اعلام کا فتویٰ نقل کیا جا چکا ہے کہ جو پڑھنے والا غلط و صحیح روایات اور غث و سمین واقعات میں تمیز کرنے کی نہ خود اہلیت رکھتا ہو اور نہ ہی علماء اعلام کا فتویٰ کی طرف سے مجاز ہو تو اس کی مجلس خوانی میں شمولیت جائز نہیں ہے۔ واللہ الموفق۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

سرکار علامہ سید علی الحائری مجتہد پنجاب، اس سوال کہ "جن مجالس عزا میں بعض خلاف شرع امور کا ارتکاب ہوتا ہو مثلاً موضوعہ اور غلط روایات بیان کی جاتی ہوں یا راگ میں سوز خوانی ہوتی ہو۔ ڈھول تاشہ بجتا ہو۔ ایسی مجالس میں شریک ہونا جائز ہے؟ یا معصیت؟ بینوا توجروا، کے جواب میں تحریر فرماتے ہیں: "مذکورہ باتیں فی الواقع خلاف شرع ہیں اور مجالس عزا ایسے غیر مشروع باتوں سے مبرا ہونی چاہیں ورنہ جن مجالس میں ایسے خلاف شرع امور کا ارتکاب ہوتا ہو ان میں شرکت کرنا یقیناً خلاف شرع ہے" وھو العالم"

(رسالہ الحافظ لاہور، ج ۲، نمبر ۵، بابت ماہ جولائی ۱۹۲۶ء، بمطابق محرم ۱۳۴۵ھ)

تیسرا وظیفہ: مجلس میں دنیوی خیالات سے فارغ ہو کر شریک ہونا

جب مؤمنین کرام مجلس عزا میں شریک ہوں تو لازم ہے کہ دنیا و مافیہا سے غافل اور تمام خیالات سے فارغ القلب ہوں اور قائل کی گفتگو کو پوری توجہ سے سماعت کریں تا کہ گوہر مقصود ہاتھ آ سکے۔ ارشاد قدرت ہے: ﴿فَبَشِّرْ عِبَادِ الَّذِيْنَ يَسْتَمِعُوْنَ الْقَوْلَ فَيَتَّبِعُوْنَ اَحْسَنَهٗ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ هَدٰهُمُ اللّٰهُ وَ اُولٰٓئِكَ هُمْ اُولُوا الْاَلْبَابِ﴾ (سورۂ زمر، آیت ۱۸/۱۷) پس تم میرے ان بندوں کو جو بات کو غور سے سنتے رہے اور ان میں سب سے بہتر کی پیروی کرتے رہے یہ خوشخبری سنا دو وہی ہیں جن کو خدائے تعالیٰ نے ہدایت فرمائی اور وہی عقلمند ہیں۔ ایک شخص نے جناب رسول خدا ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا کہ علم کیا ہے؟ آپ نے فرمایا: خاموشی اختیار کرنا۔ سائل نے کہا: پھر کیا ہے؟ فرمایا: توجہ سے سننا۔ عرض کیا: پھر کیا؟ فرمایا: یاد کرنا۔ عرض کیا: پھر کیا؟ فرمایا: اس پر عمل کرنا۔ عرض کیا: پھر کیا؟ فرمایا: اس کی نشر و اشاعت کرنا (منیۃ المرید شہید ثانی") دیکھا آپ نے کہ آنحضرت نے تحصیل علم کے طریق ثلاثہ بیان کرنے کے بعد چوتھے مرتبہ پر اپنی اصلاح احوال اور آخر میں پانچویں مقام پر دوسرے بنی نوع انسان کی اصلاح کا بیڑا اٹھانے کا ذکر فرمایا ہے مگر آج منبر کے اجارہ داروں کی اکثریت کے پاس نہ علم ہے اور نہ ہی عمل مگر اصلاح قوم اور تبلیغ دین کا درد آرام سے بیٹھنے نہیں دیتا ؎

ہر صبح سفر ہر شام سفر

ایسے ہی لوگوں پر یہ مثل صادق آتی ہے کہ خود میاں فضیحت و دیگراں را نصیحت۔ ﴿فواعجباً من اغلب اهل المنبر لا يفرقون بين الهر و البر ولا يطالعون الزبر المعتبرة ولا يتاملون فيها و يعرجون على عرشتها العالية كانهم اباء سحبان ولا يستحيون من احد فيما يقولون فياتون بما يشاؤن من مزخرفات و ريب المنون. اعاذنا الله و اياهم من هذه السجية فانها مهلكة و خلاصة المرام انه لا بد لهم اولا من تصحيح مباديه على ما هي عليها ثم رعاية ادابه ثم التخلق بالاخلاق الحميدة و

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

التحلی بالفضائل و التعری عن الرذائل بعد ما اطاعوا اللہ فی حلالہ و حرامہ الذی ھو التقوی و قال تعالیٰ انما یتقبل اللہ من المتقین﴾ (لولوۃ الغایۃ)

چوتھا وظیفہ: مجالس میں شرکت سے ذاتی ترفع کا مانع نہ ہونا

بالعموم یہ دیکھا جاتا ہے کہ جب غرباء کے ہاں مجلس عزاء ہو یا پڑھنے والا کم علم ہو تو مالدار اور علماء ذی وقار اس مجلس میں شمولیت کرنا اپنے لیے کسر شان کا باعث سمجھتے ہیں حالانکہ شرعاً ان کا یہ فعل سخت مذموم ہے سید الشہداء علیہ السلام کی مجلس عزا میں شمولیت کرنے سے کسی قسم کا مالی یا علمی ترفع و تکبر مانع نہیں ہونا چاہیے کیونکہ علاوہ اس کے کہ بعض اوقات انسان اپنے سے کم علم و فضل رکھنے والے حضرات سے بھی علمی استفادہ کر لیتا ہے اس میں تواضع و فروتنی کی صفت جلیلہ پائی جاتی ہے۔ تواضع کرنے والوں کو خداوند عالم سربلندی عطا فرماتا ہے اور شرکت نہ کرنے میں تکبر جیسی مذموم صفت کا اظہار ہوتا ہے اور خدا تکبر کرنے والوں کو ناپسند کرتا ہے اور ان کو ذلیل کرتا ہے جیسا کہ حدیث نبوی میں وارد ہے: ﴿ما تواضع احد للہ الا رفعہ اللہ وما تکبر احد الا وضعہ اللہ﴾ (امالی الاخبار) حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں: ﴿لا یدخل الجنۃ من کان فی قلبہ مثقال ذرۃ من الکبر﴾ جس شخص کے دل میں ذرہ بھر بھی تکبر ہوگا وہ داخل جنت نہیں ہو سکے گا۔ ﴿اِنَّ اللّٰہَ لَا یُحِبُّ الْمُتَکَبِّرِیْنَ﴾ جب وہ بزرگوار جو علت غائی ممکنات تھے غریبوں کے پاس اٹھنے بیٹھنے میں عار محسوس نہیں فرماتے تھے تو ہمارے امراء غرباء کے ہاں آنے جانے میں کیوں اپنی توہین سمجھتے ہیں؟ ذرا اس واقعہ کا تصور کرو جب حضرت امام حسین علیہ السلام چند فقراء کے پاس سے گزرے جو بیٹھے کھا رہے تھے۔ امام نے ان پر سلام کیا۔ انہوں نے جواب سلام کے بعد دعوت شرکت دی۔ امام سواری سے اتر کر ان کے پاس بیٹھ گئے مگر روزہ (اور بروایتے طعام صدقہ ہونے) کا عذر کر کے شمولیت سے معذوری ظاہر فرمائی پھر ان مساکین کو اپنے ہاں دعوت دی اور ان کو پر تکلف ضیافت دی اور بوقت رخصت ہر ایک مسکین کو چند درہم بھی مرحمت فرمائے۔ (عاشر بحار وغیرہ)

مگر افسوس آج انہی امام کے نام پر غرباء کے ہاں منعقد ہونے والی مجالس میں نہ صرف یہ کہ امراء شرکت کرنا اپنی سبکی سمجھتے ہیں بلکہ خود پڑھنے والوں کی اکثریت بھی ان کے ہاں مجلس پڑھنے سے پہلو تہی کرتی ہے اور کنی کتراتی ہے اور اگر حسن اتفاق سے کوئی تاریخ خالی ہو اور ان کے اصرار پر وعدہ کر بھی لیں تو اگر اسی اثنا میں کسی امیر کے ہاں سے دعوت نامہ موصول ہو جائے تو سابقہ عہد و پیمان کو طاق نسیان پر رکھ کر نئی دعوت پر چلے جاتے ہیں اور غریب مومن کی دل شکنی، اپنی وعدہ شکنی اور مومن کی پسپائی کے ساتھ اپنی رسوائی کی ذرہ بھی پروا نہیں کرتے۔ ﴿وَکَانَ عَھْدُ اللّٰہِ مَسْئُوْلًا﴾ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کے ارشاد کے مطابق ایسے ہی لوگوں نے جہنم کا تیسرا

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

طبقہ پُر کرنا ہے ﴿ومن العلماء من یری ان یضع العلم عند ذوی الثروۃ و الشرف ولا یری لہ فی المساکین و الضعفاء فذلک فی الدرک الثالث من النار﴾ بعض اہل علم ایسے ہوتے ہیں جو اپنے علم سے صرف مالداروں کو فائدہ پہنچاتے ہیں لیکن غرباء و مساکین کو اس سے کچھ حصہ نہیں دینا چاہتے ایسے لوگ جہنم کے تیسرے طبقہ میں ہوں گے۔ (خصال شیخ صدوقؒ) بہرحال ایسا کرنے والوں کو احکم الحاکمین کی بارگاہ میں جوابدہی کے لیے تیار رہنا چاہیے ﴿وَ هُوَ اَحْكَمُ الْحَاكِمِيْنَ. تِلْكَ الدَّارُ الْاٰخِرَةُ نَجْعَلُهَا لِلَّذِيْنَ لَا يُرِيْدُوْنَ عُلُوًّا فِي الْاَرْضِ وَلَا فَسَادًا وَ الْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِيْنَ﴾

پانچواں وظیفہ: بطور سوگوار شریک مجلس ہونا

کچھ کمزور ایمان والے لوگ لباس فاخرہ زیب تن کر کے بڑے ٹھاٹھ باٹھ کے ساتھ مجالس میں شرکت کرتے ہیں ان کا یہ رویہ قابل نفرین ہے۔ مجالس عزا میں اس طرح ادب و احترام اور اس حال میں شامل ہونا چاہیے کہ ان کی شکل و صورت سے ان کا سوگوار ہونا ظاہر ہوتا ہو۔ وہاں شور و شغب، گالی گلوچ، شکوہ و شکایت بلکہ تمام منافیٔ احترام باتوں سے مکمل اجتناب کرنا چاہیے اور پورے سکینہ و وقار کے ساتھ مجالس کا انعقاد و استماع عمل میں لانا چاہیے۔ ایسا نہ ہو کہ کہیں ان کے حسنات سیئات بن جائیں جیسا کہ آیت مبارکہ ﴿وَ بَدَا لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مَا لَمْ يَكُوْنُوْا يَحْتَسِبُوْنَ﴾ کی تفسیر میں آنحضرت ﷺ سے مروی ہے فرمایا: ﴿هی اعمال حسبوها حسنات فوجدوها فی کفة السیئات﴾ اس سے مراد وہ اعمال ہیں جن کو یہ لوگ نیکیاں خیال کرتے تھے لیکن انجام کار انہوں نے ان کو برائیوں کے پلڑے میں پایا۔ (تفسیر برہان) بھلا وہ بدبخت نام نہاد مومنین و مومنات جن کی نظریں مجلس پڑھنے والے کی بجائے نامحرم و نامحرمات کا نظارہ کرنے میں لگی ہوئی ہوں اور جن کی توجہ فضائل و مصائب سننے کی بجائے اپنے جسم و لباس کی بناوٹ و سجاوٹ کی نوک پلک سنوارنے پر ہو، جن کی ظاہری وضع قطع سے یہ ظاہر ہوتا ہو کہ کسی میلۂ مسرت میں شریک ہیں (معاذ اللہ) نہ مجلس عزا میں اور وہ بانیان و بانیات مجالس جو خلاف شرع طریقہ سے کمائے ہوئے روپیہ سے مجلس منعقد کریں۔ آیا وہ بھی اس عمل کی قبولیت کی امید کر سکتے ہیں؟ اور اسے بخشش گناہان کا ذریعہ قرار دے سکتے ہیں؟ آیا اس روش و رفتار سے والدۂ حسینؑ راضی ہو سکتی ہیں؟ حاشا و کلا ؎

عشرت کنیم تعزیہ اش نہیم نام　　حاشا کہ رسم و راہ محبت چنیں بود

اس سے بھی زیادہ رونے کا مقام تو یہ ہے کہ جہاں منبر رسولؐ اور حسینی اسٹیج پر جانے والے بعض نالائقوں کی یہ حالت ہو کہ عین عشرۂ محرم میں بجائے وعظ یا ذاکر حسینؑ معلوم ہونے کے اپنی شکل و صورت اور وضع قطع سے کسی تھیٹر کے ایکٹر معلوم ہوتے ہوں وہاں اگر سامعین اور بانیین ایسے نہیں ہوں گے تو اور کیسے ہوں گے؟ و زیر چنیں

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

شہریارِ چناں ۔خدا کرے پڑھنے اور پڑھانے والوں کو اپنے فرائض کا احساس ہو اور پھر ان سے سبکدوش ہونے کا جذبہ بھی پیدا ہو کیونکہ صورتِ حال کے بگاڑ میں دونوں برابر کے شریک ہیں۔

چھٹا وظیفہ: بحالتِ نجاست شاملِ مجالس نہ ہونا

بہتر ہے کہ پڑھنے اور پڑھانے والے باطہارت ہو کر شریکِ مجلس ہوں اور اگر مجلس کسی مسجد میں ہے تو پھر تو جب وحائض کی اس طرح شمولیت کہ جس سے مسجد میں داخل ہونا لازم آئے حرام ہے اور بنابر احتیاط مشاہد مقدسہ کا بھی یہی حکم ہے۔

ساتواں وظیفہ بکاء یا تباکی کرنا

چونکہ مقربانِ بارگاہِ خدا کے مصائب پر اشکِ غم بہانا اجر وثواب بے حساب کا باعث ہے اس لیے تمام معصومین علیہم السلام کے بالعموم اور امام الشہداء علیہ السلام کے مصائب پر بالخصوص دل کھول کر گریہ و بکا کرنا چاہیے اور اگر کسی وقت سوئے اتفاق سے گریہ نہ آئے تو کم از کم صدق دل سے رونے والوں کی شکل ضرور بنائیں تاکہ عنایات الٰہیہ میں شامل حال ہو سکیں یہ بات بہت ہی معیوب ہے کہ ذکر مصائب ہو رہا ہو اور کوئی شخص سنگدلانہ قسم کی سنجیدگی کے ساتھ چپ چاپ بیٹھا رہے۔ یہ قساوتِ قلب کی علامت ہے اور قسی القلب شخص رحمتِ پروردگار سے بعید ہوتا ہے یہ بات علم الاخلاق میں مبرہن ہو چکی ہے کہ بعض اخلاق جبلی ہوتے ہیں اور بعض کسبی۔ روایات سے بھی اس کی تائید مزید ہوتی ہے۔ جناب امیر علیہ السلام فرماتے ہیں: ﴿ان لم تکن حلیما فتحلم﴾ اگر تم حلیم و بردبار نہیں ہو تو بزور و تکلف حلیم بنو۔ دوسری حدیث میں یوں وارد ہے: ﴿من لم یتحلم لم یحلم (الدرر و الغرر للامدی)﴾ جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں: ﴿یا اباذرؓ! من استطاع ان یبکی فلیبک ومن لم یستطع فلیشعر قلبه الحزن و لیتباکی ان القلب القاسی بعید من الله ولکن لا یشعرون﴾ اے ابوذرؓ! جو شخص رو سکتا ہے وہ تو روئے اور جو نہیں رو سکتا وہ اپنے دل میں حزن پیدا کرے اور رونے کی شکل وصورت بنائے کیونکہ سخت دل خدا سے دور ہوتا ہے لیکن ایسے لوگوں کو اس کا شعور نہیں ہوتا۔ (مکارم الاخلاق)

بہر حال تباکی کرنے سے بالآخر بکاء کا ملکہ پیدا ہو جائے گا۔

آٹھواں وظیفہ: عزاخانہ کو سادہ رکھنا

عام لوگ عزاخانوں کی زیبائش و آرائش میں غیر معمولی دلچسپی لیتے ہیں اور بڑے تکلفات کرتے ہیں حالانکہ عزاخانہ کو ایسا سادہ ہونا چاہیے کہ اس کی ظاہری ہیئت سے ہی حزن وملال کے آثار نمودار ہوں اور شریکِ مجلس ہونے والوں پر خود بخود رنج والم کے علامات ظاہر ہوں۔ ایسا نہ ہو کہ اس کی زیبائش و آرائش کے جلوے دیکھ کر الٹا دنیوی

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

زخارف کی طرف رغبت پیدا ہو۔ بہر حال ہمیشہ اس بات کو پیش نگاہ رکھنا چاہیے کہ وہ مجلس گاہ ہے نہ آرائشگاہ۔ یہ محل حزن و ملال ہے نہ مقام جمال و جلال۔ یہاں جناب رسول خدا ﷺ اور ائمہ ہدیٰ ؑ کو پرسا دینا مقصود ہے نہ کہ اپنے عز و وقار کا اظہار ہاں البتہ اگر محافل میلاد پر قدرے تزئین و آرائش کر لی جائے تو اس میں کوئی قباحت نہیں بلکہ یہ امر مستحسن ہے بشرطیکہ اسراف کی حد تک نہ پہنچے اور نہ ہی کسی اور ممنوع امر کا ارتکاب کیا جائے۔

نواں وظیفہ: مجالس میں کچھ شیرینی تقسیم کرنا

مجالس و محافل میں حسب توفیق کچھ نہ کچھ شیرینی ضرور تقسیم کرنا چاہیے کیونکہ ایسا کرنا علاوہ اس کے اجر و ثواب کثیر کا باعث ہے جیسا کہ بعض احادیث قدسیہ میں وارد ہے کہ ﴿و ما من عبد انفق فی محبة ابن بنت نبیه طعاماً و غیر ذلک درهما الا و بارکت له فی دار الدنیا الدرهم بسبعین درهماً و کان معافاً فی الجنة و غفرت له ذنوبه﴾ جو شخص اپنے نبی کی دختر کے فرزند (امام حسین ؑ) کی محبت میں کچھ طعام وغیرہ یا ایک درہم بھی خرچ کرے گا۔ میں اسے دار دنیا میں اس ایک درہم کے بدلے ستر درہم کی برکت دوں گا اور عافیت کے ساتھ جنت میں داخل ہوگا اور میں اس کے گناہ بھی معاف کر دوں گا۔ (لولو و مرجان، صفحہ ۴۰)

یہ امر بعض وجوہ کی بنا پر مذہب حق کی ترقی و ترویج کا سبب بھی ہے۔ عامۃ الناس اور بعض حقائق نا آشنا لوگ محض شیرینی کے لالچ میں شریک ہو جاتے ہیں اس ذریعہ سے جب کلمہ حق ان کے گوش گزار ہوتا ہے تو بالآخر مذہب حق قبول کر لیتے ہیں جیسا کہ تجربہ شاہد ہے۔

SIBTAIN.COM
Presented By: www.jafrilibrary.com

دسواں وظیفہ: اسوۂ حسینی ؑ کی تأسی کرنا

اس میں کوئی شک نہیں کہ ساتویں وظیفہ میں اور اس سے قبل بھی بیان کیا جا چکا ہے کہ مصائب سید الشہداء ؑ میں رونا اور رلانا کار ثواب اور باعث اجر بے حساب ہے لیکن یہ بات بھی اظہر من الشمس ہے کہ حسینی شہادت ایسے عظیم الشان واقعہ کی اصل غرض و غایت صرف رونا اور رلانا قرار دینا درست نہیں ہے اور نہ ہی مجالس عزاء کے انعقاد کا اصل مقصد فقط رونے اور رلانے کے اسباب جمع کرنا ہے۔ ایسا خیال حسینی ؑ شہادت کبریٰ کی لطافتوں اور نزاکتوں کو بے اعتنائی کی آماجگاہ بنانے کے مترادف ہے بلکہ حقیقت یہ ہے کہ یہ گریہ و بکاء سرکار شہادت کی شہادت عظمیٰ کی اصل غرض و غایت کی نشر و اشاعت اور اس کے پرچار کا ایک مؤثر ذریعہ اور آلہ ہے۔ ان آداب و وظائف سے جو سب سے اہم وظیفہ ہے وہ یہ ہے کہ بانیان کرام اور سامعین عظام کو اسوۂ حسینی ؑ کی تقلید و تأسی کرنا چاہیے اور اپنے عمل و کردار سے اپنے حسینی ؑ ہونے کا عملی ثبوت فراہم کرنا چاہیے۔ یہ مجالس عزاء حسینی ؑ شہادت کے اعلیٰ و ارفع مقاصد کی نشر و اشاعت کا مفید ترین ذریعہ ہیں۔ ان میں فضائل و مصائب کے ساتھ ساتھ اصول و فروع دین اور

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

سیرت معصومین علیہم السلام کا تذکرہ بھی موجودہ دور کے تقاضوں کے مطابق سائنٹیفک طریقوں سے کرنا چاہیے اور حسینی شہادت عظمیٰ کے مقصد کی تکمیل کا بہترین طریقہ یہ ہے کہ اقوام عالم کے سامنے اپنے عمل و کردار سے شریعت مقدسہ کے اصولوں کا عملی نمونہ پیش کر کے اس کی صداقت کا عملی اعلان کریں تا کہ دنیا ہمارے کردار کی بلندی کو دیکھ کر آل محمدؐ کی عصمت و طہارت کا اقرار کرنے پر مجبور ہو جائے کہ جن کے نام لیوا ایسے بلند کردار اور پاکیزہ سیرت کے مالک ہیں ان کے پیشوا کس قدر عظیم الشان انسان ہوں گے۔

دعا ہے کہ خداوند عالم قوم میں صحیح شعور پیدا کرے تا کہ وہ تمام عبادات کو بالعموم اور مجالس و محافل کو بالخصوص شریعت مطہرہ کے قواعد و قوانین کے مطابق بجالا کر خوشنودیٔ خدا و رسولؐ اور آل رسولؐ کا پروانہ اور دین و دنیا میں سرخروئی کا تمغہ حاصل کر سکیں۔

این دعا از من و از جملہ جہاں آمین باد

کچھ موجودہ کتاب کے بارے میں

ارباب عقل و اطلاع پر یہ حقیقت مخفی و مستور نہیں ہے کہ تاریخ اسلام بلکہ پوری تاریخ عالم میں واقعۂ کربلا سے زیادہ عظیم کوئی اور واقعہ رونما نہیں ہوا اور یہ کہ عالم اسلام کی بقا بلکہ پورے عالم انسانیت کی نجاح و فلاح پر جو گہرے نقوش سانحۂ کربلا نے چھوڑے ہیں اتنے کسی اور واقعہ نے نہیں چھوڑے۔ آج اسلام کے اندر زندگی کے جو آثار اور انسانیت کے اندر حیات کے جو رمق نظر آ رہے ہیں یہ سب شہید انسانیت کے عظیم جہاد کا ہی ثمرہ و نتیجہ ہے۔

بہر حق در خاک و خون غلطیدہ است　　پس بنائے لا الٰہ گردیدہ است

یہ حقیقت بھی محتاج دلیل نہیں ہے کہ جو واقعہ جس قدر عظیم ہوتا ہے اسی قدر اغراض فاسدہ رکھنے والے لوگوں کو اس میں رنگ بھرنے کے زیادہ مواقع میسر آتے ہیں اور وہ اصل حقیقت پر پردہ ڈالنے کے لیے اس میں کچھ اس طرح رطب و یابس کو گڈمڈ کر دیتے ہیں کہ تلاش حق کرنے والوں کے لیے حق و حقیقت کے نقوش دھندلے پڑ جاتے ہیں۔ بالخصوص جب وہ واقعہ ایسا ہو کہ اس سے کسی گروہ کی مذہبی موت واقع ہوتی ہو۔ اس صورت میں وہ ہمیشہ ایسے مواقع کی تلاش میں رہتے ہیں کہ کوئی غیر مستند روایت یا غیر معتبر واقعہ مل جائے تو اس کا سہارا لے کر پورے واقعہ کو لوگوں کی نظروں میں مشکوک و مشتبہ بنا دیں۔ جب بھی عقائد یا تاریخی واقعیت و حقیقت کی جگہ تعصب و جنبہ داری لے لے تو اس کے یہی نتائج برآمد ہوتے ہیں۔

واقعۂ کربلا تو کئی صدیوں تک ایسے حالات میں گھرا رہا کہ حکومتیں اسے انظار عامہ میں سبک کرنے بلکہ اسے انسانی اذہان سے محو کرنے کے لیے ایڑی چوٹی کا زور لگاتی رہیں اور اب تک دشمنان حسینیتؑ یہی سعی نافرجام کر رہے

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

ہیں۔ ﴿یُرِیْدُوْنَ لِیُطْفِئُوْا نُوْرَ اللّٰہِ بِاَفْوَاھِھِمْ وَ اللّٰہُ مُتِمُّ نُوْرِہٖ وَلَوْ کَرِہَ الْکٰفِرُوْنَ﴾

یہ اور بات ہے کہ ہمیشہ خداوند عالم اپنے دستِ قدرت سے شمع حسینیؑ کے جانباز پروانوں (علماءِ حق) کے ذریعہ ان لوگوں کے عزائم مشئومہ کو خاک میں ملاتا رہا ہے، ملا رہا ہے اور ملاتا رہے گا انشاء اللہ ؎

نور خدا ہے کفر کی حرکت پہ خندہ زن　　پھونکوں سے یہ چراغ بجھایا نہ جائے گا

چنانچہ تاریخ اس بات کی گواہ ہے کہ جس دور میں بھی کسی دشمن حسینؑ وحسینیت نے واقعۂ کربلا کی اہمیت کو کم کرنے کی ناپاک جسارت کی تو اربابِ حق نے فوراً اس کا نوٹس لیا اور حقائق کو اس طرح واضح واجاگر کیا کہ انکار وشک کے تمام دروازے بند کر دیئے۔ سنہ ۶۱ھ سے لے کر اب تک واقعۂ کربلا پر جس قدر لکھا جا چکا ہے تاریخ میں اس کی کوئی مثال نہیں ملتی۔

عہد ائمہؑ سے لے کر شیخ صدوقؒ ومفیدؒ تک اور ان سے لے کر علامہ مجلسیؒ تک اور علامہ موصوف سے لے کر علامہ شیخ جعفر شوستریؒ تک اور ان کے بعد آج تک برابر تمام علمائے اعلام نے اس واقعۂ ہائلہ کو ہمیشہ اپنی اپنی توجہاتِ خاصہ کا مرکز بنائے رکھا ہے اور اپنی تالیفاتِ قیمہ سے اس کی افادیت کو چار چاند لگائے ہیں۔

اس طرح عربی وفارسی کا دامن تو واقعۂ کربلا پر لکھی گئی مستند کتبِ مقاتل سے لبریز نظر آتا ہے لیکن اردو زبان میں اس موضوع پر بہت کچھ لکھے جانے کے باوجود اگر بنظرِ تحقیق دیکھا جائے تو غیر معتبر وغیر مستند کتب کے بالمقابل معتبر ومستند کتب کی تعداد آٹے میں نمک کے برابر بھی نہیں نظر آتی۔ اس پر مستزاد یہ کہ ہمارے بعض غیر ذمہ دار واعظین وذاکرین نے بکاء وابکاء کے حرص، عوام الناس سے دادِ تحسین وآفرین حاصل کرنے کے شوق اور اپنے ہم پیشہ لوگوں سے گوئے سبقت لے جانے کے ذوق کی وجہ سے حقائق کو بالکل مسخ کر کے رکھ دیا بلکہ انہیں از خود واقعات اختراع پر آمادہ کیا جس کا نتیجہ یہ نکلا کہ اصل واقعات کا حلیہ بگڑ گیا اور اصل حقائق رفتہ رفتہ آنکھوں سے اوجھل ہو گئے (الا ماشاء اللہ) جس کا نتیجہ یہ ہے کہ اب اگر کوئی غیر جانبدار آدمی اردو میں لکھی ہوئی عام مجالس یا پنجابی میں لکھے ہوئے مجموعوں سے اصل حقیقت کا سراغ لگانا چاہے تو بالآخر تھک ہار کر یہ کہنے پر مجبور ہو جاتا ہے کہ ؎

شد پریشاں خوابِ من از کثرتِ تعبیر ہا

اس میں کوئی شک نہیں کہ اردو زبان میں اس موضوع میں بعض محققانہ انداز میں لکھی ہوئی کتب بھی موجود ہیں جیسے شہیدِ انسانیت مجاہد اعظم وغیرہ مگر ان میں نقص یہ ہے کہ وہ اس انداز سے لکھی گئی ہیں کہ ایک واعظ یا ذاکر ان کو پیش نظر رکھ کر کامیاب مجلس نہیں پڑھ سکتا کیونکہ ان کے فاضل مصنفین کا یہ مطمع نظر ہی نہیں تھا۔

ان حالات کے پیش نظر، میں کافی عرصہ سے اس فکر میں تھا کہ اس موضوع پر ایک جامع اور مستند کتاب

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

ابنائے ملک وملت کے سامنے پیش کی جائے جس میں واقعات کربلا کو از ابتدا تا انتہا اپنے حقیقی خدوخال، اصلی آب و تاب اور واقعی شان وشکوہ کے ساتھ بیان کیا جائے اور اس سانحۂ کبریٰ کے تمام علل واسباب اور اس کے جملہ نتائج و آثار اور اس سے حاصل ہونے والے دروس اخلاق وغیرہ تمام متعلقہ مباحث کو بھی واضح و آشکار کیا جائے اور وہ بھی اس انداز سے کہ اہل منبر بغرض بکاء و ابکاء انہیں منبر پر بیان کر کے اپنی مجالس کو کامیاب بنا سکیں لیکن ہمیشہ دیگر مصروفیات کی کثرت اس نیک مقصد کے سامنے حائل و حاجب رہیں حتیٰ کہ جب گذشتہ سال ''المبلغ'' میں بالاقساط ایک مضمون بعنوان ''اصلاح المجالس والمحافل'' لکھنا شروع کیا (جس کا خلاصہ اسی کتاب کے ہمراہ بطور مقدمہ شامل اشاعت کیا جا رہا ہے) جس میں مجالس ومحافل کی موجودہ روش ورفتار پر بھرپور مگر تعمیری تنقید کر کے اصلاح احوال کی سعی مشکور کی گئی ہے تو اس وقت سے بعض قومی حلقوں کی طرف سے اصرار ہوا کہ اس موضوع پر ایک تحقیقی کتاب قلمبند کروں۔ بہرحال اس بات نے میرے اشہب عزم وارادہ کے لیے مہمیز کا کام کیا اور میں نے اتمام حجت کے لیے موانع وعوائق کی زنجیروں کو توڑ کر اس عظیم کام کی انجام دہی کا بیڑا اپنے نحیف کاندھوں پر اٹھاتے ہوئے آج شب یکم ماہ رمضان المبارک ۱۳۸۷ھ، بمطابق شب ۴ دسمبر ۱۹۶۷ء کو واقعۂ کربلا پر ایک عظیم کتاب بنام ''سعادت الدارین فی مقتل الحسین'' لکھنے کا کام شروع کر دیا ہے۔ السعی منی و الاتمام من اللہ۔ میں نے اس کتاب کی جمع وتالیف میں کس قدر تحقیق وتدقیق سے کام لیا ہے؟ کس قدر کتب وزبر کی ورق گردانی کی ہے؟ کس قدر تتبع وتفحص کیا ہے؟ کس قدر محنت وعرق ریزی کی ہے؟ اور پھر اپنے عظیم مقصد میں کس حد تک کامیاب ہوا ہوں اس امر کا اندازہ وفیصلہ قارئین کرام کے خداداد ذوق پر چھوڑا جاتا ہے کیونکہ

آنجا کہ عیاں است چہ حاجت بیان است

مناسب معلوم ہوتا ہے کہ اصل واقعۂ کربلا اور اس کے علل واسباب اور اس سانحۂ کبریٰ کے نتائج وآثار پیش کرنے سے پہلے سرکار سید الشہداء علیہ افضل التحیۃ والثنا کے چیدہ چیدہ حالات زندگی نیز ان کے فضائل وکمالات اور بعض معجزات ومحامد صفات کا تذکرہ بھی کر دیا جائے تاکہ اس میں آنجناب کی مختصر سوانح عمری بھی آ جائے اور اس طرح یہ کتاب بفضلہ تعالیٰ اپنے موضوع پر من جمیع الجہات کامل بلکہ اکمل ہو جائے وما توفیقی الا باللہ۔

دعا ہے کہ خلاق عالم بطفیل سرکار محمد وآل محمد علیہ وعلیہم السلام اس ناچیز کتاب کو شرف قبولیت بخش کر اسے میری دنیوی واخروی نجاح وفلاح کا سبب قرار دے اور ابنائے قوم وملت کو اس سے استفادہ کی توفیق عنایت فرمائے اس سے موجودہ جمود وخمود کی فضا ختم ہو اور قوم میں صحیح علمی مذاق پیدا ہو تاکہ وہ صحیح حقائق کا مطالعہ کر سکیں اور ہر قسم کے تعصب وتنگ نظری سے بالا ہو کر حق وحقیقت کی اتباع کریں اور اس طرح صادقین کے مذہب کی صداقت کو چار چاند

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

لگ جائیں اور دشمنانِ حسینؑ وحسینیت اپنے ناپاک ارادوں میں خائب وخاسر ہوں۔ ﴿حتّٰی تعلو کلمۃ اللّٰہ وھم کارھون﴾ اور انشاء اللہ ضرور ایسا ہوگا کیونکہ ﴿الحق یعلو ولا یعلٰی علیہ. قَدْ جَآئَکُمْ بَصَآئِرُ مِنْ رَّبِّکُمْ فَمَنْ اَبْصَرَ فَلِنَفْسِہٖ وَ مَنْ اَسَآءَ فَعَلَیْھَا وَمَا اَنَا عَلَیْکُمْ بِوَکِیْلٍ﴾۔

وانا الاحقر محمد حسین عفی عنہ

من مقام دار العلوم محمدیہ سرگودھا

غرۃ شہر رمضان ۱۳۸۷ھ

شب دوشنبہ ۴ دسمبر ۱۹۶۷ء

SIBTAIN.COM
Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد لاھلہ و الصلوۃ علی اھلھا

پہلا باب

حضرت امام حسین علیہ السلام کی ولادتِ باسعادت اور ابتدائی حالات

از ۴ھ تا ۱۱ھ

اگرچہ سرکار سید الشہداء علیہ السلام کی تاریخ ولادتِ باسعادت کے سلسلہ میں ارباب تاریخ میں قدرے اختلاف ہے مگر امامیہ کے نزدیک مشہور و منصور قول یہ ہے کہ ہجرت نبویؐ کے چوتھے سال بروز پنج شنبہ بتاریخ پانچ شعبان المعظم مدینہ منورہ میں واقع[1] ہوئی[2]۔

SIBTAIN.COM
Presented By: www.jafrilibrary.com

امام حسین علیہ السلام کی طہارت

جناب صفیہ بنت عبدالمطلب سے مروی ہے وہ بیان کرتی ہیں کہ جب حضرت امام حسین علیہ السلام کی ولادت ہوئی اس وقت میں جناب سیدہ فاطمہ زہرا سلام اللہ علیہا کی خدمت میں موجود تھی۔ جناب رسول خدا ﷺ نے مجھ سے فرمایا: ﴿یا عمۃ ھلمی الی ابنی فقلت یا رسول اللہ انا لم ننظفہ بعد. فقال النبی ﷺ أ انت تنظفیہ ان اللہ قد نظفہ و طھرہ﴾

پھوپھی جان! میرا بیٹا مجھے لا دو۔ میں نے عرض کیا ابھی تک ہم نے مولود کو پاک و صاف نہیں کیا۔ آنحضرت ﷺ نے فرمایا: کیا تم اسے پاک کرو گی؟ اسے تو خدائے قدوس نے پاک و پاکیزہ پیدا کیا ہے۔[3]

---

[1] دمعہ ساکبہ، ص ۲۶۰۔ ارشاد شیخ مفید، ص ۲۰۹۔ روضۃ الواعظین نیشاپوری، ص ۱۸۴۔ اصول کافی، ج ۱، ص ۳۹۴۔ تاریخ، ج ۶، ص ۲۔ عاشر بحار، ص ۶۷۔ مناقب، ج ۴، ص ۶۲ وغیرہ۔

[2] منتہی الامال، ج ۱، ص ۲۸۱ پر بعض علماء اعلام کا یہ قول نقل کیا ہے کہ آپ کی ولادت آخر ربیع الاول میں ہوئی وھو لا یخلو من قوۃ من بعض الوجوہ فتامل۔

[3] امالی شیخ صدوق ص ۸۳، طبع قم۔ عاشر بحار، ص ۶۹، الدمعۃ الساکبۃ، ص ۲۶۱۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

مطهرون نقیات ثیابهم تجری الصلوٰۃ علیهم کلما ذکروا

جب شہزادہ کو آنحضرت ﷺ کی خدمت میں لایا گیا تو آپؐ نے ان کے دائیں کان میں اذان اور بائیں میں اقامت کہی اور اپنے لعاب دہن سے گھٹی ڈالی۔[1]

اسم گرامی

بعض اخبار میں وارد ہے کہ جب آنجنابؑ کی ولادت ہوئی تو جناب سیدہؑ نے نام تجویز کرنے کے لیے مولود مسعود کو حضرت امیر علیہ السلام کی خدمت میں پیش کیا۔ آنجنابؑ نے فرمایا: میں سرکار رسالت مآب ﷺ پر سبقت نہیں کر سکتا۔ جب آنحضرت ﷺ تشریف لائے تو آپؐ نے فرمایا: میں اپنے رب جلیل پر سبقت نہیں کر سکتا۔ اس اثناء میں جبرئیل امین علیہ السلام حاضر ہوئے اور تحفۂ درود و سلام کے بعد رب جلیل کا یہ پیام سنایا کہ ﴿ان علیاً منک بمنزلة هارون من موسیٰ فسمه بابن هارون﴾ چونکہ حضرت علی علیہ السلام کو آپؐ سے وہی نسبت ہے جو حضرت ہارونؑ کو حضرت موسیٰؑ سے تھی لہٰذا ان کے بیٹے والا نام رکھو۔ ان کا نام "شبیرؑ" تھا۔ آپ عربی میں اس کا نام "حسینؑ" رکھیں چنانچہ آنحضرت ﷺ نے اس مولود کا نام حسینؑ[2] رکھا۔ اس سے قبل جناب امام حسن علیہ السلام کی ولادت اور نام تجویز کرتے وقت بھی یہی صورت حال درپیش آئی تھی۔

عمران بن سلمان اور عمرو بن ثابت سے منقول ہے کہ ﴿الحسن و الحسین من اسامی الجنة ولم یکونا فی الدنیا﴾ حسنؑ و حسینؑ دونوں نام جنت کے ناموں میں سے ہیں۔ (شہزادگان کونین سے قبل) دنیا میں پہلے یہ نام کسی کے نہ تھے۔[3]

رسم عقیقہ

جناب امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے کہ ﴿ان رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه و آله عق عن الحسن بکبش و عن الحسین بکبش و اعطی القابلة شیئاً و حلق رأسهما یوم سابعهما و وزن شعرهما فتصدق بوزنه فضة﴾

جناب رسول خدا ﷺ نے جناب امام حسنؑ کا ایک مینڈھے کی قربانی کے ساتھ عقیقہ کیا اسی طرح امام حسینؑ کا عقیقہ بھی ایک مینڈھے کی قربانی کے ساتھ کیا اور دایہ کو بھی کچھ (چوتھا) حصہ دیا اور ساتویں روز ان کے بال منڈوا کر

---

[1] لوائح الاشجان از آقای سید محسن امین عاملی، ص ۶۔

[2] امالی شیخ صدوق، ص ۸۲، الدمعة الساکبة، ص ۲۶۲، عاشر بحار، ص ۶۷، ۶۸۔ ناسخ التواریخ، ج ۶، ص ۔۔۔؟؟؟۔

[3] الدمعة الساکبة، ص ۲۶۲، بحوالہ عوالم العلوم بحرینی۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

ان کے ہم وزن چاندی راہِ خدا میں خیرات کی۔[1]

تعلیم و تربیت

بعض آثار سے واضح و آشکار ہوتا ہے کہ ولادت امام حسینؑ کے وقت جناب سیدہ سلام اللہ علیہا علیل الطبع ہوگئی تھیں اس لیے آنجنابؑ کی کفالت حضرت ام سلمہؓ کے متعلق تھی۔ جناب رسول خدا ﷺ اپنا انگوٹھا مبارک یا زبانِ مبارک (باختلاف روایات) چُسا چُسا کر آنجنابؑ کی تربیت کرتے تھے۔ امام جعفر صادق علیہ السلام سے ایک طویل روایت کے ضمن میں مروی ہے ﴿و حملت ستة اشهر ثم وضعته ولم يعش مولود قط لستة اشهر غير الحسين بن علي عليهما السلام و عيسى بن مريم فكفلته ام سلمة و كان رسول الله صلى الله عليه واله ياتيه كل يوم فيضع لسانه في فم الحسينؑ فيمصّه حتّى يروى فانبت الله لحمهٗ من لحم رسول الله صلى الله عليه واله ولم يرضع من فاطمة عليها السلام ولا من غيرها لبناً قط..... الخ﴾

یعنی جناب سیدہ سلام اللہ علیہا اس مولودِ مسعود کے ساتھ چھ ماہ تک حاملہ رہیں۔ اس کے بعد آنجنابؑ کی ولادت ہوئی اور سوائے آنجنابؑ اور حضرت عیسیٰؑ بن مریمؑ (دوسری بعض روایات میں بجائے عیسیٰؑ کے یحییٰؑ بن زکریاؑ مذکور ہیں) کے چھ ماہ کا اور کوئی بچہ زندہ نہیں رہا۔ ان کی کفالت جناب ام سلمہؓ کے متعلق تھی۔ جناب رسول خدا ﷺ ہر روز شہزادہ کے پاس تشریف لاتے اور اپنی زبانِ مبارک ان کے دہنِ اقدس میں دے دیتے اور وہ اس قدر چوستے کہ سیر ہو جاتے۔ یہ سلسلہ برابر جاری رہا۔ یہاں تک کہ شہزادہ کا گوشت و پوست آنحضرتؐ کے گوشت و پوست سے اُگ آیا اور شہزادۂ کونین نے جناب سیدہؑ یا کسی اور عورت کا دودھ مطلقاً نہیں[2] پیا۔ اس مولودِ مسعود کی طہارت و پاکیزگی اور خلق و مروت کا کیا کہنا جس کی نشو و نما لعابِ رسولؐ چوس چوس کر ہوئی ہو ؎

لله مرتضع لم يرتضع ابداً　　من ثدي انثى ومن طه مراضعهٗ

جناب صفیہؓ کا بیان ہے کہ جب میں نے ولادت کے بعد شہزادہ کو جناب رسول خدا ﷺ کی خدمت میں پیش کیا اور آپؐ نے ان کو زبان مبارک چُسانا شروع کی تو ﴿فما كنت احسب رسول الله يغذوه الا لبناً او عسلاً﴾ میں یہ خیال کرتی تھی کہ آنحضرتؐ شہزادہ کو دودھ یا شہد پلا رہے ہیں۔[3]

---

[1] عاشر بحار، ص ۷۲۔ الدمعۃ الساکبہ، ص ۳۶۲۔ ارشاد شیخ مفید، ج ۲، ص ۱۱۔

[2] الدمعۃ الساکبہ، ص ۳۶۱ بحوالہ علل الشرائع شیخ صدوقؒ کذا فی الکافی ص ۳۵۳ طبع ایران۔

[3] امالی الشیخ صدوقؒ، ص ۸۳۔ الدمعۃ الساکبہ، ص ۳۶۲۔ عاشر بحار، ص ۹۹۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

ولادتِ امامؑ پر زینتِ جنان وخمودِ نیران

بعض روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ جس روز اس مولودِ مسعود کی ولادت ہوئی خداوند عالم نے مالک داروغۂ جہنم کو حکم دیا کہ اس مولود کی کرامت میں آتشِ جہنم کو آج خاموش کردو اور رضوانِ جنت کو حکم دیا کہ جنت کی آرائش کو دوبالا کردو۔ حورالعین کو حکم دیا کہ اپنی آرائش جمال میں اضافہ کرو اور فرشتوں کو حکم دیا کہ مزید تسبیح وتقدیس کرو۔[1]

ملائکہ کی مبارکبادی

بعض اخبار و آثار سے یہ بھی واضح و آشکار ہوتا ہے کہ اس مولودِ مسعود کی ولادت کے وقت جبرئیل امین علیہ السلام نے پروردگار عالم کے حکم سے بہت سے ملائکہ کی ہمراہی میں سرورِ عالم ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوکر ہدیۂ مبارکباد پیش کیا۔ بعض آثار سے ان کی تعداد ایک ہزار[2] اور بعض سے چار ہزار اور بعض سے اس سے بھی زیادہ ظاہر ہوتی ہے بہرحال اس قدر تو واضح ہے کہ انا اعطینک الکوثر کی دوسری عملی تفسیر کے ظہور کے وقت ملائکہ مقربین نے نیابتِ ایزدی میں بارگاہِ رسالتؐ میں ہدیۂ تبریک پیش کیا۔ اسی طرح بعض آثار سے اس مولودِ مسعود کی برکت سے بعض ملائکہ کے ترکِ اولیٰ کا معاف ہونا بھی مستفاد ہوتا ہے۔[3] فتدبر ؎

مالی اذا وضع الحساب و میلة — انجو بها من حرّ نار موقد

الا اعترافی بالذنوب و انّنی — متمسک بولاء آل محمدؐ

ولادتِ امامؑ کے وقت گریۂ رسولؐ مقبول

بعض اخبار سے ظاہر ہوتا ہے کہ جناب جبرئیل علیہ السلام نے تہنیت کے ساتھ ساتھ سید الشہداء علیہ السلام پر وارد ہونے والے مصائب وشدائد پر تعزیتِ مسنونہ بھی ادا کی تھی جس پر جناب رسول خدا ﷺ روئے اور فرمایا: ﴿اتقتله امتی قال نعم یا محمدؐ فقال النبیؐ ما هؤلاء بامتی انا بریٔ منهم و الله عزّوجل بریٔ منهم فقال جبرئیل و انا بریٔ منهم﴾ کیا اسے میری امت قتل کرے گی؟ جبرئیل نے کہا: ہاں یارسول اللہ! آنحضرتؐ نے فرمایا: یہ لوگ میری امت سے نہیں ہوں گے۔ میں ان سے بری و بیزار ہوں اور خدا بھی ان سے بیزار ہے۔ جبرئیل نے کہا اور میں بھی ان سے بیزار ہوں۔ اس کے بعد آنحضرتؐ جناب سیدہؑ کے پاس تشریف لے گئے ﴿فهنّاها و عزّاها فبکت فاطمةؑ﴾ اور اس مولودِ مسعود کی مبارکباد پیش کی اور تعزیت بھی ادا فرمائی جس پر جناب سیدہ

---

[1] بحار الانوار، ج ۱۰، ص ۷۵۔

[2] امالی شیخ صدوق ص ۸۴۔

[3] عاشر بحار، ص ۶۹، ۷۰۔ والدمعۃ الساکبہ، ص ۲۶۲ وغیرہ۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

روئے لگیں۔[1]

ایک روایت میں وارد ہے کہ آنحضرتؐ نے روتے ہوئے تین بار فرمایا: ﴿لعن اللہ قوماً ھم قاتلوک یا بنی﴾ اے بیٹا خدا اس قوم پر لعنت کرے جو تجھے قتل کرے گی۔[2]

اترجوا امة قتلت حسیناً — شفاعة جده یوم الحساب

فلا واللہ لیس لھم شفیع — وھم یوم القیامة فی العذاب

اللھم العن قتلة الحسینؑ و اصحابه و الہ۔

جس مظلوم پر جناب رسول اکرم ﷺ نے قبل شہادت بلکہ بوقت ولادت گریہ و بکا کیا ہو بعد از شہادت اس کی مظلومیت پر اہل ایمان کیوں اشک غم نہ بہائیں ؎

روئیں گے ہم ہزار بار کوئی ہمیں ستائے کیوں

شمائل نبویہؐ کی تقسیم

اصول کافی میں مرقوم ہے کہ ﴿ان فاطمة علیھا السلام اتت بالحسن و الحسین علیھما السلام الی رسول اللہ صلی اللہ علیه و الہ و قالت انحل ابنی ھذین یا رسول اللہ و فی روایة ھذان ابناک فورثھما شیئاً فقال اما الحسن فله ھیبتی و سؤددی و اما الحسین فان لہ جراتی و جودی﴾ جناب سیدہؑ ایک مرتبہ اپنے دونوں شہزادوں کو بارگاہ نبویؐ میں لائیں اور عرض کیا یا رسول اللہؐ! میرے ان لڑکوں کو کچھ عطا فرمایئے۔ دوسری روایت کے مطابق یوں عرض کیا: یا رسول اللہؐ! یہ دونوں آپ کے بیٹے ہیں انہیں کچھ (فضل و کمال) بطور وراثت عطا فرمایئے۔ آنحضرتؐ نے فرمایا: میری ہیبت و سرداری حسنؑ کے لیے ہے اور میری جرأت و دلیری اور سخاوت[3] حسینؑ کے لیے ہے یہ حسینی جرأت و بہادری کا ہی تو کرشمہ ہے کہ ؎

سر داد و نداد دست در دست یزید — حقا کہ بنائے لا الہ ہست حسینؑ

محبت رسول ثقلین بہ امام حسینؑ

جناب رسول خدا ﷺ کو اپنے نواسوں بالخصوص اس سبط اصغر سے جو الفت و محبت تھی وہ عیاں راچہ بیان کی مصداق ہے۔ آنحضرتؐ کی خلوت ہو یا جلوت اور بحالت فرصت ہو یا مشغولیت۔ ہنگام وعظ و نصیحت ہو یا اوقات

---

[1] الدمعة الساکبہ، ص ۲۶۳۔ مقاتل بحار، ص ۶۹۔

[2] امالی شیخ صدوقؒ، ص ۸۳۔

[3] الدمعة الساکبہ، ص ۲۶۱۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

عبادت واطاعت غرضیکہ ہر حال میں ان کی محبت ومودت کے تذکرے اور عملی مظاہرے جاری رہتے تھے۔ تمام امت کو بھی ہر وقت ان کی محبت ومودت کی تاکید فرماتے تھے۔

کبھی اس محبت کا یوں اظہار فرماتے ﴿الحسن و الحسین ریحانتانی من الدنیا﴾ حسنؑ وحسینؑ دنیا میں میرے دو پھول ہیں[1] کبھی فرماتے ﴿اللّٰھم انی احب حسیناً فاحب من احب حسیناً﴾ بارالہا میں حسینؑ سے محبت کرتا ہوں تو بھی اس شخص سے محبت کر جو میرے حسینؑ سے محبت کرے۔[2] کبھی یوں فرماتے ﴿الحسین منی و انا من الحسین﴾ حسینؑ مجھ سے ہے اور میں حسینؑ سے ہوں۔[3] یعنی میرا نام اور کام حسینؑ کی وجہ سے باقی رہے گا۔

کبھی اس طرح فرماتے ﴿من احب الحسن و الحسین فقد احبنی ومن ابغضھما فقد ابغضنی﴾ جس شخص نے ان دونوں شہزادوں سے محبت کی اس نے مجھ سے محبت کی اور جس نے ان سے دشمنی کی اس نے مجھ سے دشمنی کی۔[4]

ایک مرتبہ آنحضرت ﷺ جناب سیدہؑ کے گھر کے پاس سے گزرے۔ اندر سے حسینؑ کے رونے کی آواز آئی۔ آنحضرت تشریف لے گئے اور جناب سیدہؑ سے فرمایا: ﴿الم تعلمی ان بکائہ یوذینی﴾ کیا تمہیں معلوم نہیں کہ حسینؑ کے رونے سے مجھے اذیت ہوتی ہے۔[5] نہ معلوم اس وقت پیغمبر اسلام ﷺ کے قلب وجگر میں کی کیفیت ہوئی ہوگی جب یہی حسینؑ میدان کربلا میں سب اعزا وانصار راہ حق میں قربان کرنے کے بعد یکا وتنہا رہ گئے تھے اور آواز استغاثہ بلند کر رہے تھے اور خیام حسینی سے آواز گریہ وبکا بلند ہو رہی تھی جس سے امام کا جگر شق ہو رہا تھا۔

یہ بھی متعدد احادیث میں وارد ہے کہ جب آنحضرت ﷺ بحالت نماز سجدہ میں جاتے تو شہزادے ان کی پشت مبارک پر سوار ہو جاتے اور آنحضرت سجدہ کو طویل کر دیتے۔[6]

رسولؐ خدا کا اپنے بیٹے ابراہیم کو اپنے نواسہ حسینؑ پر قربان کرنا

یہ امر محتاج بیان نہیں کہ تمام خونی رشتوں میں انسان کو اولاد سب سے زیادہ عزیز ہوتی ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اپنے نواسہ حسین علیہ السلام سے جو محبت تھی اس کی معراج کمال کا یہ عالم تھا کہ آپ نے اپنے عزیز بیٹے ابراہیم کو اپنے نواسے پر قربان کر دیا چنانچہ ابن عباس بیان کرتے ہیں ﴿کنت عند النبی و علی فخذہ الایسر

---

1. عاشر بحار، ص ۷۹۔
2. مشکوٰۃ المصابیح، ص ۵۶۳، طبع مجتبائی دہلی۔
3. سنن ترمذی، صفحہ ۶۲۴۔
4. سنن ابن ماجہ، ج ۱، ص ۳۳۔ عاشر بحار، ص ۸۵۔
5. نفس المہموم، ص ۱۱، ۱۲۔ عاشر بحار، ص ۸۲۔
6. عاشر بحار، ص ۸۲۔ ونفس المہموم، ص ۱۲۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

ابنه ابراهیم و علی فخذه الایمن الحسین بن علی علیهما السلام و هو تارة یقبل هذا و تارة هذا اذ هبط جبرئیل بوحی من رب العالمین فلما سرّی عنه قالؐ اتانی جبرئیل من ربّی فقال یا محمدؐ ان ربک یقرئک السلام و یقول لست اجمعهما فافد احدهما بصاحبه فنظر النبیؐ الی ابراهیم فبکی فقال ان ابراهیم ان امه امة و متی مات لم یحزن علیه غیری و ام الحسینؑ فاطمة و ابوه علیؑ ابن عمی لحمی و دمی و متی مات حزنت ابنتی و حزن ابن عمی و حزنت انا علیه و انا اوثر حزنی علی حزنهما یا جبرئیل فاقبض ابراهیم فدیة بالحسینؑ قال فقبض بعد ثلاث فکان النبیؐ اذا رأی الحسین علیه السلام مقبلاً قبله و ضمّه الی صدره و رشف ثناياه و قال فدیت من فدیتهٗ بابنی ابراهیمؑ ﴾ میں بارگاہ رسالتؐ میں موجود تھا۔ آنحضرتؐ کا فرزند ابراہیم آپ کی بائیں ران پر اور نواسہ حسینؑ دائیں ران پر بیٹھا تھا۔ آپ کبھی اسے بوسہ دیتے اور کبھی اسے۔ اسی اثنا میں جناب جبرئیل پروردگار عالم کی وحی لے کر نازل ہوئے۔ جب آنحضرتؐ کی حالت وحی ختم ہوئی تو ارشاد فرمایا: ابھی ابھی میرے پاس جبرئیلؑ میرے پروردگار کا یہ پیغام لے کر آئے ہیں کہ خدا تحفۂ درود و سلام کے بعد ارشاد فرماتا ہے کہ میں ان دونوں کو زندہ رکھنا نہیں چاہتا لہٰذا ایک کو دوسرے پر قربان کیجئے اس کے بعد آنحضرتؐ نے اپنے بیٹے ابراہیم کی طرف دیکھا اور رو کر فرمایا: ابراہیم کی ماں کنیز ہے اگر یہ مرگیا تو اس پر مجھے ہی حزن و ملال ہوگا لیکن حسینؑ کی ماں فاطمہؑ اور باپ علیؑ ہے جو میرا عم زادہ اور میرا گوشت و پوست ہے لہٰذا حسینؑ کی موت پر میری بیٹی، میرا ابن عم اور میں خود سب سوگوار ہوں گے اس لیے میں تنہا اپنے حزن کو ان دونوں کے رنج و الم پر ترجیح دیتا ہوں پھر جبرئیل کو خطاب کر کے فرمایا: جبرئیل! میں ابراہیم کو حسین پر قربان کرتا ہوں چنانچہ تین دن کے بعد ابراہیم کا انتقال ہوگیا۔ اس واقعہ کے بعد آنحضرتؐ کا یہ معمول ہوگیا تھا کہ جب بھی حسینؑ کو اپنی طرف آتا ہوا دیکھتے تو ان کے پیار کرتے، چومتے، سینے سے لگاتے اور فرماتے میں اس پر نثار جس پر میں نے اپنے بیٹے ابراہیم کو قربان کر دیا ہے۔[1]

آنحضرت ﷺ اپنے اس پارۂ جگر کو اس طرح پیار کرتے تھے اور اس کو خوش کرتے تھے کہ اس کے دونوں ہاتھ تھام کر اپنے قدم مبارک پر کھڑا کرتے تھے اور ان سے فرماتے کہ اے میری آنکھوں کی روشنی آگے بڑھ۔ پس وہ بچہ آپ کے روئے مبارک کے قریب ہو جاتا تھا تو آپ ان کو اپنی چھاتی سے لگا لیتے تھے اور ان کی آنکھوں کو اور منہ کو چوم لیتے تھے اور ان کی فرط محبت میں، اپنے پروردگار سے عرض کرتے کہ پروردگارا میں اس کو دوست رکھتا ہوں تو بھی اسے دوست رکھ اور اسے بھی دوست رکھ جو اسے دوست رکھے۔[2]

---

[1] الدمعۃ الساکبہ، ص ۲۶۴، نفس المہموم، ص ۱۲، ۱۳۔ [2] ذبح عظیم، ص ۹، ۱۰، بحوالہ عاشر بحار۔ تاریخ التواریخ وغیرہ۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

ارباب عقل و دانش جانتے ہیں کہ آنحضرتؐ کی یہ شدید محبت محض خونی رشتہ کی بنا پر نہ تھی بلکہ یہ اس شہزادہ کے خداداد فضائل و کمالات اور مراتب و محامد صفات کا نتیجہ تھی جس کا وہ اپنے قول کے علاوہ عمل سے بھی ہر وقت و ہر حال میں برابر اظہار کرتے رہتے تھے۔

افسوس کہ امام حسین علیہ السلام کے لیے اس لطف و محبت اور اس بے پایاں سکون اور اطمینان کی عمر طولانی نہیں ہو سکی۔ ابھی آپ کا سن سات برس کا بھی پورا نہ ہوا تھا کہ ربیع الاول ۱۱ھ میں حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی وفات واقع ہوگئی اور حسینؑ رسول خدا ﷺ کے سایۂ عاطفت سے محروم ہوگئے۔[1]

تمام اہل اسلام پر محبت حسینؑ واجب ہے

اس بات پر تمام اہل اسلام کا اتفاق ہے کہ آنحضرتؐ کی محبت اور اتباع ہر کلمہ گو پر واجب و محتم ہے چنانچہ ارشاد قدرت ہے: ﴿وَلَكُمْ فِي رَسُولِ اللَّهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ﴾ تمہارے لیے رسولؐ کا کردار نمونۂ عمل ہے۔ نیز ارشاد رب العباد ہے: ﴿قُلْ إِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّونَ اللَّهَ فَاتَّبِعُونِي يُحْبِبْكُمُ اللَّهُ﴾ اگر تم خدا سے محبت کرتے ہو تو میری اتباع کرو۔ خدا تمہیں اپنا محبوب بنالے گا۔ نیز آنحضرتؐ کا ارشاد ہے: ﴿لا یومن احدکم حتی اکون احب الیه من نفسه و ماله و ولده و والده و الناس اجمعین﴾ کوئی شخص اس وقت تک مؤمن نہیں ہوسکتا جب تک میں اسے اس کی جان، مال، اولاد، والد اور تمام لوگوں سے زیادہ عزیز نہ ہوں۔[2]

SIBTAIN.COM

اب جس سے یہ واجب المحبت محبوب محبت کرے اس کی محبت و مودت کیونکر واجب نہ ہوگی؟ یہاں تک کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد موجود ہے کہ ﴿من کان یحبنی فلیحب ابنی هذین فان الله امرنی بحبهما﴾ جو شخص بھی مجھ سے محبت کرتا ہے اسے چاہیے کہ وہ میرے ان دونوں بیٹوں سے بھی محبت کرے کیونکہ خلاق عالم نے مجھے ان کی محبت کا حکم دیا ہے۔[3]

نیز بعض روایات میں وارد ہے کہ آنحضرتؐ نے فرمایا: ﴿من احب الحسنؑ و الحسینؑ احببته و من احببته احبه الله و من احبه الله ادخله الجنة و من ابغضهما ابغضته و من ابغضته ابغضه الله و من ابغضه الله ادخله النار﴾ جو شخص حسنؑ و حسینؑ سے محبت رکھے گا اس سے میں محبت رکھوں گا اور جس سے میں محبت رکھوں گا اس سے خدا محبت رکھے گا اور جس سے خدا محبت رکھے گا وہ اسے ضرور داخل جنت کرے گا اور جو شخص ان سے

---

۱ شہید انسانیت، ص ۶۵۔

۲ تفسیر در منثور، ج ۳، ص ۲۲۳۔

۳ عاشر بحار الانوار، ص ۷۵۔ ایضاً، ص ۷۹ بحوالہ حلیۃ الاولیاء۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

دشمنی کرے گا اس سے میں دشمنی رکھوں گا اور جس سے میں دشمنی رکھوں گا اس سے خدا دشمنی رکھے گا اور جس سے خدا دشمنی رکھے گا اسے ضرور داخل جہنم کرے گا۔[1]

جب بالاختصار سطور بالا میں یہ ثابت کر دیا گیا کہ آنحضرت کو اپنے اہل بیتؑ سے بالعموم اور سرکار سید الشہداء علیہ السلام سے بالخصوص انتہائی الفت و محبت تھی تو اب ایک مسلمان کا فرض ہے کہ وہ اس سرکار سے محبت و مودت کرنا اپنا دینی و ایمانی فریضہ قرار دے اور یہی آیت مودت کا مفاد ہے: ﴿قُلْ لَا اَسْئَلُكُمْ عَلَيْهِ اَجْرًا اِلَّا الْمَوَدَّةَ فِي الْقُرْبٰى﴾ (سورۂ شوریٰ، آیت ۲۳) میں تبلیغ رسالت کے سلسلہ میں تم سے کوئی مزدوری طلب نہیں کرتا ہاں صرف یہ چاہتا ہوں کہ میرے قرابت داروں سے محبت کرو، فریقین کی کتب تفسیر میں لکھا ہے کہ جب یہ آیت مبارکہ نازل ہوئی تو بعض صحابہ کرامؓ نے آنحضرت سے دریافت کیا ﴿من قرابتک الذین وجبت علینا محبتهم. قالؐ: هم فاطمةؑ و علیؑ و ابناهما﴾ وہ آپ کے قرابتدار کون ہیں جن کی محبت ہم پر واجب قرار دی گئی ہے؟ فرمایا: وہ فاطمہؑ، علیؑ اور ان کے دونوں بیٹے ہیں۔[2]

جناب شافعی نے کیا خوب کہا ہے ؎

یا اهل بیت رسول اللّٰه حبکم — فرض من اللّٰه فی القرآن انزله
کفاکم من عظیم القدر انکم — من لم یصل علیکم لا صلوة له[3]

علامہ فخر الدین رازی اپنی تفسیر (ج ۷، ص ۴۰۶) پر آیۂ مودت اور اس کی تفسیر لکھنے کے بعد بطور فیصلہ تحریر فرماتے ہیں: ﴿فکل ذلک یدل علی ان حب ال محمد واجب﴾ سب آیات و روایات اس بات پر دلالت کرتے ہیں کہ آل محمدؐ کی محبت واجب ہے۔ اسی طرح نواب صدیق حسن خاں اپنی کتاب ''الدین الخالص، ج ۲، ص ۲۸۵ پر حدیث نبویؐ ﴿احبوا اهل بیتی لحبی﴾ نقل کرنے کے بعد لکھتے ہیں: ﴿و یدل له القرآن قل لا اسئلکم علیه اجراً..... و هذه المحبة لهم واجبة متحتمة علی کل فرد من افراد الامة﴾ ''ہر فرد امت پر ان ذوات مقدسہ کی محبت واجب ہے۔''

---

[1] ارشاد شیخ مفیدؒ، ج ۲، ص ۱۴۔

[2] تفسیر بیضاوی، ص ۳۷۸، طبع ایران۔ صواعق محرقہ، ص ۱۴۶، طبع جدید۔ کشاف، ج ۳ ص ۴۰۲۔

[3] صواعق محرقہ، ص ۱۴۶، طبع جدید۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

حضرت امام حسین علیہ السلام کے نسبی خصوصیات اور خاندانی روایات

ارباب بصیرت پر یہ حقیقت مخفی و محجب نہیں ہے کہ انسانی رفعت و عظمت میں جہاں اس کے ذاتی صفات اور خصائل و شمائل کا بڑا حصہ ہے وہاں نسبی خصوصیات کو بھی نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ توارث صفات کا مسئلہ آج کل مسلم الثبوت ہو چکا ہے یعنی یہ کہ اخلاق و کردار کی تشکیل میں خاندانی روایات اور موروثی صفات کو بھی بہت دخل ہے۔ حسینؑ کے ذاتی فضائل و کمالات اور محامد صفات کا تذکرہ تیسرے باب میں آ رہا ہے انشاء اللہ۔ یہاں صرف ان کے بعض خاندانی خصوصیات کی طرف اشارہ کرنا مقصود ہے۔

یہ حقیقت ہے کہ حسینؑ خاندانی لحاظ سے اس آسمان رفعت و شرف پر فائز ہیں کہ جہاں تک طائر عقل بھی پرواز کر کے نہیں پہنچ سکتا۔ کتب فریقین میں یہ ارشاد نبویؐ مرقوم ہے کہ خلاق عالم نے تمام اقوام عالم میں سے قریش کو اور پھر قریش سے بنی کنانہ کو اور پھر بنی کنانہ میں سے بنی ہاشم کو اور بنی ہاشم میں سے سرکار رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو منتخب کیا ہے [1] ظاہر ہے کہ جناب امام حسین علیہ السلام اسی شجرۂ طیبہ کی عظیم شاخ اور اسی دوحۂ مبارکہ کے گل سرسبد ہیں۔ والد ہیں تو سید الاولیاءؑ، والدہ ہیں تو سیدۃ النساء، نانا ہیں تو سید الانبیاء، دادا ہیں تو سید البطحاء اور بھائی ہیں تو سید شباب اہل الجنۃ۔ بالفاظ دیگر بابا ہے تو نفس رسولؐ۔ ماں ہے تو بتولؑ اور بضعۃ الرسولؐ۔ انہی دو عظیم المرتبت ماں باپ کے بیٹے ہیں حسینؑ مرج البحرین یلتقیان بینھما برزخ لا یبغیان۔

یہ رتبۂ بلند ملا جس کو مل گیا

پاس ادب مانع ہے ورنہ بلا خوف تردید کہا جا سکتا ہے کہ نسبی طور پر حسینؑ کو جو شرف حاصل ہے وہ ان کے آباء و اجداد میں سے کسی کو بھی حاصل نہیں ہے اور یہ وہ شرف ہے جس پر خود سرکار سید الشہداء علیہ السلام نے بھی افتخار فرمایا ہے جیسا کہ بعض آثار و اخبار سے واضح و آشکار ہوتا ہے۔

---

[1] صواعق محرقہ، ص ۱۸۶، ۱۸۷، طبع جدید وغیرہ۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

شہزادۂ کونینؑ کا حضرت امیر علیہ السلام کے ساتھ مفاخرہ

ایک طویل روایت میں وارد ہے جس کا خلاصہ یہ ہے کہ وفاتِ رسولؐ سے کچھ دن پہلے ایک بار حضرت امیر علیہ السلام سرکار رسالت مآب ﷺ کی خدمت میں حاضر تھے کہ اتنے میں شہزادۂ کونین حضرت امام حسین علیہ السلام تشریف لائے جناب رسول خدا ﷺ نے شہزادہ کو اپنی گود میں بٹھایا اور ان کے ہونٹوں اور پیشانی پر بوسہ دیا۔ حضرت امیر علیہ السلام نے عرض کیا: ﴿یا رسول اللہ اتحب ولدی الحسینؑ﴾ کیا آپ میرے فرزند حسینؑ سے محبت رکھتے ہیں؟ آنحضرتؐ نے فرمایا: ﴿کیف لا احبہ وھو عضو من اعضائی﴾ بھلا میں کیونکر اس سے محبت نہ کروں حالانکہ یہ میرے اعضاء میں سے ایک عضو ہے۔ پھر جناب امیر علیہ السلام نے عرض کیا: ﴿ایننا احب الیک انا ام الحسینؑ﴾ ہم دونوں میں سے آپ کو زیادہ محبت کس سے ہے مجھ سے یا حسینؑ سے! یہ سن کر شہزادہ بولا اور عرض کیا: ﴿نعم یا ابتاہ من کان اعلیٰ شرفاً کان احب الی النبیؐ و اقرب الیہ منزلۃً﴾ ہاں بابا جان! ہم میں سے جس کا (خاندانی) شرف زیادہ ہوگا وہی رسول کو زیادہ محبوب ہوگا۔ بیٹے کا یہ کلام سن کر حضرت امیر علیہ السلام نے فرمایا: ﴿اتفاخر من یا حسینؑ﴾ بیٹا حسینؑ کچھ خبر بھی ہے یہ فخر و مباہات کس سے کر رہے ہو؟ شہزادہ نے عرض کیا: ﴿نعم ابتاہ ان شئت؟﴾ ہاں بابا جان مجھے معلوم ہے۔ اگر خیال ہو تو بسم اللہ! اس وقت جناب امیر المومنینؑ نے اپنے فضائل و کمالات کا ایک شمہ بیان کرتے ہوئے فرمایا: ﴿یا حسینؑ انا امیر المؤمنین. و لسان الصادقین. انا وزیر المصطفیٰؐ. انا خازن علم اللہ انا قائد السابقین الی الجنۃ. انا الذی عمہ سید الشہداء فی الجنۃ انا الذی اخوہ جعفر الطیار فی الجنۃ انا حبل اللہ المتین. انا لسان اللہ الناطق. انا حجۃ اللہ علی خلقہ. انا باب اللہ الذی یؤتی منہ. انا بیت اللہ الذی من دخلہ کان اٰمناً. فمن تمسک بولایتی و محبتی امن من النار. انا قاتل الناکثین و القاسطین و المارقین. انا ابو الیتامیٰ. انا کھف الارامل. انا عم یتسائلون عن ولایتی یوم القیامۃ. انا النبأ العظیم. انا الذی اکمل اللہ بہ الدین یوم غدیر. انا ابو الائمۃ الطاھرین. ان الذی تصدق بالخاتم. انا الذی نمت علی فراش النبیؐ و فدیتہ بنفسی من المشرکین. انا ترجمان اللہ انا خازن علم اللہ..... انا قسیم الجنۃ و النار﴾ "اے حسینؑ! میں مؤمنوں کا امیر، صادقین کی زبان، وزیر مصطفیٰؐ، خازن علم خدا اور سابقین الی الجنۃ کا قائد ہوں۔ میں وہ ہوں جس کا چچا (حضرت حمزہ) سید الشہداء جنت میں ہے۔ میں وہ ہوں جس کا بھائی جعفر طیار بھی جنت میں ہے۔ میں خدا کی حبل متین، میں خدا کی لسان ناطق، میں خلق خدا پر اس کی حجت، میں خدا تک پہنچنے کا دروازہ، میں خدا کا وہ گھر ہوں کہ جو اس میں داخل ہو جائے (عذاب الٰہی سے) مامون ہو جاتا ہے جو شخص میری ولایت و محبت کے دامن کے ساتھ

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

متمسک ہوگا آتش جہنم سے محفوظ رہے گا۔ میں بیعت توڑنے والوں (اصحاب جمل) حق سے منہ موڑنے والوں (اصحاب صفین) اور دین سے خارج ہونے والے (اصحاب نہروان) سے جہاد کرنے والا ہوں۔ میں یتیموں کا سرپرست، میں بیواؤں کا ملجاء ہوں میں وہ ہوں جس کی ولایت کا قیامت کے دن لوگوں سے سوال ہوگا، میں نباءِ عظیم (بڑی خبر) ہوں میں وہ ہوں جس کے ذریعہ خدا نے بروز غدیر خم اپنے دین کو کامل کیا تھا۔ میں ائمہ طاہرین ﷺ کا والد ہوں میں وہ ہوں جس نے (حالت رکوع میں) انگوٹھی راہ خدا میں دی۔ میں وہ ہوں جس نے (شب ہجرت) بستر رسولؐ پر سو کر اپنی جان نثاری کا ثبوت دیا۔ میں خدا کا ترجمان، میں علم خدا کا خازن اور میں قسیم جنت و نار ہوں۔"

یہ فرما کر حضرت امیر ؑ خاموش ہوگئے۔ جناب رسول خدا ﷺ نے شہزادہ کو خطاب کر کے فرمایا:

﴿اسمعت یا ابا عبد اللّٰہ ما قال ابوک وھو عشر عشیر معشار مالہ من فضائلہ وھو فوق ذلک و اعلی﴾ اے ابوعبداللہ! جو کچھ آپ کے والد ماجد نے بیان کیا ہے تم نے اسے سنا ہے۔ یاد رکھو یہ ان کے فضائل و کمالات کا عشر عشیر بھی نہیں ہے وہ اس سے بھی بہت اجل و اعلیٰ ہیں۔ شہزادہ نے یہ سن کر فرمایا: ﴿الحمد للّٰہ الذی فضلنا علی کثیر من عبادہ المؤمنین و علی جمیع المخلوقین و خصّ جدنا بالتنزیل و التاویل و الصدق و مناجاۃ الامین جبرئیل و جعلنا خیار من اصطفاہ الجلیل و رفعنا علی الخلق اجمعین اما ما ذکرت یا امیر المؤمنین فانت فیہ صادق امین﴾ اس خدا کا حمد و شکر ہے جس نے ہمیں اہل ایمان اور تمام مخلوق پر فضیلت دی ہے اور ہمارے جد نامدار کو تنزیل و تاویل اور جبرئیل امین کے ساتھ راز و نیاز کی باتیں کرنے کے ساتھ مخصوص کیا ہے اور ہمیں اپنی تمام برگزیدہ مخلوق میں سے افضل قرار دے کر اپنی تمام مخلوق پر رفعت و بلندی عطا فرمائی ہے۔ یا امیر المؤمنینؑ! آپ نے اپنے متعلق جو کچھ بیان فرمایا ہے آپ اس میں صادق القول ہیں۔ جناب رسول خدا ﷺ نے فرمایا: ﴿اذکر انت یا حسینؑ فضائلک﴾ اے حسین! تم بھی تو اپنے فضائل بیان کرو۔ تب شہزادہ گویا ہوئے۔ ﴿یا ابت انا الحسینؑ بن علیؑ و امی فاطمۃ الزھراؑ و سیدۃ نساء العالمین و جدی محمدؐ ن المصطفیٰ سید بنی ادم اجمعین لا ریب فیہ یا علیؑ امی افضل من امک عند اللّٰہ و عند الناس اجمعین و جدی خیر من جدک و افضل عند اللّٰہ و عند الناس اجمعین و انا فی المھدنا غانی جبرئیل و تلقانی اسرافیل یا علیؑ انت عند اللّٰہ افضل و انا افخر بالاباء و الامھات و الاجداد﴾ اے بابا بزرگوار! میں حسینؑ ہوں جو اس علیؑ ابن ابی طالب کا بیٹا ہے (جس کے فضائل آپ نے خود بیان فرمائے ہیں) میری ماں وہ فاطمہ زہراؑ ہیں جو تمام عالمین کی عورتوں کی سردار ہیں۔ اور میرے نانا محمدؐ مصطفیٰ ہیں جو بلا شک تمام بنی آدم کے سردار ہیں۔ بابا جان! میری مادر گرامی خدا اور تمام خلق کے نزدیک آپ کی والدہ سے افضل ہیں

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

اور میرے نانا بزرگوار خدا و خلق کے نزدیک آپ کے نانا سے افضل ہیں۔ (والد تو افضل ہیں ہی) اور میں وہ ہوں جس سے جھولے میں جبرئیل نے باتیں کیں۔ اور اسرافیل نے ملاقات کی۔ بابا جان! آپ خدا کے نزدیک یقیناً مجھ سے افضل ہیں لیکن جہاں تک آباء و اجداد کے ساتھ فخر و مباہات کا تعلق ہے اس سلسلہ میں مجھے زیادہ فخر حاصل ہے۔ یہ کہہ کر بابا کے گلے میں لپٹ گئے۔

جناب امیر علیہ السلام نے دست شفقت پھیرتے ہوئے فرمایا: ﴿زادک اللّٰہ شرفاً و فخراً و علماً و حلماً و لعن اللّٰہ ظالمیک یا ابا عبد اللّٰہ﴾ بیٹا خدا تمہارے شرف و فخر اور علم و حلم میں اضافہ فرمائے اور تم پر ظلم کرنے والے ظالموں پر لعنت کرے اس کے بعد شہزادہ اپنے نانا کی گود میں چلے گئے۔[1]

ے تجھ سے کروں موازنہ مجھ میں یہ دم نہیں مولاؑ! ترا حسینؑ بھی کچھ تجھ سے کم نہیں

(رشک ترابی)

ظاہر ہے کہ یہ مفاخرہ صرف لوگوں پر اظہار حقیقت کی خاطر تھا ورنہ خود ان بزرگواروں کے درمیان کسی قسم کا اختلاف و افتراق نہ تھا ﴿اھل البیت ادری بما فی البیت﴾

بہر حال صاحبان عقل سمجھ سکتے ہیں کہ قطع نظر خصوصیات امامت کے جو مولود مسعود ایسے والدین کا چشم و چراغ ہو اور جس نے ایسے عالی خانوادہ میں نشو و نما پائی ہو وہ کس قدر بلند اخلاق، پختہ کار اور انسانی کمالات کا شاہکار ہوگا ے

سکوتی بیان عندھا و کلام

قاضی محمد بہلول زنگہ زوری آفندی نے کیا خوب لکھا ہے:

﴿ھمیں کافی است کہ چشم روزگار مثل علیؑ بن ابی طالب پدرے و فاطمہؑ مادرے و مانند حسینؑ بن علیؑ ذات باشرافت پسرے ندیدہ است﴾[2] یعنی چشم و فلک نے علیؑ بن ابی طالبؑ جیسا باپ، فاطمہؑ زہرا جیسی ماں اور حسینؑ جیسا شریف و نجیب بیٹا نہیں دیکھا۔"

آپ خود امام ہیں۔ امامؑ کے بیٹے ہیں۔ امامؑ کے بھائی ہیں اور قیامت تک آنے والے ائمہ برحق علیہم السلام کے باپ ہیں۔ کون ہے جو حسینؑ کا مثل ہو؟ ﴿ھذا حسین فاعرفوہ﴾ یہ ہیں حسینؑ! ان کو پہچان لو۔

ع حسینؑ کا جواب لا حسینؑ کا جواب دے

---

[1] القطرہ من بحار مناقب العترۃ، طبع نجف، ص ۱۷۵ تا ص ۱۷۸۔

[2] تشریح و محاکمہ تاریخ آل محمدؐ، ص ۱۱۹۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

تیسرا باب

حضرت امام حسین علیہ السلام کے حسبی کمالات
یعنی
ان کے ذاتی اخلاق واطوار اور نفسانی فضائل ومناقب

ارباب دانش وبینش جانتے ہیں کہ کسی بھی انسان کی حقیقی عظمت وجلالت اس کے ذاتی اخلاق واطوار اور نفسانی فضائل وکمالات سے واضح وآشکار ہوتی ہے یہی چیز جوہر انسانیت ہے۔ کما قیل

ے اقبل علی النفس و استکمل فضائلها فانت بالنفس لا بالجسم انسان

جناب ختمی مرتبت ﷺ نے تو اپنی بعثت کا مقصد اقصیٰ ہی مکارم اخلاق کی تکمیل قرار دیا ہے کہ ﴿انما بعثت لاتمم مکارم الاخلاق﴾ غرضیکہ جو کام (بنابر مشہور) ایک کم ایک لاکھ چوبیس ہزار انبیاء ومرسلین مکمل نہ کر سکے آپ نے اس کو اس درجہ پایۂ تکمیل تک پہنچا دیا کہ اب کسی نبی ورسول کے آنے کی ضرورت ہی باقی نہیں رہی۔ جناب سرور انبیاء خلق عظیم پر فائز تھے۔ اس کی تکمیل کی صورت اسی وقت ہو سکتی تھی جبکہ اس کی بقا کا بندوبست ہو ورنہ جس طرح اور انبیاء کی تعلیم وقتی رہی یہ بھی وقتی رہتی اور بقا بغیر تولید مثل محال ہے لہٰذا حضورؐ نے سب سے پہلے اسی طرف توجہ فرمائی اور اپنی زندگی میں چار نفس (علیؑ، فاطمہؑ، حسنؑ، حسینؑ) ایسے بنا دیئے جو ہو بہو ایسے ہی تھے جیسے نفس رسولؐ۔ محاسن اخلاق میں کوئی فضیلت ایسی نہ تھی جو رسولؐ میں ہو اور ان میں نہ ہو جس طرح ہر ہر فضیلت کو عملاً رسولؐ نے دکھایا انہوں نے بھی دکھایا۔ یہ قدرت کی طرف سے تکمیل اخلاق کا ایک مکمل بندوبست تھا کہ اس نے بارہ معصوم ہستیاں ایسی خلق فرمائیں جن کو سرور انبیاءؐ کی نیابت کا فخر یکے بعد دیگرے حاصل رہا اور جو اخلاق محمدی کا نمونہ ہر زمانے میں پیش کرتے رہے اور جو جو نفسانی کمالات رسولؐ میں تھے۔ وہ سب بے کم وکاست نمایاں کرتے رہے جس طرح آنحضرتؐ کی نبوت تا قیام قیامت ہے اسی طرح رسولؐ کا یہ اخلاقی نمونہ بھی قیامت تک ہر زمانہ میں چلنے والا ہے۔[1] ہم ذیل میں اس مقدس گروہ میں سے پانچویں لعل ولایت کے فضائل نفسانیہ، کمالات روحانیہ اور اخلاق جمیلہ و صفات جلیلہ کا ایک شمہ ہدیۂ قارئین کرام کرنا چاہتے ہیں ورنہ

ع سفینہ چاہیئے اس بحر بیکراں کے لیے

---

[1] اخلاق الائمہ، ص ۵۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

حسینؑ کے کمالاتِ علمیہ کے بعض نادر نمونے

مخفی نہ رہے کہ علم کی دو قسمیں ہیں: ایک وہبی، دوسرا کسبی۔ علم وہبی ولدنی وہ ہوتا ہے جو علیم مطلق اپنے بعض مخصوص بندوں کو بذریعہ وحی والہام وغیرہ مرحمت فرماتا ہے۔ یہی وہ حقیقی علم ہے جس میں کسی قسم کی خطا اور غلطی کا امکان نہیں ہوتا کیونکہ اس میں معلم وہ ذات مستجمع جمیع صفات ہے جس کا علم عین ذات ہے اور متعلم وہ معصوم ہستیاں ہوتی ہیں جن میں شیطانی سہو ونسیان کا کوئی امکان نہیں ہوتا اور نہ ہی ان کے متعلق بوجہ عصمت وطہارت اغراض نفسانیہ کے تحت اس میں کسی قسم کی کمی یا بیشی کرنے کا احتمال ہوتا ہے۔ کسبی علم وہ ہوتا ہے جو دنیا میں اساتذہ کے سامنے زانوئے ادب تہہ کرنے کے بعد حاصل ہوتا ہے جس میں ہر قسم کی غلطی کا امکان ہوتا ہے۔ تمام انبیاء اور ان کے اوصیاء علم وہبی ولدنی کے حامل ہوتے ہیں اور مدرسہ الٰہیہ کے تعلیم یافتہ ہوتے ہیں۔ وہ دنیوی مدارس میں نہیں پڑھا کرتے۔ ہمارے ائمہ اطہار علیہم السلام بھی اسی مدرسۂ الٰہیہ کے پڑھے ہوئے تھے۔ کسی دنیوی مدرسہ میں تعلیم حاصل نہیں کی تھی۔ ان کے سینے علوم ربانیہ کے دفینے اور دماغ معارف الٰہیہ کے خزینے تھے۔ علم وہبی رکھنے والے بزرگوں کی سب سے بڑی پہچان یہ ہوتی ہے کہ وہ کسی سائل کے جواب میں ﴿لا ادری﴾ نہیں کہتے چنانچہ علائم امام میں وارد شدہ متعدد احادیث میں موجود ہے: ﴿الحجة عن لا یقول لا ادری﴾ حجت خدا وہ ہوتا ہے جو کسی بھی سائل کے جواب میں ﴿لا ادری﴾ (میں نہیں جانتا) نہ کہے (اصول کافی وغیرہ) بلکہ ہر سائل کے ہر سوال کا تسلی بخش جواب باصواب دے کر اسے مطمئن کر سکے بلکہ امام برحق تو وہ ہوتا ہے کہ خود لوگوں کو سوال کرنے پر آمادہ کرتے ہوئے کہے: ﴿سلونی سلونی قبل ان تفقدونی﴾ جو کسی سائل کے کسی سوال کا جواب نہ دے سکے وہ اور سب کچھ ہو سکتا ہے مگر حجت خدا نہیں ہو سکتا۔

حضرت امام حسین علیہ السلام اسی خانوادۂ علم وفضل کے پانچویں فرد فرید وجوہر وحید ہیں۔ ان کے علوم کی تہہ تک رسائی حاصل کرنا حد امکان سے باہر ہے۔ یہاں بطور نمونہ مشتے از خروارے کچھ ان کے خداداد علم وکمال کی جھلکیاں پیش کی جاتی ہیں۔

(۱) ایک مرتبہ معاویہ کی موجودگی میں عمرو بن العاص نے حضرت امام حسین علیہ السلام سے دریافت کیا۔ اس کی کیا وجہ ہے کہ ہماری اولاد بہ نسبت آپ حضرات کی اولاد کے زیادہ ہے؟ آپؑ نے فی البدیہہ یہ شعر پڑھا ؎

بغاث الطیر اکثرھا فراخاً وام الصقر مقلال نزور

یعنی شکار نہ کرنے والے کمزور پرندوں کے بچے زیادہ ہوتے ہیں اور شکاری پرندوں کی ماں بچہ مردہ اور کم اولاد ہوتی ہے۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

پھر عمرو نے پوچھا: اس کی وجہ کیا ہے کہ ہماری مونچھیں آپ سے پہلے سفید ہو جاتی ہیں۔ آپ نے فرمایا: ﴿ان نساء کم نساء بخرة فاذا دنی احدکم من امرأته نهکت فی وجهه فشاب منه شاریه﴾ تمہاری عورتیں گندہ دہن ہیں۔ تم جب ان کے نزدیک جاتے ہو تو وہ بُو پھیلاتی ہیں تو اس سے تمہاری مونچھیں سفید ہو جاتی ہیں۔ پھر عمرو نے دریافت کیا: اس کی کیا وجہ ہے کہ آپ حضرات کی ڈاڑھیاں گھنی ہوتی ہیں اور ہماری ایسی نہیں۔ فرمایا: ﴿البلد الطیب یخرج نباته باذن ربه و الذی خبث لا یخرج الا نکداً﴾ جو پاکیزہ بستی ہو اس کی انگوری خدا کے حکم سے اچھی اگتی ہے اور جو بدطینت ہو اس کی انگوری ٹانواں ٹانواں ہوتی ہے۔ حضرت کے یہ نقد مگر تلخ حقائق پر مبنی جوابات سن کر معاویہ پکار اٹھا: ﴿بحقی علیک الا سکت انه ابن علی بن ابی طالب﴾ تجھے میرے حق کی قسم چپ ہو جاؤ، کیونکہ یہ علیؑ ابن ابی طالبؑ کا بیٹا ہے اس وقت امام علیہ السلام نے یہ شعر پڑھا ؎

ان عادت العقرب عدنا لها ۔۔۔ و کانت النعل لها حاضرة

قد علم العقرب و استیقنت ۔۔۔ ان لا لها دنیا ولا اخرة

اگر عقرب نے دوبارہ عود کیا تو ہم بھی عود کریں گے اور جوتا ہاتھ میں موجود ہوگا۔ یہ تو عقرب کو معلوم ہی ہے کہ اس کی نہ دنیا ہے اور نہ آخرت۔[1]

(۲) حسن بصری نے لکھ کر آنجناب سے مسئلہ "قدر" کی حقیقت دریافت کی۔ امام عالی مقام علیہ السلام نے جو اسے جواب دیا وہ درج ذیل ہے، ارشاد فرماتے ہیں: ﴿فاتبع[2] ما شرحت لک فی القدر مما افضی الینا اهل البیت فانه من لم یومن بالقدر خیره و شره کفر و من حمل المعاصی علی الله جل و عز فقد افتری علی الله افتراً عظیما ان الله تبارک و تعالیٰ لا یطاع باکراه و لا یعصی بغلبة و لا یهمل العباد فی الحکمة لکنه المالک لما ملکهم و القادر لما علیه اقدرهم فان ائتمروا بالطاعة لم یکن الله صاد اعنها مبطلا و ان ائتمروا بالمعصیة فشاء ان یمن علیهم فیحول بینهم و بین ما ائتمروا به فعل و ان لم یفعل فلیس هو حملهم علیها تیسرا و لا کلفهم جبرا بتمکینه ایاهم بعد اعذاره و انذاره لهم و احتجاجه علیهم طوقهم و مکنهم و جعل لهم السبیل الی اخذ ما الیه دعاهم و ترک ما عنه نهاهم جعلهم مستطیعین لاخذ ما امرهم به من شئی غیر اخذ به و لترک ما نهاهم عنه من شئی غیر تارکیه و الحمد لله الذی جعل عباده اقویا لما امرهم به ینالون بتبلک القوه و ما نهاهم

---

[1] مناقب شہر آشوب، ج ۴، ص ۷۷، طبع بمبئی۔ الدمعۃ الساکبہ، ص ۲۷۴، ۲۷۵۔

[2] رسالہ بلاغۃ الحسین مترجم، ص ۱۴۲ تا ۱۴۴۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

عنہ و جعل العذر لمن لم یجعل له السبیل حمداً متقبلا فانا علی ذالک اذهب و به اقول و الله و انا و اصحابی ایضاً علیه و له الحمد﴾

دیکھو پیروی کرو اس کی جو میں تمہیں قدر کے متعلق لکھتا ہوں۔ اس علم سے جو ہم اہل بیتؑ تک پہنچا ہے اس لیے کہ جو شخص اچھی اور بری ہر قسم کی تقدیر پر ایمان نہ لائے وہ کافر ہے اور جو گناہوں کی ذمہ داری اللہ پر قرار دے اس نے خدا پر بہت بڑا بہتان باندھا۔ خداوند عالم کی اطاعت زبردستی سے نہیں ہوتی اور نہ نافرمانی خدا کے مقابلہ میں غالب آنے کی بنا پر ہوتی ہے اور نہ وہ اپنی حکمت سے اپنے بندوں کو مطلق العنان چھوڑتا ہے بلکہ وہ مالک ہے اس کا بھی جسے اس نے ان کی ملکیت میں دیا ہے اور قادر ہے اس پر بھی جسے اس نے ان کی قدرت میں رکھا ہے لہٰذا اگر وہ اس کے احکام کی اطاعت کرنا چاہیں تو اللہ اس سے روکنے والا یا دیر کرنے والا نہ ہوگا اور اگر گناہ کرنا چاہیں تو اس وقت اگر وہ چاہے کہ اپنے احسان سے کچھ موانع پیدا کر کے ان کو ان کے ارادہ کیے ہوئے گناہ سے باز رکھے تو ایسا کر دیتا ہے لیکن اگر ایسا نہ کرے تب بھی ان کے گناہ کا باعث اور مجبور کرنے والا وہ نہ ہوگا اور نہ یہ کہ اس نے زبردستی اس کا مرتکب کیا ہوگا بلکہ قدرت دینے کے ساتھ انہیں پورے طور پر اچھا برا بتانے اور حجت تمام کرنے کے بعد اس نے انہیں اپنے افعال پر طاقت دی ہے اور ان کے لیے راستہ کھلا رکھا ہے کہ یہ اس عمل کو اختیار کریں جس کی طرف اس نے انہیں دعوت دی ہے اور اسے ترک کریں جس سے اس نے انہیں منع کیا ہے چاہے یہ انہیں ترک کریں یا نہ! اور مسلسل و متصل حمد ہے اس اللہ کے لیے جس نے اپنے بندوں کو طاقت دے رکھی ہے اپنے احکام کی تعمیل پر اور اسی طاقت سے جب چاہتے ہیں وہ تعمیل کرتے ہیں اور احکام کی مخالفت پر بھی طاقت دی ہے اور جس کے لیے راستہ تعمیل احکام کا موجود ہی نہ ہو اسے تو معذور قرار دیا ہے (وہ مکلف ہی نہیں ہے) یہی میرا مسلک ہے اور بخدا اسی کا میں قائل ہوں اور میں اور میرے تمام اصحاب بحمد اللہ اسی پر قائم ہیں۔

(۳) آنجنابؑ نے ایک کنیز کو آزاد کر کے اس سے عقد کر لیا تھا۔ اس پر اعتراض کرتے ہوئے معاویہ نے آپ کو ایک خط لکھا اس کے جواب میں آپؑ نے تحریر فرمایا: ﴿اما[1] بعد فقد بلغنی کتابک و تعییرک ایای بانی تزوجت مولاتی و ترکت اکفائی من قریش فلیس فوق رسول اللہ منتهی فی شرف ولا غایة فی نسب و انما کانت ملک یمینی خرجت عن یدی بامر التمست فیه ثواب اللہ ثم ارتجعتها علی سنة نبیہ وقد رفع اللہ بالاسلام الخسیسة و وضع عنابه النقیصة فلا لوم علی امرء مسلم الا فی امر ما ثم و انما اللوم لوم الجاهلیة﴾

---

[1] رسالہ بلاغۃ الحسین مترجم، ص ۴۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

تمہارا نوشتہ مجھے ملا۔ جس میں تم نے مجھ پر اعتراض کیا ہے کہ میں نے اپنی آزاد کردہ کنیز سے عقد کر لیا اور قریش میں سے کسی برابر کی لڑکی سے شادی نہ کی۔ تو ظاہر ہے رسول کی قرابت سے بڑھ کر (جو کہ مجھے حاصل ہے) نہ تو کوئی شرف ہے نہ اس کے برابر نسب کی کوئی منزل ہے۔ وہ پہلے میری کنیز تھی جسے میں نے ثواب خدا حاصل کرنے کے لیے آزاد کر کے اپنی ملکیت سے نکال دیا پھر میں نے پیغمبر کی سنت پر عمل کرتے ہوئے (عقد کر کے) اسے اپنے پاس پلٹا لیا۔ خداوند عالم نے اسلام کے ذریعہ ہر پستی کو بلندی بخش دی ہے اور اسی اسلام کے ذریعہ ہم (مسلمانوں) سے ہر کمی کو دور کر دیا ہے لہٰذا مرد مسلمان اسی وقت مستحق ملامت ہے جبکہ اس سے کسی گناہ کا ارتکاب ہو۔ ذلیل وگھٹیا اور بڑی کمینگی تو یہ ہے کہ مسلمان ہو کر کوئی جاہلیت کی ذہنیت پر برقرار رہے۔

(۴) توحید باری تعالیٰ کے متعلق ارشاد فرماتے ہیں: ﴿ایھا[1] الناس اتقوا ھولاء المارقة الذین یشبھون اللّٰہ بانفسھم یضاھئون قول الذین کفروا من اھل الکتاب بل ھو اللّٰہ لیس کمثلہ شئ وھو السمیع البصیر لا تدرکہ الابصار وھو یدرک الابصار وھو اللطیف الخبیر استخلص الوحدانیة و الجبروت و امضی المشیة و الارادة و القدرة و العلم بما ھو کائن لا منازع لہ فی شئی من امرہ ولا کفو لہ یعادلہ ولا ضد لہ ینازعہ ولا سمی لہ یشابھہ ولا مثل لہ یشاکلہ لاقتدار لہ الامور ولا تجری علیہ الاحوال ولا تنزل علیہ الاحداث ولا یقدر الواصفون کنہ عظمتہ ولا یخطر علی القلوب مبلغ جبروتہ لانہ لیس لہ فی الاشیاء عدیل ولا تدرکہ العلماء بالبابھا ولا اھل التفکیر بفکرھم الا بالتحقیق ایقانا بالغیب لا یوصف بشئی من صفات المخلوقین وھو الواحد الصمد ما تصور فی الاوھام فھو خلافہ، لیس برب من طرح تحت البلاغ و معبود من وجد فی ھواء و غیر ھواء وھو فی الاشیاء کائن لا کینونة مخطور بھا علیہ ومن الاشیاء بائن لا بینونة غائب عنھا لیس بقادر من قارنہ ضد، او ساواہ ند، لیس عن الدھر قدمہ ولا بالناحیة امامہ احتجب عن العقول کما احتجب عن الابصار و عمّن فی السماء احتجا بہ کمن فی الارض قربہٗ کرامة و بعدہ اھانة لا تحلہ فی، ولا توقتہ اذ، ولا توامرہ ان، علوہ من غیر وقل، و مجیئہ من غیر تنقل، یوجد المفقود، و یفقد الموجود ولا تجتمع لغیرہ الصفتان فی وقت. یصیب الفکر منہ الایمان بہ موجودا وجود الایمان لاوجود صفة، بہ توصف الصفات لابھا یوصف و بہ تعرف المعارف، لابھا یعرف، فذلک اللّٰہ لا سمی لہٗ سبحانہ لیس کمثلہ شئی، وھو السمیع البصیر﴾

---

[1] بحوالہ تحف العقول۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

اے لوگو! ان بے دین لوگوں سے بچو جو خدا کو اپنے نفسوں کا ایسا سمجھتے ہیں اور کفار اہل کتاب کی ایسی باتیں کرتے ہیں بلکہ وہ اللہ ہے اس کی ایسی کوئی چیز نہیں۔ وہ دیکھنے اور سننے والا ہے۔ نگاہیں اسے نہیں پا سکتیں وہ البتہ نگاہوں کو دیکھتا ہے۔ وہ مادی کثافتوں سے بری اور بڑا باخبر ہے۔ یکتائی واقتدار لو اس نے خاص اپنے لیے رکھا ہے۔ اپنی خواہش وارادہ کو کر گزرنے والا، قدرت کو عمل میں لانے والا، اور ہر ہونے والی بات کا عالم ہے، کسی چیز کے متعلق اگر حکم صادر کر دے تو کسی کو مجال دم زدن نہیں۔ نہ تو کوئی اس کا ہمسر ہے کہ برابری کرے۔ نہ کوئی حریف ہے جسے اختلاف کی جرأت ہو۔ نہ کوئی اس کا نظیر ہے جو اس سے مشابہ ہونے کا دعویٰ کرے۔ نہ اس کا کوئی نمونہ ہے جو اس کا شبیہ ہو، نہ اس پر انقلابات آتے ہیں نہ اس کی حالتیں بدلتی ہیں۔ نہ تغیرات لاحق ہوتے ہیں توصیف کرنے والے اس کی عظمت کی حقیقت بیان کرنے پر قادر نہیں۔ نہ دلوں کو اندازہ ہو سکتا ہے کہ وہ کتنی قدرت والا ہے کیونکہ موجودات عالم میں کوئی چیز اس کے ہم پلہ نہیں۔ نہ علماء اپنی عقلوں سے، غور وفکر کرنے والے اپنے غور وفکر سے کام لے کر اسے سمجھ سکتے ہیں۔ مگر یہ کہ وہ بے دیکھے اس کی عین حقیقت پر یقین کریں۔ کیونکہ مخلوقات کے اوصاف سے اس کی توصیف نہیں کی جا سکتی۔ (کہ کسی مخلوق سے مثال دے کر اس کی شناخت کرائی جا سکے) وہ واحد و یکتا اور بے نیاز ہے۔ وہم وگمان جو کچھ اس کا خاکہ تیار کرے خداوند عالم اس کے خلاف ہی ہوگا۔

خدا وہ نہیں جو بار مصیبت کے نیچے درماندہ ہو اور وہ معبود نہیں جو ہوا یا غیر ہوا کسی بھی مکان میں پایا جائے۔ اور وہ تمام چیزوں میں موجود ہے (مگر) ایسا ہونا نہیں جو اسے ان میں محدود بنا دے اور تمام چیزوں سے دور ہے مگر ایسی دوری نہیں جس کی وجہ سے وہ ان سے بے تعلق و بے خبر ہو جائے قادر (علی الاطلاق) وہ نہیں ہو سکتا جس کے ہمسر کوئی ضد اور اس کے ہمتا کوئی اس کا مثل ہو۔ وہ زمانہ کے حدود میں گرفتار اور مکان کی پابندی میں مقید نہیں ہے۔ وہ جس طرح نگاہوں سے پوشیدہ ہے اسی طرح عقلوں سے بھی مخفی ہے اس کی نزدیکی اعزاز اور اس کی دوری تحقیر ہے۔

اس کے ساتھ "ہیں" کی لفظ (جو کسی ظرف میں ہونے کا پتہ دے) صرف نہیں ہو سکتی۔ نہ "جب" کے ساتھ اس کو کسی وقت سے مخصوص کیا جا سکتا ہے۔ نہ اس کے وجود میں "اگر" کی گنجائش ہے۔ بلندی اس کی غیر جسمانی ہے اور متوجہ ہونا اس کا بغیر انتقال مکانی ہے۔ وہ ہست کو نیست اور نیست کو ہست بناتا ہے اور اس کے غیر کے لیے کسی وقت بھی یہ دونوں صفتیں بہم نہیں ہو سکتیں۔ جتنی غور وفکر اس کے موجود ہونے پر ایمان رکھتا ہے ایسا وجود جس پر بس ایمان لایا جا سکتا ہے اس کی توصیف نہیں ہو سکتی صفتیں ہیں ان کا مفہوم اسی کے ذریعہ سے سمجھ میں آتا ہے۔ اس کی ذات ان صفتوں سے سمجھ میں نہیں آتی۔ تمام پہچانی ہوئی چیزیں اس کی بدولت ہمیں معلوم ہیں وہ ان سے معلوم نہیں

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

ہوتا۔ یہ ہے اللہ جس کا کوئی ہمنام نہیں، وہ ہر عیب سے بری، اس کے مثل کوئی چیز نہیں۔ اور وہ سننے والا اور دیکھنے والا ہے۔"

شیخ عبداللہ العلائلی لکھتے ہیں: ﴿الاخبار عن الحسینؑ فی هذا الباب اکثر من ان تحصٰی ولقد کان یجیئی بالمدهشات فی الفتیا وما الیها من العلم حتیٰ قال فیه ابن عمر انه یغرّ العلم غراً ای یغذی﴾ یعنی اس سلسلہ میں امام حسین علیہ السلام سے بے شمار اخبار مروی ہیں۔ آپ کے فتاویٰ اور علمی کارنامے لوگوں کو مدہوش کر دیتے ہیں۔ ابن عمر آپ کے متعلق کہتے ہیں کہ آپ نے غذائے علم کو سیر ہو کر حاصل کیا[1] ہے۔

فصاحت و بلاغت

خاندانِ رسالت کی فصاحت و بلاغت حد بیان سے باہر ہے اس خانوادۂ فضل و کمال کا جو بھی فرد ہے۔ وہ میدانِ فصاحت و بلاغت کا یکہ تاز شہسوار نظر آتا ہے۔ فصاحت اس بیت علم کی کنیز معلوم ہوتی ہے۔ جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں: ﴿اوتیت جوامع الکلم و اوتی علی جوامع الکلم﴾ مجھے اور علیؑ کو منجانب اللہ یہ عطیہ ہوا ہے کہ کم الفاظ میں معانی زیادہ سمو سکتے[2] ہیں۔

شیخ شبراوی اس خانوادۂ عصمت و طہارت کے متعلق لکھتے ہیں: ﴿ان اهل البیتؑ حازوا الفضائل کلها علماً و حلماً و فصاحةً و صباحةً و ذکاءً و بدیهةً و جوداً و شجاعةً فعلومهم لا تتوقف علی تکرار درس ولا یزید یومهم فیها علی ما کان بالامس بل هی مواهب من مولاهم من انکرها و اراد سترها کان کمن اراد ستر وجه الشمس﴾

یعنی اہل بیت رسولؐ جمیع فضائل علم و حلم، فصاحت و صباحت، ہدایت و ذکاوت، سخاوت و شجاعت غرضیکہ جمیع فضائل و مکارم پر حاوی و فائز ہیں۔ ان کے علوم تعلیم و تعلم و درس و تدریس اور بحث و تکرار پر موقوف نہیں ہیں اور نہ ایسا ہے کہ ان کا آج کل پر فوقیت رکھتا ہو کہ کل وہ نہیں جانتے تھے اور آج جان گئے ہوں۔ درحقیقت یہ خدا کے بخشے ہوئے کمالات ہیں جو اہل بیتؑ کو عطا ہوئے ہیں جو شخص اس امر کا انکار کرے یا اس کو چھپانے کی کوشش کرتا ہے وہ ایسا ہے جیسے کوئی آفتاب کو چھپانے کی سعی کرے۔[3]

امیر شام ایسے الدّ الخصام بھی اس خاندان کی فصاحت و بلاغت کا اعتراف کرتے ہوئے نظر آتے ہیں کہ:

---

[1] سمو المعنی فی سمو الذات، ص ۴، بحوالہ تحف العقول۔

[2] شرح نہج البلاغہ ابن میثم بحرانی، ص ۲ / ۳۰۔

[3] کتاب الاتحاف بحب الاشراف، ص ۱۹، طبع مصر۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

﴿السنة بني هاشم الحداد التي تفلق الصخر و تغرف من البحر﴾ یعنی بنی ہاشم کی تیز زبانیں پتھر میں شگاف ڈال دیتی ہیں اور سمندروں سے پانی لیتی ہیں۔[1] و الفضل ما شهدت به الاعداء۔

حضرت امام حسین علیہ السلام اسی خانوادۂ نبوت کے عدیم النظیر خطیب ہیں۔ آپ کے متعلق شیخ محمد بن طلحہ الشافعی لکھتے ہیں: ﴿انه عليه السلام من ذلك الوقت افصح من نطق كانت الفصاحة لديه خاضعة و البلاغة لامره سامعة طائعة﴾ آنجنابؑ اپنے دور کے سب بولنے والوں سے زیادہ فصیح اللسان تھے۔ فصاحت آپ کی فرمانبردار لونڈی اور بلاغت مطیع امر کنیز تھی۔[2]

محمود عقاد مصری لکھتے ہیں: ﴿وقد اوتي ملكة الخطابة من طلاقة لسان و حسن بيان و غنة صوت و جمال ايماء﴾ قدرت نے آپ کو ایسا ملکۂ خطابت عطا کیا تھا جس میں طلاقتِ لسان، حسن بیان، صوتِ حسن اور حسین اشارے سبھی کچھ موجود ہے۔[3] و لنعم ما قيل۔

وہی کلام، وہی لہجۂ لسان اللہ — ہر ایک لفظ میں قرآن کی جلالت ہے
نثار کوثر و تسنیم و سلسبیل کا حسن — عجیب روح فصاحت عجیب بلاغت ہے
نپے تلے ہوئے الفاظ وہ معانی خیز — کہ جیسے وحی کی پابند لب کی حرکت ہے
نبوت اور امامت کے علم کا تیور — علیؑ کا رعب محمدؐ کی شان و شوکت ہے
یہی تھا رازِ نبیؐ کے زباں چلانے میں — زباں حسینؑ کی گویا زبانِ قدرت ہے

آنجنابؑ کے کلام معجز نظام پر مشتمل ایک نہایت عمدہ رسالہ بنام بلاغۃ الحسینؑ طہران میں اور پھر اس کا سلیس اردو ترجمہ اور نفیس مقدمات کے ساتھ کھجوہ سے شائع ہو چکا ہے جس میں آپ کے خطب شریفہ، مکاتیب نفیسہ اور کلمات قصار لطیفہ درج ہیں۔ شائقین حضرات اس رسالہ کا مطالعہ کر کے نور ایمان و ایقان میں اضافہ کریں۔ یہاں بطور نمونہ آپ کا کچھ کلام حقائق ترجمان پیش کرنے کی سعادت حاصل کی جاتی ہے نیز قبل ازیں سابقہ عنوان کے تحت بھی اس کے کچھ نمونے پیش کئے جا چکے ہیں۔

(۱) نافع بن ازرق نے ابن عباس سے سوال کیا: ﴿صف لنا الهك الذي تعبده﴾ مجھ سے اپنے اس پروردگار کا وصف بیان کرو جس کی عبادت کرتے ہو اور ابن عباس نے عظمت الٰہی کے احساس سے سر جھکا لیا۔ تب نافع

---

[1] مواسم الادب و اثار العجم والعرب، ص ۳۱/۱۔
[2] مطالب السئول، ص ۲۴۹، طبع لکھنؤ۔
[3] ابو الشہداء، ص ۶۴، طبع مصر، بحوالہ مقدمہ بلاغۃ الحسینؑ۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

حضرت امام حسین علیہ السلام کی طرف متوجہ ہوا۔ حضرتؑ نے فرمایا: ﴿یا نافع ان من وضع دینہٗ علی القیاس، لم یزل فی الارتماس، مائلا عن المنہاج، ظاعنا بالاعوجاج، ضالاً عن السبیل قائلا غیر الجمیل، یابن الازرق اصف الٰہی بما وصف بہ نفسہ لا یدرک بالحواس، ولا یقاس بالناس فھو قریب غیر ملتصق، و بعید غیر مستقصی یوحد ولا یبعض، معروف بالایات، موصوف بالعلامات، لا الٰہ الا ھو الکبیر المتعال، فبکی ابن الازرق، و قال ما احسن کلامک، فقال لہٗ بلغنی انک تشھد علی ابی و علی اخی و علی بالکفر، فقال لہ الحسینؑ انی سائلک عن مسئلۃ فقال سل فسئلہ عن قولہ، و اما الجدار فکان لغلامین یتیمین فی المدینۃ، فقال یابن الازرق، من حفظ فی الغلامین، فقال ابو ھما فقال الحسینؑ ابوھما خیر ام رسول اللّٰہ فقال ابن الازرق قد انبانا اللّٰہ عنکم انکم قوم خصمون﴾

اے نافع جو شخص اپنے مذہب کی بنیاد قیاس پر رکھے گا ہمیشہ غوطے کھاتا اور راہِ راست سے ہٹا ہوا، کجروی میں مبتلا، راہ راست سے گمراہ اور غیر مستحسن اقوال کے ساتھ گویا رہے گا۔ اے نافع بن ارزق میں اپنے خدا کی وہی صفت بتا سکتا ہوں جو اس نے خود اپنی صفت بیان کر دی ہے۔ حساسات سے اس کا ادراک ممکن نہیں اور خلائق پر اس کا قیاس درست نہیں۔ وہ نزدیک ہے مگر جسمانی طور پر چسپیدہ نہیں۔ اور دور ہے مگر جسمانی طور پر علیحدہ نہیں۔ وہ ایک ہے مگر کسی مجموعہ کا جزو نہیں، نشانیوں سے پہچانا ہوا اور علامتوں سے توصیف کیا ہوا ہے۔ سوا اس بزرگ و بلند کے کوئی دوسرا معبود برحق نہیں۔ یہ سن کر ابن ارزق رونے لگا اور کہا: کیا خوب آپ کا بیان ہے۔ حضرت نے فرمایا: مجھے تو معلوم ہوا ہے کہ تم میرے والد بزرگوار اور بھائی کو اور خود مجھے کافر سمجھتے ہو۔ (اس پر وہ شرمندہ سا ہو گیا) حضرتؑ نے فرمایا: میں تم سے ایک سوال کرنا چاہتا ہوں۔ اس نے کہا: دریافت کیجئے۔ آپؑ نے یہ آیت پڑھی جو حضرت خضرؑ کے قصہ میں ہے کہ "وہ دیوار دو یتیم لڑکوں کی تھی۔" آپ نے فرمایا: اے ابن ارزق یہ لڑکوں کے بارے میں کس کے حقوق کا خیال کیا گیا۔ ارزق نے کہا: ان کے باپ کے حقوق کا، حضرت نے کہا (کہ سچ بتاؤ) ان کے باپ کا درجہ بلند تھا یا رسول اللہ ﷺ کا۔ ابن ارزق نے کہا کہ تم لوگوں کے بارے میں قرآن نے کہا ہے کہ یہ لوگ بڑے بحث کرنے والے ہیں۔

(۲) ایک خطبہ میں ارشاد فرماتے ہیں: ﴿ان الحلم زینۃ، و الوفاء مروۃ و الصلۃ نعمۃ و الاستکبار صلف، و العجلۃ سفہ، و السفہ ضعف، و الغلو ورطۃ، و مجالسۃ اھل الدنائۃ شر، و مجالسۃ اھل الفسوق ریبۃ﴾

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

بردباری زینت ہے، وفا تقاضائے انسانیت ہے، صلہ نعمت ہے، بڑا بننا بے غیرتی ہے، جلد بازی نادانی اور نادانی ضعف ہے، حد سے گزرنا باعث خطرہ ہے، کمینوں کی ہم نشینی بری اور فاسقوں کی ہم نشینی سبب تہمت ہے۔

(۳) دنیا سے پرہیز کرنے کے متعلق ارشاد فرماتے ہیں: یابن آدم تفکر، و قل این ملوک الدنیا و اربابها الذین عمروا خرابها، و احتفروا انهارها، و اغرسوا اشجارها، ومدنوا مدائنها، فارقوها وهم کارهون، و ورثها قوم اخرون، و نحن بهم عما قلیل لاحقون یا ابن آدم اذکر مصرعک، و فی قبرک مضجعک و موقفک بین یدی الله، تشهد جوارحک علیک یوم تزل فیه الاقدام و تبلغ القلوب الحناجر و تبیض وجوه، و تسود وجوه، و تبدوا السرائر و یوضع المیزان القسط، یابن آدم اذکر مصارع ابائک و ابنائک کیف کانوا و حیث حلوا و کانک عن قلیل، قد حللت محلهم و ضرت عبرة معتبر.

وانشد شعرا:

این الملوک التی عن حفظها غفلت — حتی سقاها بکاس الموت ساقیها

تلک المدائن فی الافاق خالیة — عادت خراباً و ذاق الموت بانیها

اموالنا لذوی الوارث تجمعها — و دورنا لخراب الدهر بانیها

اے فرزند آدم! غور کرو اور بتاؤ کہ شاہان دنیا اور دنیا والے کہاں ہیں؟ کدھر گئے وہ لوگ جنہوں نے اس دنیا کے ویرانوں کو آباد کیا۔ نہریں کھودیں، درخت لگائے۔ اس کے شہروں کو آباد کیا۔ وہ لوگ خواہش نہ رکھتے ہوئے بھی اس دنیا سے جدا ہو گئے اور ان کی جگہ دوسرے لوگ مالک بن بیٹھے۔ ہم لوگ بھی عنقریب ان سے جا ملیں گے۔ اے فرزند اپنے بچھڑنے اور قبر میں لیٹنے اور پھر بروز قیامت خداوند عالم کے سامنے کھڑے ہونے کو یاد کرو۔ جہاں تمہارے اعضاء تمہارے خلاف گواہی دیں گے اس دن جبکہ قدم پھسلیں گے اور دل حلق تک آ جائیں گے اور بعضوں کے چہرے سپید اور بعضوں کے سیاہ ہوں گے اور ڈھکی چھپی باتیں ظاہر ہو جائیں گی اور انصاف کی ترازو نصب کی جائے گی۔ اے فرزند آدم اپنے باپ دادا اور اپنی اولاد کے مرنے کو یاد کرو کہ پہلے وہ کہاں تھے اور اب کہاں ہیں اور تم بھی عنقریب انہیں لوگوں کی منزل میں جا پہنچو گے اور عبرت حاصل کرنے والے کے لیے نمونۂ عبرت بن جاؤ گے۔

اس کے بعد آپ نے یہ اشعار پڑھے ؎

کہاں ہیں وہ بادشاہ جو اپنی جانوں کو بچانے سے غافل رہے

یہاں تک کہ پلانے والے نے انہیں موت کا جام پلا دیا

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

دنیا میں ان کے شہر خالی ہیں

اور ویران ہو رہے ہیں اور ان کے بنانے والے نے موت کا مزہ چکھ لیا ہے

ہم اپنے مال وارث ہونے والوں کے لیے جمع کرتے ہیں

اور اپنے گھر زمانے کی تباہ کاریوں کے لیے بناتے ہیں

(۴) اہل بیتؑ رسولؐ کے فضائل اور ان کی اطاعت کے واجب ہونے کے سلسلہ میں ارشاد فرماتے ہیں: اس کا پس منظر یہ ہے کہ ایک بار امیر شام مدینہ میں آیا اور مجمع اشراف میں امام حسین علیہ السلام سے کچھ بیان کرنے کی خواہش کی۔ اس کا خیال تھا کہ شاید جنابؑ، معاویہ کا ذکر اچھائی کے ساتھ کریں گے مگر آپؑ منبر پر تشریف لے گئے۔ خدا کی حمد و ثنا کے بعد رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیجا، اس اثنا میں آپ نے ایک آدمی کو دوسرے سے یہ پوچھتے ہوئے سنا کہ ﴿من هذا الذی یخطب﴾ یہ کون تقریر کر رہا[1] ہے۔ آپؑ نے فرمایا: ﴿نحن حزب اللّٰه الغالبون و عترة رسول اللّٰه الاقربون و اهلبیته الطیبون و احد الثقلین، الذی جعلنا رسول اللّٰه ثانی کتاب اللّٰه تبارک الذی فیه تفصیل کل شئی لا یاتیه الباطل من بین یدیه ولا من خلفه، و المعول علینا فی تفسیره ولا یبطئنا تاویله بل نتبع حقائقه، فاطیعونا فان طاعتنا مفروضة اذ کانت بطاعة اللّٰه و رسوله مقرونة قال اللّٰه عزوجلّ اطیعو اللّٰه و اطیعو الرسول و اولی الامر منکم، فان تنازعتم فی شئی فردوه الی اللّٰه و الرسول، و قال ولو ردوه الی الرسول و اولی الامر منهم لعلمه الذین یستنبطونه منهم، ولولا فضل اللّٰه علیکم و رحمتهٗ لاتبعتم الشیطان الا قلیلا و احذرکم الاصغاء، الی هتاف الشیطان بکم فانه لکم عدوّ مبین فتکونوا کاولیائه الذین قال لهم، لا غالب لکم الیوم من الناس و انی جار لکم فلما ترأت الفئتان، نکص علی عقبیه و قال انی بری منکم، فتلقون للسیوف ضربا و للرماح ورد باو للعمد حطما و للسهام غرضا، ثم لا یقبل من نفس ایمانها لم تکن امنت من قبل او اکتسب فی ایمانها خیرا﴾

ہم اللہ کے غالب رہنے والے لوگ، پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قریب ترین عزیز اور آپؐ کے طیب و طاہر اہل بیت اور دو گراں قدر چیزوں میں سے ایک ہیں۔ ہمیں کو پیغمبرؐ نے کتاب خدا کا ثانی قرار دیا ہے۔ وہ کتاب خدا جس میں ہر چیز کی تفصیل موجود ہے اور باطل کا جس کے آس پاس گزر نہیں۔ کلام مجید کی تفسیر میں ہمیں پر اعتماد کیا جا سکتا ہے۔ ہم سے اس کی تاویلیں مخفی نہیں بلکہ ہم ہی اس کی حقیقتوں کی پیروی کرنے والے ہیں۔ پس تم ہماری اطاعت کرو کہ ہماری

---

[1] الدمعہ الساکبہ، ص ۲۷۴۔ مناقب شہر ابن آشوب، ج ۴، ص ۷۷ باترجمہ از بالاتہ الحسینؑ، ص ۲۵۔ (ایضاً عاشر بحار، ص ۱۴۷ وغیرہ)۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

اطاعت فرض ہے کیونکہ خدا اور رسولؐ کی اطاعت کے ساتھ ساتھ ہماری اطاعت کا ذکر کیا گیا ہے چنانچہ ارشادِ الٰہی ہے۔ خدا کی اطاعت کرو اور رسولؐ کی اور تم میں سے جو حقدار حکومت ہیں ان کی اطاعت کرو۔ اگر تم میں کسی بات میں نزاع واقع ہو تو اس امر میں خدا اور رسولؐ کی طرف رجوع کرو۔ یہ بھی خداوند عالم نے فرمایا ہے کہ "اگر تم خدا اور رسولؐ اور اپنے حقداران حکومت سے رجوع کرتے تو یقیناً وہ لوگ جو تحقیق کرنے والے ہیں اس کو سمجھ لیتے اور اگر تم پر خدا کا فضل و کرم اور اس کی مہربانی نہ ہوتی۔ تو تھوڑے آدمیوں کے سوا تم سب کے سب شیطان کی پیروی کرنے لگتے۔" میں تمہیں خبردار کرتا ہوں کہ شیطان جو تمہارے کانوں میں کہتا رہتا ہے تو اس کے کہنے پر کان نہ دھرنا کیونکہ وہ تمہارا کھلا دشمن ہے۔ اگر تم اس کی باتوں پر کان دھرو گے تو اس کے ان پیروؤں کی طرح ہو جاؤ گے جن سے شیطان نے کہا تھا کہ "آج کے دن تم پر کوئی غالب نہیں آ سکتا میں جو تمہارے ساتھ ہوں لیکن جب دونوں جماعتوں میں مڈبھیڑ ہوگئی تو وہ الٹے پیروں بھاگ کھڑا ہوا اور کہنے لگا کہ مجھے تم سے کوئی سروکار نہیں" اور نتیجہ یہ ہوگا کہ تم تیر و تلوار نیزہ و گرز گراں کی زد پر آ جاؤ گے پھر اس وقت کسی شخص کا ایمان لانا قابل قبول نہ ہوگا تاوقتیکہ وہ پہلے سے ایمان نہ لایا ہو اور عملی حیثیت سے اپنے ایمان کا ثبوت نہ پیش کیا ہو۔

امامؑ کے کلامِ منظوم کا نمونہ

SIBTAIN.COM
Presented By: www.jafrilibrary.com

عمدہ نثر کی طرح اچھی نظم میں اپنے مافی الضمیر کو ادا کرنا بھی فصاحت و بلاغت کا ایک شعبہ اور ذوق سلیم اور طبع کے مستقیم ہونے کی علامت ہے۔ امامؑ کو مبداء فیض سے اس میں سے بھی حظ وافر ملا تھا۔ ذیل میں اختصار کے ساتھ آپ کا کلام منظوم بطور نمونہ پیش کیا جاتا ہے۔

(۱) روزِ عاشورا مبارزت کے وقت[1] اور بروایتِ شہادتِ علی اصغرؑ کے بعد[2] جنابؑ نے یہ اشعار آبدار پڑھے:

کفر القوم و قدماً رغبوا — عن ثواب اللّٰہ رب الثقلین
قتلوا قدماً علیا و ابنہٗ — حسن الخیر کریم الطرفین
حنقاً منھم و قالوا اجمعوا — و احشروا الناس الی حرب الحسینؑ
یا لقوم من اناس رذل — جمعوا الجمع للاھل الحرمین
ثم صاروا و تواصوا کلھم — باجتیاحی لرضاء الملحدین
لم یخافوا اللّٰہ فی سفک دمی — لعبید اللّٰہ نسل الکافرین
و ابن سعد قد رمانی عنوۃً — بجنود کوکوف الھاطلین

---

[1] نفس المہموم، ص ۱۸۶۔
[2] تمام، ص ۳۸۵۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

لا لشیٔ کان منی قبل ذا — غیر فخری بضیاء الفرقدین
بعلیٌ الخیر من بعد النبیٌ — و النبی القرشی الوالدین
خیرة اللّٰہ من الخلق ابی — ثم امی فانا ابن الخیرتین
انا فضة قد خلصت من ذهب — فانا الفضة و ابن الذهبین
من له جد کجدی فی الوریٰ — او کشیخی فانا من العلمین
فاطمة الزهراء امی و ابی — قاصم الکفر ببدر و حنین
عبد اللّٰہ غلاماً یا فعاً — و قریش یعبدون الوثنین
یعبدون اللات و العزی معاً — و علی کان یصلی القبلتین
فابی شمس و امی قمر — فانا الکوکب و ابن القمرین
وله فی یوم اجد وقعة — شفت الغل بغض العسکرین
ثم فی الاحزاب و الفتح معاً — کان فیها حتف اهل القبلتین
فی سبیل اللّٰہ ماذا صنعت — امة السوء معاً بالعترتین
عترة البر النبی المصطفیٰ — و علی الورد یوم الحجضلین

(۲) مندرجہ ذیل اشعار بھی آپؑ روز عاشورا مبارزت کے وقت پڑھتے تھے ؎

انا بن علی المطهر من ال هاشم — کفانی بهذا مفخراً حین افخر
و جدی رسول اللّٰہ اکرم من مشی — و نحن سراج اللّٰہ فی الخلق یزهر
و فاطمة امی من سلالة احمد — و عمی یدعی ذا الجناحین جعفر
و فینا کتاب اللّٰہ انزل صادقاً — و فینا الهدیٰ و الوحی بالخیر یذکر
و نحن امان اللّٰہ للناس کلهم — نسرّ بهذا فی الانام و نجهر
و نحن ولاة الحوض نسقی ولاتنا — بکاس رسول اللّٰہ ما لیس ینکر
و شیعتنا فی الناس اکرم شیعة — و مبغضنا یوم القیامة یخسر

(۳) اشعار ذیل بھی جناب سید الشہداء علیہ السلام کی جودت طبع کا نتیجہ ہیں ؎

فان تکن الدنیا تعد نفیسة — فان ثواب اللّٰہ اعلیٰ و انبل
و ان تکن الابدان للموت انشأت — فقتل امرء بالسیف فی اللّٰہ افضل

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

و ان تکن الارزاق قسماً مقدراً فقلة سعی المرء فی الکسب اجمل
و ان تکن الاموال للترک جمعها فما بال متروک به المرء یبخل
(نفس المہموم، ص ۱۱۷، عاشر بحار، ص ۲۰۳)

آنجناب علیہ السلام کے اکثر خطب و مواعظ آگے چل کر ہم مناسب مقامات پر پیش کریں گے انشاء اللہ۔ دیدہ ور حضرات کے لیے اتنی مقدار ہی اثبات مدعا کے لیے کافی ہے کیونکہ اگر ؎

قطرہ میں دجلہ دکھائی نہ دے اور جز میں کل کھیل بچوں کا ہوا دیدۂ بینا نہ ہوا

امام حسین علیہ السلام کے کمالاتِ عملیہ کے بعض نمونے

جود و سخا و عرفان منزلت

امام عالی مقام علیہ السلام کے عظیم عملی کارناموں سے صفحات تاریخ چھلک رہے ہیں یہاں صرف بطور نمونہ بعض واقعات کا تذکرہ کیا جاتا ہے۔ اخلاقی فضائل میں سے سخاوت ایک بہت بڑی اچھی خصلت ہے۔ اس کی افراط سے اسراف اور تفریط سے بخل جنم لیتے ہیں لہٰذا سخاوت میں محل و بے محل اور اہل و نا اہل کا خیال کرنا بھی ضروری ہوتا ہے خاندان نبوت سے بہتر اس کے صحیح مقام کو اور کون پہچان سکتا تھا۔ وہ سخاوت کرتے وقت یہ معلوم کر لیتے تھے کہ کون کس قدر مروت و احسان کا حقدار ہے؟ پھر اس کے استحقاق کے مطابق اس کے ساتھ حسن سلوک فرماتے تھے۔

(۱) چنانچہ ایک مرتبہ ایک آدمی نے حضرت امام حسین علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا: یا ابن رسول اللہؐ! میں نے کامل دیت کی ضمانت دی ہے اور اس کی ادائیگی سے قاصر ہوں۔ میں نے خیال کیا کہ کسی کریم و سخی ترین انسان سے سوال کروں اور جب سوچا تو خاندانِ نبوت سے زیادہ کریم و شریف کسی کو نہ پایا۔ اس لیے آپ سے متدعی ہوں کہ اس کی ادائیگی کا کوئی بندوبست کر دیجئے۔ آنجنابؑ نے فرمایا: او فلاں! میں تم سے تین مسئلے دریافت کرتا ہوں۔ اگر ایک مسئلہ کا جواب دیا تو ۳ — ۱ دیت ادا کروں گا اور اگر دو کا دیا تو ۳ — ۲ اور اگر تینوں کا صحیح جواب دے دیا تو پھر پوری دیت ادا کر دوں گا۔ اعرابی نے یہ سن کر عرض کیا: یا ابن رسول اللہؐ! آپ جیسا صاحب علم و فضل سوال کرے، میری کیا مجال ہے کہ جواب دے سکوں۔ آپؑ نے فرمایا: میں نے اپنے جد نامدار سے سنا ہے کہ ﴿المعروف بقدر المعرفت﴾ معرفت کے مطابق حسن سلوک کرنا چاہئے۔ اعرابی نے عرض کیا: اچھا پوچھئے۔ اگر جواب معلوم ہوا تو عرض کروں گا ورنہ جنابؑ سے ہی استفادہ کروں گا۔ ﴿ولا حول ولا قوة الا باللّٰہ﴾ امام عالی مقام علیہ السلام نے فرمایا: ﴿ای الاعمال افضل؟﴾ افضل ترین عمل کون سا ہے؟ اعرابی نے عرض کیا: ﴿الایمان باللّٰہ﴾ اللہ پر ایمان لانا۔ امامؑ نے فرمایا: ﴿فما النجاة من المهلكة؟﴾ ہلاکت سے بچنے کا ذریعہ کیا ہے؟ اعرابی نے عرض کیا: ﴿الثقة

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

باللہ ﴾ خدا پر بھروسہ کرنا۔ پھر آنجنابؑ نے فرمایا: ﴿فما یزین الرجل؟ ﴾ انسان کے لیے باعث زینت کیا ہے؟ اعرابی نے عرض کیا: ﴿علم معه حلم ﴾ وہ علم جس کے ساتھ بردباری ہو! امامؑ نے فرمایا: اگر یہ موجود نہ ہو تو پھر؟ اس نے عرض کیا: ﴿مال معه مروة ﴾ پھر وہ مال جس کے ساتھ سخاوت ہو۔ امامؑ نے فرمایا: اگر یہ بھی نہ ہو تو پھر؟ اس نے عرض کیا: ﴿فقر معه صبر ﴾ پھر وہ فقر و فاقہ ہو جس کے ساتھ صبر و شکر ہو۔ امامؑ نے فرمایا: اگر یہ بھی نہ ہو تو پھر کیا؟ اعرابی نے کہا: ﴿فصاعقة تنزل من السماء فتحرقه فانه اهل لذلک! ﴾ پھر آسمان سے بجلی گرے جو اسے جلا کر راکھ کر دے کیونکہ اس صورت میں وہ اسی بات کا مستحق ہے۔ اعرابی کا یہ جواب سن کر امام علیہ السلام مسکرائے اور ہزار دینار کی تھیلی اسے مرحمت فرمائی اور مزید برآں اسے ایک انگوٹھی عطا کی جس کے نگینہ کی قیمت دو سو درہم تھی اور فرمایا: ﴿یا اعرابی اعط الذهب الی غرمائک و اصرف الخاتم فی نفقتک! ﴾ اے اعرابی یہ سونا (اشرفیاں) تو اپنے طلبگاروں کو دے اور یہ انگوٹھی اپنی ضروریات پر صرف کر۔

اعرابی نے یہ آیت پڑھتے ہوئے کہ ﴿اَللّٰهُ اَعْلَمُ حَيْثُ يَجْعَلُ رِسَالَتَهٗ ﴾ وہ تھیلی اور انگوٹھی لے لی اور چلتا بنا۔[1]

(۲) عبدالرحمٰن سلمی نے آنجنابؑ کے کسی شہزادے کو سورۂ حمد پڑھائی۔ امام علیہ السلام نے سنی اور سن کر بہت خوش ہوئے۔ معلم کو ایک ہزار دینار، ایک ہزار کپڑوں کا جوڑا مرحمت فرمایا اور اس کا منہ موتیوں سے بھر دیا۔ کسی نے عرض کیا: مختصر سے کام کے عوض اس قدر عطائے کثیر؟ آپؑ نے فرمایا: ﴿این یقع هذا من عطائه ﴾ جو کچھ اس نے عطا کیا ہے۔ (سورۂ حمد یاد کرائی ہے) اس سے میری عطا کو کیا نسبت ہے۔[2] اس کے بعد یہ اشعار آبدار پڑھے۔

ع اذا جادت الدنیا علیک فجد بها — علی الناس طراً قبل ان تتفلت

فلا الجود یفنیها اذا هی اقبلت — ولا البخل یبقیها اذا ما تولت

اس واقعہ سے معلمین قرآن کی قدر و منزلت کا اندازہ کیا جا سکتا ہے۔ اگرچہ معلمین کو تعلیم قرآن کی اجرت طے نہیں کرنا چاہیے مگر بچوں کے والدین کو خود خیال رکھنا چاہیے اور زیادہ سے زیادہ ان کی خدمت کرنی چاہیے۔

ہمدردیٔ خلائق

شفقت علی الخلق وہ جلیل القدر صفت ہے کہ جس سے انسان کی انسانیت کا جوہر کھلتا ہے۔ حدیث نبویؐ میں وارد ہے: ﴿خیر الناس من نفع الناس ﴾ بہترین خلائق وہ آدمی ہے جو سب سے زیادہ لوگوں کو نفع پہنچائے۔ جس

---

[1] عاشر بحار، ص ۱۴۵۔ دمعۂ ساکبہ، ص ۲۷۳، ۲۷۴۔ مقتل الحسینؑ خوارزمی، ج ۱، ص ۱۵۶، ۱۵۷، طبع نجف اشرف۔

[2] عاشر بحار، ص ۱۴۴۔ دمعۂ ساکبہ، ص ۲۷۳۔ مناقب شہر ابن آشوب، ج ۴، ص ۷۶، طبع بمبئی۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

شخص میں انسانی ہمدردی نہیں وہ فی الحقیقت جوہر انسانیت سے عاری ہے ؎

عبادت بجز خدمت خلق نیست　　بتسبیح و سجادہ و دلق نیست

دیگر صفاتِ جلیلہ کی طرح اس صفت میں بھی ائمہ اہل بیت علیہم السلام بے نظیر نظر آتے ہیں۔ وہ کسی ستم رسیدہ انسان کی تکلیف گوارا نہ کر سکتے تھے اور اس کی تکلیف رفع کرنے میں مقدور بھر سعی بلیغ فرماتے۔ حضرت امام حسین علیہ السلام کی شفقت علی الخلق زبان زد خاص و عام ہے۔ ذیل میں ایک دو واقعات بطور تبرک ذکر کیے جاتے ہیں۔

(۱) ایک مرتبہ آپؑ اسامہ بن زید کی بیماری میں اس کی بیمار پرسی کے لیے تشریف لے گئے۔ اسامہ نے کہا: ﴿و اغماہ﴾ (ہائے غم) آنجنابؑ نے دریافت کیا: اے بھائی تجھے کیا غم ہے؟ اسامہ نے عرض کیا: ساٹھ ہزار درہم کا مقروض ہوں۔ امامؑ نے فرمایا: غم نہ کر۔ یہ قرض میں ادا کر دوں گا۔ اسامہ نے کہا: کہیں اس کی ادائیگی سے قبل میں مر نہ جاؤں؟ آنجنابؑ نے فرمایا: مطمئن رہو۔ تمہاری وفات سے پہلے ادا کر دوں گا۔ چنانچہ ان کی وفات سے پہلے ان کا وہ تمام قرضہ چکا دیا آنجنابؑ فرمایا کرتے تھے۔ بادشاہوں میں تین خصلتیں بہت بری ہیں۔ (۱) طاقت ور دشمنوں سے بزدلی (۲) کمزور لوگوں پر ظلم و ستم۔ (۳) عطا و بخشش کے وقت بخل۔[1]

(۲) حضرت امام حسین علیہ السلام بیان کرتے ہیں کہ ایک مرتبہ میں نے ایک غلام کو دیکھا کہ وہ کتے کو روٹی کھلا رہا ہے۔ میں نے اس کا سبب دریافت کیا۔ اس نے کہا: میں غمزدہ ہوں۔ اس کتے کو خوش کر کے اپنی خوشی کا خواہشمند ہوں کیونکہ (میں مسلمان ہوں) اور میرا مالک یہودی ہے جس سے میں علیحدگی چاہتا ہوں۔ امامؑ فرماتے ہیں میرے نزدیک میرے جد نامدار کا یہ فرمان ثابت تھا کہ ﴿افضل الاعمال بعد الصلوٰۃ ادخال السرور فی قلب المؤمنین بما لا اثم فیہ﴾ نماز کے بعد بہترین عمل یہ ہے کہ بغیر گناہ کا ارتکاب کیے اہل ایمان کو خوش کیا جائے۔ چنانچہ میں اس کی قیمت دو سو (۲۰۰) دینار لے کر اس کے سردار یہودی کے پاس گیا اور اپنا مدعا بیان کیا۔ یہودی نے کہا: ﴿الغلام فداہ لخطاک و ھذا البستان لہ. و رددت علیک المال﴾ غلام آپؑ کے قدموں کا صدقہ ہے (یہ آپ کا مال ہے) اور یہ باغ بھی اس کا ہے اور آپ کی رقم بھی واپس کرتا ہوں۔ میں نے کہا: ﴿و انا قد وھبت لک المال﴾ میں یہ رقم تم کو ہبہ کرتا ہوں۔ یہودی نے کہا: ﴿قبلت المال و وھبتہ للغلام﴾ میں اسے قبول کر کے غلام کو ہبہ کرتا ہوں۔ امامؑ نے فرمایا: ﴿اعتقت الغلام و وھبت لہ جمیعاً﴾ اور میں غلام کو (جو میری ملکیت میں داخل ہو چکا تھا) آزاد کر کے یہ سب مال و منال اسے بخشتا ہوں۔ یہ مظاہرہ دیکھ کر اس غلام کی بیوی نے کہا: ﴿قد اسلمت و وھبت زوجی مھری﴾ میں اسلام قبول کرتی ہوں اور اپنا حق مہر بھی اسے معاف کرتی

---

[1] عاشر بحار، ص ۱۴۳۔ دمعۂ ساکبہ، ۲۷۳۔ مناقب، ج ۴، ص ۷۶۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

ہوں۔ یہ منظر دیکھ کر یہودی نے کہا: ﴿و انا ایضاً اسلمت و اعطیتها هذه الدار﴾ میں بھی اسلام لاتا ہوں اور یہ گھر بھی اس عورت کو عطا کرتا ہوں۔[1] ﴿اللّٰهم صل علی محمد و ال محمد﴾

تواضع اور بخشش

فروتنی و انکساری جس کی ضد تکبر و غرور ہے دیگر اخلاقی فضائل کی طرح ایک بہت بڑی عمدہ اخلاقی صفت ہے۔ دوسری صفات جلیلہ کی طرح یہ صفت بھی ائمہ اطہار علیہم السلام میں بدرجۂ اتم و اکمل پائی جاتی تھی۔ وہ آیت مبارکہ ﴿تِلْكَ الدَّارُ الْاٰخِرَةُ نَجْعَلُهَا لِلَّذِيْنَ لَا يُرِيْدُوْنَ عُلُوًّا فِي الْاَرْضِ وَلَا فَسَادًا وَ الْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِيْنَ﴾ کے صحیح مصداق تھے۔ نیز ﴿اذلة علی المؤمنین و اعزة علی الکافرین﴾ انہی کی شان میں وارد تھا۔ حضرت امام حسین علیہ السلام کی تواضع پسندی اور غرباء و مساکین پر شفقت و مہربانی مشہور عالم تھی۔

(۱) ایک بار آپ چند مساکین کے پاس سے گزرے جو ایک چادر پر روٹیوں کے کچھ ٹکڑے پھیلائے بیٹھے تھے۔ آپ نے ان پر سلام کیا۔ انہوں نے جواب سلام کے بعد آپ کو دعوت شرکت دی۔ آپ ان کے ہمراہ دوزانو ہو کر بیٹھ گئے اور فرمایا: ﴿لو لا انه صدقة لاکلت معکم﴾ اگر یہ روٹیاں صدقہ کی نہ ہوتیں (جو کہ ہم پر حرام ہے) تو ضرور میں تمہارے ساتھ کھانے میں شریک ہو جاتا۔ اس کے بعد ان سے فرمایا: میرے گھر چلو چنانچہ ان کو گھر لے جا کر عمدہ کھانا کھلایا، کپڑے پہنائے اور چند درہم بھی عطا فرمائے۔[2]

(۲) روز عاشور حضرت امام حسین علیہ السلام کی شہادت عظمیٰ کے بعد ان کی پشت اقدس پر گھٹوں کے کچھ نشان دیکھے گئے۔ حضرت امام زین العابدین علیہ السلام سے اس کا سبب پوچھا گیا۔ آپؑ نے فرمایا: ﴿هذا مما کان ینقل الجراب علی ظهره الی منازل الارامل و الیتامی و المساکین﴾ کہ آنجناب بیواؤں، یتیموں اور غریبوں اور مسکینوں کے گھروں میں ضروریات زندگی اپنی پشت پر اٹھا کر لے جاتے تھے۔ یہ اسی بار برداری کے آثار ہیں۔[3]

عفو و درگزر

باوجودیکہ انسان بدلہ لینے پر قدرت رکھتا ہو اور پھر بھی عفو و صفح سے کام لے۔ یہ صفت جلیلہ لاکھوں میں سے کسی ایک میں ہوتی ہے۔ خداوند عالم نے اپنے مخصوص بندوں کی صفات خاصہ میں اس صفت جلیلہ کو بھی خاص طور پر ذکر فرمایا ہے کہ ﴿وَ الْكَاظِمِيْنَ الْغَيْظَ وَ الْعَافِيْنَ عَنِ النَّاسِ﴾ کہ وہ اپنے غصہ کو پی جاتے ہیں اور جرم معاف کر

---

[1] عاشر بحار، ص ۱۴۵۔ دمعۂ ساکبہ، ۱۷۳۔ مناقب، ج ۴، ص ۸۱۔

[2] عاشر بحار، ص ۱۴۴۔ الدمعۃ ساکبہ، ۱۷۳۔ مناقب، ج ۴، ص ۷۶۔

[3] مناقب ابن شہر آشوب، ج ۴، ص ۷۶۔ عاشر بحار، ص ۱۴۴۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

دیا کرتے ہیں۔ ائمہ اہل بیت علیہم السلام ہمیشہ لوگوں کی لغزشوں کو نظر انداز فرما دیا کرتے تھے۔ حضرت امام حسین علیہ السلام کو منجانب اللہ یہ جلیل صفت وافر مقدار میں ملی تھی۔ ایک مرتبہ آپ کے کسی غلام سے کوئی ایسا قصور سرزد ہوا جس کی وجہ سے وہ مستوجب سزا قرار پاتا تھا۔ آنجنابؑ نے حکم دیا کہ اسے کوڑے لگائے جائیں۔ اس غلام نے فوراً کہا: ﴿مولائی و الکاظمین الغیظ﴾ میرے آقا! خدا فرماتا ہے میرے خالص بندے وہ ہوتے ہیں جو غصہ کو ضبط کر لیتے ہیں۔ امامؑ نے فرمایا: ﴿خلّوا عنه﴾ اسے چھوڑ دو۔ اس نے آیت کا دوسرا ٹکڑا پڑھا: ﴿یا مولائی و العافین عن الناس﴾ میرے آقا خدا کے خالص بندے تو مجرموں کو ان کا جرم معاف کر دیا کرتے ہیں۔ امامؑ نے فرمایا: ﴿عفوت عنک﴾ میں نے تجھے معاف کر دیا۔ غلام نے آیت کا آخری حصہ پڑھا: ﴿یا مولائی واللّٰہ یحب المحسنین﴾ خدا تو نیکی کرنے والوں کو دوست رکھتا ہے۔ امامؑ نے یہ سن کر فرمایا: ﴿انت حر لوجه اللّٰہ و لک ضعف ما کنت اعطیک﴾ جا تجھے میں راہ خدا میں آزاد کرتا ہوں اور جو کچھ پہلے تجھے ملتا تھا اس کا دو چند بھی دیتا ہوں۔[1]

ایک مرتبہ آپؑ بیت الخلاء میں داخل ہوئے وہاں روٹی کا ایک لقمہ دیکھا۔ اٹھا کر غلام کو دیا کہ جب میں باہر آؤں تو یہ لقمہ مجھے دینا۔ غلام نے (پاک صاف کر کے) وہ لقمہ کھا لیا۔ جب آپؑ باہر تشریف لائے تو پوچھا: او فلاں وہ لقمہ کہاں ہے؟ غلام نے عرض کیا: میرے آقا! وہ تو میں نے کھا لیا ہے۔ یہ سننا تھا کہ امامؑ نے فرمایا: ﴿انت حر لوجه اللّٰہ﴾ جا تو راہ خدا میں آزاد ہے۔ کسی نے عرض کیا: یا ابن رسول اللہ! اتنی سی بات پر اسے پروانہ آزادی دے دیا۔ آپ نے جواباً فرمایا: ﴿سمعت جدی صلی اللّٰہ علیه و اله یقول من وجد لقمة ملقاة فمسح منها ما مسح و غسل منها ما غسل ثم اکلها لم یسغها فی جوفه حتی یعتقه اللّٰہ من النار. ولم اکن لاستعبد رجلاً اعتقه اللّٰہ من النار﴾ میں نے اپنے جد نامدارؐ سے سنا ہے کہ جو شخص کہیں لقمہ پڑا ہوا دیکھ لے اور اگر صاف کرنے کے قابل ہے تو اسے صاف کر کے یا دھونے کے لائق ہے تو دھو کر اسے کھا لے تو قبل اس کے کہ وہ اس کے پیٹ میں ہضم ہو۔ خدا اسے آتش جہنم سے آزاد کر دیتا ہے۔ میں نہیں چاہتا کہ ایک ایسے شخص کو غلام رکھوں جسے خدا نے آتش جہنم سے آزاد کر دیا ہے۔[2]

عبادت و زہادت

عبادت وہ گراں قدر چیز ہے جسے خلاق عالم نے جن و انس کی خلقت کی اصلی غرض و غایت قرار دیا ہے۔ ﴿وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَ الْاِنْسَ اِلَّا لِیَعْبُدُوْنَ﴾ لہٰذا جو شخص جس قدر عبادت الٰہی زیادہ اور خلوص و خشوع سے کرے

---

[1] عاشر بحار، ص ۱۷۵۔ الدمعۃ الساکبہ، ۲۷۲۔ [2] الدمعۃ الساکبہ، ۲۷۲ وغیرہ۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

گا اسی قدر اس کا مقام انسانیت بلند سے بلند تر متصور ہوگا۔ بلا خوف رد کہا جا سکتا ہے کہ دنیا میں جس طرح سرکار محمد و آل محمد علیہم السلام نے خشوع و خضوع اور خلوص کے ساتھ عبادت ایزدی کی ہے کہیں اور اس کی مثال کا ملنا ناممکن ہے۔ حضرت امام حسین علیہ السلام بھی اسی خانوادۂ عصمت و طہارت کے رکن رکین ہیں جس مقدس ہستی نے سرکار محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، جناب علی مرتضیٰ علیہ السلام اور حضرت فاطمہ زہرا سلام اللہ علیہا ایسے عبادت گزاروں کی آغوش عصمت میں پرورش پائی ہو۔ اس کی عبادت و اطاعت کا کوئی اندازہ لگا سکتا ہے؟

روایات میں وارد ہے کہ جب جناب امام حسین علیہ السلام نماز کے لیے وضو فرماتے تھے تو ﴿تغیر لونہ و ارتعدت مفاصلہ﴾ رنگ مبارک متغیر ہو جاتا اور اعضا میں کپکپی پیدا ہو جاتی تھی۔ لوگوں کے عرض کرنے پر کہ فرزند رسول آپ کی یہ حالت کیوں ہو جاتی ہے؟ فرماتے تھے: ﴿حق لمؤمن وقف بین یدی الملک الجبار ان یصفر لونہ و ارتعدت مفاصلہ﴾ مؤمن کو چاہیے کہ وہ جب اپنے جبار و قہار بادشاہ کی بارگاہ میں حاضر ہو تو اس کا رنگ زرد پڑ جائے اور جوڑوں میں کپکپی پیدا ہو جائے۔[1]

(۱) ایک مرتبہ کسی شخص نے عرض کیا۔ مولا! آپ اس قدر خدا سے کیوں ڈرتے ہیں؟ فرمایا: ﴿لا یامن یوم القیامۃ الامن خاف اللہ فی الدنیا﴾ بروز قیامت وہی لوگ امن و امان میں ہوں گے جو دنیا میں خدا سے ڈرتے ہیں۔[2] و لنعم ما قیل ؎

خواہی کہ روز حشر کنی خندہ بایدت — امروز راز مصیبت فردا اگر یستن

(۲) کسی شخص نے حضرت امام زین العابدین علیہ السلام سے پوچھا کہ آپ کے والد ماجد کی اولاد کم کیوں ہے؟ آپؑ نے فرمایا: ﴿اتعجب کیف ولدت و لقد کانؑ یصلی فی الیوم و اللیلۃ الف رکعۃ﴾ مجھے تو بہت عجب ہے کہ ہماری ولادت کیونکر ہوگئی؟ آنجنابؑ تو شب و روز میں ایک ہزار رکعت نماز پڑھا کرتے تھے۔[3]

ارباب سیر و تواریخ نے لکھا ہے کہ آنجنابؑ نے پورے پچیس حج پیادہ پا کیے حالانکہ سواریاں ہمراہ[4] ہوتی تھیں۔ ایک مرتبہ کسی نے دریافت کیا: فرزند رسولؐ جب سواری موجود ہے تو پھر سوار کیوں نہیں ہوتے؟ اور اگر سوار نہیں ہونا تو پھر سواری ہمراہ کیوں لاتے ہیں؟ فرمایا: سوار اس لیے نہیں ہوتے کہ خدا سے حیا دامن گیر ہوتی ہے کہ اس کے گھر کی زیارت کو جائیں اور سوار ہو کر جائیں اور سواری اس لیے ساتھ لاتے ہیں کہ کوئی یہ نہ سمجھے کہ ہم مجبوری کی بنا

---

[1] دمعہ ساکبہ، ص ۲۷۲ بحوالہ عوالم۔ [2] مناقب، ص ۷۸۔ دمعہ ساکبہ، ص ۲۷۲۔

[3] عاشر بحار، ص ۱۷۵۔ دمعہ ساکبہ، ص ۲۷۲ بحوالہ العقد الفرید لابن عبد ربہ اندلسی۔

[4] مناقب، ص ۷۸۔ دمعہ ساکبہ، ص ۲۷۲، کذا فی الناسخ والتمقام۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

پر پیدل چل رہے ہیں کہ سواری ملتی نہیں ہے۔

آپؑ کو عبادت الٰہی کا اس درجہ شوق تھا کہ شب عاشور آپؑ نے محض عبادت کے لیے بمشکل پسر سعد سے مہلت لی تھی۔ شب عاشورا سخت رات تھی۔ دنیا بھر کے مصائب حضرتؑ پر ہجوم کیے ہوئے تھے ایسے وقت میں بکمال شوق اور انتہائی خضوع و خشوع سے عبادت کرنا انہی کا کام تھا اور اس سے بھی زیادہ سخت وقت نماز ظہر کا تھا۔ فوج مخالف سے تیروں کی بارش ہو رہی تھی۔

ایک زخمی مظلوم کو چاروں طرف سے دشمن گھیرے ہوئے تھے۔ وار پر وار کر رہے تھے اور حسینؑ ایسے وقت میں نماز ادا فرما رہے تھے[1] ؎

نہ مسجد میں نہ بیت اللہ کی دیواروں کے سائے میں
نماز عشق ادا ہوتی ہے تلواروں کے سائے میں

شجاعت و شہامت

اس میں کوئی شک و شبہ نہیں کہ صفات نفسانی میں صفت ''شجاعت'' کو نہایت بلند مقام حاصل ہے لیکن وہ تہور اور جبن کے درمیان ایسا خط ہے جو بال سے زیادہ باریک اور تلوار سے زیادہ تیز ہے۔ معمولی سے افراط سے تہور (اجڈ پن) پیدا ہو جاتا ہے اور ذرا سی تفریط سے ''جبن'' (بزدلی) جنم لے لیتی ہے۔ عوام الناس عموماً شجاعت کا حقیقی مفہوم سمجھنے میں غلطی کا شکار رہے ہیں۔ وہ شجاعت کے یہ معنی سمجھتے ہیں کہ انسان موقع و محل دیکھے بغیر ہر جگہ سینہ تان کر اور شمشیر بکف ہو کر مرنے اور مارنے پر آمادہ ہو جائے حالانکہ یہ شجاعت نہیں بلکہ اجڈ پن ہے۔ شجاعت میں موقع و محل کی مناسبت کو دیکھنا ضروری ہوتا ہے۔ ہر موقع کی مناسبت سے مناسب اقدام کا نام شجاعت ہے۔ شجاع وہ ہے کہ اگر شمشیر زنی میں مصلحت ہو تو تمام خطرات کو بالائے طاق رکھ کر میدان قتال و جدال میں کود پڑے اور اگر عواقب پر نگاہ کرتے ہوئے اپنے مقصد کا تحفظ تلوار کو نیام کے اندر کرنے میں پوشیدہ ہو تو وہاں صبر و ضبط سے کام لے کیونکہ ؎

نہ ہر جا تواں مرکبے تاختن — کہ جاہا بود سپر انداختن

چونکہ ائمہ معصومین علیہم السلام شجاعت کے حقیقی مفہوم سے آگاہ اور صحیح معنوں میں شجاع تھے اس لیے دین کے تحفظ و بقا کی خاطر ان کا ہر اقدام موقع و محل کی مناسبت سے ہوتا تھا جہاں دیکھا دین کی بقا و صبر و سکون میں ہے وہاں ساکت و صامت ہو کر خانہ نشین ہو گئے اور جہاں شمشیر زنی میں مصلحت دیکھی وہاں شمشیر بکف ہو کر میدان کارزار میں اتر آئے۔ خود پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مقدس زندگی کے مختلف ادوار میں یہ اختلاف عمل نمایاں طور پر نظر آتا

---

[1] اخلاق ائمہ، ص ۴۵۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

ہے۔ کیا کوئی مسلمان یہ جرأت کر سکتا ہے کہ آپؑ کے کسی اقدام صلح یا جنگ پر بزدلی یا تہور کا الزام لگائے؟ پس جو تاویل پیغمبر اکرم ﷺ کے اختلاف عمل کی کی جائے وہی ائمہ اطہار ؑ کے مختلف اقدامات کی کرنی چاہیے۔ ہم نے اوپر اصل حقیقت بیان کر دی ہے کہ شجاعت نام ہی موقع و محل کے مناسب اقدام کا ہے۔ بنابریں امام حسن ؑ کے صلح کرنے اور امام حسین ؑ کے جنگ کرنے کا ایراد درجۂ اعتبار سے ساقط ہو جاتا ہے۔

بہر حال حضرت امام حسین ؑ میں جوہر شجاعت بدرجہ اتم و اکمل پایا جاتا ہے اگرچہ آپ اپنے عظیم والد کے حین حیات میں جنگ جمل و صفین میں اپنی شجاعت و شہامت کے جوہر دنیا کو دکھا چکے تھے مگر آپ کی شجاعت کا شاہکار معرکۂ کربلا ہے۔ بالخصوص روز عاشورا اور وہ بھی بعد از شہادت اصحاب و اقرباء۔ بعض راویان اخبار کا بیان ہے: ﴿فو اللہ ما رأیت مکثوراً قط قد قتل ولدہ و اھل بیتہ و اصحابہ اربط جاشاً منہ علیہ السلام و ان کانت الرجال لتشد علیہ فیشد علیھا بسیفہ فتنکشف عنہ انکشاف المعزی اذا شد فیھا الذئب و لقد کان یحمل فیھم و قد تکملوا ثلاثین الفاً فینھزمون بین یدیہ کانھم الجراد المنتشر۔ ثم یرجع الی مرکزہ و ھو یقول لا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم﴾ بخدا میں نے کبھی کثرت اعداء کے نرغہ میں گھرے ہوئے ایسے شخص کو جس کا سارا گھرانہ اس کی آنکھوں کے سامنے قتل ہو گیا ہو حسینؑ جیسا شجاع، ثابت قدم، مطمئن اور جری نہیں دیکھا۔ حالت یہ تھی کہ چاروں طرف سے پیادے حملہ کرتے تھے مگر جب امام حسین ؑ تلوار سونت کر ان پر حملہ کرتے تو وہ اس طرح بھاگ کھڑے ہوتے جس طرح بھیڑیے کے حملہ کے وقت بکریاں بھاگ جاتی ہیں حالانکہ ان کی تعداد تیس ہزار تھی۔ مگر امامؑ کے حملہ کے وقت یوں تتر بتر ہو جاتے جیسے منتشر شدہ ٹڈیاں ہوں[1] حتیٰ کہ ایسی حالت میں علاوہ زخمیوں کے ایک ہزار نو سو پچاس ناریوں کو واصل جہنم کیا۔[2]

ان حقائق کی روشنی میں صاحب کشف الغمہ کا یہ کہنا بالکل صحیح ہے کہ شجاعۃ الحسین علیہ السلام یضرب بھا المثل و صبرہ فی ماقط الحرب اعجز الاواخر و الاول۔ حسینؑ کی شجاعت ضرب المثل ہے اور مقامات حرب و ضرب میں ان کے صبر و ثبات نے اوائل و اواخر کو عاجز کر دیا ہے۔[3] و لنعم ما قیل ؎

حسین جان مصطفیٰؐ وہی سب اس میں عادتیں — پھر تھرتھرا گیا دکھائیں وہ شجاعتیں
زمین جگمگا اٹھی وہ دل سے کیں عبادتیں — تن حسینؑ پاک سے چمک رہی تھی آیتیں
رکوع کی، سجود کی، قیام کی، قعود کی

---

[1] نفس المہموم، ص ۱۸۷۔ ارشاد، ص ۲۶۴۔ ملہوف، ۱۰۴۔ [2] عاشر بحار، ص ۲۰۵۔ نفس المہموم، ص ۱۸۸۔
[3] کشف الغمہ اربلی، ص ۱۸۱، طبع ایران۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

چوتھا باب

حضرت امام حسین علیہ السلام کے بعض معجزات

معجزہ کے لغوی معنی ہیں "عاجز کنندہ" اور اصطلاح علماء متکلمین میں "معجزہ" خداوند عالم کے اس خارق عادت فعل کو کہا جاتا ہے جسے وہ اپنے کسی نبی یا اس کے وصی کے ہاتھوں پر ان کی صداقت وحقانیت ظاہر کرنے کے لیے ظاہر کرتا ہے بشرطیکہ اس فعل کا ظہور مقرون بالتحدی ہو اور دعوائے نبوت وامامت کے ساتھ ملا ہوا ہو لہٰذا اگر کسی نبیؑ یا امامؑ سے کوئی ایسا فعل اعلان نبوت وامامت سے قبل صادر ہو تو اسے اصطلاح میں "ارہاص" کہا جاتا ہے اور اگر نبیؑ یا امام کے علاوہ کسی اور مقدس بزرگ سے ایسا کوئی خارق عادت امر ظاہر ہو تو اسے "کرامت" کے نام سے تعبیر کیا جاتا ہے۔[1] معجزہ کی مذکورہ بالا اجمالی کیفیت سے واضح ہو جاتا ہے کہ معجزہ کا حقیقی فاعل خداوند عالم ہوتا ہے ہاں چونکہ حسب ظاہر اس کا ظہور نبی وامام سے ہوتا ہے اس لیے مجازاً ان کا فعل کہلاتا ہے یہی امر قرآن کریم، احادیث معصومینؑ اور تحقیقات علماء متقدمین ومتاخرین سے مستفاد ہوتا ہے۔ تفصیل کے شائقین ہماری کتاب "اصول الشریعہ فی عقائد الشیعہ" کے باب چہارم کا مطالعہ فرمائیں۔

بہرکیف اس بات پر سب اہل حق کا اتفاق ہے کہ خداوند عالم کے مقرر کردہ انبیاء ومرسلینؑ اور اوصیاءؑ وائمہ طاہرین صلوات اللہ علیہم اجمعین کا صاحب معجزہ ہونا ضروری ہے تاکہ صادق وکاذب کے درمیان بآسانی امتیاز ہو سکے۔ ائمہ اطہار علیہم السلام کے معجزات اس قدر کثیر التعداد ہیں کہ ان کا عد واحصاء کرنا مشکل ہے ہم ذیل میں تبرکاً وتیمناً صرف حضرت سید الشہداء روحی لہ الفدا کے چند معجزات کا تذکرہ کرتے ہیں۔

پہلا معجزہ

ابی خالد کابلی یحییٰ بن ام الطویل سے نقل کرتے ہیں۔ ان کا بیان ہے کہ ہم حضرت امام حسین علیہ السلام کی خدمت میں حاضر تھے کہ اس اثنا میں ایک نوجوان روتا ہوا آیا۔ آنجنابؑ نے اس سے رونے کا سبب پوچھا۔ اس نے کہا کہ ابھی ابھی میری والدہ کا انتقال ہوا ہے اور وہ بڑی مالدار تھی مگر وہ اس کے متعلق کوئی وصیت نہیں کر گئی اور نہ ہی اس کا کوئی اتہ پتہ بتا گئی ہے البتہ اس نے مجھے یہ حکم دیا تھا کہ اس کی تجہیز وتکفین وغیرہ سے قبل آپؑ کو اس کی موت کی اطلاع دے دوں۔ یہ سن کر امام علیہ السلام نے فرمایا: چلو اس مومنہ کے پاس چلیں۔ چنانچہ ہم اس کے گھر کے دروازے پر

---

[1] اصول الشریعہ فی عقائد الشیعہ، ص ۱۲۱ بحوالہ سبیل النجاۃ فی اصول الاعتقادات وغیرہ۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

پہنچے تو دیکھا کہ وہ عورت مردہ حالت میں کپڑے میں ڈھانپی ہوئی پڑی ہے۔ امام علیہ السلام نے دہلیز دروازہ کے پاس کھڑے ہوکر ﴿دعا اللّٰہ لیحھا حتّٰی توصی بما تحب من وصیتھا فاحیاھا اللّٰہ تعالٰی.....﴾ بارگاہ احدیت میں دعا کی تاکہ خدا اسے زندہ کرے اور وہ اپنے حسب منشاء وصیت کرے۔ امامؑ کی دعا کے نتیجہ میں قادر مطلق نے اس عورت کو زندہ کردیا اور وہ کلمۂ شہادت پڑھتی ہوئی اٹھ کر بیٹھ گئی۔

امام علیہ السلام کو دیکھ کر عرض کیا: ﴿ادخل البیت یا مولائی و مرنی بامرک﴾ میرے آقا اندر تشریف لائیے اور اپنے حکم سے آگاہ فرمائیے۔ چنانچہ امام عالی مقام علیہ السلام اندر تشریف لائے اور تکیہ پر بیٹھ گئے۔ پھر اس مؤمنہ سے فرمایا: ﴿وصی یرحمک اللّٰہ﴾ خدا تم پر رحم کرے اپنی وصیت کر۔ اس نے عرض کیا: یابن رسول اللہؐ میرے پاس اتنا اتنا مال ہے جو فلاں جگہ رکھا ہے اس کا تیسرا حصہ تو میں آپؑ کی نذر کرتی ہوں تاکہ آپ جہاں مناسب سمجھیں اپنے محبوں میں صرف فرمائیں۔ اور دو حصے اپنے اس بیٹے کو دیتی ہوں بشرطیکہ آپؑ کے نزدیک آپؑ کے محبوں میں شامل ہو۔ ورنہ یہ بھی آپ کا مال ہے۔ ﴿فلا حق للمخالفین فی اموال المؤمنین﴾ کیونکہ مخالفین کا اہل ایمان کے مال میں کوئی حق نہیں ہے۔ پھر اس مؤمنہ نے امامؑ سے التماس کیا کہ آپؑ اس پر نماز جنازہ پڑھائیں اور اس کی تجہیز و تدفین کا خود انتظام فرمائیں۔ اس کے بعد وہ سابقہ حالت کی طرف لوٹ گئی (یعنی مرگئی)۔[1]

SIBTAIN.COM
Presented By: www.jafrilibrary.com

دوسرا معجزہ

ایوب بن اعین حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کرتے ہیں کہ امام حسین علیہ السلام کے زمانہ میں ایک عورت ایام حج میں طواف کررہی تھی اور ان کے پیچھے پیچھے ایک مرد بھی طواف میں مشغول تھا۔ اثناءِ طواف میں عورت نے اپنی کلائی باہر نکالی اور اس مرد نے اپنا ہاتھ اس کی کلائی پر رکھ دیا۔ خدا نے اس کا ہاتھ وہیں کلائی میں گاڑ دیا۔ طواف منقطع ہوگیا۔ لوگ اس مرد عورت کو پکڑ کر حاکم مکہ کے پاس لے گئے۔ اس نے فقہاء کی طرف رجوع کیا۔ سب نے یہی فتویٰ دیا کہ اس مرد کا ہاتھ کاٹ دینا چاہئے کیونکہ اس نے خانۂ خدا میں اس جرم شنیع کا ارتکاب کیا ہے۔ حاکم نے پوچھا آیا یہاں اولاد رسولؐ میں سے کوئی بزرگ موجود ہیں۔ لوگوں نے کہا: ہاں گزشتہ شب حضرت امام حسین علیہ السلام تشریف لے آئے ہیں۔ اس نے امام عالی مقامؑ سے دربار میں تشریف لانے کی استدعا کی۔ جب آپ تشریف لائے تو اس نے تمام صورت حال عرض خدمت کی۔ ﴿فاستقبل القبلۃ و رفع یدیہ فمکثوہ طویلاً یدعو﴾ امام علیہ السلام رو بقبلہ دست دعا بلند کرکے کافی دیر تک دعا کرتے رہے اس کے بعد وہاں تشریف لے گئے جہاں وہ مرد عورت کھڑے تھے۔ ﴿حتّٰی خلّص یدہ من یدھا﴾ اور پھر اپنے دست حق پرست سے اس مرد کے ہاتھ کو

---

[1] عاشر بحار، ص ۱۴۱، ۱۴۲۔ دمعہ ساکبہ، ص ۲۶۹ وغیرہ۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

عورت کے ہاتھ سے علیحدہ کر دیا۔ حاکم نے پوچھا: کیا ہم اس مرد کو سزا نہ دیں؟ امامؑ نے فرمایا: نہیں۔[1]

تیسرا معجزہ

محمد بن عمارہ اپنے باپ سے اور وہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے اور وہ اپنے آباء و اجداد طاہرین علیہم السلام کے سلسلۂ سند سے روایت کرتے ہیں کہ ایک مرتبہ اہل کوفہ حضرت امیر علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوئے اور خشک سالی کی شکایت کرتے ہوئے آنجنابؑ سے استدعا کی کہ آپ طلب باراں کی دعا فرمائیں۔ آنجنابؑ نے اپنے شہزادہ امام حسین علیہ السلام کو حکم دیا کہ اٹھ کر ان کے لیے طلب باراں کرو۔ ﴿فقام و حمد اللّٰہ و اثنی علیہ وصلی علی النبیؐ و قال اللّٰھم معطی الخیرات و منزل البرکات ارسل السماء علینا مدراراً ..... الخ﴾ شہزادہ نے کھڑے ہو کر پہلے اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا کی، پھر جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود و سلام بھیجا۔ اس کے بعد دعا کی: یا اللہ! اے خیرات کے عطا کرنے والے اور برکات کے نازل کرنے والے موسلا دھار بارش برسا۔ راوی کہتا ہے ﴿فما فرغ من دعائہ حتّٰی غاث اللّٰہ غیثاً بغتۃً﴾ ابھی امام علیہ السلام دعا سے فارغ بھی نہیں ہوئے تھے کہ خداوند عالم نے اچانک باران رحمت نازل کر دیا اور کوفہ کے اطراف و جوانب سے ایک اعرابی آیا اور ذکر کیا کہ اس قدر بارش ہوئی ہے کہ کوفہ کے تمام نشیب و فراز والے مقامات لبریز ہو گئے ہیں۔[2]

SIBTAIN.COM

چوتھا معجزہ

جب امام علیہ السلام نے عراق جانے کا ارادہ فرمایا تو حضرت ام سلمہؓ نے ان کو یہ کہہ کر اس ارادہ سے روکنے کی کوشش کی کہ میں نے جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ میرا بیٹا حسینؑ عراق میں شہید کیا جائے گا اور میرے پاس ایک شیشی میں اس جگہ کی مٹی بھی ہے۔ یہ سن کر امام علیہ السلام نے فرمایا: ﴿انی واللّٰہ مقتول کذالک و ان لم اخرج الی العراق یقتلوننی فان احببت ان اریک مضجعی و مضجع من یستشھد معی فعلت!!﴾ خدا کی قسم میں ضرور اسی طرح شہید کیا جاؤں گا (جس طرح میرے جد نامدار نے خبر دی ہے) اور اگر میں عراق نہ بھی جاؤں تو بھی یہ ظالم مجھے ضرور قتل کر ڈالیں گے۔ پھر فرمایا: اگر آپ چاہیں تو میں ابھی آپ کو اپنی اور اپنے اصحاب کی قتل گاہ بھی دکھا دوں۔ جناب ام سلمہؓ نے کہا: ﴿قد شئت و حضرتہ﴾ "ہاں میں دیکھنا چاہتی ہوں۔" ﴿فتکلم باسم اللّٰہ عزوجل الاعظم فانخفضت الارض حتی اراھا مضجعہ و مضجعھم و اعطاھا من التربۃ..... الخ﴾ امام علیہ السلام نے اسم اعظم پڑھا۔ پس فوراً زمین پست ہو گئی۔ امام علیہ السلام نے جناب ام سلمہؓ کو

---

[1] عاشر بحار الانوار، ص ۱۴۲۔ دمعۂ ساکبہ، ص ۲۶۹۔ مناقب شہر ابن آشوب، ج ۴، ص ۶۸، تظلم الزہراء، ص ۹۔

[2] عاشر بحار، ص ۱۴۳۔ دمعۂ ساکبہ، ص ۲۷۰ وغیرہ۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

اپنی اور اپنے اصحاب واعزہ کی قتل گاہ دکھائی اور کچھ خاک کربلا بھی ان کے حوالہ کرتے ہوئے فرمایا: ﴿فاذا فاضت دما فاعلمی انی قد قتلت﴾ جب اس سے خون ابلنے لگے تو سمجھ لینا کہ میں شہید ہو گیا ہوں۔ جناب ام سلمہؓ بیان کرتی ہیں کہ جب روز عاشورا ظہر کے بعد میں نے دونوں شیشیوں کو دیکھا تو ان سے خون ابل رہا تھا اس وقت میں پھوٹ پھوٹ کر روئی۔[1]

پانچواں معجزہ

جناب سید الشہداء علیہ السلام کا گلوئے بریدہ سے قرآن مجید کی تلاوت کرنا ہے جس کی تفصیل بعد از شہادت کے واقعات میں آئیگی اسی طرح میدان کربلا میں بعض اشقیاء آنجنابؑ کے حق میں گستاخی کرنے اور پھر امامؑ کی دعائے بد سے فوراً ان کے واصل جہنم ہو جانے کے واقعات بھی آنجنابؑ کے معجزات باہرہ میں سے ہیں۔ ان کا تذکرہ بھی اسی کتاب میں اپنے مناسب مقام پر کیا جائے گا۔ انشاء اللہ فانتظر۔

SIBTAIN.COM
Presented By: www.jafrilibrary.com

---

[1] نفس المہموم، ص ۸۸ وغیرہ۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

پانچواں باب

حضرت امام حسین علیہ السلام کی امامت حقہ کے بعض دلائل و براہین

اگرچہ آنجنابؑ کی خلافت و امامت ع "آفتاب آمد دلیل آفتاب" کی مصداق ہے نیز اس موضوع پر ہر زبان میں اس قدر لکھا جا چکا ہے کہ اس پر مزید کچھ خامہ فرسائی کی ضرورت باقی نہیں رہتی۔ میں خود بفضلہ تعالیٰ اس موضوع پر ایک مبسوط و مدلل کتاب بنام "اثبات امامۃ الائمۃ الاطہار فی ضوء العقل والآیات والاخبار" لکھ چکا ہوں جو منظر عام پر آ چکی ہے اور گم گشتگان وادیٔ ضلالت کے لیے اسباب رشد و ہدایت فراہم کر رہی ہے تاہم بطور تبرک و تیمن ذیل میں امام عالی مقام علیہ السلام کی امامت حقہ کے چند دلائل کی طرف اجمالی اشارہ کیا جاتا ہے تاکہ یہ کتاب اپنے موضوع پر ہر لحاظ سے مکمل و مختتم ہو جائے اور کوئی گوشہ بھی تشنۂ تکمیل نہ رہ جائے۔

ارباب دانش جانتے ہیں کہ آنجنابؑ کی امامت مطلقہ کو عمومی اور خصوصی طور پر ہر طرح ثابت کیا جا سکتا ہے۔

اول

اتنا تو سنی و شیعہ ہر دو فریق کے نزدیک مسلّم ہے کہ آنحضرت ﷺ کے بعد بارہ خلفاء ان کی مسند کے وارث ہوں گے جیسا کہ بخاری و مسلم وغیرہ صحاح ستہ کی متعدد احادیث نبویہ سے بھی ثابت ہے۔ ہاں اگر کوئی اختلاف ہے تو صرف ان بارہ خلفاء کی تعیین میں ہے۔ دو ہی سلسلے پیش نظر ہیں۔ ایک وہ جو حضرت علی علیہ السلام سے شروع ہو کر حضرت قائم آل محمد عجل اللہ تعالیٰ فرجہ پر اختتام پذیر ہوتا ہے اور دوسرا وہ جو ابوبکر صاحب سے شروع ہوتا ہے اور بالعموم اس کا اختتام ولید بن یزید بن عبدالملک بن مروان پر تسلیم کیا جاتا ہے۔ ہمارے علم کلام و مناظرہ میں ناقابل رد دلائل قاطعہ سے اس دوسرے سلسلہ کی خلافت و امامت باطل کی جا چکی ہے اور اس کے بطلان سے خود بخود پہلے سلسلۂ جلیلہ کی امامت حقہ ثابت ہو جاتی ہے۔

دوم

خود پیغمبر اسلام ﷺ کے ایسے نصوص کثیرہ موجود ہیں۔ جن میں نام بنام آنحضرتؐ نے اپنے حقیقی خلفاء و اوصیاء کی تعیین و تشخیص فرما دی ہے یہاں بنظر اختصار صرف ایک دو روایات شریفہ نقل کی جاتی ہیں۔ (۱) جناب جابر بن عبداللہ انصاری بیان فرماتے ہیں کہ جب آیت مبارکہ اولی الامر ﴿اَطِیْعُوا اللّٰہَ وَ اَطِیْعُوا الرَّسُوْلَ وَ اُولِی الْاَمْرِ مِنْکُمْ﴾ نازل ہوئی تو میں نے بارگاہ رسالتؐ میں عرض کیا: ﴿عرفنا اللہ و رسولہ فمن اولو الامر الذین

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

قرن اللّٰہ طاعتھم بطاعتک؟﴾ یارسول اللہؐ! ہم نے اللہ اور اس کے رسولؐ کو تو پہچان لیا ہے مگر یہ اولی الامر کون ہیں جن کی اطاعت خداوند عالم نے آپ کی اطاعت کے ساتھ ملا کر واجب کی ہے۔ جناب رسول خداﷺ نے فرمایا:

﴿ھم خلفائی یا جابر و ائمۃ المسلمین من بعدی اولھم علیؑ بن ابی طالب ثم الحسنؑ و الحسینؑ ثم علیؑ بن الحسینؑ ثم محمدؑ بن علیؑ المعروف فی التوراۃ بالباقر و ستدرکہ یا جابر فاذا لقیتہ فاقرأہ منی السلام ثم الصادق جعفرؑ بن محمدؑ ثم موسیٰؑ بن جعفرؑ ثم علیؑ بن موسیٰؑ ثم محمدؑ بن علیؑ ثم علیؑ بن محمدؑ ثم الحسنؑ بن علیؑ ثم سمّی و کنیتی حجۃ اللّٰہ فی ارضہ و بقیتہ فی عبادہ ابن الحسنؑ بن علیؑ ذاک الذی یفتح اللّٰہ تعالیٰ ذکرہ علی یدیہ مشارق الارض و مغاربھا ذاک الذی یغیب عن شیعتہ و اولیائہ غیبۃً لا یثبت فیھا علی القول بامامتہ الا من امتحن اللّٰہ قلبہ للایمان﴾

اے جابرؓ! وہ میرے خلفاء اور میرے بعد مسلمانوں کے امام ہیں۔ پہلے حضرت علیؑ بن ابی طالب۔ ان کے بعد حسنؑ پھر حسینؑ پھر علیؑ بن حسینؑ پھر محمدؑ بن علیؑ جو کہ توراۃ میں باقر کے لقب سے مشہور ہیں۔ اے جابرؓ عنقریب تم ان سے ملاقات کرو گے جب ان سے ملو تو میرا انہیں سلام پہنچا دینا۔ ان کے بعد جعفرؑ بن محمدؑ (صادق) ان کے بعد موسیٰؑ بن جعفرؑ (کاظم) پھر علیؑ بن موسیٰؑ (رضا) پھر محمدؑ بن علیؑ (تقی) پھر علیؑ بن محمدؑ (نقی) پھر حسنؑ بن علیؑ (عسکری) پھر میرے ہم نام و ہم کنیت حجۃ اللہ فی الارض و بقیۃ اللہ فی البلاد فرزند حسنؑ بن علیؑ۔ یہی وہ بزرگوار ہے جس کے ہاتھوں پر خداوند عالم مشارق و مغارب کو فتح کرے گا۔ (اور ہر جگہ حقیقی اسلام کا پرچم لہرائے گا) اور یہ امام اپنے شیعوں اور دوستوں سے اس قدر طویل غیبت اختیار کریں گے کہ ان کی امامت پر صرف وہی لوگ ثابت قدم رہیں گے جن کے ایمان و ایقان کا خدائے رحمٰن نے امتحان لے لیا ہوگا۔[1]

(۲) حضرت سلمانؓ محمدی بیان فرماتے ہیں کہ ایک بار میں جناب رسول خداﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ حسین علیہ السلام ان کی ران پر بیٹھے تھے اور آنحضرتؐ ان کی آنکھوں اور منہ پر بوسہ دے رہے تھے اور ساتھ ہی فرماتے جاتے تھے: ﴿انت سید بن سید انت امام بن امام ابو ائمۃ انت حجۃ بن حجۃ ابو حجج تسعۃ من صلبک تاسعھم قائمھم﴾ تو سردار اور سردار کا بیٹا ہے تو امام اور امام کا بیٹا اور ائمہ کا باپ ہے۔ تو حجت خدا اور

---

[1] اکمال الدین شیخ صدوقؒ، باب فی نص اللہ تبارک و تعالیٰ علی القائمؑ، صفحہ ۳۴۶۔ کفایۃ الاثر، ص ۲۹۵، مطبوعہ مع اربعین مجلسیؒ۔ عاشر بحار اور دمعۃ الساکبہ، ص ۲۶۶۔ ینابیع المودۃ، باب ۹۴، ص ۲۹۴۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

حجت خدا کا بیٹا اور نو حجت ہائے خدا کا باپ ہے جو تیری صلب سے ہوں گے جن کا نواں قائم (آل محمدؐ) ہوگا۔[1]

سوم

حضرت امیر المومنین علیہ السلام کی خلافت بلا فصل اور امامت مطلقہ دلائل قاطعہ و براہین ساطعہ کے ساتھ ثابت ہے۔ (ان دلائل کے یہاں نقل کرنے کی گنجائش نیز ضرورت نہیں ہے فلتطلب من مظانها) اب آنجنابؑ جس پر نص امامت فرمادیں گے وہ امام سمجھا جائے گا اور یہ امر نصوص متظافرہ بلکہ متواترہ سے ثابت ہے کہ انہوں نے امام حسن علیہ السلام کے بعد امام حسین علیہ السلام کی امامت کا تذکرہ فرمایا ہے۔ ہم بنظر اختصار صرف ایک ارشاد نقل کرنے کی سعادت حاصل کرتے ہیں۔ جناب اصبغ بن نباتہ بیان کرتے ہیں کہ ایک بار حضرت امیر علیہ السلام اپنے دولت سرا سے اس حالت میں برآمد ہوئے کہ ان کا ہاتھ امام حسن علیہ السلام کے ہاتھ میں تھا۔ ﴿وهو يقول خرج علينا رسول الله صلى الله عليه واله ذات يوم و يدى في يده هكذا وهو يقول خير الخلق بعدى و سيدهم اخى هذا امام كل مسلم و مولى كل مومن بعد وفاتى الا وانه سيظلم بعدى كما ظلمت بعد رسول الله و خير الخلق و سيدهم بعد الحسنؑ ابنى اخوه الحسينؑ المظلوم بعد اخيه المقتول فى ارض كربلا الا انه و اصحابه سادة الشهداء يوم القيامة ومن بعد الحسينؑ تسعة من صلبه خلفاء الله فى ارضه و حججه على عباده و امنائه على وحيه و ائمة المسلمين و قادة المومنين و سادة المتقين و تاسعهم القائم﴾ (الحدیث) اور ساتھ ساتھ یہ بھی فرما رہے تھے کہ ایک بار اسی طرح جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ برآمد ہوئے تھے اور میرا ہاتھ اسی طرح ان کے ہاتھ میں تھا۔ اس وقت وہ فرما رہے تھے۔ میرے بعد تمام مخلوق سے افضل اور ان کا سردار میرا یہ بھائی ہے یہ ہی ہر مسلمان کا امام اور میری وفات کے بعد ہر مؤمن کا آقا و سردار ہے (اس کے بعد جناب امیرؑ نے فرمایا) آج اسی طرح میں بھی کہتا ہوں کہ میرے بعد سب لوگوں سے افضل اور ان کا سردار میرا یہ بیٹا حسنؑ ہے۔ یہ میری وفات کے بعد ہر مسلمان کا امام اور ہر مؤمن کا آقا ہے لیکن ان پر بھی میری وفات کے بعد اسی طرح ظلم و ستم کیا جائے گا جس طرح پیغمبر کی وفات کے بعد مجھ پر کیا گیا تھا۔ پھر میرے اس بیٹے کے بعد سب مخلوق سے افضل اور ان کا سردار ان کا بھائی حسینؑ ہے۔ جس پر اپنے بھائی کے بعد ظلم کیا جائے گا اور وہ زمین کربلا میں شہید کیا جائے گا۔ وہ اور ان کے ساتھ شہید ہونے والے بزرگوار بروز قیامت تمام شہداء کے سردار ہوں گے۔ حسینؑ کے بعد ان کی پشت سے نو بزرگوار اللہ کی زمین میں اس کے خلفاء اس کے بندوں پر، اس کی وحی پر اس کے امین، مسلمانوں کے امام، مؤمنوں کے قائد اور متقیوں کے سردار ہوں گے ان میں کا نواں قائم (آل محمدؐ) ہوگا۔[2]

---

[1] الدمعة الساكبه، ص ۲۶۶۔ ینابیع المودة، ص ۱۶۸، باب ۵۳۔

[2] الدمعة الساكبه، ص ۲۶۷۔ کفایۃ الاثر۔ حق الیقین۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

چہارم

جناب امیر المؤمنین علیہ السلام کی نص کے مطابق ان کے بعد حضرت امام حسن علیہ السلام امام مفترض الطاعۃ ہیں۔ ظاہر ہے کہ اب جس پر امام حسن علیہ السلام نص فرمائیں گے وہی آپ کے بعد مسند آرائے امامت ہوگا۔ اور یہ کوئی ڈھکی چھپی بات نہیں کہ امام حسن مجتبیٰؑ نے اپنے بعد جناب امام حسین علیہ السلام کی نشان دہی فرمائی تھی اور اپنی تجہیز و تکفین وغیرہ امور کی بھی انہی کو وصیت فرمائی تھی اور اسرار نبوت و وداع امامت آپؑ کے ہی سپرد کئے تھے۔ آپ کا یہ ارشاد کتب معتبرہ میں موجود ہے فرمایا: ﴿ان الحسینؑ بن علیؑ بعد وفاۃ نفسی و مفارقۃ روحی جسمی امام من بعدی و عند اللہ جل اسمہ فی الکتب الماضی وراثۃ من النبیؐ..... الخ﴾ یعنی میری وفات اور روح و جسم کی مفارقت کے بعد حسینؑ بن علیؑ کتاب اللہ کے مطابق وراثۃ من النبیؐ میری مسند امامت کے وارث ہیں۔[1]

پنجم

باب چہارم میں یہ امر ثابت کیا جا چکا ہے کہ نبی و امام کا صاحب معجزہ ہونا ضروری ہے۔ بالفاظ دیگر جو صاحب معجزہ ہے وہ یا نبی ہے یا نبی کا وصی۔ نیز سابقہ باب میں حضرت امام حسین علیہ السلام کے متعدد معجزات قاہرہ و آیات باہرہ بیان کئے جا چکے ہیں۔ بعد ازیں دو ہی راستے رہ جاتے ہیں یا تو اس کو نبی مانا جائے یا امام؟ لیکن چونکہ جناب ختمی مرتبت ﷺ کے بعد ہر قسم کی نبوت کا دروازہ تو ہمیشہ کے لیے بند ہو چکا ہے اب کوئی نبی تو ہو نہیں سکتا لہٰذا لا محالہ آپؑ کو وصیٔ نبی اور امامؑ حق تسلیم کرنا پڑے گا۔ وھو المطلوب و قد حصل بعون اللہ الودود۔

مخفی نہ رہے کہ آنجنابؑ کا دعوائے امامت کرنا اظہر من الشمس ہے اور علاوہ دیگر بیسیوں شواہد و دلائل کے آپ کا وہ خطبہ شریفہ بھی اس امر پر نص صریح ہے جو آپؑ نے امیر شام کے روبرو ارشاد فرمایا تھا جو اسی کتاب کے صفحہ نمبر ۵۹ پر گزر چکا ہے۔ فراجع۔

---

[1] الدمعۃ الساکبہ، عاشر بحار، ص ۱۴۰، اصول کافی، ص ۱۵۳، طبع ایران۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

چھٹا باب

حضرت امام حسین علیہ السلام کی ازواج اور اولاد امجاد کی تعداد

کتب سیر و تواریخ میں امام حسین علیہ السلام کی چند ازواج محترمات کے اسماء گرامی ملتے ہیں جو مختلف اوقات میں آنجنابؑ کی زوجیت کے شرف سے مشرف ہوئیں۔ ہم ذیل میں ان کا اجمالی تذکرہ کرتے ہیں۔

(۱) جناب شہر بانویہ بنت یزدجرد بن شہریار بن پرویز بن ہرمز بن کسریٰ انوشیروان العادل۔ یزدجرد بادشاہان فارس میں سے آخری بادشاہ تھے۔

مشہور یہ ہے کہ یہ معظمہ بی بی خلیفہ دوم کے ایام خلافت میں قید ہو کر مدینہ آئیں اور امام حسین علیہ السلام کی زوجیت کے شرف عظیم سے مشرف ہوئیں جیسا کہ اصول کافی وغیرہ کتب سے مستفاد ہوتا ہے۔

اور عیون اخبار الرضاؑ باب ۳۴ کی ایک روایت سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ خلیفہ سیوم کے ایام خلافت میں آئیں۔ اسی قول کی شبلی نعمانی نے الفاروق میں تائید کی ہے لیکن ارشاد شیخ مفید علیہ الرحمہ ص ۸۰ سے یہ مترشح ہوتا ہے کہ یہ مخدرہ حضرت امیر المومنینؑ کی ظاہری خلافت کے دور میں آئیں[1] واللہ العالم۔

ان مخدرہ کے بطن سے حضرت امام زین العابدین علیہ السلام متولد ہوئے اسی لیے آنجنابؑ کو ابن الخیرتین (دو برگزیدہ خاندانوں عرب میں بنی ہاشم اور فارس میں سے کسریٰ انوشیرواں) کے چشم و چراغ کہا جاتا ہے۔

و ان غلاماً بین کسریٰ و ہاشم لاکرم من نیطت علیہ التمائم

نیز یہ بھی مخفی نہ رہے کہ جو امر روایات معتبرہ سے مستفاد ہوتا ہے وہ یہ ہے کہ یہ معظمہ ولادت امام کے بعد جلد وفات پا گئی تھیں اس لیے واقعہ کربلا میں موجود نہ تھیں۔[2] (تفصیلات کا انتظار کریں)

(۲) معظمہ لیلیٰ بنت ابی مرّہ بن عروہ بن مسعود بن معتب الثقفی۔ یہ محترمہ قمر بنی ہاشم شہزادہ علی اکبرؑ کی والدہ ماجدہ ہیں عروہ بن مسعود وہ عظیم انسان تھا جس کی عظمت کا لوہا تمام عرب مانتے تھے چنانچہ ابن اثیر جزری نے اسد الغابہ میں قتادہ سے نقل کیا ہے کہ جو بات آیہ مبارکہ ﴿لَوْلَا نُزِّلَ هٰذَا الْقُرْاٰنُ عَلٰى رَجُلٍ مِّنَ الْقَرْيَتَيْنِ عَظِيْمٍ﴾ (یہ قرآن طائف و مکہ کے دو شہروں میں سے کسی عظیم مرد پر کیوں نازل نہیں ہوا؟) میں مذکور ہے۔ یہ بات ولید بن مغیرہ نے کہی

---

[1] منتخب التواریخ، ص ۳۴۳، ۳۴۴۔

[2] بحار الانوار، ج ۱۱، ص ۳، منتخب التواریخ، ص ۳۴۴ وغیرہ۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

تھی کہ ﴿لو کان ما یقول محمدٌ حقا لا نزل القران علی او عروۃ بن مسعود الثقفی﴾ اگر محمدؐ کی بات درست ہوتی تو پھر قرآن مجید مجھ یا عروہ بن مسعود ثقفی پر نازل ہوتا۔ جناب عروہ بعد میں مسلمان ہو گئے تھے ﴿و کان یشبہ بالمسیح فی صورتہ﴾ اور اسے شکل وصورت میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے ساتھ تشبیہ دی جاتی تھی۔[1]

(۳) جناب رباب بنت امراء القیس بن عدی الکلبیہ (امراء القیس سے عرب کا مشہور شاعر امراء القیس مراد نہیں ہے) یہ مخدرہ سکینہ بنت الحسینؑ اور عبداللہ بن الحسینؑ (جو کہ علیؑ اصغر کے نام سے مشہور ہیں) کی والدہ ماجدہ ہیں۔ صاحب تمقام نے ہشام کلبی (نسابہ) کا یہ قول نقل کیا ہے کہ ﴿کانت الرباب من خیار النساء و افضلھن﴾ جناب رباب منتخب روزگار اور افضل ترین عورتوں میں سے تھیں۔ بعض آثار واخبار سے یہ بات واضح وآشکار ہوتی ہے کہ سرکار سید الشہداء علیہ السلام کو ان محترمہ سے خاص تعلق خاطر تھا۔ عام کتب سیر و مقاتل میں یہ اشعار جناب امام حسین علیہ السلام کی طرف منسوب کیے گئے ہیں۔[2]

لعمرک اننی لاحبّ داراً — تکون بھا سکینۃ و الرباب
احبھما و ابذل جل مالی — و لیس لعاتب عندی عتاب
ولست لھم و ان عابوا مطیعاً — حیاتی او یغیّبنی التراب

SIBTAIN.COM

یہ مخدرہ واقعہ کربلا میں موجود تھیں۔ جب قید و بند سے رہا ہو کر واپس مدینہ پہنچیں تو اشراف واکابر قریش نے آپ کی خواستگاری کی مگر آپؑ نے یہ فرما کر ﴿ما کنت لا تخذ بعد رسول اللہ خسراً﴾ (میں جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد اور کوئی خسر نہیں بنانا چاہتی) ------------------
------------------------------ ان کی خواستگاری مسترد کر دی۔ انہی کے متعلق مشہور ہے کہ جناب سید الشہداء علیہ السلام کے بعد ایک سال زندہ رہیں اور تا زیست سایہ میں نہ بیٹھیں حتیٰ کہ اسی رنج والم میں گھل گھل کر دنیا سے رخت سفر باندھ کر آخرت کی طرف سدھا گئیں۔

(۴) محترمہ ام اسحاق بنت طلحہ بن عبداللہ التیمیہ۔ یہ جناب فاطمہ بنت الحسینؑ کی والدہ مکرمہ ہیں۔ ان کے والد طلحہ وہی بزرگ ہیں جو برادران اسلامی کے نزدیک عشرۂ مبشرہ میں داخل ہیں۔ یہ محترمہ پہلے حضرت امام حسن مجتبیٰ علیہ السلام کی زوجیت میں تھیں۔ شہزادہ حسین بن حسنؑ اور طلحہ بن الحسنؑ انہی کے بطن سے متولد ہوئے۔ جناب امام حسن علیہ السلام کی شہادت کے بعد حضرت امام حسین علیہ السلام نے ان سے عقد کیا۔ تمقام زخار کی ایک روایت سے مترشح ہوتا

---

1. منتخب التواریخ ص ۲۳۷، بحوالہ اسد الغابہ جزری۔
2. منتخب التواریخ ص ۲۳۸۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

ہے کہ یہ عقد حضرت امام حسن علیہ السلام کی وصیت کے نتیجہ میں عمل میں لایا گیا تھا۔[1]

(۵) جناب قضاعیہ:۔ یہ شہزادہ جعفر بن الحسینؑ کی والدہ ماجدہ ہیں جن کا امامؑ کے حین حیات میں مدینہ کے اندر انتقال ہوگیا تھا۔[2]

آنجنابؑ کی اولاد امجاد کی تعداد میں اگرچہ فی الجملہ اختلاف ہے مگر جو امر محققین علماء سیر و تواریخ کی تحقیقات کے بعد پایۂ ثبوت تک پہنچا ہے۔ وہ یہ ہے کہ آنجنابؑ کے چار صاحبزادے اور دو صاحبزادیاں تھیں۔

(۱) حضرت علیؑ بن الحسینؑ امام زین العابدینؑ۔ (۲) شہزادہ علی اکبرؑ۔ (۳) شہزادہ عبداللہ مشہور بہ علیؑ اصغر۔ (۴) شہزادہ جعفرؑ بن الحسینؑ۔ (۵) جناب فاطمہؑ خاتون۔ (۶) جناب سکینہؑ خاتون۔[3]

جناب علامہ مجلسیؒ نے بھی چھ عدد اولاد والا قول لکھنے کے بعد فرمایا ہے: ﴿و انچہ مذکور شد اظہر و میان علماءِ امامیہ اشہر است﴾[4]

سطور بالا میں اجمالاً لکھا جا چکا ہے کہ حضرت امام زین العابدین علیہ السلام کی والدۂ ماجدہ کا اسم گرامی شہربانویہ (و بروایتے شاہ زناں) ہے اور قمر بنی ہاشم شہزادہ علی اکبرؑ کی والدہ ماجدہ جناب لیلیٰ بنت ابی مرہ ثقفیہ تھیں اور شہزادہ عبداللہ معروف بہ علی اصغرؑ اور جناب سکینہؑ بنت الحسینؑ ہر دو کی والدہ ماجدہ جناب رباب بنت امرء القیس کلبیہ ہیں اور شہزادہ جعفر محترمہ قضاعیہ کے بطن سے ہیں اور جناب فاطمہؑ خاتون کی والدہ ماجدہ کا اسم گرامی ام اسحاق تیمیہ ہے۔

حضرت امام حسین علیہ السلام کے بعد ان کے جو صاحبزادے زندہ رہے اور جن سے امام حسین علیہ السلام کی نسل بڑھی وہ صرف حضرت علیؑ بن حسینؑ (امام زین العابدین علیہ السلام) ہیں۔ باقی دو شہزادے (جناب علیؑ اکبر و اصغرؑ) میدان کربلا میں شہادت کے درجۂ رفیعہ پر فائز ہوئے اور شہزادہ جعفر کا واقعہ کربلا سے پہلے مدینہ میں طبعی موت سے انتقال ہوگیا تھا۔ کسی شاعر نے امام زین العابدین علیہ السلام کو آل رسولؐ کا باوا آدم قرار دیا ہے ؎

علیؑ السجاد محراب الدعا　　ادم الآل علیؑ بن الحسینؑ

حمد اللہ مستوفی نے اپنی تاریخ گزیدہ میں لکھا ہے: یزید پلید کے چودہ لڑکے تھے اور حضرت امام حسین علیہ السلام اپنی شہادت کے وقت صرف ایک شہزادہ چھوڑ گئے تھے لیکن اس کے باوجود آج تمام اطراف و اقطار عالم میں

---

[1] و [2] منتخب التواریخ، ص ۲۳۸، مخفی نہ رہے کہ ارشاد شیخ مفید، منتہی الامال، مناقب شہر ابن آشوب وغیرہ کتب معتبرہ میں انہی پانچ ازواج محترمات کے حالات ملتے ہیں۔ واللہ العالم۔

[3] تفصیل کیلئے ارشاد مفید، اعلام الوریٰ طبرسی، عمدۃ الطالب فی انساب آل ابی طالب، جلاء العیون مجلسی، منتہی الامال، محدث قمی، منتخب التواریخ محدث خراسانی، ناسخ التواریخ مرزا سپہر کاشانی، تمقام ذخار و صمصام بتار شہزادہ فرہاد مرزا وغیرہ کتب معتبرہ کی طرف رجوع کیا جاوے۔

[4] جلاء العیون، ص ۲۳۹، طبع ایران۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

حسین علیہ السلام کی اولاد آسمانی ستاروں سے بھی زیادہ موجود ہے اور نسل یزید کا کہیں کوئی نام ونشان بھی موجود نہیں[1] اور یہ بات ﴿اِنَّآ اَعۡطَیۡنٰکَ الۡکَوۡثَرَ۔ وَ اِنَّ شَانِئَکَ ھُوَ الۡاَبۡتَرُ﴾ کی اصلی تفسیر ہے۔

یرید الجاحدون لیطفؤہ ویابی اللّٰہ الا ان یتمہ

اور صاحبزادیوں میں سے جناب فاطمہؑ خاتون سے آپؑ کی نسل بڑھی جو کہ جناب شہزادہ حسن مثنیٰ کی زوجیت میں تھیں اور ان سے ان کے تین صاحبزادے متولد ہوئے: (۱) عبد اللہ المحض۔ (۲) ابراہیم الغمر۔ (۳) حسن المثنیٰ۔ (تفصیلات دیکھنے کے شائقین عمدۃ الطالب فی انساب آل ابی طالب کا مطالعہ فرمائیں)۔

SIBTAIN.COM
Presented By: www.jafrilibrary.com

---

[1] بحوالہ منتخب التواریخ، ص ۲۳۹۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

ساتواں باب

امام حسین علیہ السلام کی زندگی کا دوسرا دور

وفاتِ پیغمبرؐ سے شہادتِ جناب امیرؑ
اور شہادتِ جناب امیرؑ سے شہادتِ امام حسنؑ تک
۱۱ھ تا ۴۰ھ تا ۵۰ھ

حضرت امام حسین علیہ السلام کی کل عمر شریف ستاون برس اور کچھ ماہ ہے جس میں قریباً سات برس جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ اور چھتیس سال اپنے والد ماجد حضرت امیر المومنین علیہ السلام کے ہمراہ اور چھیالیس برس اپنے برادر معظم حضرت امام حسن علیہ السلام کی معیت میں گزارے اور قریباً دس برس اور کچھ ماہ اپنی ظاہری امامت کی مدت ہے۔ ہم نے سابقہ ابواب میں سرکار سید الشہداءؑ کے چیدہ چیدہ حالات اور فضائل و کمالات لکھ دیئے ہیں۔ نانا کے حین حیات میں آپ صغیر السن تھے مگر یہ آپ کے ناز و نعم اور لاڈ و پیار کا دور تھا جو بہت جلد بیت گیا اور ۱۱ھ میں جناب سرور کائنات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دار فانی سے عالم جاودانی کی طرف رحلت فرما گئے۔ آنحضرتؐ کی وفات شمع رسالتؐ کے تمام پروانوں کے لیے بالعموم اور ان کے اہل بیت علیہم السلام کے لیے بالخصوص بڑا روح فرسا و جانگداز حادثہ تھی۔ بالاخص حسینؑ کے غم و الم کا کیا اندازہ ہو سکتا ہے جس کے ساتھ پیغمبرؐ کی شفقت کا انداز ہی نرالا تھا وہ نانا جو اپنی گود میں بٹھاتا تھا، سینہ پر لٹاتا تھا اور کاندھے پر چڑھاتا تھا جو ذرا سی بھی خاطر شکنی حسینؑ کی گوارا نہ کرتا تھا آج حسینؑ آنکھیں پھیر پھیر کر چاروں طرف دیکھتے تھے اور وہ شفیق و مہربان نانا نظر نہ آتا تھا۔[1]

جب ایک مورخ دیکھتا ہے کہ وفات پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے لے کر خلافت ثالثہ کے دور تک بلکہ ظاہری خلافت امیرؑ و امام حسن مجتبیٰ علیہم السلام تک اسی حسینؑ کے حالات پر بالکل پردہ پڑا ہوا ہے تو اسے بڑا تعجب ہوتا ہے اور مایوسی بھی! کیونکہ وہ دیکھتا ہے کہ ابھی چند روز پیشتر حیات رسولؐ کے زمانہ میں ان کی توقیر و تعظیم کیا تھی؟ یہ وہی بزرگوار ہیں جن کے فضائل و مناقب آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زبان سے برابر سنے جاتے ہیں۔ یہ وہی حضرات ہیں جن کی محبت تمام اہل اسلام پر واجب کی گئی تھی۔ یہ وہی ذوات عالیہ ہیں جن کی اطاعت جزو ایمان اور ارکان اسلام

---

[1] شہید انسانیت، ص ۶۶۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

میں سے بتائی گئی تھی۔ یہ وہی مقدس بزرگوار ہیں جو اپنی ذاتی شرافت وفضیلت کے اعتبار سے تمام لوگوں پر ترجیح رکھتے تھے جن کا دوست خدا اور رسولؐ کا دوست اور جن کا دشمن خدا اور رسولؐ کا دشمن سمجھا جاتا تھا۔[1]

مگر آنحضرت ﷺ کے بعد ان کے حالات و واقعات پر پردہ پڑا ہوا ہے۔ آخر اس کی وجہ کیا ہے؟ ارباب عقل واطلاع پر اس کی اصلی وجہ مخفی و مستور نہیں ہے۔ ہر شخص جانتا ہے کہ آنحضرتؐ کی وفات حسرت آیات کے بعد ذاتی ہوا و ہوس اور ذاتی اقتدار کی خاطر کچھ ایسے حالات پیدا کر دیئے گئے کہ مسند رسولؐ کے جو حقیقی وارث و جانشین تھے ان کو خانہ نشین کر دیا گیا اور ان خود غرضیوں کے پیش نظر رسول خدا ﷺ کی وصیتوں کو بھلا دیا گیا۔ خدا اور رسولؐ کے فرمان نظر انداز کر دیئے اور ؎

منزل انہیں ملی جو شریک سفر نہ تھے

اے کاش دنیوی وملکی اقتدار سلب کرنے کے بعد اہل اسلام کم از کم دینی معاملات میں تو خاندان رسولؐ کے فیوض و برکات سے استفادہ کرتے رہتے مگر افسوس ان کو بالکل ہی نظر انداز کر دیا گیا اور رئیس اہل بیتؑ حضرت امیر المومنینؑ نے بھی اس وقت صبر وسکوت میں اسلام کی بقاء و بہتری دیکھتے ہوئے ان لوگوں کی زیادتیوں اور چیرہ دستیوں پر صبر وضبط سے کام لیا اور خانہ نشین ہو کر بیٹھ گئے۔ اسی طرح قریباً پچیس سال گزر گئے۔ اس مدت مدید میں یہ حضرات بڑی خاموشی اور حکمت عملی کے ساتھ معارف قرآن و حدیث اور حقائق اسلام و ایمان کی تعلیم و تلقین اور ترتیب و تدوین کرتے رہے اس کے علاوہ کوئی دوسرا شغل معلوم نہیں ہوتا۔

کچھ لوگوں کا خیال ہے کہ برسر اقتدار طبقہ اور جناب امیر علیہ السلام کے باہمی تعلقات بڑے خوشگوار تھے لیکن قطع نظر دوسرے بے شمار قرائن وشواہد کے جو اس دعویٰ کو قطعاً باطل ثابت کرتے ہیں صرف یہی بات اس دعویٰ کی نفی کے لیے کافی ہے کہ تینوں خلافتوں کے دور میں بڑی بڑی جنگیں لڑی گئیں اور ان لوگوں کے خیال کے مطابق یہ تھیں بھی اسلامی جنگیں مگر کوئی تاریخ یہ بھی بتاتی ہے کہ علیؑ بن ابی طالب ایسے اسلامی جرنیل نے کسی جنگ میں شمولیت فرمائی ہو؟ بہر حال یہ تھے وہ علل واسباب جن کی وجہ سے ان خلافتوں کے دور میں امام مظلومؑ کے حالات زاویہ خمول میں مستور نظر آتے ہیں اور آپؑ کے حالات مبارکہ میں لکھی گئی بڑی بڑی ضخیم کتب مثل بحار الانوار، تمقام ذخار اور ناسخ التواریخ وغیرہ بھی بالکل تہی دامن نظر آتی تھیں۔ صاحب ذبح عظیم نے اس دور کے دو تین واقعات درج ضرور کئے ہیں مگر وہ ایسے واقعات ہیں کہ خود مرحوم کو اعتراف ہے کہ "ان واقعات سے بھی ان حضرات کا کوئی خاص تعلق کسی خاص مقصد اسلامی سے نہیں پایا جاتا اور نہ ان سے کسی ملکی ضرورت سے لگاؤ ثابت ہوتا ہے اور نہ فرمانروائے عہد کی کوئی توجہ اور

---

[1] ذبح عظیم، ص ۷۵۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

التفات ظاہر ہوتی ہے۔"[1]

اسی لیے ہم نے ان واقعات کا تذکرہ ہی نہیں کیا۔

باقی رہا حضرت امیر علیہ السلام اور حضرت امام حسن مجتبیٰ علیہ السلام کا مختصر ظاہری دور خلافت و امامت۔ اس میں اگرچہ امام حسین علیہ السلام کے بعض ایسے واقعات ضرور ملتے ہیں جو قابل تذکرہ ہیں اور ہم بعد ازیں عنقریب ان واقعات کا تذکرہ بھی کریں گے انشاء اللہ مگر خاص اہم واقعات کے نہ ملنے کی وجہ یہ ہے کہ اس دور میں حسب ظاہر امام حسینؑ کی پوزیشن ایک محکوم کی ہے نہ حاکم کی، امام وقت حضرت امیر علیہ السلام ہیں یا امام حسن علیہ السلام اور یہ بات شیعی نقطہ نگاہ سے مسلم الثبوت ہے کہ جب کسی وقت میں دو امام اکٹھے ہوں تو حکم اسی امام کا نافذ ہوتا ہے جو ظاہری درجۂ امامت پر فائز ہوتا ہے اور دوسرا ساکت وصامت ہوگا۔ اصول کافی (ص ۷۶) وغیرہ کتب معتبرہ میں اس مضمون کی متعدد روایات موجود ہیں۔ کہ ائمہ اہل بیت علیہم السلام سے دریافت کیا جاتا ہے: ﴿تکون الارض لیس فیھا امام؟﴾ آیا ایسا ہوسکتا ہے کہ زمین میں امام (حجت خدا) موجود نہ ہو۔ اور وہ جواب میں فرماتے ہیں: ﴿لا﴾ نہیں ایسا نہیں ہو سکتا۔ پھر راوی پوچھتا ہے: ﴿یکون امامان؟﴾ آیا بیک وقت دو امام ہوسکتے ہیں جواب دیا جاتا ہے: ﴿لا الا واحدھما صامت﴾ نہیں مگر اس صورت میں کہ ایک ساکت وصامت ہو! اس لئے آپؑ کے باباؑ اور بھائی کے دوار خلافت میں بھی ایسے واقعات بہت کم ملتے ہیں جن کو آپؑ کی مخصوص سیرت میں درج کیا جاسکے۔ علاوہ بریں ان ہر دو بزرگواروں کے دور میں بھی امت کی مہربانیوں سے سکون واطمینان کہاں نظر آتا ہے تاکہ یہ بزرگوار طمانیت قلب کے ساتھ اپنے علمی وعملی کارنامے انجام دیتے۔

بہر حال محض اس خیال سے کہ قارئین کرام ہماری کتاب میں یہ خلا بری طرح محسوس نہ کریں۔ جو کچھ تھوڑے بہت سیر وتواریخ میں اس طویل دور کے واقعات ملتے ہیں۔ جن کا براہ راست سید الشہداء کی ذات کے ساتھ تعلق ہے۔ یا وہ واقعات جو اگرچہ کسی اور ذات سے متعلق ہیں۔ لیکن اپنے دوررس اثرات کی وجہ سے واقعہ کربلا کے ساتھ بالواسطہ مرتبط ہیں ان کا اجمالاً تذکرہ کرتے ہیں۔

اس سلسلہ میں بجائے اس کے کہ ہم خود کچھ خامہ فرسائی کریں۔ مناسب یہ معلوم ہوتا ہے کہ کتاب مستطاب "شہید انسانیت" طبع ثانی میں اس موضوع پر جو سیر حاصل تبصرہ کیا گیا ہے جو کئی صفحات تک پھیلا ہوا ہے اس کا ایک جامع خلاصہ یہاں پیش کردیں۔ چنانچہ صاحب شہید انسانیت مدظلہ العالی تحریر فرماتے ہیں:

"افسوس ہے کہ رسول کی خلافت کا مسئلہ اتنا اختلافی بن گیا۔ کہ آج تک اس کی بنا پر شیعہ اور سنی کا تفرقہ قائم

---

[1] ذبح عظیم، ص ۲۵۶۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

ہے یہاں اس پر بحث کرنا مقصود نہیں ہے نہ ان ناگوار واقعات کا کوئی مستقل تذکرہ مقصود ہے۔ بہر حال یہ متفق علیہ تاریخی حقیقت ہے کہ رسولؐ کے بعد کچھ افراد امت نے متفق ہو کر سیاسی اقتدار خاندان رسولؐ سے ہٹا دیا۔ اس انقلاب کا لازمی نتیجہ یہ تھا کہ سرکار رسالت کے بعد ڈیوڑھی کی چہل پہل اور رونق سناٹے میں تبدیل ہوگئی۔ اور وہ ماحول جس میں حسینؑ زندگی بسر کر رہے تھے ایک دم بالکل بدلا ہوا نظر آیا حسینؑ ماں کے پاس جاتے تو یہ دیکھتے کہ سوائے اوقات نماز کے ہر وقت گریہ وزاری سے کام ہے۔ باپ کے پاس جاتے تو یہ دیکھتے کہ انہوں نے اہل زمانہ کی بے رخی کو دیکھتے ہوئے گھر سے نکلنا اور لوگوں سے ملنا جلنا ترک کر دیا ہے۔ آپ ہر وقت ایک گوشہ میں بیٹھے قرآن مجید کے متفرق اجزاء کو اصلی ترتیب اور شان نزول کے مطابق کتابی شکل میں مرتب کرتے رہتے۔ کیا اس صورت حال کو دیکھ کر حسینؑ کا دل نہ گھٹتا ہوگا؟ وہ سوچتے ہوں گے کہ اے خدا یہ کیسا اندھیرا ہے؟ جو ایک دم ہماری آنکھوں کے سامنے چھا گیا۔ بہر حال آپؑ نے اپنے باپ کے طرز عمل میں یہ نصب العین نمایاں پایا کہ چاہے حالات کتنے ہی ناسازگار ہوں۔ مگر ہمیں اسلام کی خدمت سے ہاتھ نہیں اٹھانا چاہیئے۔ ہمارا اور قرآن کا ساتھ ہے۔ اس لئے قرآن کی حفاظت ہمارا فرض ہے اور اس فرض کو کسی وقت نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔

افسوس ہے کہ رسولؐ کی وفات سے چند ہی مہینوں کے بعد گوناگوں مصائب و تکالیف اٹھانے کے ساتھ حسینؑ سے ان کی بزرگ مرتبت ماں بھی جدا ہوگئیں۔ حضرت فاطمہ زہراؑ کی وفات سے علی ابن ابی طالبؑ اور بھی دل شکستہ ہوگئے اور حسنؑ و حسینؑ کے لئے مہر و محبت کی دنیا بڑی حد تک ویران نظر آنے لگی۔ اب ان کے لئے گہوارہ شفقت و تربیت صرف ایک تھا۔ اور وہ تھی ان کے بزرگ مرتبہ باپ کی ذات سات برس کی عمر سے لے کر چھتیس سال کی عمر تک انتیس سال برابر حسینؑ اپنے وہبی کمالات کے ماورا حضرت علی بن ابی طالبؑ ایسے حکیم الٰہی عالم ربانی۔ معلم اخلاق انسانیت اور مجموعہ فضائل نفسانی کے علمی اور عملی فیوض سے بہرہ یاب ہوتے رہے اور یہی وہ زمانہ ہے جس میں عام نظام اسباب کی دنیا میں انسانیت کی حقیقی تعمیر ہوتی ہے۔ اس عمر کے آغاز سے بلوغ کی مدت تک اوصاف و ملکات کی داغ بیلیں پڑتی ہیں۔ نوجوانی کے زمانہ میں ان پر دیواریں اٹھتی ہیں۔ اور جوانی کے اختتام تک یہ عمارت مکمل ہو کر اس پر نقش و نگار بن جاتے ہیں۔ اور وہ ساز و سامان اور شیشہ و آلات سے بھی آراستہ ہو جاتی ہے حسینؑ کے لئے ان تمام منازل کی ظاہری تکمیل علی ابن ابی طالبؑ کی نگرانی میں ہو رہی تھی حسینؑ نے دیکھا کہ ان کے والد بزرگوار علی بن ابی طالبؑ باوجودیکہ زمانہ کی بے توجہی، حق فراموشی اور سرد مہری سے کبیدہ خاطر ضرور تھے۔ لیکن جب کسی عملی مسئلہ میں کسی مہم کے متعلق مشورہ میں کسی مقدمہ کے فیصلہ میں ان کی ضرورت پڑ جاتی اور ان سے امداد کی خواہش کی جاتی۔ تو وہ فوراً بلا عذر امداد کرنے کے لئے تیار ہو جاتے۔ یہ جذباتی انسانوں کے رویہ کے بالکل خلاف ہے۔ وہ اگر کسی منصب

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

کے حصول سے جس کے وہ حقدار ہوں محروم کر دیئے جائیں تو وہ متعلقہ افراد سے خفا ہو کر الگ ہو جائیں گے۔ اور اگر اس منصب سے تعلق رکھنے والے معاملات میں ان سے مدد طلب کی جائے تو اپنی دلی رنجش کی بنا پر تعاون سے انکار کر دیں گے۔ اس سے اہل بیتؑ کی ہر فرد کے سامنے یہ نمونہ پیش ہو رہا تھا۔ کہ ہم چاہے مسلمانوں سے کتنے ہی غیر متعلق کر دیئے جائیں۔ مگر ہمیں کبھی اپنے کو غیر متعلق سمجھنا نہیں چاہیئے ہمیں ہر ایسے موقع کا منتظر رہنا چاہیئے کہ جس وقت ہمارے ذریعہ سے اسلامی مفاد کو حقیقی فائدہ پہنچ سکتا ہو۔ تو اس موقع پر فوراً ہمیں اپنے فرض کو انجام دینا چاہیئے۔ اور اسلام کی خدمت کو اپنا نصب العین سمجھنا چاہیئے۔

تیسرے خلیفہ کے انتخاب کے موقع پر وقت ایسا آیا کہ حضرت علی بن ابی طالبؑ تخت حکومت کو حاصل کر لیتے۔ جبکہ خلیفہ دوم نے اپنے انتقال کے وقت چھ آدمیوں کی کمیٹی بنا کر خلافت کو ان میں منحصر کر دیا۔ اور ان میں سے ایک حضرت علی ابن ابی طالبؑ کو بھی قرار دیا تھا تمام دوسرے ارکان حضرت علی علیہ السلام کو خلافت کے منصب پر نامزد کرنے کے لئے تیار تھے۔ بشرطیکہ آپ کتاب سنت کے علاوہ شیخین (ابوبکر و عمر) کی سیرت پر عمل کا بھی عہد کریں[1] مگر حسینؑ نے دیکھا کہ ان کے حقیقت پرور۔ بلند ہمت اور مستغنی طبیعت باپ نے اس موقع کو ہاتھ سے دے دیا۔ اس پر کہ وہ کتاب وسنت پر عمل کے علاوہ کسی دوسری شرط کو ماننے کے لئے تیار نہیں ہوئے۔ جس کے نتیجہ میں وہ ظاہری خلافت کا ہما جو ان کے سر ہمایوں پر چکر لگا رہا تھا۔ ایک طویل عرصہ تک کے لئے ان سے علیحدہ ہو گیا۔ حسینؑ نے اس میں ایک بڑے اہم سبق کا عملی نمونہ دیکھا جس پر ان کے آئندہ اقدامات کی بنیاد قائم ہونا تھی۔ اور وہ یہ کہ شریعت اور مسلمان حکمرانوں کی سیرت دو الگ الگ چیزیں ہیں۔ ایسا نہیں ہے کہ جو حکومت کا آئین اور اس کا عمل ہو۔ اس کو شریعت کی رو سے بھی صحیح ماننا پڑے۔ بلکہ شریعت کے مستقل اصول ہیں جنہیں مقتدر ہونا چاہیئے اور حکومت کے عمل کو ان کا ماتحت ہونا چاہیئے۔ اور جب ایسا نہ ہو تو ایک مسلمان کا فرض ہے کہ وہ شریعت کو تسلیم کرے۔ اور حاکم کے عمل کو تسلیم نہ کرے۔ اور اگر کسی وقت ایسا موقع پیش آئے کہ حکام کا عمل کھلم کھلا شریعت کے خلاف اور آئین مذہب میں بنیادی تبدیلی کا باعث ہو[2] تو مسلمان کا فرض ہے کہ وہ شریعت کی حمایت میں کمر بستہ ہو جائے اور اس کے لئے بشرط ضرورت کسی قربانی سے دریغ نہ کرے"۔ تیسرے خلیفہ عثمان کے دور کا آخری حصہ بڑی بے اطمینانی اور کشمکش میں گذرا۔ مسلمانوں کو ان سے شکائتیں پیدا ہوئیں۔ اور اقدامات کی حد تک پہنچیں مگر حضرت علی بن ابی طالب نے ان اقدامات کو تقویت پہنچانے کے بجائے پوری کوشش کے ساتھ ان کو روکنے کی کوشش فرمائی کئی مرتبہ بیچ میں پڑ کر صلح

---

[1] طبری، ج ۵، ص ۴۰۔

[2] حجۃ اللہ البالغہ، ج ۲، ص ۱۵۰، طبع مصر۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

کرائی۔ مخالف جماعت کی شکایات دور کرائیں۔ اور انہیں سمجھا بجھا کر منتشر کیا[1] مگر مروان جو اس دور میں کاتب کے عہدہ پر تھا۔ اس کی شرارتوں نے ان کوششوں کو کامیاب نہ ہونے دیا۔ اور اس جماعت نے حاکم وقت کے مکان کا محاصرہ کر لیا[2] اس وقت بھی حضرت علی بن ابی طالبؑ نے یہ ہمدردی کی۔ کہ جب آپ کو معلوم ہوا۔ کہ محاصرہ کرنے والوں نے پانی بند کر دیا ہے۔ تو آپؑ نے حسنؑ و حسینؑ اپنے دونوں فرزندوں کو کچھ مشکوں کے ساتھ روانہ کیا اور ان دونوں صاحبزادوں نے اپنے کو خطرہ میں ڈال کر پانی قصر حکومت کے اندر پہنچا دیا۔ بہر حال نظام حکومت کا پیمانہ لبریز تھا اور پانی سر سے اونچا ہو چکا تھا۔ حملہ آور جماعت نے دار الحکومت کی سرزمین کو خلیفہ کے خون سے رنگین اور ان کے رشتہ حیات کو قطع کر دیا۔

ایک مہینہ انیس دن محاصرہ[3] رہا۔ لاش تین دن تک بے گور و کفن[4] رہی۔ اور عامہ مسلمین دفن کی طرف متوجہ نہ ہوئے۔ آخر میں راتا راتی "عش کوکب" نام کے مقام پر جو مسلمانوں کے قبرستان سے الگ تھا۔ سپرد خاک کیے گئے۔[5]

اس عبرت ناک موقع سے ایک حساس انسان کس قدر اہم نتائج اخذ کر سکتا تھا؟ سلطنت دنیا کی بے ثباتی جمہور کی وفاداری پر عدم اعتماد نیز مروان اور دیگر بنی امیہ کے ہاتھوں اسلام کے شیرازہ کی ابتری یہ سب کچھ حسینؑ نے دیکھا اور اپنی آئندہ زندگی کے سب سے اہم کارنامہ کی بنیادوں کو مستحکم بنانے میں ان میں سے ہر ایک پہلو کا لحاظ رکھا۔ حالات بہت تیزی سے تبدیل ہوتے ہیں۔ اور ان حالات کے لحاظ سے جمہور کے رجحانات بھی بدلتے رہتے ہیں۔ اس ہنگامی انقلاب کے نتیجہ میں مسلمانوں کی آنکھیں اور ان کے انتخاب کی نگاہیں حضرت علی ابن ابی طالبؑ کے چہرہ پر جم گئیں۔ انہوں نے آپؑ کے پاس آ کر خلافت اسلامی کی ذمہ داری کو سنبھالنے کی درخواست کی۔ یہ بات حیرت میں ڈالنے والی تھی۔ کہ حضرت علیؑ باوجودیکہ اس سے پہلے ہمیشہ خلق خدا کی ہدایت اور ان کے نظم و نسق کی اصلاح کے لئے بے چین اور خلافت رسولؐ کے لئے اپنے استحقاق کا اعلان فرماتے رہے تھے۔ آج مسلمانوں کی اس ملتجیانہ پیش کش کو مسترد فرما رہے تھے[6] حسینؑ خوب جانتے تھے کہ اس کا سبب کیا ہے؟ عمال حکومت کے رویہ کی بدولت مسلمانوں کی عادتیں بگڑ چکی تھیں اور زاویہ نگاہ میں تبدیلی ہو چکی تھی۔ اسلامی حکومت بڑی حد تک دنیاوی اقتدار سلطنت کے قالب میں ڈھل گئی تھی۔ اور کسرویت و قیصریت کے آثار اس میں نمودار ہو گئے تھے۔ یہ چیز کسی طرح اس

---

[1] طبری، ج ۵، ص ۹۶، ۹۷، ۱۱۰، ۱۱۷، ۱۲۲۔

[2] الوزراء والکتاب، ص ۱۴۔ طبری، ج ۵، ص ۱۱۱، ۱۱۲۔

[3] طبری، ج ۵، ص ۱۲۲۔

[4] طبری، ج ۵، ص ۱۴۳۔

[5] طبری، ج ۵، ص ۱۴۳، ۱۱۴۔

[6] طبری، ج ۵، ص ۱۵۲۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

سادگی اور مساوات کے ساتھ سازگار نہ تھی جسے پیغمبر اسلام ﷺ نے دنیا میں پھیلایا تھا۔ اور جس پر حضرت علی ابن ابی طالبؑ نہایت سختی کے ساتھ عامل تھے۔ اس لئے آپؑ نے پورے طور پر انکار کیا۔ مگر مسلمانوں کا اصرار اتمام حجت کی صورت اختیار کر گیا۔ مجبوراً حضرت علیؑ کو یہ ذمہ داری قبول کرنا پڑی مگر آپؑ نے صاف اعلان کر دیا کہ دیکھو جب تم ذمہ داری کو میرے سپرد کر رہے ہو تو میں جو ٹھیک راستہ سمجھوں گا اسی پر تمہیں چلاؤں گا۔ اور کسی کے اعتراض اور نکتہ چینی کی پروا نہ کروں[1] گا۔ لوگوں نے اس کا اقرار کر کے ذی الحجہ ۳۵ھ میں علیؑ ابن ابی طالبؑ کی بیعت کی۔ اور آپؑ خلیفۃ المسلمین تسلیم کر لئے گئے۔ اس سے ایک طرف یہ ثابت کیا گیا۔ کہ دنیا کی فضا اب اہل بیتؑ کے حکومت و اقتدار کے لئے موزوں نہیں ہے۔ دوسری طرف یہ کہ اگر اللہ کے بندے وفاداری کے عہد کے ساتھ رہنمائی کے طالب ہوں تو جب تک حجت ان پر پورے طور سے تمام نہ ہو جائے ہمارا فرض یہ ہے کہ ہم بظاہر ان کے عہد و پیمان کو باور کریں۔ اور ان کی خواہش رہنمائی کی تکمیل کے لئے قدم آگے بڑھائیں۔

خلافت کی ذمہ داری قبول کرنے کے بعد وہی ہوا جو حضرت علیؑ پہلے سے سمجھے ہوئے تھے کچھ لوگوں نے تو بیعت سے ہی پہلو تہی کی۔ حضرت علیؑ نے ان کے ساتھ کوئی سختی نہیں کی۔ جب تک وہ عملی طور سے کوئی مخالفت نہ کرتے۔ ضرورت ہی کیا تھی کہ ان سے تعرض کیا جائے جبکہ اصول مذہب میں دستور یہ ہے کہ لا اکراہ فی الدین تو خلافت کے تسلیم کرانے میں اکراہ کے کیا معنی؟ لیکن بعض لوگوں کا یہ مشورہ کہ معاویہ اور جتنے عثمان کے زمانہ کے عامل ہیں۔ ان سب کو آپ برقرار رکھیں۔ اور وہ مطمئن ہو جائیں اور آپؑ کی گرفت میں آ جائیں۔ تو پھر چاہے سب کو معزول کر دیں۔ اسے آپؑ نے منظور نہیں فرمایا۔ اور آپ نے کہا کہ سیاست دنیا کے لحاظ سے تو بے شک یہی بہتر ہے جو تم کہتے ہو۔ مگر جب میں جانتا ہوں کہ وہ ظالم اور نااہل ہیں تو انہیں اپنی طرف سے حکومت کا پروانہ بھیج کر میں ان کے مظالم میں شریک ہوں۔ یہ کیوں کر ہو سکتا ہے۔[2]

یہ بڑا دور رس واقعہ ہے۔ اگر حضرت علی ابن ابی طالبؑ اپنی ماتحتی میں معاویہ ایسے شخص کی حکومت کو دینی فریضہ کے ماتحت برداشت نہیں کر سکتے تھے۔ تو اس کے بعد بھی حسینؑ بیعت کر کے معاویہ سے بڑھ کر یزید ایسے شخص کی حکومت کیونکر تسلیم کر سکتے ہیں؟

پھر بھی حضرت علیؑ نے معاویہ کے نام خط لکھا اس میں کوئی سختی و درشتی اور جنگ جویانہ انداز نہ تھا[3] معاویہ

---

[1] طبری، ج ۵، ص ۱۵۶۔

[2] طبری، ج ۵، ص ۱۵۹، ۱۶۰۔

[3] ملاحظہ ہو: نہج البلاغہ، ج ۲، ص ۱۴۰۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

اگر مخالفت پر پہلے ہی تلے ہوئے نہ ہوتے تو اس خط پر انہیں عمل کرنا چاہیئے تھا۔ (کہ لوگوں سے بیعت حضرت علیؑ کی لے کر خود ایک وفد کے ساتھ مدینہ آنجنابؑ کی خدمت میں حاضر ہو جاتے) مگر وہاں تو عناد و مخالفت کی چنگاریاں پہلے سے سلگ رہی تھیں۔ آخر آپؑ کے مقابلہ میں قتل عثمان کا غلط الزام تراشا گیا۔ اور اس بہانہ سے آپ کی مخالفت کا جھنڈا اونچا کیا گیا۔ معاویہ نے شام والوں کو حضرت علی ابن ابی طالبؑ کے خلاف اس غلط تہمت کو ان کے ذہن نشین کر کے پورے طور پر مشتعل کر دیا۔ مسجد جامع دمشق میں ماتمی جلسے کیے گئے۔ مقتول خلیفہ کا خون بھرا کرتا منبر پر ڈال دیا گیا۔ اور عالم یہ تھا کہ پچاس ساٹھ ہزار کا مجمع اسے دیکھ نالہ وزاری کرتا۔ اور اس جوش رقت میں ان سے کہا جاتا کہ اب تمہیں علیؑ سے اس خون کا بدلہ لینا ہے۔[1]

اب حضرت علی علیہ السلام شام کی مہم کے تدارک کا سامان کرنا چاہ رہے تھے جو یک بیک خبر آئی کہ طلحہ اور زبیر نے زوجہ رسولؐ عائشہ بنت ابوبکر کو آمادہ کر کے آپ کے خلاف محاذ تیار کر لیا ہے۔[2]

وہ لوگ جو پچیس برس تک حضرت علیؑ کو میدان جنگ سے بالکل علیحدہ رہتے ہوئے بالکل خاموشی کی زندگی گذارتے دیکھ چکے تھے۔ انہوں نے دیکھ لیا کہ وہی علیؑ اپنی تلوار کو اتنے عرصہ تک نیام میں رکھ چکے تھے کہ جوانی سے بڑھاپا آ گیا تھا۔ آج وہ ذمہ داری اپنے اوپر عاید ہو جانے کے بعد آئین و اصول اور حق کی حفاظت کے لئے جنگ پر بالکل تیار ہیں۔ بے شک امام حسینؑ نے دیکھا کہ ان کے پدر بزرگوار نے اس اصول کی سختی کے ساتھ پابندی فرمائی کہ جب تک فریق مخالف عملاً جنگ کی ابتدا نہ کر دے۔ اس وقت تک تلوار میان سے نہ نکالی جائے۔ چنانچہ جمل کے میدان میں یہی ہوا۔ کہ جب صفوف لشکر مرتب ہو چکے۔ تو حضرت علی ابن ابی طالبؑ نے ہاتھ میں قرآن لے کر اپنے ساتھیوں سے فرمایا: کہ کون ہے جو اس قرآن کو لے جا کر انہیں اس پر عمل کرنے کی دعوت دے۔ مگر یہ بتائے دیتا ہوں کہ وہ قتل کر دیا جائے گا۔ یہ سن کر اہل کوفہ میں سے ایک جوان جس کا نام مسلم تھا کھڑا ہوا کہا میں جاؤں گا۔ (تین بار آپ نے یہی اعلان فرمایا اور یہی جوان ہر بار اٹھا) (المختصر) وہ قرآن لے کر صفوف مخالف کے سامنے گیا (دعوت عمل دی) مگر ظالموں نے (اس کے یکے بعد دیگرے دونوں بازو قلم کرنے کے بعد) اسے قتل کر دیا۔ علیؑ ابن ابی طالبؑ پکارے۔ اب ان سے جنگ حلال ہو گئی۔[3]

---

۱ طبری، ج ۵، ص ۱۶۳ (کذا فی الکامل، ج ۳، ص ۱۴۱)۔ اس میں یہ بھی لکھا ہے کہ ان کی زوجہ نائلہ کی کٹی ہوئی انگلیاں منبر پر آویزاں کی جاتی تھیں۔ اور سامنے گریہ زاری کی جاتی تھی۔

۲ طبری، ج ۵، ص ۱۶۴۔

۳ طبری، ج ۵، ص ۲۰۵، ۲۰۶۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

اب دنیا نے دیکھا کہ وہی تلوار جو بدر، احد، خندق اور خیبر میں کسی وقت چمک چکی تھی۔ جمل کے میدان میں چمکنے لگی۔ وہی ہاتھ ہے اور ہاتھ کی صفائی۔ وہی دل ہے اور دل کی طاقت۔ یہاں تک کہ جمل کا معرکہ فریق مخالف کی شکست پر ختم ہوا۔ اس وقت حضرت علیؑ نے فریق مخالف کی سرگروہ ام المومنین عائشہ کے ساتھ وہ شریفانہ اور باعزت برتاؤ کیا جیسا کسی فاتح نے اپنے مفتوح فریق کے ساتھ نہیں کیا ہوگا[1] یہ معرکہ روز پنجشنبہ ۱۰ جمادی الثانیہ ۳۶ھ کو پیش ہوا۔

ظاہر ہے کہ عام اسباب کے لحاظ سے اب جناب امیرؑ کا سن لڑائیوں کی امنگوں کا متقاضی نہیں تھا۔ انسٹھ برس کی عمر تھی مگر آپ کا پچیس برس کی خاموشی کے بعد اب میدان جنگ میں آ جانا۔ اعلان کر رہا تھا کہ حقیقتاً ہمارا حرکت وسکون سب فرض کے احساس کا نتیجہ ہونا چاہیے۔ فرض کی پکار پر ہمیں جواب دینا چاہیے۔ اصول وفرض کے حدود میں جذبات کا تقاضا اور سن کا اختلاف کوئی چیز نہیں ہے اگر فرض ہمارا خاموشی کا ہو تو چاہے جوانی کی تمام امنگیں قدم اٹھانے پر مجبور کر رہی ہوں۔ پھر بھی ہم کو اپنی زندگی خاموشی کے ساتھ گزار دینا چاہیے۔ اور جوانی سکون کے عالم میں بسر کرنا چاہیے۔ اور اگر فرض ہمارا عملی اقدام کا ہو تو چاہے بڑھاپے کا اضمحلال جسمانی قوتوں کو متاثر بھی کیے ہو مگر پھر بھی ہمیں عزم وارادہ کے قدموں پر کھڑا ہو جانا چاہیے۔ اور وہ کرنا چاہیے جو جوانمردانہ ہمت کا تقاضا ہے۔

ادھر شام میں اشتعال انگیزی مسلسل جاری رہی مگر آپ نے اپنی جانب سے اصلاح کی کوشش جاری رکھی (کئی آدمی) معاویہ کے پاس روانہ فرمائے۔ تاکہ جا کر اتحاد واتفاق اور اطاعت واجتماع کی دعوت دیں مگر اس امن پسندانہ پیش قدمی کا جواب یہ ملا کہ پلٹ جاؤ میرے پاس سے کیونکہ میرے تمہارے درمیان تلوار سے فیصلہ ہوگا[2] بالآخر مسلمانوں کا خون بے دریغ بہایا جانے لگا۔ اس جنگ کے آغاز واثنا اور انجام میں بہت سے جاذب توجہ امور پیش آتے رہے۔ پہلے یہ کہ اس جنگ میں بھی حضرت علیؑ نے اپنی فوج کو ہدایت کر دی کہ جب تک دشمن ابتداء نہ کرے تم جنگ نہ کرنا۔[3] (نام نہاد مسلمانوں کے ساتھ تمام پیش کردہ معرکوں میں آپؑ نے یہی ہدایت فرمائی) اور جب لڑائی چھڑ جائے اور پھر دشمن کو شکست ہو۔ تو کسی بھاگتے ہوئے کا پیچھا نہ کرنا کسی زخمی پر ہاتھ نہ اٹھانا۔ کسی عورت کی بے حرمتی نہ کرنا کسی مقتول کے اعضا قطع نہ کرنا خیام میں بلا اجازت داخل نہ ہونا۔ ان کے مال واسباب کو نہ لوٹنا۔ اور دشمنوں کی عورتیں تمہیں اور تمہارے سرداروں کو گالیاں بھی دیں تو انہیں کوئی ایذا نہ پہنچانا[4] اس کے علاوہ یہ بھی ایک واقعہ سامنے آیا۔ کہ معاویہ کے مقدمۃ الجیش ابوالاعور سلمی نے نہر فرات پر قبضہ کر لیا اور حضرت علیؑ کے لشکر پر پانی

---

[1] تفصیل کے لیے دیکھو: طبری، ج ۵، ص ۲۰۳، ۲۰۵، ۲۱۸، ۲۱۹، ۲۲۵۔

[2] طبری، ج ۵، ص ۲۴۳۔

[3] طبری، ج ۵، ص ۲۳۸۔

[4] طبری، ج ۶، ص ۶۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

بند کر دیا۔ مجبوراً آپ نے پانی کے لئے جنگ کا حکم دیا۔ آپ کے لشکر نے ابوالاعور سلمی کی فوج سے گھاٹ چھین لیا اور یہ ارادہ کیا کہ اب دشمن کی فوج پر اسی طرح پانی بند کر دیا جائے۔ جیسے اس نے ہم پر بند کیا تھا۔ مگر حضرت علیؑ نے اس کو گوارا نہ فرمایا آپ نے کہا وہ ان کا فعل تھا مگر تم انہیں پانی سے نہ روکو۔ اطمینان کے ساتھ سیراب ہونے دو۔ اس سے یہ سبق دیا جا رہا تھا کہ ہماری مخالف جماعت انسانیت اور اخلاق میں کتنی ہی پست ہو جائے۔ مگر ہم کو ہمیشہ بلند ظرفی سے کام لینا چاہیئے۔ اور اس کے کمینہ طرز عمل کا معاوضہ اس کے مثل سے نہیں کرنا چاہیئے بلکہ ہمیں انسانیت کی بلندی کا تحفظ کرنا ضروری ہے جنگ صفین میں حضرت علیؑ کو مسلمانوں کی خونریزی سے بڑی تکلیف محسوس ہو رہی تھی چنانچہ پکار کر امیر شام سے کہا کہ اس سے کیا حاصل ہے کہ عام مسلمانوں کا خون بڑی فیاضی سے بہہ رہا ہے۔ بس تم نکل آؤ میدان میں۔ اور میں آ جاؤں۔ اور اس جنگ کا فیصلہ ہو جائے۔[1] مگر معاویہ نے اس خطرہ کو اپنی ذات کے لئے مول نہ لیا۔ وہ دوسروں کے گلے کٹواتے رہے۔ مقابلے کے لئے میدان میں نہیں آئے۔ برخلاف اس کے حضرت علیؑ جان کو جان نہ سمجھتے ہوئے برابر مجاہدین کی صفوں کے آگے تھے۔ اس لئے ان کا ضمیر مطمئن تھا۔ وہ شہادت کے مشتاق تھے۔ ان کا تو قول تھا کہ میں موت کے ساتھ اس سے زیادہ مانوس ہوں جتنا بچہ آغوش مادر سے مانوس ہوتا ہے۔ اسی جنگ صفین میں ایک موقع پر امام حسنؑ سے فرمایا تمہارے باپ کو تو کوئی پروا نہیں کہ موت اس پر گر رہی ہے یا وہ خود موت کے اوپر گر رہا ہے[2] پھر جو ایسے باپ کے بیٹے ہوں۔ جن کے سامنے یہ سیرت ہو۔ اور جن کے کانوں میں یہ باتیں پڑ رہی ہوں۔ انہیں موت کا اندیشہ کیونکر رہ سکتا ہے۔ چنانچہ حسینؑ اپنے بھائی حسنؑ اور محمد بن حنفیہ کے ساتھ اس جنگ میں برابر حصہ لے رہے تھے۔ اور سخت سے سخت موقعوں پر ثبات قدم کے جوہر دکھا رہے تھے۔ تاریخ نے ایک ایسے موقع کی تصویر کشی کرتے ہوئے جب علی بن ابی طالبؑ کے لشکر کا بڑا حصہ شکست کھا چکا تھا لکھا ہے کہ اس وقت نہیں رہ گئے تھے علیؑ کے پاس۔ مگر بڑے فرض شناس اور پر جگر افراد اس وقت آپؑ نے اپنے گھوڑے کا رخ میسرہ کی جانب پھیرا کہ جدھر قبیلہ ربیعہ کے لوگ اب تک دشمنوں کا مقابلہ کر رہے تھے۔ راوی جس کا نام زید بن وہب جہنی ہے بیان کرتا ہے کہ میں دیکھ رہا تھا علیؑ کو کہ آپ ربیعہ کی فوج کی طرف جا رہے تھے۔ اور آپؑ کے فرزند حسنؑ حسینؑ اور محمد بن حنفیہ آپؑ کے ساتھ ساتھ تھے اور تیر علیؑ کے کان اور شانوں کے پاس سے گذر رہے تھے مگر آپ کے فرزند بڑھ بڑھ کر سپر بن جاتے تھے۔ اور آپ اپنے باپ کی حفاظت کرتے تھے۔[3]

---

۱ طبری، ج ۶، ص ۲۳۔

۲ طبری، ج ۶، ص ۱۱۔

۳ الاخبار الطوال، ص ۱۸۴۔ طبری، ج ۶، ص ۱۰۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

کیا یہ جذبہ فداکاری اور قربانی کا معمولی مظاہرہ ہے جو علیؑ کی آنکھوں کے سامنے ان کے صاحبزادوں سے ظاہر ہو رہا تھا؟ کیا اس کے بعد بھی یہ خیال کیا جا سکتا ہے کہ علیؑ کے یہ بہادر بیٹے موت کے ڈر سے کسی فرض میں کوتاہی کریں۔ یا کسی باطل طاقت کے سامنے جان کے خوف سے سر جھکائیں؟ اسی جنگ صفین کے میدان میں ایک اور منظر کا بھی مشاہدہ ہوا۔ وہ یہ کہ عین جنگ کی حالت میں حضرت علی ابن ابی طالبؑ کی نگاہ آفتاب پر تھی۔ ابن عباس نے سبب دریافت کیا۔ حضرت نے فرمایا کہ دیکھتا ہوں نماز ظہر کا وقت آیا یا نہیں؟ ابن عباس نے عرض کیا یہ نماز کا موقع ہے؟ جنگ تو ہو رہی ہے۔ آپؑ نے فرمایا۔ اور ہماری یہ جنگ کس بات کے لئے ہے؟ اسی نماز کے لئے تو جنگ کر رہے ہیں۔ یہ عبادت الٰہی کے فرض کی اہمیت کا ایک بے مثال عملی درس تھا۔ کہ تیروں کی بارش ہو یا آگ برس رہی ہو۔ جب نماز کا وقت آئے تو لازم ہے کہ اس فرض کے ادا کرنے کے لئے کھڑے ہو جاؤ جنگ کو بہت طول ہو چکا تھا۔ آخر ایک دن حضرت علیؑ نے طے کیا کہ اب ملک فتح کرنے کے بعد ہی جنگ کو موقوف کیا جائے۔ ایک دن و رات مسلسل ہنگامہ دار و گیر برپا رہا۔ جس کے نتیجہ میں فوج شام کے قدم اکھڑنے لگے۔ اور معاویہ کو شکست کا یقین ہو گیا۔ مگر عمرو بن العاص نے اس دن کے لئے ایک چال اٹھا رکھی تھی۔ وہ یہ کہ فوراً قرآن نیزوں پر بلند کر دیئے گئے۔ اور ندا دی گئی کی بھائیو! یہ کتاب خدا ہی ہمارے اور تمہارے درمیان فیصلہ کر دے گی۔ شام والے سب ہلاک ہو گئے۔ تو شام کے حدود کی حفاظت کون کرے گا اور عراق والے ہلاک ہو گئے تو عراق کے حدود کا نگہبان کون ہو گا[1]

حضرت علی علیہ السلام نے اپنی فوج والوں کو اس مکاری اور چالبازی سے آگاہ کیا اور صاف فرمایا کہ یہ لوگ نہ اہل دین ہیں نہ اہل قرآن۔[2] مگر آپ کی فوج کے بہت سے لوگ آپؑ سے منحرف ہو کر اس بات پر مصر ہو گئے کہ اب تلوار روک لیجئے۔ نہیں تو ہمارے اور آپ کے درمیان تلوار چلے گی۔ یہ بڑی کشمکش کا موقع تھا۔ دشمن کے مقابلہ کے وقت اپنی فوج میں تلوار چلنے لگے۔ ایک انتہائی ہولناک صورت حال تھی۔ مجبوراً آپؑ نے جنگ کے التواء کا حکم دیا۔ اور طے پایا کہ ایک حکم اہل شام کی طرف سے نامزد ہو۔ اور ایک کوفہ کی طرف سے۔ مگر اہل شام کی طرف سے عمرو بن العاص ایسا امیر شام کا نفس ناطقہ مقرر کیا گیا۔ اور جب علیؑ نے چاہا کہ مالک اشتر یا عبداللہ بن عباس یا کسی دوسرے ایسے ہی مخلص کو اپنی جانب سے مقرر کریں۔ تو وہی اپنی فوج والے پھر بگڑ گئے۔ آخر سب نے ابوموسیٰ اشعری کو اپنی جانب سے مقرر کیا۔ (صلح نامہ میں یہ نمایاں طور لکھا گیا تھا کہ حکمین کتاب خدا کے مطابق فیصلہ کریں گے) اس کے الفاظ سے صاف ظاہر ہے کہ حکمین کو اپنی ذاتی رائے سے فیصلہ کرنے کا کوئی حق نہ ہو گا۔ یہ اقرار نامہ ۱۳ صفر ۳۷ھ کو پایۂ تکمیل کو پہنچا۔ (بالآخر عمرو بن العاص کی مکارانہ کارروائیوں سے اس کا جو انجام ہوا۔ اور اس نے ابوموسیٰ اشعری کو

---

[1] طبری، ج ۶، ص ۴۶۔ [2] طبری، ج ۶، ص ۳۷۔ ارشاد، ص ۱۲۴۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

جس طرح بے وقوف بنایا یہ تاریخ اسلام کے مبتدی طالب علموں سے بھی حقائق پوشیدہ نہیں ہیں)۔

ابوموسیٰ اشعری چیخ اٹھے۔ ارے یہ تو نے کیا کیا۔ تو نے غداری کی۔ بے ایمانی کی۔ تو کتے کی طرح ہے۔ عمرو عاص نے جواب دیا۔ تمہاری مثال گدھے کی سی ہے جس کی پشت پر کتابیں لاد دی گئی ہوں۔ غرض اس ہڑبونگ اور ان تہذیب و اخلاق کے مظاہروں کے ساتھ یہ اجتماع منتشر ہوگیا۔[1] اس مکارانہ فیصلہ کو کسی نے تسلیم نہ کیا۔ اور اختلاف جوں کا توں قائم رہ گیا۔ باوجود حضرت علی علیہ السلام کی اس دور اندیشی اور احتیاط کے پھر بھی مفسد آدمی فتنہ و فساد برپا کرنے سے باز نہ آئے۔ اقرار نامہ کے لکھتے ہی آپ کی فوج سے یہ آواز آئی۔ انسانوں کو حکم بنانا درست نہیں: ﴿لا حکم الا للّٰہ﴾ یہ جماعت خوارج کا سنگ بنیاد تھا۔ انہوں نے حضرتؑ سے معاویہ کے ساتھ جنگ کرنے پر اصرار کیا۔ حضرت نے فرمایا: معاہدہ ہوگیا ہے۔ اس کی مخالفت ممکن نہیں۔ بہرحال خوارج نے اپنی جماعت کو منظم کر کے مقابلہ کی تیاری کر دی۔ جس سے ۳۸ھ میں جنگ نہروان کی صورت پیش آئی۔ (اور بالآخر مخالف کی شکست پر ختم ہوئی)۔ نہروان کے بعد بھی فتنے بالکل ختم نہیں ہوئے۔ امیر شام نے اہل کوفہ کے افتراق سے فائدہ اٹھا کر اپنی قوت کو زیادہ منظم کر لیا۔ برابر اطراف مملکت میں اپنی فوجیں بھیج کر بدامنی کا سلسلہ قائم کیے ہوئے تھا جس میں خفیہ و اعلانیہ ہر قسم کے اقدامات شامل تھے۔

SIBTAIN.COM
Presented By: www.jafrilibrary.com

جناب امیر علیہ السلام کے بڑے معاون مالک اشتر کو زہر دلوا کر خاتمہ کرا[2] دیا۔ ان کے بعد محمد بن ابی بکر مصر کے گورنر بنا کر بھیجے گئے مگر عمرو بن عاص نے خطوط لکھ کر مصر کے بعض عمائد سے ساز باز کر کے اپنی فوج لے کر حملہ کر دیا۔ ادھر سے شام والوں کی فوج اور ادھر خود مصر والوں کا مسلح لشکر محمد بن ابوبکر چکی کے دو پاٹوں میں آ گئے۔[3] شکست کھائی اور خود انتہائی بے دردی کے ساتھ قتل کیے گئے بلکہ لاش کو بھی آگ میں جلا دیا گیا۔[4] اس کے بعد مصر پر معاویہ کا تسلط ہوگیا (اس طرح امیر شام نے مختلف علاقوں میں فوج کے دستے بھیج کر حضرت امیر علیہ السلام کے کئی آدمی قتل کر دیے۔ افراتفری مچائی اور گوریلا جنگ کی شکل اختیار کر لی) اس سلسلہ کا سب سے زیادہ اندوہناک سانحہ بسر بن ارطاۃ کا تین ہزار کی فوج کے ساتھ حجاز پر حملہ تھا۔ جس نے مدینہ اور مکہ والوں سے بجبر بیعت لینے کے بعد یمن کا رُخ کیا اور وہاں کئی آدمیوں کو قتل کیا۔ عبداللہ بن عباس کا مکان لوٹا اور ان کے دو کم سن بچوں کو ذبح کرا دیا۔ پھر جب حضرت علی علیہ السلام نے مقابلہ کے لیے لشکر بھیجا تو معہ اپنی فوج کے شام کی طرف فرار کر گیا۔[5]

---

[1] طبری، ج ۶، ص ۴۰۔
[2] طبری، ج ۶، ص ۵۴۔
[3] طبری، ج ۶، ص ۵۷۔
[4] طبری، ج ۶، ص ۶۰۔
[5] طبری، ج ۶، ص ۸۰، ۸۱۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

یہ بزدلی کا طریقہ حضرت علی علیہ السلام کے لیے نہایت تکلیف کا باعث تھا۔ مجبوراً پھر آپؑ نے تہیہ فرمالیا تھا کہ دمشق پر فوج کشی کر کے ہمیشہ کے لیے اس قصہ کو ختم کیا جائے جس کے لیے آپ نے ایک پُر زور خطبہ پڑھ کر مسلمانوں کو آمادہ بھی کر لیا مگر اس کے بعد ایک ہفتہ بھی پورا نہیں ہوا تھا کہ مسجد میں عین حالت نماز میں ۱۸ (شب ۱۹) ماہ رمضان کو آپؑ کے سر مبارک پر ابن ملجم مرادی نے زہر میں بجھی ہوئی تلوار لگائی۔[1] جس کے اثر سے ۲۱ ماہ رمضان ۴۰ھ کو آپؑ نے دنیا سے رحلت فرمائی۔ اس وقت حسینؑ بن علیؑ چھتیس برس کی عمر کو پہنچ چکے تھے۔ اس طولانی دور میں حسینؑ نے اپنے والد بزرگوار علیؑ بن ابی طالبؑ سے کیا کچھ دیکھا؟ کیا کچھ سنا۔ اور کتنا اثر لیا؟ مسلم الثبوت شیعی معتقدات سے قطع نظر کرنے کے بعد تمام تاریخی حالات اور ظاہری اسباب کے ماتحت یہ اہم تجربات اور گراں قدر تعلیمات جو ایک ربع صدی سے زیادہ تک حضرت امام حسین علیہ السلام کو حاصل ہوتے رہے۔ ایک انسان کے بلندیٔ اخلاق وصفات اور پختہ کاری کے قطعی ضامن اور ذمہ دار ہیں۔[2]

انتقال فرمانے سے پہلے حضرت علی علیہ السلام نے ایک تحریری وصیت نامہ امام حسنؑ کے نام لکھا اور اس پر امام حسینؑ و محمد بن حنفیہ اور اپنی دیگر اولاد اعزا اور مخصوص اصحاب کی گواہیاں لکھوائیں اور وصیت نامہ حسن مجتبیٰؑ کو سپرد کرتے وقت فرمایا کہ دنیا سے رخصت ہوتے وقت تم اسے حسینؑ کے سپرد کر دینا۔[3] اس کے علاوہ ایک وصیت آپؑ نے حسنؑ اور حسینؑ دونوں بھائیوں کو مشترکہ طور پر فرمائی۔ وہ یہ تھی۔ میں تم کو فرض شناسی کی وصیت کرتا ہوں اور یہ کہ تم کو کبھی دنیا کے طلبگار نہ ہونا چاہیے۔ وہ دنیا خود تمہاری طلب گار اور کسی دنیاوی نقصان پر کبھی رنجیدہ نہ ہونا۔ اور ہمیشہ حق کے لیے زبان کھولنا۔ اور ثواب کے لیے کام کرنا۔ اور ظالم کے مدمقابل اور مظلوم کے مددگار رہنا۔ میں تم کو تمام اپنی اولاد اور اعزہ اور ان لوگوں کو جن تک میرا پیغام پہنچے وصیت کرتا ہوں کہ ہمیشہ خدا سے ڈرتے رہنا۔ اور اپنے شیرازہ کو منتشر نہ ہونے دینا۔ اور اپنے درمیانی جھگڑوں کو صلح و آشتی کے ساتھ طے کرتے رہنا۔ اور دیکھو یتیموں کا خیال رکھنا۔ ان کی برابر خبر گیری کرتے رہنا۔ اور پڑوسیوں کا خیال رکھنا۔ اس لیے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کے بارے میں وصیت کی تھی اور دیکھو قرآن کا خیال رکھنا۔ تم سے بڑھ کر کوئی قرآن پر عمل کرنے والا نہ ہو۔ اور نماز کا خیال رکھنا۔ یہ تمہارے دین کا ستون ہے۔ اور اللہ کے گھر (خانۂ کعبہ) کا خیال رکھنا۔ زندگی بھر اس کو کبھی اکیلا نہ چھوڑنا اور دیکھو خدا کی راہ میں اپنے جان و مال اور زبان سے جہاد کرتے رہنا۔ اور آپس میں صلۂ رحمی رکھنا۔ اور ایک دوسرے کے ساتھ فیاضی کے ساتھ پیش آنا۔ اور دیکھو کبھی خلق خدا کو نیک اعمال کی ترغیب دینے اور بداعمالیوں سے روکنے سے

---

[1] طبری، ج ۶، ص ۸۴، ۸۵۔

[2] شہید انسانیت، ص ۹۲۔

[3] کافی، ج ۱، ص ۱۸۴۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

باز نہ آنا۔ تاکہ تم پر بُرے لوگوں کا اقتدار قائم نہ ہو جائے۔[1] اور دیکھو میرے بعد ایسا نہ ہونے پائے کہ بنی ہاشم مسلمانوں میں میرے خون کے بہانے سے خونریزی شروع کر دیں۔ دیکھو زیادہ سے زیادہ میرے خون کے قصاص کے طور پر بس میرے قاتل کو قتل کیا جا سکتا ہے۔ اور وہ بھی اس طرح کہ اس کو ایک ضربت کی پاداش میں ایک ضربت ہی لگائی جائے اور اس کو ہرگز مثلہ نہ کیا جائے۔ یعنی اعضاء و جوارح قطع نہ کئے جائیں۔ اس لیے کہ رسول اللہ ﷺ فرما گئے ہیں کہ خبردار کسی کو مثلہ نہ کرو چاہے وہ کاٹنے والا کتا کیوں نہ ہو۔[2]

عام دنیا سے جانے والے باپ اس وقت اپنی اولاد سے وصیت اپنے گھر کے نجی معاملات کے متعلق کرتے ہیں مگر آل محمدؐ تو دین و شریعت، کتاب اور سنت کو اپنے ذاتیات میں داخل سمجھتے تھے۔ انہوں نے اس وقت پر جو وصیتیں کی ہیں۔ وہ سراسر مفاد عامہ، مفاد شریعت اور احکام الٰہی سے متعلق تھیں۔ یوں تو یہ فرزند وہ تھے جو خود صحیح اور مناسب ہی کام کرتے مگر حضرت علی بن ابی طالبؑ کو بظاہر اسباب ایک مربّی باپ کی طرح اپنا فرض انجام دینا تھا۔ جس کا نتیجہ یہ ہونا چاہئے کہ ان وصیتوں کی ہر ہر لفظ وفا شعار بیٹوں کے دل پر نقش ہو جائے۔ یہ الفاظ ان کے کانوں میں ہمیشہ گونجتے رہیں کہ فرض شناسی کو اپنا اصول رکھنا۔ دنیاوی جاہ و اقتدار کے کبھی طالب نہ ہونا۔ دنیاوی نقصان کی کبھی پروا نہ کرنا۔ زبان پر حق کو جاری رکھنا، ظالم کے مدمقابل اور مظلوم کے مددگار رہنا۔ چنانچہ ان تعلیمات کو دونوں فرزندوں نے اپنے عمل سے مجسم شکل میں پیش کیا۔ اور اس میں ہم آہنگی کو بھی ہر صورت میں برقرار رکھا۔ یہ الفاظ ''خدا کی راہ میں اپنے جان و مال اور زبان سے جہاد کرتے رہنا، امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کو کبھی ترک نہ کرنا، ایسا نہ ہو کہ تم پر بُرے لوگوں کا اقتدار قائم ہو جائے۔'' خصوصیت کے ساتھ ان کو عملی جامہ پہنانے کا جس طرح حسین علیہ السلام کو موقع ملا وہ دنیا کی تاریخ میں یادگار ہے۔ حضرت علی بن ابی طالبؑ کی وفات کے بعد مسلمانوں نے متفقہ طور پر آپ کے بڑے فرزند امام حسنؑ کی خلافت تسلیم کی۔ ابھی ملک حضرت علیؑ کے غم میں سوگوار ہی تھا۔ اور حضرت امام حسن علیہ السلام پورے طور پر انتظامات بھی نہ کر چکے تھے کہ معاویہ کی طرف سے آپ کی مملکت میں دراندازی شروع ہو گئی اور ان کے خفیہ کارکن ریشہ دوانیاں کرنے لگے۔ اپنے جاسوس یہاں پھیلا دیئے۔ (بعض کوفہ و بصرہ سے پکڑے بھی گئے)۔ (ارشاد، ص ۱۹۹، ۲۰۰) اس واقعہ کے بعد امام حسنؑ نے معاویہ کو ایک خط لکھا (جس میں اس کی ان شرارتوں پر زجر و توبیخ تھی)۔۔۔۔۔ اس خط کے بعد معاویہ اور امام حسنؑ کے درمیان بہت سے خطوط کی رد و بدل ہوئی۔ بہرحال ان

---

[1] نہج البلاغہ، ج ۲، ص ۷۸، ۷۹۔ طبری اور ابوالفرج اصفہانی نے ان میں سے اکثر فقرات کو امام حسن علیہ السلام کے نام تحریری وصیت نامہ میں درج کیا (مقاتل الطالبین، ص ۲۵، ۲۷)۔

[2] طبری، ج ۶، ص ۸۶۔ نہج البلاغہ، ج ۲، ص ۸۰۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

واقعات سے یہ امر بالکل ظاہر ہوگیا کہ امیر شام معاویہ کو جناب امیرؑ سے کوئی وقتی عداوت نہ تھی ورنہ وہ ان کی شہادت کے ساتھ ختم ہو جاتی بلکہ یہ آل رسولؐ سے ایک مستقل دشمنی ہے جس کے نتائج آئندہ دیکھئے کیا ہوں۔۔۔۔۔ بہر حال امام حسنؑ دشمن کے مقابلہ کے لیے تیار تھے۔۔۔۔۔ بے شک آپ کو اور اس کے ساتھ حسینؑ کو اپنے ملک کی فضا کی طرف سے بے اطمینانی ضرور تھی اس لیے کہ خوارج کے فتنہ کے بعد سے خود اہل کوفہ میں پھوٹ پڑ چکی تھی اور بہت سے لوگ ایسے بھی تھے جو بظاہر حضرت علیؑ کی فوج میں شامل تھے مگر قرابت، دوستی یا کسی وجہ سے خوارج کے ساتھ ہمدردی رکھتے تھے۔ حضرت امیرؑ کو خود ان لوگوں کی شورش پسندی، اختلاف رائے، اور نظم کی کمی سے اتنی تکلیف اور پریشانی تھی کہ آپؑ موت کے آرزومند تھے۔ تمام کتب تواریخ اور بالخصوص نہج البلاغہ میں ایسے خطبے آپؑ کے درج ہیں جو آپ کی کبیدہ خاطری بلکہ روحانی تکلیف کے مظہر ہیں۔ آپؑ نے ان کو مخاطب کر کے فرمایا کہ تم نے میرا دل پیپ سے بھر دیا۔ اور میرے سینہ کو غم و غصہ سے پُر کر دیا۔[1] کبھی فرمایا کہ کاش معاویہ میرے ساتھ اپنی جماعت کا تمہاری جماعت سے تبادلہ کر لیتا۔ اس طرح جس طرح سونے کے سکہ کا تبادلہ چاندی کے سکہ سے ہوتا ہے یعنی تم میں سے دس (۱۰) لے لیتا اور اپنوں میں کا ایک مجھے دے دیتا۔[2] ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ یہی وہ جماعت تھی کہ جس سے امام حسنؑ کو سابقہ پڑا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔ یقیناً امیر شام کو بھی اپنے جاسوسوں کے ذریعہ یہاں کے حالات کا علم ہوگیا ہوگا۔۔۔۔۔۔۔۔ اس لیے انہیں ہمت ہوئی کہ وہ یکایک عراق پر حملہ کر دیں۔ چنانچہ وہ اپنی فوجوں کو لے کر جسر منبج تک پہنچ گئے۔ امام حسنؑ نے بھی مدافعت کے انتظامات شروع کیے۔ حجر بن عدی کو بھیجا کہ وہ دورہ کر کے تمام مقامات کے عاملوں کو صورت حال کا مقابلہ کرنے پر آمادہ کریں اور لوگوں کو جہاد کے لیے تیار کریں۔[3] مگر اندازہ کے بالکل مطابق یہ افسوس ناک صورت سامنے آگئی کہ لوگوں نے حجر بن عدی کا گرمجوشی سے استقبال نہیں کیا۔ عام طور پر جمود اور سرد مہری سے کام لیا گیا۔ کچھ تھوڑی سی جمعیت مقابلہ کے لیے تیار ہوئی بھی تو اس میں کچھ حصہ خوارج کا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔ تھوڑے لوگ وہ ہوں گے جو واقعی حضرت علیؑ اور امام حسنؑ کے شیعہ سمجھے جا سکتے ہیں۔ (اس کے بعد جو حالات رونما ہوئے وہ بڑے تکلیف دہ ہیں، کئی جرنیلوں کو معاویہ نے لطائف الحیل سے اپنے ساتھ ملا لیا۔ فوج میں ابتری پھیل گئی۔ ہمتیں پست ہوگئیں۔ تفصیل کے لیے تاریخ طبری و کامل وغیرہ کا مطالعہ کیا جائے۔ بنظر اختصار ہم اس حصہ کو قلمزد کرتے ہیں۔) حد ہوگئی کہ ان حالات کے پیش نظر امام کی صلح جویانہ گفتگو کرنے والے (ارشاد ص ۱۹۴) اور بروایت ابن جریر قیس بن سعد (جرنیل کی) خبر مرگ مشہور ہونے (طبری، ج ۶، ص ۹۲) سے مجمع میں بدنظمی پیدا

---

[1] نہج البلاغہ، ج ۱، ص ۷۸۔ [2] ارشاد، ص ۱۶۴۔ نہج البلاغہ، ج ۱، ص ۲۰۵۔

[3] الاخبار الطوال، ص ۲۱۴۔ ارشاد، ص ۱۵۰۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

ہوگی، غدر مچ گیا۔ وہ خیمہ جس میں امام حسنؑ کا قیام تھا لوٹ لیا گیا یہاں تک کہ جس بچھونے پر آپ تھے اسے آپؑ کے نیچے سے کھینچ لیا گیا۔[1]

یہ سب کچھ دیر کعب کے نزدیک ساباط میں ہوا۔ اس کے بعد آپ مدائن کی طرف روانہ ہو گئے مگر وہاں پہنچنے پر جراح بن قبیصہ اسدی نے جو انہی خوارج میں تھا۔ کمین گاہ میں چھپ کر خنجر سے حملہ کر دیا جس سے آپ زخمی ہو گئے۔ عرصہ تک مدائن میں علاج کے بعد آپؑ تندرست ہوئے اور پھر معاویہ سے مقابلہ کی تیاری کی۔ معاویہ نے آپؑ کے پاس پیغام بھیجا کہ آپؑ جن شرائط پر چاہیں صلح پر تیار ہوں۔ اور اس کے ساتھ آپ کی فوج کے ان سرداروں کے خطوط بھی روانہ کر دیے جنہوں نے خفیہ طریقہ سے معاویہ سے ساز باز کرنا چاہی تھی۔ اور دعوت دی کہ آپ آیئے تو ہم حسنؑ کو گرفتار کر کے آپ کے سپرد کر دیں گے۔ یا ان کو قتل کروا لیں گے۔[2] امام حسنؑ پہلے ہی اپنے ساتھیوں کی غداری سے واقف تھے اور اس لیے جنگ کو مناسب وقت خیال نہیں کرتے تھے لیکن یہ ضرور چاہتے تھے کہ کوئی صورت ایسی پیدا ہو کہ باطل کی حمایت کا دھبہ بھی میرے دامن پر نہ آنے پائے۔

اب معاویہ نے جو آپؑ سے منہ مانگے شرائط پر صلح کرنے کی آمادگی ظاہر کی۔ تو آپؑ نے اپنے نانا اور باپؑ کی دیکھی ہوئی سیرت کے مطابق مصالحت کے بڑھے ہوئے ہاتھ کو ناکام واپس نہیں کیا۔ آپؑ نے صلح کے شرائط مرتب کر کے معاویہ کے پاس روانہ کیے۔ وہ تمام شرائط جن سے قانونی طور پر آئین و شریعت کا تحفظ ہو جاتا ہے چنانچہ صلح کی دستاویز مکمل ہوئی اور جنگ کا خاتمہ ہو گیا۔

اس صلح نامہ کی مکمل شرائط جو علامہ ابن حجر مکی نے درج کیے ہیں، حسب ذیل ہیں:

(۱) یہ کہ معاویہ حکومت اسلام میں کتاب خدا اور سنت رسولؐ اور صحیح راستے پر چلنے والے خلفاء راشدین کے طریقہ پر عمل کریں گے۔[3]

(۲) یہ کہ معاویہ کو اپنے بعد کسی خلیفہ کے نامزد کرنے کا حق نہ ہوگا۔

(۳) یہ کہ شام و عراق و حجاز و یمن سب جگہ کے لوگوں کے لیے امان ہوگی۔

(۴) یہ کہ حضرت علیؑ کے اصحاب اور شیعہ جہاں بھی رہیں ان کے جان اور ناموس و اولاد محفوظ رہیں گے۔[4]

(۵) یہ کہ معاویہ حسنؑ بن علیؑ اور ان کے بھائی حسینؑ اور کسی کو بھی خاندان رسولؐ میں کوئی نقصان پہنچانے یا ان کی جان لینے کی کوشش نہ کریں گے۔ نہ خفیہ طریقہ پر اور نہ اعلانیہ۔ اور ان میں سے کسی کو کسی جگہ دھمکایا، ڈرایا اور دہشت

---

[1] طبری، ج ۶، ص ۹۲۔

[2] ارشاد، ص ۱۹۵۔

[3] شیعہ ماخذوں میں اس آخری حصہ کا ذکر نہیں ہے۔

[4] اس شرط کے ثبوت کیلئے ملاحظہ ہو: طبری، ج ۶، ص ۹۴۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

میں مبتلا نہیں کیا جائے گا۔[1] یہ معاہدہ ربیع الاول یا جمادی الاول ۴۱ھ کو عمل میں آیا۔

حضرت امام حسین علیہ السلام اپنے باپ کی وفات کے بعد اپنے بڑے بھائی حضرت امام حسنؑ کے ساتھ ان سرد و گرم حالات کا برابر مطالعہ کر رہے تھے۔ انہوں نے ان واقعات پر ایک غیر متعلق انسان کی طرح نظر نہیں ڈالی بلکہ وہ اس کو اپنی سرگزشت سمجھتے تھے۔ اور جانتے تھے کہ ہمیں اسی حال پر مستقبل کی عمارت کو بلند کرنا ہے اس وقت کے واقعات کا یہ پہلو بہت اہم تھا کہ ساتھیوں کی اکثریت اور جمعیت پر اعتماد کا خیال کلیۃً دور از کار ہے۔ وہ ایک بار اپنے والد بزرگوار اور اب بھائی کے ساتھ ساتھیوں کے طرز عمل کو دیکھ چکے تھے۔ اس کے علاوہ آپ نے اپنے بزرگوں کی سیرت میں ایک دفعہ یہ نمونہ اور دیکھ لیا کہ امن عالم کے لیے نقطہ اول صلح و سلامتی ہے۔ جنگ کا درجہ صلح کے بعد ہے۔ مگر یہ خیال ضروری ہے کہ اس صلح کے اندر کوئی ایک ایسا اصول پامال نہ ہونے پائے جس کا محفوظ رکھنا بہر حال اپنا مقدس فریضہ ہے یہی نمونہ حسینؑ نے اپنے نانا سے دیکھا تھا یہی ان کو اپنے باپ کے یہاں نظر آیا اور یہی اب ان کے واجب الاطاعت بھائی امام حسنؑ کی جانب سے پیش نظر تھا۔۔۔۔۔ اگر غور کیا جائے تو اس صلح کے ذریعہ سے امام حسنؑ نے وہ مقصد حاصل کر لیا تھا۔ جس کے لیے ان کی اپنے فریق مخالف سے منازعت تھی۔ اس میں کوئی شبہ نہیں ہے کہ یہ حضرات ذاتی اغراض کے لیے کسی سے مخاصمت نہیں رکھتے تھے۔ ان کی لڑائی جو کچھ تھی وہ اصول شریعت و مذہب کے لیے تھی۔ حضرت امام حسنؑ نے اس صلح نامہ کی پہلی شرط کے لحاظ سے امیر شام کو پابند کر دیا کہ وہ کتاب و سنت کے مطابق عمل کریں۔ اس سے آپؑ نے ایک تو یہ بات ہمیشہ کے لیے مسلم بنا دی کہ اصول شریعت اور ہے اور آئین حکومت اور دوسرا امر یہ بھی آپؑ نے ثابت کر دیا بلکہ فریق مخالف سے تسلیم کرا لیا کہ اب تک حکومت شام کا جو رویہ رہا ہے وہ کتاب و سنت کے مطابق نہیں ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اگر حکومت شام کا سابقہ طرز عمل اب تک برابر کتاب و سنت کے مطابق ہوتا تو اس شرط کی ضرورت کیا تھی؟۔۔۔۔۔۔۔۔۔ بہر حال صلح ہو گئی۔ فوجیں واپس چلی گئیں اور معاویہ کی گرفت تمام ممالک اسلامیہ پر مضبوط ہو گئی۔ اور اب شام و مصر کے ساتھ عراق و حجاز اور ایران وغیرہ بھی ان کے تصرف میں آ گئے۔۔۔۔۔۔۔۔۔ حضرت امام حسنؑ کو اس کے بعد اپنے ساتھ کے بہت سے لوگوں کی طرف سے انتہائی دلخراش اور توہین آمیز الفاظ سننے پڑے جن کا برداشت کرنا انہی کا کام تھا۔۔۔۔۔ مگر امام حسنؑ نے صبر و استقلال کے ساتھ ان تمام ناگوار حالات کو برداشت کیا۔ اور معاہدہ پر سختی کے ساتھ قائم رہے لیکن معاویہ نے جنگ کے ختم ہوتے اور سیاسی اقتدار کے قائم ہوتے ہی عراق میں داخل ہو کر "نخیلہ" میں جسے کوفہ کی سرحد سمجھنا چاہیے قیام کیا اور جمعہ کے خطبہ کے بعد اعلان کر دیا کہ میرا مقصد جنگ فقط یہ تھا کہ میری حکومت تم پر مسلم ہو جائے وہ حسنؑ

---

[1] صواعق محرقہ، ص ۸۱۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

کے اس معاہدہ کے بعد مکمل ہوگئی اور باوجود تم لوگوں کی ناگواری کے خدا نے مجھے اس مطلب میں کامیاب کر دیا۔ رہ گئے وہ شرائط جو میں نے حسنؑ کے ساتھ کئے ہیں وہ سب میرے پیروں کے نیچے ہیں اور ان کا پورا کرنا یا نہ کرنا میرے ہاتھ کی بات[1] ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اقتدار شاہی کی جرأت اس نقطہ تک پہنچی کہ کوفہ میں امام حسنؑ اور امام حسینؑ کی موجودگی میں معاویہ نے حضرت امیرؑ اور امام حسنؑ کی شان میں ناسزا کلمات استعمال کئے۔ اس پر سکوت کرنا اعتراف کا مترادف سمجھا جا سکتا تھا۔ اس لیے فوراً امام حسینؑ جواب دینے کے لیے کھڑے ہوگئے مگر امام حسنؑ نے آپؑ کو بٹھا دیا اور خود کھڑے ہو کر نہایت مختصر اور جامع الفاظ میں امیر شام کی تقریر کا جواب[2] دیا۔۔۔۔۔ حضرت امام حسن علیہ السلام نے امور سلطنت سے کنارہ کشی کرنے کے بعد کوفہ کا قیام ترک کر کے پھر سے مدینہ میں جا کر سکونت اختیار فرمائی۔ امام حسینؑ نے بھی بھائی کا ساتھ دیا اور مدینہ میں جا کر قیام فرمایا مگر اس اتحاد عمل کے باوجود بھی بنی امیہ نے غلط شہرت دی کہ اس صلح کے بارے میں حضرت امام حسنؑ اور امام حسینؑ دونوں بھائیوں میں اختلاف رائے ہے۔ اس سے ان کا مقصد یہ تھا کہ شاید اس طرح بھائیوں کی یک جہتی میں واقعی کوئی فرق آ جائے مگر ان کے تمام توقعات بالکل غلط ثابت ہوئے۔ حسینؑ قول، عمل اور مسلک میں اپنے بھائی امام حسنؑ کے ساتھ بالکل متحد تھے اور ہمیشہ رہے۔ آپؑ کو معلوم تھا کہ امام حسنؑ نے اگرچہ اتمام حجت کے لیے خاموشی اور گوشہ نشینی اختیار کر لی ہے مگر خیال ان کا بھی یہی ہے کہ آخر میں تلوار درمیان میں آئے گی اور آخری فیصلہ بغیر ایک سخت اور مشکل اقدام کے نہ ہو سکے گا اور وہ اس کے لیے تیار بھی ہیں۔ بشرطیکہ حالات کی تدریجی رفتار انہی کے دور حیات میں اس آخری نقطہ تک پہنچ جائے جو اس آخری اقدام کے لیے ضروری ہے۔ رہ گئے موجودہ حالات ان کے لحاظ سے امام حسینؑ بھی اس صلح سے متفق تھے۔ چنانچہ کتب تواریخ میں کئی واقعات ملتے ہیں کہ بعض لوگوں نے حضرت امام حسینؑ کو معاویہ کے ساتھ جنگ کرنے پر آمادہ کرنے کی کوشش کی مگر امامؑ نے یہ جواب دے کر ان کی کوشش کو ناکام بنا دیا کہ "تمہیں لازم ہے کہ ہر شخص تم میں سے خاموش ہو کر گھر میں بیٹھ جائے اور بیٹھا رہے۔ اس وقت تک جب تک یہ شخص (معاویہ) زندہ رہے۔[3]

اس معاہدہ کے بعد اب بنی امیہ کی قوت بہت مستحکم ہوگئی تھی۔ ان کے راستے میں جو ایک خرخشہ تھا وہ بھی بالکل دور ہو گیا تھا اور انہیں اپنی اسکیم کے پورا کرنے کا موقع مل گیا تھا چنانچہ جتنی شرطیں ہوئی تھیں سب کی مخالفت کی گئی اور کسی ایک پر بھی عمل نہیں ہوا۔[4] (کتاب و سنت کے احکام کی کیونکر مخالفت کی گئی۔ اپنے بعد جانشین مقرر کرنے

۱۔ ارشاد، ص ۱۹۶۔ ۲۔ ارشاد، ص ۱۹۶۔

۳۔ الاخبار الطوال، ص ۲۲۲۔

۴۔ طبری، ج ۶، ص ۹۳۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

کے لیے امیر شام نے کیا کیا پاپڑ بیلے۔ عراق وحجاز والے لوگوں پر کیا ستم ڈھائے گئے۔ شیعیان علیؑ کو کیوں کر چن چن کر تہہ تیغ کیا گیا۔ حضرت امیرؑ پر کیوں کر سب وشتم کیا جاتا رہا۔ اور امام حسن وامام حسینؑ کو کیسے کیسے غم وغصہ کے گھونٹ پلائے گئے۔ ان دردناک واقعات سے صفحات تاریخ لبریز ہیں۔ لیکن ہم خوف طوالت سے یہاں ان کا تذکرہ نہیں کر سکتے۔ شائقین تفصیل کتب تواریخ کی طرف رجوع کریں مگر ان تمام واقعات کے باوجود حضرت امام حسن وحسین علیہما السلام نے کبھی دامن صبر وضبط کو ہاتھ سے نہیں چھوڑا)۔

مگر اس انتہائی صبر وتحمل کے بعد بھی امام حسنؑ کی زندگی محفوظ نہ رہ سکی۔ سلطنت وقت کو جب کوئی بہانہ ان کے خلاف کھلے ہوئے جور وستم کا نہ ملا تو پھر وہ خاموش حربہ استعمال کیا گیا جو سلطنت بنی امیہ میں بڑی مہموں کے سر کرنے میں صرف کیا جاتا رہا تھا۔ امیر شام معاویہ نے اشعث بن قیس کی بیٹی جعدہ کے ساتھ جو حضرت امام حسنؑ کی زوجیت میں تھی۔ ساز باز کر کے اس کو ایک لاکھ درہم بھجوائے اور یزید کے ساتھ شادی ہو جانے کا وعدہ کیا اور اس کے ذریعہ سے حضرتؑ کو زہر دلوا دیا جس سے آپؑ کے کلیجے کے ٹکڑے ہو گئے[1]۔ جب آپ کی حالت دگرگوں ہوئی تو آپؑ نے اپنے مختلف البطن بھائی محمد بن الحنفیہ کو بلا کر فرمایا کہ دیکھو کہیں ایسا نہ ہو کہ میرے بعد حسینؑ سے اختلاف کرو۔ حسینؑ میرے بعد امام ہیں اور ان کی اطاعت لازم ہے۔ محمد نے نہایت خلوص کے ساتھ اقرار وفاداری کیا اور امام حسینؑ کی اطاعت کا وعدہ کیا[2]۔ پھر حضرت امام حسینؑ کو بلایا اور وصیت کی مجھے غسل وکفن کے بعد میرے جد بزرگوار رسول خداﷺ کے روضہ پر لے جانا تاکہ ایک مرتبہ زیارت رسول کا شرف اور حاصل ہو جائے[3]۔ اور مجھے یقین ہے کہ لوگ یہ خیال کرتے ہوئے کہ مجھے وہاں دفن کیا جائے گا مزاحمت کریں گے تو خبردار اس بارے میں ایک قطرۂ خون بھی نہ گرنے پائے۔ تم مجھ کو میری دادی فاطمہ بنت اسد کی قبر کے پاس جنت البقیع میں دفن کر دینا[4]۔

۲۸ صفر ۵۰ھ کو وہ امن وصلح وسلامتی کا شہنشاہ دنیا سے رخصت ہو گیا۔ امام حسینؑ نے وصیت کے مطابق اپنے بھائی کو غسل کے بعد تابوت میں لٹا کر روضۂ رسولؐ کی طرف لے چلے۔ بنی امیہ کو یقین ہوا کہ آپ کو وہاں دفن کریں گے۔ سب کے سب مروان کے ساتھ ہتھیار باندھ کر نکل آئے۔ اور بیچ میں سد راہ ہوئے۔ اس وقت بنی ہاشم کو بہت اشتعال تھا مگر حسینؑ اپنے بھائی امام حسنؑ کی وصیت اور فرض کے احساس سے مجبور تھے۔ آپ فرما رہے تھے:

---

[1] ارشاد، ص ۱۹۷۔

[2] اصول کافی، ج ۱، ص ۱۸۶۔

[3] اصول کافی، ج ۱، ص ۱۸۵ و ۱۸۷۔

[4] ارشاد، ص ۱۹۸۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

خدا کی قسم اگر بھائی کی وصیت اور ان کے اصول کا پاس نہ ہوتا تو تم دیکھتے کہ کیسی اس وقت تلوار چلتی ہے۔[1]

بہر حال حضرت امام حسن علیہ السلام کے جنازہ کو روضۂ رسولؐ سے واپس لے گئے اور جنت البقیع میں دفن کر دیا۔ پھر یہ خبریں بھی معلوم ہوئیں کہ امیر شام نے امام حسن علیہ السلام کی وفات پر اظہار مسرت کیا اور طعن و تشنیع کے کلمات کہے۔ اتفاق سے اس وقت ابن عباس دمشق میں تھے۔ انہوں نے یہ الفاظ سنے تو کہا کہ خوش نہ ہو تم بھی حسنؑ کے بعد عرصہ تک زندہ نہ رہو گے۔[2] (خلاصہ ختم ہوا)۔

SIBTAIN.COM
Presented By: www.jafrilibrary.com

---

[1] ارشاد، ص ۱۹۹۔

[2] الاخبار الطوال، ص ۲۲۴۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

آٹھواں باب

حضرت امام حسین علیہ السلام کی زندگی کا تیسرا دور

شہادتِ امام حسنؑ ۵۰ھ سے ۶۰ھ تک

افسوس ہے کہ اس دس سال کی مدت میں بھی کوئی ایسا قابل ذکر واقعہ نظر نہیں آتا جسے نمایاں طور پر پیش کیا جا سکے۔ اس کی وجہ ظاہر ہے کہ حضرت امام حسن علیہ السلام معاویہ کے ساتھ جو معاہدہ فرما چکے تھے اس کی رو سے جناب امام حسین علیہ السلام بھی کوئی عملی کارروائی نہ فرما سکتے تھے اور حضرت امام حسین علیہ السلام کے اس طرز عمل نے ان لوگوں کے خیال کو بھی بالکل باطل کر دیا جو یہ کہا کرتے تھے کہ امام حسینؑ اس معاہدۂ صلح سے راضی نہیں ہیں۔ ظاہر ہے کہ اگر ان لوگوں کا یہ خیال حقیقت پر مبنی ہوتا اور واقعاً امام حسینؑ اپنے بھائی کے طرز عمل سے متفق نہ ہوتے تو اب ان کی شہادت کے بعد تو آپؑ پر کوئی ظاہری دباؤ نہ تھا۔ آپ اس کے خلاف کوئی کارروائی کرنے میں آزاد تھے۔ مگر آپ نے معاویہ کی حین حیات تک سختی کے ساتھ اس معاہدۂ صلح کی پوری پابندی کی حالانکہ شہادتِ امام حسنؑ کے بعد شیعیان کوفہ میں ہیجانی کیفیت بھی پیدا ہوئی اور انہوں نے امام حسینؑ کو یقین دلایا کہ وہ معاویہ کی بیعت توڑ کر آپؑ کی بیعت کرنے پر آمادہ ہیں مگر امام علیہ السلام نے ان کو یہی جواب دیا کہ معاویہ سے معاہدہ ہو چکا ہے جب تک معاویہ زندہ ہے ہم اس معاہدہ کو توڑ نہیں سکتے۔[1]

یہ درست ہے کہ آپؑ جب امیر شام کی مسلسل شرائط معاہدہ کی خلاف ورزیاں اور اس کی چیرہ دستیاں دیکھتے۔ تو آپؑ کو روحانی صدمہ ہوتا مگر پھر بھی آپؑ صبر و ضبط سے کام لیتے۔ آنجنابؑ نے امیر شام کے تمام مظالم و مصائب کا آئینہ ایک تاریخی مکتوب گرامی کی شکل میں اس کے سامنے پیش کیا جبکہ امیر شام نے عمر بن عثمان کے شکایتی خط سے متاثر ہو کر حضرت امام حسین علیہ السلام کو ایک تہدید آمیز خط لکھا اور اپنی ثروت و سطوت سے شہزادۂ کونین کو مرعوب کرنا چاہا۔ آنجنابؑ نے اس کے جواب میں جو دندان شکن تاریخی خط ارسال کیا۔ وہ درج ذیل ہے، فرماتے ہیں:

﴿اما بعد فقد بلغنی کتابک تذکر فیه انه قد انتهت الیک عنی امور، انت لی عنها راغب، و انا بغیرها عندک جدیر و ان الحسنات لا یهدی لها، ولا یسدد الیها الا الله تعالیٰ: و اما ما ذکرت

---

[1] ارشاد، ص ۲۰۶۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

انه رقی الیک عنی، فانه رقاه الیک الملاقون المشاؤون بالنمیمة المفرقون بین الجمع، و کذب الغاؤون، ما اردت لک حربا، ولا علیک خلافا، و انی لا خشی اللّٰه فی ترک ذلک منک ومن الا عذار فیه الیک، و الی اولیائک القاسطین الملحدین، حزب الظلمة و اولیاء الشیاطین الست القاتل حجر بن عدی اخاکندة و اصحابه المصلین العابدین، کانوا ینکرون الظلم و یستفظعون البدع و یامرون بالمعروف و ینهون عن المنکر ولا یخافون فی اللّٰه لومة لائم ثم قتلتهم ظلما و عدوانا. من بعد ما اعطیتهم الایمان المغلظة و المواثیق المؤکدة جراءة علی اللّٰه و استخفافا بعهده، او لست قاتل عمرو بن الحمق صاحب رسول اللّٰه ﷺ العبد الصالح الذی ابلته العبادة فنحل جسمه و اصفر لونه فقتلتهٗ بعد ما امنته و اعطیته من العهود ما لو فهمه العصم لنزلت من رؤوس الجبال او لست بمدعی زیاد بن سمیة المولود علی فراش عبید ثقیف فزعمت انه ابن ابیک، وقد قال رسول اللّٰه ﷺ الولد للفراش و للعاهر الحجر، فترکت سنة رسول اللّٰه ﷺ تعمدا و تبعت هواک بغیر هدی من اللّٰه ثم سلطته علی اهل الاسلام، یقتلهم و یقطع ایدیهم و ارجلهم و یسمل اعینهم و یصلبهم جذوع النخل کانک لست من هذه الامة و لیسوا منک او لست قاتل الحضرمیین الذین کتب الیک فیهم زیاد انهم علی دین علیّ فکتبت الیه ان اقتل کل من کان علی دین علی فقتلهم و مثل بهم بامرک و دین علیّ هو دین ابن عمهٗ الذی اجلسک مجلسک الذی انت فیه ولو لا ذالک لکان شرفک و شرف ابائک تجشم الرحلتین رحلة الشتاء و الصیف، و قلت فیما قلت، انظر لنفسک و لدینک و لامة محمدٍ افضل من ان اجاهدک فان فعلت فانه قربة الی اللّٰه و ان ترکته فانی استغفر اللّٰه لدینی و اسئله توفیقه لارشاد امری و قلت فیما قلت انی ان انکرتک تنکرنی و ان اکدک تکدنی فکدنی ما بذالک، فانی ارجوا ان لا یضرنی کیدک و ان لا یکون علی احد اضر منه علی نفسک لانک قد رکبت جهلک و تحرصت علی نقض عهدک، و لعمری ما وفیت بشرط و لقد نقضت عهدک بقتل هؤلاء النفر الذین قتلتهم بعد الصلح و الایمان و العهود و المواثیق فقتلتهم من غیر ان یکونوا قاتلوا و قتلوا ولم تفعل بهم الا لذکرهم فضلنا و تعظیمهم حقنا فقتلتهم مخافة امر لعلک لو لم تقتلهم مت قبل ان یفعلوا او ما تواقبل ان یدرکوا، فابشر یا معاویة بالقصاص و استیقن بالحساب، و اعلم ان للّٰه کتابا لا یغادر صغیرة ولا کبیرة الا احصٰها، ولیس اللّٰه بناس لاخذک بالظنة و

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

فتلک اولیائه علی التهم و نفیک اولیائه من دورهم الی دار الغربة و اخذک للناس ببیعة ابنک غلام حدث یشرب الشراب، یلعب بالکلاب، ما اراک الا قد خسرت نفسک و تبرئت دینک و غششت رعیتک و اخربت امانتک و سمعت مقالة السفیه الجاهل و اخفت الورع التقی و السلام﴾

مجھے تمہارا خط ملا جس میں تم نے لکھا ہے کہ میرے متعلق تمہیں کچھ خبریں پہنچی ہیں جنہیں تم میرے لیے ناپسند کرتے ہو اور اگر یہ باتیں مجھ سے ظہور میں نہ آتیں تو تمہارے نزدیک زیادہ بہتر تھا۔ حالانکہ حقیقت امر یہ ہے کہ نیکیوں کی ہدایت کرنے والا اور اپنی توفیق شامل حال کرنے والا صرف خداوند عالم ہے اور تم نے یہ جو لکھا ہے کہ تم تک میرے متعلق یہ باتیں پہنچی ہیں تو معلوم ہونا چاہیے کہ یہ باتیں تم تک چغل خور، پھوٹ ڈالنے والے، جھوٹے، گمراہ لوگوں ہی نے پہنچائی ہیں۔ میرا تم سے جنگ کا کوئی ارادہ نہیں ہے اور نہ تم سے مخالفت کرنے کا (ابھی تک) قصد کیا ہے۔ اگرچہ ایسا نہ کرنے کی وجہ سے میں خدا سے ڈرتا ہوں (کہ وہ مجھ سے جواب طلب نہ کرے) کہ میں نے تمہارے مقابلے میں اور تمہارے ان ستمگار اور لامذہب ساتھیوں کے مقابلہ میں جو ظالموں کا جتھا اور شیطانوں کے پیرو ہیں پوری پوری امکانی کوشش کیوں نہ کر لی کیا تم حضرت حجر بن عدیؓ کے جو قبیلہ کندہ سے تھے اور ان کے عبادت گزار نمازی اصحاب کے قاتل نہیں ہو جو ظلم سے انکاری اور بدعتوں کے مخالف تھے۔ امر بالمعروف کرتے تھے اور بری باتوں سے روکتے تھے اور خدا کے بارے میں کسی ملامت کرنے والے کی ملامت سے نہ ڈرتے تھے۔ پھر تم نے انہیں سخت قسم کے عہد و پیمان کرنے اور ٹھوس وعدے کرنے کے باوجود خدا پر جرأت کر کے اور اس کے عہد کو خفیف سمجھ کر محض از راہ ظلم و جور شہید کر ڈالا۔ کیا تم حضرت عمرو بن حمق کے قاتل نہیں ہو جو رسولؐ کے صحابی اور نیکوکار اللہ کے بندے تھے۔ جنہیں عبادت نے اتنا لاغر کر دیا تھا کہ ان کا جسم کاہیدہ اور ان کا رنگ زرد ہو گیا تھا۔ تم نے انہیں امان دینے کے بعد ایسے سخت و شدید وعدے کئے کہ اگر ایسے وعدے پرکوہی کے ساتھ کئے جائیں تو وہ بھی پہاڑ چھوڑ کر نیچے اتر آئے۔ قتل کیا۔ کیا تم نے زیاد بن سمیہ کو جو ثقیف کے غلام کے گھر پیدا ہوا بھائی نہیں بنایا؟ اور یہ دعویٰ نہیں کیا؟ کہ وہ تمہارے باپ کا بیٹا ہے حالانکہ پیغمبر ﷺ فرما چکے تھے کہ لڑکا شوہر کے لیے ہے اور زناکار کے لیے سنگساری ہے۔ تم نے عمداً شریعت پیغمبرؐ سے گریز کیا اور اپنی خواہش کی پیروی کی اور اس میں خدا کی طرف سے تم بالکل ہدایت پر نہیں تھے۔ پھر (اسی پر تم نے بس نہ کی بلکہ) اس زیاد کو تم نے مسلمانوں پر مسلط کر دیا کہ وہ انہیں قتل کرے۔ ان کے ہاتھ پیر کاٹے۔ ان کی آنکھوں میں سلائیاں پھروائے۔ اور درخت خرما پر پھانسی چڑھا دے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے جیسے تم اس امت سے ہو ہی نہیں اور نہ ہی یہ امت اسلام تم سے کوئی سروکار رکھتی ہے۔ کیا تم نے حضرمی جماعت کو قتل نہیں کیا

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

جس کے متعلق زیاد نے تمہیں لکھا تھا کہ وہ علیؑ کے دین پر ہیں۔ تو تم نے زیاد کو لکھا کہ جو بھی علیؑ کے دین پر ہو اسے قتل کر ڈالو۔ تمہارے حکم کی بنا پر اس نے سب کو قتل کر ڈالا اور تمہارے حکم کی وجہ سے اس نے ان کا مثلہ کیا (ہاتھ پیر کاٹے) حالانکہ علیؑ کا دین بعینہٖ محمد مصطفیٰ ﷺ کا دین ہے وہ محمد مصطفیٰ ﷺ جن کی وجہ سے تم آج اس جگہ پر بیٹھے ہو۔ اگر وہ نہ ہوتے تو تمہاری اور تمہارے آباء واجداد کی عزت بس پھیریاں لگاتا ہوتی جاڑے کی پھیری اور گرمی کی پھیری اور تم نے اپنے خط میں یہ بھی لکھا ہے کہ آپ ذرا اپنے اور اپنی مذہبی ذمہ داریوں کے متعلق خوب غور کر لیں اور میں نے خوب غور کیا تو اپنے لیے اور اپنے مذہبی مفاد اور امت حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کے لیے اس سے بہتر کچھ نظر نہیں آتا کہ جہاں تک ہو سکے میں تمہارا مقابلہ کروں۔ اب اگر میں نے ایسا کیا تو میرے لیے رضائے الٰہی کا ذریعہ ہوگا۔ اور اگر اسے ترک کیا تو پھر خدا سے مجھے اپنی مذہبی فرض کی بنا پر طالب مغفرت ہونا پڑے گا اور اسی سے میری درخواست ہے کہ وہ مجھے صحیح طریقہ کار کے اختیار کرنے کی توفیق عطا کرے اور تم نے اپنے سلسلۂ کلام میں مجھے دھمکایا ہے کہ اگر میں تم سے مخالفت کروں گا تو تم بھی مجھ سے مخالف ہو جاؤ گے اور میں تمہارے مقابلہ میں تدبیر کروں گا۔ تو تم بھی تدبیر کرو گے۔ اچھا تو تم جو چاہو میرے خلاف تدبیر کر لو۔ مجھے امید ہے کہ تمہاری تدبیروں سے مجھے کوئی نقصان نہ پہنچے گا۔ اور سب سے زیادہ ان کا نقصان خود تم ہی کو ہوگا اس لیے کہ تم جہالت کی سواری پر سوار ہو اپنے عہد کے توڑنے کی فکر میں ہو اور مجھے اپنی زندگی کی قسم ہے کہ تم نے ایک شرط بھی پوری نہیں کی ہے اور تم اپنا عہد توڑ چکے ہو۔ ان لوگوں کو قتل کر کے جو تمہارے ساتھ مصالحت کر چکے تھے اور جن کے لیے امان دیئے جانے کی قسمیں اور عہد و پیمان ہو چکے تھے تم نے انہیں قتل کر ڈالا بغیر اس کے کہ وہ جنگ کرتے اور کسی کو قتل کرتے۔ اور تم نے یہ سلوک ان سے صرف اس جرم میں کیا کہ وہ ہمارے فضائل بیان کرتے تھے اور ہمارے حقوق کا احترام کرتے تھے۔ تو تم نے انہیں قتل کر ڈالا۔ صرف ایسے خطروں کے توہمات کے بنا پر جو اگر تم انہیں قتل نہ کرتے تو شاید تمہاری زندگی میں وہ خطرات درپیش نہ آتے یا ممکن ہے کہ اس قسم کے اقدامات سے پہلے وہ ہی مر جاتے۔ اب تمہیں مبارک ہو کہ ان کا قصاص تم سے ضرور لیا جائے گا اور تمہیں آخرت میں باز پرس کا یقین رکھنا چاہیے اور معلوم ہونا چاہیے کہ خداوند عالم کی طرف سے ہر شخص کا ایک اعمال نامہ مرتب ہوتا رہتا ہے جس میں کوئی چھوٹا بڑا کام ایسا نہیں ہوتا جو درج نہ ہو۔ اور خدا فراموش نہیں کرے گا تمہارے ان افعال کو کہ تم نے لوگوں کو صرف بدگمانیوں کی بنا پر گرفتار کیا اور دوستان خدا کو بے بنیاد الزامات پر قتل کیا اور انہیں ان کے گھروں سے جلاوطن کر کے پردیس میں پہنچایا اور لوگوں کو اپنے اس گمراہ لڑکے کی بیعت پر مجبور کیا جو شراب خور اور کتوں سے کھیلنے والا ہے۔ میں تو یہی سمجھتا ہوں کہ تم نے اپنے کو بڑے خسارے میں مبتلا کر رکھا ہے اور اپنے دین کو تباہ و برباد کر دیا ہے۔ اور اپنی رعایا سے کھوٹ کی ہے۔ اور اپنے امانت داروں کو رسوا کر دیا ہے اور جاہل

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

احمقوں کی باتوں پر عمل کیا ہے اور متقی و پرہیزگار افراد کو خوف و دہشت میں مبتلا کیا ہے۔[1]

جہاں معاویہ نے تمام دوسری شرائط صلح کی خلاف ورزی کی وہاں اس دوسری شرط کہ "معاویہ کو اپنے بعد کسی خلیفہ کے نامزد کرنے کا حق نہ ہوگا" کی بھی کھلم کھلا خلاف ورزی کرتے ہوئے اپنے نااہل بیٹے یزید کو اپنا جانشین بنانے اور اس کے لیے فضا کو ہموار کرنے میں اپنا کوئی امکانی دقیقہ فروگذاشت نہ کیا۔ اصل بات یہ ہے کہ یزید کو ولی عہد بنانے کی تمنا تو امیر شام کے دل میں مدت سے چٹکیاں لے رہی تھی مگر وہ بدوجہ کھل کر اس آرزو کا اظہار کرنے کی جرأت نہ کرتا تھا۔ ایک تو صلح نامہ میں یہ شرط موجود تھی کہ وہ کسی کو اپنا ولی عہد مقرر نہیں کرے گا۔ دوسرے یزید کے کردار اور بُرے اطوار کی وجہ سے خائف تھا کہ شاید مسلمان اس کی بیعت پر تیار نہ ہوں گے۔ (اور اصل وجہ وجیہ بھی یہی تھی) لیکن زمین کو ہموار کرنے کی فکر و تدبیر برابر شروع تھی آخر مغیرہ بن شعبہ نے جو بہت ہی چالاک آدمی تھا اس طلسم سکوت کو توڑا اور امیر شام کو کھلم کھلا اس امر کے اعلان کرنے پر آمادہ کیا جیسا کہ روضۃ الصفا[2] وغیرہ تواریخ سے مستفاد ہوتا ہے۔ اس قصہ کی بقدر ضرورت تفصیل یہ ہے کہ مغیرہ معاویہ کی طرف سے کوفہ کا گورنر تھا لیکن کسی وجہ سے معاویہ نے اسے معزول کر کے اس کی جگہ سعید بن العاص کو گورنر مقرر کرنے کا ارادہ کیا۔ مغیرہ نے اپنی گورنری کے تحفظ کی خاطر یہ تدبیر سوچی کہ اس نے دمشق میں جا کر یزید سے ملاقات کی اور اسے یہ پٹی پڑھائی کہ وہ اپنے والد سے یہ تقاضا کرے کہ وہ اس کی ولی عہدی کا اعلان کریں۔ چنانچہ یزید نے اپنے باپ سے جا کر یہ استدعا کی جب معاویہ کو معلوم ہوا کہ یہ سب مغیرہ کی کارستانی ہے تو اس نے مغیرہ کو خلوت میں بلا کر پوچھا کہ یزید کیا کہہ رہا ہے؟ مغیرہ نے کہا: وہ درست کہتا ہے بہتر یہی ہے کہ آپ کسی کو اپنی زندگی میں ولیعہد مقرر کر جائیں تاکہ بعد میں خون خرابہ نہ ہو۔ معاویہ نے کہا: یہ کام بہت مشکل ہے کیونکر اس کی تکمیل ہوگی؟ مغیرہ نے کہا: شہر دو ہی مہم ہیں۔ ایک کوفہ اور دوسرا بصرہ۔ کوفہ میں میں موجود ہوں۔ میں حالات کو سازگار کر لوں گا اور بصرہ میں زیاد موجود ہے وہاں کے حالات کو وہ درست کر لے گا۔ معاویہ نے اس گفتگو سے خوش ہو کر مغیرہ کو کوفہ کی گورنری پر بحال رکھا چنانچہ مغیرہ نے کوفہ پہنچ کر سلسلہ جنبانی شروع کر دی اور بنی امیہ کے ہوا خواہوں سے مل ملا کر ایک وفد کی تشکیل کی جس پر اس نے بیت المال سے تیس ہزار درہم بطور رشوت صرف کیے یعنی اپنے بیٹے موسیٰ کی زیر قیادت دس آدمی دمشق روانہ کیے اور ہر ایک کو تین تین ہزار درہم دیے۔

چنانچہ انہوں نے پروگرام کے مطابق معاویہ سے جا کر خواہش کی کہ وہ یزید کو اپنا جانشین مقرر کریں۔ معاویہ نے وفد سے تو صرف یہی کہا کہ ابھی جلدی نہ کرو اور خلوت میں موسیٰ سے دریافت کیا کہ "پدر تو دین ایں مردم

---

[1] بلاغۃ الحسین، ص ۱۴۶ تا ۱۵۴۔ [2] روضۃ الصفا، ج ۳، ص ۲۳، ۲۴۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

را که از کوفه آمده اند بچند خریده است؟" کہ تمہارے باپ نے کتنے میں ان لوگوں کے دین وایمان کو خریدا ہے؟ موسیٰ نے کہا: تیس ہزار درہم میں۔ اس پر معاویہ نے کہا: "دین و ملت ازیں جماعت چنداں قیمت نداشته است"[1] ان لوگوں کی نظر میں دین وایمان کی کوئی خاص قدر و قیمت نہیں ہے۔"

اسی طرح زیاد نے بصرہ کی زمین ہموار کی اور رجب ۵۰ھ میں مغیرہ کی وفات ہوگئی تو کوفہ و بصرہ ہر دو کی گورنری زیاد کے متعلق ہوگئی۔ اس نے حالات مزید سازگار بنائے اور رجب ۵۳ھ کو زیاد کا بھی انتقال ہوگیا تو اب معاویہ نے اس معاملہ میں مزید تاخیر وتعویق مناسب نہ سمجھی چنانچہ امیر شام نے بڑے اہتمام کے ساتھ یزید کی ولی عہدی کا اعلان کر دیا۔[2] اور ساتھ ہی یہ انتظام کیا کہ اس نے جو خطبہ یزید کی تعریف وتوصیف میں پڑھا۔ چند مخصوص لوگوں (مثل سعید بن العاص، حصین بن نمیر، ضحاک بن قیس وغیرہ) نے بڑھ چڑھ کر اس کی تائید کی۔ اور اس طرح شام میں عامۃ الناس سے بیعت لے لی گئی۔[3]

کوفہ و بصرہ اور بالخصوص دمشق کے لوگوں کی طرف سے اطمینان حاصل کرنے کے بعد اب معاویہ کو یہ فکر دامن گیر ہوئی کہ مکہ و مدینہ کے لوگوں سے بیعت لینی چاہئے چنانچہ زمین حجاز کو ہموار کرنے کے لیے مروان بن الحکم (حاکم مدینہ) کو اس مقصد کے لیے خط لکھا۔ مصر وعراق اور دمشق کے اکابر ومشاہیر نے میرے بیٹے یزید کی بیعت کر لی ہے۔ تم اہل مدینہ سے بھی اس کی بیعت لو۔[4]

SIBTAIN.COM
Presented By: www.jafrilibrary.com

---------- ----------

---------- ----------

---------- ----------

معاویہ اس سلسلہ میں ہر روڑے کو راستہ سے ہٹا رہا تھا اور ہر خرخشہ کو مٹا رہا تھا۔ چنانچہ جب ابتدا میں اسے معلوم ہوا کہ اہل دمشق یزید کی نسبت عبدالرحمٰن بن خالد بن ولید کی طرف (اس کے والد کے کارناموں کی وجہ سے) زیادہ مائل وراغب ہیں اور اسے اندیشہ دامن گیر ہوا کہ کہیں لوگ اسے خلیفہ نہ مان لیں جس کا اظہار بھی لوگوں نے کر دیا تھا تو اسے زہر دلا دیا۔ ابن عبدالبر نے اس واقعہ کی نسبت لکھا ہے: ﴿ثم ان عبد الرحمن مرض فامر معاویة

---

[1] روضۃ الصفا، ج ۳، ص ۲۴۔

[2] تاریخ التواریخ، ج ۶، ص ۱۳۵۔

[3] روضۃ الصفا، ج ۳، ص ۲۵۔ تاریخ کامل، ج ۳، ص ۲۴۹ پر یزید کی ولی عہدی کا تذکرہ ۵۶ھ میں کیا ہے۔

[4] روضۃ الصفا، ج ۳، ص ۲۵۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

طبیباً عندہ یھودیا و کان عندہ مکینا ان یاتیہ فیسقیہ سقیۃ یقتلہ بھا فاتاہ فسقاہ فانخرق بطنہٗ فمات (و قصۃ ھذہ مشھورۃ عند اھل السیر و العلم و الآثار و الاخبار) عبدالرحمٰن بیمار ہوا۔ معاویہ نے اپنے ایک معتمد یہودی طبیب کو حکم دیا کہ وہ دوا میں کوئی ایسی چیز پلا دے کہ وہ ختم ہو جائے۔ چنانچہ اس نے کوئی ایسی چیز اسے دی جس کی وجہ سے اس کا پیٹ پھٹ گیا اور اس کی موت واقع ہوگئی۔[1]

اسی طرح جب سعید بن عثمان نے یزید کی ولیعہدی پر اعتراض کرتے ہوئے اپنے استحقاق کا اظہار کیا تو معاویہ نے اسے خراسان کا حاکم بنا کر[2] (اور بروایتے چالیس لاکھ درہم بھی دیئے)[3] اس کے دین و ایمان کو خرید لیا اور وہ مطمئن ہوگیا۔

بہرحال مروان نے مسجد نبویؐ میں اکابر صحابہ و تابعین کا ایک اجتماع کیا اور خود منبر پر جا کر بیان کیا کہ امیر شام اب بہت بوڑھے ہوگئے ہیں۔ انہوں نے اپنے بعد خلافت کے متعلق ایک ایسا فیصلہ کیا ہے جس میں خدا و رسولؐ کی رضا کے علاوہ خود مسلمانوں کا بھی سراسر فائدہ ہے۔ بتایئے آپ حضرات کا کیا خیال ہے؟ لوگوں نے سمعاً و طاعۃً کہتے ہوئے وضاحت طلب کی۔ مروان نے کہا: انہوں نے ایک ایسے شخص کو ولی عہد بنایا ہے جو نیک سیرت، صاحب عدل و مروت اور خلفائے راشدین کے قدم بقدم چلنے والا ہے۔ اور یہ شخص امیر کا بیٹا یزید ہے۔ یہ سننا تھا کہ عبدالرحمٰن بن ابوبکر بگڑ گئے۔ اور کہا: اے مروان تم بھی جھوٹ کہتے ہو اور جس نے تمہیں یہ اعلان کرنے کا حکم دیا ہے۔ وہ بھی جھوٹ کہتے ہیں۔ یزید ہرگز ایسا نہیں ہے جیسا کہ تم بیان کر رہے ہو۔ اور ہم ہرگز ایسے (زانی و شرابی) کی بیعت پر راضی نہیں ہیں۔ کچھ اور لوگوں نے بھی اس کی تائید کی۔ اس پر مروان نے آگ بگولہ ہو کر کہا: یہ اعتراض کرنے والا وہ شخص ہے جس کے متعلق آیت قرآنیہ (والذی قال لوالدیہ اف لکما) نازل ہوئی ہے۔ عبدالرحمٰن نے غصہ سے بھرپور ہو کر کہا: اچھا تم آج اس قابل بھی ہوگئے کہ میرے حق میں قرآن کی تاویل کرو۔ کیا تو وہی نہیں ہے جسے پیغمبر اسلام ﷺ نے تمہیں اور تمہارے باپ کو مدینہ سے نکال دیا تھا۔ یہ کہہ کر عبدالرحمٰن اٹھے اور مروان کی ٹانگ سے پکڑ کر اسے منبر سے نیچے گھسیٹ لیا۔ بنی امیہ نے عبدالرحمٰن کو گزند پہنچانے کا قصد کیا ہی تھا کہ جناب عائشہ کچھ دیگر خواتین کے ساتھ مسجد میں آ گئیں۔ اور مروان کو سخت و سست کہا۔ کہ میں گواہی دیتی ہوں کہ جناب رسول خدا ﷺ نے تم پر اور تمہارے باپ پر لعنت کی ہے۔ تم طرید بن طرید ہو کہ میرے بھائی سے ایسا کلام کرتے ہو۔[4] غرضیکہ اس

---

[1] استیعاب، ج ۲، ص ۳۹۶۔ کذا فی روضۃ الصفا، ج ۳، ص ۳۳۔ اس میں طبیب کو نصرانی لکھا ہے و طبری، ج ۶، ص ۱۲۸۔

[2] روضۃ الصفا، ج ۳، ص ۲۹۔ [3] تاریخ اعثم کوفی، ترجمہ، ص ۳۳۱۔

[4] روضۃ الصفا، ج ۳، ص ۲۶۔ ناسخ التواریخ، ج ۶، ص ۱۳۶۔ کامل ابن اثیر، ج ۳، ص ۲۵۰۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

ہڑبونگ اور تہذیب و متانت کے اس مظاہرہ پر یہ اجتماع منتشر ہو گیا۔

معاویہ کو ان حالات کی اطلاع دی گئی۔ اسے یہ حالات و واقعات معلوم کر کے بڑی پریشانی ہوئی کیونکہ وہ اعتراض کرنے والوں کی اہمیت سے واقف تھا اس لیے اصلاح احوال اور اپنے مقصد کی تکمیل کے لیے اس سے اپنے ناخلف بیٹے کی معیت میں حج کے بہانہ سے سفر حجاز اختیار کیا اور بڑے شاہانہ شان و شکوہ کے ساتھ مدینہ پہنچے سب سے پہلے حضرت امام حسین علیہ السلام سے سامنا ہوا (چونکہ ان کے متعلق بھی معاویہ کو بہت شکایات کی اطلاع پہنچ چکی تھی) لہٰذا معاویہ نے آنجنابؑ کے حق میں کہا: لا مرحبا، ولا اهلا تو بدنۂ را مانی که خون او بجوش آمده باشد و حق عز و علاء خون ترا خواهد ریخت۔"[1] تمہارے لیے نہ خوشی ہو اور نہ برکت۔ تم قربانی کا وہ دنبہ ہو (معاذ اللہ) جس کا خون جوش مار رہا ہے خدا تمہارے خون کو ضرور بہائے گا۔

امام حسین علیہ السلام نے جواب میں کہا: "اے معاویه هموار باش و ناهنجار سخن متراش که ما مخاطب این گونه سخن نیستیم!" اے معاویہ! چپ رہو کہ ہم ایسے ناہنجار کلام کے اہل نہیں ہیں۔[2] معاویہ نے کہا: "اهل این سخنید و بدتر هم" تم اس کے بلکہ اس سے بدتر کے اہل ہو۔[3]

پھر عبدالرحمٰن بن ابی بکر ملے تو ان سے کہا تم بالکل بڈھے ہو کر سٹھیا گئے۔ عبداللہ بن زبیر ملے تو ان سے کہا: تم مکار سوسمار کی طرح ہو۔ جو سوراخ میں سر چھپا کر دم ہلاتا ہے۔ بخدا یہ دم پکڑی جائے گی۔ اسی طرح عبداللہ بن عمر کو بھی سخت سست کہا۔

وقتی مصلحت کے تقاضے کے تحت حضرت امام حسین علیہ السلام، عبدالرحمٰن بن ابی بکر اور عبداللہ بن زبیر مکہ چلے گئے۔[4]

اب معاویہ کی نظر تین شخصیتوں پر جمی ہوئی تھی جن کا مدینہ بلکہ بیرونی اسلامی دنیا میں بڑا اثر و رسوخ تھا۔ عبداللہ بن عباس، عبداللہ بن عمر اور جناب عائشہ۔ چنانچہ اول الذکر دونوں حضرات سے خلوت میں ملاقات کی۔ بڑے لطف و مدارات سے پیش آیا۔ اور پھر اپنے مطلب کا اظہار کیا لیکن ابن عباس اور بالخصوص جناب عائشہ سے اسے سخت مایوسی ہوئی۔ البتہ ابن عمر کے نرم جواب اور پھر خانہ نشین ہو جانے نے اس کے لیے راستہ کو قدرے ہموار کر دیا۔ چنانچہ معاویہ نے مسجد نبویؐ میں ایک جم غفیر کے سامنے منبر پر جا کر ادھر اُدھر کی باتیں کرنے کے بعد اپنے اصلی مقصد پر آتے ہوئے کہا: اے لوگو! تمہیں کہو۔ اس وقت علم و عدل اور فضل و بذل کے اعتبار سے کون ایسا شخص ہے جو میرے بیٹے یزید

---

[1] روضۃ الصفا، ج ۳، ص ۲۶۔ کامل، ج ۳، ص ۲۵۱۔
[2] ناسخ التواریخ، ج ۶، ص ۱۳۶۔
[3] روضۃ الصفا، ج ۳، ص ۲۶۔
[4] ناسخ التواریخ، ج ۶، ص ۱۳۶۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

سے بڑھ کر حقدار خلافت ہو؟ اس کے بعد خاص کر حضرت امام حسین علیہ السلام، عبدالرحمٰن بن ابی بکر، اور عبداللہ بن زبیر وغیرہ ہم کا نام بنام ذکر کر کے کہا کہ یہ لوگ اگر یزید کی بیعت کر لیں تو فبہا۔ ورنہ میری طرف سے اچھا نہ ہوگا۔ اس طرح ان حضرات کو بالخصوص اور دوسرے لوگوں کو بالعموم ڈرانے اور قتل کی دھمکیاں دینے کے بعد اپنی رہائش گاہ میں پہنچے۔ جب جناب عائشہ کو ان کی اس گفتگو کا علم ہوا تو وہ نہایت غصہ کی حالت میں معاویہ کے پاس گئیں۔ اور کہا:

"اے معاویہ هیچ می دانی که چه کردهٔ و چه میکنی برادر من محمد را در مصر ماخوذ داشتی و بکشتی آنگاه برا فروختی و بسوختی۔ و اکنون که سفر مدینه کردهٔ برادر دیگر من عبد الرحمن را بتهدید و تهویل میترسانی و میرنجانی و پسران اصحاب را از خویشتن هم عذاب و عقاب میدهی۔ تو کجا از من ایمن شدی۔ و امان یافتی اگر بفرمائم تورا دست بگردن بسته فراز آرند۔ و بخون برادرم محمد سر بردارند۔ کیست که در این کارِ مرا ممانعت نماید۔" اے معاویہ! تم نے اب تک کیا کیا ہے اور اب کیا کر رہے ہو۔ تو نے مصر میں میرے بھائی محمد کو قتل کیا اور پھر ان کی لاش کو نذر آتش کیا۔ اور آج مدینہ میں میرے دوسرے بھائی کو ڈراتے دھمکاتے ہو۔ نیز اصحاب رسول کی اولاد کو ہراساں کرتے ہو۔ تم کب میری گرفت سے آزاد ہوئے ہو۔ اگر ابھی میں حکم دوں تو لوگ تجھے گردن سے پکڑ کر میرے بھائی محمد کے قصاص میں قتل کر ڈالیں گے۔ اور اس سلسلے میں مجھے روکنے والا کون ہے۔[1] بعد ازیں جب معاویہ نے لوگوں سے بیعت لینا چاہی تو بھی جناب عائشہ نے مزاحمت کی۔ چنانچہ علامہ جلال الدین سیوطی نے اپنی کتاب اوائل میں (علیٰ ما نقل عنہ) لکھا ہے: ﴿و کان (معاویة) علی منبر رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیه (و آله) وسلّم یاخذ البیعة لیزید فاخرجت عائشه رأسها من الحجرة و قالت صه صه هل استدعی الشیوخ لبنیهم البیعة قال لا قالت فبمن تقتدی انت فخجل و نزل عن المنبر..... الخ﴾ معاویہ منبر رسولؐ پر بیٹھ کر لوگوں سے اپنے بیٹے یزید سے بیعت لے رہا تھا کہ جناب عائشہ نے اپنے حجرہ سے سر باہر کر کے کہا: خاموش خاموش! کیا تم سے پہلے خلفاء نے بھی کبھی اپنے بیٹوں کے لیے بیعت لی تھی؟ معاویہ نے کہا: نہیں! جناب عائشہ نے کہا: پھر تم کس کی اقتداء کر رہے ہو؟ یہ سن کر معاویہ شرمسار ہوا۔ اور منبر سے نیچے اتر آیا۔

ان حالات کے پیش نظر جب امیر شام کو جناب عائشہ کی طرف سے بالکل مایوسی ہوگئی اور یہ بھی یقین ہوگیا کہ ان کی موجودگی میں اسے کامیابی حاصل نہیں ہوتی اور گوہر مقصود ہاتھ نہیں آتا تو اب ان کو ٹھکانے لگانے کا منصوبہ بنایا۔ جو کامیاب رہا۔ سیوطی نے اوائل میں مذکورہ بالا عبارت کے بعد لکھا ہے: ﴿و بنی لها حفرة فوقعت فیها

---

[1] تاریخ التواریخ، ج ۶، ص ۱۳۷۔ روضۃ الصفا، ج ۳، ص ۲۶، طبع نولکشور۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

وما تت﴾۔ معاویہ نے ان (عائشہ) کے لیے ایک گڑھا کھدوایا جس میں گر کر وہ جان بحق ہو گئیں۔

اس واقعہ کی تفصیل حبیب السیر (جلد اول جزء سیوم، ص ۸۵) میں مرقوم ہے۔ اس کی اصل عبارت یہ ہے:

﴿در تاریخ حافظ آبرو از ربیع الابرار و کامل السفینه منقول است که در مشهور ۵۸ھ ثمان و خمیس من الهجرة معاویة ابن ابی سفیان جهت پسر لعین خود بمدینه رفته امام حسینؑ و عبد الرحمٰن بن ابی بکر و عبد الله بن زبیر را برنجانید عائشه زبان ملامت و اعتراض بروے بکشاد. و معاویه در خانۂ خویش چاهے کنده و سرآں را به خاشاك پوشانید و کرسئ آبنوس برآں نهاده و آنگاه عائشه را بضیافت طلب داشته. بر کرسی نشانید تا دراں چاه افتاد. و معاویه سرآں چاه را باهگ مضبوط نمود. و از مدینه بمکه رفت﴾۔ حافظ آبرو کی تاریخ میں ربیع الابرار اور کامل السفینہ سے نقل کیا گیا ہے کہ ۵۸ھ میں معاویہ بن ابی سفیان اپنے بیٹے یزید کے لیے بیعت لینے کی غرض سے مدینہ گیا۔ اور حضرت امام حسینؑ، عبدالرحمٰن بن ابی بکر اور عبداللہ بن زبیر کو پریشان کیا۔ جناب عائشہ نے اس کی سرزنش کی۔ معاویہ نے اپنی رہائش گاہ میں ایک کنواں کندہ کرایا۔ اور اس کا دہانہ خس و خاشاک سے بند کرا دیا۔ اور اس پر آبنوس کی کرسی رکھ دی۔ اس کے بعد عائشہ کو کھانے کے بہانے سے طلب کیا۔ جب وہ آئیں تو ان کو اسی کرسی پر بٹھایا۔ وہ فوراً کنویں میں گر گئیں۔ معاویہ نے چونے سے اسے بند کرا دیا۔ اور مکہ کی طرف چلا گیا۔

بہر حال اہل مدینہ سے بیعت لینے کے بعد امیر شام نے مکہ مکرمہ کا رخ کیا۔ وہاں پہنچ کر پھر حضرت امام حسین علیہ السلام، عبدالرحمٰن ابن ابی بکر اور عبداللہ زبیر سے ملاقات ہوئی۔ پہلی ملاقات کے برخلاف اب کی مرتبہ معاویہ ان سے بڑی تہذیب اور ملائمت کے ساتھ پیش آیا اور عبدالرحمٰن بن ابوبکر، عبداللہ بن عمر اور عبداللہ بن زبیر کے پاس گرانقدر عطیات بھیجے جنہیں انہوں نے قبول کر لیا مگر جب ان سب سے زیادہ تحف و ہدایا حضرت امام حسین علیہ السلام کی خدمت میں پیش کیے مگر انہوں نے قبول کرنے سے انکار کر دیا۔ اس طرح معاویہ نے جو منصوبہ تیار کیا تھا اس پر پانی پھر گیا مگر اس نے ایک اور مکر و حیلہ سے کام چلا لیا اور وہ یوں کہ اس نے بر سر منبر اعلان کیا کہ (معاذ اللہ) امام حسینؑ، عبدالرحمٰن بن ابی بکر اور عبداللہ بن زبیر نے یزید کی بیعت کر لی ہے (اس وقت ان کو تردید کی مہلت ہی نہ دی۔[۲] بعد میں وہ اس کی نفی کرتے رہے مگر تیر کمان سے نکل چکا تھا) اس بہانہ سے اہل مکہ سے بیعت لے لی۔ اس طرح امیر شام

---

۱ روضۃ الصفا، ج ۳، ص ۲۷۔ ناسخ التواریخ، ج ۶، ص ۱۳۸۔

۲ تفصیل کیلئے: تاریخ کامل ابن اثیر، ج ۲، ص ۲۵۲، اور روضۃ الصفا، ج ۳، ص ۲۹۔ ناسخ، ج ۶، ص ۱۴۰۔ تاریخ الخلفاء، ص ۱۹۷، طبع مصر جدید (نوٹ) ناسخ التواریخ سے یہ بھی مستفاد ہوتا ہے کہ معاویہ نے یہ حیلہ سازی دوسرے سفر میں کی تھی جو اس نے ۵۹ھ میں کیا تھا۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

بظاہر اپنے ارادہ کی تکمیل سے شادکام ہوکر واپس گیا۔ اس سے زیادہ تفصیل کی یہاں گنجائش نہیں ہے۔

بالآخر اواخر ۵۹ھ میں معاویہ بیمار ہوا اور اکثر مؤرخین کے بیان کے مطابق ۶۰ھ میں اس کا انتقال ہوا۔ دم واپسیں بھی اسے اگر خیال تھا تو یہی کہ یزید کی خلافت کیوں کر مستحکم و مضبوط ہو۔ کس قدر عبرت کا مقام ہے کہ وہ یزید جس کے لیے امیر شام نے راہِ راست کو خیر باد کہا۔ دین و دیانت اور ضمیر کی قربانی دی۔ جس کا اعتراف خود انہوں نے مروان کے سامنے کیا تھا جیسا کہ ابن حجر مکی نے تطہیر الجنان میں لکھا ہے کہ ایک روز معاویہ رونے لگے۔ مروان نے سبب دریافت کیا۔ انہوں نے جواب دیا۔ دنیا میں کون سی راحت تھی جو میں نے نہ اٹھائی ہو۔ اب سن زیادہ ہوگیا ہے اور ہڈیاں گھل گئیں اور جسم کمزور ہوگیا۔ اگر مجھ پر یزید کی محبت کا غلبہ نہ ہوتا تو میں اپنے لیے راہِ راست کو حاصل کر لیتا۔[1] وہی یزید اپنے اس مہربان باپ کے آخری وقت میں پاس موجود ہی نہ[2] تھا۔ بلکہ دمشق کے باہر مقام ''حوارین'' میں عیش و عشرت کی داد دے رہا تھا۔[3]

معاویہ نے آدمی بھی اس کے بلانے کو بھیجا مگر وہ اس وقت آیا جب معاویہ دفن بھی کیے جا چکے تھے۔[4]

معاویہ نے اپنی آخری وصیت بھی ضحاک بن قیس فہری اور مسلم بن عقبہ کے ذریعہ یزید تک پہنچائی جس کا آخری حصہ یہ تھا کہ یزید کو بتا دینا کہ مجھے اس کے خلاف فقط چار آدمیوں سے اندیشہ ہے حسینؑ بن علی، عبداللہ بن زبیر، عبدالرحمٰن بن ابی بکر اور عبداللہ بن عمر۔[5]

SIBTAIN.COM

اس سے ظاہر ہے کہ ایسے حال میں بھی معاویہ کو اگر کوئی فکر تھی تو وہ صرف اور صرف یزید کی خلافت کے استحکام کی تھی اور وہ نام بُردہ اشخاص کو جن میں سے سرکار امام حسین علیہ السلام سرفہرست ہیں اپنی آنکھوں کی سوئیاں سمجھتا تھا اور ان سوئیوں کے رہ جانے کا اس کو بہت ہی صدمہ تھا۔ بہر حال اس صدمہ کو سینہ میں لے کر امیر شام بنا بر مشہور ۱۵ رجب و بقولے ۲۲ رجب ۶۰ھ کو پورے چالیس سال بادشاہی کرنے کے بعد ۷۸ و بقولے ۸۵ سال کی عمر میں عدم آباد سے اپنے اصلی مقام کی طرف انتقال کر گیا اور اسی دن یزید تخت حکومت پر متمکن ہوگیا۔

حسن بصری کہا کرتے تھے کہ معاویہ نے چار کام ایسے کیے ہیں کہ ان میں سے ہر ایک اس کی ابدی ہلاکت و

---

[1] تطہیر الجنان برحاشیہ صواعق محرقہ، ص ۵۶۔

[2] طبری، ج ۶، ص ۱۸۰۔

[3] طبری، ج ۶، ص ۱۸۳۔

[4] طبری، ج ۶، ص ۲۸۳۔

[5] الاخبار الطوال، ص ۲۲۷۔ طبری، ج ۶، ص ۱۸۰۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

بربادی کے لیے کافی ہے۔ اوّل یہ کہ چند جاہلوں کے تعاون سے تخت خلافت پر متمکن ہوگیا۔ حالانکہ اس وقت اس سے افضل اصحاب رسولؐ موجود تھے۔ دوسرے یہ کہ یزید جیسے نابکار بیٹے کو اپنا ولی عہد بنایا جو شرابی، کبابی، بھنگی، چرسی اور خلاف شرع ریشم پہننے اور طنبورہ بجانے والا تھا۔ تیسرے زیاد کو ابوسفیان کا بیٹا قرار دے کر اسے اپنا بھائی بنایا حالانکہ زنا سے نسب ثابت نہیں ہوتا۔ (الولد للفراش و للعاهر الحجر)۔ چوتھے یہ کہ حضرت حجرؓ (بن عدی) اور ان کے ساتھیوں کو قتل کیا۔ (طبری، ج ۶، ص ۱۵۷۔ کامل، ج ۳، ص ۲۴۲۔ ابوالفدا، ج ۱، ص ۱۹۶)

SIBTAIN.COM
Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

نواں باب

آیا حضرت امام حسین علیہ السلام کی شہادتِ عظمیٰ ایک اتفاقی حادثہ تھا؟ یا مسلسل علل واسباب کا نتیجہ تھی؟

عنوان بالا کے متعلق ایک کوتاہ اندیش اور سطحی نگاہ رکھنے والا انسان تو فوراً کہہ سکتا ہے کہ یہ دردناک واقعہ حادثاتی اور ناگہانی طور پر واقع ہوا یعنی مرگ معاویہ کے بعد یزید اس کی بچھائی ہوئی مسند پر بیٹھا۔ اور اس نے امام حسین علیہ السلام سے بشدت بیعت کا مطالبہ کیا۔ سرکار سید الشہداء علیہ السلام نے انکار پر اصرار فرمایا جس کا نتیجہ ان کی شہادت کی صورت میں نمودار ہوا۔ چنانچہ اکثر دشمنانِ حسینؑ وحسینیتؑ ہمیشہ اس واقعۂ ہائلہ کی اہمیت وعظمت کو کم کرنے کے لیے یہی کہا کرتے ہیں اور جو حضرات ذرا عمیق نگاہوں سے حقائق کا جائزہ لیتے ہیں۔ ان کا یہ بیان ہے کہ "اگرچہ شہادت حسینؑ کا تیرہ وتار واقعہ ۶۱ھ میں واقع ہوا۔ لیکن اس میں دیجور قیامت کی شام ظلمت اسی وقت سے شروع ہو چکی تھی۔ جب خورشید رسالت غروب ہوا۔ اور جناب رسالت مآب ﷺ نے اس دارِ فانی سے عالم جاودانی کو انتقال فرمایا۔[1]

لیکن محققین وژرف بین نگاہ رکھنے والے حضرات کی تحقیق یہ ہے کہ اس خون آشام اور دردانگیز واقعہ کے علل واسباب کا سلسلہ بہت طویل ہے اور اس کی ابتدائی کڑیوں کا تعلق اس زمانہ سے ہے جبکہ اس ظاہری عالم میں امام حسینؑ کی ولادت باسعادت بھی واقع نہیں ہوئی تھی۔ اس سلسلہ میں ایک نازک مقام پر پہنچنا پڑتا ہے۔ جس کا تذکرہ کچھ خوشگوار معلوم نہیں ہوتا۔ مگر کیا کیا جائے جب تک (اختصار کے ساتھ ہی سہی) اس سلسلہ کی جملہ کڑیاں بیان نہ کی جائیں۔ اس وقت تک یہ مطلب منقح نہیں ہوسکتا۔ اس موضوع پر بہت کچھ لکھا جا چکا ہے۔ کتاب شہید اعظم، مجاہد اعظم اور بالخصوص شہادتِ عظمیٰ میں اس پر بہت سیر حاصل بحث کی گئی ہے ہم اس موضوع کی عام کتب سے بالعموم اور مولانا المحقق سید علی حیدر صاحب مرحوم کھجوی کی کتاب شہادۃِ عظمیٰ سے بالخصوص استفادہ کرتے ہوئے ذیل میں اس واقعۂ ہائلہ کے تمام گفتنی وناگفتنی علل واسباب کا تذکرہ کرتے ہیں۔

---

[1] رسالہ البلاء المبین، ص ۳۶، بحوالہ مجاہد اعظم، ج ۱۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

ارباب بصیرت پر یہ امر مخفی و مستور نہیں ہے کہ کسی بھی عظیم واقعہ سے پہلے اس کے علل و اسباب مجتمع ہوتے رہتے ہیں اور اس کے وقوع پذیر ہونے کے بعد زمانۂ دراز تک اس کے نتائج و اثرات مرتب ہوتے رہتے ہیں جس طرح کسی عظیم واقعہ کے نتائج و اثرات پر غور و تامل نہ کرنا کھلی ہوئی غفلت ہے اس سے بڑھ کر اس کے علل و اسباب کا تصور کیے بغیر اس واقعہ کا وقوع تسلیم کر لینا بھی غفلت و کوتاہ اندیشی ہے جب یہ ایک مسلم الثبوت حقیقت ہے کہ شہادت حسینؑ کا خونی اور دردناک واقعہ ایسا عظیم ہے کہ تاریخ عالم اس کی نظیر پیش کرنے سے قاصر نظر آتی ہے تو عقل سلیم یہ کیونکر باور کر سکتی ہے کہ اتنا بڑا سانحہ علل و اسباب کے طویل سلسلہ کے بغیر واقعہ ہو گیا ہو حقیقت یہ ہے کہ شہادت حسینؑ کا قصر عرصہ دراز سے تعمیر ہو رہا تھا اور اس کی اینٹوں کی فہرست بہت لمبی ہے البتہ اس کی آخری اینٹ خلافت یزید بن معاویہ ہے۔ کامل غور کے بعد اس عمارت کی ابتداء اور انتہا یوں معلوم ہوتی ہے۔

شہادت حسینؑ کی پہلی اینٹ واقعۂ عقبہ ہے

اس کی پہلی اینٹ ۹ھ میں واقعۂ عقبہ کے موقع پر رکھی گئی۔ حضرت رسول خدا ﷺ نے اپنے اعلان نبوت کے چوتھے سال (جبکہ کھلم کھلا دعوت کا حکم ہوا) بحکم خدا حضرت علی علیہ السلام کی خلافت کا اعلان کر دیا تھا یہ آپ کی خلافت کا پہلا قولی اعلان تھا اور جب شب ہجرت آپ کو اپنی جگہ مکہ میں چھوڑ کر خود مدینہ تشریف لے گئے تو یہ آپ کی خلافت کا پہلا عملی اعلان تھا مگر منافقوں کو اس کی کب امید ہو سکتی تھی کہ مدینہ میں اسلام اس قدر پھلے اور پھولے گا۔ اس لیے اس موقع پر انہوں نے آنحضرتؐ کے قتل کی کوئی اجتماعی بلکہ انفرادی کوشش بھی نہیں کی مگر جب آنحضرتؐ کے مدینہ میں آنے کے بعد آٹھ نو سال تک انہوں نے دیکھا کہ اسلام مسلسل بڑھ رہا ہے اور منازل ترقی طے کر رہا ہے تو اب منافقین کو یہ فکر دامن گیر ہوئی کہ یا تو حضرت رسول خدا ﷺ کو قتل کر دو یا پھر کوئی ایسی تدبیر کرو کہ اسلام کی بست و کشاد اور شان و شکوہ ان کے قبضہ میں آ جائے۔ چنانچہ ۹ھ میں آنحضرتؐ غزوۂ تبوک میں جانے لگے تو مدینہ میں حضرت علیؑ کو اپنا خلیفہ مقرر کیا۔ ﴿ ان رسول اللّٰہ خرج الی تبوک فاستخلف علیًا ﴾ (بخاری کتاب المغازی، پ ۱۸، ص ۸۹) یہ آپؐ کی خلافت کا دوسرا عملی اعلان تھا۔ اب ان کو یقین ہو گیا کہ رسولؐ دنیا سے جاتے وقت بھی علیؑ ہی کو اپنا جانشین بنائیں گے اور اس طرح ان کو ہمیشہ محکوم رہنا پڑے گا اس لیے قتل رسولؐ کا منصوبہ بنایا۔ جب آنحضرتؐ واپس مدینہ تشریف لا رہے تھے تو جب مقام عقبہ ذی فتق پر پہنچے تو رات کا وقت تھا۔ اندھیرا چھایا ہوا تھا۔ اس وقت ۱۲ یا ۱۴ آدمی آپ کی سواری کی طرف بڑھے اور حملہ کر کے آپ کو ختم کرنا چاہا مگر خدا نے اپنے حبیب کو بذریعہ وحی ان لوگوں کے عزائم مشئومہ سے آگاہ کر دیا تھا اس لیے آپ نے بچاؤ کی تدبیر کر لی۔ اور یہ لوگ خائب و خاسر ہوئے۔ (تاریخ خمیس، ج ۲، ص ۱۴۸) جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جناب حذیفہ کو ان منافقین

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

کے نام بتا دیئے تھے مگر یہ تاکید کر دی تھی کہ ان کا اظہار نہ کرنا چنانچہ بعض حضرات ہمیشہ ان سے پوچھا کرتے تھے کہ ان کا نام تو ان میں شامل نہیں ہے لیکن جب رازدار رسولؐ نے بتانے سے اپنے انکار پر اصرار کیا تو بالآخر ایک دن ان جناب نے حلفیہ طور پر خود ہی کہہ دیا ﴿یا حذیفة واللّٰہ انا من المنافقین﴾ اے حذیفہ (تم بتاؤ یا نہ بتاؤ) بخدا میں منافقوں میں سے ہوں۔[1]

دوسری اینٹ: واقعۂ تبلیغ سورۂ برأت

۹ھ کے آخر میں آنحضرت نے جناب اول کو سورۂ برأت کی تبلیغ کے لیے مکہ بھیجا انہوں نے کچھ راستہ طے کیا تھا کہ ان کو اس شرف سے محروم کر کے ان کی جگہ اس خدمت کی انجام دہی حضرت علی علیہ السلام کے ذمہ لگا دی جس پر ان کو صدمہ[2] ہوا۔ یہ سب کچھ وحی الٰہی کے ماتحت عمل میں آیا تھا۔ مجبور تھے۔ شکایت تو کی مگر اور کچھ نہ کر سکے۔

تیسری اینٹ: واقعۂ غدیر

عن عمر بن الخطاب قال نصب رسول اللّٰہ علیاً علماً فقال من کنت مولاہ فعلی مولاہ اللّٰھم وال من والاہ و عاد من عاداہ و اخذل من خذلہ و انصر من نصرہ اللّٰھم انت شھیدی علیھم قال و کان فی جنبی شاب حسن الوجہ طیب الریح فقال لی یا عمر لقد عقد رسول اللّٰہ عقداً لا یحلہ الا منافق فاحذر ان تحلہ قال عمر فقلت یا رسول اللّٰہ انک حیث قلت فی علیؑ کان فی جنبی شابٌ حسن الوجہ طیّب الریح قال نعم یا عمر انہ لیس من ولد آدم لکنہ جبرئیل اراد ان یؤکد علیکم ما قلتہ فی علیؑ۔ جناب ثانی بیان کرتے ہیں کہ جس وقت پیغمبر خدا ﷺ مقام غدیر پر حضرت علی علیہ السلام کی آقائی کا اعلان فرما رہے تھے، اس وقت میرے پہلو میں ایک خوبصورت اور خوشبودار نوجوان کھڑا تھا جس نے مجھ سے کہا: آج رسول خدا ﷺ نے ایک ایسی گرہ لگا دی ہے جسے سوائے منافق کے اور کوئی نہیں کھول سکے گا۔ جب ثانی نے آنحضرت کی خدمت میں یہ واقعہ بیان کیا تو آنحضرتؐ نے فرمایا: اے عمر تم خیال رکھنا کہ کہیں تم اس گرہ کو نہ کھول دو۔ نیز آنحضرت نے یہ بھی فرمایا: اے فلاں وہ کوئی آدمی نہ تھا۔ بلکہ جبرئیل تھے جو کچھ میں نے علیؑ کے بارے میں کہا ہے وہ اس کی تاکید مزید کر رہے تھے۔[3]

چوتھی اینٹ: تخلف از جیش اُسامہ

حضرت رسول خدا ﷺ کو اپنے بعض مخصوص اصحاب کی مخفی کارروائیوں کا پتہ چلتا رہتا تھا اس لیے آپؐ نے

---

[1] میزان الاعتدال ذہبی، ج ۱، ص ۳۲۶۔
[2] قرۃ العینین، ص ۲۳۴۔ بخاری، پارہ ۲، ص ۲۳۸۔ کنز العمال، ج ۱، ص ۲۴۹۔
[3] مودۃ القربیٰ سید علی ہمدانی شافعی، ص ۱۶۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

اپنے انتقال کے وقت کوشش کی کہ ان سب کو مدینہ سے باہر کسی دور دراز مقام پر بھیج دیں تا کہ وفات کے وقت نہ وہ مدینہ میں موجود ہوں اور نہ خلیفہ کا جھگڑا کھڑا ہو۔ چنانچہ صفر ۱۱ھ اپنی وفات سے چند روز قبل حضرت علی علیہ السلام کو روک کر باقی تمام اصحاب کو جن میں اصحاب ثلاثہ بھی شامل تھے حکم دیا کہ اُسامہ بن زید کی ماتحتی میں اہل روم سے جنگ کرنے کے لیے مدینہ سے چلے جائیں۔ جب صحابہ کو اس کا علم ہوا۔ تو وہ چہ میگوئیاں کرنے لگے۔ اور جب آنحضرتؐ کو ان کے تساہل کی اطلاع ملی تو بڑی شدت سے فرمایا: ﴿جهزوا جيش اسامة لعن الله من تخلف عنها﴾ اسامہ کے لشکر کو جلد روانہ کرو جو لوگ اس کے ساتھ جانے سے پہلو تہی کریں۔ ان پر خدا کی لعنت ہو۔[1] مگر اس تاکید وتہدید کے باوجود یہ حضرات وہیں جمے رہے تا کہ وفاتِ رسولؐ کے بعد آپ کی اہل بیتؑ کو مسند خلافت پر متمکن نہ ہونے دیں۔

پانچویں اینٹ: واقعۂ قرطاس

پیغمبر اسلام ﷺ نے اپنے آخری لمحاتِ حیات میں چاہا کہ ایک ایسا وثیقہ لکھ دیں جس کے بعد اہل اسلام گمراہ نہ ہوں مگر حضرت ثانی آڑے آئے اور صاف کہہ دیا: ﴿ان الرجل ليهجر﴾ (معاذ اللہ) رسول کو ہذیان ہوگیا ہے۔ حسبنا كتاب الله۔ ابن عباس اس واقعہ کو یاد کر کے اس قدر رویا کرتے کہ پاس والے سنگریزے تر ہو جاتے۔[2] اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اگر جناب رسول خدا ﷺ وہ مخصوص وصیت نامہ لکھنے میں کامیاب ہو جاتے اور وہ عامۃ المسلمین کو مل جاتا تو وہ آنحضرت کی وفات حسرت آیات کے بعد چاہِ ضلالت میں نہ پڑتے۔ اور نہ کسی کو جرأت ہوتی کہ وہ امام حسینؑ کو شہید کرے کیونکہ اس صورت میں نہ خلیفۂ اول کا دور ہوتا۔ نہ ثانی کا، نہ ثالث کا، نہ معاویہ کا اور نہ یزید کا، بلکہ آنحضرت ﷺ کے بعد سیادت وقیادت حضرت علی علیہ السلام اور ان کے بعد امام حسنؑ اور ان کے بعد امام حسینؑ کے سپرد ہوتی۔ اور یہ حضرات ظاہری طور پر بھی تمام مسلمانوں کے آقا و پیشوا اور مقتدا ہوتے۔ یزید کا کہیں پتہ بھی نہ چلتا۔ پیشوائے اہل حدیث مولوی وحید الزمان حیدر آبادی نے خوب لکھا ہے:

> "انہیں کی جوتیوں کے طفیل سے یزید اور یزید کے باپ کو اتنی بڑی حکومت اور بادشاہت ملی ورنہ جنگل کے سور چراتا پھرتا۔ اونٹ کا دودھ اور مُوت اور گوڑ پھوڑ کا گوشت کھاتا رہتا۔ اس محسن کشی اور کور نمکی کا کہیں ٹھکانا ہے۔"[3]

---

[1] الملل والنحل، ج ۱، ص ۲۰۔ شرح ابن ابی حدید، ج ۲، ص ۲۱ وغیرہ۔

[2] بخاری، پارہ اول، ص ۱۰۶۔ مشکوۃ، ج ۲، ص ۲۵۳۔ طبری، ج ۳، ص ۲۳۔

[3] انوار اللغۃ، پ ۱۸، ص ۱۷، طبع بنگلور۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

ان حقائق کی روشنی میں واضح ہو جاتا ہے کہ حضرت رسول خداﷺ کی زندگی میں شہادت حسینؑ کی عمارت میں کم از کم پانچ اینٹیں لگ چکی تھیں۔ آج دنیا والوں کو تعجب ہوتا ہے کہ آنحضرتؐ کی وفات سے صرف پچاس برس بعد آپ کی ہی امت نے آپؐ کے پیارے نواسہ کو کیونکر شہید کیا؟ امت کیوں کر اس اقدام پر آمادہ ہوئی۔ اگر مذکورہ بالا حقائق پر نگاہ کی جائے تو یہ تعجب ختم ہو جاتا ہے اور معلوم ہو جاتا ہے کہ ایسا ہونا ضرور تھا۔ جب بعض بظاہر صحابہ اپنے ذاتی اغراض کے تحت حضرت رسول خداﷺ کو قتل کرنے کی کوشش سے باز نہ آئے تو نواسۂ رسول کو قتل کرنے سے کیا امر مانع تھا؟ جب خلیفۂ اول نے سورۂ برأت کی تبلیغ سے معزولی پر حضرت رسولؐ سے بطور مقابلہ سوال و جواب کیا تو ان کو نواسۂ رسولؐ کی تعظیم و تکریم کا خیال کس حد تک ہو سکتا تھا۔ جب حضرت رسول خداﷺ نے مقام غدیر خم پر اعلان خلافتِ مرتضویؑ کر دیا۔ حضرت ثانی کو اس گرہ کے نہ کھولنے کی تاکید کی گئی مگر انہوں نے اس گرہ کو کھول ہی دیا۔[1] تو ان کو امامتِ حسینیؑ سے انکار کرنے میں کیا امر مانع تھا؟ جب لشکر اُسامہ کی روانگی کا آنحضرتؐ نے بتاکید حکم دیا۔ خلاف ورزی کرنے والوں پر لعنت کی۔ مگر ارباب غرض نے حکم رسولؐ کی تعمیل نہ کی۔ نہ مدینہ چھوڑا نہ لعن اللّٰہ من تخلّف عن جیش اسامہ کی تہدید شدید کی کوئی پروا کی۔ تو پھر ان کو اطاعت حسینؑ کرنے اور ان کی مخالفت سے ڈرنے کی کیا پروا ہو سکتی تھی؟ جب جناب رسول خداﷺ اپنے حین حیات میں یہ فرمائیں کہ مجھے قلم دوات لا دو کہ میں ایک ایسا وثیقہ لکھ جاؤں کہ میرے بعد گمراہ نہ ہو۔ مگر یار لوگ ایک نہ سنیں۔ اور اُلٹا ان پر تہمت ہذیان لگائیں۔ تو آپؐ کی وفات کے پچاس برس بعد آپ کے اس ارشاد کی وہ لوگ کیا تعمیل کرتے۔ کہ ان ﴿ان ابنی ھذا الحسینؑ یقتل بارض کربلا فمن شھد ذلک منکم فلینصرہ﴾ میرا یہ فرزند حسینؑ کربلا میں شہید کیا جائے گا۔ تم میں سے جو شخص بھی اس وقت موجود ہو۔ وہ ضرور ان کی نصرت کرے۔[2] جنہوں نے آپ کی زندگی کے آخری لمحاتِ حیات میں آپ کے حکم کی تعمیل نہ کی۔ وہ محبت و مودتِ حسینؑ اور آپ کو ہادی و امام ماننے اور ان کی نصرت و اعانت کرنے کے متعلق حکم نبوی کو کس کان سے سنتے؟

واقعۂ قرطاس سے متعلق مولانا ڈپٹی نذیر احمد صاحب دہلوی کا بیان پڑھنے کے قابل ہے اور دیدۂ بینا رکھنے والے لوگوں کو دعوتِ فکر دیتا ہے۔ وہ لکھتے ہیں: ''سب سے پہلے واقعۂ قرطاس نے بھانڈا پھوڑا کہ اول دن سے رکاوٹوں کی کھچڑی خلافت کے لیے پک رہی تھی۔۔۔۔۔ بات پھر بھی گول مول رہی۔۔۔۔۔ پیغمبر اکرمﷺ نے وصیت کی جس کے لیے کاغذ منگواتے تھے۔ کچھ صراحت نہ فرمائی کہ کیا لکھوانا چاہتے تھے مگر جن کے دل میں تمنائے

---

[1] سر العالمین غزالی، ص ۹، طبع بمبئی کی عبارت پڑھنے سے تعلق رکھتی ہے۔

[2] ما ثبت بالسنۃ، شیخ عبدالحق دہلوی، ص ۱۱۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

خلافت چٹکیاں لے رہی تھی۔ انہوں نے دھینگا مشتی سے منصوبہ ہی کو چٹکیوں میں اڑا دیا اور مزاحمت کی تاویل یہ کی کہ ہماری ہدایت کے لیے قرآن بس کرتا ہے اور چونکہ اس وقت پیغمبرؐ صاحب بر جا نہیں کاغذ۔ قلم دوات کا لانا کچھ ضرور نہیں۔ خدا جانے کیا کیا لکھوا دیں گے۔[1] حسین علیہ السلام کے جد نامدار صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کچھ لوگوں نے اتنی تکلیف واذیت دی کہ آپ کو فرمانا پڑا: ﴿ما اوذی نبی کما اوذیت﴾ اور کچھ لوگوں نے آپؐ کی مخالفت کر کے اس قدر آپ کو روحانی صدمے پہنچائے کہ خداوند عالم کو ارشاد فرمانا پڑا:

﴿اِنَّ الَّذِیْنَ یُؤْذُوْنَ اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ وَ اَعَدَّلَهُمْ عَذَابًا مُّهِیْنًا﴾ (سورۂ احزاب، آیت ۵۷)

بالآخر ان لوگوں کی سرکشی وایذا رسانی اس حد تک پہنچی کہ خلق عظیم کے مالک کو آخری وقت میں فرمانا پڑا کہ:

﴿قوموا عنی﴾۔ ''میرے پاس سے اٹھ جاؤ۔''[2]

شہادتِ حسینؑ کی چھٹی اینٹ

قتل حسینؑ کی چھٹی اینٹ وفاتِ رسولؐ کے وقت رکھی گئی۔ اگر کوئی انسان بھی مر جاتا ہے تو اس کے ساتھ معمولی سا تعلق رکھنے والے لوگ اپنا کام کاج ترک کر کے اس کی تجہیز و تکفین میں شمولیت ضروری سمجھتے ہیں۔ اور یہ تو سرور کائنات ﷺ کی وفات حسرت آیات تھی۔ چاہیے تو یہ تھا کہ اگر تمام روئے زمین کے مسلمان نہیں تو کم از کم مدینہ منورہ کے تمام صحابہ کرام تو اپنے تمام کاروبار بند کر کے آنحضرت ﷺ کے در دولت پر حاضر ہوتے۔ اور آپ کی تغسیل و تکفین اور تدفین کا شرف حاصل کرتے مگر یہاں تو عالم یہ ہے کہ شمع رسالتؐ کے پروانے ہونے کے دعویدار جنازۂ رسولؐ چھوڑ کر غائب ہو جاتے ہیں اور پورے تین دن کے بعد تشریف لاتے ہیں۔ مؤرخ طبری نے لکھا ہے:

﴿لما قبض النبیؐ کان ابو بکر غائباً فجاء بعد ثلاثه ایام... الخ﴾ جب رسول خدا ﷺ کا انتقال ہوا تو اول صاحب غائب تھے۔ تین دن کے بعد آئے۔[3] اس طرح جنازۂ رسولؐ تین دن بے دفن پڑا رہا کیونکہ لوگ اول صاحب کی بیعت میں مشغول تھے۔[4] ﴿انما دفن النبیؐ بعد وفاته بثلاثة ایام﴾۔[5]

البتہ جن لوگوں کو آنحضرت ﷺ سے فطری تعلق تھا یعنی حضرت علی علیہ السلام و خاندان بنی ہاشم، ان پر اس فطری تعلق کا پورا اثر ہوا۔ اور اس وجہ سے ان کو آنحضرت ﷺ کے درد و غم اور تجہیز و تکفین سے ان باتوں کی فرصت نہ

---

۱ امہات الامہ، ص ۹۲۔
۲ بخاری، پ ۳۰، ص ۷۰۱ وغیرہ۔
۳ طبری، ج ۳، ص ۱۹۸۔
۴ سیرۃ حلبیہ، ج ۳، ص ۳۶۶۔
۵ طبری، ج ۳، ص ۲۴۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

لی۔۔۔۔۔ یہ سچ ہے کہ حضرت عمرؓ آنحضرتؐ کی تجہیز و تکفین چھوڑ کر سقیفہ بنی ساعدہ کو چلے گئے۔[1] جب بقول شبلی صاحب نعمانی "اسلام کے مہر و ماہ" خود رسول مقبولؐ سے وہ برتاؤ کریں جو ایک معمولی مسلمان سے بھی نہیں کیا جاتا تو ۶۱ھ کے مسلمان اسی دنیوی بادشاہت کے لالچ میں حسینؑ کا خون کیوں نہ بہاتے۔ جب نانا کی یہ توہین کی تو ان کے نواسہؑ کی کیوں نہ اہانت کرتے؟ افسوس ؎

هیچ کافر نکند آنچه مسلمان کردند

شہادتِ حسینؑ کی ساتویں اینٹ سقیفہ بنی ساعدہ

حضرت رسول اکرم ﷺ نے بار بار حضرت امیر علیہ السلام کی خلافت کا اعلان فرما دیا تھا مگر اس کے باوجود آنحضرت ﷺ کی آنکھ بند ہوتے ہی صحابۂ کرام کی اکثریت نے ان تمام اعلانات و اہتمامات کو پس پشت ڈال دیا اور حضرت علی علیہ السلام کو جنازۂ رسولؐ کے پاس چھوڑ کر خود سقیفہ بنی ساعدہ میں پہنچ گئے۔ اور ظاہری خلافت پر قابض ہو گئے صرف اس پر ہی اکتفا نہیں کیا بلکہ الٹا حضرت امیر علیہ السلام سے بھی بیعت لینے پر اصرار کیا جس پر جناب امیر علیہ السلام نے فرمایا: ﴿انتم احق بالبیعة لی﴾ تم کو میری بیعت کرنی چاہئے اور پھر صاف صاف فرمایا: ﴿اتاخذوه منا اهل البیت غصباً﴾ کیا تم خلافت کو ہم اہل بیتؑ رسولؐ سے غصب کرنا چاہتے ہو؟[2]

ظاہر ہے کہ یزید نے بھی سقیفہ بنی ساعدہ والی کارروائی کا اعادہ ہی کیا ہے کیونکہ رسولؐ کے اعلان کے مطابق ان کے پہلے حقیقی خلیفہ سے ارباب سقیفہ نے خلافت غصب کی اور صحیح وارث مسند کو بیعت کرنے پر مجبور کیا اسی طرح ان کے تیسرے صحیح جانشین سے یزید نے خلافت غصب کر کے ان کو بیعت کرنے پر مجبور کر دیا اور جب انہوں نے انکار کیا تو ان کو شہید کرا دیا اگر ارباب سقیفہ علی علیہ السلام کو اپنے حق خلافت سے محروم نہ کرتے تو یزید کو اس کی جرأت کہاں ہوتی؟ بلکہ اس تک نوبت ہی کب پہنچتی؟ یہی توجہ ہے کہ ﴿قیل لرجل من بنی هاشم متی قتل الحسین بن علیؑ﴾ ایک ہاشمی سے کسی نے پوچھا کہ حسینؑ کب شہید ہوئے؟ ﴿قال یوم سقیفه بنی ساعدة﴾ کہا کہ درحقیقت وہ سقیفہ بنی ساعدہ کے روز ذبح ہو گئے تھے۔[3] ﴿ولنعم ما قیل﴾ کہ کشته شد حسینؑ اندر سقیفه۔

جناب مولوی نذیر احمد صاحب دہلوی نے مذکورہ بالا حقیقت کی طرف اشارہ کرتے ہوئے لکھا ہے: "سخت افسوس کی بات ہے کہ اہل بیت نبویؐ کو پیغمبرؐ صاحب کی وفات کے بعد ہی سے ایسے ناملائم اتفاقات پیش آئے کہ ان کا

---

[1] الفاروق، ص ۶۶۔

[2] الامامت والسیاست، ص ۱۹۔

[3] رسالہ الالفاظ الکتابیہ، ص ۱۴۳، طبع بیروت۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

ادب اور لحاظ جو ہونا چاہیے تھا۔ اس میں ضعف آ گیا۔ اور شدہ شدہ منجر ہوا۔ اس ناقابل برداشت واقعۂ کربلا کی طرف جس کی نظیر تاریخ میں ملنی مشکل ہے۔"[1] اسی وجہ سے تو غزالی وغیرہ بعض متعصب علماء نے یہ فتویٰ دیا ہے کہ ﴿و یحرم علی الواعظ وغیرہ ذکر روایة مقتل الحسنؑ و الحسینؑ و حکایاته وما جریٰ بین الصحابة من التشاجر و التخاصم فانّه یهیج علی بغض الصحابة و الطعن فیهم﴾ واعظ وغیرہ پر حسنؑ و حسینؑ کی شہادت اور صحابہ کرام کے درمیان جو مشاجرات ہوئے ان کا ذکر کرنا حرام ہے کیونکہ اس سے صحابہ کرام کا بغض پیدا ہوتا ہے۔[2]

شہادتِ حسینؑ کی آٹھویں اینٹ حضرت امیرؑ کی گرفتاری

جیسا کہ اوپر ذکر کیا جا چکا ہے۔ جب خاصے تشدد کے بعد بھی حضرت امیر علیہ السلام نے اول کی بیعت نہ کی تو ثانی کچھ لوگوں کو ہمراہ لے کر حضرت علی علیہ السلام کے در دولت پر گئے اور ان کو گرفتار کر کے دربار خلافت میں لائے۔ اور ان سے زبردستی بیعت لینے کی پوری کوشش کی۔[3] بالکل اسی طرح امیر شام کے بیٹے یزید نے دولت و حکومت کے نشے میں سرشار ہو کر نواسۂ رسولؐ سے زبردستی بیعت لینا چاہی اور حاکم مدینہ کو تاکیدی حکم بھیجا کہ ﴿خذ حسیناً بالبیعة اخذاً شدیداً لیست فیه رخصة حتی یبایع﴾ حسینؑ کو بیعت کے لیے سختی سے گرفتار کرو اور جب تک بیعت نہ کریں انہیں ہرگز نہ چھوڑو۔[4] اگر ثانی، فرمان رسولؐ کو نظر انداز کر کے ان کے حقیقی وارث و جانشین کی اس قدر توہین و تذلیل نہ کرتے تو پھر یزید یا کسی اور شخص کو حسینؑ کی طرف آنکھ اٹھا کر دیکھنے کی بھی کیونکر جرأت ہوتی؟ جس چیز کا سنگ بنیاد سقیفہ والوں نے رکھا تھا یزید نے اسی قصر کی تکمیل کی۔۔۔۔۔ وبس۔

شہادتِ حسینؑ کی نویں اینٹ: خانۂ علیؑ و بتولؑ کو آگ لگانے کی دھمکی

جب حضرت علی علیہ السلام نے مسلمانوں کے خلیفۂ اول کی بیعت کرنے سے انکار کیا تو حضرت ثانی کچھ لوگوں کے ساتھ آگ اور لکڑیاں ہمراہ لے کر گئے اور خانۂ علیؑ و بتولؑ کے دروازہ پر جا کر کہا: باہر نکل کر بیعت کرو ورنہ میں گھر کو آگ لگا دوں گا۔[5]

---

[1] رویائے صادقہ، ص ۲۰۰۔

[2] صواعق محرقہ، ص ۲۲۱، طبع جدید۔

[3] طبری، ج ۳، ص ۱۱۹۹۔ الامامت والسیاست، ص ۱۹۔

[4] طبری، ج ۶، ص ۱۸۹۔

[5] طبری، ج ۳، ص ۱۹۸۔ الامامت والسیاست، ج ۱، ص ۲۰۔ العقد الفرید، ج ۳، ص ۱۷۶۔ مروج الذہب، ج ۲، ص ۱۵۹۔ الملل والنحل شہرستانی، ج ۱، ص ۲۵۔ ازالۃ الخفا، ص ۲۲۶۔ کنز العمال، ج ۳، ص ۱۳۹۔ استیعاب، ج ۱، ص ۳۴۵ وغیرہ۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

شبلی نعمانی نے لکھا ہے: ''علامہ طبری نے تاریخ کبیر میں روایت نقل کی ہے کہ حضرت عمر نے حضرت فاطمہؑ کے دروازے پر کھڑے ہو کر کہا: میں گھر کو آگ لگا دوں گا۔۔۔۔۔اس واقعہ کے انکار کی کوئی وجہ نہیں، حضرت عمر کی تندی اور تیز مزاجی سے یہ حرکت کچھ بعید نہیں۔ (الفاروق، ص ۷۱) اللہ اکبر۔ جس رسولؐ کا کلمہ پڑھیں، جس کی نبوت کی پانچ وقت اذان میں گواہی دیں، جس کی شفاعت پر جہنم سے بچنے کی امید رکھیں۔ اسی کی چہیتی بیٹی سیدہ نساء العالمینؑ کے دروازہ پر اسی دروازہ کو جلانے کے لیے آگ اور لکڑیاں لے جائیں؟ کیا آدمؑ سے لے کر اس وقت تک کسی نبی، کسی رسول، کسی وصی، کسی ولی یا اور کسی مذہبی پیشوا کی بیٹی کے ساتھ اس کے ماننے والوں نے یہ سلوک کیا ہے؟ نمرود نے ضرور حضرت ابراہیم علیہ السلام کو جلانا چاہا مگر وہ کافر تھا۔ آپ کی نبوت کا قائل نہ تھا۔ اب جو لوگ واقعۂ کربلا پر حیرت و استعجاب کرتے ہیں کہ یزید نے کیونکر قتل حسینؑ کا حکم دیا؟ کیا وہ یہ نہ جانتا تھا کہ یہ نواسۂ رسولؐ ہیں؟ وہ یہ بتائیں کہ اول صاحب نے دروازۂ علیؑ و بتولؑ پر آگ اور لکڑیاں لے جانے کی اجازت کیونکر دی؟ کیا وہ نہیں جانتے تھے کہ یہ انہی کے رسولؐ کے پارۂ جگر ہیں؟ جو شمر کے فعل پر تعجب کرتے ہیں کہ اس نے حسینؑ پر کیونکر تلوار اٹھائی۔ وہ ثانی کے فعل کو کیوں نظر انداز کر جاتے ہیں کہ وہ کیوں کر دروازۂ سیدہؑ پر لکڑیاں لے گئے۔ کیا وہ یہ نہیں جانتے تھے کہ یہ بضعۃ الرسول کا دروازہ ہے؟ حقیقت یہ ہے کہ اگر آج طلب بیعت کے لیے در دولت پر آگ اور لکڑیاں جمع کر کے گھر جلانے کی دھمکیاں نہ دی جاتیں۔ اور اس خانوادہ کی توہین و تذلیل کا دروازہ نہ کھولا جاتا تو ۶۱ھ میں کربلا کے میدان میں شہادت حسینؑ کے بعد لوگ خیام حسینؑ سے آگ کے بھڑکتے ہوئے شعلے بلند ہوتے نہ دیکھتے اور یہ نعرے لگتے ہوئے نہ سنتے ع

لوٹو تبرکاتِ علیؑ و بتولؑ کو

قتل حسینؑ کی دسویں اینٹ محرومی جناب سیدہؑ از میراث

شریعتِ اسلام کا مسلمہ اصول ہے کہ ہر باپ کی میراث اس کے بیٹوں اور بیٹیوں کو ملتی ہے۔ قرآن نے انبیاء کا کوئی استثنا نہیں کیا۔ جب وفاتِ رسولؐ کے بعد مسلمانوں نے خلافت علویہ کے ساتھ حق فاطمیہؑ پر بھی قبضہ کر لیا تو اسی مذکورہ بالا اصول کے ماتحت جناب سیدہؑ نے خلیفۂ وقت سے اپنی وراثت کا مطالبہ کیا مگر دربار خلافت سے یہ جواب ملا کہ رسولؐ کا ارشاد ہے: ہم گروہِ انبیاء کا کوئی وارث نہیں ہوتا۔ ہم جو کچھ چھوڑ جائیں وہ صدقہ (وقف) ہوتا ہے غرضیکہ اول صاحب نے بالکل انکار کر دیا اور رتی برابر کوئی چیز بھی جناب سیدہؑ کو نہ دی جس کی وجہ سے جناب سیدہ عالم سلام اللہ علیہا اول صاحب پر اس قدر غضب ناک ہوئیں کہ مرتے دم تک ان سے کلام نہ کیا۔[1] اور حضرت

---

[1] بخاری، ج ۲، ص ۶۰۹، طبع دہلی۔ مسلم، ج ۲، ص ۹۱۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

علی علیہ السلام کو وصیت کر گئیں کہ جن لوگوں نے مجھے صدمہ پہنچایا ہے ان کو میرے جنازہ میں شریک نہ ہونے دینا۔ چنانچہ جناب امیرؑ نے ایسا ہی کیا۔[1]

عجیب لطیفہ یہ ہے کہ اول صاحب تو یہ فرماتے ہیں کہ جناب رسول خداؐ نے فرمایا ہے کہ ہم انبیاء نہ کسی کے وارث ہوتے ہیں اور نہ کسی کو وارث کرتے ہیں مگر کتب سیر و تواریخ سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ آنحضرتؐ اپنے والد ماجد کے وارث ہوئے تھے۔ چنانچہ فاضل حلبی نے لکھا ہے کہ جناب رسول خداؐ کے والد جناب عبداللہ نے اپنے بعد پانچ اونٹ اور کچھ دنبیاں چھوڑیں۔ اور جناب رسول خداؐ نے یہ چیزیں اپنے والد کی وراثت میں حاصل کیں۔[2] اور ابن قیم نے لکھا ہے کہ ماثور وہ پہلی تلوار ہے جو رسول اکرمؐ نے اپنے والد سے میراث میں پائی تھی۔[3] جناب رسول خداؐ تو اتنی چیزیں وراثت میں حاصل کریں۔ مگر خلیفۂ اول کا بیان یہ ہے کہ انبیاء وراثت میں کچھ نہیں پاتے! اب اہل انصاف بتائیں کہ کس کو سچا اور کس کو جھوٹا مانا جائے؟

نوٹ :۔ مخفی نہ رہے کہ جناب سیدہ سلام اللہ علیہا کا دعویٰ ھبۂ فدک اور اس کا منظور نہ ہونا بھی اسی مطالبۂ فدک کی ایک کڑی ہے کیونکہ آیت مبارکہ ﴿و آت ذا القربیٰ حقہ﴾ کے نزول کے وقت آنحضرتؐ نے فدک جناب سیدہؑ کو عطا فرما دیا تھا۔[4] اور مزید برآں ایک سند بھی لکھ دی تھی جسے جناب سیدہؑ نے دعویٰ کے وقت پیش بھی فرما دیا تھا۔[5] اور تحقیق یہ ہے کہ پہلے جناب سیدہؑ نے اسی ہبہ کا دعویٰ کیا تھا مگر جب دربار خلافت میں اس دعویٰ کی شنوائی نہ ہوئی تو پھر سیدۂ عالم نے اپنے حق کو حاصل کرنے کے لیے دوسرا طریقہ استعمال کیا کہ اگر یہ حق مجھے بطور ہبہ کے نہیں دیتے تو پھر مجھے بطور وراثت پدر کے دو۔ مگر افسوس مسلمانوں نے بضعۃ الرسول کا یہ دعویٰ بھی تسلیم کرنے سے صاف انکار کر دیا اور الٹا ان کی تکذیب بھی کی۔ یہی تو وجہ تھی کہ بی بی عالم رنج و الم میں گھل گھل کر یہ مرثیہ پڑھتے ہوئے دار فانی سے عالم جاودانی کی طرف رحلت فرما گئیں۔ ؎

صبت علیّ مصائب لو انّھا ۔۔۔ صبت علی الایام صرن لیالیا[6]

---

[1] مدارج النبوۃ، ج ۲، ص ۴۴۔ روضۃ الاحباب، ج ۱، ص ۳۳۴ طبع لکھنؤ۔ شرح نہج البلاغہ حدیدی، ج ۱، ص ۲۰۔

[2] سیرت حلبیہ، ج ۱، ص ۵۶۔

[3] زاد المعاد، ج ۱، ص ۲۳۔ مدارج، ج ۲، ص ۲۸۹۔

[4] تفسیر در منثور، ج ۴، ص ۱۷۷۔ تفسیر کبیر، ج ۸، ص ۱۲۵۔

[5] معارج النبوۃ، رکن چہارم، ص ۲۲۱۔ روضۃ الصفا، ج ۲، ص ۱۵۸، طبع نولکشور۔

[6] روائح المصطفیٰ، ص ۳۷۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

برادران اسلامی کے نامور عالم مولوی حافظ نذیر احمد صاحب دہلوی نے انہی جانگداز حالات پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھا ہے اور خوب لکھا ہے فرماتے ہیں: "جو شخص سب سے زیادہ پیغمبرؐ صاحب کی وفات سے متاذی ہوا وہ فاطمہؑ تھیں۔ والدہ پہلے انتقال فرما چکی تھیں۔ اب ماں اور باپ دونوں کی جگہ پیغمبرؐ صاحب تھے۔ اور باپ بھی کیسے باپ دین و دنیا کے بادشاہ۔ ایسے باپ کا سر سے اٹھ جانا۔ اس پر حضرت علیؑ کا خلافت سے محروم رہنا اور نمک بر جراحت ترکہ پدری باغ فدک کا دعویٰ کرنا اور مقدمہ کا ہار جانا کسی دوسرے کو ایسے پیہم صدمات پہنچتے تو زہر کھا کر مر جاتا مگر ان کے صبر و ضبط ان ہی کے ساتھ تھے۔ پھر بھی انہی رنجوں میں گھل گھل کر چھ مہینہ کے اندر اندر انتقال فرما گئیں اور جتنے دن زندہ رہیں ان لوگوں سے جن سے انہیں رنج پہنچے تھے۔ نہ بولیں اور نہ بات کی۔ یہاں تک کہ ان لوگوں کے اپنے جنازہ پر آنے کی بھی مناہی کر دی۔ اور شب کے وقت مدفون ہوئیں۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَ اِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ۔ مانا کہ ان کا غصہ کسی قدر بے جا بھی ہوتا۔ تاہم ان کے باپؐ کے حقوق کیا چاہتے تھے؟ فاطمہؑ کے دل غمزدہ کو خوش کرنے کے لیے علیؑ کو اگر وہ اہل نہ بھی تھے برائے نام خلافت دے دی ہوتی اور آپ انتظام کیا ہوتا خیر خلافت کون دینے دیتا تھا مگر باغ فدک کے دے دینے میں ایسی کون سی قباحت تھی۔ غایۃ ما فی الباب حدیث نحن معاشر الانبیاء لا نرث ولا نورث ما ترکنا صدقۃ کے خلاف ہوتو ہو۔ گناہ اگر ہوتا تو فاطمہؑ کو ہوتا کہ وہ سیدانی ہو کر صدقہ کھائیں۔ سخت افسوس کی بات ہے کہ اہل بیت نبویؐ کو پیغمبرؐ صاحب کی وفات کے بعد ہی سے ایسے ناملائم اتفاقات پیش آئے کہ ان کا وہ ادب اور لحاظ جو ہونا چاہیے تھا اس میں ضعف آ گیا اور شدہ شدہ منجر ہوا اس ناقابل برداشت واقعہ کربلا کی طرف جس کی نظیر تاریخ میں ملنی مشکل ہے۔[1]

جناب سیدہ سلام اللہ علیہا کی وفات حسرت آیات کے بعد اہل بیت نبویؐ کے لیے قافیہ حیات تنگ سے تنگ تر ہو گیا تھا۔ صاحب براہین قاطعہ ترجمہ صواعق محرقہ نے لکھا ہے: "امیر المؤمنین علی کرم اللہ وجہہ در مدت حیات فاطمہ الزہراؑ بیعت نہ کردہ بود لیکن او را عز و جاہے بواسطہ حیات حضرت خیر النساء نزد مرد ماں بود۔ چوں حضرت فاطمہ وفات یافت حضرت علیؑ از روئے مرد ماں انکار نمود و عزلت اختیار کرد و کسے باد آمد و شد نہ کرد۔"[2]

شہادت حسینؑ کی گیارہویں اینٹ بنی امیہ کی اسلامی عہدوں پر تقرری ہے

جب سے اسلام ظاہر ہوا۔ اس کے سب سے زیادہ سخت اور کھلم کھلے دشمن بنو امیہ رہے۔ ان کو اسلام سے بدوجہ دشمنی تھی ایک اس سبب سے کہ وہ بنو ہاشم کے خاندانی حریف تھے۔ وہ ان کی عظمت و سربلندی ہرگز گوارا نہ کر

---

[1] رویائے صادقہ، ص ۱۹۹، ۲۰۰۔

[2] کذا فی البخاری، ج ۲، ص ۶۰۹، طبع دہلی۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

سکتے تھے۔ دوسرے اس لیے کہ وہ اپنے آبائی مذہب کفر و شرک کی حفاظت اپنا حاصل زیست سمجھتے تھے۔ بہر حال فتح مکہ سے پہلے کفار نے جتنی جنگیں اسلام اور مسلمانوں کے خلاف لڑیں وہ سب ابوسفیان کی سرداری یا اس کی شرکت سے لڑی گئیں۔ حتیٰ کہ ۸ ھ میں فتح مکہ کے بعد خوف تلوار سے لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کہہ کر زمرۂ مسلمین میں داخل ہوگیا۔ مگر تمام مؤرخین نے ابوسفیان اور اس کے بیٹے معاویہ کو مؤلفۃ القلوب میں شمار کیا ہے۔ حضرت امیر المؤمنینؑ اسی طرح اشارہ کرتے ہوئے امیر شام کو ایک خط میں لکھتے ہیں: ﴿و انی لعلی المنهاج الذی ترکتموه طائعین و دخلتم فیه مکرهین...﴾ (ترجمہ) میں اس دین پر قائم ہوں جس میں تم داخل تو مجبوری کے تحت ہوئے تھے مگر اسے ترک بخوشی کیا ہے۔[1]

بہر حال ظاہری اسلام کے بعد اب خفیہ طور پر اسلام و بانی اسلام کے خلاف ریشہ دوانیاں کرتے رہے البتہ ۱۱ ھ کو جب رحلت رسولؐ کے بعد جب حضرت علی علیہ السلام ظاہری خلافت سے محروم کر دیئے گئے تو اب ابوسفیان نے چاہا کہ حمایت علیؑ کا بہانہ کر کے مسلمانوں کے خون کی ندیاں بہائیں۔ چنانچہ مؤرخین نے لکھا ہے کہ ابوسفیان نے حضرت علیؑ سے کہا کہ قریش کے ذلیل ترین انسان کو خلافت سے کیا واسطہ؟ اگر کہو تو پیادوں اور سواروں سے میدان کو بھر دوں! حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا: ابوسفیان! تو مدت سے اسلام اور مسلمانوں کا دشمن ہے۔ مگر تیری دشمنی سے اسلام کو کچھ ضرر نہیں پہنچے گا۔ (اب بھی چاہتا ہے کہ اسلام میں فتنہ بپا کرے)۔[2] جناب نے یہ جواب باصواب دے کر ان کے غلط منصوبوں پر پانی پھیر دیا۔ دوسری طرف جب ابوبکر و عمر صاحب کو معلوم ہوا۔ وہ انکی مخالفت کر رہا ہے۔ تو انہوں نے اس کے بیٹے یزید کو حکومت شام کا پروانہ دے دیا۔ جس پر ابوسفیان ان کا مطیع و منقاد ہوگیا۔ اس طرح شہادت حسینؑ کی عمارت کی گیارہویں اینٹ رکھی گئی۔ اگر ابوسفیان کا بیٹا یزید شام کا گورنر نہ بنایا جاتا تو اس کے بعد اس کا بھائی معاویہ بھی وہاں کا گورنر نہ بنتا۔ نہ وہ حضرت امیرؑ سے جنگ کرتا۔ نہ اپنے بعد اپنے بیٹے یزید کو خلیفہ بناتا۔ اور نہ امام حسینؑ شہید ہوتے۔ اس طرح اہل سقیفہ نے خاندان رسولؐ کی تباہی و بربادی کا مکمل سامان کر دیا۔ سقیفہ میں خود خلیفہ بن کر اہل بیتؑ پر امن و عافیت کا دروازہ بند کر دیا۔ اور بنی امیہ کو شام کی حکومت دے کر ان کے سانس لینے کا دوسرا دروازہ بھی بند کر دیا۔ اس طرح بنی امیہ کو اپنی طاقت بڑھانے کا موقع مل گیا۔ اور وقت آنے پر وہ کچھ کر دکھایا جس پر مسلمان قیامت تک آنسو بہاتے رہیں گے۔

شہادت حسینؑ کی بارہویں اینٹ امیر شام معاویہ ہے

اوپر بیان ہو چکا ہے کہ یزید بن ابوسفیان کو شام کا گورنر بنایا گیا۔ ۱۵ ھ یا ۱۹ ھ میں اس کا انتقال ہوا۔

---

[1] نہج البلاغہ، ج ۳، ص ۱۳، طبع مصر۔ [2] تاریخ طبری، ج ۳، ص ۲۰۲۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

اس کے انتقال کے بعد حضرت عمر نے اس کے بھائی معاویہ کو اس کی جگہ شام کا گورنر مقرر کیا۔ پھر معاویہ نے اپنی طویل گورنری اور پھر متغلبانہ خلافت کے دور میں جو مظالم و مصائب خاندان نبوت پر ڈھائے اور اپنے ناخلف بیٹے یزید کو سریر آرائے تخت خلافت کرنے کے لیے کیا کیا سازشیں کیں اور دین اسلام کا صحیح حلیہ مسخ کرنے کے لیے کیا کیا حربے استعمال کیے۔ اس کی اجمالی کیفیت ہم سابقہ باب میں بیان کر چکے ہیں۔

شہادتِ حسینؑ کی تیرہویں اینٹ شوریٰ ہے

امام حسینؑ کے قتل کی جو عمارت ۹ھ سے تیار ہو رہی تھی کی تیرہویں اینٹ جناب ثانی کی قائم کردہ شوریٰ کمیٹی ہے اس وقت شوریٰ کی تفاصیل میں جانا اور یہ بتانا مقصود نہیں کہ جناب امیرؑ کو کس ڈرامائی انداز میں محروم خلافت کیا گیا۔ ایں ہمہ راز است کہ معلوم عوام است۔ البتہ اس کے متعلق لائق مؤرخ جسٹس امیر علی نے تاریخ اسلام میں جو ریمارک دیئے ہیں۔ ان کا یہاں نقل کرنا فائدہ سے خالی نہیں ہے۔ وہ لکھتے ہیں: ''خلافت کو شوریٰ پر چھوڑنے میں خلیفۂ دوم سے ایسی غلطی سرزد ہوئی جس نے بنوامیہ کی سازشوں کے لیے راستہ صاف کر دیا۔ بنوامیہ اب مدینہ میں نہایت زبردست ہو گئے تھے اور یہ خاندان رسول کے مدت سے رقیب تھے۔ اور بنی ہاشم سے سخت نفرت کرتے تھے۔ یہ وہی لوگ تھے جنہوں نے جناب رسالت مآب ﷺ کا نہایت تندہی سے تعاقب کیا تھا اور فتح مکہ کے بعد محض ذاتی مفاد اور اغراض کی خاطر مسلمان ہو گئے تھے۔ اسلام کی ترقی کو وہ اپنے ذاتی اقبال کا ذریعہ بنانے کی ٹھانے ہوئے تھے۔ انہوں نے نہایت سہولت سے بدو سرداروں کو جو ان کے بھائی بند تھے اپنے ساتھ گانٹھ لیا۔ اور اپنی چالبازیوں سے وہ حضرت علیؑ کو خلافت سے محروم کرنے میں کامیاب ہو گئے۔ چند دن کی بحث و مباحثہ کے بعد بنوامیہ خاندان کے ممبر حضرت عثمانؓ کو خلیفہ منتخب کیا۔ ان کا انتخاب آخر میں اسلام کی تباہی کا باعث ہوا۔ حضرت عثمان کمزور اور ارادے کے کچے تھے۔ اور کسی بھی انتظام حکومت کی قابلیت نہیں رکھتے تھے۔ بنوامیہ کے حسب منشاء وہ فوراً اپنے خاندان کے اثر میں آ گئے۔ وہ بالکل اپنے سیکریٹری مروان کے کہنے پر چلتے جو بنی امیہ میں سخت بدطینت تھا۔ حضرت عثمان نے حضرت عمر کے بہت سے گورنروں کو موقوف کر کے ان کی جگہ اپنے خاندان کے آدمی جو سخت نالائق اور ناقابل تھے، مقرر کیے۔''[1] اس کارروائی کے جو ناخوشگوار نتائج برآمد ہوئے اور جس طرح اس کی سزا امت مسلمہ کو بھگتنی پڑی وہ تاریخ اسلام پر سرسری نگاہ رکھنے والے حضرات پر مخفی نہیں ہے۔

شہادتِ حسینؑ کی چودھویں اینٹ خلافتِ ثالثہ

جیسا کہ سابقہ تنقیح سے ظاہر ہے خلافتِ ثالثہ بھی عمارت شہادت حسینؑ کی ایک اینٹ ہے۔ جس طرح وہ

---

[1] تاریخ اسلام، ص ۳۸، ۳۹ بالاختصار۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

خلیفہ منتخب ہوئے اور انہوں نے اپنے دور خلافت میں بنی امیہ کی طاقت کو مضبوط سے مضبوط تر بنایا جس طرح کنبہ پروری کا مظاہرہ کیا اور پھر جس طرح بعض احداث ظاہر کئے۔ اور مفاد دین وملت اور مقتضائے سیاست دنیوی کے خلاف بعض ناگفتہ بہ افعال واعمال کا ارتکاب کیا جو بالآخران کے قتل تک منجر ہوئے۔ یہ حقائق تاریخ اسلام کے مبتدی طالب علموں پر بھی مخفی نہیں ہیں۔ یہاں تو صرف اس قدر بیان کرنا مقصود ہے کہ اگر آپ خلیفہ نہ بنائے جاتے تو پھر نظر بہ نظر شہادت حسینؑ بھی واقع نہ ہوتی کیونکہ نہ پھر آپ قتل ہوتے۔ نہ معاویہ جناب امیرؑ پر ان کے قتل کا الزام عائد کرتا۔ نہ وہ آنجنابؑ سے لڑتا۔ نہ اسے خود خلیفہ بننے کا بہانہ ملتا۔ اور نہ اپنے بعد یزید کو اپنا ولی عہد اور جانشین بنانے کا اس کے لیے موقع پیدا ہوتا۔ یہ سب امور طبعی ترتیب کے مطابق وقوع پذیر ہوئے جس سے حضرت عثمان کا دامن کسی طرح آزاد نہیں ہوسکتا۔

پندرہویں اینٹ: ایک ام المومنین کی مہربانیاں

خلافت اولیٰ وثانیہ کی تشکیل اور پھر دونوں صاحبوں کی روضۂ رسولؐ میں تدفین میں ایک ام المومنین کا جو حصہ ہے وہ کوئی ڈھکی چھپی بات نہیں ہے اسی طرح جنگ جمل میں انہوں نے اپنے پرانے بغض وکینہ کا حضرت امیرؑ سے وہ انتقام لیا کہ اس کے مثل کسی نے نہ لیا ہوگا اس طرح انہوں نے لوگوں کو خاندان نبوت سے بدظن اور دور کرنے میں خاص کردار ادا کیا ہے۔ اسی بغض وکینہ کی چنگاریاں مسلسل دہکتی رہیں۔ جو بالآخر شہادت حسینؑ کی صورت میں نمودار ہوئیں۔

سولہویں اور آخری اینٹ خلافت یزید ہے

مذکورہ بالا حقائق کو پیش نظر رکھنے کے بعد اب یہ دعویٰ محتاج تامل وتردد نہیں رہتا کہ یزید شہادت حسینؑ کی آخری اینٹ ہے۔ سب علل واسباب جمع ہو چکے تھے۔ اس نے جزء متمم کا کام کیا۔ اور بالآخر اسی اشقی الاولین والآخرین کے منحوس دور میں اسی کے حکم سے یہ سانحۂ کبریٰ اور حادثۂ عظمیٰ ظہور پذیر ہوا۔ جس پر مسلمان روز قیامت تک اشک غم بہاتے رہیں گے۔ تفصیل آئندہ اوراق میں ملاحظہ کیجئے۔

اِنَّا لِلّٰہِ وَ اِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

دسواں باب

امام حسنؑ کی صلح اور امام حسینؑ کی جنگ

بالفاظ دیگر امام حسنؑ کے تقیہ کرنے اور امام حسینؑ کے تقیہ نہ کرنے کے بعض رموز و اسرار

قدیم الایام سے کچھ کوتاہ اندیش لوگ یہ کہتے چلے آئے ہیں کہ جس طرح امام حسنؑ نے امیر شام سے مصالحت کر لی تھی اسی طرح اگر جناب امام حسینؑ بھی معاویہ کے بیٹے یزید سے صلح کر لیتے تو یہ خونی سانحہ کربلا رونما نہ ہوتا اور نہ طرفین کا یہ خون خرابہ ہوتا۔

اس غلط فہمی کو دور کرنے کے لیے ہم اس باب میں چند ناقابل تردید حقائق بیان کرتے ہیں جن کے دیکھنے کے بعد یہ حقیقت بالکل واضح و آشکار ہو جائے گی کہ اصلی مقصد (تحفظ و بقاء اسلام) کے حصول کے لیے جس طرح امام حسنؑ کے دور میں صلح ضروری تھی۔ اسی طرح امام حسینؑ کے وقت میں جنگ ناگزیر تھی۔ امامینؑ کے طرز عمل کا یہ ظاہری اختلاف صرف وقتی تقاضوں کے اختلاف کا نتیجہ ہے۔ ورنہ تمام معصومینؑ کے طرز عمل میں حقیقی و معنوی طور پر کوئی اختلاف نہیں ہے سب کا مقصد ایک تھا اور وہ تھا احقاق حق و ابطال باطل۔ اس مقصد کے حصول کے لیے حالات حاضرہ کا جو تقاضا ہوتا تھا امام وقت وہی طرز عمل اختیار کرتے تھے بظاہر جیسا اختلاف امام حسنؑ و امام حسینؑ کے طرز عمل میں نظر آتا ہے بعینہ ایسا ہی اختلاف خود صاحب شریعت مقدسہ کے اپنے عمل میں بھی دکھائی دیتا ہے۔ ایک وقت میں ان کو مختلف انواع و اقسام کی اذیتیں پہنچائی جاتی ہیں مگر آپ ﴿لکم دینکم ولی دین﴾ کہہ کر خاموش ہو جاتے ہیں اور اپنا فریضہ تبلیغ دین انجام دیتے رہتے ہیں۔ پھر ایک وقت ایسا بھی آتا ہے کہ جنگ و جدال اور قتل و قتال کے بعد حدیبیہ کے مقام پر ﴿الصلح خیر﴾ پر عمل کرتے ہوئے کفار مکہ سے صلح کر لیتے ہیں اور وہ بھی بظاہر ایسے کمزور شرائط پر کہ بعض مشہور صحابہ کو آپ کی نبوت میں بھی شک پڑنے لگتا ہے۔[1] اور اس کے بعد ایک تیسرا دور ایسا بھی آتا ہے کہ مخالفین کی انتہائی بے راہ روی کے پیش نظر ﴿فاقتلوا المشرکین حیث وجدتموھم﴾ کا متشددانہ حکم دیا جاتا ہے! تو اب اس ظاہری اختلاف کو دیکھ کر کوئی صحیح الدماغ انسان اور وہ بھی مسلمان یہ وہم و گمان بھی کر سکتا ہے کہ آنحضرتؐ کے طرز عمل میں فی الحقیقت کسی قسم کا تضاد و اختلاف پایا جاتا ہے؟ ماننا پڑتا ہے کہ حالات کے اختلاف سے فرائض

---

[1] در منثور، ج ۶، ص ۷۷، عینی شرح بخاری، ج ۲، ص ۲۵۷ وغیرہ۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

کے تقاضے بھی مختلف ہوتے رہتے ہیں۔ اور درحقیقت انسان کامل وہی ہوتا ہے جو جذبات کے افراط وتفریط سے اپنے دامن کو بچاتے ہوئے موقع ومحل کی مناسبت اور حالات کے تقاضوں کا کامل غور وتدبر کے ساتھ جائزہ لے کر ان کے مناسب حال اقدام کرے بنابریں یہ کہنا بالکل صحیح اور درست ہے کہ ہر اقدام جو اپنے وقت پر ہو وہ مفید، نتیجہ خیز اور مؤثر ہوتا ہے لیکن اگر وقت سے پہلے عمل میں لایا جائے تو وہ نتیجتاً مفید ہونے کی بجائے مضر ثابت ہوتا ہے بلکہ اپنے مرتکب کو اکثر ہمیشہ کے لیے مورد الزام بنا دیتا ہے۔ واقعات کی رفتار یکساں حالت پر نہیں ہوتی بلکہ تدریجی حیثیت سے ترقی کرتی رہتی ہے اور اس کا طریقۂ علاج بھی اس اعتبار سے مختلف ہوتا ہے۔ مثال کے طور پر زخم رسیدہ پکے ہوئے جزءِ بدن ہاتھ یا پیر کا علاج کرو۔ پھاہے لگاؤ۔ مرہم بدلو۔ ضرورت ہو تو بار بار نشتر دلواؤ۔ پھر اگر اچھا نہ ہو اور اس کی سمیت کے جسم میں سرایت کرنے کا خوف ہو تو اسے کاٹ کر بھی پھینک دو۔ کسی کو اعتراض کا حق نہ ہوگا لیکن اگر زخم پیدا ہونے کے ساتھ ہی اور کوئی علاج معالجہ کرنے سے پہلے ہی کاٹ ڈالتے۔ تو ضرور مورد الزام ہوتے اور عام طور پر بے عقل سمجھے جاتے۔ حالانکہ یہ طرزِ عمل وہی ہے جو بعد میں اختیار کیے جانے پر ممدوح و مستحسن قرار پائے گا۔ دشوار گزار حالات کی اصلاح کے لیے قربانی اور وہ بھی جان کی قربانی کامیاب اور مؤثر ترین حربہ ہے لیکن سب سے آخری۔ جب تمام وسائل اور ذرائع ختم ہو جائیں اور کوئی تدبیر کارگر نہ ہو۔ اس وقت اس کا درجہ ہے وہ جہاں تک آخری رہے وہیں تک مؤثر ہے اور اگر اس سے پہلے عمل میں آجائے تو جلد بازی، غیر موقع شناسی اور ناعاقبت اندیشی وغیرہ کا الزام آجانا ضروری ہے۔[1]

باب ہفتم میں صلح حسنؑ کا جو تذکرہ کیا جا چکا ہے وہ اس محاربۂ کربلا کی تمہید تھی۔ اور یہ واقعۂ ہائلہ اس کا نتیجہ اور اسی مبتداء کی خبر!

اس قدر تمہیدی بیان کے بعد ہم صلح حسنؑ اور اقدام حسینؑ کے چند نمایاں فروق بیان کرتے ہیں تاکہ حقیقت بالکل واضح و آشکار ہو جائے کہ دونوں شہزادوں کے طرزِ عمل میں فی الحقیقت کوئی اختلاف نہیں ہے بلکہ بدلتے ہوئے حالات کے مطابق ایک ہی مقصد کو حاصل کرنے کے لیے مختلف مظاہرے ہیں۔

صلح حسنؑ و اقدام حسینؑ کا پہلا فرق

اوپر بیان کیا جا چکا ہے کہ جانی قربانی اصلاح احوال کا آخری اور بالکل آخری حربہ ہے یعنی جب تک حالات بالکل ناقابل اصلاح نہ ہو جائیں اس وقت تک اس آخری طریقۂ کار کے اختیار کرنے کا کوئی عقلی جواز موجود نہیں ہے۔ ابتدائی حالات میں زبانی استدلال و احتجاج اور پھر مصالحت کو عمل میں لانا ضروری ہوتا ہے تاکہ اگر اس

---

[1] شہید انسانیت، ص ۲۱۵۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

سے بگڑے ہوئے حالات کی اصلاح ہو جائے تو فھو المراد۔ ورنہ پھر آخری اور فیصلہ کن اقدام کیا جائے چنانچہ اس طبعی ترتیب کے عین مطابق شہزادۂ صلح و امن حضرت امام حسن علیہ السلام نے اصلاح احوال کا یہی ابتدائی طریقہ کار استعمال کیا جس کا اختیار کرنا عقلاً و شرعاً ضروری تھا اور پھر ظاہری تخت و تاج سے علیحدہ ہو کر پورے دس برس تک اس طرزِ عمل کے نتائج کا انتظار کیا اور اس اثناء میں سرکار سید الشہداءؑ بھی حالاتِ حاضرہ کا بنظر غائر جائزہ لیتے رہے لیکن افسوس کہ حالات بجائے اصلاح پذیر ہونے کے بد سے بدتر اور خراب سے خراب تر ہوتے چلے گئے۔ تمام شرائطِ معاہدہ کی خلاف ورزی کی گئی۔ خلاف اسلام افعال و اعمال کے ارتکاب پر اصرار کیا گیا۔ مؤمن کے حقوق پامال کر دیئے گئے۔ بنابریں اب اصلاح احوال کے لیے آخری طریقہ کار (جانی قربانی) کا وقت آ چکا تھا۔ لہٰذا اب سرکار سید الشہداءؑ کے متعلق تو یہ سوال ہی پیدا نہیں ہوتا تھا۔ کہ وہ پھر مصالحت کر کے حالات کے سنورنے و سدھرنے کا انتظار کریں اور پھر یہ مصالحت بھی کس سے؟ یزید بن معاویہ سے! یا للعجب۔

دوسرا فرق

تاریخ اسلام اس بات پر گواہ ہے کہ معاویہ نے حضرت امام حسنؑ سے بیعت کا کبھی مطالبہ نہیں کیا تھا[1] بلکہ آدمی بھیج بھیج کر بڑی لجاجت و خوشامد سے صرف مصالحت کی بار بار درخواست کرتا رہا تھا جسے رحمۃ للعالمینؐ کے نواسے نے مسلمانوں کی حالتِ زار پر رحم و کرم کرتے ہوئے منظور کر لیا۔ چنانچہ خود امام حسنؑ امیر شام کو ایک خط میں لکھتے ہیں:

﴿لو آثرت ان اقاتل احداً من اھل القبلة لبدأت بقتالک فانی ترکتک لاصلاح الامة و حقن دمائھا﴾ اے معاویہ! تجھے معلوم ہونا چاہئے کہ اگر اہل قبلہ میں سے کسی کے ساتھ میں جنگ کرتا تو پھر سب سے پہلے تجھ ہی سے کرتا لیکن میں نے تو امت جد کی اصلاح و فلاح اور ان کے خون کی حفاظت کی خاطر تجھے چھوڑ دیا ہے۔[2]

اس کے برخلاف یزید نے امام حسینؑ کے سامنے کبھی صلح کا نام تک نہیں لیا۔ بلکہ دولت اقتدار کے نشہ سے سرشار ہو کر یہ چاہا کہ مسند رسولؐ کے حقیقی وارث و جانشین سے بیعت لے۔ اور یہ نمرودِ وقت فخر خلیلؑ کی گردن کو اپنے سامنے جھکائے۔ ظاہری مادی ساز و سامان کی کثرت اور غیر معمولی فوجی طاقت و قوت کے بل بوتے پر اپنے اس خواب کی تعبیر دیکھنے کا انتظار کرنے لگا۔ اس وقت اسد اللہ کے لختِ جگر نے اپنے عمل سے دنیا کو دکھا دیا کہ حسینؑ کی یہ گردن حفاظتِ حق کے لیے کٹ تو سکتی ہے مگر باطل کے سامنے جھک نہیں سکتی۔ لہٰذا حالات کے اختلاف کے لحاظ سے ان

---

[1] ملاحظہ ہو: تاریخ ابوالفداء، ج ۱، ص ۱۸۲۔ تاریخ الخلفاء، ص ۱۹۱، ۱۹۲۔ کامل، ج ۳، ص ۲۰۳۔ طبری، ج ۶، ص ۹۲۔ بیعت کا کہیں نام تک مذکور نہیں ہے۔

[2] تاریخ کامل، ج ۳، ص ۲۰۵۔ الامامۃ والسیاسۃ، ص ۱۸۳۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

کے تقاضے بھی مختلف تھے۔ اور ہر امام نے اسی طریقہ کار کو اختیار کیا ہے جو مقتضائے حال تھا۔

تیسرا فرق

امام حسن مجتبیٰ علیہ افضل التحیۃ والثنا نے ظاہری حالات سے مجبور ہو کر امیر شام سے معاہدۂ صلح کر لیا۔ لیکن اس کا نہ تو یہ مطلب ہے کہ عہدۂ امامت و خلافت اس کے سپرد کر دیا کیونکہ اگر امامت و خلافت کو عہدۂ الٰہیہ تسلیم کیا جائے۔ (جیسا کہ فرقۂ حقہ کا عقیدہ ہے) تو اس عہدۂ جلیلہ کا عطا کرنا قبضۂ قدرت میں ہے اور کوئی اس کے عطا پر قادر نہیں ﴿ربک یخلق ما یشاء و یختار ما کان لھم الخیرۃ﴾ اور اگر تقرر خلیفہ و امام جمہور امت کے اختیار میں ہے (جیسا کہ اہل سنت کا خیال ہے) تو پھر بھی عزل و انتخاب کا حق صرف جمہور امت کو ہے وہ جسے چاہیں بنائیں اور جسے چاہیں معزول کریں۔ ایک خلیفہ کو کیا حق حاصل ہے کہ اپنے آپ کو معزول کر کے کسی اور کو خلیفہ بنا دے؟ اور نہ ہی اس مصالحت کا یہ مطلب تھا کہ وہ معاویہ کے افعال و اعمال کی صحت پر مہر تصدیق ثبت کر رہے ہیں ورنہ پھر کفار مکہ کے ساتھ جناب رسول خدا ﷺ کی مصالحت کا بھی یہی مفہوم لینا پڑے گا کہ وہ کفار مکہ کے اعمال کی توثیق کر رہے تھے۔ (معاذ اللہ) کیا کوئی شخص یہ باور کر سکتا ہے؟ بلا تشبیہ جس طرح صلح حدیبیہ کفار کی طرف سے غلط اور پیغمبر اسلام ﷺ کی طرف سے صحیح تھی اسی طرح یہ معاہدۂ صلح بھی امیر شام کی طرف سے غلط اور امام حسن علیہ السلام کی طرف سے صحیح تھا۔ امام اہل حدیث مولانا وحید الزمان لکھتے ہیں:

SIBTAIN.COM
Presented By: www.jafrilibrary.com

"ہمارے بڑے شہزادے امام حسن علیہ السلام آنحضرت کی طبیعت پر تھے۔ نہایت دانشمند اور انجام بین۔ وقت اور موقع محل کو دیکھ کر کام کرنے والے۔ جیسے آنحضرتؐ نے حدیبیہ میں کافروں سے دب کر مصلحۃً صلح کر لی تھی۔ ویسے ہی حضرت امامؑ نے بھی دیکھا کہ میری فوج والوں کا اعتبار نہیں۔ ان کے دلوں میں خیانت بھری ہوئی ہے۔ ادھر معاویہ جنگ پر تلا ہوا ہے۔ اسلام تباہ ہوا چاہتا ہے تو ناچار آپؑ نے دفع الوقتی کر کے معاویہ سے صلح کر لی۔ اب جن لوگوں نے یہ سمجھا ہے کہ آپؑ نے بخوشی معاویہ کو خلافت دے دی۔ اور معاویہ کی خلافت صحیح اور شرعی ہو گئی۔ انہوں نے حالات اور وقائع پر غور نہیں کیا۔ اصل یہ ہے کہ امامؑ اس وقت کے حالات کے اوپر نظر کر کے مجبور ہو گئے اور آپؑ نے ایک ضرر عظیم سے بچنے کے لیے ضرر خفیف کو گوارا کیا۔ پس درحقیقت یہ صلح امامؑ کی طرف سے صحیح اور جائز تھی لیکن معاویہ کی طرف سے ناجائز۔ اور محض ظلمی اور جبری تھی۔ جیسے صلح حدیبیہ آنحضرت کی طرف سے جائز اور صحیح تھی لیکن مشرکوں کی طرف سے ظلمی اور جبری تھی۔ اس نکتہ کو یاد رکھنا چاہیے کیونکہ اس میں بڑے بڑے علماء کو دھوکا

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

ہوگیا ہے۔"[1]

اسی طرح مولانا موصوف ایک اور مقام پر لکھتے ہیں:

"اللہ تعالیٰ اس بات کا گواہ ہے کہ ہمارے امام اور شہزادے نے اپنی خوشی کے ساتھ یہ خلافت معاویہ کو نہیں دی بلکہ مجبوری سے آپؑ نے دیکھا کہ میرے ساتھی لوگ در پردہ معاویہ سے سازش رکھتے ہیں اور معاویہ جنگ پر تلا ہوا ہے۔ آپؑ معاویہ کو ظالم و غاصب جانتے تھے۔ اور ہرگز خلافت کا مستحق نہیں جانتے تھے۔"[2]

بہرحال اس بیان حقیقت ترجمان سے واضح وعیاں ہے کہ اس مصالحت سے یہ لازم نہیں آتا کہ امام حسنؑ معاویہ کے اعمال کی صحت پر مہر توثیق ثبت کر رہے ہیں بلکہ صلح کے باوجود بھی حسنؑ حسنؑ ہیں اور معاویہ معاویہ! لیکن یزید امام حسینؑ سے اپنی بیعت کا مطالبہ کر رہا تھا اور بیعت کا لازمی نتیجہ یہ ہے کہ جس شخص کی بیعت کی جارہی ہے اس کے ساتھ ساتھ اس کے اعمال وافعال کی صحت وصداقت پر بھی مہر تصدیق ثبت کی جارہی ہے۔ طلب بیعت سے یزید کا مقصد وہی تھا جو مکہ معظمہ میں ابوسفیان کا رسول خداﷺ سے مطالبہ تھا کہ اسلام کا نام نہ لو۔ کفر وشرک کو ضلالت و گمراہی قرار نہ دو۔ خدا کی وحدانیت کو چھوڑ کر صنم پرستی اختیار کرو۔ غرضیکہ تم بھی ہماری روش ورفتار اختیار کرو۔ (اور ابو سفیان کا بیٹا بھی اسلام کے پردہ میں اسی طریق کار پر کاربند رہا) اب یزید کے حضرت امام حسینؑ سے بیعت طلب کرنے کا مقصد صرف یہی تھا کہ وہ چونکہ بموجب ؎

آنچہ پدر نتواند پسر تمام کند

اپنے آباء واجداد کے کافرانہ نظریات اور ان کے کفریات کی نشر واشاعت پر تلا ہوا تھا اور وہ چاہتا تھا کہ وہ جن ننگ اسلام بلکہ ننگ انسانیت حرکات ناشائستہ کا ارتکاب کر رہا تھا اس پر صحیح وارث اسلام جناب امام حسین علیہ السلام سے مہر تصدیق ثبت کرائے اور اس طرح عوام الناس کی آنکھوں میں دھول ڈالے کہ اگر اس کے نظریات اور حرکات شرعاً صحیح نہ ہوتے تو امام حسینؑ اس کی بیعت کیونکر کرتے؟ (کفر یزید کی بحث آئندہ باب میں ملاحظہ فرمائیں) امام عالی مقام اپنے منصب ومقام اور وظیفہ وکام سے کماحقہٗ واقف تھے۔ وہ جانتے تھے کہ اس شراب خوار، زناکار، تارک صوم وصلوٰۃ، خدا ورسولؐ سے استہزاء کرنے والے اور احکام شریعت کو مٹانے والے نابکار کی بیعت کرنے کا مقصد سوائے اس کے اور کچھ نہیں کہ یزید کے رندانہ حرکات اور ملحدانہ خیالات شرعاً درست ہیں۔ اور اس کے اعمال واحکام صحیح اور واجب العمل ہیں۔ خلاصہ یہ کہ اسلام وہی ہے جو یزید پیش کر رہا ہے۔ یہ مطلب اس وقت اور بھی زیادہ واضح

---

[1] انوار اللغۃ، پارہ ۱۵، ص ۲۷، طبع بنگلور۔

[2] انوار اللغۃ، پارہ ۱۶، ص ۹۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

ہو جاتا ہے جب یہ بات پیش نظر رکھی جائے کہ پہلے زمانہ میں بیعت اس شرط پر لی جاتی تھی کہ کتاب وسنت پر عمل ہوگا مگر یزیدی سرکشی اس حد تک پہنچ چکی تھی کہ بیعت کرنے والے کو اقرار کرنا پڑتا تھا کہ میں خلیفہ کی ملکیت ہوں۔ وہ میرے اور میرے مال واولاد کے ساتھ جو چاہے سلوک کر سکتا ہے۔ اب ارباب انصاف فرمائیں کہ ان حالات میں اگر حضرت امام حسین علیہ السلام یزید کی بیعت کر لیتے (حالانکہ کسی وقت بھی امام برحق کے لیے کسی اور کی بیعت جائز نہیں۔ خواہ وہ عالم وعادل ہی کیوں نہ ہو) تو پھر اسلام رجعت قہقری کر کے سابقہ حالت کفر وبے دینی پر آ جاتا، کفر کا دور دورہ ہوتا، دین اسلام نیست ونابود ہو جاتا۔ حسینؑ کے جد نامدار، پدر بزرگوار اور برادر عالی وقار کی کوششوں پر پانی پھر جاتا۔ اور ان کی تمام محنتیں اور زحمتیں ضائع وبرباد ہو جاتیں۔ کیا حسینؑ یہ گوارا کر سکتے تھے؟ نہیں اور ہرگز نہیں! چنانچہ امام مظلومؑ نے ناقابل برداشت مصیبتیں اٹھائیں۔ اپنے اعزا واقارب، اصحاب واحباب کا قتل گوارا فرمایا، مخدراتِ عصمت وطہارت کی اسیری منظور کی مگر اسلام کی ابدی تباہی وبربادی قبول نہ کی بلکہ پورے استقلال اور ثابت قدمی کے ساتھ انکار بیعت کر کے اعزا وانصار، مال وجان کی قربانی دے کر اور ناقابل تحمل مصائب وشدائد برداشت کر کے اسلام کو ایک زندۂ جاوید حقیقت بنا دیا اور مسلمانانِ عالم کے سامنے ایک نمونۂ عمل پیش کر دیا کہ حق وحقیقت کی حمایت اور دین اسلام کی حفاظت کے لیے اپنا سب کچھ داؤ پر لگانا پڑ جائے تو یہ کہہ کر کہ ؎

جان دی، دی ہوئی اسی کی تھی حق تو یہ ہے کہ حق ادا نہ ہوا

سب کچھ قربان کر دینا مگر حق وصداقت پر آنچ نہ آنے دینا، سچ ہے ؎

سر داد و نداد دست در دست یزید حقا کہ بنائے لا الہ است حسینؑ

چوتھا فرق

تقیہ ضرور شریعتِ اسلامیہ میں جائز ہے جیسا کہ آیت مبارکہ ﴿اِلَّآ اَنْ تَتَّقُوْا مِنْهُمْ تُقٰىةً﴾[1] (پ۵، ع ۱۳) اور ﴿مَنْ كَفَرَ بِاللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ اِيْمَانِهٖٓ اِلَّا مَنْ اُكْرِهَ وَ قَلْبُهٗ مُطْمَئِنٌّۢ بِالْاِيْمَانِ﴾[2] (پ۱۴، ع ۲۰) وغیرہ آیات قرآنیہ سے مستفاد ہوتا ہے مگر ارباب دانش وبینش جانتے ہیں کہ تقیہ کے جواز کے چند شرائط ہیں۔ منجملہ ان کے ایک اہم شرط یہ ہے کہ تقیہ کرنے سے جان ومال اور عزت وناموس بچ جائے اور دین حق کو بھی کوئی گزند نہ پہنچے۔ لیکن اگر تقیہ کرنے سے دین حق کو نقصان پہنچتا ہو تو اس صورت میں اس کا مستحسن ہونا تو بجائے خود جواز ہی ثابت نہیں ہے۔ اور یہ تو ظاہر ہی ہے کہ انبیاء ومرسلین اور ائمہ طاہرین علیہم السلام کے نصب وتقرر کی غرض وغایت ہی یہ ہوتی ہے کہ وہ دین وشریعت کی حفاظت وحراست کریں۔ اور کفر وشرک اور باطل کا قلع قمع کریں۔ بنابریں جبکہ یزید کا فسق وفجور بلکہ اس کا

---

[1] تفسیر درمنثور، ج ۲، ص ۱۶۔

[2] تاریخ کامل، جلد ۲، ص ۲۴ وغیرہ کتب تفسیر وتاریخ ملاحظہ ہوں۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

کفر صریح واضح و آشکار ہو چکا تھا جو بیٹیوں اور بہنوں سے نکاح جائز سمجھتا تھا جو شراب کو پانی کی طرح پیتا اور نماز کا نام نہ لیتا تھا۔[1] جو منبر رسولؐ پر بیٹھ کر علانیہ یہ کفریہ اشعار پڑھتا تھا ؎

لعبت بنو هاشم بالملک　　فلا خبر جاء ولا وحی نزل[2]

دریں حالات اگر سید الشہداء علیہ السلام تقیہ فرماتے تو ان کی اور ان کے اعزا و انصار کی جان تو ضرور بچ جاتی مگر دین اسلام مٹ جاتا۔ کفر و شرک کی نشر و اشاعت ہوتی لوگ صراط مستقیم سے بھٹک جاتے۔ حقائق ایمان کی جگہ رسوم جاہلیت لے لیتیں۔ اور اس طرح حسینؑ کے مقدس آباء و اجداد کی مساعی جمیلہ پر پانی پھر جاتا ہے ایسے حالات میں حسینؑ ایسے حق باز و حق کوش اور جری و بہادر پاکباز انسان کے لیے ممکن تھا کہ اپنی جان کی حفاظت کے لیے اسلام کو قربانی کی بھینٹ چڑھا دیتے؟ لا و اللہ۔ بلکہ ایسے حالات میں تو اہل سنت کے اصول کے مطابق بھی حسینؑ پر اعلائے کلمۃ الحق کے لیے جہاد واجب تھا۔ چنانچہ شاہ ولی اللہ دہلوی نے لکھا ہے: ﴿اذا کفر الخلیفة بانکار ضروری من ضروریات الدین حل قتاله بل وجب..... فصار قتاله من الجهاد فی سبیل الله..... الخ﴾ جب کوئی خلیفہ ضروریات دین میں سے کسی چیز کا انکار کرنے کی وجہ سے کافر ہو جائے تو اس وقت اس سے جنگ کرنا نہ صرف جائز ہے بلکہ واجب ہو جاتا ہے۔ اور اس سے جنگ کرنا جہاد فی سبیل اللہ میں شمار ہوتا ہے۔[3]

ان حالات میں اگر امام حسینؑ تقیہ کر کے گھر میں بیٹھے رہتے تو پھر اسلام کو پناہ کون دیتا؟ اسلام کی جڑ کاٹی جا رہی تھی۔ اس کی روک تھام کون کرتا؟ تین پشتوں کا دشمن اسلام تو اس کے قلع قمع کرنے پر تلا ہوا تھا۔ اس کو اس کے ناپاک عزائم میں ناکام کون بناتا؟ جب اسلام کو مٹایا جا رہا تھا تو اس کا علم کون بلند کرتا؟ اس لیے حسینؑ آگے بڑھے۔ اور وہی کچھ کیا جو شرعاً ان کا فرض منصبی تھا یعنی زبان حال سے یہ کہتے ہوئے کہ ؎

ان کان دین محمد لم یستقم　　الا بقتلی فیا سیوف خذینی

جان و مال اور اہل و عیال کو راہِ حق میں نثار کر کے اسلام کو ابدالآباد تک کے لیے زندہ و پائندہ حقیقت بنا دیا ؎

بنا کردند خوش رسمے بخاک و خون غلطیدن
خدا رحمت کند ایں عاشقانِ پاک طینت را

لیکن امام حسن علیہ السلام کے وقت یہ صورت حال نہ تھی چونکہ معاویہ اگرچہ دینی اعتبار سے جتنا بھی گیا گزرا ہوا

---

[1] تاریخ الخلفاء سیوطی، ص ۳۰۹۔

[2] تذکرہ خواص الامہ، ص ۲۶۱ وغیرہ۔

[3] حجۃ اللہ البالغہ، ص ۳۳۶۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

تھا مگر پھر بھی اس نے بظاہر اسلام کا لبادہ اوڑھ رکھا تھا اس نے اپنے بیٹے کی طرح اسلام کا جوا بالکل اتار کر دور نہیں پھینک دیا تھا۔

پانچواں فرق

خداوند عالم کا ارشاد ہے: ﴿فَقَاتِلُوا الَّتِي تَبْغِي حَتَّىٰ تَفِيءَ إِلَىٰ أَمْرِ اللَّهِ﴾ (پ ۲۶، ع ۱۳، س حجرات) باغی گروہ سے اس وقت تک جہاد جاری رکھو جب تک کہ وہ اللہ کے "امر" کی طرف پلٹ نہ آئے "امر اللہ" کی تفسیر دو چیزوں سے کی گئی ہے۔ اول امام حق کی اطاعت قبول کر لینا۔ دوسرے صلح کرنے پر آمادگی ظاہر کرنا۔ چنانچہ علامہ رازی نے بذیل آیت بالا یہی دوسرے معنی بیان کرتے ہوئے لکھا ہے: ﴿ای الی الصلح فانه مامور به یدل علیه قوله تعالیٰ فاصلحوا ذات بینکم﴾[1] یعنی امر اللہ کی طرف پلٹنے سے مراد صلح پر آمادہ ہونا ہے کیونکہ صلح کا خدا نے حکم دیا ہے جس پر یہی ارشاد الٰہی دلالت کرتا ہے کہ اپنے جھگڑوں کی اصلاح کرو۔ بنابریں جب معاویہ نے صلح کی پیشکش کی تو شہزادۂ امن و سلام کے لیے صلح شرعاً جائز تھی۔ خصوصاً جبکہ یہ بھی ملحوظ رکھا جائے کہ حالات ایسے ناخوشگوار ہو چکے تھے کہ آپؑ کے ساتھی بُری طرح داخلی افتراق و انتشار کا شکار ہو چکے تھے اور آپ کے صحیح غمخوار آٹے میں نمک کے برابر بھی نہ تھے مگر حضرت امام حسین علیہ السلام کا معاملہ اس کے بالکل برعکس تھا۔ یہاں امیر شام کا ناخلف بیٹا نشۂ دولت و اقتدار سے سرشار ہو کر امام عالی وقار سے بیعت لینے پر اصرار کر رہا تھا اور امام علیہ السلام کسی قیمت پر بھی اس کی بیعت نہیں کر سکتے تھے۔ کیونکہ اس میں دین اسلام کی ہلاکت و بربادی تھی۔ اس لیے سوائے اقدام جہاد کے اور کوئی چارۂ کار نہ تھا۔

ان حقائق کی روشنی میں یہ حقیقت ناقابل تردید حد تک واضح ہو جاتی ہے کہ تقاضائے وقت کے لحاظ سے امام حسن علیہ السلام کی صلح ایسی تھی کہ اگر اس وقت امام حسین علیہ السلام ذمہ دار ہوتے تو وہ بھی صلح ہی کرتے۔ اور امام حسین علیہ السلام کا جہاد بھی اپنے وقت کے اعتبار سے ایسا صحیح اقدام تھا کہ اگر ان کی جگہ امام حسنؑ ہوتے تو وہ بھی اسی مسلک کو اختیار فرماتے۔

چھٹا فرق

شیعی نقطۂ نگاہ سے تو یہ مسئلہ بالکل واضح ہے کہ ہر امام اپنے دور میں حکم خداوندی کے مطابق عمل درآمد کرتا ہے اور اس کا ہر قول و فعل مشیت ایزدی کے تابع ہوتا ہے۔ جسے حکم صلح ہو وہ صلح کر کے وقت گزار لیتا ہے اور جسے حکم جہاد ہو وہ اس پر عمل کر کے اپنا فریضہ ادا کرتا ہے۔ ﴿ان الائمة علیهم السلام لم یفعلوا شیئاً و لا یفعلون الا

---

[1] تفسیر کبیر، ج ۷، ص ۵۷۳، کذا فی منہاج السنۃ، ج ۲، ص ۲۱۲۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

بعهد من اللّٰه عزوجل و امر منه لا یتجاوزونه﴾[1] امام حسن علیہ السلام کو حکم صلح تھا انہوں نے صلح کر لی اور امام حسین علیہ السلام کو حکم جہاد تھا انہوں نے جہاد کیا۔[2] چنانچہ بعض آثار میں وارد ہے کہ جناب جابر بن عبداللہ انصاری نے امام حسین کو اپنے بھائی امام حسن کی طرح صلح کرنے کا مشورہ دیا تھا۔ امام عالی مقام نے فرمایا تھا: ﴿یا جابر قد فعل اخی ذلک بامر اللّٰه تعالیٰ و رسوله صلی اللّٰه علیه و اله و انا ایضا افعل بامر اللّٰه تعالیٰ و رسوله صلی اللّٰه علیه و اله... الخ﴾ اے جابرؓ میرے بھائی نے جو کچھ کیا وہ خدا اور رسولؐ کے حکم سے کیا اور جو کچھ میں کر رہا ہوں یہ بھی خدا اور رسولؐ کے ہی حکم کے ماتحت ہے۔[3]

بہرکیف دونوں شہزادگان کونینؑ نے اپنے اپنے عمل سے اپنے جد نامدار کے اس ارشاد کی عملی تفسیر پیش کر دی کہ ﴿ابنای هذان امامان قاما او قعدا﴾ میرے یہ دونوں شہزادے بہرحال امام برحق ہیں خواہ (صلح کر کے) بیٹھ جائیں۔ یا (جہاد کے لیے) کھڑے ہو جائیں۔[4] و لنعم ما قیل ؎

چاہا جب خدا نے یہ بتائے دنیا والوں کو — کہاں پر صلح ہوتی ہے کہاں پر جنگ ہوتی ہے
تو بھیجے اپنی رحمت سے علیؑ کے لاڈلے دونوں — یہ سمجھا جائیں جس پر آج دنیا دنگ ہوتی ہے
یہ آئے اور مسلم کو عمل کر کے دکھایا — یہاں پر صلح ہوتی ہے یہاں پر جنگ ہوتی ہے

SIBTAIN.COM
Presented By: www.jafrilibrary.com

ان فی ذلک لایة لمن کان له قلب او القی السمع وهو شهید۔

---

[1] اصول کافی، ص ۴۰۱، طبع ایران۔
[2] ایضاً۔
[3] نفس المہموم، ص ۳۹، ۴۰۔
[4] الجوہرۃ وغیرہ۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

گیارھواں باب

آیا امام حسین علیہ السلام کا یہ اقدام باغیانہ تھا؟ (معاذ اللہ)
اور
یزید کے حقیقی خدوخال، تاریخ کی روشنی میں

اگرچہ جمہور مسلمین یزید عنید کو فاسق و فاجر بلکہ ملحد و مرتد اور دائرۂ اسلام سے خارج سمجھتے ہیں مگر ہمیشہ ہر زمانے میں کچھ نہ کچھ لوگ ایسے بھی رہے ہیں اور اب بھی (خصوصاً ہمارے ملک میں) موجود ہیں۔ جو یزید کی حمایت کر کے اسے صرف خلیفۂ رسولؐ ہی نہیں بلکہ اسے خلیفہ راشد ثابت کرنا اپنی زندگی کا حاصل سمجھتے ہیں۔ (خدا ان کا حشر و نشر یزید کے ساتھ کرے) اسی گروہ کا سرخیل ابن تیمیہ حرانی ہے جو کہتا ہے: ﴿لا یجوز لعن یزید و لا تکفیرہ فانہ من جملۃ المؤمنین﴾۔ یزید پر لعنت کرنا اور اس کی تکفیر کرنا جائز نہیں ہے کیونکہ وہ مؤمنین میں سے ایک مؤمن ہے۔[1]

SIBTAIN.COM

اور اسی بدبخت گروہ کا دوسرا سرگرم رکن ابن العربی مالکی ہے جو حمایت یزید میں یہاں تک کافرانہ فتویٰ دے گیا ﴿لم یقتل یزید الحسینؑ الا بسیف جدہٖ﴾ یزید نے حسینؑ کو قتل نہیں کیا مگر انہی کے جد[2] کی تلوار کے ساتھ۔ اس گروہ کا ایک ترجمان ملا علی قاری بھی ہے۔ وہ لکھتا ہے: ﴿ان الامر بقتل الحسینؑ بل قتلہ لیس موجباً للعنۃ علی مقتضیٰ مذھب اھل السنۃ﴾ امام حسینؑ کے قتل کا حکم دینا بلکہ ان کو قتل کرنا بھی اہل سنت کے مذہب کے مطابق کفر نہیں ہے۔[3]

نیز اسی فرقۂ ضالہ و مضلہ کے ایک مشہور فرد ابن حجر مکی نے حافظ ابن صلاح کے حوالے سے لکھا ہے:[4]

﴿لکونہ امر بقتل الحسین لم یصح عندنا انہ امر بقتلہ رضی اللہ عنہ..... و اما سبّ یزید و لعنہ فلیس شان المؤمنین و ان صح انہ قتلہ او امر بقتلہ﴾ یہ بات ہمارے نزدیک ثابت نہیں ہے کہ یزید نے قتل حسین کا حکم دیا تھا اور اگر یہ ثابت بھی ہو جائے کہ اس نے امام کو قتل کیا یا ان کے قتل کا حکم دیا تاہم اس پر لعنت کرنا اہل

۱۔ منہاج السنۃ، ج کذا فی الصواعق ۲۲۳۔
۲۔ تطہیر مکیہ شرح قصیدہ ہمزیہ ابن حجر مکی۔ بحوالہ مجاہد اعظم، ج ۱،
۳۔ شرح بدء الامالی۔
۴۔ صواعق محرقہ، ص ۲۲۳، طبع جدید۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

ایمان کی شان نہیں ہے۔

جناب غزالی بھی اسی جماعت کی صف میں نظر آتے ہیں جنہوں نے احیاء العلوم[1] میں بڑی شد و مد سے لعنت یزید کی ممانعت فرمائی ہے۔ ہمارے ملک میں "خلافت معاویہ و یزید" اور "خلافت رشید ابن رشید" وغیرہ کتب و رسائل کے مؤلفین اپنے پیشروں سے بھی چند قدم آگے نکل گئے ہیں۔ بہر حال کہاں تک یزید کے پرستاروں کے نام گنوائے جائیں۔ حقیقت یہ ہے کہ ؎

یک حسینؑ نیست کو گردد شہید ورنہ بسیار اند در دنیا یزید

جیسا کہ آپ نے سطور بالا میں ملاحظہ کر لیا ہے اس گروہ میں کچھ ایسے بھی دین و ایمان کے دشمن یزید کے حمایتی موجود ہیں جنہوں نے محض یزید کی پوزیشن صاف کرنے کے لیے حضرت امام حسین علیہ السلام پر بغاوت کا الزام عائد کیا ہے۔ چونکہ دشمنانِ حسینؑ و ہوا خواہان یزید ہمیشہ یہ اعتراض کرتے رہتے ہیں اس لیے ضرورت ہے کہ ان لوگوں کے اس ایراد کو تحقیق کی کسوٹی پر پرکھا جائے تاکہ معلوم ہو کہ اس میں کہاں تک صداقت ہے اور اس میں کتنا وزن ہے؟ اسی لیے ہم نے یہ باب منعقد کیا ہے۔ حقیقت حال معلوم کرنے کے لیے پہلے بغاوت کی شرعی تعریف معلوم ہونی چاہیے۔ سو مخفی نہ رہے کہ اصطلاح شرع اقدس میں بغاوت کا مفہوم ہے جناب رسول اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صحیح وارث و جانشین کے خلاف علم مخالفت بلند کرنا[2] جیسا کہ جمل و صفین والوں نے حضرت امیر المؤمنین علیہ السلام کے خلاف علم بغاوت بلند کیا تھا۔ بنابریں کسی شخص پر بغاوت کا الزام عائد کرنے سے پہلے یہ معلوم کرنا ضروری ہے کہ جس کے خلاف اس نے کوئی اقدام کیا ہے۔ آیا اس کی خلافت و امامت صحیح طریقہ پر ثابت بھی ہے یا نہیں؟ اس اصول کے تحت اگر خلافت یزید کا جائزہ لیا جائے تو وہ (شیعی نقطۂ نظر سے قطع نظر کرتے ہوئے) اہل سنت کے قواعد کے مطابق بھی کسی طرح درست ثابت نہیں ہوتی اور اس کے متعدد وجوہ ہیں۔

خلافتِ یزید کے ناجائز ہونے کی پہلی وجہ

یہ ہے کہ باب ہفتم میں شرائط صلح امام حسنؑ و معاویہ کے ضمن میں مکمل وضاحت کی جا چکی ہے کہ ان شرائط میں سے ایک اہم شرط یہ تھی کہ معاویہ کو اپنے بعد اپنا ولی عہد اور خلیفہ مقرر کرنے کا کوئی حق[3] نہ ہوگا۔ اس سے ظاہر ہے کہ معاویہ کا یزید کو اپنا ولی عہد مقرر کرنا اصول شریعت اور آئین اسلام کے سراسر خلاف ہے۔ معاویہ کو اس تقرر کا

---

[1] احیاء العلوم، ج ۳، ص ۱۲۱، ۱۲۲، طبع مصر۔

[2] الھدایہ، ج ۱، ص ۵۸۴، مع حاشیہ۔

[3] صواعق محرقہ، ص ۱۳۶۔ الامامۃ والسیاسۃ، ص ۲۵۸، بحری، ج ۴، ص ۹۴ وغیرہ۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

قطعاً کوئی حق حاصل نہیں تھا۔ ﴿ولو نظروا فی سیر العلماء لعلموا کیف عقدت له البیعة و الزم الناس بها و لقد فعل فی ذلک کل قبیح﴾ اگر یہ لوگ کتب سیر و تواریخ پر نگاہ کرتے تو ان کو یہ حقیقت معلوم ہو جاتی کہ بیعت یزید کیونکر منعقد ہوئی اور کس طرح لوگوں کو اس بیعت پر مجبور کیا گیا اور کس طرح اس سلسلہ میں تمام قبیح و شنیع کارروائیاں کی گئیں؟[1] ان قبیح کارروائیوں کا ایک شمہ ہم آٹھویں باب میں ذکر کر چکے ہیں۔ ناظرین کرام اس کی طرف رجوع کریں ؎

تو خود حدیث مفصل بخواں ازیں مجمل

مولوی شاہ محمد سلیمان صاحب پھلواروی نے بھی اسی طرح لکھا ہے اور ثابت کیا ہے کہ یہ خلافت غیر آئینی تھی اور کسی طرح بھی درست نہ تھی۔ چنانچہ وہ اس سلسلہ میں لکھتے ہیں: ''تمام کتب سیر و تواریخ وغیرہ سے ثابت ہے اور تمام علماء محققین کا اس پر اتفاق ہے کہ سیدنا امام حسن علیہ السلام نے امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کو خلافت صرف ان کی حیات تک کے لیے سپرد کی تھی۔ اور اس شرط پر ان کو خلافت سونپ دی تھی کہ تمہارے بعد پھر خلافت ہماری ہی طرف لوٹے گی۔ تم کو ہرگز یہ حق نہ ہوگا کہ کسی کو اپنا ولی عہد بناؤ یا اس کو میراث سمجھو اور کسریٰ اور قیصر کی سلطنت بناؤ۔ علامہ ابن عبدالبر اندلسی استیعاب جلد اول ص ۱۴۴ میں تحریر فرماتے ہیں: ﴿ولا خلاف بین العلماء ان الحسن انما سلم الخلافة لمعاویة حیاته لا غیر ثم یکون له من بعده و علی ذلک انعقد بینهما ما انعقد فی ذلک﴾ باتفاق تمام علمائے اہل سنت کے نزدیک یہ امر مسلّم ہے کہ امام حسنؑ نے امیر معاویہ کو صرف ان کی حیات تک کے لیے خلافت سپرد کی تھی۔ نہ مابعد کے لیے بھی۔ اور اسی پر ان دونوں کے مابین صلح ہوئی تھی۔ اور اصابہ فی تمیز الصحابہ، ص ۶۷۷ میں ہے: ﴿..... علی ان یجعل العهد له من بعده﴾ یعنی ''اس بات پر کہ خلافت ان کے بعد پھر انہی امام حسنؑ کے سپرد ہو۔۔۔۔۔ (کذا فی الامامة والسیاسة، ص ۲۵۸)۔۔۔۔۔ لیکن افسوس معاویہ نے خلاف معاہدہ یزید کو خلیفہ و ولی عہد مقرر کر دیا۔''[2] لہٰذا جب یزید کی خلافت ہی صحیح نہیں تو اس کے خلاف کوئی اقدام کیونکر بغاوت ہو سکتا ہے؟

دوسری وجہ

ظاہر ہے کہ یزید کی خلافت خلافتِ معاویہ کی فرع ہے لہٰذا اگر معاویہ کی خلافت شرعاً درست ثابت ہوگئی تو پھر تو یزید کی خلافت کے صحیح ہونے کا کچھ احتمال ہو سکتا ہے؟ لیکن اگر سرے سے خود معاویہ کی خلافت و امارت ہی غیر

---

[1] تفسیر روح المعانی، ج ۸، ص ۱۳۶۔

[2] رسالہ شہادتِ حسینؑ، ص ۴۵۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

آئینی اوران کی دھینگا مشتی کا نتیجہ ثابت ہوئی تو پھر خلافت یزید کی صحت بالکل خارج از بحث سمجھی جائے گی۔ اس لیے خلافت معاویہ کا جائزہ لینا بھی ضروری ہے سو مخفی نہ رہے کہ اہل سنت کے علماء محققین کو تحقیقات بسیار کے بعد اس بات کا اقرار کرنا پڑا ہے کہ معاویہ کی خلافت کو کسی طرح بھی شرعاً درست نہیں قرار دیا جا سکتا چنانچہ اہل سنت کے علامہ و امام مولوی وحید الزمان لکھتے ہیں: "یہ بعض مولویوں کی صریح غلطی ہے کہ جو آیتیں یا حدیثیں مہاجرین و انصار کی فضیلت میں وارد ہیں ان سے ابوسفیان اور معاویہ کی فضیلت ثابت کرتے ہیں۔ معاویہ اور ابوسفیان نہ سابقین اولین میں سے ہیں اور نہ متبعین باحسان میں سے بلکہ ساعین الی البغی و العدوان (بغاوت اور سرکشی کرنے والوں) میں سے ہیں۔ امام نسائی نے فرمایا: معاویہ کی فضیلت میں کوئی حدیث صحیح نہیں ہوئی۔ سوائے ایک حدیث کے کہ اللہ اس کا پیٹ نہ بھرے۔ اور یہ دعا آپ کی معاویہ کے حق میں قبول ہوئی۔ ان کے سامنے ستر طرح کے کھانے رکھے جاتے۔ وہ کھاتے کھاتے تھک جاتے، پر ان کا پیٹ نہ بھرتا۔۔۔۔۔ جب معاویہ نے منبر پر بیان کیا کہ خلافت کا مستحق کوئی ہم سے زیادہ نہیں ہے تو عبداللہ بن عمر نے اپنے جی میں کہا: تجھ سے زیادہ خلافت کا مستحق وہ ہے جو تجھ سے اور تیرے باپ سے لڑتا رہا۔ یعنی جس زمانہ میں تو اور تیرا باپ دونوں کافر تھے تو دوسرے لوگ جو تجھ سے پہلے مسلمان ہو چکے تھے اور تجھ سے جہاد کرتے تھے وہ تجھ سے زیادہ خلافت کے مستحق ہیں۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ معاویہ کی حکومت دھینگا مشتی سے تھی۔ نہ صلاح و مشورہ اور استحقاق سے۔ تو اس کو خلافت نہیں کہہ سکتے۔ جیسے اوپر کئی بار بیان ہو چکا ہے۔"[1]

باب دہم میں اسی بزرگ کا صلح حسنؑ کے سلسلہ میں یہ کلام نقل کیا جا چکا ہے کہ جناب امام حسنؑ کی صلح معاویہ سے اسی طرح تھی جس طرح پیغمبر اسلام ﷺ کی صلح کفار مکہ سے جو آنحضرت کی طرف سے صحیح اور کفار کی طرف سے جبری اور ظلمی تھی۔ یہی کیفیت یہاں بھی تھی۔

پس اس بیان حقیقت ترجمان سے یہ حقیقت بالکل واضح و عیاں ہوگئی کہ معاویہ بن ابوسفیان کی خلافت غلط اور غیر آئینی تھی اس کے بعد یزید کی خلافت کا بطلان محتاج دلیل و برہان نہیں رہتا۔

خشت اول چوں نہد معمار کج　　تا ثریا می رود دیوار کج

مولانائے موصوف کا یہ بیان حرز جان بنانے کے لائق ہے کہ "یزید کا کوئی حق نہ تھا کہ اس کو مسلمانوں پر حکومت ملے۔ بھلا جب فرشتے موجود ہوں تو کوئی شیطان کی حکومت منظور کرے گا؟ مگر معلوم نہیں کہ اہل شام کس قبیل کے مسلمان تھے۔ امام حسین علیہ السلام کی کفش برداری کی بھی یزید لیاقت نہیں رکھتا تھا۔"

چہ نسبت خاک را با عالم پاک　　کجا عیسیٰؑ کجا دجال ناپاک

---

[1] انوار اللغۃ، پ ۱۶، ص ۳۷۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

مگر امام صاحب کے موجود ہوتے ہوئے بھلے مانسوں نے یزید سے بیعت کر لی اور اس پر بھی اکتفا نہ کی۔ امام صاحب کی جان کے درپے ہو گئے آخر کس شقاوت سے آپ کو بچوں اور عزیزوں سمیت قتل کر دیا ؎

اگر اسلام ہمیں است کہ ایں ہا دراند　　وائے گر پس امروز بود فردائے[1]

اہل سنت کی اس مسلم الثبوت حدیث کہ ﴿الخلافة بعدی ثلاثون سنة ثم یکون ملک عضوض﴾ میرے بعد خلافت صرف تیس برس تک ہوگی۔ اس کے بعد کاٹنے والی بادشاہی ہوگی۔ (انوار اللغۃ، پ ۱۸، ص ۱۳۴) سے بھی یہی معلوم ہوتا ہے کہ معاویہ خلیفہ نہیں بلکہ اسے زیادہ سے زیادہ ایک بادشاہ کہا جا سکتا ہے کیونکہ اس بنا پر تیس سال کا عرصہ امام حسنؑ کی شش ماہا ظاہری خلافت پر ختم ہو جاتا ہے۔ پس جب یزید کی خلافت ہی شرعاً ثابت نہیں تو اس کے خلاف اقدام کرنے والا کیونکر باغی قرار دیا جا سکتا ہے۔[2]

تیسری وجہ

ہر چیز کا ایک میزان و معیار ہوتا ہے۔ آخر خلیفۂ رسولؐ ہونے کا بھی تو کوئی معیار ہونا چاہئے۔ ایسا تو نہیں ہو سکتا کہ جو شتر بے مہار دعوائے خلافت کر دے۔ اور لاٹھی کے زور سے تخت خلافت پر متمکن ہو جائے۔ وہ خلیفۂ رسولؐ بن جائے؟ اگرچہ شرابخوار، زناکار، تارک صوم وصلوٰۃ غرضیکہ پکا فاسق و فاجر بلکہ عقیدۃً کافر اور اسلام کا غدار بھی ہو؟

کیا کوئی مسلمان فقیہہ اس دھاندلی کی اجازت دے سکتا ہے؟ حاشا و کلا۔ بنابریں یزید کے آراء و افکار اور اس کی سیرت و کردار کا جائزہ لینا ضروری ہے تاکہ اس کا استحقاق یا عدم استحقاق خلافت معلوم ہو جائے۔ جہاں تک ہم نے اسلامی کتب تاریخ و حدیث کا مطالعہ کیا ہے ہم تو اس نتیجہ پر پہنچے ہیں کہ یزید اپنی سیرت و کردار اور آراء و افکار کے اعتبار سے صرف فاسق و فاجر ہی نہیں بلکہ بالکل کافر ہے ہم ان حقائق کا ایک شمہ ذیل میں درج کر کے باانصاف ناظرین کرام کو دعوت فکر دیتے ہیں اور یقین رکھتے ہیں کہ تعصب و عناد کی عینک اتار کر حقائق کا مطالعہ کرنے والے حضرات اس نتیجہ میں ہمارے ساتھ اتفاق رائے کریں گے۔

یزید کے بعض کافرانہ عقائد و نظریات

یزید کہتا ہے ؎

لیت اشیاخی ببدر شهدوا　　جزع الخزرج من وقع الاسل

---

[1] انوار اللغۃ، پ ۱۲، ص ۵۴۔

[2] معاویہ بن ابی سفیان کی خلافت کے ابطال اور اس کی ملوکیت کے اثبات کے سلسلہ میں کتاب "خلافت سے ملوکیت تک" کا مطالعہ بہت مفید ہے۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

قد قتلنا القرم من ساداتکم — وعدلنا میل بدر فاعتدل

فاهلوا و استهلوا فرحاً — ثم قالوا یا یزید لا تشل

لست من خندف ان لم انتقم — من بنی احمدؐ ما کان فعل

لعبت بنو هاشم بالملک فلا — خبرٌ جاء ولا وحی نزل

یزید ان اشعار کفر شعار میں دین اسلام اور اس کے حقائق کا انکار کرنے کے ساتھ ساتھ اپنے نجس و ناپاک کشتگان بدر کا ذریت رسولؐ سے بدلہ لینے کے بعد کہتا ہے:

(۱) کاش میرے بدر والے وہ بزرگ جنہوں نے تیر کھا کر بنی خزرج کی جزع فزع اور اضطراب کو دیکھا تھا آج موجود ہوتے۔

(۲) (اور دیکھتے کہ) ہم نے تمہارے سرداروں میں سے بڑے سردار (امام حسینؑ) کو قتل کر کے بدر والی کجی کو سیدھا کر دیا ہے۔

(۳) اس وقت خوشی کے مارے ضرور بآواز بلند پکار کر کہتے کہ اے یزید تیرے ہاتھ شل نہ ہوں۔

(۴) میں اولادِ خندف سے نہیں ہوں اگر اولادِ احمدؐ سے ان کے کیے کا بدلہ نہ لے لوں۔

(۵) بنی ہاشم نے ملک گیری کے لیے ایک ڈھونگ رچایا تھا ورنہ نہ کوئی خبر آسمانی آئی تھی اور نہ کوئی وحی نازل ہوئی تھی (معاذ اللہ)۔[1]

تاریخ طبری میں ان اشعار کے بعد اس رائے کا اظہار ملتا ہے: ﴿هذا هو المروق من الدین و قول من لا یرجع الی الله ولا الی دینه ولا الی کتابه ولا الی رسوله ولا یؤمن بالله ولا بما جاء من عند الله..... الخ﴾ یعنی یہ کھلم کھلا دین اسلام سے خروج ہے اور ایک ایسے شخص کا قول ہے جو خدا اور رسولؐ اور ان کے لائے ہوئے دین پر ایمان نہیں رکھتا۔[2]

حلتِ شراب کے متعلق یزید کا نظریہ اور پینے کے متعلق معاویہ کی تدبیر

یزید چونکہ علانیہ شراب کے دور چلا کر داد عیش و عشرت دیتا تھا امیر شام کو اندیشہ ہوا کہ چونکہ ابھی تک اکثر لوگوں کے دل و دماغ میں اسلامی احکام و ارکان کی کچھ نہ کچھ عظمت راسخ ہے۔ اس لیے وہ کہیں یزید سے متنفر نہ ہو

---

[1] تذکرہ خواص الامۃ سبط ابن جوزی، ص ۱۴۸۔ صواعق محرقہ، ص ۲۲۲۔ ینابیع المودۃ، ص ۳۲۵۔ نزل الابرار بدخشی، ص ۹۷۔ اتحاف لحب الاشراف، ص ۱۸۔ وسیلۃ النجاۃ، ص ۲۹۹ وغیرہ بحوالہ ناموس اسلام، ج ۲، ص ۲۱۶۔

[2] تاریخ طبری، ص ۳۵۸ طبع جدید۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

جائیں اور اس طرح وہ جو یزید کی ولی عہدی کے لیے زمین ہموار کر رہا ہے اس میں اسے مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ اس لیے اپنے چہیتے بیٹے کو شراب خواری کی یہ تدبیر بتائی۔ ﴿لا تفعل نهاراً لئلا تهوّن فی اعین الناس﴾ بیٹا! دن کو شراب نہ پیا کرو۔ تاکہ لوگوں کی نگاہوں میں تمہاری قدر و منزلت نہ گر جائے۔ ﴿ذکره ابن المغازلی فی تاریخه و ابن الانباری فی تاریخه﴾

اس کے جواب میں یزید نے اپنے باپ کو جواباً یہ دو شعر لکھ کر بھیج دیئے ؎

فانْ حرّمت یوماً علیٰ دین احمدٌ	فخذها علی دین مسیح بن مریم
اگر دین احمدؐ میں شراب نوشی حرام ہے	تو پھر مسیح بن مریم کے دین پر پی لو
ما قال ربک ویل للذی شربوا	بل قال ربک ویل للمصلین
خدا نے شرابخواروں کے متعلق ویل للشاربین کہیں نہیں کہا	البتہ نماز گزاروں کے متعلق قرآن میں ویل للمصلین موجود ہے۔[1]

ان اشعار سے واضح و آشکار ہو جاتا ہے کہ یزید صرف یہی نہیں کہ عملاً ایک انتہائی گیا گزرا شخص تھا بلکہ وہ خیالات و نظریات کے اعتبار سے بھی ایسا لاابالی تھا کہ وہ احکام شریعت کا استہزاء کیا کرتا تھا یہ کمبخت شراب کا اتنا دلدادہ تھا کہ جس وقت معاویہ اس کی ولیعہدی کی کوششوں میں مشغول تھا تو اس نے یزید کو حج کے بہانہ سے اہل مکہ و مدینہ کو متاثر کرنے کے لیے حجاز بھیجا تھا تو اس نے مدینۂ منورہ پہنچ کر بھی بادہ کشی کا دور چلایا تھا۔[2]

یزید اور محرماتِ شرعیہ جیسے زنا، ترکِ صلوٰۃ اور شربِ خمر کا ارتکاب

عبداللہ بن حنظلہ (غسیل الملائکہ) بیان کرتے ہیں: ﴿و اللّٰہ ما خرجنا علی یزید حتّٰی خفنا ان نرمٰی بالحجارة من السماء ان رجالا ینکح امهات الاولاد و البنات و الاخوات و یشرب الخمر و یدع الصلوٰة﴾ خدا کی قسم ہم نے اس وقت تک یزید کے خلاف آواز بلند نہیں کی جب تک ہمیں یہ خوف دامن گیر نہیں ہو گیا کہ کہیں ہم پر آسمان سے پتھر نہ برسیں کیونکہ وہ ایسا شخص تھا جو (جنسی خواہش کی تکمیل کے لیے) اپنی سوتیلی ماؤں اور اپنی بیٹیوں اور بہنوں تک کو نہ چھوڑتا تھا۔ اور شراب علانیہ پیتا تھا اور نماز ترک کرتا تھا۔[3] اس سے معلوم ہو سکتا ہے کہ یزید عملی حیثیت سے کس قدر گرا ہوا تھا؟

---

۱ روض الجنان، مولانا اشرف علی تھانوی (علی ما نقل فی ناموس اسلام)۔

۲ تاریخ کامل ابن اثیر، ج ۴، ص ۶۳، مطبوعہ مصر، ۱۲۷۷ھ۔

۳ تاریخ الخلفاء سیوطی، ص ۲۰۸، ۲۰۹۔ تذکرہ سبط ابن الجوزی، ص ۱۶۳۔ صواعق محرقہ، ص ۱۳۴۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

یزید کے عام عادات واطوار

مؤرخ جلیل مسعودی نے یزید کے متعلق لکھا ہے: ﴿وکان یزید صاحب طرب و جوارح و کلاب وقرود و فهود و منادمة علی الشراب..... الخ﴾ یزید بڑا عیش وعشرت پسند، شکاری جانوروں، کتوں، بندروں اور چیتوں کا دلدادہ تھا اور ہر وقت انہی اشغال میں مشغول رہتا تھا اور ہر وقت اس کے ہاں شراب خواری کی بزمیں قائم رہتی تھیں۔[1] جب یزید کی بدکرداریوں کی عام شہرت ہوئی تو مدینہ کے لوگوں پر بالخصوص یہ بات بہت شاق گزری۔ حاکم مدینہ عثمان بن محمد بن ابی سفیان نے معاملہ کی نزاکت کو سمجھتے ہوئے اشراف مدینہ کا ایک وفد مرتب کر کے یزید کے پاس بھیجا جس میں جناب عبداللہ بن حنظلہ انصاری اور منذر بن زبیر وغیرہ شامل تھے۔ عثمان کا خیال تھا کہ یہ لوگ یزید کی عطاو بخشش سے مطمئن ہو جائیں گے مگر اس کا یہ خیال غلط ثابت ہوا۔ ان حضرات نے واپس آ کر یزید کے کردار کو بالکل طشت از بام کر دیا اگرچہ یزید نے رخصت کے وقت بطور رخصتانہ عبداللہ کو ایک لاکھ اور ان کے ہمراہیوں کو دس دس ہزار درہم دیئے۔ یزید کا خیال تھا کہ اس حیلہ سے ان کو اپنے دام تزویر میں پھانسنے میں کامیاب ہو جائے گا مگر اس کی توقع کے خلاف جب یہ لوگ واپس پلٹ کر مدینہ پہنچے تو برملا ﴿فاظهروا رشتم یزید و عیبه و قالوا قدمنا من عند رجل لیس له دین یشرب الخمر و یضرب بالطنابیر و یعزف عنده القینان بالمعازف و یلعب بالکلاب و یسمر عند الحراب و هم اللصوص و انا نشهدکم انا قد خلعناه� یزید کے عیوب اور اس کی برائیاں ظاہر کیں اور کہا ہم ایک ایسے شخص کے پاس سے آ رہے ہیں جو بالکل بے دین ہے، شراب پیتا ہے، طنبورے بجاتا ہے، اس کے سامنے کنیزیں باجے بجاتی ہیں، کتوں سے کھیل کر دل بہلاتا ہے، رات کو بدمعاشوں اور چوروں کے جمگھٹ میں جنگی کہانیاں بیان ہوتی ہیں۔ ہم تمہیں گواہ کر کے کہتے ہیں کہ ہم نے اس کی بیعت توڑ دی[2] ہے۔

چنانچہ دیگر اہل مدینہ نے بھی یزید کی بیعت توڑ دی جس کے نتیجہ میں وہ المیہ واقع ہوا جو واقعۂ حرہ کے نام سے تاریخ میں یاد کیا جاتا ہے۔ "حرہ" مدینہ طیبہ کے مشرق میں ایک مقام کا نام ہے جہاں فوج یزید کے سپہ سالار مسلم بن عقبہ (جس کے پاس پندرہ ہزار کا لشکر جرار تھا) اور اہل مدینہ میں سخت خونریز جنگ ہوئی اور نتیجتاً اہل مدینہ کو شکست ہوئی۔ سرداران لشکر (عبداللہ بن حنظلہ وعبداللہ بن مطیع) جنگ میں کام آئے۔ اس کے بعد مسلم (مسرف انسب ہے) نے مدینۂ رسولؐ میں جو مظالم ڈھائے۔ ان کے بیان سے قلم اور زبان عاجز و حیران ہے۔ مؤرخین کے ایک عام

---

[1] مروج الذہب، ج ۲، ص ۶۸۔ طبع مصر۔

[2] طبری، ج ۷، ص ۴۔ تاریخ الخلفاء، ص ۱۳۸۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

اندازے کے مطابق تین شبانہ وروز تک مدینہ کو تاخت وتاراج کیا گیا۔ علاوہ مالی نقصان کے صرف جانی نقصان کا یہ اندازہ ہے کہ اس میں سات سو (۷۰۰) صحابۂ رسولؐ اور دس ہزار عوام شہید کئے گئے۔ کم وبیش تین سو کنواری لڑکیوں کی عصمت دری کی گئی۔ مسجد نبوی کی اس طرح ہتک حرمت کی گئی کہ اس میں خچر اور گدھے باندھے گئے۔ تین دن تک مسجد نبویؐ میں نماز واذان نہ ہوئی۔[1] یہ ننگِ اسلام بلکہ ننگِ انسانیت ۶۰ھ میں تخت نشین ہوا۔ اور آغاز ۶۴ھ میں ہلاک ہوگیا۔ اس تین سال اور کچھ ماہ میں تین ایسے شنیع جرائم کا ارتکاب کیا جن کو یاد کر کے انصاف پسند دنیا قیامت تک اس پر نفرین کرتی رہے گی۔ حکومت کے پہلے سال خاندانِ رسولؐ کی بربادی، دوسرے سال بلدِ رسولؐ کی تباہی اور آخری سال خانۂ خدا پر حملہ اور اس کی ویرانی ع

ناوک نے اس کے صید نہ چھوڑا زمانے میں

ذہبی نے اس کے متعلق لکھا ہے: ﴿افتتح دولته بقتل الحسینؑ و اختتمها بواقعة الحرّة فمقته الناس ولم یبارک فی عمره﴾ یعنی یزید نے اپنی حکومت کا افتتاح شہادت حسینؑ اور اختتام واقعۂ حرہ سے کیا جس کی وجہ سے لوگوں نے اس سے نفرت کی اور خدا نے اس کی عمر میں برکت نہ دی۔ (میزان الاعتدال)

یزید کے متعلق اسلامی دنیا کی رائے

SIBTAIN.COM
Presented By: www.jafrilibrary.com

انہی حقائق کے پیش نظر اہل سنت کے بڑے بڑے جلیل القدر علماء وائمہ نے یزید کو نہ صرف فاسق وفاجر بلکہ کافر لکھا ہے۔

(۱) چنانچہ ملا علی قاری لکھتے ہیں: ﴿اختلف فی اکفار یزید قیل نعم یعنی لما روی عنه ما یدل علی کفره من تحلیل الخمر..... و لعله وجه ما قال الامام احمد بتکفیره لما ثبت عنده﴾ یعنی کفر یزید کے بارے میں اختلاف ہے ایک قول یہ ہے کہ ہاں وہ کافر ہے کیونکہ اس سے ایسے افعال واقوال نقل ہوئے ہیں جو اس کے کفر پر دلالت کرتے ہیں جیسے شراب کو حلال سمجھنا وغیرہ۔ اور شاید انہی وجوہ کی بنا پر امام احمد بن حنبل نے اس کے کفر کا فتویٰ دیا ہے کیونکہ ان کے نزدیک اس کے یہ کافرانہ اقوال وافعال ثابت ہوگئے تھے۔[2]

(۲) پیشوائے اہل سنت شاہ محمد سلیمان صاحب پھلواروی تحریر فرماتے ہیں: "اکثر اکابرین ومحدثین وبزرگان دین مثل امام احمد بن حنبل، وعلامہ ابن جوزی، وجلال الدین سیوطی وعلامہ سعد الدین تفتازانی وسید آلوسی وغیرہم

---

[1] تاریخ الخلفاء، ص ۲۰۹۔ طبع مصر جدید۔ بالاختصار واصابہ، جز نمبر ۶، ص ۱۷۴، قسم ثالث وصواعق محرقہ، ص ۲۲۲، طبع مصر جدید۔

[2] شرح فقہ اکبر، ص ۸۸۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

رحمہم اللہ تعالیٰ، یزید کے کفر کے قائل ہیں اور سرے سے اسے مسلمان ہی نہیں جانتے۔[1] الخ۔"

(۳) علامہ سعد الدین تفتازانی لکھتے ہیں: ﴿فنحن لا نتوقف فی شانہ بل فی ایمانہ لعنۃ اللہ علیہ و علی انصارہ و اعوانہ﴾ ہم یزید پر لعنت کرنے کے جواز بلکہ اس کے بے دین و بے ایمان ہونے پر کسی قسم کا توقف اور شک و شبہ نہیں کرتے۔ اس پر اور اس کے اعوان و انصار پر خدا کی لعنت ہو۔[2]

(۴) علامہ جلال الدین سیوطی (جو یزید کو چھٹا خلیفہ بھی شمار کرتے ہیں) لکھتے ہیں: ﴿لعن اللہ قاتلہ و ابن زیاد معہ و یزید ایضاً﴾ خداوند عالم حسینؑ کے قاتل اور ابن زیاد اور یزید پر بھی لعنت کرے۔[3]

(۵) علامہ ابن جوزی نے یزید کے کفر اور اس پر لعنت کے جواز میں ایک مستقل کتاب لکھی ہے جس کا نام ہے: "الرد علی المتعصب العنید فی جواز اللعن علی یزید" اس میں انہوں نے دلائل قاطعہ و براہین ساطعہ سے اپنے موقف کو ثابت کیا ہے۔

(۶) سبط ابن جوزی نے بھی اپنی کتاب تذکرہ خواص الامۃ میں اس کا کفر اور اس پر لعنت کا جواز ثابت کیا ہے۔

(۷) سید محمود آلوسی بغدادی نے اپنی تفسیر روح المعانی جلد ہشتم میں کفر یزید کی بحث کرتے ہوئے ابن عربی مالکی کے کافرانہ فتویٰ کا تار و پود بکھیرنے اور کفر و لعنت یزید کے بارے میں مختلف علماء اہل سنت کے نظریات نقل کرنے کے بعد خود لکھا ہے جس کا ماحصل یہ ہے: "میرا گمان غالب یہی ہے کہ وہ خبیث ہرگز مسلمان اور مصدق رسالت نہیں تھا۔"[4]

(۸) قاضی شہاب الدین فرماتے ہیں: ﴿تواتر عن یزید من ایذاء النبیؐ فی اھل بیتہ ما یوجب اللعن فرحم اللہ من جوّز لعنہ قال اللہ تبارک و تعالیٰ ان الذین یوذون اللہ و رسولہ لعنھم اللہ فی الدنیا و الآخرۃ و اعد لھم عذاباً مھینا﴾ "یزید کے متعلق یہ بات بالتواتر ثابت ہے کہ اس نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بوجہ قتل اہل بیتؑ اذیت پہنچائی۔ اور یہ بات موجب لعنت ہے۔ خدا رحم کرے ان لوگوں پر جو یزید پر لعنت کو جائز سمجھتے ہیں۔ خدا فرماتا ہے جو لوگ خدا اور رسولؐ کو اذیت پہنچاتے ہیں ان پر خدا نے لعنت کی ہے۔ اور ان کے لیے دردناک عذاب مہیا کر رکھا ہے۔" (قول سدید، ص ۷۳)

---

[1] شہادت حسین، ص ۵۴۔

[2] شرح عقائد نسفی، ص ۱۱۷۔

[3] تاریخ الخلفاء، ص ۲۰۷، طبع جدید۔

[4] روح المعانی، ج ۸، ص ۱۳۶۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

(۹) علامہ ذہبی لکھتے ہیں: ﴿کان (یزید) ناصبیاً فظاً غلیظاً یتناول المسکر و یفعل المنکر﴾ یزید پکا دشمن اہل بیتؑ اور سخت بدخو تھا۔ وہ شراب پیتا تھا اور گناہوں کا ارتکاب کرتا تھا۔ (میزان الاعتدال)

(۱۰) جناب پھلواروی صاحب نے مولانا عبدالحی صاحب فرنگی محلی کا یہ فتویٰ ان کے فتاویٰ (ج ۳، ص ۷) سے اپنے رسالہ میں نقل کیا ہے۔ ﴿در شان وے (یزید) براہِ افراط و موالات رفتہ می گویند۔ کہ وی بعد ازاں کہ باتفاق مسلماناں امیر شد۔ اطاعتش بر امام حسینؑ واجب شد و ندانستند کہ وی باوجود حسینؑ امیر شود؟ اتفاق مسلماناں کسے باشد جماعتے از صحابہ و از اولاد صحابہ خارج از و بودند و برخے کہ حلقۂ اطاعت او بگردن انداختند چوں حال او بہ تشرب خمر و ترک صلوۃ و زنا و استحلال محارم معائنہ کردند بہ مدینہ منورہ باز آمدند و خلع بیعت کردند..... الخ﴾ یعنی "کچھ لوگ محبت یزید میں افراط کا شکار ہو کر یہ کہتے ہیں کہ جب یزید تمام مسلمانوں کے اتفاق سے امیر تسلیم ہو گیا تھا تو اب حسینؑ پر بھی اس کی اطاعت واجب تھی۔ ان لوگوں کو یہ بھی خبر نہیں کہ کیا حسینؑ کی موجودگی میں یزید امیر ہو بھی سکتا تھا؟ نیز یہ کہاں کس طرح صحیح ہو سکتا ہے کہ اس کی خلافت پر تمام مسلمانوں نے اتفاق کر لیا تھا جبکہ صحابہ اور اولاد صحابہ کی ایک جماعت اس سے خارج تھی۔ اور جنہوں نے اس کی اطاعت کا قلادہ گردن میں ڈالا بھی تھا۔ ان کو بھی جب اس کے صحیح حالات معلوم ہوئے کہ وہ شراب خوار، تارک نماز، زنا کار اور محارم الٰہیہ کو حلال جاننے والا ہے تو انہوں نے مدینہ میں پہنچ کر اس کی بیعت توڑ ڈالی۔"[1]

(۱۱) مولانا محمد مبین صاحب فرنگی محلی نے بڑی تفصیل کے ساتھ ثابت کیا ہے کہ ﴿یزید و بنوا الحکم ملعونون علی لسان النبیؐ﴾[2] "یزید اور حکم کی تمام اولاد پیغمبر اسلامؐ کی زبانی ملعون ہے۔"

(۱۲) علامہ وحید الزمان نے انوار اللغۃ میں کئی جگہ پر کفر یزید اور اس پر لعنت کرنے کے جواز کی تصریحات کی ہیں۔ ایک جگہ لکھتے ہیں: "اب تک ان اہل شام کے چیلے چاپڑوں سے جہاں پاک نہیں ہوتا۔ کوئی تو یزید کو پیغمبری تک پہنچا دیتا ہے۔ کوئی اس کو خلیفۂ برحق کہتا ہے۔ امامؑ صاحب کو باغی قرار دیتا ہے۔ کوئی کہتا ہے (شیخ ابوبکر بن عربی مالکی استاد امام غزالی) اگر یزید امامؑ صاحب کو اپنے ہاتھ سے ذبح کرتا تب بھی میں اس پر لعنت نہ کرتا۔ کیونکہ وہ اولوالامر میں تھا۔ کوئی کہتا ہے امام حسینؑ اسی تلوار سے مارے گئے جو ان کے نانا کی

---

[1] رسالہ شہادت حسین، ص ۵۳۔

[2] وسیلۃ النجاۃ، ص ۲۹۰۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

تھی۔ اللہ ان لوگوں سے سمجھے۔ معلوم نہیں قیامت کے دن آنحضرتؐ کے سامنے یہ لوگ اپنا منہ کیسے بنائیں گے؟ ہم تو یزید کو معہ اس کے معاونین جیسے شمر لعین، ابن زیاد، عمر بن سعد، خولی، سنان وغیرہم کو ملعون اور مردود اور اشقی الخلق والخلیقہ جانتے ہیں۔

الف الف لعنت یزید پر اور الف الف لعنت یزید کے طرفداروں اور حامیوں اور تعریف کرنے والوں پر جو اس کو خلیفہ یا اولوالامر میں سے سمجھتے ہیں۔ ان لوگوں کو اتنا وقوف نہیں کہ خلافت شرعی کوئی خالہ جی کا گھر ہے کہ جو زبردست ہوا۔ اس نے دبا لیا۔ اور خلیفہ بن[1] بیٹھا۔" یہاں بنظر اختصار انہی بارہ شہادتوں پر اکتفا کی جاتی ہے۔ تفصیل کے شائقین کتاب معاویہ و یزید اور سیاست معاویہ و یزید وغیرہ کتب مبسوطہ کی طرف رجوع کریں۔

ان حقائق پر ایک سرسری نگاہ ڈالنے سے بآسانی یہ اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ ان حالات میں یزید کسی طرح بھی خلافت نبویہؐ کا مستحق نہ تھا۔ اس کا اسلام ہی ثابت نہیں۔ تا بخلافت چہ رسد؟ لہٰذا اس کے خلاف کوئی اقدام کرنا ہرگز بغاوت نہیں قرار دیا جا سکتا۔ و الحمد للہ علی وضوح الحق و الحقیقۃ۔

ایک مشہور شبہ کا جواب

ہوا خواہانِ بنی امیہ و محبانِ یزید بہت ہاتھ پیر مارنے کے بعد بموجب "ڈوبتے کو تنکے کا سہارا" نجات یزید کے سلسلہ میں بخاری کی اس حدیث کو پیش کیا کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا: ﴿اول جیش من امتی یغزون مدینۃ قیصر مغفور لھم﴾ "میری امت کا پہلا لشکر جو قیصر (بادشاہ روم کے) شہر (قسطنطنیہ) پر جہاد کرے گا وہ بخشا ہوا ہے۔" ۴۹ھ میں معاویہ نے ایک فوج سفیان بن عوف کی کمان میں قسطنطنیہ بھیجی تھی اور چونکہ یزید اس لشکر میں شامل تھا۔ لہٰذا وہ مبشر بالجنۃ قرار پاتا ہے۔ یہ دلیل بالکل علیل اور بچند وجہ نا قابل قبول ہے۔

اولاً: یہ روایت سند کے اعتبار سے مجروح و مقدوح ہے کیونکہ اس کے راوی بوجہ بدعقیدہ یا بدعمل ہونے کے نا قابل اعتبار ہیں۔ اس روایت کا سلسلۂ سند اس طرح ہے: ﴿حدثنا اسحق بن یزید بن ابراھیم الدمشقی حدثنا یحیی عن عمیر بن الاسود العنسی الحمصی﴾۔ اس سلسلہ کا پہلا راوی اسحاق ہے جو کہ علماء رجال کے نزدیک ضعیف ہے۔ چنانچہ علامہ ابن حجر عسقلانی تہذیب التہذیب (ج ۱، ص ۲۲۰، طبع حیدر آباد) میں لکھتے ہیں: ﴿قال ابن ابی حاتم کتب عنہ ابی و سمعت ابا زرعۃ یقول ادرکناہ ولم نکتب عنہ﴾۔ ابن ابی حاتم بیان کرتے ہیں: میرے باپ نے اس (اسحاق) سے حدیث لکھی اور میں نے ابوزرعہ (رازی) سے سنا کہ وہ کہتے تھے کہ ہم نے اس کا زمانہ پایا ہے مگر (بوجہ ضعیف ہونے کے) اس سے حدیث نہیں لکھی۔

---

[1] انوار اللغۃ، پارہ ۱۲، ص ۱۵۵۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

دوسرا راوی یحییٰ ہے۔ اس کے متعلق تہذیب التہذیب (ج ۱۱، ص ۲۰۰) میں لکھا ہے: ﴿کان یرمی بالقدر روی عن ابن معین انه کان قدریا﴾ اس پر قدری ہونے کا الزام لگایا جاتا ہے۔ اور ابن معین (بہت بڑے نقاد) سے روایت ہے کہ یہ قدری تھا۔ اور جناب رسول خدا ﷺ کا ارشاد ہے: ﴿القدریة مجوس هذه الامة﴾ قدریہ میری امت کے مجوسی ہیں۔ (شرح مقاصد)

تیسرا راوی ثور ہے۔ اس کے متعلق تہذیب (ج ۲، ص ۳۳) میں لکھا ہے: ﴿یقال انه کان قدریاً و کان جده قتل یوم صفین مع معاویة و کان ثور اذا ذکر علیاً قال لا احب رجلاً قتل جدی نفاه اهل الحمص لکونه قدریاً﴾ کہا جاتا ہے کہ یہ شخص قدری المذہب تھا۔ اس کا دادا جنگ صفین میں معاویہ کی معیت میں مارا گیا۔ چنانچہ جب کبھی ثور حضرت علی علیہ السلام کا ذکر کرتا تو کہتا تھا میں ایسے شخص کو دوست نہیں رکھتا جس نے میرے دادا کو قتل کیا ہے۔ اہل حمص نے اس کو قدری ہونے کی وجہ سے شہر بدر کر دیا تھا۔ (کذا فی میزان الاعتدال) اس سے معلوم ہوا کہ یہ شخص قدری ہونے کے ساتھ ساتھ دشمن اہل بیتؑ بھی تھا۔ اور یہ امر بجائے خود راوی کے لیے قادح ہے لہٰذا ایک قدری و ناصبی کی روایت کیونکر قابل قبول ہو سکتی ہے؟

چوتھا راوی خالد بن معدان ہے۔ اس کے متعلق تقریب التہذیب (ص ؟؟) میں تصریح موجود ہے کہ ﴿یرسل کثیراً﴾ کہ یہ شخص روایت نقل کرنے میں ارسال سے بہت کام لیتا تھا۔ اس بنا پر یہ بھی ناقابل اعتماد ہو کر رہ جاتا ہے۔

علاوہ بریں ان تمام راویوں کا دمشقی (شامی) اور حمصی ہونا بھی بُری طرح کھٹکتا ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ ان راویوں نے اپنی طرف سے یا حکومت وقت کے اشارے پر ایسی روایات وضع کر کے بلاد اسلامیہ میں پھیلا دیں جن سے سلاطین وقت کی خوشنودی حاصل ہو سکے۔ ان حقائق کی روشنی میں واضح ہو گیا کہ یہ روایت بالکل وضعی و جعلی ہے اور ناقابل استدلال۔

ثانیاً: اگر بالفرض اسے صحیح بھی تسلیم کر لیا جائے۔ تو اس میں پہلے لشکر کی فضیلت وارد ہوئی ہے اور جس لشکر میں یزید شامل تھا وہ پہلا نہ تھا۔ یزید ۵۰ھ میں شریک ہوا۔ حالانکہ اس سے بہت پہلے ۴۲ھ میں ایک مہم مدینہ قیصر قسطنطنیہ کے خلاف روانہ کی جا چکی تھی۔ اور سالہائے مابعد میں بھی برابر مہمیں روانہ ہوتی رہیں۔ جیسا کہ یزید کے خاص ہمنوا ابن خلدون اور ابن کثیر نے بیان کیا ہے۔ (از قول سدید)

ثالثاً: واقعات شاہد ہیں کہ یزید نے اس مہم میں بادل ناخواستہ شرکت کی تھی۔ ظاہر ہے کہ جو عمل قلبی رضامندی سے نہ ہو۔ وہ شرعاً قابل اعتنا نہیں ہوتا۔ چنانچہ مؤرخ شہیر ابن اثیر کا بیان ہے کہ معاویہ نے یزید کو شرکت

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

جہاد کا حکم دیا مگر اس نے سستی سے کام لیا۔ اور کوئی بہانہ کر کے رہ گیا۔ ادھر لشکر میں بخار اور چیچک کی وبا پھوٹ پڑی۔ جب یزید کو اس کی اطلاع ملی تو اس کے خوب بغلیں بجائیں اور یہ عیاشانہ اشعار پڑھے ؎

ما ان ابالی بما لاقت جموعهم　　بالفدفدا البيد من حمى ومن شوم

اذا اتكأت على الاغاط مرتفعاً　　بدير مران و عندى ام كلثوم

جب معاویہ کو اس بات کا علم ہوا تو اس نے کہا: بخدا میں اس کو بھیج کر رہوں گا۔ چنانچہ یزید کو طوعاً کرہاً جانا پڑا۔ اس طرح یزید نے بادل ناخواستہ مجبوراً اس جہاد میں شرکت کی۔ (کامل، ج ۳، ص ۲۲۷) ان حالات میں یزید کے لیے کیا فضیلت باقی رہ جاتی ہے۔

رابعاً: بعض محدثین اہل سنت (ابن التین وابن المنیر) نے اس حدیث کا جواب یہ دیا ہے کہ ﴿لا يلزم من دخوله فى ذالک العموم ان لا يخرج بدليل خاص اذ لا خلاف ان قوله عليه السلام و الصلوٰة مغفور لهم مشروط بكونه من اهل المغفرة حتى لو ارتد ممن غزاها بعدة لک لم يدخل فى ذلک العموم اتفاقا... الخ﴾ اس (بخشش) والے عموم میں یزید کے داخل ہونے سے یہ لازم نہیں آتا کہ وہ دلیل خاص کے ذریعہ اس سے نکل نہ سکے کیونکہ اس میں کوئی اختلاف نہیں کہ آنحضرت کا یہ ارشاد کہ وہ (لشکر) بخشا ہوا ہے اس شرط کے ساتھ مشروط ہے کہ وہ شامل ہونے والا شخص مغفرت کی قابلیت بھی رکھتا ہو۔ لہٰذا اگر اس لشکر والوں میں سے کوئی شخص بعد میں مرتد ہو جائے تو وہ بالاتفاق اس (بخشش کے) عموم میں داخل نہ ہوگا۔[1] (اور چونکہ یزید نے بعد ازاں وہ وہ افعال شنیعہ کیے ہیں کہ اگر پہلے اس کا اسلام بالفرض تسلیم بھی کر لیا جائے تو پھر اس کا ارتداد یقینی لازم آتا ہے) لہٰذا وہ اس عموم سے خارج متصور ہوگا۔

خامساً: شاہ ولی اللہ صاحب دہلوی نے اس کا یہ جواب دیا ہے کہ "جہاد ماضی کے گناہ دھوتا ہے مستقبل کے گناہوں یا اعمال کو محو نہیں کرتا۔ یزید سے بعد میں جو گناہ سرزد ہوئے۔ ان کا حساب کتاب اور جزا و سزا اللہ تعالیٰ کے ہاتھ میں ہے۔ جو انہیں بہت اچھی طرح جانتا ہے۔"[2] اس جواب باصواب سے واضح ہو جاتا ہے کہ وہی شخص جنتی کہلا سکتا ہے جس کا خاتمہ بالخیر ہوا ہو۔ یہ نکتہ تمام مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے مسلمانوں کے لیے خصوصی توجہ کا مستحق ہے کہ کسی بھی شخص کے بارے میں اخلاص و عقیدت کے پھول نثار کرنے سے قبل یہ دیکھ لینا چاہیے کہ آیا اس کا خاتمہ بالخیر بھی ہوا تھا یا نہ؟ ﴿لان الاعمال بالخواتيم. رزقنا الله حسن الخاتم بجاه النبىّ و الوصىّ و

---

[1] قسطلانی شرح بخاری، ج ۵، ص ۸۴، ۸۵، و ج ۱۰، ص ۱۳۹۔

[2] ماہنامہ الرحیم مجریہ اپریل ۱۹۶۷ء، ص ۷۶۳، شائع کردہ: شاہ ولی اللہ اکیڈمی حیدر آباد سندھ۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

ابنائهما و فاطمة﴾

سادساً: بنابر تسلیم خود علمائے اہل سنت نے اس کے متعدد جوابات دیئے ہیں۔ سبط ابن جوزی نے اس کا جواب دیتے ہوئے لکھا ہے: ﴿قلنا فقد قال النبیؐ لعن اللہ من اخاف مدینتی و الآخر ینسخ الاول﴾ ہم اس کے جواب میں کہتے ہیں کہ آنحضرت کا ایک ارشاد یہ بھی ہے کہ جو شخص میرے شہر مدینہ کے لوگوں کو خوف زدہ کرے اس پر خدا کی لعنت ہو۔ (اور چونکہ غزوۂ قسطنطنیہ کے بعد یزید نے اہل مدینہ کو واقعۂ حرہ میں خوف زدہ کیا تھا لہٰذا آخری حدیث نے پہلی کو منسوخ کر دیا۔[1]

جناب رسول خداﷺ کا ارشاد ہے: ﴿من اخاف اهل المدینة ظلماً اخافه اللہ و علیه لعنة اللہ و الملائکة و الناس اجمعین و لا یقبل اللہ منه صرفاً و لا عدلاً﴾ جو شخص اہل مدینہ پر ظلم کر کے انہیں ناجائز طور پر ڈرائے اسے خدا ڈرائے گا اور اس پر خدا، اس کے ملائکہ اور تمام لوگوں کی لعنت ہوگی اور بروز قیامت خداوند عالم اس کا کوئی مالی و جانی عمل قبول نہ کرے گا۔[2] اب رہا یزید کا مسلم بن عقبہ کی ماتحتی میں لشکر جرار بھیج کر اہل مدینہ کو ڈرانا دھمکانا اور ان پر ظلم و ستم کے پہاڑ ڈھانا تو یہ تاریخ کا وہ مسلّم الثبوت دردناک و کربناک واقعہ ہے کہ جس کا انکار نہیں کیا جا سکتا۔ حتیٰ کہ اس سلسلہ میں قریباً ایک ہزار باکرہ عورتوں کی بکارت زائل کی گئی (اور ناجائز حمل ٹھہرے) اور قریباً اتنے ہی صحابہ تہہ تیغ کیے گئے۔ قریباً سات سو قاریان قرآن ذبح کیے گئے۔ کئی دن تک مدینہ کی ہتک حرمت کی گئی۔ مسجد میں سلسلۂ جماعت اور آمد و رفت موقوف ہو گیا۔ اہل مدینہ چھپ گئے یہاں تک کہ مسجد نبویؐ میں کتے اور بھیڑیے داخل ہونے لگے۔ اور منبر رسولؐ پر پیشاب کیا۔[3] ﴿اِنَّا لِلّٰهِ وَ اِنَّا اِلَیْهِ رَاجِعُوْنَ﴾۔

اور ابن زبیر کے معاملہ میں منجنیقوں سے خانۂ خدا کی دیواریں منہدم کر کے اسے آگ لگا دی گئی۔[4]

اہل انصاف غور فرمائیں۔ بعد ازیں بھی یزید کی نجات کی کوئی امید باقی رہ جاتی ہے۔ لعنة اللہ علیه و علیٰ انصاره و اعوانه۔

سبط ابن جوزی لکھتے ہیں: ﴿ان جماعة سئلوا جدی عن یزید. فقال ما تقولون فی رجل ولی ثلاثه سنین ففی سنة الاولیٰ قتل الحسینؑ. وفی الثانیة اخاف المدینة و اباحها و فی الثالثة رمی

---

[1] تذکرۃ الخواص، ص ۲۰۸، طبع مصر۔

[2] مسند احمد بن حنبل۔ تذکرہ خواص الامۃ و طبرانی۔

[3] صواعق محرقہ، ص ۱۳۲۔

[4] صواعق محرقہ، ص ۱۳۲۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

الکعبة بالمجانیق و هدمها فقالوا نلعنه فقال فالعنوه ﴾ ایک گروہ نے میرے نانا (ابن جوزی) سے یزید کے بارے میں سوال کیا۔ انہوں نے جواب میں فرمایا: بھلا تم ایسے شخص کے بارے میں کیا کہتے ہو جس نے اپنے سہ سالہ دورِ حکومت میں سے پہلے سال میں حسینؑ کو شہید کیا۔ دوسرے سال میں اہل مدینہ کو خوف زدہ کر کے مدینہ کی ہتک حرمت کی اور تیسرے سال میں خانۂ کعبہ کو منجنیقوں سے اڑا دیا۔[1] انہوں نے کہا: کیا ہم اس پر لعنت کریں؟ کہا: ہاں اس پر لعنت کرو۔

انہی حقائق کی بناء پر مؤرخ جلیل مسعودی نے لکھا ہے: ﴿و لیزید و غیره اخبار عجیبة و مثالب کثیرة من شرب الخمر و قتل ابن الرسولؐ و لعن الوصی و هدم البیت. و سفک الدماء و الفسق و الفجور و غیر ذلک مما ورد فیه الوعید بالیأس من غفرانه کورودہ فیمن جحد توحیده و خالف رسله... الخ﴾ یزید اور اس کے ہمراہیوں کے اخبار و آثار عجیب اور مصائب و مثالب کثیر ہیں۔ جیسے شراب پینا، فرزند رسول کو قتل کرنا، وصیِ نبیؐ پر لعن طعن کرنا، خانہ کعبہ کا گرانا، مسلمانوں کا خون بہانا، اور دیگر مختلف قسم کے ایسے فسق و فجور کے کاموں کا ارتکاب کرنا جن کے ارتکاب کرنے والوں کے لیے اسی طرح رحمت و بخشش خداوندی سے ناامیدی کی وعید و تہدید وارد ہوئی ہے جس طرح منکرین توحید و مخالفین رسول کے بارے میں وارد ہوئی ہے۔"[2] ان تمام باتوں کا نتیجہ یہ ہے کہ جو منکرین خدا و رسولؐ کا مقام ہے۔ وہی یزید بن معاویہ کا مقام ہے بلکہ کئی اعتبار سے اس کا معاملہ ان سے بھی بدتر ہے۔ بئس ما اشتروا به انفسهم لو کانوا یعلمون۔

---

[1] تذکرہ خواص الامۃ، ص ۱۶۵۔

[2] مروج الذہب، ج ۲، ص ۷۰۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

بارھواں باب

حضرت امام حسین علیہ السلام کی شہادت کے مقصد کی وضاحت

اب تک سابقہ ابواب خصوصاً دسویں باب میں جو کچھ لکھا جا چکا ہے وہ اگرچہ مقصد شہادت حسینؑ کو سمجھنے کے لیے کافی ہے۔ ان مباحث کا مطالعہ کرنے والے ناظرین کرام پر حسینیؑ شہادت عظمیٰ کا مقصد اقصیٰ مخفی و مستور نہیں رہ سکتا۔ تاہم اس باب کے ضمن میں ذرا اور وضاحت و صراحت کے ساتھ اس موضوع پر تبصرہ کیا جاتا ہے تاکہ ہر کہ و مہ پر اس بے نظیر حسینیؑ کارنامے کا مقصد و مطلب بالکل واضح و لائح ہو جائے۔

کام کی قدر و قیمت اس کی غرض و غایت کے تابع ہوتی ہے

یہ امر کسی دلیل و برہان کا محتاج نہیں ہے کہ کوئی عقل و خرد رکھنے والی ہستی کوئی کام بغیر کسی غرض و غایت کے نہیں کرتی البتہ یہ ضرور ہوتا ہے کہ وہ غرض ہمیشہ یکساں نہیں ہوتی بلکہ کبھی بلند اور کبھی پست ہوتی ہے۔ اسی لیے ہمیشہ کسی بھی فعل کی صحیح قدر و قیمت کا اندازہ اس کی غرض و غایت کی بلندی یا پستی سے لگایا جاتا ہے۔ جس فعل کی جس قدر غرض و غایت بلند اور عظیم الشان ہوگی اسی قدر وہ کام بلند و عظیم المرتبت سمجھا جائے گا اور جس قدر اس کی غرض و غایت دنی اور پست ہوگی اسی قدر وہ فعل ارباب نظر کی نگاہ میں حقیر و مہین متصور ہوگا۔ مثلاً ایک شخص اپنے محبوب حقیقی کے پسندیدہ دین کی بقا و تحفظ کی خاطر اپنی جان عزیز جان آفرین کے سپرد کرتا ہے وہ شہید راہ خدا کہلاتا ہے۔ اور زندۂ جاوید کے ممتاز لقب سے یاد کیا جاتا ہے اور اس طرح خوشنودیٔ خدا کا تمغہ حاصل کرتا ہے اور لوگ اس پر مدح و ثنا کے پھول نچھاور کرتے ہیں۔

ایک دوسرا شخص ہے وہ بھی اپنی جان نثار کرتا ہے مگر کسی پری وش محبوبہ کے عشق و محبت میں گرفتار ہو کر اور اس کے درد فراق سے متاثر ہو کر تو وہ عند اللہ "خودکشی" ایسے سنگین جرم کا مجرم قرار دیا جاتا ہے اور ارباب عقل و دانش اس کی حماقت پر ہنستے ہیں۔ یہ اختلاف و تفاوت کیوں ہے؟ جبکہ دونوں فعل بظاہر متجانس و متماثل ہیں۔ دونوں میں جان کا زیاں ہے لہٰذا ماننا پڑے گا کہ یہ اختلاف اقدار صرف اغراض و مقاصد کے اختلاف سے رونما ہوا ہے۔ اس لیے اس مسلمہ اصول کی بنا پر حسینیؑ شہادت کی حقیقی عظمت معلوم کرنے کے لیے اس کا اصلی مقصد معلوم کرنا ضروری ہے۔

شہادت حسینیؑ نے بنی امیہ کے خلاف اسلام کردار کو بے نقاب کر دیا

کچھ عرصہ سے خلافت نبویہ کو جس نہج پر چلایا جا رہا تھا اس نے بتدریج اب قیصر و کسریٰ کی ملوکیت کی شکل و

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

صورت اختیار کر لی تھی۔ اب حالت یہ تھی کہ کھلے بندوں احکامِ اسلام احکامِ اسلام کی مخالفت کرتے تھے اور ان کو کوئی روکنے ٹوکنے والا نہ تھا۔ کھدر ایسے سادہ اسلامی لباس کی جگہ اب ریشم و دیبا نے لے لی تھی۔ ان کے گھروں سے اب آوازِ قرآن کی جگہ راگ و سرود کی صدائیں بلند ہوتی تھیں۔ عبادت و اطاعت میں شب زندہ داری کی جگہ راتیں داد عیش و عشرت دینے میں گزاری جاتی تھیں۔ پانی کی بجائے اب دورِ جام و سبو چلتا تھا۔ محرمات ابدیہ سے اب جنسی خواہش کی تسکین مباح سمجھی جاتی تھی۔ اور ستم بالائے ستم یہ تھا کہ عامۃ المسلمین انہی نظریات اور افعال کو اصل اسلام سمجھتے تھے اور نام نہاد حکامِ اسلام کے خلاف شرع افعال و احکام کو عین اسلام قرار دیا جاتا تھا۔ ظاہر ہے کہ اگر اس وقت اسلام کا صحیح ہمدرد، بانیٔ اسلام کا نواسہ، اسلام کے پہلے بطل جلیل و عظیم جرنیل کا لخت جگر اور امت مسلمہ کا سچا غمخوار یعنی حسین بن علی علیہما السلام خاموش تماشائی کی طرح حالات کو دیکھتا رہتا۔ یا (معاذ اللہ) یزید عنید کی بیعت کر لیتا تو ظاہر ہے کہ پھر اس نام نہاد خلیفۂ وقت کے مذکورہ بالا ملحدانہ نظریات اور کافرانہ حرکات پر مہر صحت ثبت ہو جاتی۔ اور اس طرح اسلام نیست و نابود ہو جاتا اور اگر برائے نام باقی رہ بھی جاتا تو اس مسخ شدہ شکل میں کہ اسے اصل صحیح اسلام سے ذرہ بھر بھی کوئی مناسبت نہ ہوتی۔ ایسے حالات میں حضرت امام حسینؑ نے بیعت سے انکار اور شہادتِ عظمیٰ کا راستہ اختیار کر کے تمام عالم پر اس حقیقت کو آشکار کر دیا کہ اسلام اور ہے۔ اور موجودہ مسلمانوں خصوصاً نام نہاد خلیفۃ المسلمین کا عمل و کردار اور؟ جسے اسلام کی تصویر سمجھنا بالکل غلط ہے۔ اس طرح امام عالی مقامؑ نے جام شہادت نوش کر کے قیامت تک اسلام کو زندۂ جاوید بنا دیا۔ اور بنی امیہ کے چشم و چراغ یزید پلید کے ملحدانہ اعتقادات اور کافرانہ حرکات کو بالکل بے نقاب کر دیا۔ اب رائے عامہ اس قدر بیدار ضرور ہو گئی تھی کہ اگر یزید کے بعد بھی بنی امیہ یا بنی عباسیہ کی بعض خلافتوں کے دور میں ایسے قبیح و شنیع حرکات کا ارتکاب قصر ہائے حکومت میں کیا گیا ہے۔ تو ایک لمحہ کے لیے بھی مسلمانوں نے اسے اسلام نہیں سمجھا بلکہ یہی کہا ہے کہ اسلام اور ہے اور خلیفہ کا کردار اور؟

شہادتِ حسینؑ بقائے اسلام کی ضامن ہے

یزید کے عقائد و اعمال پر سرسری نظر کرنے سے (جن کا ایک معتد بہ حصہ گیارہویں باب میں ذکر ہو چکا ہے) یہ حقیقت بالکل کھل کر سامنے آ جاتی ہے کہ یزید کا مقصد اسلام کو مٹانا اور اسے صفحۂ ہستی سے نیست و نابود کر کے اس کی جگہ اپنے آبائی مذہب (کفر و شرک) کو دوبارہ رائج کرنے کے لیے زمین کا ہموار کرنا تھا جس کا سنگ بنیاد رکھا جا چکا تھا البتہ اب اس کی تکمیل امام حسینؑ سے بیعت لے کر کرنا چاہتا تھا تاکہ عام مسلمانوں کی آنکھوں میں دھول ڈال سکے۔ اور ان کو بآسانی یہ باور کرا سکے کہ اگر اس کے نظریات اور حرکات و سکنات درست نہ ہوتے تو بانیٔ اسلام کا جگر گوشہ، حسب و نسب میں یکتائے روزگار۔ اور اسلام کی مزاج شناسی میں وحید عصر اور اس کا سچا غمخوار کیوں کر اس کی

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

بیعت کرتا؟ امام علیہ السلام حقیقت حال سے آگاہ تھے۔ اس لیے انہوں نے زبان حال سے یہ کہہ کر کہ ؎

ان کان دین محمد لم یستقم　　الا بقتلی فیا سیوف خذینی

خندہ پیشانی سے جانگداز مصائب و آلام برداشت کرتے ہوئے بیعت یزید سے انکار کر دیا۔ اور آخری دم تک اس پر ثابت قدم رہ کر یزید کے عزائم مشئومہ کو خاک میں ملا دیا اور اس طرح اسلام کو ایک زندۂ جاوید حقیقت بنا دیا۔ حلال و حرام کے درمیان ابدی خط امتیاز کھینچ دیا۔ جائز و ناجائز کے حدود کو مضبوط کر دیا۔ اسلامی اصول و اقدار کو پائدار بنا دیا۔ عامۃ المسلمین کو خواب غفلت سے بیدار کر دیا۔ لوگوں کو ظالم سے نفرت اور مظلوم کی ہمدردی و حمایت پر وا دار کر دیا۔ اس طرح کفر و الحاد کا ہمیشہ کے لیے سرنگوں کر کے پرچم اسلام کو ابدالآباد تک کے لیے بلند و بالا کر دیا۔ لہٰذا آج جہاں جہاں اسلام اور مسلمان موجود ہیں۔ یہ سب شہادت حسینؑ کا صدقہ ہے ؎

بہر حق در خاک و خون غلطیدہ است　　پس بنائے لا الہ گردیدہ است

(اقبالؔ)

اگر شہادت حسینؑ نہ ہوتی تو آج نہ کوئی کلمۂ اسلام پڑھتا اور نہ ہی کوئی نماز و روزہ وغیرہ اسلامی شعائر پر عمل درآمد کرتا ؎

دیتے نہ سر حسینؑ تو پڑھتا نماز کون؟

SIBTAIN.COM
Presented By: www.jafrilibrary.com

ماننا پڑتا ہے کہ اس وقت دنیا میں اسلام کے جو کچھ علائم و آثار موجود ہیں یہ سب کچھ امام حسینؑ کی شہادت کے طفیل ہے اس طرح وہ مسلمانوں کے محسن اعظم قرار پاتے ہیں۔ لہٰذا بموجب ھل جزاء الاحسان الا الاحسان تمام مسلمانوں کا فرض ہے کہ وہ سرکار شہادتؑ کی یادگار منانے اور ان کی مجالس عزا منعقد کرنے میں باہمی اشتراک عمل اور تعاون کا مظاہرہ کر کے اپنے اس محسن کے احسان کا بدلہ احسان سے دینے کی کوشش کریں۔ فان اللہ لا یضیع اجر المحسنین۔

شہادت حسینؑ نے پورے عالم انسانیت کو ہلاکت ابدی سے بچا لیا

اگر ذرا بنظر غائر تاریخی حالات کا جائزہ لیا جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ امام حسینؑ نے اپنی شہادت عظمیٰ کے ذریعہ سے نہ صرف اسلام کو کفر و شر کی یلغار سے بچایا ہے بلکہ پورے عالم انسانیت کو ابدی ہلاکت و بربادی سے بھی بچایا ہے۔ ارباب عقل و خرد جانتے ہیں کہ انسان اور عام حیوان میں مابہ الامتیاز جوہر عقل ہی ہے چونکہ انسان میں یہ جوہر نفیس موجود ہے اس لیے وہ خیر و شر، حسن و قبیح اور حلال و حرام میں تمیز کرتا ہے اور حیوان چونکہ اس گرانقدر عطیۂ الٰہی سے محروم ہے اس لیے وہ اپنی خورد و نوش اور حرکات و سکنات میں خوب و زشت اور حلال و حرام کی قید سے آزاد ہوتا

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

ہے اسے جو کھانے کی چیز مل جائے اس سے پیٹ بھر لیتا ہے پینے کی ہو تو اسے پی لیتا ہے اور جنسی تسکین مٹانے کی ہو تو اس سے اپنی اس خواہش کی تکمیل کر لیتا ہے۔ اس کی بلا سے کہ وہ جائز ہے یا ناجائز۔ اس کا یہ فعل عقلاء کی نظر میں ممدوح ہے یا مذموم؟ اور اس کی یہ حرکت حسن ہے یا قبیح؟ کیوں؟ اس لیے کہ وہ جوہر عقل و خرد سے محروم ہے لیکن اگر انسان عقل کے باوجود اس سے کام نہ لے اور حیوان کی طرح مطلق العنان ہو کر بندۂ نفس اور غلام ہوا و ہوس بن جائے۔ اور خیر و شر کے پیمانے توڑ کر حلال و حرام کی حدود پھاند کر اور حسن و قبیح کی قیود سے آزاد ہو کر وحشیانہ حرکات کرنے لگے۔ تو پھر خالق کائنات کی نگاہِ اشرف میں حیوانات سے بھی بدتر قرار پاتا ہے۔ چنانچہ ارشاد قدرت ہے:

﴿لَهُمْ قُلُوبٌ لَّا يَفْقَهُونَ بِهَا وَلَهُمْ أَعْيُنٌ لَّا يُبْصِرُونَ بِهَا وَلَهُمْ آذَانٌ لَّا يَسْمَعُونَ بِهَا أُولَٰئِكَ كَالْأَنْعَامِ بَلْ هُمْ أَضَلُّ﴾ (سورۂ اعراف، آیت ۱۷۹) ''جو لوگ عقل تو رکھتے ہیں مگر اس سے سوچتے ہیں نہیں۔ کان رکھتے تو ہیں مگر (حق کو) سنتے نہیں۔ آنکھیں تو رکھتے ہیں مگر (حق و حقیقت کو) دیکھتے نہیں وہ حیوانات کی مانند ہیں بلکہ اس سے بھی بدتر اور گمراہ تر۔'' اب ذرا یزید کے نظریات اور اس کے اعمال کو پیش نظر رکھ کر (جو گیارہویں باب میں ذکر ہو چکے ہیں) تھوڑا سا غور کیجیے۔ تو آپ پر یہ حقیقت واضح و عیاں ہو جائے گی کہ یزید نہ صرف یہ کہ اسلام کا دشمن تھا اور اسے صفحۂ ہستی سے مٹانا چاہتا تھا۔ بلکہ وہ پورے عالم انسانیت کا جانی دشمن تھا۔ وہ اس کی ہلاکت و تباہی کے منصوبے بنا رہا ہے۔ وہ چاہتا تھا کہ پینے کے سلسلہ میں پانی و شراب کا امتیاز ختم ہو جائے اور جنسی خواہش کی تکمیل کے سلسلہ میں ماں اور بہن کی قید ختم ہو جائے۔ (ملاحظہ ہو: تاریخ الخلفاء، ص ۱۴۶ وغیرہ) اور حصول مقصد میں صدق و کذب کے حدود ٹوٹ جائیں۔

ظاہر ہے کہ اگر یزید اپنے ان ناپاک اور مہلک انسانیت عزائم میں کامیاب ہو جاتا تو آج کم از کم کرۂ ارضی پر انسان تو ہوتے مگر ان کے اندر روح انسانیت نہ ہوتی۔ لہٰذا آج جو انسانوں میں انسانیت موجود ہے یہ شہادت حسینی کا فیض ہے۔ ان حقائق سے ثابت ہو جاتا ہے کہ حسینؑ صرف ''شہید تشیع'' نہیں اور نہ فقط شہید اسلام ہیں بلکہ وہ ''شہید انسانیت'' ہیں ؎

انسانیت کے نام پہ کیا کر گئے حسینؑ ہر دور کے بلند خیالوں سے پوچھ لو

چونکہ شہادت حسینؑ کے مقصد میں آفاقیت پائی جاتی ہے اس لیے اس کے آثار بھی عمومی اور ہمہ گیر ہیں جو لوگ خدا کو خدا نہیں جانتے اور رسول کو رسول نہیں مانتے۔ غرضیکہ جو اسلام کو دین خدا نہیں سمجھتے۔ وہ لوگ بھی بارگاہِ حسینی میں اخلاص و عقیدت کے پھول نثار کرتے ہوئے اور ان کی محبت میں اشک غم بہاتے ہوئے نظر آتے ہیں و لنعم ما قیل ؎

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

تو اپنے خون پاک کے چھینٹوں سے اے حسینؑ — انسان کی شرافتِ خفتہ جگا گیا
اسلام کی کشش کا نہ جن پر اثر ہوا — تو درد بن کے ان کے دلوں میں سما گیا

اگر اب تک بھی کوئی قوم حسینؑ کی بارگاہِ معلیٰ میں سرِ نیاز خم نہیں کرتی تو اس کا مطلب یہ ہے کہ ہنوز اس نے مقصدِ شہادت حسینؑ پر مکمل غور و فکر نہیں کیا۔ جب بھی وہ اس پر غور و تامل کرے گی تو پھر آغوشِ حسینیتؑ میں ہی اپنی نجات تصور کرے گی انشاء اللہ ؎

انسان کو بیدار تو ہو لینے دو — ہر قوم پکارے گی ہمارے ہیں حسینؑ

مقصدِ شہادتِ حسینؑ خود امام حسینؑ کے کلامِ حقیقت ترجمان کی روشنی میں

حضرت امام حسین علیہ السلام کے مقصدِ شہادت پر سب سے زیادہ روشنی آپؑ کے اس وصیت نامہ سے پڑتی ہے جو آپؑ نے مدینہ سے روانگی کے وقت اپنے بھائی جناب محمد بن الحنفیہؒ کے نام لکھا تھا۔ اس میں آپؑ فرماتے ہیں:

﴿بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم ھذا ما اوصی بہ الحسینؑ بن علیؑ بن ابی طالبؑ الی اخیہ محمد المعروف بابن الحنفیۃ ان الحسین یشھد ان لا الٰہ الا اللّٰہ وحدہ لا شریک لہ و ان محمداً صلی اللّٰہ علیہ و الہٖ عبدہٗ و رسولہ جاء بالحق من عند الحق و ان الجنۃ و النار حق و ان الساعۃ اٰتیۃ لا ریب فیھا و ان اللّٰہ یبعث من فی القبور و انی لم اخرج اشراً ولا بطراً ولا مفسداً ولا ظالماً و انما خرجت لطلب الاصلاح فی امۃ جدی صلی اللّٰہ علیہ و الہٖ ارید ان آمر بالمعروف و انھی عن المنکر و اسیر بسیرۃ جدّی و ابی علی بن ابی طالب علیہ السّلام فمن قبلنی بقبول الحق فاللّٰہ اولی بالحق و من ردّ علیّ ھذا اصبر حتّٰی یقضی اللّٰہ بینی و بین القوم بالحق وھو خیر الحاکمین و ھذہ وصیتی یا اخی الیک وما توفیقی الا باللّٰہ علیہ توکلت و الیہ انیب﴾۔[1] ”یہ وہ وصیت نامہ ہے جو حسین بن علیؑ نے اپنے بھائی محمد بن الحنفیہؒ کے نام لکھا ہے۔ حسینؑ گواہی دیتے ہیں کہ خدا کے سوا کوئی معبود نہیں اور وہ واحد ہے جس کا کوئی شریک نہیں۔ اور جناب محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ اس کے عبدِ خاص اور اس کے فرستادہ برحق رسول ہیں۔ اور یہ کہ جنت و جہنم برحق ہیں۔ اور قیامت بلاشک ضرور آئے گی اور خدا مردوں کو زندہ کر کے اٹھائے گا۔ (اس کے بعد واضح ہو کہ) میں کسی قسم کا فساد پھیلانے یا غرور و تکبر کا اظہار کرنے یا سلطنت حاصل کرنے یا ظلم و ستم کرنے کے لیے نہیں نکل رہا بلکہ اپنے جد نامدار کی امت کی اصلاح کی خاطر نکل رہا ہوں۔ میں یہ چاہتا ہوں کہ معروف (نیکی) کا حکم دوں اور منکر (برائی) سے روکوں (جس میں پورے عالم انسانیت کی فلاح و بہبود ہے) اور اپنے

[1] نفس المہموم، ص ۳۸، طبع ایران۔ عاشر بحار، ص ۱۷۴، ۱۷۵۔ قمقام، ص ۲۲۵۔ ناسخ، ج ۶، ص ۱۶۰ وغیرہ۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

جد نامدارؐ اور پدر عالی وقارؑ کی سیرت پر چلوں پس جو شخص مجھے برحق سمجھ کر قبول کرے گا (جو کہ سراسر حق ہے) تو حق تعالیٰ اس کے حق کو قبول کرنے میں اولیٰ ہے اور جو شخص میرا انکار کرے گا تو میں صبر کروں گا۔ یہاں تک کہ خداوند عالم جو بہترین حکم کرنے والا ہے میرے اور قوم (جفا کار) کے درمیان مناسب فیصلہ کرے۔ اے بھائی! یہ میرا وصیت نامہ ہے۔ خدا ہی کے قبضۂ قدرت میں توفیق ہے۔ میں اسی پر بھروسہ کرتے ہوئے اسی کی طرف رجوع کرتا ہوں۔"

ان مقاصد جلیلہ کے حصول کی خاطر حسین علیہ السلام نے اقدام جہاد فرمایا اور شہادت عظمیٰ کے درجۂ رفیعہ پر فائز ہوئے۔ ع خدا رحمت کند ایں عاشقان پاک طینت را۔

کیا حسینؑ کا مدعا دنیاوی سلطنت و بادشاہی حاصل کرنا تھا؟

عام طور پر کوتاہ اندیش اور کور باطن لوگ یہ کہہ کر شہادت حسین علیہ السلام کی عظمت کو کم کرنے کی لاحاصل سعی کیا کرتے ہیں کہ حسینؑ و یزید عنید کی جنگ (معاذ اللہ) دنیاوی اقتدار اور سلطنت حاصل کرنے کی باہمی کشاکش کا نتیجہ تھی۔ ایسی بے جوڑ اور بے تکی بات وہی لوگ کر سکتے ہیں جو جوہر عقل سے تہی دامن ہیں یا پھر انہوں نے اس جوہر سے کام لینے کی کبھی زحمت گوارا نہیں کی۔ اس لیے حالات و اسباب اور ان کے نتائج سے آنکھیں بند کر کے روایت و درایت کے خلاف اس قسم کی بے سروپا باتیں کیا کرتے ہیں۔ ورنہ معمولی عقل و خرد، دیدۂ بینا اور خدا داد عدل و انصاف رکھنے والے حضرات بآسانی سمجھ سکتے ہیں کہ مذکورہ بالا دعویٰ میں صداقت کا ایک شائبہ بھی نہیں ہے اگرچہ گزشتہ اوراق میں جو کچھ لکھا گیا ہے وہ اس زعم باطل کی نفی کے لیے کافی و وافی ہے۔ تاہم بفحوائی ؎

خوش تر آں باشد کہ سرِّ دلبراں گفتہ آید در حدیثِ دیگراں

یہاں شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی کے کلام کی روشنی میں اس غلط فہمی کا ازالہ کیا جاتا ہے۔ موصوف اقدام و خروج حسینؑ کی وضاحت کرتے ہوئے لکھتے ہیں: «بلکہ بنابر تخلیص رعایا از دست ظالم بود و اعانۃ المظلوم علی الظالم من الواجبات و آنچہ در مشکوۃ ثابت است کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم از بغی و خروج ہر بادشاہ وقت اگرچہ ظالم باشد منع فرمودہ اند پس در آن وقت است کہ آن بادشاہ ظالم بلا منازع و مزاحم تسلط تام پیدا کردہ باشد، و ہنوز اہل مدینہ و اہل مکہ و اہل کوفہ بہ تسلطِ یزید پلید راضی نشدہ بودند۔ و مثل حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ و عبد اللہ بن عباس و عبد اللہ بن عمر و عبد اللہ بن زبیر رضی اللہ عنہم بیعت نکردہ بالجملہ خروج حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ برائے دفع تسلطِ او بود نہ برائے رفع تسلط و آنچہ در حدیث ممنوع است آن خروج است کہ برائے رفع تسلط

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

سلطان جائر باشد و الفرق بین الرفع و الدفع ظاهر مشهور فی المسائل الفقیهة [1]۔ یعنی "امام حسینؑ کا خروج اس لیے تھا کہ کمزور رعایا کو حاکم ظالم (یزید عنید) کے پنجۂ استبداد سے رہائی دلائیں۔ ظاہر ہے کہ ظالم سے گلو خلاصی کرانے میں مظلوم کی امداد کرنا واجب و لازم ہے۔ مشکوٰۃ والی حدیث میں آنحضرتؐ نے بادشاہِ وقت پر اگرچہ ظالم و جائر بھی ہو۔ خروج کرنے کی جو ممانعت فرمائی ہے۔ تو یہ اس صورت میں ہے کہ جب وہ حاکم بلا روک ٹوک اور بلا مزاحم مکمل تسلط حاصل کر چکا ہو مگر یزید کو ہنوز ایسا تسلط حاصل نہ ہوا تھا کیونکہ ابھی تک حضرت امام حسینؑ، عبداللہ بن عباس، عبداللہ بن عمر اور عبداللہ ابن زبیر رضی اللہ عنہم نے اس کی بیعت نہیں کی تھی۔ نیز اہل مکہ و مدینہ اور اہل کوفہ بھی اس کے اس تسلط پر راضی نہ تھے۔ خلاصہ یہ کہ امام حسین علیہ السلام کا خروج اس لیے تھا کہ اس ظالم کا (مسلمانوں پر) کامل تسلط ہونے ہی نہ دیں۔ نہ یہ کہ اس کے حاصل شدہ تسلط کو اٹھائیں۔ حدیث میں جو منع وارد ہے وہ دوسری قسم (رفع تسلط) کی ہے۔ نہ پہلی قسم (دفع تسلط) کی۔ دفع اور رفع میں جو فرق ہے وہ فقہی مسائل میں مشہور و معروف ہے۔"

ظاہر ہے کہ امام علیہ السلام کے پاس یزید کے مقابلہ میں ظاہری ساز و سامان جنگ نہ ہونے کے برابر تھا۔ لہٰذا اسے کسی طرح بھی دو بادشاہوں کی جنگ نہیں کہا جا سکتا بلکہ یہ ایک ظالم و مظلوم کی جنگ تھی۔ حق و باطل کی جنگ تھی۔ کفر و اسلام کی جنگ تھی۔ الحاد و ایمان کی جنگ تھی۔ حسین حکیم ربانی تھے۔ وہ جانتے تھے کہ اگر طاقت کا مقابلہ طاقت سے ہوا اور وہ غالب بھی آ گئے تو یہی کہا جائے گا کہ دو بادشاہ لڑے تھے۔ ایک غالب آ گیا۔ اس طرح یزید تو مغلوب ہو جائے گا مگر یزیدیت کو شکست نہیں ہوگی۔ مگر حسین علیہ السلام تو یزیدیت کا قلع قمع کرنا چاہتے تھے۔ اس لیے انہوں نے حق کی طاقت سے مسلح ہو کر بے سروسامانی کی حالت میں یزید ایسے فرعون وقت سے ٹکر لے لی اور اس طرح حق و حقیقت کی طاقت سے قصر یزیدیت کی اینٹ سے اینٹ بجا دی اور اہل عالم پر ظاہر کر دیا کہ یہ دو بادشاہوں کا محاربہ نہ تھا بلکہ حق و باطل کا معرکہ تھا۔ جس کے نتیجہ میں ہمیشہ کے لیے حق کا بول بالا اور باطل کا منہ کالا ہو گیا ؎

مدعایش سلطنت بودے اگر خود نہ کردے با چنیں ساماں سفر

---

[1] فتاویٰ عزیزی، ج ۱، ص ۲۲۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

شہادتِ امام حسین علیہ السلام
پنجتن پاک علیہم السلام کے ارشادات کی روشنی میں

جیسا کہ نویں باب میں پوری تفصیل کے ساتھ اس امر پر تبصرہ کیا جا چکا ہے کہ سرکار السید الشہداء علیہ السلام کی شہادت عظمیٰ کوئی اتفاقی و ناگہانی حادثہ نہ تھی بلکہ مسلسل و متواتر علل و اسباب کثیرہ کا نتیجہ تھی۔ اسی طرح یہ امر بھی بکثرت اخبار و آثار سے واضح و آشکار ہوتا ہے کہ جناب خامس آل عبا علیہ افضل التحیہ والثنا بھی اپنی شہادت سے غافل نہ تھے بلکہ پوری طرح اس کے لیے تیار تھے۔ جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، حضرت علی مرتضیٰ علیہ السلام، حضرت فاطمہ زہرا سلام اللہ علیہا اور جناب امام حسن مجتبیٰ علیہ السلام نے آپ کو اس حادثۂ کبریٰ اور قیامتِ صغریٰ کی باعلام اللہ خبر دے رکھی تھی۔ اور آنجناب نے بھی مدینہ سے روانگی کے وقت اپنے وصیت نامہ میں اس کی وضاحت کر دی تھی۔ کتب سیر و تواریخ کی مزید ورق گردانی کرنے سے تو یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ اس واقعۂ ہائلہ کی اطلاع رب العزت نے اپنے سابقہ انبیاء کو بھی دے دی تھی۔ اور انہوں نے اپنی اپنی امتوں کو ان جانگداز واقعات کی خبر دے دی تھی۔ تفصیل میں جانے سے اختصار مانع ہے۔ البتہ خمسۂ نجباء علیہم السلام کی پیش گوئیوں کا ایک شمہ یہاں بیان کیا جاتا ہے۔ تفصیل کے لیے عاشر بحار، دمعۂ ساکبہ اور ناسخ التواریخ وغیرہ کتب مبسوطہ کی مجلدات موجود ہیں۔

جناب رسول خدا کا شہادتِ حسینؑ کی خبر دینا

کامل الزیارۃ میں بسند خود حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے۔ آپؑ فرماتے ہیں کہ: ایک مرتبہ جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت امام حسین علیہ السلام کو (ان کے بچپن کے وقت) گود میں لے کر کھلا ہنسا رہے تھے کہ عائشہ نے کہا: یا رسول اللہؐ! آپ اس بچے سے اس قدر مانوس کیوں ہیں؟ آپؐ نے فرمایا: بھلا میں کیونکر اس سے محبت نہ کروں۔ اور مانوس نہ ہوں۔ جبکہ وہ میرے دل کا پھل اور آنکھوں کی ٹھنڈک ہے۔ ﴿اما ان امتی ستقتله فمن زاره بعد وفاته کتب الله له حجةً من حججی... الخ﴾ عنقریب میری امت ان کو شہید کرے گی پس جو شخص ان کی شہادت کے بعد ان کی زیارت کرے گا اس کو میری حجوں میں سے ایک حج کا ثواب ملے گا! عائشہ نے بطور تعجب پوچھا: آپ کی حجوں میں سے ایک حج کا ثواب؟ آپؐ نے فرمایا: ہاں دو حجوں کا ثواب۔ اسی طرح عائشہ تعجب کرتی

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

گئیں اور آنحضرت ﷺ ہر بار ایک حج کا اضافہ کرتے گئے۔ ﴿حتی بلغ تسعین حجۃ من حجج رسول اللہ باعمارھا﴾ یہاں تک کہ آپؐ نے عمروں سمیت نوے حجوں کا تذکرہ فرمایا۔[1] امالی شیخ صدوق علیہ الرحمہ میں جناب امیر علیہ السلام سے مروی ہے، فرمایا: میں فاطمہ زہراؑ اور حسنؑ و حسینؑ جناب رسول خدا ﷺ کی خدمت میں حاضر تھے کہ یکا یک آنحضرتؐ ہماری طرف دیکھ کر رونے لگے۔ میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! آپ کے رونے کا کیا سبب ہے؟ فرمایا: ﴿ابکی مما یصنع بکم بعدی﴾ میں ان مصائب کی وجہ سے رو رہا ہوں جو میرے بعد تم پر ڈھائے جائیں گے۔ میں نے عرض کیا: یا رسول اللہؐ! کیا کیا ہوگا؟ فرمایا: ﴿ابکی لضربتک علی الفرق و لطم فاطمۃؑ خدھا و طعنی الحسنؑ فی الفخذ و السمّ الذی یسقی و قتل الحسینؑ﴾۔ میں تیرے سر مبارک پر ضربت کے لگنے۔ (جناب) فاطمہؑ کو طمانچہ لگنے۔ حسنؑ کی ران پر نیزہ لگنے۔ نیز ان کے زہر پلائے جانے اور حسینؑ کے شہید ہونے پر گریہ و بکا کر رہا ہوں۔[2]

قبل ازیں ولادت حسینؑ کے بیان میں بھی آپؑ کی شہادت کے متعلق آنحضرتؐ کے بعض اخبار شریفہ نقل کئے جا چکے ہیں۔ فراجع۔

حضرت امیر علیہ السلام کا شہادت حسینؑ کی خبر دینا

SIBTAIN.COM

ایک دفعہ حضرت امیر علیہ السلام نے حسب معمول فرمایا: ﴿سلونی قبل ان تفقدونی﴾ بخدا مجھ سے جس ہدایت یا گمراہ کرنے والے گروہ کے متعلق دریافت کرو گے میں تمہیں بتا دوں گا۔ سعد بن ابی وقاص نے اٹھ کر کہا: فرمایئے میرے سر اور ریش میں کس قدر بال ہیں؟ آنجنابؑ نے فرمایا: میرے خلیل جناب رسول خدا ﷺ نے مجھے یہ بتایا تھا کہ تو مجھ سے یہ سوال کرے گا۔ اور یہ بھی بتایا تھا کہ تیرے ہر ہر بال کی جڑ کے پاس ایک شیطان چھپا ہوا ہے۔ ﴿وان فی بیتک لسخلاً یقتل ولدی الحسینؑ ابن بنت رسول اللہ انت و ولدک برئیان من الایمان﴾ اور تیرے گھر میں ایک بچہ موجود ہے جو میرے فرزند حسینؑ بن بنت رسولؐ کو شہید کرے گا۔ تیرا اور تیرے اس بیٹے کا ایمان و اسلام سے کوئی تعلق[3] اور واسطہ نہیں ہے۔

ابن عباس بیان کرتے ہیں کہ صفین کی طرف جاتے ہوئے جب ہم ارض نینوا میں پہنچے تو حضرت علی علیہ السلام

---

[1] الدمعۃ الساکبہ، ص ۲۸۴۔ مخفی نہ رہے کہ یہ ثواب ہائے بے پایاں اس صورت میں ملیں گے کہ جب زائر کے ذمہ کوئی واجبی حج نہ ہو۔ (منہ عفی عنہ)

[2] الدمعۃ الساکبہ، ص ۲۸۴۔

[3] دمعہ ساکبہ، ص ۲۸۵۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

نے بآواز بلند فرمایا: ﴿یابن عباس اتعرف هذا الموضع؟﴾ اے ابن عباس کیا تم اس مقام کو پہچانتے ہو؟ میں نے نفی میں جواب دیا۔ آپؑ نے فرمایا: ﴿لو عرفته معرفتی لم تکن تجوزه حتی تبکی کبکائی﴾۔ اگر تم بھی میری طرح اس جگہ کو پہچانتے ہوتے تو میری مانند گریہ کئے بغیر یہاں سے نہ گزرتے۔ ابن عباس کہتے ہیں کہ اس کے بعد ﴿فبکی طویلاً حتی اخضلت لحیتهٗ و سالت الدموع علی صدره فبکینا معه و هو یقول اوه اوه مالی ولال ابی سفیان مالی ولال حزب الشیطان و اولیاء الکفر صبراً ابا عبد الله فقد لقی ابوک مثل ما تلقی منهم... الخ﴾ جناب امیر علیہ السلام بہت دیر تک پھوٹ پھوٹ کر روتے رہے۔ یہاں تک کہ آپؑ کی ریش مبارک تر ہوگئی اور آنسو سینۂ اقدس پر بہنے لگے۔ ہم بھی رونے لگے۔ آپؑ ساتھ ساتھ یہ بھی فرماتے جاتے تھے ہائے ہائے آل ابی سفیان کو مجھ سے کیا بیر ہے؟ شیطانی گروہ اور صاحبان کفر کو مجھ سے کیا سروکار ہے؟ اے ابا عبداللہ! صبر سے کام لینا کیونکہ تیرے باپ نے بھی ان لوگوں سے ایسے ہی اذیتیں اٹھائی ہیں جیسی تمہیں پہنچیں گی۔[1] (اس کے بعد جناب امیرؑ) نے واقعۂ شہادت کی تفصیل ابن عباس سے بیان فرمائی۔

کامل الزیارۃ میں ابوعبداللہ سے منقول ہے، وہ بیان کرتے ہیں کہ میں ایک بار حضرت امیر علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوا۔ ﴿و الحسینؑ الی جنبه فضرب بیده علی کتف الحسینؑ ثم قال ان هذا یقتل و لا ینصره احد﴾ اس وقت حسینؑ آپؑ کے پہلو میں تشریف فرما تھے۔ آپؑ نے اپنا ہاتھ حسینؑ کے کاندھے پر رکھتے ہوئے فرمایا: یہ شہید کیا جائے گا۔ اور کوئی اس کی نصرت نہیں کرے گا۔[2] حضرت امیر علیہ السلام ابن ملجم ملعون کی ضربت سے زخمی ہوئے۔ تو جناب امام حسنؑ زار و قطار رونے لگے۔ اس وقت امیر علیہ السلام نے فرمایا: ﴿یا بنی الیوم تجزع علی ابیک! و غداً تقتل بعدی مسموماً مظلوماً و یقتل اخوک بالسیف هکذا و تلحقان بجدکما و ابیکما و امکما﴾ بیٹا حسنؑ! آج تو اپنے والد پر گریہ و بکا کر رہے ہو۔ حالانکہ کل تمہیں زہر جفا سے شہید کیا جائے گا اور اسی طرح تمہارے بھائی حسینؑ کو بھی تلوار ظلم سے شہید کیا جائے گا۔ اور تم دونوں اسی حالت میں اپنے نانا و بابا اور ماں کی خدمت میں پہنچو گے۔[3]

امام حسن مجتبیٰؑ کا شہادتِ حسینؑ کی خبر دینا

شیخ صدوق علیہ الرحمہ اپنی کتاب امالی میں اپنے سلسلۂ سند سے جناب امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت

---

[1] الدمعۃ الساکبہ، ص ۲۸۵۔

[2] الدمعۃ الساکبہ، ص ۲۸۶۔

[3] ناسخ التواریخ، ج ۶، ص ۳۶۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

کرتے ہیں کہ ﴿ان الحسین بن علی بن ابی طالبؑ دخل یوماً علی الحسنؑ فلمّا نظر الیہ بکی فقال ما یبکیک یا ابا عبد اللّٰہ. قال ابکی لما یصنع بک فقال الحسینؑ ان الذی یوتی الیّ سم یدس الیّ فاقتل بہ ولکن لا یوم کیومک یا ابا عبد اللّٰہ یزدلف الیک ثلاثون الف رجل یدعون انھم من امّۃ جدّنا محمد صلّی اللّٰہ علیہ و الہٖ و ینتحلون دین الاسلام فیجتمعون علی قتلک و سفک دمک و انتھک حرمتک و سبی ذراریک و نساء ک و انتھاب ثقلک فعندھا تحلّ بینی امیۃ اللعنۃ و تمطر السماء رماداً و دما و یبکی علیک کل شیٔ حتی الوحوش فی الفلوات و الحیتان فی البحار﴾

ایک مرتبہ جناب امام حسین علیہ السلام اپنے بھائی حضرت امام حسنؑ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور رونے لگے۔ امام حسنؑ نے پوچھا: کیوں روتے ہو؟ عرض کیا: آپؑ کے ساتھ جو سلوک کیا جانے والا ہے اس پر رو رہا ہوں۔ امام حسنؑ نے فرمایا: میری طرف تو مخفی طور پر زہر بھیجا جائے گا جس کی وجہ سے میں شہید ہو جاؤں گا لیکن اے ابا عبداللہ! تیری مصیبت کی طرح کسی کی مصیبت نہیں۔ پورے تیس ہزار آدمی تیرے قتل کے لیے چڑھ آئیں گے۔ اور بایں ہمہ دعویٰ اسلام بھی کرتے ہوں گے۔ نیز ان کا یہ دعویٰ بھی ہوگا کہ وہ ہمارے جد نامدار کی امتی سے ہیں۔ یہ سب لوگ آپ کے قتل کرنے، خون بہانے، آپ کی ہتک حرمت کرنے، آپ کی مستورات کو قید کرنے اور آپ کا ساز و سامان لوٹنے کے لیے جمع ہو جائیں گے۔ اس وقت بنی امیہ پر لعنت نازل ہوگی۔ اور آسمان سے راکھ اور خون برسے گا۔ اور آپ کی مصیبت پر کائنات کی ہر چیز حتیٰ کہ جنگلوں کے وحشی جانور اور پانی کی مچھلیاں بھی روئیں گی۔[1]

جناب سیدہ سلام اللہ علیہا کا شہادت حسینؑ پر مطلع ہونا

آیت مبارکہ ﴿وَ وَصَّیْنَا الْاِنْسَانَ بِوَالِدَیْہِ اِحْسَانًا. حَمَلَتْہُ اُمُّہٗ کُرْھًا وَّ وَضَعَتْہُ کُرْھًا. وَ حَمْلُہٗ وَ فِصَالُہٗ ثَلٰثُوْنَ شَھْرًا ... الایۃ﴾ کی تفسیر میں اصول کافی اور تفسیر برہان وغیرہ میں متعدد ایسی روایات موجود ہیں۔ جس سے واضح ہوتا ہے کہ جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جناب سیدۂ عالم سلام اللہ علیہا کو حسینؑ کے مصائب سے اس وقت باعلام اللہ آگاہ فرمایا تھا۔ جبکہ ہنوز جنابؑ حالتِ حمل میں بھی نہ آئے تھے۔ اس لیے جناب سیدہ سلام اللہ علیہا ان مصائب و آلام پر گریہ و بکا فرماتی رہتی تھیں۔

خود امام حسین علیہ السلام کا اپنی شہادت کی خبر دینا

مذکورہ بالا حقائق کو پیش نظر رکھنے کے بعد اس امر میں کسی قسم کے شک و شبہ کی گنجائش باقی نہیں رہ جاتی کہ

---

[1] الدمعۃ الساکبہ، ص ۲۸۶۔ ناسخ التواریخ، ج ۶، ص ۱۳۶۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

حضرت امام حسینؑ کو اپنی شہادت عظمیٰ کا علم تھا۔ مزید برآں اس سلسلہ میں خود آپؑ کے بھی کئی فرامین ملتے ہیں۔ چنانچہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں کہ حضرت امام حسین علیہ السلام نے فرمایا: ﴿واللّٰہ لا یھنئنی بنو امیۃ حتی یقتلونی وھم قاتلی... الخ﴾ بخدا بنی امیہ اس وقت تک چین سے نہ بیٹھیں گے جب تک مجھے قتل نہ کرلیں گے۔[1] امام محمد باقر علیہ السلام بیان فرماتے ہیں کہ جس وقت امام حسینؑ احرام حج توڑ کر عراق تشریف لے جانے لگے تو عبداللہ بن زبیر نے عرض کیا: فرزند رسولؐ! آپ حج چھوڑ کر عراق جا رہے ہیں؟ آپؑ نے فرمایا: ﴿یابن زبیر لان ادفن بشاطئ الفرات احبّ الیّ من ان ادفن بفناء الکعبۃ﴾ اے ابن زبیر اگر میں (شہید ہو کر) فرات کے کنارے دفن کیا جاؤں۔ تو یہ امر مجھے کعبہ کی ڈیوڑھی میں دفن ہونے سے زیادہ محبوب[2] ہے۔

اسی طرح ثقۃ الاسلام کلینیؒ کی روایت کے مطابق آپؑ نے مدینہ سے تشریف لے جاتے وقت بنی ہاشم کے نام جو رقیمہ کریمہ تحریر فرمایا تھا۔ اس میں بھی اس امر کی صراحت کر دی تھی۔ تحریر فرماتے ہیں: ﴿بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم. من الحسین بن علی بن ابی طالب الی بنی ھاشم. اما بعد فانہ من لحق بی منکم استشھد و من تخلف لم یبلغ مبلغ الفتح و السلام﴾ کہ "تم میں سے جو شخص میرے ساتھ جائے گا۔ وہ شہید ہو جائے گا۔ اور جو پیچھے رہ جائے گا۔ وہ بھی (ظاہری) فتح و نصرت حاصل نہیں کر سکے گا۔"[3]

ان حقائق کی روشنی میں یہ حقیقت روز روشن کی طرح واضح و آشکار ہو جاتی ہے کہ سانحۂ کربلا حضرت امام حسین علیہ السلام کے لیے کوئی غیر متوقع واقعہ نہیں تھا بلکہ آپ کے ابتدائے عمر سے برابر اس واقعۂ ہائلہ کی اطلاع دی جا رہی تھی۔ اور آپ پوری طرح اس کے لیے آمادہ و تیار تھے۔ چنانچہ وقت آنے پر آپؑ نے اس ثابت قدمی، راسخ الاعتقادی، صبر و ضبط اور ناقابل تسخیر عزم و ارادہ کا اظہار فرمایا کہ جس کی نظیر صفحۂ تاریخ پر نہیں مل سکتی۔ ﴿و لقد تعجبت من صبرک ملائکۃ السماء﴾ "اے سرکار شہادت آپ کے صبر پر آسمان کے فرشتے تعجب کرتے ہیں۔" سچ تو یہ ہے کہ ؎

از ہیچ پیغمبرے نہ آید ایں کار
واللّٰہ کہ اے حسینؑ کارے کردی

---

[1] الدمعۃ الساکبہ، ص ۲۸۶۔

[2] دمعہ ساکبہ، ص ۲۸۶۔ اس میں اپنی شہادت بمقام کربلا اور ابن زبیر کے قتل بمقام کعبہ کی طرف صریح اشارہ موجود ہے۔ (منہ عفی عنہ)

[3] نفس المہموم، ص ۳۸۔ (عاشر بحار، ص ۱۷۵ وغیرہ)۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

چودھواں باب

یزید کی تخت نشینی اور حضرت امام حسین علیہ السلام سے بیعت لینے پر اصرار اور امام علیہ السلام کا انکار

جیسا کہ قبل ازیں آٹھویں باب کے آخر میں بیان کیا جا چکا ہے کہ معاویہ نے بنا بر مشہور نیمۂ رجب اور بقولے ۲۲، ۶۰ھ میں عدم آباد کو چھوڑ کر اپنے اصلی مقام کی طرف کوچ کیا اور اسی تاریخ کو یزید عنید مسند حکومت پر متمکن ہوا۔ یزید عنید تخت خلافت پر متمکن ہونے سے قبل بھی نشۂ خمر سے تو مخمور رہتا ہی تھا مگر اب ظاہری اقتدار کے نشہ نے اسے بالکل ہی چور چور کر دیا تھا اور عیش و عشرت کے تمام اسباب و آلات کے موجود ہونے کے باوجود جو چیز اس کی رنگین زندگی کو منغص کر رہی تھی وہ تھی چند نامور شخصیتوں کا اس کی بیعت سے انکار۔ جن میں سرکار سید الشہداء سرفہرست تھے۔ اگرچہ معاویہ نے اپنی زندگی میں اپنی پوری کوشش کی کہ کسی طرح یہ کانٹا راستہ سے ہٹ جائے لیکن وہ اس میں کامیاب نہ ہو سکا اور اس خلش کو سینہ میں لے کر مر گیا۔ معاویہ ایک کہنہ مشق سیاست دان تھا۔ اس نے اس سلسلہ میں تشدد کرنا مصلحتِ وقت کے خلاف سمجھ کر سکوت اختیار کر لیا۔ البتہ آخری وقت یزید کو اس عظیم خطرہ کی طرف متوجہ ضرور کر گیا۔ جیسا کہ آٹھویں باب کے آخر میں اس امر کا تذکرہ کیا جا چکا ہے لیکن یزید میں یہ تدبر اور سیاست دانی کہاں؟ جوانی مستانی کے نشہ کو نشۂ شراب نے دو آتشہ اور نشۂ اقتدار نے سہ آتشہ کر دیا تھا۔ اس لیے اس نے تخت خلافت پر قدم رکھتے ہی سب سے پہلے اس روڑے کو راستے سے ہٹانے کا عملی اقدام کیا۔ اور جہاں دوسرے بڑے شہروں کے گورنروں[1] کو مرگِ معاویہ کی اطلاع دی۔ وہاں گورنر مدینہ ولید بن عتبہ بن ابی سفیان کو اس اطلاع نامہ کے علاوہ ایک چھوٹا سا پرزہ ﴿کانہا[2] اذن فارۃ﴾ اس مضمون کا لکھا۔ ﴿اما بعد فخذ حسیناً و عبد اللہ بن

---

[1] مخفی نہ رہے کہ اس وقت معاویہ کی طرف سے مدینہ کا حاکم ولید بن عتبہ بن ابی سفیان۔ مکہ کا عمرو بن سعید بن العاص الاشدق، کوفہ کا نعمان بن بشر الانصاری اور بصرہ کا عبید اللہ بن زیاد تھا۔ (تمام، ص ۲۱۷)۔

[2] تمام، ص ۲۱۷۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

عمر و عبد اللہ بن الزبیر بالبیعة اخذاً شدیداً لیست فیه رخصة حتی یبایعوا والسلام﴾۔ حسینؑ، عبد اللہ بن عمر اور عبد اللہ بن زبیر کو میری بیعت پر مجبور کرو اور جب تک بیعت نہ کرلیں انہیں ہرگز کوئی ڈھیل نہ دو۔[1] اور بعض اخبار و آثار سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ یزید عنید نے ولید کو مزید لکھا: ﴿انفذ کتابی الیهم فمن لم یبایعک فانفذ الی برأسه مع جواب کتابی هذا و السلام﴾ یعنی ان کے سامنے میرا یہ خط پیش کرو۔ اور ان میں سے جو بھی بیعت کرنے سے انکار کرے اس کا سر قلم کرکے میرے اس خط کے جواب کے ہمراہ ارسال کردو۔[2] ولید بن عتبہ اگرچہ خاندان بنی امیہ کا چشم و چراغ تھا مگر وہ ایسا سفاک نہ تھا کہ بے قصور لوگوں کا خون بہانے میں اسے لذت محسوس ہو۔ علاوہ بریں وہ حضرت امام حسینؑ کی باعظمت شخصیت سے متاثر بھی تھا۔ جب اس کے پاس یزید کا یہ تہدیدی و تاکیدی مکتوب پہنچا۔ تو وہ ڈر گیا اور ﴿اِنَّا لِلّٰهِ وَ اِنَّا اِلَیْهِ رَاجِعُوْنَ﴾ پڑھا۔ قتل حسینؑ کو سنگین جرم قرار دیتے ہوئے بولا: ﴿لا یرانی اللہ اقتل ابن بنت نبیه ولو جعل یزید لی الدنیا بما فیها﴾ خدا مجھے ہرگز اس حال میں نہیں دیکھے گا کہ میں اس کے نبیؐ کی بیٹی کے بیٹے (حسینؑ) کو قتل کروں۔ اگرچہ یزید مجھے پورے روئے زمین کی سلطنت ہی کیوں نہ دے دے۔[3] بہرکیف ولید بہت ہی سراسیمہ اور پریشان ہوا۔ اور اس مشکل مرحلہ پر مروان ابن حکم کو (جس سے اس کے تعلقات کشیدہ تھے۔ اور آمد و رفت کا سلسلہ منقطع تھا) مشورہ کے لیے طلب کیا۔ اور تمام صورت حال اس کے سامنے پیش کی۔ مروان نے کلمۂ استرجاع (انا للہ) پڑھنے کے بعد معاویہ کے لیے دعائے مغفرت کی۔ اس کے بعد کہا: عبد اللہ بن عمر کی طرف سے کوئی اندیشہ نہیں ہے۔ جو کچھ خطرہ ہے وہ حسینؑ بن علیؑ اور عبد اللہ بن زبیر کی طرف سے ہے۔ لہٰذا مصلحت یہ ہے کہ معاویہ کی خبر مرگ مشہور ہونے سے پہلے پہلے اسی وقت ان دونوں کو بلا کر ان پر بیعت یزید پیش کرو۔ اگر کرلیں تو فبہا ورنہ ان کو قتل کردو۔ دیکھو! اگر اسی وقت ایسا نہ کیا گیا اور مرگ معاویہ کی خبر مشہور ہوگئی تو پھر ان لوگوں کو مخالفت کرنے کا موقع مل جائے گا۔ اور ان پر قابو پانا مشکل ہوجائے گا۔ چنانچہ ولید نے اسی وقت عبد اللہ بن عمرو بن عثمان کو (جو ایک نوجوان لڑکا تھا) بھیجا۔ کہ امام حسینؑ اور عبد اللہ بن زبیر کو بلا لائے۔ چنانچہ وہ ان کے گھر گیا۔ وہاں وہ موجود نہ تھے۔ معلوم ہوا کہ مسجد نبویؐ میں ہیں۔ وہاں پہنچا۔ دونوں حضرات وہاں موجود تھے۔ بیک وقت دونوں کو حاکم مدینہ کا پیغام پہنچایا کہ وہ اس وقت آپ سے ملنا چاہتے ہیں۔ انہوں نے جواب میں کہا: تم جاؤ ہم تمہارے پیچھے آتے ہیں۔ مخفی نہ رہے کہ یہ شب شنبہ ۲۷ رجب ۶۰ھ کا واقعہ ہے۔ اس سے قبل اس طرح رات

---

[1] طبری، ج ۶، ص ۱۸۸۔ عاشر بحار، ص ۱۷۳۔ تاریخ، ج ۶، ص ۱۵۳۔ قمقام، ص ۲۱۷ وغیرہ۔

[2] ملہوف، ص ۱۸۔ عاشر بحار، ص ۱۷۳۔ تاریخ، ج ۶، ص ۱۵۳۔ مقتل الحسین خوارزمی، ج ۱، ص ۱۷۸، ۱۸۰ طبع نجف۔

[3] عاشر بحار، ص ۱۷۴۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

کے وقت ولید کا دربار میں بیٹھنے اور لوگوں سے ملاقات کرنے کا معمول نہ تھا۔[1] اس خلاف معمول وقت میں ولید کے بلاوے نے عبداللہ بن زبیر کو چونکا دیا۔ حضرت امام حسینؑ کو خطاب کر کے کہنے لگے: ولید کے اس وقت ہمیں بلانے کا کیا سبب ہو سکتا ہے؟ حضرت سید الشہداءؑ نے فرمایا: میرا خیال یہ ہے کہ معاویہ مر گیا ہے اور اس کی جگہ یزید بیٹھ گیا ہے۔ ولید چاہتا ہے کہ اس کی خبر مرگ نشر ہونے سے پہلے ہم سے یزید کے لیے بیعت کا مطالبہ کرے۔ کیونکہ میں نے گزشتہ رات خواب میں دیکھا ہے کہ معاویہ کا منبر سرنگوں ہے۔ اور اس کے گھر میں آگ لگی ہوئی ہے۔[2] (جس کی یہی تعبیر ہو سکتی ہے) عبداللہ بن زبیر نے کہا: اس وقت وہاں جانا خطرہ سے خالی نہیں ہے۔ امام علیہ السلام نے فرمایا: میں دفاع کا انتظام کر کے جاؤں گا۔ پھر عبداللہ نے پوچھا: اگر ولید بیعت یزید کا مطالبہ کرے تو آپؑ کا کیا ارادہ ہے؟ آپؑ نے فرمایا: میں ہرگز یزید کی بیعت نہیں کروں گا کیونکہ ایک تو معاویہ نے میرے بھائی امام حسنؑ سے معاہدۂ صلح میں یہ طے کیا تھا کہ وہ اپنے بعد کسی کو اپنا جانشین نہیں بنائے گا بلکہ آل رسول کا حق واپس حق داروں کو دے دے گا۔ ثانیاً یزید شرابخوار، لہو ولعب میں مشغول رہنے والا فاسق و فاجر ہے۔ رسول کا نواسہ (وارث مسند رسولؐ) ہرگز اس کی بیعت نہیں کر سکتا۔[3]

یہ دونوں حضرات یہی گفتگو کر رہے تھے کہ ولید کا وہی آدمی دوبارہ بلانے کے لیے حاضر ہوا۔ حضرت امام حسین علیہ السلام نے فرمایا: خواہ اور کوئی نہ آئے۔ میں ابھی آتا ہوں۔ پیغامبر نے واپس جا کر امام علیہ السلام کا پیغام دیا۔ مروان نے ولید سے کہا: حسینؑ نے تمہیں فریب دیا ہے وہ ہرگز نہیں آئیں گے۔ ولید نے کہا: ایسا نہ کہو۔ حسینؑ مکر و خدعہ کرنے والے نہیں ہیں اور نہ ہی وعدہ خلافی کرنے والے ہیں۔[4]

اس کے بعد امام علیہ السلام اپنے دولت سرا میں تشریف لے گئے اور اپنے حشم و خدم اور اہل خانوادہ کے نوجوانوں سے فرمایا کہ ولید نے اس وقت مجھے اپنے گھر بلایا ہے جو خطرے سے خالی نہیں ہے لہٰذا تم ہتھیار لگا لو اور میرے ہمراہ چلو۔ میں اندر جاؤں گا اور تم دروازہ پر بیٹھ جانا۔ جب میری آواز بلند ہو۔ یا میں بلاؤں تو اندر چلے آنا۔ چنانچہ آپؑ ایک جماعت کو جن کی تعداد بروایتے[5] اُنیس (۱۹) اور بروایتے[6] تیس (۳۰) اور بروایتے[7] پچاس (۵۰) تھی، (مشہور تیس (۳۰) نفر ہی ہے) ہمراہ لے کر ولید کے ہاں تشریف لے گئے۔ اس وقت آپؑ کے ہاتھ میں

---

۱ طبری، ج ۶، ص ۱۸۹۔
۲ تقتام، ص ۲۱۸۔ مقتل الحسین للمقرم، ص ۱۲۴ بحوالہ مثیر الاحزان ابن نما، ص ۱۰۔
۳ تقتام، ص ۲۱۸۔ تاریخ، ج ۶، ص ۱۵۴۔
۴ تاریخ، ج ۶، ص ۱۸۴۔
۵ مناقب شہر بن آشوب، ج ۴، ص ۸۷۔
۶ لہوف سید ابن طاؤس، ص ۱۸۔
۷ تاریخ التواریخ، ج ۶، ص ۱۵۴۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

رسول خداﷺ والی چھڑی[1] تھی۔ اور پروگرام کے مطابق ہمراہیوں کو دروازہ پر کھڑا کر کے آپؑ تنہا اندر تشریف لے گئے۔ جب آپؑ اطمینان سے بیٹھ چکے تو ولید نے آپؑ کو موت معاویہ کی اطلاع دی۔ اور بیعت یزید کا مطالبہ کیا۔ امام عالی مقام نے کلمۂ استرجاع ﴿اِنَّا لِلّٰهِ وَ اِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ﴾ زبان پر جاری فرمایا۔ اور بیعت کے متعلق یہ مجمل جواب دیا: ﴿ایها الامیر ان البیعة لا تکون سراً و لکن اذا دعوت الناس غداً فادعنا معهم﴾ بیعت پوشیدہ طریقہ پر نہیں ہوتی (اور نہ ہی تو اس پر راضی ہوگا) ہاں جب تو کل اور لوگوں کو بلائے تو ہمیں بھی بلانا۔"[2]

چونکہ ولید صلح جو قسم کا آدمی تھا۔ وہ امام علیہ السلام کا یہ نرم جواب سن کر خوش ہوگیا۔ اور کہا: بہت اچھا۔ ﴿انصرف اذا شئت علی اسم الله حتی تاتینا مع جماعة الناس﴾ بنام خدا واپس تشریف لے جائیں اور پھر تمام لوگوں کے ساتھ آئیں۔"[3]

ابھی امام علیہ السلام اٹھنے بھی نہ پائے تھے کہ مروان نے ولید سے کہا: اگر اس وقت حسینؑ بچ کر نکل گئے تو پھر جب تک طرفین کا بہت سا خون خرابہ نہ ہوا۔ اس وقت تک قابو میں نہ آئیں گے۔ اس لیے مصلحت یہ ہے کہ ﴿احبس الرجل فلا یخرج من عندک حتی یبایع او تضرب عنقه﴾ ان کو یہیں روکے رکھو۔ اور ہرگز یہاں سے نکلنے نہ پائیں۔ مگر یہ کہ بیعت کرلیں۔ یا پھر ان کی گردن اڑا دو۔[4]

مروان کا یہ کلام نافرجام سن کر امام علیہ السلام غضب ناک ہوکر اٹھے اور فرمایا: ﴿یابن الزرقاء! انت تقتلنی ام هو کذبت و الله و اثمت﴾ او زرقاء[5] کے بیٹے! کیا تم مجھے قتل کروگے یا ولید؟ بخدا تو نے جھوٹ بولا اور گنہگار ہوا۔[6]

اس کے بعد آپؑ نے ولید کو خطاب کر کے فرمایا: ﴿ایها الامیر انا اهل بیت النبوة و معدن الرسالة و مختلف الملائکة و بنا فتح الله و بنا ختم الله و یزید رجل فاسق شارب الخمر قاتل النفس المحرمة معلن بالفسق و مثلی لا یبایع مثله ولکن نصبح و تصبحون و ننظر و تنظرون ایّنا احق

---

1. مقتل الحسین للمقرم، ص ۱۲۶۔
2. لہوف، ص ۱۸۔
3. نفس المہموم، ص ۳۴۔ ناسخ، ج ۶، ص ۱۵۵۔
4. نفس المہموم، ص ۳۴۔ ناسخ، ج ۶، ص ۱۵۵۔ تقمام، ص ۲۱۹۔ لہوف، ص ۱۸ وغیرہ۔
5. زرقاء مروان کی دادی تھی۔ اور عرب کی مشہور زانیہ اور فاحشہ عورت تھی۔ ملاحظہ ہو: کامل ابن اثیر، ج ۴، ص ۷۵۔ اداب السلطان للطغری، ص ۸۸۔ تذکرہ سبط بن الجوزی، ص ۲۲۹، طبع ایران۔
6. طبری، ج ۶، ص ۱۸۹۔ ارشاد شیخ مفیدؒ، ص ۱۸۰۔ تقمام، ص ۲۱۹۔ ناسخ، ج ۶، ص ۱۵۵۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

بالخلافة و البیعة ﴾ اے امیر! ہم اہل بیت نبوت اور رسالت کی کان ہیں۔ ہمارا گھر ملائکہ کی آمد و رفت کی آماجگاہ ہے۔ خدا نے ہم سے خلقت کی ابتداء کی اور ہم پر ہی اختتام کرے گا۔ یزید فاسق و فاجر، شارب خمر اور ظالم و قاتل اور متجاہر بالفسق ہے۔ مجھ ایسا (پاکباز انسان) ایسے (ننگ انسانیت) شخص کی ہرگز بیعت نہیں کر سکتا۔ البتہ جب صبح ہوگی۔ تو ہم تم دیکھیں گے۔ کہ کون زیادہ حقدار خلافت و بیعت ہے؟''[1] حسینؑ جس وقت کہہ رہے تھے کہ میں بیعت نہیں کروں گا۔ اس وقت وہ بیعت نہ کرنے کے معاوضہ میں ظلم و تشدد کے تمام امکانات پر غور کر کے اور اپنے نفس کی قوت برداشت کا پورا جائزہ لے کر کامل اعتماد کے ساتھ بیعت کی نفی کر رہے تھے اور اسی لیے آپ دیکھیں گے کہ تشدد اپنی آخری حد پر پہنچ گیا۔ مگر حسینؑ کے صبر و برداشت کی قوت ختم نہ ہو سکی۔ وہ اپنی بات پر آخر تک قائم رہے۔ اسی عزم و استقلال کے ساتھ جس کو انہوں نے پہلے دن طے کیا تھا۔[2]

بہر حال جب مروان کے ساتھ مذکورہ بالا گفتگو کرتے وقت امام علیہ السلام کی آواز بلند ہوئی تو آپ کے دروازہ پر مقرر کردہ آدمی خنجر و شمشیر بکف ہو کر اندر گھس آئے۔ اس وقت جناب سید الشہداؑ اٹھے اور اپنے آدمیوں کے ہمراہ واپس اپنے دولت کدہ پر تشریف لے گئے۔[3]

آپ کے چلے جانے کے بعد مروان نے ولید سے کہا: اے امیر! تو نے میرے مشورہ کی مخالفت کی ہے۔ اب تم ہرگز حسینؑ پر قابو نہ پا سکو گے۔ ولید نے جواباً اس کی زجر و توبیخ کرتے ہوئے کہا: ﴿ویحک یا مروان انک اخترت لی التی فیها هلاک دینی و دنیای و الله ما احب ان لی ما طلعت علیه الشمس و غربت منه من مال الدنیا و ملکها و انی قتلت حسیناً. سبحان الله اقتل حسیناً ان قال لا ابایع و الله انی لا ظن ان امرءً یحاسب بدم الحسین خفیف المیزان عند الله یوم القیامة لا ینظر الله الیه و لا یزکیه و له عذاب الیم﴾۔ ''اے مروان افسوس ہے تم پر۔ تم نے مجھے ایسے امر میں مبتلا کرنا چاہا جس میں میرے دین و دنیا کی ہلاکت پوشیدہ ہے۔ بخدا اگر مجھے (قتل حسینؑ کے عوض) تمام روئے زمین کی دولت بھی عطا کر دی جائے تب بھی میں قتل حسینؑ کو پسند نہ کروں گا۔ سبحان اللہ کیا میں محض اس بات پر حسینؑ کو قتل کر دوں کہ وہ یہ کہتے ہیں کہ میں (یزید) کی بیعت نہیں کرتا۔ میرا خیال ہے کہ جس شخص کا خون حسینؑ کے متعلق حساب لیا گیا اس کا میزان اعمال بروز قیامت خدا کے نزدیک بہت ہی خفیف ہوگا۔ نہ خدا اس کی طرف نظر رحمت کرے گا۔ اور نہ ہی اس کا تزکیہ

---

[1] لہوف، ص ۱۹۔ تقمام، ص ۲۱۹۔ تاریخ، ج ۶، ص ۱۵۵۔ الدمعۃ الساکبہ، ص ۳۰۵۔

[2] شہید انسانیت، ص ۲۰۹۔

[3] مناقب من شہر آشوب، ج ۴، ص ۸۷۔ تاریخ، ج ۲، ص ۱۵۵۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

(اعمال) کرے گا۔ اور اس کے لیے دردناک عذاب[1] ہوگا۔ مروان نے بھی مصلحت وقت کے تحت یہ کہہ دیا کہ ہاں تم نے اچھا کیا ہے۔ آپ کی رائے درست ہے۔"

یہاں اجمالاً یہ بیان کر دینا بھی فائدہ سے خالی نہیں کہ امام حسین علیہ السلام تو حسب وعدہ ولید کے پاس چلے گئے مگر عبداللہ بن زبیر مسجد نبویؐ سے نکلا اور سیدھا گھر پہنچا اور چھپ کر بیٹھ گیا۔ ولید نے اس کے بلانے کے لیے کئی بار اپنے آدمی بھیجے مگر اس نے حاضر ہونے میں پس و پیش کیا۔ حتیٰ کہ طرفین سے گالم گلوچ تک نوبت پہنچی۔ بالآخر عبداللہ نے اپنے بھائی جعفر بن زبیر کو ولید کے پاس بھیج کر صبح تک مہلت لی۔ مہلت تو مل گئی مگر عبداللہ بن زبیر اپنے بھائی جعفر کے ہمراہ اسی رات (شب شنبہ، ۲۷ رجب ۶۰ھ) کو غیر معروف راستہ سے مکہ معظمہ کی طرف روانہ ہوگیا۔ جب صبح ہوئی اور ولید کو حقیقت حال کی اطلاع دی گئی تو اس نے غلامان بنی امیہ میں سے ایک غلام کی نگرانی میں اسّی (۸۰) سوار ابن زبیر کی تلاش میں بھیجے جو شام تک ڈھونڈنے کے بعد ناکام واپس لوٹ آئے۔[2]

امام حسین علیہ السلام قبر رسولؐ پر

دربار ولید سے واپسی کے بعد حضرت سید الشہداء علیہ السلام نصف شب کے قریب اپنے جد نامدارؐ کے مقدس مزار پر حاضر ہوئے۔ جیسا کہ جناب سید محمد بن ابی طالب الحسینی الحائری نے اپنی کتاب تسلیۃ المجالس و زینۃ المجالس میں لکھا ہے۔ اور اس سے علامہ مجلسیؒ اور صاحب ناسخ و تقمام وغیرہم نے نقل کیا ہے۔ قبر مبارک سے ایک نور ساطع ہوا۔ امام حسینؑ نے عرض کیا: ﴿السلام علیک یا رسول اللّٰہ انا الحسینؑ بن فاطمۃؑ فرخک و ابن فرختک و سبطک الّذی خلفتنی فی امتک فاشھد علیھم یا نبی اللّٰہ. انّھم قد خذلونی و ضیّعونی و لم یحفظونی فھذہٖ شکوانی الیک حتی القاک﴾ اے رسولؐ خدا! آپؐ پر سلام ہو۔ میں حسینؑ بن فاطمہؑ ہوں۔ میں تیرا بیٹا اور تیری بیٹی کا بیٹا ہوں۔ میں تیرا وہی نواسہ ہوں۔ جسے تو اپنی امت میں (بطور امانت و یادگار) چھوڑ گئے تھے۔ اے پیغمبرؐ خدا! ان لوگوں پر گواہ رہنا کہ انہوں نے میری نصرت نہیں کی۔ اور میری منزلت ضائع کی۔ اور حقوق کی حفاظت نہیں کی۔ آپ کی بارگاہ میں میری یہ شکایت ہے حتیٰ کہ آپؐ سے ملاقات کروں" (یعنی اس وقت باقی تفصیلات عرض کروں گا) اسی طرح اس رات صبح تک وہیں نماز و مناجات میں مشغول رہے۔[3]

بعض آثار سے معلوم ہوتا ہے کہ اس شب ولید نے کسی آدمی کو امام حسین علیہ السلام کے حالات کی تحقیق و جستجو

---

[1] ناسخ التواریخ، ج ۶، ص ۱۵۵۔ مقتل الحسین للمقرمؒ، ص ۱۲۸۔ تقمام، ص ۲۱۹ وغیرہ۔

[2] ارشاد شیخ مفیدؒ، ص ۱۸۰۔ تقطیع صغیر۔ نفس المہموم، ص ۳۵۔ ناسخ، ج ۶، ص ۱۵۷۔ عاشر بحار، ص ۱۷۴۔

[3] عاشر بحار، ص ۷۴۔ الدمعۃ الساکبہ، ص ۳۰۵۔ ناسخ، ج ۶، ص ۱۵۸۔ تقمام، ص ۲۲۱۔ نفس المہموم، ص ۳۶۔ مقتل القوائم، ص ۵۴۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

کے لیے بھیجا۔ جب اس نے واپس جا کر ولید کو اطلاع دی کہ حسینؑ گھر میں نہیں ہیں۔ تو ولید نے سمجھا کہ شاید حسین علیہ السلام مدینہ چھوڑ کر کہیں چلے گئے ہیں۔ اس لیے اس نے خوش ہو کر کہا: ﴿الحمد للّٰہ الّذی خرج ولم یبتلنی بدمہ﴾ خدا کا شکر ہے کہ حسینؑ کہیں چلے گئے اور خدا نے مجھے ان کے خون میں مبتلا نہیں کیا۔ جب صبح ہوئی تو سرکار سید الشہداؑ اپنے دولت کدہ پر واپس تشریف لائے۔[1]

امام علیہ السلام دوسرے دن (۲۷ رجب ۶۰ھ کو) اس غرض سے باہر تشریف لائے کہ حالات حاضرہ کا جائزہ لیں۔ راستہ میں مروان بن حکم سے ملاقات ہوئی۔ مروان نے آپؑ سے کہا: میں آپ کو ایک ایسی نصیحت کرتا ہوں جس میں آپؑ کا دینی اور دنیاوی فائدہ ہے۔ آپ نے فرمایا: کہو کیا کہتے ہو؟ کہا: یزید کی بیعت کر لو۔ حضرت امام حسینؑ نے اس ملعون کا یہ ناہنجار کلام سن کر فرمایا: ﴿اِنَّا لِلّٰہِ وَ اِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ و علی الاسلام السلام اذ بلیت براع مثل یزید و لقد سمعت جدّی رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ و الہ الخلافۃ محرّمۃ علیٰ ال ابی سفیان[2] فاذا رایتم معاویۃ علی منبری فابقروا بطنہ و قد راہ اھل المدینۃ علی منبرہ فلم یبقروا فابتلاھم بیزید الفاسق[3] ... الخ...﴾ "انا للّٰہ..... اب اسلام پر الوداعی سلام ہے۔ (کہ وہ مسلمانوں سے رخصت ہو رہا ہے) کیونکہ اب امت رسولؐ کو یزید ایسے حاکم کے ساتھ جکڑا گیا ہے۔ میں نے اپنے جد نامدارؐ سے سنا ہے وہ فرماتے تھے کہ آل ابی سفیان پر خلافت حرام ہے۔ جب معاویہ کو میرے منبر پر دیکھو تو اس کا پیٹ چاک کر دینا مگر اہل مدینہ نے معاویہ کو آنحضرتؐ کے منبر پر دیکھا اور (فرمان رسولؐ کو پس پشت ڈال کر) اس کا پیٹ چاک نہ کیا۔ اس کا نتیجہ یہ ہے کہ آج خدا نے انہیں یزید ایسے فاسق حاکم کی حکومت کے ساتھ مبتلا کر دیا ہے، الخ۔۔۔۔۔ اسی قسم کی باہمی تلخ کلامی ہوئی اور مروان ناراض ہو کر چلا گیا۔ اسی روز (۲۷ رجب بروز شنبہ) عصر کے وقت ولید نے بیعت کے لیے کچھ آدمی حضرت امام حسینؑ کو بلانے کے لیے بھیجے۔ امام علیہ السلام نے فرمایا: ﴿اصبحوا ثم ترون و نری﴾ یہ رات گزرنے دو۔ اور صبح ہو لینے دو۔ پھر تم بھی غور کر لینا اور ہم بھی سوچ لیں گے۔" چنانچہ پھر ولید نے کوئی اصرار نہ کیا۔ اور امام عالی مقام کو ان کے حال پر چھوڑ دیا۔

امام حسینؑ کے مدینہ چھوڑنے کی حکمتیں

اب امام عالی مقامؑ نے یہ تہیہ کر لیا تھا کہ اب مدینہ میں مزید قیام کرنا مصلحت وقت کے خلاف ہے کیونکہ

---

[1] عاشر بحار، ص ۷۴۔ الدمعۃ الساکبہ، ص ۳۰۵۔ تاریخ، ج ۶، ص ۱۵۸۔ قمقام، ص ۲۲۱۔ نفس المہموم، ص ۳۶، مقتل القوائم، ص ۵۴۔

[2] ملہوف سید بن طاؤس، ص ۲۰۔ الدمعۃ الساکبہ، ص ۳۰۵۔

[3] مقتل الحسین خوارزمی، ج ۱، ص ۱۸۵۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

اب یہ خطرہ یقینی حد تک پہنچ چکا تھا کہ اگر ولید نے یزید کے تہدیدی حکم کی تعمیل میں کچھ دیر پس و پیش بھی کیا۔ تو اسے معزول کر کے مروان بن حکم جیسے کسی دشمن خاندانِ رسولؐ کو گورنر بنا دیا جائے گا۔ اور انکار بیعت کی صورت میں خون امام سے زمین مدینہ رنگین کر دی جائے گی۔ مگر حسینؑ مدینۂ رسولؐ کی یہ توہین ہرگز برداشت نہ کر سکتے تھے۔

اس صورت میں اہل مدینہ سے یہ توقع بھی نہ کی جا سکتی تھی کہ وہ نواسۂ رسولؐ کی حفاظت و حراست کی خاطر اپنی جان کی بازی لگا دیں گے کیونکہ امام حسینؑ اپنی آنکھوں سے دیکھ چکے تھے کہ وفاتِ پیغمبرؐ کے بعد اسی مدینہ میں ان کی مادر گرامی حضرت فاطمہ زہراؑ پر مصائب و شدائد کے پہاڑ ڈھائے گئے تھے۔ اسی مدینہ میں ان کے عظیم والد حضرت علی بن ابی طالبؑ کو قریباً پچیس سال تک خانہ نشین کیا گیا تھا۔ اور حد یہ تھی کہ اسی مدینہ میں ان کے برادر معظم حضرت امام حسنؑ کے جنازہ پر تیر برسائے گئے تھے اور کسی مسلمان کی رگِ حمیت نہ پھڑکی تھی۔ ان حالات میں مدینہ والوں پر آپؑ کس طرح اعتماد کر سکتے تھے؟ نیز اگر جناب امام حسینؑ کی شہادت مدینہ میں واقع ہوتی۔ تو اسے وہ اہمیت ہرگز حاصل نہ ہو سکتی۔ جو اسے کربلا کے میدان میں حاصل ہوئی۔ بہر حال اب عقل و تدبر کا یہی تقاضا تھا کہ مدینہ میں مزید قیام نہ کیا جائے۔ اور سفر کربلا کی پہلی منزل (مکہ مکرمہ) کی طرف رخت سفر باندھ کر کوچ کر دیا جائے۔ چنانچہ اس حکیم ربانی نے ایسا ہی کیا۔ اب ۲۸ رجب ۶۰ھ کی شام ہو چکی تھی۔ آپ نے اس رات کا اکثر حصہ سفر کی تیاری اور اپنے جد نامدارؐ و برادر والاتبارؑ اور مادر عالی وقارؑ کے مزارات عالیہ سے رخصت ہونے میں بسر کی۔ چنانچہ اس شب اپنے جد نامدارؐ کے مزار اقدس کے پاس گئے۔ چند رکعت نماز پڑھی۔ پھر بارگاہ ایزدی میں یوں مناجات کی: ﴿اللّٰھم ان ھذا قبر نبیک محمدؐ و انا ابن بنت نبیک وقد حضرنی من الامر ما قد علمت اللّٰھم انی احبّ الامر بالمعروف و انکر المنکر و اسئلک یا ذا الجلال و الاکرام بحق القبر ومن فیہ الا اخترت لی ما ھو لک رضیٰ و لرسولک رضی﴾ "خداوندا! یہ تیرے نبی محمدؐ کی قبر ہے۔ اور میں تیرے نبی کی دختر کا فرزند ہوں۔ میں جن حالات سے دوچار ہوں تو ان سے واقف ہے۔ بارالہا! میں امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کرنے کو دوست رکھتا ہوں۔ اور اے ذوالجلال والاکرام! میں تجھ سے اس قبر اور اس کے صاحب کا واسطہ دے کر سوال کرتا ہوں کہ میرے لیے وہ طریقہ کار اختیار فرما جس میں تیری اور تیرے رسولؐ کی رضامندی ہو۔" اس کے بعد آپؑ بہت روئے۔

جب رات کا کافی حصہ گزر گیا۔ تو آپؑ نے قبر رسولؐ پر سر رکھا اور تھوڑی دیر کے لیے سو گئے۔ اس وقت عالم رویاء میں دیکھا کہ جناب رسول خداؐ ملائکہ کی ایک جماعت کے ساتھ جو آپؑ کے دائیں بائیں ہیں۔ تشریف لائے ہیں۔ اور آ کر ان کو سینہ سے لگایا ہے اور دونوں آنکھوں کے درمیان بوسہ دے کر فرماتے ہیں: ﴿حبیبی یا

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

حسینؑ کانی اراک عن قریب مرمّلا بدمائک مذبوحاً بارض کربلا بین عصابة من امتی و انت مع ذلک عطشان و ظمآن لا تروی وھم بعد ذلک یرجون شفاعتی لا انا لھم اللّٰہ شفاعتی یوم القیامة حبیبی! یا حسینؑ! ان اباک و امک و اخاک قدموا علّی وھم مشتاقون الیک ﴾ میرے حبیب حسینؑ! گویا میں تمہیں دیکھ رہا ہوں کہ عنقریب تم خاک وخون میں غلطان ہوگے اور میری امت کے چند افراد کے ہمراہ زمین کربلا میں (ظلم وجور سے) ذبح کیے جاؤ گے۔ اور اس کے ساتھ ساتھ تم پیاسے بھی ہوگے۔ مگر تمہیں پانی نہیں پلایا جائے گا۔ اور (نابکار قاتل) اس کے باوجود میری شفاعت کے امیدوار بھی ہوں گے۔ خدا ہرگز بروز قیامت انہیں میری شفاعت نصیب نہیں کرے گا۔

میرے حبیب حسینؑ! تمہارے والدؑ، والدہؑ اور بھائیؑ میرے پاس پہنچ چکے ہیں اور وہ سب تمہارے مشتاق ہیں۔"

اس وقت اسی حالتِ خواب میں امام حسین علیہ السلام روئے اور اپنے جدامجدؐ سے عرض کیا: ﴿یا جداہ لا حاجة لی فی الرجوع الی الدنیا خذنی الیک و ادخلنی فی قبرک ﴾ اے جدنامدارؐ مجھے دنیا میں جانے کی کوئی خواہش نہیں ہے۔ مجھے یہیں اپنے ہمراہ قبر میں جگہ دے دیجئے مگر آنحضرتؐ نے فرمایا: ﴿لا بدلک من الرجوع الی الدنیا حتی ترزق الشھادة لیکون لک ما کتب اللّٰہ لک فیھا من الثواب العظیم فانک و اباک و اخاک و عمک و عم ابیک تحشرون یوم القیامة فی زمرة واحدة حتی تدخلوا الجنة ﴾ نہیں بیٹا! تمہارے لیے دنیا میں رجوع کرنا ضروری ہے تاکہ شہادت پاکر وہ ثواب عظیم حاصل کرو جو خدائے کریم نے تمہارے لیے مقرر کیا ہے۔ کیونکہ تم اور تمہارے والد، بھائی اور تمہارے والد کے چچا (جناب حمزہؓ) سب بروز حشر ایک ہی زمرہ میں محشور ہوکر داخل جنت ہوگے۔ اس کے بعد امام علیہ السلام گھبرا کر خواب سے بیدار ہوگئے۔[1]

بعد ازاں اپنی مادر گرامیؑ کی قبر اقدس پر گئے۔ ان سے الوداع کیا۔ پھر اپنے بھائی امام حسنؑ کی قبر مبارک پر گئے۔ ان سے الوداع کیا۔ پھر گھر تشریف لائے۔ اہل خانہ کو اپنا خواب والا ماجرا سنایا۔ سب اہل خانہ دل کھول کر روئے اور اس رات اہل بیت رسولؐ سے زیادہ اور کوئی شخص محزون ومکروب نہ[2] تھا۔

منھم من قضٰی نحبہٗ و منھم من ینتظر و ما بدلوا تبدیلاً

---

[1] مقتل عوالم، ص ۵۴۔ عاشر بحار، ص ۱۷۴۔ تاریخ، ج ۶، ص ۱۵۹۔ الدمعۃ الساکبہ، ص ۳۰۵۔ نفس المہموم، ص ۳۷۔

[2] مذکورہ بالا حوالہ جات۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

پندرھواں باب

حضرت امام حسین علیہ السلام کی مدینہ منورہ سے مکہ معظّمہ کی طرف ہجرت

جناب امام حسین علیہ السلام کی مدینہ سے روانگی کی تاریخ میں قدرے اختلاف ہے۔ حضرت سید ابن طاؤسؒ اور صاحب منتخب وغیرہ بعض حضرات نے سیوم شعبان ۶۰ھ بیان کی ہے لیکن جمہور مورخین و محققین کے نزدیک آپؑ نے شب یکشنبہ اٹھائیسویں رجب ۶۰ھ کو ہجرت فرمائی۔ جناب امام حسینؑ اپنے جد امجدؐ، مادرؑ عالی قدر اور برادر معظم جناب امام حسنؑ کے مزارات عالیہ سے الوداعی سلام کرنے کے بعد جب واپس گھر تشریف لائے تو ابھی رات کا کچھ حصہ باقی تھا۔ کہ آپؑ نے رخت سفر باندھ کر تاریکی شب کے پردہ میں مخدرات عصمت و طہارت کو ہمراہ لے کر مکہ مکرمہ کی راہ اختیار فرمائی۔ حضرت ابوطالبؑ کی قریباً تمام اولاد ذکور و اناث کو اپنے ہمراہ لیا جس میں سوائے جناب محمد بن حنفیہ اور بعض دوسرے افراد کے جناب کی دونوں بہنیں حضرت زینبؑ و حضرت ام کلثومؑ ۔۔۔ اپنے بیٹے، بھتیجے اور بھانجے شامل تھے۔ علامہ سید ہبۃ الدین شہرستانی نے اپنے رسالہ شریفہ النہضۃ الحسینیہ میں لکھا ہے جس کا خلاصہ یہ ہے کہ تاریخ حسینؑ بیان کرنے والے عموماً یہی کہا کرتے ہیں کہ سید الشہداءؑ کی زندگی کی تمام راتوں میں سے شب عاشورا زیادہ سخت دشوار رات تھی جس میں آپؑ مع اپنے اہل خانوادہ کے ایک لق و دق اور بے آب و گیاہ صحراء میں نرغۂ اعداء میں گھر گئے تھے اور ان پر اس طرح عرصۂ حیات تنگ کر دیا گیا تھا کہ پینے کا پانی بھی بند ہو چکا تھا۔ مگر بعید نہیں کہ ولید بن عتبہ کے دربار سے واپسی (اور پھر مدینہ سے روانگی) والی شب سب سے زیادہ سخت رات ہو جبکہ امام حسینؑ نہایت ہی سراسیمہ و پریشان تھے۔ کہ وہ ظالموں کے ساتھ کیا روش و رفتار اختیار کریں۔ کیا یزید کی بیعت کر لیں؟ یہ محال ہے! کیا اپنے جد نامدارؐ کے حرم (مدینہ) میں قیام پذیر رہیں؟ اس طرح دشمن بآسانی ان کا استیصال کر دے گا! کیا جائے امن مکہ کی طرف ہجرت کر جائیں؟ لیکن یہ سفر تنہا اختیار کریں۔ یا کثیر العدد کنبہ و قبیلہ کے ساتھ؟ اہل و عیال کے ساتھ سفر اور وہ بھی مکہ کا دشوار گزار راستہ۔ کوئی آسان کام نہ تھا۔ یہ تھا حسینؑ کا مسلسل فکری جہاد اور عقلی الم جو برابر جاری تھا۔ بالآخر امامؑ نے آخری صورت کو عملی جامہ پہنانا ہی مناسب سمجھا۔[1] آج امام حسینؑ مدینہ سے مکہ

---

[1] النہضۃ الحسینیہ، ص ۴۲، طبع نجف۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

کی طرف جو ہجرت اختیار فرما رہے تھے۔ وہ آج سے ٹھیک ساٹھ برس پہلے ان کے جد امجد حضرت رسول خدا ﷺ کی مکہ سے مدینہ کی طرف ہجرت کے ساتھ انتہائی مشابہت رکھتی تھی۔ اس وقت آنحضرتؐ نے ابوسفیان کی شرارتوں سے تنگ آ کر ہجرت کی تھی۔ اور آج حسینؑ ابوسفیان کے پوتے یزید کی فرعونی کارروائیوں کی وجہ سے ہجرت کرنے پر مجبور ہو رہے تھے۔ ہجرت رسولؐ کے کچھ عرصہ بعد یعنی فتح مکہ کے بعد ابوسفیان کی شیطنت کا خاتمہ ہو گیا۔ اسی طرح شہادت حسینؑ کے کچھ عرصہ بعد سلطنت بنی امیہ کو بھی بالکل زوال آ گیا۔ مؤرخین کا بیان ہے کہ عام انسانی فطرت کے مطابق (کہ انسان وطن چھوڑتے وقت وطن کی ہر پسندیدہ چیز حتیٰ کہ اس کے آب و گیاہ اور خاک و باد سے بھی وداع کرتا ہے اور ان پر حسرت و یاس کی نگاہیں ڈالتا ہے)۔ آنحضرتؐ مکہ سے روانہ ہوتے وقت مڑ مڑ کر مکہ کے در و دیوار پر نگاہ ڈالتے جاتے تھے۔[1] حتیٰ کہ خداوند عالم کو تسلی دینا پڑی۔ ﴿ان الذی فرض علیک القرآن لرادک الی معاد﴾ (پ ۲۰، سورۃ القصص، ع ۱۲) اے رسولؐ! خدا جس نے تم پر قرآن نازل کیا ضرور تمہیں ٹھکانے تک پہنچا دے گا۔

اسی طرح جب حسینؑ مدینۂ رسولؐ سے نہایت مظلومیت کے عالم میں روانہ ہونے لگے تو ہر ہر چیز پر مایوسانہ نگاہ ڈالتے اور بار بار اپنے جد نامدارؐ اور دوسرے بزرگوں سے وداع کرتے۔ چنانچہ قبل ازیں دو بار جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے آپؐ کے وداع کرنے کا تذکرہ ہو چکا ہے مگر بعض آثار و اخبار سے یہ بھی آشکار ہوتا ہے کہ جب جناب امام حسینؑ کا یہ مختصر سا قافلہ روانہ ہو رہا تھا تو اس وقت بھی آپؑ روضۂ رسولؐ پر آخری سلام کے لیے حاضر ہوئے۔ اور نہایت حسرت و یاس کے لہجہ میں عرض کیا: ﴿یا رسول اللّٰہ بابی انت و امی لقد خرجت من جوارک کرھاً و فرّق بینی و بینک و اخذت بالانف قھراً ان ابایع یزید بن معاویۃ شارب الخمر و راکب الفجور فان فعلت کفرت و ان ابیت قتلت فھا انا خارج من جوارک علی الکرہ فعلیک منی السّلام یا رسول اللّٰہ﴾ "یا رسول اللہؐ میرے ماں باپ آپؐ پر قربان ہوں۔ میں مجبور ہو کر آپؐ کے جوار سے نکل رہا ہوں۔ میرے اور آپ کے درمیان (یہ ظاہری) جدائی ڈال دی گئی ہے۔ مجھے مجبور کیا جا رہا ہے کہ میں یزید بن معاویہ شارب خمر، فاسق و فاجر کی بیعت کروں۔ ظاہر ہے کہ اگر میں اس کی بیعت کرتا ہوں تو کافر ہوتا ہوں۔ اور اگر انکار کرتا ہوں تو قتل ہوتا ہوں۔ بہر کیف میں بامر مجبوری آپ کے جوار (پُر انوار) سے نکل رہا ہوں۔ یا رسول اللہؐ میری طرف سے آپؐ پر سلام ہو۔"[2]

---

[1] حاشیہ ترجمہ فرمانؒ، ص ۴۳۱

[2] ناسخ التواریخ، ج ۶، ص ۱۶۲۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

ہاں ہجرت رسولؐ اور ہجرت امامؑ میں جو نمایاں فرق نظر آتا ہے وہ یہ ہے کہ ایک تو جناب رسولؐ خدا کو کچھ عرصہ کے بعد مظفر و منصور ہو کر فاتحانہ شان سے اپنے وطن واپس لوٹنے کا یقین تھا مگر حسینؑ کو اپنی اور اپنے اعزا و احباب کی شہادت کا یقین تھا۔ دوسرے یہ کہ جناب رسول خداﷺ ہجرت کے وقت تنہا تھے مگر حسینؑ کے ساتھ مخدرات عصمت و طہارت بھی تھیں ؎

لا اضحک اللّٰہ سن الدھر ان ضحکت — و ال احمدؐ مظلومون قد قھروا

مشردون نفوا عن عقر دارھم — کانھم جنوا ما لیس یغتفر

جناب محمد بن حنفیہ اور امامؑ عالی مقام کے درمیان مکالمہ

ارباب سیر و تواریخ کی نگارشات سے معلوم ہوتا ہے کہ امام مظلوم کی روانگی سے قبل بعض حضرات و خواتین نے اپنی اپنی عقل و فکر کے مطابق امام عالی مقامؑ کو مختلف مشورے دیئے مگر یہ عجیب بات ہے کہ آپؑ کو یہ مشورہ دیا گیا کہ مدینہ کو نہ چھوڑیں۔ یا کہا گیا کہ مکہ (جو جائے امن ہے) میں قیام کریں۔ یہ مشورہ بھی دیا گیا کہ طائف یا یمن کی طرف ہجرت کر جائیں وغیرہ وغیرہ۔ مگر یہ مشورہ کسی یگانے عزیز یا بیگانے دوست نے نہیں دیا کہ آپؑ یزید کی بیعت کر لیں۔ جس سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ ان سب کے نزدیک یہ ایک ناممکن بات تھی کیونکہ اس میں صرف اسلام ہی کی نہیں بلکہ پورے عالم انسانیت کی ہلاکت و بربادی تھی لہٰذا اس کا اختیار کرنا حسینؑ کے لیے کسی طرح ممکن نہ تھا۔

بہرحال ان مشورہ دینے والوں میں جن حضرات و خواتین کے نام نمایاں نظر آتے ہیں، وہ یہ ہیں:

جناب محمد بن حنفیہ، عبداللہ بن عمر، عبداللہ بن عباس، حضرت ام سلمہؓ، جناب محمد بن حنفیہ نے آپؑ کو یہ مشورہ دیا کہ فی الحال مکہ کو اپنا مستقر بنائیں اور رسل و رسائل کے ذریعہ لوگوں کو اپنی بیعت پر آمادہ کریں۔ اگر وہ اس پر متفق ہو جائیں تو فبہا ورنہ ریگستانی صحراؤں اور کوہساروں کے دامنوں اور شہر بہ شہر منتقل ہوتے رہیں۔ اور لوگوں کے انجام کار کا انتظار فرمائیں۔[1] اور پھر کوئی آخری رائے قائم کریں۔ امام عالی مقام نے ان کے لیے جزائے خیر کی دعا کی۔ اور اپنے اہل و اصحاب کے ساتھ مکہ کی طرف اپنی روانگی کے مصمم ارادہ کا اظہار فرمایا۔ اور بعض روایات کی بنا پر جناب محمد بن حنفیہ کو فرمایا:

﴿اما انت فلا علیک ان تقیم بالمدینۃ فتکون عیناً علیھم لا تخفی عنی شیئاً من امورھم﴾ تمہارے لیے کوئی حرج نہیں کہ یہیں مدینہ میں ٹھہرے رہو اور ان (مخالفین) کی

---

[1] ابن اثیر، ج ۴، ص ۷۔ طبری، ج ۶، ص ۱۹۱۔ عاشر بحار، ص ۱۷۴۔ مقتل، ص ۲۲۴ وغیرہ۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

نگرانی کرو اور مجھے تازہ حالات کی اطلاع دیتے رہو۔[1]

اس کے بعد ان کے نام وہ وصیت نامہ تحریر فرمایا۔ (اسی کتاب کے صفحہ ۱۴۷ پر مذکور ہے)۔

جناب ام سلمہؓ اور امامؑ عالی مقام کے درمیان گفتگو

محبّ خاندانِ نبوتؐ ہونے کے علاوہ جناب ام المومنین ام سلمہؓ کو حضرت امام حسینؑ کے ساتھ خاص انس اس لیے بھی تھا کہ انہوں نے بچپن میں ان کی پرورش کی تھی اس لیے جب ان کو آپ کے سفر عراق کے ارادہ کی اطلاع ملی تو سخت آزردہ ہوئیں اور خدمت امامؑ میں عرض کیا: ﴿یا بنی لا تحزنی بخروجک الی العراق فانی سمعت جدک رسول اللّٰہ یقول یقتل و لدی الحسینؑ بارض العراق فی ارض یقال لھا کربلا... و عندی تربتک فی قارورۃ دفعھا الیّ النبی صلی اللّٰہ علیہ و الہ... الخ﴾ اے بیٹا! عراق کا سفر کر کے مجھے غمناک نہ کرو کیونکہ میں نے تمہارے جد امجد کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ میرا بیٹا حسین عراق میں سرزمین کربلا کے اندر شہید کیا جائے گا۔ اور آپ کی قتل گاہ کی مٹی ایک شیشی میں میرے پاس محفوظ ہے۔ جو جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے دی تھی۔ امام علیہ السلام نے جواب میں فرمایا: ﴿یا اماہ و انا و اللّٰہ اعلم انی مقتول مذبوح ظلماً و عدواناً... الخ﴾ اے مادر محترم! میں خود بھی جانتا ہوں کہ میں ظلم و جور سے شہید کیا جاؤں گا۔ مجھے اپنے قاتل اور جائے قتل اور جائے دفن کا بھی علم[2] ہے۔ (اس کے بعد امامؑ اور امام سلمہؓ کے درمیان جو مزید گفتگو ہوئی اور جس طرح امام علیہ السلام نے باعجاز امامت جناب ام سلمہؓ کو اپنی قتل گاہ دکھائی۔ اور ان کو خاک کربلا عنایت فرمائی۔ اس کا تذکرہ اسی کتاب کے چوتھے باب اور معجزہ نمبر ۴ کے ضمن میں ہو چکا ہے۔ فراجع)۔ بعض آثار سے آشکار ہوتا ہے کہ جناب ام سلمہؓ نے کہا کہ اگر آپؑ تشریف لے جاتے ہیں تو ان مخدرات عصمت و طہارت کو تو ہمراہ نہ لے جائیں۔ آپؑ نے جواباً فرمایا: ﴿قد شاء اللّٰہ ان یرانی مقتولاً مذبوحاً ظلماً و عدواناً و قد شاء ان یری حرمی و رھطی و نسائی مشرّدین و اطفالی مذبوحین مظلومین ماسورین مقیدین وھم یستغیثون فلا یجدون ناصراً و لا معینا﴾ خدا کی مشیت یہی ہے کہ وہ مجھے مقتولِ جور و جفا دیکھے اور میرے اہل و عیال کو وطن سے

---

[1] مقتل الحسین مقرم، ص ۱۳۴، بحوالہ مقتل محمد بن ابی طالب۔ اس سے جناب محمد بن حنفیہ کے مدینہ میں رہنے کی اصلی علت بھی معلوم ہو جاتی ہے۔ امامؑ نے ان کے نام جو وصیت نامہ لکھا ہے اس سے بھی اس کی تائید مزید ہوتی ہے لیکن عام ارباب مقاتل نے امامؑ کا یہ فرمان نقل نہیں کیا۔ جناب علامہ حلی علیہ الرحمہ نے مسائل ابن مہنا کے جواب میں اور ابن نما حلی نے اخذ الساعدہ میں لکھا ہے کہ جناب محمد بن حنفیہ بوجہ بیماری جناب سید الشہداءؑ کے ہمراہ نہ جا سکے۔ بہرحال جناب ابن حنفیہ کی جلالت کا تقاضا یہی ہے کہ ان کے شریک سفر نہ ہونے کی کوئی معقول وجہ ہی ہوگی و کذا الکلام فی تاخر عبد اللّٰہ بن جعفر الطیارؓ۔ و اللّٰہ العالم۔ (منہ عفی عنہ)

[2] نفس المہموم، ص ۳۹۔ عاشر بحار، ص ۱۷۵ وغیرہ۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

دور اور اس طرح گرفتار بلا دیکھے کہ بعض ذبح ہوں۔ اور بعض اس طرح قید و بلا میں مبتلا ہوں کہ جب آواز استغاثہ بلند کریں تو کوئی ناصر و مددگار جواب نہ دے۔ جناب ام سلمہؓ یہ سن کر بہت روئیں اور ان کا معاملہ خدا کے سپرد کر دیا۔[1]

اصول کافی کی روایت صادقؑ سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ ﴿لما سار الی العراق استودع﴾ جب امام حسینؑ سفر عراق اختیار کرنے لگے تو کتاب اور وصیت (امامت) جناب ام سلمہؓ کے حوالہ کر گئے۔ جب امام زین العابدینؑ واپس تشریف لائے تو جناب ام سلمہؓ نے وہ امانت ان کے حوالہ کر دی۔[2] جس سے جناب ام سلمہؓ کی جلالت قدر نمایاں ہوتی ہے۔

عبداللہ بن عمر کا مشورہ

عبداللہ بن عمر نے آنجنابؑ کو ان بگڑے ہوئے حالات میں مدینہ ہی میں قیام کا مشورہ دیا اور امام عالی مقامؑ نے ان کو مناسب جواب دے کر خاموش کر دیا۔ نیز یہ بھی فرمایا: ﴿یا عبد اللہ ان من ھو ان الدنیا علی اللہ ان راس یحییٰ بن زکریا یھدی الی بغی من بغایایتی اسرائیل و ان راسی یھدی الی بغی من بغایا بنی امیۃ[3] .... الخ﴾ اے عبداللہ! نگاہ قدرت میں دنیا کی پستی ذلت کی ایک یہ بھی دلیل ہے کہ حضرت یحییٰؑ کا سر اقدس بنی اسرائیل کے حرام زادوں میں سے ایک حرام زادے کے سامنے پیش کیا گیا تھا۔ اسی طرح میرا سر بھی بنی امیہ کے حرام زادوں میں سے ایک حرام زادے کے سامنے پیش کیا جائے گا۔ جب عبداللہ کو یقین ہو گیا کہ امامؑ ارادۂ سفر سے باز نہیں آتے۔ تو عبداللہ نے خواہش کی کہ جس مقام پر جناب رسول خداﷺ بہت بوسہ دیا کرتے تھے۔ اس پر مجھے بوسہ دینے دو۔ امامؑ نے ناف سے کپڑا اٹھایا۔ اور عبداللہ نے تین بار اس متبرک مقام پر بوسہ دیا۔[4]

بہر کیف ان سب امور سے فارغ ہو کر سرکار سید الشہداءؑ نے ۲۸ رجب ۶۰ھ کو ابھی اتوار کی رات ختم نہ ہوئی تھی کہ آپؑ مدینہ سے روانہ ہو گئے۔ مدینہ کی صبح آج بے رونق تھی۔ اس لیے کہ حقیقی آفتاب اس کا آنکھوں سے اوجھل ہو چکا تھا اور رسولؐ کی قبر بے چراغ تھی۔ اس لیے کہ رسول کا نور دیدہ آج صحرائے غربت میں گامزن تھا۔[5]

راویان اخبار کا بیان ہے کہ جس وقت آپ مدینہ سے نکلے تو اس وقت آپ اس آیت مبارکہ کی تلاوت کر

---

[1] الدمعۃ الساکبہ، ص ۳۰۶۔ عاشر بحار، ص ۱۷۵۔ مقتل، ص ۲۲۶ وغیرہ۔

[2] اصول کافی، ص ۱۵۵، طبع ایران۔

[3] الملہوف سید ابن طاؤس، ص ۲۶ و مقتل مقرم، ص ۱۳۷ بحوالہ مقتل ابن نما حلی وغیرہ۔

[4] امالی شیخ صدوقؒ، ص ۹۳۔

[5] شہید انسانیت، ص ۲۳۹۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

رہے تھے۔ ﴿فخرج منها خائفاً یترقب قال رب نجنی من القوم الظالمین﴾ (س قصص، پ ۲۰، ع ۵) پس حضرت موسیٰ علیہ السلام اس شہر سے ڈرتے ہوئے اور آس لگائے ہوئے نکل کھڑے ہوئے۔ عرض کرنے لگے کہ اے میرے پروردگار! مجھے ظالم کے ہاتھ سے نجات دے۔ اس آیتِ مبارکہ میں جناب موسیٰؑ کا فرعون کے ظلم وستم کی وجہ سے سکونتِ مصر ترک کرنے پر مجبور ہو کر نکلنے اور ظالموں کے شر سے نجات حاصل کرنے کی دعا کا تذکرہ ہے۔ اسی طرح جب امام عالی مقامؑ مکہ مکرمہ میں پہنچے تو اس وقت یہ آیتِ مبارکہ آپؑ کی زبان پر تھی: ﴿فلما توجه تلقاء مدین قال عسیٰ ربی ان یهدینی سواء السبیل﴾[1] (پ ۲۰، سورۂ قصص، ع ۶) "اور جب مدین کی طرف ہو لئے تو کہنے لگے کہ قریب ہے کہ میرا پروردگار مجھے ٹھیک ٹھیک راستہ بتلا دے۔" اس آیت مبارکہ میں بھی حضرت موسیٰ علیہ السلام کے مدائن میں پناہ لینے اور اس وقت کی مخصوص دعا کا تذکرہ موجود ہے ان آیات کی تلاوت سے معلوم ہوتا ہے کہ کئی اعتبار سے حضرت سید الشہداءؑ کا یہ سفر حضرت موسیٰ بن عمران علیہما السلام کے سفر سے مشابہت رکھتا ہے۔

دو مشہور غلط فہمیوں کا ازالہ

قبل اس کے کہ سفر مکہ کے درمیانی حالات قلمبند کئے جائیں یہاں دو مشہور غلط واقعات کی تنقیح ضروری معلوم ہوتی ہے۔ ایک جناب فاطمہ صغریٰؑ کے مدینہ میں چھوڑ جانے کا واقعہ۔ اور دوسرا بوقتِ روانگی خاص شاہانہ شان وشکوہ کے مظاہرہ کا قصہ ہے۔

SIBTAIN.COM
Presented By: www.jafrilibrary.com

جناب فاطمہ صغریٰؑ کے مدینہ میں ام سلمہؓ کے پاس چھوڑے جانے کی تحقیق

مشہور ہے کہ جناب سید الشہداء علیہ السلام نے مدینہ سے روانگی کے وقت اپنی ایک صاحبزادی کو بوجہ علالت ام المؤمنین جناب ام سلمہؓ کے پاس مدینہ میں چھوڑ دیا تھا۔ اس واقعہ کو نظماً ونثراً بڑے شدّ ومد اور رقت خیز پیرایہ میں بیان کیا جاتا ہے۔ اور اُردو کے قریباً تمام کتب مقاتل اور عربی وفارسی کے بعض مجموعوں میں بڑے طمطراق کے ساتھ اس واقعہ کا تذکرہ ملتا ہے لیکن اگر اس واقعہ کو تحقیق کی کسوٹی پر پرکھا جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ یہ واقعہ بالکل غلط اور یہ روایت بالکل بے بنیاد ہے۔ عربی وفارسی کے مستند کتب سیر وتواریخ اور معتبر کتب مقاتل میں اس واقعہ کا کہیں نام و نشان بھی نہیں ملتا۔ اور جن غیر معتبر کتب (جیسے مقتل خوارزمی، روضۃ الشہداء اور اسرار الشہادۃ وغیرہ) میں یہ واقعہ درج ہے۔ وہاں بھی نہ کوئی مسلسل سند مذکور ہے اور نہ ہی کسی معتبر کتاب کا حوالہ دیا گیا ہے۔ مستند کتب قدیمہ اس سے بالکل خالی نظر آتے ہیں اگرچہ یہی بات اس واقعہ کے بے اصل ہونے کے لیے کافی ہے کیونکہ واقعاتِ کربلا کی صحت یا عدم صحت کا معیار یہی ہے کہ جو واقعہ علماءِ اعلام کی کتب معتبرہ میں موجود ہے وہ معتبر متصور ہوگا۔ اور جو غیر مستند علماء کی

---

[1] ارشاد، ص ۱۸۱ وغیرہ۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

غیر معتبر کتب میں درج ہو۔ اسے نا قابل اعتبار سمجھا جائے گا۔ علاوہ بریں مندرجہ ذیل وجوہ بھی اس واقعہ کے بے اصل ہونے پر دلالت کرتے ہیں۔

وجہ اوّل:۔ علم سیر و انساب کی مستند کتب سے جو کچھ مستفاد ہوتا ہے۔ وہ یہ ہے کہ سرکار سید الشہداؑ کی صرف دو ہی صاحبزادیاں تھیں۔ فاطمہؑ اور سکینہؑ۔ چنانچہ ہم اسی کتاب کے صفحہ ۷۸؟؟ پر آنجنابؑ کی اولاد کے ذیل میں متعدد کتب معتبرہ کے حوالہ جات سے اس بات کی مکمل تحقیق درج کر چکے ہیں۔

مزید برآں یہاں صاحب ناسخ التواریخ کی تحقیق انیق بھی پیش کی جاتی ہے۔ وہ فرماتے ہیں: ﴿مکشوف باد کہ آں چہ ایں بندۂ بے بضاعت باستقراء و استیعاب رنج برد و اختیار نمود آنست کہ حسین علیہ السلام را چہار پسر بود۔ علی اکبر الشہید و علی اوسط ھو الامام و علی اصغر و عبد اللہ۔ سہ تن از ایشاں در یوم طف شہید شدند۔ و آنحضرتؑ را دو دختر افزوں بنود نخستں فاطمہؑ و آں دیگر سکینہؑ﴾[1] یعنی "میں نے بڑی محنت و مشقت کے بعد جو کچھ کتب سیر و تواریخ سے حاصل کر کے اختیار کیا ہے۔ وہ یہ ہے کہ جناب امام حسینؑ کے چار بیٹے تھے۔ علی اکبرؑ شہید، علیؑ اوسط (امام) علی اصغر اور عبد اللہ۔ ان میں سے تین شہزادے میدان کربلا میں شہید ہو گئے اور دو صاحبزادیاں تھیں۔ پہلی جناب فاطمہؑ اور دوسری جناب سکینہؑ۔"

SIBTAIN.COM

بنا بریں، انہی جناب فاطمہؑ کو کبریٰ و صغریٰ کہا جاتا ہے اس اعتبار سے کہ وہ جناب سکینہ سے بڑی ہیں۔ ان کو فاطمہ کبریٰ کہہ دیا جاتا ہے اور اس اعتبار سے کہ وہ اپنی جدہ مطہرہ حضرت فاطمہ زہراء سلام اللہ علیہا سے چھوٹی ہیں۔ لہٰذا انہیں "فاطمہ صغریٰ" کہا جاتا ہے۔ اگرچہ بعض علماء نے آنجنابؑ کی ایک اور صاحبزادی کا تذکرہ کیا ہے تو انہوں نے ان کا نام "زینب" بیان کیا ہے نہ فاطمہ فتدبر۔

وجہ دوم:۔ واقعات کربلا کی بہت سی روایات جناب فاطمہ بنت الحسینؑ سے مروی ہیں۔ نیز دربار و بازار کوفہ و شام میں دیگر مخدرات کی طرح ان محترمہ کے گرانقدر خطبات بھی کتب معتبرہ میں موجود ہیں جیسا کہ ہم اپنے اپنے مقام پر ان امور کا تذکرہ کریں گے انشاء اللہ۔ لہٰذا اگر ان کی مدینہ میں موجودگی تسلیم کی جائے۔ تو ان تمام حقائق کا انکار کرنا پڑے گا۔

وجہ سوم:۔ جلیل القدر علماء اعلام نے تصریحات فرمائی ہیں کہ فراق فاطمہ صغریٰ کا واقعہ بالکل بے اصل ہے۔ چنانچہ علامہ محمد بن سلیمان تنکابنی (صاحب قصص العلماء) کتاب اکلیل المصائب میں تحریر فرماتے ہیں: ﴿و ایں

---

[1] ناسخ التواریخ، ج ۶، ص ۴۹۸۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

کہ میگوئیند فاطمہ صغریٰ در مدینہ ماند و بیمار بود اصلے ندارد﴾ ''یہ جو کہا جاتا ہے کہ جناب فاطمہؑ صغریٰ بیمار تھیں اور مدینہ میں رہ گئی تھیں۔ اس کی کوئی اصلیت اور حقیقت نہیں ہے۔

اسی طرح ناصر الملت علامہ سید ناصر حسین صاحب قبلہ لکھنوی ایک سوال کے جواب میں تحریر فرماتے ہیں:

''روایات متکاثرہ معتبرہ سے ثابت ہے کہ جناب فاطمہؑ حضرت سید الشہداء علیہ السلام کے ہمراہ معرکۂ کربلا میں موجود تھیں۔ اور ان کا مدینہ میں بوجہ مرض کے رہ جانا کسی ضعیف روایت میں بھی نہیں دیکھا۔ ہاں بحار الانوار میں ایک روایت مشتمل بر ذکر غراب ایسی پائی جاتی ہے۔ جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ فاطمہ صغریٰ مدینہ میں تھیں لیکن یہ روایت غراب غریب ہے کہ مجلسی علیہ الرحمہ نے خود اس کی تصریح جلاء العیون میں فرمادی۔ چنانچہ بعد اس روایت کے فرماتے ہیں: ﴿و این حدیث خالی از غرابتے نیست بجهت مخالفت با اخبار دیگر﴾ چونکہ یہ روایت مقتل اخطب خوارزم سے ماخوذ ہے اور ضعیف السند ہے اور روایات کثیرہ و معتبرہ سے مخالف ہے لہٰذا مقبول نہیں ہو سکتی۔ اور جناب سید الشہداء علیہ السلام کی صاحبزادیاں بنابر قول مشہور دو تھیں۔ ایک فاطمہؑ صغریٰ، دوسری حضرت سکینہؑ۔[1] اگرچہ اس حر خبیر کی اس بصیرت افروز تحریر کے بعد اب مزید کسی شاہد کی ضرورت تو باقی نہیں رہ جاتی۔ ﴿ولا ینبئک مثل خبیر﴾ مگر تاہم مزید تسکین قلب کی خاطر حضرت علامہ سید علی نقی صاحب کی تصریح بھی پیش کی جاتی ہے۔ موصوف تحریر فرماتے ہیں: ''آپؑ نے اپنے دادا ابو طالب کی تمام اولاد کو اپنے ساتھ لیا۔ جن میں آپ کی دو بہنیں حضرت زینبؑ اور ام کلثومؑ بھی تھیں اس کے علاوہ سب بھائی، بھتیجے اور متعلقین آپؑ کے ساتھ سوائے محمد بن الحنفیہ کے جو کسی مجبوری یا مصلحت سے مدینہ میں چھوڑ دیئے گئے۔ اور ام ہانی بنت ابو طالبؑ پیرانہ سالی کی وجہ سے نہ جا سکی تھیں۔ بس ان کے علاوہ اولادِ ابو طالبؑ میں سے کوئی بھی حسینؑ کے ساتھ سے جدا نہیں ہوا۔ اور یہ ایک تاریخی حقیقت ہے کہ حسینؑ کے ساتھ بنی ہاشم میں سے سوائے اولاد ابو طالب کے اور سلسلہ کا ایک شخص بھی میدان کربلا میں نظر نہیں آتا ہے۔''[2] اگر جناب فاطمہؑ صغریٰ مدینہ میں موجود تسلیم کی جائیں تو پھر جناب مولانا کا یہ ارشاد کیونکر درست ہو سکتا ہے؟ ''اور سوائے محمد بن حنفیہ اور ام ہانی کے اور کوئی اولاد ابو طالبؑ میں سے حسینؑ کے ساتھ سے جدا نہیں ہوا۔'' اگرچہ ''مقتل الحسین'' کے فاضل مؤلف کے نزدیک جناب ام ہانی کا مدینہ میں رہنا بھی محل کلام ہے کیونکہ ان کی تحقیق کے مطابق وہ اس وقت زندہ ہی نہ تھیں، چنانچہ وہ فرماتے ہیں: ﴿لانها ماتت اما فی ایام النبیؐ کما فی مناقب ابن شهر اشوب (ج ۱، ص ۱۱۰) او ایام معاویة کما فی تقریب التهذیب لابن حجر، (ص ۶۲۰ طبع لکھنؤ)﴾

---

[1] رسالہ ہدایات ناصریہ، طبع دہلی، ص ۴۔

[2] شہید انسانیت، ص ۲۴۰۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

یعنی جناب ام ہانی کی وفات یا تو جناب رسول خداﷺ کے حین حیات میں ہوئی ہے جیسا کہ مناقب ابن شہر آشوب، ج ۱، ص ۱۱۰ میں ہے۔ یا ایام معاویہ میں جیسا کہ تقریب التہذیب، ص ۶۲۰ میں مرقوم ہے۔[1]

ایک مشہور شبہ کا ازالہ

عام طور پر اس روایت کو پڑھنے والے اس کی تائید واقعہ غراب سے لیتے ہیں۔ جس کی طرف اور اس کے جواب کی طرف سرکار ناصر الملت کے کلام میں اشارہ وارد ہے۔ یہ واقعہ عاشر بحار، ص ۲۳۶ پر مذکور ہے کہ ﴿لما قتل الحسینؑ بن علیؑ جاء غراب فوقع فی دمہ ثم تمرغ ثم طار فوقع بالمدینة علی جدار فاطمة بنت الحسینؑ بن علیؑ وھی الصغریٰ فرفعت رأسھا فنظرت الیه فبکت بکاء شدیداً﴾ جب امام حسینؑ کی شہادت ہو چکی تو ایک کوا آیا اور اس نے اپنے پر و بال کو آنجنابؑ کے خون میں رنگین کیا اور اڑتا ہوا مدینہ میں فاطمہ صغریٰ دختر امام حسینؑ کی دیوار پر جا بیٹھا۔ جناب فاطمہؑ نے جب اس کی طرف دیکھا تو بہت روئیں اور چند اشعار پڑھے۔ الخ۔۔۔ مگر ارباب دانش پر یہ حقیقت مخفی نہیں ہے کہ یہ روایت بدو وجہ نا قابل اعتبار ہے:

اولاً: اس لیے کہ یہ روایت فی نفسہ ضعیف ہے۔ علامہ مجلسیؒ نے اسے کسی نامعلوم المولف کتاب "مناقب قدیم" سے نقل کیا ہے۔

ثانیاً: یہ ان اخبار معتبرۃ السند کثیرۃ العدد کے مخالف و معارض ہے جو جناب فاطمہؑ کے واقعۂ کربلا میں موجود ہونے پر دلالت کرتی ہیں۔ ظاہر ہے کہ ترجیح انہی روایات کو دی جائے گی۔ انہی حقائق کی بناء پر خود سرکار علامہ مجلسیؒ نے جلاء العیون[2] میں اس روایت کو بوجہ غرابت ساقط عن الاعتبار قرار دیا ہے۔ فرماتے ہیں: ﴿و ایں حدیث خالی از غرابتے نیست بجھت مخالفت با اخبار دیگر﴾۔

ان حقائق کی روشنی میں یہ حقیقت بالکل آشکارا ہو جاتی ہے کہ جناب فاطمہؑ بنت الحسینؑ کا مدینہ میں رہنے کی روایت بالکل بے اصل ہے اور بے بنیاد ہے و اللہ العالم العاصم۔

بوقتِ روانگی از مدینہ سید الشہداءؑ کے شاہانہ شان و شکوہ کے مظاہرہ والی روایت کی تحقیق

منجملہ روایاتِ مخترعہ و موضوعہ کے ایک وہ روایت بھی ہے جسے آقائے دربندی نے اسرار الشہادۃ میں اپنے کسی شاگرد کے حوالہ سے اور اس نے کسی مجموعہ کے حوالہ سے عبداللہ بن سنان کوفی سے نقل کی ہے۔ وہ اپنے اب وجد کے حوالہ سے نقل کرتا ہے کہ (اس کا جد) کوفیوں کا قاصد بن کر حضرت امام حسینؑ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ آپؑ نے

---

[1] مقتل الحسینؑ للمقرم، ص ۳۸، بر حاشیہ۔

[2] ص ۱۹۸، طبع النجف۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

جوابدہی کے لیے تین دن کی مہلت طلب کی۔ حتیٰ کہ تیسرے روز عازم سفر ہوگئے۔ قاصد نے دل میں کہا۔ ذرا جا کر شہزادۂ حجاز کی جلالت شان کا ملاحظہ تو کروں۔ چنانچہ جب وہ پہنچا تو اس نے دیکھا کہ آنجناب کرسی پر تشریف فرما ہیں۔ بنی ہاشم آپ کے اردگرد ہیں۔ اور لوگ کھڑے ہیں۔ گھوڑوں پر زینیں کسی ہوئی ہیں۔ مخدرات عصمت و طہارت کی سواری کے لیے چار محمل تیار ہیں۔ جن پر حریر و دیبا کے پردے آویزاں ہیں۔ اس کے بعد کنیزوں کا ہجوم اور سواری کا تزک و احتشام دکھایا گیا ہے۔ خلاصہ یہ کہ اس شخص نے روانگی کا منظر کچھ اس انداز سے بیان کیا ہے کہ ہر ہر سطر میں چند جھوٹ موجود ہیں۔ (پھر یہ دکھایا گیا ہے کہ) یہ شخص گیارہ محرم تک برابر ہمراہ تھا حتیٰ کہ اس نے اسیرانِ آل رسول کو بے کجاوہ اونٹوں پر سوار ہوتے دیکھا۔ پھر اسے یکایک مدینہ سے روانگی کا منظر یاد آجاتا ہے۔ اور بے اختیار رو پڑتا ہے۔ کس قدر تعجب کی بات ہے کہ آقائے دربندی جیسے فاضل آدمی نے اور متعدد بے سروپا روایات کی طرح اسے بھی اپنی کتاب اسرار شہادت میں بلا تامل درج کر دیا حالانکہ متعدد وجوہ کی بنا پر یہ روایت بالکل بے بنیاد ہے۔

وجہ اول :۔ اوپر روانگی سید الشہداؑ کے واقعات میں لکھا جا چکا ہے۔ کہ آنجناب نہایت خوف و ہراس کے عالم میں آیت مبارکہ ﴿فخرج منها خائفاً یترقب﴾ کی تلاوت کرتے ہوئے راتوں رات مدینہ سے روانہ ہوئے۔ وہاں اس کروفر اور شان و شکوہ کے اظہار کا کہاں موقع تھا؟ اور اس پریشانی کے حال میں یہ امیرانہ اہتمام کیونکر ممکن تھا۔

وجہ دوم :۔ اس واقعہ کا راوی صرف ایک ہے اور وہ بھی غیر ثقہ۔ لہٰذا اس کے بیان پر کیوں کر اعتماد کیا جا سکتا ہے۔

وجہ سیوم :۔ اس روایت کا سوائے اسرار شہادت دربندی کے فریقین کے علماء سیر و تواریخ کی کسی کتاب میں نام و نشان تک نہیں ہے۔ (آقائے دربندی سے بعد والے مؤلفین نے اسے اسی کتاب سے نقل کیا ہے۔ فلا تغفل)

وجہ چہارم :۔ راوی نجی زادیوں کا سوار ہونا اپنا چشم دید واقعہ بیان کرتا ہے جو کسی طرح بھی ممکن نہ تھا کہ مردانِ اہل بیتؑ اور خود سرکار سید الشہداؑ کے موجود ہوتے کوئی نامحرم شخص وہاں ٹھہر کر تماشہ دیکھتا۔ اور کوئی دوسرا شخص اسے برابر یہ بتاتا جاتا کہ یہ جناب زینبؑ ہیں۔ یہ جناب ام کلثومؑ ہیں۔ و علیٰ هذا القیاس۔

وجہ پنجم :۔ یہ راوی بوقت روانگی جناب بی بی شہربانو کی سواری کا تزک و احتشام سب سے زیادہ بیان کرتا ہے۔ حالاں کہ بنا بر صحیح روایت وہ معظمہ اس وقت زندہ ہی نہ تھیں۔

وجہ ششم :۔ یہ کروفر اور تکلفات باردہ جو اس روایت میں بیان کیے گئے ہیں۔ وہ سلطنت و امارت کے شایان شان اور دنیاوی تفاخر و نمود کے نشان ہیں۔ سیرت خاندان نبوت و امامت کو ان شاہانہ جاہ و جلال اور امیرانہ تکلفات سے کیا واسطہ؟ کیا اس کو عقل سلیم قبول کر سکتی ہے کہ الفقر فخری فرمانے والے کا نواسہ۔ سلطان الاولیاء جیسے تارک الدنیا کا بیٹا

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

دیبا و حریر کے پردے استعمال کرے۔ اس اسراف و تبذیر کو آنجنابؑ کی طرف منسوب کرنا آپؑ کی سخت توہین ہے۔ (انتھی ملخصاً از مجاھد اعظم، ج ا، ولؤلؤ و مرجان) ان حقائق کے پیش نظر یہ مطلب بالکل واضح و آشکار ہو جاتا ہے کہ یہ روایت بالکل بے اصل و بے بنیاد ہے۔ اس کی کوئی اصلیت و واقعیت نہیں ہے۔ وھو المطلوب۔

بہر حال یہ تنقید و تحقیق تو بطور جملۂ معترضہ درمیان میں آ گئی تھی۔ سلسلۂ کلام سرکار سید الشہداءؑ کی مدینہ سے سوئے مکہ روانگی کے متعلق جاری تھا۔ کہ آنجنابؑ شب ۲۸ رجب کو مذکورہ بالا آیت ﴿فخرج منھا خائفا یترقب... الخ﴾ کی تلاوت کرتے ہوئے مدینۂ رسولؐ سے بطریق اعظم مکہ کی طرف روانہ ہوئے۔ بعض اہل خانوادہ نے کہا: ﴿لو تنکبت عن الطریق الاعظم کما فعل ابن الزبیر کیلا یلحقک الطلب﴾ مولا کس قدر اچھا ہوتا۔ اگر آپؑ شاہراہ کو چھوڑ کوئی اور (غیر معروف) راستہ اختیار فرماتے۔ جیسا کہ ابن زبیر نے کیا ہے۔ (کیونکہ وہ غیر معروف راستہ سے گئے تھے) تا کہ تلاش کنندگان آپ کو نہ پا سکیں۔ آپؑ نے فرمایا: ﴿لا واللّٰہ لا افارقہ حتّٰی یقضی اللّٰہ ماھو قاضٍ﴾۔ "نہیں بخدا۔ میں ہرگز اس راستہ کو ترک نہیں کروں گا حتیٰ کہ خدا وہ فیصلہ کرے جو اس نے کرنا ہے۔"[1]

مدینہ سے نکلنے کے بعد عبداللہ بن مطیع سے ملاقات ہوئی۔ اس نے آنجنابؑ سے دریافت کیا کہ کہاں تشریف لے جانے کا ارادہ ہے؟ آپؑ نے فرمایا: فی الحال تو مکہ جانے کا ارادہ ہے۔ اس کے بعد خدا سے طلب خیر کروں گا۔ عبداللہ نے عرض کیا: جب مکہ تشریف لے جائیں تو وہیں قیام فرمائیں اور کوفہ جانے کا ہرگز ارادہ نہ کریں۔ کیونکہ وہ منحوس شہر ہے۔ وہیں آپؑ کے والد ماجد شہید کئے گئے۔ اور وہیں آپ کے برادر معظم کو بے یار و مددگار چھوڑ دیا گیا۔[2]

جناب سید محمد بن ابی طالبؒ نے اپنے مقتل میں بحوالہ حضرت شیخ مفیدؒ لکھا ہے کہ انہوں نے اپنے سلسلۂ سند کے ساتھ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے یہ روایت نقل کی ہے کہ جب حضرت امام حسینؑ مدینہ سے روانہ ہوئے تو راستہ میں فرشتوں کے چند گروہ اس حال میں حاضر خدمت ہوئے کہ وہ ناقہائے جنت پر سوار تھے۔ اور ہاتھوں میں خنجر تھے۔ سلام کے بعد عرض کیا ﴿یا حجۃ اللّٰہ علیٰ خلقہ بعد جدہ و ابیہ و اخیہ ان اللّٰہ سبحانہ امدّ جدّک بنا فی مواطن کثیرۃ و ان اللّٰہ امدک بنا﴾ اے اپنے جد امجد، والد ماجد اور برادر مکرم کے بعد مخلوق خدا پر حجت خدا۔ خداوند عالم نے ہمارے ذریعہ آپ کے جد نامدار کی بہت سے مقامات پر نصرت فرمائی۔ اب خدا یہ چاہتا ہے کہ

---

[1] ارشاد شیخ مفید، ص ۱۸۱۔ عاشر بحار، ص ۱۸۵۔ لوائج الاشجان، ص ۲۷ وغیرہ۔

[2] نفس المہموم، ص ۴۰۔ لوائج الاشجان، ص ۲۷۔ تقمام، ص ۲۲۹ وغیرہ۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

ہمارے ذریعہ آپؑ کی نصرت کرے۔ (آپ کا کیا منشاء ہے؟) امام عالی مقامؑ نے فرمایا: ﴿ الموعد حفرتی و بقعتی التی استشهد فیها وهی کربلا فاذا وردتها فاتونی ﴾ تمہاری اور میری وعدہ گاہ کربلا ہے۔ جہاں میں شہید کیا جاؤں گا۔ جب میں وہاں پہنچ جاؤں تو تم وہاں آنا۔ ملائکہ نے عرض کیا: ﴿یا حجة اللّٰه مرنا نسمع و نطیع فهل تخشی من عدوٍ یلقاک فتکون معک ﴾ اے حجت خدا ہمیں حکم دیجئے تاکہ ہم اطاعت کریں۔ اگر کسی دشمن کا اندیشہ ہے تو ہم آپؑ کے ساتھ ساتھ رہیں؟ آپؑ نے فرمایا: ﴿لا سبیل لهم علیّ ولا یلقونی بکریهة او اصل الی بقعتی ﴾ جب تک میں اپنی سرزمین (کربلا) تک نہ پہنچ جاؤں۔ یہ لوگ مجھے ہرگز کوئی گزند نہیں پہنچا سکتے۔

اس کے بعد مسلمان جنوں کے چند گروہ خدمت امامؑ میں حاضر ہوئے۔ اور سلام کے بعد عرض کیا: ﴿یا سیّدنا نحن شیعتک و انصارک فمرنا بامرک وبما تشا فلو امرتنا بقتل کل عدوک و انت بمکانک لکفیتک ذلک ﴾ اے ہمارے آقا! ہم آپؑ کے شیعہ اور انصار ہیں جو چاہیں ہمیں حکم فرمائیں۔ اگر آپؑ حکم دیں تو آپؑ یہیں ہوں گے اور ہم آپ کے تمام دشمنوں کا کام تمام کر دیں گے۔ امام علیہ السلام نے ان کو جزائے خیر کی دعا دی۔ اور فرمایا: کیا تم نے اللہ کی کتاب میں جو میرے جد نامدار پر نازل ہوئی ہے۔ یہ ارشاد نہیں پڑھا: ﴿اَیْنَ مَا تَکُوْنُوْا یُدْرِکْکُّمُ الْمَوْتُ وَلَوْ کُنْتُمْ فِیْ بُرُوْجٍ مُّشَیَّدَةٍ﴾ تم جہاں کہیں بھی ہو گے موت تمہیں پالے گی۔ اگرچہ مضبوط قلعوں میں بھی بند کیوں نہ ہو۔ نیز خدا کا ارشاد ہے: ﴿لَبَرَزَ الَّذِیْنَ کُتِبَ عَلَیْهِمُ الْقَتْلُ اِلٰی مَضَاجِعِهِمْ﴾ "جن کے لیے قتل ہونا مقدر ہے۔ وہ اپنی قتل گاہوں کی طرف نکل پڑیں گے۔"

پھر فرمایا: ﴿و اذا اقمت بمکانی فبما یبتلی هذا الخلق المتعرس و بما یختبرون ومن ذا یکون ساکن حضرتی بکربلا و قد اختارها اللّٰه تعالیٰ یوم دحی الارض و جعلها معقلاً لشیعتنا و یکون لهم اماناً فی الدنیا و الاٰخرة ولکن تحضرون یوم السبت و هو یوم عاشوراء الذی فی آخره اقتل ولا یبقی بعدی مطلوب من اهلی و نسبی و اخوتی و اهل بیتی و یسار برأسی الی یزید لعنه اللّٰه ﴾۔ اگر میں یہیں رہ جاؤں تو پھر اس بدبخت مخلوق کا امتحان کس کے ذریعہ سے لیا جائے گا؟ اور کربلا میں میری قبر میں کون آرام کرے گا؟ جسے خدا نے اس روز سے میرے لیے منتخب کر رکھا ہے۔ جس روز سے فرش زمین بچھایا ہے۔ اور اسے ہمارے شیعوں کے لیے جائے پناہ اور دنیا و آخرت میں جائے امن و امان قرار دیا ہے۔ البتہ تم بروز شنبہ (اس روایت میں روز شہادت روز شنبہ مذکور ہے مگر تحقیقی قول روز جمعہ ہے جیسا کہ اپنے مقام پر اس امر کی کماحقہٗ تحقیق کی جائے گی انشاء اللہ)۔ عاشورا کے دن حاضر ہونا جس کے آخر میں میں شہید کر دیا جاؤں گا اور میرے بعد میرے

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

خانوادہ سے کوئی ایسا شخص باقی نہ رہ جائے گا جسے (قتل کرنے کے لیے) طلب کیا جائے اور میرا سر یزید ملعون کے پاس بھیجا جائے گا۔ ﴿نحن و اللّٰہ یا حبیب اللّٰہ و ابن حبیبہ لولا ان امرک طاعۃ و انہ لا یجوز لنا مخالفتک قتلنا جمیع اعدائک قبل ان یصلوا الیک!﴾ اے خدا کے محبوب اور اس کے محبوب کے فرزند۔ اگر آپ کی اطاعت لازم اور مخالفت ناجائز نہ ہوتی تو ہم آپؑ کے تمام دشمنوں کو قتل و غارت کر دیتے۔ قبل اس کے کہ وہ آپؑ کو کوئی گزند پہنچاتے۔ آپؑ نے فرمایا: ﴿نحن و اللّٰہ اقدر علیھم منکم ولکن لیھلک من ھلک عن بینۃ و یحیٰی من حیّ عن بیّنۃ﴾ ہم بخدا تم سے زیادہ ان (دشمنوں) پر قدرت رکھتے ہیں لیکن (ڈھیل دینے میں مصلحت یہ ہے کہ) جو ہلاک ہو وہ دلیل سے ہلاک ہو۔ اور جو زندہ رہے وہ بھی دلیل و برہان سے زندہ رہے۔[1] و اللّٰہ العالم۔

اسی طرح منازل سفر طے کرتے ہوئے آنجنابؑ چھٹے روز جمعہ کے دن سیوم ماہ شعبان ۶۰ھ کو مکہ معظمہ پہنچے۔ اس وقت یہ آیت مبارکہ آپ کی زبان پر تھی: ﴿وَ لَمَّا تَوَجَّهَ تِلْقَآءَ مَدْيَنَ قَالَ عَسٰى رَبِّيْٓ اَنْ يَّهْدِيَنِيْ سَوَآءَ السَّبِيْلِ﴾ جب (حضرت موسیٰؑ) شہر مدین کی طرف متوجہ ہوئے۔ تو کہا: عنقریب خدا مجھے سیدھے راستے کی راہبری فرمائے گا۔[2]

SIBTAIN.COM
Presented By: www.jafrilibrary.com

---

[1] عاشر بحار، ص ۱۷۵۔ نفس المہموم، ص ۳۸ و ۳۹۔ الدمعۃ الساکبہ، ص ۳۰۶۔ قمقام، ص ۲۲۸، ۲۲۹۔

[2] عاشر بحار، ص ۱۷۵۔ نفس المہموم، ص ۴۱۔ لوائح الاشجان، ص ۲۸۔ کامل، ج ۳، ص ۲۶۵ وغیرہ۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

سولھواں باب

شہنشاہِ مدینہؑ کی حرم خدا میں پناہ!

امام علیہ السلام نے مکہ میں پہنچ کر اس دارالامن میں رحل اقامت ڈال دیا۔ اور تین شعبان سے لے کر آٹھویں ذی الحجہ ۶۰ھ تک برابر قریباً چار ماہ اور چھ دن قیام فرمایا۔ اس اثناء میں تمام اہل مکہ اور بیرونجات کے وہ لوگ جو بغرض ادائیگی عمرہ مکہ میں آئے ہوئے تھے۔ وہ برابر خدمت میں حاضر ہوتے اور آپ کے فیوض و برکات علمیہ و عملیہ سے استفادہ کرتے۔ ابن زبیر بالعموم خانۂ کعبہ میں نماز و طواف میں مشغول رہتے اور لوگوں کے ساتھ کبھی کبھی ہر روز اور کبھی دو دن میں ایک بار ضرور خدمت امام میں مشرف ہوتے مگر امام علیہ السلام کا مکہ میں قیام ان پر بہت ہی شاق و گراں تھا۔ کیونکہ وہ جانتے تھے کہ جب تک امام حسینؑ یہاں قیام پذیر ہیں ان کا مدعا حاصل نہیں ہوسکتا یعنی اہل حجاز ان کی بیعت نہیں کریں گے۔[1]

حالات سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت امام حسینؑ کا مکہ مکرمہ میں قیام بحیثیت ایک پناہ گزین کے تھا۔ اور نظر بہ حالات ظاہر حرم خدا میں مستقل قیام کرنے کا ارادہ تھا مگر بہت جلد کچھ ایسے حالات پیدا ہو گئے کہ امامؑ کا وہاں زیادہ دیر تک قیام کرنا ناممکن ہو گیا۔ آپؑ پُر امن زندگی گزارنے کے خواہشمند نظر آتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ آپؑ اپنی موافقت میں نہ کوئی فوجی طاقت بڑھاتے ہیں۔ نہ تقریر و تحریر کے ذریعہ لوگوں کو مشتعل کرتے ہیں۔

ہاں بعض کتب میں جنابؑ کی بعض سرداران بصرہ سے خط و کتابت کا پتہ چلتا ہے کہ آپؑ نے مالک بن مسمع بکری، احنف بن قیس، منذر بن جارود، مسعود بن عمرو، قیس بن ہیثم اور عمرو بن عبید کے نام اس مضمون کا خط لکھ کر اپنے ایک غلام کے ذریعہ سے بھیجا جس کا نام سلیمان اور کنیت ابوزرین تھی۔ ﴿اما بعد فان اللّٰہ اصطفی محمداً علی خلقہ و اکرمہ بنبوّتہ و اختارہ لرسالتہ ثم قبضہٗ الیہ وقد نصح لعبادہ و بلغ ما ارسال بہ صلی اللّٰہ علیہ و الہ و کنا اھلہ و اولیائہ و اوصیائہ و ورثتہٗ و احق الناس بمقامہ فی النّاس فاستأثر علینا قومنا بذلک فرضینا و کرھنا الفرقۃ و احببنا العافیہ و نحن نعلم انا احق بذلک الحق المستحق علینا ممن تولاہ و قد بعثت رسولی الیکم بھذا الکتاب و انا ادعوکم الی کتاب اللّٰہ و سنتہ نبیہٖ

---

[1] عاشر بحار، ص ۱۷۵۔ ارشاد مفید، ص ۱۸۱۔ تاریخ، ج ۶، ص ۱۷۳۔ کامل، ج ۳، ص ۲۶۶۔ نفس المہموم، ص ۴۱۔ لوائح الاشجان، ص ۲۸۔ طبری، ج ۶، ص ۱۹۷ وغیرہ۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

فان السنة قد امیتت و البدعة قد احییت فان تسمعوا قولی اهدکم الی سبیل الرشاد﴾۔ "السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔ بعد از حمد وسلام۔ خداوند عالم نے اپنی تمام مخلوق میں سے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو منتخب فرما کر منصب نبوت ورسالت پر فائز فرمایا۔ اور جب آنحضرتؐ تبلیغ رسالت اور نصیحت وہدایت کے فریضہ کو انجام دے چکے تو خدا نے ان کو اپنی بارگاہ کی طرف بلا لیا۔ ان کے بعد ہم (خاندان نبوت ہی) ان کے اہل، اولیاء، اوصیاء، وارث اور تمام لوگوں سے زیادہ ان کی مسند کے حق دار تھے لیکن ہماری قوم (قریش) نے ہم پر زیادتی کی۔ (ہمارے مقام پر اور لوگوں کو مسلط کر دیا) لیکن ہم نے یہ جانتے ہوئے بھی کہ ہم اس مسند پر قابض لوگوں سے زیادہ حق دار ہیں۔ محض افتراق واختلاف کو ناپسند کرتے ہوئے کنج عافیت وتنہائی اختیار کیا پس میں یہ خط دے کر اپنا قاصد تمہاری طرف بھیج رہا ہوں میں تمہیں کتاب خدا اور سنت رسولؐ کی طرف دعوت دیتا ہوں کیونکہ آج سنت کو مارا اور بدعت کو زندہ کیا جا رہا ہے۔ اگر تم میری بات کو سنو گے تو میں تمہیں رشد وہدایت کے راستہ کی طرف راہنمائی کروں گا والسلام۔"[1]

اس مکتوب گرامی سے ان لوگوں نے کیا اثر لیا؟ اس کا اندازہ اس سے ہوتا ہے کہ منذر بن جارود نے تو آنجنابؑ کے قاصد کو ابن زیاد کے حوالہ کر دیا۔ اور اس ملعون نے اسے سولی پر لٹکا دیا۔[2] اور احنف بن قیس نے جواب میں صرف یہ آیت لکھ بھیجی: ﴿اَمَّا بَعْدُ فَاصْبِرْ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّلَا يَسْتَخِفَّنَّكَ الَّذِيْنَ لَا يُوْقِنُوْنَ﴾۔ صبر کرو خدا کا وعدہ برحق ہے۔ اور تمہیں وہ لوگ جلد بازی پر آمادہ نہ کریں جو یقین نہیں رکھتے۔[3]

البتہ مسعود[4] بن عمرو نے بنی تمیم، بنی حنظلہ اور بنی سعد کو جمع کر کے ان سے صلاح مشورہ کرنے کے بعد سید الشہداؑ کو بذریعہ خط اپنی اطاعت گزاری ووفاداری کا یقین دلایا۔[5] اور جب اس کا خط آنجنابؑ کو ملا۔ تو پڑھ کر آپؑ نے اسے یہ دعائے خیر دی۔ ﴿ما لک آمنک اللّٰہ من الخوف و اعزک و ارواک یوم العطش الاکبر﴾ باقی تین حضرات نے جواب دیا یا نہ یا اگر دیا تو کیا دیا؟ اس کے متعلق کچھ معلوم نہیں۔ مگر افسوس کہ مسعود بن عمرو بھی سید الشہداؑ کی حسب وعدہ نصرت نہ کر سکا کیونکہ جب اس نے نصرت حسینؑ کے لیے سفر کی تیاری کی تو اسے

---

1. طبری، ج ۶، ص ۲۰۸۔ نفس المہموم، ص ۴۷۔
2. طبری، ج ۶، ص ۲۰۰۔ لہوف، ص ۲۷۔ مخفی نہ رہے کہ عام مؤرخین کا خیال یہ ہے کہ منذر سے یہ حرکت محض اس خیال فاسد کے تحت سرزد ہوئی کہ یہ شخص کوئی جعلی خط نہ لایا ہو۔ اور مبادا یزید یا ابن زیاد نے ہمارا امتحان لینے کے لیے ایسا کیا ہو؟
3. مثیر الاحزان، ص ۱۳۔
4. سید بن طاؤس نے اس کا نام یزید بن مسعود لکھا ہے۔ (لہوف، ص ۳۲)
5. مقتل الحسین للمقرم، ص ۱۴۵۔ لوائج الاشجان، ص ۳۶۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

معلوم ہوا کہ سید الشہداؑ درجہ رفیعۂ شہادت پر فائز ہو چکے ہیں۔ چنانچہ اس نے اس سعادت سے محرومی پر بہت رنج و افسوس کیا اور پھر بساطِ صبر پر بیٹھ گیا۔[1]

بعض آثار سے معلوم ہوتا ہے کہ بنی عبد القیس کا ایک شخص یزید بن ثبیط (جس کے دس بیٹے تھے)۔ اپنے دو بیٹوں عبد اللہ اور عبید اللہ کے ہمراہ (اور بروایتے اس کا غلام عامر اور سیف بن مالک اور ادہم بن امیہ بھی اس کے ہمراہ ہو گئے)۔[2] مکہ میں بارگاہِ امام میں حاضر ہوئے اور پھر برابر ہمرکاب رہے، حتیٰ کہ کربلا میں نصرت کا حق ادا کرتے ہوئے جام شہادت نوش کیا۔[3] لیکن اس خط و کتابت سے بھی یہ واضح نہیں ہوتا کہ امام عالی مقام علیہ السلام اپنی عسکری طاقت بڑھا کر حکومت وقت کے ساتھ ٹکر لینا چاہتے ہیں۔ بلکہ زیادہ سے زیادہ یہ کہا جا سکتا ہے کہ اپنے دفاع اور حفاظتِ خود اختیاری کے اسباب جمع کئے جا رہے ہیں۔ و بینهما بون بعید!

اہل کوفہ کے خطوط امامؑ عالی مقام کے نام

ظاہری حالات و اسباب کا سرسری نظر سے جائزہ لینے کے بعد یہ حقیقت ناقابل انکار معلوم ہوتی ہے کہ اہل کوفہ کے بیعت یزید سے انکار اور بیعت امامؑ پر اصرار پر مشتمل بے شمار خطوط آنے سے پہلے امام علیہ السلام اپنی حفاظت چاہتے تھے اور گوشۂ عافیت میں ایام زیست گزارنا چاہتے تھے مگر اہل کوفہ کے خطوط نے اس دفاع کے حدود کو قدرے وسیع کر دیا۔ اس امید کے ماتحت کہ شاید اس طرح اپنے دفاع کے ساتھ ساتھ حق کا احیاء اور باطل کا استیصال بھی کر سکیں اور مسلمانوں کو ظالموں کے ظلم و جور سے نجات دلا سکیں۔[4]

اب ذیل میں ان خطوط کی تفصیل اور ان کا پس منظر اور پیش منظر پیش کیا جاتا ہے۔ ارباب سیر و تواریخ نے لکھا ہے کہ معاویہ کی وفات کے بعد جب اس کی جگہ اس کا نامزد ولی عہد یزید بیٹھا اور شیعیان علیؑ کو امام حسینؑ کے بیعت یزید سے انکار کر کے مکہ میں ہجرت کرنے کا حال معلوم ہوا۔ نیز ان کو یہ بھی معلوم ہوا کہ ہنوز اور بھی بعض نام آور افراد نے یزید عنید کی بیعت نہیں کی تو انہوں نے اس انقلاب اور تغیر کے لمحاتِ فرصت کو غنیمت سمجھتے ہوئے جناب سلیمان بن صُرد خزاعی (صحابی رسولؐ) کے مکان پر اجتماع کیا۔ اور باہم جان و مال کے ساتھ نصرت حسین علیہ السلام کا عہد و پیمان کیا۔ اور پھر سلیمان بن صرد، مسیب بن نجبہ، رفاعہ بن شداد اور حبیب بن مظاہر کی طرف سے اس مضمون کا ایک

---

1. مثیر الاحزان، ص ۱۳۔ لہوف، ص ۳۷۔ مقتل مقرم، ص ۱۴۶۔
2. ذخیرۃ الدارین، ص ۲۲۴۔
3. نفس المہموم، ص ۴۸۔
4. النہضۃ الحسینیہ، ص ۵۱۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

خط حضرت امام حسینؑ کے نام لکھ کر عبداللہ بن مسمع ہمدانی اور عبداللہ بن وال تیمی کے ہاتھ خدمت امامؑ میں روانہ کیا۔

﴿بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم للحسینؑ بن علیؑ من سلیمان بن صرد و المسیّب بن نجبہ و رفاعۃ بن شداد البجلی و حبیب بن مظاہر و شیعتہ المؤمنین و المسلمین من اھل الکوفۃ سلام علیک فانا نحمد الیک اللّٰہ الّذی لا الٰہ الا ھو اما بعد فالحمد للّٰہ الّذی قصم عدوک الجبار العنید الّذی انتزیٰ علی ھذہ الامّۃ فابتزھا امرھا و غصبھا فیئھا و تامّر علیھا بغیر رضیً منھا ثم قتل خیارھا و استبقیٰ شرارھا و جعل مال اللّٰہ دولۃ بین جبابرتھا و اغنیائھا فبعداً لہ کما بعدت ثمود انہ لیس علینا اما فاقبل لعلّی للّٰہ ان یجمعنا بک علی الحق و النعمان بن بشیر فی قصر الامارہ لسنا نجتمع معہ فی جمعۃ ولا نخرج معہ الی عید ولو قد بلغنا انک قد اقبلت الینا اخرجناہ حتی نلحقہ بالشام انشاء اللّٰہ﴾۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ منجانب سلیمان بن صرد، مسیّب بن نجبہ، رفاعہ بن شداد بجلی، حبیب بن مظاہر، مظہر اور کوفہ کے دیگر مؤمنین و مسلمین کی طرف سے حسینؑ بن علیؑ کے نام۔ سلام علیک۔ ہم اس خدا کی حمد و ثنا کرتے ہیں جس کے سوا کوئی معبود برحق نہیں۔ بعد از حمد و ثنا خدا کا شکر ہے جس نے آپؑ کے زبردست سرکش دشمن (معاویہ) کو ہلاک و برباد کیا ہے۔ جس نے زبردستی اس امت مسلمہ کی حکومت اور اس کے مال پر امت مرحومہ کی رضامندی کے بغیر قبضہ و تسلط جما رکھا تھا۔ اور اس امت کے نیک لوگوں کو قتل کرتا اور بروں کو زندہ چھوڑتا تھا۔ اور خدا کے مال کو امت کے جابر اور غنی لوگوں میں برابر تقسیم کیا کرتا تھا۔ اس کے لئے ہلاکت ہو جس طرح کہ قوم ثمود ہلاک ہوئی۔ اس وقت ہمارا کوئی امام نہیں ہے۔ آپ یہاں تشریف لائیں تاکہ شاید اس طرح خدا ہمیں حق پر مجتمع کر دے۔ نعمان بن بشیر قصر الامارہ میں موجود ہے۔ مگر ہم نہ تو اس کے ساتھ جمعہ پڑھتے ہیں۔ اور نہ عید۔ اور اگر پھر یہ اطلاع مل گئی کہ آپ ہماری استدعا پر تشریف لا رہے ہیں تو ہم اس کو قصر الامارہ سے نکال کر شام پہنچا دیں گے۔ انشاء اللہ۔"[1]

قاصد یہ خط لے کر دسویں ماہ رمضان المبارک ۶۰ھ کو خدمت امام میں پہنچے۔ اس کے بعد تو خطوط کا ایک تانتا بندھ گیا۔ مذکورہ بالا خط ارسال کرنے کے بعد دو دن کے توقف سے پھر قیس بن مسہر صیداوی، عبداللہ بن شداد دارجی اور عمارۃ بن عبداللہ سلولی کو خطوط دے کر روانہ کیا گیا۔ پھر دو دن کے وقفہ کے بعد ہانی بن ہانی سبیعی اور سعید بن عبداللہ حنفی کو نہایت تاکیدی خطوط دے کر بھیجا گیا۔[2] ان خطوط کی تعداد ابن اثیر[3] اور سبط ابن جوزی نے ڈیڑھ

---

[1] ارشاد شیخ مفیدؒ ص ۱۸۲۔ عاشر بحار ص ۱۷۵۔ نفس المہموم ص ۴۱۔ کامل، ج ۳، ص ۲۶۶ وغیرہ۔

[2] ارشاد ص ۱۸۲۔

[3] کامل تعداد ص ۲۶۶۔ تذکرہ خواص الامہ ص ۲۴۴۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

سواور دینوری نے دو خرجیاں۔[1] مشہور یہ ہے کہ ان خطوط کی تعداد بارہ ہزار تک پہنچ گئی تھی۔[2] واللہ العالم۔

کوفہ کی رائے عامہ کی اس بیداری کا نتیجہ تھا کہ کچھ ایسے لوگوں نے بھی امام علیہ السلام کی خدمت میں خطوط لکھے جو فی الحقیقت امام کے خیر خواہ نہ تھے بلکہ بنی امیہ کے ہوا خواہ تھے جیسے شبث بن ربعی، حجار بن ابجر، یزید بن حارث، عمرو بن الحجاج زبیدی وغیرہ۔ معلوم ہوتا ہے کہ انہوں نے محض اس خیال کے ماتحت خط لکھا تھا کہ وہ بھی آئندہ اپنے مستقبل کو سنوار لیں۔ چنانچہ ان کے خط کا لب ولہجہ بھی دوسرے خطوط سے جدا نظر آتا ہے۔ ان خطوط میں امام علیہ السلام کی خدمت اخلاص وعقیدت کے پھول نثار کئے گئے ہیں۔ ان سے رشد وہدایت حاصل کرنے کی دلی خواہش ظاہر کی گئی ہے مگر ان لوگوں کے خط میں مادی طاقت کی پیش کش کے ساتھ دنیوی حظوظ ولذات کی نمود کی گئی ہے۔ ان کے خط کا مضمون یہ تھا: ﴿اما بعد فان النّاس ینتظرونک لا رأی لھم دونک فالعجل فالعجل یابن رسول اللّٰہ فقد اخضرت الجنات و افیعت الثمار و اعشبت الارض و اورقت الاشجار. فاقدم علینا اذا شئت فانّما تقدم علی جند مجنّدہ لک والسلام علیک و رحمۃ اللّٰہ﴾ یعنی کھیتیاں لہلہا رہی ہیں۔ میوے پک چکے ہیں۔ زمینیں آباد ہیں۔ درخت سرسبز وشاداب ہیں۔ آپ جب چاہیں تشریف لا سکتے ہیں۔ جب آپ آئیں گے تو ایک لشکر آپ کی نصرت کے لیے بالکل آمادہ وتیار موجود[3] ہوگا۔ اس خط سے معلوم ہو جاتا ہے کہ یہ لوگ امامؑ کے مزاج شناس اور ان کی افتادِ طبع سے واقف نہیں ہیں۔ اور محض ہوا کے رخ پر چلنے والے اور چڑھتے سورج کی پرستش کرنے والے ہیں۔ یہی وجہ تھی کہ یہ آخری خط لکھنے والے قریباً سب ہی معرکۂ کربلا میں فوجِ مخالف میں موجود تھے (لعنۃ اللہ علیہم اجمعین) یہ آخری خط ہانی بن ہانی سبیعی اور سعید بن عبداللہ حنفی لے کر خدمت امامؑ میں پہنچے۔

جب اہل کوفہ کا اصرار حد سے بڑھ گیا اور اتمام حجت کی خاطر امام علیہ السلام کے لیے ان کی دعوت پر لبیک کہنا ضروری ہو گیا تو آنجنابؑ نے ان آخری قاصدوں کے ذریعہ اہل کوفہ کو اس مضمون کا جواب لکھا (اس سے قبل کسی خط کا جواب نہیں دیا تھا اور سب قاصد وہیں موجود[4] تھے): ﴿بسم اللّٰہ الرّحمٰن الرّحیم من الحسینؑ بن علیؑ الی الملاء من المؤمنین و المسلمین اما بعد فان ھانیاً و سعیداً قدما علیّ بکتبکم و کانا اٰخر من قدم

---

[1] الاخبار الطوال، ص ۲۳۱۔

[2] ملہوف، ص ۲۹۔ عاشر بحار، ص ۱۷۵، سطر آخر۔ مقتل مقرم، ص ۱۴۷۔ لوائح الاشجان، سطر آخر۔

[3] ارشاد شیخ مفیدؒ، ص ۱۸۳۔ ملہوف سید بن طاؤسؒ، ص ۳۰۔

[4] عاشر بحار، ص ۱۷۶۔ نفس المہموم، ص ۴۲ وغیرہ۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

علّی من رسلکم و قد فهمت کل الّذی قصصتم و ذکرتم و مقالتجلکم انه لیس علینا امام فاقبل لعل اللّٰه ان یجمعنا بک علی الحق و الهدیٰ و انا باعث الیکم اخی و ابن عمی و ثقتی من اهل بیتی مسلم بن عقیل فان کتب الی انه قد اجتمع رأی ملأکم و ذوی الحجی و الفضل منکم علی مثل ما قدمت به رسلکم و قرأت فی کتبکم فانی اقدم الیکم و شیکاً انشاء اللّٰه فلعمری ما الامام الا الحاکم بالکتاب القائم بالقسط الداین بدین الحق الحابس نفسه علی ذلک اللّٰه و السلام ﴿۱﴾

یہ خط حسینؑ بن علیؑ کی طرف سے مسلمانوں اور مؤمنوں کے گروہ کے نام ہے ہانی اور سعید تمہارے فرستگان میں سے سب سے اخیر ہیں۔ تمہارے خطوط لے کر میرے پاس پہنچے اور جو کچھ تم نے ان خطوط میں ذکر کیا ہے اسے میں نے سمجھا کہ ہمارا اس وقت کوئی امام نہیں۔ آپ آیئے۔ شاید خدا ہمیں آپ کی وجہ سے حق و ہدایت پر جمع کر دے اس لیے اب میں اپنے چچازاد بھائی اور اپنے خاندان کے مخصوص معتمد مسلم بن عقیلؑ کو تمہاری طرف روانہ کر رہا ہوں۔ میں نے انہیں مامور کر دیا ہے کہ وہ تمہارے صحیح حالات مجھے لکھیں۔ لہٰذا اگر انہوں نے یہ لکھا کہ تمہارے ارباب بست و کشاد اور صاحبان عقل و خرد اس بات سے متفق ہیں جو تم نے بذریعہ فرستادگان اپنے خط میں ظاہر کی ہے۔ تو میں بہت جلد تمہارے پاس پہنچ جاؤں گا۔ مجھے اپنی زندگی کی قسم امام برحق نہیں ہے مگر وہی جو کتاب خدا کے مطابق حکم کرے۔ اور عدل و انصاف پر کاربند ہو۔ دین حق کا پیرو ہو۔ اور اپنے نفس کو رضائے خداوندی کے لیے ان امور پر وقف کر چکا ہو۔ والسلام۔

اس کے بعد جناب مسلمؑ بن عقیلؑ کو کوفہ جانے کا حکم دیا۔ اور یہ پندرہ رمضان المبارک کا واقعہ ہے۔ قبل اس کے کہ جناب مسلمؑ کی روانگی اور ان کی شہادت کے واقعات بیان کیے جائیں اور سلسلہ واقعات کو آگے بڑھایا جائے۔ یہاں دو باتوں کی وضاحت ضروری معلوم ہوتی ہے۔

۱۔ ارشاد، ص ۱۸۳۔ لہوف، ص ۳۱۔ طبری، ج ۶، ص ۱۹۸۔ الاخبار الطوال، ص ۲۳۸۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

سترھواں باب

قاتلانِ حسینؑ کا مذہب کیا تھا؟

اہل کوفہ کے انہی دعوتی خطوط اور تاکیدی بلاوے کو دیکھ کر ہمیشہ مخالفین یہ کہا کرتے ہیں کہ قاتلانِ حسینؑ شیعہ تھے۔ اس لیے یہاں قاتلانِ حسینؑ کے مذہب پر فی الجملہ تبصرہ کیا جاتا ہے تاکہ اس اعتراض کا بے بنیاد ہونا واضح ہو جائے۔ اگرچہ اس موضوع پر بہت لکھا جا چکا ہے۔ مستقل رسائل تصنیف کیے جا چکے ہیں۔ بالخصوص رسالہ شریفہ ''قاتلانِ حسینؑ کا مذہب'' مطبوعہ امامیہ مشن لکھنؤ میں جس احسن انداز سے تاریخی حقائق کی روشنی میں اس ایراد کا بے بنیاد ہونا ثابت کیا گیا ہے۔ وہ قابل داد ہے۔ ہم ذیل میں اسی رسالہ شریفہ کے بعض اقتباسات پیش کرتے ہیں:

''کہنے کو قاتلانِ حسینؑ مسلمان تھے۔ اور اسی بنا پر یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ وہ اسلام کے کس فرقہ سے تعلق رکھتے ہیں لیکن تاریخی واقعات اس حقیقت کو بالکل بے نقاب کر دیتے ہیں کہ درحقیقت وہ نام نہاد مسلمان اسلام سے دُور کا بھی علاقہ نہ رکھتے تھے۔ مذہب ان کی نظر میں ایک خود ساختہ گھروندا اور بے دینی ان کا دین و آئین تھی۔ وہ دنیاوی جاہ و ثروت کے آگے کسی دوسرے عالم اور اس عالم کی جزا و سزا کا خیال بھی ذہن میں نہ لاتے تھے۔

ذمہ دارانِ شہادتِ حسینؑ کا کفر و الحاد

قتل حسینؑ کا اصل بانی یزید بن معاویہ تھا۔ جس نے کفر و الحاد اور لامذہبی میراث میں پائی تھی۔ (ہم اس کتاب کے گیارہویں باب میں یزید کا کفر اس کے مسلم الثبوت احوال و افعال کی روشنی میں ثابت کر چکے ہیں اس لیے یہاں ان کے دہرانے کی ضرورت نہیں ہے)۔

یزید کے بعد دوسرا شخص جسے قاتل حسینؑ کہا جا سکتا ہے۔ وہ پسر مرجانہ عبید اللہ ابن زیاد ہے جو یزید کے ساتھ یک جان و دو قالب کی حیثیت رکھتا تھا۔ اس شخص کا کفر و الحاد اور احکام رسولؐ سے روگردانی طشت از بام تھی۔ اور کوفہ کے عام افراد بھی اس سے خوب واقف تھے۔ چنانچہ جناب ہانی بن عروہ نے ایک خاص موقع پر جناب مسلم بن عقیل سے کہا تھا: ﴿اما و اللہ لقتلت فاسقاً فاجراً کافراً غادراً و لکن کرھت ان یقتل فی داری﴾ ''خدا کی قسم آپ یقین جانیے کہ اگر آپ اس کو قتل کر ڈالتے تو یہ کسی مسلمان کا قتل نہ ہوتا بلکہ ایک فاسق و فاجر، اور کافر و غدار کا قتل ہوتا۔ بے شک مجھ کو یہ امر پسند نہ تھا۔ کہ وہ میرے گھر میں قتل ہو۔''[1]

---

[1] طبری، ج ۶، ص ۲۰۴۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

تیسرا شخص جو قتل حسینؑ کا براہ راست ذمہ دار کہا جا سکتا ہے وہ عمر بن سعد ہے۔ اس کے اسلام کی حقیقت ان اشعار سے ظاہر ہے جو اس نے اس موقع پر نظم کیے تھے کہ جب ابن زیاد نے اس کو قتل حسینؑ پر مامور کیا ہے۔

ے فو اللّٰہ لا ادری و انی لحائرٌ — افکر فی امری علی خطرین

خدا کی قسم میری سمجھ میں کچھ نہیں آتا اور میں حیران ہوں — میں اپنی نسبت دو عظیم باتوں میں فکر کر رہا ہوں

ے اترک ملک الری و الری منیتی — ام اصبح ماثوماً بقتل حسینؑ

کیا میں ملک رے کو ہاتھ سے جانے دوں حالانکہ ملک رے کی مجھ کو مدت سے آرزو ہے۔ یا حسینؑ کو قتل کر کے گنہگار ہوں

ے الا انما الدنیا بخیر معجل — وما عاقل باع الوجود بدین

یاد رہے کہ دنیا نقد و حاضر راحت کا نام ہے — اور کون عاقل ہے جو نقد کو قرض کے عوض بیچ ڈالے

ے یقولون ان اللّٰہ خالق جنۃ — و نار و تعذیب دغلّ یدین

لوگ کہتے ہیں کہ خدا نے کوئی جنت خلق کی ہے — اور آگ اور عذاب اور ہاتھوں کی جھکڑیاں

ے فان صدقوا فیما یقولون انی — اتوب الی الرحمٰن من سنتین

اچھا تو اگر یہ لوگ سچے ہیں ان باتوں کو کہنے میں — تو کوئی حرج نہیں میں دو ہی برس کے اندر اس گناہ سے توبہ کر لوں گا

ے و ان کذبوا فزنا بدنیا عظیمۃ — و ملک عقیم دائم الحجلین

اور اگر یہ لوگ غلط کہتے ہیں اور جنت و دوزخ کی کوئی حقیقت نہیں تو پھر کیا ہے؟ پھر تو ہم ایک عظیم دنیا اور ایسے ملک کے حاصل کرنے میں کامیاب ہوئے جس کی نعمتیں باقی رہنے والی ہیں۔[1]

ان اشعار میں صریحی طور پر عقیدۂ معاد اور جنت و دوزخ کے وجود کا مذاق اڑایا گیا ہے۔ جب حکام اور رؤسا کا یہ عالم تھا۔ تو دوسروں کا کیا پوچھنا؟ وہ تو انہی لوگوں کے اشارہ پر چلنے والے اور ان کے آلۂ کار تھے۔ ان کو مسلمان کہنا اسلام کے دامن پر ایک بدنما دھبہ لگانا ہے اور درحقیقت ان سے اسلام کو کوئی تعلق نہیں ہے۔ اس کے بعد

---

[1] کامل ابن اثیر، ج ۳، ص ۲۸۳۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

اس سوال کا موقع ہی نہیں باقی رہتا کہ یہ لوگ سنی تھے یا شیعہ؟ اس لیے کہ سُنی شیعہ کا افتراق اسلامی مشترکہ اصول و عقائد کو تسلیم کر لینے کے بعد پیدا ہوتا ہے۔ اور جب خود اسلام دامن کش نظر آتا ہو تو سنی شیعہ کی تفریق بے موقع ہے۔

جو کچھ اوپر حوالۂ قلم ہوا وہ اس ننگِ انسانیت جماعت کے باطل عقائد کی بنا پر تھا۔ جس کی پردہ دری تاریخ کے ہاتھوں نے کی۔ ہاں ظاہری حیثیت سے یہ افراد مذہب اسلام کے حلقہ بگوش تھے۔ اور ان کی لامذہبی جس درجہ پر بھی ہو اس پر اسی ورسی مذہب کا ہلکا سا پردہ پڑا ہوا ضرور تھا! جس کی بنا پر یہ سوال پیدا ہو جاتا ہے کہ ان کا تعلق اسلام کے کس فرقہ سے تھا؟ بلا خوفِ رد کہا جا سکتا ہے کہ قاتلانِ حسینؑ سنی المذہب تھے۔

دو ضروری تنقیحیں

قبل اس کے کہ اس مطلب پر دیگر شواہد پیش کیے جائیں۔ بنیادی طور پر دو تنقیحیں قائم ہونا ضروری ہیں:

(۱) امام حسینؑ کے قتل کی بنیاد کیا تھی؟ (۲) جس بنیاد پر اس عظیم قتل کا ارتکاب کیا گیا۔ اس کی جگہ کس فرقہ کے اصول و تعلیمات میں نکالی جا سکتی ہے۔

تنقیح اوّل

تنقیح اوّل کے متعلق یہاں صرف اس قدر کہنا ہے کہ "تاریخی حیثیت سے یہ امر ناقابل انکار ہے کہ قتل امام حسینؑ کی بنیاد امیر معاویہ کے بعد یزید کی خلافت اور اس کے تسلیم کرنے کے لیے حسینؑ بن علیؑ سے بیعت لینے پر اصرار اور حسینؑ کا اس خلافت کے تسلیم کرنے سے انکار اور اپنی بات پر آخر وقت تک ہزار ہزار مصیبتیں سامنے آنے پر بھی قائم رہنا ہے۔ یہی وہ چیز تھی جس نے دنیا کی اس طویل و عریض وسعت کو فرزند رسولؐ پر تنگ کر دیا تھا اور جس کی بنا پر دشمنوں کی خون آشام تلواریں اس بے گناہ کے خون کی پیاسی ہو گئیں تھیں۔" ہم اس کتاب کے چودھویں باب میں تاریخی شواہد و نصوص کی روشنی میں اس امر کو ثابت کر چکے ہیں۔ یہاں مزید خامہ فرسائی کی ضرورت نہیں ہے۔

تنقیح دوم

اب رہی دوسری تنقیح کہ یزید کی خلافت کس فرقہ کے مذہبی تعلیمات کی رُو سے صحیح اور اس کی حمایت حق بجانب ہو سکتی ہے؟

یہ امر کچھ زیادہ توضیح کا محتاج نہیں ہے کہ شیعوں کے مذہبی اصول میں یزید بلکہ اس سے بڑھے چڑھے افراد کی خلافت کو کوئی جگہ حاصل نہیں ہے۔ انہوں نے تو سرے سے اس سلسلہ ہی سے اظہار برأت کیا ہے جس کی پانچویں یا چھٹی کڑی میں یزید کی امامت و خلافت کو تسلیم کرنے کی ضرورت پڑتی ہے۔ امام اہل سنت حافظ جلال الدین سیوطی نے اپنی تاریخ الخلفاء میں اس مطلب کو بالکل صاف کر دیا ہے۔ پہلے وہ کتاب کے دیباچہ میں سبب تالیف لکھتے ہوئے

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

رقمطراز ہیں: ﴿هذا تاريخ لطيف ترجمت فيه الخلفاء امراء المومنين القائمين بامر الامة من عهد ابى بكر الصديق رضى الله عنه الى عهدنا هذا على ترتيب زمانهم﴾۔ اس پُر لطف تاریخ میں میں نے حالات لکھے ہیں۔ خلفاء کے جو امیر المومنین تھے اور امت اسلامیہ کی ریاست کے مالک تھے۔ ابوبکر صدیق کے عہد سے لے کر اپنے عہد تک۔ ان کے زمانہ خلافت کی ترتیب کے مطابق" انہی الفاظ سے ظاہر ہے کہ وہ جن اشخاص کے حالات لکھنا چاہتے ہیں ان میں سے ہر ایک کو امیر المومنین کہنے کے لیے تیار ہیں۔ اور ان کی خلافت ان کے نزدیک صحیح و مسلم تھی۔ اس کے بعد جب ہم اسی تاریخ الخلفاء کی سیر کرتے ہوئے صفحہ ۲۰۵ پر پہنچتے ہیں۔ تو جلی حرفوں میں یہ سرخی نظر آتی ہے: "يزيد بن معاويه ابو خالد الاموى" جس کے ذیل میں مستقل طور پر یزید کے حالات درج کئے گئے ہیں۔ اس سے ظاہر ہے کہ یزید کی بیعت صحیح و درست اور امامت و خلافت اس کی جائز اور قابل تسلیم تھی۔ علاوہ بریں اس کتاب کے صفحہ ۹ پر معاویہ کے بعد بالتصریح یزید کو چھٹا خلیفہ شمار کرتے ہوئے لکھا ہے: ﴿ثم اجتمعوا على ولده يزيد ولم ينتظم للحسينؑ امر بل قتل قبل ذلك﴾ اور اس (معاویہ) کے بعد اس کے بیٹے یزید کی خلافت پر اجماع ہوا۔ حسینؑ کے لیے امامت حاصل نہ ہو سکی۔ بلکہ وہ اس سے قبل ہی قتل ہو گئے۔ (لہٰذا انہیں خلفاء میں شمار نہیں کیا جا سکتا)۔ شیخ الاسلام حافظ ابن حجر عسقلانی نے بھی شرح بخاری میں اسی قول کو اختیار کیا ہے۔ (نیز شرح عقائد، ص ۱۱۱، طبع لکھنؤ۔ شرح فقہ اکبر، ص ۱۷۸، طبع لاہور وغیرہ میں بھی یزید کو چھٹا خلیفہ لکھا گیا ہے) اہل سنت کے ان ذمہ دار حضرات کی تحریروں کے بعد اس میں شک و شبہ کی کوئی گنجائش باقی نہیں رہتی کہ یزید کی خلافت ان کے نزدیک صحیح اور جائز تھی۔ اور اسی خلافت کو تسلیم کرانے کے لیے حسینؑ بن علیؑ شہید کئے گئے تھے جس کے بعد قدرۃً یہی نتیجہ پیدا ہوتا ہے کہ یہ لوگ اس مذہب کے نام لیوا تھے۔ جس میں یزید کی خلافت صحیح و جائز تھی اور ان کو شیعہ فرقہ سے کوئی تعلق نہ تھا۔

قاتلانِ حسینؑ کے مذہب پر تاریخی شواہد و قرائن

اگرچہ مذکورہ بالا حقائق اس مطلب کے ثابت کرنے کے لیے کافی ہیں کہ قاتلانِ حسینؑ شیعہ نہ تھے بلکہ سنی تھے۔ تاہم مزید تسلی و تشفی کے لیے ذیل میں بعض تاریخی قرائن و شواہد درج کئے جاتے ہیں۔

پہلا شاہد:۔ جناب مسلمؑ بن عقیلؑ کوفہ میں آ کر فرزند رسول کی بیعت لے رہے ہیں۔ حاکم کوفہ نعمان بن بشیر اپنی فطری صلح پسندی کے باعث طرح دے رہا ہے۔ عین اسی موقع پر یزید کے پاس کوفہ سے ایک خط جاتا ہے جس کی عبارت یہ ہے: ﴿اما بعد فان مسلم بن عقيل قد قدم الكوفة فبايعته الشيعة للحسينؑ بن علىؑ فان كان لك فى الكوفة حاجة فابعث ايها رجلاً قويًا ينفذ امرك و يعمل مثل عملك فى عدوك

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

فان النعمان بن بشیر رجل ضعیف او هو یتضعف ﴾ مسلم بن عقیل کوفہ آئے ہیں اور شیعوں نے ان کے ہاتھ پر حسینؑ بن علیؑ کی بیعت کی ہے۔ اگر آپ کو کوفہ میں اپنی سلطنت قائم رکھنا ہے تو ایک طاقت ور شخص کو یہاں مقرر کیجئے جو آپ کا حکم نافذ کرے۔ اور دشمن کے ساتھ وہ سلوک کرے جو آپ خود اگر ہوتے تو کرتے اس لیے نعمان بن بشیر فطرتاً کمزور ہے۔ یا کسی وجہ سے کمزوری ظاہر کر رہا ہے۔ اس خط کے لکھنے والے تین آدمی ہیں: (۱) عبداللہ بن مسلم بن سعید حضرمی حلیف بنی امیہ۔ (۲) عمارہ بن عقبہ۔ (۳) عمر بن سعد ابن ابی وقاص۔

یزید نے یہ خط دیکھ کر جو فرمان ابن زیاد کے نام لکھا اس کی عبارت قابل دید ہے: ﴿اما بعد فانه کتب الیّ شیعتی من اهل الکوفة یخبرونني ان ابن عقیل بالکوفة یجمع الجموع لشق عصا المسلمین فسر حین تقواء کتابی هذا حتیٰ تاتی الکوفة فتطلب ابن عقیل طلب الخزرة حتی تثقفه فتوثقه او تقتله او تنفیه و السلام ﴾ میرے پاس میرے شیعوں نے جو کہ کوفہ کے رہنے والے ہیں یہ لکھا ہے کہ ابن عقیلؑ کوفہ میں جتھے جمع کر کے مسلمانوں کی موجودہ بنی بنائی بات کو بگاڑنا چاہتے ہیں۔ لہٰذا فوراً وہاں جاؤ اور مسلم پر قابو حاصل کر کے بایں طور سزا دو کہ اسے قید خانہ میں ڈال دو۔ یا قتل کر دو۔ یا شہر بدر کر دو۔[1] (چنانچہ نعمان بن بشیر کو معزول کر دیا جاتا ہے اور ابن زیاد کو بصرہ کے علاوہ کوفہ کا گورنر بھی بنا دیا جاتا ہے)۔

محترم ناظرین نے پہچان تو لیا ہوگا کہ یہ عمر بن سعد کون ہے جو اس خط کے لکھنے والوں میں ہے؟ بے شک یہ وہی سپہ سالار ہے جو حسینؑ بن علیؑ کے قتل کے لیے بھیجا گیا تھا۔ جس نے سب سے پہلے تیر لشکر حسینؑ کی طرف رہا کیا[2] تھا۔ اس کی یہ لفظیں کہ ﴿ بایعته الشیعه للحسینؑ بن علیؑ ﴾ شیعہ جماعت نے مسلمؑ کے ہاتھ پر حسینؑ کی بیعت کر لی ہے صاف بتاتی ہیں کہ اس شخص کو جماعتِ شیعہ سے کوئی تعلق نہ تھا۔ اور پھر یزید کی یہ تحریر کہ ﴿ کتب الی شیعتی من اهل الکوفة ﴾ مجھ کو میرے شیعوں نے کوفہ سے لکھا ہے بتلا رہی ہے کہ یہ شخص یزید کا شیعہ تھا۔ اور اس کی خلافت کو تسلیم کرنے والی جماعت سے تھا۔ (ظاہر ہے کہ وہ جماعت اہل سنت کی ہی ہے نہ شیعہ کی)۔

دوسرا شاہد:۔ فرزند رسولؐ کربلا پہنچے اور دشمنوں نے محاصرہ کر لیا۔ ساتویں تاریخ قاصد آتا ہے اور ابن زیاد کی طرف سے عمر سعد کو یہ خط دیتا ہے: ﴿اما بعد فحل بین الحسینؑ و اصحابه و بین الماء ولا یذوقوا منه قطرةً کما صنع بالتقی الزکی المظلوم امیر المؤمنین عثمان بن عفان... الخ ﴾ حسینؑ اور اصحاب حسینؑ کے سامنے پانی کی طرف سدِ راہ ہو جاؤ اور ان کو ایک قطرہ چکھنے کو بھی نہ ملنے پائے جیسا کہ زکی تقی مظلوم امیر

---

[1] طبری، ج ۶، ص ۱۹۹، ۲۰۰۔ ارشاد، ص ۱۸۵۔

[2] طبری، ج ۶، ص ۲۴۵۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

المومنین عثمان بن عفان کے ساتھ سلوک کیا گیا تھا۔[1]

کہاں ہیں قاتلانِ حسینؑ کو شیعہ کہنے والے۔ آئیں اور آنکھیں کھول کر اپنے امام اور حافظ محمد بن جریر طبری کی تحریر پر نظر ڈالیں۔ اور پھر بتلائیں کہ قاتلانِ حسینؑ کا مذہب کیا تھا؟ حضرت عثمان کی مظلومیت کا مرثیہ خوان کون ہو سکتا ہے؟ حضرت عثمان کو امیر المومنین کون کہتا ہے؟

تیسرا شاہد:۔ نویں ماہ محرم کو عزرہ بن قیس احمس (جو فوج مخالف میں تھا) اور جناب زہیر بن قین کے درمیان جو گفتگو ہوئی۔ اس کا ایک شمہ یہ ہے۔ عزرہ بن قیس کہتا ہے:

﴿یا زهیر ما کنت عندنا من شیعه اهل هذا البیت انما کنت عثمانیاً﴾ اے زہیر! تم تو ہماری دانست میں اس خاندان کے شیعوں میں سے نہ تھے بلکہ عثمانی مذہب رکھتے تھے۔ زہیر نے کہا: ﴿افلا تستدل بموقفی هذا انی منهم... الخ﴾ اچھا اب تو میرے یہاں ہونے سے تم سمجھے کہ میں شیعیان اہل بیتؑ میں سے ہوں الخ۔۔۔۔۔ عزرہ کا یہ کہنا "تم تو شیعہ جماعت سے نہ تھے بلکہ عثمان کے ماننے والوں میں سے تھے۔" صریحی دلیل ہے کہ یہ طے شدہ امر تھا کہ اس وقت جو حسینؑ کا ساتھ دے وہ شیعہ جماعت سے ہے اور وہ لوگ جو ان کے مدمقابل میں تلواریں کھینچے ہوئے ہیں عثمانی المسلک اور مخالف تشیع ہیں۔ اور زہیر کا یہ مقولہ کہ "اب تو میرے یہاں ہونے سے سمجھے کہ میں شیعہ اہل بیتؑ ہوں" وہ بھی اس کا زبردست موید ہے۔

چوتھا شاہد:۔ اصحابِ حسینؑ سے نافع بن ہلال جملی جنگ کے لیے نکلے اور وہ یوں رجز پڑھ رہے تھے: ﴿انا الجملی انا علی دین علیؑ﴾ میں قبیلہ بنی جمل میں سے اور علیؑ کے مذہب پر ہوں۔ ایک شخص مقابلہ پر نکلا جس کا نام مزاحم بن حریث تھا۔ اس نے کہا: ﴿انا علی دین عثمان﴾ میں تو عثمان کے مذہب پر ہوں۔ نافع نے کہا: ﴿انت علی دین شیطان﴾ یہ کہہ کر حملہ کیا اور اسے قتل کر ڈالا۔[2] اب تو تاریخ نے کوئی تقیہ باقی نہیں رکھا۔ طرفین کے مذہب کو اتنا روشن کر کے پیش کر دیا ہے کہ شک و شبہ کی گنجائش باقی نہیں رہی۔

پانچواں شاہد:۔ عین موقعۂ جنگ پر لشکر عمر بن سعد میں عمرو بن الحجاج نے کھڑے ہو کر آواز دی ﴿یا اهل الکوفة الزموا طاعتکم و جماعتکم و لا ترتابوا فی قتل من مرق من الدین و خالف الامام... الخ﴾ "اے اہل کوفہ، امیر کی اطاعت اور اپنی متفقہ رائے پر سختی سے قائم رہو اور کوئی شک نہ کرو۔ ان لوگوں کے قتل میں جو مذہب سے نکل گئے ہیں اور امام کی مخالفت کر رہے ہیں۔" امام حسینؑ نے یہ آواز سنی اور فرمایا: "اے عمرو بن الحجاج! تو

---

[1] طبری، ج ۶، ص ۲۳۴۔

[2] طبری، ج ۶، ص ۲۳۷۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

میری جنگ کے لیے لوگوں کو آمادہ کر رہا ہے؟ کیا ہم مذہب سے نکل گئے۔ اور تم مذہب پر قائم ہو؟ خدا کی قسم۔ جب یہ چند روزہ زندگی ختم ہو جائے گی اور موت کا مزہ چکھو گے اس وقت معلوم ہوگا کہ کون مذہب سے نکلا تھا اور کون آتش جہنم میں سزا پانے کا مستحق ہے۔"[1]

اب کوئی بتلائے کہ وہ کون سا مذہب ہے جس سے علیحدہ ہونے کا الزام حسینؑ و اصحاب حسینؑ کو دیا جا رہا ہے اور یزید کس فرقہ کا امام ہے جس کی مخالفت کا الزام امام حسین علیہ السلام پر لگایا جا رہا ہے۔

چھٹا شاہد:۔ فرزند رسولؐ شہید ہو چکے ہیں۔ حرم رسالت کی مخدرات اسیر ہو کر دربار ابن زیاد میں لائی گئیں۔ ابن زیاد نے اس موقع پر مجمع عام میں بر سر منبر جو تقریر کی۔ اس کا افتتاحی حصہ یہ ہے: ﴿الحمد للّٰہ الذی اظھر الحق و اھلہ و نصر امیر المؤمنین یزید بن معاویۃ و حزبہ و قتل..... الحسینؑ بن علیؑ و شیعتہ... الخ﴾ خدا کا شکر ہے جس نے حق اور اہل حق کو فتح عنایت کی اور خلیفۂ وقت یزید بن معاویہ اور ان کے گروہ کی مدد فرمائی۔ اور حسینؑ بن علیؑ کو ان کے شیعوں سمیت قتل کیا۔"[2] اس سے صریحاً ظاہر ہے کہ امام حسینؑ کے ساتھ قتل ہونے والی جماعت شیعہ تھی۔ اور ان کے قتل کرنے والے اس جماعت سے تعلق نہ رکھتے تھے۔ بلکہ وہ اسی مذہب کے نام لیوا تھے جسے ابن زیاد حق کہتے ہوئے اس کی (ظاہری) فتح پر شکر ادا کر رہا ہے۔ وہ یزید کو امیر المؤمنین اور خلیفۂ حق سمجھنے والی جماعت میں داخل تھے۔

SIBTAIN.COM
Presented By: www.jafrilibrary.com

ساتواں شاہد:۔ قتل امام حسینؑ کا الزام اس جماعت اہل کوفہ پر عائد کرنا جو امام حسینؑ کی حقیقۃً بلانے والی تھی۔ اور یہ کہنا کہ وہ شیعہ ہی تھے۔ واقعیت سے کوسوں دور ہے۔ یہ درست ہے کہ ایک وہ زمانہ تھا کہ کوفہ شیعیان اہل بیتؑ سے چھلک رہا تھا لیکن ادھر معاویہ کا ممالک اسلامیہ پر تسلط ہوا۔ اور کوفہ پر اپنے نامعلوم باپ کا بیٹا زیاد حاکم مقرر ہوا۔ ادھر شیعیان کوفہ پر مظالم کے پہاڑ ٹوٹ پڑے اور عراق کی چوڑی چکلی زمین ان پر تنگ ہو گئی۔ ان کا ہر نفس آئندہ آنے والے خطرات کی پیش گوئی کرتا۔ اور ہر دقیقہ و ثانیہ اپنے آخری ہونے کا پیغام سناتا۔ ابوالحسن مدائنی نے کتاب الاحداث میں اس زمانہ کی مرقع کشی کرتے ہوئے لکھا ہے:

﴿کان اشد الناس بلاء حینئذ اھل الکوفۃ لکثرۃ من بھا من شیعۃ علیؑ فاستعمل علیھم زیاد بن سمیۃ و ضم الیہ البصرۃ فکان یتبع الشیعۃ وھو بھم عارف لانہ کان منھم ایام علی فقتلھم تحت کل حجر و مدر و خافھم و قطع الایدی و الارجل و سمل العیون و صلبھم علی جذوع

---

[1] طبری، ج ۶، ص ۲۳۹۔

[2] طبری، ج ۶، ص ۲۶۳۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

النخل و طردهم و شردهم عن العراق فلم یبق بها معروف منهم﴾ "معاویہ کے دور حکومت میں سب سے زیادہ مصیبت میں اہل کوفہ تھے اس لیے کہ وہاں شیعیان علیؑ کثیر تعداد میں موجود تھے۔ وہاں کا حاکم بھی زیاد بن سمیہ مقرر کیا گیا اور اس نے شیعوں کو پوری جستجو کے ساتھ گرفتار کیا۔ اور وہ ان کو پہچانتا بھی خوب تھا۔ کیونکہ علیؑ کے زمانہ میں وہ انہیں لوگوں کے ساتھ تھا۔ اس نے ان کو جہاں پایا قتل کیا۔ اور ہاتھ پاؤں قطع کیے۔ اور آنکھوں میں سلائیاں پھیر ڈالیں۔ اور درختوں پر سولیاں دلوائیں۔ اور عراق سے جلاوطن کیا۔ یہاں تک کہ کوئی مشہور و معروف شخص ان میں سے باقی نہ رہا۔"[1]

اس صورت کے بعد ناممکن تھا کہ کوفہ کے اندر شیعہ جماعت کے لیے کوئی نمایاں حیثیت باقی رہتی بلکہ مارے جانے، سولی پانے اور جلاوطن ہونے کے بعد جو بچے کھچے اشخاص موجود بھی تھے وہ گوشوں کے اندر اور پردوں کے نیچے زندگی بسر کرنے پر مجبور تھے اور شیعیت کا نام بھی زبان پر لانا اپنے استحقاق قتل کی دستاویز خیال کرتے تھے۔

مثل مشہور ہے ظالم کی رسی دراز ہوا کرتی ہے۔ "یہ صورت حال دو ایک ماہ، دو ایک سال نہیں بلکہ پورے تیس سال تک قائم رہی۔" بچے جوان، جوان بوڑھے اور بوڑھے فنا ہو گئے۔ شیعیت ایک مخصوص با معرفت اور صاحب ایمان جماعت میں مخفی حیثیت سے پرورش پا رہی تھی۔ اور وہ جماعت کوفہ کے اتنے بڑے شہر میں گمنامی کی زندگی بسر کر رہی تھی۔ رؤسائے عشائر اور شیوخ قبائل، ذمہ دار و با اعتبار اشخاص سب حکومت وقت کے ساختہ و پرداختہ اور اس کی خیر خواہی و وفاداری کی قسم کھائے ہوئے شاہی مذہب کے حلقہ بگوش و عقیدت کیش تھے۔ ان حالات میں یہ کیونکر کہا جا سکتا ہے کہ تیس ہزار کا لشکر جرار (فوج مخالف کی یہ کم از کم تعداد ہے جو ارباب سیر و تواریخ نے لکھی ہے) شیعیان کوفہ سے تیار کیا جائے؟ حاشا و کلا۔

حضرت مسلمؑ کے ہاتھ پر اٹھارہ ہزار کوفیوں کے بیعت کرنے کے اسباب

یہ جو مشہور ہے کہ ایک ہفتہ کے اندر اندر اہل کوفہ کے اٹھارہ اور بروایتے تیس ہزار افراد نے جناب مسلم کے ہاتھ پر بیعت کر لی تھی۔ تو یہ سب لوگ ہرگز شیعہ نہ تھے۔ عام خلقت بقول شخصے بھیڑ دھیان ہوتی ہے۔ جدھر ایک چلا ادھر سب۔

ع "ھر کسے سکہ زند خطبہ بنامش خوانند" کے مطابق ہوا کے رُخ پر اڑنے والی اور زمانہ کے غیر معمولی حوادث سے سرعت کے ساتھ رنگ بدلنے والی ہوتی ہے۔ ان میں سے ایک ایسا اچانک امر جس میں جوش انگیزی کی طاقت ہو۔ وہ انقلاب پیدا کر سکتا ہے جو برسوں کی دعوت و تبلیغ پیدا نہیں کر سکتی۔ یزید کی خلافت سے

---

[1] نصائح کافیہ ص ۷۰۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

بسبب اس کی سیہ کاریوں کے بیزاری ایک طرف۔ حسینؑ بن علیؑ کی ہر دلعزیزی۔ دوسری جانب وہ لوگ جو مسلم بن عقیل کی تحریک کے مبلغ و داعی تھے۔ ان کی ذاتی وجاہت و تعلقات تیسری طرف اور ﴿کُلُّ جَدِیْدٌ لَذِیْذ﴾ کے طبعی قانون کے مطابق ہر تازہ تحریک میں جو لذت یا جذب ہوتا ہے۔ وہ چوتھی طرف ان تمام باتوں کا مل کر یہ نتیجہ تھا کہ حضرت مسلمؑ کے ہاتھ پر ایک ہفتہ کے اندر اٹھارہ ہزار کوفیوں نے بیعت کی لیکن کیا یہ سب شیعہ تھے؟ کیا کوفہ میں زیادہ آل زیاد کی بیس سال حکومت کے بعد جس میں کھنچی ہوئی تلواریں۔ اور جلادوں کے ہاتھ برابر اپنی سفاکی میں مشغول رہے۔ اور دست و پا اور سر و زبان کا قطع و برید کا سلسلہ برابر جاری رہا۔ کوفہ میں اٹھارہ بیس ہزار کی تعداد میں شیعہ ہو سکتے تھے؟ ہرگز نہیں۔ اور جب نہیں! تو کیا مذکورہ بالا سطحی عارضی اسباب سے جو رائے عام ہموار ہوئی ہو اس میں کوئی وزن یا ثبات و استقرار ہو سکتا ہے؟ اسی امر کا نتیجہ تھا جو بعد میں ظاہر ہوا۔

آٹھواں شاہد:۔ تاریخی حقائق کا گہری نگاہ سے مطالعہ کرنے کے بعد معلوم ہوتا ہے کہ اس دور میں جو لوگ شیعیان علیؑ کہلاتے تھے ان کی اکثریت حقیقی معنوں میں شیعہ نہ تھی بلکہ وہ حضرت علیؑ کو چوتھا خلیفہ تسلیم کرتی تھی۔ ہاں صرف معاویہ کے مقابلہ میں محض حضرت علیؑ کے ساتھ ہونے کی وجہ سے شیعہ علیؑ کہلاتی تھی۔ چنانچہ بعض آثار و اخبار سے واضح و آشکار ہوتا ہے کہ ایک بار حضرت امیر علیہ السلام نے جب ان لوگوں کو نماز تراویح پڑھنے سے روکا تو انہوں نے "۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔! ہائے عمر! آج تیری قائم کردہ سنت تبدیل کی جا رہی ہے" کا شور و شغب بلند کیا جس کی بنا پر آپ کو اپنا حکم واپس لینا پڑا۔[1] اور ایسے لوگ بھی زیاد کی حکومت کی وجہ سے اب زیادہ تعداد میں موجود نہیں تھے۔ مذکورہ بالا مسلم الثبوت تاریخی نصوص و شواہد سے اس دعویٰ کا بطلان اظہر من الشمس ہو جاتا ہے کہ "قاتلانِ حسینؑ شیعہ تھے۔ اور یہ حقیقت آشکار ہو جاتی ہے کہ وہ نابکار دراصل مسلمان ہی تھے۔" ہاں البتہ ظاہری اعتبار سے سنی المذہب، عثمانی المسلک، عمری المسلک اور یزیدی المشرب مسلمان تھے۔

یہاں یہ بات بھی یاد رکھنے کے قابل ہے کہ ان خطوط کے لکھنے والوں میں سے جو جماعت شیعہ کے نام سے لکھے گئے ہیں۔

ایک شخص کی بھی موجودگی واقعۂ کربلا میں امام حسینؑ کے مقابلہ میں پائی نہیں جاتی بلکہ ان میں سے جناب حبیب بن مظاہرؓ نے کربلا میں امام حسینؑ کے قدموں پر جانثاری کے ساتھ دم توڑ کر ہمیشہ کے لیے سرخروئی حاصل کی۔ اور ان اشخاص میں سے جو خطوط لے جانے والے تھے۔ سعید بن عبداللہ حنفی نے اس طرح جان نثار کی جس کی نظیر کسی شہید کے یہاں نظر نہیں آتی۔ اور عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن کدان ارجبی روزِ عاشوراء امام سے اجازت لے کر میدان

---

[1] احتجاج طبرسی، ص ۱۴۱۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

قتال میں آئے اور یہ رجز پڑھا: ﴿صبراً علی الاسیاف و الاسنة صبراً علیها لدخول الجنة﴾ پھر جنگ کی، یہاں تک کہ شہید[1] ہوئے اور قیس بن مسہر صیداوی نے اپنی زندگی کے آخری نفس تک جس ثبات و استقلال کے ساتھ اپنے فرض کو ادا کیا۔ اس کا تذکرہ صفحات تاریخ پر زریں حرفوں میں ثبت رہے گا۔[2] بہر حال ان خطوط کے لکھنے والے شیعہ تھے اور ان کی برأت قتل حضرت سید الشہداءؑ سے یقینی طور پر ثابت ہے۔ علاوہ بریں شہداءِ کربلا کی اکثریت کا تعلق اہل کوفہ سے ہے جس کی تفصیل بعد میں بیان ہوگی انشاء اللہ۔ برخلاف اس کے آخری خط جس پر سات آدمیوں کے دستخط تھے (جس پر سولہویں باب میں تبصرہ کیا جا چکا ہے) ان میں سے پانچ شخص شبث بن ربعی، حجار بن ابجر، عزرہ بن قیس، عمرو بن الحجاج اور یزید بن الحارث مسلماً واقعۂ کربلا میں موجود اور قتل امام میں شریک تھے۔ یہ وہی اشخاص ہیں جن کے متعلق سابقہ باب میں وضاحت سے لکھا جا چکا ہے کہ نہ انہوں نے اپنے تئیں شیعہ لکھا اور نہ واقعات کی بنا پر ان کا شیعہ جماعت سے کوئی تعلق معلوم ہوتا ہے۔

شیعیانِ کوفہ کی نصرت و امدادِ امامؑ میں تقصیر و کوتاہی کے علل و اسباب

یہاں قدرتی طور پر یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ اچھا مان لیا کہ شیعیانِ کوفہ نے قتل امامؑ میں شمولیت نہیں کی مگر انہوں نے اس طرح نصرتِ امامؑ کا فریضہ بھی تو انجام نہیں دیا جس کا انہوں نے اپنے خطوط میں وعدہ کیا تھا۔

اس کے متعلق گزارش ہے کہ اوراق تاریخ کی ورق گردانی کرنے سے اس بات کے متعدد علل و اسباب نظر آتے ہیں۔

پہلا سبب:۔ کوفہ کی جماعت شیعہ جو امام حسینؑ کی ہمدرد ہو سکتی تھی۔ اس کی ایک کثیر تعداد پابہ زنجیر کر لی گئی تھی۔ چنانچہ تاریخ سے ثابت ہے کہ یزید نے ابن زیاد کو لکھا: ﴿انه بلغنی ان الحسینؑ بن علیؑ قد توجّهٗ نحو العراق فضع المناظر و المسالح و احترس علی الظّن و خذ علی التهمة﴾ مجھ کو یہ خبر معلوم ہوئی ہے کہ حسینؑ بن علیؑ عراق کی طرف متوجہ ہو چکے ہیں۔ تم ہوشیاری کے ساتھ جاسوس مقرر کرو۔ اور لنگر بناؤ اور جس سے خطرہ کا وہم و گمان بھی ہو تو اس سے تحفظ کرو اور بدگمانی جس پر ہو اسے فوراً گرفتار کر لو۔[3] بس اب کیا تھا قید خانے قیدیوں سے چھلکنے لگے۔ اس کا اندازہ ابن زیاد کے اس فقرہ سے ہوتا ہے جو اس نے ایک موقع پر کہا تھا: ﴿وما ترکت لکم ذا ظنّةٍ اخافه علیکم الا وهو فی سجنکم﴾ کوئی ایسا شخص نہیں جس پر مجھے گمان بھی ہو سکتا تھا کہ وہ حکومت کی مخالفت کرے گا مگر یہ کہ وہ قید خانہ کے اندر ہے۔[4] انہی قیدیوں میں سے ایک مختار بن عبید اللہ ثقفی بھی تھا۔

---

[1] ابصار العین، ص ۷۸۔
[2] طبری، ج ۶، ص ۲۲۴۔
[3] طبری، ج ۶، ص ۲۱۵۔
[4] طبری، ج ۷، ص ۱۸۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

دوسرا سبب:۔ حدود کی ناکہ بندی کر دی گئی۔ اور راستوں کے انسداد نے کوفہ کے رہے سہے اشخاص کے لیے جن میں جذبۂ نصرتِ حسینؑ ہو سکتا تھا۔ حضرتؑ تک پہنچنے کو دشوار سے دشوار تر بنا دیا تھا۔[1] اور اگر وہ آنے کا قصد کرتے بھی تو یقیناً نخیلہ میں کہ جو بالکل کوفہ کے نکڑ پر کربلا کے راستے میں تھا، گرفتار کر لیے جاتے۔ یا آگے بڑھ کر قادسیہ وغیرہ کی منزل پر دست گیر ہو جاتے۔ چنانچہ قیس بن مسہر صیداوی اور عبداللہ بن یقطر جو امام حسینؑ کے فرستادہ اہل کوفہ کے نام خط لے جا رہے تھے وہ اسی قادسیہ میں پہنچ کر حصین بن تمیم کے ہاتھوں گرفتار ہوئے جو کئی ہزار سواروں کے ساتھ وہاں مقرر تھا۔[2]

تیسرا سبب:۔ ابن زیاد کی طرف سے یہ اہتمام تھا کہ کوئی جنگ آزما شخص کوفہ میں ایسا نہ رہ جائے جو حسینؑ کی جنگ کے لیے نہ نکلے۔ اس طرح ان افراد کے لیے جو حسینؑ کے مقابلہ سے نفرت کرتے تھے اس جرم سے حفاظت بھی تلف جان و مال کی ضامن بن گئی تھی۔ چنانچہ کوئی شخص واپس لوٹنا چاہتا تو اسے گرفتار کر لیا جاتا۔ اس کام پر سوید بن عبدالرحمٰن منقری کچھ سواروں کے ساتھ مقرر تھا۔ چنانچہ سوید نے ایک شخص کو اہل شام میں سے جو کوفہ کسی اپنے ذاتی معاملہ کے لیے آیا تھا گرفتار کر کے ابن زیاد کے پاس بھیجا اور اس نے ہیبت قائم کرنے کے لیے اس کو قتل کرا[3] دیا۔

چوتھا سبب:۔ مخفی نہ رہے کہ یہی وہ اسباب تھے جن کی بنا پر شیعیان کوفہ حضرت مسلمؑ کی بھی مدد و نصرت نہ کر سکے۔ ان کے علاوہ یہاں ایک اور چوتھا سبب یہ بھی تھا کہ حضرت مسلمؑ نے اپنے ساتھیوں کے ساتھ قیام کا جو پروگرام مرتب کیا تھا وہ جناب ہانی بن عروہ کے ناگہانی گرفتار بلا ہو جانے کی وجہ سے درہم برہم ہو گیا۔ چنانچہ مؤرخ طبری نے تصریح کی ہے کہ ﴿لم یکن خروجه یوم خرج علی میعادٍ من اصحابه انما خرج حین قیل له ان هانی بن عروه المرادی قد ضرب و حبس﴾ مسلمؑ کا جنگ کے لیے نکلنا اپنے ساتھیوں کی اطلاع کے بغیر تھا۔ اور کوئی قرارداد اس دن کے متعلق نہ ہوئی تھی۔ وہ تو ایک مرتبہ اس وقت کھڑے ہو گئے جب ان کو معلوم ہوا کہ ہانی بن عروہ مرادی کو زدوکوب کرنے کے بعد قید کر دیا گیا ہے۔[4] واقعہ کی ناگہانی حیثیت کو دیکھتے ہوئے یہ کیوں کر توقع کی جا سکتی تھی کہ وہ بیعت کرنے والے ایک دم جمع ہو جاتے؟

بہر حال باوجود ان دشواریوں کے، ان ہمت شکن مشکلات کے اور ان طاقت ربا مصائب کے وہ افراد شیعہ جو حسینیؑ دعوت کے بانی و مبلغ تھے۔ اور اس تحریک کے داعی و مروّج تھے (الا من شذّ) وہ کسی نہ کسی طرح حسینؑ بن علیؑ تک پہنچ گئے اور اپنی جانیں ان کے قدموں پر نثار کر دیں۔ عابس بن شبیب شاکری، حبیب بن مظاہر اسدی، سعید بن

---

[1] طبری، ج ۶، ص ۲۴۳۔
[2] طبری، ج ۶، ص ۲۲۴۔
[3] الاخبار الطوال، ص ۲۵۲۔
[4] طبری، ج ۷، ص ۵۸۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

عبداللہ حنفی، ابوثمامہ صیداوی، بریر بن خضیر ہمدانی، اور نافع بن ہلال جملی وغیرہم رضوان اللہ علیہم اجمعین جن کے حالات بعد ازیں انصار حسینیؑ کے ضمن میں بیان ہوں گے انشاء اللہ۔ انہوں نے نہایت ثبات قدم کے ساتھ آخری نفس تک امام کا ساتھ نہیں چھوڑا۔ اور آخر ان کی لاشیں حسینؑ کے قدموں پر خاک وخون میں تڑپتی ہوئی نظر آئیں۔"

ع بنا کردند خوش رسمے بخاک و خون غلطیدن خدا رحمت کند ایں عاشقانِ پاک طینت را

باوجود ان اعذار وموانع اور مشکلات کے ہم اس امر کے ماننے کے لیے تیار ہیں کہ اکثر لوگوں نے نصرت جناب مسلمؑ اور نصرتِ امامؑ سے پہلوتہی ضرور کی۔ اور اپنی جانیں نثار کرنے میں کوتاہی کی۔ اور اس جرم کے وہ خود بھی معترف تھے۔ (جو بعد میں جماعت توابین کی شکل میں ظاہر ہوئے) لیکن ان کا یہ جرم اس جرم سے سنگین تر نہیں کہ رسولؐ کو میدان جنگ میں دشمنوں کے نرغہ میں تنہا چھوڑ کر اپنی جان کی حفاظت کے لیے فرار کریں۔ اور حضرت عثمان کو دارالخلافہ اور مرکزی حکومت مدینہ منورہ کے اندر مصر سے آئی ہوئی فوجوں کے حلقہ میں قصر کے اندر محصور چھوڑ کر تماشہ دیکھتے رہیں۔ اور ان کے قتل ہو جانے کے بعد تین دن بعد تک ان کی لاش دفن کرنے کی بھی جرأت نہ کریں۔ یاد رہے کہ رسول اکرم ﷺ کے ساتھ صحابہ کرامؓ میں سے جنگ احد میں دس آدمی ہی نہ رہے تھے۔ اور جنگ حنین میں بارہ سے زیادہ لڑائی میں نہ ٹھہرے تھے۔ اور یوم الدار حضرت عثمان کی مدد کے لیے ان کی ماننے والی جماعت میں سے بیس آدمی بھی جان نثار دکھائی نہ دیتے تھے۔ لیکن فرزند رسول حسینؑ بن علیؑ کے ساتھ جماعت شیعہ میں سے عزیز واقارب کو چھوڑ کر کم از کم چون (۵۴) جانیں قربان کرنے والے آدمی نکل آئے تھے۔ کیا اس کے بعد بھی غیرت کا تقاضا ہے کہ جماعت شیعہ کو حسینؑ کی نصرت میں کوتاہی کا طعنہ دیا جائے یا اس سے بڑھ کر قتل حسینؑ کا بے بنیاد الزام لگایا جائے۔"[1]

جب امامؑ عالی مقام کو اہل کوفہ کی وفاداری پر یقین نہ تھا تو پھر ان کی دعوت قبول کیوں فرمائی؟

طول کلام کی وجہ سے ہمیں قارئین کرام کے ملال وتکدر طبع کا پورا پورا احساس ہے مگر اس مطلب کی اہمیت کے پیش نظر عنان بیان کو قدرے ڈھیلا چھوڑنا پڑا۔ جس کے لیے ہم معزز قارئین سے معذرت خواہ ہیں۔ اب ذیل میں ایک دوسرے وضاحت طلب امر پر بھی مختصر سا تبصرہ کیا جاتا ہے۔ کہنے والے کہتے رہتے ہیں کہ جب اہل کوفہ کے متعلق امام حسینؑ کو علم تھا کہ انہوں نے ان کے والد ماجد اور برادر معظم کے ساتھ وفا نہ کی تو پھر انہوں نے ان پر اعتماد کیوں کیا؟ خصوصاً جبکہ آپؑ کے بعض خیر خواہوں نے بھی آپ کو کوفہ جانے سے روکا تھا؟ اگرچہ مذکورہ بالا حقائق پر غائرانہ نگاہ ڈالنے سے اس سوال کا جواب معلوم ہو جاتا ہے۔ تاہم ذیل میں اس کی کسی قدر وضاحت کی جاتی ہے۔

---

[1] انتہی ما اردنا نقلہ من الرسالہ الشریفۃ المسماۃ بہ "قاتلانِ حسین کا مذہب"۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

صورتِ حال یہ ہے کہ آپ یزید سے بیعت جیسا کہ اب تک نہیں کی۔ آئندہ بھی کرنا نہیں چاہتے۔ مدینہ میں قیام یزید کے اس تہدیدی حکم کی بنا پر آپؑ سے بیعت لی جائے یا قتل کر دیئے جائیں۔ ناممکن ہے۔ مکہ معظمہ میں قیام وقتی حیثیت سے امن کا ذریعہ سہی لیکن تا کے! جبکہ یزید کے اخلاق و عادات اور احکام مذہبی کے مقابلہ میں خودسری سے یہ توقع بعید تھی کہ وہ مکہ معظمہ کے مذہبی احترام کا لحاظ کرے گا بلکہ یہ خطرہ بہت قریب تھا کہ مکہ میں آپ کا قیام اس کا باعث ہوگا کہ وہیں مکہ میں آپ کے خلاف فوج کشی ہو اور مکہ میں نہ کوئی فوجی طاقت ایسی ہے جو آپ کی حفاظت کر سکے۔ اور نہ آپؑ مکہ میں قیام کر کے حرم خدا کے اندر خونریزی ہونے کے خود باعث بننا چاہتے ہیں۔

اس کے علاوہ باوجودیکہ رسولؐ کے نواسے کی مہاجرت مدینہ سے مشہور ہو چکی ہے مگر طائف ہو یا یمن، بصرہ ہو یا یمامہ کہیں سے کوئی آواز ایسی بلند نہیں ہوتی کہ ہم آپ کی مدد کے لیے حاضر ہیں۔ اور آپ کی حفاظت کے لیے آمادہ ایسے سخت اور نازک موقع پر عرب کے آبادترین مقام خطہ ملک (عراق) اور اس کے بھی اہم مرکز (کوفہ) سے یہ تحریک ہوتی ہے کہ آپ یہاں تشریف لائیں۔ ہم آپ کی حفاظت و حمایت کے لیے ہر طرح تیار ہیں۔ اور صرف معمولی سی تحریک نہیں بلکہ پچپن عرضداشتیں اور دو خورجین بھر کے خطوط اور سات قاصد یکے بعد دیگرے روانہ کئے جاتے ہیں اور لکھنے والوں میں بہت سے ایسے اشخاص بھی ہیں جن کی محبت پر آپ کو پورا بھروسا ہے۔ جیسے حبیب بن مظاہر، سلیمان بن صرد، رفاعہ بن شداد وغیرہ۔ ان حالات میں ظاہر ہے کہ امام حسینؑ کو کیا کرنا چاہئے تھا؟ کیا آپ کے لیے مناسب تھا کہ اس دعوت کو مسترد کر دیتے؟

حقیقت یہ ہے کہ مکہ معظمہ میں قیام کی صورت میں بھی حضرت کا شہید ہونا یقینی تھا یعنی جیسے عبداللہ بن زبیر پر اسی مکہ میں فوج کشی ہوئی اور وہیں قتل کئے گئے۔ اسی طرح آپ پر بھی فوج کشی ہوتی۔ اور یہیں محصور ہو کر آپ کو شہید ہونا پڑتا۔ اس صورت میں جبکہ اہل کوفہ کی جانب سے اتنے اصرار و تاکید کے ساتھ آپ کو دعوت دی جا رہی تھی۔ اور آپ کی نصرت کا وعدہ کیا جا رہا تھا۔ آپؑ اس دعوت کو ٹھکرا کر مکہ میں قیام کرتے اور شہید کئے جاتے تو یہی لوگ جو آپؑ پر اب اعتراض کرتے ہیں کہ آپؑ کوفہ کیوں گئے؟ یہی یہ کہنے کے لیے اٹھ کھڑے ہوتے کہ کون سی عقل مندی تھی کہ ایک اتنے بڑے خطہ کی دعوت و وعدۂ نصرت کو رد کر دیا جہاں کے لوگ آپؑ کے والد بزرگوار کی بھی نصرت کر چکے تھے۔ اور خود آپ کی بھی محبت کا دم بھرتے تھے۔ اس وقت بجان و دل آپ کی حمایت کا وعدہ کر رہے تھے اور سینکڑوں عرض داشتیں بھیج کر آپؑ سے قیادت و ہدایت کے طالب تھے۔ ایسے نادر موقع کو ہاتھ سے دے کر مکہ میں قیام رکھا جہاں کی زمین بے آب و گیاہ، جہاں کے رہنے والے پست حوصلہ و بے امنگ اور جہاں کی فضا بے مہر و وفا، یہاں تک کہ قتل بھی ہوئے اور مکہ معظمہ کی حرمت کو بھی برباد کرایا۔ ان صورتوں میں ظاہر ہے کہ عقل و تدبر کا اقتضا یہی

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

تھا کہ ان بلانے والوں کی آواز پر لبیک کہی جائے۔ ان کی نصرت کے وعدوں کو آزمایا جائے اور اگر وہ سچے نہ بھی ثابت ہوں تب بھی ان پر اتمام حجت کیا جائے۔

بے شک تھے ایسے لوگ جو آپؑ کو عراق جانے سے منع کرتے تھے۔ اور ان کا خیال تھا کہ عراق والوں کے عمل کا کوئی اعتبار نہیں مگر وہ اس پہلو کو نظر انداز کیے ہوئے تھے کہ مکہ معظمہ میں آپؑ کا قیام آپؑ کو قتل سے بچا نہ سکتا تھا۔ بلکہ حقیقۃً اگر موازنہ کیا جاتا تو موجودہ حالات کے لحاظ سے مکہ میں قیام کی صورت میں آپؑ کا قتل کیا جانا یقینی اور کوفہ کی طرف روانگی کی صورت میں مشکوک تھا۔ اس لیے کہ ظاہری اسباب وعلل کے ماتحت اہل کوفہ کے مواعید غلط ہونے کا کوئی ثبوت نہیں تھا۔ بلکہ یہ خیال صرف ان کے ذاتی افتادِ طبع کے متعلق ایک غیر متیقن حکم بلکہ بدگمانی کی حیثیت رکھتا تھا۔ اس صورت میں اگر آپؑ مکہ میں شہید ہو جاتے تو دنیا کے اندر آپؑ کی شہادت سے ہمدردی کا جذبہ پیدا نہ ہوتا لیکن اب جبکہ اہل کوفہ کی ان تمام خواہشوں پر لبیک کہتے ہوئے نوع انسانی کے اتنے افراد کی درخواستوں کو منظور کرتے ہوئے روانہ ہو رہے ہیں۔ تو اب اگر آپؑ شہید بھی ہو گئے تو ایک بڑے انسانی فرض کو ادا کرتے ہوئے اور اخلاق ومروّت کی ایک اعلیٰ مثال قائم کرتے ہوئے اور کوفہ کے لوگوں پر حجت بھی تمام کرتے ہوئے اور حفاظت خود اختیاری کے اصول پر تا حدِ امکان عمل کرتے ہوئے اور پھر اپنے کو مکہ سے علیحدہ کر کے مکہ کے احترام کو بھی پورے طور سے محفوظ کرتے ہوئے۔

SIBTAIN.COM

اسی طرح امامؑ نے ان لوگوں کے جواب میں جو آپؑ کو عراق جانے سے منع کرتے تھے جیسے عبداللہ بن عباس وغیرہ کبھی یہ نہیں فرمایا کہ مجھے عراق کے لوگوں پر اطمینان ہے اور اگر میں وہاں جاؤں گا تو ضرور وہ میری نصرت کریں گے۔ ہرگز نہیں بلکہ آپؑ نے زیادہ تر عراق کے متعلق ان کی بے اطمینانی اور عدم اعتماد کے بارے میں اپنی رائے کو محفوظ رکھتے ہوئے اپنے ارادہ پر مبہم ومجمل طور سے قائم رہنے کا اظہار فرمایا۔ جیسا کہ ابن عباس سے گفتگو کے موقع پر[1] اور کبھی صاف کہہ دیا کہ میں یہاں رہوں گا۔ تو بھی قتل ہوں گا۔ اور خانہ کعبہ کا احترام میرے سبب سے زائل ہوگا جیسا کہ ایک مرتبہ عبداللہ بن زبیر سے فرمایا: مجھے معلوم ہے کہ یہاں ایک شخص مینڈھے کی طرح ذبح ہوگا۔ جس سے یہاں کی حرمت زائل ہوگی۔ میں وہ مینڈھا ہرگز نہیں بننا چاہتا۔[2] دوسرے موقع پر جب ابن زبیر نے آپ سے چپکے چپکے کان میں کچھ کہا۔ تو ابن زبیر کے جانے کے بعد آپؑ نے اپنے کچھ مخصوصین سے فرمایا: جانتے ہو ابن زبیر نے کیا کہا؟ ابن زبیر نے کہا کہ آپ مکہ میں قیام فرمائیے۔ اور باہر نہ جائیے! اس کے بعد آپؑ نے فرمایا: ''خدا

---

[1] الاخبار الطوال، ص ۲۴۳۔

[2] طبری، ج ۶، ص ۲۱۷۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

کی قسم میں ایک بالشت بھر مکہ کے حدود سے باہر قتل کیا جاؤں۔ مجھے زیادہ پسند ہے۔ اس سے کہ ایک بالشت بھر مکہ کے حدود کے اندر مارا جاؤں۔ اور قسم خدا کی اگر میں کسی جانور کے سوراخ میں جا کر رہوں۔ تب بھی یہ لوگ مجھ کو وہاں سے باہر لے آئیں گے۔ یہاں تک کہ جیسا چاہتے ہیں میرے ساتھ سلوک کریں۔ خدا کی قسم مجھ پر یہ لوگ تعدی کریں گے جیسے یہود نے روزِ شنبہ کے بارے میں ظلم و تعدی سے کام لیا۔[1]

ان حالات میں ظاہری اسباب کی بنا پر آپؑ کے لیے کوفہ کی طرف تشریف لے جانا ناگریز تھا۔ اور آپ کے لیے اہل کوفہ کی درخواست کو مسترد کرنا مناسب نہ تھا۔ پھر بھی آپؑ نے بحسب ظاہر اسباب احتیاطی تدبیر یہ اختیار فرمائی کہ اپنے چچازاد بھائی جناب مسلم بن عقیلؑ کو جو مدینہ سے آپؑ کے ساتھ آئے تھے۔ اپنا نمائندہ بنا کر حالات کا مشاہدہ کرنے کے لیے کوفہ جانے پر مامور فرمایا۔[2] [3]

فکشفنا عنک غطائک فبصرک الیوم حدید

SIBTAIN.COM
Presented By: www.jafrilibrary.com

---

[1] طبری، ج ۶، ص ۲۱۷۔

[2] طبری، ج ۶، ص ۱۹۴۔ الاخبار الطوال، ص ۲۳۲۔

[3] شہید انسانیت، از صفحہ ۲۵۳ تا صفحہ ۲۵۷۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

اٹھارھواں باب

حضرت مسلمؑ بن عقیلؑ کی بجانب کوفہ روانگی اور شہادت

حضرت امام حسینؑ نے اہل کوفہ کے آخری دو قاصدوں ہانی اور سعید کے ہاتھ ان کے خطوط کا وہ جواب باصواب دے کر جو اسی کتاب کے سولہویں باب میں درج کیا جا چکا ہے۔ روانہ کر دیا۔ اس جواب کے الفاظ سے واضح ہوتا ہے کہ آپؑ نے جناب مسلمؑ کو حرب وضرب اور تسخیر کوفہ کے لیے روانہ نہیں فرمایا بلکہ صرف وہاں کے لوگوں کے صحیح صحیح حالات وخیالات کا جائزہ لینے اور پھر صورت حال کی آنجنابؑ کو اطلاع دینے کے لیے بھیجا ہے۔ بہر حال ان کو روانہ کرنے کے بعد نیمۂ ماہِ رمضان المبارک ۶۰ھ کو قیس بن مسہر صیداوی اور عمارہ بن عبداللہ سلولی اور عبدالرحمٰن ازدی کے ہمراہ (جو کہ اہل کوفہ کے نامہ بر تھے) جناب مسلمؑ بن عقیلؑ کو بھی روانہ کر دیا۔ اسی مذکرہ بالا خط میں آنجناب نے جناب مسلم کے متعلق جو الفاظ تحریر فرمائے ہیں کہ ﴿انی باعث الیکم اخی و ابن عمی و ثقتی من اھل بیتی﴾ ان سے جناب مسلمؑ کی شخصی عظمت وجلالت کا بخوبی اندازہ ہو جاتا ہے۔ جناب سید الشہداءؑ نے جناب مسلمؑ کو تقویٰ اختیار کیے رکھنے اور اپنے مشن کو مخفی رکھنے اور حالات سازگار ہوں تو اس کی جلدی اطلاع دینے کا حکم دے کر روانہ فرمایا۔ جناب مسلمؑ آپؑ سے رخصت ہو کر ان حضرات کی ہمراہی میں مدینۂ رسولؐ پہنچے۔ مسجد نبویؐ میں نماز کی چند رکعتیں پڑھیں۔ پھر اپنے بعض اعزا واقارب سے الوداع کیا۔ قبیلہ قیس کے دو راستہ شناس آدمی (اجرت پر) ساتھ لئے۔ اور کوفہ کی طرف چھ آدمیوں کا یہ مختصر سا قافلہ روانہ ہو گیا۔ تھوڑا راستہ ہی طے کیا تھا کہ سوئے اتفاق سے خود راہبر راہ گم کر بیٹھے اور ریگستان عرب کا چکر لگانے لگے۔ اور بالآخر ایک ایسی جگہ پہنچ کر جہاں سے صحیح راستہ کے نشانات نظر آ رہے تھے۔ انہوں نے حضرت مسلم کو ہاتھوں سے اشارہ کر کے راستہ کی نشاندہی کی اور اس کے بعد شدت پیاس سے نڈھال ہو کر گر پڑے۔ اور جان بحق ہو گئے (قرائن حالیہ سے معلوم ہوتا ہے کہ جناب مسلمؑ اور ان کے ساتھی بھی صعوبت سفر اور شدت پیاس سے کچھ اس طرح نڈھال ہو چکے تھے کہ وہ ان مرنے والوں کی کوئی دیکھ بھال اور امداد نہ کر سکے) جناب مسلمؑ (اور ان کے دیگر ہمراہیوں نے) بمشکل تمام اپنے آپ کو وادیٔ خبیت کے ایک آباد چشمہ معروف بہ مضیق تک پہنچایا۔ وہاں پہنچ کر قیام فرمایا۔ اور قیس بن مسہر صیداوی کے ہاتھ حضرت امام حسین علیہ السلام کی خدمت میں ایک مکتوب ارسال کیا جس میں اپنی تکلیف سفر، شدت پیاس سے بلک بلک کر ہمراہیوں کے مر جانے اور اپنے آپ کو بمشکل تمام مضیق کے مقام تک پہنچانے کے واقعات لکھنے کے ساتھ ساتھ اپنے ناخوشگوار تاثرات قلمبند

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

کر کے آگے بڑھنے کے متعلق تردّد کا اظہار بھی کیا۔ لیکن جب اُدھر سے امام عالی مقامؑ کا کوفہ جانے کے متعلق تاکیدی حکم نامہ پہنچ گیا۔ تو اس نے جناب مسلمؑ کو آگے روانہ ہونے پر مجبور کر دیا۔ چنانچہ جناب روانہ ہو گئے، چلتے چلتے بنی طئے کے ایک چشمہ کے پاس پہنچے۔ وہاں کچھ دیر قیام فرمایا۔ پھر آگے بڑھے، دیکھا کہ ایک شخص شکار کھیلنے میں مشغول ہے۔ جناب نے دیکھا کہ اس شخص نے ہرن کو تیر مارا ہے۔ جس نے اسے نڈھال کر دیا۔ یہاں تک کہ صیاد نے اسے پکڑ لیا۔ جناب مسلمؑ نے (فال نیک لیتے ہوئے فرمایا) ہم بھی اسی طرح اپنے دشمنوں پر ظفریاب ہوں گے انشاء اللہ۔

اسی طرح منازل سفر طے کرتے ہوئے پانچ شوال[1] کو کوفہ میں وارد ہوئے۔ اور مختار بن عبید اللہ ثقفی کے گھر میں رحل اقامت ڈالا۔[2] قرائن و شواہد سے معلوم ہوتا ہے کہ غالباً سلیمان بن صرد خزاعی کوفہ میں موجود نہیں تھے ورنہ ضرور جناب مسلمؑ انہی کے گھر میں قیام فرماتے کیونکہ وہ علاوہ ایک مقتدر اور صاحب حیثیت ہونے کے اس تحریک کے قالب کی جان اور روح رواں بھی تھے۔ مختار کے گھر جناب مسلمؑ کے قیام کرنے سے مختار کے حسن حال پر کافی حد تک روشنی پڑتی ہے۔ ظاہر ہے کہ اگر مختار محبّ اہل بیتؑ اور قابل اعتماد نہ ہوتے تو جناب مسلمؑ ہرگز ان کے گھر قیام نہ فرماتے اور نہ ہی مؤمنین کوفہ اس پر رضامند ہوتے۔ کما لا یخفیٰ۔ ہاں مروج[3] الذہب کے بیان سے مستفاد ہوتا ہے کہ جناب نے عوسجہ (غالباً مسلم بن عوسجہ مراد ہے) کے گھر میں قیام کیا۔ مگر مشہور یہی ہے جو ہم نے اوپر لکھ دیا ہے۔

SIBTAIN.COM

جناب مسلمؑ کے کوفہ پہنچنے کی خبر تمام شہر میں جنگل کی آگ کی طرح آناً فاناً پھیل گئی۔ اور لوگ جوق در جوق جناب کی ملاقات و زیارت کے لیے حاضر خدمت ہونے لگے۔ جب کافی لوگ جمع ہو گئے تو جناب مسلمؑ نے حضرت سید الشہداءؑ کا مکتوب گرامی جو اہل کوفہ کے نام تھا۔ پڑھ کر سنایا۔ لوگوں نے بڑا اچھا اثر لیا۔ اور بعض لوگ تو شدت تأثرات سے رونے لگے۔ اور اسی جوش و خروش کے عالم میں بعض حضرات نے اپنے قلبی تأثرات کا اظہار بھی کیا۔ چنانچہ عابس بن شبیب شاکری نے حمد و ثنائے خدا کے بعد کہا: ﴿اما بعد فانی لا اخبرک عن الناس ولا اعلم ما فی انفسهم وما اغرک منهم و اللّٰه احدثک عما انا موطن نفسی علیه و اللّٰه لا جیبنکم اذا دعوتم ولا قاتلن معکم عدوکم ولا ضربنی بسیفی دونکم حتی القی اللّٰه تعالیٰ لا ارید بذلک الا ما عند اللّٰه﴾۔ ”میں دوسرے لوگوں کے متعلق آپ سے کچھ نہیں کہتا۔ اور نہ ہی مجھے یہ معلوم ہے کہ ان کے دلوں

---

[1] مروج الذہب، ج ۳، ص ۴۔

[2] ارشاد، ص ۲۱۷۔ نفس المہموم، ص ۴۳۔ کامل، ج ۳، ص ۲۶۷۔ عاشر بحار، ص ۱۷۶ وغیرہ۔

[3] مروج الذہب، ج ۳، ص ۴، مصر۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

میں کیا ہے اور ان کے بارے میں (کوئی غلط بات کہہ کر) آپ کو دھوکہ نہیں دینا چاہتا۔ میں تو آپ کو صرف وہ بات بتاتا ہوں جس کا میں نے پکا ارادہ کر رکھا ہے۔ اور وہ یہ ہے کہ خدا کی قسم آپ جب بھی مجھے بلائیں گے تو میں لبیک کہتا ہوا حاضر ہو جاؤں گا اور آپ کے دشمنوں سے لڑوں گا یہاں تک آپ کے ہمراہ شمشیر زنی کرتا ہوا بارگاہ خدا میں پہنچ جاؤں۔ اور اس سے میرا مقصد صرف خوشنودیٔ خدا حاصل کرنا ہے۔" اس کے بعد جناب حبیب ابن مظاہر نے کھڑے ہو کر عابس کو داد دیتے ہوئے کہا: ﴿رحمک اللہ قد قضیت ما فی نفسک بواجز من قولک ثم قال انا و اللہ الذی لا الہ الا ھو علی مثل ما ھذا علیہ﴾ خدا تم پر رحم کرے تم نے بہت مختصر اور عمدہ الفاظ میں اپنے مافی الضمیر کو ادا کیا ہے۔ پھر فرمایا: اس خدا کی قسم جس کے بغیر کوئی معبود برحق نہیں کہ میرا بھی یہی نظریہ ہے جو اس (عابس) کا ہے۔ اس کے بعد عبداللہ بن سعید حنفی نے بھی (ایسے ہی پاکیزہ خیالات کا اظہار کیا۔[1] اس کے بعد بیعت کا سلسلہ شروع ہوا۔ چند دنوں میں بنابر مشہور اٹھارہ ہزار اور بروایت مناقب شہر ابن آشوب پچیس ہزار کوفیوں نے جناب مسلم کے ہاتھ پر حضرت امام حسینؑ کے لیے بیعت کی۔[2] چنانچہ جناب مسلمؑ نے اٹھارہ ہزار آدمیوں کے بیعت کرنے اور حالات اور فضا کے سازگار ہونے کی کیفیت لکھ کر حضرت سید الشہداءؑ سے جلدی تشریف لانے کی استدعا پر مشتمل ایک خط ان کو مکہ روانہ کیا۔ جس کا مضمون تھا: ﴿امّا بعد فان الرائد لا یکذب اھلہ و ان جمیع اھل الکوفۃ معک و قد بایعنی منھم ثمانیۃ عشر الفاً فعجل الاقبال حین تقرأ کتابی و السلام علیک و رحمۃ اللہ و برکاتہ﴾ "حمد و ثنائے خدا کے بعد بھی پیشرو اپنے اہل و عیال سے جھوٹ نہیں بولتا۔ تمام اہل کوفہ آپؑ کے ساتھ ہیں۔ اٹھارہ ہزار نفوس نے میری بیعت کر لی ہے۔ میرا مکتوب پڑھتے ہی آپ جلد تشریف لے آئیں والسلام علیک و رحمۃ اللہ و برکاتہ۔" اور یہ خط جناب مسلمؑ نے عابس بن ابی شبیب شاکری اور قیس بن مسہر صیداوی کے ہاتھ روانہ کیا۔[3] یہ حضرت مسلمؑ کی شہادت سے ستائیس روز قبل (قریباً ۱۲ ذی القعدہ ۶۰ھ) کا واقعہ ہے۔[4] ادھر ادھر یہ سب کچھ ہو رہا تھا۔ نہ تو جناب مسلمؑ نے حکومت وقت سے کوئی تعرض کیا۔ اور نہ دار الامارہ پر قبضہ کرنے کا کوئی ارادہ کیا۔ جس سے ظاہر ہے کہ حضرت سید الشہداءؑ نے ان کو صرف طالبان رشد و ہدایت کی مذہبی اور اخلاقی اصلاح کرنے کی خاطر ان کے حالات و خیالات کا جائزہ لینے کے لیے اپنا نمائندہ بنا کر بھیجا ہے۔ انہیں ان لوگوں کی سلطنت سے کوئی سروکار نہیں۔ ورنہ اگر کوئی شورش پسند آدمی ہوتا تو سب سے پہلے دار الامارہ پر قبضہ کرنے کی فکر کرتا۔

---

۱ طبری، ج ۶، ص ۱۹۹۔ نفس المہموم، ص ۹۳ وغیرہ۔
۲ ارشاد، ص ۲۱۸۔ ملہوف، ص ۲۱۸۔ عاشر بحار، ص ۱۷۶ وغیرہ۔
۳ نفس المہموم، ص ۵۹۔
۴ نفس المہموم، ص ۴۳۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

نعمان بن بشیر حاکم کوفہ

دوسری طرف مقامی حکومت کا رویہ بھی نرم معلوم ہوتا ہے۔ کوفہ کا گورنر نعمان بن بشیر ہے جو معاویہ کے وقت میں کوفہ کا گورنر تھا۔ بعد میں یزید نے بھی اسے اس عہدہ پر بحال رکھا۔ یہ شخص قدرے صلح جو اور سلامتی پسند تھا۔

البتہ جب حاکم کو یہ معلوم ہوا کہ لوگ بڑی کثرت کے ساتھ جناب مسلمؑ کی خدمت میں آتے اور جاتے ہیں اور وہ امام حسینؑ کے لیے بیعت لے رہے ہیں۔ تو اس نے منبر پر جا کر ایک جاندار تقریر کی۔ مگر اس سے بھی اس کی صلح جوئی کا جوہر نمایاں نظر آتا ہے۔ حمد وثنائے الٰہی کے بعد کہا: ﴿اما بعد فاتقوا اللّٰہ عباد اللّٰہ ولا تسارعوا الی الفتنۃ و الفرقۃ فان فیھا یھلک الرجال و یفسک الدماء و تغصب الاموال انی لا اقاتل من لا یقاتلنی ولا آتی علی من لم یات علّی ولا انبہ نائمکم ولا اتحرش بکم ولا اخذکم بالقرف ولا الظنۃ ولا التھمۃ و لکنکم ان ابدیتم صفحتکم لی و نکثتم بیعتکم و خالفتم امامکم فو اللّٰہ الّذی لا الٰہ غیرہ لا ضربتکم لسیفی ھذا... الخ﴾ اے خدا کے بندو! فتنہ وفساد اور باہمی انتشار وخلفشار سے اجتناب کرو کیونکہ ایسا کرنے میں لوگ ہلاک ہوتے ہیں۔ خون بہتے ہیں۔ اور مال تباہ ہوتے ہیں۔ میرا رویہ تو یہ ہے کہ جو شخص مجھ سے جنگ نہیں کرے گا میں بھی اس سے جنگ نہیں کروں گا۔ نہ میں تمہارے خوابیدہ کو بیدار کروں گا۔ اور نہ ہی محض بدگمانیوں اور غلط تہمتوں پر تمہارا مواخذہ کروں گا لیکن اگر تم نے میری کھلم کھلا مخالفت شروع کر دی اور اپنے امام (یزید) کی بیعت توڑ دی تو پھر میں تمہیں اپنی تلوار سے ماروں گا۔۔۔ الخ

بنی امیہ کے ان ہوا خواہوں کو جن کو اہل بیت رسولؐ کے برسر اقتدار آنے کی صورت میں اپنے چھوٹے وقار واقتدار کی موت نظر آتی تھی۔ ان کو حاکم کوفہ نعمان بن بشیر کی یہ صلح جویانہ اور روادارانہ روش ورفتار ایک آنکھ نہ بھاتی تھی۔ چنانچہ نعمان کی مذکورہ بالا تقریر کے بعد بنی امیہ کے حلیف عبداللہ بن مسلم بن سعید حضرمی نے وہیں کھڑے ہو کر صاف صاف کہہ دیا: ﴿انہ لا یصلح ما تری الا الغشم و ھذا الّذی انت علیہ فیما بینک و بین عدوک رای المستضعفین﴾ آپ کا یہ رویہ درست نہیں۔ سوائے ظلم وزیادتی کے اصلاح احوال نہ ہوگی۔ آپ نے اپنے دشمن کے متعلق جو رویہ اختیار کر رکھا ہے۔ یہ کمزور لوگوں کا شیوہ ہے۔ نعمان بن بشیر نے جواباً کہا: ﴿لان اکون من المستضعفین فی طاعۃ اللّٰہ احب الیّ من ان اکون من الاعزین فی معصیۃ اللّٰہ﴾ اگر میں اطاعت خدا میں کمزور لوگوں میں سے ہوں تو یہ مجھے زیادہ پسند ہے۔ اس سے کہ معصیت خدا میں زور آوروں میں سے ہوں۔[۲] یہ کہہ کر نعمان منبر سے نیچے اتر آیا۔

---

[۱] ارشاد، ص ۲۱۸۔ کامل، ج ۳، ص ۲۶۷ وغیرہ۔

[۲] ارشاد، ص ۲۱۸۔ طبری، ج ۶، ص ۱۹۹۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

ہواخواہانِ بنی امیہ کا یزید کے پاس نعمان کے متعلق شکایتی خطوط لکھنا

اس وقت تو عبداللہ بن مسلم خاموش ہوگیا۔ مگر اس نے واپس گھر آ کر اس مضمون کا ایک خط یزید کو لکھا کہ نعمان بن بشیر کمزور شخص ہے یا جان بوجھ کر کمزوری دکھا رہا ہے اگر کوفہ کو اپنے پاس رکھنا ہے تو یہاں کوئی طاقتور اور دلیر آدمی مقرر کرو۔ اسکے بعد عمر بن سعد اور عمارہ بن عقبہ وغیرہ نے بھی یزید کو اسی مضمون کے خطوط لکھے۔[1] (کما تقدم)

جب یزید کو یہ خطوط پہنچے تو اس نے سرجون (بن منصور رومی جو کہ عیسائی المذہب اور معاویہ کے وقت میں محکمۂ خراج میں کاتب[2] تھا) سے اس معاملہ میں مشورہ لیا۔ سرجون نے عبیداللہ بن زیاد کا نام پیش کیا۔ کہ اسے کوفے کا حاکم بنادو۔ (چونکہ یزید بعض وجوہ کی بنا پر اب تک ابن زیاد سے ناراض تھا۔ جب سرجون نے دیکھا کہ یزید اس پر آمادہ نہیں ہو رہا۔ تو اس نے فوراً کہا) اگر اس وقت معاویہ زندہ ہو کر آ جائیں اور وہ آپ کو یہی مشورہ دیں تو کیا آپ ان کے مشورہ پر عمل کریں گے؟ یزید نے کہا: ضرور! یہ کہہ کر سرجون نے معاویہ کی ایک تحریر نکالی۔ جس میں معاویہ نے عبیداللہ بن زیاد کو بصرہ کے ساتھ ساتھ کوفہ کا حاکم بھی بنایا تھا۔ سرجون نے کہا: یہ لو۔ معاویہ کا مشورہ یہ ہے۔ جس پر وہ بوجہ موت عمل درآمد نہ کر سکے۔ یزید نے یہ دیکھ کر کہا: بہت اچھا میں اب ایسا ہی کروں گا۔[3]

چنانچہ یزید نے مسلم بن عمرو باہلی کے ہاتھ عبیداللہ ابن زیاد کو (جو اس وقت حاکم بصرہ تھا) یہ خط لکھا جو اسی کتاب کے سولہویں باب میں درج کیا جا چکا ہے اور اس کے ساتھ ساتھ حکومت کوفہ کا پروانہ بھی لکھ کر بھیج دیا۔[4]

نعمان بن بشیر کی معزولی

نعمان بن بشیر کو کوفہ کی گورنری سے معزول کر دیا گیا۔ اسی طرح ولید بن عتبہ کی روادارانہ روش کی وجہ سے معزول کر کے اس کی جگہ عمرو بن سعید الاشدق کو حاکم مدینہ مقرر کر دیا گیا۔ حکومت کی اس روش سے ظاہر ہوتا ہے کہ وہ خاندانِ نبوت کو ختم کرنے کے لیے سخت سے سخت ظالم و سفاک لوگوں کی تلاش میں سرگرداں تھی۔ اور صلح جو اور روادار قسم کے لوگوں کی ان کی نظر میں کوئی وقعت نہ تھی۔ بہر حال جب ابن زیاد کو یہ حکم نامہ پہنچا تو اس نے اپنے بھائی عثمان بن زیاد کو بصرہ میں اپنا قائم مقام مقرر کر کے فوری کوفہ جانے کی تیاری شروع کر دی۔ جس رات کی صبح ابن زیاد بصرہ

---

[1] ارشاد، ص ۲۱۸۔ طبری، ج ۶، ص ۱۹۹۔ بحار عاشر، ص ۷۶۔ کامل، ج ۳، ص ۲۶۷، ۲۶۸۔

[2] الوزراء والکتاب، ص ۱۵ بحوالہ شہید انسانیت۔

[3] ارشاد، ص ۲۱۹۔ طبری، ج ۶، ص ۱۹۴۔ کامل، ج ۳، ص ۲۶۸۔

[4] ارشاد، ص ۱۸۵۔ طبری، ج ۶، ص ۲۰۰۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

سے روانہ ہونے والا تھا۔ اسی رات امام علیہ السلام کا قاصد سلیمان پکڑ کر اس کے پاس لایا گیا جسے اس نے قتل کرا[1] دیا۔ اور پھر جامع مسجد میں ایک تہدیدی خطبہ دیا جس میں حکومت وقت کی مخالفت کرنے والوں کو خوب ڈرایا دھمکایا۔[2]

عبیداللہ بن زیاد کی بجانب کوفہ روانگی

بعد ازاں مسلم بن عمرو باہلی، شریک بن اعور حارثی اور دیگر اپنے اہل خانوادہ اور حشم وخدم کے ساتھ (جن کی تعداد مؤرخ طبری نے پانچ سو لکھی ہے) بڑی سرعت کے ساتھ منازل سفر طے کرتا ہوا اور اپنے حالات سفر کو مخفی رکھتا ہوا رواں دواں کوفہ پہنچا۔ صاحب فصول مہمہ نے (صفحہ ۱۶۶، طبع عراق پر) لکھا ہے کہ کوفہ کے قریب پہنچ کر ابن زیاد نے اپنی ظاہری ہیئت بدل کر اہل حجاز کی وضع قطع اختیار کرلی۔ اور رات کے وقت داخل شہر ہوا۔ شیخ مفیدؒ (ارشاد، صفحہ ۱۸۵ میں) فرماتے ہیں کہ جب ابن زیاد کوفہ میں داخل ہوا تو اس نے سر پر سیاہ عمامہ باندھا ہوا تھا۔ اور (شجاعانِ عرب کے دستور کے مطابق) منہ پر ڈھانٹا باندھا ہوا تھا۔ (اس کا مقصد یہ تھا کہ لوگ اسے امام حسینؑ سمجھیں اور وہ اس طرح ان کے تأثرات اور قلبی خیالات کو بآسانی معلوم کرسکے)۔

ابن زیاد کا کوفہ میں ورود

ادھر چونکہ اہل کوفہ کو حضرت امام حسین علیہ السلام کی روانگی کی اطلاع مل چکی تھی اور وہ ان دنوں ہمہ تن انتظار بنے ہوئے تھے۔ جب انہوں نے دیکھا کہ ایک سردار عربی گھوڑے پر سوار، اشراف حجاز کے لباس میں ملبوس، شاندار قافلہ کے ہمراہ آرہا ہے تو انہوں نے بہ ظاہر یہی خیال کیا کہ یہ امام حسین علیہ السلام ہی ہیں۔ جونہی لوگوں کو اس حال میں اس قافلہ کی آمد کی اطلاع ملی تو لوگ جوق در جوق امام حسینؑ کے اشتیاق میں جمع ہونا شروع ہوگئے۔ چنانچہ جس گروہ کے پاس سے ابن زیاد کا گزر ہوتا۔ وہ اس کی تعظیم وتکریم کے ساتھ سلام کرتا۔ اور خوش آمدید کہتے ہوئے ﴿مرحباً بک یابن رسول اللہ قدمت خیر مقدم﴾ کہتا۔ اس طرح وہ چہروں کو تاکتا۔ آوازوں کو پہچانتا اور اندر ہی اندر فرطِ غصہ سے کباب ہوتا ہوا چپ چاپ گزر گیا۔ حتیٰ کہ جب اشتیاقِ زیارتِ حسینؑ میں لوگوں کا اس قدر ہجوم ہوگیا کہ ابن زیاد اور اس کے ہمراہیوں کو راستہ چلنا دشوار ہوگیا۔ تو مسلم بن عمرو باہلی نے بآواز بلند کہا: ﴿تاخروا ھذا الامیر عبید اللہ ابن زیاد﴾ پیچھے ہٹ جاؤ! یہ امیر عبیداللہ بن زیاد ہیں۔[3] اس آواز کا بلند ہونا تھا کہ بڑھتے ہوئے قدم رک گئے۔ اور لوگوں نے واپس ہونا شروع کیا۔ حتیٰ کہ ابن زیاد کے دار الامارہ پہنچتے پہنچتے چند آدمی اور بقول مؤرخ طبری کے کچھ اوپر دس آدمی رہ گئے۔[4] اس حال میں وہ جب رات کے وقت دار الامارہ پہنچا تو حاکم کوفہ

---

[1] کامل ابن اثیر، ج ۳، ص ۲۶۸۔
[2] کامل، ج ۳، ص ۲۶۸۔
[3] ارشاد، ص ۲۱۹۔ طبری، ج ۶، ص ۲۰۱۔
[4] طبری، ج ۶، ص ۲۰۱۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

نعمان بن بشیر نے بھی اسے حضرت امام حسینؑ سمجھ کر دارالامارہ کا دروازہ بند کرلیا۔ اور جب ابن زیاد کے بعض آدمیوں نے دروازہ کھولنے کے لیے آواز دی تو نعمان بن بشیر نے بالاخانہ سے جھانکتے ہوئے اور ابن زیاد کو امام حسینؑ سمجھتے ہوئے کہا: ﴿انشدک اللّٰہ الا تنحیّت فواللّٰہ ما انا بمسلّم الیک امانتی و مالی فی قتالک من ارب﴾ میں آپ کو خدا کا واسطہ دیتا ہوں کہ آپ یہاں سے چلے جائیں۔ بخدا میں اپنی امانت ہرگز آپ کے سپرد نہیں کروں گا اور مجھے آپ سے جنگ کرنے کی خواہش بھی نہیں ہے۔[1] بہرکیف اسے جب معلوم ہوا کہ آنے والا ابن زیاد ہے تو اس نے دروازہ کھول دیا اور ابن زیاد اپنے آدمیوں سمیت اندر داخل ہوا اور پھر دروازہ بند کر دیا گیا۔ اب سب لوگوں کو یقین ہوگیا کہ آنے والا عبیداللہ بن زیاد ہے۔ نہ امام حسینؑ۔ اور وہ لوگ جو پورے بیس سال عبیداللہ اور اس کے والد زیاد کے ظلم و جور کی چکی میں پس چکے تھے۔ ان کے اندر خوف و ہراس کی لہر دوڑ گئی۔ اور عامۃ الناس میں پریشانی اور سراسیمگی کے آثار نمودار ہوگئے۔ صبح ہوتے ہی لوگوں کو جامع کوفہ میں جمع ہونے کا حکم دیا گیا۔ جب لوگ جمع ہوگئے تو ابن زیاد نے ایک تہدید آمیز تقریر کی۔ اور حکومت وقت کی اطاعت کرنے والوں کو انعام و اکرام کا لالچ دلانے کے ساتھ ساتھ مخالفت کرنے والوں کو سخت تہدید و وعید[2] کی۔ پھر منبر سے نیچے اتر آیا۔ نعمان بن بشیر نے دارالامارہ کو خالی کر کے اپنے وطن دمشق روانگی کی تیاری کر دی۔ اور ابن زیاد نے دارالامارہ میں قیام کیا۔[3] اور تمام شہر کے "عرفاء" کو بلا کر تاکیدی حکم دیا کہ وہ اپنے اپنے محلہ کے تمام ایسے مشکوک لوگوں کی جن سے حکومت وقت کو خطرہ ہے فہرست تیار کر کے پیش کریں اور پھر ایسے لوگوں کو بھی حاضر کریں۔ ان کے ساتھ جو سلوک مناسب ہوگا کیا جائے گا۔ اور جو شخص کسی وجہ سے جلدی ایسی فہرست تیار نہ کر سکے۔ وہ ضمانت دے کہ اس کے محلہ میں ایسا کوئی شخص موجود نہیں ہے جس سے مخالفت اور بغاوت کرنے کا اندیشہ ہو۔ یاد رکھو جو شخص ایسا نہیں کرے گا اور پھر اس کے محلہ میں حکومت وقت کا کوئی مخالف پایا گیا تو اس سے عہدۂ "عرافت" چھین لیا جائے گا۔ اور اسے حکومت کی عطا و بخشش سے محروم کر دیا جائے گا۔ مزید برآں اسے اس کے گھر کے دروازہ پر سولی پر لٹکا دیا جائے[4] گا۔ ابن زیاد کی یہ تدبیر کارگر ہوئی۔ جاسوسوں کا جال بچھ گیا۔ مشتبہ لوگوں کی فہرستیں تیار ہونے لگیں۔ بلکہ ان کی گرفتاری کا سلسلہ بھی جاری ہوگیا۔ بلکہ فصول مہمہ ابن صباغ دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ ایک جماعت نے ان احکام کی مخالفت کی۔ جسے فوراً قتل کر دیا

---

[1] ارشاد، ص ۲۱۹۔ کامل، ج ۳، ص ۲۶۸۔

[2] ارشاد، ص ۱۸۶۔

[3] الاخبار الطوال، ص ۲۳۴۔

[4] ارشاد، ص ۱۸۶۔ طبری، ج ۶، ص ۲۰۱۔ کامل، ج ۳، ص ۲۶۹۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

گیا۔ اس طرح لوگ بے حد خائف و ہراساں ہو گئے اور ان کے لیے کسی جگہ اکٹھا بیٹھ کر تبادلۂ خیال کرنا بھی مشکل ہو گیا۔

جناب مسلمؑ کا مختار کے گھر سے جناب ہانی کے گھر منتقل ہونا

اب تک جناب مسلمؑ بن عقیلؑ کا قیام مختار کے گھر میں تھا۔ جب ان کو ابن زیاد کی آمد اور اس کی متشددانہ کارروائیوں کا علم ہوا تو چونکہ ان کے وہاں قیام کا قریباً ہر خاص و عام کو علم ہو چکا تھا اس لیے انہوں نے اب وہاں مزید قیام کرنا مصلحت کے خلاف سمجھا۔ اس لیے آپ راتوں رات نماز عشاء کے بعد[1] جناب ہانی بن عروہ کے گھر منتقل ہو گئے۔[2]

اب حضرات شیعہ مخفی طریقہ پر جناب مسلمؑ کی خدمت میں حاضر ہوتے۔ اور ایک دوسرے کو وصیت کرتے کہ تمام حالات کو صیغۂ راز میں رکھا جائے۔[3] اب چونکہ حالات کا نقشہ یکسر بدل چکا تھا اس لیے حفاظت خود اختیاری کے لیے جناب مسلمؑ کو حکومت وقت کے ہر قسم کے جارحانہ اقدام کی روک تھام کے لیے کچھ مخصوص ساز و سامان کی ضرورت تھی۔ چنانچہ انہوں نے ابو ثمامہ صیداوی کو اس بات پر متعین فرمایا کہ وہ لوگوں سے چندہ اکٹھا کر کے اس سے اسلحۂ جنگ خریدیں۔ اور جناب مسلم بن عوسجہ کو لوگوں سے بیعت لینے پر مامور کیا گیا۔[4]

SIBTAIN.COM

ابن زیاد کا مکر و حیلہ سے جناب مسلمؑ کے حالات معلوم کرنا

یہ سب انتظام کرنے کے بعد (جس کا تذکرہ ابھی اوپر ہو چکا ہے) ابن زیاد کو یہ فکر دامن گیر ہوئی کہ یہ معلوم کرے کہ جناب مسلمؑ کا قیام کہاں ہے اور ان کے عزائم کیا ہیں۔ چنانچہ اس نے اس بات کا کھوج لگانے کے لیے ایک عجیب تدبیر کی۔ اپنے غلام خاص معقل کو تین ہزار درہم دے کر کہا کہ مسلمؑ بن عقیل اور ان کے اصحاب کو تلاش کر اور پھر یہ ظاہر کرتے ہوئے کہ میں آپ لوگوں کا ہم خیال ہوں۔ یہ رقم ان کو دے دے۔ اس طرح ان کے راز ہائے درونِ پردہ کو معلوم کر۔ چنانچہ معقل نے ایسا ہی کیا۔ جامع مسجد میں گیا۔ دیکھا کہ مسلم بن عوسجہ نماز پڑھ رہے ہیں۔ اور کچھ لوگوں کو ان کی طرف اشارہ کر کے یہ کہتے ہوئے سنا کہ یہ شخص امام حسینؑ کے لیے بیعت لے رہا ہے۔ جب مسلم نماز سے فارغ ہوئے تو معقل نے ان کے قریب جا کر کہا: میں شام کا رہنے والا ذوالکلاع کا غلام ہوں۔ مجھے محبِ اہل بیتؑ بنا کر خدا نے مجھ پر احسان کیا ہے اور مجھے یہ معلوم ہوا ہے کہ اسی خانوادہ کا کوئی بزرگ یہاں آیا ہوا ہے۔ جو دختر رسولؐ کے فرزند کے لیے بیعت لے رہا ہے۔ مجھے معلوم ہوا ہے کہ آپ اسے پہچانتے ہیں۔ اس لیے

---

[1] الاخبار الطوال، ص ۲۳۵۔
[2] ارشاد، ص ۲۲۰۔ نفس المہموم، ص ۴۹ وغیرہ۔
[3] ارشاد، ص ۲۲۰،
[4] ارشاد، ص ۲۲۱۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

میری خواہش ہے کہ آپ یہ تین ہزار درہم بھی لے لیں۔ اور مجھے اس کی خدمت میں لے جائیں تا کہ میں جا کر بیعت کروں۔ آپ چاہیں تو ابھی مجھ سے بیعت لے لیں۔ (جناب مسلم بن عوسجہ اس کی چکنی چپڑی باتوں میں آ گئے) فرمایا: مجھے آپ سے مل کر بڑی خوشی ہوئی ہے۔ آپ اپنے مطلب کو حاصل کریں گے۔ اور خدا تمہارے ذریعہ سے اہل بیت رسولؐ کی نصرت کرے گا۔ پھر مسلم نے اس کی بیعت لی اور اس سے پختہ عہد و پیمان لے لیا۔ کہ وہ اس امر کو صیغۂ راز میں رکھے گا۔ اور خلوص سے کام لے گا۔ بالآخر چند روز کی آمد و رفت کے بعد مسلم بن عوسجہ نے اذن حاصل کرنے کے بعد اسے جناب مسلمؑ بن عقیلؑ کی خدمت میں پیش کیا۔ چنانچہ جناب مسلمؑ نے اس سے بیعت لی۔ اور ابو ثمامہ صیداوی کو رقم وصول کرنے کا حکم دیا۔ چنانچہ اس کے بعد معقل کا یہ وتیرہ تھا کہ سب سے پہلے جناب مسلمؑ کے پاس پہنچ جاتا۔ اور سب کے بعد واپس جاتا۔ ہر داخل و خارج کو دیکھتا۔ تمام حالات کا بچشم خود جائزہ لیتا۔ اور برابر ابن زیاد کو سب حالات کی اطلاع دیتا۔ حتیٰ کہ ابن زیاد کو تمام ضروری حالات کی مکمل اطلاع ہو گئی۔[1]

جناب ہانی کی وجاہت اور جلالتِ قدر

ہانی بن عروہ مرادی مزحجی جو کہ محبِ اہل بیتؑ اور بڑا صاحب اقتدار بزرگوار تھا۔ قبیلۂ مراد و مذحج کا سردار تھا۔ جب (کسی مہم کے لیے) نکلتا تھا تو چار ہزار زرہ پوش سوار اور آٹھ ہزار پیادہ آدمی ہمراہ ہوتے اور جب بنی کندہ کے حلیف بھی ساتھ شامل ہو جاتے تو تیس ہزار (۳۰,۰۰۰) کے ساتھ نکلتا[2] تھا۔ حضرت امیر علیہ السلام کے خواص اصحاب[3] میں سے تھا۔ اور آپ کی تینوں جنگوں (جمل، صفین اور نہروان) میں آپؑ کے ہمرکاب[4] تھا۔ اور ایک روایت یہ بھی ہے کہ جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے شرفِ صحبت سے بھی مشرف[5] ہو چکا تھا۔ اور شہادت کے وقت اس کی عمر اٹھانوے سال[6] تھی۔ باوجودیکہ جناب ہانی کی ابن زیاد سے کچھ راہ و رسم بھی تھی مگر اب وہ دیگر اشرافِ کوفہ کے ساتھ دربار میں حاضر ہونے سے محض اس خیال کے ماتحت پہلو تہی کرتے تھے کہ کہیں ابن زیاد کو جناب مسلمؑ کے ان کے ہاں قیام کی اطلاع نہ مل گئی ہو۔ اس لیے مرض کا عذر کر کے گھر پر ہی پڑے[7] رہتے۔ دوسری طرف ابن زیاد پر بذریعہ معقل تمام حقیقت حال کا انکشاف ہو چکا تھا۔ کہ جناب مسلمؑ بن عقیل ہانی ہی کے گھر میں مقیم ہیں۔ اس لیے وہ چاہتا تھا کہ کسی طرح جناب ہانی سے ملے۔ چنانچہ اس نے اسما ابن خارجہ، محمد بن اشعث اور عمرو بن حجاج کو بلایا اور ان

---

[1] ارشاد، ص ۲۲۱۔ الاخبار الطوال، ص ۲۳۷۔
[2] مروج الذہب، ج ۳، ص ۹۔
[3] فرسان الھیجا، ج ۲، ص ۱۳۹۔
[4] ذخیرۃ الدارین، ص ۲۷۸۔
[5] نفس المہموم، ص ۶۲۔
[6] فرسان الھیجا، ج ۲، ص ۱۳۹۔
[7] نفس المہموم، ص ۶۱۴ وغیرہ۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

سے جناب ہانی کے دربار میں نہ آنے کا سبب دریافت کیا۔ انہوں نے (جو حقیقت حال سے بے خبر تھے) یہ جواب دیا کہ بیماری کی وجہ سے حاضر نہیں ہوتے۔ ابن زیاد نے کہا کہ مجھے اطلاع ملی ہے کہ وہ ہر شب اپنے دروازہ پر بیٹھتا ہے اور لوگوں سے ملتا ہے۔ چنانچہ یہ لوگ جناب ہانی کے پاس گئے اور ان پر زور دیا کہ وہ ضرور ابن زیاد کو ملیں۔ جناب ہانی ان کے ہمراہ چلنے پر آمادہ ہوگئے اور چونکہ وہ حالات کی نزاکت سے بے خبر تھے۔ اس لیے اپنے آدمیوں کو اطلاع دیے بغیر تن تنہا ان کے ساتھ چلے گئے۔ دربار میں داخل ہوتے ہی دیکھا کہ ابن زیاد کے تیور بدلے ہوئے ہیں۔ ابن زیاد نے ان کو دیکھتے ہی یہ مثل کہی: ﴿اتتک بحائن رجلاہ﴾ خلاصہ یہ کہ ہانی اپنے پاؤں سے چل کر موت کی طرف آئے ہیں۔ پھر شریح قاضی کی طرف رخ کرتے ہوئے یہ شعر پڑھا ؎

اریـد حیـاتـہٗ و یـریـد قتلـی　　عذیـرک من خلیلک من مراد[1]

جناب ہانی نے یہ صورت حال دیکھ کر ابن زیاد سے کہا: ﴿وما ذاک؟﴾ کیوں کیا بات ہے؟ ابن زیاد نے بگڑ کر کہا: ہاں اے ہانی! تم اپنے گھر بیٹھ کر امیر المؤمنین والمسلمین کے خلاف سازشیں کرتے ہو۔ تم نے مسلمؑ کو بلا کر اپنے گھر میں رکھا ہوا ہے۔ اور ان کے لیے اسلحہ جنگ جمع کر کے لشکر جمع کر رہے ہو۔ اور تمہارا خیال ہے کہ یہ امور بڑھی۔ تو ابن زیاد نے اپنے غلام "معقل" کو بلایا۔ جب وہ جناب ہانی کے سامنے کھڑا ہوا تو ابن زیاد نے جناب ہانی سے کہا: کیا اس شخص کو پہچانتے ہو۔ جناب ہانی نے کہا: ہاں۔ اس وقت ہانی کو معلوم ہوا کہ یہ شخص جاسوس تھا۔ اس طرح جب ان پر یہ بات واضح ہوگئی کہ تمام حالات کا حاکم کے نزدیک انکشاف ہو چکا ہے تو کچھ وقت کے لیے متحیر و مبہوت ہوگئے۔ پھر حواس پر قابو پاتے ہوئے (اور اقرار کرتے ہوئے) کہا: جو کچھ میں کہتا ہوں اسے سنو! بخدا میں ہرگز غلط بیانی نہیں کروں گا۔ خدا کی قسم میں نے نہ تو مسلمؑ کو یہاں بلایا۔ اور نہ ہی مجھے ان کے حالات کی کوئی خبر تھی۔ میں نے ایک رات ان کو اپنے دروازہ پر کھڑے دیکھا۔ اور انہوں نے میرے گھر ٹھہرنے کی خواہش کی۔ مجھے ان کی خواہش کو مسترد کرتے ہوئے شرم دامن گیر ہوئی اس لیے ان کو اپنے گھر ٹھہرا لیا۔ اور ان کو اپنا مہمان بنا لیا۔ اب مجھے اتنی مہلت دیں اور جو چاہیں عہد و پیمان لے لیں۔ اور جو چاہیں گرو رکھ لیں کہ میں گھر جا کر ان سے یہ کہہ دوں کہ جہاں جی چاہے چلے جائیں۔ (تاکہ ان کو پناہ دینے اور مہمان رکھنے کی ذمہ داری سے فارغ ہو جاؤں) اور پھر میں واپس آپ کے پاس پلٹ آؤں گا۔

ابن زیاد نے کہا: جب تک مسلمؑ کو یہاں حاضر نہ کرو تم کہیں نہیں جا سکتے۔ جناب ہانی نے کہا: ﴿لا واللہ لا اجیئک بہ ابداً اجیئک بضیفی تقتلہ﴾ نہیں بخدا میں ان کو ہرگز پیش نہیں کروں گا میں اپنے مہمان کو

---

[1] ارشاد، ص ۲۱۲۔ طبری، ج ۶، ص ۲۰۵۔ کامل، ج ۳، ص ۲۷۰ وغیرہ۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

تمہارے سامنے اس لیے پیش کروں تا کہ تم اسے قتل کر دو؟ ابن زیاد نے کہا: تمہیں ضرور انہیں پیش کرنا ہوگا۔ ہانی نے کہا: میں ہرگز پیش نہیں کروں[1] گا۔ جب ان کا باہمی تکرار بڑھا تو مسلم بن عمرو باہلی نے مداخلت کرتے ہوئے ابن زیاد سے کہا: ذرا مجھے ہانی سے علیحدگی میں بات کرنے دیجئے! چنانچہ مسلم بن عمرو جناب ہانی کو ذرا علیحدہ لے گیا جہاں ابن زیاد دونوں کو دیکھ رہا تھا۔ کہنے لگا: میں تمہیں خدا کا واسطہ دیتا ہوں۔ نہ اپنے آپ کو ہلاک کرو اور نہ قوم وقبیلہ کو مصیبت میں ڈالو۔ ابن زیاد مسلمؑ کو کچھ نہیں کہے گا۔ تم ضرور اسے حاضر کر دو۔ اس میں تمہاری کوئی ذلت ورسوائی نہیں ہے۔ کیونکہ تم ان کو حاکم کے سپرد کر رہے ہو! جناب ہانی نے کہا: نہیں اس میں سراسر میری ذلت ورسوائی ہے کہ اپنے مہمان کو ایسے حال میں ان کے سپرد کر دوں۔ کہ طاقتور اور صاحب اعوان وانصار ہوں۔ اگر میں بالکل یکہ وتنہا ہوتا۔ اور میرا کوئی مددگار نہ بھی ہوتا۔ تب بھی میں جب تک ان کے سامنے کٹ نہ مرتا ان کو ہرگز پیش نہ کرتا۔

جب ابن زیاد نے دیکھا کہ ہانی نہیں مانتا تو اس نے حکم دیا: اسے میرے قریب لاؤ۔ چنانچہ ہانی کو اس کے قریب لایا گیا۔ ابن زیاد نے کہا: ﴿واللہ لتأتینی بہ او لاضربن عنقک﴾ بخدا تم مسلم کو ضرور حاضر کرو ورنہ میں تمہاری گردن اڑا دوں گا۔ جناب ہانی نے کہا: ﴿اذا واللہ تکثر البارقۃ حول دارک﴾ اگر تم نے ایسا کیا تو بخدا تیرے دار الامارہ کے اردگرد بہت تلواریں چمکیں گی۔ جناب ہانی کا خیال تھا کہ ان کی قوم ان کی نصرت وامداد کرے گی۔ یہ سن کر ابن زیاد غصہ سے آگ بگولا ہوگیا۔ کہا: ﴿اتخوفنی بالبارقۃ؟﴾ کیا تم مجھے تلواروں سے ڈراتے ہو؟ پھر حکم دیا: اسے اور میرے قریب لاؤ۔ بدنہاد ابن زیاد نے چھڑی جناب ہانی کے منہ پر برسانا شروع کی۔ ظالم نے اس قدر پیٹا کہ جناب ہانی کی ناک ٹوٹ گئی۔ رخسار وجبین سے گوشت کے ٹکڑے گرنے لگے۔ کپڑوں پر خون بہنے لگا۔ اور سر وچہرہ خون سے رنگین ہوگیا۔ مگر ظالم حاکم برابر پیٹتا رہا۔ یہاں تک کہ چھڑی ٹوٹ گئی۔[2] اس اثناء میں جناب ہانی نے پاس کھڑے ہوئے ایک سپاہی کی تلوار پر ہاتھ مارا مگر اس نے تلوار کھینچ لی۔ یہ دیکھ کر ابن زیاد نے کہا: اب یہ خارجی ہوگئے اور ان کا خون ہمارے لیے مباح ہے۔ پھر حکم دیا کہ انہیں اندر لے جا کر قید کر دو۔ چنانچہ ظالم سپاہی انہیں گھسیٹ کر قید خانہ میں (جو کہ دار الامارہ کے پاس ہی تھا) لے گئے۔ اور دروازہ بند کر کے دروازے پر پہرہ دار بٹھا دیئے گئے۔[3]

جب عمرو بن حجاج (ہانی کے برادر نسبتی) زبیدی کو یہ اطلاع ملی کہ جناب ہانی کو قتل کر دیا گیا ہے۔ تو وہ بنی

---

[1] ارشاد، ص ۲۲۲۔ طبری، ج ۶، ص ۲۰۵۔

[2] ارشاد، ص ۲۲۴۔ نفس المہموم، ص ۵۲۔ کامل، ج ۳، ص ۲۷۱۔

[3] ارشاد، ص ۲۲۴۔ کامل، ج ۳، ص ۲۷۱۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

مذحج کی بہت بڑی جماعت لے کر چڑھ آیا۔ اور دارالامارہ کا محاصرہ کر لیا۔ اس وقت قاضی شریح آڑے آیا۔ ابن زیاد نے اس سے کہا کہ پہلے ہانی کو دیکھ لو کہ وہ زندہ ہے پھر جا کر ان لوگوں کو تسلی دو۔ اور ان کو واپس کرو۔ چنانچہ قاضی شریح جناب ہانی کے پاس گیا۔ (اور ابن زیاد نے ایک جاسوس بھی ہمراہ کر دیا تھا) اس وقت ان کا خون بہہ رہا تھا۔ اور نیم جان پڑے تھے۔ اور دھیمی دھیمی آواز سے یہ کہہ رہے تھے کہ اے مسلمانو! میری قوم ہلاک ہوگئی ہے؟ دیندار لوگ کہاں گئے؟ مددگار کہاں گئے کہ مجھے ظالم دشمن کے پنجۂ استبداد سے نجات دلاتے؟ جب جناب ہانی نے گھوڑوں کے ٹاپوں کی آواز اور لوگوں کا شور و شغب سنا تو فرمایا: میں خیال کرتا ہوں۔ یہ بنی مذحج کی آوازیں ہیں! کاش صرف دس آدمی بھی داخل ہوتے تو مجھے چھڑا لے جاتے۔ انہوں نے قاضی شریح کو بڑے واسطے دے کر کہا کہ قوم کو صحیح صورت حال سے آگاہ کریں تاکہ وہ مجھے چھڑا کر لے جائیں۔ مگر قاضی نے کہا کہ اگر جاسوس ہمراہ نہ ہوتا تو میں تعمیل کرتا۔ چنانچہ اس نے جا کر ان کی قوم کو تسلی دی کہ ہانی زندہ و سلامت ہے۔ فقط حکومت نے مصلحتِ وقت کے تحت ان کو نظر بند کر دیا ہے۔ جب عمرو نے یہ بات سنی تو یہ کہہ کر کہ ﴿اما اذا لم یقتل فالحمد للہ﴾ (اگر وہ قتل نہیں ہوئے تو مقام شکر ہے) اپنی جمعیت سمیت واپس چلا گیا۔[1] اس طرح ان کے بچنے کی جو آخری کرن نمودار ہوئی تھی وہ بھی غائب ہوگئی اور قاضی شریح نے ان کو سمجھا بجھا کر واپس کر دیا۔

SIBTAIN.COM

عبداللہ بن حازم کہتا ہے کہ مجھے جناب مسلمؑ بن عقیل نے دارالامارہ میں بھیجا تھا کہ جا کر دیکھوں کہ ہانی کے ساتھ کیا سلوک کیا جا رہا ہے۔ جب ان کو مار پیٹ کر قید خانہ میں ڈال دیا گیا تو میں سب سے پہلے واپس گھر پہنچا۔ میں نے دیکھا کہ بنی مراد کی مستورات جمع ہو کر یا عبرتاہ یا ثکلاہ کہہ کر نالہ و شیون کی آواز بلند کر رہی ہیں۔ میں نے اندر جا کر جناب مسلمؑ کو سب صورت حال کی اطلاع دی۔ (بنی ہاشم کے اس غیور بزرگوار سے یہ صورت حال کب برداشت ہو سکتی تھی اور وہ کس طرح اندر بیٹھ کر عورتوں کے گریہ و بکاء کی آواز سن سکتا تھا جب کہ ان کا معزز میزبان انہی کی خاطر مختلف شدائد و مصائب میں گھرا ہوا تھا)۔ جناب مسلمؑ نے مجھے حکم دیا کہ ان کا علامتی نعرہ "یا منصور امت" لگا کر ان کے ان اصحاب کو اکٹھا کروں۔ جو اردگرد والے گھروں میں جمع تھے جن کی تعداد چار ہزار کے قریب تھی چنانچہ یہ نعرہ سن کر دوسرے لوگوں نے بھی یہی نعرہ بلند کیا۔ اور تھوڑی سی دیر میں بہت سے لوگ جمع ہوگئے۔ جناب مسلمؑ نے جماعت کندہ کا علمبردار عبداللہ بن عزیز کندی کو مقرر کیا۔ اور اسے حکم دیا کہ تم میرے آگے آگے چلو۔ اور جماعت مذحج و اسد کا علمبردار مسلم بن عوسجہ کو اور جماعت تمیم بن ہمدان کا علمبردار ابوثمامہ صائدی کو اور جماعت مدینہ کا علمبردار عباس بن معین جدالی کو مقرر کیا اور دارالامارہ کی طرف پیش قدمی شروع کر دی۔ ابن زیاد دار

---

[1] ارشاد، ص ۲۲۴۔ طبری، ج ۶، ص ۲۰۷۔ پوری تفصیل کامل ابن اثیر، ج ۳، ص ۲۷۱ میں مذکور ہے۔ نفس المہموم، ص ۵۳، ۵۴۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

الامارہ میں بیٹھا تھا کہ یکا یک جناب مسلمؑ کے چڑھ آنے کی خبر گرم ہوئی۔ وہ یہ سمجھ کر شاید جناب مسلمؑ کے ہمراہ کوئی لشکر جرار ہوگا۔ احتیاطاً قلعہ بند ہوگیا۔ اس وقت اس کے پاس حشم و خدم اور اہل خاندان کے علاوہ صرف تیس سپاہی اور بیس اشراف و رؤساء کوفہ تھے۔ جناب مسلمؑ نے جا کر قصر کو گھیر لیا۔ اب لوگوں کی تعداد میں اضافہ ہوتا رہا[1]۔ اور شام تک کچھ نہ کچھ زد و خورد کا سلسلہ جاری رہا[2]۔ اور جب لوگوں نے متفرق ہونا شروع کیا تو حالت یہ ہوگئی کہ جب جناب مسلمؑ نے نماز مغرب پڑھی تو اس وقت کل تیس آدمی ہمراہ تھے۔ اور جب مسجد سے نکلے تو بنی کندہ کے دروازہ کا قصد کیا ابھی دروازہ تک نہیں پہنچے تھے کہ کل دس آدمی رہ گئے۔ اور جب دروازہ سے برآمد ہوئے۔ تو کوئی ایک آدمی بھی ہمراہ نہ تھا۔ جو رات کے وقت راستہ بتاتا[3]۔

حضرت مسلمؑ کی ظاہری ناکامی کے اسباب

جناب مسلمؑ کی اس ظاہری ناکامی کے وجوہ کیا تھے؟ اور وہ کیا اسباب تھے جن کا یہ حوصلہ شکن نتیجہ برآمد ہوا۔ کتب سیر و تواریخ پر اجمالی نگاہ ڈالنے سے اس کے مندرجہ ذیل علل و اسباب نظر آتے ہیں۔

(۱) سب سے پہلا سبب تو یہ تھا کہ جناب مسلمؑ کا یہ اقدام ناگہانی حیثیت سے تھا۔ ان کو اپنے اصحاب و احباب کے ساتھ مشورہ کرنے کا موقع نہ مل سکا بلکہ ابن زیاد کے جناب ہانی کو زد و کوب کر کے قید خانہ میں ڈالنے کی خبر سن کر اچانک اٹھ کھڑے ہوئے۔ چنانچہ مورخ طبری نے تصریح کی ہے کہ ﴿لم یکن خروجه یوم خرج علی میعاد من اصحابه انما خرج حین قیل له ان هانی بن عروة المرادی قد ضرب و حبس﴾ یعنی جناب مسلمؑ کا جنگ کے لیے نکلنا۔ اپنے ساتھیوں کی اطلاع اور کسی قرارداد کے بغیر تھا۔ جب ان کو یہ اطلاع ملی کہ جناب ہانی بن عروہ کو مارنے پیٹنے کے بعد قید کر دیا گیا ہے تو وہ اس وقت اٹھ کھڑے ہوئے۔[4] ایسے حالات میں کیسے ممکن تھا کہ دو اٹھارہ ہزار آدمی جمع ہو جاتے جنہوں نے بیعت کی تھی۔

(۲) جیسا کہ ابھی اوپر بیان ہوا ہے۔ اشراف و اکابر کوفہ میں سے بیس آدمی قصر کے اندر ابن زیاد کے پاس موجود تھے اور باقی اکابر کی آمد و رفت کا سلسلہ قصر کے اس عقبی دروازہ کی طرف سے جاری تھا۔ جو دار الزوین کے ساتھ متصل تھا۔ ابن زیاد نے کثیر بن شہاب کو حکم دیا کہ بنی مذحج کی اطاعت گزار جماعت کے ساتھ اور محمد بن اشعث

---

[1] ارشاد، ص ۲۲۵ مختصراً۔ کامل ابن اثیر، ج ۳، ص ۲۷۱ وغیرہ۔

[2] طبری، ج ۶، ص ۲۰۷۔

[3] ارشاد، ص ۲۲۷۔

[4] طبری، ج ۷، ص ۵۸۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

کو حکم دیا کہ وہ بنی کندہ اور حضر موت کے وفاداروں کو ہمراہ لے کر باہر جائیں اور لوگوں کو حکومت کی سخت گرفت اور داد و دہش سے ڈرا دھمکا کر حضرت مسلمؑ کی امداد و نصرت سے روکیں۔ اسی طرح قعقاع فربلی، شبث بن ربعی، حجار بن ابجر اور شمر ذی الجوشن کو بھی اس کام پر مامور کیا۔ چنانچہ انہوں نے لوگوں کو حکومت وقت کی مخالفت اور اس کے سنگین نتائج سے ڈرایا اور اس کارروائی کا ان کے خاطر خواہ نتیجہ برآمد ہوا۔ بہت سے لوگ ان کے ساتھ ہو گئے۔[1]

(۳) ابن زیاد نے ان رؤساء قبائل کو مامور کیا۔ جو اس کے ہمراہ قصر کے اندر موجود تھے کہ وہ اپنی اپنی قوم و قبیلہ کو حکومت وقت کی مخالفت سے ڈرائیں۔ اور جناب مسلمؑ بن عقیلؑ کی حمایت و نصرت سے ان کو باز رکھیں چنانچہ انہوں نے قصر سے جھانک کر اپنے اپنے حلقۂ اثر کے لوگوں کو حکومت کی مخالفت سے باز آنے کی تلقین کرتے ہوئے فرمانبرداروں کو انعام و اکرام کا لالچ اور مخالفین کو حکومت کے عقاب و عتاب سے ڈرایا جس کا خاصا اثر ہوا۔[2]

(۴) ابن زیاد نے انہی رؤساء شیوخ سے یہ غلط اعلان کرایا کہ مرکزی دار الحکومت شام سے مخالفت کرنے والوں کی سرکوبی کے لیے بڑے بڑے لشکر آ رہے ہیں۔ جو ان کو بالکل نیست و نابود کر کے رکھ دیں گے۔ چنانچہ کثیر بن شہاب نے جو تقریر کی اس کا ماحصل یہ تھا کہ ﴿ایها الناس الحقوا باهاليكم ولا تعاجلوا الشر ولا تعرضوا انفسكم للقتل فان هذه جنود امير المومنين يزيد قد اقبلت و قد اعطى الله الامير عهداً لان اتممتم على حربه و لم تنصرفوا من عشيتكم ليحر من ذريتكم العطاء و يفرق مقالتكم مغازى الشام و ان ياخذ البرئ منكم بالسقيم و الشاهد بالغائب حتى لا يبقى له بقية من اهل المعصية الا اذاقها و بال ما جنة ايديهما﴾ "اے لوگو تم اپنے گھروں میں چلے جاؤ۔ اور شر و فساد میں جلدی نہ کرو اور نہ ہی اپنے نفسوں کو قتل کے لیے پیش کرو کیونکہ امیر یزید کے لشکر آ رہے ہیں۔ خدا نے امیر وقت کو یہ عہد دیا ہے۔ اگر تم جنگ پر مصر رہے اور آج شام تک واپس گھروں میں نہ چلے گئے تو تمہاری اولاد کو عطا و بخشش سے محروم کر دیں گے اور تمہارے مجرموں کی وجہ سے غیر مجرموں کو دھر لیں گے۔ اور غائب کو حاضر کی بدولت جب تک گنہگار کی نسل باقی رہے گی وہ اس کے کرتوتوں کا خمیازہ بھگتنی پڑے گی۔" اسی طرح دیگر شیوخ و اکابر نے بھی انہی خیالات کا اظہار کیا ہے۔[3]

اس شیطانی مکر و تزویر کا عامۃ الناس پر بہت اثر ہوا۔ اور لوگوں کے اعصاب پر مرکزی حکومت کے لشکر کا

---

[1] ارشاد، ص ۲۲۷۔ طبری، ج ۶، ص ۲۰۸۔ کامل، ج ۳، ص ۲۷۲ وغیرہ۔

[2] ارشاد، ص ۲۲۷۔ کامل، ج ۳، ص ۲۷۲ وغیرہ۔

[3] ارشاد، ص ۲۲۷۔ طبری، ج ۶، ص ۲۰۸۔ کامل، ج ۳، ص ۲۷۲ وغیرہ۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

خوف و ہراس کچھ اس طرح مسلط ہوا کہ انہوں نے دھڑا دھڑ متفرق ہونا شروع کر دیا۔ اور نوبت یہاں تک پہنچی کہ مؤرخین نے لکھا ہے کہ ﴿کانت المرأة تاتی ابنها و اخاها فتقول انصرف الناس یکفونک و یجی الرجل الی ابنه و اخیه فیقول غداً یاتیک اهل الشام فما تصنع بالحرب و الشر انصرف!﴾ ''عورتیں اپنے بیٹوں اور بھائیوں کے پاس آتیں اور کہتیں واپس چلو۔ دوسرے لوگ کافی ہیں۔ اور مرد اپنے بیٹوں اور بھائیوں کے پاس آتے اور کہتے کل شام والے آجائیں گے تم یہاں لڑ کر کیا کرو گے۔ واپس چلو۔''[1]

(۵) جو لوگ جناب مسلمؑ کے ہمراہ تھے۔ ان کو تو مذکورہ بالا شیطانی مکاریوں اور عیاریوں سے علیحدہ کیا جا رہا تھا۔ اور جو باقی ماندہ اہل ایمان مختلف محلوں میں موجود تھے اور جناب مسلمؑ کی امداد کرنا چاہتے تھے۔ ان کے روکنے کا یہ بندوبست کیا گیا تھا کہ شہر کی ناکہ بندی کر دی گئی تھی تاکہ کوئی شخص نصرت مسلمؑ کے لیے نہ آسکے چنانچہ اس طرح بعض لوگ گرفتار بھی ہوئے۔[2] یہ سب کچھ آٹھویں ذی الحجہ ۶۰ھ کو ہوا۔

بہرکیف انہی صبر آزما حالات کا نتیجہ تھا کہ جیسا کہ اوپر ذکر ہو چکا ہے کہ نویں ذی الحجہ کی رات کو نماز مغرب کے بعد جناب مسلمؑ اس طرح یکہ و تنہا رہ گئے کہ رات کی تاریکی اور کوفہ کی گنجان آبادی میں سرگرداں پھر رہے تھے مگر کوئی راستہ بتانے والا اور کوئی ہمدردی کرنے والا نہیں ملتا تھا ان کی سمجھ میں کچھ نہیں آتا تھا کہ اس بے کسی و بے بسی کے عالم میں جائیں تو کدھر اور رات گزاریں تو کہاں؟[3]

ع تفو بر تو اے چرخ گرداں تفو

جنابِ طوعہ کا مختصر تعارف

اسی عالم پریشانی و سرگردانی میں جناب مسلمؑ بنی کندہ کے قبیلہ جبلہ کے محلہ میں جا نکلے۔ اور چلتے چلتے ایک مؤمنہ طوعہ نامی عورت کے دروازہ پر جا پہنچے۔ جو پہلے اشعث بن قیس کی ام ولد کنیز تھیں۔ جب اس نے اسے آزاد کر دیا تو اس نے اسید حضرمی سے شادی کر لی جس سے اس کے ہاں بلال نامی ایک لڑکا متولد ہوا۔[4] (جس نے جناب مسلمؑ کی ابن زیاد کے دربار میں مخبری کی تھی) آج کے ہنگامۂ دار و گیر میں یہ بلال بھی باہر گیا ہوا تھا۔ جناب طوعہ دروازہ پر اسی کا انتظار کر رہی تھیں۔ حضرت مسلمؑ نے (اسلامی طریق کے مطابق) سلام کیا۔ اس مؤمنہ نے سلام کا

---

[1] ارشاد، ص ۲۲۷۔ طبری، ج ۶، ص ۲۰۸۔ کامل، ج ۳، ص ۲۷۲ وغیرہ۔

[2] تفصیل تاریخ طبری، ج ۶، ص ۲۰۸ میں مذکور ہے۔

[3] ارشاد، ص ۲۲۷۔ ملہوف، ص ۴۶۔

[4] ارشاد، ص ۲۲۷۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

جواب دیا۔ جناب نے فرمایا: ﴿یا امة اللّٰہ اسقینی ماءً﴾ اے اللہ کی کنیز! مجھے پانی تو پلاؤ۔ طوعہ نے جناب کو پانی پلایا۔ جب یہ مؤمنہ برتن رکھنے اندر گئی۔ تو جناب مسلمؑ (جو سارے دن کے تھکے ماندے تھے) وہیں دروازہ پر بیٹھ گئے۔ جب وہ واپس آئی اور جناب مسلمؑ کو یہیں بیٹھے ہوئے دیکھا تو کہنے لگی: ﴿یا عبد اللّٰہ الم تشرب؟﴾ اے اللہ کے بندے کیا آپ پانی پی نہیں چکے؟ جناب نے فرمایا: ﴿بلٰی﴾ ہاں!

کہا: ﴿فاذھب الی اھلک!﴾ پھر اپنے گھر جایئے۔ یہ سن کر جناب مسلمؑ خاموش رہے۔ طوعہ نے دوبارہ یہی کلمات دہرائے۔ حضرت مسلمؑ پھر بھی خاموش رہے۔ تیسری بار (وہ تعجب اور غصہ کے ملے جلے جذبات کے ساتھ) کہنے لگی: ﴿سبحان اللّٰہ! یا عبد اللّٰہ قم عافاک اللّٰہ الی اھلک فانہ لا یصلح لک الجلوس علی بابی ولا احلہ لک﴾ سبحان اللہ! او اللہ کے بندے! تم اپنے گھر کیوں نہیں جاتے، تمہیں یہاں میرے دروازہ پر بیٹھنا موزوں نہیں ہے اور نہ ہی تمہیں یہاں بیٹھنے کی اجازت دیتی ہوں۔ یہ سن کر مسلمؑ اٹھ کھڑے ہوئے اور فرمایا: ﴿یا امة اللّٰہ مالی فی ھذا المصر منزل ولا عشیرة فھل لک الی اجر و معروف و لعلّی اکافیک بعد الیوم؟﴾ اے اللہ کی کنیز (میں جاؤں تو کدھر جاؤں) میرا اس شہر میں نہ کوئی گھر ہے اور نہ کوئی قوم و قبیلہ۔ کیا تو (مجھے اپنے ہاں ٹھہرا کر) اجر و ثواب حاصل کرنا چاہتی ہے؟ شاید آج کے بعد تمہیں اس کار خیر کا کچھ بدلہ دے سکوں!

SIBTAIN.COM

طوعہ نے (گھبرا کر) کہا: ﴿یا عبد اللّٰہ وما ذالک!﴾ اے خدا کے بندے! ماجرا کیا ہے؟ جناب نے فرمایا: ﴿انا مسلم بن عقیل کذّبنی ھولاء القوم و غرّونی و اخرجونی!﴾ میں مسلمؑ بن عقیل ہوں۔ ان لوگوں نے مجھے دھوکہ دیا ہے۔ طوعہ نے تعجب کے لہجہ میں کہا: ﴿انت مسلم؟﴾ کیا آپ مسلمؑ ہیں۔ آپؑ نے فرمایا: ﴿نعم﴾ ہاں میں مسلم ہی ہوں۔ یہ سنتے ہی طوعہ نے دروازہ کھول دیا۔ کہا: بسم اللہ اندر تشریف لایئے۔ چنانچہ وہ جناب مسلمؑ کو اپنے مکان کے ایک کمرہ میں لے گئی۔ فرش خواب بچھایا۔ اور کھانا حاضر کیا مگر جناب مسلمؑ نے تناول نہ فرمایا۔

اتنے میں طوعہ کا لڑکا بلال بھی آ پہنچا۔ جب اس نے دیکھا کہ اس کی والدہ بار بار اس کمرہ میں جاتی ہے اور آتی ہے۔ تو بلال نے اس کا سبب دریافت کیا۔ طوعہ نے ٹال دیا لیکن جب بلال نے حد سے زیادہ اصرار کیا۔ تو طوعہ نے اس سے پختہ عہد و پیمان لے کر کہ کسی سے حقیقتِ حال کا اظہار نہ کرے۔ سارا واقعہ کہہ سنایا۔ بلال سارا واقعہ سن کر خاموش ہو رہا۔ اور اپنی خواب گاہ پر جا کر لیٹ گیا۔"[1]

---

[1] ارشاد، ص ۲۲۸۔ کامل، ج ۳، ص ۲۷۲ وغیرہ۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

قبل اس کے کہ جناب مسلم کا واقعہ مکمل کیا جائے۔ یہاں یہ بیان کر دینا بھی مناسب ہے کہ جب نویں ذی الحجہ کی شب جناب مسلمؑ کی جماعت متفرق ہوگئی اور جناب مسلمؑ یکہ وتنہا طوعہ کے گھر پناہ گزین ہوئے۔ ابن زیاد نے دیکھا کہ اب باہر بالکل خاموشی ہے۔ اپنے آدمیوں کو حکم دیا کہ دیکھو آیا ان لوگوں میں سے کوئی موجود ہے؟ انہوں نے کہا کہ کوئی بھی موجود نہیں ہے۔ مزید تحقیق کے لیے مشعلیں روشن کر کے مسجد کا کونہ کونہ چھان ڈالا گیا کہ مبادا کوئی شخص چھپا ہوا نہ ہو۔[1] جب ابن زیاد کو یقین ہو گیا کہ سب لوگ چلے گئے ہیں تو قصر کے باب سدہ کے (جو مسجد کی طرف کھلتا تھا) اپنے ساتھیوں سمیت باہر نکل آیا۔ اور عمرو بن نافع کو حکم دیا کہ یہ اعلان کرے: ﴿برات الذمة من رجل من الشرط و العرفاء و المناكب و المقاتلة صلى العتمة الا في المسجد﴾ پولیس والوں، عریفوں، نقیبوں اور جنگ جوؤں میں سے کوئی شخص آج نماز عشاء جامع مسجد کے علاوہ کسی اور جگہ پڑھے گا تو حکومت اس کے جان و مال کی ذمہ دار نہ ہوگی۔[2] پس اس اعلان کا ہونا تھا کہ تھوڑی دیر میں جامع مسجد نمازیوں سے چھلکنے لگی۔ ابن زیاد نے اپنے اردگرد پہرے دار کھڑے کر کے نماز عشاء پڑھائی۔ اور اس کے بعد منبر پر چڑھ کر یہ خطبہ دیا۔ (نقل کفر کفر نباشد خاکش بدهنش) ﴿اما بعد فان ابن عقيل السفيهه الجاهل قد اتى ما رايتم. من الخلاف و الشقاق فبرات ذمة الله من رجل وجدناه في داره ومن جاء به فله ديته اتقوا الله عباد الله و الزموا اطاعتكم ربيعتكم ولا تجعلوا على انفسكم سبيلا﴾ ابن عقیلؑ نے حکومت کے خلاف جو ہنگامہ آرائی کی وہ تم لوگوں نے دیکھ لی۔ ہم نے جس کے گھر اسے پالیا اس کے جان و مال کی ذمہ داری ختم ہو جائے گی۔ اور جو اسے پکڑ کر لائے گا۔ اسے اس کی دیت دی جائے گی (یعنی دیت کے برابر انعام)۔ پھر حصین بن تمیم (جو کہ پولیس کا افسر تھا) کی طرف متوجہ ہو کر اسے تہدید آمیز لہجہ میں کہا کہ کوفہ کی سخت ناکہ بندی کر دو۔ تاکہ مسلمؑ کہیں نکل کر جا نہ سکیں۔ اور میں نے تمہیں تمام اہل کوفہ کے گھروں پر مسلط کر دیا ہے۔ صبح ہوتے ہی تمام گھروں کی تلاشی لو اور اس مرد (مسلمؑ) کو پکڑ کر میرے پاس لاؤ۔ اس کے بعد عمرو بن حریث کو لوگوں کی دیکھ بھال اور نگہداشت کا منصب سونپ کر خود اندر چلا گیا۔[3]

صبح سویرے ابن زیاد اپنے دربار میں بیٹھا۔ اور لوگوں کو حاضر ہونے کا اذن عام دے دیا۔ لوگ آنے شروع ہوئے۔ اسی اثناء میں اشعث بھی آیا۔ ابن زیاد نے اسے خوش آمدید کہا اور اپنے پہلو میں بٹھایا۔ ادھر طوعہ کا

---

[1] ارشاد، ص ۲۲۸۔

[2] ارشاد، ص ۲۹۳۔ کامل، ج ۳، ص ۲۷۲ وغیرہ۔

[3] ارشاد، ص ۲۲۹۔ کامل، ج ۳، ص ۲۷۲ وغیرہ۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

بدطینت لڑکا بلال صبح سویرے اٹھ کر عبدالرحمٰن بن محمد بن اشعث کے پاس گیا۔ اور اسے بتایا کہ مسلم بن عقیل ہمارے گھر میں ہیں۔ اسی وقت عبدالرحمٰن دربار ابن زیاد میں اپنے باپ محمد بن اشعث کے پاس پہنچا۔ اور باپ کے کان میں یہ بات جا کر کہی۔ ابن زیاد حقیقت حال بھانپ گیا۔ فوراً پوچھا: کیا بات ہے؟ محمد بن اشعث نے سارا واقعہ کہہ سنایا۔ ابن زیاد نے محمد بن اشعث کے پہلو میں چھڑی لگاتے ہوئے کہا: اٹھو اور ابھی مسلم کو گرفتار کر کے لاؤ۔ اور ابن اشعث ہی کی قوم کے کچھ آدمی اس کے ہمراہ کر دیئے۔ (جن کی تعداد حبیب السیر میں تین سو (۳۰۰) لکھی ہے) اور عبیداللہ بن عباس سلمی کی زیر قیادت بنی قیس کے ستر آدمی بھیج دیئے۔[1] یہ فوج شمشیر بکف گھوڑے دوڑاتی ہوئی طوعہ کے گھر پہنچی اور گھر کا گھیراؤ کر لیا۔ اب ذرا اس طرف کی مختصر روئیداد بھی سن لیں۔ جناب مسلمؑ نے تمام رات عبادت الٰہی میں گزاری۔ جس کا ثبوت یہ ہے کہ حضرت شیخ عباس قمی نفس المہموم، صفحہ ۵۶ میں بعض کتب مقاتل کے حوالہ سے لکھتے ہیں کہ جب صبح صادق طلوع ہوئی تو طوعہ نے وضو کے لیے جناب مسلمؑ کی خدمت میں پانی حاضر کیا اور ساتھ ہی عرض کیا: ﴿یا مولانی ما رأیتک رقدت فی ھذہ اللیلۃ!﴾ میرے آقا! آپ رات بھر سوئے نہیں۔ جناب مسلمؑ نے فرمایا: ﴿اعلمی انی (قدت رقدۃً فرأیت فی منامی عمی امیر المؤمنین علیہ السلام وھو یقول الوحا الوحا العجل العجل وما اظن الا انہ اخر ایامی من الدنیا﴾ تمہیں معلوم ہونا چاہیے کہ میری تھوڑی سی آنکھ لگ گئی تھی۔ میں نے خواب میں اپنے عم محترم حضرت امیر علیہ السلام کو دیکھا ہے جو فرما رہے تھے: جلدی کرو جلدی کرو۔ اس لیے میں سمجھتا ہوں کہ آج میری زندگی کا آخری دن ہے۔ بہرکیف نماز صبح پڑھی۔ اس کے بعد تعقیبات میں مشغول تھے کہ اچانک کانوں میں گھوڑوں کی ٹاپوں اور لوگوں کے شور شغب کی آواز پڑی: ﴿عجل فی دعائہ الذی کان مشغولاً بہ﴾ تو آپ نے بڑی جلدی کے ساتھ وہ دعا ختم کی۔ جس کے پڑھنے میں مشغول تھے۔[2] اور زرہ پہن کر شمشیر بکف ہو کر اس اندیشہ سے کہ کہیں ظالم گھر کو آگ نہ لگا دیں۔ جلد باہر نکل آئے۔ اور بروایت کامل بہائی نکلتے ہوئے طوعہ سے فرمایا: ﴿قد ادیت ما علیک من البر و الاحسان و اخذت نصیبک من شفاعۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ و الہ سید الانس و الجان﴾ تو نے نیکی و احسان کا حق ادا کر کے شفاعت رسولؐ کا استحقاق حاصل کر لیا ہے۔[3] پھر کہا: ﴿یا نفس اخرجی الی الموت الذی لیس منہ محیص﴾[4] اے نفس!

---

[1] ارشاد، ص ۲۲۹۔

[2] نفس المہموم، ص ۵۶ بحوالہ کامل بہائی۔

[3] نفس المہموم، ص ۵۶۔

[4] مقاتل الطالبین، ص ۷۵۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

اس موت کی طرف بڑھ جس سے کوئی مفر نہیں ہے۔ ان کو دیکھنا تھا کہ ظالم خونخوار درندوں کی طرح ان پر پل پڑے۔ شجاعت ہاشمی کے پیکر جناب مسلمؑ بن عقیلؑ یہ شعر پڑھتے ہوئے ؎

ع هو الموت فاصنع و یک ما انت صانع　　فانت بکاس الموت لا شک جارع

جو کچھ کرنا ہے کر لو یہ موجود ہے اور اب یقیناً تمہیں موت کا پیالہ پینا ہے

ع فصبراً لامر اللّٰہ جل جلالہ　　فحکم قضاء اللّٰہ فی الخلق واقع

خدائے ذوالجلال کے حکم پر صبر لازم ہے کیونکہ مخلوق میں خالق کی قضا و قدر کا حکم نافذ ہے۔

شیرانہ انداز میں ان پر ٹوٹ پڑے چنانچہ اسی ایک حملہ میں اکتالیس (۴۱) آدمیوں کو فی النار و سقر کیا۔[1]

حضرت شیخ عباس قمیؒ نے مقتل محمد بن ابی طالب کے حوالہ سے لکھا ہے کہ جب جناب مسلمؑ نے ابن اشعث کے بہت سے آدمی ہلاک کر دیئے تو ابن اشعث نے ابن زیاد سے مزید کمک بھیجنے کی درخواست کی۔[2] ابن زیاد نے ملامت کرتے ہوئے کہلا بھیجا: ﴿بعثناک الی رجل واحد لتاتینا به... فکیف اذا ارسلناک الی غیره﴾ ہم نے تمہیں صرف ایک آدمی کو گرفتار کرنے کے لیے بھیجا تھا اور تمہاری یہ حالت ہوگئی ہے اگر ہم نے کل کلاں کسی اور (فوج کے مقابلہ میں) بھیجا تو پھر تمہاری کیا کیفیت ہوگی! ابن اشعث نے جواب میں کہلا بھیجا: ﴿ایها الامیر اتظن انک بعثتنی الی بقال من بقالی الکوفة او الی جرمقانی من جرامقة الحیرة او لم تعلم ایها الامیر انک بعثتنی الی اسد ضرغام و سیف حسام فی کف بطل همام من ال خیر الانام﴾

اے امیر کیا آپ کا یہ خیال ہے کہ آپ نے مجھے کوفہ کے کسی سبزی فروش یا مقام حیرہ کے کسی جرمقانی[3] کے گرفتار کرنے کے لیے بھیجا ہے؟ اے امیر! کیا آپ کو معلوم نہیں کہ آپ نے مجھے ایک ایسے شخص کی گرفتاری کے لیے بھیجا ہے جو شیر بیشۂ شجاعت ہے۔ اور ایسی برندہ تلوار ہے جو نسل خیر الانام کے بطل جلیل کے ہاتھوں میں ہے۔" ابن زیاد نے کہلا بھیجا: ﴿اعطه الامان فانک لا تقدر علیه الا به﴾ تم ان کو امان (کا دھوکا) دے دو کیونکہ اس کے بغیر تم ان پر قابو نہیں پا سکتے۔[4] اور بروایت منتخب طریحی کچھ کمک بھی بھیج دی۔[5] ادھر گھمسان کا رن پڑ رہا تھا۔ جناب

---

[1] مناقب شہر ابن آشوب، ج ۴، ص ۹۰۔

[2] المنتخب الطریحی، ص ۲۹۹۔

[3] یہ ایک عجمی قوم کا نام ہے جو اوائل اسلام میں موصل وغیرہ کے علاقہ میں آ کر آباد ہوگئی تھی جو قرینۂ مقام سے بزدل معلوم ہوتی ہے۔ (منہ عفی عنہ)

[4] نفس المہموم، ص ۷۵۔　[5] المنتخب للطریحی، ص ۲۲۹۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

مسلمؑ اور بکر بن حمران احمری آپس میں گتھم گتھا ہو گئے۔ احمری ملعون نے ایک وار کیا جو جناب مسلمؑ کے دہن مبارک پر لگا جسے ان کا بالائی ہونٹ کٹ گیا اور ہونٹ کچھ زخمی ہوا۔ اور اگلے دو دانت بھی اکھڑ گئے۔ اس کے بعد جناب مسلمؑ نے اس پر پے در پے دو وار کئے۔ ایک سر پر اور دوسرا کاندھے پر جو قریباً پیٹ تک اتر گیا۔ مگر وہ نابکار قتل ہونے سے بچ گیا۔ اس کے بعد ان لوگوں میں اور زیادہ اشتعال پیدا ہو گیا۔ اور اسی اثنا میں کچھ لوگ مکانوں کی چھتوں پر چڑھ گئے۔ اور جناب مسلمؑ پر پتھر برسانے شروع کئے۔ اور کچھ ملاعین آگ روشن کر کے ان پر پھینکنے لگے۔ یہ دیکھ کر جناب مسلمؑ بپھرے ہوئے شیر کی طرح تلوار سونت کر کوچہ و بازار میں جوہر شجاعت دکھانے لگے۔ محمد بن اشعث نے مکر و فریب سے امان کا اعلان کرتے ہوئے کہا: ﴿لک الامان لا تقتل نفسک﴾ آپ کے لیے امان ہے اپنے آپ کو ہلاک نہ کرو۔ جناب مسلمؑ نے یہ فرما کر کہ ﴿و ای امان للغدرۃ الفجرۃ﴾ دھوکہ باز فاسقوں اور فاجروں کی امان پر کیا اعتبار ہے؟ ان کی اس پیش کش کو ٹھکرا دیا۔ اس وقت آپ یہ رجز پڑھتے جاتے تھے اور بڑھ بڑھ کر حملے بھی کرتے جاتے تھے۔[1]

ے اقسمت لا اقتل الا حراً — و ان رأیت الموت شیئاً نکراً
میں نے قسم کھالی ہے کہ آزادی کی موت مروں گا — اگرچہ موت ناپسندیدہ چیز ہے

ے کل امرء یوماً ملاق شراً — و یخلط البارد سخناً مرا
مگر ہر شخص کو کبھی نہ کبھی شر کا سامنا کرنا پڑتا ہے — اور سرد کے ساتھ گرم ملانا پڑتا ہے

ے ردّ شعاع النفس فاستقرا — اخاف ان اکذب او اغرا
نفس کی گھبراہٹ دور کر دی گئی اور وہ مطمئن ہو گیا ہے — مجھے اندیشہ ہے کہ کہیں مجھ سے جھوٹ نہ کہا جائے

اگرچہ مکر و فریب کے ان پیکروں نے کہا: ﴿انک لا تکذب و لا تغرّ﴾ "آپ سے کوئی جھوٹ اور فریب نہیں کیا جائے گا۔" مگر جناب مسلمؑ نے ان کی اس یقین دہانی پر کوئی توجہ نہ کی اور برابر جہاد کرتے رہے۔[2] یہاں تک کہ زخموں کی کثرت، خون کے زیادہ بہہ جانے اور شدت پیاس سے نڈھال ہو جانے کی وجہ سے ایک دیوار کے ساتھ ٹیک لگا کر کھڑے ہو گئے۔ اس حال میں بھی ظالم برابر تیر اور پتھر مارتے رہے۔ جناب مسلمؑ نے فرمایا: ﴿مالکم ترمونی بالاحجار کما ترمی الکفار و انا من اهل بیت الانبیاء الابرار و لا ترعون حق رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ و آلہ فی ذریتہ﴾ او ظالمو! تمہیں کیا ہو گیا ہے مجھے اس طرح پتھر مار رہے ہو جس

---

[1] اللہوف، ص ۴۷۔ نفس المہموم، ص ۵۷۔

[2] نفس المہموم، ص ۵۷۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

طرح کفار کو مارے جاتے ہیں۔ حالانکہ میں انبیاء ابرار کے خانوادہ سے ہوں۔ تم جناب رسول خدا ﷺ کی اولاد کے معاملہ میں آنحضرتؐ کے حقوق کی بھی رعایت نہیں[1] کرتے؟ اسی حالت میں ایک ظالم نے عقب سے چھپ کر ایک ایسا نیزہ مارا کہ جناب زمین پر گر پڑے اور دوسرے ملاعین نے آگے بڑھ کر جناب کو گرفتار کر لیا۔[2]

لیکن شیخ مفیدؒ اور مؤرخ جزری وغیرہ بعض ارباب تحقیق کے بیانات سے معلوم ہوتا ہے کہ جب جناب مسلمؑ زخموں سے چور چور ہو کر دیوار سے ٹیک لگا کر کھڑے ہوئے۔ تو اس وقت پھر ابن اشعث نے امان کی پیشکش کی۔ اور سوائے عبید اللہ بن عباس سلمی کے ابن اشعث کے دوسرے ساتھیوں نے بھی وعدۂ امان کی توثیق کی۔ جناب مسلمؑ نے فرمایا: ﴿آمن انا؟﴾ کیا میں واقعی امان میں ہوں۔ سوائے ابن عباس سلمی کے باقی سب نے کہا: ہاں۔ آپ امان میں ہیں تب جناب مسلمؑ نے فرمایا: ﴿انی واللہ لولا امانکم لما وضعت یدی فی ایدیکم﴾ بخدا اگر تمہارا وعدۂ امان نہ ہوتا تو میں ہرگز اپنے آپ کو تمہارے سپرد نہ کرتا۔ جناب نے تلوار نیام میں ڈال کر گلے میں لٹکالی۔ اس کے بعد ان کے لیے سواری لائی گئی۔ اس پر ان کو سوار کر کے دار الامارہ کی طرف لے چلے۔ ظالموں نے آگے بڑھ کر جناب سے تلوار چھین لی۔ آپ نے فرمایا: ﴿ھذا اول الغدر﴾۔ یہ تمہارا پہلا دھوکہ ہے۔ ابن اشعث نے کہا: مجھے امید ہے کہ آپ کو کوئی گزند نہیں پہنچے گا۔ جناب نے فرمایا: ﴿ما ھو الا الرجاء فاین امانکم﴾ اچھا اب صرف امید ہی ہے وہ تمہارا وعدۂ امان کیا ہوا۔ پھر کلمۂ استرجاع ﴿اِنَّا لِلّٰہِ وَ اِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ﴾ زبان پر جاری فرمایا۔ اور پھر رو پڑے۔ عبید اللہ بن عباس سلمی نے کہا: تم جیسا شخص جو ایسے عظیم کام کے لیے کھڑا ہو۔ جب اسے ایسے حالات درپیش ہوں تو اسے رونا نہیں چاہیے۔ جناب مسلمؑ نے فرمایا: ﴿انی واللہ ما ابکی لنفسی ولا لھا من القتل ارثی... و لکن ابکی لاھلی المقبلین الیّ ابکی للحسینؑ و لال الحسین علیھم السلام﴾ بخدا میں اپنی جان کے لیے نہیں رو رہا۔ اور نہ ہی قتل سے خائف ہوں میں تو اپنے ان اہل و عیال کے لیے جو ادھر آ رہے ہیں۔ اور حسینؑ اور آل حسین علیہم السلام کے لیے رو رہا ہوں۔ پھر محمد بن اشعث سے فرمایا: میں جانتا ہوں کہ تم مجھے امان نہیں دلوا سکو گے۔ تم صرف اتنی بھلائی کر سکتے ہو تو کرو کہ کوئی آدمی بھیج کر امام حسین علیہ السلام کو میری طرف سے پیغام بھجوا دو کہ میں گرفتار کر لیا گیا ہوں۔ اور خیال غالب ہے کہ شام تک قتل ہو جاؤں گا۔ لہٰذا میرے آقا کوفہ والوں پر اعتماد کر کے ادھر کا رخ نہ کرو۔ ابن اشعث نے وعدہ کیا کہ میں ضرور ایسا کروں گا۔[3] بہر کیف جب جناب مسلمؑ دار الامارہ

---

[1] مناقب شہر بن آشوب، ج ۴، ص ۴۹۰۔ مناقب، ج ۴، ص ۹۰۔ طبع ؟؟

[2] ملہوف، ص ۴۷۔ مقتل خوارزمی، ج ۱، ص ۲۰۹، ۲۱۰۔

[3] ارشاد، ص ۲۳۵۔ کامل ابن اثیر، ج ۳، ص ۲۷۳۔ نفس المہموم، ص ۵۸۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

کے دروازہ پر پہنچے تو محمد بن اشعث ان کو وہاں ٹھہرا کر خود اجازت لے کر اندر گیا۔ اور جناب مسلمؑ کی گرفتاری اور انہیں امان دینے کا تمام واقعہ کہہ سنایا۔ ابن زیاد نے بگڑ کر کہا: تم امان دینے والے کون ہوتے ہو؟ ہم نے تمہیں اس لیے تو نہیں بھیجا تھا کہ ان کو امان دو بلکہ اس لیے بھیجا تھا کہ ان کو پکڑ کر یہاں لاؤ۔ یہ تلخ جواب سن کر ابن اشعث بالکل خاموش ہوگیا۔[1] چونکہ جناب مسلمؑ بہت تھکے ہوئے تھے اور پیاس کا غلبہ تھا۔ دیوار کے ساتھ ٹیک لگا کر بیٹھ گئے۔ دیکھا کہ وہاں ٹھنڈے پانی سے بھری ہوئی صراحی موجود ہے۔ جناب نے فرمایا: ﴿اسقونی من هذا الماء﴾ مجھے اس سے کچھ پانی پلا دو۔ اس وقت وہاں اندر جانے کے انتظار میں کچھ لوگ بیٹھے ہوئے تھے جن میں عمارہ بن عقبہ، عمرو بن حریث، مسلم بن عمرو باہلی اور کثیر بن شہاب تھے۔ مسلم بن عمرو باہلی نے یہ گستاخانہ جواب دیا: ﴿اتراها ما ابردها و الله لا تذوق منها قطرةً ابداً حتی تذوق الحمیم فی نار جهنم﴾ (نقل کفر کفر نباشد) دیکھتے ہو کیسا ٹھنڈا پانی ہے لیکن بخدا تم اس کا ایک قطرہ بھی نہیں چکھ سکتے۔ یہاں تک کہ آتش جہنم میں کھولتا ہوا پانی پیو۔ جناب مسلمؑ نے کہا: ﴿ویلک من انت؟﴾ افسوس ہے تمہارے اوپر تو کون ہے؟ جب اس ملعون نے اپنا تعارف کرایا۔ تو جناب مسلمؑ نے فرمایا: ﴿لاملک الثکل ما اجفاک و افظک و اقسی قلبک انت بابن باهلة اولی بالحمیم و الخلود فی نار جهنم منی﴾ تمہاری ماں تمہارے ماتم میں بیٹھے تو کتنا درشت طبع، قسی القلب اور جفا کار ہے اے فرزند باہلہ! تو آتش جہنم میں ہمیشہ رہنے اور اس کا گرم پانی پینے کا زیادہ سزاوار ہے یہ کیفیت دیکھ کر عمرو بن حریث نے (اور بروایتے عمارہ[2] بن عقبہ) نے اپنے غلام کو حکم دیا کہ وہ جناب مسلمؑ کو پانی پلائے۔ چنانچہ وہ پانی کی ایک صراحی اٹھا کر لایا جس پر رومال ڈالا ہوا تھا۔ پیالہ بھی ہمراہ تھا۔ اس نے پیالہ بھر کر جناب مسلمؑ کی خدمت میں پیش کیا۔ جونہی آپ نے پینے کا ارادہ فرمایا۔ تو پیالہ آپ کے خونِ دہن سے رنگین ہوگیا۔ جناب نے وہ پیالہ انڈیل دیا۔ دوسرا پیالہ پیش کیا گیا۔ جب جناب نے پینا چاہا۔ پھر ایسا ہی ہوا۔ سہ بارہ کوشش کی تو خون کے ساتھ جناب کے دو اگلے دانت بھی ٹوٹ کر پیالہ میں گر گئے۔ یہ کیفیت دیکھ کر جناب مسلمؑ نے فرمایا: ﴿الحمد لله لو کان لی من الرزق المقسوم لشربته﴾ ہر حال میں حمد خدا ہے اگر یہ پانی میرے مقدر میں ہوتا تو ضرور پیتا۔ یہ کہہ کر پیالہ ہاتھ سے رکھ[3] دیا۔

اس کے بعد ابن زیاد کا آدمی آیا اور جناب مسلمؑ کو اندر لانے کا حکم دیا۔ سب اہل سیر و تواریخ کا اتفاق ہے

---

[1] ارشاد، ص ۲۳۱۔ نفس المہموم، ص ۵۹ وغیرہ۔

[2] طبری، ج ۶، ص ۲۱۲۔

[3] ارشاد، ص ۲۳۱۔ کامل ابن اثیر، ج ۳، ص ۲۷۴۔ نفس المہموم، ص ۵۹۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

کہ جب جناب مسلمؑ ابن زیاد کے دربار میں پیش ہوئے۔ تو غیرت ہاشمی کے پیکر نے ابن زیاد کو سلام امیری (امیر کہہ کر سلام) نہ کیا۔ ساتھ والے سپاہی نے کہا بھی کہ آپ امیر پر سلام کیوں نہیں کرتے۔ جناب مسلمؑ نے فرمایا: ﴿ان کان یرید قتلی فما سلامی علیه و ان کان لا یرید قتلی لیکثرن سلامی علیه﴾ اگر ابن زیاد میرے قتل کا ارادہ رکھتا ہے تو پھر سلام کا فائدہ؟ اور اگر قتل کا ارادہ نہیں رکھتا تو پھر سلام و کلام ہوتا ہی رہے گا۔ ابن زیاد نے کہا: ﴿لعمری لتقتلن﴾ تمہیں ضرور قتل کیا جائے گا۔[1] جناب سید بن طاؤس نے لکھا ہے کہ جب سپاہی نے امیر کو سلام نہ کرنے کا اعتراض کیا تو جناب مسلمؑ نے فرمایا: ﴿اسکت و یحل واللہ ما ھو لی بامیر﴾ خاموش رہو بخدا ابن زیاد میرا امیر نہیں ہے۔[2] اور طریحی نے لکھا ہے کہ جناب مسلمؑ نے یہ جواب دیا۔ ﴿واللہ مالی امیر غیر الحسینؑ بن علیؑ﴾ بخدا میرا سوائے حسینؑ کے اور کوئی امیر نہیں ہے۔[3] جناب مسلمؑ نے ابن زیاد سے فرمایا: اگر مجھے قتل ہی کرنا ہے تو اتنی مہلت دے کہ میں کچھ وصیت کرلوں۔ جب مہلت ملی تو جناب نے حاضرین مجلس پر اک نگاہ ڈالی جن میں عمر بن سعد بھی تھا۔ جناب مسلم نے فرمایا: میرے اور تمہارے درمیان کچھ قرابت ہے۔ علیحدگی میں میری بات سنو اور اس پر عمل بھی کرنا۔ ابن سعد نے بات سننے میں کچھ پہلو تہی کی۔ جس پر ابن زیاد نے کہا: آخر بات سننے میں کیا قباحت ہے؟ اب ابن سعد اٹھا۔ جناب مسلمؑ اسے علیحدہ لے گئے۔ جہاں ابن زیاد بھی ان کو دیکھ رہا تھا۔

فرمایا: (۱) جب سے میں کوفہ آیا ہوں۔ میں سات سو درہم کا مقروض ہو چکا ہوں۔ یہ میری زرہ اور تلوار فروخت کر کے میرا قرضہ ادا کر دینا۔ (۲) جب میں قتل ہو جاؤں تو ابن زیاد سے میری لاش لے کر اسے دفن کر دینا۔ (۳) کوئی آدمی امام حسینؑ کی طرف بھیجنا جو ان کو یہاں آنے سے روکے۔ کیونکہ میں ان کو لکھ چکا ہوں کہ یہاں کی فضا سازگار ہے۔ اس لیے میرا خیال ہے کہ وہ تشریف لا رہے ہوں گے۔ وصیت ہو چکی تو واپس آ گئے۔ ابن سعد نے اسی وقت اپنی کمینگی کا ثبوت دیتے ہوئے ابن زیاد سے کہا: اے امیر! کیا آپ کو معلوم ہے۔ مسلم نے مجھے کیا کہا ہے؟ انہوں نے مجھ سے یہ یہ باتیں کی ہیں۔ اس کی ناشائستہ حرکت کو ابن زیاد نے بھی ناپسندیدگی کی نگاہ سے دیکھا اور اس وقت یہ ضرب المثل زبان پر جاری کی: ﴿لا یخونک الامین ولکن قد یؤتمن الخائن﴾ امین کبھی خیانت نہیں کرتا مگر کبھی غلطی سے خیانت کار کو امانت دار سمجھ لیا جاتا ہے۔ پھر جناب مسلمؑ کو خطاب کرتے ہوئے کہا:

(۱) جہاں تک تمہارے مال کا تعلق ہے ہمیں اس سے کوئی سروکار نہیں۔ آپ جہاں چاہیں اسے

---

[1] ارشاد، ص ۵۹۔

[2] لہوف ابن طاؤس، ص ۴۷۔

[3] المنتخب، ص ۲۱۲۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

صرف کریں۔

(۲) قتل کرنے کے بعد ہمیں آپ کی لاش سے کیا مطلب؟

(۳) اور جہاں تک حسینؑ کا تعلق ہے۔ اگر وہ ہمارا ارادہ نہیں کریں گے تو ہم بھی ان کا قصد نہیں کریں گے۔[1]

اس کے بعد جناب مسلمؑ اور ابن زیاد کے درمیان کچھ اس طرح سلسلۂ کلام جاری ہوا۔ ابن زیاد نے جناب مسلمؑ پر بغاوت اور افتراق بین المسلمین کا الزام عائد کرتے ہوئے کہا:

﴿لقد خرجت علی امامک و شققت عصا المسلمین و القحت الفتنة﴾ اے مسلمؑ! تم نے اپنے امام پر خروج کیا۔ اور مسلمانوں کے اتفاق کو پارہ پارہ کیا۔ اور فتنہ کا بیج بویا۔ جناب مسلمؑ نے فرمایا: ﴿کذبت انما شق العصا معاویة و ابنه یزید و الفتنة القحها ابوک و انا ارجو ان یرزقنی اللّٰه الشهادة علی ید شر بریته﴾ تم غلط کہتے ہو۔ مسلمانوں کے اتحاد کو معاویہ اور اس کے بیٹے یزید نے پارہ پارہ کیا ہے اور فتنہ و فساد کا بیج تمہارے باپ (زیاد) نے بویا ہے۔ اور میں امیدوار ہوں کہ خدا مجھے بدترین خلائق آدمی کے ہاتھوں درجۂ شہادت پر فائز کرے گا۔[2]

SIBTAIN.COM
Presented By: www.jafrilibrary.com

ابن زیاد:۔ ﴿ایها یابن عقیل اتیت الناس وهم جمع فشتت بینهم و فرقت کلمتهم﴾ خاموش! اے ابن عقیل! تم نے یہاں آ کر لوگوں کے اندر تفرقہ ڈال دیا حالانکہ وہ مجتمع تھے۔

جناب مسلمؑ:۔ ﴿کلالست لذلک اتیت ولکن اهل المصر زعموا ان اباک قتل خیارهم و سفک دمائهم و عمل فیهم اعمال الکسریٰ و قیصر فاتیناهم لنأمر بالعدل و ندعوا الی حکم الکتاب و السنة﴾ تمہارا الزام غلط ہے۔ میں مسلمانوں کے درمیان خانہ جنگی کرانے اور تفرقہ ڈالنے کے لیے نہیں آیا بلکہ اس شہر والوں نے یہ ظاہر کیا تھا کہ تمہارے باپ (زیاد) نے ان کے نیک لوگوں کو قتل کر دیا ہے۔ اور ان کا خون بہایا ہے۔ اور ان میں رہ کر کسریٰ و قیصر کے اعمال کا ارتکاب کیا ہے۔ اس لیے ہم آئے تا کہ عدل و انصاف کے ساتھ حکم کریں اور ان کو کتاب خدا اور سنت رسولؐ پر عمل کرنے کی طرف دعوت دیں۔[3]

ابن زیاد:۔ ﴿ما انت و ذلک یا فاسق او لم تکن تعمل فیهم بالعدل... الخ﴾ تمہیں ان امور سے کیا

---

[1] ارشاد، ص ۲۳۲۔ کامل ج ۳، ص ۲۷۴ وغیرہ۔

[2] مقتل ابن نما حلی، ص ۱۷۔

[3] ارشاد، ص ۲۳۲، ۲۳۳۔ طبری، ج ۶، ص ۲۱۲۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

واسطہ، کیا ہم ان میں عدل و انصاف نہیں کرتے تھے؟ اس کے بعد ابن زیاد بدنہاد نے جناب مسلمؑ حضرت امیر علیہ السلام، جناب عقیل اور حضرت امام حسین علیہ السلام کے حق میں ناسزا کلمات استعمال کیے۔

جناب مسلمؑ:۔ ﴿انت و ابوک احق بالشتیمة﴾ تو اور تمہارا باپ ان گالیوں کا زیادہ سزاوار ہے۔[1]

ابن زیاد:۔ ﴿یا فاسق ان نفسک تمناک ما حال اللّٰہ دونہ ولم یرک اللّٰہ لہ اھلاً﴾ تمہارے نفس نے اس چیز کی تمنا کی جس کا خدا تمہیں اہل نہیں جانتا تھا اس لیے وہ تمہاری آرزو کے درمیان میں حائل ہو گیا۔

جناب مسلمؑ:۔ ﴿فمن اھلہ اذا لم تکن اھلہ﴾ اگر ہم اس کے اہل نہیں تو پھر کون اس کا اہل ہے۔[2]

ابن زیاد:۔ ﴿امیر المؤمنین یزید﴾ یزید اس کا اہل ہے۔

جناب مسلمؑ:۔ ﴿الحمد للّٰہ علی کل حال رضینا باللّٰہ حکماً بیننا و بینکم﴾ ہم اپنے اور تمہارے درمیان خدا کے حاکم ہونے پر راضی[3] ہیں۔

ابن زیاد:۔ ﴿اتظن ان لک فی الامر شیئاً﴾ کیا تم خیال کرتے ہو کہ تمہارا بھی امر خلافت میں کچھ حصہ ہے؟

جناب مسلمؑ:۔ ﴿و اللّٰہ ما ھو الظن ولکنہ الیقین﴾ خدا کی قسم یہ ظن و گمان نہیں بلکہ یقین ہے (کہ امامت ہمارا حق ہے)۔[4]

SIBTAIN.COM
Presented By: www.jafrilibrary.com

ابن زیاد:۔ ﴿قتلنی اللّٰہ ان لم اقتلک قتلة لم یقتلھا احد فی الاسلام من النّاس﴾ خدا مجھے غارت کرے۔ اگر میں تمہیں اس طرح قتل نہ کروں کہ اس سے قبل اسلام میں کوئی شخص اس طرح قتل نہ ہوا ہو۔

جناب مسلمؑ:۔ ﴿اما انک احق من احدث فی الاسلام مالم یکن... الخ﴾ ہاں البتہ تم دین اسلام میں بدعت پھیلانے والوں میں سے اس سے زیادہ حقدار ہو۔[5]

جناب مسلمؑ کے حقیقت پسندانہ اور جرأت مندانہ جوابات کے پیش نظر اب ابن زیاد کو مزید سوال و جواب کی تاب نہ رہی۔ بکیر بن حمران الاحمری[6] (جس نے جناب مسلمؑ کا ہونٹ شگافتہ کیا تھا۔ اور جناب مسلمؑ نے اسے زخمی کیا تھا) (اور بروایتے ایک شامی[7]) کو حکم دیا کہ قصر کے اوپر جا کر ان کو قتل کر کے سر و جسد کو نیچے پھینک دو۔ چنانچہ ظالم قاتل ان کو اوپر لے گیا۔ اس وقت جناب مسلمؑ کی زبان پر تکبیر و استغفار اور صلوات کا ورد جاری تھا اور یہ بھی کہتے

---

۱ کامل ابن اثیر، ج ۳، ص ۲۷۴۔
۲ ملہوف، ص ۴۹۔
۳ ارشاد، ص ۲۳۲۔
۴ ملہوف، ص ۴۹۔ ارشاد، ص ۲۳۳۔
۵ ارشاد، ص ۲۳۳۔ کامل، ج ۳، ص ۲۷۴ وغیرہ۔
۶ ارشاد، ص ۲۳۳۔ مروج الذہب مسعودی، ج ۳، ص ۸۔ کامل ابن اثیر، ج ۳، ص ۲۷۴ وغیرہ۔
۷ مقتل خوارزمی، ج ۱، ص ۲۱۳۱۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

جاتے تھے: ﴿اللّٰھم احکم بیننا و بین قوم غرونا و کذبونا و وخذلونا﴾ اس کے بعد احمری نے ان پر ایک ایسا بھرپور وار کیا کہ جناب کا سر مبارک کٹ کر نیچے آ رہا۔ بعد ازیں اُس ملعون نے جناب کا جسد اقدس بھی نیچے پھینک[1] دیا۔ یہ واقعۂ ہائلہ بروز چہار شنبہ ۹ ذی الحجہ ۶۰ھ کو رونما ہوا۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَ اِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ۔

حضرت مسلمؑ کی شہادت کے بعد ظالم ابن زیاد نے حضرت ہانی کے قتل کا حکم دیا جو اب تک قید خانہ میں پڑے تھے۔ اگرچہ ابن اشعث نے ابن زیاد کو مشورہ دیا کہ ہانی کی عزت اور عظمت کے پیش نظر اسے قتل کر کے اس کی قوم و قبیلہ اور عام لوگوں کی ناراضی مول نہیں لینی چاہیے۔[2] مگر اس کی کوئی شنوائی نہ ہوئی۔ ابن زیاد نے حکم دیا کہ سر بازار ان کی گردن اڑا دی جائے۔ چنانچہ جناب ہانی کو اس حال میں قید خانہ سے نکالا گیا کہ ان کی مشکیں بندھی ہوئی تھیں۔ وہ بڑی بے کسی اور بے بسی کے عالم میں کہتے جا رہے تھے: ﴿وا مذحجاہ ولا مذحج لی الیوم یا مذحجاہ یا مذحجاہ﴾ کہاں ہیں میرے قبیلہ مذحج والے، ہائے آج مذحج دکھائی نہیں دیتے۔ اتنے بڑے سردار قبیلے کو اس ذلت و رسوائی کے ساتھ قتل گاہ کی طرف لے جایا جا رہا تھا مگر لوگوں پر کچھ اس طرح خوف و ہراس مسلط تھا کہ کوئی شخص ان کی طرف آنکھ اٹھا کر بھی نہیں دیکھتا تھا حتیٰ کہ اسی بے بسی کے عالم میں عین اس مقام پر جہاں گوسفندوں کی خرید و فروخت ہوتی تھی۔ ابن زیاد کے رشید نامی ترکی غلام نے تلوار سے ان کے سر کو تن سے جدا کر دیا۔[3] اس وقت جناب ہانی کی زبان پر یہ کلمہ جاری تھا: ﴿اِلَی اللّٰہِ الْمَعَادِ اَللّٰھُمَّ اِلٰی رَحْمَتِکَ وَ رِضْوَانِکَ وَ اِنَّا لِلّٰہِ وَ اِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ﴾

ظالم حاکم نے اسی پر اکتفا نہ کی۔ بلکہ منتخب کے بیان کے مطابق حکم دیا کہ دونوں بزرگواروں کے پاؤں میں رسیاں باندھ کر ان کی مقدس لاشوں کو کوفہ کے بازاروں میں گھسیٹا جائے۔ چنانچہ ایسا[4] ہی کیا گیا۔ بعد ازاں باب الکناسہ پر ان کی مقدس لاشوں کو الٹا لٹکا دیا گیا۔[5] اور سرہائے مبارک قلم کر کے دمشق بھجوا دیئے۔ جنہیں یزید عنید نے دمشق کے دروازہ پر نصب کر دیا۔[6]

ع فلیبک علی الاسلام من کان باکیا

ع فان کنت لا تدرین ما لموت فانظری الی ھانی فی السوق و ابن عقیل

اِنَّا لِلّٰہِ وَ اِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ۔

---

۱ ارشاد، ص ۲۳۳۔ طبری، ج ۲، ص ۲۱۳۔ کامل، ج ۳، ص ۲۷۴۔ نفس المہموم، ص ۶۱ وغیرہ۔
۲ ارشاد، ص ۲۳۳۔
۳ ارشاد، ص ۲۳۳۔
۴ المنتخب، ص ۳۰۱۔
۵ مناقب ابن شہر آشوب، ج ۴، ص ۹۱۔
۶ ابوالفداء، ج ۲، ص ۱۹۰۔ البدایہ، ج ۸، ص ۱۵۷۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

انیسواں باب

شہنشاہِ عرب وعجم کی مکہ مکرمہ سے بجانب کربلا معلیٰ روانگی اور منازل سفر

اس امر کو نیرنگیٔ روزگار اور فلکِ کجرفتار کی کج رفتاری کا شاہکار سمجھنا چاہیے کہ عین اس وقت جبکہ تمام اطراف واکنافِ عالم سے مسلمان فریضۂ حج ادا کرنے کے لیے مکہ مکرمہ کا رخ کر رہے تھے۔ رسول اسلام ﷺ کا نواسہ، علی علیہ السلام کا فرزند، سب سے زیادہ ذوقِ عبادت رکھنے والا، جس کے ذوقِ عبادت کا یہ عالم تھا کہ پچیس (۲۵) حج پیدل چل کر کیے تھے۔ آج جبکہ حج میں صرف دو دن باقی تھے۔ عمرۂ تمتع کو عمرۂ مفردہ کے ساتھ بدل کر مکہ چھوڑنے پر مجبور ہو جاتا ہے۔ یہ درست ہے کہ حضرت مسلمؑ نے اپنی شہادت سے ستائیس روز پہلے (۱۲ ذی القعدہ) کو عابس بن شبیب شاکری کے ہاتھ آپؑ کی خدمت میں کوفہ آنے کے لیے جو نامہ ارسال کیا تھا۔ وہ آپؑ کو مل چکا تھا۔ جس کے بعد آپ کو نظر بہ ظاہر حالات کوفہ تشریف لے جانا ناگزیر ہو گیا تھا۔ مگر حج کو ترک فرما کر اس قدر عجلت سے کام کیوں لیا گیا؟ تکمیل حج میں صرف دو دن کا وقفہ تھا۔ کیا حسینؑ ایسے ذوقِ عبادت رکھنے والے بزرگوار کا یہ غیر متوقع اقدام غیر معمولی حالات واسباب کے پیدا ہونے کی غمازی نہیں کرتا؟ شخصیت امام سے واقفیت نہ رکھنے والا انسان تو یہ کہہ سکتا ہے (بلکہ کہا بھی گیا ہے کہ) اہل کوفہ نے اپنے رسل ورسائل کے ذریعہ جس خلوص وعقیدت کا اظہار کیا تھا۔ اس نے آپؑ کو تکمیل حج کا انتظار نہ کرنے دیا۔ اور فوراً عراق کی طرف روانہ ہو گئے مگر جو لوگ ائمۂ اطہار علیہم السلام کے کام ومقام کی کچھ بھی معرفت رکھتے ہیں۔ وہ ہرگز ایسا گمان بھی نہیں کر سکتے۔ یہ تمام چہ میگوئیاں اس لیے بھی ہوئی ہیں کہ امام عالی مقام کے اس عاجلانہ اقدام کے صرف ظاہری علل واسباب عام لوگوں کے پیش نظر تھے۔ لیکن بنظر غائر حالات کا جائزہ لینے سے معلوم ہوتا ہے کہ یزید عنید نے حاجیوں کے لباس میں کئی آدمی بھیجے ہوئے تھے کہ موقع پا کر امامؑ کی شمع حیات کو گل کر دیں۔ کتب سیر وتواریخ کا مطالعہ کرنے سے اس امر کا ثبوت مل جاتا ہے۔ چنانچہ ینابیع المودت میں لکھا ہے: ﴿وکان فیه خروج الحسین رضی اللّٰه عنه من مکة الی العراق بعد ان طاف و سعٰی و احل من

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

احرامہ و جعل حجہ عمرۃ مفردۃ لانہ لم یتمکن من اتمام الحج مخافۃ ان یبطش بہ و یقع الفساد فی الموسم لان یزید ارسل مع الحجاج ثلاثین رجلاً من شیاطین بنی امیۃ و امرھم بقتل الحسین علیہ السلام علی کل حال[1]﴾ اس تاریخ (۸ ذی الحجہ ۶۰ ھ) کو حضرت امام حسینؑ مکہ سے روانہ ہوئے۔ طواف و سعی کے بعد اپنے حج کو عمرۂ مفردہ کے ساتھ بدل کر محل ہو گئے تھے۔ کیونکہ آپ تکمیل حج نہ کر سکتے تھے۔ اس لیے کہ یزید نے بنی امیہ کے تیس شیطان صفت آدمی حج کے بہانہ سے حاجیوں کے لباس میں بھیجے تھے اور ان کو حکم دیا تھا کہ ہر حال میں حسینؑ کو شہید کر دیں۔

اس بات کی تائید مزید خود آنجنابؑ کے اس بیان حقیقت ترجمان سے بھی ہوتی ہے جو آپ نے مکہ سے روانگی کے بعد راستہ میں دوسری منزل (صفاح پر) فرزدق شاعر کے اس سوال کے جواب میں دیا تھا کہ "آپ حج ترک کر کے کیوں تشریف لے جا رہے ہیں۔" آپؑ نے فرمایا: ﴿لو لم اعجل لاخذت﴾ اگر میں جلدی نہ کروں تو گرفتار کر لیا[2] جاؤں گا۔ حقیقت بیں حضرات جانتے ہیں کہ اس طرح حضرت امام حسینؑ کی مکہ مکرمہ میں شہادت ہو جاتی تو اس سے دو خرابیاں ضرور لازم آتیں۔

اوّل:۔ یہ کہ مکہ مکرمہ اور بالخصوص خانۂ خدا کی ہتک حرمت ہوتی جسے حسینؑ ایسا محافظ آداب اسلامیہ و عارف حرمات الٰہیہ امام کسی طرح بھی گوارا نہیں کر سکتا تھا۔ چنانچہ آپ نے عبداللہ بن زبیر کے مکہ چھوڑنے کی وجہ دریافت کرنے پر فرمایا تھا کہ ﴿و اللّٰہ لان اقتل خارجاً منھا بشبرٍ احبّ الیّ من ان اقتل داخلاً منھا﴾[3] بخدا اگر میں مکہ سے صرف ایک بالشت بھی باہر قتل کیا جاؤں۔ تو یہ امر مجھے اس سے زیادہ پسند ہے کہ مکہ کے اندر قتل ہوں۔

دوسرے:۔ اس طرح دشمن بڑی آسانی کے ساتھ شہادتِ امامؑ پر پردہ ڈالنے اور اپنی برأت ظاہر کرنے میں کامیاب ہو جاتے۔ ممکن تھا طواف بیت اللہ، وقوف عرفات، قربانی، منیٰ یا صفا و مروہ کے درمیان سعی کرتے وقت آپ شہید کر دیئے جاتے اور قاتل ہنگامہ دار و گیر سے بچنے کی خاطر لوگوں کے اژدہام میں گم ہونے میں کامیاب ہو جاتے (دریں حالات کون باور کرتا کہ اصل قاتل یزید یا اس کے مقرر کردہ آدمی ہیں۔ سیاسیاتِ ملکیہ میں ایسے گھناؤنے جرائم پر پردہ ڈالنے کے لیے ایسا کیا جاتا ہے۔ مگر امام عالی مقام حکومتِ وقت کے ان ہتھکنڈوں سے کماحقہٗ واقف

---

[1] ینابیع المودۃ، ج ۲، ص ۸۲، طبع ایران۔

[2] طبری، ج ۶، ص ۲۱۸۔ ارشاد، ص ۲۳۵۔

[3] طبری، ج ۶، ص ۲۱۷۔ کامل، ج ۳، ص ۲۷۶۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

تھے۔ اور مدینہ کا قیام بھی محض اسی لیے ترک کیا تھا کہ آپ کے واقعہ شہادت کو کوئی اتفاقی حادثہ سمجھ کر اس پر پردہ نہ ڈال دیا جائے۔ بہر حال یہ حقیقت بالکل واضح ہے کہ اگر سید الشہداؑ کی مکہ میں مخفی طور پر شہادت واقع ہو جاتی تو آج اس کو وہ اہمیت و عظمت حاصل نہ ہوتی جو اب اسے حاصل ہے اور نہ ہی اس شہادت پر وہ آثار مترتب ہوتے جن کی خاطر حسین ایسا حکیم اسلام و نباضِ امت اس کو اختیار کر رہا تھا۔ امام عالی مقام نے جزیرۃ العرب کے قلب (مکہ مکرمہ) سے اور وہ بھی اس وقت جبکہ تمام اطراف و اکناف عالم کے مسلمان فریضۂ حج ادا کرنے کے لیے وہاں مجتمع تھے۔ احرام حج توڑتے ہوئے عراق کی طرف روانہ ہو کر در حقیقت لوگوں کے جمود فکری کو توڑ دیا اور ان کو یہ سوچنے پر مجبور کر دیا کہ آخر کن حالات سے متاثر ہو کر حسینؑ نے یہ اقدام کیا ہے؟ اہل و عیال سمیت نانا کا جوار کیوں ترک کیا ہے؟ صرف دو دن باقی تھے۔ حج کیوں نہیں کیا؟ حسینؑ کیوں اور کہاں جا رہے ہیں؟ ہر آدمی کو یہ سوچنے پر مجبور کر دیا کہ وہ سوچے کہ وہ کون سے حالات تھے جنہوں نے حرم خدا میں بھی حسینؑ کو آرام و اطمینان کا سانس نہ لینے دیا اور یہ کہ ان حالات کا ذمہ دار کون ہے؟ گویا اس طرح امام عالی مقام نے یہ اقدام کر کے یزید کے ظلم و ستم کو طشت از بام کر دیا اور کوئی جارحانہ اقدام نہ کر کے اپنی صلح جوئی اور مظلومی کا لوگوں سے اعتراف کرا لیا۔

امامؑ کے اس حکیمانہ اقدام کا نتیجہ تھا کہ آپؑ کی شہادت کے بعد لوگوں پر یہ حقیقت آشکارا ہو گئی کہ آپؑ کا قاتل کون ہے؟ اور یہ کہ آپ مظلوم ہیں؟ اس طرح یزید اور یزیدی حقیقت پر پردہ نہ ڈال سکے۔ مدینہ سے روانگی کی طرح یہاں بھی بعض لوگوں نے اپنی اپنی عقل و دانش کے مطابق امام علیہ السلام کو مشورے دیئے۔ اور سفر عراق سے روکا۔ جن میں ابن عباس اور ابن زبیر کے نام نمایاں نظر آتے ہیں مگر امام عالی مقامؑ نے ان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے ہر شخص کو اس کے ظرف و حال کے مطابق جواب دیا اور برابر اپنے مشن کی تکمیل میں مشغول رہے۔

ابن عباس کا مشورہ

چنانچہ عبداللہ بن عباس اور ابن زبیر نے امامؑ کے ارادۂ سفر کی اطلاع پا کر حاضر خدمت ہوئے اور عرض کیا: فرزند رسولؐ! یہیں حرم خدا میں مقیم رہیں اور سفر عراق کا ارادہ ترک فرمائیں۔ امامؑ نے ان کے جواب میں فرمایا: ﴿ان رسول اللہ امرنی بامر وانا ماض فیہ﴾ جناب رسول خداﷺ نے مجھے (عالم رؤیا میں) ایک خاص حکم دیا ہے اور میں اس کی تعمیل کروں گا۔

بعض آثار سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ بعض لوگوں کے اس سوال پر کہ اگر آپ خود تشریف لے جا رہے ہیں تو پھر ان عورتوں اور بچوں کو کیوں ہمراہ لے جا رہے ہیں؟ آپؑ نے فرمایا: ﴿ان اللہ قد شاء ان یراھن سبایا﴾ خدا کی یہ مشیت ہے کہ ان کو دشمنوں کی قید و بند میں دیکھے۔ (ناسخ التواریخ، ج ۶، ص ۲۰۳ وغیرہ)

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

بہر حال علاوہ ان اعزہ و اقارب کے جو کہ مدینہ سے آپؑ کے ہمراہ آئے تھے۔ کچھ لوگ بصرہ و حجاز وغیرہ کے بھی آپ کے ہمرکاب ہو گئے۔ اس طرح یہ مختصر مگر باعظمت قافلہ کوفہ کی طرف روانہ ہوا۔[1] یہ آٹھ ذوالحجہ بروز سہ شنبہ ۶۰ھ کا واقعہ ہے۔ جس روز کوفہ میں حضرت مسلم بن عقیلؑ نے خروج فرمایا تھا جیسا کہ قبل ازیں اس کی تفصیل گزر چکی ہے۔

بعض کتب مقاتل میں لکھا ہے کہ جس روز حضرت امام حسینؑ مکہ سے روانہ ہوئے۔ اس کی شب کو اپنے اعزہ واحباب کے سامنے یہ خطبہ ارشاد فرمایا: ﴿الحمد للّٰہ ماشاء اللّٰہ لا حول ولا قوۃ الا باللّٰہ و صلّی اللّٰہ علی رسولہ خط الموت علی ولد آدم مخطّ القلادۃ علی جید الفتاۃ وما او لھنی الی اسلافی اشتیاق یعقوب الی یوسف و خیّرلی مصرع انا الاقیہ کانّی باوصالی تنقطّعھا عسلانِ الفلوات بین النواویس و کربلا فیملأن منّی اکراشاً جوفاً و اجربۃً سبغاً لا محیص عن یوم خط بالقلم رضی اللّٰہ رضانا اھل البیت نصبر علی بلائہ و یوفینا اجر الصّابرین لن تشذ عن رسول اللّٰہ صلّی اللّٰہ علیہ و الہ لحمۃ وھی مجموعۃ لہٗ فی حظیرۃ القدس تقرّبھم عینہ و ینجز بھم وعدہٗ من کان باذلاً مھجتہٗ و موطّناً علی لقاء اللّٰہ نفسہ فیرحل معنا فانّی راحلٌ مصبحاً. انشاء اللّٰہ﴾۔ ''حمد خدا و درود بر مصطفیٰؐ کے بعد۔ موت فرزندان آدم کے لیے اس طرح لازم (اور باعث زینت) ہے جس طرح نوجوان عورت کے گلو کے لیے قلادہ (ہار) مجھے اپنے بزرگوں کے دیدار کا اس قدر سخت اشتیاق ہے۔ جس طرح جناب یعقوبؑ دیدار یوسفؑ کے مشتاق تھے۔ میرے لیے ایک مقتل اختیار کیا گیا ہے۔ جسے میں ضرور دیکھوں گا۔ گویا کہ میں دیکھ رہا ہوں کہ جنگل کے بھیڑیے (فوج یزید کے بھیڑیا صفت سپاہی) میرے جوڑوں کو جدا کر رہے ہیں۔ اور مجھ سے (اپنی آرزوؤں و امیدوں کے) شکم پُر کر رہے ہیں۔ اس دن سے بچنے کے لیے کوئی چارہ نہیں جو قلم قضا سے لکھ دیا گیا ہے۔ ہم اہل بیت خدا کی رضامندی پر راضی ہیں۔ ہم اس کی بلا و مصیبت پر صبر کریں گے۔ اور وہ ہمیں اجر و ثواب عطا فرمائے گا۔ رسول خداﷺ سے ان کے پارہائے گوشت دور نہیں رہیں گے (بلکہ) بہشت عنبر سرشت میں وہ سب ان کے پاس جمع ہوں گے۔ اور ان کی وجہ سے آنحضرت کی آنکھیں ٹھنڈی ہوں گی۔ خدا ان سے کیے ہوئے وعدہ کو پورا کرے گا۔ جو ہمارے بارے میں اپنی جان خرچ کرنا چاہتا ہے اور ملاقات حق کے لیے اپنے نفس کو آمادہ کر چکا ہے۔ وہ ہمارے ہمراہ چلے۔ میں کل صبح روانہ ہو رہا ہوں انشاء اللہ۔''[2]

جب عمرو بن سعید الاشدق (گورنر مکہ) کو آنجنابؑ کی روانگی کی اطلاع ہوئی تو اس نے اس خیال سے کہ

---

[1] ارشاد شیخ مفیدؒ، ص ۲۳۵۔ [2] ارشاد، ص ۲۳۶۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

شاید اہل عراق آپؑ پر اتفاق کر لیں اور اس طرح حکومت یزید میں خلل یا خلفشار واقع ہو اپنے بھائی یحییٰ بن سعید کو کچھ آدمی دے کر آپؑ کو ارادۂ سفر سے باز رکھنے کے لیے بھیجا۔ چنانچہ ان لوگوں نے سوال و جواب کے بعد زبردستی سدِ راہ ہونے کی ناکام کوشش بھی کی۔ طرفین سے کچھ زد و کوب کی نوبت بھی پہنچی لیکن جب عمرو بن سعید کو اس صورت حال کی اطلاع ملی تو اس نے اپنے آدمیوں کو واپس بلا لیا۔ اس طرح وہ لوگ یہ کہتے ہوئے کہ یا حسینؑ! الا تتق اللہ تخرج من الجماعة و تفرق بین هذه الامة واپس چلے گئے اور حضرت امام حسینؑ لی عملی ولکم عملکم انتم بریئون مما اعمل و انا بریٔ مما تعملون فرماتے ہوئے آگے بڑھ گئے۔[1]

مکہ سے کربلا تک منازلِ سفر

اگرچہ مکہ سے کربلا تک درمیانی منازل کی تفصیل و تعداد میں شدید اختلاف پایا جاتا ہے۔ مگر تواریخ و مقاتل کی کتب معتبرہ مثل عاشر بحار، تمقام، زخار، نفس المہموم اور مقتل الحسینؑ للمقرم وغیرہا سے جو کچھ مستفاد ہوتا ہے۔ وہ یہ ہے کہ ان منازل کی تعداد سولہ ہے جن کی تفصیل اور ہر ہر منزل پر رونما ہونے والے واقعات کی بقدر ضرورت تفصیل ذیل میں درج کی جاتی ہے تاکہ کربلا کی خونی تاریخ کا کوئی پہلو تشنۂ تکمیل نہ رہ جائے۔

پہلی منزل: تنعیم (بروزن ترحیم)

اکثر کتب سیر و تواریخ سے معلوم ہوتا ہے کہ مکہ مکرمہ سے روانگی کے بعد پہلی منزل یہی تھی جو کہ مکہ سے قریباً دو فرسخ اور بروایتے آٹھ فرسخ کی مسافت پر واقع ہے۔[2] اسی منزل پر جناب سید الشہداءؑ کی ایک قافلہ سے ملاقات ہوئی ہے جسے حاکم یمن بحیر بن اسحاق نے کچھ قیمتی مال و اسباب دے کر یزید بن معاویہ کی طرف روانہ کیا تھا۔ چونکہ اس مال کے حقیقی مالک بحیثیت امام زمانہ آپ ہی تھے[3] اس لیے آپ نے وہ مال و اسباب اپنے قبضہ میں لے لیا اور ساربانوں سے فرمایا: تم میں سے جو شخص ہمارے ساتھ عراق تک آنا چاہے ہم اسے پورا کرایہ دیں گے۔ اور جو یہاں سے واپس جانا چاہے اسے بقدر قطع مسافت کرایہ دے دیا جائے گا۔ چنانچہ کچھ لوگ آپؑ کے ہمراہ جانے پر رضامند ہو گئے۔ اور کچھ وہیں سے کرایہ لے کر واپس چلے گئے۔[4] اکثر کتب سیر و تواریخ سے ظاہر ہوتا ہے کہ اسی منزل پر جناب عبداللہ بن جعفرؓ کے صاحبزادے جناب عون و محمد اپنے والد ماجد کا مندرجہ ذیل رقیمۂ کریمہ لے کر خدمت امامؑ

---

[1] ناسخ التواریخ، ج ۶، ص ۲۰۳۔ کامل، ج ۳، ص ۲۷۶۔

[2] مقتل الحسین للمقرم، ص ۱۸۱۔

[3] حاشیہ نفس المہموم، ص ۹۱۔ بحار، ج ۱۰، ص ۱۸۵۔

[4] طبری، ج ۶، ص ۲۱۸۔ مقتل خوارزمی، ج ۱، ص ۲۲۰۔ نفس المہموم، ص ۹۱۔ تمقام، ص ۲۸۳ وغیرہ۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

میں حاضر ہوئے۔ اس رقیمہ کا مضمون یہ تھا: ﴿اما بعد فانی اسئلک باللّٰہ لما انصرفت حین تقرأ کتابی ھذا فانی مشفق علیک من ھذا الوجہ ان یکون فیہ ھلاکک و استیصال اھلبیتک ان ھلکت الیوم طفی نور الارض فانک علم المھتدین و رجاء المؤمنین فلا تعجل بالمسیر فانی فی اثر کتابی و السلام﴾۔ امام بعد خدا راجب میرا یہ مکتوب پڑھیں تو اس سفر سے باز آ جائیں۔ کیونکہ مجھے اس سفر میں آپؑ کی اور آپ کے خانوادہ کی ہلاکت کا اندیشہ ہے اور اگر آپؑ کی موت واقع ہوگئی۔ تو زمین کا نور بجھ جائے گا۔ کیونکہ آپؑ ہی ہدایت حاصل کرنے والوں کے نشان راہ اور اہل ایمان کی امیدگاہ ہیں۔ چلنے میں جلدی نہ کریں۔ کیونکہ میں خود بھی اس مکتوب کے بعد آ رہا ہوں۔[1] جس وقت حضرت سید الشہداؑ مکہ سے روانہ ہوئے۔ اس وقت جناب عبداللہ ہنوز مدینہ سے مکہ نہیں پہنچے تھے۔ پہنچنے پر جب ان کو آنجنابؑ کی روانگی کا علم ہوا۔ تو اپنے دونوں صاحبزادوں کو مندرجہ بالا مکتوب دے کر آنجنابؑ کی خدمت میں روانہ کیا۔ اور آپ سیدھے عمرو بن سعید حاکم مکہ و مدینہ کے پاس پہنچے اور ان سے جا کر امام علیہ السلام کے لیے امان نامہ حاصل کرنے کے متعلق گفتگو کی۔ حاکم نے کہا: جو آپ عبارت مناسب سمجھیں۔ لکھ دیں۔ میں اس پر دستخط کر دوں گا۔ اور اپنی مہر بھی لگا دوں گا۔ چنانچہ اس مضمون کا امان نامہ لکھا گیا: ﴿بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم من عمرو بن سعید الی الحسین بن علی علیھما السلام اما بعد فانی اسئل اللّٰہ ان یصرفک عما یوبقک و ان یھدیک لما یرشدک بلغنی انک قد توجھت الی العراق و انی اعیذک باللّٰہ من الشقاق فانی اخاف علیک فیہ الھلاک وقد بعثت الیک عبداللّٰہ بن جعفر و یحییٰ بن سعید فاقبل الیّ معھما فان لک عندی الامان و الصلۃ و البر و حسن الجوار لک اللّٰہ علیّ بذلک شھید و کفیل و مراع و وکیل و السلام علیک﴾۔ ''عمرو بن سعید کی طرف سے حسین بن علی علیہما السلام کے نام۔ میں بارگاہِ ایزدی میں سوال کرتا ہوں کہ وہ آپ کو باعث ہلاکت امور سے باز رکھے اور جس بات میں خیر و خوبی ہو اس کی راہبری فرمائے۔ مجھے یہ اطلاع ملی ہے کہ آپ عراق تشریف لے جا رہے ہیں۔ میں افتراق سے آپ کو خدا کی پناہ میں دیتا ہوں کیونکہ اس میں ہلاکت پوشیدہ ہے۔ میں آپ کی طرف عبداللہ بن جعفر اور یحییٰ بن سعید کو بھیج رہا ہوں۔ آپ ان کے ساتھ واپس میرے پاس آ جائیں۔ آپ کو امان دی جاتی ہے اور آپ کے ساتھ صلۂ رحمی، نیکی اور اچھے پڑوسی والا سلوک کیا جائے گا۔ خدا اس بات کا شہید، وکیل اور کفیل ہے۔''[2]

---

[1] عاشر بحار، ص ۱۸۴۔ نفس المہموم، ص ۹۲۔ ناسخ، ج ۶، ص ۲۰۴۔ کامل، ج ۳، ص ۷۷ وغیرہ۔

[2] طبری، ج ۶، ص ۲۱۹۔ عاشر بحار، ص ۱۸۴ وغیرہ۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

چنانچہ جناب عبداللہ اور یحییٰ بن سعید یہ امان نامہ لے کر خدمت امام عالی مقام میں حاضر ہوئے۔ امان نامہ پیش خدمت کرنے کے بعد واپسی پر اصرار کیا۔ مگر امام علیہ السلام نے یہ فرما کر ﴿انی رأیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ فی المنام و امرنی بما انا ماض لہ﴾ میں نے عالم خواب میں جناب رسول خدا ﷺ کو دیکھا ہے اور اسی عالم میں انہوں نے مجھے ایک حکم دیا ہے جسے میں ضرور پورا کروں گا۔[1] بہرحال جب جناب عبداللہ بالکل مایوس ہو گئے تو اپنے دونوں شاہزادوں کو خدمت امام میں حاضر رہنے اور بوقت ضرورت جہاد کرنے کا حکم دے کر واپس چلے گئے۔[2] "اور خود کچھ مجبوریوں کی وجہ سے اس سفر میں ساتھ نہ جا سکے۔"[3]

دوسری منزل: صفاح

یہ منزل مکہ مکرمہ سے چند میل کے فاصلہ پر ہے۔ اس منزل پر جناب سید الشہداءؑ کی مشہور شاعر فرزدق سے ملاقات ہوئی۔ جو اپنی والدہ کے ہمراہ بغرض حج کوفہ سے آ رہا تھا۔ امام علیہ السلام نے اس سے اہل کوفہ کے حالات دریافت کئے۔ فرزدق نے صحیح تجزیہ کرتے ہوئے کہا: ﴿قلوب الناس معک و سیوفھم علیک و القضا ینزل من السماء و اللہ یفعل ما یشاء﴾ آقا لوگوں کے دل آپؑ کے ساتھ ہیں اور ان کی تلواریں آپ کے برخلاف۔ قضا آسمان سے نازل ہوتی ہے اور خدا جو چاہتا ہے وہ کرتا ہے۔

امام عالی مقام نے فرمایا: ﴿صدقت للہ الامر و کل یوم ربنا فی شان ان نزل القضا بما نحب فنحمد اللہ علی نعمائہ وھو المستعان علی اداء الشکر و ان حال القضا دون الرجاء فلم یتعد من کان الحق نیتہ و التقوی سریرتہ﴾ تم نے سچ کہا ہے۔ سب معاملات قبضۂ قدرت میں ہیں۔ اور ہمارا پروردگار ہر روز نئی شان میں ہوتا ہے۔ اگر ہماری خواہش کے مطابق قضا نازل ہوئی تو اس کے احسان پر اس کی حمد و ثنا کریں گے اور اداءِ شکر پر اسی سے مدد طلب کریں گے اور اگر ہماری منشاء کے خلاف حالات رونما ہو گئے تو بھی کی نیت حق اور تقویٰ شعار ہو۔ اس نے کوئی زیادتی نہیں کی۔ اس کے بعد فرزدق نے آپؑ سے حج وغیرہ کے بعض مسائل دریافت کئے اور پھر مرخص ہو گیا۔"[4]

---

1. ارشاد، ص ۲۳۶۔ عاشر بحار، ص ۸۴ وغیرہ۔
2. ارشاد، ص ۲۳۷۔ عاشر بحار، ص ۱۸۴ وغیرہ۔
3. شہید انسانیت، ص ۲۹۶۔
4. نفس المہموم، ص ۹۱۔ طبری، ج ۶، ص ۲۱۸۔ کامل، ج ۳، ص ۲۷۶ وغیرہ۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

تیسری منزل: ذاتِ عرق (جو کہ نجد و تہامہ کی حد فاصل ہے)

صاحب تقمام نے جناب عبداللہ اور ان کے صاحبزادوں کا خدمت امام میں حاضر ہونے کا واقعہ اسی منزل میں لکھا ہے۔[1] لیکن مشہور و منصور قول وہی ہے جو اوپر درج کیا جا چکا ہے۔ بہر حال جناب سید الشہداؑ نے جناب عبد اللہ اور یحییٰ بن سعید سے رخصت ہو کر بڑی تیزی کے ساتھ قطع مسافت کرتے ہوئے ذات عرق کے مقام پر پہنچے۔ اور وہاں قیام بھی فرمایا۔[2] اس مقام پر بشر بن غالب سے ملاقات ہوئی۔ جو عراق سے آ رہا تھا۔ (صاحب ناسخ نے (ج ۶، ص ۲۰۵ پر) فرزدق کا نام لکھا ہے لیکن مشہور بشر ہی ہے) امام علیہ السلام نے اس سے کوفہ والوں کی حالت دریافت کی۔ اس نے دوسرے باخبر لوگوں کی طرح یہی جواب دیا: ﴿خلفت القلوب معک و السیوف مع بنی امیة﴾ میں نے ان کو اس حال میں چھوڑا ہے کہ ان کی تلواریں تو بنی امیہ کے ساتھ ہیں لیکن دل آپ کے ہمراہ ہیں۔

امامؑ نے اس کا یہ کلام سن کر فرمایا: ﴿صدق اخو بنی اسد ان اللّٰہ یفعل ما یشاء و یحکم ما یرید﴾۔ اس اسدی نے سچ کہا ہے مگر خدا جو چاہتا ہے سو کرتا ہے۔ اور جس بات کا چاہتا ہے حکم دیتا ہے۔[3]

اسی منزل کے متعلق بعض کتب مقاتل میں ایک اور واقعہ بھی ملتا ہے کہ ریاشی (ابو الفضل عباس بن الفرج الصمری النحوی المقتول ۲۷۵ھ)[4] اپنے سلسلۂ سند سے ایک عراقی سے نقل کرتے ہیں۔ اس کا بیان ہے کہ میں اپنے ساتھیوں کو پیچھے چھوڑ کر بڑی تیزی سے مسافت طے کرتا ہوا حج پر جا رہا تھا کہ اچانک ایک صحرا میں کچھ نصب شدہ خیمے دیکھے۔ قریب گیا۔ اور پوچھا کہ یہ کس کے خیمے ہیں؟ مجھے بتایا گیا کہ یہ حسینؑ کے ہیں۔ میں نے از راہِ تعجب کہا: کیا وہی حسینؑ جو علیؑ و فاطمہؑ کے فرزند ہیں؟ مجھے بتایا گیا کہ ہاں وہی حسینؑ۔ میں نے ان کا خیمہ دریافت کیا۔ اور ان کی خدمت میں حاضر ہوا۔ میں نے دیکھا کہ حسینؑ خیمہ کے دروازہ پر تکیہ لگائے بیٹھے ہیں۔ اور کچھ خطوط پڑھ رہے ہیں۔ میں نے حاضر ہو کر سلام عرض کیا۔ امامؑ نے سلام کا جواب دیا۔ میں نے عرض کیا: یا ابن رسول اللہؐ! میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں۔ اس لق و دق صحراء میں کس چیز نے آپ کو اترنے پر مجبور کیا ہے؟ امامؑ نے فرمایا: ﴿ان ھؤلاء اخافونی و ھذہ کتب اھل الکوفة وھم قاتلی فاذا فعلوا ذلک ولم یدعو اللّٰہ محرّماً الا انتھکرہ بعث اللّٰہ الیھم من یقتلھم حتیٰ یکونوا ازل من قوم الامة﴾ ان لوگوں (بنی امیہ) نے مجھے خوف زدہ کر دیا

---

[1] تقمام، ص ۲۸۷۔

[2] ارشاد، ص ۲۳۷۔ بحار، ص ۱۸۴۔

[3] ملہوف، نفس المہموم، ص ۹۳۔

[4] حاشیہ نفس المہموم، ص ۹۳۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

ہے۔ (مجھے اہل کوفہ نے دعوت دی ہے) اور یہ ان کے خطوط ہیں۔ لیکن یہ میرے قتل میں شریک ہوں گے۔ وہ جب یہ (جرم) کر گزریں گے اور سب حرمات الٰہیہ کی ہتک کر چکیں گے تو اس وقت خداوند عالم کسی ایسے شخص کو ان پر مسلط کر لے گا جو ان کو اس طرح قتل و غارت کرے گا۔ کہ وہ لونڈی کی قوم سے بھی زیادہ ذلیل ہوں گے[1]۔ بعض اہل تحقیق کا خیال ہے کہ کلام امامؑ میں وارد شدہ لفظ "قوم" "فرام" کی تصحیف ہے۔ بنابریں مطلب یہ ہوگا کہ وہ لونڈی کے چیتھڑے سے بھی زیادہ ذلیل و خوار ہوں گے۔[2] (وھو الاصح)

چوتھی منزل: حاجز از بطن رُمّہ

بطن رُمّہ ایک وادی ہے جس کی ایک جگہ کا نام حاجز ہے۔ جہاں امامؑ نے قدرے قیام فرمایا تھا۔ اسی مقام سے امام علیہ السلام نے قیس بن مسہر صیداوی (اور بروایتے عبداللہ بن یقطر[3]) کے ہاتھ اہل کوفہ کے نام اس مضمون کا خط بھیجا: ﴿بسم اللّٰہ الرّحمٰن الرحیم من الحسینؑ بن علیؑ الی اخوانہ المؤمنین و المسلمین سلام علیکم فانی احمد الیکم اللّٰہ الّذی لا الٰہ الّا ھو اما بعد فان کتاب مسلم بن عقیل جائنی یخبر فیہ بحسن رائیکم و اجتماع ملائکم علی نصرنا و الطلب بحقنا فسألت اللّٰہ عزوجلّ ان یحسن لنا الصنع و ان یثیبکم علی ذلک اعظم الاجر و قد شخصت الیکم من مکۃ یوم الثلاثا لثمان مخین من ذی الحجۃ یوم الترویۃ فاذا قدم علیکم رسولی فاکمشوا فی امرکم و جدّوا فانی قادم علیکم فی ایامی ھذہ و السلام علیکم و رحمۃ اللّٰہ و برکاتہ﴾ جس کا خلاصہ مطلب یہ ہے کہ یہ حسینؑ بن علیؑ کا مکتوب ہے اپنے دینی بھائیوں کے نام حمد الٰہی اور سلام مسنون کے بعد۔ مسلمؑ بن عقیل کے خط سے مجھے معلوم ہوا ہے کہ تمہارے حالات درست اور تمہارے درمیان ہماری نصرت اور طلب حق پر اتفاق رائے پایا جاتا ہے۔ میں نے بارگاہ ایزدی میں دعا کی ہے کہ وہ انجام بخیر کرے۔ اور تمہیں اجر عظیم عطا کرے۔ میں آٹھویں ذی الحجہ سے مکہ سے تمہاری طرف روانہ ہو چکا ہوں۔ جب میرا قاصد پہنچے تو تم جلدی اپنے انتظامات مکمل کر لو۔ کیونکہ میں انہی دنوں میں تمہارے ہاں پہنچنے والا ہوں۔ والسلام۔

---

[1] نفس المہموم، ص ۹۳۔ مقتل الحسین للمقرم، ص ۱۸۳۔

[2] نفس المہموم، ص ۹۴۔ کامل، ج ۳، ص ۲۷۶۔

[3] کتاب لؤلؤ و مرجان محدث نوری سے ظاہر ہوتا ہے کہ جناب سید الشہداء علیہ السلام نے وہ مکتوب قیس بن مسہر اور عبداللہ بن یقطر (جو کہ آنجناب کی دایہ میمونہ کے بیٹے تھے) ہر دو کے ہاتھ روانہ کیا تھا۔ چنانچہ عبداللہ نے بھی ابن زیاد بدنہاد کے حکم سے جام شہادت نوش کیا۔ (فرسان الہیجا، ج ۱، ص ۲۶۰)۔ (منہ عفی عنہ)

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

جناب قیسؓ امام علیہ السلام کا یہ مکتوب مبارک لے کر کوفہ روانہ ہوئے۔ اُدھر چونکہ ابن زیاد کو سرکار سید الشہداء کی بجانب عراق روانگی کی اطلاع مل چکی تھی اس لیے اس نے قادسیہ سے خفان اور خفان سے قطقطانہ تک عراق سے واقصہ اور واقصہ سے بصرہ کے راستہ تک ناکہ بندی کر کے وہاں اپنی پولیس متعین کر دی تھی۔ اور ہر آنے جانے والے کی مکمل نگرانی کی جاتی تھی۔ اس ناکہ بندی کی شدت کا اندازہ اس سے لگایا جا سکتا ہے کہ جناب امام حسینؑ جب بعض العیون سے آگے بڑھے اور بعض بدوؤں سے ملاقات ہوئی تو ان سے کوفہ کی تازہ صورت حال دریافت کی تو انہوں نے جواب دیا: ﴿واللہ ما ندری غیر انا لا نستطیع ان نلج ولا نخرج﴾ بخدا ہمیں کوئی علم نہیں۔ ہم تو نہ اندر جا سکتے ہیں اور نہ باہر نکل سکتے ہیں۔ (ارشاد، ص ۲۳۸)

قیس بن مسہر صیداوی کی شہادت

اس پولیس کا سربراہ حصین بن نمیر تمیمی تھا۔ چنانچہ قیس کوفہ جاتے ہوئے قادسیہ پہنچ کر حصین کے ہاتھوں گرفتار ہو گئے۔ جب اس نے تلاشی لینا چاہی تو جناب قیس نے افشائے راز کے اندیشہ سے خط پھاڑ ڈالا۔ بہر حال حصین نے انہیں گرفتار کر کے ابن زیاد کے پاس بھیج دیا۔ جب ابن زیاد کے سامنے پیش ہوئے۔ تو اس نے پوچھا کہ تُو نے وہ خط کیوں پھاڑا۔ جناب قیس نے بلا جھجک کہا۔ تاکہ تم اس کے مندرجات پر مطلع نہ ہو سکو۔ ابن زیاد نے اصرار کیا۔ کہ بتاؤ اس میں کیا لکھا تھا۔ اور کن کن اشخاص کے نام لکھا گیا تھا؟ مگر جناب قیس نے بتانے سے انکار کر دیا۔ ابن زیاد نے کہا: اچھا اگر ایسا نہیں کرتے۔ تو پھر منبر پر چڑھ کر حسینؑ بن علیؑ پر سب و شتم کرو۔ قیس نے اس موقع کو غنیمت جانتے ہوئے آمادگی ظاہر کی۔ اور فوراً منبر پر جا کر خدا کی حمد و ثنا اور پیغمبر اسلام پر درود و سلام بھیجنے کے بعد کہا: ﴿ایھا الناس! ان ھذا الحسینؑ بن علیؑ خیر خلق اللہ ابن فاطمۃؑ بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ و انا رسولہ فاجیبوہ﴾۔ اے لوگو! حسینؑ بن علیؑ جو دختر رسولؐ فاطمہ زہراؑ کے فرزند ہیں۔ بہترین خلائق ہیں۔ میں ان کا قاصد ہوں۔ تم پر لازم ہے کہ ان کی آواز پر لبیک کہو۔ اس کے بعد جناب امیر علیہ السلام پر درود و سلام بھیجا اور ابن زیاد اور اس کے باپ پر لعنت کی۔ ابن زیاد نے غصہ سے آگ بگولہ ہو کر حکم دیا کہ ان کو قصر پر لے جا کر نیچے گرا دیا جائے۔ چنانچہ ظالموں نے ایسا ہی کیا۔ بروایتے ان کے ہاتھ پس پشت باندھ کر گرایا گیا۔ اور گرتے ہی ان کے اعضاء و جوارح چور چور ہو گئے۔ ابھی کچھ رمق باقی تھے کہ عبدالملک بن عمیر لخمی نے آگے بڑھ کر ان کے رشتۂ حیات کو قطع کر دیا۔[1]

﴿اِنَّا لِلّٰہِ وَ اِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ﴾

---

[1] ارشاد، ص ۲۳۸۔ نفس المہموم، ص ۹۵۔ الاخبار الطوال، ص ۲۴۵۔ منتخب التواریخ، ص ۲۹۳۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

پانچویں منزل: بعض العیون

حاجز سے روانہ ہوکر جناب سید الشہداؑ عربوں کے ایک چشمہ پر پہنچے اور وہاں عبداللہ بن مطیع عدوی سے ملاقات ہوئی۔ اسے جب سید الشہداؑ کے عزم عراق کا علم ہوا تو اس نے بھی دوسرے عام مشیروں کی طرح آنجنابؑ کو سفر عراق اختیار نہ کرنے کا مشورہ دیا مگر جنابؑ نے خصوصی مصالح وحکم کی بنا پر اس کے مشورہ کو قبول نہ کیا۔ اور آگے روانہ ہوگئے۔[1] اب حضرت امام حسینؑ کے ہمراہیوں کی تعداد روز بروز بڑھتی جاتی تھی۔ عربوں کے جس چشمہ سے گزرتے وہاں کے چند آدمی اس خیال کے تحت آپ کے ہمراہ ہوجاتے تھے کہ شاید امامؑ عراق جاکر تخت وتاج کے مالک بنیں گے۔ اور امامت کے ساتھ سلطنت بھی جمع ہوجائے گی۔ حتیٰ کہ شدہ شدہ مختصر قافلہ نے اب ایک مختصر سے لشکر کی صورت اختیار کرلی تھی۔[2]

چھٹی منزل: خزیمیہ

آنجنابؑ بعض العیون سے روانہ ہوکر مقام خزیمیہ پر پہنچے۔ اور وہاں پہنچ کر ایک شب وروز قیام[3] فرمایا۔ بعض اخبار وآثار سے معلوم ہوتا ہے کہ اسی منزل پر ایک واقعہ درپیش آیا۔ وہ یہ کہ جب صبح ہوئی تو جناب زینب عالیہؑ نے خدمت امام میں حاضر ہوکر عرض کیا کہ رات کے وقت جب میں کسی کام کے لیے باہر نکلی تو سنا کہ کوئی ہاتف غیبی یہ شعر پڑھ رہا ہے ؎

SIBTAIN.COM

ے الا یا عین فاحتفلی بجهد — ومن یبکی علی الشهداء بعدی

اے آنکھ پوری کوشش سے آنسو بہا — اور بھلا میرے بعد شہداء پر اور کون روئے گا

ے علی قوم تسوقهم المنایا — بمقدار علی انجاز وعد

(میرے بعد کون روئے گا) اس گروہ پر جن کو — ایفاء عہد کے لیے ہانک کرلے جارہی ہیں

موتیں۔

معلوم ہوتا ہے کہ جناب صدیقہ صغریٰؑ نے ان اشعار سے کوئی اچھا تاثر نہیں لیا۔ جناب سید الشہداء علیہ السلام نے تسلی دیتے ہوئے فرمایا: ﴿یا اختاه الامر الذی قضی فهو کائن﴾ اے بہن! جو قضا وقدر میں ہے۔ وہ ضرور ہوکر رہے گا۔[4]

---

[1] ارشاد، ص ۲۳۸۔ نفس المہموم، ص ۹۵۔ مقتل الحسین، ص ۲۸۶۔ [2] البدایہ والنہایہ ابن کثیر، ج ۸، ص ۱۶۸۔

[3] عاشر بحار، ص ۱۸۶۔ [4] ابن نما، ص ۲۳۔ نفس المہموم، ص ۹۵۔ ناسخ التواریخ، ج ۶، ص ۲۰۹۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

ساتویں منزل: زَرود

سابقہ منزل سے روانہ ہوکر جناب امام حسینؑ منزل زَرود پر وارد ہوئے۔ اس منزل پر جو قابل ذکر اہم واقعہ درپیش آیا۔ وہ جناب زہیر بن القین بجلی کی سید الشہداءؑ سے ملاقات اور پھر اس کے نتیجہ میں ان کی آپ کے انصار و اعوان میں شمولیت ہے۔ جناب زہیر جو کہ عقیدۂ عثمانی تھے اور امامت اہل بیتؑ کے قائل نہ تھے اسی لیے وہ آنجنابؑ کے ہمراہ خیمہ نصب کرنا پسند نہیں کرتے تھے مگر منزل زَرود کے چشمہ نے ان کو اکٹھا ہونے پر مجبور کر دیا۔ حج بیت اللہ کے فریضہ سے فارغ ہوکر واپس آرہے تھے۔ منزل زرود پر انہوں نے اپنا خیمہ آنجنابؑ کے خیام کے قریب نصب کیا۔ امام عالی مقامؑ چشم بصیرت سے ان کے جوہر قابل کو دیکھ رہے تھے۔ اس لیے ان کو ملاقات کا پیغام بھیجا۔ جس وقت قاصد پہنچا۔ اس وقت زہیر اپنے آدمیوں کے ساتھ دسترخوان پر کھانا کھانے میں مشغول تھے۔ قاصد نے جاکر یہ پیغام دیا کہ میرے آقا ابوعبداللہ الحسینؑ نے مجھے تمہاری طرف بھیجا ہے کہ آپ ان سے ملیں۔ یہ سن کر زہیر نے قدرے پس و پیش کی مگر ان کی زوجہ دلہم بنت عمرو نے ان کو آڑے ہاتھوں لیا۔ اور کہا: کس قدر افسوس کا مقام ہے کہ فرزند رسولؐ آپ کو بلائیں۔ اور آپ ان کے پاس نہ جائیں۔ آخر جانے میں حرج کیا ہے؟ جائیں اور ان کی بات سنیں۔ اور پھر واپس آجائیں۔ چنانچہ جناب زہیر خدمت امامؑ میں حاضر ہوئے۔ امامؑ کی نظر کیمیا اثر نے ان کی کایا پلٹ دی۔ جب تھوڑی دیر کے بعد زہیر واپس اپنے خیمہ میں پہنچے۔ تو ان کا چہرہ فرط مسرت سے تمتما رہا تھا۔ اس نے حکم دیا کہ میرے خیمہ کو جناب امام حسینؑ کے خیام کے ساتھ نصب کیا جائے اور پھر اپنی زوجہ کو کافی مال و اسباب دے کر اس کے بعض رشتہ داروں کے ہمراہ یہ کہہ کر میکے بھجوا دیا کہ میں نہیں چاہتا کہ میری وجہ سے تجھے کوئی گزند پہنچے۔ اور بروایتے اسے طلاق[1] دے دی۔ وہ نیک بخت اٹھی۔ اور روتے ہوئے ان کو الوداع کہا اور یہ دعا کرتے ہوئے کہ ﴿کان اللہ عونا و معینا و خار اللہ لک﴾ (خدا آپ کا حامی و ناصر ہو) یہ استدعا کی کہ ﴿ان تذکرنی فی القیمۃ عند جد الحسینؑ﴾۔ ''بروز حشر مجھے حسینؑ کے جد نامدار کی بارگاہ میں فراموش نہ کرنا۔'' تمقام کی ایک روایت سے ظاہر ہوتا ہے کہ زوجۂ زہیر ان کی شہادت تک کربلا میں موجود تھیں۔ و المشہور ھو الاول و اللہ العالم۔ (تمقام، ص ۲۹۲)۔ پھر اپنے ساتھیوں سے فرمایا: میں نے تو حضرت امام حسینؑ کا ساتھ دینے اور بوقت ضرورت ان پر اپنی جان قربان کرنے کا فیصلہ کر لیا ہے۔ تم میں سے جو اس مہم میں میرے ساتھ شریک ہونا چاہے۔ بسم اللہ۔ ورنہ اس کی اور میری یہ آخری ملاقات ہے۔ وہ بے شک علیحدہ ہو جائے۔[2] جس طرح جناب زہیر نے حمایت

---

[1] ارشاد، ص ۲۳۹۔

[2] عاشر بحار، ص ۱۸۶۔ نفس المہموم، ص ۹۶۔ ملہوف، ص ۶۴۔ ارشاد، ص ۲۳۹ وغیرہ۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

دین وحفاظت امام مبین میں جانبازی اور جان نثاری کا حق ادا کیا۔ وہ تاریخ کربلا کا سنہری باب ہے۔ تفصیل انصار حسینؑ کے تذکرۂ شہادت میں آئے گی۔ انشاء اللہ العزیز۔

آٹھویں منزل: ثعلبیہ

منزل زرود سے روانہ ہوکر امام عالی مقام نے دوسرے روز شام کو منزل ثعلبیہ کے مقام پر قیام فرمایا۔ اور نظر بظاہر حالات اسی منزل پر پہلی بار آنجنابؑ کو حضرت مسلمؑ وہانی کی شہادت کے واقعۂ ہائلہ کی اطلاع ملی۔ اصل واقعہ یوں ہے کہ بنی اسد کے دو شخص عبداللہ بن سلیمان اور منذر بن مشمعل بیان کرتے ہیں کہ جب ہم فریضۂ حج کی ادائیگی سے فارغ ہوئے۔ تو ہمارا مقصد اقصیٰ یہ تھا کہ جتنا جلدی ممکن ہو امام حسینؑ سے جا کر ملحق ہوں۔ اور حقیقت حالات سے آگاہی حاصل کریں۔ چنانچہ ہم بڑی تیزی سے منازل سفر طے کرتے ہوئے منزل زرود پر امام کی خدمت میں پہنچ گئے۔ اسی اثناء میں ایک آدمی کوفہ سے آتا ہوا نظر آیا۔ امام علیہ السلام اسے دیکھتے ہی اس طرح رُک گئے۔ گویا اس سے مل کر کچھ حالات معلوم کرنا چاہتے ہیں۔ مگر اس شخص نے امام علیہ السلام کو دیکھ کر راستہ چھوڑ کر دوسری طرف کا رخ کر لیا۔ اس کے بعد امامؑ آگے نکل گئے۔ ہم نے باہم مشورہ کیا کہ اس شخص سے ضرور کوفہ کی تازہ صورت حال معلوم کرنا چاہئے۔ چنانچہ ہم جلدی جلدی اس شخص کے پاس پہنچے۔ اور سلام کیا۔ اس نے جواب سلام دیا۔ ہم نے اس کا نام ونسب دریافت کیا۔ اس نے کہا: میں بنی اسد کے ساتھ تعلق رکھتا ہوں۔ اور میرا نام بکر بن فلاں ہے۔ ہم نے اپنا تعارف کراتے ہوئے بتایا کہ ہم بھی اسدی ہیں۔ پھر ہم نے اس سے کوفہ کی تازہ صورت حال پوچھی۔ اس نے کہا کہ مسلمؑ و ہانی قتل کر دیئے گئے ہیں۔ اور میں اس وقت تک کوفہ سے باہر نہیں نکلا۔ جب تک اپنی آنکھوں سے یہ ہولناک منظر نہیں دیکھا۔ کہ جناب مسلم وہانی کے پاؤں میں رسی بندھی ہوئی تھی۔ اور ان کی لاشوں کو کوفہ کے بازاروں میں گھسیٹا جا رہا تھا۔" یہ دردناک خبر سن کر ہم واپس آئے۔ اور امامؑ کے قافلہ میں آ کر شامل ہو گئے۔ جب امام علیہ السلام نے دوسرے روز شام کے وقت منزل ثعلبیہ پر قیام کیا۔ تو ہم آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ اس وقت آپؑ کے کچھ مخصوص اصحاب بھی وہاں موجود تھے۔ ہم نے سلام عرض کیا۔ امامؑ نے سلام کا جواب دیا۔ ہم نے عرض کیا: ہم ایک خبر گوش گزار کرنا چاہتے ہیں۔ اگر حکم دیں تو سب کے روبرو عرض کر دیں۔ ورنہ تنہائی میں عرض کریں۔ یہ سن کر امامؑ عالی مقام نے ایک نظر سے ہم کو دیکھا۔ اور ایک نظر حاضرین پر ڈالی۔ پھر فرمایا: ﴿ما دون هؤلاء سرٌّ﴾۔ ان سے علیحدگی و رازداری کی کوئی ضرورت نہیں۔ اس وقت ہم نے عرض کیا۔ کل شام آپ نے وہ آدمی دیکھا تھا۔ جو کوفہ کی طرف سے آ رہا تھا؟ امامؑ نے فرمایا: ہاں بلکہ میں تو اس سے کچھ پوچھنا بھی چاہتا تھا۔ ہم نے عرض کیا کہ (آپ کی منشاء کے مطابق) ہم نے اس سے حالات حاضرہ معلوم کئے ہیں۔ وہ شخص ہمارے قبیلہ کا ہے۔ اور بڑا سچا اور عقلمند آدمی ہے۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

اس نے ہمیں بتایا ہے کہ جناب مسلمؑ و ہانیؑ شہید کر دیئے گئے۔ اور اس نے یہ بھی بتایا ہے کہ وہ اس وقت تک کوفہ سے باہر نہیں نکلا جب تک اس نے اپنی آنکھوں سے یہ پُر درد منظر نہیں دیکھا۔ کہ ان کے پاؤں میں رسی باندھ کر بازاروں میں گھسیٹا جا رہا تھا۔ یہ خبر وحشت سن کر امام علیہ السلام نے کئی بار فرمایا: ﴿اِنَّا لِلّٰہِ وَ اِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ رحمۃ اللّٰہ علیہما﴾[1]۔ اس کے بعد کیا ہوا؟ واقعات تو وہی ہیں جو تمام کتب سیر و مقاتل میں موجود ہیں مگر مناسب معلوم ہوتا ہے کہ ان کو صاحب شہید انسانیت مدظلہ کے الفاظ میں ادا کیا جائے۔" وہ تحریر فرماتے ہیں: "اسدی جو ایک رات تک اس وحشت ناک خبر کو اپنے دل میں رکھ کر اس سے پورا پورا اثر لے چکے تھے۔ اور نتائج کو ہر طرح سوچ کر دل ہی دل میں رائے قائم کر چکے تھے۔ ان سے اپنے دل کی بات چھپائی نہ گئی۔ اور وہ بے ساختہ بول اٹھے کہ خدا کا واسطہ اپنی اور اپنے گھر بھر کی جان کو خطرہ میں نہ ڈالئے۔ یہیں سے واپس ہو جایئے کیونکہ کوفہ میں آپ کا نہ کوئی مددگار ہے۔ نہ دوست بلکہ ہمیں خوف ہے کہ پورا کوفہ آپؑ کے خلاف ہی ہوگا۔ ہر شخص سمجھ سکتا ہے کہ ایک ہنگامی اضطراب اور تاثر کے جذبہ سے جو ہمدردی کا مشورہ دیا جائے۔ اس کا جواب زیادہ سنجیدہ دلائل کا متحمل نہیں ہو سکتا۔ اگرچہ حضرت امام حسین علیہ السلام خود پہلے ہی سے انجام پر مطلع تھے۔ اور آپ کا سفر جن نتائج کو پیش نظر رکھ کر تھا۔ ان میں اس خبر کے آنے سے کوئی تبدیلی نہیں ہوئی۔ لیکن دوسرے افراد کے لیے وقتی جذبات کے مقابل میں عقلی دلائل کے پیش کرنے کا محل نہیں ہوا کرتا۔ اس لیے حضرت نے اس ہنگامی جذبہ کے ماتحت مشورہ کا جواب بالکل متضاد ایک فطری جذبہ کے احساس سے دینا چاہا۔ اور اس کے لیے ایک نظر اولاد عقیلؑ پر ڈالی۔ اور فرمایا: "تمہاری کیا رائے ہے؟ مسلمؑ تو شہید ہو گئے۔" تمام عقیلی جوان کھڑے ہو گئے۔ اور کہا: "خدا کی قسم ہم تو واپس نہ ہوں گے۔ جب تک مسلمؑ کے خون کا بدلہ نہ لے لیں۔ یا وہی موت کا ساغر ہم بھی نہ چکھ لیں۔ جو مسلمؑ نے چکھا۔" حضرتؑ متوجہ ہوئے دونوں اسدیوں کی طرف اور فرمایا: "جب یہ نہ ہوئے تو ہم زندہ رہ کر کیا کریں گے۔"[2] جب ان کو یقین ہو گیا کہ امامؑ نے آگے بڑھنے کا ہی فیصلہ کر لیا ہے۔ تو دونوں نے کہا: ﴿خار اللّٰہ لک﴾ خدا آپؑ کو خیر و خوبی عطا کرے۔ امامؑ نے بھی ان کے حق میں دعائے خیر کرتے ہوئے فرمایا: ﴿رحمکما اللّٰہ﴾ "خدا تم دونوں پر رحم و کرم کرے۔" (ارشاد، ص ۲۴۰)

بہر حال امام علیہ السلام نے رات یہیں گزاری۔ سحر کے وقت امامؑ نے اپنے آدمیوں کو حکم دیا کہ کافی مقدار میں پانی لے لو۔ اس کے بعد آگے روانہ ہوئے۔ بعض آثار سے معلوم ہوتا ہے کہ یہاں سے روانگی سے قبل کوفہ کے ایک شخص ابو ہرہ ازدی نے خدمتِ امامؑ میں حاضر ہو کر سلام کے بعد حرم خدا و حرم رسولؐ چھوڑنے کا سبب پوچھا۔ آپؑ نے فرمایا:

---

[1] ارشاد شیخ مفیدؒ، ص ۲۴۰۔ عاشر بحار الانوار، ص ۱۸۶۔ مقتل، ص ۲۹۲۔ ناسخ، ج ۶، ص ۲۱۰۔ نفس المہموم، ص ۹۷ وغیرہ۔

[2] شہید انسانیت، ص ۳۰۲۔ بحوالہ الاخبار الطوال، ص ۲۴۶۔ طبری، ج ۶، ص ۲۲۵۔ ارشاد، ص ۲۳۳۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

﴿ویحک یا ابا ھرۃ ان بنی امیۃ اخذوا مالی فصبرت و شتموا عرضی فصبرت و طلبوا دمی فھربت و ایم اللّٰہ لتقتلنی الفئۃ الباغیۃ و لیلبسنّھم اللّٰہ ذلاً شاملاً و سیفاً قاطعاً و لیسلّطن اللّٰہ علیھم من یذلّھم حتّی یکونوا اذل من قوم سبا اذ ملکتھم امرأۃ فحکمت فی اموالھم و دمائھم﴾[1]

بنی امیہ نے میرا مال لوٹا لیکن میں نے صبر کیا۔ مجھے گالیاں دے کر ہتک حرمت کی۔ پھر بھی میں نے صبر سے کام لیا۔ اب جبکہ انہوں نے میرا خون بہانا چاہا تو میں نکل کھڑا ہوا۔ خدا کی قسم یہ باغی گروہ مجھے ضرور قتل کرے گا۔ اس وقت خداوند عالم ان کو مکمل ذلت و رسوائی اور تلوار برندہ کا لباس پہنائے گا۔ اور اللہ تعالیٰ ان پر ایسے لوگوں کو مسلط کرے گا جو ان کو ذلیل و خوار کریں گے۔ یہاں تک کہ یہ لوگ قوم سبا سے بھی زیادہ ذلیل و رسوا ہوں گے۔ جن کی حاکم ایک عورت تھی۔ جو ان کے مال اور خون کے فیصلے کیا کرتی تھی۔

اسی منزل ثعلبیہ کے متعلق اصول کافی میں ایک اور واقعہ بھی ملتا ہے کہ منزل ثعلبیہ پر ایک شخص نے خدمت امامؑ میں حاضر ہو کر سلام کیا۔ امامؑ نے جواب سلام دے کر پوچھا: تم کہاں کے رہنے والے ہو؟ اس نے عرض کیا: کوفہ کا۔ امامؑ نے فرمایا: ﴿اما و اللّٰہ یا اخا اھل الکوفۃ لو لقیتک بالمدینۃ لاریتک اثر جبرئیلؑ من دارنا و نزول لہٗ بالوحی علی جدی. یا اھل الکوفۃ فمستقی العلم من عندنا فعلموا و جھلنا ھذا مالا یکون﴾[2] اے کوفہ کے رہنے والے! بخدا اگر ہماری تمہاری ملاقات مدینہ میں ہوتی تو میں تمہیں اپنے گھر میں جبرئیل کے اس وقت کے نشانات دکھاتا جب وہ میرے جدِ نامدارؐ پر وحی لے کر نازل ہوتے تھے۔ اے اہل کوفہ! علم و فضل کا چشمہ تو ہمارے ہاں ہو۔ مگر اس کے باوجود یہ لوگ تو عالم ہوں اور ہم جاہل؟ ایسا ہرگز نہیں ہو سکتا۔

تبصرہ

اس مقام پر اکثر ذاکرین و واعظین بڑے رقت خیز انداز میں بیان کیا کرتے ہیں کہ جب حضرت سید الشہداءؑ کو جناب مسلمؑ کی شہادت کی اطلاع ملی تو آپؑ نے جناب مسلمؑ کی ایک چھوٹی سی صاحبزادی کو گود میں لے کر بہت پیار کیا۔ اور بار بار سر پر ہاتھ پھیرا۔ یہ کیفیت دیکھ کر صاحبزادی نے عرض کیا۔ آپ مجھ سے وہ سلوک کر رہے ہیں۔ جو یتیموں سے کیا جاتا ہے۔ امامؑ عالی مقام نے آبدیدہ ہو کر فرمایا: ہاں تم یتیم ہو گئی ہو۔ اب تم مجھے اپنا باپ اور میری اولاد کو بھائی و بہن تصور کرو۔ اگرچہ ناسخ التواریخ میں بحوالہ اعثم کوفی اس روایت کا تذکرہ موجود ہے۔ مگر نقادانِ فن کے نزدیک یہ روایت صحیح نہیں ہے۔ اور نہ ہی کسی قدیم یا جدید مقتل کی مستند کتاب میں اس کا وجود ہے۔

چنانچہ مولانا السید عبد الرزاق الموسوی المقرم النجفی اپنی کتاب مقتل الحسینؑ کے صفحہ ۱۸۱ کے حاشیہ نمبر ۴ پر

---

[1] ملہوف، ص ۶۲۔ نفس المہموم، ص ۹۸۔ [2] اصول کافی، ص ۲۱۵، طبع ایران۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

رقمطراز ہیں: ﴿ولم اقف علی مصدر وثیق ینص علی ان الحسینؑ اخذ بنت مسلم المسماۃ حمیدۃ و مسح علی راسھا فاحست بالشر... الخ﴾ یعنی "میں کسی ایسے مستند ماخذ پر مطلع نہیں ہو سکا جس میں یہ مذکور ہو کہ جناب امام حسینؑ نے جناب مسلمؑ کی شہزادی حمیدہ کے سر پر ہاتھ پھیرا اور اس بچی کے شہادت پدر کا خطرہ محسوس کیا۔"

نویں منزل: زُبالہ

آنجنابؑ نے جیسا کہ سابقاً بیان ہو چکا ہے۔ منزل ثعلبیہ میں رات گزارنے کے بعد صبح سویرے اگلی منزل کے لیے کافی پانی ہمراہ لیا۔ اور آگے روانہ ہوئے اور منزل زُبالہ پر جا کر قیام فرمایا (اور بروایتے اس سے قبل منزل شقوق پر بھی مختصر سا توقف کیا[1]) اور یہی وہ منزل ہے جہاں پہنچ کر جناب کو قیس بن مسہر صیداوی (بروایتے عبداللہ بن یقطر وھوالاظہر) کی شہادت کی خبر غم اثر ملی اور جناب مسلمؑ اور ہانی کی اطلاع بھی گو منزل ثعلبیہ میں مل چکی تھی۔ مگر جن خواص اصحاب کے سامنے آپ کو یہ وحشت ناک خبر ملی تھی۔ معلوم ہوتا ہے کہ ان حضرات نے آنجنابؑ کے عام ہمراہیوں تک اس ہولناک خبر کو نہیں پہنچایا تھا۔ بلکہ اسے صیغۂ راز ہی میں رکھا تھا لیکن حکیم اسلام و نباضِ امت جناب سید الشہداءؑ نے ان لوگوں کو تاریکی میں رکھنا مناسب نہ سمجھا جو محض اس خیال سے ہر ہر منزل سے ساتھ شامل ہوتے جا رہے تھے۔ کہ عراق کے حالات جناب سید الشہداءؑ کے حق میں سازگار ہیں۔ اور وہ جناب وہاں پہنچ کر ظاہری مسند اقتدار پر متمکن ہوں گے۔ اس لیے جناب نے مناسب سمجھا۔ کہ عام لوگوں کو صحیح صورت حال سے آگاہ کر دیا جائے تاکہ کوئی شخص کسی غلط فہمی میں مبتلا نہ رہے اور صرف وہی لوگ آپ کے ساتھ جائیں جو آپؑ کے عظیم مقصد سے متفق ہوں۔ چنانچہ آپؑ نے ایک تحریر پڑھ کر اہل قافلہ کو سنائی جس کا مضمون یہ تھا: "بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ ہمیں یہ ہولناک خبر ملی ہے کہ مسلمؑ بن عقیل، ہانی بن عروہؓ اور عبداللہ بن یقطر شہید کر دیئے گئے ہیں اور ہماری محبت و نصرت کا ادعا کرنے والوں نے ہماری نصرت سے دست برداری اختیار کر لی ہے۔ اس لیے تم میں سے جو شخص واپس جانا چاہے وہ جا سکتا ہے۔ اس کے لیے کوئی حرج نہیں ہے اور نہ ہی اس پر ہماری طرف سے کوئی ذمہ داری ہے۔ والسلام۔" امام عالی مقام کے اس اعلان کا وہی نتیجہ ظاہر ہوا جس کی توقع تھی۔ کہ وہ لوگ جو صحیح صورت حالات سے ناواقف تھے اور محض خوش آئند توقعات کے ماتحت ہمراہ ہو گئے تھے۔ علیحدہ ہو کر دائیں بائیں طرف روانہ ہو گئے۔ اور راستے میں شامل ہونے والوں میں سے سوائے چند آدمیوں کے صرف وہی لوگ آپؑ کے ہمراہ باقی رہ گئے۔ جو مکہ و مدینہ سے آپؑ کے ساتھ آئے تھے۔[2]

---

[1] مناقب شہر ابن آشوب، ج ۴، ص ۹۱، طبع بمبئی۔ [2] ارشاد، ص ۲۴۰۔ طبری، ج ۶، ص ۲۲۶۔ نفس المہموم، ص ۹۸۔ ملہوف، ص ۶۴ وغیرہ

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

سیّد اجل سیّد بن طاؤس نے لکھا ہے کہ جب حضرت سید الشہداؑ کو منزل زبالہ میں جناب مسلمؑ کی اطلاع شہادت ملی تو اس وقت ﴿ارتج الموضع بالبکاء و العویل لقتل مسلم بن عقیل و سالت الدموع کل مسیل﴾ جناب مسلمؑ کی شہادت کی وجہ سے اس قدر آواز گریہ و بکا بلند ہوئی کہ معلوم ہوتا تھا کہ صدائے نالہ وشیون سے وہ جگہ بھی کانپ رہی ہے۔" اور جناب سید الشہداؑ نے روتے ہوئے فرمایا: ﴿رحم اللّٰہ مسلماً فلقد صار الی روح اللّٰہ و ریحانہ و جنّتہ و رضوانہ اما انہ قد قضٰی ما علیہ و بقی ما علینا﴾۔" خدا مسلمؑ پر رحم فرمائے کہ وہ خدا کے روح و ریحان اور اس کی جنت و رضوان کی طرف منتقل ہو گئے۔ جو کچھ ان کے ذمے تھا۔ وہ اسے پورا کر چکے۔ اب جو کچھ ہمارے ذمہ ہے وہ باقی ہے۔" اس کے بعد یہ اشعار پڑھے ؎

فان تکن الدنیا تعدّ نفیسۃً — فان ثواب اللّٰہ اعلٰی و انبل
و ان تکن الابدان للموت انشئت — فقتل امرء بالسیف فی اللّٰہ افضل
و ان تکن الارزاق قسماً مقدّراً — فقلّۃ حرص المرء فی السعی اجمل
و ان تکن الاموال للترک جمعھا — فما بال متروک بہ المرء یبخل[1]

دسویں منزل: بطن عقبہ

(بعض کتب میں اس منزل کا نام منزل عقیق لکھا ہے فلا تغفل) منزل زبالہ سے روانہ ہو کر جناب سید الشہداؑ کا مختصر سا قافلہ منزل بطن عقبہ میں پہنچا۔ اس مقام پر آنجنابؑ کی ملاقات بنی عکرمہ کے ایک شخص عمرو بن لوذان سے ہوئی۔ اس نے جنابؑ سے دریافت کیا۔ کہ کہاں تشریف لے جانے کا ارادہ ہے؟ جب آپؑ نے کوفہ کا نام لیا۔ تو اس نے کہا: خدا کے لیے واپس چلے جائیں۔ اور ان لوگوں پر ہرگز بھروسہ نہ کریں۔ آپؑ کے سامنے سوائے نیزوں اور تلواروں کے کچھ نہیں ہے۔ آنجنابؑ نے فرمایا: ﴿یا عبد اللّٰہ لیس یخفٰی علیّ الرأی و لکن اللّٰہ لا یغلب علٰی امرہ﴾ اے اللہ کے بندے! یہ صورت حال مجھ پر مخفی نہیں ہے مگر خدا کا مقابلہ نہیں کیا جا سکتا۔ (جو ہونے والا ہے وہ ہو کر رہے گا) پھر فرمایا: ﴿و اللّٰہ لا یدعوننی حتّٰی یستخرجوا ھذہ العلقۃ من جوفی فاذا فعلوا لسلّط اللّٰہ علیھم من یذلھم حتی یکونوا اذل من فرق الامم (او قال. من قوم الامۃ[2])﴾۔ خدا کی قسم جب تک یہ لوگ مجھے جان سے نہ مار ڈالیں گے اس وقت مجھے ہرگز نہیں چھوڑیں گے اور وہ جب ایسا کر گزریں گے۔ تو خدا ان پر وہ شخص مسلط کرے گا۔ جو ان کو ذلیل و خوار کرے گا۔ یہاں تک کہ تمام لوگوں سے (یا قوم سبا سے) بھی

---

[1] ملہوف سید بن طاؤس، ص ۶۴، ۶۵۔ وکذا فی الناسخ، ج ۶، ص ۲۱۰ وغیرہ۔

[2] مقتل المقرم، ص ۱۹۳۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

زیادہ ذلیل و رسوا ہوں گے۔[1]

جناب ابن قولویہ نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ حضرت امام حسینؑ نے منزل عقبہ پر اپنے ساتھیوں سے فرمایا: ﴿ما ارانی الا مقتولا﴾ میں ضرور شہید کیا جاؤں گا۔ اصحاب نے عرض کیا: ﴿وما ذاک یا ابا عبد اللہ﴾ یا ابوعبداللہ کیا بات ہے؟ فرمایا: ﴿رؤیاً رأیتھا فی المنام﴾ میں نے ایک خواب دیکھا ہے۔ ﴿قالوا وما ھی﴾ انہوں نے عرض کیا: وہ خواب کیا ہے؟ فرمایا: ﴿رأیت کلاباً تنھشنی اشدھا علی کلب ابقع﴾ "میں نے دیکھا ہے کہ کچھ کتے مجھے کاٹ رہے ہیں۔ اور ان میں سے زیادہ کاٹنے والا ایک سفید داغوں والا کتا ہے۔[2] (شمر بن ذی الجوشن ملعون مراد ہے جو کہ کوڑھی تھا)"۔

گیارھویں منزل: شراف

جناب سید الشہداءؑ اور ان کے ہمراہیوں نے رات منزل بطن عقبہ میں گزاری۔ اور صبح ہوتے ہی وہاں سے آگے روانہ ہوئے۔ اور منزل شراف میں جا کر قیام فرمایا۔ رات بھر وہاں قیام رہا۔ صبح سویرے وہاں سے آگے بڑھے اور روانگی سے قبل آنجنابؑ کے حکم سے بہت سا پانی ہمراہ لے لیا گیا۔ اور برابر یہ قافلہ رواں دواں رہا۔ حتیٰ کہ دوپہر کا وقت ہو گیا۔ قادسیہ سے چند میل کے فاصلے پر اصحاب حسینؑ میں سے ایک شخص نے اچانک نعرۂ تکبیر بلند کیا۔ حضرت امام حسینؑ نے فرمایا: ﴿اللہ اکبر لم کبرت؟﴾ بے شک خدا بزرگ و برتر ہے مگر اس وقت نعرۂ تکبیر بلند کرنے کا سبب کیا ہے؟ اس نے عرض کیا: میں کچھ کھجوروں کے درخت دیکھ رہا ہوں۔ اصحاب حسینؑ میں سے بہت سے آدمیوں نے کہا: بخدا ہم نے تو اس جگہ کبھی کوئی کھجور کا درخت نہیں دیکھا۔ امامؑ نے فرمایا: تمہیں کیا دکھائی دیتا ہے؟ انہوں نے عرض کیا: ہمیں تو گھوڑوں کی کنوتیاں نظر آتی ہیں! امامؑ نے فرمایا: بخدا میں بھی یہی دیکھ رہا ہوں۔ یہ کیفیت دیکھ کر امام عالی مقامؑ نے فرمایا: کیا یہاں کوئی ایسی جگہ نہیں ہے جسے پشت پر قرار دیتے ہوئے دشمن کا مقابلہ کر سکیں۔

بارھویں منزل: زوحسم اور حُر سے ملاقات

اصحاب نے عرض کیا: یہ آپؑ کی بائیں طرف ذُوحسم کی پہاڑی موجود ہے۔ اگر ہم وہاں دشمن سے پہلے پہنچ جائیں تو یہ مقصد بآسانی حاصل ہو سکتا ہے۔ چنانچہ امام علیہ السلام بائیں طرف متوجہ ہوئے۔ اصحاب نے بھی اسی طرف کا رخ کیا۔ ادھر دشمن کی فوج بھی قریب آ پہنچی جب جنہوں نے امام عالی مقامؑ کے قافلہ کا ادھر رُخ دیکھا تو وہ بھی اسی طرف متوجہ ہو گئے۔ مگر امام علیہ السلام نے ان سے پہلے وہاں پہنچ کر اپنے خیمے نصب کر لئے۔ اتنے میں حُر بن یزید ریاحی

---

[1] ارشاد، ص ۲۴۱۔ نفس المہموم، ص ۹۹۔ عاشر بحار، ص ۱۸۶۔

[2] کامل الزیارۃ، ص ۷۵۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

بھی قریباً ایک ہزار کا دستۂ فوج لے کر قریب آ پہنچا۔ مگر بغیر آب و گیاہ اس ریگستانی علاقہ میں امام کے سدِ راہ ہونے کے سلسلہ میں غیر معمولی تگ و دو کی وجہ سے حُر اور اس کے ہمراہیوں نیز ان کی سواریوں کا بُرا حال ہو رہا تھا۔ امامؑ جو کہ اپنے ہمراہیوں کے ساتھ سروں پر عمامے باندھے اور ہاتھوں میں تلواریں لیے ایستادہ تھے۔ جب امامؑ نے شدت پیاس سے ان کی تباہ حالی دیکھی تو رحمۃ للعالمین کے کریم نواسے سے ان کی یہ حالت دیکھی نہ گئی۔ آپؑ نے اپنے جوانوں کو حکم دیا کہ پوری فوج کو مع ان کے گھوڑوں کے سیراب کرو۔ حکم امامؑ ملتے ہی تعمیل شروع ہوگئی۔ لگن اور طشت پانی سے بھرتے اور گھوڑے کے سامنے رکھتے۔ جب وہ تین چار بار منہ بلند کر لیتا۔ تب دوسرے کے سامنے لے جاتے۔ اسی طرح سب سواروں اور سواریوں کو سیراب کیا۔ علی بن طعان محاربی (جو کہ حُر کا سپاہی تھا) بیان کرتا ہے کہ میں شدت پیاس سے بالکل نڈھال تھا۔ اور سب کے آخر میں پہنچا۔ جب امام حسینؑ نے میری اور میری سواری کی خستہ حالی کو دیکھا۔ تو آگے بڑھ کر فرمایا: ﴿انخ الراویہ!﴾ چونکہ میں "راویہ" کا مطلب مشکیزہ سمجھا تھا۔ اس لیے کلام امامؑ کا مطلب نہ سمجھ سکا۔ امامؑ نے فرمایا: ﴿انخ الجمل﴾ (اونٹ کو بٹھاؤ) میں نے اونٹ کو بٹھایا۔ حضرت نے مشکیزہ پیش کرتے ہوئے فرمایا: پانی پیو۔ مگر میری پریشان حالی کی یہ حالت تھی کہ پانی پینے کی کوشش کرتا مگر پانی زمین پر بہہ جاتا۔ امامؑ نے فرمایا: دہانے کو اپنی طرف پھیرو۔ مگر میں اپنی بدحواسی کی وجہ سے پھر بھی مطلب نہ سمجھ سکا۔ اس وقت امام علیہ السلام نے خود اٹھ کر مشکیزہ کے دہانے کو درست کیا تب میں نے سیر ہو کر پانی پیا اور اپنی سواری کو بھی پلایا۔[1]

ارشاد رب العزت ہے: ﴿اِدْفَعْ بِالَّتِیْ هِیَ اَحْسَنُ فَاِذَا الَّذِیْ بَیْنَكَ وَ بَیْنَهٗ عَدَاوَةٌ كَاَنَّهٗ وَلِیٌّ حَمِیْمٌ﴾ تم دشمن کا احسن طریقہ پر دفاع کرو۔ تمہارا جانی دشمن تمہارا خالص دوست بن جائے گا۔ امامؑ کے حسن سلوک کا حُر جیسے شریف النفس آدمی پر جس قدر اثر ہوا ہوگا۔ وہ عیاں راچہ بیاں کا مصداق ہے۔

اس اثناء میں کسی فریق نے بھی ایک دوسرے سے یہاں آنے کا مقصد معلوم کرنے کی کوئی کوشش نہ کی۔ اسی اثنا میں نمازِ ظہر کا وقت آ گیا۔ امام علیہ السلام نے حجاج بن مسروق جعفی کو اور بقولے شاہزادہ[2] علی اکبر کو حکم دیا کہ اذان کہو۔ چنانچہ انہوں نے اذان کہی۔ اس وقت امام عالی مقام خیمہ سے کاندھوں پر رداء اوڑھے ہوئے (نماز کے مخصوص لباس میں) برآمد ہوئے۔ آتے ہی ایک مختصر سا خطبہ دیا۔ خدا کی حمد و ثنا کے بعد فرمایا: ﴿ایھا الناس انی لم اتکم حتی اتتنی کتبکم و قدمت رسلکم ان اقدم علینا فانه لیس علینا امام لعل اللّٰہ ان یجمعنا بک علی الھدیٰ و الحق فان کنتم علی ذلک فقد جئتکم فاعطونی ما اطمئن الیه من عھودکم و

---

[1] ارشاد، ص ۲۴۲۔ طبری، ج ۶، ص ۲۲۷۔ نفس المہموم، ص ۱۰۰۔ عاشر بحار، ص ۱۸۷۔

[2] مقتل، ص ۲۹۶۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

مرائیفکم و ان لم تفعلوا و کنتم لقدومی کارھین انصرفت عنکم الی المکان الذی جئت منه الیکم﴾۔ ''اے لوگو! میں اس وقت تک تمہاری طرف نہیں آیا۔ جب تک تم نے خطوط لکھ کر اور قاصد بھیج کر یہ درخواست نہیں کی۔ کہ یہاں آیئے کہ ہمارا کوئی امام نہیں۔ شاید آپؑ کی وجہ سے خدا ہمیں ہدایت وحق پر مجتمع کرے۔ پس اگر تم اپنے عہد و پیمان پر قائم ہو تو میں آ گیا ہوں۔ تم مجھے اپنے عہد و پیمان کے ایفاء کا یقین دلاؤ۔ اور اگر تمہیں میرا یہاں آنا ناپسند ہے تو میں جہاں سے آیا ہوں وہاں واپس چلا جاتا ہوں۔'' مجمع میں سے کسی ایک نے بھی کوئی جواب نہ دیا۔ سب ساکت وصامت رہے۔ اس کے بعد امامؑ نے حُر سے دریافت کیا۔ کہ تم ہمارے ساتھ نماز پڑھو گے یا علیحدہ اپنے ساتھیوں کے ساتھ؟ حُر نے کہا: آپ ہی کی اقتداء میں پڑھیں گے۔ چنانچہ اقامت کہی گئی اور آنجناب نے نماز ظہر پڑھائی۔ اس کے بعد سب لوگ اپنی اپنی قیام گاہوں کی طرف چلے گئے۔[1] یعنی امام علیہ السلام اپنے خیمہ میں تشریف لے گئے اور آپؑ کے اصحاب بھی آپؑ کے ہمراہ جمع ہو گئے۔ اور حُر اپنے خیمہ میں چلا گیا۔ اور اس کے کچھ ساتھی بھی اس کے ہمراہ خیمہ میں بیٹھ گئے مگر اس کے دوسرے سپاہیوں کی حالت یہ تھی کہ گھوڑوں کی باگیں ہاتھوں میں پکڑے ان کے سایہ میں بیٹھے تھے۔[2] جب نماز عصر (کی فضیلت کا) وقت ہوا۔ تو امام حسینؑ نے اپنے ہمراہیوں کو رختِ سفر باندھنے کا حکم دیا۔ اور خود باہر تشریف لا کر نماز عصر کا اعلان فرمایا۔ چنانچہ نماز ظہر کی طرح فریقین نے آپؑ کی اقتداء میں نمازِ عصر پڑھی۔ سلام پھیر کر امام عالی مقامؑ نے خدا کی حمد وثنا کے بعد یہ خطبہ ارشاد فرمایا: ﴿اما بعد ایھا الناس فانکم ان تتقوا اللّٰہ و تعرفوا الحق لاھلہ تکن ارضٰی للّٰہ عنکم و نحن اھل بیت محمدؐ و اولٰی بولایۃ ھذا الامر علیکم من ھؤلاءِ المدعین ما لیس لھم و السائرین فیکم بالجور و العدوان و ان ابیتم الا الکراھیۃ لنا و الجھل بحقنا و کان رأیکم الأن غیر ما اتتنی بہ کتبکم و قدمت بہ علیّ رسلکم انصرفت عنکم﴾۔ ''ایہا الناس! اگر تم تقویٰ الٰہی اختیار کرو۔ اور اہل حق کا حق پہچانو۔ تو یہ بات باعثِ خوشنودیٔ خدا ہوگی۔ ہم اہل بیتؑ رسولؐ اسلامی حکومت وفرمانروائی کے ان لوگوں سے زیادہ حق دار ہیں۔ جنہوں نے غلط طور پر اس کا دعویٰ کر رکھا ہے۔ اور ظلم وستم ڈھا رہے ہیں لیکن اگر تم ہم کو ناپسند کرتے ہو۔ اور ہمارے حقوق کو نہیں پہچانتے۔ اور اب تمہاری رائے اس کے برخلاف ہے جو کچھ تم نے خطوط اور قاصدوں کے ذریعہ ظاہر کیا ہے تو میں واپس چلا جاتا ہوں۔''

---

[1] ارشاد، ص ۲۴۲، ۲۴۳۔ الاخبار الطوال، ص ۲۴۸۔ نفس المہموم، ص ۱۰۰۔

[2] ارشاد، ص ۲۴۳۔ الاخبار الطوال، ص ۲۴۷۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

آنجنابؑ کا یہ کلام صداقت التیام سن کر حُر نے مہر سکوت توڑتے ہوئے عرض کیا: ﴿انا و اللہ ما ادری ما ھذہ الکتب و الرسل التی تذکر﴾ خدا کی قسم مجھے ان خطوط اور قاصدوں کا کوئی علم نہیں ہے جن کا آپؑ تذکرہ کر رہے ہیں؟ یہ سن کر امامؑ نے عقبہ بن سمعان کو حکم دیا کہ خطوط والے خرجین لاؤ۔ چنانچہ وہ دو تھیلے لائے جو اہل کوفہ کے خطوط سے بھرے ہوئے تھے۔ امامؑ نے وہ خطوط نکال کر حُر کے سامنے پھیلا دیئے۔ حُر نے (خطوط دیکھ کر) کہا: ﴿انا لسنا من ھؤلاء الذین کتبوا الیک﴾ ہم ان لوگوں میں سے نہیں ہیں جنہوں نے آپ کو یہ خطوط لکھے ہیں۔ ہمیں تو یہ حکم دیا گیا ہے کہ جب آپ مل جائیں تو ہرگز آپؑ کا ساتھ نہ چھوڑیں یہاں تک کہ ابن زیاد کے دربار میں پیش کریں۔ امامؑ نے حُر کا یہ کلام سن کر فرمایا: ﴿الموت ادنی الیک من ذلک﴾ موت اس سے زیادہ تمہارے قریب ہے۔

اس کے بعد آپؑ نے اپنے آدمیوں کو حکم دیا کہ سوار ہو جاؤ۔ چنانچہ جب سب لوگ حتیٰ کہ مستورات بھی سوار ہو گئیں۔ تو آپؑ نے حکم دیا۔ واپس چلو۔ پس جب قافلہ واپس مڑنے لگا۔ تو حُرؑ معہ اپنی سپاہ کے سدِ راہ ہو گیا۔ امامؑ نے حُر سے فرمایا: ﴿ثکلتک امک ما ترید!﴾ تیری ماں تیرے ماتم میں بیٹھے تو کیا چاہتا ہے؟ حُر کے دل میں آل رسول کا کس قدر احترام تھا؟ اس کا اندازہ اس کے جواب سے بآسانی لگایا جا سکتا ہے جو اس نے امامؑ عالی مقام کو دیا۔ کہا: ﴿اما لو غیرک من العرب یقولھا لی ھو علی مثل الحال التی انت علیھا ما ترکت ذکر امہ بالثکل کائناً من کان ولکن واللہ مالی الی ذکر امک من سبیل الا باحسن ما نقدر علیہ!﴾ حاصل مطلب یہ ہے کہ "اگر آپؑ کے علاوہ اور کوئی بھی شخص یہ کلمہ مجھے کہتا۔ تو میں بھی ضرور اسے ویسا ہی جواب دیتا۔ مگر آپؑ کی والدۂ ماجدہؑ کا بجز خیر و خوبی کے تذکرہ نہیں کیا جا سکتا۔" امامؑ نے فرمایا: ﴿فما ترید﴾ آخر تو چاہتا کیا ہے؟ حُر نے کہا: میں چاہتا ہوں کہ آپؑ کو امیر عبیداللہ بن زیاد کے پاس لے جاؤں!

امامؑ نے فرمایا: ﴿اذاً و اللہ لا اتبعک﴾ خدا کی قسم میں تیری متابعت نہیں کروں گا۔

حُر نے کہا: ﴿اذاً و اللہ لا ادعک!﴾ بخدا میں بھی آپؑ کو ہرگز نہیں چھوڑوں گا۔ اسی طرح طرفین سے تین بار انہی خیالات کا اظہار ہوا۔ اس کے بعد حُر نے کہا: مجھے آپؑ سے لڑنے کا حکم نہیں دیا گیا بلکہ مجھے تو صرف یہ حکم دیا گیا ہے کہ جب آپؑ مل جائیں تو آپؑ اس سے اس وقت تک جدا نہ ہوں جب تک آپ کو کوفہ نہ پہنچا دوں۔ لیکن اگر آپؑ ایسا نہیں کرتے تو پھر انصاف کا صرف ایک اور طریقہ ہے وہ یہ کہ آپ کوئی ایسا درمیانی راستہ اختیار کریں جو نہ کوفہ کی طرف جاتا ہو اور نہ مدینہ کی طرف۔ اس کے بعد میں امیر کو صورت حال لکھوں گا۔ شاید خدا مجھے آپ کے ساتھ جنگ کرنے سے بچا لے۔ امام عالی مقامؑ نے حُر کی اس تجویز سے اتفاق کرتے ہوئے عذیب و قادسیہ کے راستہ

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

سے ہٹ کر بائیں طرف مڑ کر سفر کرنا شروع کیا۔ اور حُر بھی آپؑ کے ساتھ ساتھ تھوڑے فاصلے پر چل رہا تھا۔[1] راستے میں حُر نے خدمت امامؑ میں حاضر ہو کر عرض کی: ﴿انی اذکرک اللّٰہ فی نفسک فانی اشھد لئن قاتلت لتقتلن﴾ میں آپؑ کو خدا کا واسطہ دیتا ہوں کہ اپنے حال پر رحم کریں۔ میں گواہی دیتا ہوں کہ اگر آپ نے جنگ کی تو آپؑ شہید کر دیئے جائیں گے۔ امام علیہ السلام نے جواب میں فرمایا: ﴿افبالموت تخوفنی و ھل یعدو بکم الخطب ان تقتلونی و ساقول کما قال اخوا لاوس لابن عمہ و ھو یرید نصرۃ رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ و الہ فخوفہ ابن عمہ و قال این ترید فانک مقتول فقال﴾۔ کیا تم مجھے موت سے ڈراتے ہو؟ کیا تم اس سے زیادہ بھی کچھ کر سکتے ہو۔ مجھے قتل کر ڈالو۔ میں تو وہی بات کہوں گا جو بنی اوس کے ایک شخص نے اپنے چچازاد بھائی سے کہی تھی۔ جب کہ وہ نصرت رسولؐ کے لیے جا رہا تھا اور اس کے چچازاد بھائی نے اسے موت سے ڈراتے ہوئے کہا تھا کہ تو قتل ہو جائے گا۔ اس نے جواب میں کہا تھا ؎

سامضی فما بالموت عارٌ علی الفتیٰ — اذا ما نویٰ حقا و جاھد مسلماً

و واسی الرجال الصالحین بنفسہ — و فارق مثبوراً و خالف مجرماً

فان عشت لم اندم و ان مت لم الم — کفیٰ بک ذلاً ان تعیش و ترغماً[2]

ایضاح

ملہوف سید بن طاؤس اور ناسخ التواریخ[3] سے تو یہ مترشح ہوتا ہے کہ حُر کے پاس ابن زیاد کے تہدیدی خط آنے کے بعد امام عالی مقامؑ نے اپنے اصحاب کے عزم و ارادہ کی پختگی کا جائزہ لینے اور انہیں انجام کار سے آگاہ کرنے کے لیے عذیب الہجانات کے مقام پر درج ذیل خطبہ دیا لیکن مؤرخ طبری[4] کے کلام سے ظاہر ہوتا ہے (اور اکثر علماء[5] نے بھی اسے ہی اختیار کیا ہے) کہ منزل ذی حسم کے مقام پر حُر سے پہلی ملاقات کے بعد یہ خطبہ ارشاد فرمایا۔ اس لیے ہم بھی اسے اسی مقام پر درج کرتے ہیں۔ حمد و ثنائے خدا و درود بر مصطفیٰؐ کے بعد فرمایا: ﴿اما بعد انہ قد نزل من الامر ما قد ترون و ان الدنیا قد تغیرت و تنکرت و ادبر معروفھا و استمرت خذاء

---

[1] ارشاد، ص ۲۴۴۔ طبری، ج ۶، ص ۲۲۸۔ نفس المہموم، ص ۱۰۱۔ عاشر بحار، ص ۱۸۷۔ ناسخ التواریخ، ج ۶، ص ۲۱۶۔ ملہوف، ص ۶۸۔

[2] ارشاد، ص ۲۴۴۔ عاشر بحار، ص ۱۸۷۔ مقتل الحسین للمقرم، ص ۱۹۷ وغیرہ۔

[3] ملہوف، ص ۶۹۔ ناسخ، ج ۶، ص ۲۱۷۔

[4] طبری، ج ۶، ص ۲۲۹۔

[5] نفس المہموم، ص ۱۰۲۔ قمقام، ص ۲۹۹ وغیرہ۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

فلم یبق منها الاصبابة کصبابة الاناء و خسیس عیش کالمرعی الوبیل الا ترون ان الحق لا یعمل به و ان الباطل لا یتناهی عنه لیرغب المؤمن فی لقاء اللّٰہ محقاً فانی لا اری الموت الّا سعادة (شهادة) ولا الحیوة مع الظالمین الّا برماً﴾۔ ''ایہا الناس! جو بلاء و مصیبت نازل ہوئی ہے۔ وہ تم دیکھ رہے ہو۔ دنیا کی حالت یکسر بدل گئی ہے۔ اور اس کی خیر و خوبی منہ پھیر گئی ہے۔ اور اگر کچھ باقی بھی ہے تو وہ اس قدر قلیل ہے جیسے پیالہ میں تلچھٹ۔ ان حالات میں زندگی گزارنا اس طرح مشکل ہے جس طرح وباء والی چراگاہ میں جینا ناگوار ہوتا ہے۔ کیا تم دیکھ نہیں رہے کہ حق پر عمل درآمد نہیں ہو رہا۔ اور باطل سے روکا نہیں جاتا۔ ان حالات میں مؤمن بارگاہ احدیت میں حاضر ہونے میں رغبت کرتا ہے۔ میرا خیال ہے کہ ان حالات میں مرجانا شہادت (یا سعادت) ہے اور ظالموں کی جماعت کے ساتھ زندہ رہنا ذلت و رسوائی ہے۔''

امامؑ کا کلام حقیقت ترجمان ختم ہوتے ہی جناب زہیر بن القین کھڑے ہوگئے اور اصحاب حسینؑ سے کہا: تم گفتگو کروگے یا میں کروں۔ سب نے کہا: تم ہی کرو۔ چنانچہ زہیر نے حمد و ثناء الٰہی کے بعد کہا: ﴿قد سمعنا هداک اللّٰہ یابن رسول اللّٰہ مقالتک و اللّٰہ لو کانت الدنیا لنا باقیة و کنا فیها مخلّدین الا ان فراقها فی نصرک و مواساتک لاٰثرنا الخروج معک علی الاقامة فیها﴾۔ ''فرزند رسولؐ! ہم نے آپ کی گفتگو سنی ہے۔ خدا کی قسم اگر بالفرض دنیا دائمی ہوتی اور ہم نے اس میں ہمیشہ زندہ رہنا ہوتا۔ تب بھی آپ کی نصرت میں اس دائمی زندگی پر آپؑ کے ساتھ مرنے کو ترجیح دیتے۔

امامؑ نے ان کے حق میں دعائے خیر فرمائی۔ اور وہ بیٹھ گئے۔[1] اس کے بعد جناب نافع بن ہلال کھڑے ہوئے اور کہا: ﴿و اللّٰہ ما کرهنا لقاء ربّنا و انا علی نیاتنا و بصائرنا نوالی من والاک و نعادی من عاداک﴾ خدا کی قسم ہم ہرگز بارگاہ قدرت میں حاضر ہونا ناپسند نہیں کرتے۔ ہم اپنی دینی بصیرت اور صاف نیت پر قائم ہیں۔ ہم اس سے دوستی کریں گے؟ جو آپؑ سے دوستی کرے گا اور اس سے دشمنی کریں گے جو آپ سے دشمنی کرے گا۔

اس کے بعد جناب بریر بن خضیر نے کھڑے ہوکر کہا: ﴿و اللّٰہ یابن رسولؐ اللّٰہ لقد مّن اللّٰہ بک علینا ان نقاتل بین یدیک نقطع فیک اعضائنا ثم یکون جدّک شفیعنا یوم القیامة﴾[2]۔ ''اے فرزند رسولؐ! خدا کی قسم! یہ خداوند عالم نے ہم پر احسان فرمایا ہے کہ اس نے ہمیں توفیق دی ہے کہ آپؑ کے ہمرکاب

---

[1] طبری، ج ۶، ص ۲۹۹۔

[2] ملہوف، ص ۷۰۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

ہوکر دشمنانِ دین سے) جہاد کریں۔ اور اس میں ہمارے اعضاء و جوارح کے ٹکڑے ٹکڑے ہو جائیں اور پھر بروز قیامت آپؐ کے جد نامدار ہمارے شفیع ہوں۔"

تیرہویں منزل: بیضہ

منزل ذی حسم سے روانہ ہوکر جناب سید الشہداءؑ منزل بیضہ پر پہنچے جو کہ واقصہ اور عذیب الہجانات کے درمیان واقع ہے۔ اس منزل کا کوئی خاص واقعہ قابل ذکر نہیں ہے۔ سوائے اس خطبۂ مبارکہ کے جو جناب امام حسین علیہ السلام نے اس مقام پر حُر اور اس کی سپاہ کے سامنے دیا۔ حمد و ثنائے الٰہی کے بعد فرمایا: ﴿ایھا الناس ان رسولَ اللّٰہ قال من رأی سلطاناً جائراً مستحلاً لحرام اللّٰہ ناکثاً لعھد اللّٰہ مخالفاً لسنۃ رسول اللّٰہ یعمل فی عباد اللّٰہ بالاثم و العدوان فلم یغیّر علیہ بفعل ولا قول کان حقّا علی اللّٰہ ان یدخلہ مدخلہ الاوان ھؤلاء قد لزموا طاعۃ الشیطان و ترکوا طاعۃ الرحمٰن و اظھروا الفساد و عطلوا الحدود و استأثروا بالفیٔ و احلوا حرام اللّٰہ و حرموا حلالہ و انا احق من غیر و قد اتتنی کتبکم و قدمت علی رسلکم ببیعتکم انکم لا تسلمونی ولا تخذلونی فان اقمتم علی بیعتکم تصیبوا رشدکم فانا الحسینؑ ابن علیؑ و ابن فاطمۃ بنت رسولَ اللّٰہ نفسی مع انفسکم و اھلی مع اھلیکم فلکم فی اسوۃ و ان لم تفعلوا و نقضتم عھدکم و خلعتم بیعتی من اعناقکم فلعمری ما ھی لکم بنکر لقد فعلتموھا بابی و اخی و ابن عمی مسلم. و المغرور من اغترّ بکم فحظکم اخطأتم و نصیبکم ضیعتم ومن نکث فانما ینکث علی نفسہ و سیغنی اللّٰہ عنکم والسّلام علیکم و رحمۃ اللّٰہ و برکاتہ[1]﴾۔ "ایہا الناس! جناب رسول خدا ﷺ کا ارشاد ہے: جو کسی ایسے ظالم بادشاہ کو دیکھے جو خدا کے حرام کو حلال کرنے والا۔ اس کے عہد و پیمان کو توڑنے والا اور سنت رسولؐ کی خلاف ورزی کرنے والا ہو۔ اور بندگانِ خدا کے ساتھ خلافِ شرع سلوک کرنے والا ہو۔ اور پھر اپنے قول یا فعل کے ساتھ اسے نہ ٹوکے۔ تو خدا پر لازم ہوگا کہ اسے اپنے مقام (جہنم) میں داخل کرے۔ ان لوگوں (بنی امیہ) نے خدائے رحمٰن کی اطاعت کا جوا اپنی گردنوں سے اتار کر شیطان کی پیروی کا قلادہ گلے میں ڈال لیا ہے۔ زمین آتش فتنہ و فساد سے فروزاں کر رکھی ہے۔ اور حدودِ خداوندی کو معطل کر کے رکھ دیا گیا ہے۔ ان لوگوں نے مال خدا کو اپنا ذاتی مال سمجھ لیا ہے۔ یہ لوگ حرام کو حلال اور حلال کو حرام قرار دے رہے ہیں۔ حالانکہ میں اس منصب و مقام کا ان تمام لوگوں سے زیادہ حقدار ہوں۔ تمہارے متعدد خطوط اور پیغامبر میرے پاس آئے۔ کہ تم نے میری بیعت کر لی ہے۔ اور یہ کہ تم ہرگز میرا ساتھ نہیں چھوڑو گے۔ لہٰذا اگر تم اب

---

[1] طبری، ج ۶، ص ۲۲۹۔ نفس المہموم، ص ۱۰۲ وغیرہ۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

بھی اپنی کی ہوئی بیعت پر قائم رہو گے۔ تو رشد و ہدایت پاؤ گے۔ میں علیؑ اور فاطمہؑ دختر رسولؐ کا فرزند ہوں۔ اس وقت میری جان تمہاری جانوں کے ساتھ، میرے اہل تمہارے اہل و عیال کے ساتھ ہیں۔ اور میرا کردار تمہارے لیے نمونہ اور قابل تأسّی ہے۔ اور اگر تم نے میری بیعت توڑ دی ہے اور اطاعت کا قلادہ گلے سے اتار پھینکا ہے تو یہ بات تم سے کوئی انوکھی اور تعجب خیز نہیں ہے۔ تم اس سے پہلے میرے والدؑ، میرے بھائیؑ، اور میرے ابن عم مسلمؑ کے ساتھ ایسا سلوک کر چکے ہو۔ بے شک فریب خوردہ شخص وہی ہے جو تمہاری وجہ سے دھوکہ کھا جائے۔ بہر حال تم نے (یہ بیعت توڑ کر) اپنے حصہ (ثواب) کو ضائع و اکارت کیا ہے۔ جو بیعت کر کے توڑے گا۔ وہ اپنا نقصان کرے گا۔ خداوند عالم عنقریب مجھے تم سے بے نیاز کر دے گا۔ والسلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔"

چودھویں منزل: عذیب الہجانات

منزل بیضہ سے روانہ ہو کر جناب سید الشہداؑ نے عذیب الہجانات کے مقام پر قیام کیا۔ تھوڑے فاصلہ پر حُر نے بھی اپنے سپاہیوں سمیت قیام کیا۔ اسی منزل پر کوفہ سے آتے ہوئے چار آدمی اپنی اپنی سواریوں پر سوار وارد ہوئے اور ان کے ہمراہ نافع بن ہلال بجلی کا "کامل" نامی ایک کوتل گھوڑا بھی تھا۔ یہ چار شخص عمر بن خالد صیداوی، اس کا غلام سعد، مجمع بن عبد اللہ مذحجی اور ایک اور شخص تھے۔ اور پانچویں بزرگ جو ان کے دلیل (راستہ بتانے والے تھے) وہ طرماح بن عدی تھے۔[1] جب یہ لوگ امام عالی مقام کی خدمت میں حاضر ہوئے تو حُر (جو کہ ناکہ بندی پر مامور تھا) یہ کہتے ہوئے کہ "یہ اہل کوفہ ہیں اس لیے میں ان کو گرفتار کرتا ہوں۔ یا واپس کوفہ بھجواتا ہوں۔" آگے بڑھا۔ مگر امام علیہ السلام نے یہ فرما کر کہ اب چونکہ یہ لوگ میرے پاس پہنچ گئے ہیں۔ لہٰذا یہ میرے انہی اعوان و انصار کی طرح ہیں جو پہلے سے میرے ساتھ آئے ہیں۔ لہٰذا اب یہ میری حفاظت میں ہیں۔ یہ سن کر حُر رُک گیا۔[2] اس کے بعد جناب امام حسینؑ نے ان سے اہل کوفہ کے حالات دریافت کیے۔ مجمع بن عبد اللہ نے کہا: ﴿اما اشراف الناس فقد اعظمت رشوتهم و ملئت غرائرهم يستمال ودّهم و يستخلص به نصيحتهم فهم الب و احد عليك و اما سائر الناس بعدهم فان قلوبهم تهوى اليك و سيوفهم غدا مشهورة عليك﴾ جہاں تک بڑے آدمیوں کا تعلق ہے ان کو بڑی بڑی بھاری رشوتیں دی گئی ہیں اور مال و دولت کے ذریعہ ان کی ہمدردیاں حاصل کی گئی ہیں۔ اس لیے وہ سب کے سب آپ کے برخلاف ہیں۔ باقی رہے عام لوگ تو ان کے دل تو آپ کی طرف مائل ہیں۔ مگر کل اُن کی تلواریں آپ کے خلاف ہی میان سے باہر آئیں گی۔ اس کے بعد امام عالی

---

[1] تمقام، ص ۲۹۹، ۳۰۰۔ نفس المہموم، ص ۱۰۲۔ مقتل الحسین للمقرم، ص ۱۹۹، ۲۰۰ وغیرہ۔

[2] تمقام، ص ۲۹۹، ۳۰۰۔ نفس المہموم، ص ۱۰۲۔ مقتل الحسین للمقرم، ص ۱۹۹، ۲۰۰ وغیرہ۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

مقامؑ نے اپنے قاصد قیس بن مسہر صیداوی کا حال دریافت کیا۔ انہوں نے اس کی شہادت کی پوری کیفیت بیان کی۔ امامؑ آبدیدہ ہوکر اس آیت کی تلاوت کی: ﴿فَمِنْهُمْ مَّنْ قَضٰى نَحْبَهٗ وَ مِنْهُمْ مَّنْ يَّنْتَظِرُ وَمَا بَدَّلُوْا تَبْدِيْلًا﴾ (پ۲۱، س احزاب، ع۱۹) بعدازاں ان کے حق میں یوں دعا کی: ﴿اللّٰهم اجعل لنا ولهم الجنة نزلاً و اجمع بيننا و بينهم فی مستقر رحمتک و غائب مذخور ثوابک﴾ بارالہا! ہمارے اور ان کے لیے جنت کو قیام گاہ بنا اور ہمیں اور ان کو اپنی رحمت کی قرارگاہ اور اپنے ثواب کے پوشیدہ خزائن میں اکٹھی جگہ عطا فرما۔[1]

پھر طرماح بن عدی نے خدمتِ امامؑ میں عرض کیا: میرے آقا! آپؑ کے ساتھ تو کوئی آدمی ہی نہیں۔ آپ کے ساتھ تو اگر صرف یہی لوگ (حُر اور اس کے لشکری) جنگ کریں تو کافی ہوں گے۔ حالانکہ میں نے کوفہ کے باہر اس قدر لشکر کثیر دیکھا ہے کہ اتنا بڑا لشکر اس سے قبل میری آنکھوں نے نہیں دیکھا۔ میں نے اس اجتماع کا سبب دریافت کیا تھا۔ تو مجھے بتایا گیا کہ یہ اس لیے جمع کیا گیا ہے کہ یہاں اس کا جائزہ لیا جائے گا پھر اسے حسینؑ کے ساتھ لڑنے کے لیے بھیجا جائے گا۔ میں آپؑ کو خدا کا واسطہ دیتا ہوں کہ اگر ہو سکے تو ان کی طرف ایک بالشت بھی آگے نہ بڑھیے۔ اور اگر آپؑ کوئی محفوظ جگہ چاہتے ہیں تو ہمارے ساتھ ہمارے پہاڑ "آجا" پر تشریف لائیے۔ جہاں غسان و حمیر کے بادشاہ اور نعمان بن منذر جیسے سلاطین بھی ہم پر قابو نہیں پا سکے۔ میں ذمہ داری لیتا ہوں کہ ہفتہ عشرہ کے اندر بنی طے کے پورے بیس ہزار آدمی آپؑ کی نصرت کے لیے حاضر ہوں گے۔ اور جب تک ان کا ایک متنفس آدمی زندہ ہے۔ کوئی دشمن آپ تک نہیں پہنچ سکے گا۔ امام علیہ السلام نے طرماح کی اس پیش کش پر اسے اور اس کی قوم کو دعائے خیر دی۔ اور یہ فرما کر اسے قبول کرنے سے معذرت چاہی کہ ﴿قد كان بيننا و بين هؤلاء القوم (عهداً و ميثاقاً) قول لسنا نقدر معه على الانصراف ولا ندری علی ما تنصرف بنا و بهم الامور فی عاقبة﴾[2] ہم اس قوم (اہل کوفہ) سے عہد و پیمان کر چکے ہیں۔ اس کی موجودگی میں ہم کسی اور طرف نہیں جا سکتے۔ نہ معلوم ان کا اور ہمارا معاملہ بالآخر کہاں تک منجر ہو۔

طرماح نے امام علیہ السلام سے اس قدر مہلت طلب کی کہ وہ گھر جا کر اپنے اہل و عیال کو خرچ خوراک پہنچا آئیں۔ پھر جلدی آپؑ کی خدمت میں نصرت کے لیے حاضر ہو جائیں گے۔ چنانچہ امام علیہ السلام نے ان کو اجازت دی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اگرچہ حسب وعدہ طرماح بہت جلد اپنے اہل و عیال کو خرچ پہنچا کر واپس آئے مگر جب وہ اسی مقام عذیب الہجانات پر پہنچے تو ان کو اطلاع ملی کہ حضرت امام حسینؑ شہید کر دیے گئے اس لیے واپس چلے گئے۔[3]

---

[1] تمقام، ص۲۹۹، ۳۰۰۔ نفس المہموم، ص۱۰۲۔ مقتل الحسین للمقرم، ص۱۹۹، ۲۰۰ وغیرہ۔

[2] طبری، ج۶، ص۲۳۱۔ نفس المہموم، ص۱۰۴۔

[3] طبری، ج۶، ص۲۳۱۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

پندرہویں منزل: قصر بنی مقاتل

عذیب الہجانات سے روانہ ہوکر حضرت امام حسین علیہ السلام قصر بنی مقاتل کے مقام پر پہنچے۔ امامؑ نے وہاں قیام فرمایا۔ دیکھا وہاں کچھ خیمے نصب ہیں۔ دریافت کرنے پر معلوم ہوا کہ یہ عبیداللہ بن حر جعفی کے خیمے ہیں۔ جو کہ کوفہ کے مشہور شہسواروں میں سے تھا۔ امام علیہ السلام نے حجاج بن مسروق جعفی رضوان اللہ علیہ کو اسے بلانے کے لیے بھیجا۔ جب قاصد نے جا کر امامؑ کا پیغام دیا تو اس بدقسمت نے کہا: ﴿اِنَّا لِلّٰہِ وَ اِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ﴾ میں نے تو کوفہ اسی لیے چھوڑا تھا کہ جب امام حسینؑ کوفہ میں داخل ہوں تو میں وہاں موجود نہ ہوں۔ میں ہرگز نہیں چاہتا کہ وہ مجھے دیکھیں۔ یا میں ان کو دیکھوں۔ قاصد نے خدمتِ امامؑ میں حاضر ہوکر تمام ماجرا بیان کیا۔ امام علیہ السلام خود بہ نفس نفیس چل کر اس کے پاس تشریف لے گئے۔ اور اسے دعوتِ نصرت دی لیکن عبیداللہ نے اپنے سابقہ کلام کا اعادہ کر کے امامؑ کا ساتھ دینے سے معذرت ظاہر کی۔ امامؑ نے دوبارہ اسے اس سعادت کے حاصل کرنے کی دعوت دی۔ مگر اس کے بخت نے یاوری نہ کی اور اس بدقسمت نے اس سعادت کو حاصل کرنے سے انکار کر دیا۔ اور ٹال مٹول سے کام لیا۔ بالآخر امامؑ نے فرمایا: ﴿فان لم تنصرنا فاتق اللّٰہ ان تکون ممن یقاتلنا فو اللّٰہ لا یسمع و اعیتنا احد ثم لا ینصرنا الا ھلک﴾ اگر تم ہماری نصرت نہیں کرتے تو کم از کم خیال رکھنا ان لوگوں میں سے نہ ہونا جو ہم سے جنگ کریں گے کیونکہ جو شخص ہماری آواز استغاثہ کو سنے گا اور پھر ہماری نصرت نہیں کرے گا وہ ہلاک و برباد ہو جائے گا۔ اس نے کہا: البتہ ایسا ہرگز نہ ہوگا۔ اس کے بعد امامؑ اٹھ کر واپس اپنی قیام گاہ پر آ گئے۔[1] تاریخ شاہد ہے کہ جب تک عبیداللہ زندہ رہا۔ اس سعادت سے محرومی پر کفِ افسوس ملتا رہا اور وہ امیر مختار کے ساتھ انتقامی کارروائیوں میں شریک بھی ہوا تھا۔ وہ ہمیشہ کہا کرتا تھا ؎

فیا لک حسرۃ ما دمت حیا — ترود بین صدری و التراقی
ولو انی اواسیہ بنفسی — لنلت کرامۃ یوم التلاق
لقد فاز الاولی نصروا حسینا — و خاب الآخرون ذوی النفاق[2]

اسی مقام پر آنجنابؑ کی عمرو بن قیس مشرقی اور اس کے چچازاد بھائی سے بھی ملاقات ہوئی۔ آپؑ نے ان سے دریافت فرمایا: کیا تم میری نصرت کے لیے آئے ہو؟ انہوں نے عرض کیا: ہم کثیر العیال آدمی ہیں اور ہمارے پاس لوگوں کی امانتیں ہیں۔ نہ معلوم انجام کیا ہو؟ اور کہیں لوگوں کی امانتیں ضائع نہ ہو جائیں۔ ان سے بھی امامؑ عالی

---

[1] ارشاد، ص ۲۴۵۔ نفس المہموم، ص ۱۰۵۔ عاشر بحار، ص ۱۸۸ وغیرہ۔

[2] نفس المہموم، ص ۱۰۶۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

مقام نے بالآخر وہی نصیحت فرمائی جو عبید اللہ کو فرمائی تھی کہ "دور ہو جاؤ۔ نہ مجھے دیکھو۔ اور نہ میری آواز استغاثہ کو سنو۔ ورنہ جو اس آواز کو سنے گا اور پھر نصرت نہیں کرے گا تو خدا اسے آتش جہنم میں منہ کے بل اوندھا لٹکائے گا۔"[1]

جناب امام حسینؑ نے رات قصر بنی مقاتل میں گزاری۔ رات کے آخری حصہ میں جنابؑ نے وہاں سے کوچ کرنے کا حکم دیا۔ اور روانگی سے قبل آپ کے حکم سے کافی پانی ہمراہ لے لیا گیا۔ چنانچہ قافلہ رواں ہوا۔ ابھی تھوڑا راستہ طے کیا تھا کہ جناب سید الشہداء کو ﴿اِنَّا لِلّٰہِ وَ اِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ وَ الْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ﴾ پڑھتے ہوئے سنا گیا۔ دو تین دفعہ آپؑ نے ایسا کہا۔ شہزادہ علی اکبرؑ نے جو گھوڑے پر سوار تھے آگے بڑھ کر عرض کیا کہ بابائے بزرگوار! ان کلمات کے پڑھنے کا سبب کیا ہے؟ آپؑ نے فرمایا: ﴿انی خفقت خفقة فعنّ لی فارس علی فرس وھو یقول القوم یسیرون و المنایا تسری الیھم فعلمت انّھا انفسنا نعیت الینا﴾ "(ابھی ابھی گھوڑے پر) میری آنکھ لگ گئی تھی۔ میں نے عالم خواب میں ایک سوار کو دیکھا جو یہ کہہ رہا ہے کہ یہ لوگ تو چل رہے ہیں۔ اور موت ان کی طرف آ رہی ہے۔ پس میں نے معلوم کر لیا ہے کہ ہمیں موت کی اطلاع دی گئی ہے۔" یہ سن کر شہزادہ نے عرض کیا: ﴿یا ابت لا اراک اللّٰہ سوء السنا علی الحق؟﴾ اے پدر بزرگوار! خدا آپ کو کبھی کوئی برائی نہ دکھائے۔ کیا ہم حق پر نہیں ہیں۔ آپ نے فرمایا: ﴿بلی والذی الیہ مرجع العباد﴾ اس خدا کی قسم جس کی طرف تمام بندوں کی بازگشت ہے۔ یقیناً ہم حق پر ہیں۔ شہزادہ نے کہا: ﴿فانا اذاً لا نبالی ان نموت محقین﴾ پھر ہمیں کوئی اندیشہ نہیں کہ حق پر ہمیں موت آ جائے! شہزادہ کا یہ جواب باصواب سن کر امامؑ نے فرمایا: ﴿جزاک اللّٰہ من ولد خیر ما جزیٰ ولداً عن والدہ﴾ "بیٹا! جو بہترین جزا کسی بیٹے کو باپ کی طرف سے مل سکتی ہے وہ جزا خدا تمہیں عطا فرمائے۔"[2]

سولہویں منزل: نینوا

سرکار سید الشہداء علیہ السلام قصر بنی مقاتل سے روانہ ہو کر برابر راستہ طے کرتے ہوئے نینوا کی سرزمین میں پہنچے۔ نینوا، غاضریہ اور شفیہ وہاں اس زمانہ میں چھوٹی چھوٹی بستیاں تھیں۔ حُر بھی اپنی سپاہ سمیت ساتھ ساتھ تھا۔ جب قافلہ اس مقام پر پہنچا۔ تو کوفہ کی طرف سے ایک مسلح ناقہ سوار آتا ہوا دکھائی دیا۔ اسے دیکھ کر سب رک گئے۔ جب قریب آیا تو اس نے حُر اور اس کے ساتھیوں پر سلام کیا۔ مگر امام حسینؑ اور ان کے اصحاب کو سلام نہ کیا۔ بعد ازاں اس

---

[1] مقتل الحسین للمقرم، ص ۲۰۴۔ عقاب الاعمال، ص ۳۵۔ رجال کشی، ص ۷۴۔ بحوالہ مقتل الحسین للمقرم، ص ۲۰۵۔

[2] ارشاد، ص ۲۴۵۔ مقتل عوالم میں اس واقعہ کا بمقام عذیب بوقت قیلولہ اور خوارزمی نے بمقام ثعلبیہ بوقت قیلولہ ذکر کیا ہے مگر معتبر روایت وہی ہے جو ارشاد شیخ مفید میں مذکور ہے۔ فلا تغفل۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

نے حُر کو ابن زیاد کا ایک خط دیا جس میں لکھا تھا: ﴿اما بعد فجعجع بالحسینؑ حین تاتیک کتابی هذا و یقدم علیک رسولی ولا تنزله الا بالعراء فی غیر خضر (حصن) و علی غیر ماء و قد امرت رسولی ان یلزمک ولا یفارقک حتی یاتینی بانفاذک امری والسلام﴾۔ "جب تمہیں میرا خط ملے تو وہیں حسینؑ کو روک لو۔ اور ان کو بے آب و گیاہ جگہ پر اترنے پر مجبور کر دو۔ میں نے اپنے قاصد کو کہہ دیا ہے کہ یہ تمہارے ساتھ رہے۔ یہاں تک کہ میرے حکم کی تعمیل کی مجھے اطلاع دے۔" معلوم ہوتا ہے کہ ابن زیاد کو حُر کی نرم روی کی اطلاع مل گئی تھی۔ اس لیے اس نے یہ تہدیدی خط لکھا اور اس کے ساتھ ساتھ جاسوس بھی مقرر کر دیا۔

بہر حال حُر نے امامؑ عالی مقام کو خط کے مضمون سے آگاہ کیا اور کہا کہ اب میں تعمیل حکم کے لیے مجبور ہوں۔ امامؑ نے فرمایا: مجھے غاضریہ، نینوا یا شفیہ میں اترنے کی اجازت دے دو۔ حُر نے کہا: مجھے تو حکم ہے کہ بے آب و گیاہ مقام پر آپؑ کو اتاروں۔ اور یہ نگران موجود ہے لہٰذا میں ایسا نہیں کر سکتا۔[1] یزید بن مہاجر کندی نے ابن زیاد کے قاصد کو غضب ناک نظروں سے دیکھتے ہوئے فرمایا: ﴿ثکلتک امک ماذا جئت فیه﴾ تیری ماں تیرے سوگ میں بیٹھے تو یہ کیسا خط لایا ہے؟ ابن زیاد کے قاصد نے (جس کا نام مالک بن نسیر کندی[2] تھا) کہا: ﴿اطعت امامی و وفیت ببیعتی﴾ میں نے امام کی اطاعت کی ہے اور اپنی بیعت کی وفا کی۔ ابن مہاجر نے جواب میں کہا: ﴿بل عصیت ربک و اطعت امامک فی هلاک نفسک و کسبت العار و النار و بئس الامام امامک قال اللّٰه تعالیٰ و جعلناهم ائمة یدعون الی النار و یوم القیمة لا ینصرون فامامک منهم﴾۔ "بلکہ تو نے اپنے پروردگار کی نافرمانی کی ہے اور اپنے امام کی اطاعت کر کے اپنے آپ کو ہلاک و برباد کیا ہے اور عار و نار کو حاصل کیا ہے۔ بہت ہی برا ہے۔ تیرا امام۔ خدا فرماتا ہے: کچھ ایسے امام بھی ہیں جو لوگوں کو جہنم کی طرف بلاتے ہیں اور بروز قیامت ان کی کوئی امداد نہیں کی جائے گی۔ تیرا امام یزید بھی انہی اماموں میں سے ہے۔"[3]

بہر حال ان حالات میں اصحاب حسینؑ کے اندر غیر معمولی جوش پیدا ہوا۔ چنانچہ جناب زہیر بن قین نے خدمت امام میں عرض کیا: میرے آقا حالات نے جو صورت اختیار کر لی ہے وہ ظاہر ہے ابھی ان لوگوں سے نمٹ لینا چاہیے کیونکہ بعد میں اس قدر کثیر فوج آ جائے گی کہ جس کے مقابلہ کی ہمیں تاب و توانائی نہ ہوگی۔ مگر امامؑ نے یہ جواب باصواب دے کر اپنی صلح جوئی پر مہر ثبت کر دی کہ ﴿ما کنت لابدأ هم بالقتال﴾ میں ہرگز جنگ کی ابتداء نہیں کرنا چاہتا۔[4]

---

[1] ارشاد، ص ۲۴۶۔ نفس المہموم، ص ۱۰۸۔ مقتل الحسین، ص ۲۰۶۔ الاخبار الطوال، ص ۲۵۳۔ [2] نفس المہموم، ص ۱۰۹۔
[3] ارشاد، ص ۲۴۶۔ نفس المہموم، ص ۱۰۹۔ [4] ارشاد، ص ۲۴۶۔ طبری، ج ۶، ص ۲۳۲ وغیرہ۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

کربلا میں ورود

اس کے بعد امامؑ نے حُر سے فرمایا: ہمیں تھوڑا سا آگے چلنے دو۔ چنانچہ ابھی آپؑ نے تھوڑا ہی راستہ طے کیا تھا کہ حُر اپنی سپاہ کے ساتھ آگے آ کر سدِ راہ ہو گیا۔ امامؑ نے دریافت کیا: ﴿ما اسم هذه الارض﴾ اس جگہ کا کیا نام ہے؟ عرض کیا گیا کہ اسے کربلا کہتے ہیں۔ ﴿فدمعت عيناه و قال اللّٰهم انّی اعوذ بک من الكرب و البلاء﴾ سید الشہداءؑ نے آبدیدہ ہو کر کہا: یا اللہ ہم کرب و بلا سے تیری پناہ مانگتے ہیں۔ پھر یہ بھی فرمایا: ﴿هذا موضع كرب و بلاء﴾ یہ رنج والم کا مقام ہے۔ اس کے بعد حکم دیا: ﴿انزلوا﴾ یہاں اترو کیونکہ ﴿هاهنا محطّ رحالنا و مسفک دمائنا و هنا محل قبورنا بهذا حدثنی جدّی رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه و اله﴾ یہی ہماری سواریاں بٹھانے کی جگہ ہے۔ یہی ہمارے خون بہائے جانے کا مقام ہے۔ یہی ہماری قبروں کا محل ہے۔ میرے جد نامدار جناب رسول خداﷺ نے مجھے اسی جگہ کی اطلاع دی[1] تھی۔

یہ دو محرم ۶۱ھ بروز پنجشنبہ کا واقعہ ہے۔[2] وہاں اترنے کے بعد آنجنابؑ نے اپنے اصحاب سے فرمایا: ﴿الناس عبيد الدّنيا و الدّين لعق على السنتهم يحوطونهٗ مادّرت معايشهم فاذا محصوا بالبلاء قل الديّانون﴾ عام لوگ دنیا کے بندے ہیں اور انہوں نے دین کو چاٹا بنایا ہوا ہے۔ وہ دین سے اس وقت تک وابستہ رہتے ہیں۔ جب تک ان کی معیشت ٹھیک رہے لیکن جب کسی آزمائش کا وقت آ جائے تو دیندار لوگ بہت ہی قلیل ثابت ہوتے ہیں۔[3]

جب خیام حسینیؑ نصب ہو چکے تو روایات میں وارد ہے کہ سرکار سید الشہداءؑ نے سب سے پہلا کام یہ کیا کہ: ﴿جمع ولده و اخوته و اهلبيته و ثم نظر اليهم فبكى ساعة ثم قال اللّٰهم انا عترة نبيک محمد وقد اخرجنا و طردنا و ازعجنا عن حرم جدّنا و تعدّت بنو اميّة علينا اللّٰهم فخذلنا بحقنا و انصرنا على القوم الظّالمين﴾

آپؑ نے اپنے تمام اعزہ و اقارب کو اکٹھا کیا اور ایک ساعت تک ان کی طرف دیکھنے کے بعد رو دیئے۔ اور بارگاہِ قدرت میں عرض کیا۔ یا اللہ ہم تیرے نبی محمدؐ کی عترت ہیں۔ ہمیں زبردستی اپنے جد نامدار کے حرم سے دور کیا

---

[1] لہوف سید بن طاؤس، ص ۷۱۔ نفس المہموم، ص ۱۱۱۔ عاشر بحار، ص ۱۸۸۔ مقتل الحسین للمقرم، ص ۲۰۸ وغیرہ۔

[2] ارشاد، ص ۲۴۶۔ طبری، ج ۶، ص ۲۳۳۔ کامل، ج ۴، ص ۲۱ وغیرہ۔

[3] نفس المہموم، ص ۱۱۱۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

گیا ہے۔ اور بنی امیہ نے ہم پر ظلم وستم کیا ہے۔ تو ہمارے حق کو حاصل فرما۔ اور ہمیں ظالموں پر فتح ونصرت عطا کر۔[1]

امام حسین علیہ السلام کے کربلا میں تشریف لانے کے بعد یہ پہلی مجلس حسینؑ تھی۔ جو کربلا میں پڑھی گئی۔

بعض اربابِ مقاتل نے اس مقام پر امام عالی مقامؑ کا وہ خطبہ اور اصحابِ حسینؑ کے تائیدی ایمان افروز کلمات نقل کیے ہیں۔ جو ہم منزل ذی حسم کے مقام پر نقل کر چکے ہیں۔ و یمکن الجمع بالتکرار واللہ العالم بالاسرار۔

ایک مشہور واقعہ پر تنقید

''حضرت کے داخلۂ کربلا کے بعد عام طور پر ایک روایت یہ بھی مشہور ہے کہ آپؑ نے نینوا، غاضریہ کے باشندوں کو جو اس زمین کے مالک تھے۔ بلوا کر فرمایا کہ میں یہاں قتل کیا جاؤں گا۔ میرے دوست دُور دُور سے زیارت کو آئیں گے۔ اس لیے چاہتا ہوں کہ اس زمین کو میرے ہاتھ فروخت کر دو۔ وہ لوگ راضی ہوئے تو آپؑ نے ساٹھ ہزار درہم مرحمت فرمائے۔ مگر یہ روایت سوائے معمولی کتابوں کے کسی معتبر کتابوں میں نہیں پائی جاتی۔ مولوی غلام حسنین صاحب مرحوم اپنی کتاب مآتین، جلد اول کے صفحہ ۲۹۴ میں فرماتے ہیں کہ ''یہ روایت کسی کتاب میں بمضمون مندرجہ بحر المصائب نہیں پائی جاتی۔ اور آج تک مجھ کو اس کی سند نہیں ملی۔ بہر حال علامہ کنتوری نے اس روایت کو محض بحر المصائب کے حوالہ سے نقل کیا ہے۔ حالانکہ بحر المصائب تاریخی کتاب کا درجہ نہیں رکھتی بلکہ وہ بہت سی بے سروپا روایات کا مجموعہ[2] ہے۔'' واللہ العالم۔

---

[1] نفس المہموم، ص ۱۱۱۔ مقتل الحسین، ص ۲۰۸۔ وقائع ایام محرم، ص ؟؟ وغیرہ۔

[2] مجاہد اعظم، حصہ اول، ص ۱۹۸۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

﴿ بیسواں باب ﴾

دو محرم سے شبِ عاشورا تک کے حالات و واقعات

امام حسین علیہ السلام کے نام ابن زیاد کا خط

بعض کتب سیر و تواریخ میں لکھا ہے کہ جب حُر نے امامؑ کے کربلا میں ورود کی اطلاع ابن زیاد کو دی تو ابن زیاد نے اس مضمون کا ایک خط حضرت امامؑ عالی مقام کی خدمت میں بھیجا۔ ﴿اما بعد فقد بلغنی یا حسینؑ نزولک بکربلاء و قد کتب الی امیر المؤمنین یزید ان لا اتوسد الوثیر ولا اشبع من الخمیر و او الحقک باللطیف الخبیر او ترجع الی حکمی و حکم یزید والسلام﴾ "اے حسین! مجھے آپؑ کے کربلا پہنچنے کی اطلاع ملی ہے اور امیر یزید نے مجھے یہ حکم دیا ہے کہ میں اس وقت تک نہ نرم تکیہ پر سر رکھوں اور نہ عمدہ خوراک کھاؤں جب تک آپؑ کو قتل نہ کرلوں مگر یہ کہ آپؑ میرے اور یزید کے حکم کے سامنے سر تسلیم خم کردیں۔" یہ خط امامؑ کو پہنچا۔ تو آپؑ نے پڑھنے کے بعد اسے پھینک دیا اور فرمایا: ﴿لا افلح قوم اشتروا مرضات المخلوق بسخط الخالق﴾ وہ گروہ کبھی فلاح حاصل نہیں کرسکتا۔ جو خالق کی ناراضی کے عوض مخلوق کی رضامندی خریدے۔ جب قاصد نے جواب کا تقاضا کیا تو آنجنابؑ نے فرمایا: ﴿مالہ عندی جواب فقد حقت علیہ کلمۃ العذاب﴾ میرے پاس اس خط کا کوئی جواب نہیں ہے یہ ملعون عذابِ خداوندی کا مستحق بن چکا[1] ہے۔

سوم محرم الحرام کو عمر بن سعد کا چار ہزار لشکر کے ساتھ کربلا میں پہنچنا

جب عراق کے گورنر عبید اللہ بن زیاد کو امامؑ کے ورودِ کربلا کی اطلاع ملی تو اس نے امام عالی مقامؑ کے قتل و قتال کے لیے کوفہ سے فوجیں بھیجنا شروع کردیں۔ چنانچہ اکثر محقق ارباب تاریخ کے بیان کے مطابق پہلے پہل عمر بن سعد (ملعون) ۳ محرم الحرام کو چار ہزار کا لشکر جرار لے کر قتل امامؑ کے ناپاک ارادہ سے وارد کربلا ہوا۔ اس کی روانگی کا ماجرا اس طرح ہے کہ قزوین (ایران) کے مضافات میں دیلمیوں نے خروج کرکے سرحدی علاقہ میں "دستبیٰ" پر قبضہ کرلیا تھا۔ ابن زیاد نے عمر سعد کو علاقہ رَے و دستبیٰ کا پروانہ دے کر ان لوگوں کی سرکوبی اور مقبوضہ علاقہ کی بازیابی کی مہم پر روانہ ہونے پر مامور کیا تھا۔ اور بعض اخبار و آثار کے مطابق وہ کوفہ سے روانہ ہوکر بمقام "حمام اعین" لاؤ لشکر سمیت خیمہ زن تھا کہ اس اثنا میں حضرت امام حسینؑ کے کربلا میں وارد ہونے کی ابن زیاد کو اطلاع ملی۔ اس لیے اس

---

[1] نفس المہموم، ص ۱۱۱۔ مقتل الحسین، ص ۲۱۳۔ تقمام، ص ۳۱۰ وغیرہ۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

نے ابن سعد کو واپس بلا کر کہا کہ پہلے اس کربلا والی مہم سے فارغ ہولو۔ اس کے بعد دستبی والی مہم پر روانہ ہونا۔ ابن سعد نے معذرت کے لہجہ میں کہا۔ اگر آپؑ مجھے معاف کر دیں اور فلاں فلاں آدمیوں کو اس مہم پر روانہ کر دیں تو بہتر ہوگا۔ ابن زیاد نے جھلا کر کہا: ہم نے مشورہ لینے کے لیے تمہیں نہیں بلایا۔ جانا ہے تو خود کربلا کا رخ کرو۔ ورنہ رے کا پروانہ واپس کر دو۔ ابن سعد نے ایک رات کی مہلت طلب کی۔ واپس گھر آیا۔ احباب و اقارب سے مشورہ کیا۔ سب نے اسے اس مشئوم ارادہ سے روکا۔ بعض (ابن سعد کے بھانجے حمزہ بن مغیرہ) نے تو یہاں تک اسے کہا کہ اگر تو تمام روئے زمین کا بادشاہ ہوتا اور تجھے اپنی تمام بادشاہت سے دستبردار ہونا پڑتا تو یہ بہتر تھا اس سے کہ امام حسینؑ کے خون سے اپنے ہاتھ رنگین کر کے بارگاہ خدا میں حاضر ہو۔ ابن سعد نے وعدہ بھی کر لیا کہ میں ایسا نہیں کروں گا مگر علاقہ رے کے حاصل کرنے کا بھوت اس کے سر پر کچھ اس طرح سوار تھا کہ وہ اسے کسی قیمت پر چھوڑنے کے لیے تیار نہ تھا۔ مشہور ہے کہ ابن سعد نے وہ رات انتہائی تحیر و سراسیمگی کے عالم میں اور برابر یہ کفریہ اشعار پڑھنے کے عالم میں گزاری ؎

دعانی عبید اللّٰہ من دون قومہٖ — الی خطۃ فیھا خرجت لحین
فو اللّٰہ لا ادری و انی لحائر — افکر فی امری علی خطرین
و اترک ملک الرائے والری میتتی؟ — ام اصبح ماثوماً بقتل حسینؑ
حسینؑ ابن عمی و الحوادث جمۃ — لعمری ولی فی الری قرۃ عین
وفی قتلہٖ نار التی لیس دونھا — حجاب ولی فی الری قرۃ عین
یقولون ان اللّٰہ خالق جنۃٍ — ونار تعذیب و غلّ یدین
فان صدقوا فیما یقولون اننی — اتوب الی الرّحمٰن من سنتین
و ان اللّٰہ العرش یغفر زلّتی — و ان کنت فیھا اعظم الثقلین
و ان کذبوا فزنا بریٔ عظیمۃٍ — وما عاقل باع الوجود بدین

بالآخر اس شقی ازلی نے یہی فیصلہ کر لیا کہ ہر چہ بادا باد میں ملک رے سے دستبردار نہیں ہو سکتا۔ اس کا خالص مادی کافرانہ اندازِ فکر یہ تھا کہ حکومت رے نقد ہے۔ اور جنت ادھار۔ اس نقد کو چھوڑ کر اُدھار کے پیچھے نہیں پڑنا چاہیے۔ چنانچہ اس نے ابن زیاد سے اپنی رضامندی و آمادگی کا اظہار کر دیا۔ اور ابن زیاد نے اسے وہی چار ہزار کا لشکر جرار دے کر جو پہلے اسے دیلمیوں کی سرکوبی کے لیے دیا تھا۔ اب نواسۂ رسول کو شہید کرنے، خانوادۂ نبیؐ کے بچوں کو یتیم کرنے، اور مخدراتِ عصمت و طہارت کو بے مقنعہ و چادر کرنے کے لیے کربلا روانہ کیا اور یہ شقی ازلی ۳ محرم

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

الحرام ۶۱ھ کو وارد کربلا ہوا۔[1]

ابن زیاد کا قتل فرزندِ رسولؐ کے لیے لوگوں کو برانگیختہ کرنا

ادھر کوفہ میں بدنہاد ابن زیاد کی یہ کیفیت تھی کہ وہ لوگوں کو جامع مسجد میں جمع کر کے مال و دولت کا لالچ دے کر نیز تہدید و وعید سے یزید عنید کی اطاعت و فرمانبرداری کرنے پر آمادہ کر رہا تھا۔ چنانچہ ہر ہر آدمی کے وظائف مقررہ میں فقد سو سو درہم کا اضافہ کر دیا تھا۔ مزید احتیاط کی خاطر کوفہ سے نکل کر مقام "نخیلہ" (جو کہ کوفہ سے کچھ فاصلہ پر کربلا کے راستہ میں واقع ہے) میں اقامت اختیار کر رکھی تھی۔ اس کو یہ اطلاع بھی ملی تھی کہ لوگ چونکہ حضرت امام حسینؑ کے ساتھ جنگ کرنا پسند نہیں کرتے۔ اس لیے کچھ لوگ کوفہ سے روانہ ہو کر راستے سے واپس چلے آتے ہیں۔ اس لیے ملعون نے سعد بن عبدالرحمٰن کو اس کام پر مقرر کیا کہ وہ جستجو کرے اور اسے اگر کوئی ایسا شخص ملے تو اسے پکڑ کر دربار میں پیش کرے۔ چنانچہ سعد مذکور نے ایک شامی سپاہی کو جو کسی کام کے لیے لشکر سے واپس کوفہ میں آیا تھا۔ پکڑ کر ابن زیاد کے یہاں پیش کیا اور اس نے اس کے قتل کا حکم صادر کیا۔ چنانچہ اسے قتل کر دیا گیا۔ اس واقعۂ ہائلہ کا یہ اثر ہوا۔ کہ پھر کسی شخص کو لشکر سے واپس آنے کی جرأت نہ ہو سکی۔[2] ابن زیاد برابر لشکر پر لشکر بھیجتا رہا۔ چنانچہ چوتھی محرم کو شمر بن ذی الجوشن کو چار ہزار، یزید بن رکاب کلبی کو دو ہزار اور حصین بن نمیر کوفی کو چار ہزار کا لشکر جرار دے کر روانہ کیا۔[3] اسی طرح برابر یہ سلسلہ جاری رہا۔ اس کا نتیجہ تھا کہ صحیح روایت کی بنا پر نویں ماہِ محرم کو کربلا میں سپاہِ مخالف کی تعداد تیس ہزار کو پہنچ گئی تھی۔ (اس کی تفصیل بعد میں آئے گی انشاء اللہ) نیز بعض آثار سے معلوم ہوتا ہے کہ ابن زیاد نے حُر بن قیس جعفی کو پانچ سو مسلح سپاہی دے کر "پل فرات" (جو کربلا کے راستہ میں واقع تھی) پر اس غرض سے تعینات کیا تھا کہ کوفہ کا کوئی آدمی حضرت امام حسینؑ کی نصرت و امداد کے لیے نہ جا سکے۔[4]

بہر حال جب ابن سعد کربلا میں پہنچا۔ اور حُر بھی اپنے لشکر سمیت اس کے ساتھ شامل ہو گیا تو اس نے پہلا کام یہ کیا کہ قاصد بھیج کر حضرت امام حسینؑ سے تشریف لانے کا سبب دریافت کیا۔ پہلا اس غرض کے لیے کثیر بن عبد اللہ شعبی کو بھیجا جو کہ بدترین خلائق، بہت جری و جسور اور خون ریز آدمی تھا۔ سرکارِ امامؑ میں پہنچنے سے پہلے جناب ابو ثمامہ صائدی نے اس کا راستہ روک کر کہا کہ تلوار یہیں رکھ کر بارگاہ امام میں جاؤ۔ اس نے انکار کیا۔ ابو ثمامہ نے کہا:

---

[1] ارشاد شیخ مفید، ص ۲۴۶۔ نفس المہموم، ص ۱۱۳۔ مقتل، ص ۳۱۱۔ مقتل الحسین، ص ۲۱۶ وغیرہ۔

[2] مقتل، ص ۳۱۳، بحوالہ روضۃ الصفاء۔

[3] وقائع ایام محرم، ص ۲۰۹ وغیرہ۔

[4] مقتل الحسین للمقرم، ص ۲۱۷ بحوالہ کتاب الاکلیل للہمدانی، ج ۱۰، ص ۸۷، ۱۰۱۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

دوسری صورت یہ ہوسکتی ہے کہ میں تیری تلوار کے قبضہ پر ہاتھ رکھتا ہوں اور اسی حالت میں خدمت امامؑ میں لے جاؤں گا۔ اس نے ایسا کرنے سے بھی انکار کیا۔ ابوثمامہ نے دلیری کے ساتھ جواب دیا۔ پھر تم خدمت امامؑ میں بھی نہیں جاسکتے۔ اس پر طرفین میں سخت کلامی ہوئی اور بالآخر وہ شقی واپس چلا گیا۔ پھر ابن سعد نے قرۃ بن قیس حنظلی کو اس مقصد کے لیے منتخب کیا۔ چنانچہ اس نے امام عالی مقامؑ کی خدمت مبارک میں حاضر ہوکر پسر سعد کا پیغام پہنچایا۔ امام علیہ السلام نے جواب دیا: ﴿ان اهل مصركم كتبوا الىّ ان اقدم علينا فاما اذا كرهتموني انصرفت عنكم﴾ تمہارے شہر (کوفہ) والوں نے مجھے لکھا کہ ہماری طرف آیئے۔ اب اگر تم میرا آنا پسند نہیں کرتے تو میں واپس چلا جاتا ہوں۔

قاصد نے واپس جاکر جب ابن سعد کو امامؑ کا یہ مصلحانہ جواب دیا تو اس نے خوش ہوکر کہا کہ ﴿ارجو ان يعافني الله من حربه﴾ "امید ہے میں حسینؑ کے ساتھ جنگ کرنے سے بچ جاؤں گا۔" پھر امامؑ کے جواب کی روشنی میں تمام صورت حال ابن زیاد کو لکھ کر بھیج دی۔ حسان بن قائد عبسی بیان کرتا ہے کہ جس وقت پسر سعد کا خط ابن زیاد کو ملا تو میں اس وقت اس کے پاس موجود تھا۔ اس نے خط پڑھنے کے بعد متکبرانہ و کافرانہ انداز میں یہ شعر پڑھا:

الآن اذا علقت مخالبنا به　　يرجوا النجاة ولات حين مناص

"اب جبکہ ان میں ہمارے چنگل گڑ گئے ہیں۔ گلوخلاصی کی امید کرتے ہیں۔ اب چھٹکارے کا کوئی وقت نہیں ہے۔"

اس کے بعد عمر بن سعد کو اس مضمون کا خط لکھا: ﴿اما بعد فقد بلغني كتابك و فهمت ما ذكرت فاعرض على الحسينؑ ان يبايع ليزيد هو و جميع اصحابه فاذا هو فعل ذلك رأينا رأينا والسلام﴾ "مجھے تمہارا خط ملا اور حالات حاضرہ سے آگاہی ہوئی۔ (امامؑ) حسینؑ سے یہ کہو کہ وہ اپنے تمام اصحاب سمیت پہلے یزید کی بیعت کریں پھر ہم ان کے بارے میں اپنی رائے کا جائزہ لیں گے۔ والسلام۔ جب ابن سعد کو ابن زیاد کا یہ متشددانہ خط ملا تو اس نے کہا: ﴿قد خشيت ان لا يقبل ابن زياد العافية﴾ "مجھے پہلے ہی یہ اندیشہ تھا کہ ابن زیاد صلح و آشتی کی گفتگو قبول نہیں کرے گا۔"[1]

عمر بن سعد چونکہ جانتا تھا کہ امام عالی مقامؑ اس ناروا مطالبہ کو ہرگز قبول نہیں کریں گے۔ اس لیے اس نے اسے خدمت امام میں پیش کرنے کی جسارت ہی نہیں کی۔[2] مصالحت سے ابن سعد ناامید ہوکر اب فرزندوں سے

---

[1] ارشاد، ص ۲۴۷۔ تقمام، ص ۳۱۲۔ نفس المہموم، ص ۱۱۳ وغیرہ۔

[2] ماثر بحار الانوار، ص ۱۸۹۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

لڑنے کی تیاری میں ہمہ تن مشغول ہوگیا مگر اخبار و آثار سے جو کچھ واضح و آشکار ہوتا ہے۔ وہ یہ ہے کہ اس کی مصالحانہ کوششیں اس کے بعد بھی چند دنوں تک جاری رہیں کیونکہ وہ محض طمع دنیا میں اس جرم شنیع کا ارتکاب کرنے پر آمادہ ہوا تھا۔ ورنہ دل سے نہیں چاہتا تھا کہ اس جرم کا مرتکب ہو۔ یہ سلسلہ اس وقت موقوف ہوا جب خولی بن یزید ملعون نے پسر سعد کی اس روش و رفتار کی شکایت ابن زیاد بدنہاد کو کر بھیجی۔ اور اس بدنہاد کا تہدید آمیز خط ابن سعد کے پاس آیا۔ اس کے بعد یہ بدبخت قتل حسینؑ پر بالکل تل گیا۔ جس کا نتیجہ صبح عاشوراء تمام اہل عالم نے دیکھ لیا۔

ان امور کی تفصیل ناظرین کرام آنے والے بیانات میں ملاحظہ کریں۔ آگے بڑھنے سے پہلے یہاں ایک ضروری امر کی وضاحت کر دینا مناسب معلوم ہوتی ہے۔

امامؑ عالی مقام کے جواب پر تبصرہ اور ایک مشہور غلط فہمی کا ازالہ

بعض کوتاہ اندیش لوگ امام عالی مقامؑ کے اس جواب باصواب پر جو آپؑ نے عمر بن سعد کے قاصد کو دیا تھا اور اس سے قبل حُر کے ساتھ پہلی ملاقات میں بھی اس بات کا اظہار کر چکے تھے۔ (کہ اگر تم اپنے عہد و پیمان پر قائم نہیں تو مجھے واپس جانے کی اجازت دے دی جائے) مختلف چہ مے گوئیاں کرتے ہیں۔ ''امام حسینؑ کو اپنے انجام کا علم نہ تھا۔'' کسی خاص مشن کو لے کر نہیں اٹھے تھے۔'' ''اگر ابن زیاد کی طرف سے واپسی کی اجازت مل جاتی تو پھر امامؑ کیا کرتے؟ ان کا طریق کار کیا ہوتا؟'' ''اگر دین کی بقاء آپؑ کی شہادت میں پوشیدہ تھی اور اسی مقصد کے پیش نظر ہی کربلا کے لق و دق صحراء میں تشریف لائے تھے تو پھر واپس جانے کی تمنا کا اظہار چہ معنی دارد؟'' یہ اور اس قسم کے متعدد سوالات کئے جاتے ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ ایسے بودے اور رکیک سوالات وہی لوگ کر سکتے ہیں جن کے ذہنوں کی کسی مطلب کی گہرائی تک رسائی نہیں ہو سکتی ﴿و کذبوا بما لم یحیطوا بعلمه و لما یاتهم تاویله﴾ ورنہ فہم و ذکا اور ذہن رسا رکھنے والے حضرات جانتے ہیں کہ اس قسم کے مقامات پر اس قسم کے نرم جوابات میں کیا حکمت و مصلحت مضمر ہوتی ہے؟ جناب امام حسین علیہ السلام کو باعلام ایزدی و باعلام نبویؐ و مرتضویؑ ضرور اپنے انجام کا علم تھا جس کا وہ بوقت روانگی بعض اشخاص سے اظہار بھی کر چکے تھے۔ (جیسا کہ ہم قبل ازیں مدینہ سے آپؑ کی روانگی کے حالات میں قلم بند کر چکے ہیں) وہ یقیناً ایک عظیم مقصد کے ماتحت یہاں تشریف لائے تھے اور وہ تھا دین اسلام کی بقاء کا انتظام اور انسانیت کے تحفظ کا اہتمام۔ وہ علم امامت اور حالات حاضرہ کے ماتحت یہ بھی جانتے تھے کہ ابن زیاد بدنہاد ان کی خواہش کو تسلیم نہیں کرے گا۔ امام تو امام خود پسر سعد کا بھی یہی خیال تھا کہ ابن زیاد صلح و آشتی کی گفتگو کو قبول نہیں کرے گا۔ (جیسا کہ ابھی ہم اوپر اس کا یہ عندیہ بیان کر چکے ہیں) اور ظاہر ہے کہ جب تک ابن زیاد منظوری نہ دیتا۔ حُر یا ابن سعد کے اس مطالبہ کو تسلیم کرنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا تھا۔ لہٰذا ان حقائق کے بعد اس سوال کا تو کوئی محل ہی باقی

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

نہیں رہ جاتا کہ اگر ابن زیاد آپؑ کی خواہش کو مان لیتا تو پھر آپؑ کا طریق کار کیا ہوتا؟'' اب صرف یہ بات جواب طلب رہ جاتی ہے کہ امام علیہ السلام کے یہ سب کچھ جاننے کے باوجود کہ ان کا یہ مطالبہ منظور نہیں ہوگا۔ پھر اس کا اظہار کیوں فرمایا؟ اس کا جواب بالکل واضح وعیاں ہے۔ رمز ناشناس معترضین کے منہ میں لگام دینا چاہتے تھے جو آج بڑی سادگی اور معصومیت کے انداز میں کہتے ہیں۔ ''امام نے اس کا اظہار کیوں فرمایا۔'' اگر امامؑ ایسا نہ کرتے تو آج یہی لوگ یزید اور اس کے کارپردازانِ حکومت کی بے گناہی ثابت کرنے کے لیے یوں ان کی بے جا وکالت کرتے کہ یزید اور اس کے عمال کا کیا قصور ہے۔ وہ ہرگز امامؑ کو شہید نہیں کرنا چاہتے تھے لیکن امامؑ نے زبردستی ان پر جنگ مسلط کر دی۔ اور ان کو صلح و آشتی کی گفتگو کرنے کا کوئی موقع ہی نہ دیا۔ اس لیے یزید کو مجبوراً دفاعی اقدام کرنا پڑا جس کے نتیجہ میں امامؑ کی شہادت واقع ہوگئی۔'' حکیم اسلام امام حسین علیہ السلام نے یہ گفتگو کر کے اس قسم کی قیل وقال کا ہمیشہ کیلئے دروازہ بند کر دیا۔ اور بنی امیہ کے ظلم و استبداد کا پردہ اس طرح چاک کر دیا کہ اب اسے قیامت تک رفو نہیں کیا جا سکتا۔ امامؑ نے یہ مصالحانہ گفتگو کر کے ثابت کر دیا کہ یہ ان پر جنگ کو مسلط نہیں کرنا چاہتے تھے۔ ان کی خواہش تھی کہ حکومت شریفوں کے ساتھ شریفانہ برتاؤ کرے۔ مگر قیصر و کسریٰ کے پوتے، نشۂ اقتدار میں اس طرح سرمست اور چور چور تھے کہ وہ جانتے ہی نہیں تھے کہ انسانیت و شرافت کیا چیز ہے؟ اور اس کے تقاضے کیا ہیں؟ انہوں نے بندگانِ خدا کو اپنا غلام اور شریعت محمدی کو گھر کی لونڈی سمجھ رکھا تھا۔ امت مسلمہ کے قویٰ شل ہو چکے تھے اور دماغ ماؤف! اس لیے ان حالات میں ضرورت تھی کہ کوئی جانفروش مردِ حُر شمشیر بکف اور کفن بدوش رزمگاہ میں قدم رکھے۔ جو حکومت کی غلط کاریوں کا پردہ چاک کر کے حق و حقیقت کو اس کے حقیقی خدوخال کے ساتھ اصلی لباس میں اہل اسلام کے سامنے پیش کرے۔ یہ سعادت کاتبانِ قضا و قدر نے حضرت سید الشہداءؑ کے مقدر میں لکھ دی تھی۔ انہوں نے اس جمود و خمود کی مہر کو توڑا۔ اور یزید کی جائرانہ بلکہ کافرانہ حکومت کو بے نقاب کر دیا اور اس کا پرچم سرنگوں کر کے عالم انسانیت کو ابدی ہلاکت سے بچا لیا۔ اور دین اسلام کو ایک زندۂ جاوید حقیقت بنا دیا۔

سر داد و نداد دست در دست یزید — حقّا کہ بنائے لا الٰہ ہست حسینؑ

ذلک فضل اللّٰہ یؤتیہ من یشاء و اللّٰہ ذو الفضل العظیم۔

چوتھی محرم اور کربلا میں فوجیں ہی فوجیں

محرم کی چوتھی تاریخ[1] کو عبید اللہ بن زیاد نے جامع کوفہ میں بنی امیہ کی تعریف اور قتال امامؑ پر تحریص پر مشتمل وہ خطبہ دیا جس کی طرف پہلے اشارہ کیا جا چکا ہے اور پھر مقام نخیلہ میں قیام کر کے فوجیں بھیجنے اور دیگر تمام جنگی

---

[1] وقائع ایام محرم، ص ۲۰۱۔ بحوالہ وسیلۃ النجاۃ طہرانی۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

امور کی دیکھ بھال کرنے لگا۔ اور تیسری محرم کو عمر بن سعد کو چار ہزار فوج کے ساتھ بھیجنے کے بعد برابر فوج پر فوج بھیجتا رہا۔ فوجوں اور ان کے سربراہوں کی تفصیل مناقب بن شہر آشوب کے بیان کے مطابق یہ ہے: (۱) حُر: ایک ہزار۔ (۲) عمر بن سعد: چار ہزار۔ (۳) کعب بن طلحہ: تین ہزار۔ (۴) شمر ذی الجوشن: چار ہزار۔ (۵) یزید بن رکاب کلبی: دو ہزار۔ (۶) حصین بن نمیر: چار ہزار۔ (۷) مضایر بن رھینہ مازنی: تین ہزار۔ (۸) نصر بن حرشہ: تین ہزار۔ (۹) شبث بن ربعی: ایک ہزار۔ (۱۰) حجار بن ابجر: ایک ہزار۔ یہ کل تعداد پچیس[1] ہزار ہوتی ہے۔ لیکن محققین اہل سیر و تواریخ کا بیان یہ ہے اور حضرت امام زین العابدینؑ اور جناب حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے بسند معتبر نقل شدہ روایت سے بھی اسی کی تائید ہوتی ہے کہ فوج اشقیاء کی تعداد تیس ہزار تھی۔[2] علامہ مجلسی علیہ الرحمہ لکھتے ہیں: ﴿ان ابن زیاد ما زال یرسل الی ابن سعد بالعساکر حتی تکامل عندہ ثلاثون الفا ما بین فارس و راجل. ثم کتب الیہ ابن زیاد انی لم اجعل لک علۃ فی کثرۃ الخیل و الرجال فانظر لا اصبح ولا امسی الا وخبرک عندی غدوۃ و عشیۃ و کان ابن زیاد یستحث ابن سعد لستۃ ایام مضین من المحرم﴾ ابن زیاد بدنہاد برابر لشکر پر لشکر ابن سعد کے پاس بھیجتا رہا۔ یہاں تک کہ اس کے پاس پیادہ اور سوار لشکریوں کی تعداد کامل تیس ہزار تک پہنچ گئی۔ اس وقت ابن زیاد نے پسر سعد کو لکھا کہ میں نے کثرت اسپ و سپاہ کے معاملہ میں تیرے لیے کوئی عذر باقی نہیں چھوڑا۔ دیکھو ہر صبح و شام میرے پاس تمہاری کارکردگی کی رپورٹ موجود ہونی چاہیے۔ ابن زیاد نے چھٹی ماہ محرم کے بعد ابن سعد کو قتال حسینؑ پر زیادہ برانگیختہ کرنا شروع کر دیا تھا۔[3]

یہ اس قدر لاؤ لشکر، اس قدر خیل و سپاہ، کربلا کے صحرا میں کیوں جمع کیے جا رہے تھے؟ محض فرزند رسولؐ، پروردۂ کنار بتولؑ، جگر گوشۂ امام مبینؑ، ناز پروردۂ جبرئیل امینؑ، برادر امام حسن مجتبیٰؑ، حلیف التقی و سلیل الہدیٰ حضرت سید الشہداء روحی و ارواح العالمین لہ الفداء کی شمع حیات کو گل کرنے کے لیے جن کے تمام اعزہ و انصار کی تعداد بنابر مشہور کل بہتر (۷۲) نفوس تھی، جن میں سے ۳۲ سوار اور چالیس پیادے تھے ؎

دشمناں چوں ریگ صحرا لا تعد　　دوستانِ او بہ یزداں ہم عدد

(اسرار و رموز)

اور بنابر تحقیق ایک سو پینتالیس (۱۴۵) نفر تھی۔ آہ! کجا ۷۲ (یا ۱۴۵) نفوس زاکیہ۔ اور کہاں تیس ہزار انسان نما خونخوار درندوں کا لشکر جرار ؎

---

[1] کذا فی مقتل الحسین للمقرم، ص ۲۱۸۔

[2] عاشر بحار، ص ۱۶۷، ۱۹۳۔ نفس المہموم، ص ۱۱۵۔ مقتل الحسین، ص ۲۱۹۔ ناسخ، ج ۲، ص ۲۲۵ وغیرہ۔

[3] عاشر بحار، ص ۱۹۰۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

لمصیبة اردت بلُبّ حشاشتی　　شُعلاً یطیش دخانها بدماغی

اس طرح امت مسلمہ خاندان نبوت کے ساتھ یہ سلوک کر کے اجر رسالت ادا کر رہی تھی

تبت یدا ابن زیاد کیف یطمع فی　　اذلال من لم یزل بالعز مذکوراً

امام حسینؑ اور ابن سعد کی آخری مصالحانہ گفتگو اور ناکامی

قبل ازیں اشارہ کیا جا چکا ہے کہ ابن سعد بد بخت محض دنیائے دوں کے بے پناہ طمع و لالچ کا شکار ہو کر فرزند رسولؐ کے ساتھ جنگ کرنے پر آمادہ ہوا تھا۔ ورنہ وہ چاہتا نہیں تھا کہ آپؑ کے خون مقدس سے اپنے ہاتھ رنگین کرے اور اس جرم سنگین کا مرتکب ہو۔ اس لیے اس کی خواہش تھی کہ کسی طرح رے کی حکومت بھی ہاتھ سے نہ جائے اور قتل و قتال حسینؑ سے بھی گلو خلاصی ہو جائے۔ چنانچہ اس نے اس سلسلہ میں پہلی کوشش تو یہ کی کہ آتے ہی قاصد بھیج کر امامؑ سے یہاں تشریف لانے کا سبب دریافت کیا۔ اور امام عالی مقامؑ کے اتمام حجت کے لیے مصلحانہ جواب پر اس نے ابن زیاد کو لکھا کہ اب خطرۂ جنگ ٹل گیا مگر ابن زیاد نے اپنی مفسدہ پرداز، شورش پسند طبیعت اور فتنہ پرور ذہنیت کی بنا پر اس کوشش کو بار آور نہ ہونے دیا۔ اب نظر بظاہر حالات ابن سعد مصالحانہ روش و رفتار سے ناامید ہو چکا تھا مگر امام علیہ السلام نے اتمام حجت کے لیے خود دست تعاون دراز کیا۔ یعنی آنجنابؑ نے ابن سعد کے پاس قاصد بھیجا کہ آج رات دونوں لشکروں کے درمیان مجھ سے ملو۔ ابن سعد نے اس پیش کش کو قبول کر لیا۔ لیکن سبط ابن جوزی (در تذکرہ خواص الامۃ) کے بیان کے مطابق خود عمر بن سعد نے یہ استدعا کی تھی جسے سرکار سید الشہداءؑ نے شرف قبولیت بخشا۔ صاحب ناسخ التواریخ (ج ۶، ص ۲۲۷) نے بھی ایسا ہی لکھا ہے۔ درحقیقت یہی بات قرین عقل معلوم ہوتی ہے کیونکہ ابن سعد جنگ سے پہلو تہی کے بہانے تلاش کر رہا تھا۔ جس پر اس کا وہ مکتوب بھی شاہد ہے جو اس نے ملاقات کے بعد ابن زیاد کو لکھا (جس کی تفصیل بعد میں آ رہی ہے) اور یہ بھی ممکن ہے کہ امامؑ نے اسے اتماماً للحجہ، نصرت حق کی دعوت دینے کی خاطر بلایا ہو جیسا کہ مکالمہ سے ظاہر ہے۔ واللہ اعلم۔ بہر حال ابن سعد مقررہ وقت پر قریباً بیس سواروں کے ہمراہ مقررہ جگہ پر پہنچ گیا۔ ادھر امام علیہ السلام بھی اتنے ہی آدمیوں کے ساتھ تشریف لے گئے مگر قریب پہنچ کر امامؑ نے اپنے ہمراہیوں کو علیحدہ کر دیا۔ ابن سعد نے بھی ایسا ہی کیا۔ اور بروایتے شہزادہ علی اکبرؑ اور جناب ابوالفضل عباسؑ آپؑ کے ہمراہ رہے۔ اسی طرح عمر بن سعد کا بیٹا حفص اور اس کا خاص غلام بھی اس کے ساتھ رہے (مقتل الحسینؑ، ص ۲۲۴) اس طرح تنہائی کے عالم میں امام علیہ السلام اور عمر بن سعد کے درمیان کافی دیر تک سلسلۂ کلام جاری رہا۔[1]

---

[1] صاحب ذبح عظیم، (ص ۲۸۶) نے یہ واقعہ نویں محرم کی رات کے حالات میں لکھا ہے لیکن حالات و قرائن اس کی تائید کی بجائے تردید کرتے ہیں اگرچہ علماء نے اس تاریخ کی تعیین نہیں کی مگر یہ یقیناً نویں محرم سے پہلے کا واقعہ ہے۔ واللہ العالم۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

امامؑ عالی مقام اور عمر بن سعد کے درمیان کیا گفتگو ہوئی؟

یہ گفتگو کس موضوع پر ہوئی؟ کیا کیا امور زیر بحث آئے؟ فریقین نے کن کن خیالات کا اظہار کیا؟ اس کے متعلق حتمی طور پر کچھ کہنا مشکل ہے! مؤرخ طبری نے (ج ۶، ص ۲۳۵) پر لکھا ہے: ﴿تحدث الناس فیما بینهما ظناً یظنونه﴾ لوگوں نے ان کی اس باہمی گفتگو کے بارے میں محض قیاس آرائی سے کام لیا ہے کہ فلاں نے یہ کہا اور فلاں نے یہ۔" ۔۔۔ ہاں جو کچھ بعض اخبار و آثار سے ظاہر ہوتا ہے وہ یہ ہے کہ:

امامؑ نے فرمایا: ﴿ویلک یابن سعد اما تتقی اللّٰہ الذی الیه معادک و تقاتلنی و انا بن من علمت. ذر هؤلاء القوم و کن معی فانه اقرب لک الی اللّٰہ﴾۔ افسوس ابن سعد! کیا تو اس خدا سے نہیں ڈرتا جس کی بارگاہ میں حاضر ہونا ہے! تو مجھ سے جنگ کرتا ہے حالانکہ تو اچھی طرح جانتا ہے کہ میں کس کا فرزند ہوں؟ اس قوم کو چھوڑ اور میرا ساتھ دے کہ یہ بات خدا کی خوشنودی کے زیادہ نزدیک ہے۔

عمر بن سعد: ﴿اخاف ان یهدم داری﴾ مجھے اندیشہ ہے کہ میرا گھر ڈھا دیا جائے گا۔

امام علیہ السلام: ﴿انا ابنیها لک﴾ (اگر ان لوگوں نے تیرا گھر گرا دیا تو) میں تمہیں گھر بنا دوں گا۔

عمر بن سعد: ﴿اخاف ان تؤخذ ضیعتی!﴾ مجھے خطرہ ہے کہ میری جائیداد ضبط کر لی جائے گی۔

امام علیہ السلام: ﴿انا اخلف علیک خیراً من مالی بالحجاز﴾ میں اپنے مال حجاز سے تیری موجودہ جائیداد سے بہتر جائیداد تجھے خرید کے دوں گا۔[1]

عمر بن سعد: ﴿لی عیال و اخاف علیهم﴾ میرے اہل و عیال ہیں اور مجھے ان کی تباہی کا خوف ہے۔ یہ کہہ کر ابن سعد نے بالکل خاموشی اختیار کر لی۔ جس کے بعد امامؑ یہ کہہ کر اٹھ کھڑے ہوئے۔

امام علیہ السلام: ﴿مالک ذبحک اللّٰہ علی فراشک عاجلاً و لا غفر لک یوم حشرک فواللّٰہ انی لارجو ان لا تاکل من بر العراق الا یسیراً﴾ تجھے کیا ہو گیا ہے؟ خدا تجھے تیرے رخت خواب پر ذبح کرے۔ اور بروز حشر تجھے ہرگز معاف نہ کرے۔ بخدا میں امید کرتا ہوں کہ تو زیادہ دیر تک عراق کی گندم نہیں کھائے گا۔

عمر بن سعد: ﴿فی الشعیر کفایة عن البر قاله مستهزئاً﴾ تمسخر کے انداز میں کہا: اگر گندم نہ ملی تو جو کھا کر گزر اوقات کر لوں گا۔[2]

---

[1] کامل، ج ۳، ص ۲۸۳۔

[2] نفس المہموم حاشیہ، ص ۱۱۷۔ مقتل الحسین، ص ۲۲۴۔ تظلم الزہراء، ص ۱۰۳۔ مقتل الحسین خوارزمی، ج ۱، ص ۲۴۵۔ بحار الانوار، ج ۱۰، ص ۱۹۰۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

ایک غلط فہمی کا ازالہ

اس گفتگو کے دوران میں امام نے یہ بھی فرمایا تھا: ﴿دعونی فلا ذهب فی هذه الارض العریضه حتی ننظر ما یصیر امر الناس﴾ مجھے واگزار کردو تاکہ میں اس طویل وعریض زمین میں کہیں چلا جاؤں۔ یہاں تک کہ لوگوں کے حالات کا انجام واضح ہو جائے۔

چونکہ ابن سعد اس جنگ سے بچنے کے لیے بہانے تلاش کر رہا تھا۔ اس نے عام مؤرخین کے بیان کے مطابق امام علیہ السلام کے اتنے سے کلام کو ابن زیاد کے نام مرسلہ خط میں بہت بڑھا چڑھا کر لکھا۔ ﴿اما بعد فان الله قد اطفأ النائرة و جمع الکلمة و اصلح امر الامة وهذا حسینٌ قد اعطانی ان یرجع الی المکان الذی منه اتی او ان نسیره الی ای ثغر من ثغور المسلمین شئنا فیکون رجلاً من المسلمین له مالهم و علیه ما علیهم او ان یاتی یزید امیر المؤمنین فیضع یده فی یده فیری فیما بینهٗ و بینهٗ رأیه وفی هذا لکم رضاً و للامة صلاح﴾۔ ”خدا نے فتنہ وفساد کی آگ بجھا دی ہے اور اتحاد اسلامی کی صورت پیدا کر دی ہے۔ اور امت مسلمہ کے معاملہ کی اصلاح کر دی ہے یہ حسینؑ موجود ہیں جو مجھے یقین دلاتے ہیں کہ جہاں سے آئے ہیں وہیں واپس چلے جاتے ہیں۔ یا کسی اسلامی سرحد کی طرف نکل جاتے ہیں تاکہ وہاں ایک مسلمان کی سی زندگی بسر کر سکیں۔ یا یزید کے پاس جا کر دو بدو صلح کی گفتگو کریں۔ بظاہر اس امر میں آپ کی رضا اور امت کی صلاح وفلاح ہے یعنی اب جنگ کی ضرورت نہیں ہے۔“[1]

یہ بیان جو ابن سعد نے امام کی طرف منسوب کیا ہے۔ روایت و درایت کے مخالف ہے۔ درایت کے خلاف اس طرح ہے کہ جو شخص بھی حضرت امام حسینؑ کی بلند و بالا شخصیت کی تھوڑی سی معرفت رکھتا ہے وہ سمجھ سکتا ہے کہ امام عالی مقام ایسا سطحی اور گرا ہوا کلام ہرگز نہیں کر سکتے تھے۔ یہی امام حسینؑ تھے جنہوں نے روانگی کے وقت اپنے بھائی عمرو اطرف سے کہا تھا: ﴿واللّٰه لا اعطی الدنیة من نفسی﴾ جو ہو سو ہو بخدا میں ہرگز ذلت برداشت نہیں کر سکتا۔ اور یہی بزرگوار تھا۔ جس نے اپنے دوسرے بھائی محمد بن الحنفیہ سے فرمایا تھا: ﴿لو لم یکن ملجاء لما بایعت یزید﴾۔ اگر میرے لیے کوئی بھی جائے پناہ نہ ہوئی۔ تب بھی یزید کی بیعت نہیں کروں گا۔ اور یہی وہ غیور امام تھا جس نے روزِ عاشورا فرمایا تھا: ﴿الا ان الدّعی ابن الدعی قد رکز بین الثنتین بین السلّة و الذلّة و هیهات منا الذلة یابی الله تعالیٰ ذلک و رسوله و المؤمنون و حجور طابت و طهرت و انوف حمیة و نفوس ابیّة من ان نؤثر طاعة اللئام علی مصارع الکرام﴾ حرام زادہ پسر حرام زادہ نے مجھے دو

---

[1] تاریخ طبری، ج ۶، ص ۲۳۶۔ تہذیب التہذیب، ج ۲، ص ۲۵۳۔ کامل، ج ۳، ص ۲۸۴۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

باتوں میں سے ایک کے اختیار کرنے پر مجبور کر دیا ہے۔ موت یا ذلت۔ ہم ذلت قبول کریں یہ نہیں ہو سکتا۔ خدا، اس کا رسولؐ، اہل ایمان، پاک و پاکیزہ گود ین، باغیرت چہرے اور نفوس عالیہ اس بات سے انکار کرتے ہیں کہ ہم شریفوں کی شریفانہ موت پر کمینوں کی اطاعت کو ترجیح دیں۔

کیا ان حالات کے پیش نظر کوئی شخص یہ وہم و گمان بھی کر سکتا ہے۔ کہ ایسے غیور امامؑ عالی مقام نے ایسے ذلت آمیز طریقہ سے بیعت یزید کرنے کی خواہش کا اظہار فرمایا ہو؟ حاشا و کلا کوئی باخبر شخص یہ گمان فاسد بھی نہیں کر سکتا کہ شاید آنجنابؑ نے موت کو سامنے منہ کھولے دیکھ کر یہ خود سپردگی کا انداز اختیار کیا ہو (معاذ اللہ) آنجنابؑ کے ذاتی اوصاف اور خاندانی روایات کے پیش نظر آپؑ کے متعلق یہ تصور کرنا بھی ممکن نہیں۔ یہ جنابؑ اس یکتا زمیدان شجاعت کے سپوت تھے۔ جو ہمیشہ یہ فرما کر ﴿واللّٰہ لابن ابی طالب لانس بالموت من الطفل بثدی امہ﴾ بخدا ابو طالب کا بیٹا اس سے زیادہ موت کے ساتھ مانوس ہے۔ جس قدر بچہ ماں کی چھاتی سے مانوس ہوتا ہے۔ (نہج البلاغہ) عروس موت سے ہمکنار ہونے کے لیے بیتاب نظر آتا تھا۔ اور جس روز آغوش موت میں جا رہا تھا۔ اس روز بسم اللہ و باللہ و علی ملۃ رسول اللہ کہنے کے بعد جو پہلا جملہ اس کی زبان مبارک سے نکلا وہ یہ تھا: ﴿فزت و رب الکعبۃ﴾ رب کعبہ کی قسم میں آج اپنے مقصد میں کامیاب ہو گیا ہوں۔ امام حسین علیہ السلام جس خانوادۂ عصمت و طہارت کے ساتھ تعلق رکھتے تھے۔ اس کے بزرگ تو بجائے خود خورد سال اطفال کا یہ حال تھا کہ جب ان سے پوچھا جاتا ﴿یا بنی کیف الموت عندک؟﴾ بیٹا تمہارے نزدیک موت کیسی ہے؟ تو بلا جھجک جواب دیتے ﴿یا عم احلی من العسل!﴾ عم بزرگوار! حق کی تائید اور آپؑ کی نصرت میں موت شہد سے بھی زیادہ شیریں ہے![1]

باقی رہا اس بات کا خلاف روایت ہونا۔ وہ اس طرح ہے کہ اس مزعومہ روایت کے خلاف ایک معتبر روایت موجود ہے۔ جس میں پُر زور و پُر شکوہ الفاظ میں اس واقعہ کی نفی کی گئی ہے۔ اور وہ ہے واقعۂ ہائلہ کربلا کے عینی شاہد عقبہ بن سمعان کا بیان حقیقت ترجمان۔ عقبہ بیان کرتے ہیں: ﴿صحبت حسیناً فخرجت معہ من المدینۃ الی مکۃ و من مکۃ الی العراق ولم افارقہ حتی قتل علیہ السلام و لیس من مخاطبۃ الناس کلمۃ بالمدینۃ ولا بمکۃ ولا فی الطریق ولا بالعراق ولا فی عسکر الی یوم مقتلہ الا وقد سمعتھا الا واللّٰہ ما اعطاھم ما یتذکر الناس وما یزعمون من ان یضع یدہ فی ید یزید بن معاویۃ ولا ان یسیروہ الی ثغر من ثغور المسلمین و لکنہ قال دعونی فلأذھب فی ھذہ الارض العریضۃ حتی ننظر ما

---

[1] جواب جناب قاسم بسید الشہداء، ناسخ، ج ۶، ص ۲۳۶۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

یصیر امر الناس﴾[1] میں مدینہ سے لے کر مکہ اور مکہ سے لے کر عراق تک برابر امام حسینؑ کے ہمراہ رہا۔ اور ان کی شہادت تک میں ان سے علیحدہ نہیں ہوا۔ امامؑ نے مدینہ سے مکہ اور درمیانی راستہ عراق اور لشکر میں جام شہادت نوش کرنے تک کوئی ایسا کلام نہیں کیا جو میں نے نہ سنا ہو۔ یہ جو کچھ لوگ گمان کرتے ہیں کہ آنجنابؑ نے یہ کہا تھا کہ وہ یزید کے ہاتھ پر ہاتھ رکھتے ہیں۔ (یعنی صلح کرتے ہیں) یا مسلمانوں کی کسی سرحد کی طرف نکل جاتے ہیں۔ بخدا امام علیہ السلام نے ہرگز ان میں سے کوئی بات بھی نہیں کہی تھی۔ البتہ یہ ضرور فرمایا تھا کہ میں اس وسیع و عریض زمین میں چلا جاتا ہوں۔ یہاں تک کہ دیکھیں لوگوں کے معاملہ کا انجام کیا ہوتا ہے۔'' ان حقائق کی موجودگی میں کیونکر باور کیا جا سکتا ہے؟ کہ عمر بن سعد کا بیان حقیقت پر مبنی ہے۔ ماننا پڑتا ہے کہ وہ سراسر افتراء و بہتان ہے جو بنا بر ثبوت اس نے محض اس لیے تراشا تھا کہ وہ کسی نہ کسی طرح علاقہ رے کی حکومت حاصل کرنے میں کامیاب ہو جائے اور قتل امامؑ سے بھی بچ جائے یعنی رند کا رند بھی رہے اور جنت بھی ہاتھ سے نہ جائے۔ ع و هذا محال فی القیاس بدیع۔

عمر بن سعد کی ناکامی کے اسباب

اور شاید پسر سعد اس مقصد میں کامیاب بھی ہو جاتا۔ اس کی کامیابی کے بظاہر کچھ آثار بھی نمایاں تھے کیونکہ ارباب تاریخ نے لکھا ہے کہ جب اس کا مذکورہ بالا مکتوب ابن زیاد کو ملا تو اس نے یہ کہہ کر ﴿هذا کتاب ناصح لامیرہ مشفق علی قومہ﴾ یہ اس شخص کا خط ہے جو اپنے حاکم کا خیر خواہ اور قوم کا ہمدرد[2] ہے۔ اس رائے سے اتفاق کرنے پر اپنا میلان ظاہر کیا مگر خولی بن یزید اصبحی اور شمر بن ذی الجوشن آڑے آئے۔ انہوں نے ابن سعد کے سب کئے کرائے پر پانی پھیر دیا۔ خولی جو کربلا میں کئی ہزار کا لشکر لے کر پہنچ چکا تھا۔ اس نے عمر بن سعد کی شکایت میں ابن زیاد کو اس مضمون کا ایک خط لکھا:

﴿ایها الامیر! ان عمر بن سعد یخرج کل لیلة و یبسط بساطاً و یدعو الحسینؑ و یتحدثان حتی یمضی من اللیل شطره و قد ادرکته علی الحسینؑ الرحمة و الرأفة فامره ان ینزل عن حکمک و یصیر الحکم لی و انا اکفیک امره﴾ اے امیر! عمر بن سعد ہر شب اپنے لشکر سے نکلتا ہے اور حسینؑ کے ساتھ رأفت و ہمدردی کرنا چاہتا ہے اس لیے اسے حکم دیں تا کہ وہ اس خدمت سے سبکدوش ہو جائے اور اس معاملہ کی باگ ڈور میرے ہاتھ میں دے دے۔ میں اس خدمت کو انجام دوں گا۔ ارباب دانش سمجھ سکتے ہیں کہ خولی کے اس مکتوب نے ابن زیاد بدنہاد جیسے مغلوب الغضب خودسر گورنر پر کیا اثر کیا ہوگا؟ بموجب دیوانہ را ہوئے بس

---

[1] نفس المہموم، ص ۱۱۸۔ تاریخ طبری، ج ۶، ص ۲۳۵۔ تاریخ کامل، ج ۳، ص ۲۸۴۔

[2] نفس المہموم، ص ۱۱۸۔ کامل، ج ۳، ص ۲۸۴۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

است" اس کے کسی عاجلانہ واحمقانہ اور کافرانہ حکم کے صادر کرنے کے لیے تو یہی مکتوب کافی تھا مگر ملعون شمر بن ذی الجوشن (جو اس وقت دربار میں حاضر تھا) کی تقریر سراپا تغریر نے جلتی پر تیل چھڑکنے کا کام کیا۔ اس نے جو کچھ کہا۔ اس کا لب لباب وہی تھا جو مروان بن حکم نے مدینہ میں ولید کو امامؑ کے بارے میں مشورہ دیا تھا یعنی شمر نے کہا: ﴿اتقبل هذا منه وقد نزل بارضک و الی جنبک و الله لئن رحل من بلادک ولم یضع یده فی یدک لیکونن اولی بالقوة ولتکونن اولی بالضعف و العجز فلا تعطه هذه المنزلة ولکن لینزل علی حکمک هو و اصحابه الخ...﴾۔ "بھلا تم حسینؑ کی اس پیشکش کو قبول کرتے ہو۔ حالانکہ وہ اس وقت تمہاری زمین اور تمہاری گرفت میں ہیں۔ اگر وہ یہاں سے کسی اور جگہ چلے گئے۔ اور تمہارے ہاتھ پر ہاتھ نہ رکھا۔ تو پھر یاد رکھو۔ بخدا وہ طاقت ور اور تم کمزور ہو جاؤ گے۔ (اور پھر ان پر قابو نہیں پا سکو گے) اس لیے ان کی یہ بات ہرگز منظور نہ کرو۔ بلکہ ان کو اپنے اصحاب سمیت آپ کے حکم کے سامنے جھک جانا چاہیے۔" ابن زیاد نے رائے فاسد و کاسد کو پسند کیا۔ اور فوراً عمر بن سعد کے نام مندرجہ ذیل خط لکھا۔ اور شمر بن ذی الجوشن کے حوالہ کرتے ہوئے اسے فہمائش کر دی کہ اگر "پسر سعد میرے خط کے مضمون کے مطابق عمل درآمد کر لے۔ تب تو تو اس کی اطاعت کرنا۔ اور اگر وہ حسینؑ کے ساتھ جنگ کرنے میں پس و پیش کرے تو پھر تو امیر لشکر ہے اور پسر سعد کا سر قلم کر کے میرے پاس بھیج دینا۔"

اس خط کا مضمون یہ تھا: ﴿الی عمر بن سعد انی لم ابعثک الی الحسینؑ لتکف عنه ولا لتطاوله ولا لتمنیه السلامة و البقاء ولا لتعذر له عندی ولا لتکون له عندی شافعاً انظر فان نزل الحسینؑ و اصحابه علی حکمی و استسلموا فابعث بهم الیّ سلماً و ان ابوا فازحف الیهم حتی تقتلهم و تمثل بهم فانهم لذلک مستحقون و ان قتل الحسینؑ فاوطئ الخیل صدره و ظهره فانه عاق ظلوم و لست اری ان هذا الا یضرّ بعد الموت شیئاً و لکن علی قول قد قلته لو قد قتلته لفعلت هذا به فان انت مضیت لامرنا فیه جزیناک جزاء السامع المطیع و ان ابیت فاعتزل عملنا و جندنا وخلّ بین شمر بن ذی الجوشن و بین العسکر فانا قد امرناه بامرنا﴾[1]

اور بعض روایات کے مطابق خولی کے شکایت نامہ موصول ہونے کے بعد ابن زیاد نے عمر بن سعد کو اس مضمون کا خط لکھا: ﴿اما بعد یابن سعد قد بلغنی انک تخرج فی کلّ لیلة و تبسط بساطاً تدعو الحسینؑ و تتحدث معه حتّی یمضی من اللّیل شطره فاذا قرأت کتابی هذا فامره ان ینزل علی حکمی فان اطاع و الا امنعه من الماء فانّی حللته علی الیهود و النّصاریٰ و حرّمته علیه و علی

---

[1] نفس المہموم، ص ۱۱۸۔ کامل ابن اثیر، ج ۴، ص ۲۳۰ وغیرہ۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

اهلبیته فحل بین الحسینؑ و اصحابه و بین الماء فلا یذوقوا منه قطرةً کما صنع بالتقی النقی عثمان امیر المؤمنین المظلوم﴾

ہر دو (۲) خطوط کا ماحصل یہ ہے کہ اے پسر سعد! میں نے تمہیں حسینؑ کے ساتھ صلح کرنے کے لیے نہیں بھیجا اور نہ اس لیے بھیجا ہے کہ تم ان کی سفارشیں کرو۔ اور نہ اس لیے کہ فرشوں پر بیٹھ کر ان کے ساتھ گفتگو کرو۔ جیسا کہ ان امور کی مجھے اطلاع ملی ہے۔ دیکھو اگر حسینؑ اور ان کے اصحاب میرے حکم کے سامنے سر تسلیم خم کر دیں تو ان کو سلامتی کے ساتھ میرے پاس بھیج دو۔ اور اگر انکار کریں تو ان سے جنگ کرو۔ اور پانی بند کر دو۔ کیونکہ میں نے یہود و نصاریٰ پر تو اسے حلال کر دیا ہے مگر حسینؑ اور ان کے اہل بیتؑ پر حرام ہے۔ خیال رکھنا کہ ان تک پانی کا ایک قطرہ بھی نہ پہنچنے پائے۔ اور جب قتل ہو جائیں تو حسینؑ کی لاش (مقدس) کو زیر سم اسپاں پامال کرو۔ اگر تم نے ایسا کیا تو ہم تمہیں مطیع و فرمانبردار والی جزاء دیں گے اور اگر ایسا کرنے کا خیال نہ ہو تو لشکر کی سرداری شمر کے حوالہ کر دو اور خود علیحدہ ہو جاؤ۔ ہم نے شمر کو اپنا خاص حکم دے دیا[1] ہے۔"

راویان اخبار کا بیان ہے کہ شمر ذی الجوشن جب یہ مکتوب مشئوم لے کر ابن سعد کے پاس پہنچا۔ اور وہ مضمون خط پر مطلع ہوا تو بھانپ گیا کہ اس کے منصوبہ کو اسی شمر نے خاک میں ملایا ہے چنانچہ اس نے قہر آلودہ نگاہوں سے شمر کی طرف دیکھتے ہوئے کہا: ﴿ویلک لا قرب اللّٰہ دارک و قبح اللّٰہ ما قدمت به علیّ واللّٰہ انی لاظنک انک نهیة ان یقبل ما کتبت به الیه الخ﴾ وائے ہو تم پر خدا تمہیں دور رکھے اور جو کچھ تم لائے ہو اسے قبیح کرے۔ میرا خیال ہے تمہی نے ابن زیاد کو میرا مشورہ قبول کرنے سے روکا ہے۔ ﴿لا یستسلم واللّٰہ حسینؑ ان نفس ابیه لبین جنبیه﴾ خدا کی قسم حسینؑ ہرگز سر تسلیم خم نہیں کریں گے ان کے پہلوؤں میں ان کے غیور باپ کا نفس موجود[2] ہے۔ (ابن سعد کے اس کلام سے خود اس کے مکتوب کے مندرجات کی نفی اور ہمارے بیان کی تائید پر کافی روشنی پڑتی ہے۔ و الفضل ما شهدت به الاعداء)۔

شمر نے کہا: ان باتوں کو چھوڑیئے۔ مجھے یہ بتایئے کہ آپ حاکم کے حکم کی تعمیل کریں گے؟ بصورت دیگر زمام قیادت میرے ہاتھ میں دیجئے۔

ظاہر ہے کہ اس سے ابن سعد کی شیطانی "انا" کو ضرور ٹھیس لگتی تھی جسے برداشت کرنا ایسے متکبر مزاج سے بعید تھا چنانچہ یہ شقی ازلی قتل حسینؑ پر بالکل تیار ہو گیا۔ اور کہا: ﴿لا ولا کرامة لک ولکن اتولی ذلک فکن

---

[1] ناسخ التواریخ، ج ۶، ص ۲۲۷۔ تقام، ص ۳۱۹۔ کامل، ج ۳، ص ۲۸۴ وغیرہ۔

[2] کامل، ج ۳، ص ۲۸۴۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

انت علی الرجالة ﴾ تمہیں قیادت نہیں مل سکتی۔ میں خود اس کام کو انجام دوں گا۔ البتہ میں پیادہ فوج کی سرداری تمہارے سپرد کرتا[1] ہوں۔

از آب ہم مضائقہ کردند کوفیاں
خوش داشتند حرمت مہمان کربلا

ساتویں ماہِ محرم اور خاندانِ نبوت پر بندش آب

وقت کے گزرنے کے ساتھ ساتھ آخر ساتویں محرم کو اس بات کی تکمیل کی گھڑی بھی آ گئی۔ جس کی عملی ابتداء دو محرم کو ہو چکی تھی۔ جب کہ ابن زیاد نے حُر کو لکھا تھا: ﴿فجعجع بالحسینؑ حین یبلغک کتابی و یقدم علیک رسولی فلا تنزله الا بالعراء فی غیر حصن و علی غیر ماء..... الخ ﴾ حسینؑ کے ساتھ متشددانہ سلوک کرو۔ اور ان کو بے آب و گیاہ زمین میں اترنے پر مجبور کرو۔[2] چنانچہ حُر نے اس حکم کی تعمیل کر کے امام عالی مقام کو ایسے ہی بے آب و گیاہ مقام پر رحل اقامت ڈالنے پر مجبور کر دیا تھا۔ اس لیے امام عالی مقام کو پانی حاصل کرنے میں وقت کا سامنا تو پہلے ہی کرنا پڑتا تھا مگر ساتویں محرم کو ابن زیاد کے اس دوسرے تاکیدی حکم نے جس میں یہ تصریح موجود تھی کہ "حسینؑ اور ان کے ہمراہیوں پر پانی بند کر دو۔ کیونکہ میں اسے یہود و نصاریٰ پر تو حلال کرتا ہوں مگر حسینؑ اور ان کے اہل بیتؑ پر حرام قرار دیتا ہوں۔ خیال رکھنا ان تک پانی کا ایک قطرہ بھی نہ پہنچنے پائے۔" یہ سلسلہ بھی ختم کر دیا۔ چنانچہ عمر بن سعد نے اس کافرانہ حکم امتناعی کی فوری تعمیل کرتے ہوئے عمرو بن حجاج زبیدی کو پانچ سو سواروں کے ساتھ نہر فرات پر بطور پہرہ دار متعین کر دیا اور ان کو تاکید کر دی کہ حسینؑ خیام تک پانی کا ایک قطرہ بھی نہ پہنچنے پائے۔ یہ شہادت حسینؑ سے تین روز پیشتر کا واقعہ[3] ہے۔ لق و دق صحراء میں بندش آب کے بعد حضرت امام حسینؑ اور ان کے اعزہ و انصار اور بالخصوص اطفال خورد سال پر کیا قیامت گزری ہوگی۔ اس کا اندازہ لگانا کوئی مشکل بات نہیں۔ ہر طرف سے بوجہ شدت پیاس العطش العطش کی جگر گداز آوازیں بلند ہو رہی تھیں۔ اور ساقی کوثر کا خاندان آج قطرۂ آب کے لیے ترس رہا تھا۔ اسی پر اکتفا نہیں کی گئی۔ بلکہ دشمنانِ دین کی شماتت آمیز طعن و تشنیع اور بھی قیامت ڈھا رہی تھی۔ اور اس سے سرکار سید الشہداءؑ کو جو روحانی اذیت ہوتی تھی وہ بندش آب سے بھی زیادہ تکلیف دہ تھی۔

---

[1] نفس المہموم طبری، ج ۶، ص ۲۲۶۔ مقتل الحسین، ص ۲۲۸۔ (نوٹ) بعض نسخوں میں یہ لفظ یوں وارد ہے ﴿ان نفسا ابیة﴾ بنابریں اس جملہ کے معنی یہ ہوں گے ان کے دو پہلوؤں میں خود دار نفس موجود ہے۔ (منہ عفی عنہ)

[2] طبری، ج ۶، ص ۲۳۲۔

[3] تاریخ طبری، ج ۶، ص ۲۳۲۔ کامل ابن اثیر، ج ۳، ص ۲۸۳۔ مقتل خوارزمی، ج ۱، ص ۲۴۴۔ ارشاد مفید، ص ۲۴۸ وغیرہ۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

بعض بے ادبوں کی گستاخیاں

اس قسم کے متعدد واقعات تاریخ میں ملتے ہیں کہ متعدد گستاخوں نے اس نازک مرحلہ پر گستاخانہ کلام باطل نظام کر کے آنجنابؑ کے زخموں پر نمک پاشی کی۔ (لعنة الله عليهم اجمعين) چنانچہ عمرو بن الحجاج زبیدی نے بآواز بلند کہا: ﴿يا حسينؑ هذا الماء تلغ فيه الكلاب و تشرب منه خنازير اهل السواد و الحمر و الذئاب وما تذوق منه و الله قطرة حتى تذوق الحميم في نار الجحيم﴾ اے حسینؑ! یہ نہر فرات کا پانی ہے جسے کتے اور بیابان کے سؤر اور بھیڑیے بھی پی رہے ہیں لیکن تم اس کا ایک قطرہ بھی نہیں پی سکتے۔ یہاں تک کہ آتش جہنم میں کھولتا ہوا پانی پیو (خاک بدہن قائل)۔ راویان اخبار کا بیان ہے کہ ﴿فكان سماع هذا الكلام على الحسينؑ اشد من منعهم اياه الماء﴾ جنابؑ پر یہ کافرانہ کلام بندش آب کے صدمہ سے بھی زیادہ گراں تھا۔[1]

اسی طرح ایک اور گستاخ کا بھی طعن آمیز کلام تاریخ میں ملتا ہے۔ وہ عبداللہ بن حصین ازدی تھا۔ اس نے پکار کر کہا: ﴿يا حسينؑ! الا تنظر الى الماء كانه كبد السماء والله لا تذوقون منه قطرةً واحدةً حتى تموتوا عطشاً﴾ "اے حسینؑ! اس پانی کو دیکھ رہے ہو جو اپنی نیلگونی کی وجہ سے جگر پارۂ آسمان معلوم ہوتا ہے۔ بخدا تم اس کا ایک قطرہ بھی نہیں پی سکتے۔ یہاں تک کہ شدت پیاس سے بلک بلک کر دم توڑ دو۔" امام عالی مقام کو اس بیہودہ کلام کے سننے سے اس قدر اذیت ہوئی کہ بارگاہ قدرت میں دست بدعا ہو کر کہا: ﴿اللّهم اقتله عطشاً و لا تغفر له ابداً﴾ "پروردگار! اس ملعون کو پیاس سے قتل کر اور اس کو کبھی نہ بخش۔" امام کی بدعا کا جو اثر ہوا۔ وہ حمید بن مسلم کی زبانی سنئے۔ وہ بیان کرتا ہے: ﴿والله لعدته بعد ذلك في مرضه فوالله الذى لا اله غيره لقد رأيته يشرب الماء حتى يبغر ثم يقئ و يصيح العطش العطش فما زال ذالك دأبه حتى مات﴾ میں اس شخص کی بیمار پرسی کرنے گیا۔ اس خدا کی قسم جس کے بغیر کوئی معبود برحق نہیں کہ میں نے دیکھا کہ وہ پیاس کی شدت سے اس قدر پانی پیتا تھا کہ پانی حلق تک پہنچ جاتا تھا پھر قئے کر دیتا۔ اور بدستور العطش العطش پکارنے لگتا۔ حتیٰ کہ اسی حالت میں واصل جہنم ہو گیا۔[2]

حصول آب کی کوششیں

کتب سیر و تواریخ کی ورق گردانی کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ پانی حاصل کرنے کی کئی کوششیں کی گئیں مگر کامیابی حاصل نہ ہو سکی۔

---

[1] وقائع ایام محرم، ص ۲۷۰ بحوالہ التبر المذاب سید شافعی، تذکرہ خواص الامۃ۔

[2] وقائع ایام محرم، ص ۲۷۰۔ عاشر بحار الانوار، ص ۱۹۱۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

پہلی کوشش:۔ جب پیاس نے بہت شدت اختیار کی تو امامؑ کے اصحاب میں سے یزید بن حصین ہمدانی (یا بریر بن خضیر ہمدانی) نے خدمت امامؑ میں عرض کیا: فرزند رسولؐ! اگر اجازت ہو تو میں ابن سعد سے اس معاملہ میں کچھ گفتگو کروں۔ شاید وہ اپنی شقاوت سے باز آ جائے۔ امامؑ نے اجازت مرحمت فرمائی۔ چنانچہ وہ ابن سعد کے پاس گیا مگر اسے سلام نہ کیا۔ پسر سعد نے کہا: اے ہمدانی! تو نے مجھے سلام کیوں نہیں کیا؟ ﴿الست مسلماً اعرف اللہ و رسولہ﴾ کیا میں مسلمان نہیں ہوں؟ کیا میں خدا و رسولؐ کو نہیں پہچانتا؟ ہمدانی نے کہا: ﴿لو کنت مسلماً کما تقول لما خرجت الی عترۃ رسولؐ اللہ ترید قتلھم﴾ اگر تو مسلمان ہوتا اور خدا و رسول کو پہچانتا تو عترت رسولؐ کے قتل کے ارادہ سے یہاں نہ آتا۔ اس کے بعد اپنے حاضر ہونے کا مقصد بیان کرتے ہوئے کہا: پسر سعد! تمہیں شرم نہیں آتی۔ ﴿فھذا ماء الفرات یشرب کلاب السواد و خنازیرھا و ھذا الحسین بن علی علیہ السلام و اخوتہ و نساءہ و اھلبیتہ یموتون عطشاً قد حلت بینھم و بین ماء الفرات ان یشربوہ و تزعم انک تعرف اللہ و رسولہ﴾ یہ دریائے فرات کا پانی ہے جسے صحرائی سگ و خوک پی رہے ہیں لیکن یہ حسینؑ اور ان کے اہل و عیال اس کے کنارے شدت پیاس سے دم توڑ رہے ہیں۔ اور پھر بھی تو یہ دعویٰ کرتا ہے کہ تو مسلمان ہے اور خدا و رسول کو پہچانتا ہے؟ ہمدانی کا یہ کلام حقیقت ترجمان سن کر کچھ دیر کے لیے ابن سعد نے سر جھکا لیا۔ اس کے بعد بولا: ﴿واللہ یا اخا ھمدان انی اعلم حرمۃ اذا ھم لکن دعانی عبید اللہ من دون قومہ الخ﴾ اے ہمدانی! خدا کی قسم میں اچھی طرح جانتا ہوں کہ اس خاندان کو اذیت پہنچانا حرام ہے مگر کیا کروں۔ مجھے ابن زیاد نے اس مہم کے لیے بلایا (پھر اپنے وہ کافرانہ اشعار پڑھے جس کا تذکرہ قبل ازیں کیا جا چکا ہے) ناسخ میں اس شقی کا جواب بایں الفاظ مروی ہے: ﴿یا اخا ھمدان ما اجد نفسی تجیبنی الی ترک الرائے﴾ اے ہمدانی میرا نفس مجھے علاقہ رے کے ترک کرنے کی اجازت نہیں دیتا۔[2] چنانچہ جناب بریرؓ بے نیل مرام واپس آئے۔

دوسری کوشش:۔ خود جناب سید الشہداءؑ نے قوم اشقیاء سے پُر زور مطالبہ کیا۔ چنانچہ سید اجل سید ابن طاؤس لکھتے ہیں: ﴿فضیقوا علی الحسینؑ حتی نال منہ العطش و من اصحابہ فقامؑ و اتکأ علی قائم سیفہ و نادیٰ باعلی صوتہ فقالؑ انشدکم اللہ ھل تعرفوننی؟ قالوا نعم انت ابن رسولؐ اللہ و سبطہ. قال ھل تعلمون جدی قالوا اللّٰھم نعم. قالؑ انشدکم اللہ. ھل تعلمون ان امی فاطمۃؑ الزھراء بنت محمدؐ المصطفیٰ؟ قالوا اللّٰھم نعم. قالؑ انشدکم اللہ ھل تعلمون ان جدتی خدیجۃ بنت خویلد

---

[1] تقمام ذخار، ص ۳۱۶۔ نفس المہموم، ص ۱۱۶۔ ذبح عظیم، ص ۲۸۵ بحوالہ مطالب السئول وغیرہ۔

[2] ناسخ التواریخ، ج ۶، ص ۲۲۸۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

اوّل نساء هذه الامة اسلامًا؟ قالو: اللّٰهم نعم. قال انشدكم اللّٰه هل تعلمون ان حمزة سيّد الشهداء عمّ ابيّ؟ قالوا اللّٰهم نعم. قالً انشدكم اللّٰه هل تعلمون ان جعفر الطّيار فى الجنة عمى. قالوا اللّٰهم نعم. قالً انشدكم اللّٰه. هل تعلمون ان هذا سيف رسولً اللّٰه انا متقلده؟ قالوا اللّٰهم نعم. قالً انشدكم اللّٰه هل تعلمون ان هذه عمامة رسول اللّٰه انا لا بسها؟ قالوا اللّٰهم نعم. قال انشدكم هل تعلمون انّ عليًا كان اول القوم اسلاماً و اعلمهم علماً و اعظم حكما و انه ولى كل مومن و مومنة؟ قالوا اللّٰهم نعم. قال فبم تستحلون دمى و ابى صلوات اللّٰه عليه الزائب عن الحوض يزود عنه رجالاً كما يزاد البعير الصادر عن الماء ولواء الحمد فى يد ابى يوم القيامة﴾ جب امامؑ اور اصحاب امامؑ شدت پیاس سے نڈھال ہوگئے تو امام علیہ السلام تلوار کی ٹیک لگا کر کھڑے ہوگئے اور قوم اشقیاء کو یوں خطاب فرمایا: میں تمہیں خدا کی قسم دے کر پوچھتا ہوں۔ مجھے سچ بتاؤ کیا تم مجھے پہچانتے ہو؟ سب نے جواب میں کہا: ہاں پہچانتے ہیں۔ آپؑ فرزند رسولؐ اور ان کے نواسے ہیں۔ امامؑ نے فرمایا: میں تمہیں خدا یاد دلا کر دریافت کرتا ہوں کیا تم جانتے ہو کہ حضرت علیؑ بن ابی طالبؑ میرے والد ہیں۔ انہوں نے کہا: ہاں ہم جانتے ہیں۔ امامؑ نے فرمایا: میں تم کو خدا کی قسم دے کر پوچھتا ہوں۔ کیا تم جانتے ہو کہ حضرت فاطمۃ الزہراؑ میری والدہ ہیں۔ انہوں نے کہا: ہاں ہم جانتے ہیں۔ امامؑ نے فرمایا: میں تم کو خدا کی قسم دے کر پوچھتا ہوں کیا تم جانتے ہو کہ جناب خدیجۃ الکبریٰ میری جدۂ ماجدہ ہیں۔ جو امت مسلمہ کی پہلی اسلام لانے والی خاتون ہیں؟ سب نے کہا: ہاں درست ہے! امامؑ نے فرمایا: میں تم کو خدا کی قسم دیتا ہوں۔ کیا تم جانتے ہو کہ جناب حمزہؑ سید الشہداءؑ میرے باپؑ کے چچا ہیں؟ جواب میں ان لوگوں نے کہا: ہاں! امامؑ نے فرمایا: میں تم کو خدا کی قسم دیتا ہوں۔ کیا تم جانتے ہو کہ جعفر طیار فی الجنہ میرے چچا ہیں؟ سب نے کہا: ہاں! امامؑ نے فرمایا: میں تمہیں خدا کی قسم دے کر پوچھتا ہوں۔ کیا تم جانتے ہو کہ یہ جناب رسولؐ خدا والی تلوار اس وقت میں حمائل کئے ہوئے ہوں؟ سب نے کہا: ہاں ہم جانتے ہیں۔ امامؑ نے فرمایا: میں تم کو خدا یاد دلا کر پوچھتا ہوں کیا تم جانتے ہو کہ اسوقت میں جو عمامہ باندھے ہوئے ہوں یہ جناب رسولؐ خدا کا عمامہ ہے؟ سب نے کہا: ہاں۔ امامؑ نے فرمایا: میں تم کو خدا کی قسم دے کر پوچھتا ہوں مجھے سچ بتاؤ کیا تم جانتے ہو کہ میرے والد ماجد وہ ہیں جنہوں نے سب سے پہلے اظہار اسلام کیا۔ جو تمام لوگوں سے بڑے عالم اور از روئے حلم سب سے عظیم ہیں۔ تمام مؤمنین و مؤمنات کے مولا و آقا ہیں۔ سب نے کہا: ہاں ہم سب کچھ جانتے ہیں۔ اس وقت امامؑ نے فرمایا: اگر تم یہ سب کچھ جانتے ہو۔ تو پھر کس طرح میرے خون بہانے کو حلال سمجھتے ہو؟ حالانکہ کل بروز قیامت میرے پدر عالی قدر کچھ لوگوں کو اس طرح حوض کوثر سے دور لے جائیں گے جس طرح اونٹ کو مشرع سے دور کیا جاتا ہے اور فردائے قیامت کو لواء الحمد میرے

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

ہی والد کے ہاتھ میں ہوگا۔

امام علیہ السلام کے اس ناقابل ردّ احتجاج واستدلال کا اثر ان ملاعین پر یہ ہوا کہ آخر میں جواب دیا: ﴿قد علمنا ذلک کلہ و نحن غیر تارکیک حتیٰ تذوق الموت عطشاً﴾ جو کچھ آپؑ نے بیان کیا ہے ہم یہ سب کچھ جانتے ہیں مگر آپؑ کو اس وقت تک نہیں چھوڑیں گے جب تک آپؑ بحالت پیاس شربت موت نوش نہ کر لیں۔ راویان اخبار کا بیان ہے کہ جب جناب سید الشہداءؑ نے یہ خطبہ دیا اور ظالموں نے یہ جواب دیا اور آنجناب کی بہنوں اور بیٹیوں نے سنا تو انہوں نے نالہ وشیون اور گریہ وبکا کی آواز بلند کی۔ امام الصابرینؑ نے اپنے بھائی حضرت ابوالفضل عباسؑ اور شہزادے علی اکبرؑ کو خیام میں بھیجا کہ وہ بی بیوں کو تسلی دے کر خاموش کریں کیونکہ ابھی ان کے رونے کے لیے کافی وقت پڑا ہے۔[1]"

دو بار خیام حسینؑ میں پانی کا پہنچنا

یہ حقیقت ناقابل انکار حد تک تاریخی شواہد سے ثابت ہے کہ بندش آب کی اس پوری مدت میں دو بار کچھ پانی خیام حسینیؑ تک پہنچا ہے۔ ایک مرتبہ آنجنابؑ نے باعجاز امامت اس کی فراہمی کا انتظام کیا ہے۔ اور دوسری بار سقائے بنی ہاشم اور ان کے چند مخلص رفقائے کار کی جدوجہد سے اطفال اہل بیتؑ کی نخل تمنا بار آور ہوئی ہے۔ ان ہر دو واقعات کی بقدر ضرورت تفصیل یہ ہے۔

(۱) جب امام حسینؑ اور ان کے اعزہ واصحاب پر شدت پیاس کا غلبہ ہوا۔ تو اس وقت آنجنابؑ نے ایک بیلچہ لیا۔ اور اپنے خیام سے بجانب قبلہ انیس (۱۹) قدم کے فاصلہ پر بیلچے سے زمین کو تھوڑا سا کھودا۔ اچانک پانی کا سرد و شیریں چشمہ برآمد ہوا۔ آنجنابؑ اور آپ کے سب ہمراہیوں نے پیا اور چند مشکیں بھی پُر کیں۔ اس کے بعد اس چشمہ کا وہاں نام ونشان تک نہ رہا۔[2]

اس واقعہ کی نسبت صاحب "مواعظ حسنہ" صفحہ ۲۱۰ (طبع سیوم) پر رقمطراز ہیں: "کیسا تعجب کا مقام ہے کہ سیراب کنندۂ عالم، باعث نجات عالم، فرزند ساقی کوثر قطرۂ آب کو محتاج رہے۔ اور دنیا سے پیاسا ہی جائے۔ ششم محرم الحرام یا ہفتم کو جب نہر سے پانی کی قطعاً بندش ہوگئی تو حضرت نے خیمہ گاہ سے چند قدم کے فاصلے پر حکم دیا کہ یہاں زمین کھودی جائے۔ وہاں سے ایک چشمۂ آب جاری ہوا۔ تقریباً پچاس مشک پُر کیں۔ لیکن معلوم نہیں کہ نویں اور

---

[1] ملہوف، ص ۷۵، ۷۷۔

[2] عاشر بحار الانوار، ص ۱۹۰۔ ناسخ التواریخ، ج ۶، ص ۲۲۸۔ نفس المہموم، ص ۱۱۶۔ مقتل الحسینؑ، ص ۲۲۱۔ تقام ذخار، ص ۳۱۴۔ ماتمین علامہ کنتوری، ج ۱، ص ۳۰۳۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

دسویں کو وہ چشمۂ آب کہاں گیا۔ جو بچے ایک ایک بوند کو ترستے تھے اور پانی نہ ملتا تھا۔ اس دن وہ چشمہ کیوں نہ ظاہر ہوا۔"[1]

تعجب ہے کہ جاسوسوں نے اس قدر مختصر واقعہ کی اطلاع بھی ابن زیاد کو دے دی۔ چنانچہ اس نے یہ اطلاع ملنے پر اس مضمون کا ایک مکتوب عمر بن سعد کو لکھا: ﴿اما بعد بلغنی ان الحسینؑ یحفر الآبار و یصیب الماء فیشرب هو و اصحابه فانظر اذا ورد علیک کتابی هذا فامنعهم من حفر الآبار ما استطعت و ضیق علیهم ولا تدعهم یذوقوا الماء و افعل بهم کما فعلو ابا لزکی عثمان﴾ مجھے یہ اطلاع ملی ہے کہ حسینؑ کنوئیں کھودتے ہیں۔ خود بھی پانی پیتے ہیں اور اپنے اصحاب کو بھی پلاتے ہیں۔ دیکھو جب میرا یہ خط پہنچے۔ تو ان کو حتی الامکان کنوئیں کھودنے سے بھی روک دو۔ اور پوری کوشش کرو کہ وہ پانی کا ایک گھونٹ بھی نہ پی سکیں۔ جیسا کہ عثمان کے ساتھ کیا گیا تھا۔[2]

(۲) جب پیاس نے بہت شدت اختیار کی اور حضرت امام حسینؑ نے اپنے اہل بیت اطہار و اصحاب اخیار کی نازک حالت دیکھی۔ تو جناب ابوالفضل عباسؑ کو تیس سوار و بیس پیادہ اور بیس مشکیں دے کر پانی لانے کے لیے روانہ کیا۔ نافع بن ہلال بجلی آگے آگے تھے۔ جب نافع نہر میں داخل ہوا تو عمرو بن حجاج زبیدی نے آواز دی۔ تم کون ہو اور یہاں کیا کر رہے ہو۔ نافع نے اپنا نام و نسب بتاتے ہوئے کہا: تمہارا چچازاد بھائی نافع ہوں۔ پانی لینے آیا ہوں۔ عمرو نے کہا: بڑی خوشی سے لے سکتے ہو۔ نافع نے کہا: نہیں بخدا۔ جب تک حسینؑ اور ان کے اہل و عیال پیاسے ہیں۔ میں ایک قطرہ بھی نہیں پی سکتا۔ اس اثناء میں عمرو نے دیکھ لیا کہ کئی آدمی مشکیزے ہاتھ میں لئے پانی لینا چاہتے ہیں۔ اس نے نافع سے کہا: کہتے تو تم سچ ہو۔ مگر ہمیں اسی کام پر مامور کیا گیا ہے۔ کہ خیام حسینیؑ تک پانی کا ایک قطرہ نہ پہنچنے دیں۔ نافع نے اس کی بات کی کوئی پروا نہ کی۔ اور پیادہ کو حکم دیا کہ پانی میں داخل ہو کر مشکیں پُر کر لو۔ چنانچہ انہوں نے ایسا ہی کیا۔ اس وقت عمرو بن حجاج نے اپنے فوجیوں کو حملہ کرنے کا حکم دیا۔ ادھر حسینیؑ سپاہ نے بھی جوابی کارروائی کی۔ بالخصوص قمر بنی ہاشمؑ جو اس مختصر جماعت کی حفاظت کے لیے ہی ہمراہ گئے تھے، نے وہ جوہر شجاعت دکھائے کہ دشمنوں کو راہِ فرار اختیار کرنے میں ہی سلامتی نظر آئی۔ اس کے باوجود ان کے کئی آدمی واصل جہنم ہوئے۔ مگر حسینیؑ سپاہ کو کوئی گزند نہ پہنچا۔ اور وہ پانی کے بیس مشکیزے لے کر سلامتی کے ساتھ خیام میں پہنچ گئے۔ اسی

---

[1] مواعظ حسنہ، ص ۲۱۰، مولانا سید محمد سبطین صاحب مرحوم۔

[2] بحار، ج ۱۰، ص ۱۹۰۔ تاریخ، ج ۶، ص ۲۲۸۔ مقتل، ص ۱۴ وغیرہ۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

وقت سے جناب ابوالفضلؑ کا لقب سقاء مشہور ہوا۔"[1] لیکن ظاہر ہے کہ امام عالی مقامؑ کے اہل وعیال اور ان کے اعوان وانصار کے لیے جو شب عاشوراء تک کافی تعداد میں تھے۔ کل بیس مشکیں کہاں تک کافی ہو سکتی تھیں؟ اور ان سے کہاں تک شدت پیاس میں کمی ہو سکتی تھی؟ یہی وجہ ہے کہ بایں ہمہ مؤرخین متفق ہیں کہ خیام حسینیؑ سے العطش العطش کی آوازیں بلند ہوتی تھیں۔ اور امامؑ کے تمام اعزہ وانصار اور آنجنابؑ سمیت قطرۂ آب کے لیے ترس ترس کر شہید ہوئے۔ رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین۔

ع خدا رحمت کند ایں عاشقانِ پاک طینت را

نویں محرم کے واقعات

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے ایک حدیث مروی ہے جس میں آپؑ فرماتے ہیں: ﴿تاسوعا یوم حوصر فیه الحسین علیه السلام و اصحابه رضی اللّٰه عنهم بکربلاء و اجتمع علیه خیل اهل الشام و انا خوا علیه و فرح ابن مرجانة و عمر بن سعد بتوافر الخیل و کثرتها و استضعفوا فیه الحسین علیه السلام و اصحابه و ایقنوا انه لا یاتی الحسینؑ علیه السلام ناصر و لا یمدّه اهل العراق بابی المستضعف الغریب﴾ نویں محرم کا دن وہ دن تھا جس میں امام حسینؑ اور ان کے اصحابؓ کربلا کے اندر پوری طرح نرغۂ اعداء میں گھر گئے تھے۔ اور سپاہ شام جمع ہو گئی تھی۔ اور ابن مرجانہ (عبید اللہ ابن زیاد) اور عمر بن سعد اپنی کثرت سپاہ کی وجہ سے خوش وخرم تھے۔ اور امام حسینؑ اور ان کے اصحابؓ کو کمزور سمجھ رہے تھے۔ اور ان کو یقین ہو گیا تھا کہ اب امام حسینؑ کا کہیں سے کوئی ناصر ومددگار نہیں آئے گا۔ اور نہ ہی اہل عراق ان کی امداد کریں گے۔ میرا باپ قربان ہو جائے اس کمزور مسافر پر۔[2]

چنانچہ کثرتِ سپاہ کے گھمنڈ اور مادی طاقت وقوت کے نشہ سے سرشار ہو کر عمر بن سعد نے نویں محرم کو عصر کے بعد یہ کہہ کر ﴿یا خیل اللّٰه ارکبی و بالجنة ابشری﴾ (اے خدا کے سوارو! سوار ہو جاؤ اور تم کو جنت کی بشارت ہو)۔[3] خیام حسینیؑ کی طرف بڑھنا شروع کر دیا۔ اس وقت امام حسین علیہ السلام دروازۂ خیام کے سامنے قبضۂ تلوار کا سہارا لیے گھٹنوں پر سر رکھ کر بیٹھے ہوئے تھے کہ اسی حالت میں آنکھ لگ گئی۔ جب جناب شریکۃ الحسینؑ زینب

---

[1] بحار، ج ۱۰، ص ۱۹۰۔ تاریخ، ج ۶، ص ۲۲۸۔ تمقام، ص ۳۱۵۔ نفس المہموم، ص ۱۱۷۔ مقتل الحسین، ص ۲۲۳۔ ذبح عظیم، ص ۲۸۳، ۲۸۴، صاحب مواعظ حسنہ نے بھی صفحہ ۲۶۷ طبع سیوم میں تفصیل کے ساتھ اس واقعہ کا ذکر کیا ہے۔

[2] نفس المہموم، ص ۱۲۰۔

[3] تمقام، ص ۳۲۱ وغیرہ۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

عالیہ نے ہتھیاروں کی جھنکار، گھوڑوں کے ٹاپوں کی آواز اور فوجوں کا شور وشغب سنا تو اپنے بھائی سید الشہداؑ کے قریب آ کر کہا۔ ﴿اما تسمع الاصوات قد اقتربت!﴾ بھائی جان! آپؑ یہ آوازیں نہیں سن رہے جو قریب ہیں؟ امامؑ عالی مقام نے سر بلند کیا۔ اور فرمایا: ﴿رأیت رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ و الہ الساعۃ فی المنام فقال لی انک تروح الینا﴾ میں نے جناب رسول خداؐ کو خواب میں دیکھا ہے کہ مجھ سے فرما رہے ہیں۔ تم عنقریب ہماری طرف آ رہے ہو۔ سید بن طاؤس کی روایت کے الفاظ یہ ہیں۔ امامؑ نے فرمایا: ﴿یا اختاہ انی رأیت الساعۃ جدی محمداً و ابی علیاً و امی فاطمۃ و اخی الحسنؑ وھم یقولون یا حسینؑ انک رائح الینا عن قریب وفی بعض الروایات غداً﴾۔[1] بہن میں نے ابھی ابھی اپنے جد نامدارؐ، پدرؑ بزرگوار، مادرؑ گرامی وقار اور برادرؑ عالی مقدار کو خواب میں دیکھا ہے۔ جو مجھ سے فرما رہے تھے کہ اے حسینؑ تم شام کو ہماری طرف آ رہے ہو۔ اور بعض روایات کی بنا پر یوں فرمایا: ''تم کل ہماری طرف آ رہے ہو۔'' (وھو صحیح علی الظاھر)۔ امام حسینؑ کا یہ کلام حقیقت ترجمان سن کر جناب زینبؑ عالیہ نے اپنا منہ پیٹ لیا۔ امام علیہ السلام نے ان کو تسکین و تسلی دی۔ اور صبر و سکون کی تلقین فرمائی۔ اس کے بعد جناب ابوالفضل عباس سے فرمایا: ﴿ارکب انت یا اخی حتیٰ تلقاھم و تقول لھم ما لکم وما بداکم و تسئالھم عما جائھم؟﴾ بھائی جان! سوار ہو کر ان کے پاس جاؤ۔ اور ان سے اس وقت چڑھ آنے کا سبب معلوم کرو؟ چنانچہ جناب قمر بنی ہاشمؑ بیس سواروں کے ساتھ جن میں جناب زہیر بن قین اور حبیب بن مظاہر (مظہر) بھی تھے۔ قوم جفا کار کے پاس تشریف لے گئے اور جا کر ان سے اس وقت اس طرح آنے کا سبب پوچھا؟ انہوں نے جواب دیا کہ حاکم (ابن زیاد بدنہاد) کا حکم نامہ آیا ہے کہ ہم تمہیں انکے حکم کے آگے سر تسلیم خم کرنے کو کہیں۔ پس اگر آپ منظور کر لیں۔ تو فبہا ورنہ فوراً آپ سے فیصلہ کن جنگ کریں۔ جناب عباسؑ نے فرمایا: ٹھہرو! میں جا کر سب صورت حال امامؑ کے گوش گزار کرتا ہوں۔ انہوں نے کہا: ہاں ضرور جائیں۔ اور ان کو تازہ صورت حال سے آگاہ کریں۔ اور پھر جو کچھ فرمائیں۔ اس کی ہمیں بھی اطلاع دیں۔

چنانچہ جناب عباسؑ نے خدمت امامؑ میں حاضر ہو کر حقیقت حال گوش گزار کی۔ اور ان کی آمد و رفت تک جناب حبیب اور جناب زہیر اشقیاء سے مخاطبہ فرماتے رہے۔ اور ان کو قتل امامؑ سے باز رکھنے کے لیے وعظ و پند کرتے رہے۔ ﴿ولا کن لا تغنی الایات و النذر عن قوم لا یؤمنون﴾ اسی گفتگو کے ضمن میں یہ بھی مذکور ہے کہ جب جناب زہیر ان کو وعظ و نصیحت کر رہے تھے تو عزرہ بن قیس نے ان سے کہا: ﴿یا زھیر ما کنت عندنا من شیعۃ اھل ھذا البیت انما کنت عثمانیاً؟﴾ اے زہیر ہم تو تمہیں اس خاندان کا شیعہ نہیں سمجھتے تھے بلکہ تم تو عثمانی تھے!

---

[1] ملہوف۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

جناب زہیر نے جواب دیا: ﴿افلست تستدل بموقفی هذا انی منهم﴾ کیا میرے یہاں کھڑے ہونے سے تم یہ نہیں سمجھ سکتے کہ میں انہی کے شیعوں میں سے ہوں۔[1] (اس سوال و جواب سے انصار امامؑ اور ان کے مخالفین کے مذہب پر خاصی روشنی پڑتی ہے فتدبر)۔ بہرکیف امام علیہ السلام نے شہزادہ سے فرمایا: ﴿ارجع الیهم فان استطعت ان تؤخرهم الی غدوة و تدفعهم عنا العشیة لعلنا نصلی لربنا اللیلة و ندعوه و نستغفره فهو یعلم انی کنت احب الصلوة له و تلاوة کتابه و کثرة الدعا و الاستغفار﴾ واپس جاؤ اور ہو سکے تو ان کو کل تک مؤخر کرو تاکہ ہم آج رات (دل کھول کر) نماز، دعا اور استغفار کرلیں۔ خدا بہتر جانتا ہے کہ مجھے نماز پڑھنے، تلاوت قرآن کرنے اور بکثرت دعا و استغفار کرنے سے کس قدر محبت ہے۔ (دعا ہے کہ خداوند عالم امام حسینؑ کے نام لیواؤں کو بھی یہ شوق و ذوق عبادت عطا فرمائے) چنانچہ جناب ابوالفضلؑ نے واپس جاکر مخالفین کو اس بات پر آمادہ کر لیا۔ واپسی پر عمر بن سعد نے یہ پیغام دے کر اپنا قاصد بھی خدمت امامؑ میں بھیجا کہ ہم آپؑ کو کل تک مہلت دیتے ہیں۔ اگر آپؑ نے سر تسلیم خم کر دیا تو ہم آپؑ کو اپنے امیر عبیداللہ بن زیاد کے پاس لے چلیں گے۔ اور اگر آپؑ اپنے انکار پر تلے رہے۔ تو پھر ہم آپؑ کو چھوڑ نہیں سکتے۔[2] یعنی ضرور جنگ کریں گے۔ بعض روایات میں وارد ہے کہ امامؑ عالی مقام کو ایک رات کی مہلت دینے میں عمر بن سعد نے پہلے کچھ پس و پیش کی۔ جس پر عمرو بن حجاج زبیدی نے اس سے کہا: تمہیں شرم نہیں آتی۔ اگر ہماری ترک و دیلم کے کفار سے بھی جنگ ہوتی اور وہ ایک رات کی مہلت مانگتے تو ضرور ہم ان کو مہلت دے دیتے۔ اور یہ تو فرزند رسولؐ ہیں۔ جو صرف ایک رات کی مہلت طلب کر رہے ہیں۔ اس پر عمر بن سعد شرمندہ ہوا اور مہلت دے دی۔[3]

شب عاشورا کے واقعات

شب عاشوراء اہل بیت رسولؐ کے لیے سخت ترین راتوں میں سے ایک رات تھی جو مختلف شدائد و مصائب سے گھری ہوئی تھی۔ شدید خطروں کا الارم بج رہا تھا۔ ظاہری اسباب حیات منقطع ہو چکے تھے۔ مخدرات کو اپنے شوہروں، بھائیوں، بیٹوں اور عزیزوں کی موت کا یقین ہو چکا تھا۔ اور آنے والے محن و آلام کا نقشہ آنکھوں کے سامنے تھا۔ اس لیے ان کا قلق و اضطراب ایک فطری امر تھا۔ اسی طرح شدت پیاس سے نڈھال اطفال خوردسال کا گریہ و بکاء بھی ایک لازمی تقاضا تھا۔ جو بڑوں کے لیے سوہان روح تھا۔

---

[1] تاریخ طبری، ج ۶، ص ۲۳۷۔ نفس المہموم، ص ۱۲۱۔

[2] بحار الانوار، ج ۱۰، ص ۱۹۱۔ طبری، ج ۶، ص ۲۳۸۔

[3] مقتل الحسین، ص ۲۳۲۔ تمقام، ص ۳۲۲۔ ناسخ، ج ۶، ص ۲۳۶ وغیرہ۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

ایک رات کی مہلت لینے کے مصالح

سرکار سید الشہداؑ نے بڑی کوشش کر کے شب عاشوراء کی جو مہلت طلب فرمائی تھی اس میں کئی مصلحتیں اور حکمتیں پوشیدہ تھیں۔

پہلی مصلحت:۔ سب سے بڑی مصلحت تو وہی تھی جس کا خود آنجنابؑ نے اظہار بھی کر دیا تھا کہ دل کھول کر پروردگار عالم کی عبادت کر سکیں۔ اور بکثرت دعا و استغفار کر لیں۔ چنانچہ امام حسینؑ اور ان کے اعزہ و انصار نے شب عاشوراء جس طرح عبادت و استغفار میں گزاری۔ اس کا نقشہ مؤرخین نے ان لفظوں میں کھینچا ہے: ﴿فقام اللّیل کلّہ یصلّی و یستغفر و یدعو و یتفزع و قام اصحابہ کذلک یصلّون و یدعون و یستغفرون فباتوا ولھم دویٌّ کدوّی النحل مابین راکع و ساجد و قائم و قاعدٍ الخ﴾ جناب سید الشہداؑ نے تمام رات نماز، دعا و پکار اور تضرع و استغفار میں گزاری۔ اور یہی کیفیت اصحاب حسینؑ کی تھی۔ خیام حسینیؑ سے تسبیح و تہلیل کی یوں بھنبھناہٹ سنائی دیتی تھی جیسے شہد کے چھتہ سے بھنبھناہٹ کی آواز آتی ہے۔ کوئی رکوع میں تھا۔ کوئی سجود میں۔ کوئی قیام میں تھا تو کوئی قعود میں۔"[1] الغرض ع

زمین جگمگا اٹھی، وہ دل سے کیں عبادتیں

دوسری مصلحت:۔ اس مہلت کے طلب کرنے میں دوسری مصلحت یہ معلوم ہوتی ہے کہ امام علیہ السلام اپنے ہمراہیوں میں سے کسی کو تاریکی میں نہیں رکھنا چاہتے تھے۔ بلکہ صورت حال کو واضح کر کے ان کو اپنے عزم و ارادہ کا امتحان لینے کا موقع دینا چاہتے تھے تاکہ جو جانا چاہے وہ ابھی چلا جائے اور جو باقی رہے اور ساتھ دے۔ وہ بھی علیٰ وجہ البصیرت ایسا کرے۔ چنانچہ امام زین العابدین علیہ السلام کی روایت کے مطابق آنجنابؑ نے شب عاشوراء اپنے تمام اعزہ و احباب کو جمع کر کے یہ خطبہ ارشاد فرمایا: ﴿اُثنی علی اللّٰہ احسن الثناء و احمدہ علی السّراء و الضّراء اللّٰھم انی احمدک علی ان اکرمتنا بالنّبوۃ و علّمتنا القرآن و فقّھتنا فی الدّین و جعلت لنا اسماعًا و ابصارًا و افئدۃً فاجعلنا من الشاکرین اما بعد فانّی لا اعلم اصحابًا او فیً ولا خیراً من اصحابی ولا اھل بیتٍ ابرّ ولا اوصل من اھل بیتی فجزاکم اللّٰہ عنی خیراً. الا و انی لا اظن یوماً لنا من ھؤلاء. الا و انی قد اذنت لکم فانطلقوا جمیعاً فی حل لیس علیکم حرج منی ولا زمام ھذا اللّیل قد غشیکم فاتخذوہ جملاً. ثم لیاخذ کل رجل منکم بید رجل من اھلبیتی ثم تفرّقوا فی سوادکم و مدائنکم حتّٰی یفرّج اللّٰہ فان القوم انما یطلبوننی فلو قد اصابرہ لی لَلّھوا عن طلب غیری﴾ میں

---

[1] بحار، ج ۱۰، ص ۱۹۲۔ نفس المہموم، ص ۱۲۴۔ طبری، ج ۶، ص ۲۴۰۔ کامل، ج ۳، ص ۲۸۶۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

خدا کی بہترین حمد وثنا اور رنج وراحت (ہر حال) میں اس کی بہترین حمد کرتا ہوں۔ یا اللہ! میں تیری حمد کرتا ہوں۔ کہ تو نے ہمارے خاندان کو نبوت کی عزت بخشی۔ ہمیں علم قرآن عطا فرمایا۔ دین میں بصیرت مرحمت فرمائی۔ اور گوش شنوندہ چشم بینندہ اور دل دانندہ کرامت فرمایا۔ اما بعد میں اپنے اصحاب سے زیادہ وفادار اور بہتر اصحاب کسی کے نہیں جانتا۔ اور نہ اپنے اعزہ واقارب سے زیادہ نیکوکار اور صلۂ رحمی کرنے والے کسی کے عزیز واقرباء کو جانتا ہوں۔ خدا تم سب کو میری طرف سے جزائے خیر دے۔ میرا خیال ہے کہ ہماری جنگ ان لوگوں سے ضرور ہوگی میں تم سب کو بطیب خاطر اجازت دیتا ہوں اور تم سے بیعت کا بوجھ اٹھائے لیتا ہوں۔ رات تاریک ہے اسے سواری بنا کر جہاں جی چاہے وہاں چلے جاؤ۔ نہ صرف خود جاؤ بلکہ تم میں سے ہر شخص میرے اعزا واقارب مین سے ایک ایک شخص کا ہاتھ بھی پکڑ کر ہمراہ لیتا جائے۔ کیونکہ ان لوگوں کو صرف میری طلب ہے۔ جب مجھے پالیں گے (اور شہید کردیں گے) تو پھر کسی اور سے کوئی سروکار نہیں رکھیں گے۔[1] بعض آثار غیر معتبرہ سے ظاہر ہوتا ہے کہ امام علیہ السلام کے اس اعلان کے بعد کئی کمزور ارادہ وایمان والے لوگ امامؑ کا ساتھ چھوڑ کر چلے گئے۔ اور صرف آپؑ کے قرابت دار اور مخلص اصحاب جبدار باقی رہ گئے۔[2]

جناب امام حسینؑ کا یہ خطبہ سن کر سب سے پہلے جناب شہزادہ ابوالفضل عباسؑ اٹھے۔ اور خدمت امامؑ میں عرض کیا: ﴿ولم نفعل؟ لنبقی بعدک؟ لا ارانا اللہ ذلک ابداً﴾ "ہم ایسا کیوں کریں؟ محض اس لیے کہ آپؑ کے بعد زندہ رہیں؟ خدا ہمیں یہ دن کبھی نہ دکھائے۔" ان کے بعد جنابؑ کے دوسرے بھائیوں، بیٹوں، بھتیجوں اور بھانجوں نے بھی متفق اللفظ ہوکر ایسا ہی ایمان افروز جواب دیا۔ اس کے بعد امام عالی مقامؑ نے اولاد عقیلؑ کو بالخصوص خطاب کرکے فرمایا: ﴿یا بنی عقیلؑ حسبکم من القتل بمسلمٍ فاذھبوا انتم فقد اذنت لکم!﴾ اے اولادِ عقیلؑ تمہارے لیے شہادت مسلمؑ کافی ہے۔ میں تمہیں اجازت دیتا ہوں۔ تم چلے جاؤ۔ انہوں نے جو جواب باصواب دیا۔ اس کا خلاصہ یہ تھا: ﴿لا واللہ لا نفعل ذلک ولکن نفدیک انفسنا و اموالنا و اھلینا و نقاتل معک حتی نرد موردک فقبح اللہ العیش بعدک!﴾ نہیں بخدا۔ ہم ایسا ہرگز نہیں کرسکتے بلکہ ہم اپنی جانیں، اپنے مال اور اپنے اہل وعیال سب آپؑ پر قربان کریں گے۔ اور آپؑ کے ہمراہ ہوکر جنگ کریں گے۔ تاکہ جو انجام آپؑ کا ہو۔ وہی ہمارا ہو۔ بُرا کرے خدا اس زندگانی دنیا کا جو آپؑ کے بعد ہو۔[3]

---

[1] ارشاد، ص ۲۵۱۔ عاشر بحار الانوار، ص ۱۹۱۔ نفس المہموم، ص ۱۲۱۔ مقتل الحسین، ص ۲۳۴۔ طبری، ج ۶، ص ۲۳۸۔ کامل، ج ۳، ص ۲۸۵۔

[2] ناسخ، ج ۶، ص ۲۳۷۔ اسرار الشہادت، ص ۲۴۷، ۲۴۸ وغیرہ۔

[3] ارشاد، ص ۲۵۱۔ بحار الانوار، ص ۱۹۱۔ نفس المہموم، ص ۱۲۱۔ طبری، ج ۶، ص ۲۳۸ وغیرہ۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

بنی ہاشم کے اظہار وفاداری وعزم شہادت وغمگساری کے بعد اصحاب حسینؑ نے یکے بعد دیگرے امامؑ کو بڑے جرأت مندانہ اور والہانہ انداز میں اپنی نصرت اور ہر قسم کی قربانی کا یقین دلایا۔ چنانچہ سب سے پہلے جناب مسلم بن عوسجہؓ نے کھڑے ہو کر عرض کیا: ﴿انحن نخلی عنک وبما نعتذر الی اللّٰہ فی اداء حقک! اما واللّٰہ لا افارقک حتیٰ اطعن فی صدورھم برمحی. و اضربھم بسیفی. ما ثبت قائمہ فی یدی. ولو لم یکن معی سلاح اقاتلھم بہ لقذفتھم بالحجارۃ حتیٰ اموت. معک﴾ کیا ہم آپؑ کا ساتھ چھوڑ دیں؟ پھر خدا کی بارگاہ میں کیا عذر پیش کریں گے؟ خدا کی قسم میں ہرگز اس وقت تک آپؑ سے جدا نہیں ہو سکتا۔ جب تک اپنا نیزہ ان کے سینوں میں اس قدر نہ ماروں کہ وہ ٹوٹ جائے۔ پھر تلوار سے لڑوں گا۔ جب تک اس کا قبضہ میرے ہاتھ میں رہے گا اور جب کوئی ہتھیار لڑنے کے قابل نہ رہا۔ تو پھر ان کو پتھر ماروں گا۔ حتیٰ کہ اس طرح لڑتے لڑتے آپ کی معیت و رفاقت میں اپنی جان جان آفریں کے حوالہ کر دوں۔

پھر جناب سعید بن عبداللہ حنفیؓ نے کہا: ﴿واللّٰہ لا نخلیک حتی یعلم اللّٰہ انا قد حفظنا غیبۃ رسولہ فیک اما واللّٰہ لو قد علمت انی اقتل ثم احیٰ ثم احرق ثم احیی ثم احرق حیًا ثم اذریٰ یفعل ذلک بی سبعین مرۃً ما فارقتک حتیٰ القی حمامی دونک و کیف لا افعل ذلک و انما ھی قتلۃ واحدۃ ثم ھی الکرامۃ التی لا انقضاء لھا ابدًا﴾ ”بخدا ہم ہرگز آپؑ کا ساتھ نہیں چھوڑیں گے۔ جب تک بارگاہ ایزدی میں اپنے کردار سے ثابت نہ کر دیں کہ ہم نے آپ کے بارے میں رسول خداؐ کے غائبانہ حق کو ادا کر دیا ہے۔ خدا کی قسم! اگر مجھے معلوم ہوتا کہ میں قتل کیا جاؤں گا۔ پھر دوبارہ زندہ ہوں گا۔ بعد ازاں زندہ جلایا جاؤں گا۔ پھر میری راکھ ہوا میں اڑا دی جائے گی۔ اور ستر بار میرے ساتھ ایسا ہی سلوک کیا جائے گا۔ تب بھی آپ کا ساتھ نہ چھوڑتا۔ بھلا اب کیونکر چھوڑ سکتا ہوں۔ جبکہ یقین ہے کہ صرف ایک مرتبہ قتل ہونا ہے۔ اور اس کے بعد وہ ابدی عزت و کرامت حاصل ہوگی جو کبھی ختم ہونے والی نہیں ہے۔“

ان کے بعد جناب زہیر بن القینؓ نے کہا: ﴿واللّٰہ لوددت انی قتلت ثم نشرت ثم قتلت حتی اقتل ھکذا الف مرۃ و ان اللّٰہ عزوجل یدفع بذلک القتل عن نفسک و عن انفس ھؤلاء الفتیان من اھلبیتک!﴾ ”خدا کی قسم میں اس بات کو دوست رکھتا ہوں کہ میں قتل کیا جاؤں۔ پھر زندہ کیا جاؤں۔ حتیٰ کہ ہزار بار میرے ساتھ یہی سلوک کیا جائے۔ اور خداوند عالم میرے اس قتل وقتال کی وجہ سے آپ کی جان عزیز اور آپ کے عزیز نوجوانوں کی عزیز جانیں بچا لے۔“

بعد ازاں دوسرے اصحاب نے انہی کے ساتھ ملتے جلتے الفاظ میں اپنی اپنی ہمدردیوں اور جاں نثاریوں کا

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

اظہار کیا۔ امام عالی مقامؑ نے اپنے تمام انصار و اعوان کو جزائے خیر کی دعا دی اور اندر خیام میں تشریف لے گئے۔[1]

ے للّٰہ درّھم من فتیۃ صبروا ما ان رأیت لھم فی الناس امثالاً

تلک المکارم لا قعبان من لبن شیبا بماء فصارا بعد ابوالاً

بعض روایات میں وارد ہے کہ جب امامؑ عالی مقام نے اصحاب کا امتحان لیا۔ اور جانے والے جا چکے اور کامیاب ہونے والے کامیاب ہو گئے۔ اور بعد ازاں آنجنابؑ خیام میں تشریف لے گئے۔ تو جناب زینبؑ عالیہ نے دریافت کیا۔ بھائی جان! کیا آپؑ نے اپنے باقی ماندہ اصحاب کا اچھی طرح جائزہ لے لیا ہے۔ ایسا نہ ہو کہ یہ عین حالت جنگ میں ہمارا ساتھ چھوڑ جائیں؟ امام نے بہن کو تسلی دی کہ میں نے اچھی طرح ان کے حالات کا جائزہ لے لیا ہے۔ وہ تائید حق میں میرے ساتھ موت سے اس طرح مانوس ہیں جیسے بچہ ماں کے سینہ سے مانوس ہوتا ہے۔ جناب نافع بن ہلال در خیمہ پر بھائی اور بہن کی گفتگو سن رہے تھے۔ انہوں نے اصحاب کے پاس جا کر کہا: تم یہاں آرام سے بیٹھے ہو حالانکہ بنت زہراؑ کو تمہاری وفاداریوں پر یقین نہیں ہے۔ چلو اور بی بی عالم کو اپنی وفاداری کا جا کر یقین و اطمینان دلاؤ۔ یہ سن کر جناب حبیب بن مظاہر اور دوسرے اصحاب باصفا در خیمہ پر حاضر ہوئے۔ اور بڑے زور دار الفاظ کے ساتھ بنات رسول کو اپنی وفاداریوں کا یقین دلایا۔ بی بیوں نے روتے اور دعائے خیر دیتے ہوئے فرمایا: ﴿ایھا الطیبون حاموا عن بنات رسول اللّٰہ و حرائر امیر المؤمنین﴾[2] ''اے پاکیزہ نفس صحابیو! بنات نبیؐ و علیؑ کی حمایت و حفاظت تمہارے ذمہ ہے۔''

امام علیہ السلام اصحاب کو جنت میں ان کے مکانات دکھاتے ہیں

جب اعزا و اصحاب اس ابتلا و آزمائش میں پورے اترے اور امامؑ عالی مقام نے اچھی طرح ان کا امتحان لے لیا۔ تو ان کو شہادت کی بشارت دیتے ہوئے جنت میں ان کے مقامات عالیہ ان کو دکھا دیئے۔ چنانچہ کتاب الخرائج راوندی و علل الشرائع، (ج ۱، ص ۲۱۸) صدوقؒ میں حضرت امام زین العابدین علیہ السلام سے مروی ہے کہ جب شب عاشوراء امامؑ نے اصحاب سے بیعت اٹھالی۔ اور ان کو جانے کی اجازت دے دی۔ مگر انہوں نے ایسا کرنے سے انکار کر دیا۔ تو آنجنابؑ نے ان سے فرمایا: ﴿انکم تقتلون غدا و لا یفلت منکم﴾ ''تم سب کے سب کل شہید کر دیئے جاؤ گے۔ اور تم میں سے کوئی شخص بھی زندہ نہیں بچے گا۔'' اس وقت اصحاب نے کہا: ﴿الحمد للّٰہ الذی شرّفنا بالقتل معک﴾ خدا کا شکر ہے جس نے ہمیں آپؑ کی معیت میں جان قربان کرنے کا شرف عطا فرمایا ہے

---

[1] ارشاد، ص ۲۵۲۔ طبری، ج ۴، ص ۲۳۹۔ عاشر بحار، ص ۱۹۲۔ نفس المہموم، ص ۱۲۲۔ کامل، ج ۳، ص ۲۴۵۔

[2] الدمعۃ الساکبہ، ص ۳۲۵ وغیرہ۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

اس کے بعد امامؑ نے ان سے فرمایا: ﴿ارفعوا رؤسکم و انظروا فجعلوا ینظرون الی مواضعهم و منازلهم من الجنة وهو یقول لهم هذا منزلک یا فلان..... الخ﴾ "(آسمان کی طرف) سر بلند کرو اور دیکھو (اس وقت حجاب ہٹ گئے) اور انہوں نے جنت الفردوس میں اپنے اپنے منازل دیکھ لئے۔ امامؑ ایک ایک صحابی کو اس کی منزل دکھاتے اور فرماتے اے فلاں یہ تیرا مقام ہے۔ اے فلاں یہ تیری منزل ہے۔" یہی وجہ تھی کہ روزِ عاشورا شمع حسینیؑ کے جانباز پروانے دیوانہ وار نیزے، تیر اور تلواریں اپنے مونہوں اور سینوں پر کھاتے تھے۔ تاکہ جلد از جلد جنت کے اندر اپنی منزل میں پہنچ جائیں۔[1]

بعض روایات میں وارد ہے کہ جس وقت امامؑ عالی مقام اپنے اعزا و اعوان کو شہادت کی بشارت دے رہے تھے تو جناب شہزادہ قاسم بن حسنؑ نے عرض کیا: ﴿و انا فیمن یقتل؟﴾ عم معظم! کیا میں بھی ان (خوش نصیب) لوگوں میں داخل ہوں جو جام شہادت نوش کریں گے؟ امامؑ نے از راہ مہر و محبت پوچھا: ﴿یا بنیّ کیف الموت عندک؟﴾ بیٹا! تمہارے نزدیک موت کیسی ہے؟ شہزادہ نے برجستہ جواب دیا: ﴿یا عمّ احلی من العسل﴾ عم بزرگوار! (تائید حق اور آپؑ کی نصرت میں) موت مجھے شہد سے زیادہ شیریں معلوم ہوتی ہے۔ اس وقت امامؑ نے فرمایا: ﴿ای واللّٰہ فداک عمک انک لاحد من یقتل من الرجال معی بعد ان تبلو ببلاء عظیم و ابنی عبد اللّٰہ﴾ ہاں بخدا تیرا چچا تجھ پر نثار ہو جو لوگ شہید ہوں گے ان میں سے بڑے ابتلاء و آزمائش کے بعد تم بھی شربت شہادت پیو گے۔ بلکہ میرا بیٹا عبداللہ (معروف بعلی اصغرؑ) بھی۔ شہزادہ قاسمؑ نے حیرت زدہ ہو کر پوچھا: ﴿یا عم و یصلون الی النساء حتّٰی یقتل عبد اللّٰہ وهو رضیع﴾ کیوں چچا جان! کیا ظالم خیام میں مستورات تک پہنچ جائیں گے۔ کہ شیر خوار عبداللہؑ شہید ہوگا؟ اس وقت امامؑ نے شہزادے کی شہادت کی پوری تفصیل بیان کی۔ کہ جب شدت پیاس سے میرا دم نکل رہا ہوگا۔ اور میرا بچہ بلک رہا ہوگا۔ اس وقت میں خیام میں جاؤں گا۔ اور شہزادے کو ہمراہ لے کر میدان کارزار میں قوم جفا کار سے پانی کا مطالبہ کروں گا۔ اور وہ پانی کے عوض اسے تیر ستم کا نشانہ بنا کر شہید کر دیں گے۔"[2]

تیسری مصلحت:۔ یہ بھی ممکن ہے کہ امام علیہ السلام چاہتے ہوں کہ مخالف ایک رات اور مزید سوچ بچار کر لیں۔ اور دین یا دنیا میں سے جسے اختیار کرنا ہے۔ اسے مکمل غور و فکر کے بعد اختیار کر لیں۔ شاید کچھ سعید روحیں باطل سے کنارہ کشی کر کے ان کے دامن حق کے ساتھ متمسک ہونے کی سعادت حاصل کر لیں۔ چنانچہ جناب حُر کا فوج

---

[1] نفس المہموم، ص ۱۲۳۔ مقتل الحسینؑ، ص ۲۳۶۔

[2] نفس المہموم، ص ۱۲۳۔ تاریخ، ج ۶، ص ۲۳۶۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

مخالف سے کٹ کر خدمتِ امامؑ میں تائب ہو کر حاضر ہونا اور نصرتِ امام میں جامِ شہادت نوش کرنا تو معلوم ہی ہے۔ ان کے علاوہ سید اجل سید بن طاؤس علیہ الرحمۃ کے بیان کے مطابق شبِ عاشوراء کو بتیس آدمی لشکر مخالف سے چھٹ کر امام عالی مقامؑ کے قدموں میں آ گئے۔ اور اصحاب حسینؑ میں داخل[1] ہو گئے۔ امامؑ کے اپنے مقصد میں کامیابی کی یہ ایک بڑی دلیل ہے۔

چوتھی مصلحت: ممکن ہے اس مہلت کے طلب کرنے میں امام علیہ السلام کا یہ مقصد بھی پیش نظر ہو کہ نظر بظاہر اسباب حرب وضرب کی کچھ تیاری بھی کر لی جائے۔ اور امکانی حد تک حفاظتِ خود اختیاری کی عملی تدابیر اختیار کر لی جائیں۔ چنانچہ شبِ عاشوراء اس سلسلہ میں سید الشہداءؑ نے دو کام کیے۔

(۱) اصحاب کو حکم دیا کہ خیموں کو اس طرح باہم ملا دیں کہ ہر خیمہ کی طناب دوسرے خیمہ کے ساتھ باندھ دیں۔[2]

(۲) پشت خیام کی طرف خندق کھدوا کر اس میں لکڑیاں جمع کرا دیں۔ اور صبح عاشوراء ان کو آگ لگا دی گئی۔ تاکہ مخالف پشت خیام کی طرف سے حملہ نہ کر سکے۔ بلکہ صرف سامنے کی طرف سے ہی مقابلہ کرے۔[3]

شبِ عاشوراء کا ایک خاص واقعہ

SIBTAIN.COM

حضرت امام زین العابدینؑ روایت کرتے ہیں کہ میں شبِ عاشوراء بستر بیماری پر بیٹھا ہوا تھا۔ اور میری پھوپھی جناب زینبؑ عالیہ میرے پاس تیمارداری کے لیے تشریف فرما تھیں۔ اس اثناء میں میرے والد ماجد (حضرت امام حسین علیہ السلام) علیحدہ اپنے خیمہ میں تشریف لے گئے۔ (جو میرے خیمہ کے قریب تھا) اس وقت جناب ابوذر غفاری کا غلام جوی[4] (اور بروایتے جون[5]) بھی آپؑ کی خدمت میں موجود تھا۔ جو آپؑ کی تلوار کی جلا اور اس کی اصلاح کر رہا[6] تھا (اور بروایتے خود آنجنابؑ یہ کام انجام دے رہے[7] تھے)۔

اس وقت آنجنابؑ یہ اشعار پڑھ رہے تھے ؎

---

۱ لہوف، ص ۸۳، نفس المہموم، ص ۱۲۶۔

۲ ارشاد، ص ۲۵۳۔ طبری، ج ۶، ص ۲۴۰ وغیرہ۔

۳ طبری، ج ۶، ص ۲۴۱۔ نفس المہموم، ص ۱۲۳۔ مقتل الحسین، ص ۲۴۰۔

۴ ارشاد، ص ۲۵۳۔ کامل، ج ۳، ص ۲۸۵۔

۵ مقاتل الطالبین، ص ۸۲، (وھو الصحیح)۔

۶ ارشاد، ص ۳۵۳۔ نفس المہموم، ص ۱۲۴۔

۷ لہوف، ص ۷۱۔ مقتل الحسینؑ، ص ۲۳۹۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

یا دھراف لک من خلیل　　کم لک بالاشراق و الاصیل

(من باب المجاز زمانہ کو خطاب کر کے فرماتے ہیں) اے دہر کج رفتار وائے ہو تجھ پر۔ تو کس قدر بُرا دوست ہے تیرے ہاتھوں صبح و شام کس قدر

من طالب و صاحب قتیل　　والدھر لا یقنع بالبدیل

طالب حق اور ساتھی قتل کئے جاتے ہیں۔ اور تو (اے زمانہ) بدل و عوض پر قناعت نہیں کرتا (بلکہ اصل مطلوب کو ہی مارتا ہے)

و کلّ حیّ سالک سبیل　　ما اقرب الوعد من رحیل

ہر زندہ اس راہ (موت) پر چلنے والا ہے۔ جس پر میں چل رہا ہوں۔ دنیا سے کوچ کرنے کا وعدہ کس قدر جلدی آ گیا۔

و انما الامر الی الجلیل

تمام معاملات کی باگ ڈور رب جلیل کے قبضۂ قدرت میں ہے۔"

جب پدر بزرگوارؑ نے دو تین بار ان اشعار کا تکرار کیا تو میں سمجھ گیا کہ مصیبت نازل ہو چکی ہے۔ میں تو صبر کر کے چپ ہو رہا۔ مگر جب میری پھوپھی نے امامؑ کے یہ اشعار سنے تو چونکہ عورتیں رقیق القلب ہوتی ہیں۔ اس لیے پھوپھی جان تاب ضبط نہ لا سکیں۔ وہ بے چین ہو کر اٹھیں۔ درآنحالیکہ آپ کی چادر کا دامن زمین پر خط دیتا جا رہا تھا۔ اور سیدھی بھائی کے خیمہ میں پہنچ کر بڑی بے چینی کے ساتھ بھائی کی خدمت میں عرض کیا: ﴿یا اخی ھذا کلام من الیقن بالموت! ﴾ بھائی جان! ایسا کلام تو وہ شخص کرتا ہے جسے اپنی موت کا یقین ہو۔ امامؑ نے فرمایا: ﴿نعم یا اختاہ! ﴾ ہاں بہن حقیقت یہی ہے۔ امامؑ کا یہ جواب سن کر بی بی اور بیتاب ہو گئیں۔ کہا: ﴿ واثکلاہ لیت الموت اعدمنی الحیوۃ الیوم ماتت امی فاطمۃ و ابی علیّ و اخی الحسنؑ یا خلیفۃ الماضین و ثمال الباقین! ﴾ ہائے۔۔۔ کاش آج موت میری شمع حیات کو گل کر دیتی۔ اے جانشین رفتگان و جائے پناہ زندگان۔ میں سمجھتی ہوں آج ہی میری ماں فاطمہؑ زہراء، بابا علی مرتضیٰؑ اور بھائی حسن مجتبیٰؑ کی موت واقع ہوئی ہے۔ بی بی کی یہ بے تابی دیکھتے ہوئے پدر گرامی نے تسلی کے انداز میں بہن سے فرمایا: ﴿یا اختی لا یذھبن حلمک الشیطان ﴾ پیاری بہن! بے صبری نہ کرو! مگر بہن کی یہ حالت دیکھ کر آپؑ بھی متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکے۔ ﴿ ترقرقت عیناہ بالدموع ﴾ آبدیدہ ہو کر فرمایا: ﴿لو ترک القطا لیلاً لنام ﴾ اگر قطا (نامی پرندہ) کو رات کے وقت چھوڑ دیا جاتا تو وہ سو جاتا۔ (مطلب یہ تھا کہ اگر ہمیں نانا کی امت آرام سے بیٹھنے دیتی) تو ہم سکھ کا سانس لیتے۔ مگر اب ناممکن ہے)

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

یہ سن کر پھوپھی اماںؑ نے ہمہ تن سوال بن کر پوچھا: ﴿یاویلتاہ افتغصب نفسک اغتصاباً فذلک اقرح لقلبی و اشد علیٰ نفسی﴾ ہائے افسوس (بھائی جان) کیا آپؑ مجھ سے چھین لئے جائیں گے؟ یہ بات تو اور بھی میرے دل کو مجروح کرنے والی۔ اور مجھ پر سخت گراں ہے۔ یہ کہا اور پھر تاب ضبط نہ رہی۔ ہاتھوں سے منہ پیٹ لیا۔ اور گریباں چاک کر دیا۔ بعد ازاں غش کھا کر گر گئیں۔ والد ماجد نے اٹھ کر بہن کو افاقہ میں لانے کی کوشش کی۔ جب طبیعت ذرا سنبھلی۔ تو فرمایا: ﴿یا اختاہ تعزّی بعزاء اللّٰہ و اعلمی ان اھل الارض یموتون و ان ھل السماء لا یبقون و ان کل شی ھالک الاّ وجہ اللّٰہ الّذی خلق الخلق بقدرتہ و یبعث الخلق و یعیدھم وھو فرد وحدہٗ جدّیؐ خیر منی و ابیؑ خیر منّی و اخی خیر منّی. لکلّ مسلم برسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ والہٖ اسوۃ الخ﴾ بہن! صبر و ضبط سے کام لو۔ یقین رکھو۔ سب اہل زمین مر جائیں گے۔ اور اہل آسمان بھی ہمیشہ زندہ نہ رہیں گے۔ ہر چیز فنا ہو جائے گی۔ سوائے ذات احدیت کے جس نے اپنی قدرت کاملہ کے ساتھ مخلوق کو پیدا کیا ہے۔ اور پھر اپنی قدرت کے ساتھ انہیں دوبارا اٹھائے گا۔ وہ ذات وصفات میں واحد و یگانہ ہے۔ میرا نانا مجھ سے بہتر تھا۔ میرا باپؑ مجھ سے بہتر تھا۔ اور میرا بھائی مجھ سے بہتر تھا (جب وہ دار دنیا سے اٹھ گئے تو میں کیوں کر ہمیشہ یہاں رہ سکتا ہوں)۔ ہر مسلمان کے لیے آنحضرتؐ کی سیرت میں تقلید و تاسی کے نمونے ہیں۔ امامؑ نے اس قسم کے کلمات کے ساتھ بہن کو تسلی دی۔ اور پھر فرمایا: ﴿یا اختی انی اقسمت علیک فابری قسمی لا تشقی علیٰ حبیباً ولا تخمشی علی وجھاً ولا تدعی علی بالویل و الثبور اذا انا ھلکت﴾ بہن میں تمہیں قسم دیتا ہوں۔ میری قسم کو پورا کرنا کہ جب میں شہید ہو جاؤں تو نہ مجھ پر گریبان چاک کرنا۔ نہ منہ نوچنا۔ اور نہ واویلا کرنا۔ بعد ازاں والد معظم پھوپھی جانؑ کو میرے پاس لائے۔ اور ان کو وہاں بٹھا کر خود اصحاب کے پاس تشریف لے گئے۔[1] اِنَّا لِلّٰہِ وَ اِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ۔

(ایضاح) بعض کوتاہ اندیش حضرات امامؑ کی اس وصیت کو مراسم عزاء کے خلاف بطور دلیل پیش کیا کرتے ہیں جو کہ درست نہیں ہے۔ یہ ممانعت صرف تسکین و تسلی کی خاطر فرمائی گئی ہے۔ امام علیہ السلام نے دیکھا کہ جس شخصیت نے میرے بعد قافلہ کا سالار بننا ہے جب اس کی یہ حالت ہے کہ صرف میری شہادت کی خبر سن کر غش کھا رہی ہیں تو میری شہادت کے بعد ان کی کیا حالت ہوگی؟ اور اگر ان کی یہ کیفیت ہوئی تو اطفال خورد سال کا کیا حال ہوگا؟ جیسا کہ مشاہدہ شاہد ہے کہ اس قسم کے مواقع پر بزرگ اپنے عزیزوں کو ایسے تسلی آمیز کلمات کہا کرتے ہیں۔

---

[1] ارشاد، ص ۲۵۲، ۳۵۳۔ عاشر بحار الانوار، ص ۱۹۲۔ تقام ذخار، ص ۳۲۵۔ ناسخ، ج ۶، ص ۲۱۹۔ نفس المہموم، ص ۱۲۴۔ لہوف، ص ۷۳۔ ذبح عظیم، ص ۳۳۸، طبع قدیم۔ مقتل الحسین، ص ۲۳۹ وغیرہ۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

اکیسواں باب

روزِ عاشوراء [1]

سید الشہداء امام حسین علیہ السلام اور ان کے اعزہ و اعوان کی بے مثال قربانیاں

شب عاشوراء اپنی تمام کیفیتوں سمیت ختم ہوئی۔ اور سپیدۂ سحری نمودار ہوا۔ حضرت امام حسینؑ نے اصحاب و اقرباء کے ساتھ نماز صبح بجماعت ادا کی۔ وہ نماز جس کے تعقیبات میں کربلا کا جہاد تھا۔ [2]

بہر حال صبح عاشوراء ہر قسم کے قلق و اضطراب کے ساتھ نمودار ہوئی۔ وہ صبح جسے ابتدائے آفرینش سے لے کر فردائے قیامت تک ہر طلوع کرنے والی صبح پر شرف و فوقیت حاصل ہے وہ صبح عاشورا تھی یا صبح قیامت؟ اس سوال کا جواب آسان نہیں ہے ؎

گر خوانمش قیامت صغریٰ بعید نیست!

SIBTAIN.COM

---

[1] روزِ عاشوراء اہل بیتؑ رسولؐ اور ان کے نام لیواؤں کے لیے بڑے رنج و آلام کا روز ہے۔ اخبار و آثار سے واضح و آشکار ہوتا ہے کہ ائمہ اطہار علیہم السلام اس روز بہت گریہ و بکاء فرماتے تھے اور شعائر حزن و ملال قائم کرتے تھے۔ اور اسے تمام ایام غم و عزا پر فوقیت دیتے تھے۔ چنانچہ عبداللہ بن فضل ہاشمی حضرت صادق علیہ السلام کی خدمت میں عرض کرتا ہے: ﴿یابن رسول اللّٰہ کیف صار یوم عاشوراء یوم مصیبة و جزع و بکاء﴾ یوم عاشوراء کیونکر حزن و ملال کا دن قرار پایا ہے؟ آپ نے فرمایا: ﴿ان یوم الحسین علیه السلام اعظم مصیبة من جمیع سائر الایام و ذلک ان اصحاب الکساء الذین کانوا اکرم الخلق علی اللّٰہ عزوجل کانوا خمسة فکان ذهابه کذهاب جمیعهم کما کان بقائه کبقائهم جمیعهم فلذلک صار یومه اعظم الایام مصیبة﴾ (وقائع ایام محرم، ص ۳۷۰) امام حسینؑ کی شہادت کا دن تمام ایام سے زیادہ باعث غم ہے۔ کیونکہ اصحاب کساء پانچ افراد تھے جو تمام خلق خدا سے خدا کے نزدیک زیادہ مکرم و معظم تھے۔ ان سے امام حسینؑ آخری فرد تھے۔ لہٰذا ان کا دنیا سے چلا جانا مثل تمام اصحاب کساء کے جانے کے تھا جس طرح ان کی بقاء تمام کی بقاء کے قائمقام تھی۔

حضرت امام رضا علیہ السلام فرماتے ہیں: ﴿ان یوم الحسین اقرح جفوننا و اسیل دموعنا و اذل عزیزنا بارض کرب و بلاء و اورثنا الکرب و البلاء الی یوم الانقضاء فعلی مثل الحسین علیه السلام فلیبک الباکون فان البکاء علیه یحط الذنوب العظام. ثم قال کان ابی اذا دخل شهر المحرم لم یرضا حکاً و کانت الکآبة تغلب علیه حتی یمضی منه عشرة ایام فاذا کان یوم العاشوراء کان ذلک الیوم یوم مصیبة و حزنه و بکائه و یقول هو الیوم الذی قتل فیه الحسین﴾ (نفس المہموم، ص ۲۱) [بقیہ صفحہ نمبر ۳۱۶ پر]

[2] شہید انسانیت، ص ۳۶۹۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

اس صبح نے یہ انوکھا و نرالا منظر بھی دیکھا کہ ایک طرف تیس ہزار کے لشکر جرار کا سیل بے کراں اسلحۂ جنگ سے لیس، مادی طاقت وقوت کے نشہ سے سرشار اور چور چور، خونخوار درندوں کو مات کر رہا ہے اور دوسری طرف مٹھی بھر نجابت ومتانت اور شرافت وانسانیت کے پیکر بھوکے اور پیاسے انسان واجب الاحترام امامؑ عالی مقام کی نصرت اور دین اسلام کی حمایت، حق کے احقاق اور باطل کے ابطال یعنی حق کا بول بالا اور باطل کا منہ کالا کرنے کے لیے جذبۂ شہادت سے سرشار، قوتِ ایمانی سے مثل سیسہ پلائی ہوئی دیوار کے سینہ تان کر اور اہل باطل کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر بڑے سکینہ ووقار کے ساتھ اذن جہاد کے منتظر کھڑے ہیں۔ ؎

خدا رحمت کند ایں عاشقانِ پاک طینت را

آہ وہ ریگستانی میدان، وہ آفت کی گرمی، وہ بلا کی دھوپ اور پانی کی بندش۔ گویا کربلا کا میدان عرصۂ محشر کا نمونہ تھا بلکہ اس سے زیادہ ہولناک، کیونکہ قیامت کے دن لوگ جس کی بدولت سایۂ رحمت کے امیدوار ہوں گے اور جس کے تصدق میں ساقی کوثر سے پانی پئیں گے۔ وہ کربلا کی تابستانی مصیبت اور پیاس کی شدت اٹھا رہا تھا اور اہل بیت رسالت کا ہر چھوٹا بڑا تشنگی سے ماہی بے آب کی طرح تڑپ رہا تھا۔ خیمۂ مبارک میں ہر سمت العطش العطش کے نعرے بلند تھے۔ عابدؑ بیمار اور اصغرؑ شیر خوار کی حالت کسی سے دیکھی نہیں جاتی تھی۔[1]

SIBTAIN.COM

[بقیہ حاشیہ از صفحہ نمبر ۳۱۵]

امام حسینؑ کے دن (یوم عاشوراء) نے ہماری آنکھوں کو زخمی کر دیا ہے اور ہمارے آنسوؤں کو بہا دیا اور زمین کربلا میں ہمارے عزیز کو ذلیل کر کے قیامت تک ہمیں حزن وملال دے دیا۔ رونے والوں کو حسینؑ جیسے مظلوم امام پر رونا چاہیے کیونکہ ان پر رونا بڑے بڑے گناہوں کا کفارہ بن جاتا ہے۔ پھر فرمایا: جب ہلال محرم نمودار ہو جاتا تھا تو میرے والد کو کوئی شخص ہنستے ہوئے نہیں دیکھتا تھا اور روز عاشوراء تو ان کے لیے خاص گریہ وبکاء کا دن ہوتا تھا۔

عبداللہ بن سنان بیان کرتے ہیں کہ میں بروز عاشوراء حضرت صادق آل محمد علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوا۔ ﴿فالفیته کاشف اللون ظاهر الحزن و دموعه تنحدر عن عینیه کاللؤلؤ النساقط﴾ دیکھا آپ کا رنگ متغیر ہے۔ حزن وملال ظاہر ہے اور آنکھوں سے آنسو موتیوں کی طرح ٹپک رہے ہیں۔ میں نے عرض کیا: ﴿یابن رسول اللّٰه ما ابکی اللّٰه عینیک؟﴾ آپ کیوں گریہ فرما رہے ہیں۔ ﴿قال اوفی غفلة انت ما علمت ان الحسین بن علی علیهما السلام اصیب فی مثل هذا الیوم﴾ امامؑ نے فرمایا: کیا تم اس بات سے غافل ہو کہ آج کے دن ہی امام حسینؑ شہید ہوئے تھے۔ میں نے عرض کیا: آج کے روزہ کے بارے میں آپ کیا ارشاد فرماتے ہیں؟ فرمایا: ﴿صمه من غیر تبییت و افطره من غیر تشمیت و لا تجعله یوم صوم کملاً و لیکن افطارک بعد صلوة العصر بساعة علی شربة من ماء فانه فی مثل ذلک الوقت تجلت الهیجا عن ال رسول اللّٰه الخ﴾ بغیر نیت صوم کے نماز عصر تک فاقہ کریں۔ (وقائع ایام محرم، ص ۳۷۳، بحوالہ عاشر بحار ومصباح طوسی) لہٰذا ان احادیث شریفہ کی روشنی میں مومنین کرام کو چند عمل بجالانے چاہئیں۔

---

[1] ذبح عظیم، ص ۳۲۸، بحوالہ البلاد الحسین، ص ۶۰۔

[بقیہ صفحہ نمبر ۳۱۷ پر]

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

بہر کیف عمر بن سعد نے اس طرح اپنے لشکر کو مرتب کیا کہ میمنہ پر عمرو بن حجاج زبیدی، میسرہ پر شمر بن ذی الجوشن، سواروں پر عزرہ بن قیس احمسی، اور پیادوں پر شبث بن ربعی کو افسر مقرر کر کے علم اپنے غلام درید کے حوالہ کیا۔[1]

ادہر امام عالی مقام نے اپنی مختصر سی جماعت کو بایں طور ترتیب دے کر میمنہ پر زہیر بن قیس، میسرہ پر حبیب بن مظاہر کو افسر مقرر کر کے علمدار جناب شہزادہ ابوالفضل العباس کو مقرر فرمایا۔[2]

لشکر مخالف کی تعداد کس قدر تھی؟

قبل اس کے کہ روزِ عاشوراء کے اصل حالات لکھے جائیں۔ یہاں اس امر کی تحقیق مناسب معلوم ہوتی ہے کہ لشکر مخالف کی تعداد کس قدر تھی؟ اور سپاہِ امام کی تعداد کس قدر؟

سو پہلے امر کے متعلق مخفی نہ رہے کہ اہل سیر و تواریخ میں شدید اختلاف ہے۔ جس کی مختصر کیفیت مندرجہ ذیل بیانات سے بآسانی معلوم ہو سکتی ہے۔

[بقیہ حاشیہ از صفحہ نمبر ۳۱۶]

(۱) صحیح مجالس عزا کا انعقاد کریں اور دل کھول کر گریہ و بکاء کریں۔ یہ عمل بہترین عبادت اور بخشش گناہان کا بہترین ذریعہ ہے۔ (۲) اس روز جب مؤمن آپس میں ملیں تو یہ کلمات تعزیت کہیں جو کہ حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے مروی ہیں۔ ﴿عظم اللہ اجورنا و اجورکم بمصابنا بالحسین و جعلنا و ایاکم من الطالبین بثارہ مع ولیہ المہدی من ال محمد علیہم السلام﴾ (کامل الزیارات، ص ۱۷۵)۔ (۳) زیارت عاشورہ پڑھیں اور دوسرے وہ اعمال بجالائیں جو کتب عبادات مثل مفاتیح الجنان، زاد المعاد اور مصباح المتہجد وغیرہ میں مذکور ہیں۔ (۴) بغیر روزہ کی نیت کئے فاقہ رکھیں اور عصر کے بعد غروب آفتاب سے ۲ گھنٹہ ۴۸ منٹ[3] پہلے سادہ غذا اور پانی کے ساتھ فاقہ شکنی کریں۔ (۵) اس روز بغیر کسی اشد ضرورت کے کوئی دنیوی کاروبار نہ کریں اور نہ مال و دولت جمع کر کے ذخیرہ اندوزی کریں۔ حضرت امام رضا علیہ السلام سے روایت ہے، فرمایا: ﴿من ترک السعی فی حوائجہ یوم عاشوراء قضی اللہ لہ حوائج الدنیا و الاخرۃ ومن کان یوم عاشوراء یوم مصیبتہ و حزنہ و بکائہ جعل اللہ عزوجل یوم القیامۃ یوم فرحہ و سرورہ و قرت بنا فی الجنان عینہ ومن سمی یوم عاشوراء یوم برکۃ و ادخر فیہ لمنزلہ شیئا لم یبارک لہ فیما ادخر و حشر یوم القیامۃ مع یزید و عبید اللہ بن زیاد و عمر بن سعد لعنہم اللہ فی اسفل درک من الجحیم﴾ (نفس المہموم، ص ۲۱)۔ (۶) قاتلان حسینؑ اور ان کے اقرباء و اصحاب کے قاتلوں پر بکثرت لعنت کریں۔ کم از کم ایک ہزار بار یہ ورد کریں: ﴿اللّٰھم العن قتلۃ الحسین و اصحابہ﴾۔ (۷) ہر قسم کی ہنسی و مذاق سے بھی اجتناب کریں۔ (۸) ہر قسم کی اچھی خوراک کھانے سے اور پوشاک پہننے سے اجتناب کریں۔ (۹) قمیص وغیرہ کے بٹن کھول دیں۔ آستین الٹ دیں۔ سر و پیشانی پر قدرے خاک یا راکھ ڈالیں غرضیکہ اہل حزن و ملال والی شکل بنائیں۔ (۱۰) ان تمام مظاہر غم کی روح رواں یہ بات ہے کہ حسینیؑ کردار و رفتار اختیار کریں اور یزیدی افعال سے اجتناب کرنے کا عزم کریں اور اس کا اپنی زندگی میں عملی ثبوت پیش کریں۔ تلک عشرۃ کاملہ۔ (منہ عفی عنہ)

---

[1] تاریخ طبری، ج ۶، ص ۲۴۱۔ نفس المہموم، ص ۱۲۷ وغیرہ۔

[2] عاشر بحار، ص ۱۹۲۔ لہوف، ص ۸۸۔ نفس المہموم، ص ۱۲۶۔ ناسخ، ج ۶، ص ۲۲۴۔ طبری، ج ۶، ص ۲۴۱۔

[3] منتخب التواریخ، ص ۳۲۸۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

(۱) چھ ہزار (تذکرہ خواص الامہ سبط ابن جوزی)۔ (۲) بیس ہزار (لہوف سید بن طاؤس و تاریخ اعثم کوفی)۔ (۳) بائیس ہزار (مرآۃ الجنان یافعی، مطالب السئول، روضۃ الشہداء)۔ (۴) تیس ہزار (عاشر بحار۔ ناسخ التواریخ وغیرہ)۔ (۵) پینتیس ہزار (مناقب شہر ابن آشوب)۔ (۶) پچاس ہزار (شرح شافیہ ابی فراس)۔ (۷) اکیاون ہزار (ناسخ التواریخ)۔ (۸) اسی ہزار (مقتل ابی مخنف ازدی)۔

یہ اختلاف بڑھتے بڑھتے اس حد تک پہنچ گئے کہ بعض نے ایک لاکھ بعض نے دو لاکھ، بعض نے تین لاکھ، بعض نے آٹھ لکھ اور بعض نے نو لاکھ تک لکھ دیا۔ ان سب کی تفصیل مفصل موجب طوالت ہے۔ آقائے دربندی اس مبالغہ میں سب سے آگے بڑھ گئے۔ ان کا قول ہے کہ میدان کربلا میں چھ لاکھ سوار اور دو کروڑ پیادے جدال وقتال کے واسطے موجود تھے۔[1] ان تمام اقوال میں سے (جو اکثر افراط وتفریط پر مشتمل ہیں) جس قول کو اکثر علماء محققین نے اختیار کیا ہے اور جس کو ارشاد معصومؑ کی تائید بھی حاصل ہے وہ یہ ہے کہ لشکر مخالف کی تعداد تیس ہزار تھی۔ عام اہل علم یا اہل تاریخ کے اقوال کی اس وقت تک وقعت ہوتی ہے جب تک قول معصومؑ معلوم نہ ہو۔ یا جب تک وہ اقوال ارشاد معصومؑ سے متصادم نہ ہوں مگر جب ارشاد معصوم مل جائے تو پھر ظاہر ہے کہ وہی حجت ہوگا اور اس کے بالمقابل دوسرے اقوال وآراء کی ہرگز کوئی قدر و قیمت نہیں ہوگی۔ یہی مذہب شیعہ کا طغرائے امتیاز ہے کہ وہ قول معصومؑ کے بالمقابل کسی بڑے سے بڑے عالم یا مؤرخ کے بیان کو پرکاہ کے برابر بھی اہمیت نہیں دیتا۔ بنابریں اس سلسلہ میں جب حضرت امام زین العابدینؑ اور حضرت امام جعفر صادقؑ کا ارشاد موجود ہے کہ لشکر مخالف کی مجموعی تعداد تیس ہزار تھی تو پھر اس کے بعد دوسرے اقوال کی کوئی حیثیت نہیں رہ جاتی۔[2] لہٰذا ماننا پڑے گا کہ فوج مخالف کی تعداد تیس ہزار ہی تھی۔

سپاہِ حسینیؑ کی تعداد کس قدر تھی؟

باقی رہی دوسرے امر کی تحقیق کہ امامؑ عالی مقام کے انصار واعوان کی تعداد کس قدر تھی؟ اس میں بھی شدید اختلاف ہے۔ (۱) مشہور ومعروف یہ ہے کہ کل تعداد بہتر تھی۔ بایں تفصیل ۳۲ سوار اور ۴۰ پیادے (حیات القلوب، مقتل عوالم، ارشاد شیخ مفیدؒ، کامل ابن اثیر، اخبار الدول، فتوح البلدان بلاذری، روضۃ الواعظین وغیرہ)۔ (۲) ۳۳ سوار، ۴۰ پیادے۔ کل تعداد تہتر (اعلام الوری شیخ ابوعلی طبرسی)۔ (۳) کل تعداد ستتر (۷۷) یا ساٹھ (حیوۃ الحیوان، دمیری)۔ (۴) اٹھہتر (۷۸) (فصول مہمہ ابن صباغ مالکی)۔ (۵) بیاسی (۸۲) (مرآۃ الجنان یافعی الدمعۃ

---

[1] مجاہد اعظم، ج ۱، ص ۱۹۸۔

[2] عاشر بحار، ص ۱۹۳۔ ناسخ، ج ۶، ص ۲۲۵۔ نفس المہموم، ص ۱۱۵۔ منتخب التواریخ، ص ۲۳۴۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

الساکبہ۔ مطالب السئول)۔ (۶) اکسٹھ (۶۱) (اثبات الوصیۃ۔ (۷) بتیس (۳۲) سوار، ۸۲ پیادے، کل ۱۱۴ (مقتل محمد بن ابی طالب)۔ (۸) ۴۰ سوار، ۱۰۰ پیادے، کل ۱۴۰ (تاریخ طبری)۔ (۹) ۴۵ سوار، ۱۰۰ پیادے، کل ۱۴۵ (لہوف سید ابن طاؤس)۔ (۱۰) ۷۰ سوار، ۱۰۰ پیادے، جملہ ۱۷۰ (تذکرہ خواص الامت)۔ (۱۱) ایک ہزار (شرح شافیہ ابی فراس)۔[1] (۱۲) کل ۲۲۴ تھے (فرسان الہیجاء)۔

اقوال و آراء کا یہ مختصر سا نمونہ آپ نے ملاحظہ فرمالیا ہے۔ جہاں تک روایات اہل بیتؑ کا تعلق ہے۔ ان سے نویں قول (۱۴۵) کی تائید ہوتی ہے۔ یہ روایات جناب امام محمد باقر علیہ السلام سے مروی ہیں۔[2] لہٰذا اسے قبول کئے بغیر کوئی چارۂ کار نہیں ہے۔

صاحب ناسخ التواریخ مذکورہ بالا تمام تفصیلات لکھنے کے بعد تحریر فرماتے ہیں: ﴿همانا آنچه من بنده از ایں استقراء و استیعاب بدست کردم انستکه سپاه امام حسینؑ از یکصد و چهل و پنج تن بزیادت نبوده. و لشکر ابن زیاد از بیست هزار کم تر نبوده و اگر پذیرائی روایات مختلفه شویم منتهائی پذیرائی پنجاه و یکزار است چه من بنده نام سر هنگان و شمار لشکری که در تحت فرمان هر یك بوده مرقوم داشتم. لکن از اجتهاد بنده چناں بر می آید که ابن زیاد پنجاه و یکزار تن لشکرے را عرض داد و سرهنگاں را بگماشت و از پس یکدیگر رواں می داشت اما افزوں از سی هزار کس حاضر کربلا نشد. چوں حسین علیه السلام شهید شد حاجت بدیگراں نیفتاد والعلم عند الله﴾[3]

خلاصۂ مطلب یہ ہے کہ میدانِ کربلا میں فوج مخالف بیس ہزار سے کم اور تیس ہزار سے زیادہ نہ تھی اور سپاہ حسینیؑ کی تعداد ایک سو پینتالیس سے زیادہ نہ تھی۔ واللہ العالم و علمہ اتم و اکمل۔

جب مخالف کا ٹڈی دل لشکر پرے جما کر کھڑا ہو گیا۔ اور ادھر امام کا بعداد کمتر و بعظمت بہتر لشکر بھی سیسہ پلائی ہوئی دیوار کی طرح مقابلۂ اہل باطل کے لیے ڈٹ گیا تو امام عالی مقام نے بارگاہِ ایزدی میں دست بدعا ہو کر یہ دعا پڑھی۔

---

[1] مقتل الحسین، ص ۲۵۲۔ ناسخ، ج ۶، ص ۲۲۴۔

[2] عاشر بحار، ص ۱۹۲۔ لہوف، ص ۸۸۔ نفس المہموم، ص ۱۲۶۔ ناسخ، ج ۶، ص ۲۲۴۔

[3] ناسخ التواریخ، ج ۶، ص ۲۲۵ طبع جدید۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

مخفی نہ رہے کہ اس دعائے مبارک کے راوی حضرت امام زین العابدین علیہ السلام ہیں۔[1]

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ ثِقَتِیْ فِیْ کُلِّ کَرْبٍ وَ اَنْتَ رَجَائِیْ فِیْ کُلِّ شِدَّۃٍ وَ اَنْتَ لِیْ فِیْ کُلِّ اَمْرٍ نَزَلَ بِیْ ثِقَۃٌ وَ عُدَّۃٌ کَمْ مِنْ ھَمٍّ یَضْعُفُ فِیْہِ الْفُؤَادُ وَ تَقِلُّ فِیْہِ الْحِیْلَۃُ وَ یَخْذُلُ فِیْہِ الصَّدِیْقُ وَ یَشْمُتُ فِیْہِ الْعَدُوُّ اَنْزَلْتُہٗ بِکَ وَ شَکَوْتُہٗ اِلَیْکَ رَغْبَۃً عَمَّنْ سِوَاکَ فَفَرَّجْتَہٗ عَنِّیْ وَ کَشَفْتَہٗ وَ کَفَیْتَہٗ فَاَنْتَ وَلِیُّ کُلِّ نِعْمَۃٍ وَ صَاحِبُ کُلِّ حَسَنَۃٍ وَ مُنْتَھٰی کُلِّ رَغْبَۃٍ۔

بعض بے دینوں کی گستاخیاں اور سزایابیاں

جیسا کہ شب عاشوراء کے حالات میں لکھا جا چکا ہے۔ حضرت سید الشہداءؑ نے حفاظت خود اختیاری کے طور پر اپنے خیام کے تین جانب (دائیں، بائیں اور عقب) خندق کھدوا کر اسے لکڑیوں سے بھروا دیا تھا۔ اب صبح ہوتے ہی اس میں آگ روشن کرا دی۔ ابن سعد کے فوجی امام عالی مقام کے خیام کے اردگرد گھومتے اور یہ منظر دیکھتے تھے۔ اسی اثناء میں شمر بن ذی الجوشن ملعون اسلحۂ جنگ سے لیس ہو کر وہاں سے گزرا۔ اور بآواز بلند امام علیہ السلام کو خطاب کر کے یہ گستاخانہ بلکہ کافرانہ جملہ کہا: ﴿یا حسین! تعجلت بالنار قبل یوم القیامۃ﴾ اے حسینؑ! قیامت کی آگ سے پہلے آگ روشن کرنے میں جلدی کی ہے۔ (خاک بدہن قائل) امامؑ نے اس کا یہ کلام نافرجام سن کر فرمایا: ﴿من ھذا کانہ شمر بن ذی الجوشن؟﴾ یہ کون ہے؟ شاید شمر ہے؟ اصحاب نے عرض کی ہاں وہی ہے! امام نے اس سے فرمایا: ﴿یابن راعیۃ المعزیٰ انت اولی بھا منی صلیا﴾ او بکریاں چرانے والی عورت کے بیٹے! تو آگ کا مزہ چکھنے کا زیادہ سزاوار ہے۔ جناب مسلم بن عوسجہ نے چاہا کہ اس ملعون کو تیر کا نشانہ بنائے۔ مگر امام علیہ السلام نے اسے روک دیا۔ ابن عوسجہ نے عرض کی: فرزند رسولؐ! یہ فاسق دشمن خدا اور بڑا زبردست جابر و سرکش ہے۔ اور اس وقت میرے تیر کی زد میں ہے۔ آپ مجھے نہ روکیں تو میں اسے اس کے کیفر کردار تک پہنچا دوں۔ مگر مصلحت شناس امامؑ نے یہ سمجھ کر کہ ابتداء جنگ کا الزام آپ پر عائد نہ ہو۔ یہ فرما کر اسے منع فرمایا کہ ﴿فانی اکرہ ان ابداھم بقتال﴾ میں اس بات کو پسند نہیں کرتا کہ میری طرف سے جنگ کی ابتداء ہو۔[2]

اس کے بعد ایک اور خبیث نے اپنی شقاوت کا مظاہرہ کیا۔ وہ ابن ابی جویریہ مزنی تھا۔ گھوڑے پر سوار ہو کر خندق کے کنارے آ کر کھڑا ہو گیا۔ اور اس منظر کو بنظر تعجب دیکھ کر یوں کفر آمیز کلمے کہنے شروع کئے۔ ﴿یا حسینؑ و یا اصحاب الحسین! ابشروا بالنار فقد تعجلتموھا فی الدنیا﴾ اے حسین و اصحاب حسین! تمہیں آتش

---

[1] ارشاد، ص ۲۵۴۔ نفس المہموم، ص ۱۲۷۔ کامل ابن اثیر، ج ۴، ص ۲۴۔

[2] ارشاد، ص ۲۵۴۔ نفس المہموم، ص ۱۲۷۔ طبری، ج ۶، ص ۲۴۲ وغیرہ۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

دوزخ کی بشارت ہو۔ کہ تم نے دنیا ہی میں اس کے حاصل کرنے میں جلدی کی ہے (خاک بدہن قائل باد) امام نے دریافت کیا: یہ کون ہے؟ عرض کیا گیا کہ ابن ابی جویریہ ہے۔ امام نے فرمایا: ﴿اتعیّرنی بالنار و انا قادم علی رب کریم﴾ کیا تو مجھے آتش دوزخ کا طعنہ دیتا ہے؟ حالانکہ میں تو کریم و رحیم پروردگار کی بارگاہ میں جا رہا ہوں۔ اس کے بعد بارگاہ ایزدی میں عرض کیا: ﴿اللّٰھم اذقه عذاب النار فی الدنیا﴾ بارالہا! اسے دنیا میں عذاب آتش کا ذائقہ چکھا۔ راویان اخبار کا بیان ہے کہ ادھر امام نے بددعا کی اور ادھر اس شقی کے گھوڑے نے بدکنا شروع کیا۔ جس کے نتیجہ میں یہ ملعون زین سے زمین پر اس طرح گرا کہ اس کی ایک ٹانگ رکاب میں اٹک گئی۔ اس حالت میں گھوڑے نے اسے خندق میں لا ڈالا۔ جہاں آگ روشن تھی اور وہ ملعون جل کر خاکستر ہوگیا۔ یہ منظر دیکھ کر اصحاب حسینؑ نے فرحت و انبساط کے عالم میں کہا: ﴿یا من دعوة ما اسرع اجابتها!﴾ سبحان اللہ یہ دعا کس قدر جلد قبول ہوئی ہے۔[1]

بعض کتابوں میں ایک اور گستاخ کا واقعہ بھی ملتا ہے۔ اور وہ ہے تمیم بن الحصین الفزاری، اس بدبخت نے امام عالی مقام اور ان کے اصحاب ذی شان کو خطاب کرتے ہوئے یوں اپنی خباثت و شقاوت کا اظہار کیا۔ ﴿یا حسین و یا اصحاب الحسین اما ترون الی ماء الفرات یلوح کانه بطون الحیات و اللّٰہ لا ذقتم منه قطرة حتی تذوقوا الموت جرعا﴾ اے حسین و اصحاب حسین! کیا آب فرات کو دیکھ رہے ہو جو شکم مار کی طرح روشن و رواں ہے؟ خدا کی قسم تم اس کا ایک قطرہ بھی نہیں پی سکتے۔ حتیٰ کہ اسی تشنگی کی حالت میں آب مرگ پیو۔ امام نے اس کا یہ گستاخانہ کلام سن کر دریافت کیا: یہ کون ہے؟ اصحاب نے عرض کیا: تمیم بن حصین ہے! امامؑ نے فرمایا: ﴿ھذا و ابوه من اھل النار اللّٰھم اقتل ھذا عطشا فی ھذا الیوم﴾ یہ اور اس کا باپ دونوں جہنمی ہیں۔ اس کے بعد بارگاہ ایزدی میں عرض کیا: بارالہا! اس کو آج ہی پیاس سے ہلاک کر۔ اس بددعا کا یہ اثر ہوا کہ وہ ملعون اسی وقت شدت پیاس میں کچھ اس طرح گرفتار ہوا کہ گھوڑے پر سنبھل نہ سکا۔ گر پڑا اور بلک بلک کر زیر سم آسپاں دم توڑ دیا۔[2] لعنة اللّٰہ علیھم اجمعین۔

---

[1] تاریخ التواریخ، ج ۶، ص ۲۳۸۔ و مجمع الزوائد للہیثمی، ج ۹، ص ۱۹۳۔ لوائح الاشجان، ص ۱۰۰۔ کامل ابن الاثیر، ج ۴، ص ۲۷۔ کامل میں اس ملعون کا نام عبداللہ بن حوزہ تمیمی لکھا ہے، نیز کامل میں یہ بھی لکھا ہے کہ مروق بن وائل حضرمی یہ اعجاز امامؑ دیکھ کر لشکر ابن سعد سے علیحدہ ہوگیا۔

[2] تاریخ، ج ۶، ص ۲۳۹۔ لوائح الاشجان، ص ۱۰۱۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

اتمام حجت کے لیے امامؑ کا بروزِ عاشوراء خطبہ

واقعاتِ کربلا کا مطالعہ کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ روزِ عاشوراء طرفین سے صف بندی ہو جانے کے بعد بھی کافی دیر تک جنگ شروع نہیں ہوئی۔ بظاہر اس کی وجہ یہی معلوم ہوتی ہے کہ ہر فریق ابتداءِ جنگ کی ذمہ داری دوسرے فریق پر ڈالنا چاہتا تھا۔ دشمن کی خواہش تھی کہ کسی نہ کسی طرح امام حسینؑ کی طرف سے پہل ہو۔ اور امام علیہ السلام چاہتے تھے کہ جارحیت کی ابتداء ابن سعد ہی کی طرف سے ہو۔ بلکہ آپ ہر ممکن طریقہ سے مخالفین کو راہِ راست پر لانے کی برابر کوشش فرما رہے تھے۔ اسی سلسلہ کی ایک کڑی امام علیہ السلام کا وہ تاریخی خطبہ بھی ہے جو آپؑ نے اتمامِ حجت کے لیے اس دن بین الصفین اپنی ناقہ پر سوار ہو کر اور قرآن کو سامنے رکھ کر بلند آواز سے ارشاد فرمایا۔ جبکہ حضرت رسولؐ خدا کا عمامہ بر سر اور آپ کی رداء در بر اور پہلو میں آں حضرت کی تلوار لٹکائے ہوئے تھے۔

(نہضۃ الحسینؑ، ص ۹۴) ❁

﴿ایھا الناس اسمعوا قولی ولا تعجلو حتی اعظکم بما یحق لکم علیّ و حتی اعذر الیکم من مقدمی علیکم فان قبلتم عذری و صدقتم قولی و اعطیتمونی النصف کنتم بذلک اسعد ولم یکن لکم علیّ سبیل و ان لم تقبلوا منّی العذر ولم تعطوا النصف من انفسکم فاجمعوا امرکم و شرکائکم ثم لا یکن امرکم علیکم غمۃ ثم اقضوا ولا تنظرون ان ولیّ اللّٰہ الذی نزل الکتاب وھو یتولی الصّالحین﴾

ایہا الناس! میری بات سنو۔ اور جلدی نہ کرو تا کہ وعظ و نصیحت کا جو حق میرے ذمہ ہے وہ میں پورا کر لوں۔

❁ اکثر کتب سیر و تواریخ میں مرقوم ہے کہ جب سرکار سید الشہداؑ اپنا یہ تاریخی خطبہ ارشاد فرمانے کے لیے میدان کارزار میں نکلے تو آپؑ کے چند اصحاب بھی ہمراہ تھے۔ آگے آگے جناب بریر ہمدانی تھے۔ جب قوم اشقیاء کا آمنا سامنا ہوا تو آنجنابؑ نے بریر کو حکم دیا: ﴿کلّم القوم﴾ تم ان لوگوں سے بات کرو۔ چنانچہ جناب بریر نے فرمایا: ﴿یا قوم اتقوا اللّٰہ فان ثقل محمد قد اصبح بین اظھرکم ھؤلاء ذریتہ و عترتہ و بناتہ و حرمہ فھاتوا بھم؟﴾ اے قوم! اللہ سے ڈرو! اس وقت خانوادۂ نبوت تمہارے درمیان فروکش ہے۔ بتاؤ تم ان سے کیا سلوک کرنا چاہتے ہو؟ قوم اشقیاء نے جواب دیا۔ ہم چاہتے ہیں کہ ان کو امیر عبید اللہ ابن زیاد کے حوالہ کریں تا کہ وہ جو چاہے۔ ان کے ساتھ سلوک کرے! بریر نے فرمایا: ﴿افلا تقبلون منھم ان یرجعوا الی المکان الذی جاؤا منہ ویلکم یا اھل الکوفۃ انسیتم کتبکم و عھودکم التی اعطیتموھا و اشھدتم اللّٰہ علیھا یا ویلکم ادعوتم اھل بیت نبیکم و زعمتم انکم تقتلون انفسکم دونھم حتی اذا اتوکم اسلمتموھم و حلتموھم عن ماء الفرات بئس ما خلفتم نبیکم فی ذریتہ مالکم لا سقاکم اللّٰہ یوم القیامۃ فبئس القوم انتم﴾ کیا تم اس بات پر راضی نہیں کہ یہ واپس چلے جائیں؟ اے اہل کوفہ تم پر افسوس ہے کیا تم اپنے خطوط اور وہ عہد و پیمان بھول گئے جو تم نے ان کے ساتھ کیے تھے۔

[بقیہ حاشیہ صفحہ ۳۲۳ پر]

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

اور اپنے یہاں حاضر ہونے کی وجوہ کی وضاحت بھی کر دوں۔ پس اگر تم نے میری بات قبول کر لی اور انصاف سے کام لیا تو سعید اور نیک ہو جاؤ گے اور تمہیں مجھ سے لڑنے جھگڑنے کی کوئی گنجائش نہ رہے گی۔ اور اگر میری بات نہیں سنو گے اور نہ ہی انصاف سے کام لو گے تو پھر تم اپنی قوت مجتمع کر لو۔ اور مجھے ہرگز مہلت نہ دو۔ میرا سرپرست وہ خدا ہے جس نے قرآن نازل کیا ہے اور وہی نیک بندوں کی سرپرستی فرماتا ہے۔

راویان اخبار کا بیان ہے کہ جب امام عالی مقام کا یہ کلام اس مقام تک پہنچا اور خیام میں آپ کی بہنوں اور بیٹیوں نے سنا تو خیام میں گریہ و بکاء کا کہرام مچ گیا۔ آنجنابؑ نے قمر بنی ہاشم ابوالفضلؑ اور شہزادہ علی اکبرؑ کو بھیجا کہ جا کر مخدرات کو خاموش کرائیں۔ ان کے رونے کا وقت بہت پڑا ہے۔[1] جب بیبیاں خاموش ہو گئیں تو آنجنابؑ نے اس شان فصاحت و بلاغت سے خدائے واحد و یکتا کی حمد و ثنا اور جناب رسول خداﷺ اور ملائکہ و انبیاء پر اس انداز سے درود و سلام بھیجا کہ اہل تاریخ کا بیان ہے: ﴿لم یسمع متکلم قط قبله ولا بعده ابلغ فی منطق منه﴾ ان سے پہلے اور ان کے بعد ان سے زیادہ کوئی فصیح و بلیغ متکلم نہیں سنا گیا۔ اس کے بعد ارشاد فرمایا: ﴿اما بعد فانسبونی و انظروا من انا؟ ثم ارجعوا الی انفسکم فانظروا هل یصلح لکم قتلی و انتهاک حرمتی الست ابن نبیکم و ابن وصیه و ابن عمه و اول المؤمنین المصدق لرسول الله صلّی الله علیه و اله بما جاء به من عند ربه او لیس حمزه سیّد الشهداء عم ابی او لیس جعفر الطیار فی الجنة بجناحین عمی او لم یبلغکم ما قال رسول الله صلی الله علیه و اله لی ولاخی هذان سیدا شباب اهل الجنّة فان صدقتمونی بما اقول وهو الحق و الله ما تعمدت کذبا منذ علمت انّ الله یمقت علیه اهله و ان کنتم کذبتمونی فان فیکم من ان سئلتموه عن ذلک اخبرکم سلوا جابر بن عبد

---

[1] کامل ابن اثیر، ج ۳، ص ۲۸۷۔

[بقیہ حاشیہ از صفحہ نمبر ۳۲۲]

تم نے تو اہل بیت رسولؐ کو یہ کہہ کر بلایا تھا کہ ان پر اپنی جانیں قربان کرو گے۔ مگر جب وہ تشریف لائے تو تم نے ان کا ساتھ چھوڑ دیا۔ اور آب فرات سے دور کر دیا تم نے آں حضرتؐ کے بعد ان کی عترت سے بہت ہی برا سلوک کیا۔ اور تم بہت برے لوگ ہو۔ کچھ لوگوں نے جواب میں کہا۔ ہم نہیں سمجھتے تم کیا کہہ رہے ہو؟ بریر نے فرمایا: ﴿الحمد لله الذی زادنی فیکم بصیرة اللّهم انی ابرأ الیک من فعال هؤلاء القوم اللّهم الق الباس بینهم حتی یلقوک و انت علیهم غضبان﴾ خدا کا شکر ہے جس نے مجھے تمہارے متعلق زیادہ بصیرت عطا فرمائی ہے۔ یا اللہ میں تیری بارگاہ میں ان لوگوں کے افعال سے اظہار بیزاری کرتا ہوں۔ یا اللہ ان کے درمیان باہمی اختلاف و قتال واقع کرتا کہ جب تیری بارگاہ میں حاضر ہوں تو تو ان پر غضبناک ہو۔" قوم اشقیاء نے اس وقت ان پر تیر برسانے شروع کر دیئے۔ جناب بریر مایوس ہو کر واپس پلٹ آئے اور جناب سید الشہداءؑ نے آگے بڑھ کر خطبہ ارشاد فرمانا شروع کیا۔

(اوائج الاشجان، ص ۱۰۱۔ نفس المہموم، ص ۱۳۰۔ ناسخ التواریخ، ج ۶، ص ۲۴۱ وغیرہ)

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

اللّٰہ الانصاری و ابا سعید الخدری و سھل بن سعد الساعدی و زید بن ارقم و انس بن مالک۔ یخبروکم انھم سمعوا ھذہ المقالۃ من رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ و آلہ لی ولاخی اما فی ھذا حاجز لکم عن سفک دمی؟﴾

اے لوگو! میرے حسب ونسب پر غور کرو اور دیکھو میں کون ہوں؟ پھر اپنے آپ کی ملامت کرو اور سوچو کہ آیا تمہارے لیے میرا قتل کرنا اور میری ہتک حرمت کرنا روا ہے؟ کیا میں تمہارے پیغمبرؐ کا فرزند نہیں ہوں! اور کیا میں تمہارے پیغمبرؐ کے وصی۔ ان کے ابن عم اور سب سے پہلے تصدیق نبوت ورسالت کرنے والے بزرگوار کا فرزند نہیں ہوں؟ کیا جناب حمزہ سید الشہداء میرے والد کے چچا نہیں ہے؟ کیا جعفر طیار میرے چچا نہیں؟ کیا جناب رسولؐ خدا کا یہ ارشاد تمہارے گوش گزار نہیں ہوا جو انہوں نے میرے اور میرے بھائی (امام حسنؑ) کے بارے میں فرمایا تھا کہ یہ دونوں جوانان جنت کے سردار ہیں؟ اگر تم اس بات میں میری تصدیق کرتے ہو جو کہ بالکل برحق ہے کیونکہ میں نے کبھی جھوٹ نہیں بولا تو فبہا ورنہ ابھی وہ آدمی زندہ موجود ہیں جن سے اس کی تصدیق کی جا سکتی ہے۔ جابر بن عبداللہ انصاری اور ابوسعید خدری، سہل بن سعد ساعدی، زید بن ارقم اور انس بن مالک سے دریافت کرو! وہ تمہیں بتائیں گے کہ انہوں نے بگوش خود جناب رسولؐ خدا کی زبانی یہ حدیث سنی ہے جو آپؐ نے میرے اور میرے بھائی کے حق میں ارشاد فرمائی ہے۔ کیا میرا خون بہانے کے اس میں مانع موجود نہیں ہے؟

جب آنجنابؑ کا کلام حقیقت ترجمان اس مقام تک پہنچا تو شمر ذی الجوشن ملعون نے کلام کو قطع کرتے ہوئے کہا: ﴿ھو یعبد اللّٰہ علی حرف ان کان یدری ما تقول﴾ کہ میں خدا کی ایک حرف پر عبادت کروں (منافق ہوں) جو میری سمجھ میں کچھ آ رہا ہو کہ آپ کیا کہہ رہے ہیں؟ امامؑ نے اس خبیث کو کوئی جواب نہ دیا۔ البتہ جناب حبیب بن مظاہر نے اس کے جواب میں کہا: ﴿واللّٰہ انی لاراک تعبد اللّٰہ علی سبعین حرفاً و انا اشھد انک صادق ما تدری ما یقول قد طبع اللّٰہ علی قلبک!﴾ بخدا میں دیکھ رہا ہوں کہ تو ستر حرفوں پر خدا کی عبادت کرتا ہے (بہت بڑا مکار وعیار ہے) اور میں گواہی دیتا ہوں کہ تو سچ کہہ رہا ہے۔ واقعاً تو کچھ نہیں سمجھ رہا کہ آنجنابؑ کیا فرما رہے ہیں کیونکہ خدا نے تیرے دل پر (تیرے کفر ونفاق کی وجہ سے) مہر لگا دی ہے۔ اس کے بعد امام علیہ السلام نے پھر سلسلۂ کلام جاری کرتے ہوئے فرمایا: ﴿فان کنتم فی شک من ھذا فتشکون انی ابن بنت نبیکم فواللّٰہ ما بین المشرق و المغرب ابن بنت نبیّ غیری فیکم ولا فی غیرکم و یحکم اتطلبونی بقتل قتلتہ او مال استھلکتہ او بقصاص جراحۃ﴾ اگر تمہیں میرے سابقہ بیان میں شک ہے تو کیا اس بات میں بھی شک کر سکتے ہو کہ میں تمہارے پیغمبرؐ کی دختر کا فرزند ہوں؟ خدا کی قسم اس وقت مشرق سے لے کر مغرب تک

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

میرے علاوہ کہیں بھی نبی کی دختر کا بیٹا موجود نہیں ہے! وائے ہو تم پر کیا میں نے تمہارا کوئی آدمی قتل کیا ہے جس کا مجھ سے بدلہ لینا چاہتے ہو؟ یا میں نے تمہارا کچھ مال ضائع کیا ہے؟ جس کا مجھ سے مطالبہ کرتے ہو؟ یا کسی کو زخمی کیا ہے جس کا تم مجھ سے قصاص لینا چاہتے ہو؟

راویانِ اخبار کا بیان ہے کہ جب امام علیہ السلام دل کی گہرائیوں سے نکلا ہوا یہ کلام بلاغت نظام کر رہے تھے تو مجمع پر بالکل سناٹا طاری تھا۔ فوج مخالف ہمہ تن گوش بنی ہوئی ساکت و صامت کھڑی تھی۔ اس وقت امام علیہ السلام نے فوج مخالف کے چند سربرآوردہ اشخاص کو نام بنام پکارتے ہوئے فرمایا: ﴿یا شبث بن ربعی و یا حجار بن ابجر و یا قیس بن الاشعث و یا یزید بن الحارث الم تکتبوا الیّ ان قد اینعت الثمار و اخضرت الجنات و انما تقدم علی جند لک مجنّدٍ فاقبل﴾ اے شبث بن ربعی! کیا تم نے اپنے دعوتی خطوط میں مجھے نہیں لکھا تھا کہ پھل پک چکے ہیں اور باغات سرسبز و شاداب ہیں۔ جب آپ آئیں گے تو لشکر آپ کی نصرت کے لیے آمادہ ہوں گے؟ مگر فسق و فجور کے ان پیکروں نے حکومت وقت کے خوف سے بڑی ڈھٹائی کے ساتھ انکار کر دیا۔ اور صاف صاف کہہ دیا کہ ہم نے اس قسم کے کوئی خطوط نہیں لکھے تھے۔ امام علیہ السلام نے تعجب کے لہجہ میں فرمایا: ﴿سبحان اللّٰہ بلیٰ و اللّٰہ فعلتم، سبحان اللّٰہ﴾ خدا کی قسم ضرور تم نے ایسا کیا تھا، پھر فرمایا: ﴿ایھا الناس اذ کرھتمونی فدعونی انصرف عنکم الی مامنی من الارض؟؟﴾ اے لوگو! اگر تمہیں میرا یہاں آنا گوارا نہیں ہے تو پھر مجھے چھوڑ دو تاکہ میں کسی جائے امن میں چلا جاؤں!

اس وقت قیس بن الاشعث نے کہا: ہم نہیں سمجھتے آپ کیا کہہ رہے ہیں؟ آپؑ یزید کا مطالبۂ بیعت کیوں نہیں تسلیم کر لیتے؟ امام علیہ السلام نے فرمایا: ﴿لا واللّٰہ لا اعطیکم بیدی اعطاء الذلیل ولا اقرّ اقرار العبید﴾ نہ بخدا ایسا ہرگز نہیں ہو سکتا۔ میں کبھی ذلیل آدمی کی طرح اپنا ہاتھ تمہارے ہاتھ میں نہیں دوں گا اور نہ ہی غلاموں کی طرح اس بات کا اقرار کروں گا۔

پھر پکار کر فرمایا:

﴿یا عباد اللّٰہ انی عذت بربّی و ربّکم ان ترجمون انی اعوذ بربی و ربکم من متکبر لا یؤمن بیوم الحساب﴾

اے خدا کے بندو! میں اپنے اور تمہارے پروردگار سے پناہ مانگتا ہوں کہ تم مجھے کوئی گزند پہنچاؤ۔ اور اپنے اور تمہارے پروردگار سے ہر اس متکبر اور سرکش سے پناہ مانگتا ہوں جو روز قیامت پر ایمان نہیں لاتا۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

اس کے بعد امامؑ نے اپنی ناقہ بٹھا دی۔ اور عقبہ بن سمعان کو حکم دیا کہ اسے باندھ دے۔ چنانچہ اس نے اسے باندھ دیا۔[1]

آنجنابؑ کا یہ تاریخی خطبہ قدرے مختلف الفاظ و عبارات کے ساتھ تمام کتب سیر و تواریخ میں مذکور ہے۔ حتیٰ کہ سرسری نگاہ سے دیکھنے والا آدمی یہ خیال کرتا ہے کہ آنجنابؑ نے روز عاشوراء کئی بار قوم اشقیا کو خطاب کیا ہے اگرچہ یہ احتمال بعید از عقل نہیں ہے۔ جیسا کہ بعض اہل علم کا یہی خیال ہے۔[2] لیکن پورے واقعات کا بنظر غائر جائزہ لینے کے بعد اس خیال کی تائید نہیں ہوتی بلکہ یہی ظاہر ہوتا ہے کہ آنجنابؑ نے ایک ہی خطبہ ارشاد فرمایا ہے جس کے الفاظ میں قدرے اختلاف ہے۔ جسے ہم نے مستند کتب سے پیش کر دیا ہے۔ بعض ناقلان اثار کے قول کے مطابق اسی خطبہ میں آنجنابؑ نے یہ بھی ارشاد فرمایا: ﴿الا و ان الدعی بن الدعی قد رکزبین اثنتین بین السلة و الذلة و هیهات منا الذلة یابی الله ذلک لنا و رسوله و المؤمنون و حجور طابت و طهرت و انوف حمیة و نفوس ابیة من ان نؤثر طاعة اللئام علی مصارع الکرام﴾ حرام زادے اور حرام زادے کے بیٹے نے مجھے دو باتوں میں سے ایک کے اختیار کرنے پر مجبور کر دیا ہے۔ موت یا ذلت (کی زندگی) لیکن خدا، رسولؐ، اہل ایمان، پاک و پاکیزہ گودیں، باحمیت چہرے اور ذلت قبول کرنے سے انکار کرنے والے نفوس عالیہ اس بات سے انکار کرتے ہیں کہ ہم کمینوں کی اطاعت کو شریفوں کی شریفانہ موت پر ترجیح دیں۔[3]

تاریخی شواہد و آثار سے واضح و آشکار ہوتا ہے کہ آنجنابؑ کے اس خطبہ شریفہ کے بعد آپ کے بعض اصحاب اطیاب نے بھی مزید اتمام حجت کی خاطر قوم اشقیا سے خطاب کیا۔ چنانچہ اس سلسلہ میں جناب زہیر بن قین کا اسم گرامی نمایاں طور پر نظر آتا ہے وہ اس حال میں قوم اشقیا کے سامنے گھوڑے پر سوار ہو کر آئے کہ سر سے پاؤں تک اسلحۂ جنگ میں غرق تھے۔ انہوں نے یوں سلسلۂ کلام کا آغاز کیا۔

﴿یا اهل الکوفة نذار لکم من عذاب الله نذاران حقا علی المسلم نصیحة اخیه المسلم و نحن حتی الان اخوة علی دین واحد و ملة واحدة مالم یقع بیننا و بینکم السیف و انتم للنصیحة منا اهل فاذا وقع السیف انقطعت العصمة و کنا نحن امة و انتم امة ان الله قد ابتلانا و ایاکم بذریة

---

[1] تمام ارباب مقاتل نے آنجنابؑ کا یہ خطبہ نقل کیا ہے۔ ملاحظہ ہو: ارشاد، ص ۲۵۶۔ عاشر بحار، ص ۱۹۳۔ نفس المہموم، ص ۱۲۶، ۱۲۹۔ لواعج الاشجان، ص ۱۰۴۔ تاریخ، ج ۶، ص ۲۴۱۔ نہضۃ الحسین، ص ۹۶۔ الدمعۃ الساکبہ، ص ۳۲۸۔

[2] مقتل الحسین للمقرم، ص ۲۵۴ وغیرہ۔

[3] نفس المہموم، ص ۱۳۲۔ لہوف، ص ۸۶۔ لواعج الاشجان، ص ۱۰۶۔ النہضۃ الحسینیہ، ص ۹۶ وغیرہ۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

نبیہ محمّد صلی اللہ علیہ و الہ لینظر ما نحن و انتم عاملون انا ندعوکم الی نصرھم و خذلان الطاغیۃ بن الطاغیۃ عبید اللہ بن زیاد فانکم لا تدرکون منھما الاسوء یسملان اعینکم و یقطعان ایدیکم و ارجلکم و یمثّلان بکم و یرفعانکم علی جذوع النخل و یقتلان اماثلکم و قرائکم امثال حجر بن عدی و اصحابہ و ھانی بن عروۃ و اشباھہ﴾

اے اہل کوفہ اللہ کے عذاب سے ڈرو۔ مسلمان پر لازم ہے کہ اپنے مسلمان بھائی کو نصیحت کرے۔ ابھی تک ہم تم بھائی بھائی ہیں۔ اور ایک ہی ملت پر ہیں۔ ہاں جب جنگ شروع ہوگئی تو پھر یہ رشتہ منقطع ہو جائے گا اور ہم تم علیحدہ علیحدہ ملتوں کے تابعدار ہو جائیں گے۔ خدا نے جناب رسولؐ خدا کی ذرّیت کے معاملہ میں ہماری اور تمہاری آزمائش کی ہے۔ تاکہ معلوم ہو جائے کہ ہم اور تم ان کے ساتھ کیا سلوک کرتے ہیں۔ ہم تم کو ذریت رسولؐ کی نصرت اور سرکش پسر سرکش ابن زیاد کے چھوڑنے کی دعوت دیتے ہیں۔ یاد رکھو یزید اور ابن زیاد تم سے سوائے برائی کے اور کوئی اچھا سلوک نہیں کریں گے وہ تمہاری آنکھوں میں سلائیاں پھراتے ہیں اور تمہارے ہاتھ پاؤں کاٹتے ہیں اور تمہارا مثلہ کراتے ہیں اور تمہیں سولیوں پر لٹکواتے ہیں۔ اور جناب حجر بن عدی اور ہانی بن عروہ جیسے صالح اور معزز اشخاص کو قتل کراتے ہیں۔

جب جناب زہیر کا کلام یہاں تک پہنچا تو ایک ہنگامہ برپا ہو گیا۔ مخالفین نے جناب زہیر پر سب وشتم اور ابن زیاد کی مدح وثنا شروع کر دی اور کہا: ہم اس وقت تک یہاں سے نہیں ٹلیں گے جب تک آپ کے امام اور ان کے ہمراہیوں کو شہید نہ کر دیں گے۔ یا ان کو اور ان کے ساتھیوں کو زندہ پکڑ کر ابن زیاد کے پاس نہ لے جائیں گے۔

- اس پر جناب زہیر نے فرمایا: ﴿یا عباد اللہ ان ولد فاطمۃ علیھا السلام احق بالود و النصر من ابن سمیّۃ فان لم تنصروھم فاعیذکم باللہ ان تقتلوھم خلّوا بین ھذا الرجل و بین ابن عمہ یزید بن معاویۃ فلعمری ان یزید لیرضی عن طاعتکم بدون قتل الحسین علیہ السّلام﴾

اے اللہ کے بندو! ابن سمیّہ کی نسبت فرزند فاطمہؑ نصرت ومحبت کے زیادہ مستحق ہیں۔ لہٰذا اگر تم ان کی امداد نہیں کرتے تو کم از کم ان کو قتل تو نہ کرو۔ تم ان کو اور یزید کو ان کے حال پر چھوڑ دو بخدا یزید قتل حسینؑ کے بغیر تمہاری اسی قدر اطاعت پر بھی تم سے راضی ہو جائے گا۔

جناب زہیر کا سلسلۂ کلام جاری تھا کہ شمر ذی الجوشن ملعون نے انہیں تیر مارا اور یہ کہہ کر کہ خاموش ہو، خدا تجھے خاموش کرے۔ تو نے طول کلام سے ہمارا دماغ پریشان کر دیا ہے۔ سلسلۂ کلام قطع کر دیا۔ جناب زہیر نے فرمایا: اے ایڑیوں پر پیشاب کرنے والے (جاہل) کے بیٹے! میں تجھ سے خطاب نہیں کر رہا تو ایک وحشی جانور ہے۔ بخدا

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

تمہیں تو کتاب خدا کی دو آیتیں بھی درست یاد نہیں۔ میں تمہیں بروز قیامت ذلت و رسوائی اور عذاب الٰہی کی خبر سناتا ہوں۔ شمر نے کہا: ابھی ابھی تمہارے اور تمہارے ساتھی کا کام تمام ہوا چاہتا ہے۔ جناب زہیر نے فرمایا: ﴿افبالموت تخوفنی فو اللّٰہ للموت معہ احبّ الیّ من الخلد معکم﴾ کیا تو مجھے موت سے ڈراتا ہے؟ خدا کی قسم امام برحق کے ساتھ مرنا مجھے تمہارے ساتھ ہمیشہ ہمیشہ زندہ رہنے سے زیادہ پسند ہے۔ پھر بآواز بلند لوگوں نے فرمایا: ﴿عباد اللّٰہ لا یغرنکم من دینکم ھذا الجلف الجافی و اشباھہ فو اللّٰہ لا تنال شفاعۃ محمّد صلّی اللّٰہ علیہ و الہٖ قوماً اھرقوا دماء ذریتہٖ و اھلبیتہ و قتلوا من نصرھم و ذبّ عن حریمھم﴾ اے اللہ کے بندو! یہ احمق اور ظالم اور ہمچوں قسم کے لوگ تمہیں دھوکہ نہ دیں۔ جناب رسولؐ خدا کی شفاعت ہرگز ان لوگوں کو نصیب نہ ہوگی۔ جو ان کی ذرّیت طاہرہ کا خون بہائیں گے اور ان کے اعوان و انصار کو قتل کریں گے۔ باوجود شدید مزاحمت و مقاومت کے شاید جناب زہیر کچھ اور بھی کہتے مگر ایک آدمی نے جناب زہیر کو پکار کر کہا کہ تمہیں حضرت امام حسینؑ واپس بلا رہے ہیں اور فرماتے ہیں: ﴿اقبل فلعمری لئن کان مؤمن ال فرعون نصح لقومہ و ابلغ فی الدعاء لقد نصحت لھؤلاء و ابلغت لو نفع النصح والابلاغ﴾ زہیر! واپس آجاؤ۔ اگر مؤمن آل فرعون نے اپنی قوم کو دعوت الی الحق دے کر نصیحت کا حق ادا کر دیا تھا تو یقیناً تم نے بھی نصیحت کا حق ادا کر دیا ہے بشرطیکہ نصیحت و تبلیغ کچھ فائدہ دے حکم امام سن کر زہیر واپس آگئے۔[1]

SIBTAIN.COM

اس کے بعد جناب امام حسین علیہ السلام نے حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا مرتجز نامی گھوڑا طلب فرمایا۔ اور اس پر سوار ہو کر اپنے اصحاب کو آمادہ قتال و جدال کرنے لگے۔ اور فوج اشقیا نے پیش قدمی شروع کر دی۔[2]

حُر کا بارگاہِ حسینیؑ میں حاضر ہونا

یہ نہیں سمجھنا چاہیے کہ اصحاب حسینؑ یا خود امام حسینؑ کا یہ ناصحانہ کلام حقیقت ترجمان بالکل رائیگان گیا اور کسی پر اس کا اثر نہیں ہوا۔ سعادت مند روحیں اس سے یقیناً متاثر ہوئیں (وقلیل ماہم) اور شقی و بدبخت اس سعادت کے حصول سے محروم رہے۔ ﴿وما تغنی الایات و النذر عن قوم لا یؤمنون﴾ کسی داعی حق کی یہ نمایاں کامیابی ہوتی ہے کہ وہ کسی ایک شخص کو بھی راہ راست پر لا سکے۔ چنانچہ حُر بن یزید ریاحی (وہی حُر جس نے ایک ہزار فوج کے ساتھ امام علیہ السلام کا راستہ روکا تھا اور ان کو گھیر کر کربلا لایا تھا اور دریائے فرات کے کنارے امامؑ کو خیام نہیں لگانے دیئے

---

[1] نفس المہموم، ص ۱۳۰۔ لوائح الاشجان، ص ۱۰۸۔ کامل ابن اثیر، ج ۳، ص ۲۸۸۔ طبری، ج ۶، ص ۲۴۴۔

[2] لوائح الاشجان، ص ۱۰۷۔ نفس المہموم، ص ۱۳۳۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

تھے) جس کے وہم وگمان میں بھی نہ تھا کہ اس طرح قتال وجدال تک نوبت پہنچ جائے گی۔ اب وہ حالات کی رفتار دیکھ کر اندر ہی اندر غلطان و پیچان ہو رہا تھا۔ صبح عاشوراء اس نے لشکر کو مرتب ہوتے بھی دیکھا (بلکہ خود اسے بھی ایک حصہ کا افسر مقرر کیا گیا) امامؑ عالی مقام کا ناصحانہ خطبہ عالیہ بھی سنا۔ بریر و زہیر کی بے نظیر تقریر بھی سنی۔ مگر اس نے دیکھا کہ امامؑ اور ان کے اصحاب کی ان مصالحانہ ومخلصانہ کوششوں کا جواب گالیوں اور تیروں سے دیا جا رہا ہے اور اب حسینیؑ جماعت پر حملہ کی مکمل تیاری ہوگئی ہے اس کے صبر وضبط کا پیمانہ لبریز ہو کر چھلک پڑا۔ سیدھا عمر بن سعد کے پاس پہنچا اور جا کر یہ سوال کیا: ﴿امقاتل انت هذا الرجل؟﴾ کیا تم واقعی ان (حسینؑ) سے جنگ کرو گے؟ عمر نے بڑے اطمینان سے جواب دیا۔ ﴿ای واللّٰہ قتالاً ایسرہٗ ان تسقط الرؤس و تطیح الایدی﴾ ہاں بخدا۔ ان سے ایسی جنگ کی جائے گی جس کا کم از کم نتیجہ یہ ہوگا کہ سروں کی بارش ہو اور ہاتھ کٹ کر زمین پر گریں۔ حُر نے دریافت کیا: ﴿افمالکم فیما عرضہ علیکم رضی﴾ حسینؑ نے صلح کی جو تجویزیں پیش کی ہیں آیا وہ تمہارے لیے قابل قبول نہیں ہیں؟ عمر بن سعد نے جواب میں کہا: اگر معاملہ میرے اختیار میں ہوتا تو ضرور منظور کر لیتا۔ مگر تمہارا امیر (ابن زیاد) ان کی کسی تجویز کو قبول نہیں کرتا۔ اس کے بعد حُر واپس آ گیا۔ اور دل ہی دل میں حسینیؑ جماعت میں شمولیت کا عزم بالجزم کر لیا مگر ان کو یہ اندیشہ دامن گیر تھا کہ اگر کسی طرح ان کے اس ارادہ کا اظہار ہو گیا تو انہیں گرفتار کر لیا جائے گا۔ اس وقت اس کے قبیلہ کا قرہ بن قیس نامی ایک شخص ان کے قریب تھا۔ حُر کسی طرح اس کو راستے سے ہٹانا چاہتا تھا۔ قرہ سے پوچھا: کیا تو نے آج اپنے گھوڑے کو پانی نہیں پلایا؟ قرہ نے کہا: نہیں۔ حُر نے کہا: کیا پلانے کا ارادہ نہیں ہے؟ قرہ نے یہ سمجھ کر کہ اس وقت میرا اس کے نزدیک رہنا اسے گوارا نہیں۔ گھوڑے کو پانی پلانے کے بہانے علیحدہ ہو گیا۔ اس کے علیحدہ ہوتے ہی حُر نے آہستہ آہستہ اپنا گھوڑا خیام حسینیؑ کی طرف بڑھانا شروع کیا۔ حُر کی یہ کیفیت دیکھ کر مہاجر بن اوس نے دریافت کیا: حُر کیا ارادہ ہے۔ کیا حسینؑ پر حملہ کرنا چاہتے ہو؟ حُر نے اس کا کوئی جواب نہ دیا۔ مگر اس کا ذہن جو غالباً پہلے ہی مختلف وساوس واوہام کی آماجگاہ بنا ہوا تھا۔ مہاجر کے اس سوال نے اس کو بھونچکا کر دیا۔ اور اس کے جسم میں کپکپی پیدا ہوگئی۔ مہاجر نے یہ حالت دیکھ کر کہا: حُر تیری حالت بڑی مشکوک ہے۔ میں نے آج تک تجھے ایسی حالت میں نہیں دیکھا۔ اگر مجھ سے پوچھا جاتا کہ کوفہ میں سب سے بڑا بہادر کون ہے؟ تو میں تیرا ہی نام لیتا۔ اس وقت میں تمہاری یہ کیا کیفیت دیکھ رہا ہوں؟

حُر نے واشگاف الفاظ میں جواب دیا: ﴿انّی واللّٰہ اخیّر نفسی بین الجنّۃ والنّار فواللّٰہ لا اختار علی الجنّۃ شیئاً ولو قطّعت و حرقت﴾ بخدا میں اپنے آپ کو جنت وجہنم کے درمیان پا رہا ہوں۔ خدا کی قسم میں جنت پر کسی بھی چیز کو مقدم نہیں سمجھ سکتا۔ چاہے میرے ٹکڑے ٹکڑے کر دیئے جائیں۔ اور مجھے جلا بھی دیا جائے۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

بعد ازاں گھوڑے کو ایڑ لگائی اور چشم زدن میں بارگاہِ حسینیؑ میں پہنچ گیا۔[1] حُر جاتے وقت سر پر ہاتھ رکھ کر کہتا جاتا تھا: ﴿اللّٰھم الیک انبت فتب علیّ فقد ارعبت قلوب اولیائک و اولاد بنت نبیک﴾ یا اللہ میں تیری بارگاہ میں رجوع ہوتا ہوں۔ میری توبہ منظور فرما۔ کیونکہ میں نے تیرے اولیاء اور تیرے نبی کی اولاد کے دلوں کو خوف زدہ کیا ہے۔ سپاہِ حسینیؑ کے قریب پہنچ کر سپر کو پلٹ دیا۔ جو اس بات کی طرف اشارہ تھا کہ وہ بارادۂ جنگ نہیں آرہا۔ چنانچہ کسی نے مزاحمت نہ کی۔ سیدھا سرکار سید الشہداءؑ کی بارگاہ میں پہنچ کر عرض کیا: ﴿جعلت فداک یابن رسول اللّٰہ انا صاحبک الذی حبستک عن الرجوع و سایرتک فی الطریق و جعجعت بک فی ھذا المکان وما ظننت ان القوم یردّون علیک ما عرضته علیھم ولا یبلغون منک ھذہ المنزلة واللّٰہ لو علمت انھم ینتھون بک الی ما اری ما رکبت و انا تائب الی اللّٰہ افتریٰ لی من ذلک توبة؟﴾ فرزند رسولؐ! میں آپ پر قربان ہوں! میں وہی ہوں جس نے آپ کو واپس تشریف لے جانے سے روکا اور (کربلا تک) راستہ میں آپ کے ساتھ چلتا رہا۔ اور بالآخر اس (لق و دق صحراء میں) آپ کو اترنے پر مجبور کیا۔ مجھے ہرگز یہ گمان بھی نہ تھا کہ یہ لوگ آپ کی پیش کردہ تجاویز مصالحت کو رد کر دیں گے۔ اور نوبت یہاں تک پہنچ جائے گی۔ خدا کی قسم اگر مجھے اس بات کا علم ہوتا کہ یہ لوگ ایسا کریں گے تو میں کبھی یہ طرز اختیار نہ کرتا۔ بہر حال اب میں بارگاہِ ایزدی میں توبہ کرتا ہوں۔ کیا میری توبہ قبول ہو سکتی ہے؟ امامؑ عالی مقام نے فرمایا: ﴿نعم یتوب اللّٰہ علیک﴾۔ ہاں! خداوند عالم تمہاری توجہ قبول فرمائے گا۔ پھر فرمایا: ﴿انزل﴾ گھوڑے سے نیچے اترو۔ حُر نے عرض کیا: ﴿فانا فارساً خیر منی راجلاً اقاتلھم علی فرسی ساعةً والی النزول ما یصیر اخر امری﴾ میرا نصرت حق میں گھوڑے پر سوار رہنا اترنے سے بہتر ہے۔ ان لوگوں سے کچھ دیر جنگ کر لوں اور بالآخر (شہید ہو کر) نیچے اترنا ہی ہے؟ امامؑ نے فرمایا: ﴿فاصنع یرحمک اللّٰہ ما بدا لک!﴾ جو جی چاہے کرو خدا تم پر رحم فرمائے۔

تبصرہ

مخفی نہ رہے کہ جناب حُرؑ کے خدمتِ امامؑ میں حاضر ہونے اور توبہ کرنے کی جو کیفیت ہم نے اوپر بیان کی ہے۔ کتب معتبرہ و مستندہ میں اسی طرح مذکور ہے۔ مگر بعض کتب میں ان کے بارگاہِ امامؑ میں حاضر ہونے کی کیفیت اس طرح مرقوم ہے کہ جب حُر حضرت امام حسینؑ کے بالکل نزدیک پہنچا تو گھوڑے سے اتر کر زمین کو بوسہ دیا اور پیشانی زمین پر رگڑنی شروع کر دی۔ امامؑ نے نرمی کے ساتھ فرمایا: ﴿من تکون ارفع راسک؟﴾ تو کون ہے؟ سر بلند کر؟

---

[1] طبری، ج ۶، ص ۲۴۴۔ کامل، ج ۳، ص ۲۸۸۔ ارشاد مفید، ص ۲۵۶۔ لوائج الاشجان، ص ۱۰۹۔ نفس المہموم، ص ۱۳۶۔ الدمعۃ الساکبہ، ص ۳۳۰۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

حرؑ نے جواب میں عرض کیا: ﴿انا صاحبک الذی حبستک عن الرجوع[1]...﴾ (تا آخر سوال و جواب جو اوپر ذکر ہو چکا ہے)۔

شیخ نجم الدین ابن نما حلی علیہ الرحمہ نے اپنے مقتل مثیر الاحزان میں یہ روایت درج کی ہے کہ حرؑ نے خدمتِ امامؑ میں عرض کیا: ﴿یابن رسول اللہ لما وجّهنی عبید اللہ الیک خرجت من القصر فنودیت من خلفی ابشر یا حر بالخیر فقلت فی نفسی واللہ ما هذه بشارة و انا اسیر الی الحسین وما احدث نفسی باتباعک!﴾ فرزند رسولؐ! جس روز عبید اللہ بن زیاد نے مجھے آپ کی طرف روانہ کیا اور میں دار الامارہ سے باہر نکلا تو پس پشت سے مجھے آواز آئی: اے حرؑ! تجھے خیر و خوبی کی بشارت ہو۔ میں نے پیچھے مڑ کر دیکھا تو کسی کو نہ پایا۔ میں نے دل میں کہا: یہ کیسی بشارت ہے؟ حالانکہ میں فرزند رسولؐ امام حسینؑ کے خلاف نبرد آزمائی کے لیے جا رہا ہوں۔ اس وقت تو آپ کی اتباع کا کوئی خیال تک نہ تھا۔ امام عالی مقام نے فرمایا: ﴿لقد اصبت اجراً و خیراً﴾ یقیناً تو نے اجر و ثواب اور خیر و خوبی کو حاصل کر لیا ہے۔[2]

حرؑ کی فوجِ یزید کو نصیحت

بہر کیف جناب حرؑ اپنی خطائیں معاف کرانے اور میدانِ کارزار میں جانے کی اجازت حاصل کرنے کے بعد سیدھا فوج اشقیا کے سامنے گیا تاکہ بطور اتمام حجت ان کو راہِ راست پر آنے کی دعوت دے۔ چنانچہ افواج یزید کو خطاب کرتے ہوئے مندرجہ ذیل تقریر کی:

﴿یا اهل الکوفة لامکم الهبل و العبر ادعوتم هذا العبد الصالح حتی اذا جاء کم اسلمتموه و زعمتم انکم قاتلوا انفسکم دونه ثم عدوتم علیه لتقتلوه و امسکتم بنفسه و اخذتم بکظمه و احطتم به من کل جانب لتمنعوه التوجه فی بلاد اللہ العریضة فصار کالاسیر فی ایدیکم لا یملک لنفسه نفعاً ولا یدفع عنها ضراً و حلأتموه و نسائه و صبیته و اهله عن ماء الفرات الجاری یشربه الیهود و النصاری و المجوس و تمرغ فیه خنازیر الوادی و کلابه فهاهم قد صرعهم العطش بئس ما خلفتم محمداً فی ذریته لاسقاکم اللہ یوم الظما﴾

اے کوفہ والو! تمہاری مائیں تمہارے ماتم میں بیٹھیں۔ تم نے اس عبد صالح کو بلایا۔ اور جب وہ آیا تو تم نے اسے دشمن کے حوالہ کر دیا۔ حالانکہ تم نے ارادہ یہ ظاہر کیا تھا کہ ان پر جانیں قربان کر دو گے۔ تم نے کیا یہ کہ ان کے

---

[1] تاریخ التواریخ، ج ۶، ص ۲۶۸۔ وقائع ایام محرم، ص ۳۹۸۔

[2] وقائع ایام محرم، ص ۲۹۹۔ الدمعۃ الساکبہ، ص ۳۳۰۔ نفس المہموم، ص ۱۳۷، سب میں بحوالہ مقتل ابن نما لکھا ہے۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

خلاف لشکر کشی کر دی۔ تم نے ان کے نفس کی آمد و رفت کو بند کر دیا ہے اور ان کے لیے قافیۂ حیات تنگ کر دیا ہے۔ تم نے ان کو چہار طرف سے گھیر لیا ہے تا کہ خدا کے وسیع و عریض شہروں میں ان کو حسب منشاء جانے سے روک سکو۔ اب وہ تمہارے ہاتھوں میں قیدی کے مانند ہو گئے ہیں اور بالکل بے بس کر دیئے گئے ہیں۔ نیز تم نے ان کو ان کے اہل حرم، بچوں اور ان کے اصحاب و انصار سمیت فرات کے آب جاری سے روک دیا ہے جسے یہودی، مجوسی اور نصرانی بھی پی رہے ہیں۔ اور عراق کے سور اور کتے اس میں لوٹ پوٹ رہے ہیں مگر یہ لوگ شدت پیاس سے جان بلب ہو رہے ہیں۔ تم نے جناب رسولؐ خدا کے بعد بہت ہی برا سلوک ان کی ذریت کے ساتھ کیا ہے۔ خدا تمہیں شدت پیاس والے دن سیراب نہ کرے۔

پسر سعد کی طرف سے آغاز جنگ

جب حُر کا کلام حق ترجمان یہاں تک پہنچا تو اثر لینے کی بجائے کچھ لوگوں نے جواب میں تیر چلائے۔ یہ حالت دیکھ کر حُر نے تقریر بند کر دی اور واپس آ کر خدمت امام میں کھڑے ہو گئے۔[1] کیونکہ ابھی باقاعدہ آغاز جنگ نہیں ہوا تھا۔

دن کا کافی حصہ گزر چکا تھا۔ اور دھوپ چڑھ چکی تھی۔ افواج یزید کا سپہ سالار عمر بن سعد پہلے بھی بعض ناگزیر وجوہات کی بناء پر تاخیر کر رہا تھا۔ ورنہ وہ تو جلد ہی اس قصہ کو کوتاہ کرنے اور اس مہم کو سر کرنے کا خواہش مند تھا۔ اب جناب حُرؓ کی علیحدگی اور پُر جوش تقریر نے حالات کا نقشہ بدل دیا۔ اور اب ابن سعد نے تاخیر مزید کو خلاف مصلحت سمجھتے ہوئے اس طرح جنگ کا آغاز کیا کہ اپنے غلام درید کو (جو کہ علمبردار لشکر تھا) حکم دیا: ﴿یا دریدادن رایتک﴾ اے درید! علم لشکر قریب لاؤ۔ چنانچہ اس نے علم قریب کیا۔ پھر پسر سعد نے اپنا تیر چلہ کمان پر چڑھایا اور زور سے جماعت حسینؑ کی طرف چھوڑا اور ساتھ ہی فوج اشقیاء سے کہا: ﴿اشهدوا انی اوّل من رمیٰ﴾ تم گواہ رہنا کہ وہ شخص جس نے سب سے پہلے تیر مارا ہے وہ میں ہوں۔ ابن سعد کا تیر چلانا تھا کہ یکا یک ہزاروں تیروں کی بارش ہونے لگی۔[2]

امام حسینؑ نے اپنے اصحاب باصفا کو خطاب کر کے فرمایا: ﴿قوموا رحمکم اللّٰہ الی الموت الذی لا بد منه فان هذه السهام رسل القوم الیکم﴾ خدا تم پر رحم کرے۔ استقبال موت کے لیے کھڑے ہو جاؤ۔ جس سے کوئی مفر نہیں ہے۔ یہ تیر در حقیقت قوم اشقیاء کے قاصد ہیں۔ جو پیام مرگ کی خاطر تمہاری طرف بھیجے گئے ہیں۔

---

[1] ارشاد شیخ مفید، ص ۲۵۷۔ طبری، ج ۶، ص ۲۴۵۔ الدمعۃ الساکبہ، ص ۳۳۰ وغیرہ۔

[2] ارشاد شیخ مفید، ص ۲۵۷۔ تاریخ طبری، ج ۶، ص ۲۵۴۔ لہوف، (و اقبلت السهام من القوم کانها القطر)۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

تیروں کی اس بارش سے اصحابِ حسینؑ کی صفوں میں کوئی انتشار پیدا نہیں ہوا۔ بلکہ امام عالی مقام کے اس اذن جہاد ملتے ہی وہ لڑنے مرنے کے لیے آمادہ ہوگئے۔ اور بڑی دلجمعی کے ساتھ تیروں کا جواب تیروں سے دیا اور یکبارگی فوج مخالف پر حملہ کر دیا۔ قریباً ایک گھنٹہ تک یہ حالتِ جنگ مغلوبہ ❁ جاری رہی۔ جب غبار جنگ چھٹا تو معلوم ہوا کہ آنجنابؑ کے کئی انصار جامِ شہادت نوش کر چکے ہیں۔ جن کی تعداد پچاس بیان کی جاتی ہے۔ یہ کیفیت دیکھ کر سرکار سید الشہداءؑ نے اپنا دستِ مبارک اپنی ریش مقدس پر رکھ کر فرمایا: ﴿اشتد غضب اللّٰہ تعالیٰ علی الیھود اذ جعلوا لہ ولداً و اشتد غضب اللّٰہ تعالیٰ علی النصاری اذ جعلوہ ثالث ثلاثۃ و اشتد غضبہٗ علی المجوس اذ اعبدو الشمس و القمر دونہ و اشتد غضبہ علی قوم اتفقت کلمتھم علی قتل ابن نبیّھم اما واللّٰہ لا اجیبھم الی شیٔ مما یریدون حتی القی اللّٰہ و انا مخضّب بدمی﴾ خداوند عالم کا قہر وغضب اس وقت یہودیوں پر سخت ہوا جب کہ انہوں نے خدا کے لیے فرزند تجویز کیا اور خدا کا قہر شدید ہوا نصاریٰ پر جب کہ انہوں نے خدا کو تین میں سے تیسرا قرار دیا۔ اور خدا کا غضب سخت ہوا مجوسیوں پر جبکہ انہوں نے خدا کو چھوڑ کر شمس وقمر کی پرستش شروع کر دی۔ اور خدا کا قہر وغضب سخت ہوا اس قوم پر جس نے اپنے پیغمبرؐ کے فرزند کے قتل پر اتفاق کر لیا۔ بخدا میں وہ بات ہرگز قبول نہیں کروں گا جو یہ لوگ چاہتے ہیں حتیٰ کہ اپنے خون کا خضاب لگائے ہوئے بارگاہِ خداوندی میں حاضر ہوں۔[1]

SIBTAIN.COM

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ میں نے اپنے والد ماجد سے سنا وہ فرماتے تھے: ﴿التقی الحسین علیہ السلام و عمر بن سعد لعنہ اللّٰہ و قامت الحرب انزل اللّٰہ النصر حتی رفرف علی راس الحسین علیہ السلام ثم خیّر بین النّصر علی اعدائہ و بین لقاء اللّٰہ فاختار لقاء اللّٰہ تعالیٰ﴾ جب امام حسینؑ اور عمر بن سعد کی مڈبھیڑ ہوئی اور جنگ شروع ہوگئی تو خداوند عالم نے نصرت کو نازل کیا یہاں تک کہ وہ امام حسینؑ کے سر مقدس پر منڈلانے لگی۔ پھر آنجنابؑ کو ظاہری نصرت اور لقاءِ پروردگار کے

❁ صاحب وقائع ایام محرم اپنی کتاب کے صفحہ ۳۹۱ پر لکھتے ہیں: ﴿آنچہ از کلمات و مقاتل اکابر علماء رضوان اللّٰہ علیھم بدست می آید آں ست کہ تا ظہر عاشورا سہ مرتبہ جنگ مغلوبہ واقع شدہ۔ یکے قبل از مبارزت حر علیہ الرحمۃ و دوم قبل از شہادت مسلم بن عوسجہ وسیم قبل از نماز ظہر و بقیہ مبارزہ بطریق مبارزت واقع شدہ﴾
یعنی جو کچھ اکابر علماء کے مقاتل اور کلمات سے ظاہر ہوتا ہے وہ یہ ہے کہ ظہر عاشوراء تک تین بار جنگ مغلوبہ ہوئی۔ ایک بالکل ابتداء میں حر علیہ الرحمہ کی مبارزت سے پہلے۔ دوسرے جناب مسلم بن عوسجہ کی شہادت سے قبل۔ تیسرے نماز ظہر سے کچھ پہلے۔ باقی تمام جنگ بطور مبارزت واقع ہوئی۔

[1] عاشر بحار الانوار، ج ؟؟، ص ۱۹۵۔ الدمعۃ الساکبہ، ص ۳۲۹۔ نفس المہموم، ص ۱۳۴۔ تقمام، ص ۳۴۰۔ مقتل العوالم، ص ۸۴۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

درمیان اختیار دیا گیا۔ آنجنابؑ نے بارگاہِ ایزدی میں حاضری کو اختیار کر لیا۔[1] بعد ازاں مبارزت طلبی اور یکے بعد دیگرے جنگ کا سلسلہ شروع ہوا جس کی تفصیل بعد میں آ رہی ہے۔

بعض تحقیقاتِ دقیقہ

سلسلۂ کلام کو آگے بڑھانے سے پہلے یہاں چند اُمور کی تحقیق ضروری معلوم ہوتی ہے۔

جنابِ حُر کس وقت جماعت حسینیؑ میں شامل ہوئے؟

(۱) اس میں قدرے اختلاف ہے کہ جنابِ حُر حملۂ اولیٰ سے پہلے خدمت امامؑ میں تشریف لائے یا اس کے بعد؟ ارشاد شیخ مفید (صفحہ ۲۵۶)، عاشر بحار الانوار (صفحہ ۱۹۴)، امالی شیخ صدوق (صفحہ ۹۷)، الدمعۃ الساکبہ (صفحہ ۳۳۰)، نفس المہموم (صفحہ ۱۳۵)، لوائح الاشجان (صفحہ ۱۰۸)، شہید انسانیت (صفحہ ۳۹۲) وغیرہ کتب معتبرہ سے پہلے نظریہ کی تصدیق و تائید ہوتی ہے البتہ لہوف جناب سید بن طاؤس علیہ الرحمہ صفحہ ۹۰، محرقہ صفحہ ۱۹۵ و کشف الغمہ صفحہ ۱۹۰، فصول مہمہ صفحہ ۱۷۴ سے یہ مستفاد ہوتا ہے کہ ابتدائی حملہ (جنگ مغلوبہ) کے بعد جب قریباً پچاس اصحاب حسینؑ جام شہادت نوش کر چکے اور سرکار سید الشہداءؑ نے اپنی ریش مبارک پر ہاتھ رکھ کر آوازِ استغاثہ بلند فرمائی: ﴿اما من مغیث یغیثنا لوجه الله. اما من ذاب یذبّ عن حرم رسول الله﴾ اور جنابِ حُر نے یہ آواز سنی تو پکار کر کہا: ﴿انا یابن رسول الله﴾ میں آپ کی نصرت کے لیے حاضر ہوں اور اس کے بعد لشکر یزید سے نکل کر حسینیؑ جماعت میں شامل ہو گیا۔ چنانچہ جناب سید ابن طاؤس نے جنابِ حُر کے طلب اذن جہاد کے اس جملہ ﴿فاذا کنت اول من خرج علیک فاذن لی ان اکون اول قتیل بین یدیک لعلی اکون ممّن یصافح جدک محمدا غدا یوم القیامة﴾ چونکہ میں نے پہلے پہل آپ کے خلاف اقدام کیا تھا اب مجھے اذن جہاد دیں تا کہ آپ کے سامنے سب سے پہلے جام شہادت بھی میں نوش کروں کی یہ تاویل کی ہے: ﴿انما اراد اوّل قتیل من الان لان جماعة قتلوا قبله کما ورد﴾ (لہوف، ص ۱۹۲) ان کی مراد یہ تھی کہ اس وقت کے بعد وہ پہلے شہید قرار پائیں۔ کیونکہ ان سے قبل ایک جماعت شہید ہو چکی تھی۔ ولکن المشهور وهو المنصور و علیه الجمهور. هو القول الاول کما لا یخفی علی من له ادنیٰ شعور۔

جنابِ حُر تنہا آئے یا بھائی بیٹا اور غلام بھی ہمراہ تھے؟

تمام کتب معتبرہ سے یہی مستفاد ہوتا ہے کہ جنابِ حُر تنہا نصرتِ حسینؑ کے لیے حاضر ہوئے تھے اور یہ سعادت ان کے متعلقین میں سے کسی اور کو حاصل نہ ہو سکی تھی۔ مگر تاریخ اعثم کوفی، مقتل الحسین اسفرائنی، سر الشہادتین،

---

[1] عاشر بحار الانوار، ج ؟؟، ص ۱۹۵۔ الدمعۃ الساکبہ، ص ۳۲۹۔ نفس المہموم، ص ۱۳۴۔ تقمام، ص ۳۴۰۔ مقتل العوالم، ص ۸۴۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

روضۃ الشہداء اور مقتل ابی مخنف جیسی کتب سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ ان کا بیٹا حجر، بھائی مصعب اور عروہ نامی ایک غلام بھی ان کے ہمراہ آئے تھے اور نصرتِ امام کا فرض انجام دیتے ہوئے شہادت کا جام نوش کیا تھا۔ جناب ریاض بنارسی مرحوم نے اپنی کتاب شہید اعظم حصہ دوئم میں اور صاحب ناسخ التواریخ نے جلد ششم میں ان کی شہادتوں کی تفصیل بھی درج کی ہے مگر چونکہ ہماری نظر قاصر میں ان کی آمد کا واقعہ مستند نہیں ہے۔ اس لیے ہم نے اس کا تذکرہ نہیں کیا۔ اگر کوئی صاحب تفصیل دیکھنے کے شائق ہوں تو مذکورہ بالا کتب کی طرف رجوع کریں۔ فلا نطیل الکلام بذکر القصص التی لا حقیقۃ لھا عند العلماء الاعلام۔

آیا حملۂ اولیٰ میں انصار حسینؑ کا کوئی جانی نقصان ہوا؟

آیا پہلے حملہ کی تیر بارانی (جنگ مغلوبہ) میں سپاہِ حسینؑ کا کوئی جانی نقصان ہوا یا نہیں اور اگر ہوا تو کس قدر؟ اس میں قدرے اختلاف ہے۔ جناب سید بن طاؤس نے لکھا ہے: ﴿حتی قتل من اصحاب الحسین جماعۃ﴾ اس حملہ کے نتیجہ میں اصحابِ حسینؑ کی ایک جماعت شہید ہوئی۔[1] جناب سید محمد بن ابی طالب حسینی حائری نے اپنے مقتل میں لکھا ہے: ﴿قیل فلما رموھم ھذہ الرمیۃ قل اصحاب الحسین علیہ السلام و قتل فی ھذہ الحملۃ خمسون رجلاً﴾ کہا جاتا ہے کہ جب فوج یزید نے یہ تیر بارانی کی تو اصحابِ حسینؑ کی تعداد کم ہوگئی۔ یعنی اس حملہ میں پچاس آدمی شہید ہوگئے[2] ایسا ہی اکثر اربابِ مقاتل نے لکھا ہے لیکن شہید انسانیت کے فاضل مصنف مدظلہ صفحہ ۳۹۴ پر لکھتے ہیں: ''مگر تیروں کی اس ابتدائی بارش سے جماعت حسینؑ کو کوئی خاص نقصان نہیں پہنچا۔ بے شک وہ عملی طور پر ایک جنگ کا اقدام تھا جس کی ابتداء فوج دشمن کی طرف سے ہوگئی۔ اور یہ ایک آخری حجت تھی۔ جس کے تمام ہونے کے امام منتظر تھے۔'' تاریخی شواہد سے اس بیان کی تائید نہیں ہوتی۔ خود جناب مولانا نے اس عبارت سے ایک صفحہ پہلے (صفحہ ۳۹۳ پر) لکھا ہے: ''عمر سعد نے تیر چلۂ کمان میں جوڑ کر فوج حسینؑ کی طرف رہا کیا۔ اور لشکر یزید کو مخاطب کرتے ہوئے پکار کر کہا: ''گواہ رہنا کہ سب سے پہلا تیر میں نے لگایا ہے۔ سپہ سالار لشکر ان الفاظ کو اپنی زبان پر جاری کرتے ہوئے تیر رہا کرے اور لشکریوں میں جوش و خروش پیدا نہ ہو؟ یہ ناممکن ہے۔ یقیناً ہزاروں کمانیں کڑکیں۔ ہزاروں چلے کھنچے۔ اور ہزاروں تیر روانہ ہوئے۔'' قطع نظر دیگر تاریخی شواہد کے کیا عقل سلیم

---

[1] لہوف، ص ۱۸۹ اور علامہ مجلسیؒ نے اس کلام کے یہ معنی بیان کیے ہیں: ''اول قتیل من المبارزین و الافان جماعۃ قد قتلوا فی الحملۃ الاولیٰ۔'' (عاشر بحار، ص ۱۹۵) یعنی ان کا مقصد یہ تھا کہ مبارزت طلبی میں شہید ہونے والوں سے پہلے شہید ہوں۔ ورنہ ان سے پہلے حملۂ اولیٰ (جنگ مغلوبہ) میں ایک جماعت شہادت کے درجۂ رفیعہ پر فائز ہو چکی تھی۔ (منہ عفی عنہ)

[2] بہت سے اربابِ مقاتل نے اسی قول کو اختیار کیا ہے۔ ملاحظہ ہو: نفس المہموم، ص ۱۳۸۔ تقمام، ص ۳۴۰، ۳۴۱، و عاشر بحار، ص ۱۹۴ وغیرہ۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

یہ باور کر سکتی ہے کہ ہزاروں کمانیں کڑکیں، ہزاروں چلے کھنچیں اور ہزاروں تیر روانہ ہوں مگر اس کے باوجود کوئی نقصان نہ ہو؟ لا واللہ۔ بنابریں پہلا قول ہی قابل قبول معلوم ہوتا ہے۔ اس سے بھی زیادہ تعجب خیز بات یہ ہے کہ صاحب شہید انسانیت دام ظلہ نے اس حملہ (جنگ مغلوبہ) کو جو نماز ظہر سے قریباً ایک گھنٹہ قبل وقوع میں آیا۔ حملۂ اولیٰ قرار دیا ہے۔ چنانچہ شہید انسانیت صفحہ ۲۲۱ پر اس حملہ کی تفصیل لکھنے کے بعد تحریر فرماتے ہیں: "یہی وہ عظیم الشان حملہ اور گھمسان کی جنگ ہے جو تاریخوں میں حملۂ اولیٰ کے نام سے مذکور ہے۔ اور یہ ظہر سے ایک گھنٹہ قبل کا واقعہ ہے۔" پھر آگے صفحہ ۴۲۲ پر لکھا ہے کہ "اس حملہ کے ذیل میں جو پچاس انصار حسینؑ شہید ہوئے۔ ان میں نہیں کہا جا سکتا کہ کون پہلے شہید ہوا اور کون بعد کو۔" حالانکہ تمام ارباب سیر و تواریخ کی تصریحات کے مطابق حملۂ اولیٰ وہ تھا جو عمر بن سعد کے پہلے پہل تیر چلانے کے بعد ہوا۔ اور اسی میں پچاس یا کم و بیش اصحاب حسینؑ نے جام شہادت نوش فرمایا۔ جس حملہ کو جناب مولانا حملۂ اولیٰ قرار دے رہے ہیں۔ درحقیقت یہ تیسرا حملہ تھا۔ کیونکہ اس روز تین حملے ہوئے تھے۔ ایک ابن سعد کے تیر چلانے کے بعد، دوسرا مسلم بن عوسجہ کی شہادت سے پہلے، "تیسرا نماز ظہر سے پہلے۔" جیسا کہ ارباب مقاتل نے تصریحات فرمائی ہیں۔

مذکورہ بالا حقائق کے لیے وقائع ایام محرم، ص ۲۹۱۔ مقتل الحسین للمقرم، ص ۲۶۷۔ نفس المہموم، ص ۱۳۷۔ عاشر بحار، ص ۱۹۴۔ لہوف، ص ۹۲۔ لوائح الاشجان، ص ۱۱۰ وغیرہ کتب مقاتل دیکھی جا سکتی ہیں۔

ہاں یہ درست ہے کہ بعض ارباب مقاتل نے یہی لکھا ہے کہ یہ پچاس شہید اس حملہ میں ہوئے تھے جو ہنگام ظہر سے قریباً ایک گھنٹہ پہلے ہوا تھا جسے ہم نے تیسرا حملہ قرار دیا ہے۔ بنابریں صرف اصطلاح کا فرق رہ جائے گا کہ اس حملہ کو حملۂ اولیٰ قرار دینا چاہیے یا حملۂ ثالثہ۔ ولا مشاحۃ فی الاصطلاح کما لا یخفی علی اھل الحجی. واللہ العالم۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

انصارِ حسینؑ کے مختصر حالات وشہادات اوران کے زرّیں کارنامے

اگرچہ کتاب کی غیر معمولی ضخامت وحجم بڑھ جانے کا اندیشہ دامن بیان کو کوتاہ کرنے کا تقاضا کرتا ہے مگر یہ شہداء کربلا (فداھم امی و ابی) کے ساتھ ناانصافی ہوگی۔ اگران کی حیرت انگیز قربانیوں اور ولولہ انگیز کارناموں کے ساتھ ساتھ ان کے مختصر حالات زندگی کا تذکرہ نہ کر دیا جائے۔ عربی، فارسی اور اُردو میں اس موضوع پر متعدد کتابیں منظر عام پر آ چکی ہیں۔ جیسے "ابصار العین فی انصار الحسینؑ"، "ذخیرۃ الدارین فیما یتعلق بالحسین واصحابہ"، "فرسان الہیجا" اور "شہداءِ کربلا" نیز شہید انسانیت میں بھی ان بزرگواروں کے مختصر مگر جامع حالات زندگی اور خصوصیات شخصی کا تذکرہ موجود ہے۔ ہم کوشش کریں گے کہ واقعاتی ترتیب کے مطابق (اگرچہ اس کا ملحوظ رکھنا قریباً ناممکن[1] ہے) ان نفوسِ زاکیہ کا مختصر مگر مستند خاکہ پیش کر کے ان کے زرّین کارناموں اور مقدس شہادتوں سے اپنی کتاب کے قارئین کرام کو روشناس کرائیں۔ تفصیلی حالات وکوائف دیکھنے کے شائقین مذکورہ بالا کتابوں کی طرف رجوع کر کے اپنے ذوق تحقیق وتفصیل کی تسکین فرما سکتے ہیں۔

اصل مقصد میں وارد ہونے سے قبل مناسب معلوم ہوتا ہے کہ قرآن وحدیث اور عقل سلیم کی روشنی میں عام شہداء کے بالعموم اور شہداءِ کربلا کے بالخصوص کچھ فضائل ومحامد کا اجمالی تذکرہ کر دیا جائے تاکہ ان کی عظیم قربانیوں کی

---

[1] **تبصرہ:** اس کی وجہ یہ ہے کہ شہداء کی ترتیب شہادت میں فریقین کے مؤرخین، محدثین اور ارباب مقاتل میں شدید اختلاف ہے۔ بعض نے تو صرف شہداء کے اسماء گرامی لکھ دیئے ہیں اور ترتیب کے جنجال میں پڑے ہی نہیں۔ اور جنہوں نے ترتیب وار نام درج کئے ہیں۔ ان میں سخت اختلاف ہے۔ ایک مؤرخ ایک شہید کی شہادت کا تذکرہ پہلے کرتا ہے دوسرا بعد میں۔ بلکہ یہ معلوم کرنا بھی سخت دشوار ہے کہ جنگ مغلوبہ میں کن کن بزرگواروں نے جام شہادت نوش کیا اور مبارزت طلبی میں کون کون بزرگ شہید ہوئے؟ بلکہ اس امر پر بھی ارباب تاریخ متفق نظر نہیں آتے کہ ہنگام ظہر سے پہلے کون شہید ہوا۔ اور بعد میں کس نے شربت شہادت پیا۔ ارشاد شیخ مفیدؒ میں ترتیب کچھ ہے۔ امالی شیخ صدوق میں کچھ؟ بحار میں کچھ لکھا ہے اور عوالم میں کچھ۔ تقام میں جو مقدم ہے۔ وہ ناسخ میں مؤخر وعلی ہذا القیاس۔ طبری میں جو ترتیب ہے کامل میں اس کے خلاف موجود ہے۔ ان حقائق کی روشنی میں یہ بات بالکل واضح وآشکار ہو جاتی ہے کہ ترتیب شہادت کے مطابق (جو کہ جنگ مغلوبہ میں تو ویسے بھی ناممکن ہے) شہداءِ کرام کا تذکرہ کرنا ممکن نہیں ہے۔ اس تلخ حقیقت کا صرف ہم نے ہی اعتراف نہیں کیا بلکہ اور بھی بعض صاف گو ارباب مقاتل نے کیا ہے۔

[بقیہ حاشیہ صفحہ نمبر ۳۳۸ پر]

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

رفعت وعظمت کا صحیح اندازہ ہو سکے۔ اور اس طرح ان مقدس ہستیوں کی بارگاہِ معلّٰی میں ارمغانِ عقیدت بھی پیش ہو جائے ؎

شمع ہا بردہ ام از صدق بخاک شہداء
تا دل و دیدۂ خو فنا بہ فشانم دادند!

فضیلتِ شہادت عقل سلیم کی روشنی میں

یہ امر محتاج بیان نہیں کہ کسی کام کی قدر و منزلت کا تعین اس کی غرض و غایت کی بلندی یا پستی سے کیا جاتا ہے۔ کسی فعل کی غرض و غایت جس قدر بلند اور عظیم ہوگی اسی قدر وہ فعل ارفع و اعلیٰ قرار دیا جائے گا۔ اور جس قدر غرض و غایت دنی اور پست ہوگی وہ فعل اسی قدر حقیر اور دنی متصور ہوگا۔ واضح ہے کہ شہادت چونکہ خدا کی رضا جوئی کی خاطر اس کے دین کی بقاء اور شرف و مجد انسانی کے تحفظ کے لیے واقع ہوتی ہے اور ظاہر ہے کہ یہ غرض و غایت دوسری تمام اغراض و غایات سے اشرف و اعلیٰ ہے۔ اس لیے بدیہی طور پر تسلیم کرنا پڑے گا کہ رضائے الٰہی حاصل کرنے والے تمام افعال میں سے شہادت اجل وارفع ہے۔ کیونکہ ع

شہید کی جو موت ہے وہ قوم کی حیات ہے

SIBTAIN.COM

فضیلتِ شہادت قرآن حکیم کی روشنی میں

قرآن کریم میں اس قسم کی متعدد آیات شریفہ موجود ہیں۔ جن میں شہیدانِ راہِ خدا کی فضیلت بیان کی گئی ہے۔ ایک جگہ ارشاد ہوتا ہے: ﴿وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ يُّقْتَلُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتٌ. بَلْ اَحْيَآءٌ وَّلٰكِنْ لَّا تَشْعُرُوْنَ﴾ (پ۲، س بقرہ، ع۳) ''اور جو لوگ خدا کی راہ میں مارے گئے انہیں کبھی مردہ نہ کہنا (وہ لوگ) زندہ

[بقیہ حاشیہ از صفحہ نمبر ۳۳۷]

چنانچہ محدث خبیر جناب شیخ عباس قمی نفس المہموم، ص ۱۵۲ پر لکھتے ہیں: ﴿یقول مؤلف هذا الکتاب عباس القمی حشره الله مع اصحاب الحسین قدس الله ارواحهم انه اختلفت کلمات المؤرخین و المحدثین و ارباب المقاتل من الفریقین فی ترتیب شهادة اصحاب الحسین و رجزهم و عددهم فبعض قدم منهم المؤخر و اخّر اخر من قدّمه الاخر و بعض اکتفی بذکر اسامیهم و رجزهم و جملة منهم اقتصر علی ذکر معدود منهم و سکت عن بقیتهم الخ.....﴾ خلاصہ مطلب یہ کہ محدثین و مؤرخین اور ارباب مقاتل میں شہداء کربلا کی ترتیب، ان کے رجز اور عدد میں شدید اختلاف ہے۔ اسی طرح مؤرخ بصیر شہزادہ فرہاد مرزا قمقام، ص ۳۵۳ پر رقمطراز ہیں: ﴿بر بصیر متتبع پوشیده نیست که هیچیك از محدثین و مؤرخین فریقین اسامی شهداء را بترتیب ایراد نه کرده اند و در تقدیم و تاخیر اصحاب و نسبت رجز بهر یك بسی اختلاف است بعضے به ذکر اسامی و بیان ار اجیز اکتفا نموده اند بلکه اکثر بذکر معدودے اختصار فرموده اند الخ.﴾ مطلب وہی ہے جو اوپر درج ہے۔ والحق احق ان یتبع۔ (منہ عفی عنہ)

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

ہیں مگر تم (ان کی زندگی کی حقیقت کا) کچھ بھی شعور نہیں رکھتے۔

دوسرے مقام پر ارشاد فرماتا ہے: ﴿وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ قُتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتًا بَلْ اَحْيَآءٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ يُرْزَقُوْنَ﴾ (پ۴، س ال عمران، ع۴) اور جو لوگ خدا کی راہ میں شہید کیے گئے انہیں ہرگز مردہ نہ سمجھنا بلکہ وہ لوگ جیتے (جاگتے موجود) ہیں اپنے پروردگار کے ہاں سے وہ (طرح طرح کی) روزی پاتے ہیں۔ (ترجمۂ فرمانؒ)

انہی حقائق کی بناء پر کہا گیا ہے: ''دنیا میں ہر چیز مرجاتی ہے کہ فانی ہے مگر خونِ شہادت کے ان قطروں کے لیے جو اپنے اندر حیاتِ الٰہیہ کی روح رکھتے ہیں کبھی بھی فنا نہیں ہے۔'' ؎

کشتگانِ خنجرِ تسلیم را ہر زماں از غیب جانے دیگر است[1]

فضیلتِ شہادت احادیثِ معصومینؑ کی روشنی میں

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام اپنے آباء واجداد کے سلسلۂ سند سے روایت فرماتے ہیں کہ جناب رسول خدا ﷺ نے فرمایا: ﴿للجنة باب يقال له باب المجاهدين يمضون اليه فاذا هو مفتوح وهم متقلدون بسيوفهم و الجمع فى الموقف و الملائكة ترحب لهم[2]﴾ جنت کا ایک دروازہ جس کا نام باب المجاہدین ہے، کھلا ہوگا اور شہیدانِ راہِ خدا اس حال میں سب سے پہلے اس سے داخل ہوں گے کہ گلے میں تلواریں لٹکائے ہوئے ہوں گے اور ملائکہ بڑھ کر ان کو خوش آمدید کہیں گے حالانکہ ابھی دوسرے لوگ موقفِ حساب میں کھڑے ہوں گے۔

امام محمد باقر علیہ السلام اپنے آباء کرام کے سلسلۂ سند سے روایت فرماتے ہیں کہ حضرت رسول خدا ﷺ نے فرمایا: ﴿ما من قطرة احب الى الله عز و جل من قطرة دم فى سبيل الله﴾ خداوند عالم کو اس قطرۂ خون سے زیادہ کوئی قطرہ محبوب نہیں جو اللہ کی راہ میں بہایا جائے۔[3]

جناب زید شہید بن امام زین العابدین علیہ السلام اپنے بزرگوں کے سلسلۂ سند سے روایت کرتے ہیں کہ آنحضرتؐ نے فرمایا: ﴿للشهيد سبع خصال من الله قطرة من دمه مغفور له كل ذنب الثانية يقع راسه فى حجر زوجته من الحور العين و تمسحان الغبار عن وجهه و تقولان مرحباً بك و يقول هو مثل ذلك لهما و الثالثه يكسى من كسوة الجنة والاربعة تبتدره خزنة الجنة بكل ريح طيبة ايهم

---

[1] شہادت حسینؑ، از: آزادؒ، ص ۵۵۔
[2] وسائل الشیعہ، ج ۲، کتاب الجہاد۔
[3] وسائل الشیعہ، ج ۲، باب الجہاد۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

یاخذه معه و الخامسة ان یری منزله و السادسة یقال لروحه اسرح فی الجنة حیث شئت و السابعة ان ینظر فی وجه اللّٰه و انها لراحة لکل نبی و شهید﴾

شہید کو من جانب اللہ سات خوبیاں حاصل ہیں۔ پہلی یہ کہ اس کے پہلے قطرۂ خون کے گرتے ہی اس کے سب گناہ معاف ہو جاتے ہیں۔ دوسری اس کا سر حورانِ جنت میں سے دو زوجاؤں کی گود میں ہوتا ہے۔ تیسری اس کو جنتی لباس زیب تن کرایا جاتا ہے۔ چوتھی: خازنانِ جنت ہر اچھی خوشبو لے کر اس کے پاس آتے ہیں تا کہ جسے وہ پسند کرے اپنے ہمراہ لے جائے۔ پانچویں: وہ جنت میں اپنے مکان کو دیکھ لیتا ہے۔ چھٹی: اس کی روح کو کہا جاتا ہے کہ جنت میں جہاں جی چاہے سیر و تفریح کر۔ ساتویں: وہ پروردگار کی عظمت و جلالت کے جمال باکمال کا مشاہدہ کرتا ہے۔ جو ہر نبی و شہید کے لیے باعث راحت و سکون ہے۔[1]

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام اپنے آباء و اجداد علیہم السلام کے سلسلۂ سند سے نقل فرماتے ہیں کہ آنحضرتؐ نے فرمایا: ﴿ان فوق کل برّ بر حتی یقتل فی سبیل اللّٰه فاذا قتل فی سبیل فلیس فوقه بر﴾ ہر نیکی کے اوپر کوئی اور نیکی ہوتی ہے لیکن جب انسان راہِ خدا میں شہید ہو جائے تو یہ وہ نیکی ہے جسکے اوپر اور کوئی نیکی نہیں ہے۔[2]

حضرت امیر علیہ السلام فرماتے ہیں: ﴿فان الجهاد باب من ابواب الجنة﴾ جہاد جنت کے دروازوں میں سے ایک دروازہ ہے۔[3] امام محمد باقر علیہ السلام کا ارشاد ہے: ﴿الخیر کله فی السیف و تحت السیف و فی ظل السیف﴾ تمام تر خیر و خوبی تلوار میں، تلوار کے اندر اور تلوار کے سایہ میں ہے۔[4]

شہداءِ کربلا کی خصوصی فضیلت

فضیلتِ شہادت کے بارے میں اوپر جو کچھ بیان کیا گیا ہے (جو کہ قطرہ از دریا اور دانہ از انبار کی حیثیت رکھتا ہے) یہ عام شہادت اور شہداء کے بارے میں ہے ظاہر ہے کہ کائنات کی دوسری اشیاء کی طرح شہادت کے افراد میں بھی باہمی درجات کا تفاوت و اختلاف موجود ہے اور شہداءِ کربلا شہادت کے جس بلند مقام پر فائز ہیں وہ محتاج دلیل و برہان نہیں ہے خود سرکار سید الشہداء نے بڑی وضاحت کے ساتھ تصریح فرمادی ہے کہ ﴿فانی لا اعلم اصحاباً اوفی ولا خیراً من اصحابی ولا اهلبیت ابرو لا اوصل ولا افضل من اهل بیتی فجزاکم اللّٰه عنی خیر الجزاء[5]﴾ میں اپنے اصحاب سے زیادہ بہتر اور باوفا اصحاب نہیں جانتا۔ اور نہ ہی اپنے اہل بیت

۱۔ وسائل الشیعہ، ج ۲، کتاب الجہاد۔
۲۔ وسائل الشیعہ، ج ۲، کتاب الجہاد۔
۳۔ وسائل، ج ۲، باب الجہاد۔
۴۔ وسائل، ج ۲، باب الجہاد۔
۵۔ ارشاد شیخ، ص ۲۵۱۔ عاشر بحار، ص ۱۹۱ وغیرہ۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

سے زیادہ نیکوکار، صلۂ رحمی کرنے والے اور افضل کوئی اہل بیت جانتا ہوں۔ آپ کے اس ارشاد باسداد سے واضح و عیاں ہے کہ دیگر انبیاء و مرسلین کے اصحاب تو بجائے خود آنجنابؐ کے اصحاب باصفا کا مقام و مرتبہ خود سرکار ختمی مرتبت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور حضرت امیر المؤمنینؑ اور جناب امام حسن مجتبیٰؑ کے اصحاب باوفا سے بھی بلند و بالا ہے۔

امام محمد باقرؑ بیان کرتے ہیں کہ حضرت امام حسینؑ نے اپنی شہادت سے پہلے یہ روایت نقل فرمائی کہ آنحضرت نے مجھ سے فرمایا: ﴿ان رسول اللّٰہ قال لی یا بنیّ انک ستساق الی العراق وھی ارض قد التقی بھا النبیون و اوصیاء النبیین وھی ارض تدعی عموراء و انک تستشھد و یستھشد معک جماعۃ من اصحابک لا یجدون الم مسّ الحدید و قلنا یا نار کونی برداً و سلاماً علیٰ ابراھیم کذا یکون الحرب برداً و سلاماً علیک و علیھم فابشروا فو اللّٰہ لان قتلونا فانا نرد علی نبینا﴾[1]

تجھے عنقریب زمین عراق کی طرف لے جایا جائے گا یہ وہ زمین ہے جہاں نبیوں و وصیوں کی باہمی ملاقاتیں ہوئی ہیں اسے عمورا بھی کہا جاتا ہے وہاں تو شہید کیا جائے گا۔ اور تیرے ہمراہ ایک گروہ بھی شہید کیا جائے گا۔ جو ہتھیاروں کی تکلیف محسوس نہیں کرے گا۔ پھر آنحضرتؐ نے یہ آیت مبارکہ تلاوت فرمائی: ''ہم نے کہا اے آگ! تو ٹھنڈی ہو جا۔ اور ابراہیم کے لیے باعث سلامتی بن جا۔'' اسی طرح آتش جنگ تمہارے اور ان کے لیے سرد اور باعث سلامتی ہوگی پھر امام نے فرمایا: تمہیں بشارت ہو کہ اگر ان لوگوں نے ہمیں شہید کر دیا تو ہم اپنے پیغمبرؐ کی بارگاہ میں حاضر ہو جائیں گے۔

یہی وجہ تھی کہ روزِ عاشوراء اصحاب حسینیؑ موت کے منہ میں جانے کے لیے ایک دوسرے پر سبقت لے جانے کی کوشش کرتے تھے اور ایسے جانگداز اور حوصلہ شکن حالات میں ان کے چہرے تمتماتے ہوئے دکھائی دیتے تھے اور وہ مسکراتے ہوئے نظر آتے تھے ؎

لبسوا القلوب علی الدروع کانھم = یتھافتون الی ذھاب الانفس

وارد ہے کہ روز عاشوراء جناب بریر ہمدانی نے عبدالرحمٰن کے ساتھ کچھ مزاح کیا۔ جناب عبدالرحمٰن نے کہا: بھلا یہ بھی کوئی مزاح کا وقت ہے؟ اس پر بریر نے کہا: میری قوم جانتی ہے کہ میں نے جوانی اور بڑھاپے میں کبھی بھی مزاح نہیں کیا۔ لیکن آج میں اپنی خوش نصیبی کی وجہ سے خوش ہوں۔ ﴿واللّٰہ ان بیننا و بین الحور العین الا ان یمیل علینا ھؤلا باسیافھم ولوددت انھم قد مالوا علینا باسیافھم﴾[2] ہمارے اور حور العین کے درمیان

---

[1] تمام، ص ۳۳۸۔

[2] تاریخ طبری، ج ۶، ص ۲۴۱۔ مقتل الحسین، ص ۲۳۸۔ نفس المہموم، ص ۱۲۷۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

صرف اس قدر فاصلہ ہے کہ ادھر یہ لوگ تلواروں سے ہم پر حملہ کریں گے۔ ادھر ہم جنت الفردوس میں پہنچ جائیں گے۔ میں تو چاہتا ہوں کہ یہ ابھی ہم پر حملہ کر دیں ۔

مجاہد فی سبیل اللہ ایسے کم نظر آئے　　قیامت ہو جنہیں اک اک گھڑی شوق شہادت میں

ایسا ہی جواب جناب حبیب بن مظاہر (مظہر) نے دیا تھا جب کہ ان کو مسکراتے ہوئے دیکھ کر یزید بن حصین نے ان پر اعتراض کیا تھا۔[1] یقین کی یہ دولت ہر کسی کو نصیب نہیں ہوتی۔ ذلک فضل اللّٰہ یؤتیہ من یشاء۔

شبِ عاشورا کے واقعات میں بیان کیا جا چکا ہے کہ سرکار سید الشہداءؑ نے اپنے خالص اصحاب کو باعجاز امامت جنت میں اپنے اپنے مقامات و منازل دکھا دیئے تھے کہ اے فلاں یہ تیری منزل ہے۔ اور اے فلاں یہ تیرا مقام ہے۔[2] یہ سب شواہد ایک طرف صرف حضرت صادق آل محمد علیہ السلام کا شہدائے کربلا کی زیارت میں یہ فرمانا ہی ان کی فوق العادت عظمت و جلالت کو اجاگر کرنے کے لیے کافی ہے کہ ﴿بابی انتم و امی طبتم و طابت الارض التی فیھا دفنتم و فزتم فوزاً عظیما﴾ اے شہداءِ کربلا! میرے ماں باپ آپ پر قربان ہو جائیں۔ تم پاک و پاکیزہ ہو گئے اور وہ زمین بھی پاک و پاکیزہ ہو گئی جس میں تم دفن ہوئے۔[3] اور تم نے فوزِ عظیم حاصل کیا۔ یلیتنا کنا معھم فنفوز فوزاً عظیماً ذلک فضل اللّٰہ یؤتیہ من یشاء۔

بابی الذین تسرعوا الحمامھم　　دون الحسین فاحرزر اعین الرضاء

افادہ راجع بطریق ہائے جنگ

مخفی نہ رہے کہ عربوں میں جنگ کے دو طریقے رائج تھے۔ پہلا طریقہ یہ تھا کہ ایک ایک جوان میدانِ کارزار میں نکل کر دادِ شجاعت دیتا تھا (اور کبھی کبھی یہی طریقہ دو، دو، تین تین اور چار چار کی صورت بھی اختیار کر لیتا تھا) اسے مبارزت طلبی کہا جاتا ہے اور زیادہ تر اسی طریقہ پر عمل درآمد ہوتا تھا۔

دوسرا طریقہ یہ تھا کہ ایک فریق سارے کا سارا یا اس کا کثیر حصہ دوسرے فریق پر یک بارگی دھاوا بول دیتا اور فریقین گھتم گھتا ہو جاتے۔ اسے جنگ مغلوبہ کہا جاتا ہے۔ اکابر علماء کے کلمات و مقاتل سے جو کچھ مستفاد ہوتا ہے وہ یہ ہے (جیسا کہ قبل ازیں بھی بیان ہو چکا ہے) کہ روزِ عاشورہ صرف تین بار جنگ مغلوبہ واقع ہوئی۔ (۱) حملۂ اولیٰ۔ (۲) جناب مسلم بن عوسجہ کی شہادت سے قبل۔ (۳) اور نماز ظہر سے قریباً ایک گھنٹہ پہلے۔ اس کے علاوہ باقی

---

[1] رجال کشی، ص ۵۳۔ مقتل الحسین، ص ۲۸۸۔ نفس المہموم، ص ۱۲۷۔　[2] نفس المہموم، ص ۱۲۳ وغیرہ۔
[3] مفاتیح الجنان، ص ۴۳۰۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

تمام جنگ پہلے طریقہ (مبارزت طلبی) کے مطابق ہوئی ہے۔[1] ہم پہلے مبارزت طلبی میں شہید ہونے والے اصحاب کے حالات زندگی اور شہادات لکھتے ہیں۔ بعد میں جنگ مغلوبہ میں شہید ہونے والوں کے حالات قلمبند کئے جائیں گے انشاء اللہ۔

(۱) عبداللہ بن عمیر کلبی

نام عبداللہ بن عمیر بن عباس بن عبد قیس بن علیم بن جناب الکلبی العلیمی ہے اور کنیت ابو وہب ہے۔ جناب شیخ طوسی نے فہرست میں انہیں جناب امیر علیہ السلام کے اصحاب میں سے شمار کیا ہے۔ کوفہ میں محلہ بنی ہمدان کے نزدیک چاہ سعد کے پاس گھر تھا۔ جس میں اپنی زوجہ ام وہب کے ہمراہ (جو بنی مزبن قاسط سے تھیں) رہائش پذیر تھے۔ اس نے ایک دن مقام نخیلہ کے پاس (جو کہ کوفہ سے باہر تھا) لوگوں کو جمع ہوتے دیکھا۔ دریافت کرنے پر معلوم ہوا کہ یہ لوگ حسین بن فاطمہ بنت رسولؐ کے ساتھ جنگ کے لیے بھیجے جا رہے ہیں۔ عبداللہ نے (دل میں) کہا: بخدا میں حصول ثواب وسعادت کی خاطر مشرکین کے ساتھ جہاد کرنے کا بڑا شائق تھا۔ میں سمجھتا ہوں دختر رسولؐ کے فرزند کے ساتھ جنگ کرنے والوں کے ساتھ جہاد کرنے کا ثواب کفار ومشرکین کے ساتھ جہاد کرنے سے زیادہ ہی ہوگا۔ چنانچہ عبداللہ گھر پہنچا اور اپنی نیک بخت بیوی سے اپنے ارادہ کا اظہار کیا۔ اس نے اس کے ارادہ کی تائید کرتے ہوئے اسے بھی ہمراہ لے جانے کی استدعا کی۔ چنانچہ عبداللہ اسے ہمراہ لے کر آٹھویں محرم کی شب کو امام حسینؑ کی خدمت میں پہنچ گیا۔ روز عاشوراء تک خدمت امام میں رہا۔ روز عاشوراء جب پسر سعد کے تیر مارنے سے آغاز جنگ ہوگیا۔ اور اس حملۂ اولیٰ میں کافی انصار حسینؑ عروس موت سے ہمکنار بھی ہوگئے تو اس کے بعد مبارزت طلبی کا سلسلہ شروع ہوا۔ پہلے پہل فوج مخالف سے دو آدمی نکل کر مبارزت طلب ہوئے۔ ایک زیاد بن ابیہ کا آزاد کردہ غلام یسار۔ دوسرا عبید اللہ بن زیاد کا غلام سالم بن عمرو۔ اِدھر حسینیؑ جماعت سے جناب حبیب بن مظاہر (مظہر) اور جناب بریر بن خضیر اٹھے۔ مگر جناب امام حسین علیہ السلام نے ان کو روک دیا۔ اس اثناء میں جناب عبداللہ بن عمیر کلبی نے اذن جہاد طلب کیا۔ امامؑ نے اس کے قد وقامت پر نگاہ ڈالی دیکھا کہ گندم گوں رنگ، لانبا قد، طاقتور کلائیاں اور چوڑے کاندھوں والا جوان ہے۔ پھر فرمایا: میرا خیال ہے کہ یہ مقابلہ میں آنے والوں کو خوب قتل کرے گا۔ خلاصۂ کلام امام نے اسے اذن جہاد دیا اور عبداللہ میدان میں نکلے۔ ان دونوں نے اس سے نام ونسب دریافت کیا۔ عبداللہ نے اپنا حسب و نسب بیان کیا۔ انہوں نے کہا: ہم تمہیں نہیں پہچانتے۔ ہمارے مقابلہ میں زہیر بن القین یا حبیب بن مظاہر یا بریر بن خضیر نکلے۔ یسار، سالم کے آگے تھا۔ جناب عبداللہ نے یہ کہہ کر کہ ﴿یا ابن الزانیة و بک رغبة عن مبارزه

---

[1] وقائع ایام محرم، ص ۳۹۱۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

احد ﴾ اے زن زانیہ کے بیٹے! تم میرے مقابلہ سے روگردانی کرتے ہو؟ پھر اس پر حملہ کر دیا۔ اور تلوار اس کے جسم میں گھونپ دی۔ وہ اسے قتل کرنے میں مشغول تھا کہ سالم نے اس پر حملہ کر دیا۔ اصحاب حسینؑ نے پکار کر کہا: خیال کرنا غلام نے تم پر حملہ کر دیا ہے۔ جناب عبداللہ نے اس کی کوئی پروانہ کی۔ جب یسار کو واصل جہنم کر دیا تو سالم کی طرف متوجہ ہوا۔ سالم نے تلوار کا وار کیا۔ عبداللہ نے اپنے بائیں ہاتھ پر اسے روکا۔ جس سے اس کے ہاتھ کی انگلیاں کٹ گئیں مگر اس کے باوجود عبداللہ نے جواب میں ایسا سخت وار کیا کہ سالم جہنم رسید ہو گیا۔ ہر دو ناریوں کو جہنم رسید کرنے کے بعد عبداللہ یہ رجز پڑھنے لگا:

ان تنکرونی فانا ابن الکلبی — حسبی ببیعتی فی علیم حسبی

انی امرء ذو مرّة و عصب — ولست بخوّار عند النکب

انی زعیم لک ام وهب — بالطعن فیهم مقدماً و الضرب

ضرب غلام مؤمن بالرّب

یہ رجز یہ اشعار سن کر ان کی زوجہ ام وہب نے ایک گرز ہاتھ میں لیا اور یہ کہتی ہوئی کہ ﴿فداک ابی و امی قاتل دون الطیبین ذریة محمدؐ﴾ (میرے ماں باپ تم پر قربان ہوں ذریت پیغمبرؐ کے لیے خوب جنگ کرو) اپنے شوہر کی طرف میدان کارزار میں بڑھی۔ عبداللہ نے ہر چند اسے واپس کرنا چاہا۔ مگر اس نے عبداللہ کا کپڑا پکڑ کر کہنا شروع کیا۔ میں اس وقت تم سے جدا نہ ہوں گی جب تک تمہارے ساتھ جام شہادت نوش نہ کروں گی۔ یہ کیفیت دیکھ کر حضرت امام حسینؑ نے بآواز بلند فرمایا: ﴿جزیتم من اهل البیت خیراً ارجعی رحمک اللّٰه الی النساء فاجلسی معهن فانه لیس علی النساء قتال﴾ خدائے تعالیٰ تمہیں جزائے خیر دے۔ عورتوں کی طرف واپس پلٹ آؤ۔ خدا تم پر رحم کرے ان کے ساتھ بیٹھ جاؤ۔ کیونکہ عورتوں پر جہاد نہیں ہے۔ حکم امام سن کر وہ مؤمنہ واپس لوٹ آئی۔

ادھر چونکہ فوج مخالف سے پھر کوئی مبارز نہ نکلا۔ اس لیے جناب عبداللہ بھی خدمت امام میں واپس آ گئے۔ اس کے بعد جناب مسلم بن عوسجہ میدان جنگ میں گئے (جس کی تفصیل بعد میں آ رہی ہے) اور اس وقت شمر بن ذی الجوشن نے فوج کے میسرہ سے حسینیؑ سپاہ کے میسرہ پر حملہ کیا۔ اور اصحاب حسینیؑ نے بڑی پامردی سے مقابلہ کیا۔ اس وقت اس جنگ مغلوبہ میں جناب عبداللہ بن عمیر نے پھر خوب داد شجاعت دی۔ مخالف کے اور دو سپاہیوں کو واصل جہنم کیا۔ اس کے بعد ہانی بن ثبیت حضرمی اور بکیر بن حی تیمی کے ہاتھوں شہادت کے درجۂ رفیعہ پر فائز ہوا۔ جب اس کی زوجہ ام وہب نے یہ منظر دیکھا تو تاب ضبط نہ رہی۔ میدان کارزار میں پہنچ کر اپنے عزیز شوہر کے چہرہ سے گرد و غبار

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

صاف کرنا شروع کی اور ساتھ ہی یہ کہتی جاتی تھی: ﴿هنیئاً لک الجنة اسئل الله الذی رزقک الجنة ان یصحبنی معک﴾ تمہیں جنت مبارک ہو! جس خدائے بزرگ و برتر نے تمہیں شہادت کا درجہ عطا فرمایا ہے اس سے دعا کرو کہ مجھے بھی تمہارے ساتھ بلا لے۔ شمر نے اپنے غلام رستم سے کہا کہ اس کے سر پر گرز مار کر اس کا کام تمام کر دو۔ چنانچہ اس شقی نے اس مظلومہ کو شہید کر دیا۔ اس طرح اس محترم خاتون کا خون ناحق بھی تصویر کربلا میں رنگ بھرنے کے کام آیا ؎

چہ خوش رسے بنا کردند بخاک و خون غلطیدن
خدا رحمت کند ایں عاشقانِ پاک طینت را [1]

(۲) حر بن یزید بن ناجیہ بن تغلب بن عتاب بن ہرمی بن ریاح بن یربوع التمیمی الیربوعی الریاحی

ان کا خاندان قدیم الایام سے عزت و عظمت کا مالک تھا۔ حُر کا جد اعلیٰ عتاب بادشاہ حیرہ نعمان بن منذر کے مخصوصین میں سے تھا۔ خود جناب حُر کا شمار کوفہ کے رؤسا، وصنادید میں ہوتا تھا اور سپاہ ابن زیاد میں ایک دستۂ فوج کے افسر اعلیٰ تھے۔ پہلے پہل ابن زیاد نے انہی کو ایک ہزار کی جمعیت کے ساتھ امام حسینؑ کا راستہ روکنے کے لیے بھیجا تھا۔ اس کے بعد روز عاشوراء تک جو جو واقعات درپیش آئے وہ آپ سابقہ صفحات میں پڑھ چکے ہیں۔ عبداللہ بن عمیر کی دلیرانہ جنگ کے نتیجہ میں جب یسار اور سالم قتل ہو چکے تو احساس شکست کو کم کرنے نیز مغلوب الغضب ہو کر عمرو بن الحجاج زبیدی نے جو فوج یزید کے میمنہ کا افسر تھا۔ اپنی پوری طاقت کے ساتھ حسینیؑ مجاہدین کے میمنہ پر حملہ کر دیا۔ مگر سپاہِ حسینیؑ نے اس موقع پر صبر و ثبات کا عجیب مظاہرہ کیا۔ مؤرخین کا بیان ہے کہ ﴿ثوالہ علی الرکب و اشرعوا الرماح نحوهم﴾ انہوں نے اپنے گھٹنے زمین پر ٹیک کر نیزوں کی انیاں حملہ آوروں کے سامنے کر دیں۔ اس کا نتیجہ یہ نکلا کہ مخالف کے گھوڑے آگے نہ بڑھ سکے۔ اور جب مایوس ہو کر واپس ہونے لگے تو اصحاب حسینؑ نے ان کو تیروں کی زد پر دیکھ کر تیر مارنے شروع کیے جس سے مخالف کے کچھ آدمی قتل ہوئے اور کچھ زخمی۔ [2]

یہ حالت دیکھ کر حُر خدمت امام میں حاضر ہوئے اور عرض کیا: ﴿اذا کنت اول من خرج علیک فاذن لی ان اکون اول قتیل بین یدیک لعلی اکون ممن یصافح جدک محمداً غدا یوم القیامة﴾ فرزند رسولؐ! میں نے سب سے پہلے آپ پر خروج کیا۔ اب مجھے اجازت مرحمت فرمایئے تاکہ سب سے پہلے آپ پر جان قربان کروں تاکہ اس وسیلہ سے بروز قیامت آپ کے جد نامدارؐ کے ساتھ مصافحہ کر سکوں۔ سید اجل ابن طاؤس نے

---

[1] ذخیرۃ الدارین فیما یتعلق بسیدنا الحسینؑ، ص ۲۰۴۔ فرسان الہیجا در حالات اصحاب سید الشہداء، ص ۲۵۳۔ کامل ج ۳، ص ۲۸۹ وغیرہ۔

[2] عاشر بحار، ص ۱۹۵۔ نفس المہموم، ص ۱۳۸۔ کامل، ج ۳، ص ۲۸۹۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

جناب حُر کے اس بیان پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھا ہے: ﴿انما اراد اول قتیل من الان لان جماعة قتلوا قبله کما ورد﴾ (لہوف، ص ۹۲) یعنی ان کی مراد یہ تھی کہ (حملۂ اولیٰ کے بعد) اب جو شہید ہوں ان سے میں پہلے درجۂ شہادت پر فائز ہوں۔ کیونکہ ان سے قبل ایک جماعت جام شہادت نوش کر چکی تھی۔ بہر حال جناب حُر یہ رجز پڑھتے ہوئے میدان کارزار میں نکل آئے ؎

انی انا الحر وماوی الضیف　　اضرب فی اعناقکم بالسیف

عن خیر من حلّ بارض الخیف　　اضربکم ولا اری من حیف

اس کے بعد فوج مخالف پر ٹوٹ پڑے۔ بعض ارباب تاریخ کا بیان ہے کہ جب حُر لشکر ابن سعد سے علیحدہ ہو کر حسینیؑ جماعت میں شامل ہوئے تھے تو مخالف فوج کے ایک سپاہی یزید بن سفیان تمیمی نے کہا تھا: بخدا اگر مجھے اس وقت حُر کے جانے کا علم ہوتا تو میں ایک ہی نیزے سے اس کا کام تمام کر دیتا۔ اب جب کہ جناب حُر تن تنہا نرغۂ اعداء میں گھس کر شمشیر زنی کر رہے تھے اور یہ شعر بھی پڑھتے جاتے تھے جو بالکل موجودہ حالت کی ترجمانی کر رہا تھا کیونکہ ان کا گھوڑا تلواریں لگنے سے بری طرح زخمی ہو چکا تھا ؎

ما زلت ارمیهم بثغرة نحره　　ولبانه حتی ترمل بالدم

میں ان کو اپنے گھوڑے کی گردن اور اس کے سینہ سے برابر مارتا رہا۔ یہاں تک کہ گھوڑے نے خون کی چادر اوڑھ لی۔

حصین بن تمیم نے (جو کہ عبید اللہ بن زیاد کا پولیس افسر تھا) شخص مذکور یزید بن تمیمی سے کہا: یہی حُر ہے جس کے قتل کی تمہیں تمنا تھی۔ یہ سن کر یزید مقابلہ کے لیے نکلا اور حُر سے دریافت کیا: کیا مقابلہ کرو گے؟ جناب حُر نے اثبات میں جواب دیا۔ اس کے بعد حُر نے اس پر ایک ایسا زبردست وار کیا کہ یزید واصل جہنم ہو گیا۔ حصین بن تمیم کا قول نقل کیا جاتا ہے کہ ایسا معلوم ہوتا تھا کہ یزید کی موت حُر کے ہاتھ میں تھی۔ اس کے بعد چونکہ فوج مخالف سے کوئی شخص مقابلہ کے لیے نہ نکلا۔ اس لیے حُر واپس آ گئے۔ اگرچہ کئی مختصر کتب مقاتل میں یہ تفصیل مذکور نہیں لیکن کتب مبسوطہ دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ جناب حُر نماز ظہر کے ہنگامۂ رستخیز کے بعد درجۂ رفیعہ شہادت پر فائز ہوئے۔ چنانچہ جناب حبیب بن مظاہر (مظہر) کی شہادت کے بعد جناب حُر جذبۂ شہادت سے سرشار ہو کر میدان کارزار میں یہ رجز پڑھتے ہوئے دوسری بار نکلے۔

الیت لا اقتل حتی اقتلا　　اضربهم بالسیف ضربا معضلاً

لا ناقلاً عنهم ولا معلّلاً　　لا حاجزاً عنهم ولا مبدّلاً

احمی الحسین الماجد المؤمّلا

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

پھر صفوفِ اعداء کے بالمقابل پہنچ کر یہ رجز پڑھا۔

انی انا الحر و نجل الحر　　اشجع من ذی لبد هزبر

و لست بالجبان عند الکر　　لکننی الوثاف عند الفر

جناب زہیر بھی آپ کے ساتھ شریک جہاد ہوگئے۔ اور دونوں نے بڑھ بڑھ کر کوفیوں کو واصل جہنم کرنا شروع کیا۔ اگر ایک نرغۂ اعداء میں گھر جاتا تھا تو دوسرا اسے چھڑاتا تھا۔ ایوب ابن مشرح خیوانی نے جناب حُر کے گھوڑے کی کونچیں کاٹ دیں۔ گھوڑا گرنے لگا تو جناب حُر بپھرے ہوئے شیر کی طرح جست لگا کر اُتر پڑے اور پھر پیادہ پا جنگ شروع کی۔ اسی اثناء میں حُر نے کچھ اوپر چالیس[1] ناریوں کو اور بروایتے کچھ اوپر اسّی[2] کو جہنم رسید کیا۔ اس وقت یہ رجز ان کی زبان پر تھا ؎

ان تعقرونی فانا بن الحر　　اشجع من ذی لبد هزبر

کچھ وقت یہی کیفیت جاری رہی۔ مگر تھوڑی دیر کے بعد دشمن کی پیادہ فوج نے جناب حُر کو اس طرح گھیرے میں لے لیا کہ زہیر کی مدافعت بھی بے کار ثابت ہوئی۔ ایوب ابن مشرح خیوانی اور شہسواران کوفہ میں سے ایک شخص نے مل کر ان کو شہید کر دیا۔ اصحابِ حسینؑ ان کی لاش اٹھا کر خدمت امامؑ میں لائے۔ امامؑ نے ان کو دیکھ کر فرمایا: ﴿قتلة مثل قتلة النبیین و ال النبیین﴾ اس کا قتل انبیاء اور اولادِ انبیاء کی طرح ہے۔[3] ابھی ان میں کچھ رمق حیات باقی[4] تھے۔ آنجنابؑ نے ان کے چہرہ سے خون صاف کرتے ہوئے فرمایا: ﴿انت الحر کما سمتک امک و انت الحر فی الدنیا و الاخرة﴾ واقعاً تم حُر (آزاد) ہو۔ جیسا کہ تمہاری ماں نے تمہارا نام رکھا تھا۔ تم دنیا و آخرت میں حُر (آزاد) ہو۔[5] اس کے بعد جناب سید الشہداءؑ نے حُر کا یہ مرثیہ پڑھا:

لنعم الحر حر بنی ریاح　　صبور عند مشتبک الرماح

و نعم الحر اذ نادی حسیناً　　و جاد بنفسه عند الصباح[6]

کتاب فرسان الہیجا (ص ۱۲۷) اور ناسخ التواریخ (ج ۶، ص ۲۵۱) میں مندرجہ ذیل تین اور اشعار بھی مذکور ہیں:

و نعم الحر فی رهج المنایا　　اذا لابطال تخفق بالصفاح

---

[1] مناقب شہر بن آشوب، ج ۳، ص ۹۴۔　[2] ناسخ التواریخ، ج ۶، ص ۲۵۱۔

[3] تظلم الزہراء، ص ۱۱۸، ۱۳ عاشر بحار، ص ۱۱۷۔ ۱۳ بحار، ص ۱۳۵۔ کامل، ج ۴، ص ۳۰۔　[4] مقتل الحسین للمقرم، ص ۲۷۸۔

[5] ناسخ، ج ۶، ص ۲۵۱۔ نفس المہموم، ص ۱۹۶۔ مقتل الحسین، ص ۲۷۸۔ ذخیرۃ الدارین، ص ۲۰۰۔ فرسان الہیجا، ص ۱۲۷۔

[6] روضۃ الواعظین، فتال نیشاپوری، ص ۱۶۰۔ بعض مؤرخین نے اس مرثیہ کو بعض اصحاب حسینؑ کی طرف اور بعض نے حضرت امام زین العابدینؑ کی طرف نسبت دی ہے۔ (مقتل العوالم، ص ۸۵)

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

و نعم الحر اذ و اسی حسینا　　و فاز بالهدایة و الفلاح
فیا رب اضفه فی جنان　　و زوّجه مع الحور الملاح

(۳) مسلم بن عوسجہ اسدی

جناب کا نام مسلم بن عوسجہ بن ثعلبہ بن رودان بن اسد بن خزیمہ الاسدی السعدی اور کنیت ابوالحجل ہے۔ یہ بزرگوار صائم النہار شب زندہ دار، قاریٔ قرآن، بڑے بہادر و مرد میدان تھے۔ اور حضرت امیر المؤمنین کے خواص اصحاب میں سے تھے۔ ان کے ہمراہ تینوں لڑائیوں (جمل، صفین اور نہروان) میں شریک رہ کر دادِ شجاعت دے چکے تھے۔ ابن سعد نے طبقات میں انہیں صحابۂ رسولؐ میں شمار کیا ہے۔ اور شعبی نے ان سے روایت حدیث بھی کی ہے۔ آقای مامقانی نے اپنے رجال میں ان کے بارے میں لکھا ہے۔ ان کی جلالت قدر، عدالت، قوت ایمان اور شدت ورع و تقویٰ احاطۂ تقریر و تحریر سے باہر ہے یہ وہی بزرگوار ہیں کہ جب شب عاشوراء سید الشہداؑ نے اپنے تاریخی خطبے میں اپنے اصحاب کو چلے جانے کی اجازت دے دی تھی تو انہوں نے عرض کیا تھا: بھلا یہ ممکن ہے کہ ہم آپ کو تنہا چھوڑ کر چلے جائیں۔ اگر ایسا کریں تو فردائے قیامت بارگاہِ ایزدی میں آپ کے جد نامدار کو کیا جواب دیں گے؟ بخدا اگر مجھے یقین ہوتا کہ قوم جفا کار مجھے قتل کرے گی۔ پھر زندہ ہو جاؤں گا۔ وہ پھر مجھے قتل کر دے گی اور لاش کو جلا کر اس کی راکھ ہوا میں اڑا دے گی۔ اسی طرح اگر ستر بار بھی مجھ سے یہ سلوک کیا جائے گا۔ تب بھی آپ کی تائید و نصرت سے دست برداری اختیار نہ کروں گا۔ حالانکہ مجھے یقین ہے کہ صرف ایک بار ہی شہید ہونا ہے۔

اس سے پہلے جب حضرت مسلمؑ کوفہ میں تشریف لے گئے تھے تو یہی مسلم ان کے معتمد خصوصی تھے اور لوگوں سے ان کے لیے بیعت لیتے تھے۔ بہر حال روز عاشوراء جب دوسری بار جنگ مغلوبہ واقع ہوئی (جس کی طرف قبل ازیں اشارہ کیا جا چکا ہے) اور عمرو بن الحجاج نے سپاہِ حسینؑ کے میمنہ پر اور شمر بن ذی الجوشن نے میسرہ پر حملہ کر دیا[1] اور اس حملہ کی وجہ یہ تھی کہ دست بدست لڑائی میں مخالف کا بڑا نقصان ہو رہا تھا۔ چنانچہ عمر بن الحجاج نے اپنی فوج کو پکار کر کہا۔ اے احمقو! کچھ پتہ بھی ہے کہ کس سے جنگ کر رہے ہو؟ یہ خاص شہسوار اور جان پر کھیلنے والے لوگ ہیں۔ اکیلا کوئی جنگ کے لیے نہ نکلے۔ ان کی تعداد ہی کیا ہے۔ اگر تم سب مل کر ان کو پتھر بھی مارو تو یہ سب ختم ہو سکتے ہیں۔ ابن سعد نے بھی اس کی تجویز کو پسند کیا۔ مزید برآں عمرو نے آگے بڑھ کر اپنی فوج کا حوصلہ بلند کرنے کے لیے کہا: ﴿یا اهل الکوفة الزموا طاعتکم و جماعتکم و لا ترتابوا فی قتل من مرق من الدین﴾ اے کوفہ والو! اپنی اطاعت و جماعت کو لازم پکڑے رہو۔ اور جو دین سے نکل گئے ہیں ان کے قتل کے جواز میں شک نہ کرو۔ (معاذ

---

[1] فرسان الہیجاء، ج ۲، ص ۱۱۸۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

اللہ) امام حسینؑ نے جواب میں فرمایا: ﴿یا عمرو بن الحجاج اعلی تحرض الناس انحن مرقنا من الدین و انتم ثبتم علیه اما واللّٰه لتعلمن لوقد قبضت ارواحکم و متم علی اعمالکم اینا مرق من الدین و من هو اولی یصلی النار﴾ اے عمرو بن الحجاج! تو لوگوں کو میرے قتل پر آمادہ کرتا ہے۔ کیا تمہارا خیال ہے کہ ہم دین سے خارج ہو گئے اور تم اس پر ثابت قدم ہو؟ جب تمہاری روحیں قبض ہوں گی اور موجودہ کردار پر تمہاری موت واقع ہوگی تو پھر تمہیں پتہ چلے گا کہ دین سے کون خارج ہوا ہے اور آتش جہنم میں جلنے کا سزاوار کون ہے؟ اس وقت جناب مسلم حسینی لشکر کے میسرہ میں تھے جس کے سالار زہیر بن القین تھے۔ جناب مسلمؓ اگرچہ سن رسیدہ وضعیف العمر تھے مگر قوت ایمانی اور جذبۂ شہادت سے سرشار ہو کر بپھرے ہوئے شیر کی طرح گھوڑے کو ایڑ لگا کر یہ رجز پڑھتے ہوئے میدان کارزار میں آ گئے ؎

ان تسئلوا عنی فانی ذو لبد　　من فرع قوم من ذری بنی اسد

اگر تم میرا نام ونسب پوچھتے ہو تو میں شیر بیشۂ شجاعت ہوں اور بنی اسد کے اشراف سے تعلق رکھتا ہوں۔

فمن بغانی حائد عن الرشد　　و کافر بدین جبار الصمد

جو لڑنے کے لیے میرا طلبگار ہے وہ طریق رشد وہدایت سے برگشتہ ہے اور جبار وصمد کے دین کا منکر ہے۔

یہ کہہ کر برق خاطف اور صرصر عاصف کی مانند سپاہ خون آشام پر ٹوٹ پڑے۔ اور حرب وضرب کا تنور گرم کر دیا۔ جو سامنے آیا کسی کو نیزہ سے اور کسی کو تلوار سے واصل جہنم کیا۔ چنانچہ ابن سعد کا ایک لشکری مقابلہ کے لیے نکلا۔ جناب مسلمؓ نے اس کے داہنے پہلو میں نیزے کا ایک ایسا سخت وار کیا کہ بائیں پہلو سے باہر نکل آیا اور وہ وہیں ڈھیر ہو کر رہ گیا پھر دوسرا نکلا۔ اس کا بھی یہی انجام ہوا۔ اسی طرح کشت وخون کرتے ہوئے پچاس سواروں کو جہنم رسید کیا۔

بہرحال اصحاب حسینؑ نے اس دلیری و پامردی کے ساتھ مخالف کے حملہ کا مقابلہ کیا کہ دشمن کے دانت کھٹے ہو گئے اور اسے واپس ہونا پڑا مگر اس دوران میں جناب مسلمؓ بری طرح زخمی ہو کر گر گئے تھے ان کو شہید کرنے میں مسلم بن عبداللہ الضبابی وعبدالرحمٰن بن ابی خشکارہ البجلی باہم شریک تھے۔ ان دونوں کو جناب مختارؒ نے واصل جہنم کیا تھا۔[1]

جب غبار جنگ چھٹا تو دیکھا گیا کہ جناب مسلمؓ بن عوسجہ خاک وخون میں لت پت پڑے ہیں۔ جناب سید الشہداء علیہ السلام عقاب کی طرح جھپٹ کر مسلم کے بالین سر تشریف لے گئے۔ اس وقت جناب حبیبؓ بن مظاہر بھی آپؑ کے ہمراہ تھے۔ امامؑ نے دیکھا کہ ابھی کچھ رمق حیات باقی ہیں۔ فرمایا: ﴿یرحمک اللّٰه یا مسلم﴾ اے مسلم! خدا تم پر رحمت نازل کرے۔ پھر یہ آیت تلاوت فرمائی: ﴿مِنْهُمْ مَّنْ قَضٰى نَحْبَهٗ وَ مِنْهُمْ مَّنْ يَّنْتَظِرُ وَمَا

---

[1] ذخیرۃ الدارین، ص ۱۷۵، ۱۷۶۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

بَدَّلُوْا تَبْدِيْلًا﴾ کچھ جانے والے جا چکے۔ اور کچھ منتظر بیٹھے ہیں۔ کسی نے بھی عہد و پیمان میں کوئی تبدیلی نہیں کی۔ پھر جناب حبیب نے قریب جا کر کہا: ﴿عز علیّ مصرعک یا مسلم ابشر بالجنّة﴾ مسلم! تمہاری موت مجھ پر شاق ہے تمہیں جنت کی بشارت ہو۔ جناب مسلم نے کمزور آواز کے ساتھ جواب میں کہا: ﴿بشرک اللّٰہ بخیر﴾ خدا تمہیں بھی خیر و خوبی کی بشارت دے۔ جناب حبیب نے کہا: ﴿لو لم اعلم انی فی الاثر لأحسیت ان توصی الی بما اهمک﴾ اگر مجھے اس بات کا یقین نہ ہوتا کہ میں بھی عنقریب آپ کے پیچھے آ رہا ہوں تو ضرور تم سے کہتا کہ جو وصیت کرنا ہو کرو۔ جناب مسلم نے کہا: ﴿اوصیک بهذا (و اشار الی الحسینؑ) ان تموت دونه﴾ امام حسین علیہ السلام کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا: میں اس بزرگوار کے متعلق وصیت کرتا ہوں کہ ان پر اپنی جان نثار کرنا۔ جناب حبیب نے کہا: ﴿افعل و ربّ الکعبه﴾ رب کعبہ کی قسم! میں ضرور ایسا ہی کروں گا۔ اسی اثناء میں جناب مسلم بن عوسجہ کی روح قفس عنصری سے پرواز کر گئی۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَ اِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ۔

جناب مسلم کی کنیز نے یہ جانگداز منظر دیکھ کر ندبہ کرتے ہوئے کہنا شروع کیا: ﴿وا مسلماه یا سیداه یابن عوسجتاه﴾ ہائے مسلم! ہائے میرے سردار! کنیز کی آواز سن کر عمرو بن الحجاج کے سپاہیوں نے مسرت و شادمانی کے لہجہ میں کہنا شروع کیا۔ ہم نے مسلم کو قتل کر دیا۔ شبث بن ربعی نے کہا: ﴿ثکلتکم امهاتکم أیقتل مثل مسلم و تفرحون؟﴾ تمہاری مائیں تمہارے ماتم میں بیٹھیں۔ مسلم بن عوسجہ جیسے بزرگوار کے قتل پر تم خوشی کا اظہار کرتے ہو؟ میں نے اسلامی جنگوں میں ان کے بڑے بڑے عمدہ کارنامے دیکھے ہیں۔ فتح آذربائیجان والے دن میں نے ان کو دیکھا کہ مسلمانوں کی صف بندی بھی مکمل نہیں ہوئی تھی کہ مسلم نے چھ مشرک قتل کر ڈالے تھے۔[1]

(۴) بُریر بن خضیر ہمدانیؒ

جناب بُریر بن خضیر (ہر دو بروزن زُبیر) الہمدانی المشرقی خاندان ہمدان کے قبیلہ بنی مشرق کے اشراف و اکابر میں سے ہیں۔ حضرت امیر المؤمنینؑ اور جناب حسنین علیہم السلام کے خواص اصحاب میں سے تھے۔ علماء سیر و تراجم نے ان کے حالات میں لکھا ہے کہ ﴿کان بریر شجاعاً تابعیاً ناسکاً قارئاً للقرآن من شیوخ القراء ومن اصحاب امیر المؤمنین و کان من اشراف اهل الکوفة من الهمدانیین﴾ یہ سن رسیدہ بزرگ تابعی بہت بڑے شجاع، عبادت گزار، قاریٔ قرآن (جن کو لوگ سید القراء کہتے تھے) امیر المؤمنین کے صحابی اور قبیلۂ ہمدان کے اشراف میں سے تھے" انہوں نے "کتاب القضایا والاحکام" کے نام سے ایک کتاب بھی لکھی تھی جس میں حضرت

---

[1] ذخیرۃ الدارین، ص ۱۷۴۔ فرسان الہیجاء، ص ۱۱۶۔ مقتل الحسین، ص ۲۷۳۔ طبری، ج ۶، ص ۲۴۹۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

امیر المومنین اور جناب امام حسن مجتبیٰ علیہما السلام سے روایات نقل کی ہیں۔ یہ کتاب اصول معتبرہ سے سمجھی جاتی ہے۔[1]

جب ان کو حضرت امام حسینؑ کے مدینہ سے بجانب عراق سفر کرنے کی اطلاع ملی تو ذخیرۃ الدارین صفحہ ۲۶۰ اور فرسان الہیجاء، ج ۱، ص ۴۰ کے بیان کے مطابق یہ بزرگوار بنفس نفیس مکہ پہنچ کر آنجنابؑ کے ہمرکاب ہوگئے۔ اور دوسرے اکثر مؤرخین کے بیان کے مطابق راستہ میں کسی منزل پر جا ملے۔ (بظاہر یہی قول قرین صواب معلوم ہوتا ولیس ھنا محل التفصیل) راستہ میں سید الشہداءؑ کے ساتھ حُر کی ملاقات کے وقت جب امامؑ نے دل برداشتہ ہوکر خطبہ پڑھا اور اصحاب امامؑ نے اپنی جاں سپاری اور خدمت گزاری کا اظہار کیا جس کا قبل ازیں اپنے مقام پر تذکرہ کیا جا چکا ہے۔ تو ان مخلصین میں جناب بریر پیش پیش نظر آتے ہیں۔ اسی طرح روز عاشوراء ان کے عبد الرحمن کے ساتھ مذاق کرنے اور ان کے ٹوکنے پر ان کے جواب دینے کہ میری قوم وقبیلہ کے لوگ جانتے ہیں کہ میں مذاق کا عادی نہیں ہوں۔ لیکن آج مستقبل کی تابناکی و درخشندگی کہ ادھر یہ لوگ ہم پر تلواروں سے حملہ کریں گے۔ ادھر ہم جنت الفردوس میں حور العین کی رفاقت میں پہنچ جائیں گے۔ مجھے اس مزاج پر آمادہ کر رہی ہے۔ اس سے ان کے درجۂ ایمان وایقان اور جذبۂ شوق شہادت پر بڑی تیز روشنی پڑتی ہے۔ یہ ان کا شوق شہادت ہی تھا کہ جب پہلے پہل فوج مخالف سے سالم و یسار میدان کارزار میں آئے تو ادھر سے فوراً جناب بریر اور جناب حبیب مقابلہ کے لیے کھڑے ہوگئے مگر امام علیہ السلام نے ان کو روک دیا۔ جیسا کہ پہلے اس کی تفصیل گزر چکی ہے۔

بہر حال جنگ مغلوبہ کے بعد جناب بریر یہ رجز پڑھتے ہوئے میدان کارزار میں نکلے۔

انا بریر و ابی خضیر — لیث یروع الاسد عند الزیر

یعرف فینا الخیر اھل الخیر — اضربکم ولا اری من ضیر

کذلک فعل الخیر من بریر — وکل خیر فلہ بریر

اس کے بعد تابڑ توڑ حملے شروع کیے۔ مخالفین کو قتل بھی کرتے جاتے تھے۔ اور ساتھ ساتھ یہ بھی کہتے جاتے تھے: ﴿اقتربوا منی یا قتلۃ المؤمنین. اقتربوا منی یا قتلۃ اولاد البدریین اقتربوا منی یا قتلۃ اولاد رسول ربّ العالمین و ذرّیۃ السابقین﴾ میرے قریب آؤ۔ او مؤمنوں کو قتل کرنے والو! میرے نزدیک آؤ! اور اہل بدر کی اولاد کو قتل کرنے والو! میرے پاس آؤ۔ او۔ رسول خدا کی اولاد و ذریت کو قتل کرنے والو! انہی حملوں میں علاوہ مجروحین کے تین ناریوں کو فی النار وسقر کیا۔[2] اسی اثناء میں فوج یزید سے یزید بن معقل نکلا جو کہ بنی عمیرہ بن

---

[1] ذخیرۃ الدارین، ص ۲۶۰۔ فرسان الہیجاء، ص ۴۰، (مگر افسوس اصول کثیرہ کی طرح آج کل یہ کتاب بھی ناپید ہے)۔

[2] عاشر، بحار الانوار، ص ۱۹۵۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

ربیعہ کا فرد اور بنی سلیمہ بن عبدالقیس کا حلیف تھا۔ ادھر حسینی جماعت سے جناب بریر آگے بڑھے۔ یزید نے کہا: ﴿یا بریر بن خضیر کیف تری اللّٰہ صنع بک؟﴾ اے بریر! خدا نے تمہارے ساتھ کیسا سلوک کیا ہے؟ جناب بریر نے جواب دیا: ﴿صنع اللّٰہ بی و اللّٰہ خیراً و صنع اللّٰہ بک شراً!﴾ بخدا! خدا نے میرے ساتھ بہت اچھا سلوک کیا ہے۔ ہاں البتہ تیرے ساتھ بُرا سلوک کیا ہے! یزید نے کہا: ﴿کذبت وما کنت قبل الیوم کذاباً﴾ تم جھوٹ کہتے ہو حالانکہ تم اس سے پہلے جھوٹ نہیں بولتے تھے! پھر کہا: بریر! کیا وہ وقت بھی یاد ہے کہ جب ہم تم بنی لوذان کے محلہ سے گزر رہے تھے اور تم کہتے تھے ﴿ان عثمان بن عفان کان علی نفسہ مسرفاً۔ و ان معویة بن ابی سفیان ضال مضلّ و ان امام الھدیٰ و الحق علی بن طالبؑ؟﴾ کہ عثمان بن عفان اپنے نفس پر ظلم کرنے والے (گنہگار) اور معاویہ بن ابی سفیان خود گمراہ اور دوسروں کو گمراہ کرنے والے تھے۔ اور امام برحق صرف علی بن ابی طالب ہیں۔ جناب بریر نے کہا: ﴿اشھد ان ھذا رائی و قولی﴾ ہاں مجھے اچھی طرح یاد ہے۔ اور اب بھی میں گواہی دیتا ہوں کہ میرا وہی سابقہ عقیدہ ہے۔ یزید نے کہا: ﴿انی اشھد انک من الضالین﴾ میں گواہی دیتا ہوں کہ تم گمراہوں میں سے ہو۔ بریر نے فرمایا: اگر خیال ہے تو آیئے میں اس سلسلہ میں تم سے مباہلہ کرتا ہوں۔ آؤ دونوں بارگاہِ قدرت میں دعا کریں کہ ﴿ان یلعن الکاذب و ان یقتل المبطل﴾ وہ ہم میں سے جو جھوٹا ہے اس پر لعنت کرے اور سچے کے ہاتھوں جھوٹے کو قتل کرے۔ چنانچہ دونوں نے ہاتھ بلند کر کے دعا کی کہ ﴿ان یلعن الکاذب و ان یقتل المحق المبطل﴾ اس کے بعد مقابلہ کے لیے آگے بڑھے۔ یزید بن معقل نے بریر پر وار کیا۔ تلوار اچٹتی ہوئی لگی اور بریر کو کوئی خاص گزند نہ پہنچا۔ اس کے بعد جناب بریر نے ایک ایسا بھرپور وار کیا کہ تلوار خود کو کاٹتی ہوئی یزید کے دماغ تک پہنچ گئی۔ یزید فوراً زین سے زمین پر دھڑام سے گرا۔ اس حالت میں بھی جناب بریر کی تلوار اس کے سر میں گڑی ہوئی تھی۔ عفیف بن زہیر کا بیان ہے کہ گویا میں دیکھ رہا ہوں کہ بریر اس کے سر سے تلوار کو حرکت دے کر کھینچ رہے ہیں۔ اس اثناء میں رضی بن منقذ عبدی نے جناب بریر پر حملہ کر دیا۔ دونوں باہم گتھم گتھا ہو گئے اور کچھ دیر تک باہم کشتی لڑتے رہے۔ بالآخر بریر نے اس کو پچھاڑ دیا اور اس کے سینہ پر چڑھ گئے۔ رضی نے امداد کے لیے اپنے ہمراہیوں کو پکارتے ہوئے کہا: ﴿این اھل المصاع و الدفاع﴾ شمشیر زن، دفاع کرنے والے کہاں ہیں؟ چنانچہ کعب بن جابر بن عمرو ازدی آگے بڑھا (بروایتے اس کا نام بحیر بن اوس ضبی تھا) عفیف بن زہیر کہتا ہے میں نے کعب کو حملہ سے باز رکھنے کے لیے کہا۔ کعب! یہ وہی بریر بن خضیر ہے جو مسجد (کوفہ) میں تمہیں قرآن پڑھاتے تھے۔ مگر اس نے کوئی توجہ نہ دی اور نیزہ سے جناب بریر پر حملہ کر کے نیزہ ان کی پشت میں گاڑ دیا۔ جناب بریر نے نیزہ کی تکلیف محسوس کی تو رضی بن منقذ کو خوب نیچے روندا۔ اور اس کی ناک کا کنارہ کاٹ دیا لیکن نیزہ

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

چونکہ بڑے زور سے لگا تھا۔ بریر نیچے گرے۔ پھر کعب نے تلوار کے متعدد وار کر کے ان کو شہید کر دیا۔ عفیف کہتا ہے گویا کہ میں اب آنکھوں سے دیکھ رہا ہوں کہ ابن منقذ عبدی جسے بریر نے پچھاڑا تھا اس حال میں اٹھا کہ کپڑوں سے گرد و غبار جھاڑ رہا تھا۔ اور کعب ازدی سے کہہ رہا تھا: ﴿لقد انعمت علی یا اخا الازد نعمة لن انساها ابداً﴾ اے ازدی! تم نے مجھ پر وہ احسان کیا ہے جسے میں کبھی فراموش نہیں کر سکوں گا۔ جب کعب واپس پلٹ کر کوفہ گیا تو اس کی زوجہ یا بہن نوراء نے اس سے کہا: تو نے فرزند فاطمہؑ کے خلاف یورش کی اور سید القراء کو قتل کر کے ایک گناہِ عظیم کا ارتکاب کیا ہے۔ اس لیے میں کبھی تم سے کلام نہیں کروں گی[1] اس پر کعب نے کہا ؎

سلی تجری عنی و انت ذمیمة — غداة حسین و الرماح شوارع
الم ات اقصی ما کرهت ولم یحل — علیّ غداة الروع ما انا صانع
معی یزنی لم تخنه کعوبه — و ابیض مخشوب الغرارین قاطع
فجردته فی عصبة لیس دینهم — بدینی و انی بابن حرب لقانع
ولم ترعینی مثلهم فی زمانهم — ولا قبلهم فی الناس اذ انا یافع
اشد قراعًا بالسیوف لدی الوغی — الاکل من یحمی الزمار مقارع
وقد صبروا للطعن و الضرب حسرًا — وقد نازلوا لو ان ذلک نافع
فابلغ عبید اللّٰه عما لقیته — بانی مطیع للخلیفة سامع
قتلت بریراً ثم حملت نعمة — ابا منقذ لما دعا من یماصح[2]

(۵) وہب بن حباب الکلبیؓ

مشہور یہ ہے کہ جناب وہب نصرانی المذہب تھے۔ وہ اپنی والدہ اور بیوی کے ساتھ سرکار سید الشہداءؑ کے دست حق پرست پر اسلام لائے تھے۔ جیسا کہ روضۃ الواعظین نیشاپوری ص ۲۲۴، عاشر بحار الانوار، ص ۱۹۶، امالی شیخ صدوق، ص ۹۷، لوائح الاشجان، ص ۱۱۶، اور نفس المہموم، ص ۱۵۳ وغیرہ کتب سے ظاہر ہے۔ صاحب فرسان الہیجاء نے صفحہ ۱۳۷ پر لکھا ہے: ''وہب مذکور کی تازہ شادی ہوئی تھی۔ روز عاشوراء زناف کو ابھی سترہ روز سے زیادہ عرصہ نہیں گزرا تھا جب انہوں نے نصرت فرزند رسولؐ میں جام شہادت پینے کا ارادہ کیا تو ان کی زوجہ ان کو خدمت امامؑ میں

---

[1] کامل، ج ۳، ص ۲۹۰۔

[2] ذخیرۃ الدارین، ص ۲۶۰۔ فرسان الہیجا، ص ۴۰۔ عاشر بحار الانوار، ص ۱۹۵۔ الدمعۃ الساکبہ، ص ۳۳۱۔ نفس المہموم، ص ۱۲۹۔ مقتل الحسین للمقرم، ص ۲۸۵۔ طبری، ج ۶، ص ۲۴۷۔ لوائح الاشجان، ص ۱۱۴۔ ناسخ التواریخ، ج ۶، ص ۲۵۲ وغیرہ وغیرہ۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

لائیں۔ اور عرض کیا: فرزند رسولؐ دو باتیں عرض کرنا چاہتی ہوں ایک تو یہ کہ میرا شوہر تو عنقریب نیزہ و تلوار کے وار سے رہ سپار جنت ہو جائے گا اور چونکہ میرا یہاں کوئی مونس و غمگسار نہیں ہے اس لیے مجھے اپنے اہل حرم کے حوالہ کر دیجئے تاکہ وہ میرے نگران حال رہیں۔ دوسرے یہ کہ وہب سے وعدہ لیجئے کہ فردائے قیامت مجھے فراموش نہ کریں۔ امام علیہ السلام اس معظمہ کی ان باتوں سے بہت متاثر ہوئے اور گریہ کرتے ہوئے فرمایا: تیری ہر دو باتیں منظور ہیں۔

بہر حال والدۂ وہب نے حکم دیا: ﴿قم یا بنیّ وانصر ابن بنت رسول اللّٰہ!﴾ بیٹا اٹھو اور دختر رسولؐ کے بیٹے کی نصرت کا حق ادا کرو۔ وہب نے کہا: ﴿افعل ولا اقصرّ﴾ مادر گرامی! میں ایسا ہی کروں گا اور کوئی کوتاہی نہ ہوگی چنانچہ اس کے بعد یہ رجز پڑھتے ہوئے میدان وغا میں قدم رکھا۔

ان تنکرونی فانا ابن الکلبی — سوف ترونی و ترون ضربی
و حملتی و صولتی فی الحرب — ادرک ثاری بعد ثار صحبی
و ادفع الکرب امام الکرب — لیس جهادی فی الوغا باللعب

اس کے بعد خوب جانفشانی سے لڑے اور ایک جماعت کو واصل جہنم کرنے کے بعد اپنی ماں اور زوجہ کے پاس واپس آ گئے اور والدہ سے پوچھا: ﴿یا اماہ ارضیت؟﴾ اے مادر محترم! کیا آپ میری کارکردگی سے خوش ہیں؟ ماں نے فرمایا: ﴿ما رضیت او تقتل بین یدی الحسینؑ﴾ میں اس وقت تک ہرگز راضی نہ ہوں گی جب تک تم امام کے سامنے جام شہادت نوش نہ کرو۔ یہ سن کر اس کی زوجہ نے کہا: ﴿باللّٰہ لا تفجعنی فی نفسک﴾ خدا کے لیے مجھے اپنا دکھ نہ پہنچایئے۔ مادر وہب نے کہا: ﴿یا بنی لا تقبل قولها و ارجع فقاتل بین یدی ابن رسول اللّٰہ فیکون غداً فی القیامة شفیعاً لک بین یدی اللّٰہ!﴾ بیٹا اس کی باتوں پر توجہ نہ کرو۔ اور میدان میں جا کر فرزند رسولؐ کی نصرت میں جہاد کرو تاکہ بروز قیامت جناب رسولؐ خدا بارگاہ ایزدی میں تمہاری شفاعت کریں۔ چنانچہ وہب یہ رجز پڑھتے ہوئے پھر میدان کارزار میں داخل ہو گئے۔

انی زعیم لک ام وهب — بالطعن فیهم تارةً و الضرب
ضرب غلام مومن بالرب — حتی یذیق القوم مرّ الحرب

پھر بڑھ بڑھ کر حملے شروع کئے۔ یہاں تک کہ انیس (۱۹) سواروں اور بارہ پیادوں اور بروایتے چوبیس سواروں اور بارہ پیادوں کو واصل جہنم کیا۔ لڑتے لڑتے یکے بعد دیگرے ان کے دونوں ہاتھ قلم ہو گئے۔ یہ کیفیت دیکھ کر ان کی زوجہ ایک گرز لے کر میدان میں نکل آئی۔ وہب نے کہا: یا تو تو مجھے روکتی تھی یا اب یہ عالم ہے؟ کہنے لگی: مجھ سے آل رسولؐ کی مظلومیت دیکھی نہیں جاتی۔ وہب نے اسے واپس کرنا چاہا۔ مگر وہ کنیز خدا جوش شہادت میں نہ

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

مانی۔ اور جام شہادت نوش کرنے کی ٹھان لی۔ وہب نے امامؑ سے استغاثہ کیا۔ امام علیہ السلام تشریف لائے اور سمجھا بجھا کر اسے واپس خیمہ میں لے گئے۔ بروایتے شہادت وہب کے بعد اس کی زوجہ اس کی لاش پر پہنچی اور ان کے چہرہ سے گرد و خاک صاف کرنا شروع کی۔ اس اثنا میں شمر بن ذی الجوشن کے غلام نے اس کے حکم سے اسے گرز مار کر شہید کر دیا۔ (بحار، ج ۱۰، ص ۱۹۶) اور بالآخر جناب وہب جنگ کرتے کرتے درجۂ شہادت پر فائز ہوئے۔ بروایتے ان کو زندہ پکڑ کر پسر سعد کے پاس لے جایا گیا۔ پسر سعد نے کہا: ﴿ما اشد صولتک؟﴾ اے جوان! تیرا حملہ کس قدر سخت ہے! پھر ان کو شہید کر دیا گیا۔ اور ظالموں نے ان کا سر قلم کر کے سپاہ حسینیؑ کی طرف پھینک دیا۔ وہب کی والدہ نے وہ سر اٹھایا۔ اسے بوسہ دیا اور پھر شاید یہ سمجھ کر کہ جو چیز راہِ خدا میں دے دی جائے وہ واپس نہیں لی جاتی۔ اسے اٹھا کر لشکر ابن سعد کی طرف زور سے پھینک دیا۔ اتفاق سے وہ ایک شریر کو لگا (بروایتے وہی وہب کا قاتل تھا) اور وہ اسی وقت واصل جہنم ہو گیا۔ پھر گرز لے کر میدانِ جنگ میں نکل پڑی۔ اور دو سپاہیوں کو جہنم رسید کیا۔ امام علیہ السلام نے فرمایا: ﴿ارجعی یا ام وھب انت و ابنک مع رسول اللہ فان الجھاد مرفوع عن النساء﴾ اے ام وہب! واپس پلٹ آؤ! کیونکہ عورتوں پر جہاد واجب نہیں ہے۔ ام وہب! تم اور تمہارا بیٹا دونوں بارگاہ رسالت میں ہو گے! امام عالی مقام کا ارشاد سن کر وہ مؤمنہ یہ کہتے ہوئے واپس لوٹی: ﴿اللّٰھم لا تقطع رجائی!﴾ بارالہا! میری امید کو قطع نہ کرنا۔ امام علیہ السلام نے فرمایا: ﴿لا تقطع اللہ رجاک یا ام وھب!﴾ اے ام وہب! خدا تیری امید کو ہرگز قطع نہیں کرے گا۔ (انشاء اللہ تعالیٰ)

تبصرہ

مخفی نہ رہے کہ اس مقام پر مؤرخین نے حالات کو بالکل خلط ملط کر دیا ہے۔ عبداللہ بن عمیر کلبی کے حالات وہب بن حباب کی طرف منسوب کر دیئے ہیں۔ اور وہب کے واقعات عبداللہ کی طرف۔ چنانچہ طبری اور ابن اثیر نے یہ لکھا ہے کہ شمر کے غلام رستم نے جس عورت کو قتل کیا تھا وہ عبداللہ کی زوجہ تھی۔ اور بعض نے اس واقعہ کو وہب کی اہلیہ کی طرف منسوب کیا ہے۔ نیز طبری و ابن اثیر نے گرز لے کر میدان میں نکلنے کے واقعہ کو عبداللہ کی زوجہ کی طرف نسبت دی ہے۔ مگر سید بن طاؤس نے اسے زوجۂ وہب کی طرف منسوب کیا ہے۔ چونکہ طبری وغیرہ کے بیان کے مطابق عبداللہ بن عمیر کی زوجہ کا نام ام وہب ہے۔ اس سے بھی مادر وہب بن حباب کے حالات کے ساتھ گڈمڈ ہونے میں مدد ملی۔ آقائے سماوی نے ابصار العین میں وہب بن حباب کا تذکرہ ہی نہیں کیا۔ حالانکہ جناب وہب کربلا کے مشہور شہداء میں سے ہیں۔ انہوں نے ان کے یہ تمام حالات و واقعات عبداللہ بن عمیر کی طرف منسوب کئے ہیں۔ اور

---

۱ بحار الانوار، ج ۱۰، ص ۱۹۶۔ لوائح الاشجان، ص ۱۱۶۔ فرسان الہیجاء، ج ۲، ص ۱۳۸۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

بحارالانوار، منتہی الامال، ناسخ اور مہیج الاحزان وغیرہ کتب میں یہ تفصیل وہب بن حباب کے حالات میں مذکور ہے اور مقتل خوارزمی میں یہ سب واقعات وہب کی شہادت میں ذکر کئے گئے ہیں۔ اور عبداللہ کا تذکرہ ہی نہیں کیا۔ علامہ سید محسن امین عاملی نے (لوائج الاشجان، ص ۱۱۶) پر یہ احتمال ظاہر کیا ہے کہ ممکن ہے دونوں ایک شخصیت کے دو عنوان ہوں۔ اصل میں وہی ایک شخص عبداللہ بن عمیر بن عباس بن عبد قیس بن علیم بن حباب الکلبی ہے۔ جس کی کنیت ابو وہب ہے۔ لہٰذا مؤرخین سے اشتباہ ہوا، انہوں نے ابو وہب کو وہب اور اس کے جد اعلیٰ جناب کو حباب قرار دے دیا۔

اگرچہ یہ احتمال ناممکن نہیں لیکن بعید ضرور ہے۔ کیوں کہ عبداللہ بن عمیر کوفہ کے مشہور و معروف شیعوں میں سے تھے اور کتب رجال میں ان کا تذکرہ باقاعدہ موجود ہے لیکن وہب بن حباب پہلے نصرانی تھے۔ منزل قصر بنی مقاتل[1] میں حضرت سید الشہداءؑ سے ملاقات ہوئی اور اپنی والدہ اور زوجہ سمیت مشرف باسلام ہوئے۔ اور روز عاشوراء شہید ہوگئے۔ اسی لیے کتب سیر و تراجم میں ان کے حالات کم ملتے ہیں۔ واقعات کی باہمی مشابہت سے دونوں کا اتحاد لازم نہیں آتا۔ کما لا یخفیٰ۔ واللہ العالم بحقیقۃ الحال۔

(۶) نافع بن ہلال الجملی المرادیؓ

اگرچہ جناب نافع کی شہادت روز عاشوراء نماز ظہر کے ہنگامہ قیامت خیز کے بعد واقع ہوئی مگر انہوں نے اس سے قبل کئی بار میدان کارزار میں کود کر اپنی خداداد شجاعت و شہامت کے جوہر دکھائے۔ اس لیے ان کا تذکرہ یہاں کیا جاتا ہے۔ ان کا اسم گرامی نافع بن ہلال بن نافع بن جمل بن سعد العشیرۃ بن مذحج الجملی المرادی ہے۔ حضرت امیر المؤمنینؑ کے خواص اصحاب میں سے تھے۔ اور آنجنابؑ کے ساتھ تینوں جنگوں میں شریک ہوکر اور دادِ شجاعت دے کر اپنے ایمان و ایقان کا عملی ثبوت پیش کر چکے تھے۔ ارباب سیر و تراجم نے ان کے حالات میں لکھا ہے: ﴿کان نافع سیداً ریفاً سریاً شجاعاً و کان قارئاً کاتباً من حملۃ الحدیث و من اصحاب امیر المؤمنین﴾ جناب نافع اپنے قبیلہ کے شریف سردار اور سخی بہادر بزرگوار تھے۔ قاریٔ قرآن تھے، کاتب اور حاملان حدیث اور اصحاب امیر المؤمنینؑ میں سے تھے۔ جب جناب امام حسینؑ عراق تشریف لا رہے تھے تو یہ راستہ میں منزل عذیب الہجانات میں جا کر آپ کے قافلہ میں شامل ہوئے۔ چونکہ وہ اپنا ''کامل'' نامی مشہور گھوڑا کوفہ میں چھوڑ کر آئے تھے اور اہل خانہ کو ہدایت کی تھی کہ وہ ان کو پہنچا دیا جائے۔ چنانچہ جب عمرو بن خالد صیداوی اور ان کے ساتھی مجمع بن عبد اللہ عائذی وغیرہ آئے تو ان کا گھوڑا بھی ہمراہ لائے تھے۔ یہ وہی نافع تھے کہ جب سید الشہداءؑ نے حُر کی دادو گیر سے دلگیر ہوکر اپنا تاریخی خطبہ ارشاد فرمایا تھا تو اختتام خطبہ پر نافع نے اٹھ کر عرض کیا تھا: فرزند رسولؐ! آپ کو اچھی طرح علم

---

[1] فرسان الہیجاء، ۲۵۳۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

ہے کہ آپ کے جد نامدار سب لوگوں کو اپنی محبت اور اوامر ونواہی کی تعمیل پر متحد نہ کر سکے۔ ان کے دور میں بکثرت منافق موجود تھے جن کا ظاہر کچھ اور باطن کچھ اور جلوت کچھ اور خلوت کچھ اور تھی۔ پھر ان کے بعد آپ کے والد ماجد کی بھی یہی کیفیت رہی کچھ لوگ ان کے موافق تھے جو حروب ثلاثہ میں ان کے ہمرکاب ہو کر ان کے مخالفوں سے لڑتے رہے۔ کچھ ان کے مخالف رہے۔ یہاں تک کہ آپ بھی راہی ملک بقا ہوئے۔ اب آپ کی کیفیت بھی انہی دونوں بزرگواروں جیسی ہے۔ جو آپ کی مخالفت کرے گا۔ وہ اپنا نقصان کرے گا۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اس سے بے نیاز کرے گا۔ آپ چاہیے ہمیں مغرب کی طرف لے جائیں اور چاہیں تو مشرق کی طرف۔ ہم آپ کے ہمرکاب ہیں ہم نہ قضا وقدر سے ڈرتے ہیں اور نہ موت سے جی چراتے ہیں۔ ہم اپنی نیات و بصائر پر قائم ہیں جو آپ سے محبت کرے گا ہم اس سے محبت کریں گے۔ اور جو آپ سے دشمنی کرے گا ہم اس سے دشمنی کریں گے۔ نیز یہ وہی نافع بن ہلال ہیں کہ جب خیام حسینؑ میں پیاس نے شدت اختیار کر لی تھی تو سید الشہداء نے جناب شاہزادہ ابوالفضل اور نافع بن ہلال کو تیس (۳۰) سوار اور بیس پیادے سپاہی اور بیس مشکیزے دے کر پانی لینے کے لیے بھیجا تھا اور وہ پانی لائے تھے اور راستے میں جوہر شجاعت بھی دکھائے تھے۔ جس کی تفصیل پہلے گزر چکی ہے۔ بہر حال روزِ عاشورا جناب نافع یہ رجز پڑھتے ہوئے میدان جنگ میں آئے ؎

ان تنکرونی فانا ابن الجملی — دینی علی دین حسین و علی

اضربکم ضرب غلام بطل — و یختم اللّٰہ بخیر عملی

ان اقتل الیوم فھذا املی — فذاک رائی و الاقی املی

ان کے مقابلہ کے لیے ایک شخص نکلا جس کا نام تھا: مزاحم بن حریث۔ اس نے کہا: ﴿انا علی دین عثمان﴾ میں عثمان کے دین پر ہوں۔ نافع نے جواب میں کہا: ﴿انت علی دین شیطان﴾ بلکہ تو شیطان کے دین پر ہے۔ یہ کہہ کر اس پر تلوار سے حملہ کیا اس نے پیٹھ دکھانا چاہی مگر تلوار اپنا کام کر چکی تھی۔ قتل ہو کر گھوڑے کی زین سے زمین پر آ گرا۔

ارباب مقاتل نے لکھا ہے کہ جناب نافع بن ہلال بڑے اچھے تیر انداز تھے۔ انہوں نے اپنے تیروں کو زہر میں بجھایا ہوا تھا اور ان کے سوفار پر اپنا نام بھی کندہ کیا ہوا تھا۔ چنانچہ وہ عاشوراء کے قیامت خیز منظر میں برابر تیر بھی چلائے جاتے تھے اور یہ رجز بھی پڑھتے تھے ؎

ارمی بھا معلمۃً افواقھا — مسمومۃ تجری بھا اخفاقھا!

لاملأن الارض من اطلاقھا — و النفس لا ینفعھا اشفاقھا

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

جب تیر ختم ہو گئے تو پھر تلوار سونت لی۔ اور یہ رجز پڑھتے ہوئے شمشیر زنی شروع کر دی ؎

انا الهزبر الجملی (ن و)

انا الغلام الجملی انا علی دین علی

حتیٰ کہ زخمیوں کے علاوہ بارہ سوار و پیادہ ناریوں کو واصل جہنم کیا۔[1] اسی حالت میں جنگ کرتے کرتے ان کے دونوں بازو ٹوٹ گئے۔ جب جنگ کے قابل نہ رہے تو شمر ذی الجوشن اور اس کے ہمراہی ان کو پکڑ کر ابن سعد کے پاس لے گئے۔ ابن سعد نے کہا: ﴿ویحک یا نافع ما حملک علی ما صنعت بنفسک؟﴾ افسوس ہے تیری حالت پر اے نافع! تجھے اپنے ساتھ ایسا کرنے پر کس چیز نے آمادہ کیا؟ جناب نافع نے جواب دیا: ﴿ان ربی یعلم ما اردت﴾ میرا پروردگار بہتر جانتا ہے کہ میرا ارادہ اور نیت کیا تھی؟ اس وقت جناب نافع کے سر و چہرہ سے ان کی ریش پر خون بہہ رہا تھا یہ حالت دیکھ کر ابن سعد کے ایک آدمی نے کہا: ﴿اما تریٰ ما بک؟﴾ کچھ اپنی حالت کا بھی پتہ ہے؟ جناب نافع نے کہا: ﴿واللہ لقد قتلت منکم اثنا عشر رجلا سویٰ ما جرحت وما الوم نفسی علی الجهد ولو بقیت لی عضد و ساعد ما اسرتمونی ابدا﴾ بخدا میں نے تمہارے پورے بارہ آدمی قتل کئے ہیں علاوہ ان کے جن کو زخمی کیا ہے۔ جدوجہد کرنے میں میں اپنے نفس کی ملامت نہیں کرتا۔ اگر میرے بازو نہ ٹوٹ گئے ہوتے تو تم ہرگز مجھے گرفتار نہ کر سکتے۔ شمر نے پسر سعد سے کہا: اسے قتل کر دو۔ ابن سعد نے کہا: تم ہی اسے لائے ہو تمہیں اختیار ہے۔ شمر نے تلوار میان سے کھینچی۔ یہ منظر دیکھ کر جناب نافع نے کہا: ﴿اما واللہ لو کنت من المسلمین لعظم علیک ان تلقی اللہ بدمائنا فالحمد للہ الذی جعل منایانا علی ایدی شرار خلقہ﴾ خدا کی قسم اگر تو مسلمان ہوتا تو یقیناً تجھے یہ بات شاق گزرتی کہ ہمارے خون سے ہاتھ رنگین کر کے خدا کی بارگاہ میں جائے۔ اس خدا کا شکر ہے جس نے ہماری موت اپنی بدترین مخلوق کے ہاتھوں پر قرار دی ہے۔ اس کے بعد اس ملعون نے ان کو شہید کر دیا۔[2]

(۷) عمرو بن قرظۃ الانصاریؓ

ان کا نام و نسب یہ ہے: عمرو بن قرظۃ بن کعب بن عمرو بن عائذ بن زید مناۃ بن ثعلبہ بن کعب بن الخزرج الانصاری الخزرجی الکوفی۔ ان کے والد ماجد جناب قرظہ حضرت رسول خداﷺ کے اصحاب میں سے تھے۔ جنگ احد

---

[1] صاحب الدمعۃ الساکبہ، ص ۲۳۳ نے مقتل محمد بن ابی طالب کے حوالہ سے جناب نافع کے مقتولین کی تعداد ستر درج کی ہے۔ کذا فی المناقب، ج ۴، ص ۹۵۔

[2] ذخیرہ، ص ۲۰۷۔ فرسان، ج ۲، ص ۱۳۱۔ ناسخ، ج ۶، ص ۲۵۶۔ لوائح، ص ۱۱۹۔ مقتل، ص ۲۸۴۔ طبری، ج ۶، ص ۲۵۳۔ البدایہ والنہایہ ابن کثیر، ج ۸، ص ۱۸۴۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

اور اس کے بعد والے تمام غزوات میں شریک ہوتے رہے۔ آنحضرتؐ کی وفات حسرت آیات کے بعد کوفہ میں رہائش اختیار کر لی تھی اور جنگ جمل وصفین اور نہروان میں حضرت امیر علیہ السلام کے ہمرکاب ہوئے۔ نصر بن مزاحم کا بیان ہے کہ جنگ صفین میں انصار کا علم قرظۃ الانصاری کے ہاتھ میں تھا۔ حضرت امیر علیہ السلام نے فارس کی ولایت ان کو عطا فرمائی تھی۔ ۵۱ھ میں وفات پائی۔ ان کے دو بیٹے تھے۔ عمرو اور علی۔ معرکۂ کربلا میں عمرو جناب سید الشہداء کے ہمرکاب تھے اور علی پسر سعد کے لشکر میں شامل تھا۔

سید الشہداء علیہ السلام کے کربلا میں رحل اقامت ڈالنے کے بعد عمرو آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ روز عاشوراء تک جب بھی سید الشہداء نے عمر بن سعد سے کسی سلسلہ میں کچھ گفتگو کرنا ہوتی تھی تو انہی عمرو بن قرظہ کو ہی پیغام دے بھیجتے تھے۔ بہرحال جب بروز عاشوراء آغاز جنگ ہوا تو جناب عمرو بن قرظہ نے جذبۂ جہاد سے سرشار ہو کر اپنے آپ کو یہ رجز پڑھتے ہوئے دریائے لشکر میں ڈال دیا ؎

قد علمت کتیبۃ الانصار ان سوف احمی حوزۃ الذمار

ضرب غلام غیر فکس شاری دون حسین مهجتی و داری

جناب سید ابن طاؤسؒ نے ان کے قتال وجدال کی شدت کے بارے میں لکھا ہے: ﴿فقاتل قتال المشتاقین الی الجزاء و بالغ فی خدمۃ سلطان السماء حتی قتل جمعًا کثیراً من حزب ابن زیاد و جمع بین سداد و جهاد﴾ انہوں نے اس طرح زور شور سے جہاد کیا جیسے مشتاقان جزاء کرتے ہیں اور شہنشاہ ارض وسماء کی خدمت میں بہت مبالغہ سے کام لیا۔ یہاں تک کہ ابن زیاد بدنہاد کے لشکر کی ایک جماعت کثیرہ کو واصل جہنم کیا۔ اس طرح انہوں نے سداد وصواب اور جدال و جہاد کو جمع کر دکھایا۔ حمایت امام ونصرت حق کا یہ اہتمام تھا کہ جب بھی امام علیہ السلام کی طرف کوئی تیر آتا تھا تو اسے اپنے ہاتھ سے روک لیتے تھے اور جب کوئی تلوار سے وار کرتا تو اپنے سینہ کو سپر بنا لیتے تھے۔ اس طرح امام حسینؑ کو کوئی تکلیف نہیں پہنچتی تھی۔ بالآخر زخموں سے نڈھال ہو گئے۔ اس وقت امامؑ کی طرف متوجہ ہو کر عرض کیا: ﴿یابن رسول اللّٰہ اوفیت؟﴾ فرزند رسولؐ! کیا میں نے حق وفا ادا کر دیا ہے۔ آنجنابؑ نے فرمایا: ﴿نعم﴾ ہاں۔ پھر فرمایا: ﴿انت امامی فی الجنۃ فاقرأ رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ و الہ وسلّم عنی السلام و اعلمہ انی فی الاثر﴾ تم جنت میں مجھ سے پہلے جاؤ گے۔ حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں میرا سلام عرض کرنا اور ان کو بتانا کہ میں بھی تمہارے پیچھے آ رہا ہوں۔ اس کے بعد دم توڑ کر لڑتے لڑتے اپنی جان جان آفرین کے حوالہ کر دی۔ پہلے لکھا جا چکا ہے کہ عمرو کا دوسرا بھائی علی بن قرظہ عمر بن سعد کی فوج میں شامل تھا۔ جب اسے اپنے بھائی عمرو کی موت کا علم ہوا تو اس گستاخ نے بآواز بلند امامؑ کو خطاب کر کے کہا:

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

(نقل کفر کفر نہ باشد) ﴿یا کذاب بن الکذاب اضللت اخی و غررتہ حتی قتلتہ﴾ اے۔۔۔۔۔آپ نے میرے بھائی کو گمراہ کر کے دھوکہ سے قتل کرا دیا ہے۔ امامؑ نے فرمایا: ﴿ان اللہ لم یضل اخاک بل ھدی اخاک و اضلک!﴾ خدا نے تیرے بھائی کو گمراہ نہیں کیا بلکہ اسے راہِ راست کی ہدایت فرمائی۔ البتہ تجھے گمراہی میں چھوڑ دیا ہے۔ یہ جواب سن کر وہ ملعون آپے سے باہر ہو گیا اور کہا: ﴿قتلنی اللہ ان لم اقتلک او اموت دونک!﴾ خدا مجھے غارت کرے اگر تمہیں قتل نہ کروں یا اس کوشش میں خود نہ مر جاؤں۔ یہ کہہ کر آنجنابؑ پر حملہ کر دیا۔ نافع بن ہلال نے آگے بڑھ کر اسے ایک ایسا نیزہ لگایا کہ وہ زین سے زمین پر آ رہا۔ اس کے ہمراہیوں نے آگے بڑھ کر اسے اٹھا لیا۔ ورنہ اسی وقت وہ اپنے کیفر کردار کو پہنچ جاتا۔ بعد ازاں اس کا علاج معالجہ کیا گیا اور وہ شقی و بدبخت تندرست ہو گیا۔[1]

(۸) جونؓ بن حوی مولی ابی ذرؓ

جناب جون حبشی النسل سیاہ رنگ کے غلام تھے۔ پہلے فضل بن عباس بن عبدالمطلبؓ کے غلام تھے۔ جناب امیر علیہ السلام نے ڈیڑھ سو اشرفی میں خرید کر جناب ابوذرؓ کو مرحمت فرمایا۔ پھر جونؓ برابر حضرت ابوذرؓ کی خدمت میں حاضر رہے۔ جب خلیفہ ثالث نے جناب ابوذر کو ربذہ کی طرف جلاوطن کیا تو یہ جون ان کے ہمراہ تھے۔ جناب ابوذر کی وفات کے بعد ۳۱ھ یا ۳۲ھ میں واپس مدینہ آ گئے۔ اور جناب امیر علیہ السلام کی خدمت میں زندگی بسر کرنا شروع کی۔ حضرت امیر علیہ السلام کی شہادت کے بعد امام حسن مجتبیٰ علیہ السلام اور ان کی شہادت کے بعد حضرت امام حسین علیہ السلام کے ہمرکاب رہے۔ اور امام زین العابدین علیہ السلام کے دولت کدہ میں فرائض خدمت انجام دیتے رہے۔ جب جناب سید الشہداء علیہ السلام مدینہ سے مکہ اور مکہ سے عراق تشریف لے گئے تو جناب جون اس سفر میں آپ کے ہمراہ تھے۔ طبری، کامل اور مقاتل الطالبین میں لکھا ہے کہ جون اسلحہ شناسی اور اسکی اصلاح میں مہارت رکھتے تھے۔ یہی وجہ ہے کہ شب عاشوراء جون جناب سید الشہداء علیہ السلام کے خاص خیمہ میں بیٹھ کر کچھ وقت اسلحۂ جنگ کی اصلاح میں مشغول رہے۔

بہرحال جب روز عاشوراء قتل و قتال کا بازار گرم ہوا۔ اور اصحاب حسینیؑ یکے بعد دیگرے شہادت کے درجۂ رفیعہ پر فائز ہونے لگے تو جناب جون نے بھی خدمت امام میں حاضر ہو کر اذن جہاد طلب کیا۔ امام علیہ السلام نے فرمایا: ﴿یا جون انت فی اذن منی فانما تبعتنا طلبا للعافیۃ فلا تبتل بطریقتنا﴾ اے جون! میں اپنی اطاعت کا قلادہ تمہارے گلے سے اتار کر تجھے چلے جانے کی اجازت دیتا ہوں تو ہمارے ساتھ طلب عافیت کے لیے آیا تھا۔ اس

---

[1] ذخیرۃ الدارین، ص ۱۸۶۔ فرسان الہیجا، ج ۲، ص ۸۔ نفس المہموم، ص ۱۴۰۔ لوائح، ص ۱۳۰۔ بحار، ج ۱۰، ص ۱۹۷۔ طبری، ج ۶، ص ۲۴۸۔ کامل، ج ۳، ص ۲۹۰

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

لیے اپنے آپ کو ہماری وجہ سے مصیبت میں گرفتار نہ کر۔ جون نے (بروایتے امام کے قدموں پر گر کر[1]) عرض کیا: ﴿یابن رسول اللّٰہ انا فی الرخاء الحس قصاعکم وفی الشدۃ اخذ لکم﴾ فرزند رسولؐ! کیا یہ ممکن ہے کہ آسائش و آرام کے دنوں میں تو آپ کی کاسہ لیسی کروں اور شدت و تنگی کے وقت میں آپ کو چھوڑ کر چلا جاؤں۔ اس کے بعد احتجاج کرتے ہوئے عرض کیا: ﴿واللّٰہ ان حسبی للئیم ولونی لاسود و ریحی لمنتن فتنفس علیّ بالجنۃ فتطیب ریحی و یشرف حسبی و یشرق لونی لا واللّٰہ لا افارقکم حتی یختلط ھذا الدم الاسود مع دمائکم﴾ بخدا اس لیے کہ میرا حسب و نسب پست رنگ سیاہ اور جسم بدبودار ہے۔ آپ مجھے (اجازت جنگ دیجئے اور) جنت میں داخل ہونے میں پس و پیش فرما رہے ہیں تاکہ میری بدبوئی خوشبوئی سے بدل جائے۔ میرا حسب و نسب شریف ہو جائے اور میرا رنگ سفید ہو جائے؟ نہیں بخدا میں اس وقت تک آپ سے علیحدہ نہیں ہوں گا۔ جب تک میرا یہ کالا خون آپ کے خون مقدس کے ساتھ مخلوط نہ ہو جائے۔ جناب سید الشہداءؑ نے ان کا یہ جذبۂ شوق شہادت دیکھ کر اجازت جہاد دے دی۔ جناب جون یہ رجز پڑھتے ہوئے میدان کارزار میں آئے۔

کیف تری الفجار ضرب الاسود — بالمشرفی القاطع المھند

احمی الخیار من بنی محمد — اذب عنھم باللسان و الید

ارجو بذاک الفوز عند المورد — من الالٰہ الواحد الموحد

اذ لا شفیع عندہ کاحمد

اس کے بعد تابڑ توڑ حملے شروع کیے۔ منتہی الامال اور مناقب ابن شہر آشوب کے بیان کے مطابق پچیس سپاہیوں کو دار البوار میں پہنچانے کے بعد خود فیض شہادت پر فائز ہوئے۔ ان کی شہادت کے بعد سرکار سید الشہداءؑ ان کے بالین سر تشریف لے گئے۔ اور بارگاہ احدیت میں عرض کیا: ﴿اللّٰھم بیض وجھہ و طیب ریحہ و احشرہ مع الابرار و عرف بینہ و بین محمد و ال محمد﴾ بار الہا! اس کے چہرہ کو روشن کر دے۔ اس کی بدبو کو خوشبو سے بدل دے۔ ابرار و اخیار کے ساتھ اس کو محشور فرما اور سرکار محمدؐ و آل محمدؐ اور اس کے درمیان شناسائی فرما کر دوستی قرار دے۔ سرکار سید الشہداءؑ کی دعائے مبارک کا یہ اثر تھا کہ امام محمد باقرؑ اپنے پدر بزرگوارؑ سے روایت فرماتے ہیں کہ جب بنی اسد نے شہدائے کربلا کی لاشیں دفن کیں تو اتفاقاً جناب جون کی لاش دفن ہونے سے رہ گئی۔ دس دن کے بعد جب ان کی لاش مبارک ملی تو دیکھا گیا کہ اس سے مشک و عنبر کی خوشبو آ رہی تھی۔[2] زہے نصیب کہ یہی جون

---

[1] فرسان الہیجاء، ج ۱، ص ۷۹۔

[2] ذخیرہ، ص ۲۱۸۔ فرسان، ج ۱، ص ۸۰۔ لواعج، ص ۱۲۰۔ نفس، ص ۱۵۵۔ عاشر بحار، ص ۱۹۷۔ مناقب، ج ۴، ص ۹۵۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

عظمت وجلالت کے اس اوج کمال پر پہنچا کہ امام ششمؑ زیارت شہداء میں فرماتے ہیں: ﴿بابی انتم و امی﴾ میرے ماں باپ تم پر نثار ہوں۔

(۹) شبیب بن عبداللہ النہشلیؓ

علماء سیر وتراجم نے لکھا ہے کہ جناب شبیب بن عبداللہ تابعی تھے۔ اور جناب امیر المؤمنین علیہ السلام کے اصحاب اخیار میں سے تھے اور ان کی تینوں جنگوں میں ان کے ہمرکاب رہے۔ آنجنابؑ کی شہادت کے بعد امام حسن علیہ السلام کی خدمت میں رہے اور آپ کی شہادت کے بعد امام حسین علیہ السلام کی بارگاہ سے منسلک رہے۔ حتیٰ کہ جب سرکار شہادت مدینہ سے بجانب مکہ اور مکہ سے عراق روانہ ہوئے تو یہ بزرگوار ابتداء سے ورود کربلا تک برابر ہمراہ رہے حتیٰ کہ روز عاشوراء نصرت امام وتائید حق کا فریضہ ادا کرتے ہوئے درجۂ شہادت پر فائز ہوئے۔[1]

رضوان اللہ تعالیٰ علیہ و علی جمیع اخوانہ المؤمنین۔

(۱۰) ابوالشعثاء الکندیؓ

نام ونسب یزید بن زیاد بن مہاصر الکندی البہدلی کوفہ کے نامور بہادروں اور شریفوں میں سے تھے۔ نیز بہت قابل تیرانداز تھے۔ بعض ارباب سیر وتراجم نے یہ لکھا ہے کہ یہ پہلے لشکر ابن سعد میں تھے لیکن جب روز عاشوراء سید الشہداء علیہ السلام نے تجاویز امن پیش فرمائیں اور قوم اشقیاء نے ان کو مسترد کر دیا تو انہوں نے امامؑ کی بارگاہ میں حاضر ہونے کا فیصلہ کر لیا اور آ کر حسینیؑ جماعت میں شامل ہو گئے۔[2] مگر تاریخی شواہد وقرائن کی روشنی میں یہ قول درست معلوم نہیں ہوتا بلکہ یہ پہلے سے ہی امام علیہ السلام کے ساتھ تھے۔ امامؑ کی آمد کی اطلاع سن کر راستہ میں حُر کی ملاقات سے بھی پہلے کسی منزل میں شریک قافلہ ہو گئے۔ حُر کے ساتھ ملاقات کے بعد جب کوفہ سے ایک قاصد حُر کے نام تازہ مکتوب لایا۔ جس میں درج تھا: ﴿اما بعد فجعجع بالحسین و اصحابہ الخ﴾ تو اس قاصد کے ساتھ انہی ابوالشعثاء الکندی کی تلخ کلامی ہوئی تھی۔[3] اس واقعہ سے ظاہر ہے کہ یہ کربلا پہنچنے سے پہلے خدمت امامؑ میں حاضر تھے۔ اور یہی قول قرین صواب ہے۔ بہرحال روز عاشوراء جب تنور حرب وضرب گرم ہوا تو ابوالشعثاء اجازت لے کر یہ رجز پڑھتے ہوئے نکلے ؎

انا یزید و ابی مہاصر　　اشجع من لیث بغیل خادر

---

[1] ذخیرہ، ص ۲۱۸، فرسان، ج ۱، ص ۱۶۷ وغیرہ۔

[2] لواعج الاشجان، ص ۲۷۵، نفس المہموم، ص ۱۵۱۔

[3] ذخیرہ الدارین، ص ۲۴۰۔ فرسان الہیجاء، ج ۱، ص ۲۹ وغیرہ۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

یا رب انی للحسین ناصر ولابن سعد تارک و هاجر

پھر بڑھ چڑھ کر حملے شروع کیے۔ اس اثناء میں ان کا گھوڑا پیے ہوگیا تو انہوں نے واپس آ کر خدمت امام میں گھٹنے ٹیک کر دشمنوں پر تیر چلانے شروع کیے۔ ان کے ترکش میں کل ایک سو تیر تھے۔ جب وہ تیر پھینکتے تو ساتھ یہ بھی کہتے:

انا ابن بهدله فرسان العرجله

اور امامؑ فرماتے: ﴿اللّٰهمّ سدّد رميته و اجعل ثوابه الجنّة﴾ بارالہا! اس کی تیراندازی کو درست رکھ اور اس کا ثواب جنت قرار دے۔ جب سب تیر ختم ہوگئے تو معلوم ہوا کہ صرف پانچ تیر نشانہ سے چوکے ہیں۔ باقی سب اپنے نشانہ پر لگے۔ جب تیر ختم ہوگئے تو شمشیر بکف ہو کر میدان میں نکلے۔ زخمیوں کے علاوہ اٹھارہ اور بروایتے انیس آدمیوں کو واصل جہنم کیا۔ پھر پلٹ کر خدمت امامؑ میں حاضر ہوئے اور عرض کیا: ﴿اوفیت یابن رسول الله؟﴾ فرزند رسولؐ! کیا میں نے عہد وفا پورا کر دیا ہے؟ امامؑ نے فرمایا: ﴿نعم﴾ ہاں۔ ﴿انت امامی فی الجنّة﴾ تم مجھ سے پہلے جنت میں پہنچو گے۔ پھر پلٹ کر جہاد شروع کیا۔ بالآخر دشمنوں نے چاروں طرف سے گھیر کر ان کو شہید کر دیا۔[1]

آخری جنگِ مغلوبہ

SIBTAIN.COM

آغازِ جنگ سے لے کر قریباً دوپہر تک مبارزت طلبی میں فوج یزید کو جو برابر نقصان پہنچ رہا تھا۔ اس نے سالاروں کے اوسان خطا کر دیئے تھے۔ باوجودیکہ ان کی تعداد ہزاروں سے متجاوز تھی، بھوک و پیاس کی کوئی تکلیف نہ تھی۔ اور دوسری طرف مٹھی بھر چند بھوکے پیاسے سپاہی ہیں مگر چٹان کی طرح ڈٹے ہوئے۔ ایک بھی شہید ہوتا ہے تو بیسیوں ناریوں کو واصل جہنم کرنے کے بعد۔ اس بات نے مخالف کو بوکھلا دیا۔ چنانچہ شمر ذی الجوشن نے یکبارگی میسرۂ حسینیؑ پر حملہ کر دیا جسے اصحاب حسینیؑ نے بڑی جانفشانی اور دلیری سے پسپا کر دیا۔[2]

جناب زہیر بن القین نے اپنے دس ہمراہیوں کے ساتھ شمر اور اس کے سپاہیوں پر تابڑ توڑ حملے کر کے انہیں بھگا دیا۔ حسینیؑ سواروں کی تعداد اگرچہ کل کم و بیش بتیس تھی۔ مگر وہ جس صف پر حملہ کرتے اس کو تتر بتر کر کے رکھ دیتے۔ یہی کیفیت دیکھ کر عزرہ بن قیس جو سپاہِ ابن سعد کے سواروں کا سردار تھا۔ اس نے پسر سعد کے پاس پیغام بھیجا کہ کیا آپ صبح سے دیکھ نہیں رہے جو اس مختصر جماعت سے میرے سواروں کی حالت ہو رہی ہے۔ اس لیے لڑنے والوں اور تیراندازوں سے میری کمک کرو۔ عمر بن سعد نے پہلے تو شبث بن ربعی کی طرف جو کہ پیادہ فوج کا افسر تھا کمک کے

---

[1] ذخیرۃ الدارین، ص ۲۴۰۔ فرسان الہیجاء، ج ۱، ص ۳۰۔ مقتل الحسین للمقرم، ص ۲۷۶۔

[2] کامل، ج ۳، ص ۲۹۱ وغیرہ۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

لیے آدمی بھیجا مگر شبث کے لیت ولعل کرنے کی وجہ سے حصین بن تمیم (نمیر[1]) کو پانچ سو تیر انداز دے کر عزرہ کی امداد کے لیے روانہ کیا۔ چنانچہ انہوں نے سپاہِ حسینؑ کے قریب پہنچ کر تیروں کی بارش شروع کر دی۔ مگر واہ رے طاقتِ حق۔ اصحابِ حسینؑ نے اس جرأت و دلیری سے ڈٹ کر مقابلہ کیا کہ جس کی نظیر کم دیکھی گئی ہوگی۔ حتیٰ کہ مخالف کے دانت کھٹے ہو گئے۔ لیکن اس جنگ میں اصحابِ حسینؑ کا نقصان یہ ہوا کہ علاوہ کئی اصحاب کی شہادت کے جتنے گھوڑے تھے وہ سب کے سب پٹے ہو گئے۔ اب سب اصحاب پیادہ تھے۔[2] گھمسان کا رن پڑ رہا تھا۔ مخالف چاہتا تھا کہ اس مٹھی بھر فوج کا چاروں طرف سے محاصرہ کر لے۔ مگر موجودہ صورت میں ایسا کرنا ممکن نہ تھا کیونکہ دوسری جانب خیام تھے جو امامؑ نے شبِ عاشورہ اپنے حسنِ تدبّر سے باہم ملا دیئے تھے۔ اس لیے ابن سعد نے حکم دیا کہ خیموں کی طنابیں کاٹ دی جائیں۔ چنانچہ اشقیاء طنابیں کاٹنے کے لیے دوڑے۔ ادھر حسینؑ جماعت نے بڑی حکمت عملی سے کام لیا۔ دو، دو، چار، چار ہو کر اپنے خیام کے اندر گھس گئے۔ جونہی کوئی سپاہی طنابیں کاٹنے لگتا اسے قتل کر دیتے اور اس کی نجس لاش باہر پھینک دیتے۔ یہ کیفیت دیکھ کر پسرِ سعد نے حکم دیا کہ حسینؑ خیام کو (جو دوسرے خیام سے قدرے علیحدہ تھے) آگ لگا دی جائے۔ اصحاب نے مزاحمت کرنا چاہی مگر امامؑ نے فرمایا: انہیں ایسا کرنے دو۔ اس طرح بھی ان کا مقصد پورا نہیں ہو سکے گا۔ کیونکہ آگ کے شعلوں کی وجہ سے ادھر سے حملہ نہیں کر سکیں گے۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا۔ اور ان کی یہ تدبیر ضائع ہو گئی۔[3]

SIBTAIN.COM
Presented By: www.jafrilibrary.com

مذکورہ بالا واقعہ پر تنقید

اگرچہ اکثر اربابِ مقاتل نے طبری اور ابن اثیر کے بیان کے مطابق یہی لکھا ہے کہ خیام کو جلا دیا گیا مگر حالات پر نظر غائر ڈالنے سے معلوم ہوتا ہے کہ سید الشہداؑ کے حینِ حیات میں ایسا نہیں ہوا۔ ہاں اس انتہائی گھناؤنے جرم شنیع کی دھمکی اور اس کے اقدام کی ناکام کوشش ضرور کی گئی۔ چنانچہ اکثر کتب سیر و تواریخ میں مذکور ہے کہ شمر بن ذی الجوشن نے آگے بڑھ کر خیام حسینؑ پر نیزہ مارتے ہوئے کہا: ﴿علی بالنار حتی احرق هذا البیت علی اهله﴾ آگ لاؤ۔ تاکہ میں اس گھر کو گھر والوں سمیت جلا دوں۔ یہ منحوس آواز سن کر سراپردۂ عفت و عصمت سے نالہ و شیون کی صدا بلند ہوئی۔ امام حسینؑ نے یہ منظر دیکھ کر بآواز بلند فرمایا: ﴿انت تدعوا بالنار لتحرق بیتی علی اهلی احرقک الله بالنار﴾ تو چاہتا ہے کہ میرے خیام کو ان کے اہل سمیت جلائے۔ خدا تجھے آتش (جہنم) میں

---

[1] کامل، ج ۳، ص ۲۹۱۔

[2] کامل، ج ۳، ص ۲۹۱ وغیرہ۔

[3] طبری، ج ۶، ص ۲۹۱۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

جلائے۔ حمید بن مسلم نے شمر سے کہا: ﴿ان هذا لا يصلح لک أترید أن تجمع علی نفسک خصلتین اتعذّب بعذاب الله و تقتل الولدان والنساء والله ان فی قتلک الرجال لما ترضی به امیرک؟﴾ بخدا مردوں کے قتل سے ہی تمہارا حاکم خوش ہو جائے گا۔

شمر نے حمید کے اس مشورہ کو درخور اعتنا نہ سمجھا۔ اس اثناء میں شبث بن ربعی نے آگے بڑھ کر اس کی سرزنش کرتے ہوئے کہا: ﴿ما رأیت مقالاً اسوأ من قولک ولا موقفاً اقبح من موقفک امرعباً للنساء صرت﴾ میں نے تیری گفتگو سے بری گفتگو اور تیرے موقف سے برا موقف آج تک نہیں دیکھا۔ کیا تم مستورات کو ڈرانے دھمکانے آئے ہو۔ اس پر شمر جھیپ گیا اور واپس لوٹ گیا۔[1]

امام حسینؑ کی نماز ظہر کا قیامت خیز منظر

یہ قیامت خیز ہنگامہ زوال سے قریباً ایک گھنٹہ پہلے شروع ہوا جس نے زوال تک طول کھینچا۔ جب ملاعین واپس لوٹے تو اس وقت امام کی جماعت جو پہلے ہی قلیل تھی اب قلیل سے قلیل تر ہو چکی تھی مگر فوج مخالف میں باوجود نقصان عظیم کے بوجہ غیر معمولی کثرت کے کوئی خاص کمی محسوس نہیں ہوتی تھی۔ اس وقت جناب ابوثمامہ الصیداوی نے خدمت امام میں عرض کیا: ﴿یا ابا عبد الله نفسی لنفسک الفداء. هؤلاء اقتربوا منک لا والله لا تقتل حتی اقتل دونک و احب ان القی الله ربی وقد صلیت هذه الصلوة التی دنا وقتها یا ابا عبد الله!﴾ میں آپ پر قربان ہوں! یہ ملاعین بالکل قریب پہنچ گئے ہیں۔ خدا کی قسم جب تک میں زندہ ہوں۔ یہ آپ تک نہیں پہنچ سکتے۔ میری خواہش ہے کہ جب خدا کی بارگاہ میں حاضر ہوں تو یہ آخری نماز جس کا وقت قریب ہے آپ کے ساتھ پڑھ کر۔ ابوثمامہ کی یہ درخواست سن کر امام حسینؑ نے آسمان کی طرف نگاہ بلند کی۔ پھر فرمایا: ﴿ذکرت الصلوة جعلک الله من المصلین نعم هذا اول وقتها﴾ تو نے (ایسے کٹھن حالات میں) نماز کو یاد کیا ہے۔ خدا تیرا حشر و نشر نماز گزاروں کے ساتھ کرے۔ ہاں یہ نماز ظہر کا اول وقت ہے پھر امام عالی مقام علیہ السلام نے حکم دیا: ﴿سلوهم ان یکفوا عنا حتی نصلی﴾ فوج جفا کار سے کہو کہ اتنی دیر جنگ روک دیں کہ ہم نماز خدا پڑھ لیں۔ چنانچہ جب حسب الحکم قوم اشقیاء کے سامنے یہ درخواست پیش کی گئی تو حصین بن نمیر نے کہا: ﴿انها لا تقبل﴾ تمہاری یہ نماز قبول نہیں۔ اس کا یہ گستاخانہ کلام بے ہنگام سن کر جناب حبیب بن مظاہر (مظہر) نے فرمایا: ﴿لا تقبل زعمت الصلوة من ال رسول الله و انصارهم و تقبل منک یا خمار﴾ اے شراب خوار! تیرا گمان فاسد

---

[1] تاریخ الطبری، ج ۶، ص ۲۵۱۔ کامل، ج ۳، ص ۲۹۱۔ بحار الانوار، ج ۱۰، ص ۱۹۷۔ اوج الاشجان، ص ۱۲۴۔ نفس المہموم، ص ۱۲۴۔ تمام، ص ۲۴۷۔ مقتل الحسین، ص ۲۷۴ وغیرہ۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

ہے کہ آل رسولؐ اور ان کے انصار کی نماز نامقبول اور تیری مقبول ہے؟

(۱۱) حضرت حبیب بن مظاہرؓ

حصین بن تمیم اور جناب حبیب[1] کے اس تلخ سوال و جواب سے ایک ہنگامہ برپا ہوگیا۔ جناب حبیب کا جواب باصواب سن کر حصین نے ان پر حملہ کر دیا۔ جناب حبیب نے آگے بڑھ کر اس کے گھوڑے کے منہ پر تلوار لگائی۔ جس سے گھوڑا بدکا۔ اور وہ ملعون نیچے آ رہا۔ اس کے ہمراہیوں نے دوڑ کر اسے بچا لیا۔ اس کے بعد جناب حبیب نے یہ رجز پڑھنا شروع کیا ؎

انا حبیب و ابی مظهر — فارس هیجاء و حرب تسعر

انتم اعدّ عدّة و اکثر — و نحن اوفی منکم و اصبر

و نحن اعلی حجة و اظهر — حقا و اتقی منکم و اعذر

اس کے بعد اس سن رسیدہ اور ضعیف العمر مگر قوی العزم و الایمان بزرگوار نے میدان کارزار میں اپنی

---

[1] **مختصر حالات حبیب بن مظاهر اسدیؓ**:۔ نام و نسب حبیب بن مظاہر (مظہر) بن رئاب بن اشتر بن حجوان بن فقعس بن طریف بن عمرو بن قیس بن الحارث بن ثعلبہ بن دودان بن اسد بن خزیمہ الاسدی ثم الفقعی۔ کنیت ابو القاسم۔ علامہ ابن حجر عسقلانی نے انہیں صحابہ رسولؐ میں شمار کیا ہے[1] شیخ الطائفہ حضرت شیخ طوسیؒ نے فہرست اور حضرت شہید ثالث علیہ الرحمہ نے مجالس المؤمنین میں انہیں جلیل القدر تابعی قرار دیتے ہوئے حضرت امیرؑ اور سیدا شباب اهل الجنة کے اصحاب باصفا میں شمار کیا ہے۔

جناب حبیب تینوں جنگوں میں حضرت امیر علیہ السلام کے ہمرکاب رہے۔ ارباب سیر و تراجم نے ذکر کیا ہے کہ جناب حبیب کا شمار حضرت امیرؑ کے خواص اصحاب اخیار اور آپ کے حملۂ علوم و آثار میں ہوتا ہے۔ چنانچہ رجال کشی طبع بمبئی، ص ۵۲ میں مذکور ہے کہ ایک دن جناب میثم تمار اور جناب حبیب گھوڑوں پر سوار مختلف سمتوں سے آ رہے تھے کہ راستہ میں مجلس بنی اسد کے نزدیک ملاقات ہوگئی۔ کچھ دیر باتیں کرتے رہے۔ اس وقت وہ باہم اس قدر قریب تھے کہ دونوں حضرات کے گھوڑوں کی گردنیں باہم ملی ہوئی تھیں۔ پھر جناب حبیب نے کہا: میں گویا ایک عمر رسیدہ بزرگ کو دیکھ رہا ہوں جن کے سر کے اگلے حصہ پر بال نہیں۔ پیٹ بڑا ہے اور دار الرزق کے پاس خربوزے بیچتا ہے۔ اسے محبت اہل بیتؑ کے جرم کی پاداش میں سولی پر لٹکا دیا گیا ہے۔ یہ سن کر جناب میثم تمار نے کہا: میں بھی ایک ایسے شخص کو پہچانتا ہوں جس کا رنگ سرخ و سفید ہے اور سر پر دو گیسو ہیں جو اپنے رسولؐ کی دختر کے فرزند کی نصرت کے لیے نکلے گا اور قتل کر دیا جائے گا۔ اور پھر اس کے سر کو کوفہ کے بازاروں میں پھرایا جائے گا۔ اس گفتگو کے بعد وہ جدا ہوگئے۔ کچھ لوگ جو ان دونوں بزرگواروں کی اس پُر اسرار گفتگو کو سن رہے تھے۔ کہنے لگے: ہم نے ان سے زیادہ کوئی جھوٹا نہیں دیکھا۔ ابھی اہل مجلس اسی جگہ پر موجود تھے کہ جناب رشید ہجری ان دونوں کو تلاش کرتے ہوئے وہاں آ پہنچے اور اہل مجلس سے ان کے بارے میں استفسار کیا۔ انہوں نے بتایا کہ ابھی ابھی وہ یہاں موجود تھے اور اس قسم کی باتیں کر رہے تھے۔ جناب رشید نے ان کا باہمی مکالمہ سن کر فرمایا: خدا میثم پر رحم فرمائے۔ وہ اس قدر بات بھول گئے کہ جو دختر رسولؐ کے اس ناصر کا سر دربار میں پیش کرے گا اسے دوسروں سے ایک سو درہم زائد انعام دیا جائے گا۔ یہ بیان کر کے جناب رشید چلے گئے۔ ان کے چلے جانے کے بعد لوگوں نے کہا: بخدا یہ ان دونوں سے بھی زیادہ جھوٹا ہے۔ راویان اخبار کا بیان ہے کہ [بقیہ حاشیہ صفحہ ۳۶۷ پر]

[1] اصابہ، ج ۲، ص ۵۸، طبع مصر۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

شجاعت کے جوہر دکھانا شروع کیے جو سامنے آتا اسے مولی گاجر کی طرح کاٹ کے رکھ دیتے۔ اسی طرح بنابر مشہور پینسٹھ کوفیوں کو واصل جہنم کیا۔ بالآخر ایک تمیمی مرد نے تیر مارا جس سے جناب حبیب گر پڑے۔ اٹھنا چاہتے مگر حصین بن تمیم (نمیر) نے جناب کے سر پر تلواریں مار مار کر نڈھال کر دیا۔ جناب پھر منہ کے بل گر پڑے اور تمیمی ملعون نے گھوڑے سے اتر کر ان کا سر مبارک قلم کر دیا اور بروایتے بدیل بن صریم نے سر قطع کیا۔[1]

جناب سید الشہداء علیہ السلام پر جناب حبیبؓ کی شہادت بہت شاق گزری۔ فرمایا: ﴿احتسب نفسی و حماة اصحابی﴾ میں اپنے نفس اور اپنے حامی اصحاب کی جزاء کا بارگاہ ایزدی سے متمنی ہوں۔ پھر کئی بار کلمۂ استرجاع زبان پر جاری کیا۔[2] بعض کتب میں لکھا ہے کہ آنجنابؑ نے جناب حبیبؓ کی لاش پر یہ بھی فرمایا: ﴿للّٰہ درک یا حبیب کنت فاضلا تختم القران فی لیلة واحدة﴾ اے حبیب! خدا تجھے جزائے خیر دے۔ تو مرد فاضل تھا اور ایک رات میں پورا قرآن ختم کیا کرتا تھا۔[3]

[بقیہ حاشیہ از صفحہ نمبر ۳۶۶]

کوئی زیادہ مدت نہیں گزری تھی کہ ہم نے کوفہ کے اندر عمرو بن حریث کے دروازہ پر جناب میثم تمارؓ کو سولی پر لٹکا ہوا اور جناب حبیبؓ بن مظاہر کے سر کو کوفہ کے بازاروں میں پھراتے ہوئے دیکھا۔ اس طرح ان بزرگواروں نے جو کچھ کہا تھا ہم نے وہ بچشم خود دیکھ لیا۔

ارباب سیر و تواریخ کا بیان ہے کہ جناب مسلم بن عقیلؑ کی کوفہ میں تشریف آوری کے بعد جناب حبیبؓ اور جناب مسلم بن عوسجہؓ ان کے سرگرم رکن تھے جو لوگوں سے سرکار سید الشہداءؑ کے لیے بیعت لیتے تھے لیکن جب اہل کوفہ نے جناب مسلم کا ساتھ چھوڑ دیا اور جناب مسلم گرفتار کر لیے گئے تو ان دونوں حضرات کو ان کی قوم و قبیلہ نے روپوش کر دیا۔ تا آنکہ جب ان کو حضرت امام حسینؑ کے کربلا میں تشریف لانے کی اطلاع ملی تو یہ دونوں بزرگوار بمشکل تمام گھر سے نکل کر دن کو چھپتے اور رات کو منازل سفر طے کرتے ہوئے ساتویں یا آٹھویں شب محرم کو بارگاہ امام میں پہنچ گئے۔ ❁

اس سلسلہ میں جو کہا جاتا ہے کہ سرکار سید الشہداءؑ نے کربلا پہنچنے کے بعد جناب حبیب کو خصوصی خط لکھا تھا۔ جس کا مضمون یہ تھا: ﴿بسم اللہ الرحمن الرحیم من الحسین بن علی الی الرجل الفقیہ حبیب بن مظاہر الاسدی اما بعد فقد نزلنا بکربلا و انت تعلم قرابتی من رسول اللہ فان اردت نصرتنا فاقدم الینا عاجلاً﴾ اور پھر خط وصول کرنے کے بعد ان کا اپنی زوجہ کے ساتھ جو طول طویل مکالمہ بیان کیا جاتا ہے۔ یہ سب بظاہر بے اصل ہے اور اس سے جعل و وضع کے آثار بالکل واضح و آشکار نظر آتے ہیں۔ یہ واقعہ صرف اسرار الشہادت میں موجود ہے اور وہ بھی بے ماخذ و بے مدرک۔ اور چونکہ اس کتاب میں متعدد بے سروپا روایات موجود ہیں اور ہر قسم کا رطب و یابس مواد موجود ہے۔ اس لیے جب تک اس کے مندرجات کی تائید دوسری کتب معتمدہ سے نہ ہو جائے اس کے متفردات پر اعتماد نہیں کیا جا سکتا۔ اس کتاب کی تفصیلی کیفیت معلوم کرنے کے لیے لؤلؤ و مرجان محدث نوریؒ کی طرف رجوع کیا جائے۔ جناب حبیب کی جلالت قدر کی ایک یہ بھی بین دلیل ہے کہ باوجود پیرانہ سالی کے

[بقیہ حاشیہ صفحہ نمبر ۳۶۸ پر]

❁ ذخیرۃ الدارین، ص ۱۸۹۔

---

[1] بحار، ج ۱۰، ص ۱۹۷۔ تاریخ، جلد ۶، ص ۲۵۸۔ تمام، ص ۴۴۸۔ مقتل الحسین، ص ۲۷۷۔

[2] تاریخ، ج ۱، ص ۲۵۸، لوامع الاشجان، ص ۱۲۸۔

[3] نفس المہموم، ص ۱۴۵۔ تاریخ، ج ۶، ص ۲۵۹۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

نمازِ ظہر کا قیامت خیز منظر

بہرکیف جب قوم جفا کار نے وارثِ رسول کو نماز پڑھنے کی مہلت نہ دی اور نابکار جنگ موقوف کرنے پر راضی نہ ہوئے۔ تو امامؑ نے بطور نمازِ خوف نمازِ ظہر ادا کرنے کا تہیہ کرلیا۔ چنانچہ:

(۱۱) جناب زہیر بن القینؓ اور (۱۲) سعید بن عبداللہ الحنفیؓ کو حکم دیا کہ تم دونوں میرے آگے کھڑے ہو جاؤ۔ چنانچہ یہ دونوں بزرگوار اور بروایتے صرف جناب سعید بن عبداللہ کو یہ حکم دیا تھا)[1] جو کہ ایمان وایقان کے پیکر تھے امامؑ کے آگے سیسہ پلائی ہوئی دیوار کی طرح کھڑے ہوگئے جدھر سے تیر یا تلوار یا نیزہ کا کوئی وار ہوتا تھا یہ آگے بڑھ کر اپنے سینہ پر لے لیتے تھے۔ چنانچہ اس کا نتیجہ یہ نکلا کہ ادھر امامؑ نے نماز کا سلام پھیرا اور ادھر جناب سعید جو زخموں سے چھلنی ہو چکے تھے زخموں کی تاب نہ لا کر زمین پر گر گئے۔ راویان اخبار کا بیان ہے کہ جناب سعید کے بدن پر تلواروں اور نیزوں کے زخموں کے علاوہ تیرہ تیر جسم مبارک میں پیوست تھے۔ گرتے ہوئے کہا: ﴿اللّٰھم العنھم لعن عاد و ثمود اللّٰھم ابلغ نبیک عنی السلام و ابلغه ما لقیت من الم الجراح فانی اردت ثوابک فی نصرة ذریة نبیک﴾ بارالہا! ان لوگوں پر اس طرح لعنت کر جس طرح قوم عاد وثمود پر کی تھی اور جناب رسولؐ خدا کو میرا اسلام پہنچا۔ نیز میرے رنج والم کی ان کو اطلاع دے۔ کیونکہ میں نے تیرے ثواب کی خاطر ذرّیت رسولؐ کی نصرت کی ہے۔ فرسان الہیجاء، ج ۱، ص ۱۵۸ و ذخیرۃ الدارین، ص ۱۷۸ میں لکھا ہے کہ سعید نے آخری وقت سید الشہداءؑ کو مخاطب کر کے عرض کیا: ﴿یابن رسول اللّٰہ! اوفیت﴾ فرزند رسولؐ! کیا میں نے عہد پورا کر دیا ہے؟ امامؑ

[بقیہ حاشیہ از صفحہ نمبر ۳۶۷]

امامؑ نے اپنے مختصر لشکر کے میسرہ کی کمان انہی کے ہاتھ میں دی تھی۔ جیسا کہ پہلے ترتیب لشکر کے ضمن میں بیان کیا جا چکا ہے۔

اسی طرح شب عاشوراء جناب زینب عالیہ کا امام علیہ السلام کی خدمت میں عرض کرنا کہ باقی ماندہ اصحاب کا امتحان لے لیا ہے؟ اور امامؑ کا ان کو تسلی دینا۔ نافع بن ہلال کا جناب حبیب کو اس واقعہ کی اطلاع دینا اور جناب حبیب کا دیگر اصحاب حسینیؑ کو اطلاع دے کر شمشیر بکف اور سروں سے عمامے اتار کر خیام حسینیؑ کے دروازہ پر حاضر ہو کر مخدرات عصمت وطہارت کو اپنی نصرت وتائید کا یقین دلانا اور بی بیوں کا ان کو فرمانا: ﴿ایھا الطیبون حاموا عن الفاطمیات﴾ جو کہ شب عاشوراء کے واقعات میں گزر چکا ہے۔ یہ سب حقائق جناب حبیبؓ کی عظمت کے انمٹ نقوش ہیں۔

(**نوٹ**) جناب حبیبؓ کے والد کا اسم گرامی بنابر مشہور مظاہر ہے مگر محقق علماء تراجم کی تحقیق یہ ہے کہ اس اسم کا صحیح تلفظ مظہر بروزن محمد ومظفر ہے۔ ملاحظہ ہو: ذخیرۃ الدارین، ص ۱۹۲۔ فرسان الہیجاء، ج ۱، ص ۸۷۔ ناسخ، ج ۶، ص ۲۵۸)۔

اس بات کی تائید ان کے مندرجہ متن رجز سے بھی ہوتی ہے جس میں مظہر موجود ہے۔ اگر اسے "مظاہر" پڑھا جائے تو وزن ٹوٹ جاتا ہے۔ واللہ العالم۔ (منہ عفی عنہ)

---

[1] ذخیرۃ الدارین، ص ۱۸۷۔ فرسان الہیجاء، ج ۱، ص ۸۷۔ ناسخ، ج ۶، ص ۲۵۹۔ عاشر بحار، ص ۱۹۷ وغیرہ۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

نے فرمایا: ﴿نعم﴾ ہاں۔ ﴿و انت امامی فی الجنة﴾ تم مجھ سے پہلے جنت میں جاؤ گے۔ اس کے بعد ان کی روح قفس عنصری سے جنت الفردوس کی طرف پرواز کر گئی۔[1]

جناب سید الشہداء علیہ افضل التحیۃ والثناء نے ایسے زہرہ گداز حالات میں نماز پڑھ کر اور وہ بھی جماعت کے ساتھ اس کی اہمیت و عظمت پر وہ مہر تصدیق ثبت فرمائی ہے جسے طلوع آفتاب قیامت تک کوئی نہیں توڑ سکتا۔ نیز جناب سرکار شہادت نے جس انوکھے انداز سے نماز خدا ادا فرمائی ہے اس منظر کی نظیر چشم فلک نے کبھی نہ دیکھی ہوگی۔ اور نہ قیامت تک دیکھ سکے گی۔ کربلا والوں نے دنیا والوں کو دکھا دیا کہ کس طرح ع

نماز عشق ادا ہوتی ہے تلواروں کے سائے میں

دعا ہے کہ خداوند عالم امام حسین علیہ السلام کے تمام نام لیواؤں کو آپؑ کے اس اسوۂ حسنہ سے درس عمل حاصل کرنے کی توفیق دفیق عطا فرمائے۔ آمین بجاہ النبی و آلہ الطاہرینؑ۔

---

[1] مورخ طبری (ج ۶، ص ۲۵۲) نے ان کی شہادت کا واقعہ قدرے ترمیم کے ساتھ اس طرح بیان کیا ہے کہ جب سرکار سید الشہداءؑ نے نماز ظہر بطور خوف ادا فرمائی اور پھر زور کی جنگ شروع ہوئی تو جناب سعید بن عبداللہ الحنفی امامؑ کے آگے آ کر کھڑے ہو گئے۔ دائیں بائیں جدھر سے کوئی تیر یا تلوار کا وار کرتا۔ جناب سعید آگے بڑھ کر اپنے سینہ یا پہلو یا سر یا ہاتھ پر اسے روک لیتے تھے اور امام کے جسم مبارک تک کوئی تیر وغیرہ نہ پہنچنے دیتے۔ اور ساتھ ساتھ یہ بھی کہتے جاتے: ﴿اللّٰھم العنھم لعن عاد و ثمود. الخ...﴾ اسی طرح دفاع کرتے کرتے زخموں سے چھلنی ہو گئے اور بالآخر زخموں کی تاب نہ لا کر زمین پر گرے اور روح مبارک قفس عنصری سے جنت الخلد کی طرف پرواز کر گئی۔ (کذا ذکرہ الجزری و ابن نما)

بہر حال جناب سعید بن عبداللہ الحنفی کوفہ کے شیعیان علیؑ میں سے جانی پہچانی اور معزز شخصیت کے مالک تھے۔ آپ کا مشہور عابدوں اور زاہدوں اور دلیروں میں شمار ہوتا تھا۔ اہل کوفہ نے جو خطوط امام حسین علیہ السلام کی خدمت میں مکہ بھیجے ان میں سے آخری خط لے جانے والے یہی سعید بن عبداللہ الحنفی اور ہانی بن ہانی سبیعی تھے۔ امامؑ نے دریافت کیا: یہ خط کن لوگوں نے لکھا ہے؟ آپ نے عرض کیا کہ ایک جماعت کثیر نے لکھا ہے کہ من جملہ ان کے شبث بن ربعی، حجار بن ابجر، یزید بن الحارث، قیس بن اشعث، عروہ بن قیس، عمرو بن الحجاج اور محمد بن عمیر وغیرہ ہیں۔ امامؑ نے اہل کوفہ کے نام مناسب جواب لکھ کر ان کے حوالہ کیا۔ اور ان کے بعد جناب مسلمؑ کو کوفہ بھیجا۔ جناب مسلم نے ابتداء میں اہل کوفہ کی بیعت کرنے کے حالات و کوائف پر مشتمل جو مکتوب سید الشہداءؑ کو بھیجا وہ انہی سعید بن عبداللہ کے ہاتھ بھیجا تھا۔ جناب سعید خدمت امام میں پہنچ کر انہی کے ہمرکاب رہے تا آنکہ روز عاشوراء مذکورہ بالا کیفیت سے جام شہادت نوش فرمایا۔ یہی وہ سعید بن عبداللہ الحنفی تھے کہ جب شب عاشوراء امامؑ نے اصحاب کو چلے جانے کی اجازت دے دی تھی۔ تو جناب مسلم بن عوسجہ کی پُر اخلاص تقریر کے بعد اظہار خلوص و ہمدردی کرتے ہوئے کہا تھا۔ خدا کی قسم ہم ہرگز آپ کا ساتھ نہ چھوڑیں گے۔ یہ تو صرف ایک بار کی شہادت ہے۔ بخدا اگر مجھے یقین ہوتا کہ میں قتل کیا جاؤں گا پھر جلا دیا جاؤں گا اور میری راکھ ہوا میں اڑا دی جائے گی۔ پھر زندہ کیا جاؤں گا۔ حتیٰ کہ مجھ سے ستر (۷۰) بار ایسا ہی سلوک کیا جائے گا۔ پھر بھی آپ کا ساتھ نہ چھوڑتا۔ تاریخ عالم گواہ ہے کہ سعید نے جو کچھ کہا تھا وہ اپنے عمل و کردار سے پورا کر دکھایا۔[1] لقد سعد فی الدنیا و الآخرة...!!

[1] ذخیرہ، ص ۱۷۷، فرسان، ج ۱، ص ۱۵۸، ص ۱۸۷ وغیرہ۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

(۱۳) نمازِ ظہر کے ہنگامہ کے بعد جناب سوید بن عمرو بن ابی المطاع الخثعمی بپھرے ہوئے شیر کی طرح میدان کارزار میں نکلے جو کہ ایک شریف النفس، عمر رسیدہ، تجربہ کار بہادر اور عبادت گزار بزرگوار تھے۔ اور بڑی دلیری و جانفشانی سے دادِ شجاعت دی۔ اس وقت وہ یہ رجز بھی پڑھ رہے تھے ؎

اقدم حسین الیوم نلقی احمدًا — و شیخک الخیر علیًا ذا الندی

و حسنًا لبدر و افی الاسعدا — و عمک القرم الهمام الا رشدا

و حمزة لیث الله یدعی اسدا — وذ الجناحین تبوأ مقعدا

فی جنت الفردوس یعلو صعدا

لڑتے لڑتے زخموں سے نڈھال ہو کر مقتولین میں گر پڑے۔ عام لوگوں نے یہی سمجھا کہ وہ شہید ہو گئے ہیں مگر درحقیقت ان میں ہنوز کچھ رمق باقی تھی۔ چنانچہ وہ اسی حالت میں مدہوش پڑے رہے۔ حتیٰ کہ جب ان کے کان میں شہادتِ حسینؑ کی آواز پڑی تو بوجہ افاقہ اور کچھ شدت جوش سے بے تاب ہو کر کھڑے ہو گئے اور ایک چھرا جو ان کے پاس تھا اس سے انہوں نے یکا یک قوم اشقیاء پر حملہ کر دیا اور کچھ دیر قتال و جدال کرنے کے بعد درجۂ رفیعہ شہادت پر فائز ہوئے۔ ان کو عروہ بن بکاء التغلبی و زید بن ورقاء الجہنی نے مل کر شہید کیا۔ کئی ارباب مقاتل نے تصریح کی ہے کہ

﴿کان اخر قتیل من اصحاب الحسینؑ[1]﴾۔

SIBTAIN.COM
Presented By: www.jafrilibrary.com

(۱۴) زہیر بن القین البجلیؓ

جناب زہیر کا شمار عرب کے مشہور اشراف روزگار اور نامی گرامی شاہسواران میدانِ کارزار میں ہوتا تھا۔ کوفہ کے باشندہ تھے۔ جناب زہیر پہلے عثمانی المسلک تھے۔ مگر ۶۰ھ میں حج بیت اللہ سے مشرف ہوئے اور واپسی پر راستہ میں حضرت خامس آل عبا سے منزل زرود پر ان کی دعوت پر ملاقات ہوئی اور پھر امام کی نظر کیمیا اثر سے ان کی کایا پلٹ گئی اور علوی المذہب ہو گئے۔ امام علیہ السلام نے منزل ذو حسم پر حُر کے سدِ راہ ہونے کے بعد جو خطبہ ارشاد فرمایا۔ اس وقت جناب زہیر نے جس طرح والہانہ اخلاص کا اظہار کیا تھا اور شب عاشوراء امام کے اصحاب کو اذن رخصت دینے کے وقت جناب زہیر نے دوسرے فداکار اور مخلص اصحاب کی طرح جن فداکارانہ جذبات کا اظہار کیا تھا ان سب باتوں کی تفصیل قبل ازیں اپنے اپنے مقام پر گزر چکی ہے۔ ان کے اخلاص و ایمان اور جنگی امور میں پوری مہارت رکھنے کا نتیجہ تھا کہ صبح عاشوراء جب امام علیہ السلام نے اپنے مختصر لشکر کو مرتب فرمایا تو میمنۂ لشکر کی زمام قیادت جناب زہیر کے سپرد فرمائی۔ صبح عاشوراء امام الشہداءؑ کے تاریخی خطبہ کے بعد (وہ بروایتے پہلے) اہل ضلال کو وعظ و پند کیا۔ اور

---

[1] نفس المہموم، ص ۱۵۲۔ لوامع الاشجان، ص ۱۲۶۔ ذخیرۃ الدارین، ص ۲۷۰۔ فرسان الہیجاء، ج ۱، ص ۱۶۴ وغیرہ۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

آغاز جنگ ہوتے ہی جناب زہیر نے کئی بار اپنی خداداد شجاعت و شہامت کا عملی ثبوت دیا۔ قبل از ظہر جب شمر نے حسینی سپاہ کے میسرہ پر حملہ کر کے خیام حسینیؑ کے جلانے کا ارادہ کیا تو دست بدست جنگ میں بڑی جانفشانی کے ساتھ جہاد کیا۔ بعد ازاں جب سرکار سید الشہداءؑ نے نماز ظہر ادا فرمائی تو ایک قول کے مطابق جناب سعید بن عبداللہ الحنفی کے ساتھ انہوں نے بھی حفاظت امام کا بے مثال فریضہ انجام دیا۔ نماز ظہر کے قیامت خیز منظر کے بعد جب پھر بڑی شدت سے میدان کارزار گرم ہوا تو جناب زہیر نے آخری بار جذبۂ شوق شہادت سے سرشار ہو کر یہ رجز پڑھتے ہوئے میدانِ کارزار میں قدم رکھا ؎

انا زهير و انا ابن القين — اذرد كم بالسيف عن حسينؑ
ان حسينا احد السبطين — من عترة البر التقى الزين
ذاك رسول الله غير المين — اضربكم ولا ارى من شين
يا ليت نفسي قسمت قسمين

پھر جناب سید الشہداءؑ کو خطاب کرتے ہوئے کہا۔

فدتك نفسي هاديا مهديا — فاليوم القى جدك النبيا
و حسنا و المرتضى عليا — و ذالجناحين الفتى الكميا
و اسد الله الشهيد الحيا

پھر اس زور شور سے فریضۂ جہاد ادا کیا کہ اُنیس اور ایک روایت کے مطابق ایک سو بیس ناریوں کو واصل جہنم کیا۔ بالآخر لڑتے لڑتے خود بھی زخموں سے نڈھال ہو گئے۔ اس اثناء میں کثیر بن عبداللہ الشعبی اور مہاجر بن اوس التمیمی نے حملہ کر کے ان کو شہید کر دیا۔ اور وہ ریاض رضوان کی طرف سدھار گئے۔ جب جناب زہیر زمین پر گرے تو سرکار سید الشہداءؑ نے فرمایا: ﴿لا يبعدك الله يا زهير و لعن قاتلك لعن الذين مسخو اقردة و خنازير﴾ اے زہیر! خدا تمہیں دور (ہلاک) نہ کرے! اور تیرے قاتل پر اس طرح لعنت کرے جس طرح ان لوگوں پر کی تھی جو بندر اور خنزیر کی شکل میں مسخ ہو گئے تھے۔[1]

رفت با ایمان کامل زیں جہاں — در ریاض قربِ حق کرد ے مکاں

---

[1] ذخیرۃ الدارین، ص ۱۸۱۔ نفس المہموم، ص ۱۴۸۔ لوامع الاشجان، ص ۱۲۷۔ تمقام، ص ۳۵۰۔ فرسان الہیجاء، ج ۱، ص ۱۴۲ وغیرہ۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

(۱۵) شوذب بن عبداللہ الہمدانی الشاکریؓ مولیٰ شاکر

(۱۶) عابسؓ بن ابی شبیب بن شاکر بن ربیعہ بن مالک بن صعب بن معاویہ بن کثیر بن مالک بن جشم بن حاشد الہمدانی الشاکری

بنی شاکر قبیلۂ ہمدان کی ہی ایک شاخ ہے۔ جو ولایت اہل بیتؑ میں نہایت مخلص اور راسخ ہے۔ انہی کے بارے میں جناب امیر المؤمنینؑ نے جنگ صفین میں فرمایا تھا۔ جیسا کہ نصر بن مزاحم منقری نے اپنی کتاب ''وقعۃ الصفین'' میں ذکر کیا ہے کہ ﴿لو تمت عدتهم الفاً لعبد الله حق عبادته﴾ اگر اس قبیلہ کی تعداد ایک ہزار بھی ہوتی تو ان کی بدولت خدا کی اس طرح صحیح عبادت کی جاتی جیسا کہ اس کا حق ہے۔ نیز آنجنابؓ کا یہ شعر بھی اسی خانوادہ کی مدح میں ہے ؎

ولو کنت بوّاباً علی باب جنّۃ ۔۔۔ لقلت لهمدان ادخلی بسلام[1]

جناب شوذب کے بارے میں ایک تحقیق

اس قبیلہ کے لوگ بڑے نامی گرامی شاہسوار اور جری و جرار تھے۔ جناب شوذب بن عبداللہ مولیٰ شاکر کے بارے میں عام تأثر تو یہی ہے کہ جناب عابس بن ابی شبیب کے جد شاکر کے غلام تھے۔ ان کی وفات کے بعد جناب عابس سے وابستہ ہوئے۔ اور یہ تأثر لفظ ''مولیٰ شاکر'' سے اس مطلب کے متبادر الی الذہن ہونے کی وجہ سے پیدا ہوا ہے۔ مگر ارباب علم و بصیرت جانتے ہیں کہ لفظ ''مولیٰ'' چند معانی میں مشترک ہے۔ من جملہ ان معانی کے ایک معنیٰ حلیف (ہم قسم) اور دوسرے معنیٰ نزیل بھی ہیں۔ عمدۃ المحدثین جناب شیخ عباس قمی غلام والے معنیٰ کی نفی کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ ان کو ''مولیٰ شاکر'' صرف اس بنا پر کہا جاتا ہے کہ وہ بنی شاکر کے حلیف یا نزیل تھے۔[2] اسی طرح آقائے شیخ ذبیح اللہ محلاتی نے بھی ان کی غلامی کا انکار کرتے ہوئے ان کو مولیٰ شاکر کہنے کی وجہ یہ لکھی ہے کہ درمیان قبیلۂ بنی شاکر مسکن داشت۔ یعنی ان کا گھر بنی شاکر کے محلہ میں تھا۔[3] بہرکیف جناب شوذب کوفہ کے مشہور شیعیانِ علیؑ اور عرب کے معدودے چند شاہسواروں میں سے ایک اور حضرت امیر المؤمنینؑ کی احادیث کے حامل تھے۔ شیعیانِ کوفہ ان کی مجلس میں حاضر ہو کر ان سے علمی استفادہ کیا کرتے تھے۔ اسی طرح جناب عابس بن ابی شبیب شاکری شیعیانِ کوفہ کے اعیان و شجعان میں سے تھے۔ نیز آپ ایک اچھے خطیب، شب زندہ دار اور تہجد گزار بزرگوار تھے۔ جب جناب مسلم نے اہل کوفہ کے حالات پر مشتمل مکتوب سید الشہداءؑ کے نام سعید بن عبداللہ کے ہاتھ ارسال کیا۔ اس وقت جناب شوذب بھی ان کے ہمراہ تھے۔ اس طرح یہ دونوں بزرگوار مکۂ مکرمہ سے کربلا تک برابر امام

---

[1] وقعۃ الصفین، ص ۲۷۴۔ [2] نفس المہموم، ص ۱۵۰۔ [3] فرسان الہیجاء، ج ۱، ص ۱۶۸۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

حسینؑ کے ہمرکاب رہے۔ حتیٰ کہ روزِ عاشوراء نمازِ ظہر کے ہنگامہ کے بعد عابس نے شوذب سے دریافت کیا: ﴿یا شوذب ما فی نفسک تصنع؟﴾ بتاؤ اب کیا ارادہ ہے؟ شوذب نے برجستہ جواب دیا: ﴿ما اصنع؟ اقاتل معک دون بن بنت رسول اللّٰہ حتی اقتل!﴾ بھلا یہ بھی کوئی پوچھنے کی بات ہے کہ میں کیا کروں گا؟ میں آپ کے ساتھ مل کر دختر رسولؐ کے فرزند کی نصرت میں جہاد کروں گا۔ یہاں تک کہ شہید ہو جاؤں۔ جناب عابس نے فرمایا: ﴿ذلک الظن بک﴾ مجھے آپ سے یہی حسن ظن تھا! آگے بڑھ کر امام سے اذن جہاد لو۔ تا کہ امام دوسرے اصحاب کی طرح تمہاری مصیبت کا صدمہ بھی برداشت کریں (اور اس طرح اجر و ثواب بے حساب کا استحقاق حاصل کریں) اور میں بھی تمہاری مصیبت کا صدمہ جھیلوں۔ بخدا اگر اس وقت تم سے زیادہ مجھے کوئی عزیز ہوتا تو میری یہی خواہش ہوتی کہ وہ میرے سامنے جام شہادت نوش کرے اور میں اس کا صدمہ برداشت کروں۔ آج کا دن غنیمت ہے۔ جس قدر ممکن ہو آج اجر و ثواب حاصل کر لینا چاہیئے کیونکہ آج کے بعد سوائے حساب و کتاب کے اور کسی عمل کا موقع نہیں ملے گا۔

اصحاب کے رخصت ہونے اور امامؑ کے اجازت دینے کا طریقہ

چنانچہ شوذب نے خدمتِ امامؑ میں حاضر ہو کر سلام عرض کیا: ﴿السلام علیک یابن رسول اللّٰہ﴾ امامؑ نے سلام کا جواب دیا: ﴿و علیک السلام و نحن خلفک﴾ ارباب مقاتل نے لکھا ہے کہ اصحاب کرام اور امام عالی مقام کا یہی طریقہ تھا کہ وہ بوقت رخصت اسی طرح سلام کرتے اور امامؑ اسی طرح جواب دیتے اور پھر یہ آیت تلاوت فرماتے: ﴿فَمِنْهُمْ مَّنْ قَضٰى نَحْبَهٗ وَ مِنْهُمْ مَّنْ يَّنْتَظِرُ وَمَا بَدَّلُوْا تَبْدِيْلًا﴾[1] اجازت ملنے کے بعد میدان قتال میں گئے اور اس طرح لڑے جس طرح بہادر شاہسوار لڑتے ہیں۔ حتیٰ کہ قوم جفا کار کی ایک جماعتِ کثیرہ کو واصل جہنم کرنے کے بعد خود بھی راہی فردوس بریں ہوئے۔

شوذب کی شہادت کے بعد جناب عابس بن ابی شبیب شاکری خدمت امام علیہ السلام میں حاضر ہوئے اور سلام کے بعد عرض کیا: ﴿یا ابا عبد اللّٰہ! اما واللّٰہ ما امسٰی علی وجہ الارض قریب ولا بعید اعزّ علیّ ولا احبّ الی منک ولو قدرت علی ان ادفع عنک الضیم او القتل بشیٔ اعز علیّ من نفسی و دمی لفعلت السلام علیک یا ابا عبد اللّٰہ اشھد اللّٰہ انی علی ھداک و ھدی ابیک!﴾ اے ابوعبداللہ! خدا کی قسم اس وقت تمام روئے زمین پر مجھے نزدیک یا دور کا کوئی رشتہ دار یا تعلقدار آپ سے زیادہ عزیز اور محبوب نہیں ہے۔ اگر میرے پاس اپنی جان اور اپنے خون سے زیادہ عزیز و نفیس کوئی چیز موجود ہوتی جس کے ذریعہ آپ سے ظلم و

---

[1] نفس المہموم، ص ۱۶۰۔ مقتل المقرم، ص ۲۸۱۔ مقتل العوالم، ص ۸۵۔ مقتل الحسین للخوارزمی، ج ۲، ص ۲۵۔ عاشر بحار، ص ۱۹۵ وغیرہ۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

تعدی اور قتل کو دور کر سکتا تو یقیناً اس کے صرف کرنے میں دریغ نہ کرتا۔ بلکہ اسے نثار کرتا۔ میں خدا کو گواہ کر کے کہتا ہوں۔ کہ میں آپ کے اور آپ کے والد ماجد کے (برحق) طریقہ پر قائم ہوں۔ اذن جہاد ملنے کے بعد تلوار کو میان سے نکال کر میدان وغا میں کود پڑے۔ جناب عابس بن ابی شبیب کے منہ پر تلوار کے زخم کا ایک نشان تھا۔ جو آپ کو جنگ صفین میں لگا تھا۔ فوج مخالف کے ایک فوجی ربیع بن تمیم ہمدانی کا بیان ہے۔ جب میں نے عابس کو میدان جنگ میں آتے دیکھا تو انہیں فوراً پہچان لیا کیوں کہ قبل ازیں میں ان کو کئی جنگوں میں بالخصوص جنگ صفین میں دیکھ چکا تھا۔ اور ان کی شجاعت کے عظیم کارناموں کا مشاہدہ کر چکا تھا۔ میں نے پکار کر کہا: ﴿هذا اسد الاسود هذا ابن ابی شبیب لا یخرجن الیه احد منکم﴾ لوگو! یہ زبردست شیر ہے۔ یہ ابن ابی شبیب ہے۔ خبردار تم میں سے کوئی بھی اس کے مقابلہ میں نہ نکلے۔ چنانچہ جناب عابس نے بار بار مبارز طلب کیا۔ مگر فوج مخالف سے کوئی نہ نکلا۔ ابن سعد نے فوج کو حکم دیا کہ ان پر ہر طرف سے پتھر برساؤ۔ جب جناب عابس نے یہ کیفیت دیکھی تو (غصہ میں) آ کر زرہ اور خود اتار پھینکی اور پھر شمشیر بکف ہو کر فوج مخالف پر ٹوٹ پڑے۔ شخص مذکور بیان کرتا ہے کہ بخدا میں نے اپنی آنکھوں سے دیکھا کہ ان تابڑ توڑ حملوں میں عابس نے دو سو سے زیادہ لوگوں کو پچھاڑا۔ یہ حالت دیکھ کر لوگ ان پر ہر چہار طرف سے ٹوٹ پڑے اور ان کو شہید کر کے ان کا سر قلم کر لیا۔ میں نے متعدد آدمیوں کو اپنی ناموری کی خاطر جھگڑتے ہوئے دیکھا۔ ان میں سے ہر ایک شخص یہ کہتا تھا کہ میں نے عابس کو قتل کیا۔ جب ان کو ابن سعد کے سامنے پیش کیا گیا تو اس نے یہ کہہ کر ان کا جھگڑا ختم کیا کہ ان کو کسی ایک شخص نے قتل نہیں کیا بلکہ تم سب نے مل کر کیا ہے۔[1]

(۱۷) حنظلہ بن اسعد الشبامی الہمدانیؓ

جناب حنظلہ بنی شبام کے چشم و چراغ تھے جو کہ بنی ہمدان ہی کا ایک قبیلہ ہے۔ صاحب ابصار العین نے لکھا ہے کہ ﴿کان حنظلة بن اسعد الشبامی وجهاً من وجوه الشیعة ذلقاً و فصاحة شجاعاً قارئاً و کان له ولد یدعی علیا له ذکر فی کتب التواریخ﴾ یعنی جناب حنظلہ بن اسعد شبامی نامور شیعوں میں سے تھے خوش تقریر اور صاحب فصاحت و بلاغت تھے۔ نیز بہادر و دلیر اور قاری قرآن تھے۔ ان کا ایک لڑکا تھا جس کا نام علی تھا جس کا ذکر کتب تواریخ میں موجود ہے۔ جناب سید الشہداء کے کربلا میں نزول اجلال فرمانے کے بعد حنظلہ جماعت حسینیؑ میں آ کر شامل ہوئے۔ آغاز جنگ سے پہلے امام علیہ السلام انہیں پسر سعد کے ساتھ پیام و کلام کے لیے بھیجتے تھے۔

روز عاشوراء جب امام علیہ السلام کے اعوان و انصار بالکل تھوڑے رہ گئے تو جناب حنظلہ اذن جہاد حاصل کرنے

---

[1] ذخیرۃ الدارین، ص ۲۵۱۔ فرسان الہیجاء، ج ۱، ص ۱۶۸، ۱۸۰۔ نفس المہموم، ص ۱۵۰۔ لوائح الاشجان، ص ۱۲۷۔ عاشر بحار، ص ۱۹۹۔ تنقیح المقال، ص ۳۵۲۔ تاریخ، ج ۶، ص ۲۶۴ وغیرہ۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

کے لیے امامؑ کے آگے آ کر کھڑے ہو گئے۔ جدھر سے کوئی تیر یا تلوار یا نیزہ سے وار کرتا تھا۔ جناب حنظلہ آگے بڑھ کر اپنے منہ یا سینہ یا ہاتھوں پر اسے روک لیتے تھے۔ اور بآواز بلند قوم اشقیاء کو مخاطب کر کے کہتے تھے۔ ﴿یٰقَوْمِ اِنِّیْٓ اَخَافُ عَلَیْکُمْ مِّثْلَ یَوْمِ الْاَحْزَابِ مِثْلَ دَاْبِ قَوْمِ نُوْحٍ وَّ عَادٍ وَّ ثَمُوْدَ وَالَّذِیْنَ مِنْ م بَعْدِهِمْ وَمَا اللّٰهُ یُرِیْدُ ظُلْمًا لِّلْعِبَادِ وَ یٰقَوْمِ اِنِّیْٓ اَخَافُ عَلَیْکُمْ یَوْمَ التَّنَادِ یَوْمَ تُوَلُّوْنَ مُدْبِرِیْنَ مَالَکُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ عَاصِمٍ وَ مَنْ یُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَالَهٗ مِنْ هَادٍ﴾ (سورۂ مؤمن، آیت ۳۰ تا ۳۳)

اے میری قوم! مجھے یہ اندیشہ ہے کہ کہیں تم پر پچھلی امتوں کے سے دن نہ پڑ جائیں (یعنی) قوم نوح اور عاد اور ثمود اور ان کے بعد والوں کی سی حالت نہ گزرے۔ حالانکہ اللہ بندوں کے حق میں ظلم نہیں چاہتا۔ اور اے میری قوم! مجھے تمہارے بارے میں قیامت کے دن کا بھی اندیشہ ہے جس دن تم روگردان ہو کر چلو گے (تو) اس دن اللہ کی طرف سے کوئی بچانے والا نہ ہوگا اور جس سے خدائے تعالیٰ توفیق ہدایت سلب کر لے پس اس کا رہبر کوئی ہوتا ہی نہیں۔ اس کے بعد پکار کر کہا: ﴿یا قوم لا تقتلوا حسینًا فیسحتکم اللّٰہ بعذاب وقد خاب من افتری﴾ اے قوم! امام حسینؑ کو شہید نہ کرو۔ ورنہ خدا تمہیں اپنے عذاب کے ذریعہ نیست و نابود کر دے گا۔ اور ہمیشہ وہ آدمی خائب و خاسر ہوتا ہے جو افترا پردازی کرتا ہے۔

ان کا کلام سن کر امامؑ نے فرمایا: ﴿یابن اسعد رحمک اللّٰہ انھم قد استوجبوا العذاب حین ردّوا علیک ما دعوتھم الیہ من الحق و نھضوا الیک لیستبیحوک او اصحابک فکیف بھم الان و قد قتلوا اخوانک الصالحین﴾ اے پسر اسعد! خدا تم پر رحم کرے۔ یہ لوگ عذاب و عقاب خداوندی کے مستحق تو اسی وقت سے ہو چکے ہیں۔ جب صبح عاشوراء تمہاری دعوت الی الحق کو مسترد کرتے ہوئے تجھے اور تیرے ہمراہیوں کو قتل کرنے کے لیے اٹھ کھڑے ہوئے۔

اب ان کی نجات کی کیا امید ہو سکتی ہے۔ جب کہ تیرے کئی صالح بھائیوں کے خون میں اپنے ہاتھ رنگین کر چکے ہیں۔ ابن اسعد نے کہا: ﴿صدقت یابن رسول اللّٰہ جعلت فداک انت اعلم و احق بذلک افلا نروح الی ربنا و نلحق باخواننا الصالحین﴾ ہاں فرزند رسولؐ! آپ سچ فرما رہے ہیں۔ میری جان آپ پر قربان! مگر یہ تو فرمائیں۔ کیا ہم اپنے پروردگار کی بارگاہ میں نہ جائیں؟ اور اپنے نیک بھائیوں کے ساتھ جا کر شامل نہ ہوں؟ امامؑ نے فرمایا: ﴿رح الی ماھو خیر لک من الدنیا وما فیھا و الی ملک لا یبلی﴾ بیشک اس عالم کی طرف جاؤ جو دنیا و مافیہا سے بہتر و برتر ہے اور ایسی سلطنت کی طرف جو کبھی کہنہ نہ ہوگی۔ اجازت جہاد ملتے ہی حنظلہ نے کہا: ﴿السلام علیک یا ابا عبد اللّٰہ! صلّی اللّٰہ علیک و علی اھل بیتک و جمع اللّٰہ بیننا

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

و بینک فی الجنة ﴾ فرزند رسولؐ! آپ پر اور آپ کے اہل بیت پر درود و سلام ہو۔ خدا کرے کہ جنت الفردوس میں ہم اور آپ اکٹھے ہوں۔ امام علیہ السلام نے فرمایا: آمین آمین۔ پھر شمشیر بکف ہو کر دشمن کی فوج پر ٹوٹ پڑے۔ تھوڑی دیر بڑا دلیری اور جانفشانی سے جہاد کیا پھر دشمن ہر طرف سے ان پر ٹوٹ پڑے اور ان کو شہید کر دیا۔[1] رضوان اللہ تعالیٰ علیہ۔

(۱۸) عبدالرحمٰن بن عبداللہ الیزنیؓ

جناب عبدالرحمٰن جن کے حالات پردۂ خفا میں ہیں۔ یہ رجز پڑھتے ہوئے میدان میں نکلے ؎

انا ابن عبد اللّٰہ من ال یزن — دینی علی دین حسین و حسن

اضربکم ضرب فتی من الیمن — ارجو بذاک الفوز عند المؤتمن

اس کے بعد اپنے آپ کو مخالف کے دریائے لشکر میں ڈال دیا اور چند ناریوں کو واصل جہنم کرنے کے بعد خود دولت شہادت حاصل فرمائی۔[2]

(۱۹) سعد بن حنظلہ التمیمیؓ

ان کے حالات بھی نہیں مل سکے۔ محدث قمی وغیرہ نے صرف اس قدر لکھا ہے: ﴿کان من اعیان عسکر الحسینؑ﴾ یعنی یہ بزرگوار حضرت سید الشہداءؑ کے لشکر کے نام آور لوگوں میں سے تھے۔ یہ رجز پڑھتے ہوئے میدان وغا میں نکلے ؎

صبراً علی الاسیاف و الاسنة — صبراً علیها لدخول الجنة

و حور عین ناعمات هنّه — لمن یرید الفوز لا بالظنّة

یا نفس للراحة فاجهدنّه — وفی طلاب الخیر فارغبنّه[3]

پھر قوم اشقیاء پر ٹوٹ پڑے۔ سخت جنگ کرنے کے بعد شربت شہادت نوش فرمایا۔ رضوان اللہ علیہ۔

(۲۰) ابوثمامہ الصیداویؓ

نام و نسب عمرو بن عبداللہ الہمدانی الصائدی اور کنیت ابوثمامہ ہے۔ جناب ابوثمامہ مشہور تابعی، شاہسوار حضرت امیرالمؤمنینؑ کے مخصوص اصحاب اور کوفہ کے مشہور شیعیان حیدر کرار میں سے تھے۔ حضرت امیر کے ہمراہ تینوں

---

[1] ذخیرہ، ص ۲۴۷۔ نفس، ص ۱۴۹۔ لوائج، ص ۱۲۱۔ قمقام، ص ۳۵۱۔ فرسان، ج ۱، ص ۱۳۲۔ تاریخ، ج ۶، ص ۲۵۴۔ طبری، ج ۶، ص ۲۵۴ وغیرہ

[2] نفس، ص ۱۵۴، لوائج، ص ۱۳۰، فرسان، ج ۱، ص ۲۳۳۔

[3] نفس، ص ۱۵۳، فرسان، ص ۱۵۷، تاریخ، ج ۶، ص ۲۵۴، ۲۶۱ وغیرہ۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

جنگوں میں رہ کر دادِ شجاعت وایمان دے چکے تھے۔ آنجنابؑ کی وفات کے بعد امام حسنؑ سے وابستہ رہے۔ صلح حسنیؑ کے بعد جب امامؑ واپس مدینہ تشریف لے گئے تو یہ کوفہ ہی میں مقیم رہے۔ حتیٰ کہ ہلاکت معاویہ کے بعد جب شیعیان علیؑ سلیمان بن صرد خزاعی کے گھر جمع ہوئے اور امام کو کوفہ تشریف لانے کا دعوت نامہ لکھا تو یہ بھی ان لوگوں میں شریک تھے۔ جب حضرت مسلم بن عقیلؑ کوفہ میں تشریف لائے تو یہ بزرگوار جناب مسلمؑ کے حکم سے شیعیان علیؑ سے رقم جمع کر کے اس سے اسلحۂ جنگ خریدتے تھے۔ کیونکہ یہ اسلحہ شناسی میں بڑے ماہر تھے۔ شہادت مسلمؑ کے بعد روپوش ہوگئے۔ ابن زیاد نے ان کو بہت تلاش کیا مگر کامیاب نہ ہوسکا۔ بالآخر جب ان کو جناب سید الشہداءؑ کے بجانب عراق تشریف لانے کی اطلاع ملی تو جناب نافع بن ہلال جملی کے ساتھ پوشیدہ طور پر خدمت امام میں حاضری کے لیے روانہ ہوئے۔ اور راستہ میں کسی منزل پر قافلۂ حسینیؑ کے ساتھ شریک ہوگئے۔ یہی وہ بزرگوار تھے جنہوں نے روز عاشوراء زوال آفتاب کے وقت فرض شناسی کا بہترین نمونہ پیش کرتے ہوئے خدمت امام میں عرض کیا تھا کہ میری خواہش ہے کہ آخری نماز حضور کی اقتداء میں پڑھ کر بارگاہ ایزدی میں حاضر ہوں۔ اور امام علیہ السلام نے خوش ہو کر ان کو دعا دی تھی کہ تو نے اس وقت نماز کو یاد کیا ہے۔ خدا تمہیں نماز گزاروں میں شمار کرے۔

ایک تحقیق

SIBTAIN.COM

اب قابل غور یہ امر ہے کہ آیا جناب ابوثمامہ کی یہ تمنا پوری ہوئی یا نہ؟ بعض کتب مقاتل سے ظاہر ہوتا ہے کہ ان کی یہ آرزو پوری نہیں ہوسکی بلکہ اسی ہنگام ظہر کے ہنگامہ میں اپنے ایک چچازاد بھائی قیس بن عبداللہ الصائدی کے ہاتھوں درجۂ شہادت پر فائز ہوئے۔ چنانچہ کتاب مستطاب شہید انسانیت کے لائق مؤلف رحمۃ اللہ علیہ تحریر فرماتے ہیں: ''یہ سوچ کر نہایت تکلیف ہوتی ہے کہ ابوثمامہ کی یہ تمنا کہ وہ نماز ظہر امامؑ کی اقتداء میں پڑھ لیں۔ پوری نہیں ہوئی۔ بلکہ اسی ہنگامہ میں اپنے قبیلہ کے ایک شخص کے ہاتھ سے جو فوج یزید میں تھا وہ شہید ہوئے۔'' تاریخ طبری وکامل کے بیان سے بھی یہی ظاہر ہوتا ہے مگر ہماری متعدد کتب سیر وتراجم سے اس خیال کی تائید نہیں ہوتی بلکہ یہ معلوم کر کے روحانی مسرت وشادمانی حاصل ہوتی ہے کہ ان کی یہ تمنا پوری ہوگئی تھی۔

چنانچہ ذخیرۃ الدارین میں ص ۲۴۶ پر لکھا ہے: ﴿ثم ان ابا ثمامة قال للحسين و قد صلى بهم الحسين شدة صلوة الخوف لان القوم كانوا مهاجمين عليهم يا ابا عبد الله! انى قد هممت ان الحق باصحابى و كرهت ان اتخلف و اراك وحيداً من اهلك قتيلا﴾ جب امام حسینؑ نماز خوف کے طریقہ پر نماز ظہر پڑھا چکے تو اب ابوثمامہ الصائدی نے آگے بڑھ کر خدمت امام میں عرض کیا: ﴿يا ابا عبد الله!﴾ میں نے اب یہ عزم کرلیا ہے کہ اپنے بھائیوں سے ملحق ہوں۔ اور میں اس بات کو ہرگز پسند نہیں کرتا کہ آپ کو یکہ وتنہا

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

دیکھتے ہوئے جاں سپاری میں پس وپیش کروں۔ امام علیہ السلام نے فرمایا: ﴿تقدم فانا لاحقون بک عن ساعۃ﴾ جاؤ۔ ہم بھی تھوڑی دیر کے بعد تمہارے ساتھ ملحق ہونے والے ہیں۔ اذن جہاد ملتے ہی جناب ابوثمامہ نے خوب جنگ کی۔ یہاں تک کہ زخموں سے چور چور ہوگئے۔ اس وقت ان کے چچازاد بھائی قیس بن عبداللہ نے جسے آپ سے کوئی سابقہ عداوت تھی آپ کو شہید کردیا۔

ایسا ہی فرسان الہیجاء، ج ۱، ص ۶ پر لکھا ہے: ﴿ابو ثمامه پس از ادائے نمازِ خوف آمادۂ جان فشانی شد. بخدمت آں حضرت عرض کرد یابن رسول اللّٰه! بدرستیکه من مهیّا شدم که خود مرا باصحاب و یاران خود برسانم و دوست ندارم که اذانها بازمانم و مرا طاقت نباشد که ترا چنیں غریب و بے مددگار نیگرم یاترا مقتول به بینم. آں حضرت فرمود قدم پیش گزار اے ابا ثمامه که عنقریب باهم بشما ملحق خواهیم شد﴾ (تا آخر) اس عبارت کا مطلب بھی وہی ہے جو ذخیرہ کی عبارت کا ہے۔ ان حقائق سے معلوم ہوا کہ جناب ابوثمامہ کی شہادت فریضۂ ظہر ادا کرنے کے بعد ہوئی ہے۔

نفس المہموم میں صفحہ ۱۵۶ پر ہنگامۂ ظہر کے بعد جناب ابوثمامہ کا یہ رجز پڑھنا بھی مذکور ہے ؎

عزاء لال المصطفیٰ و بناتہ — علی حبس خیر الناس سبط محمدٍ
عزاء لبنت المصطفیٰ و زوجہا — خزانۃ علم اللّٰہ من بعد احمدٍ
عزاء لاھل الشرق و الغرب کلھم — و حزناً علی حبس الحسین المسدّدِ
فمن مبلغ عنی النبیّ و بنتہٗ — بان ابنکم فی مجھدای مجھدِ

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

(۲۱) یحییٰ بن سلیم مازنیؓ

ان کے حالات دستیاب نہیں ہو سکے۔ ظہر کے قیامت خیز ہنگامہ کے بعد امامؑ سے اجازت جہاد لے کر میدان کارزار میں یہ رجز پڑھتے ہوئے نکلے ؎

لا ضربن القوم ضرباً معضلاً ضرباً شدیداً فی العدیٰ معجلاً

لا عاجزاً فیھا ولا مولولا ولا اخاف الیوم موتا مقبلاً

لکننی کاللیث یحمی اشبلا

پھر کچھ دیر جنگ کرنے کے بعد درجۂ شہادت پر فائز ہوئے۔[1]

(۲۲) یحییٰ بن کثیر انصاریؓ

جناب یحییٰ اذن جہاد حاصل کرنے کے بعد یہ رجز پڑھتے ہوئے میدان جنگ میں نکلے ؎

ضاق الخناق بابن سعد و ابنہ بلقاھما الفوارس الانصار!

و مھاجرین مخضبین رماحھم تحت العجاجۃ من دم الکفار

خضبت علی عھد النبی محمدؐ والیوم تخضب من دم الفجار

خانوا حسیناً و الحوادث جمۃ و رضوا یزیداً و الرضا فی النار

(الیٰ آخرہا)

پھر بڑی شجاعت و دلیری کے ساتھ جہاد کیا۔ حتیٰ کہ بقول صاحب شرح شافیہ ابی فراس چالیس اور بقول ابی مخنف پچاس آدمیوں کو واصل جہنم کرنے کے بعد خود شربت شہادت نوش کیا۔[2]

(۲۳) یحییٰ بن ہانی بن عروۃ المرادیؓ

ابی مخنف اور صاحب ذخیرۃ الدارین کے بیان سے ظاہر ہوتا ہے کہ جناب یحییٰ، عمرو بن الحجاج الزبیدی کے بھانجے تھے کیونکہ عمرو کی بہن روعہ ہانی بن عروہ کی زوجیت میں تھیں جن کے بطن سے یحییٰ پیدا ہوئے۔ جناب مسلم و ہانی کی شہادت کے بعد یحییٰ ابن زیاد کے خوف سے روپوش ہو گئے تھے جب سید الشہداءؑ کے کربلا پہنچنے کی اطلاع ملی تو کسی نہ کسی طرح خدمت امامؑ میں پہنچ گئے۔ اور روز عاشوراء بقول بعضے حملۂ اولیٰ میں۔ اور بقول سید محمد بن ابی طالب مبارزت طلبی میں یہ رجز پڑھتے ہوئے میدان میں نکلے ؎

---

[1] بحار الانوار، ج ۱۰، ص ۱۹۸۔ نفس المہموم، ص ۱۵۴۔ فرسان الہیجاء، ج ۱، ص ۱۴۶۔ تقمام، ص ۳۵۶۔

[2] شرح شافیہ ابی فراس ہمدانی، ص ۱۳۱۔ ناسخ، ج ۶، ص ۲۶۰، فرسان الہیجاء، ج ۲، ص ۱۴۶ وغیرہ۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

اغشاکم ضرباً بحد السیف　　لاجل من حل بارض الخیف

بقدرة الرحمٰن رب الکیف　　اضربکم ضرباً بغیر حیف

اس طرح متعدد ناریوں کو واصل جہنم کرنے کے بعد جام شہادت نوش کیا۔[1]

(۲۴) جنادہ بن حارث الانصاری

نام ونسب جنادہ بن کعب بن الحارث الانصاری الخزرجی۔ یہ بزرگوار ولایت اہل بیتؑ میں اخلاص رکھنے والے اصحاب حسینیؑ میں سے تھے۔ یہ مکہ مکرمہ سے اپنے اہل وعیال سمیت سفر عراق میں جناب امام حسینؑ کے ساتھ آئے تھے۔ روز عاشوراء جب معرکہ کربلا شروع ہوا تو یہ بزرگوار اذن جہاد حاصل کر کے یہ رجز پڑھتے ہوئے میدان میں نکلے ؎

انا جناد و ابن الحارث　　لست بخوار ولا بناکث

عن بیعتی حتی یرثنی وارثی　　الیوم شلوی فی الصعید ماکث

پھر لشکر فجار پر حملہ کر کے سولہ ناریوں کو دار البوار میں پہنچایا۔ اس کے بعد خود فیض شہادت پر فائز[2] ہوئے۔

(۲۵) ایک نوخیز صاحبزادے کی شہادت

ارباب مقاتل لکھتے ہیں کہ ایک نوخیز لڑکا میدان کارزار میں نکلا جس کی عمر زیادہ سے زیادہ گیارہ[3] سال تھی۔ اور اس کا والد پہلے جام شہادت نوش کر چکا تھا۔ اس بچے کی والدہ نے جو اس سفر میں اس کے ہمراہ تھی یہ حکم دے کر کہ ﴿یا بنی قاتل بین یدی ابن رسول اللہ﴾ بیٹا جاؤ! اور فرزند رسولؐ کی حمایت میں جہاد کر کے جان نثار کرو، روانہ کیا چنانچہ جب وہ لڑکا اذن جہاد کے لیے بارگاہ امام میں حاضر ہوا تو سید الشہداءؑ نے اسے دیکھ کر اصحاب سے فرمایا: ﴿ھذا شاب قتل ابوہ و لعل امہ تکرہ خروجہ﴾ یہ نوخیز لڑکا ہے اس کا والد پہلے شہید ہو چکا ہے شاید اس کی والدہ اس کے میدان جنگ میں جانے پر راضی نہ ہو؟ لڑکے نے عرض کیا: ﴿امی امرتنی بذلک﴾ میرے آقا! میری والدہ نے ہی تو مجھے حکم دے کر اور جنگی لباس پہنا کر بھیجا ہے۔ اذن حاصل کرنے کے بعد یہ رجز پڑھتے ہوئے میدان وغا میں نکلا ؎

امیری حسین و نعم الامیر　　سرور فؤاد البشیر النذیر

---

[1] ذخیرۃ الدارین، ص ۲۵۶۔ فرسان الہیجاء، ج ۲، ص ۱۴۷۔

[2] ذخیرۃ الدارین، ص ۲۴۴۔ فرسان الہیجاء، ج ۱، ص ۷۶۔ بحار، ج ۱۰، ص ۹۸۔

[3] ذخیرۃ الدارین، ص ۲۴۴۔ مقتل الحسین للمقرم، ص ۲۹۰۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

علی و فاطمة والداه — فهل تعلمون له من نظیر

له طلعة مثل شمس الضحی — له غرّة مثل بدر منیر

پھر جہاد کرتے ہوئے جام شہادت نوش کیا۔ ستمگر قاتل نے اس کا سر قلم کر کے سپاہ حسینؑ کی طرف پھینک دیا۔ اس کی دلیر ماں نے سر کو اٹھا کر کہا: ﴿احسنت یا سرور قلبی و یا قرة عینی﴾ شاباش! اے میرے دل کے سرور اور آنکھوں کی ٹھنڈک بیٹا۔ پھر سر اٹھا کر ایک ظالم کو زور سے دے مارا جس سے وہ واصل جہنم ہو گیا۔ اور بعد ازاں عمود خیمہ لے کر یہ کہتی ہوئی حملہ آور ہوئی ؎

انا عجوز سیدی ضعیفة — خاویة بالیة نحیفة

اضربکم بضربة عنیفة — دون بنی فاطمة الشریفة

اسی طرح دو ناریوں کو واصل جہنم کر دیا۔ سید الشہداءؑ نے اسے واپس خیام میں پلٹ آنے کا حکم دیا۔ اور اسے دعائے خیر دی۔[1] اور بروایتے لڑنے سے قبل امامؑ نے اسے واپس لوٹا دیا۔[2]

؎ ولو کان النساء کمثل هذی — لفضلت النساء علی الرجال

وضاحت

SIBTAIN.COM
Presented By: www.jafrilibrary.com

بعض ارباب مقاتل کا خیال ہے کہ یہ نوخیز لڑکا جناب جنادہ بن کعب بن الحرث الانصاری مذکور کا ہی صاحبزادہ تھا۔ اور اس کا نام عمرو بن جنادہ[3] ہے۔ واللہ العالم۔

(۲۶) سید الشہداء کے ترکی غلام کی شہادت

سید الشہداءؑ کا ایک ترکی غلام جو کہ قاریٔ قرآن تھا۔ ان کا نام نامی غالباً ''واضح'' تھا۔ جیسا کہ بعض کتابوں سے واضح ہوتا ہے۔ مگر صاحب قمقام نے (صفحہ ۳۵۸ پر) ان کا نام ''قارب'' لکھا ہے۔ اور صاحب فرسان الہیجاء نے ان کا نام اسلم بن عمرو لکھا ہے۔ (ج ۱، ص ۳۴، ۳۵) واللہ العالم۔

یہ اذن جہاد لے کر یہ رجز پڑھتے ہوئے میدان میں نکلے ؎

البحر من طعنی و ضربی یصطلی — والجو من سهمی و نبلی یمتلی!!

اذا حسامی فی یمینی ینجلی — ینشق قلب الحاسد المجلی

---

[1] نفس المہموم، ص ۱۵۶۔ لوائح الاشجان، ص ۱۳۲۔ بحار الانوار، ج ۱۰، ص ۲۹۸۔

[2] ذخیرۃ الدارین، ص ۲۴۴۔

[3] ذخیرۃ الدارین، ص ۲۴۴۔ مقتل الحسین للمقرم، ص ۲۹۰۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

پھر سپاہِ یزید پر تابڑ توڑ حملے کرنے شروع کیے۔ یہاں تک کہ ایک جماعت کو اور بقول ابن شہر آشوب ستر کوفیوں کو جہنم رسید کیا۔ پھر زخموں سے نڈھال ہو کر گرے۔ ابھی کچھ رمق حیات باقی تھے کہ سید الشہداؑ ان کے سرہانے پہنچے اور روئے اور اپنا رخسارِ اقدس غلام کے رخسار پر رکھ دیا اسی اثناء میں غلام نے آنکھیں کھولیں اور شاید اپنے اقبال کو اوج کمال پر دیکھ کر تبسم کیا۔ پھر روح قفس عنصری سے پرواز کر کے جنت الفردوس میں پہنچ گئی۔[1] رضوان اللہ علیہ۔

(۲۷) انس بن الحارث الکاہلی

نام و نسب انس بن حارث بن نبیہ بن کاہل بن عمرو بن صعب بن اسد بن خزیمہ الاسدی الکاہلی عسقلانی و ابن عساکر وغیرہ علماء تراجم نے اسے صحابۂ رسولؐ میں شمار کیا ہے۔ اور لکھا ہے: ﴿کان انس بن الحرث بن نبیه الکاهلی صحابیاً کبیراً ممّن رای النبیّ و سمع حدیثهٗ﴾ (تاریخ ابن عساکر، ج ۲)

جناب انس نے کوفہ میں سکونت اختیار کر لی تھی۔ انہی سے آنحضرتؐ کی یہ حدیث مروی ہے کہ ایک بار جناب امام حسینؑ سرکار رسالت مآبؐ کی گود میں بیٹھے تھے۔ جناب رسولؐ خدا نے ان کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا: ﴿ان ابنی هذا یقتل بارض یقال لها کربلا فمن ادرکه منکم فینصره﴾ میرا یہ بیٹا سرزمین کربلا میں شہید کیا جائے گا تم میں سے جو شخص ان کو اس حال میں پائے ان کی نصرت کرے۔

چنانچہ اخبار و آثار سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ بزرگوار انہی چند خوش نصیب اصحاب رسولؐ میں سے تھے جنہوں نے جناب سید الشہداؑ کا یہ دور ابتلاء و آزمائش دیکھا۔ اور ان کی نصرت کا حق ادا کرتے ہوئے درجہ رفیعہ شہادت پر فائز ہوئے۔[2] سید الشہداؑ کے کربلا میں وارد ہونے کے بعد کسی نہ کسی طرح جناب انس نے راتوں رات اپنے آپ کو آنجنابؑ کی خدمت میں پہنچا دیا۔ چونکہ بہت ضعیف اور عمر رسیدہ تھے۔ اور پیغمبر اسلامؐ کے ساتھ جنگ بدر و حنین میں شریک ہو چکے تھے اس لیے جب روز عاشوراء اذن جہاد کے لیے خدمت امام میں حاضر ہوئے اور امام نے اذن مرحمت فرمایا تو انہوں نے عمامہ سے اپنی خمیدہ کمر کس کے باندھی اور ایک پٹی لے کر بھوؤں کو جو آنکھوں پر لٹکی ہوئی تھیں بلند کر کے پیشانی پر باندھا۔ جناب امام حسینؑ ان کی یہ حالت دیکھ کر رو پڑے اور دعائے خیر دیتے ہوئے فرمایا: ﴿شکر الله لک یا شیخ!﴾ اے شیخ! خدا تیری اس سعی کو مشکور فرمائے! پھر جناب انس یہ رجز پڑھتے ہوئے قوم اشقیاء پر ٹوٹ پڑے ؎

---

[1] عاشر بحار، ص ۱۹۹۔ نفس المہموم، ص ۱۵۶۔ لوائح الاشجان، ص ۱۳۴۔

[2] اصابہ، ج ۱، ص ۶۸، ۶۹، طبع مصر۔ تاریخ ابن عساکر، ج ۲۔ خصائص سیوطی، ج ۲، ص ۱۲۵۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

قد علمت کاهلها و دودان — والخندفیون و قیس عیلان

بان قومی آنة الاقران — لدی الوغی و سادة الفرسان

مباشر و الموت بطعن آن — اذا لسنا تری العجز عن الطعان

ال علیؑ شیعة الرحمٰن — و ال حرب شیعة الشیطان

پھر شیر بیشہ شجاعت کی طرح داد شجاعت دی اور اس ضعیفی و پیرانہ سالی کے عالم میں علاوہ زخمیوں کے بقول ابن شہر آشوب (ج ۴، ص ۹۵) چودہ اور بقول دیگر بعض ارباب مقاتل اٹھارہ ناریوں کو واصل جہنم کیا۔ اس کے بعد خود بھی شربت شہادت پی کر جنت کو سدھارے۔[1]

(۲۸) حجاج بن مسروق الجعفی

نام ونسب حجاج بن مسروق بن عوف بن عمیر بن کلب بن ذہل بن جوف بن سعد العشیرہ المذحجی الجعفی۔ جناب حجاج مشہور تابعی اور جناب امیر المومنینؑ کے مخلص اصحاب میں سے تھے۔ کوفہ میں رہائش تھی۔ جب انہیں امام حسینؑ کے مدینہ چھوڑ کر مکہ میں تشریف لے جانے کی اطلاع ملی تو زیارت امامؑ کی غرض سے مکہ پہنچے اور پھر مکہ سے کربلا تک اس سفر عراق میں آپ کے ہمراہ رہے۔ اس سفر میں یہی حجاج اوقات نماز میں آنجنابؑ کے مؤذن تھے۔ روز عاشوراء یہ مؤذن امامؑ اذن جہاد لے کر یہ رجز پڑھتے ہوئے میدان جنگ میں نکلے ؎

اقدم حسیناً هادیاً مهدیا — الیوم القی جدک النبیاً

ثم اباک ذا الندی علیاً — ذاک الذی نعرفه وصیاً

امام علیہ السلام نے فرمایا: ﴿نعم و انا القاهما علی اثرک﴾ تیرے بعد میں بھی ان بزرگواروں کی بارگاہ میں آرہا ہوں۔ پھر میدان جہاد میں مشتاقان شہادت کی طرح داد شجاعت دی۔ یہاں تک کہ پندرہ بقولے اٹھارہ اور بروایتے پچیس کوفیوں کو جہنم رسید کرنے کے بعد خود شربت شہادت پیا۔[2] رضوان اللہ علیہ۔

(۲۹) ابوعمرو النہشلی

یہ بزرگوار کوفہ کے شیعیان حیدر کرارؑ شجاعان روزگار میں سے نہایت متقی و پرہیزگار اور تہجد گزار تھے۔ مہران

---

[1] ذخیرۃ الدارین، ص ۲۲۸۔ فرسان الہیجاء، ج ۱، ص ۳۷۔ تمقام، ص ۳۵۷۔ ناسخ، ج ۶، ص ۲۶۸۔ عاشر بحار، ص ۱۹۸۔ نفس المہموم، ص ۱۵۴، وغیرہ۔

[2] ذخیرۃ الدارین، ص ۲۲۸۔ فرسان الہیجاء، ج ۱، ص ۱۰۳۔ مقتل الحسین للمقرم، ص ۲۹۱۔ عاشر بحار، ص ۱۹۸۔ تمقام، ص ۳۵۷۔ نفس المہموم، ص ۱۱۵ وغیرہ۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

مولی بنی کاہل کا بیان ہے جو واقعۂ کربلا میں موجود تھا کہ میں نے روزِ عاشوراء اصحابِ حسینؑ میں سے شیر بیشۂ شری کی طرح ایک ایسے بہادر کو جنگ کرتے ہوئے دیکھا کہ وہ جدھر حملہ کرتا تھا لوگ بھیڑ بکریوں کی طرح بھاگتے ہوئے نظر آتے تھے۔ میں نے دریافت کیا: یہ کون ہے؟ مجھے بتایا گیا کہ یہ ابو عمرو النہشلی (یا الحنظلی) ہے۔ اس دار و گیر کے ہنگامہ میں ایک جماعت کو واصل جہنم کیا۔ پھر خدمت امامؑ میں حاضر ہو کر یہ شعر پڑھا ؎

ابشر هديت الرشد تلقى احمداً　　فى جنة الفردوس تعلوا صعداً

پھر میدان کارزار میں پلٹ کر جنگ کرنا شروع کی۔ یہاں تک کہ بنی لات کے ایک شخص عامر بن نہشل نے ان پر حملہ کر کے ان کو شہید کر دیا اور سر تن سے جدا کر دیا۔[1]

(۳۰) انیس بن معقل الاصبحی

ان کے حالات پردۂ خفا میں ہیں۔ ابن شہر آشوب صاحب مناقب ابن آشوبؒ اعثم کوفی، آقائے محسن الامین العاملی اور محدث قمی وغیرہم نے ان کو شہداءِ کربلا میں شمار کیا ہے۔ ان سب حضرات نے لکھا ہے کہ امام سے اجازت جہاد لینے کے بعد یہ رجز پڑھتے ہوئے میدانِ وغا میں کود پڑے ؎

انا انيس وانا بن معقل　　وفى يمينى نصل سيف معقل

اعلوبه الهامات وسط القسطل　　عن الحسين الماجد المفضل

ابن رسول الله خير مرسل

پھر سیل بے کراں یا شیر گرسنہ کی طرح قوم اشقیاء پر ٹوٹ پڑے اور کشت و خون کا بازار گرم کر دیا۔ یہاں تک کہ ابن شہر آشوب کے بیان کے مطابق کچھ اوپر بیس افراد کو دار البوار میں پہنچانے کے بعد خود جام شہادت نوش کیا۔[2]

(۳۱) ابراہیم بن الحصین

صاحب مناقب و اعیان الشیعہ وغیرہ بہت سے علماء سیر و تواریخ کے نزدیک یہ بزرگوار شہدائے کربلا میں سے شمار کئے گئے ہیں۔ ابی مخنف کے بیان کے مطابق ان کا شمار جناب امام حسن و امام حسین علیہما السلام کے اصحاب میں ہوتا ہے۔ دوسرے حالات تاریکی میں ہیں۔ روز عاشوراء اذن جہاد لے کر یہ رجز پڑھتے ہوئے جنگ کے ہنگامۂ رستخیز میں نکلے ؎

اضرب منكم مفصلا و ساقا　　ليهرق اليوم دمى مهراقا

---

[1] تمقام، ص ۳۵۹۔ ناسخ التواریخ، ج ۶، ص ۲۶۵۔ لوائح الاشجان، ص ۱۳۵۔ فرسان الہیجاء، ج ۱، ص ۱۵۳ وغیرہ۔

[2] فرسان الہیجاء، ج ۱، ص ۳۸۔ نفس المہموم، ص ۱۵۵۔ لوائح الاشجان، ص ۱۳۱۔ ناسخ، ج ۶، ص ۲۶۷ وغیرہ۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

و یرزق الموت ابو اسحاقا　　اعنی بنی الفاجرة الفساقا

اس کے بعد غضبناک شیر کی طرح ابن سعد کی لومڑیوں پر حملہ کر کے سیف و سنان سے پچاس اور بروایتے چوراسی کو تباہ کرنے کے بعد خود عالم جاودانی کی طرف منتقل ہو گئے۔[1]

(۳۲) عمیر بن عبداللہ المذحجی

ان کے تفصیلی حالات دستیاب نہیں ہو سکے۔ بروایت عالم ربانی محمد بن علی بن شہر آشوب مازندرانی وغیرہ۔ ان کا شمار بھی شہدائے کربلا میں ہوتا ہے۔ امامؑ عالی مقام سے اذن جہاد حاصل کرنے کے بعد یہ رجز پڑھتے ہوئے عرصۂ جنگ میں قدم رکھا ؎

قدم علمت سعد وحی مذحج　　انی لدی الهیجاء غیر مخرج

اعلو بسیفی هامة المذحج　　و اترک القرن لدی التعرج

فریسة الذئب الازل الاعرج

پھر دادِ شجاعت دیتے ہوئے عبداللہ بجلی و مسلم ضبابی کے ہاتھوں جام شہادت نوش کیا۔[2]

(۳۳) عمرو بن مطاع الجعفی

تفصیلی حالات معلوم نہیں ہو سکے۔ مناقب و مناسخ وغیرہ کے بیان کے مطابق یہ بزرگوار بھی شہداء کربلا کی فہرست میں شامل ہیں۔

امامؑ عالی وقار سے اجازت جہاد لے کر یہ رجز پڑھتے ہوئے سپاہ ابن زیاد پر حملہ آور ہوئے ؎

انا بن جوف و ابی مطاع　　فی یمینی مرهل قطاع

و اسمر فی رأسه لمّاع　　یری له من ضوئه شعاع

الیوم قد طاب لنا القراع　　دون الحسین الضرب و الصراع

یرجی بذاک الفوز الدفاع　　عن حرّ نارٍ حین لا انتفاع

صلی علیه الملک المطاع

اور کچھ ناریوں کو واصل جہنم کرنے کے بعد جام شہادت نوش کیا۔

---

[1] فرسان الهیجاء، ج ۱، ص ۱۱۔ لوائح الاشجان، ص ۱۳۵۔ نفس المہموم، ص ۱۵۷۔ مناقب للخوارزمی، ج ۲، ص ۱۸۔ تقمام، ص ۳۶۰۔ مناقب، ج ۴، ص ۹۶۔

[2] فرسان الهیجاء، ج ۱، ص ۱۶۔ نفس المہموم، ص ۱۵۴۔ مناقب للخوارزمی، ج ۲، ص ۱۸۔ تقمام، ص ۳۶۰۔ مناقب، ج ۴، ص ۹۴۔ لوائح الاشجان، ص ۱۳۰۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

(۳۴) سیف بن حارث (۳۵) مالک بن عبد

بعض ارباب مقاتل نے لکھا ہے کہ اصحاب حسینؑ نے جب دیکھا کہ حملہ اولیٰ اور بعد والے حملوں اور دست بدست لڑائی میں ان کے بہت سے آدمی جام شہادت نوش کر چکے اور اب ان کی تعداد (جو پہلے بھی بے حد مختصر تھی) برابر کم ہوتی جاتی ہے تو انہوں نے دو، دو۔ تین، تین اور چار، چار ہو کر حریم اسلام اور ناموس رسالت کی حفاظت کی خاطر لڑنا شروع کیا۔ چنانچہ جناب سیف بن الحارث بن سریع اور مالک بن عبد بن سریع جابری۔ جو کہ باپ کی طرف سے چچازاد اور ماں کی طرف سے بھائی تھے۔ روتے ہوئے میدان کارزار کی طرف نکلے۔ امام علیہ السلام نے سبب گریہ دریافت کرتے ہوئے فرمایا: ﴿جعلنا فداک ما علی انفسنا نبکی و لکن نبکی علیک نراک قد احیط بک ولا نقدر ان ننفعک!﴾ ہماری جانیں آپ پر قربان ہوں ہم اپنے متعلق نہیں رو رہے بلکہ ہم آپ کی مظلومیت پر آنسو بہا رہے ہیں کہ آپ ہر طرح نرغۂ اعداء میں گھر گئے ہیں۔ اور ہم آپ کو کوئی فائدہ بھی نہیں پہنچا سکتے! امام عالی مقام نے ان کو جزائے خیر کی دعا دی۔ پھر دونوں نے میدان وغا میں لڑنا شروع کیا۔ اور خوب داد شجاعت دی۔ کئی ناریوں کو فی النار کرنے کے بعد دونوں شہید ہو گئے۔[1]

(۳۶) عبداللہ (۳۷) عبدالرحمٰن فرزندان عروہ غفاری

بعد ازاں ان دونوں جانبازوں نے خدمت امام میں حاضر ہو کر عرض کیا۔ دشمن ہم سے بڑھ کر آپ تک پہنچنا چاہتا ہے۔ اس لیے ہم چاہتے ہیں کہ آپ کا دفاع کرتے ہوئے آپ کے سامنے جام شہادت نوش کریں۔ امام نے اجازت دی اور یہ دونوں بزرگوار یہ رجز پڑھتے ہوئے میدان جنگ میں نکلے ؎

قد علمت حق بنو غفار — و خندف بعد بنیء نزار

لنضربن معشر الفجار — بکل عضب ذکر بتار

یا قوم ذو و اعن بنی الاخیار — بالمشرفی والقنا الخطار

اور پھر امام کے روبرو لڑتے لڑتے شہید ہو گئے۔[2]

(۳۸) عمرو بن الخالد صیداوی (۳۹) سعد غلام عمرو بن خالد

(۴۰) جابر بن الحارث سلمانی (۴۱) مجمع بن عبداللہ العائذی

یہ چاروں حضرات میدان وغا میں نکلے۔ اور یکبارگی سپاہ ابن سعد پر ٹوٹ پڑے۔ گھمسان کا رن پڑا۔ مخالفین نے حملہ کر کے ان کو اپنے اصحاب سے جدا کر دیا۔ اور یہ بزرگوار نرغۂ اعداء میں بری طرح گھر گئے۔ امام عالی

---

[1] مقتل الحسین، ص ۲۷۰۔ کامل بن الاثیر، ج ۳، ص ۲۹۲۔ [2] لوائح الاشجان، ص ۱۴۸۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

مقام نے حضرت ابوالفضل العباس کو بھیجا۔ انہوں نے بزور شمشیر ان کو نرغہ سے نکالا مگر اس وقت یہ سب کے سب سخت زخمی ہو چکے تھے واپسی پر پھر دشمنوں نے اچانک حملہ کر دیا۔ زخمی تو پہلے ہی ہو چکے تھے مگر پھر بھی بڑی جگر کاوی سے مقابلہ کیا حتیٰ کہ لڑتے لڑتے سب کے سب وہیں شہید ہو گئے۔[1]

(۴۲) یزید بن مغفل عامری

فاضل سماوی نے ابصار العین فی انصار الحسین میں ان کے بارے میں لکھا ہے: ﴿کان احد الشجعان من الشیعة و الشعراء المجیدین﴾ شیعیان حیدر کرار کے بہادروں اور لغز گو شاعروں میں سے تھے۔ علامہ عسقلانی نے ان کا شمار اصحاب رسولؐ میں کیا ہے۔[2] مؤرخ طبری وغیرہ ارباب سیر و تواریخ کے بیان کے مطابق یہ اصحاب نہیں بلکہ تابعین اور اصحاب امیر المؤمنینؑ میں سے ہیں۔ یہ کوفہ کے باشندے تھے کسی طرح مکہ ہی میں حسینیؑ جماعت میں شامل ہو گئے تھے اور پھر اس سفر عراق میں امام کے ہمراہ رہے۔ بروز عاشوراء جنگ شروع ہونے کے بعد اذن جہاد لے کر یہ رجز پڑھتے ہوئے میدان جنگ میں گئے ؎

ان تنکرونی فانا ابن مغفل — شاک لدی الهیجاء غیر اعزل

وفی یمینی نصل سیف منصل — اعلوبه الفارس وسط القسطل

اس کے بعد بے نظیر حرب و ضرب کا مظاہرہ کیا۔ یہاں تک کہ قوم فجار کی ایک جماعت کو دار البوار میں پہنچانے کے بعد شربت شہادت پی کر دار القرار کی طرف سدھار گئے۔[3]

(۴۳) جندب بن حجیر (بروزن زبیر) الخولانی الکندی

شیخ طوسی علیہ الرحمہ نے فہرست میں ان کا شمار اصحاب حسینؑ اور ممتاز شیعیان علیؑ میں کیا ہے۔ بعض دوسرے تاریخی شواہد سے ان کا اصحاب امیر المؤمنینؑ سے ہونا ثابت ہوتا ہے۔ چنانچہ فاضل مامقانی نے (تنقیح المقال) میں لکھا ہے کہ جنگ صفین میں جناب امیر علیہ السلام کے نہ صرف ہمرکاب رہے بلکہ قبیلۂ کندہ وازد کے افسر بھی تھے۔ ابن عساکر نے بھی اپنی تاریخ میں ایسا ہی لکھا ہے۔ اور یہی قول صحیح ہے۔ صاحب ذخیرہ نے تو ان کے صحابی رسولؐ ہونے کا بھی ایک قول نقل کیا ہے۔ بہر حال جب ان کو امام عالی مقام کی کوفہ کی طرف تشریف آوری کی اطلاع ملی تو یہ کوفہ سے

---

۱ مقتل الحسین، ص ۲۷۰۔ کامل، ج ۳، ص ۲۹۳۔

۲ اصابہ جزء ۶، ص ۳۶۲، قسم ثالث۔

۳ فرسان، ج ۱، ص ۷۸۔ ذخیرہ، ص ۲۳۶۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

روانہ ہوکر راستہ میں منزل حاجز پر خدمت امامؑ میں پہنچے۔ مؤرخ طبری اور صاحب الحدائق الوردیہ کے بیان کے مطابق روز عاشوراء نصرت امامؑ کا حق ادا کرتے ہوئے جام شہادت نوش کیا۔[1]

(۴۴) حجاج بن زید السعدی

اصابہ میں انہیں صحابۂ رسولؐ میں شمار کیا گیا ہے۔ حجاج بصرہ کے باشندہ تھے اور بنی سعد بن تمیم میں سے تھے۔ سید الشہداءؑ نے قیام مکہ کے دوران جن بعض مقتدر شخصیات کو خطوط روانہ کئے تھے۔ ان میں ایک بصرہ کے یزید بن مسعود نہشلی بھی تھے۔ یزید نے جوابی خط انہی جناب حجاج بن زید السعدی کے ہاتھ امامؑ کی خدمت میں روانہ کیا تھا۔ چنانچہ وہ مکتوب خدمت امامؑ میں پہنچانے کے بعد خود امامؑ کے ہمرکاب رہے۔ یہاں تک کہ روز عاشوراء نصرت امام علیہ السلام کا فریضہ ادا کرتے ہوئے بڑی ثابت قدمی اور اولوالعزمی کے ساتھ اپنی جان جان آفرین کے سپرد کی۔[2]

(۴۵) عباد بن مہاجر الجہنی

یہ عباد بن مہاجر ان اشخاص میں سے تھے جو مدینہ کے نزدیک واقع شدہ چشمۂ جہینہ سے آپ کے ہمرکاب ہوئے تھے اور آخر دم تک ہمرکاب رہے۔ منازل سفر طے کرتے ہوئے جب امام علیہ السلام منزل زبالہ میں پہنچے جہاں انہوں نے جناب مسلم بن عقیلؑ کی شہادت کی اطلاع اہل قافلہ کو دی اور بہت سے وہ بدوی لوگ آپ سے علیحدہ ہوگئے جو کسی دنیوی طمع و لالچ کی خاطر آپؑ کے ہمراہ ہوگئے تھے۔ تو یہ عباد اس مرحلہ پر ثابت قدم رہے۔ حتیٰ کہ شب عاشوراء کو جدا ہونے والے لوگوں کا ساتھ بھی نہ دیا یہاں تک کہ روز عاشوراء میدان کارزار میں نصرت امامؑ کا حق ادا کرتے ہوئے درجۂ شہادت پر فائز ہوئے۔[3]

(۴۶) عبدالرحمٰن بن عبدرب الانصاری الخزرجی

یہ بزرگوار صحابۂ رسولؐ میں سے تھے۔ عسقلانی نے اصابہ اور جزری نے اسد الغابہ میں ان کا تفصیلی تذکرہ کیا ہے۔ حدیث مناشدہ میں جب جناب امیر المؤمنینؑ نے بعض صحابۂ رسول کو حکم دیا تھا کہ جس جس نے پیغمبر اکرمؐ کی زبان وحی ترجمان سے حدیث غدیر سنی ہے وہ اٹھ کر گواہی دے تو یہ عبدالرحمٰن بن عبدرب انصاری ان تیرہ اصحاب میں سے ایک تھے جنہوں نے بلا جھجک کھڑے ہوکر یہ شہادت دی تھی کہ ہم نے اپنے کانوں سے آنحضرتؐ کو غدیر خم کے مقام پر یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ ﴿انّ اللہ ولیّ و انا ولیّ المؤمنین فمن کنت مولاہ فعلی مولاہ اللّٰھم

---

[1] فرسان الہیجاء، ج ۱، ص ۷۸۔ ذخیرۃ الدارین، ص ۲۳۶۔

[2] فرسان الہیجاء، ج ۱، ص ۱۰۲۔ ذخیرۃ الدارین، ص ۲۲۱۔

[3] ذخیرۃ الدارین، ص ۲۵۸۔ فرسان الہیجاء، ج ۱، ص ۱۸۶۔ ابصار العین، ص ۱۳۸ وغیرہ۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

وال من والاہ و عاد من عاداہ و احب من احبہ و ابغض من ابغضہ و اعن من اعانہ[1] یہ بزرگ جناب امیرؑ کے دینی تربیت یافتہ تھے۔ آنجنابؑ نے خود ان کو تعلیم قرآن دی تھی۔ بہرکیف یہ بزرگوار مکہ مکرمہ سے ہی حضرت امام الشہداءؑ کے ہمرکاب ہوگئے تھے اور بالآخر دین، اسلام کی حفاظت، امام وقت کی نصرت اور عالم انسانیت کے تحفظ کی خاطر جہاد کرتے ہوئے جام شہادت نوش کیا۔[2] رضوان اللہ علیہ۔

(۴۷) عبدالرحمٰن بن مسعود التیمی

یہ بزرگ حضرت امام حسین علیہ السلام کے اصحاب میں سے تھے اور ان کے والد جناب مسعود جو حملۂ اولیٰ میں جام شہادت پی چکے تھے۔ حضرت امیر علیہ السلام کے مشہور اور نام آور بہادر شیعوں میں سے تھے۔ دونوں باپ بیٹا ساتویں محرم الحرام کو کربلا میں خدمت امام میں پہنچے اور بالآخر بروز عاشوراء نصرت امام میں دادِ شجاعت دیتے ہوئے دنیائے دوں سے منہ موڑتے ہوئے دارالآخرت کی طرف منتقل ہوگئے۔[3]

(۴۸) عبداللہ بن بشر الخثعمی

عسقلانی (در اصابہ) اور مامقانی (در تنقیح) نے ان کے حالات درج کئے ہیں اور لکھا ہے کہ عبداللہ مذکور اور ان کے والد کا تذکرہ اسلامی جنگوں میں ملتا ہے۔ ان کے والد بشر مشہور شہسوار تھے اور جنگ قادسیہ میں شریک تھے۔ ارباب مقاتل نے لکھا ہے کہ عبداللہ پہلے عمر بن سعد کے لشکر میں تھے۔ روز عاشوراء سے پہلے بخت نے یاوری کی۔ اور حسینیؑ جماعت میں شامل ہوگئے حتیٰ کہ روز عاشوراء نصرت امامؑ میں شہادت کا جام نوش کیا۔[4]

(۴۹) قاسم بن حبیب بن ابی بشر الازدی

ارباب مقاتل نے ان کے حالات میں لکھا ہے کہ شیعیان کوفہ میں سے مشہور شاہسوار اور نامی گرامی دلیر و بہادر تھے۔ پہلے لشکر ابن سعد میں شامل ہوکر کربلا پہنچے۔ پھر مخفی طریقہ سے جماعت حسینیؑ میں شامل ہوگئے۔ اور جب روز عاشوراء میدان کارزار گرم ہوا تو اس کے اندر کود پڑے اور امام وقت کی نصرت کا فریضہ ادا کرتے ہوئے شہادت کے درجۂ رفیعہ پر فائز ہوئے۔[5]

---

۱ اصابہ فی تمیز الصحابہ، ج ۴، ص ۱۶۹ قسم اول۔

۲ فرسان الہیجاء، ج ۱، ص ۲۳۱۔ ذخیرۃ الدارین، ص ۲۷۰۔

۳ فرسان الہیجاء، ج ۱، ص ۲۳۶۔ ذخیرۃ الدارین، ص ۲۳۴۔

۴ فرسان الہیجاء، ج ۱، ص ۲۳۶۔ ذخیرۃ الدارین، ص ۲۲۶۔

۵ فرسان الہیجاء، ج ۲، ص ۱۲۲۔ ذخیرۃ الدارین، ص ۲۲۲۔ فہرست شیخ طوسی، ص ؟؟ طبع النجف۔ ابصار العین، ص ۱۳۷۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

(۵۰) قعنب بن عمرو النمیری

ان کے حالات دستیاب نہیں ہو سکے۔ روز عاشوراء جنگ شروع ہونے کے بعد یہ رجز پڑھتے ہوئے میدان کارزار میں نکلے ؎

الیکم من مالک الضرغام — ضرب فتی یحمی عن الکرام

یرجو ثواب اللّٰہ ذی الانعام — سبحانہ من ملک علّام

اس کے بعد خوب داد شجاعت دی۔ حتیٰ کہ شرح شافیہ ابی فراس کے مطابق پندرہ اور ابو مخنف و صاحب ناسخ کے بیان کے مطابق ساٹھ ناریوں کو دار البوار میں پہنچانے کے بعد خود جام شہادت نوش کیا۔[1] رضوان اللّٰہ علیہ۔

(۵۲) مجمع بن زیاد الجہنی

اصابہ میں ان کا سلسلۂ نسب یوں درج ہے۔ مجمع بن زیاد بن عمرو بن کعب بن عمرو بن عدی بن عمرو بن رفاعہ بن کلب بن موعہ الجہنی۔ اور صاحب الاستیعاب نے یہ لکھا ہے کہ یہ بزرگوار آنحضرتؐ کے ساتھ جنگ بدر و احد میں شریک ہو چکے تھے۔ یہ چشمہ ہائے جہینہ پر مقیم تھے۔ جب جناب امام حسینؑ مکہ سے عراق تشریف لے جاتے۔ وقت ان کے پاس سے گزرے تو کچھ اور حضرات کے ساتھ مجمع بھی آنجنابؑ کے ہمراہ ہو گئے۔ پھر برابر ہمراہ رہے۔ حتیٰ کہ روز عاشوراء جنگ شروع ہونے کے بعد میدان کارزار میں گئے اور بہت سے ناریوں کو جہنم رسید کرنے کے بعد خود شربت شہادت نوش کیا۔[2]

(۵۳) بشر بن عمرو الحضرمی الکندی

استیعاب، اسد الغابہ، اصابہ اور اعیان الشیعہ وغیرہ کتب سیر و تراجم میں ان کے حالات مذکور ہیں۔ حضرموت کے باشندہ اور جلیل القدر تابعی تھے۔ بعد میں کوفہ کے محلہ بنی کندہ میں رہائش اختیار کرنے کی وجہ سے کندی کہلاتے تھے۔ سید الشہداءؑ کے کربلا پہنچنے کے بعد آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ ارباب مقاتل نے لکھا ہے کہ شب عاشوراء جب کہ جنگ کربلا کی ہولناکیاں سر پر منڈلا رہی تھیں ان کو اطلاع ملی کہ ان کا ایک لڑکا رے کی سرحد میں گرفتار کر لیا گیا ہے۔ اعیان الشیعہ کے بیان کے مطابق ان کو یہ اطلاع روز عاشوراء جنگ شروع ہونے کے بعد ملی۔ یہ سن کر بشر نے کہا: میں اس مصیبت کا اجر و ثواب خدا کی بارگاہ سے چاہتا ہوں۔ البتہ میں اس بات کو پسند نہیں کرتا تھا کہ میرا بیٹا گرفتار ہو۔ اور میں اس کے بعد زندہ رہوں! جب حضرت امام علیہ السلام نے اس کا یہ کلام سنا تو فرمایا:

---

[1] فرسان الہیجاء، ج ۲، ص ۴۸۔ ناسخ، ج ۶، ص ۲۶۷۔ شرح شافیہ، ص ۱۴۰۔

[2] فرسان الہیجاء، ج ۲، ص ۵۰۔ ذخیرۃ الدارین، ص ۲۵۹ وغیرہ۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

﴿رحمک اللّٰہ انت فی حلّ من بیعتی فاذھب و اعمل فی فکاک ابنک!﴾ خدا تم پر رحم کرے! میں تم سے اپنی بیعت اٹھائے لیتا ہوں تم جا کر اپنے بیٹے کی رہائی کے لیے جدوجہد کرو! بشر نے کہا: ﴿اکلتنی اذاً السباع حیًا ان فارقتک و اسئل عنک الرکبان و اخذک لک مع قلة الاعوان لا یکون ھذا ابداً یا ابا عبد اللّٰہ!﴾ یا ابا عبداللہ! اگر اس حالت میں کہ آپ کے اعوان و انصار کی تعداد بالکل قلیل ہے میں آپ کو نرغۂ اعداء میں چھوڑ کر چلا جاؤں تو مجھے درندے زندہ ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالیں۔ ایسا ہرگز نہیں ہو سکتا۔ اس کے بعد جناب سید الشہداءؑ نے ان کو کچھ نفیس کپڑے (بروایتے پانچ کپڑے جن کی قیمت ایک ہزار دینار[1] تھی) دے کر فرمایا کہ یہ کپڑے اپنے بیٹے محمد کو دو کہ لے جا کر اپنے بھائی کی رہائی کے سلسلہ میں صرف کرے۔ ❁ بہرحال جب محاربۂ کربلا شروع ہوا تو جناب بشر بن عمرو الحضرمی نصرتِ امام علیہ السلام کا فریضہ ادا کرتے ہوئے جام شہادت نوش کر کے جنت الفردوس کی طرف سدھار گئے۔[2] رضوان اللّٰہ علیہ۔

(۵۴) منجح بن سہم مولیٰ الحسین

ربیع الابرار زمخشری سے نقل کیا گیا ہے کہ نوفل بن الحارث بن عبد المطلب کی "حسنیہ" نامی ایک کنیز تھی۔ جسے حضرت امام حسین علیہ السلام نے ان سے خریدا تھا اور بعد میں "سہم" کے ساتھ اس کی شادی کر دی تھی جس سے منجح متولد ہوئے۔ یہ حسنیہ حضرت امام زین العابدین علیہ السلام کے دولت کدہ میں کام کرتی تھیں۔ جب جناب سید الشہداء علیہ السلام نے سفر عراق کیا تو وہ بھی اپنے بیٹے سمیت اس سفر میں ہمراہ تھیں۔ روزِ عاشوراء منجح نے اپنے آقا کی نصرت کا حق ادا کرتے ہوئے جام شہادت نوش کیا۔ حسان بن بکر حنظلی نے انہیں شہید کیا۔

استر آبادی، ابو علی حائری اور فاضل مامقانی وغیرہ علماء رجال کا اس بات پر اتفاق ہے کہ منجح شہیدان کربلا میں داخل ہیں۔[3]

❁ اسی وجہ سے محمد بن بشر کی شہادت میں اختلاف ہے کہ آیا وہ کپڑے لے کر چلا گیا تھا یا نہیں۔ کیونکہ تواریخ اس کے جانے کے بارے میں خاموش ہیں۔ اس لیے ظن غالب یہی ہے کہ وہ بھی اپنے باپ کی طرح درجۂ شہادت پر فائز ہوئے۔ صاحب فرسان الہیجاء (ج ۲، ص ۵۷) نے بھی اسی خیال کا اظہار کیا ہے۔ جناب سید بن طاؤس اور محدث قمی نے تو مذکورہ بالا تفصیل جو ارباب مقاتل نے بشر بن عمرو کے حالات میں درج کی ہے۔ محمد بن بشر کے حالات میں لکھی ہے۔ واللّٰہ العالم۔

[1] شرح شافیہ ابی فراس، ص ۱۳۸۔

[2] فرسان الہیجاء، ج ۲، ص ۱۲۲۔ ذخیرۃ الدارین، ص ۱۷۴۔ ابصار العین، ص ۱۲۵ وغیرہ۔

[3] فرسان الہیجاء، ج ۲، ص ۱۲۲۔ ذخیرۃ الدارین، ص ۱۷۴۔ ابصار العین، ص ۶۲ وغیرہ۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

(۵۵) عبدالرحمٰن الکدری

صاحب فرسان الہیجاء نے (ج ۱، ص ۱۳۴) پر بحوالہ شرح شافیہ ابی فراس ہمدانی، لکھا ہے کہ جناب موصوف نے حفاظت اسلام و امام میں پے در پے کئی سخت حملے کیے اور بہت سے ناریوں کو واصل جہنم کیا۔ بالآخر خود بھی درجۂ شہادت پر فائز ہو گئے۔[1]

(۵۶) معلیٰ بن العلی

ان کے تفصیلی حالات نہیں مل سکے۔ البتہ شرح شافیہ ابی فراس، ص ۱۳۸ اور ناسخ، ج ۶، ص ۲۶۷ میں اس قدر لکھا ہے کہ یہ معلیٰ شجاعت و شہامت میں مشہور روزگار تھے۔ روز عاشوراء جب تنور حرب و ضرب گرم ہوا تو یہ رجز پڑھتے ہوئے اس میں کود پڑے ؎

انا المعلی حافظا لا اجلی — دینی علی دین محمدؐ و علیؑ

اذب حتی ینقضی اجلی — ضرب غلام لا یخاف الوجلی

ارجوا ثواب الخالق الارلی — لیختم اللّٰہ بخیر عملی

اس کے بعد اس جوش و خروش اور جانفشانی سے لڑے کہ چوبیس ناریوں کو واصل جہنم کیا۔ پھر سپاہ ابن سعد یکبارگی ان پر ٹوٹ پڑی۔ جب معلیٰ زخموں سے نڈھال ہو گئے تو انہیں پکڑ کر ابن سعد کے پاس لے جایا گیا۔ پس سعد نے کہا: ﴿ما اشد نصرتک لصاحبک الحسینؑ﴾ تو نے امام حسینؑ کی کس طرح اچھی نصرت کی ہے؟ اس کے بعد اس کے حکم سے ان کا سر تن سے جدا کر دیا گیا۔[2] رضوان اللّٰہ علیہ۔

(۵۷) نصر بن ابی نیزر

فاضل مامقانی در تنقیح المقال، سماوی (در ابصار) اور محدث قمی (دار الکنی والالقاب) نے لکھا ہے کہ یہ نصرانی نیزر کے فرزند اور بہت بڑے دلیر و بہادر شہسوار تھے۔ اب رہا یہ سوال کہ یہ ابی نیزر کون تھے۔ اس میں اختلاف ہے۔ ابوالعباس المبرد نے (الکامل میں) لکھا ہے کہ یہ بعض سلاطین عجم کی اولاد میں سے تھے۔ اور محدث نوری علیہ الرحمۃ نے خاتمۂ مستدرک اور عسقلانی نے اصابہ میں ان کے بارے میں جو کچھ لکھا ہے اس کا خلاصہ یہ ہے کہ یہ نجاشی بادشاہ حبشہ کے فرزند تھے۔ صغر سنی میں مدینہ پہنچ کر مشرف با اسلام ہوئے۔ خود آنحضرت ان کی نگرانی و سرپرستی فرماتے تھے۔ جب نجاشی کا انتقال ہوا تو اہل حبشہ نے ان سے استدعا کی کہ اپنے باپ کی مسند خلافت پر متمکن ہوں۔ تو آپ نے یہ

---

[1] فرسان الہیجاء، ج ۱، ص ۳۶۔ ذخیرۃ الدارین، ص ۲۶۶۔ ابصار العین، ص ۱۳۷ وغیرہ۔

[2] فرسان الہیجاء، ج ۲، ص ۱۲۲۔ شرح شافیہ ابی فراس، ص ۱۳۸۔ ناسخ، ج ۶، ص ۲۶۷ وغیرہ۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

کہہ کر انکار کر دیا کہ میرے نزدیک جناب رسولؐ خدا کی خدمت میں ایک گھنٹہ زندگی بسر کرنا تمہاری زندگی بھر کی بادشاہت سے بہتر و برتر ہے۔ آنحضرتؐ کی وفات حسرت آیات کے بعد حضرت امیر علیہ السلام سے وابستہ رہے۔ حوالیٔ مدینہ میں جناب امیر علیہ السلام کی جو جائیداد تھی آنجنابؑ نے اس کی اصلاح و نگرانی انہی کے سپرد فرمائی ہوئی تھی۔ جو مزرعۂ بغیغہ اور مزرعۂ ابی نیزر کے نام سے مشہور تھی۔ جسے آنجنابؑ نے ابناء السبیل اور فقراء مدینہ پر وقف فرما دیا تھا۔[1] ابی نیزر کے فرزند نصر کی زندگی کا آغاز و شباب حضرت امیر المؤمنین اور ان کے شہزادگان کونین حسنؑ و حسینؑ کی خدمت کرنے میں گزرا جب امام حسین علیہ السلام مدینہ سے روانہ ہوئے تو یہ نصر بن ابی نیزر بھی آپ کے ہمراہ تھے۔ حتیٰ کہ آغاز جنگ ہونے کے بعد یہ بزرگوار فیض شہادت پر فائز ہوئے۔[2]

(۵۸) جابر بن حجاج

اہل سیر و تواریخ کا بیان ہے کہ یہ عامر بن نہشل کے آزاد کردہ غلام اور کوفہ کے رہنے والے اور بڑے جنگ آزما تھے۔ کوفہ میں جناب مسلم کی بیعت کی۔ مگر جب لوگ ان کو تنہا چھوڑ کر چلے گئے تو یہ بھی اپنی قوم کے ہاں روپوش ہو گئے۔ جب حضرت امام حسین علیہ السلام کے کوفہ تشریف لانے کی اطلاع ملی تو خدمت امام میں پہنچنے کی یہ تدبیر کی کہ ابن سعد کے لشکر میں شامل ہو کر کربلا پہنچے۔ اور فرصت پا کر امامؑ کی خدمت میں حاضر ہو گئے۔ اور بالآخر روزِ عاشوراء نصرت امامؑ میں دادِ شجاعت دیتے ہوئے درجۂ شہادت پر فائز ہوئے۔[3]

SIBTAIN.COM
Presented By: www.jafrilibrary.com

(۵۹) ہفہفاف بن المہند الراسبی

یہ ہفہفاف بصرہ کے باشندے تھے۔ اور حضرت امیر علیہ السلام کے مخلص صحابی۔ ان کا شمار بصرہ کے مشہور شجاعان روزگار میں ہوتا تھا۔ جنگ صفین میں قبیلہ ازد کے افسر تھے۔ حضرت امیر علیہ السلام کی شہادت کے بعد جناب امام حسن علیہ السلام کے ہمرکاب رہے۔ ان کی شہادت کے بعد بصرہ میں مقیم ہو گئے۔ جب ان کو سید الشہداءؑ کے سفر عراق کی اطلاع ملی تو راہ و بے راہ منازل طے کرتے رہے۔ عصر عاشوراء کو میدان کربلا میں وارد ہوئے۔ سپاہ ابن سعد سے پوچھا: میرے آقا امام حسینؑ کہاں ہیں؟ انہوں نے پوچھا: تو کون ہے اور کہاں کا رہنے والا ہے؟ ہفہفاف نے کہا: میں بصرہ کا رہنے والا ہفہفاف بن مہند راسبی ہوں۔ انہوں نے کہا: ہم نے حسینؑ اور ان کے انصار و اقرباء کو شہید کر دیا ہے۔ مستورات کے علاوہ صرف ان کا ایک بیمار بیٹا زندہ ہے۔ ابھی ابھی ہم خیام حسینی کی غارت گری سے فارغ ہوئے

---

[1] الکنیٰ والالقاب، ج ۳، ص ۱۱۳، ۱۱۴۔ اصابہ، ج ۲، ص ۱۹۵۔

[2] فرسان الہیجاء، ج ۲، ص ۱۳۲۔ ذخیرۃ الدارین، ص ۲۵۹۔

[3] فرسان الہیجاء، ج ۱، ص ۵۳۔ ذخیرۃ الدارین، ص ۲۶۰۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

ہیں۔ یہ سنتے ہی دنیا ہفہفاف کی نظروں میں تیرہ وتار ہوگئی اور شمشیر بکف ہوکر بپھرے ہوئے شیر کی طرح یہ رجز پڑھتے ہوئے قوم اشقیاء پر ٹوٹ پڑے ؎

یا ایھا الجند المجند　　انا الھفھاف بن المھند

احمی عیالات محمد

اور بے نام ونگ سپاہ کو مولیوں گاجروں کی طرح کاٹنا شروع کیا۔ کئی تابڑ توڑ حملے کرکے بہت سے ناریوں کو جہنم رسید کیا۔ بالآخر سپاہ ابن سعد نے ہجوم کرکے پہلے ان کے گھوڑے کو پے کیا۔ بعد ازاں ہفہفاف نے پیادہ داد شجاعت دی۔ بالآخر زخموں کی تاب نہ لاکر زمین پر گرے اور روح قفس عنصری سے پرواز کرکے شہداء کربلا کے مقدس زمرہ میں جاملی۔[1]

(۶۰) یزید بن حصین المشرقی الہمدانی

قبیلہ ہمدان کی شاخ بنو مشرق سے تعلق رکھتے تھے۔ اصحاب امام حسین علیہ السلام سے بڑے بہادر وشہسوار تھے۔ یہی یزید بن حصین تھے کہ جب امام اور ان کے اعزہ واعوان پر تشنگی کا غلبہ ہوا تو جناب مشرقی نے خدمت امام میں عرض کیا کہ مجھے اجازت مرحمت فرمایئے تاکہ میں اس سلسلہ میں ابن سعد سے جاکر بات چیت کروں۔ امام نے اجازت دی۔ یہ ابن سعد کے پاس گئے مگر سلام نہ کیا۔ ابن سعد نے کہا: اے ہمدانی! تو نے سلام کیوں نہیں کیا۔ کیا ہم مسلمان نہیں اور خدا ورسول کو نہیں پہچانتے؟ ہمدانی نے کہا: اگر تو مسلمان ہوتا تو عترت رسولؐ پر خروج نہ کرتا۔ ان کے قتل کا ارادہ نہ کرتا۔ یہ آب فرات جو شکم مار کی طرح بل کھا رہا ہے۔ جسے یہود ونصاریٰ استعمال کررہے ہیں اور جنگل کے درندے پی رہے ہیں مگر تو نے ذریت رسولؐ پر اسے بند کردیا ہے تاکہ وہ شدت پیاس سے بلک بلک کر دم توڑ دیں اس کے باوجود تم یہ دعویٰ بھی کرتے ہو کہ تم مسلمان ہو اور خدا ورسول کو پہچانتے ہو؟ ابن سعد نے ہمدانی کا کلام سن کر سر نیچے جھکا لیا اور کچھ دیر تامل کرنے کے بعد کہا: اے ہمدانی! میں اچھی طرح جانتا ہوں کہ حسینؑ کے ساتھ جنگ کرنا سیدھا آتش جہنم میں جانے کے مترادف ہے۔ پھر یہ اشعار پڑھے ؎

دعانی عبید اللہ من دون قومہ　　علی خطر لا ارتضیہ امین

اترک ملک الری و الری منیتی　　ام ارجع ماثوماً بقتل حسین

وفی قتلہ النار التی لیس دونھا　　حجاب و ملک الری قرۃ عین

بالآخر کہا: اے ہمدانی! حقیقت یہ ہے کہ میرا نفس اس بات پر راضی نہیں ہوتا کہ میں ملک الرے سے دست بردار ہو جاؤں اور کوئی دوسرا اسے حاصل کرلے۔ جناب ہمدانی اس ملعون کا یہ جواب سن کر مایوس ہوئے اور واپس خدمت امام

---

[1] فرسان الہیجاء، ج ۲، ص ۱۴۴۔ ذخیرۃ الدارین، ص ۲۵۷۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

میں حاضر ہو کر سب ماجرا گوش گزار کیا۔ بہر حال جب روز عاشوراء جنگ کربلا کا آغاز ہوا تو جناب مشرقی نصرت امام کا فریضہ ادا کرتے ہوئے شہادت کے درجہ رفیعہ پر فائز ہوئے۔[1]

(۶۱) سالم بن عمرو مولیٰ بن المدینہ الکلبی

جناب سالم بنی مدینہ جو کہ بنی کلب کی ایک شاخ ہے، کے آزاد کردہ غلام تھے اور کوفہ کے ممتاز شیعوں میں سے تھے۔ جب جناب مسلم بن عقیل کوفہ میں تشریف لائے تو ان کی بیعت کرنے والوں کے زمرہ میں داخل ہو گئے اور جب آنجناب گرفتار کیے گئے تو کثیر بن شہاب نے شیعیانِ کوفہ کی ایک جماعت کو گرفتار کر کے ابن زیاد کے پیش کرنا چاہا اس میں سالم بھی شامل تھے مگر وہ کسی نہ کسی طرح اس کے چنگل سے نکل جانے میں کامیاب ہو گئے۔ اور اپنی قوم کے پاس روپوش ہو گئے۔ جب سنا کہ امام حسینؑ کا کربلا میں ورود مسعود ہو چکا ہے تو مخفی طریقہ سے کربلا پہنچ کر امام علیہ السلام کی خدمت میں مشرف ہوئے۔ بالآخر جب معرکہ حرب وضرب قائم ہوا تو راہِ خدا میں جہاد کرتے ہوئے قوم اشقیاء کے ہاتھ سے جام شہادت نوش کیا۔[2]

(۶۲) عمرو بن جندب الحضرمی

ابن اثیر جزری نے اسد الغابہ میں ان کے حالات میں لکھا ہے کہ عمرو بن جندب بن کعب بن عبداللہ بن جزء بن عامر بن مالک بن وہاء الحضرمی کوفہ میں سکونت پذیر تھے۔ شیعیان علیؑ میں سے تھے اور ان کے ساتھ جنگ جمل وصفین میں شریک ہو چکے تھے۔

طبرانی کا بیان ہے کہ عمرو بن جندب جناب حجر بن عدی کے احباب میں شامل تھے۔ جب حکومت نے حجر بن عدی کو گرفتار کیا تو عمرو نے روپوشی اختیار کر لی اور یہ سلسلہ زیاد بن ابیہ کے واصل جہنم ہونے تک قائم رہا۔ اس کے بعد وہ کوفہ واپس آ گئے۔ یہاں تک کہ امیر شام بھی مر گیا۔ اور یزید نے مسند اقتدار سنبھالی۔ اسی اثناء میں جب جناب مسلمؑ کوفہ تشریف لائے تو ان کی بیعت کر لی۔ مگر ان کے گرفتار ہو جانے اور سید الشہداؑ کے عراق کی طرف متوجہ ہونے کی اطلاع پا کر راہ وبے راہ منازل طے کرتے ہوئے راستہ میں کسی مقام پر خدمت امام میں پہنچ گئے اور پھر برابر آپ کے ہمرکاب رہے۔ یہاں تک کہ روز عاشوراء نصرت امام میں فریضۂ جہاد ادا کرتے ہوئے فیض شہادت پر فائز ہوئے۔[3]

---

[1] فرسان الہیجاء، ج ۲، ص ۱۴۹۔ ذخیرۃ الدارین، ص ۲۷۹۔

[2] فرسان الہیجاء، ج ۱، ص ۱۵۴۔ ذخیرۃ الدارین، ص ۲۴۲۔ ابصار العین، ص ۱۳۰ وغیرہ۔

[3] فرسان الہیجاء، ج ۲، ص ۶۔ ذخیرۃ الدارین، ص ۲۴۲۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

(۶۳) حبشہ بن قیس الفہمی

حافظ عسقلانی نے ان کا سلسلۂ نسب اس طرح بیان کیا ہے۔ حبشہ بن قیس بن سلمہ بن ظریف بن ابان بن سلمہ بن حارثہ بن فہم الفہمی، حبشہ کے دادا "سلمہ" رؤیت رسولؐ سے مشرف ہو چکے تھے۔ اور جنگ صفین میں حضرت امیر علیہ السلام کے ہمرکاب تھے۔ حبشہ مذکور کربلا میں امامؑ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ یہاں تک کہ جب روز عاشوراء آتش جنگ شعلہ زن ہوئی تو حبشہ جوش جہاد میں آ کر اس میں کود پڑے اور خوب دادِ شجاعت دی۔ یہاں تک کہ ان کی روح قفس عنصری سے پرواز کر کے شہداءِ کربلا کے مقدس زمرہ میں جا ملی۔[1]

(۶۴) نعمان بن عمرو الازدی الراسبی

بنی ازد کی ایک شاخ کا نام راسب ہے۔ یہ اسی قبیلہ سے تعلق رکھتے ہیں۔ حلاس کے بھائی ہیں۔ غزوات و حروب میں ان کا تذکرہ ملتا ہے۔ جنگ صفین میں دونوں بھائی حضرت امیر علیہ السلام کے ہمرکاب تھے۔ دونوں بھائی عمرو بن سعد کے لشکر میں کربلا پہنچے۔ جب انہوں نے دیکھا کہ ابن سعد انصاف و انسانیت کے تمام تقاضوں کو ٹھکرا کر بالکل آمادۂ پیکار ہے تو ان کے بخت نے یاوری کی اور آٹھ محرم کی رات کو لشکر پسر سعد سے علیحدہ ہو کر جماعت حسینیؑ میں شامل ہو گئے۔ اور روزِ عاشوراء جب آغاز جنگ ہوا تو حلاس حملۂ اولیٰ میں اور نعمان مبارزت طلبی میں شہادت کی منزلت جلیلہ پر فائز ہوئے۔[2]

(۶۵) شبیب بن جراد الکلابی الوحیدی

عسقلانی[3] نے ان کا سلسلۂ نسب اس طرح بیان کیا ہے۔ شبیب بن جراد بن طہیہ بن ربیعہ بن الوحید بن کعب بن عامر بن کلاب الکلابی الوحیدی۔ ان کے والد جراد نے جاہلیت اور اسلام کے دونوں دور دیکھے تھے۔

صاحب حدائق وردیہ نے لکھا ہے کہ شبیب کوفہ کے نام آور جنگ آزماؤں میں سے تھے۔ اور حضرت امیر علیہ السلام کے اصحاب اور شیعوں میں سے تھے۔ اسلامی جنگوں بالخصوص جنگ صفین میں ان کے کارناموں کا تذکرہ ملتا ہے۔ حضرت مسلم کے کوفہ آنے کے بعد انہوں نے نہ صرف ان کی بیعت کی تھی بلکہ لوگوں سے ان کے لیے بیعت لیتے بھی تھے۔

حضرت مسلمؑ کی شہادت کے بعد جب ابن زیاد نے قتال حسینؑ کے لیے کربلا فوجیں بھیجیں تو شبیب بھی ابن

---

۱ فرسان الہیجاء، ج ۱، ص ۸۵۔ ذخیرۃ الدارین، ص ۲۵۷۔ اصابہ، ج ۳، ص ۱۵۹، قسم ثانی۔

۲ فرسان الہیجاء، ج ۱، ص ۱۳۱۔ ج ۲، ص ۱۳۴۔ ذخیرۃ الدارین، ص ۲۶۸۔

۳ اصابہ، ج ۱، ص ۲۷۲، قسم ثالث۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

سعد کے ہمراہ تھے۔ ان کا خیال تھا کہ شاید قتل وقتال تک نوبت نہیں پہنچے گی۔ مگر نویں محرم کی شب کو شبیب کو یقین ہو گیا کہ قوم اشقیاء جناب سید الشہداءؑ سے لڑنے کا عزم بالجزم کر چکی ہے تو اسی رات حسینیؑ جماعت میں آ کر شامل ہو گئے اور حضرت قمر بنی ہاشم اور ان کے سگے بھائیوں کے پاس قیام کیا۔ کیونکہ قمر بنی ہاشم کی والدۂ ماجدہ انہی شبیب کے قبیلہ سے تھیں۔ بہر کیف صبح عاشوراء جب جنگ شروع ہوئی تو مبارزت طلبی میں اور بروایتے حملۂ اولیٰ میں نصرتِ امامؑ کا حق ادا کرتے ہوئے جام شہادت نوش کیا۔[1]

(۶۶) رافع بن عبداللہ غلام مسلم بن کثیر ازدی

رافع مذکور جناب مسلم بن کثیر ازدی صحابی جناب امیرؑ (شہید حملۂ اولیٰ) کے غلام تھے۔ نصرتِ امام علیہ السلام کے ارادہ سے اپنے آقا مسلم کے ہمراہ کوفہ سے روانہ ہو کر کربلا میں خدمتِ امامؑ میں حاضر ہوئے۔ روزِ عاشوراء جب آتش جنگ مشتعل ہوئی تو جناب مسلم تو حملۂ اولیٰ میں شہید ہو گئے۔ مگر رافع نے نمازِ ظہر کے بعد مبارزت طلبی میں کئی ناریوں کو واصل جہنم کرنے کے بعد خود جام شہادت پیا۔[2]

(۶۷) عمرو بن عبداللہ الجندعی الہمدانی

کوفہ کے باشندے تھے۔ بنی جندع قبیلہ ہمدان کی ایک شاخ ہے۔ یہ بزرگ اسی خانوادہ سے تعلق رکھتے تھے۔ ابن شہر آشوب نے ان کو حملۂ اولیٰ کے شہداء میں شمار کیا ہے۔ لیکن بعض اہل سیر و تواریخ کا بیان یہ ہے کہ یہ ان آخری تین اصحاب میں سے ایک ہیں جو تمام اصحابِ حسینیؑ کی شہادت کے بعد باقی رہ گئے تھے۔ جب قوم اشقیاء نے خیام حسینیؑ کی طرف بڑھنا شروع کیا۔ تو یہ آگے بڑھے۔ اور دم توڑ کر لڑے۔ اس اثناء میں ان کے سر پر سخت ضربت لگی۔ جس کی وجہ سے گر گئے۔ چنانچہ ان کے ہم قوم و بنی عم (جو ابن سعد کی فوج میں تھے) ان کو اٹھا کر لے گئے۔ اور علاج معالجہ کیا مگر زخم درست نہ ہوئے۔ یہاں تک کہ پورے ایک سال صاحب فراش رہنے کے بعد ان کی روح قفس عنصری سے پرواز کر کے شہداء کربلا میں جا کر ملحق ہو گئی۔[3]

(۶۸) حباب بن عامر التمیمی

نام و نسب حباب بن عامر بن کعب بن الارت بن ثعلبہ التمیمی۔ جب حضرت مسلمؑ کوفہ میں تشریف لائے تو ان کی بیعت کی۔ پھر جب لوگوں نے ان کو دھوکہ دیا اور جناب مسلم گرفتار کر لئے گئے تو حباب بن عامر ابن زیاد کے

---

[1] ذخیرۃ الدارین، ص ۲۶۸۔ فرسان الہیجاء، ج ۱، ص ۱۶۶۔ اصابہ، ج ۳، ص ۱۵۹۔

[2] فرسان الہیجاء، ج ۱، ص ۱۳۶۔ ذخیرۃ الدارین، ص ۲۷۱۔ ابصار العین، ص ۱۳۱۔

[3] ذخیرۃ الدارین، ص ۲۵۴۔ فرسان الہیجاء، ج ۲، ص ۸۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

خوف سے روپوش ہوگئے۔ جب امام حسین علیہ السلام کے بجانب کوفہ متوجہ ہونے کی اطلاع ملی تو راتوں رات کوفہ سے پوشیدہ طور پر نکل کر راستہ میں کسی جگہ حسینیؑ قافلہ سے جا کر ملحق ہوگئے اور برابر آنجنابؑ کے ہمرکاب رہے۔ یہاں تک کہ روز عاشوراء جب آغاز جنگ ہوا تو نصرت امامؑ میں سخت قتال کے بعد اپنی جان نثار کی۔[1]

(۶۹) شبیب بن عبداللہ نہشلی غلام حارث (حرث) بن سریع الہمدانی الجابری

پورا نام ونسب اس طرح ہے: شبیب بن عبداللہ بن مشکل بن حی بن جدیۃ۔ یہ حارث بن سریع ہمدانی کے غلام تھے۔ نسابہ کلبی وغیرہ کا بیان ہے کہ یہ واقعہ کربلا میں بہت سن رسیدہ تھے کیونکہ جناب رسولؐ خدا کے شرف صحبت سے مشرف ہو چکے تھے۔ اور حضرت امیر علیہ السلام کے ساتھ ان کی تمام دفاعی جنگوں میں شریک بھی رہ چکے تھے کوفہ کے باشندہ بہت بڑے بہادر اور جنگ آزما تھے۔ سیف بن الحارث بن سریع اور مالک بن سریع کے ہمراہ خدمت امامؑ میں حاضر ہوئے اور روز عاشوراء آغاز جنگ کے بعد بقاءِ اسلام کی خاطر جہاد کرتے ہوئے اپنی جان جانِ آفرین کے حوالہ کر دی۔[2]

(۷۰) عقبہ بن الصلت بن مالک الجہنی

جو لوگ میاہ جہینہ سے جناب امام حسینؑ کے ہمراہ ہوگئے تھے۔ ان میں ایک عقبہ بن الصلت بھی تھے۔ باوجودیکہ منزل زُبالہ پر جناب مسلم بن عقیل اور ہانی بن عروہ کی خبر شہادت سن کر کئی ہمراہی امامؑ عالی مقام کا ساتھ چھوڑ گئے مگر عقبہ ثابت قدم رہے۔ اور تمام سفر میں امام کے ہمرکاب رہے۔ حتیٰ کہ روز عاشوراء امامؑ کی نصرت میں دادِ شجاعت دیتے ہوئے شربتِ شہادت نوش کیا۔[3]

(۷۱) سلمان بن مضارب بن قیس البجلی

یہ سلمان زہیر بن القین کے چچازاد بھائی تھے۔ یہ بھی ۶۰ھ میں زہیر کے ہمراہ حج بیت اللہ سے واپس آرہے تھے کہ راستہ میں جناب سید الشہداءؑ سے ملاقات ہوئی۔ جب زہیر جماعت حسینیؑ میں شامل ہوئے تو سلمان نے بھی ان سے اتحادِ عمل کیا۔ اور روز عاشوراء نماز ظہر کے بعد جناب زہیر سے پہلے جام شہادت نوش کیا۔[4]

---

[1] فرسان الہیجاء، ج ۱، ص ۸۵۔ ذخیرۃ الدارین، ص ۲۶۷۔ ابصار، ص ۱۳۶ وغیرہ۔

[2] ذخیرۃ الدارین، ص ۲۵۲۔ فرسان الہیجاء، ج ۱، ص ۱۶۷۔

[3] فرسان الہیجاء، ج ۱، ص ۲۶۵۔ ذخیرۃ الدارین، ص ۲۶۵۔

[4] فرسان الہیجاء، ج ۲، ص ۱۶۰۔ ابصار العین، ص ۱۲۱۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

(۷۲) مرقع بن ثمامہ الاسدی الصیداوی

مرقع تابعین میں سے تھے۔ اور پہلے لشکر ابن سعد میں شامل تھے مگر انہوں نے دیکھا کہ ابن سعد نے سرکار سید الشہداءؑ کی تمام تجاویز امن و آشتی کو نامنظور کر دیا ہے۔ اور اب فرزند رسولؐ سے جنگ ناگزیر ہوگئی ہے تو راتوں رات پوشیدہ طور پر بعض اور لوگوں کے ساتھ جن کا تذکرہ اپنے اپنے مقام پر کیا جا چکا ہے بارگاہِ امام میں حاضر ہوگئے اور روزِ عاشوراء تیر کمان سے جنگ کر کے خوب دادِ شجاعت دی۔ حتیٰ کہ جب تیر ختم ہوگئے تو گھٹنے ٹیک کر دفاع کرتے رہے۔ جب زخموں سے نڈھال ہو کر گرے تو ہنوز کچھ رمق حیات باقی تھے کہ ان کی قوم بنی اسد کے کچھ لوگ انہیں اٹھا کر لے گئے۔ اختتام جنگ کے بعد پسر سعد نے ابن زیاد کو حقیقت حال سے آگاہ کیا تو ابن زیاد نے چاہا انہیں شہید کرائے۔ مگر بنی اسد کے بعض بااثر آدمیوں کی سفارش کرنے سے ان کی جان بخشی کر دی۔ مگر پابزنجیر کر کے مقام زرارہ کی طرف جلاوطن کر دیا۔ علاج معالجہ سے وہ زخم جو جنگ میں لگے تھے درست نہ ہو سکے۔ حتیٰ کہ انہی کی وجہ سے ایک سال کے بعد ان کی روح شہداء کربلا کے ساتھ ملحق ہوگئی۔[1]

(۷۳) ابوالحتوف بن الحارث (الحرث) الانصاری العجلانی

(۷۴) سعد بن الحارث (الحرث) الانصاری العجلانی

کتاب الکنی والالقاب، اعیان الشیعہ، رجال مامقانی وغیرہ میں بحوالہ حدائق وردیہ ان دونوں بھائیوں کو شہداء کربلا میں شمار کیا گیا ہے۔ یہ دونوں پہلے خارجی العقیدہ تھے۔ اور عمر بن سعد کے لشکر میں امامؑ کے ساتھ جنگ کی غرض سے وارد کربلا ہوئے تھے۔ جب اس تاریخی محاربہ میں آنجنابؑ کے تمام اصحاب شربت شہادت نوش کر چکے اور آنجنابؑ نے آواز استغاثہ بلند فرمائی اور خیام سے نالہ وشیون کی صدائیں بلند ہوئیں اور ان دونوں بھائیوں کے گوش گزار ہوئیں تو رحمت ایزدی ان کے شامل حال ہوگئی۔ کہا: ﴿لا طاعة لمن عصى الله﴾ جو شخص خدا کا نافرمان ہے اس کی اطاعت جائز نہیں ہے۔ یہ حسینؑ ہمارے رسولؐ کے فرزند ہیں۔ جن کی شفاعت کے بروز قیامت ہم امیدوار ہیں جو اس وقت بے یار و مددگار ہیں اگر ہم ان کے ساتھ جنگ کریں گے تو پھر آنحضرتؐ کس طرح ہماری شفاعت فرمائیں گے؟ یہ کہہ کر تلواریں میانوں سے کھینچ لیں اور آنجنابؑ کی خدمت میں پہنچ کر دشمنانِ خدا و رسولؐ کے ساتھ جہاد شروع کیا۔ ایک گروہ کو زخمی اور ایک جماعت کو دار البوار میں پہنچانے کے بعد خود بھی سعادت ابدی پر فائز ہوگئے۔[2]

---

[1] ذخیرۃ الدارین، ص ۲۵۸۔ فرسان الہیجاء، ج ۲، ص ۱۲۵، وغیرہ۔

[2] فرسان الہیجاء، ج ۱، ص ۲۵۔ ذخیرۃ الدارین، ص ۲۵۶ وغیرہ۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

(۷۵) ضرغامہ بن مالک تغلبی کی شہادت

فاضل سماوی نے ابصار العین میں لکھا ہے کہ یہ شیعیان کوفہ میں سے اسم بامسمی تھے۔ چونکہ ضرغام کے معنی شیر کے ہیں یہ بزرگوار بھی بڑے شجاع شیر افگن اور شاہسوار صف شکن تھے۔ جب جناب مسلم وارد کوفہ ہوئے تو ان کے حلقۂ بیعت میں داخل ہوگئے اور ان کی شہادت کے بعد ابن سعد کے لشکر میں شامل ہوکر کربلا پہنچے۔ پھر خدمت امامؑ میں حاضر ہوگئے۔ اور فاضل مازندرانی کے بیان کے مطابق حملۂ اولیٰ میں شہید ہوئے۔ مگر ابی مخنف کے بیان کے مطابق نمازِ ظہر کے بعد مبارزت میں یہ رجز پڑھتے ہوئے میدان میں گئے ؎

الیکم من ابن مالک ضرغام ضرب فتی یحمی عن الکرام

یرجو ثواب اللّٰہ باتمام سبحانہٗ من ملک علام

پھر دشمنانِ خدا و رسولؐ کے ٹڈی دل لشکر پر ٹوٹ پڑے اور زخمیوں کے علاوہ ساٹھ دوزخیوں کو واصل جہنم کرنے کے بعد درجۂ شہادت پر فائز ہوئے۔[1]

(۷۶) زیاد بن عُریب الصائدی الہمدانی

یہ بزرگوار بنی صاعد کے چشم و چراغ تھے۔ جو کہ بنی ہمدان کی ایک شاخ ہے۔ استیعاب، اسد الغابہ اور اصابہ میں ان کے والد عُریب کو اصحابِ رسولؐ میں شمار کیا گیا ہے۔ یہ جناب زیاد شجاعان نامدار، روزہ دار، شب زندہ دار اور عبادت گزاروں میں سے شمار ہوتے ہیں۔ روز عاشوراء میں مبارزت طلبی میں سخت لڑائی کے بعد شہادت کے درجۂ رفیعہ پر فائز ہوئے۔[2]

(۷۷) عائذ ابن مجمع العائذی

یہ بزرگوار جناب مجمع ابن عبداللہ عائذی کے فرزند ہیں۔ اپنے والد بزرگوار کے ہمراہ کربلا پہنچے اور نصرت امامؑ کا فریضہ انجام دیتے ہوئے جام شہادت نوش کیا۔[3]

حملۂ اولیٰ کے شہداء کے اجمالی حالات و کوائف

جیسا کہ قبل ازیں تفصیل کے ساتھ لکھا جا چکا ہے کہ روز عاشوراء جب عمر بن سعد کے پہلا تیر چلانے کے بعد جنگ کا آغاز ہوا۔ اور فریق مخالف کی ہزاروں کمانیں کڑکیں اور تیروں کی بارش ہوئی۔ ادھر اصحابِ حسینؑ نے بھی

---

۱ فرسان، ج ۱، ص ۱۶۹۔ ذخیرۃ، ص ۲۲۳۔

۲ فرسان، ج ۱، ص ۱۵۳۔ ذخیرہ، ج ۹، ص ۲۶۹ وغیرہ۔

۳ فرسان، ج ۲، ص ۵۱، ذخیرہ، ج ۱، ص ۲۳۴۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

جوابی کارروائی کی۔ قریباً ایک گھنٹہ کی جنگ کے بعد بنابر مشہور اس حملۂ اولیٰ میں امام کے پچاس اصحاب باصفا شہادت کی ابدی سعادت پر فائز ہوئے۔[1]

مناقب شہر بن آشوب[2] میں ان شہداء میں سے صرف بیالیس اصحاب باوفا کے اسمائے مبارکہ موجود ہیں۔ ہم یہاں پورے پچاس شہداء کے اسماءِ مبارکہ درج کر کے ان کا اجمالی تعارف پیش کرنے کی سعادت حاصل کرتے ہیں۔

(۱/۷۸) نعیم بن عجلان انصاری خزرجی

یہ بزرگوار جناب امیر علیہ السلام کے اصحاب میں سے ہیں اور نعمان بن عجلان کے بھائی ہیں جو جناب امیر علیہ السلام کی طرف سے بحرین وعمان کے حاکم تھے۔ ان دونوں بھائیوں کا شمار تیسرے بھائی نضر سمیت شجاعان روزگار وشعرائے کامگار میں ہوتا ہے۔ یہ جنگ صفین میں آنجنابؑ کے ہمرکاب تھے۔ نعیم کے دونوں بھائیوں کا واقعۂ کربلا سے پہلے انتقال ہو چکا تھا۔ نعیم جو کوفہ میں رہتے تھے۔ نصرت امامؑ کے لیے کربلا میں حاضر ہوئے۔ اور حملۂ اولیٰ میں جام شہادت نوش کیا۔[3]

(۲/۷۹) عمران بن کعب بن حارث الاشجعی

ان کے حالات دستیاب نہیں ہو سکے۔ منتہی الآمال[4] میں صرف اس قدر درج ہے کہ حضرت شیخ طوسیؒ نے اپنے رجال میں ان کا تذکرہ کیا ہے۔ حملۂ اولیٰ میں شہید ہوئے۔

(۳/۸۰) حنظلہ بن عمرو الشیبانی

ان کے حالات بھی معلوم نہیں ہو سکے۔ مناقب میں ان کا شمار بھی حملۂ اولیٰ کے شہداء میں کیا گیا ہے۔

(۴/۸۱) قاسط بن زہیر تغلبی (۵/۸۲) کردوس بن زہیر تغلبی (۶/۸۳) مقسط ابن زہیر تغلبی

رجال مامقانی وغیرہ کتب میں ہر سہ بھائیوں کا شمار حضرت امیر علیہ السلام کے اصحاب میں کیا گیا ہے۔ ان تینوں بھائیوں نے حضرت امیر علیہ السلام کے ہمراہ جنگ صفین میں شرکت کی۔ اور کارہائے نمایاں انجام دیے۔ پھر یہ تینوں سعادت مند بھائی میدان کربلا میں نصرت امامؑ کا حق ادا کرتے ہوئے حملۂ اولیٰ میں فیض شہادت پر فائز

---

[1] تمام، ص ۳۴۰۔ منتہی الآمال، ج ۱، ص ۳۴۹۔ شرح شافیہ ابی فراس، ص ۱۳۸۔ مقتل الحسین للمقرم، ص ۲۶۸ وغیرہ۔

[2] ج ۴، ص ۹۹، طبع بمبئی۔

[3] منتہی الآمال، ج ۱، ص ۳۵۰۔ فرسان، ج ۲، ص ۱۳۴۔ ذخیرہ، ص ۱۸۱۔

[4] ج ۱، ص ۳۵۰۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

ہوئے۔[1]

جادوا بانفسهم فی حبّ سیدهم والجود بالنفس اقصٰی غایة الجود

(۷/۸۴) کنانہ بن عتیق تغلبی

جناب کنانہ کا کوفہ کے مشہور روزگار ابطال وقراء اور عبادت گزاران کا مگار میں شمار ہوتا تھا۔ روز عاشوراء حملۂ اولیٰ میں شہادت کی دائمی سعادت پر نائل ہوئے۔[2]

(۸/۸۵) عمرو بن ضبیعہ تمیمی

بہت بڑے بہادر و شہسوار تھے۔ اسلامی جنگوں میں ان کا نام ملتا ہے۔ کہا جاتا ہے کہ یہ پہلے عمر بن سعد کی فوج میں شامل تھے۔ جب جناب سید الشہداء کی امن دوستی اور مظلومیت اور ابن سعد کے ظلم وتعدی کو دیکھا تو حسینی لشکر گاہ میں داخل ہوگئے اور روز عاشوراء حملۂ اولیٰ میں درجۂ شہادت پر فائز ہوئے۔[3]

(۹/۸۶) بکر بن حی

عسقلانی نے ان کا سلسلۂ نسب اس طرح ذکر کیا ہے: بکر بن حی بن علی بن تیم اللہ بن ثعلبہ۔ اور لکھا ہے کہ انہوں نے زمانۂ رسول کو درک کیا تھا۔ ان کا شمار بھی شہداء کربلا کے مقدس زمرہ میں کیا جاتا ہے۔ پہلے پسر سعد کی سپاہ میں شامل تھے۔ روز عاشوراء جب جنگ شروع ہوئی تو رحمت الٰہی شامل حال ہوگئی۔ اور آنجنابؑ کی خدمت میں حاضر ہوکر بنابر مشہور حملۂ اولیٰ میں فیض شہادت حاصل کیا۔[4]

(۱۰/۸۷) ادہم بن امیہ عبدی (۱۱/۸۸) عبداللہ (۱۲/۸۹) عبیداللہ فرزندان یزید بن ثبیط

(۱۳/۹۰) عامر بن مسلم عبدی (۱۴/۹۱) ان کے غلام سالم (۱۵/۹۲) سیف بن مالک عبدی

جناب ادہم کا نام ونسب اس طرح ہے: ادہم بن امیہ بن ابی عبیدہ بن ہمام بن الحارث بن بکر بن زید بن مالک بن زید العبدی۔ بصرہ کے رہنے والے تھے۔ عسقلانی وغیرہ علماء سیر وتراجم کے بیان کے مطابق ان کے والد امیہ صحابی رسولؐ تھے۔ بصرہ میں ماریہ بنت منقذ (یا سعید) عبدیہ نامی ایک خاتون شیعیانِ علیؑ میں سے اس قدر جلالت قدر کی مالک تھیں کہ تمام (اہم امور پر صلاح ومشورہ کے لیے ان کے مکان پر شیعوں کے اجتماع ہوتے تھے)۔ جب

---

[1] فرسان، ج ۲، ص ۲۶۔ ابصار العین، ص ۱۳۷۔

[2] منتہی الآمال، ج ۱، ص ۳۵۰۔

[3] منتہی الآمال، ج ۱، ص ۳۵۰۔ فرسان، ج ۲، ص ۷۔ ذخیرہ، ص ۲۲۴۔

[4] فرسان الہیجاء، ج ۱، ص ۵۱۔ ذخیرۃ الدارین، ص ۲۶۰۔ منتہی الآمال، ج ۱، ص ۳۵۳ وغیرہ۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

یزید نے ابن زیاد کو کوفہ کا گورنر مقرر کر کے کوفہ بھیج دیا اور دوسری طرف جناب امام حسینؑ کے عراق کی طرف روانہ ہونے کی خبریں زبان زد خاص و عام تھیں۔ بصرہ کے قائم مقام گورنر نے اس اعلان کے ساتھ ساتھ کہ یہاں سے کوئی شخص نصرت حسینؑ کے لیے نہ جائے۔ ناکہ بندی کا بھی انتظام کر دیا۔ اس اثنا میں یزید بن نبیط قیسی نے ماریہ مذکورہ کے مکان پر شیعوں کے ایک خصوصی اجتماع میں نصرت امامؑ کے لیے جانے کا عزم ظاہر کیا۔ اور اپنے دس بیٹوں کے سامنے بھی یہ مسئلہ پیش کیا۔ جن میں سے صرف عبداللہ اور عبیداللہ نے باپ سے اتفاق رائے کیا۔ وہیں ادہم بن امیہ عامر بن مسلم العبدی اور اس کے غلام سالم وسیف بن مالک العبدی نے بھی ان سے اتحاد عمل کیا۔ دوسرے لوگ ناکہ بندی کی شدت نیز دوسرے بعض خطرات کے ماتحت اس سعادت کو حاصل نہ کر سکے۔ البتہ بعد میں کچھ لوگ کف افسوس ملتے رہے اور بعض قافلے نصرت امامؑ کی غرض سے روانہ بھی ہوئے۔ مگر راستہ میں شہادت حسینؑ کی خبر دہشت اثر سن کر واپس لوٹ گئے۔[1] بہرحال چھ آدمیوں کا یہ مختصر قافلہ اپنی جانوں کو شدید خطرے میں ڈال کر اور مشکلات میں گھر کر سید الشہداءؑ کے مکہ سے روانہ ہونے کے بعد راستہ میں حسینیؑ قافلہ کے ساتھ جا کر شامل ہو گیا۔ پھر اس تمام سفر میں ہمرکاب رہا۔ حتیٰ کہ روزِ عاشورا جب میدانِ کارزار گرم ہوا تو ان سب شمع حسینیؑ کے پروانوں نے نصرت امام کا فریضہ انجام دیتے ہوئے حملۂ اولیٰ میں شہادت کی سعادت حاصل کی۔[2] رضوان اللہ علیہم۔

(۱۶/۹۳) حارث بن نبہان

ارباب مقاتل نے لکھا ہے کہ حارث کے والد نبہان حضرت حمزہ بن عبدالمطلب کے غلام اور بڑے جنگ آزما اور شہسوار تھے۔ جناب حمزہ کی شہادت کے دو سال بعد وفات پا گئے۔ ان کی وفات کے بعد ان کے فرزند حارث حضرت امیر علیہ السلام سے وابستہ رہے۔ ان کی شہادت کے بعد امام حسن علیہ السلام کی خدمت میں رہنا اختیار کیا اور آپؑ کی شہادت کے بعد امام حسینؑ کی خدمت فیض درجت میں رہے۔ حتیٰ کہ جب انقلاب روزگار کی وجہ سے جناب خامس آل عبا اپنا وطن مالوف چھوڑنے پر مجبور ہوئے۔ تو حارث آپ کے ہمرکاب ہوئے۔ اور برابر روزِ عاشوراء تک ہمراہ رہے۔ جب کربلا کے قیامت خیز محاربہ کی ابتدا ہوئی تو انہوں نے نصرت امامؑ میں شہادت کا جام نوش کیا۔[3]

(۱۷/۹۴) منیع بن زیاد

حضرت شیخ طوسی علیہ الرحمہ نے اپنے رجال میں ان کا شمار حضرت امام حسین علیہ السلام کے اصحاب میں کیا ہے

---

۱ فرسان الہیجاء، ج ۲، ص ۱۵۱ وغیرہ۔

۲ ذخیرہ، ص ۲۶۶، ۲۴۴۔ فرسان، ج ۱، ص ۲۷ و ج ۲، ص ۱۴۸۔

۳ ذخیرہ، ص ۲۶۷۔ فرسان، ج ۱، ص ۸۴۔ ؟؟؟

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

مگر انہوں نے منیع بن رقاد لکھا ہے۔ اس بزرگوار کا شمار بھی روزِ عاشوراء حملۂ اولیٰ کے شہداء میں ہوتا ہے۔ مگر کتب رجال سے ان کے حالات دستیاب نہیں ہو سکے۔[1]

(۱۸/۹۵) عبدالرحمٰن بن عبداللہ الارحبی

یہ وہی بزرگوار ہیں جن کو اہل کوفہ نے بہت[2] سے دعوتی خطوط دے کر قیس بن مسہر صیداوی کے ہمراہ حضرت امام حسینؑ کی خدمت میں مکہ روانہ کیا تھا اور یہ بارہ ماہِ رمضان ۶۰ھ کو بارگاہِ امامت میں باریاب ہوئے تھے۔[3] اسی بات سے ان کی دیانت و امانت پر بہت تیز روشنی پڑتی ہے۔ بہرحال روزِ عاشوراء حملۂ اولیٰ میں اور بقولے مبارزت طلبی میں درجۂ شہادت پر فائز ہوئے۔[4]

(۱۹/۹۶) حلاس بن عمرو الازدی الراسبی

کوفہ کے باشندہ اور حضرت امیر علیہ السلام کے اصحاب میں سے تھے۔ اور آنجنابؑ کے ظاہری دورِ خلافت میں پولیس افسر تھے۔ اپنے بھائی نعمان بن عمرو (جن کی شہادت کا قبل ازیں تذکرہ کیا جا چکا ہے) کے ساتھ ابن سعد کی فوج میں کربلا پہنچے اور شبِ ہشتم محرم کو مخفی طریقہ پر سپاہِ امامؑ میں شامل ہو گئے۔ روزِ عاشوراء حلاس حملۂ اولیٰ میں اور نعمان حملۂ اولیٰ اور ظہر کے درمیان مبارزت طلبی میں شہادت کی سعادت پر فائز ہوئے۔[5]

(۲۰/۹۷) زاہر بن عمرو اسلمی مولیٰ عمرو بن الحمق الخزاعی

یہ بزرگ جناب عمرو بن الحمق الخزاعی کے مصاحب تھے۔ ارباب سیر نے آپ کا شمار اصحابِ رسولؐ میں کیا ہے۔ اور یہ کہ آپ بیعت شجرہ، صلح حدیبیہ اور جنگ خیبر میں شریک تھے۔ محبت خاندان نبوتؐ ان کا طغرا امتیاز تھا۔ ۶۰ھ میں حج بیت اللہ سے مشرف ہوئے تھے۔ واپسی پر امام حسینؑ کے ہمراہ کربلا پہنچے۔ اور بالآخر روزِ عاشوراء حملۂ اولیٰ میں شرف شہادت حاصل کر کے زندگانی جاوید پر فائز ہوئے۔[6]

(۲۱/۹۸) جبلہ بن علی الشیبانی

کوفہ کے شیعیانِ علیؑ میں سے نام آور بہادر تھے۔ جنگ صفین میں آنجنابؑ کے ہمرکاب تھے۔ جناب مسلم کے ہاتھ پر بیعت کی۔ ان کی شہادت کے بعد روپوش ہو گئے۔ جب امامؑ کے کربلا میں ورودِ مسعود کی اطلاع ملی تو ان

---

۱ فرسان، ج ۲، ص ۱۲۳۔
۲ فرسان، ج ۱، ص ۲۲۳۔
۳ منتہی الآمال، ج ۱، ص ۳۵۰۔
۴ فرسان، ج ۱، ص ۲۳۲۔
۵ فرسان، ج ۱، ص ۱۳۱۔ ذخیرہ، ص ۲۶۸۔
۶ فرسان البیجا، ج ۱، ص ۱۳۸، بحوالہ اصابہ وغیرہ

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

کی خدمت میں حاضر ہوئے اور روزِ عاشوراء حملۂ اولیٰ میں شہید ہوئے۔[1] صاحب حدائق وردیہ نے ان کی شہادت بطور مبارزت ذکر کی ہے۔[2]

(۲۲/۹۹) مسعود بن الحجاج التیمی (۲۳/۱۰۰) عبدالرحمٰن بن مسعود التیمی

یہ دونوں باپ بیٹا شجاعان روزگار میں سے تھے۔ سپاہ ابن سعد میں شامل تھے۔ جن دنوں ہنوز جنگ کا آغاز نہ ہوا تھا بلکہ طرفین سے رسل و رسائل کا سلسلہ جاری تھا۔ بغرض سلام خدمت امامؑ میں حاضر ہوئے۔ پھر اس طرح رحمت ایزدی شامل حال ہوئی کہ یہیں کے ہو کر رہ گئے۔ اور روز عاشوراء حملہ اولیٰ میں جام شہادت نوش کر کے ابدی سعادت پر فائز ہوئے۔[3]

(۲۴/۱۰۱) سوار بن ابی عمیر النہمی

اگرچہ مناقب شہر ابن آشوب میں ان کا شمار حملۂ اولیٰ کے شہداء میں کیا گیا ہے۔ مگر اکثر ارباب سیر و تواریخ اس بات پر متفق ہیں کہ یہ حملۂ اولیٰ میں زخموں سے نڈھال ہو کر گر گئے۔ بعد ازاں ان کو گرفتار کر کے پسر سعد کے پاس لے جایا گیا۔ اس نے قتل کرانا چاہا مگر ان کے ہم قوم سپاہی آڑے آئے۔ سفارش کر کے ان کو زندہ گھر لے گئے۔ علاج معالجہ کیا۔ لیکن زخم اتنے کاری لگے تھے کہ نہ بچ سکے۔ اور چھ ماہ تک صاحب فراش رہ کر راہی ملک بقا ہوئے۔ اور روح شہدائے کربلا میں شامل ہو گئی۔[4]

SIBTAIN.COM

(۲۵/۱۰۲) زہیر بن بشر الخثعمی

حالات معلوم نہیں ہو سکے۔ ان کے بھائی عبداللہ بن بشر کی شہادت کا تذکرہ قبل ازیں (نمبر ۵۴ پر) کیا جا چکا ہے)۔ بنابر روایت مناقب زہیر نے حملۂ اولیٰ میں شہادت پائی۔[5]

(۲۶/۱۰۳) عمار بن حسان بن شریح الطائی

جناب عمار (جن کا اسم گرامی بعض کتب رجال میں عامر لکھا ہے) مخلص شیعیان حیدر کرار میں شمار ہوتے تھے۔ ان کے والد جناب حسان حضرت امیر علیہ السلام کے اصحاب میں سے تھے اور جنگ صفین میں آنجنابؑ کے ہمرکاب تھے۔ عمار مکہ سے حضرت امام علیہ السلام کے ہمراہ کربلا پہنچے۔ اور روز عاشوراء حملۂ اولیٰ میں شرف شہادت سے مشرف ہوئے۔[6]

---

۱ منتہی الآمال، ج ۱، ص ۳۵۱۔
۲ فرسان، ج ۱، ص ۵۵۔
۳ منتہی الآمال، ج ۱، ص ۳۵۱۔ ذخیرہ، ص ۲۳۶۔
۴ منتہی الآمال، ج ۱، ص ۳۵۱۔
۵ فرسان الہیجاء، ج ۱، ص ۱۴۲۔
۶ منتہی الآمال، ج ۱؟، ص ۳۵۱۔ فرسان، ج ۱، ص ۳۳۷۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

(۲۷/۱۰۴) عبداللہ بن عمیر

فاضل مازندرانی نے ان کا شمار حملہ اولیٰ کے شہداء میں کیا ہے مگر یہ معلوم نہیں ہو سکا کہ عبداللہ بن عمیر سے کون بزرگوار مراد ہیں۔ اگر ابن عمیر کلبی ہیں تو ان کے حالات ابتداء میں (نمبر ۱) پر لکھے جا چکے ہیں۔ مگر وہ حملۂ اولیٰ میں شہید نہیں ہوئے اور اگر کوئی اور بزرگ ہیں تو ان کے حالات پردۂ خفا میں ہیں۔ واللہ العالم۔

(۲۸/۱۰۵) مسلم بن کثیر الازدی الاعرج

فاضل مامقانی نے ان کا شمار حضرت امیر علیہ السلام کے اصحاب میں کیا ہے اور لکھا ہے کہ جنگ جمل میں آنجنابؑ کے ہمرکاب تھے۔ اسی جنگ میں پاؤں پر ایک تیر لگا۔ جس کی وجہ سے لنگڑے ہو گئے۔ اور عسقلانی کے بیان سے ان کا صحابیِ رسولؐ ہونا واضح ہوتا ہے۔ کوفہ میں رہائش تھی۔ بہرحال کربلا میں خدمت امام میں شرف یاب ہوئے۔ اور روز عاشوراء حملۂ اولیٰ میں شہد شہادت پیا۔[1]

(۲۹/۱۰۶) زہیر بن سلیم ازدی

یہ بزرگوار پہلے عمر بن سعد کی فوج میں تھے۔ شب عاشوراء رحمت پروردگار شامل حال ہوئی اور آ کر امام علیہ السلام کی جماعت میں شامل ہو گئے اور روز عاشوراء حملۂ اولیٰ میں جام شہادت نوش کیا۔[2]

SIBTAIN.COM

(۳۰/۱۰۷) امیہ بن سعد الطائی

امیہ کوفہ کے باشندہ۔ حضرت امیر علیہ السلام کے صحابی اور قبیلۂ طئے کے بہادر اور شہسوار تھے۔ کتب سیر و تواریخ کے اندر اسلامی جنگوں میں بالعموم اور جنگ صفین میں بالخصوص آپ کے کارہائے نمایاں کا تذکرہ ملتا ہے۔ جب ان کو امام علیہ السلام کے کربلا پہنچنے کی اطلاع ملی تو کسی نہ کسی طرح اپنے تئیں شب ہشتم محرم کو خدمت امام میں پہنچایا۔ اور پھر برابر آپ کے ہمراہ رہے۔ حتیٰ کہ روز عاشوراء آغاز جنگ کے بعد تائید حق میں داد شجاعت دیتے ہوئے حملۂ اولیٰ میں واصل بحق ہوئے۔[3] رضوان اللہ علیہ۔

(۳۱/۱۰۸) حارث بن امرالقیس بن عابس الکندی

یہ بزرگوار شجاعان نامدار و شہسواران و عبادت گزارانِ روزگار میں شمار ہوتے تھے۔ پہلے لشکر ابن زیاد میں شامل تھے مگر جب انہوں نے کربلا میں فریقین کا رویہ و کردار دیکھا اور دیکھا کہ کس طرح بے دردی کے ساتھ ابن سعد

۱۔ منتہی الامال، ج ۱، ص ۳۵۲۔ فرسان، ج ۲، ص ۳۶۔

۲۔ منتہی الامال، ج ۱، ص ۳۵۲۔ فرسان، ج ۱، ص ۱۴۱۔

۳۔ فرسان الہیجاء، ج ۱، ص ۳۶۔ ذخیرہ، ص ۲۶۶۔ ابصار، ص ۱۳۷۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

نے سرکار سید الشہداءؑ کے شرائط امن و صلح کو نامنظور کر دیا ہے تو اس سے متاثر ہو کر امام حسینؑ کی بارگاہ میں پہنچ گئے۔ جب روزِ عاشوراء تاریخی محاربۂ کربلا شروع ہوا تو جہاد کرتے ہوئے شربت شہادت نوش کیا۔[1]

(۳۲/۱۰۹) عمارہ (عمار) ابن ابی سلامہ الہمدانی الدالانی

دالان قبیلۂ ہمدان کی ایک شاخ ہے۔ جناب عمارہ کا تعلق اسی شاخ سے تھا۔ ان کا شمار حضرت امیر المؤمنینؑ کے اصحاب مجاہدین میں ہوتا تھا۔ چنانچہ آنجنابؑ کی تینوں جنگوں (جمل، صفین اور نہروان) میں آپ کے ہمرکاب رہ کر کارہائے نمایاں انجام دے چکے تھے۔ بعض اہل سیر نے ان کا شمار اصحاب رسولؐ میں کیا ہے۔ روزِ عاشوراء نصرت امامؑ و اسلام کا فریضہ انجام دیتے ہوئے حملۂ اولیٰ میں شہادت کا مقدس جام نوش کر کے ابدی سعادت پر فائز ہوئے۔[2]

(۳۳/۱۱۰) جنادہ بن کعب بن حارث الانصاری

یہ بزرگوار شیعیان علیؑ میں سے ہیں۔ مکہ مکرمہ سے اپنے اہل و عیال سمیت امام علیہ السلام کی ہمراہی میں کربلا پہنچے اور حملۂ اولیٰ میں شہید ہوئے۔ (فرسان، ج ۱، ص ۷۵)

(۳۴/۱۱۱) جوین بن مالک التمیمی

کوفہ کے باشندہ ہیں۔ اور حضرت امام حسینؑ کے صحابی شمار ہوتے ہیں۔ جب کوفہ کے تمام قبائل کربلا میں امام علیہ السلام سے جنگ کرنے کے لیے بھیجے گئے تو موصوف بھی پسر سعد کے لشکر میں شامل ہو کر کربلا پہنچے اور موقع پا کر سپاہ امامؑ میں داخل ہو گئے۔ اور حملۂ اولیٰ میں شہادت کے مرتبۂ جلیلہ پر فائز ہوئے۔ (فرسان، ج ۱، ص ۸۲)

(۳۵/۱۱۲) حباب بن حارث

فاضل مازندرانی نے ان کا شمار حملۂ اولیٰ کے شہداء میں کیا ہے۔ مگر کتب مقاتل و تراجم میں ان کے حالات زندگی معلوم نہیں ہو سکے۔ (کذا فی نفس المہموم، ص ۱۵۷)

(۳۶/۱۱۳) ربیعہ بن خوط

کوفہ کے شیعیان علیؑ میں سے تھے۔ صاحب فرسان الہیجاء نے جلد ۱، صفحہ ۱۳۶ میں ان کا شمار شہداء کربلا میں کیا ہے۔

(۳۷/۱۱۴) رُمَیث بن عمرو

صاحب فرسان الہیجاء نے بحوالہ رجال شیخ طوسیؒ ان کا شمار شہداء کربلا میں کیا ہے۔ (ج ۱، ص ۱۳۷)

---

[1] فرسان الہیجاء، ج ۱، ص ۸۳۔ ذخیرۃ الدارین، ص ۲۶۷۔ ابصار العین، ص ۱۲۴۔

[2] منتہی، ج ۱، ص ۳۵۱۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

(۳۸/۱۱۵) ضبیعہ بن عمرو

زیارت رجبیہ میں (جو کتاب اقبال سید بن طاوسؒ میں مذکور ہے) ان کا نام شہداء کربلا کی فہرست میں دیا گیا ہے۔ (فرسان، ج ۱، ص ۱۷۱) ان کے حالات نہیں مل سکے۔

(۳۹/۱۱۶) عامر بن مالک

صرف زیارت رجبیہ میں ان کو شہداءِ کربلا میں شمار کیا گیا ہے۔ (فرسان، ج ۱، ص ۱۸۵) واللہ العالم۔

(۴۰/۱۱۷) عمیر بن کناد

زیارت رجبیہ میں شہداءِ کربلا کے ضمن میں ان پر سلام وارد ہے۔ (فرسان الہیجاء، ج ۲، ص ۱۷) اس کے علاوہ کتب رجال میں کچھ نہیں مل سکا۔

(۴۱/۱۱۸) منذر بن سلیمان

شیخ طوسیؒ نے ان کو امام حسینؑ کے اصحاب میں شمار کیا ہے اور زیارت رجبیہ میں ان کا شمار شہداءِ کربلا میں کیا گیا ہے۔ (فرسان، ج ۲، ص ۱۲۳)

(۴۲/۱۱۹) سلیم

امام حسنؑ کا باوفا غلام کربلا میں نصرتِ امام حسینؑ میں شہید ہوا۔ (شہید انسانیت، ص ۳۹۰، طبع اول)

(۴۳/۱۲۰) سید الشہداءؑ کے آٹھ عدد غلاموں کی شہادت

مخفی نہ رہے کہ فاضل شہر بن آشوب مازندرانی نے اپنی کتاب مناقب میں سرکار سید الشہداءؑ کے دس غلاموں کی شہادت کا تذکرہ حملۂ اولیٰ کے شہداء کے ضمن میں کیا ہے جن میں سے بعض جیسے غلام ترکی اور منجح کے حالات کا تو پہلے تذکرہ کیا جا چکا ہے جو مبارزت طلبی میں شہید ہوئے۔ ہاں البتہ باقی آٹھ حضرات نے حملۂ اولیٰ میں شربتِ شہادت نوش کیا۔ (ان کے اسمائے مبارکہ پردۂ خفاء میں ہیں)۔

نتیجۂ کلام

سابقہ بیانات سے واضح وعیاں ہو گیا کہ سرکار سید الشہداءؑ کے انصار کی کل تعداد ایک سو ستائیس (۱۲۷) ہے جن میں سے ستر (۷۰) حضرات مبارزت طلبی میں اور پچاس (۵۰) بزرگوار جنگ مغلوبہ میں شہید ہوئے۔ اور جب ان میں اٹھارہ عدد شہداء بنی ہاشم بھی شامل کر دیئے جائیں تو سب شہداء کربلا کی تعداد ایک سو پینتالیس (۱۴۵) بن جاتی ہے۔ (وھو الحق، و الحق احق ان یتبع. واللہ الھادی الی سواء السبیل)۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

شہداءِ کربلا پر عمومی تبصرہ

اب جب کہ اصحاب و انصار حسینؑ کے تذکرۂ شہادت کے ساتھ ان کے مختصر حالات زندگی بھی بیان کئے جا چکے ہیں تو مناسب معلوم ہوتا ہے کہ کتاب مستطاب ''شہید انسانیت'' سے اس مقدس جماعت کی نوعیت و حیثیت پر ایک عمومی تبصرہ کر دیا جائے۔ چنانچہ کتاب مذکور میں لکھا ہے:

''ان اصحاب کے ان حالات سے جو سلسلہ وار پیش ہوئے ہیں۔ یہ اندازہ ہو جاتا ہے کہ وہ کچھ گمنام اور غیر معروف شخصیتوں کے مالک نہیں تھے۔ بلکہ اعداد و شمار کے ذریعہ یہ معلوم کیا جا سکتا ہے کہ ان میں مندرجہ ذیل اشخاص کو اصحاب رسولؐ ہونے کا شرف حاصل تھا:

اصحابِ حسینؑ میں اصحابِ رسولؐ

(۱) مسلم بن عوسجہ (۲) زاہر بن عمرو اسلمی کندی

(۳) شبیب بن عبداللہ مولی ہمدان (۴) عبدالرحمٰن بن عبدرب انصاری خزرجی

(۵) عمار بن ابی سلامہ دالانی (۶) مسلم بن کثیر

(۷) حبیب بن مظاہر (۸) انس بن حارث اسدی

وفاتِ رسولؐ سے واقعۂ کربلا تک پچاس برس کا زمانہ گزر چکا تھا۔ اس لیے ان میں سے کسی کی عمر پچپن یا ساٹھ برس سے کم نہیں قرار پا سکتی۔ اور ان میں سے بعض کی عمر اس سے یقیناً زیادہ تھی۔ جیسے انس بن حارث، عبد الرحمٰن، بن عبدرب، حبیب بن مظاہر، مسلم بن عوسجہ، ان کے علاوہ سوید بن عمرو خثعمی عام انسانی طبیعت کے تقاضوں کے لحاظ سے بوڑھے مجاہدین میں سے کسی ایک کے متعلق بھی یہ نہیں کہا جا سکتا کہ وہ کسی وقتی جوش یا ولولۂ جنگ کی وجہ سے میدان داری پر تیار ہو گئے تھے۔

اصحابِ حسینؑ میں تابعین

حسب ذیل اصحاب حضرت علیؑ تھے۔ جو اصطلاحاً تابعین میں داخل ہیں اور تابعین کا مرتبہ صحابہ کے بعد سب سے بہتر سمجھا جاتا ہے:

(۱) عبداللہ بن عمیر کلبی (۲) مجمع بن عبداللہ عائذی

(۳) جنادہ بن حارث سلمانی (۴) جندب بن حجیر کندی

(۵) امیہ بن سعد طائی (۶) جبلہ بن علی شیبانی

(۷) حارث بن نبہان (۸) حلاس بن عمرو ازدی

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

(۹) شبیب بن عبداللہ نہشلی (۱۰) قاسط بن زہیر تغلبی

(۱۱) کردوس بن زہیر تغلبی (۱۲) مقسط بن زہیر تغلبی

(۱۳) نعمان بن عمرو ازدی (۱۴) نعیم بن عجلان انصاری

(۱۵) ابوثمامہ صائدی (۱۶) شوذب بن عبداللہ

(۱۷) جون غلام ابوذر غفاری (۱۸) حجاج بن مسروق جعفی

(۱۹) سعد بن حارث (۲۰) یزید بن مغفل جعفی

(۲۱) عمر بن جندب حضرمی

ان میں سے اکثر جمل، صفین اور نہروان کی لڑائیوں میں جنگ کر چکے تھے اور بعض ایسے بھی تھے جو حضرت علیؑ کے زمانہ خلافت میں مختلف سرکاری عہدوں پر فائز رہ چکے تھے۔ اور بعض شاگرد کی حیثیت سے علمی استفادہ کر چکے تھے۔

حسینیؑ جماعت میں حفاظِ قرآن

حسب ذیل حفاظِ قرآن تھے: (۱) بریر بن خضیر ہمدانی جو سید القراء کے لقب سے ملقب تھے۔ اور کوفہ میں بچوں کو قرآن کی تعلیم دیتے تھے۔ (۲) عبدالرحمٰن بن عبدرب انصاری۔ (۳) کنانہ بن عتیق تغلبی۔ (۴) نافع بن ہلال جملی۔ (۵) حنظلہ بن اسعد شبامی۔ (۶) غلام ترکی۔

اصحابِ حسینؑ میں علماءِ ابرار و راویانِ اخبار

حسب ذیل علماء اور راویانِ حدیث تھے:

(۱) مسلم بن عوسجہ۔ (۲) حبشہ بن قیس نہمی۔

(۳) زاہر بن عمر اسلمی۔ (۴) سوار بن ابی عمیر نہمی۔

(۵) عبدالرحمٰن بن عبدرب انصاری۔ (۶) حبیب بن مظاہر اسدی۔

(۷) نافع بن ہلال جملی۔ (۸) شوذب بن عبداللہ۔

(۹) انس بن حارث اسدی۔

حسینیؑ جماعت میں شجاعانِ روزگار

حسب ذیل شجاعان روزگار تھے۔ جن کی لڑائیوں کے کارنامے لوگوں کی زبان پر تھے:

(۱) حر بن یزید ریاحی (۲) مسلم بن عوسجہ اسدی

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

(۳) حارث بن امرء القیس کندی (۴) عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن کدن ارجی

(۵) سعید بن عبداللہ حنفی (۶) مسعود بن حجاج تیمی

(۷) زہیر بن قین بجلی (۸) عابس بن ابی شبیب شاکری

(۹) زیاد بن عریب ہمدانی (۱۰) سوید بن عمرو بن ابی المطاع خثعمی

اصحابِ حسینؑ میں عبادت گزارانِ نامدار

اس کے علاوہ عبادت اور زہد و تقویٰ میں تو ان میں سے اکثر افراد جن کے نام مندرجہ بالا مختلف عناوین کے تحت میں درج کیے جا چکے ہیں، شہرۂ آفاق تھے بلکہ بعض اپنی مخصوص شجاعت کے ساتھ عبادت و ریاضت کے لیے بھی مشہور تھے جیسے: عابس بن ابی شبیب اور زیاد بن عریب۔ جن کے متعلق تاریخ میں صراحت ہے کہ وہ شب زندہ دار تھے۔ اور سعید بن عبداللہ حنفی جن کے اوصاف میں عبادت کا خاص طور پر تذکرہ کیا گیا ہے۔

یہ سب کے سب وہ مایہ ناز افراد تھے جن کی زندگیاں مکمل طور پر معیاری حیثیت رکھتی تھیں اور اسلامی اخلاق و اوصاف کی زندہ تصویر تھیں۔

امام حسین علیہ السلام کو میدانِ کربلا میں ایسے ہی افراد کی ضرورت تھی۔ آپؑ جانتے تھے کہ ایک قائد کو اپنے ساتھ والوں کی وجہ سے کتنی کشمکش میں مبتلا ہونا پڑتا ہے۔ اسی لیے آپؑ عوام کے مجمع کو اپنے ساتھ رکھنا مناسب نہ سمجھتے تھے۔ چنانچہ آپ نے سفرِ عراق اور کربلا کے قیام کے دوران میں حتیٰ کہ روزِ عاشورا تک برابر ہر موقع پر یہ کوشش جاری رکھی کہ جن اشخاص میں کچھ بھی خامی ہو۔ وہ آپ کا ساتھ چھوڑ کر چلے جائیں۔

درحقیقت آپ ایک ایسے اہم مقصد کی تکمیل کے لیے جو آپ کے پیش نظر تھا عوام پر بھروسہ کر ہی نہیں سکتے تھے۔ ''حسینؑ کو جس طرح کا مقابلہ منظور تھا اس کی نوعیت سطحی نظریں کبھی سمجھ ہی نہ سکتی تھیں۔۔۔''

امام حسین علیہ السلام کو طاقت کا مقابلہ طاقت سے کرنا نہیں تھا۔ بلکہ طاقت کا مقابلہ کردار سے باطل کا مقابلہ حق سے۔ تشدد کا مقابلہ ثابت قدمی سے کرنا تھا۔ آپ کو اپنے خون کے چھینٹوں سے ایک ایسی دنیا کو خوابِ غفلت سے جگانا مقصود تھا۔ جس پر بے حسی اور بے ہوشی چھائی ہوئی تھی۔ آپ کردار کے ایسے نمونے پیش کرنا چاہتے تھے جو موجودہ اور آئندہ نسلوں کے لیے مشعل راہ بن سکیں۔ یہ مرحلہ بڑا نازک تھا۔ یہاں ساتھ والوں کے انتخاب کا مسئلہ بڑا اہم تھا۔

امام حسین علیہ السلام کو اگر طاقت کا مقابلہ طاقت سے کرنا ہوتا تو آپؑ نے ایسے انتظام کیے ہوتے مگر چونکہ آپؑ کا مقصد یہ نہ تھا بلکہ آپؑ چاہتے تھے کہ بے ہوش اسلامی دنیا میں احساس و بیداری پیدا کریں۔ اس کے لیے آپؑ کے ساتھ ملک عرب کے چیدہ اور منتخب عابد، زاہد، متقی اور پارسا افراد ہی ہو سکتے تھے۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

آپؑ نے اپنے ساتھ ایسے ضعیف افراد لیے جن کی عمروں کا بیشتر حصہ محراب عبادت میں گزر چکا تھا۔ کیونکہ ایسے ہی افراد کے کمریں کس کر، تلواریں سونت کر میدان میں آنے سے مسلمانوں کی آنکھیں کھل سکتی تھیں اور وہ یہ سوچنے پر مجبور ہو سکتے تھے کہ اسلام پر کیا ایسا وقت آپڑا ہے۔ کہ ایسے ایسے عابد و زاہد بھی تلواریں کھینچ کر میدانِ جنگ میں آگئے ہیں۔ ان اصحاب کی شرکت واقعۂ کربلا کی نوعیت برقرار رکھنے کے لیے نہایت ضروری ہے اگر امام حسینؑ صرف اپنے خاندان کے افراد کے ساتھ کربلا کی سرزمین پر آگئے ہوتے تو یہ کہا اور سمجھا جاتا کہ یہ ایک خاندانی جنگ تھی جیسا کہ عام طور پر بتلایا جاتا ہے کہ امیہ اور بنی ہاشم ایک ہی خاندان کی دو شاخیں تھیں۔ اور ان میں برابر خانہ جنگی رہا کرتی تھی۔ مگر امام حسینؑ کے ساتھ تقریباً ملک عرب کے ہر قبیلہ اور مختلف مقامات کے ممتاز اور سربرآوردہ افراد موجود تھے جن میں نقطۂ مشترک صرف اُصول کا احساس اور ایک وجہ خاص یعنی فریضۂ دینی کا اتحاد ہی ہو سکتا تھا اور بس۔[1]

SIBTAIN.COM
Presented By: www.jafrilibrary.com

---

[1] شہید انسانیت، ص ۴۹۰۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

تئیسواں باب

واقعۂ کربلا میں بنی ہاشم کی عظیم الشان قربانیاں

تاریخ عالم کا یہ نہایت تعجب خیز واقعہ ہے اور اصحاب حسینیؑ کے خلوص و ایثار کا زندہ ثبوت کہ ان میں سے جب تک ایک متنفس بھی زندہ رہا۔ باوجودیکہ تیروں اور تلواروں کی بارش ہوتی رہی۔ کئی بار جنگ مغلوبہ بھی ہوئی۔ مگر کوئی تاریخ نہیں بتاتی کہ امام عالی مقامؑ کے اعزا و اقارب کو کوئی معمولی سے معمولی گزند پہنچا ہو۔ یا کسی عزیز کو میدان جنگ کی طرف جانے دیا گیا ہو۔ ہاں البتہ جب تمام اصحاب حسینیؑ جام شہادت نوش کر کے جنت الفردوس کو سدھار چکے تو اب امام کے اعزاء و اقرباء نے اپنی بے مثال قربانیاں دینا شروع کیں۔

شہداءِ بنی ہاشم کی تعداد کتنی ہے؟

اس امر میں شدید اختلاف ہے کہ جناب سید الشہداءؑ کے علاوہ دیگر شہداء بنی ہاشم کی تعداد کس قدر ہے؟ (۱) حضرت شیخ مفیدؒ (در ارشاد) اور ابن عبدالبر اندلسی (در عقد فرید) نے سترہ (۱۷) شہداء کا تذکرہ کیا ہے۔ (۲) سبط ابن جوزی (در تذکرہ) نے انیس (۱۹) شہیدوں کا ذکر کیا ہے۔ (۳) مدائنی نے اکیس (۲۱) نفوس بتائے ہیں (بحوالہ تمقام، ص ۴۰۹)۔ (۴) ابوالفرج اصفہانی (در مقتل الطالبین) نے بائیس (۲۲) حضرات کا ذکر خیر کیا ہے۔ (۵) حسن بصری سے سولہ (۱۶) ذوات مقدسہ منقول ہیں۔ (بحوالہ تمقام ص ۴۱۱) (۶) جناب شیخ محمد بن علی مازندرانی (در مناقب) نے ستائیس (۲۷) سے زائد ظاہر کئے ہیں۔ (۷) صاحب ذخیرۃ الدارین نے پورے تیس (۳۰) عدد شہداء بنی ہاشم کا ذکر خیر کیا ہے۔ (۸) بعض محققین نے اٹھارہ نفوس مقدسہ کی شہادتیں بیان کی ہیں۔ اور یہی قول سب اقوال میں سے اقرب الی الصواب معلوم ہوتا ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ ہم قبل ازیں بھی کئی بار اس حقیقت کا اظہار کر چکے ہیں کہ مؤرخین وغیرہ کے اقوال و آراء کی اس وقت تک قدر و قیمت ہوتی ہے۔ جب تک ان کے اقوال قول معصومؑ سے متصادم نہ ہوں۔ یا جب تک ارشاد معصومؑ معلوم نہ ہو۔ ان اقوال میں سے اگرچہ پہلے قول کی تائید میں بھی ایک روایت ملتی ہے۔ (تمقام ص ۴۰۹) مگر ان اقوال میں سے جس قول کو حضرت امام رضا علیہ السلام کی صحیح السند حدیث شریف کی تائید مزید حاصل ہے وہ آٹھواں قول ہے۔ اس حدیث شریف میں وارد ہے: ﴿یا بن شبیب ان کنت باکیاً فابک للحسینؑ بن علیؑ بن ابی طالب علیهما السلام فانه ذبح کما یذبح الکبش و قتل معه من اهلبیته ثمانیة عشر رجلاً مالهم شبیهون فی الارض. الخ﴾ اے ریان بن شبیب! اگر رونا ہے تو حسینؑ بن

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

علیؑ پر روح جو دنبے کی طرح ذبح کیے گئے۔ اور ان کے ہمراہ ان کے اہل بیتؑ میں سے ایسے اٹھارہ نفوس عالیہ شہید کیے گئے جن کا تمام روئے زمین پر کوئی شبیہ و ہمسر نہ تھا۔ (نفس المہموم، ص ۱۷۔ عاشر بحار، ص ۱۶۵ وغیرہ) بنابریں اسی قول کو معتبر سمجھنا چاہیے۔

پہلے شہید کی تحقیق

اس بارے میں ارباب تاریخ میں قدرے اختلاف ہے۔ کہ خاندان نبوت میں سے پہلا شہید کون ہے؟ بعض ارباب مقاتل کا خیال ہے۔ کہ جناب عبداللہ بن مسلم بن عقیل پہلے شہید ہیں۔ لیکن اکثر ارباب تحقیق کا اس امر پر اتفاق پایا جاتا ہے۔ کہ اس مقدس خانوادہ کی عدیم النظیر قربانیوں سے پہلے شہید ہم شکل پیغمبرؐ جناب شہزادہ علیؑ اکبر ہیں۔[1] ذیل میں ہم ان ذوات مقدسہ کی عدیم النظیر قربانیوں اور شہادتوں کے تذکرہ کے ساتھ ساتھ ان کے مختصر مگر جامع حالات زندگی سے بھی ناظرین کرام کو روشناس کراتے ہیں۔

(۱) شہزادہ علی اکبرؑ

شہزادہ کا نام و نسب

جناب شہزادہ کا اسم گرامی علیؑ۔ لقب اکبر اور کنیت ابوالحسن ہے۔ سلسلہ نسب اس طرح ہے۔ والد ماجد حضرت امام حسین علیہ السلام اور والدہ جناب ام لیلیٰ بنت ابی مرہ ابن عروہ بن مسعود الثقفی ہیں۔ جد پدری حضرت امیرالمومنین علی ابن ابی طالبؑ، جد اعلیٰ حضرت رسول خداؐ اور جد مادری عروہ بن مسعود اور یہ وہی بزرگوار ہیں۔ جن کے متعلق ابن جزری نے اسد الغابہ میں بروایت ابن عباس جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا یہ ارشاد نقل کیا ہے کہ آپؐ نے فرمایا: ﴿اربعة سادة فی الاسلام بشر بن هلال العبدی . و عدی بن حاتم و سراقة بن مالک المدلجی وعروة بن مسعود الثقفی﴾

اسلام میں چار شخص سردار ہیں: بشر بن ہلال ۔۔۔۔۔ بنابر تصریح مفسرین یہی عروۃ ان دو عظیم شخصوں میں سے ایک ہیں۔ جن کے بارے میں کفار قریش کہا کرتے تھے۔ ﴿لو لا نزل هذا القرآن علی رجل من القریتین عظیم﴾۔ یہ قرآن مکہ اور طائف کے کسی عظیم الشان (مالدار) شخص پر کیوں نازل نہیں ہوا۔

(تفسیر کبیر، ج ۷، ص ۴۲۴، طبع مصر وغیرہ)

---

[1] ارشاد شیخ مفید، ص ۲۶۰۔ ملہوف، ص ۹۹۔ نفس المہموم، ص ۱۶۳۔ طبری، ج ۶، ص ۲۵۶۔ تمام، ص ۳۶۰، ۳۶۲۔ مقاتل الطالبین، ص ۵۶۔ الاخبار الطوال للدینوری، ص ۲۲۹۔ وقائع ایام محرم، ص ۴۴۲ وغیرہ۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

معاویہ کی زبانی شہزادہ علی اکبرؑ کی تعریف

جناب شہزادہ کی یہی نسبی خصوصیات تھیں (علاوہ جسمی شمائل و خصائل کے) جن کی بنا پر معاویہ بن ابی سفیان بھی ان کی تعریف و توصیف میں رطب اللسان نظر آتا ہے۔ مغیرہ بیان کرتے ہیں۔ کہ ایک بار معاویہ نے حاضرین دربار سے استفسار کیا: ﴿من احق بھذا لامر؟﴾ امر خلافت کا سب سے زیادہ حقدار کون ہے؟ سب نے کہا "انت" آپ! معاویہ نے کہا: ﴿لا﴾ یہ درست نہیں ہے۔ پھر خود ہی کہا: ﴿اولی الناس بھذالامر علی بن الحسینؑ بن علیؑ بن ابی طالب جدہ رسولؐ اللہ وفیہ شجاعت بنی ھاشم و سخاء بنی امیۃ و زھو بنی ثقیف﴾ امر خلافت کے سب سے زیادہ حقدار علیؑ بن الحسینؑ بن علیؑ بن ابی طالب ہیں۔ جن کے جد رسولؐ خدا ہیں۔ جن میں بنی ہاشم کی شجاعت، بنی امیہ کی سخاوت اور بنی ثقیف کا حسن و جمال اور فخر و مباہات موجود ہے۔[1]

شہزادہ کی شکل و شمائل

ارباب مقاتل و سیر کا اس امر پر اتفاق ہے کہ جناب شہزادہ علی اکبرؑ شکل و صورت، اخلاق و خصائل اور شکل و شمائل میں پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا آئینۂ جمال و کمال تھے۔ اس لئے تسلیم کرنا پڑتا ہے۔ کہ بنا بریں وہ جملہ حالات و خصائل از قسم طلاقت لسان، ذلاقت بیان، صباحت رخسار، ملاحت دیدار، نیکوئی خلق، موزونی خلق، غرضکہ تمام شکل و شمائل اور عادات و خصائل میں ہو بہو تصویر پیغمبرؐ ہوں گے۔ اسی بنا پر تو جناب سید الشہداؑ نے ان کو میدان کارزار میں بھیجتے وقت بارگاہ ایزدی میں عرض کیا تھا: ﴿اللھم اشھد علی ھؤلاء القوم لقد برز الیھم غلام اشبہ الناس خلقاً و خُلقاً و منطقا برسولک و کنا اذا اشتقنا الی زیارۃ نبیک نظرنا الیہ. الخ﴾ بھلا اس شہزادۂ عالی وقار کے عادات و خصائل جمیلہ کے بارے میں کیا کہا جا سکتا ہے جس نے اپنی فطری استعداد و خصوصیات کے علاوہ نام و کنیت اور شجاعت و شہامت اپنے دادا علی مرتضیٰؑ سے، ہیبت و سیادت اپنے دادا رسول خدا سے، جود و سخا اپنے چچا حسن مجتبیٰؑ سے۔ اور خودداری و دلیری اپنے بابا حسینؑ شہید کربلا سے وراثت میں پائی ہو۔ اور کم و بیش زندگی کی پچیس بہاریں حضرت امیر المومنینؑ اور جناب امام حسنؑ اور حسینؑ کی زیر سرپرستی گذاری ہوں۔ آیا ایسے شخص کے کردار کی بلندی۔ سیرت کی پاکیزگی، اخلاق کی وسعت، عادات کی رفعت، شمائل کی عظمت، خصائل کی جلالت، اور فضائل کے تکامل غرضکہ اس کے انسان کامل ہونے میں کچھ تامل و کلام ہو سکتا ہے؟ گویا کہ شیخ سعدی نے اسی ثمرۂ شجرۂ نبوت و امامت و عصارۂ دوحۂ ولایت کے بارے میں یہ شعر کہا ہے ؎

کس در نیا مدہ است بدین خوبی از در ہرگز نیا رد رد ھمچو تو فرزند ما در

اسی شہزادۂ والا تبار کے حق میں کہا گیا ہے ؎ لم ترعین نظرت مثلہ من مختف یمشی دلا ناعل

---

[1] مقاتل الطالبین، ص ۵۶، طبع النجف۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

شہزادہ علی اکبرؑ کے فضائل ومحامد

اخبار وآثار کے مطالعہ سے واضح وآشکار ہوتا ہے۔ جیسا کہ ابھی اوپر اجمالاً بیان کیا جا چکا ہے۔ کہ جناب شہزادہ صرف شکل وصورت میں ہی جمال محمدی کا نمونہ نہ تھے۔ بلکہ تمام حرکات وسکنات اور خصائل وعادات میں بھی سرتاپا آئینہ نمائے رسولؐ خدا تھے۔ اور اس حد تک انسانی صفات کمالیہ کے جامع تھے۔ کہ اگر امامت منجانب اللہ منصوص ومعین نہ ہوتی تو یقیناً درجہ امامت پر فائز ہوتے۔ ان کی انہی ظاہری وباطنی خصوصیات کا نتیجہ تھا۔ کہ سرکار سید الشہداءؑ کو آپؑ سے بے پناہ محبت والفت تھی۔ اور ان کی دلجوئی وحاجت برآری کو حاصل حیات سمجھتے تھے۔ بعض کتب مناقب میں وارد ہے۔ کثیر بن شاذان بیان کرتا ہے کہ ایک بار میں حضرت امام حسین علیہ السلام کی خدمت میں حاضر تھا۔ کہ شہزادہ علی اکبرؑ نے آپؑ سے انگوروں کی خواہش کی۔ حالانکہ اس وقت انگوروں کا موسم نہ تھا۔ امام نے ستون مسجد کی طرف ہاتھ بلند کر کے انگوروں کا گچھا شہزادہ کے ہاتھ میں دیتے ہوئے فرمایا۔ جو کچھ خدائے عزوجل کے پاس اپنے اولیاء کے لئے ہے۔ وہ اس سے بھی زیادہ ہے۔[1]

شہزادہ علی اکبرؑ کے کمال ایمان وایقان کا ایک واقعہ

مندرجہ ذیل واقعہ سے جناب شہزادہ کی قوت ایمان وایقان پر بڑی تیز روشنی پڑتی ہے۔ عقبہ بن سمعان بیان کرتے ہیں۔ کہ جب امام حسینؑ منزل قصر بنی مقاتل سے روانہ ہوئے۔ اثناء راہ میں امامؑ نے اپنا سر مبارک زین کے قربوس پر رکھا۔ اور تھوڑی سی آنکھ لگ گئی۔ جب آنکھ کھلی۔ تو ادھر ادھر دیکھنے کے بعد سر بلند کر کے دو تین بار کہا: ﴿اِنَّا لِلّٰهِ وَ اِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ. وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ﴾ شہزادہ علی اکبرؑ نے امامؑ کی یہ کیفیت دیکھ کر اپنے گھوڑے کو ایڑ لگائی۔ اور فوراً والد ماجد کی خدمت میں پہنچے۔ اور کلمہ استرجاع پڑھنے کا سبب دریافت کیا۔ امام علیہ السلام نے فرمایا۔ کہ ابھی میری آنکھ لگ گئی تھی۔ کہ میں نے اسی عالم میں ایک سوار کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے: ﴿القوم یسیرون و المنایا تسیر الیهم﴾ کہ یہ لوگ جا رہے ہیں۔ اور موت ان کی طرف آ رہی ہے۔ یہ سن کر شہزادہ نے عرض کیا: ﴿یا ابتا او لسنا علی الحق﴾ بابا جان! کیا ہم حق پر نہیں ہیں؟ امامؑ نے فرمایا: ﴿بلی و الذی الیه مرجع العباد﴾ ہاں بیٹا! اس ذات کی قسم جس کی طرف لوگوں کی بازگشت ہے۔ یقیناً ہم حق پر ہیں۔ شہزادہ نے کہا: ﴿اذن لا نبالی بالموت﴾ پھر ہمیں موت کی کیا پرواہ ہے؟ شہزادہ کا یہ مخلصانہ ومؤمنانہ جواب سن کر سید الشہداءؑ نے ان کو دعائے خیر دی: ﴿جزاک اللّٰه من ولد خیر ما جزیٰ ولدًا عن والده﴾۔[2]

---

[1] مدینۃ المعاجز، ص ۲۳۹۔ ضیاء العالمین (علی ما نقل عنہ)۔ فرسان الہیجاء، ج ۱، ص ۲۹۹۔

[2] عاشر بحار، ص ۱۸۸۔ نفس المہموم، ص ۱۰۸۔ لوائح الاشجان، ص ۸۰۔ الدمعۃ الساکبہ، ص ۳۲۰۔ فرسان الہیجاء، ج ۱، ص ۳۰۰۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

چند امور مہمہ کی تنقیح

جب جناب شہزادہ کی زندگی کے مختصر حالات بیان ہو چکے تو یہاں چند امور کی تحقیق و تنقیح ضروری معلوم ہوتی ہے۔

پہلا امر اینکہ بنی ہاشم میں سے پہلا شہید کون ہے؟

آیا بنی ہاشم میں سے پہلے شہید آپؑ ہیں۔ یا عبداللہ بن مسلم بن عقیل؟ بعض مؤرخین نے عبداللہ بن مسلم بن عقیلؑ کو آل ہاشم میں سے پہلا قتیل قرار دیا ہے۔ اور [۲] بعض نے جناب شہزادہ علی اکبرؑ کو۔ اور بعض [۳] نے آل ہاشم میں سے پہلا شہید عبداللہ کو اور آل ہاشم کی شاخ آل ابی طالبؑ سے پہلا شہید علی اکبرؑ کو قرار دیا ہے۔ اور بعض [۴] نے تمام خاندان نبوت کے آخر میں شہزادہ کی شہادت متعین کی ہے۔ ہم اس باب کی ابتداء میں لکھ آئے ہیں۔ کہ اہل سیر و تواریخ میں سے اکثر ارباب تحقیق کا اس بات پر اتفاق ہے کہ خاندان بنی ہاشم سے پہلے شہید جناب شہزادہ علی اکبرؑ ہی ہیں۔ و هو المشهور و المنصور و ان كان القول الثالث من هذاه الاقوال لا يخلو عن قوة فتامل۔

دوسرا امر شہزادہ علی اکبرؑ بڑے تھے یا امام زین العابدینؑ؟

شہزادہ علی اکبرؑ کی شہادت کے وقت عمر کیا تھی؟ اور آیا آپ سید الشہداءؑ کے بڑے صاحبزادے ہیں۔ یا جناب امام زین العابدینؑ بڑے ہیں؟ اس سلسلہ میں ارباب تاریخ و مقاتل میں شدید اختلاف پایا جاتا ہے۔ جناب شیخ مفید علیہ الرحمتہ نے یہ لکھا ہے۔ کہ ان کی عمر انیس برس تھی۔ [۱] جناب ابن شہر آشوب نے اٹھارہ سال۔ [۲] جناب شیخ ابن نما حلی نے پچیس (۲۵) سال۔ [۳] فاضل مقرم نجفی نے ستائیس سال۔ [۴] اور شیخ ذبیح اللہ محلاتی نے اٹھائیس [۵] سال لکھی ہے۔ حالانکہ جناب امام زین العابدین علیہ السلام کی عمر مبارک واقعہ کے وقت کل تیئیس (۲۳) سال تھی۔ [۶] اور ان کے شہزادہ امام محمد علیہ السلام کی عمر تین سال اور کچھ ماہ تھی۔ [۷] بنابریں اگر شہزادہ علی اکبرؑ کی عمر اٹھارہ یا انیس سال تسلیم کی جائے۔ تو پھر آپ امام زین العابدین علیہ السلام سے چھوٹے قرار پاتے ہیں۔ لیکن اگر ان کی عمر پچیس، ستائیس یا اٹھائیس سال مانی جائے۔ تو پھر معاملہ اس کے برعکس ہوگا۔ ہم نے جہاں تک کتب تاریخ و تراجم اور مقاتل و انساب کی ورق گردانی کی ہے۔ اس سے یہی ثابت ہوتا ہے کہ شہزادہ علی اکبرؑ ہی درحقیقت اکبر تھے۔ اس کے بعض

---

۱ ارشاد، ص ۲۶۰۔
۲ مناقب، ج ۴، ص ۹۷، طبع بمبئی۔
۳ مقتل ابن نما۔
۴ مقتل الحسین مقرم، ص ۲۹۴۔
۵ فرسان الہیجاء، ج ۱، ص ۲۸۷۔
۶ عمدۃ الطالب فی انساب آل ابی طالب، ص ۱۷۲، طبع بمبئی۔
۷ وقائع ایام محرم، ص ۴۶۶۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

وجوہ وشواہد درج ذیل ہیں۔

شہزادہ علی اکبرؑ کے اکبر ہونے کے شواہد

شاہد اوّل:۔ ظاہر ہے کہ یہ مسئلہ عقلی تو نہیں کہ محض عقل پر اعتماد کر کے کوئی فیصلہ صادر کیا جائے۔ بلکہ یہ خالص نقلی مسئلہ ہے۔ لہٰذا اس بارے میں اہل سیر ونسب ہی کے اقوال وآراء پر اعتماد کیا جا سکتا ہے۔ اور ان کے اقوال سے جناب شہزادہ کی کم از کم پچیس سال ثابت ہوتی ہے ورنہ بظاہر ستائیس اور اٹھائیس سال والے قول کی تائید مزید ہوتی ہے۔ (۱) صاحب حدائق وردیہ نے عقیقی، کلبی، مصعب بن زبیر، اور اکثر طالبیین کے اقوال سے ثابت کیا ہے۔ کہ خلافت عثمان کے دور میں، شہزادہ علی اکبر کی ولادت باسعادت ہوئی۔[1] کتاب مقتل الحسینؑ للمقرم (ص ۲۹۴) میں بحوالہ کتاب انیس الشیعہ (مخطوط) لکھا ہے۔ کہ جناب شہزادہ کی ولادت گیارہ شعبان ۳۳ھ میں واقع ہوئی۔ اس طرح جناب شہزادہ کی عمر ستائیس سال قرار پاتی ہے۔ ابوالفرج اصفہانی نے بھی ان کی ولادت خلافت عثمان کے دور میں لکھی ہے۔[2] اب اگر اسے اس خلافت کے آخری ایام میں بھی تسلیم کیا جائے۔ تب بھی پچیس سال تو بنتے ہی ہیں۔

چنانچہ جناب محدث نوری نور اللہ مرقدہٗ نے بھی اسی پچیس سال والے قول کو اختیار کیا ہے۔

شاہد دوم:۔ اکثر ارباب سیر وتراجم نے جناب شہزادہ کو علی اکبرؑ اور جناب امام زین العابدینؑ کو علی اصغر لکھا ہے۔ چنانچہ:

(۱) مؤرخ طبری نے (ج ۶، ص ۲۶۰) حمید بن مسلم کا یہ قول نقل کیا ہے کہ میں نے علیؑ بن الحسینؑ الاصغر کو دیکھا۔ جب کہ وہ بیمار تھے۔

(۲) ابن قتیبہ نے (معارف ص ۹۳ پر) لکھا ہے: ﴿ولد للحسین علی الاکبر امه بنت ابی مرة و علی الاصغر امه ام ولد﴾. (پھر ص ۹۴ پر) لکھا ہے: ﴿اما علیؑ بن الحسین الاصغر بلیس للحسین عقب الامنه﴾۔

(۳) اسی طرح دینوری نے (اخبار طوال ص ۲۵۴ پر) شہزادہ شہید کو علی اکبرؑ قرار دینے کے بعد (ص ۲۵۶ پر) لکھا ہے: ﴿ولم ینج من اصحاب الحسین الا ابنه علی الاصغر﴾.

(۴) تاریخ یعقوبی (ج ۲ ص ۲۴) میں لکھا ہے: ﴿اما علی بن الحسین الاصغر بلیس للحسین عقب

---

[1] ذخیرۃ الدارین، ص ۱۳۷۔ صاحب ابصار العین نے تو اس کے ساتھ ساتھ ان کا جناب امیر علیہ السلام سے روایت کرنا بھی ثابت کیا ہے۔ (ص ۲۴)۔ ابصار، طبع النجف۔

[2] مقاتل الطالبی، ن ص ۵۶۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

الامنه﴾۔

(۵) سبط ابن الجوزی نے (تذکرۃ الخواص ص ۱۵۶ پر) لکھا ہے کہ علی اکبرؑ اپنے والد ماجد کے ساتھ شہید ہو گئے۔

(۶) لوائح الانوار (ج ۱ ص ۲۳) میں لکھا ہے: ﴿کان للحسین من الاولاد علی الاکبر والعقب لعلی الاصغر﴾۔

(۷) تاریخ خمیس (جلد ۲ ص ۳۱۹) میں لکھا ہے۔ امام زین العابدین اپنے والد کے ہمراہ کربلا میں تھے۔ جو کہ علی اصغرؑ کے نام سے مشہور تھے۔ اور علی اکبرؑ اپنے والد کے ساتھ شہید ہو گئے۔

(۸) شبلنجی (نور الابصار ص ۱۳۷) میں لکھتے ہیں کہ علی اکبرؑ شہید ہو گئے اور علی اصغرؑ امام زین العابدین ہیں۔

(۹) ابن خلکان اپنی تاریخ میں امام زین العابدین کے حالات میں لکھتا ہے: ﴿یقال لزین العابدین علیؑ الاصغر ولیس للحسینؑ عقب الامنه﴾۔

(۱۰) اسی طرح کامل ابن اثیر (ج ۲ ص ۳۰)

(۱۱) مروج الذہب مسعودی (ج ۲ ص ۱۹)

(۱۲) کتاب التنبیہ والاشراف (ص ۲۶۳)

(۱۳) شذرات الذہب (ج ۲ ص ۶۶)

(۱۴) فصول مہمہ ابن صباغ مالکی (ص ۱۸۱) میں جناب شہزادہ کو علی اکبرؑ اور امام زین العابدین کو علی اصغر لکھا گیا ہے۔

مذکورہ بالا تمام عبارات والفاظ کا لب لباب یہی ہے کہ جناب علی اکبرؑ اپنے والدؑ کے ساتھ کربلا میں شہید ہو گئے اور امام حسینؑ کی نسل ان کے شہزادے علی اصغر سے بڑھی۔ جن کو امام زین العابدینؑ کہا جاتا ہے۔ ان حقائق کے بعد اس تاویل کی کیا گنجائش باقی رہ جاتی ہے۔ کہ ان کو علی اکبرؑ صرف اس وجہ سے کہا جاتا ہے کہ وہ علی اصغرؑ (شہید کربلا) سے عمر میں بڑے تھے۔ جبکہ مؤرخین امام زین العابدینؑ کو اصغر اور شہزادہ کو ان کے بالمقابل اکبر لکھ رہے ہیں۔ بنابریں اٹھارہ سال والا قول بلا دلیل ہو کر رہ جاتا ہے۔

شاہد سیوم:۔ جس طرح اکثر علماء سیر و تراجم کا اس بات پر اتفاق ہے۔ جیسا کہ ابھی اوپر ثابت کیا جا چکا ہے۔ اسی طرح ہمارے اکثر علمائے اعلام کا بھی اسی قول کی طرف رجحان ہے۔ چنانچہ: (۱) فاضل ابن ادریس حلیؒ نے سرائر میں بڑی شد و مد کے ساتھ اسی نظریہ کی تائید کی ہے۔ (۲) جناب شیخ کفعمی اور (۳) حضرت شہید اوّل نے بھی اسی قول کو اختیار کیا ہے۔ (۴) نیز محدث نوری نے بھی اسی قول کی تقویت کی ہے۔ (۵) محدث قمی نے بھی اسی قول کو ھذا ھو الاصح الاشھر قرار دیا ہے۔ (نفس المہموم، ص ۱۶۶)۔ (۶) صاحب ذخیرۃ الدارین نے (ص ۳۷ پر)

SIBTAIN.COM

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

اسی قول کی تائید کرتے ہوئے لکھا ہے: ﴿و یلقب بالاکبر لانه الاکبر علی اصح الروایات﴾ اور (۷) صاحب فرسان الہیجاء نے بھی (ج ۱، ص ۲۸۷ پر) یہ کہہ کر اسی نظریہ کی صحت پر مہر تصدیق کی ہے کہ ﴿الاقوی و الاصح این است که عمر علی اکبر" بهنگام شهادت یا بیست و پنج یا بیست و هشت بوده است﴾۔ (۸) صاحب وقائع ایام محرم نے بھی (ص ۴۶۶ پر) اسی قول کی تائید مزید کی ہے۔ (۹) صاحب مقتل الحسینؑ نے بھی (ص ۲۹۴ پر) اسی قول کو اختیار کیا ہے: ﴿تقدم ابو الحسن علی الاکبر و عمره سبع و عشرون سنة﴾۔ (۱۰) صاحب مجاہد اعظم نے بھی (ص ۲۶۲، حصہ اوّل) پر بڑے شد و مد کے ساتھ اسی نظریہ کو ثابت کیا ہے۔ (۱۱) فاضل نراقی (حضرت ملا احمد) نے اپنی کتاب الخزائن، ص ۹۰، طبع ایران میں سرکار سید الشہداء علیہ السلام کی اولاد امجاد کا تذکرہ کرتے ہوئے لکھا ہے۔ کہ "علی اکبر، و علی اوسط زین العابدین، و علی اصغر عبداللہ۔" (۱۲) فاضل سماوی نے اپنی کتاب ابصار العین فی انصار الحسین، ص ۲۵ پر لکھا ہے: ﴿و لقب بالاکبر لانه الاکبر علی اصح الروایات﴾ شہزادہ کا لقب اکبر ہے۔ کیونکہ صحیح روایات کی بنا پر آپ ہی بڑے ہیں۔

ان حالات میں اس نظریے کی صداقت بالکل بے غبار ہو جاتی ہے۔ کما لا یخفی

وجہ چہارم: ۔ کتاب الخرائج والجرائح جناب راوندی اور کفایۃ الاثر للخزاز الرازی میں عبید اللہ بن عبداللہ بن عتبہ سے روایت کی گئی ہے وہ بیان کرتا ہے کہ میں امام حسینؑ کی خدمت میں بیٹھا تھا۔ کہ علیؑ بن الحسینؑ الاصغر داخل ہوئے۔ امام علیہ السلام نے ان کو دیکھ کر ان کو دعائے خیر دی۔ اور فرمایا: ان کی دو آنکھوں کے درمیان علامت امامت ظاہر و ہویدا ہے۔ الخ

وجہ پنجم: ۔ بعض آثار سے خود امام زین العابدینؑ کا اقرار واضح و آشکار ہوتا ہے۔ کہ شہزادۂ شہیدان سے بڑے تھے۔ چنانچہ بعض کتب میں لکھا ہے۔ کہ جب یہ لٹا ہوا قافلہ دربار یزید میں پہنچا۔ تو یزید نے امام زین العابدینؑ سے دریافت کیا: ﴿ما اسمک؟﴾ آپ کا نام کیا ہے؟ امامؑ نے فرمایا: ﴿علیؑ﴾۔ ملعون نے کہا: ﴿اولم یقتل اللّٰه علیاً﴾ کیا خدا نے علیؑ کو قتل نہیں کر دیا؟ امامؑ نے فرمایا: ﴿قد کان لی اخ اکبر منی یسمّٰی علیا فقتلتموه﴾ وہ میرا بڑا بھائی تھا جس کا نام علیؑ تھا۔ جسے تم نے شہید کر دیا ہے۔[1] بموجب مثل مشہور لیس وراء عبادان قریة جب خود امام زین العابدینؑ کا فرمان بھی مل گیا۔ کہ شہزادہ شہیدان سے عمر میں بڑے تھے۔ تو آیا اب بھی مزید کسی ثبوت کی ضرورت باقی رہ جاتی ہے؟ ان حقائق کی روشنی میں یہ بات اظہر من الشمس ہو جاتی ہے۔ کہ شہزادہ شہید ہی فی الحقیقت اکبر اولاد حسینؑ تھے۔ وهو الحق و الحق احق ان یتبع فماذا البعد الحق الا الضلال۔

---

[1] مقاتل الطالبین، ص ۸۸، طبع النجف۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

تیسرا امر: آیا شہزادہ علی اکبرؑ متاہل تھے یا نہ؟

آیا جناب شہزادہ علی اکبرؑ متاہل تھے یا مجرد؟ غالباً جناب محدث قمی قدس سرہ سے پہلے نفیاً یا اثباتاً علماءِ کرام اس سلسلہ میں متعرض نہیں ہوئے۔ غالباً سب سے پہلے محدث قمی نے اس موضوع پر قلم اٹھایا۔ اور ثابت کیا کہ جناب شہزادہ متاہل تھے۔ ان کے گھر ایک ام ولد تھی۔ پھر ان کے بعد والے علماء بلکہ خود ان کے استاد محترم جناب محدث نوری نور اللہ مرقدہ نے بھی اسی قول کو اختیار کیا۔[1] اس نظریہ کے دلائل درج ذیل ہیں:

جناب شہزادہ کے متاہل ہونے کی پہلی دلیل

اس بات کی سب سے بڑی مضبوط دلیل فروع کافی کی صحیح السند روایت ہے۔ احمد بن محمد بن ابی نصر بزنطی بیان کرتے ہیں۔ کہ میں نے امام رضا علیہ السلام سے سوال کیا: ﴿الرجل یتزوج المرأة و یتزوج ام ولد ابیها فقال لا باس!﴾ آیا یہ جائز ہے کہ ایک شخص بیک وقت ایک عورت سے اور اس عورت کے والد کی ام ولد کنیز سے شادی کرے؟ امام علیہ السلام نے فرمایا۔ ہاں کوئی حرج نہیں ہے۔ پھر میں نے عرض کیا: ﴿بلغنا عن ابیک ان علی بن الحسین علیهما السلام تزوج ابنة الحسن وام ولد الحسن علیه السلام و ذلک انّ رجلا ممن اصحابنا سئلنی ان اسئلک عنها﴾ ہمیں آپ کے والد ماجد سے یہ روایت پہنچی ہے کہ جناب علیؑ بن الحسینؑ (زین العابدینؑ) نے امام حسن مجتبیٰؑ کی دختر اور ان کی ام ولد کنیز سے شادی کی تھی؟ اور یہ سوال میں نے اس لئے کیا ہے۔ کہ ہمارے بعض اصحاب نے مجھے یہ کہا تھا۔ کہ آپ سے یہ مسئلہ دریافت کروں! امام علیہ السلام نے فرمایا: ﴿لیس هکذا انّما تزوج علی بن الحسین علیه السلام ابنة الحسن علیه السلام وام ولد لعلیؑ بن الحسینؑ المقتول عندکم... الخ﴾ حقیقت حال اس طرح نہیں۔ بلکہ اصل حقیقت اس طرح ہے۔ کہ امام زین العابدینؑ نے امام حسن علیہ السلام کی دختر (جناب فاطمہؑ) اور علی بن حسین شہید کی ام ولد سے ازدواج کیا تھا۔[2]

دوسری دلیل:۔ جناب شہزادہ علی اکبرؑ کی وہ زیارت جو بروایت یوسف کناسی حضرت امام جعفر صادق سے مروی ہے۔ اس میں یہ فقرہ بھی وارد ہے: ﴿صلی اللّٰہ علیک و علی اهلبیتک﴾[3] اس مطلب پر اس زیارت کی دلالت محتاج بیان نہیں ہے۔

---

[1] بشرطیکہ یہ ثابت ہو کہ محدث نوری نے کتاب تحیۃ الزائر، محدث قمی کی نفس المہموم کے بعد تالیف کی ہے ورنہ یہ شرف تقدم جناب محدث نوری کو حاصل ہوگا۔ (منہ عفی عنہ)

[2] فروع کافی، ج ۲، ص ۱۴۸، طبع لکھنو۔ بحار الانوار، ج ۱۱، ص ۳۳۔ مستدرک الوسائل، ج ۲، ص ۳۳۴ وغیرہ۔

[3] کامل الزیارۃ لابن قولویہ، ص ۲۰۴، باب ۷۹، طبع ایران۔ بحار، ج ۲۲، ص ۱۴۷۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

تیسری دلیل: ۔ جیسا کہ اوپر ثابت کیا جا چکا ہے۔ کہ واقعۂ کربلا کے وقت شہزادہ کی کم از کم پچیس سال عمر تھی۔ بنابریں یہ امر اہل بیتؑ کی خاندانی روایات کے خلاف ہے۔ کہ اس قدر عمر تک ان کی کوئی فرد تجرد کی زندگی بسر کرے جیسا کہ تتبع و استقراء سے ثابت ہے۔ بالخصوص جب یہ امر بھی ملحوظ رکھا جائے۔ کہ اسی خانوادۂ عصمت نے متاہلانہ زندگی پر بہت زور دیا ہے۔ اور مجردانہ زندگی بسر کرنے کی شدید مذمت فرمائی ہے۔ پھر خود کیونکر اس کی خلاف ورزی کر سکتے تھے؟

انہی وجوہ کی بنا پر علماء سیر و تراجم نے تصریحات فرمائی ہیں۔ کہ جناب شہزادہ مجرد نہ تھے بلکہ متاہل تھے۔

چنانچہ:

(۱) جناب شیخ عباس قمی فرماتے ہیں: ﴿اعلم انه یظهر من بعض الروایات و الزیارات ان له علیه السلام ولدًا و اهلاً[1]﴾ جاننا چاہئے کہ بعض روایات و زیارات سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ جناب شہزادہ کے اہل و عیال تھے۔ (بعد ازاں مذکورہ بالا روایت و زیارت نقل کی ہے)۔

(۲) صاحب وقائع الایام نے بھی اسی قول کو اختیار کیا ہے۔[2]

(۳) فاضل محلاتی نے بڑی شد و مد کے ساتھ ثابت کرتے ہوئے لکھا ہے: ﴿باید دانست این شهرت که علی اکبرؑ اولاد نداشت تهمت و افترا است و مخالف با آداب و رسوم و شئون ملی اسلامی است و البته سیرت اهل بیتؑ هرگز چنین نبوده که پسر بیست و هشت ساله را داماد نکنند﴾[3] "یعنی یہ کہنا کہ شہزادہ علی اکبر صاحب اولاد نہ تھے۔ سراسر تہمت ہے۔ یہ بات اسلامی آداب اور سیرت اہل بیتؑ کے خلاف ہے کہ ۲۸ سالہ جوان کی شادی نہ کی جائے۔"

(۴) ثقۃ المحدثین جناب محدث نوری قدس سرہٗ جناب شہزادہ کے پچیس یا اٹھائیس سالہ ہونے والے قول کی تقویت کرنے کے بعد لکھتے ہیں: ﴿بنا بریں پس آنچه بعض ذاکرین در مصیبت حضرت علی اکبرؑ میخوانند درضمن نثر و نظم که مشعر است برانیکه ان حضرت داماد نگشته. ازدنیا رفت. کلامی است بے اصل و بے وقع چه دوراست از سیرة خانوادۂ اهل بیت نبوتؐ که تااین مقدار از سن رادرك کنند و بدون تزویج بمانند. با آنهمه تحریصاتیکه بشیعیان خودمی

---

[1] نفس المہموم، ص ۱۶۷۔

[2] وقائع ایام محرم، ص ۴۴۳۔

[3] قرآن المجاہد، ج ۱، ص ۲۹۴۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

کردند﴾[1] یعنی جناب شہزادہ علی اکبرؑ کی مصیبت میں بعض ذاکرین نظم ونثر میں یہ بیان کرتے ہیں کہ ہنوز جناب شہزادہ کا ازدواج نہ ہوا تھا۔ کہ راہیٔ ملک بقا ہو گئے یہ بالکل بے اصل و بے حقیقت بات ہے۔ یہ بات خاندان نبوت کی سیرت کے خلاف ہے۔ کہ ایک شخص اس (کم از کم پچیس) سن وسال کا ہو جائے۔ اور ازدواج کے بغیر رہے۔ حالانکہ وہ اپنے شیعوں کو متاہلانہ زندگی بسر کرنے کی بہت تحریص وترغیب دلاتے تھے"۔ انہی چار شہادتوں پر اکتفا کی جاتی ہے۔

چوتھا امر: آیا جناب شہزادہ علی اکبرؑ کی والدہ ماجدہ واقعہ کربلا میں موجود تھیں؟

آیا جناب شہزادہ علی اکبرؑ کی والدہ ماجدہ جناب ام لیلیٰ واقعہ کربلا میں موجود تھیں یا نہ؟ اس سلسلہ میں متعدد کتب مقاتل وتراجم میں کوئی تصریح نظر قاصر سے نہیں گذری۔ اسی طرح کئی علماء کبار نے اس بات کا اعتراف واقرار کیا ہے۔ (۱) چنانچہ محدث قمیؒ رقمطراز ہیں: ﴿و اما امه علیه السلام هل کانت فی کربلا ام لاء لم اظفر بشئی من ذلک والله العالم[2]﴾۔ آیا جناب شہزادہ کی والدہ کربلا میں موجود تھیں۔ یا نہ؟ اس سلسلہ میں مجھے کوئی چیز دستیاب نہیں ہوئی۔ (۲) صاحب وقائع ایام محرم نے بھی بلا تبصرہ محدث قمی کا یہ قول نقل کر دیا[3] ہے۔ جس سے ان کی تائید سکوتی مترشح ہوتی ہے۔ (۳) جناب محدث محلاتی نے بڑی فیصلہ کن بات تحریر فرمائی ہے: ﴿و اما بودن ام لیلیٰ در کربلا بلکه زنده بودن اوولو درمدینه تاکنون بنظر نرسیده. و آنچه راکه می خوانند. امر کردن حسینؑ لیلیٰ راکه درحق علی دعاکن. حاجی نوری می فرماید اصلے ندارد. واین نسبت دروغ است و بسیارے از ارباب تواریخ وفات لیلی را قبل از واقعه کربلا نوشته اند. معلوم نیست در دنیا چقدر زندگانی کرده است و الله العالم﴾[4] یعنی جناب ام لیلیٰ کا کربلا میں بلکہ مدینہ میں بھی اس وقت زندہ ہونا کہیں نظر سے نہیں گذرا۔ یہ جو (بعض اہل منبر) پڑھتے ہیں۔ کہ جب شہزادہ جنگ کر رہے تھے۔ تو امام حسینؑ نے جناب ام لیلیٰ کو حکم دیا۔ کہ بیٹے کے حق میں دعا کرو۔ جناب حاجی نوری فرماتے ہیں کہ اس واقعہ کی کوئی اصلیت نہیں ہے۔ اور یہ امامؑ پر افتراء ہے۔ بہت سے ارباب تاریخ نے واقعہ کربلا سے پہلے ان کی وفات کا تذکرہ کیا ہے۔ معلوم نہیں کہ وہ کس قدر دنیا میں زندہ رہیں۔"

(۴) جناب محدث نوری قدس سرہٗ نے لؤلؤ ومرجان میں بڑے زور سے مذکورہ بالا واقعہ کی رد فرمائی ہے۔ ان حقائق سے بعض اہل منبر کی ان تمام دروغ بافیوں کا پردہ چاک ہو جاتا ہے۔ جو جناب شہزادہ علی اکبرؑ اور ان کی

---

[1] تحیۃ الزائر۔
[2] نفس المہموم، ص ۱۶۷۔
[3] وقائع ایام محرم، ص ۴۴۳۔
[4] فرسان الہیجاء، ج ۱، ص ۲۸۷۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

والدۂ ماجدہ کے بارے میں کیا کرتے ہیں۔ وَاللّٰهُ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ط

جناب شہزادہ علی اکبر کی شہادت کی تفصیل

بہر حال جب امام عالی وقارؑ کے تمام اعوان و انصار شربت شہادت نوش کر کے دار القرار کا سفر اختیار کر چکے۔ اور اب سوائے جوانان بنی ہاشم کے اور کوئی مددگار نہ رہا۔ تو سب سے پہلے شبیہ پیغمبرؐ جناب شہزادہ علی اکبرؑ نے خدمت امام میں حاضر ہو کر اذن جہاد طلب کیا۔ کتب مقاتل و تواریخ سے جو کچھ مستفاد ہوتا ہے۔ وہ یہ ہے کہ جناب سید الشہداء علیہ السلام نے اپنے لاڈلے بیٹے کو میدان موت کی طرف بھیجنے میں دیر و درنگ تو نہیں فرمائی۔ مگر آپؑ کے باطنی جذبات میں جو تلاطم اور قلب حزیں میں جو اضطراب رونما ہوا ہے۔ وہ آپ کے ان کلمات سے ٹپک رہا ہے جو آپؑ نے شہزادہ کی روانگی کے وقت زبان پر جاری فرمائے۔ یا ان کیفیات سے اس کا اندازہ ہوتا ہے جو آنجناب پر رونما ہوئے۔

میدان کارزار کی طرف روانگی

جناب ابن طاؤس نے لکھا ہے کہ جب شہزادہ نے اذان جہاد طلب کیا تو ﴿نظر الیه نظر آیس منه و ارخی علیه السلام عینیه و بکی﴾ امامؑ نے اپنے فرزند پر ایک مایوسانہ نظر ڈالی۔ اور پھر رو پڑے۔[1] پھر جیسا کہ ناسخ التواریخ میں لکھا ہے امام نے اپنے ہاتھ مبارک سے شہزادہ کو اسلحہ جنگ پہنایا۔ حضرت امیر علیہ السلام سے جو فولادی خود ورثہ میں ملا تھا۔ وہ سر پر رکھا۔ زرہ جسم پر اوڑھائی۔ کمر بند سے کمر مضبوط باندھی۔ تلوار پہلو میں لٹکائی۔ اور عقاب نامی گھوڑے پر سوار کر کے میدان جنگ کی طرف روانہ کیا۔[2]

لیکن فاضل شہرستانی نے النفحۃ الحسینیہ (ص ۱۰۴ پر) لکھا ہے: ﴿اما الغلام فقد تجلّی علی القوم بوجه رسولؐ اللّٰه و عمامة رسولؐ اللّٰه و اسلحة رسولؐ اللّٰه و علی فرس رسولؐ اللّٰه﴾ یعنی شہزادہ اس شان کے ساتھ قوم اشقیاء کے سامنے آیا۔ کہ چہرہ تھا تو رسولؐ خدا کا، عمامہ تھا تو رسولؐ خدا کا۔ اسلحہ جنگ تھا تو رسولؐ خدا کا۔ سواری کا گھوڑا تھا تو رسولؐ خدا کا۔ اور گفتار تھی تو جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی۔" بہر کیف جب اس حالت میں شہزادہؑ میدان کارزار کی طرف روانہ ہونے لگا۔ تو سرکار سید الشہداءؑ نے اشک آور آنکھوں کے ساتھ آسمان کی طرف منہ کر کے بارگاہ ایزدی میں یوں عرض کیا: ﴿اَللّٰهُمَّ اشْهَدْ عَلٰى هٰؤُلَآءِ الْقَوْمِ فَقَدْ بَرَزَ اِلَيْهِمْ غُلَامٌ اَشْبَهُ النَّاسِ خَلْقًا وَ خُلُقًا وَ مَنْطِقًا بِرَسُوْلِكَ وَ كُنَّا اِذَا اشْتَقْنَا اِلٰى نَبِيِّكَ نَظَرْنَا اِلَيْهِ (اِلٰى وَجْهِهٖ)﴾ بار الٰہا! اس قوم جفا کار کے ظلم و جور پر گواہ رہنا کہ اب ان کی طرف وہ جوان جا رہا ہے جو شکل و صورت اور

---

[1] ملہوف، ص ۹۹۔ [2] ناسخ التواریخ، ج ۶، ص ۲۸۱۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

سیرت و کردار میں سب لوگوں سے زیادہ تیرے نبیؐ کے ساتھ مشابہت رکھتا تھا اور جب ہم تیرے رسولؐ کی زیارت کے مشتاق ہوتے تھے۔ تو اس کے چہرہ پر نگاہ کر لیتے تھے" انہی فقروں سے امام علیہ السلام کے قلبی تاثرات و جذبات کا بآسانی اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔ اس کے بعد بآواز بلند عمر بن سعد کو خطاب کرتے ہوئے فرمایا: ﴿مالک قطع اللہ رحمک ولا بارک اللہ فی امرک و سلّط علیک من یذبحک بعدی علی فراشک کما قطعت رحمی ولم تحفظ قرابتی من رسول اللہ صلی اللہ علیہ و الہ﴾ تجھے کیا ہو گیا ہے؟ خدا تیرے رحم کو قطع کرے اور تجھے اپنے معاملات میں برکت نہ دے۔ اور میرے بعد تجھ پر ایسے شخص کو مسلّط کرے جو تجھ کو تیرے بستر پر ذبح کرے۔ جس طرح تو نے مجھ سے قطع رحمی کی ہے۔ اور میری قرابت داری رسولؐ کا کوئی لحاظ نہیں کیا ہے۔"

جب شہزادہ میدان جنگ کی طرف بڑھا۔ تو امام علیہ السلام نے یہ آیت تلاوت فرمائی:

﴿اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰۤى اٰدَمَ وَ نُوْحًا وَ اٰلَ اِبْرٰهِيْمَ وَ اٰلَ عِمْرٰنَ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ذُرِّيَّةًۢ بَعْضُهَا مِنْۢ بَعْضٍ ؕ وَ اللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ﴾ (سورۂ آل عمران، آیت ۳۳ و ۳۴)

شہزادہ نامدار خورشید خاور کی طرح خیام حسینؑ کے افق سے میدان کارزار پر طالع ہوا۔ اور یہ رجز پڑھتے ہوئے مبارز طلبی کی۔

نحن و بیت اللہ اولیٰ بالنبیؐ (ن و)

انا علیؑ بن الحسینؑ بن علیؑ — من عصبۃ جدّ ابیھم النبیؐ

واللہ لا یحکم فینا ابن الدعی — اطعنکم بالرمح حتی ینثنی

اضربکم بالسیف احمی عن ابی — ضرب غلام ھاشمی علوی

شہزادہ کا جہاد

شہزادہ نے ہر چند مبارز طلبی کی۔ مگر قوم جفا کار سے کوئی شخص اس شیر بیشۂ شجاعت کے مقابلہ میں نہ نکلا۔ یہ حالت دیکھ کر شجاعت علویہؑ کے وارث نے تلوار میان سے کھینچ کر قوم اشقیاء پر بپھرے ہوئے شیر کی طرح حملہ کر دیا۔ اور ناریوں کو مولیوں گاجروں کی طرح کاٹنا شروع کیا۔ جدھر کا رخ کرتے کشتوں کے پشتے لگا دیتے۔ جناب شیخ مفید نے لکھا ہے۔ کہ ﴿اھل الکوفۃ یتقون قتلہ و قتالہ﴾ اہل کوفہ آپؑ کے قتل و قتال سے کنی کتراتے تھے۔ (الارشاد، ص ۲۶۰)۔ مؤرخین نے لکھا ہے کہ ﴿من کثرۃ من قتل منھم﴾ دشمن اپنے مقتولین کی کثرت سے بلبلا اٹھے۔ حتیٰ کہ بار بار کے ان تابڑ توڑ حملوں میں بعض روایات کے مطابق ایک سو بیس ناریوں کو واصل جہنم کر دیا۔ اس اثنا میں جناب کے جسم نازنین پر کافی زخم لگ چکے تھے۔ پیاس کا شدید غلبہ تھا۔ گھوڑے کی باگیں موڑیں اور خونی لباس پہنے

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

زخموں سے چور امام علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا: ﴿یا اَبَةَ الْعَطَشُ قَدْ قَتَلَنِی وَ ثِقَلُ الْحَدِیْدِ اَجْهَدَنِی فَهَلْ اِلٰی شَرْبَةٍ مِنَ الْمَاءِ سَبِیْلٌ اَتَقَوّٰی بِهَا عَلَی الْاَعْدَاءِ﴾ بابا جان! مجھے پیاس نے مار دیا ہے۔ اور ہتھیاروں کے بوجھ نے تھکا دیا ہے۔ کیا تھوڑا سا پانی دستیاب ہو سکتا ہے؟ تا کہ میں اس سے (تازہ دم ہو کر) دشمنوں سے لڑنے کے لئے تقویت حاصل کروں"۔

امام علیہ السلام نے جب اپنے جواں سال بیٹے کی یہ حالت دیکھی تو نہایت بے کسی کے عالم میں رو کر فرمایا: ﴿وَ اغَوْثَاهُ یَا بُنَیَّ مِنْ اَیْنَ آتِیْ لَکَ بِالْمَاءِ قَاتِلْ قَلِیْلاً فَمَا اَسْرَعَ اَنْ تَلْقٰی جَدَّکَ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ اٰلِهٖ فَیَسْقِیْکَ بِکَاسِهِ الْاَوْفٰی شَرْبَةً لَا تَظْمَاءُ بَعْدَهٗ اَبَدًا﴾ ہائے افسوس بیٹا! میں کہاں سے تمہارے لئے پانی لاؤں؟ بیٹا تھوڑی دیر اور جہاد کرو۔ بہت جلد اپنے جد نامدار سے ملاقات کرو گے۔ اور وہ تمہیں (شراب طہور کا) وہ جام پلائیں گے۔ کہ اس کے بعد پھر کبھی پیاس نہیں لگے گی۔

بروایتے فرمایا: ﴿یَا بُنَیَّ یَعِزُّ عَلٰی مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَ عَلٰی عَلِیِّ ابْنِ اَبِیْ طَالِبٍ عَلَیْهِمُ السَّلَامُ اَنْ تَدْعُوْهُمْ فَلَا یُجِیْبُوْکَ یَا بُنَیَّ هَاتِ لِسَانَکَ﴾۔ بیٹا حضرت محمد مصطفیٰؐ و علی مرتضیٰؑ پر یہ بات بہت ہی شاق ہے کہ تم ان کو پکارو اور وہ تمہیں جواب نہ دیں۔ بیٹا اپنی زبان میرے منہ میں دیدو۔ نیز اپنی ایک انگشتری ان کو عنایت کی۔ اور فرمایا اسے چوسو۔ اس سے کچھ تسکین ہو جائے گی۔ چنانچہ شہزادہ نے واپس میدان کارزار میں لوٹ کر یہ رجز پڑھتے ہوئے پھر شجاعت ہاشمیہ کا عملی ثبوت دینا شروع کیا۔

الحرب قد بانت لنا الحقائق — و ظهرت من بعد ها مصادق

واللّٰه رب العرش لا نفارق — جموعکم او تغمد البوارق

اور دائیں بائیں بڑھ بڑھ کے حملے شروع کئے۔ یہاں تک کہ مزید اسی (۸۰) دشمنان خدا و رسول کو واصل جہنم کیا۔

شہادت

اس طرح جب پورے دو سو ناریوں[1] کو واصل جہنم کر چکے۔ تو مرۃ بن منقذ عبدی نے شہزادہ کو دیکھ کر قسم کھائی ﴿علی اثام العرب. ان مربی یفعل مثل ما کان یفعل ان لم اثکله اباه﴾ مجھ پر تمام عرب کے گناہوں کا بوجھ ہو۔ اگر یہ شہزادہ اسی طرح حملہ کرتے ہوئے میرے پاس سے گذرے۔ اور میں اس کے والد کو اس کے سوگ میں نہ بٹھا دوں۔

---

[1] شیخ صدوق علیہ الرحمہ نے آپ کے مقتولین کی تعداد چوالیس (۴۴)۔ صاحب مناقب نے ستر (۷۰) اور سید محمد بن ابی طالب نے پورے دو سو (۲۰۰) لکھی ہے۔ و هو المشهور. و اللّٰه العالم۔ (منہ عفی عنہ)

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

چنانچہ شہزادہ جنگ کرتے کرتے جب اس شقی کے پاس سے گذرا تو بروایت مقاتل الطالبین اس ملعون نے جناب شہزادہ کے گلوئے اقدس میں تیر مارا۔ اور بروایت مناقب چھپ کر پشت مبارک پر نیزہ مارا۔ مگر صحیح یہ ہے کہ اس شقی نے جناب کے سر اقدس پر اس زور سے تلوار ماری۔ کہ شہزادہ کا سر اقدس شگافتہ ہوگیا اور ان کیلئے اب زین پر سنبھلنا مشکل ہوگیا چنانچہ شہزادہ نے اپنی باہیں گھوڑے کے گلے میں ڈال دیں سوئے اتفاق سے گھوڑا ان کو لشکر اعدا کی طرف لے گیا۔ ظالموں نے شہزادہ کو بے دست و پا دیکھ کر تلواروں سے ٹکڑے ٹکڑے کر دیا۔ (قطعوہ باسیافھم اربا اربا) ابھی کچھ رمق حیات باقی تھے۔ کہ زین فرس سے فرش زمین پر گرتے ہوئے بابا کو آواز دی: ﴿یا ابتاہ علیک السلام. ھذا جدی رسول اللّٰہ قد سقانی بکاسہ الاوفی شربۃ لا اظماء بعدہ ابداً و ھو یقرئک السلام و یقول لک عجل القدوم الینا﴾ بابا جان! میرا (آخری) سلام قبول ہو۔ یہ میرے جد امجد جناب رسولؐ خدا ہیں۔ انہوں نے مجھے ایسا جام پلایا ہے۔ کہ اب مجھے کبھی پیاس نہیں لگے گی۔ اور وہ فرما رہے ہیں۔ کہ آپ بھی جلدی آئیں۔ اس کے بعد شہزادہ نے دم توڑ دیا۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَ اِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ۔

جواں مرگ بیٹے کی لاش پر بے کس باپ کی آمد

جب بے کس باپ نے اپنے بے بس شہزادہ کا آخری سلام سنا۔ تو فوراً افتاں و خیزاں شہزادہ کی لاش مقدس پر پہنچے اور ﴿وضع خدہ علی خدہ ثم انھملت عیناہ بالدموع ثم قال علی الدنیا بعدک العفا﴾ اپنا رخسارہ شہزادے کے رخسارے پر رکھ دیا۔ اور زار و قطار روتے ہوئے فرمایا۔ بیٹا! تیرے بعد اب زندگانی دنیا پر خاک ہے۔" پھر فرمایا: ﴿یا بُنَیَّ لَقَدِ اسْتَرَحْتَ مِنْ ھَمِّ الدُّنْیَا وَ غَمِّھَا وَ بَقِیَ اَبُوْکَ فَرِیْدًا﴾ بیٹا تم دنیا کے ہم و غم سے نجات پا گئے۔ لیکن تمہارا باپ یکہ و تنہا رو گیا ہے" بعض ارباب مقاتل کے بیان کے مطابق امامؑ شہزادہ کا سر مبارک گود میں لے کر ان کے چہرۂ انور سے خون صاف کرتے جاتے تھے۔ اور رو رو کر رخ مبارک پر بوسہ دیتے ہوئے یہ بھی فرماتے جاتے تھے: ﴿یَا بُنَیَّ لَعَنَ اللّٰہُ / قتل اللّٰہ قَوْمًا قَتَلُوْکَ. ما اَجْرَاھُمْ عَلَی النَّارِ وَ عَلَی انْتِھَاکِ حُرْمَۃِ الرَّسُوْلِ﴾۔ بیٹا! خدا اس قوم جفا کار کو غارت کرے۔ جس نے تجھے شہید کیا۔ انہیں کس چیز نے آتش جہنم میں داخل ہونے پر اور حرمت رسولؐ کی ہتک کرنے پر جرأت دلائی؟ صاحب روضۃ الصفاء کا بیان ہے کہ ﴿رفع الحسین صوتہ بالبکاء ولم یسمع احد الی ذلک الزمان صوتہ بالبکاء﴾ ہم شکل پیغمبر شہزادہ کی شہادت کا امام علیہ السلام پر اس قدر اثر ہوا۔ کہ بلند آواز سے گریہ و بکا فرمایا۔ حالانکہ اب تک ان کے گریہ کی آواز کسی نے نہیں سنی تھی۔ بعد ازاں جوانان بنی ہاشم کو حکم دیا۔ کہ شہزادہ کی لاش خیام کی طرف اٹھا لائیں۔[1]

---

[1] طبری، ج ۶، ص ۲۵۶۔ مگر مناقب کی روایت کے مطابق خود اٹھا کر لائے۔ ج ۴، ص ۹۷، طبع بمبئی۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

صاحب دمعۂ ساکبہ نے بعض کتب کے حوالہ سے لکھا ہے کہ جب جناب سید الشہداؑ با چشم و دل گریاں و بریاں خیمہ میں داخل ہوئے۔ تو امامؑ کی یہ حالت زار دیکھ کر جناب سکینہ نے دوسری پردگیان عصمت و طہارت سے آگے بڑھ کر عرض کیا: ﴿مالی اراک تنعی نفسک و تدیر طرفک این اخی علی؟﴾ بابا جان! آپؑ کی حالت کیوں دگرگوں ہے؟ اور پریشان ہو کر ادھر ادھر کیوں دیکھتے ہیں؟ میرا بھائی علیؑ کہاں ہے؟

امامؑ نے فرمایا: ﴿قتلوہ اللئام﴾ بیٹی! قوم اشقیاء نے انہیں شہید کر دیا ہے۔ یہ سننا تھا کہ بی بی نے وا اخاہ وامہجۃ قلباہ کے جگر خراش بین کرتے ہوئے خیمہ سے باہر قدم رکھنا چاہا۔ مگر امامؑ نے تسلی دیتے ہوئے فرمایا: ﴿اتقی اللہ واستعملی الصبر﴾ بیٹی سکینہ! خدا سے ڈرو۔ اور صبر کرو۔ بی بی نے عرض کیا: ﴿یا ابتاہ کیف تصبر من قتل اخوھا و شرد ابوھا﴾ بابا جان! بھلا جس بی بی کا بھائی شہید ہو جائے۔ اور باپ بے یار و مددگار اور وطن سے دور ہو جائے۔ وہ کیونکہ صبر کر سکتی ہے؟ امامؑ نے بی بی کا کلام حزن التیام سن کر فرمایا: ﴿انا للہ و انا الیہ راجعون﴾[1]۔

اسی مخدرہ کے جگر خراش حالات سے دوسری مخدرات عصمت و طہارت کی گریہ وزاری اور پریشان حالی کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔

اولاد عقیل بن ابی طالب کی قربانیاں

(۲) جناب عبداللہ بن مسلمؑ بن عقیلؑ بن ابی طالبؑ کی شہادت

یہ وہی عبداللہ بن مسلم ہیں جو بہت سے ارباب مقاتل کے نزدیک میدان کربلا میں خانوادۂ ہاشمیہ میں سے پہلے شہید ہیں۔ جیسا کہ قبل ازیں اس اختلاف پر تبصرہ کیا جا چکا ہے۔ جناب عبداللہ کے والد ماجد حضرت مسلم بن عقیلؑ شہید کوفہ اور والدہ ماجدہ جناب رقیہ بنت امیر المومنین علی علیہ السلام ہیں۔ اس طرح یہ جناب سید الشہداء کے چچازاد بھائی کے فرزند ہونے کے علاوہ آنجنابؑ سید الشہداء سے سبھی قرابت بھی رکھتے ہیں (فراجع) انہی وجوہ کی بنا پر امامؑ کو آپ سے خاص قلبی لگاؤ تھا۔

صاحب بحر اللمائی نے لکھا ہے: ﴿علی ما نقل عنہ﴾[2] کہ جب جناب عبداللہ بن مسلم نے امام علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہو کر اذن جہاد طلب کیا۔ تو آنجناب نے فرمایا تمہارے لئے اپنے والد مسلم کی شہادت کافی ہے جسے

---

[1] ارشاد، ص ۲۶۰۔ مناقب، ج ۴، ص ۹۷۔ عاشر بحار، ص ۲۰۲۔ الدمعۃ الساکبہ، ص ۳۳۹۔ نفس المہموم، ص ۱۹۵۔ وقائع ایام محرم، ص ۴۶۱۔ تاریخ، ج ۶، ص ۲۶۲۔ تظلم الزہراء، ص ۱۹۵۔ لوائح الاشجان، ص ۱۳۷۔ قمقام، ص ۳۶۴۔ ملہوف، ص ۱۰۰۔ طبری، ج ۶، ص ۲۵۶۔ شافیہ شرح ابی فراس، ص ۱۴۱ وغیرہ۔

[2] فرسان الہیجا، ج ۱، ص ۲۵۵۔ تاریخ، ج ۶، ص ۲۶۹۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

بہت عرصہ نہیں گذرا۔ میں تمہیں اجازت دیتا ہوں۔ کہ تم اپنی ضعیف والدہ کو لے کر یہاں سے چلے جاؤ۔ جناب عبداللہ نے عرض کیا۔ بھلا یہ ممکن ہے کہ دار جاودانی کے عوض دار فانی کو اختیار کروں؟ بالآخر عبداللہ کے اصرار سے متاثر ہو کر امامؑ نے اذن جہاد مرحمت فرمایا۔ اور جناب عبداللہ یہ رجز پڑھتے ہوئے میدان کارزار میں تشریف لے گئے۔

الیوم القی مسلماو هوابی　　و فتیة با دوا علی دین النبیؐ

لیسوا بقوم عرفو ابالکذب　　لکن خیار و کرام النسب

من هاشم السادات اهل الحسب

پھر بڑھ بڑھ کر تین حملے کئے۔ اور بقول صاحب لوائح الاشجان تین افراد کو ہلاکت ابدی کے گھاٹ اتارا۔ (ص ۱۳۸) اور صاحب مناقب[1] کے بیان کے مطابق اٹھانوں (۹۸) ناریوں کو واصل جہنم کیا۔ اسی اثنا میں عمرو بن صبیح صدائی نے تیر سے آپ کی پیشانی کو تاکا۔ شہزادہ نے بتقضائے طبیعت ہاتھ پیشانی پر رکھا۔ تیر اس زور سے لگا۔ کہ ہاتھ کو پیشانی کے ساتھ چھید دیا۔ راوی کا بیان ہے کہ جب عبداللہ کا ہاتھ پیشانی کے ساتھ پیوست ہو گیا۔ تو عبداللہ نے بارگاہ ایزدی میں یوں عرض کیا اللهم انهم استقلو ناو استذلونا اللهم فاقتلهم کما قتلونا واذلهم کما استذلونا "خداوندا ان لوگوں نے ہمیں کمزور سمجھ کر ذلیل کرنے کی کوشش کی ہے۔ بارالہا! انہیں اسی طرح قتل کر جس طرح انہوں نے ہمیں قتل کیا ہے اور ان کو ذلیل و خوار کر" ایک دوسرے ظالم (یزید بن رقاد الجہنی)[2] نے آپ کے سینہ پر نیزہ مارا۔ جو دل میں لگا۔ جس سے شہزادہ جانبر نہ ہو سکا۔ اور شہادت پائی۔ ظالم تیر انداز نے آپ کی شہادت کے بعد تیر کو کھینچنا چاہا۔ مگر پھل پیشانی میں ٹوٹ گیا۔[3] اِنَّا لِلّٰهِ وَ اِنَّا اِلَیْهِ رَاجِعُوْنَ

آل ابی طالبؑ کا یکبارگی حملہ

بعض ارباب سیر و مقاتل نے لکھا[4] ہے کہ جناب عبداللہ بن مسلم کی شہادت کے بعد اولاد ابی طالب نے ایک ساتھ قوم اشقیاء پر حملہ کر دیا۔ یہ منظر دیکھ کر جناب امام عالی مقام نے فرمایا: ﴿صبراً علی الموت! بنی عمومتی واللہ لارایتم هواناً بعد هذا الیوم ابداً﴾ (ملہوف، ص ۱۰۱) و (مقتل خوارزمی، ج ۲، ص ۲۸) اے

---

[1] مناقب شہر ابن آشوب، ج ۴، ص ۹۸۔

[2] ذخیرۃ الدارین، ص ۱۵۹۔ اس بیان سے اس اختلاف کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔ جو جناب عبداللہ بن مسلم کے قاتل کے بارے میں ہے کہ آیا عمرو بن صبیح ہے یا یزید بن رقاد؟ صحیح یہ ہے کہ دونوں آپ کے قتل میں شریک ہیں۔ عمرو نے تیر مارا۔ اور یزید نے نیزہ۔

[3] ارشاد، ص ۲۶۱۔ نفس المہموم، ص ۱۶۸۔ لوائح الاشجان، ص ۱۳۸۔ ذخیرۃ الدارین، ص ۱۶۰۔ فرسان الہیجا، ج ۱، ص ۲۵۵۔ مقتل الحسینؑ، ص ۳۰۳۔ طبری، ج ۶، ص ۲۵۶۔

[4] مقتل الحسین للمقرم، ص ۲۰۴۔ ذخیرۃ الدارین، ص ۱۶۲۔ شہید انسانیت، ص ۴۹۸۔ طبری وغیرہ۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

میرے چچا کے بیٹو! موت پر صبر کرو۔ آج کے بعد کبھی ذلت نہ دیکھو گے۔ اور متعدد دشمنان خدا و رسول کو دار البوار میں پہنچانے کے بعد درج ذیل حضرات نے بھی شربت شہادت نوش کیا:

(۱) عونؑ بن عبداللہ بن جعفر طیارؓ۔ (۲) ان کے بھائی محمدؑ بن عبداللہؓ۔ (۳) عبدالرحمٰنؑ بن عقیلؑ۔ (۴) ان کے بھائی جعفرؑ بن عقیلؑ۔ (۵) محمدؑ بن مسلمؑ بن عقیلؑ۔ امام حسنؑ مجتبیٰ کے صاحبزادے حسن مثنیٰ کو اٹھارہ زخم لگے۔ اور دایاں ہاتھ بھی قلم ہو گیا۔ مگر شہید ہونے سے بچ گئے۔[1] مگر ہم قول مشہور و منصور کی اتباع کرتے ہوئے ذیل میں واقعاتی ترتیب کے مطابق بطور مبارزت طلبی ان بزرگواروں کی شہادت کا تذکرہ کرتے ہیں۔

(۳) محمدؑ بن مسلمؑ بن عقیلؑ بن ابی طالبؑ کی شہادت

آپ کی والدہ ماجدہ ام ولد تھیں۔ شہادت کے وقت آپ کی عمر کل بارہ یا تیرہ برس تھی۔ جب اپنے بھائی عبداللہ بن مسلمؑ کو خاک و خون میں غلطاں دیکھا تو بے تاب ہو گئے۔ اذن جہاد لے کر میدان میں تشریف لائے۔ اور سخت نبرد آزمائی کے بعد ابو مرہم (جرہم) ازدی اور لقیط بن ایاس جہنی کے ہاتھ سے جام شہادت نوش فرمایا۔[2]

(۴) جعفر بن عقیلؑ بن ابی طالب کی شہادت

جناب جعفر حضرت عقیلؑ کے چشم و چراغ ہیں۔ والدہ ماجدہ کا نام خوصا، کنیت ام النضر بنت عمرو بن عامر کلابی ہیں۔[3] جناب محمد بن مسلم کی شہادت کے بعد جناب جعفر یہ رجز پڑھتے ہوئے۔ شعلۂ نار کی طرح لشکر اشرار پر ٹوٹ پڑے۔

انا الغلام الابطحی الطالبی — من معشر فی هاشم و غالب

ونحن حقاً سادة الذوائب — هذا حسین اطیب الاطائب

من عترة البر التقی الثاقب

پھر شجاعت کا ثبوت دیتے ہوئے بنا بر مشہور پندرہ ناریوں کو دار البوار میں پہنچانے کے بعد خود بشر بن حوط ہمدانی ملعون اور بروایتے عروہ بن عبداللہ جشمی کے ہاتھوں جام شہادت نوش کیا۔[4]

۱۔ مقتل الحسین، ص ۳۰۴۔

۲۔ عاشر بحار الانوار، ص ۱۹۹۔ لوائح الاشجان، ص ۱۳۸۔ فرسان الہیجا، ج ۲، ص ۶۰۔ ذخیرۃ الدارین، ص ۱۶۰۔ مقاتل الطالبین، ص ۶۶ وغیرہ۔

۳۔ فرسان الہیجا، ج ۱، ص ۵۶۔

۴۔ فرسان الہیجا، ج ۱، ص ۵۶۔ ذخیرۃ الدارین، ص ۱۵۶۔ عاشر بحار الانوار، ص ۱۹۹۔ تقمام ذخار، ص ۳۶۶۔ ناسخ التواریخ، ج ۶، ص ۲۶۹۔ لوائح الاشجان، ص ۱۳۸۔ طبری، ج ۶، ص ۲۵۶۔ مقاتل، ص ۶۶ وغیرہ۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

(۵) عبدالرحمٰن بن عقیل بن ابی طالب کی شہادت

جناب عبدالرحمٰن کے والد ماجد جناب عقیلؑ اور والدہ ام ولد ہیں۔ جعفر بن عقیل کی شہادت کے بعد آپ اذن جہاد لے کر یہ رجز پڑھتے ہوئے میدان میں تشریف لے گئے۔

ابی عقیل فاعرفوا مکانی — من هاشم و هاشم اخوانی

کھول صدق سادة الاقران — هذا حسین شامخ البنیان

و سید الشیب مع الشبان — وسید الشباب فی الجنان

پھر سخت جنگ کی۔ یہاں تک کہ لشکر اشرار کے سترہ (۱۷) نامجاروں کو دارالبوار میں پہنچانے کے بعد عثمان بن خالد جہنمی اور بشر بن حوط ہمدانی کے ہاتھوں شہادت کے درجۂ عالیہ پر فائز ہوئے۔[۱]

(۶) محمد بن ابی سعید بن عقیل بن ابی طالب کی شہادت

بعض ارباب مقاتل کا خیال ہے کہ جناب محمد بن ابی سعید بن عقیل واقعۂ کربلا میں سن بلوغ کو نہیں پہنچے تھے۔ میدان کارزار میں گئے۔ اور جہاد کرتے ہوئے لقیط بن ایاس جہنمی ملعون کے تیر سے رہسپار ملک بقا ہوئے۔[۲]

اولادِ جعفر طیارؑ کی قربانیاں

SIBTAIN.COM

(۷) محمد بن عبداللہ بن جعفر طیار کی شہادت

آپ امام علیہ السلام کے چچازاد بھائی جناب عبداللہ بن جعفرؑ کے چشم و چراغ ہیں۔ آپ کی والدہ ماجدہ کا نام فاضل عاملی نے لوائج الاشجان (ص ۱۳۹) میں عقیلہ بنی ہاشم جناب زینبؑ بنت امیر المومنینؑ ذکر کیا ہے۔ اس طرح آپ جناب عونؑ بن عبداللہ کے سگے بھائی قرار پاتے ہیں اور امام کے بھانجے لیکن دیگر ارباب سیر و مقاتل کے بیان کے مطابق آپ جناب عونؑ کے مختلف البطن بھائی ہیں۔ آپ کی والدہ ماجدہ کا نام خوصاء بنت حفص بن ثقیف ہے۔ جو بکر بن وائل کے قبیلہ سے تھیں۔[۳] ان کو خود جناب عبداللہ نے اپنی نیابت میں ان کے دوسرے بھائی عونؑ کے ساتھ مکہ سے امام کی روانگی کے بعد بھیجا تھا۔ جو پہلی منزل پر آکر شریک قافلۂ حسینیؑ ہو گئے تھے۔

۱۔ فرسان الہیجاء، ج ۱، ص ۲۳۵۔ ذخیرۃ الدارین، ص ۱۵۷۔ بحار الانوار، ج ۱۰، ص ۱۹۹۔ مناقب شہر ابن آشوب، ج ۴، ص ۹۶۔ نفس المہموم، ص ۱۶۹۔ لوائج الاشجان، ص ۱۲۹۔

۲۔ ذخیرۃ الدارین، ص ۱۶۰۔ عاشر بحار الانوار، ص ۲۰۰۔ تقمام ذخار، ص ۳۶۶۔

۳۔ تقمام، ص ۳۹۷۔ نفس المہموم، ص ۱۶۹۔ فرسان، ج ۲، ص ۵۹۔ ذخیرۃ الدارین، ص ۱۵۵۔ مقاتل، ص ۶۵۔ لوائج الاشجان، ص ۱۳۸۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

بہر حال اولاد عقیل کی قربانیوں کے بعد اولاد عبداللہ بن جعفر طیار نے میدان کارزار کا رخ کیا۔ اور سب سے پہلے جناب محمد بن عبداللہ اذن جہاد لے کر یہ رجز پڑھتے ہوئے میدان میں تشریف لے گئے۔

اشکو الی اللّٰہ من العدوان　　فعال قوم فی الردیٰ عمیان

قد بدلو امعالم القرآن　　و محکم التنزیل والتبیان

واظھر والکفر مع الطغیان

پھر مسلسل کئی حملے کر کے دس (۱۰) ناریوں کو جہنم رسید کرنے کے بعد عامر بن نہشل تمیمی کے ہاتھوں جام شہادت نوش کیا۔[1]

(۸) عونؑ بن عبداللہ بن جعفر الطیار کی شہادت

بنا بر مشہور آپ کی والدہ ماجدہ عقیلہ قریش جناب زینب بنت علی علیہ السلام ہیں۔ اس طرح آپؑ امام حسین علیہ السلام کے حقیقی بھانجے ہوتے ہیں۔ اور بنا بریں کہ شہزادہ محمد کی والدہ جناب عقیلہ نہ ہوں۔ آپ محمد بن عبداللہ کے مختلف البطن بھائی ہیں۔ اپنے بھائی محمد کی شہادت کے بعد اذن جہاد حاصل کر کے یہ رجز پڑھتے ہوئے میدان وغا میں نکلے۔

SIBTAIN.COM

ان تنکرونی فان بن جعفر　　شہید صدق فی الجنان ازھر

یطیر فیھا بجناح اخضر　　کفیٰ بھذا شرفاً فی المحشر

پھر داد شجاعت و شہامت دیتے ہوئے تین سواروں اور اٹھارہ پیادوں کو ان کے کیفر کردار تک پہنچانے کے بعد خود شہادت کے درجہ رفیعہ پر فائز ہوئے۔ عبداللہ بن قطبہ طائی نے آپ کو شہید کیا۔[2]

اولاد امام حسنؑ کی قربانیاں

(۹) شہزادہ قاسمؑ بن حسنؑ بن علی علیہ السلام کی شہادت

جناب عبداللہ بن جعفر طیارؓ کی اولاد کے بعد جناب امام حسن مجتبیٰ علیہ افضل التحیۃ والثنا کی اولاد امجاد نے قربان گاہ کربلا میں اپنی عدیم النظیر قربانیاں پیش کیں۔ سب سے پہلے جناب شہزادہ قاسم میدان میں آئے شہزادہ قاسمؑ حضرت امام حسن علیہ السلام کے چشم و چراغ ہیں۔ آپ کی والدہ ام ولد ہیں۔ جن کا اسم گرامی برملہ تھا۔ اور صاحب

---

[1] ذخیرۃ الدارین، ص ۱۵۶۔ فرسان الہیجا، ج ۲، ص ۵۹۔ عاشر بحار الانوار، ص ۲۰۰۔ طبری، ج ۶، ص ۲۵۶۔ مناقب، ج ۴، ص ۴۶۔ مقاتل، ص ۶۵ وغیرہ۔

[2] لواعج الاشجان، ص ۱۳۹۔ نفس المہموم، ص ۱۶۸۔ قمقام، ص ۳۶۷۔ طبری، ج ۶، ص ۲۵۶۔ مقاتل الطالبین، ص ۶۴ وغیرہ۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

فرسان الہیجاء (ج ۲ ص ۲۶) کے بیان کے مطابق واقعہ کربلا میں موجود تھیں۔ شب عاشورا کے واقعات میں وہ واقعہ لکھا جا چکا ہے۔ جس میں جناب شہزادہ کا نصرت امام و تائید حق میں اشتیاق موت کا تذکرہ موجود ہے۔ ان کی شہادت کا تذکرہ کرنے سے پہلے یہاں چند امور مہمہ کی تحقیق و تنقیح نہایت ضروری معلوم ہوتی ہے۔

چند امور کی تنقیح

امر اول:۔ یہ ہے کہ شہادت کے وقت شہزادہ کی عمر کیا تھی؟ سن و سال کی حتمی تعیین کے متعلق تو کچھ کہنا مشکل ہے۔ کیونکہ کتب سیر و تواریخ میں ایسی کوئی تصریح نہیں ملتی۔ البتہ اکثر علماء محققین اس بات پر متفق نظر آتے ہیں کہ جناب ہنوز سن بلوغ کو نہیں پہنچے تھے۔ چنانچہ علامہ مجلسی فرماتے ہیں: ﴿وھو غلام صغیر لم یبلغ الحلم﴾[1] شہزادہ چھوٹا لڑکا تھا۔ جو سن بلوغ کو نہیں پہنچا تھا۔ ایسی ہی تصریحات فاضل قزوینی نے تظلم الزہراء (ص ۱۹۵) میں اور فاضل عاملی نے لوائح الاشجان (ص ۱۴۰) میں اور محدث محلاتی نے فرسان الہیجاء (ج ۲ ص ۲۶) میں اور جناب فاضل نجفی نے مقتل الحسینؑ (ص ۳۰۶) میں فرمائی ہیں۔ ناسخ میں لکھا ہے: ﴿قاسم باتفاق علمائے سیر حدود تکلیف را مالك و مشرف نبود﴾ (ناسخ، ج ۶، ص ۲۷۳) ان تصریحات سے یہ بات پایۂ ثبوت تک پہنچ جاتی ہے۔ کہ جناب قاسم ہنوز بالغ نہ تھے۔ اور زیادہ سے زیادہ عمر بارہ تیرہ برس تھی۔

SIBTAIN.COM

شہزادہ قاسمؑ کے عقد کی تحقیق

امر دوم:۔ آیا شہزادہ قاسمؑ کی بوقت شہادت شادی ہو چکی تھی یا نہ؟ یہ مسئلہ مدت سے معرکۃ الآرا بنا ہوا ہے جس پر بعض مقامات پر ہنگامہ خیز بحثیں ہو چکی ہیں۔ اور اس کی نفی اور اثبات پر متعدد مستقل رسائل لکھے جا چکے ہیں۔ مدت ہوئی بدقسمتی سے متحدہ ہندوستان میں اس مسئلہ نے بعض علمی خانوادوں میں ذاتی وقار کی حیثیت اختیار کر لی۔ جس کی وجہ سے یہ مسئلہ مزید الجھ کر رہ گیا۔ حالانکہ اگر ہر قسم کے گروہی تعصبات سے بالاتر ہو کر اس مسئلہ پر معمولی سا بھی غور و فکر کیا جائے۔ تو یہ امر روز روشن کی طرح واضح و آشکار ہو جاتا ہے۔ کہ ازدواج قاسم کا قصہ ایک افسانہ سے زیادہ کوئی حقیقت نہیں رکھتا۔ اور اس کے وجوہ درج ذیل ہیں:

اولاً: جب بیان بالا میں یہ واضح کیا جا چکا ہے کہ شہزادہ ہنوز سن بلوغ کو پہنچے ہی نہ تھے تو ان حالات میں ان کی شادی کرنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ کما لا یخفیٰ

ثانیاً: تمام کتب سیر و تواریخ اس واقعہ کے ذکر سے خالی نظر آتی ہیں۔ پھر کیونکر آنکھیں بند کر کے اسے صحیح تسلیم کیا جا سکتا ہے؟ سب سے پہلے اس افسانہ کا تذکرہ ملا حسین واعظ کاشفی نے روضۃ الشہداء کے اندر بلا سند و حوالہ

---

[1] بحار، ج ۱۰، ص ۲۰۰۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

کیا۔ جو نویں (۹) صدی میں گذرے ہیں۔ ان سے صاحب منتخب (طریحی) نے لیا اور ان سے صاحب اسرار الشہادۃ نے یہ بھی عجیب بات ہے کہ کاشفی نے صرف عقد نکاح کا تذکرہ کیا تھا۔ صاحب منتخب نے شادی کا اضافہ کیا۔ اور صاحب اسرار الشہادت تک پہنچتے پہنچتے اس شادی کے نتیجہ میں ایک بچہ کی ولادت کا اضافہ بھی ہو گیا۔

ناطقہ سر بگریباں ہے اسے کیا کہیے؟

ثالثاً: اگرچہ اکابر علماء کی کتب کا اس واقعہ سے خالی ہونا ہی اس کے بے اصل ہونے کے لئے کافی تھا۔ چہ جائیکہ انہوں نے بڑے شد و مد کے ساتھ اس واقعہ کے بے اصل ہونے کی تصریحات بھی فرما دی ہیں۔ (جن کا ایک شمہ بعد ازیں پیش کیا جا رہا ہے)۔

رابعاً: روز عاشوراء عقد یا ازدواج کرنے کے لئے جو امور شرعاً یا عرفاً مطلوب ہو سکتے ہیں۔ ان سب کا فقدان نظر آتا ہے۔ کما لا یخفی۔ پھر ان حالات میں یہ کام انجام دینا عبث ہو کر رہ جاتا ہے۔ حالانکہ امام عالی مقامؑ کی شان اس سے اجل و ارفع ہے۔ کہ کوئی عبث و بے فائدہ کام انجام دیں۔ یہ جو کہا جاتا ہے کہ امامؑ نے صرف امام حسن علیہ السلام کی وصیت کو پورا کرنے کے لئے ایسا کیا تھا۔ یہ تاویل بالکل علیل ہے۔ کیونکہ امام حسن کی ایسی کوئی وصیت ہرگز ثابت نہیں ہے۔ بلکہ یہ افتراء علی المعصوم ہے۔ و الدلیل علی من ادعی۔

اس اجمالی بیان کے بعد ذیل میں اس مسئلہ کی نزاکت و اہمیت کے پیش نظر ذرا تفصیل کے ساتھ تبصرہ کیا جاتا ہے۔ چونکہ اس موضوع پر کتاب لؤلؤ و مرجان، مجاہد اعظم حصہ اول رسالہ نزھۃ المشتاق اور رسالہ البیان المبرہن میں اس قدر لکھا جا چکا ہے۔ کہ اس پر مزید اضافہ کی اب کوئی گنجائش نہیں ہے۔ اسلئے ہم ان ہی نامبردہ کتب و رسائل سے اس واقعہ کی رد کے مختصر مگر جامع دلائل کا انتخاب پیش کرتے ہیں۔ تاکہ اس سلسلہ میں ہر قسم کی قیل و قال کا دروازہ بند ہو جائے۔ اور ثابت ہو جائے کی یہ قصہ بالکل بے بنیاد و بے اصل ہے اور سراسر افتراء علی الامام پر مبنی ہے۔ اعاذنا اللہ و جمیع المؤمنین منہ۔

پہلی دلیل:۔ علمائے متقدمین کی کتابوں میں اس قصہ کا کہیں نام و نشان تک نہیں ملتا۔ اور متاخرین جو روایات و واقعات کی صحیح جانچ پڑتال کرتے ہیں۔ انہوں نے بھی اس واقعہ کو نقل نہیں کیا۔ البتہ اخیر زمانہ میں کتاب روضۃ الشہداء سے جو نہ صرف ضعاف بلکہ بہت سی موضوع روایات کا مجموعہ ہے۔ یہ بلا نکلی اور اس سے صاحب منتخب نے نقل کی۔ اور ان سے اور بعض جدت پسند لوگوں نے نقل کی۔ اور اس طرح یہ کورانہ تقلید آئندہ نسلوں کے لئے حجت بن گئی۔ چنانچہ جناب محدث نوری فرماتے ہیں: ﴿قصہ عروسی قاسم قبل از روضہ در ہیچ کتابے دیدہ نشدہ﴾ مولانا سید حسین لکھنوی نے بھی مجالس مفجعہ (ص ۲۱۵) میں تصریح کی ہے کہ صاحب منتخب نے اس

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

واقعہ کو کاشفی سے لیا ہے: ﴿روایة تزویج القاسم لم تذکر فی اکثر الکتب المعتبرة و لذا ترکها مولانا المجلسیؒ لکن ذکرها فخر الدین فی جامعه و کان مأخذه تاریخ الحسین للکاشفی﴾ ظاہر ہے کہ اگر اتنے بڑے عظیم واقعہ کی کوئی واقعیت و حقیقت ہوتی تو دوسرے علماء متقدمین کیوں اسے نظر انداز کرتے؟ اس بنا پر جناب محدث نوری قدس سرہ کا یہ تعجب برمحل ہے کہ ﴿چگونه می شود قصیهٔ بایں عظمت و قصهٔ چنیں آشکار را محقق و مضبوط باشد بنظر تمام ایں جماعت نرسیده باشد حتیٰ مثل شهر بن آشوبؒ که تصریح کرده اند. که هزار جلد کتاب مناقب نزد او بود﴾۔ بنابریں کس طرح اس قصہ کو صحیح باور کیا جا سکتا ہے۔

دوسری دلیل:۔ اکابر علماء و ارباب سیر و تواریخ نے نہ صرف یہ کہ یہ قصہ اپنی کتب میں درج نہیں کیا۔ بلکہ اس کے من گھڑت اور بے اصل ہونے کی تصریحات بھی فرما دی ہیں۔ ذیل میں چند شہادتیں درج کی جاتی ہیں۔

(۱) علامہ مجلسی علیہ الرحمہ جلاء العیون، ص ۲۰۴ میں تحریر فرماتے ہیں: ﴿روایت دامادیٔ قاسم در کتب معتبره به نظر فقیر نرسیده﴾ یعنی دامادیٔ قاسم والی روایت نظر حقیر سے نہیں گذری۔

(۲) فاضل رضی قزوینی تظلم الزہراء (ص ۱۹۵) میں فرماتے ہیں: ﴿اقول ثم انه نقل فی الکتب بروز قاسم بن الحسنؑ و مبارزته ولیس فیها ذکر مصاهرته الا فی المنتخب فانه ذکر قصه مصاهرته.... صفحنا نحن ایضاً عن نقله لان الناقل ایضاً لم ینسب الی احدٍ.. الخ﴾ یعنی تمام کتب مقاتل میں جناب قاسم کی مبارزت طلبی کا واقعہ تو درج ہے مگر سوائے منتخب طریحی کے اور کسی کتاب میں ان کی دامادی کا ذکر نہیں۔ اور صاحب منتخب نے بھی اسے کسی مستند کتاب کی طرف منسوب نہیں کیا۔ اس لئے ہم نے اسے نقل نہیں کیا۔"

(۳) صاحب ذخیرۃ الدارین (ص ۱۵۴) لکھتے ہیں: ﴿اقول انه نقل فی الکتب المعتبرة مبارزة القاسم یوم الطف کما ذکرنا انفاً تفصیله من طریق المخالف و المؤالف ولم یذکر فی تلک الکتب تزویجه فی وقعة الطف الا فی المنتخب فانه ذکر قصة تزویجه نقلاً عن الغیر فقال ان هذه القصة لم نظفر بها فی الکتب المعتبرة والروایات المعتمدة فکانه ره لم یعتمد علی ذلک النقل و نحن ایضاً قد تصفحنا بمقدار وسعنا عما نقل ولم نجد فیه ما یعتمد علیه من الآثار المثبة لتلک القضیة و ذلک الفاضل ایضا لم ینسبه الی احد بل نسبه الی قیل ولا یثبت به شیء﴾ یعنی واقعہ کربلا میں شہزادہ قاسم کا جنگ کرنا تو کتب معتبرہ میں موجود ہے۔ جیسا کہ ہم نے اس کی تفصیل ذکر کر دی ہے مگر انکی شادی کا قصہ سوائے منتخب طریحی کے اور کسی کتاب میں مذکور نہیں ہے اور صاحب منتخب نے بھی اعتراف کیا ہے کہ انہیں یہ قصہ

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

کتب معتبرہ اور روایات معتمدہ میں نہیں مل سکا۔ بلکہ اسے ﴿قیل﴾ (کہا گیا ہے) کہہ کر نقل کیا ہے۔ جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ انہیں خود اپنے نقل کردہ قصہ پر اعتماد نہیں ہے۔ ہم نے بھی اپنی بساط کے مطابق کتب کی ورق گردانی کی ہے۔ ہمیں اس واقعہ کے بارے میں کوئی ایسی تاریخی شہادت نہیں مل سکی جس پر اعتماد کیا جا سکے۔"

(۴) محدث محلاتی فرسان الہیجا (ج ص ۳۱) میں تحریر فرماتے ہیں کہ ﴿عروسئ قاسم ابداً اصل ندارد۔ چند انکہ کتب معتبرہ و روایات معتمدہ راسیر کردیم۔ اثر و اطلاعے از این عروسیٔ قاسم بدست نیا و ردیم و آنچہ در السنہ سند برائے خود درست کردند۔ کہ طریحی در منتخب گفتہ ایشان این مطلب راکہ ازغیر نقل میکند میفرماید۔"ان ھذا القضیۃ لم نظفر بھا فی الکتب المعتبرۃ و الروایات المعتمدۃ "و شک نیست کہ این عبارت بتمام صراحت دلالت دارد۔ کہ خود طریحی ھم اعتماد باین نقل ندارد و گفتن او بلفظ "قیل واضح است کہ این مطلب در آثار مثبتہ و کتب معتبرہ وجود ندارد﴾۔

اس عبارت کا مطلب قریباً وہی ہے۔ جو صاحب ذخیرہ کی عبارت کا ہے۔ فلا نطیل الکلام بتوضیح المرام۔

(۵) مولانا ناصر الملۃ لکھنوی مرحوم سے سوال کیا جاتا ہے: "عقد قاسم بن الحسن علیہ السلام کا میدان کربلا میں ہونا صحیح ہے یا ضعیف یا افترائے محض؟" آپ جواب میں تحریر فرماتے ہیں: "قصہ عقد حضرت قاسم بن الحسن علیہ السلام بے اصل محض ہے۔"[1]

اسی طرح ایک اور جگہ تحریر فرماتے ہیں۔ "جناب قاسم کی شادی فاطمہ کبریٰ سے میدان کربلا میں ہونا بالکل غلط ہے۔ مہندی اٹھانے کی منت درست نہیں۔ مہندی اٹھانے والوں پر کذب علی المعصومؑ کے سب آثار مرتب ہوں گے۔ مہندی قاسم کی بجائے تابوت اٹھائیں۔ شہادت قاسم پڑھیں۔ یا علم یا تعزیہ یا گہوارۂ اصغرؑ اٹھانے کی صحیح یادگار قائم کریں۔"[2]

(۶) حجۃ الاسلام آقا سید محمد کاظم طباطبائی صاحب عروۃ الوثقیٰ فرماتے ہیں: ﴿وقوع این قضیہ معلوم نیست ھر چند در بعض کتب بدون سند معتبر مذکور باشد﴾ اس قضیہ کا واقع ہونا معلوم نہیں ہے۔ اگرچہ بعض کتب میں سند معتبر کے بغیر مذکور ہے۔"

---

[1] ہدایات ناصریہ۔

[2] اخبار شیعہ، لاہور، محرم نمبر بابت ۱۳۵۳ھ، ہر دو فتویٰ بحوالہ رسالہ تحقیقات روایات محرم، ص ۲۱، ۲۶۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

(۷) حجۃ الاسلام آقا اخوند ملا کاظم خراسانی صاحب کفایۃ الاصول فرماتے ہیں: ﴿منشاء الشتهار این قضیه را در السنه و افواه و عدم ذکر آں درکتب تواریخ معتمد علیها مرحوم علیین مقام ثقة الاسلام وحید عصره آقائے حاجی نوری قدس سره در کتاب لؤ لؤ و مرجان که برائے سر مشق اهل منبر تصنیف فرموده اند مشروحاً بیان فرموده اندبان کتاب مراجعه شود﴾ اس قضیہ کے صرف مشہور ہونے مگر کتب معتبرہ میں موجود نہ ہونے کی تفصیل ثقۃ الاسلام وحید عصر آقائے حاجی نوری قدس سرہ نے اپنی کتاب لؤلؤ و مرجان میں بیان کردی ہے اس کر طرف رجوع کیا جائے۔

(۸) شریعتمدار آقا شیخ عبداللہ مازندرانی فرماتے ہیں: ﴿الی الآن مستندے که بتوان اعتماد نمود. در باب وقوع این قضیه بدست نیاید﴾ اس قضیہ کے متعلق اب تک کوئی قابل اعتماد چیز معلوم نہیں ہوسکی۔"

(۹) جناب آقا شیخ حسین مازندرانی تحریر فرماتے ہیں: ﴿اما اصل این قضیه پس هنوز بدرجۂ تحقیق و ثبوت و یقین نرسیده بلکه عدمش محقق است﴾ "اس قضیہ کا واقع ہونا درجۂ تحقیق تک نہیں پہنچا۔ بلکہ اس کا عدم وقوع مسلم ہے۔"

(۱۰) جناب آقا غلام حسین الاصفہانی لکھتے ہیں: ﴿خواندن آں مقدارے که در منتخب مذکور است بانسبت همان کتاب هم غیر جائز است﴾ "بلاشک وشبہ صرف اس مقدار کا پڑھنا بھی ناجائز ہے۔ جو منتخب طریحی میں مذکور ہے۔"

ان تمام علماء اعلام کے تفصیلی فتاوی عقد قاسم کی نفی کے سلسلہ میں رسالہ "نزھۃ المشتاق" فی فتاوی علماء العراق میں مفصل مذکور ہیں۔ نیز ان اعاظم میں سے اکثر نے جناب محدث نوری کی کتاب مستطاب اللؤلؤ والمرجان کی توثیق کرتے ہوئے مزید تحقیق وتسلی کے لئے اس کی طرف رجوع کرنے کا مشورہ بھی دیا ہے۔ بنظر اختصار ان حضرات کے فتاوی کے مختصر اجزاء نقل کیے گئے ہیں۔ شائقین تفصیل مذکورہ بالا رسالہ کی طرف رجوع کریں۔

(۱۱) صاحب ناسخ التواریخ لکھتے ہیں: ﴿دامادی قاسم در کربلا و تزویج کر دن حسین علیه السلام فاطمه را باد از اکاذیب روات است و حسین علیه السلام را از دو دختران افزوں نبود. یکے فاطمه زوجه حسن مثنیٰ و آں دیگرے سکینه بود﴾ (ناسخ ج ۶ ص ۲۷۱) "جناب قاسم کی دامادی کا قصہ یعنی یہ کہ امام حسین علیہ السلام نے کربلا میں جناب قاسم کی اپنی دختر فاطمہ کے ساتھ تزویج کی تھی۔ بالکل جھوٹی روایت ہے۔ کیونکہ امام حسینؑ کی صرف دو ہی صاحبزادیاں تھیں۔ ایک فاطمہ جو حسن مثنیٰ کی زوجیت میں تھیں

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

اور دوسری سکینہؑ۔"

(۱۲) صاحب تمقام ذخار لکھتے ہیں: ﴿مورخین و محدثین فریقین در عدد اولاد امجاد حضرت امامؑ صلوات الله و سلامه علیه اختلاف نموده اند﴾ "اکثر اصحاب خبر وارباب سیر چہار پسر و دو دختر و زمرۂ دہ نفر گفتہ۔ فریقین کے محدثین و مورخین نے جناب امام حسینؑ کی اولاد کی تعداد کے بارے میں اختلاف کیا ہے۔ اکثر اصحاب خبر اور ارباب سیر نے چار لڑکے اور دو لڑکیاں اور بعض نے دس اولادوں کا ذکر کیا ہے۔" (ص ۵۴۸)

(۱۳) سرکار علامہ علی الحائری مجتہد پنجاب اس موضوع کے متعلق ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے رقم طراز ہیں "عروسی جناب قاسم کسی صحیح روایت سے ثابت نہیں ہے۔ اس لیے میرے نزدیک عروسی قاسم کا پڑھنا درست نہیں ہے اور یہ قصہ بالکل بے اصل اور افتراء محض ہے۔ اس جھوٹے قصے کا پڑھنا اور سننا معصیت میں داخل ہے۔ وھو العالم" (رسالہ الحافظ لاہور، بابت ماہ جولائی ۱۹۲۶ء، مطابق محرم الحرام ۱۳۴۵ھ، ج ۲، نمبر ۵)

تیسری دلیل:۔ خود اس قصہ کے نقل کرنے والے حضرات کے بیانات سے اس کی نفی ہوتی ہے اور اس کا بے اصل و بے بنیاد ہونا ثابت ہوتا ہے۔ اس اجمال کی بقدر ضرورت تفصیل یہ ہے کہ کاشفی نے روضۃ الشہداء میں دامادیٔ قاسم کا قصہ بیان کرتے وقت یہ وضاحت نہیں کی۔ کہ جناب سید الشہداء کی کس صاحبزادی سے ان کا عقد ہوا تھا؟ انہوں نے ایک اور مقام پر تصریح کی ہے کہ جناب سید الشہداء کی کل دو صاحبزادیاں تھیں فاطمہ اور سکینہ پھر لکھا ہے کہ سکینہ صغیر السن تھیں اور فاطمہ کی شادی حسن مثنیٰ سے ہو چکی تھی۔ سید الشہداءؑ کی اولاد کا ذکر کرتے ہوئے لکھا ہے "اور اچہار پسر و دو (۲) دختر بودہ" (روضۃ الشہداء ص ۴۳۰ طبع بمبئی)۔ اسی صفحہ کے آخر میں لکھا ہے: ﴿و چون فاطمه خواهر زین العابدینؑ هم از شهر بانو بوده و به حسن بن حسن داده اند پس اولاد حسن مثنی را پیا مبری و بادشاهی جمع شد﴾ ان عبارتوں پر نظر کرنے سے صاحب روضۃ الشہداء کے کلام کا باہم متناقض اور قصۂ مذکور کا بے اصل و بے بنیاد ہونا مخفی نہیں رہ جاتا۔ باقی رہ گئے جناب شیخ طریحی صاحب منتخب انہوں نے بھی خود تصریح کر دی ہے۔ کہ انہوں نے بھی یہ قصہ کتب معتبرہ اور روایات معتمدہ میں کہیں نہیں دیکھا اور نہ ہی کسی مستند ماخذ کا حوالہ دیا ہے بلکہ صرف "نقل" کہ کر اس کے ضعیف ہونے پر نص قائم کر دی ہے۔ (منتخب ص ۱۸۳ طبع بمبئی) اور یہی کیفیت اسرار الشہادت کے بیان و کلام کی ہے کیونکہ انہوں نے اس قصہ کو منتخب کے حوالہ سے نقل کیا ہے (اسرار ص ۲۸۶) اور اسکے (ص ۲۸۷) پر اعتراف کیا ہے کہ ارباب مقاتل کے جم غفیر نے اس کا تذکرہ نہیں کیا۔ بلکہ بعض ماہرین فن نے کہا ہے کہ اس سلسلہ میں کوئی قابل اعتبار ماخذ نہیں ہے۔ پھر صفحہ ۲۸۸ پر اس بے

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

سرو پا قصہ کے بعض مضحکہ خیز مؤیدات ذکر کئے ہیں مثلاً (۱) یہ کہ ایسا واقعہ ہونا چاہیئے تا کہ مصائب کی تکمیل ہو (۲) مرثیہ گو اور مجالس خواں اس واقعہ کو برابر پڑھتے ہیں (۳) عرب و عجم اور ہند وغیرہ کے شعراء نے برابر اس واقعہ کو نظم کیا ہے (۴) بعض خوابوں سے بھی اس کی تائید مزید ہوتی ہے۔ ان مؤیدات کا اہل علم و تحقیق کے نزدیک جو وزن و مقام ہے۔ وہ صاحبان علم و عرفان پر مخفی و مستور نہیں ہے۔

ع کردم اشارتے و مکرر نمی کنم

پس جب اس قصہ کے ناقلین خود اپنے بیانات سے شعوری یا لاشعوری طور پر اس کی تضعیف کر رہے ہیں تو پھر کس طرح اس کی صحت پر اعتماد کیا جا سکتا ہے؟ ہم قبل ازیں سید الشہداء کی اولاد کے ضمن میں تاریخی شواہد و حوالہ جات کے ساتھ آنجناب کی صاحبزادیوں کا صرف دو عدد ہونا ثابت کر چکے ہیں۔ میرزا سپہر کاشانی نے ناسخ میں لکھا ہے: ﴿و آنحضرت را از دو دختران افزون نبود - نخستین فاطمہ" واں دیگر سکینہ﴾ حتیٰ کہ خود صاحب منتخب نے بھی ایک مقام پر تسلیم کیا ہے کہ کان للحسین بنتان سکینة و فاطمة الصغریٰ۔ اور ان دونوں میں سے کسی کے ساتھ بھی جناب قاسمؑ کی شادی متصور نہیں ہو سکتی۔

یہی تھے دو حساب سو یوں پاک ہو گئے

SIBTAIN.COM

چوتھی دلیل:۔ روضۃ الشہداء اور منتخب طریحی کسی میں بھی یہ مذکور نہیں ہے کہ جناب قاسم کا یہ مفروضہ عقد آنجناب کی کس صاحبزادی کے ساتھ ہوا؟ اب بفرض تسلیم اس کی دو ہی صورتیں ہو سکتی ہیں یا جناب فاطمہ سے ہوا ہوگا جیسا کہ قزوینی نے ریاض الشہادۃ میں لکھا ہے"۔ یا جناب سکینہؑ سے جیسا کہ بحر الانساب کے مؤلف نے ایک نسخہ کی بناء پر لکھا ہے۔ پہلی شق اس لئے غلط ہے کہ واقعہ کربلا سے پہلے اس مخدرہ کی شادی امام حسنؑ کے بڑے صاحبزادے حسن مثنیٰ کے ساتھ ہو چکی تھی۔[۱] اور وہ واقعہ کربلا میں موجود بھی تھے۔[۲] اور جناب سکینہؑ بنا بر مشہور بوجہ صغر سنی شادی کے قابل نہ تھیں اور اگر ان کو قابل ازدواج تسلیم کر لیا جائے تو پھر جن کتب میں ان کا اس قابل ہونا مذکور ہے ان میں یہ تصریح بھی موجود ہے کہ ان کا ازدواج عبداللہ بن حسنؑ کے[۳] ساتھ ہو چکا تھا۔ اور عبداللہ بن حسنؑ بھی واقعہ کربلا میں موجود تھے"۔

بحر الانساب کے مجہول الحال مؤلف نے اس مفروضہ کو زبیدہ بنت الحسینؑ کی طرف منسوب کیا ہے۔

---

۱ ارشاد شیخ مفید، ص ۱۰۹۔ کشف الغمہ اربلی، ص ۱۷۲۔ عاشر بحار الانوار، ص ۱۳۸۔ مقاتل الطالبین، ص ۱۲۹ وغیرہ۔

۲ مذکورہ بالا حوالہ جات۔

۳ مجاہد اعظم، ج ۱، ص ۲۴۰۔ اعلام الوریٰ طبرسی، ص ۱۲۷۔ اسعاف الراغبین بر حاشیہ نور الابصار، ص ۲۰۲۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

حالانکہ باتفاق مؤرخین آنجنابؑ کی کوئی اس نام کی دختر تھی ہی نہیں۔ بہر کیف جب اس قصہ کی تمام شقیں باطل ہیں۔ تو بعد ازاں مجبوراً اس واقعہ کو بے اصل اور بے سروپا تسلیم کرنے کے بغیر کوئی چارۂ کار نہیں رہتا۔

ایک خیال کا ابطال

باقی رہا یہ احتمال کہ شاید جناب سید الشہداءؑ کی دو صاحبزادیاں بنام فاطمہؑ تھیں: (۱) فاطمہ کبریٰ۔ (۲) فاطمہ صغریٰ۔ اور ایک کی شادی حسن مثنیٰ اور دوسری کی شادی قاسم سے ہوئی تھی۔ یہ خیال بالکل غلط ہے۔ ہم اسی کتاب میں اولاد امامؑ کے ضمن میں لکھ آئے ہیں۔ کہ امامؑ کی اس نام کی ایک ہی صاحبزادی تھیں۔ انہی کو کبریٰ وصغریٰ کہا جاتا ہے۔ کبریٰ اس وجہ سے کہ وہ جناب سکینہؑ سے بڑی تھیں۔ اور صغریٰ اس لئے کہ اپنی ہم نام جدہ ماجدہ حضرت فاطمہ زہراء سلام اللہ علیہا سے چھوٹی تھیں۔[1]

پانچویں دلیل :۔ ایک ضرب المثل ہے کہ ﴿نقل را عقل باید﴾ اگر چند لمحوں کے لئے سابقہ تمام دلائل وبراہین سے قطع نظر بھی کر لیا جائے۔ اور صرف روز عاشوراء کے عدیم النظیر اور جانگداز اور روح فرسا حالات۔ امام اور ان کے اصحاب واعزا کی پریشان حالی مخدرات کے قلق واضطراب کو دیکھتے ہوئے دوسری طرف اس قصہ دامادی کے مندرجات پر ایک سرسری نظر ڈالی جائے کہ جن میں وارد ہے ''آپؑ نے قاسمؑ کا ہاتھ تھاما۔ اور خیمہ میں تشریف لائے۔ اپنے بھائیوں عونؑ، ومحمدؑ اور عباسؑ کو طلب فرمایا۔ اور والدہ قاسمؑ سے ارشاد کیا۔ قاسمؑ کے نئے کپڑے نہیں ہیں؟ انہوں نے عرض کی نہیں۔ تب آپؑ نے اپنی بہن زینبؑ سے فرمایا کہ میرے پاس کپڑوں کا صندوق اٹھا لاؤ۔ وہ لے آئیں اور ان کے سامنے رکھ دیا۔ آپؑ نے صندوق کھول کر امام حسنؑ کی قبا نکالی۔ اور قاسمؑ کو پہنائی پھر ان کے سر پر امام حسن کا عمامہ باندھا۔ اور اپنی بیٹی کو جو قاسمؑ سے منسوب تھیں۔ ہاتھ تھام کر قاسمؑ سے عقد کر دیا۔ ایک خیمہ ان کے لئے خالی کرا دیا۔ اور بیٹی کا ہاتھ تھام کر قاسم کے ہاتھ میں دے دیا۔ اور خیمہ سے باہر تشریف لے گئے۔

۔۔۔۔ یکایک انہوں نے سنا کہ دشمن ''ھل من مبارز'' کی آواز دے رہے ہیں۔ یہ سن کر انہوں نے اپنی زوجہ کو چھوڑ دیا۔ خیمہ سے باہر آنے کا ارادہ کیا۔ فرمانے لگے۔۔۔۔۔۔ (یہاں محبت اور فرقت کے جذبات سے لبریز چند اشعار درج ہیں۔ جو بجائے خود شہزادہ کی شان کے منافی ہیں) اور اس وقت ان کی دلہن نے ان کا دامن تھام لیا۔ باہر جانے سے روکا۔ اور کہا کہ تمہارا کیا خیال ہے؟ اور کس کام کا ارادہ کر رہے ہو؟ قاسمؑ نے کہا کہ دشمنوں کا مقابلہ کا ارادہ کر رہا ہوں۔ اور وہ لڑائی کے لئے بلا رہے ہیں۔۔۔۔ ان کی عروس نے پھر روکا۔ قاسمؑ نے فرمایا میرا دامن چھوڑ دو۔ ہماری عروسی ختم ہوئی اس پر وہ دلی رنج سے روئیں۔ نوحہ کیا ان کے رخساروں پر آنسو جاری تھے۔ پھر کہا میں قیامت

---

[1] طبری، ج ۶، ص ۲۶۷۔ کامل، ج ۳، ص ۲۹۹۔ عاشر بحار، ص ۳۵۔ کشف الغمہ، ص ۱۷۳ وغیرہ۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

کے دن تم کو کس طرح پہچانوں گی؟ اور تم کس جگہ ملو گے؟ یہ سن کر قاسم نے اپنی آستین چاک کر کے الگ کی اور کہا کہ اے چچا کی بیٹی! تم مجھ کو اس آستین سے پہچان لینا۔ قاسم کی ان باتوں سے اہل بیت میں بہت رقت وزاری ہوئی۔
(ترجمہ قصہ دامادیٔ قاسم مندرجہ روضۃ الشہداء ومنتخب طریحی وغیرہ)

پھر ارباب عقل وانصاف خدا کو حاضر جان کر اور بالکل خالی الذہن اور غیر جانبدار ہو کر بتائیں۔ کہ آیا ان حالات میں ایسے واقعہ کا رونما ہونا ممکن ہے؟ اور کیا یہ مندرجہ بالا واقعات وکوائف اہل بیت رسول کی شان اقدس کے مطابق ہیں؟ یا ان سے سراسر ان کی توہین وتذلیل کا پہلو نکلتا ہے؟ ایک غیر مسلمان یا آل رسولؐ کی امامت کا منکر اس قصہ کو پڑھ کر اس خانوادۂ عصمت وطہارت کے متعلق کیا تاثر لے گا؟ بہر کیف عقل وخرد ایک لمحہ کے لئے اس قصہ کو صحیح تسلیم نہیں کر سکتی۔

پس ان حقائق کی روشنی میں روز روشن سے بھی زیادہ واضح وآشکار ہو جاتا ہے۔ کہ دامادیٔ قاسمؑ کا قصہ غلط محض اور بالکل بے بنیاد اور سراسر افتراء علی المعصوم ہے۔ جو بالاتفاق حرام ہے۔ لہٰذا اس واقعہ کا مجالس عزا میں پڑھنا یا سننا قطعاً حرام ہے۔ اہل منبر کو ایسے مہمل اور بے سروپا قصص وحکایات بیان کرنے سے اجتناب کرنا واجب ولازم ہے۔ واللہ الموفق والمعین و یھدی من یشاء الی صراط مستقیم۔

SIBTAIN.COM

امر سیوم: شہزادہ قاسمؑ کی پائمالیٔ لاش کی تحقیق

اس باب میں ارباب مقاتل میں قدرے اختلاف پایا جاتا ہے۔ کہ جناب شہزادہ کی لاش مقدس پائمال سم اسپاں ہوئی تھی یا نہ؟ سرکار علامہ مجلسی علیہ الرحمہ نے جلاء العیون میں لکھا ہے: ﴿آں طفل معصوم در زیر سم اسپاں کوفتہ شد﴾۔ اور بحار الانوار (ج ۱۰ ص ۲۰۰) میں لکھا ہے: ﴿و وطئتہ حتی مات الغلام﴾ گھوڑوں نے اپنی ٹاپوں کے نیچے شہزادہ کو روند دیا۔ یہاں تک اس سے ان کی موت واقع ہو گئی"۔ جناب موصوف کے کلام سے متاثر ہو کر مہیج الاحزان، ناسخ التواریخ، ریاض الشہادۃ اور مخزن البکاء کے مؤرخین نے بھی ایسا ہی لکھا ہے مگر تحقیقی قول یہ ہے۔ کہ شہزادہ کی لاش مقدس پامال نہیں ہوئی۔ اس تحقیقی نظریہ پر شواہد پیش کرنے سے پہلے اس اختلاف کے منشاء کی نشاندہی کر دینا مناسب معلوم ہوتا ہے۔ سو مخفی نہ رہے کہ اس اختلاف کا منشاء شہادت قاسم کے واقعہ میں وارد شدہ بعض ضمیروں کے مرجع کی تعیین ہے کہ وہ ضمیر جناب قاسمؑ کے قاتل کی طرف لوٹتی ہیں۔ یا خود جناب شہزادہ کی طرف؟

اس اجمال کی بقدر ضرورت توضیح یہ ہے۔ کہ جب عمرو بن سعد بن نفیل ازدی نے شہزادہ کے سر پر تلوار کا وار کیا۔ اور شہزادہ گھوڑے کی زین سے زمین پر تشریف لایا۔ تو اس وقت اپنے عم معظم کو آواز دی: ﴿یا عماہ﴾ اس مقام پر تمام مؤرخین نے لکھا ہے کہ ﴿جلی الحسین کما یجلی الصقر﴾ کہ جناب سید الشہداءؑ بھتیجے کی آخری آواز سن

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

کر اس طرح تیزی سے ان کے پاس جھپٹ کر گئے۔ جیسے باز اپنے شکار پر جھپٹتا ہے۔ ﴿ثم شد شدة لیث اغضب﴾ پھر قاتل پر غضب ناک شیر کی طرح حملہ کیا اب ابن نفیل نے ہاتھ سے وار کو روکا۔ جس سے اس کا بازو کٹ گیا۔ اس نے اس قدر بلند آواز سے شور مچایا کہ تمام لشکر نے اس کی آواز سنی: ﴿و حملت خیل اهل الکوفة لیستنقذوا عمرواً فاستقبلته بصدورها اجالت فتوطأته حتی مات [1]﴾ اہل کوفہ نے یکبارگی حملہ کر دیا۔ تاکہ عمرو کو امامؑ کے پنجہ سے چھڑائیں۔ وہ گھوڑوں کے دوڑتے وقت ان کے سموں کے نیچے آ گیا۔ گھوڑوں نے اسے روند ڈالا۔ یہاں تک کہ وہ مر گیا۔ سب اختلاف اس میں ہے۔ کہ فتوطأته، استقبلته اور مات کی خط کشیدہ ضمیروں کا مرجع کون ہے ابن نفیل؟ یا شہزادہ قاسمؑ جناب علامہ مجلسیؒ اور ان کے ہم خیال حضرات نے ان کا مرجع جناب قاسم کو قرار دیا ہے۔ لیکن مؤرخین کی جو عبارت ہم نے نقل کی ہے۔ اس کے سیاق و سباق اور خود نفس عبارت پر تامل صادق کرنے سے یہ بات واضح و آشکار ہو جاتی ہے۔ کہ ان تمام ضمائر کا مرجع ابن نفیلؒ ہے۔ نہ کہ جناب قاسم۔

یہی وجہ ہے کہ تمام اہل تحقیق ارباب مقاتل نے بالتصریح ان ضمائر کا مرجع ابن نفیل ازدی کو قرار دیا ہے۔

قارئین کرام کے اطمینان قلب کے لئے چند اہل علم حضرات کی عبارات نقل کی جاتی ہیں۔

(۱) محدث قمی نفس المہموم (ص ۱۷۱) میں لکھتے ہیں: ﴿فلما حملت الخیل استقبلته بصدورها و جالت فتوطأته فلم یرم حتی مات لعنه الله و اخزاه﴾ یہ عبارت بطور نص دلالت کرتی ہے۔ کہ ضمیروں کا مرجع قاتل ہے۔

(۲) فاضل عاملی لوائح الاشجان (ص ۱۴۱) میں تحریر فرماتے ہیں: ﴿و حمل اهل الکوفة لیستنقذوه فوطأت الخیل عمرواً بارجلها حتی مات﴾ اس عبارت میں ضمیر کے مرجع کی تصریح موجود ہے کہ عمر روندا گیا۔

(۳) صاحب ذخیرۃ الدارین نے (ص ۱۵۳ پر) لکھا ہے: ﴿و حملت خیل عمر بن سعد لیستنقذوه من الحسینؑ فلما حملت الخیل فاستقبلته بصدورها فوطأته فلم یرم حتی مات اللعین﴾ اس عبارت میں بھی تصریح موجود ہے۔ کہ گھوڑوں کی ٹاپوں کے نیچے اس ملعون نے دم توڑ دیا۔"

(کذا فی ابصار العین، ص ۴۲)

(۴) صاحب تمقام ذخار (ص ۳۶۸ پر) لکھتے ہیں: ﴿سواران کوفه از هر طرف بیامدند مگر بتوانند او را خلاصی دهند. جنگ مغلوبه شد. وحبثهٔ خبیث او در زیر سم ستوران خورد گشت. و روح ناپاک بما لکان جهنم بسپرد﴾ یہ عبارت بھی عیاں راچہ بیاں کی مصداق ہے۔ کہ عمر بن سعد

---

[1] کامل، ج ۳، ص ۲۹۳۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

بن نفیل پائمال سم آسپان ہو کر واصل جہنم ہوا۔

(۵) فاضل معاصر شہید انسانیت (ص ۵۰۰ پر) لکھتے ہیں: "حسینؑ غضب ناک شیر کی طرح جھپٹ کر قریب پہنچے۔ عمر بن سعد بن نفیل جس نے قاسم کو قتل کیا تھا۔ ابھی پاس ہی موجود تھا۔ آپؑ نے اس پر تلوار کا وار کیا۔ جس سے اس کا ہاتھ کہنی سے کٹ کر گر گیا۔ لشکر مخالف اس کو بچانے کے لئے حسینؑ پر ٹوٹ پڑا۔ مگر اس طرح چاروں طرف سے بے تحاشا گھوڑے دوڑا کر وہ لوگ اس کی کمک کو آئے کہ وہ خود اپنے ہواخواہوں کے گھوڑوں سے پامال ہو کر ہلاک ہو گیا۔" اس مطلب پر ایک قرینہ یہ بھی ہے۔ کہ سم اسپاں کے نیچے آنے والا مر گیا تھا۔ مگر شہزادہ کے متعلق قریباً قریباً سب مؤرخین نے لکھا ہے۔ کہ جب یہ ہنگامہ ختم ہوا۔ اور غبار جنگ چھٹا۔ تو حسینؑ شہزادے کے پاس کھڑے تھے۔ اور شہزادہ ایڑیاں رگڑ رہا تھا۔ بعد ازاں روح مقدس جنت الفردوس کی طرف پرواز کر گئی۔

بحمدہٖ تعالیٰ ان حقائق کی روشنی میں یہ بات پایۂ ثبوت کو پہنچ جاتی ہے کہ جناب شہزادہ قاسم کی لاش مقدس پامال نہیں ہوئی۔ بلکہ ان کے قاتل کی نجس لاش پامال ہوئی۔ جس سے وہ واصل جہنم ہوا۔

چوتھا امر:۔ شہزادہ قاسمؑ کی ارزق شامی اور اس کے بیٹوں کے ساتھ جنگ کرنے کی تحقیق:۔

کتب غیر معتبرہ میں یہ قصہ بڑے شد و مد کے ساتھ درج ہے۔ مگر چونکہ تمام علماء متقدمین اور علماء متاخرین میں سے حضرات محققین کی کتب مقاتل میں اس قصہ کا کہیں نام و نشان تک نہیں ملتا۔ اس لئے اسے ہرگز صحیح تسلیم نہیں کیا جا سکتا۔

SIBTAIN.COM
Presented By: www.jafrilibrary.com

واقعات کربلا کی صحت و سقم معلوم کرنے کا معیار

ارباب بصیرت جانتے ہیں۔ کہ واقعات و روایات کربلا کی صحت و سقم معلوم کرنے کا وہ طریقہ نہیں جو دوسری فقہی روایات کے صحت و سقم معلوم کرنے کا ہے۔ کیونکہ اگر اس معیار پر ان واقعات کو جانچا جائے۔ تو نتیجہ بہت ہی مایوس کن نکلے گا۔ بلکہ واقعات کربلا کی صحت یا عدم صحت معلوم کرنے کا میزان محقق علماء کی لکھی ہوئی کتب میں کسی واقعہ کا درج ہونا یا نہ ہونا ہے۔ اگر انہوں نے کوئی واقعہ لکھ دیا ہے۔ تو اسے صحیح تسلیم کیا جائے گا۔ اور اگر انہوں نے کسی واقعہ کو نظر انداز کر دیا ہے۔ تو اسے غلط تصور کیا جائے گا۔ بنا بریں چونکہ تمام کتب سیر و مقاتل اس طلسم ہوشربا سے خالی ہیں۔ اس لئے اسے صحیح تسلیم کرنے کی کوئی معقول وجہ نظر نہیں آتی۔ اس قدر تمہیدی و تحقیقی بیانات کے بعد ہم اصل مقصد کی طرف عود کرتے ہیں۔

شہزادہ قاسمؑ کی شہادت

جیسا کہ قبل ازیں بیان کیا جا چکا ہے۔ کہ شہادت اولاد عبداللہ بن جعفر طیارؓ کے بعد اولاد امام حسن نے

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

میدان جنگ کا رخ کیا۔ اور سب سے پہلے شہزادہ قاسم بن حسنؑ میدان میں جانے کے لئے خیام سے نکلے۔ راویان اخبار کا بیان ہے۔ کہ ان کی تیاری دیکھ کر سرکار سید الشہداء نے اپنی بانہیں ان کے گلے میں ڈال دیں اور دونوں چچا بھتیجا اس قدر روئے۔ کہ ان پر غشی کی کیفیت طاری ہوگئی۔ جب افاقہ ہوا۔ تو شہزادہ نے اذن جہاد طلب کیا۔ اور امامؑ نے بھائی کی نشانی کو اجازت دینے میں پس و پیش کیا۔ شہزادہ نے بڑی الحاح وزاری کے ساتھ اپنے عم بزرگوار کے ہاتھ اور پاؤں چوم چوم کر اجازت حاصل کی۔ اور شہزادہ اس حال میں میدان کی طرف نکلا کہ آنکھوں سے آنسو جاری[1] تھے۔ منتخب طریحی[2] میں ہے کہ امام علیہ السلام نے فرمایا: ﴿یا وَلَدِیْ اَتَمْشِی بِرِجْلِکَ اِلَی الْمَوْتِ؟﴾ بیٹا قاسم! کیا تم اپنے قدموں سے چل کر موت کی طرف جاتے ہو؟ شہزادہ نے جواب میں عرض کیا ﴿کَیْفَ لَا یا عَمَّا وَ اَنْتَ بَیْنَ الْاَعْدَاءِ صِرْتَ وَحِیْدًا فَرِیْدًا لَمْ تَجِدْ مُحَامِیًا وَلَا صَدِیْقًا. رُوْحِی لِرُوْحِکَ الْفِدَاءُ وَ نَفْسِی لِنَفْسِکَ الْوِقَاءُ﴾ عم بزرگوار! بھلا میں کیونکر ایسا نہ کروں۔ جبکہ آپؑ کو نرغۂ اعداء میں بے یار و مددگار یکا و تنہا کھڑا ہوا دیکھ رہا ہوں۔ میری جان آپ پر نثار ہو نیز اسی کتاب[3] میں یہ بھی لکھا ہے کہ ﴿ثم ان الحسینؑ شق ازیاق القاسم و قطع عمامته نصفین ثم اولاها علی وجهه ثم البسه ثیابه بصورة الکفن و شد سیفهٗ بوسط القاسم وارسله الی المعرکه﴾ پھر امام حسینؑ نے قاسمؑ کے گریبان کو چاک کر دیا اور عمامہ کے دو حصے کر کے چہرہ پر لٹکا دیئے۔ اور کفن کی طرح لباس پہنا کر اپنی تلوار ان کی کمر کے ساتھ لٹکائی۔ پھر معرکۂ جنگ کی طرف روانہ کیا۔ شہزادہ یہ رجز پڑھتے ہوئے ہنگامۂ حرب و ضرب میں کود پڑا

ان تنکرونی فانا ابن الحسن — سبط النبی المصطفیٰ المؤتمن

هذا حسینؑ کالاسیر المرتهن — بین اناس لا سقوا صوب المزن

حمید بن مسلم کہتا ہے۔ میں لشکر پسر سعد میں موجود تھا کہ ﴿خرج الینا غلام کان وجهه شقه قمر و فی یده السیف و علیه قمیص و ازار و نعلان قد انقطع شسع احدهما ما انسی انها الیسری﴾۔ خیام حسینؑ سے ہماری طرف ایک نوخیز لڑکا نکلا۔ جس کا چہرہ شدت حسن و جمال سے چاند کا ٹکڑا معلوم ہوتا تھا۔ ہاتھ میں تلوار تھی۔ قمیص پہنے ہوئے اوپر چادر اوڑھے ہوئے۔ پاؤں میں جوتے اور ایک جوتے کا تسمہ ٹوٹا ہوا تھا میں نہیں بھولتا۔ کہ وہ بایاں جوتا تھا۔ پھر شجاعت علویہ کے اس وارث نے بڑھ بڑھ کے حملے شروع کئے۔ شدت پیاس اور

---

[1] نفس المہموم، ص ۱۷۰۔ عاشر بہار، ص ۲۰۰۔ لوائح الاشجان، ص ۱۴۰۔ فرسان الہیجاء، ج ۲، ص ۲۷ وغیرہ۔

[2] منتخب طریحی۔

[3] ایضاً۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

صغرسنی کے باوجود پینتیس اور بروایتے ستر (۷۰)[1] ناریوں کو واصل جہنم کیا۔ حمید بن مسلم کہتا ہے کہ جب شہزادہ جنگ کر رہا تھا۔ تو عمر بن سعد بن نفیل ازدی جو میرے پاس کھڑا تھا۔ کہنے لگا۔ میں ضرور اس پر حملہ کروں گا۔ میں نے کہا تجھے حملہ کرنے کی کیا ضرورت ہے۔ آیا اس قدر فوج کثیر تھوڑی ہے؟ ابن نفیل نے کہا: نہیں میں ضرور اس پر حملہ کروں گا۔ اسی اثنا میں جب شہزادہ اس کے قریب پہنچا۔ تو اس نے آگے بڑھ کر تلوار سے شہزادہ کے فرق مبارک پر ایسا وار کیا۔ جس سے شہزادہ کا سر مبارک شگافتہ ہو گیا۔ اور شہزادہ تیورا کر زین اسپ سے منہ کے بل فرش زمین پر گر پڑا۔ اور اپنے عم نامدار کو آواز دی۔ یا عماہ۔ امام عالی مقام شہزادہ کی آواز استغاثہ سن کر اس طرح جھپٹ کر شہزادے کے پاس پہنچے۔ جس طرح باز شکار پر گرتا ہے۔ دیکھا کہ ہنوز قاتل وہیں کھڑا ہے۔ امامؑ نے غضبناک شیر کی طرح اس پر حملہ کیا۔ اس نے ہاتھ سے وار روکنا چاہا جس سے اس کا بازو کٹ کر زمین پر جا گرا۔ ملعون نے آواز داد و فریاد بلند کی۔ ابن سعد کے کئی گھڑ سوار اسے بچانے کے لئے بے تحاشا دوڑے۔ اسی اثنا میں وہ شقی گھوڑوں کی ٹاپوں کے نیچے آ کر کچلا گیا۔ اور واصل جہنم ہو گیا۔

جب غبار جنگ چھٹا۔ تو لوگوں نے دیکھا کہ امام علیہ السلام شہزادے کے سرہانے کھڑے ہیں۔ شہزادہ ایڑیاں رگڑ رہا ہے۔ اور امام علیہ السلام نہایت غم و اندوہ کے لہجہ میں فرما رہے ہیں: ﴿بُعْدًا لِقَوْمٍ قَتَلُوكَ وَ مَنْ خَصْمُهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فِيكَ جَدُّكَ﴾ ہلاکت ہو اس قوم کے لیے جس نے تمہیں قتل کیا ہے اور ان کے لیے جن کے تمہارے جد نامدار قیامت کے دن دشمن ہوں گے۔ پھر فرمایا: ﴿عَزَّ وَاللّٰهِ عَلٰى عَمِّكَ اَنْ تَدْعُوَهُ فَلَا يُجِيبُكَ اَوْ يُجِيبُكَ فَلَا يَنْفَعُكَ صَوْتُهُ. هٰذَا يَوْمٌ وَاللّٰهِ كَثُرَ وَاِتْرُهُ وَ قَلَّ نَاصِرُهُ﴾ بخدا تمہارے چچا پر یہ چیز بہت ہی شاق ہے کہ تم انہیں پکارو۔ اور وہ جواب نہ دے سکیں۔ یا اگر جواب دیں تو ان کا جواب تمہیں کوئی فائدہ نہ پہنچا سکے۔ بخدا آج انتقام لینے والے (دشمن) زیادہ اور یار و مددگار (دوست) کم ہیں۔"

پھر شہزادہ کی لاش مقدس کو خیام کی طرف اٹھا لائے۔ حمید یہ واقعہ نقل کرتے ہوئے کہا کرتا تھا: ﴿كَاَنِّي اَنْظُرُ اِلٰى رِجْلَيِ الْغُلَامِ تَخُطَّانِ عَلَى الْاَرْضِ﴾ گویا میں ابھی دیکھ رہا ہوں کہ شہزادے کے دونوں پاؤں زمین پر خط دیتے ہوئے آ رہے تھے۔ پھر لا کر شہزادہ کو اس خیمہ کے سامنے لٹا دیا۔ جو مرکز سپاہ کی حیثیت رکھتا تھا۔ جہاں شہزادہ علی اکبرؑ کی لاش مقدس پڑی ہوئی تھی۔ پھر فرمایا: ﴿اَللّٰهُمَّ اَحْصِهِمْ عَدَدًا وَ اقْتُلْهُمْ بَدَدًا وَلَا تُغَادِرْ مِنْهُمْ اَحَدًا وَلَا تَغْفِرْ لَهُمْ اَبَدًا۔[2] اِنَّا لِلّٰهِ وَ اِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ﴾

---

[1] ناسخ التواریخ، ج ۶، ص ۲۷۲۔

[2] عاشر بحار، ص ۳۰۰۔ نفس المہموم، ص ۱۷۱۔ لوامع الاشجان، ص ۱۴۱۔ فرسان الہیجاء، ج ۲، ص ۲۷۔ مقتل، ص ۳۶۸۔ طبری، ج ۶، ص ۲۵۶۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

(۱۰) ابوبکر بن حسنؑ بن علیؑ بن ابی طالب علیہ السلام کی شہادت

یہ قاسم ابن الحسنؑ کے ماں اور باپ دونوں کی طرف سے سگے بھائی تھے۔ ارباب سیر و مقاتل کے کلام میں شدید اضطراب و اختلاف ہے۔ کہ آیا ابوبکر ابن الحسنؑ اور عبداللہ ابن الحسن الاکبر دو شخص ہیں یا ایک ہی شخصیت کے دو عنوان ہیں۔ بظاہر صاحب ناسخ کی تحقیق قابل قبول معلوم ہوتی ہے کہ ایک ہی شخص کے دو عنوان ہیں۔ ان کا نام عبداللہ اور کنیت ابوبکر تھی۔ یہ شہزادہ قاسم سے بڑے تھے۔ صاحب مقتل الحسینؑ کی تحقیق بھی یہی ہے۔ ان کے عین الفاظ یہ ہیں:۔ ﴿و خرج ابوبکر بن الحسنؑ بن امیر المومنینؑ وھو عبداللہ الاکبر الخ﴾ (ص ۳۰۶) صاحب فرسان الہیجاء نے بھی (ج ا ص ۲۳۸) یہی احتمال ذکر کیا ہے کہ ﴿احتمال می رود کہ ھمین عبد اللہ بن الحسنؑ (الاکبر) ابو بکر بن الحسن المتقدم باشد﴾ لیکن اس صورت میں اشکال یہ لازم آتا ہے۔ کہ اہل مقاتل نے ابوبکر کے قاتل کا نام عبداللہ بن عقبہ غنوی اور عبداللہ اکبر کے قاتل کا نام ہانی بن ثبیت حضرمی یا حرملہ لکھا ہے۔ البتہ اس طرح اس اشکال کا ازالہ ممکن ہے۔ کہ ہر دو ملعون شہزادہ کے قتل میں شریک ہوں۔ واللہ العالم بالتعدد و الاتحاد ۔ بہرکیف شہزادہ قاسمؑ کی شہادت کے بعد یہ اذن جہاد لے کر اور یہ رجز پڑھتے ہوئے میدان میں تشریف لائے۔

ان تنکرونی فانا ابن حیدرہ ضرغام آجام و لیث قسورہ

علی الاعادی مثل ریح صرصرہ اکیلکم بالسیف کیل السندرہ

پھر داد شجاعت دیتے ہوئے چودہ ناریوں کو واصل جہنم کیا بالآخر۔ عبداللہ بن عقبہ الغنوی اور بروایتے حرملہ بن کاہل کے تیر سے درجہ شہادت پر فائز ہوئے۔[1]

(۱۱) عبداللہ (الاصغر) بن الحسنؑ بن علیؑ بن ابی طالبؑ کی شہادت

آپ کی والدہ رملہ بنت شلیل بن عبداللہ البجلی تھیں۔ شلیل صحابی رسولؐ تھے۔ اور بعض نے یہ لکھا ہے کہ ان کی والدہ ام ولد تھیں۔ یہ شہزادہ صغیر السن تھے۔ زیادہ سے زیادہ عمر گیارہ[2] سال۔ اور نو سال سے کم تو متصور ہی نہیں ہو سکتی۔[3] ان کی شہادت اگرچہ بعد میں واقع ہوئی۔ مگر اولاد امام حسنؑ کی قربانیوں کی مناسبت سے یہاں درج کی جاتی ہے۔ ارباب مقاتل کا بیان ہے۔ کہ جب حضرت سید الشہداءؑ میدان قتال میں زین فرس سے فرش زمین پر

---

۱ عاشر بحار، ص ۲۰۷۔ لوائح الاشجان، ص ۱۳۱۔ ناسخ، ج ۶، ص ۲۷۳ وغیرہ۔

۲ مقتل الحسین للمقرم، ص ۳۲۸۔

۳ فرسان الہیجاء، ج ا، ص ۲۳۹۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

تشریف لا چکے۔ اور ہر طرح نرغہ اعداء میں گھر گئے۔ اور ظالم آپؑ کا سر مبارک تن سے جدا کرنے کے لئے ایک دوسرے پر سبقت کرنے لگے۔ اور شہزادہ نے اپنے عم معظم کے گرداب مصائب میں گھرنے کا یہ جانگداز منظر دیکھا۔ تو مخدرات عصمت کے خیمہ سے دوڑتا ہوا باہر نکلا۔ جناب زینبؑ نے ان کو پکڑنے کی کوشش کی۔ امام علیہ السلام نے بھی یہ منظر دیکھ کر باآواز بلند فرمایا: ﴿احبسیہ یا اختی﴾ بہن اسے روک لو۔ مگر شہزادہ نہ رکا۔ اور کہا: ﴿واللّٰہ لا افارق عمّی﴾ خدا کی قسم میں اپنے عم بزرگوار سے جدا نہیں ہوں گا۔ بالآخر خدمت امامؑ میں پہنچ کر آپؑ کے پہلو میں کھڑے ہو گئے۔ اسی اثنا میں ابجر بن کعب تلوار لے کر شہادت امام کے قصد سے آگے بڑھا۔ شہزادہ نے چلا کر کہا: ﴿وَیْلَکَ یَابْنَ الْخَبِیثَۃِ اتقتل عمّی؟﴾ افسوس ہے تجھ پر اے زن خبیثہ کے بیٹے۔ کیا تو میرے چچا کو شہید کرتا ہے؟ یہ سن کر شقی کو طیش آ گیا۔ اور عبداللہ پر تلوار سے بھرپور وار کیا۔ عبداللہ نے ہاتھ پر روکا۔ جس سے ان کا بازو کٹ گیا۔ کچھ چمڑا بچا اور ہاتھ لٹکنے لگا۔ شہزادہ نے صدائے استغاثہ بلند کی: ﴿یا عمّاہ﴾ سید الشہداء علیہ السلام نے شہزادہ کو گلے سے لگا لیا۔ اور دلاسا دیتے ہوئے فرمایا: ﴿یَابْنِ اَخِی اِصْبِرْ عَلٰی مَا نَزَلَ بِکَ وَ احْتَسِبْ فِی ذٰلِکَ الْخَیْرَ فَاِنَّ اللّٰہَ یُلْحِقُکَ بِآبَائِکَ الصَّالِحِیْنَ﴾ اے بھتیجا! اس مصیبت پر صبر کرو۔ اور خیر و ثواب کی توقع رکھو۔ خداوند عالم تمہیں اپنے آباء و اجداد صالحین کے ساتھ ملحق کرے گا۔ پھر دست دعا بلند کر کے بارگاہ ایزدی میں یوں عرض کیا: ﴿اَللّٰھُمَّ فَاِنْ مَتَّعْتَھُمْ اِلٰی حِیْنٍ فَفَرِّقْھُمْ فِرَقًا وَاجْعَلْھُمْ طَرَائِقَ قِدَدًا وَلَا تُرْضِ الْوُلَاۃَ مِنْھُمْ اَبَدًا فَاِنَّھُمْ دَعَوْنَا لِیَنْصُرُوْنَا فَقَتَلُوْنَا﴾ اسی حالت میں کہ شہزادہ امامؑ کی گود میں استراحت کر رہا تھا کہ حرملہ بن کاہل اسدی ملعون نے تیر مارا جس سے شہزادہ نے تڑپ کر دم توڑ دیا۔ اور روح قفس عنصری سے پرواز کر کے جنت الفردوس میں شہداء کربلا کے ساتھ ملحق ہو گئی۔[1]

---

[1] ارشاد، ص ۲۶۳۔ فرسان الہیجاء، ج ۱، ص ۲۳۹۔ نفس المہموم، ص ۱۹۱۔ ذخیرۃ الدارین، ص ۱۵۰۔ بحار الانوار، ج ۱۰، ص ۲۰۴۔ مقتل الحسین للمقرم، ص ۳۲۵۔ مثیر الاحزان، ص ۳۹۔ لواعج الاشجان، ص ۱۵۰ وغیرہ۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

اولاد امیر المومنینؑ کی قربانیاں

(۱۲) ابوبکر بن علیؑ بن ابی طالبؑ کی شہادت

جب امام حسن علیہ السلام کی اولاد قربان گاہ کربلا میں اپنی بے مثال قربانیاں پیش کر چکی۔ تو اب حیدر کرار کی اولاد نامدار کی نوبت آئی۔ سب سے پہلے جناب ابوبکر میدان کارزار میں نبرد آزمائی کے لئے نکلے۔ ان کا اصل نام معلوم نہیں ہو سکا[1]۔ بعض نے ان کا نام عبید اللہ تحریر[2] کیا ہے۔ لیکن یہ درست نہیں۔ کیونکہ عبید اللہ بن علیؑ کی شہادت کربلا میں ثابت نہیں ہے۔ بلکہ وہ یوم المزار (مصعب بن زبیر اور مختار بن ابی عبیدہ ثقفی کی فیصلہ کن جنگ میں شریک تھے اور اسی میں کام آئے۔[3]

بعض نے ان کا اصل نام عبداللہ (الاصغر[4]) بتایا ہے۔ یہ بات بھی درست نہیں معلوم ہوتی۔ کیونکہ حضرت امیر المومنینؑ کے ایک ہی صاحبزادے کا نام عبداللہ ہے جو جناب ابوالفضلؑ کے سگے بھائی ہیں۔ اور ان کنیت ابومحمد ہے۔ نہ ابوبکر[5] واللہ العالم۔ اور ان کی والدہ لیلیٰ بنت مسعود بن خالد دارمیہ ہیں۔[6]

بہر حال آپ رخصت جہاد لے کر یہ رجز پڑھتے ہوئے میدان وغا میں تشریف لائے۔

شیخی علیّ ذو الفخار الاطول — من هاشم الصدق الکریم المفضل

هذا حسین بن النبی المرسل — عنه نحامی بالحسام المصقل

نفدیه نفسی من اخٍ مبجلٍ

پھر زبردست جنگ کی۔ یہاں تک کہ بروایت روضۃ الاحباب اکیس (۲۱) ناریوں کو واصل جہنم کرنے کے بعد خود جام شہادت نوش کیا۔ قاتل کا نام زجر بن قیس بن بدر نخعی ہے۔ مگر صاحب مقاتل الطالبین کہتے ہیں کہ قاتل کا نام معلوم نہیں بقول مدائنی ان کی لاش شہدائے کربلا کی جماعت میں پڑی ہوئی ملی تھی اس لئے قاتل کا پتہ نہ چل سکا۔ اور بعض نے ہانی بن ثبیت حضرمی لکھا ہے۔[7] و الاصح الاول۔

(۱۳) محمدؑ بن علیؑ بن ابی طالب الاصغر کی شہادت

ان کی والدہ ام ولد تھیں۔ ان کو اصغر اس لئے کہا جاتا ہے۔ کہ جناب محمد بن الحنفیہ سے چھوٹے تھے۔ امامؑ

---

۱ مقاتل الطالبین، ص ۶۰، طبع النجف۔
۲ بحار، ج ۱۰، ص ۲۰۰۔ لوائح الاشجان، ص ۱۴۲۔
۳ اعیان الشیعہ، ج ۲، ذیل ترجمہ ابی بکر بن علیؑ۔
۴ ناسخ التواریخ، ج ۶، ص ۲۷۴۔
۵ فرسان الہیجا، ج ۱، ص ۹۔
۶ مقاتل الطالبین، ص ۶۰۔
۷ بحار، ج ۱۰، ص ۲۰۰۔ فرسان الہیجا، ج ۱، ص ۶۔ لوائح الاشجان، ص ۱۴۲۔ ناسخ، ج ۶، ص ۲۷۴۔ تقمام، ص ۳۷۰ وغیرہ۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

سے اذن جہاد لے کر میدان کارزار میں تشریف لے گئے۔ اور جنگ کرتے ہوئے قبیلہ کبان بن دارم کے ایک شخص کے ہاتھوں درجہ شہادت پر فائز ہوئے۔[1] کہا جاتا ہے کہ اس ملعون کا نام ذرعہ بن شریک تھا۔ جو مرض استسقاء میں مبتلا ہو کر اس طرح واصل جہنم ہوا تھا۔ کہ پانی پیتے پیتے اس کا پیٹ پھٹ گیا تھا۔

(۱۴) عبداللہ بن علیؑ بن ابی طالب کی شہادت

جناب عبداللہ حضرت امیر المومنینؑ کے فرزند۔ والدہ ماجدہ ام البنینؑ فاطمہ بنت حزام بن خالد بن ربیعہ بن وحید بن کعب بن عامر بن کلاب کلابیہ ہیں۔ جناب عبداللہ حضرت قمر بنی ہاشمؑ سے چھوٹے اور اپنے دوسرے دونوں بھائیوں جو جعفر بن علیؑ و عثمان بن علیؑ) سے بڑے تھے جب اولاد ام البنینؑ کی شہادت کی نوبت پہنچی تو قمر بنی ہاشمؑ نے اپنے تینوں بھائیوں کو جمع کر کے فرمایا: ﴿تقدموا یا بنی امی! حتی اراکم قد نصحتم للّٰہ و رسولہ فانہ لا ولد لکم﴾ میری ماں کے بیٹو! آگے بڑھو تا کہ تمہاری جاں نثاری کو اپنی آنکھوں سے دیکھ لوں۔ کیونکہ تمہاری اولاد نہیں ہے۔[2]

پھر عبداللہ کو خطاب کر کے فرمایا جو اپنے دونوں بھائیوں سے بڑے تھے: ﴿تقدم یا اخی حتی اراک قتیلاً واحتسبک!﴾ اے برادر! تم آگے بڑھو تا کہ تمہیں راہ خدا میں کشتہ دیکھ لوں۔ اور اسے اپنے لئے ذخیرۂ آخرت قرار دوں۔

SIBTAIN.COM

چنانچہ اس کے بعد جناب عبداللہ امامؑ سے اذن جہاد حاصل کر کے میدان کارزار میں گئے۔ اور زبردست حرب و ضرب کے بعد بالآخر خبیث حضرمی ملعون کے ہاتھوں جام شہادت[3] نوش کیا۔ آپ کی عمر بوقت شہادت پچیس سال[4] تھی۔

(۱۵) عثمان بن علیؑ بن ابی طالبؑ کی شہادت

جناب ابوالفضلؑ کے دوسرے سگے بھائی ہیں۔ جو عبداللہ سے چھوٹے اور جعفر سے بڑے تھے۔ ارباب تاریخ نے لکھا ہے کہ جب ان کی ولادت ہوئی۔ تو جناب امیر المومنینؑ نے یہ فرما کر ان کا نام عثمان رکھا کہ "انما

---

[1] فرسان، ج ۲، ص ۵۵۔ ذخیرۃ، ص ۱۴۸۔ عاشر بہار، ص ۲۰۱۔ نفس المہموم، ص ۱۴۳۔ مقاتل، ص ۶۰ وغیرہ۔

[2] عاشر بحار، ص ۲۰۱۔ نفس المہموم، ص ۱۷۲۔ مقتل الحسین، ص ۳۰۹ وغیرہ۔ مخفی نہ رہے کہ طبری وغیرہ بعض مورخین نے اس جملہ کے غلط معنی مراد لئے ہیں۔ کہ جناب شہزادہ کا مقصد یہ تھا کہ میں تمہاری وراثت حاصل کروں۔ حالانکہ یہ معنی درایت اور روایت کے قانون کے خلاف ہیں۔ بلکہ مطلب صرف یہ ہے کہ ﴿فینقطع نسلکم فیشتد بالی و یعظم اجری﴾ (ذخیرۃ الدارین، ص ۲۵۱)۔ اس طرح تمہاری نسل منقطع ہو جائے گی جس کی وجہ سے مجھے زیادہ رنج و الم پہنچے گا۔ اور اس طرح میرا اجر و ثواب زیادہ ہوگا۔ (منہ عفی عنہ)

[3] بحار، ج ۱۰، ص ۲۰۱۔ مناقب، ج ۴، ص ۲۷۶۔ تقمام، ص ۳۷۲۔

[4] بحار الانوار، ج ۱۰، ص ۲۰۱۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

سمیتہ باسم اخی عثمان بن مظعون "میں نے ان کا نام اپنے دینی بھائی عثمان بن مظعون کے نام پر رکھا ہے۔[1] (جو کہ ایک جلیل القدر عابد وزاہد صحابیٔ رسول مقبولؐ تھے) بوقت شہادت بنا بر مشہور ان کی عمر اکیس (۲۱) اور سید داؤد نسابہ صاحب عمدۃ الانساب کے بیان کے مطابق تیئس (۲۳) برس تھی۔ بایں تفصیل کہ اپنے بھائی عبداللہ سے دو برس بعد متولد ہوئے۔ چار سال اپنے والد ماجد کے زیر سایہ رہے۔ اور چودہ برس بڑے بھائی امام حسن کی رفاقت اور امام حسینؑ کے ساتھ پورے تیئس برس گزارے۔ اور یہی قول صحیح معلوم ہوتا ہے۔ بہر کیف جناب عبداللہ کی شہادت کے بعد جناب قمر بنی ہاشمؑ نے ان کو میدان وغا کی طرف روانہ کیا۔ فرزند حیدر کرارؑ امام علیہ السلام سے اذن جہاد حاصل کرنے کے بعد یہ رجز پڑھتے ہوئے شعلۂ نار کی طرح لشکر اشرار پر ٹوٹ پڑا ؎

انی انا عثمان ذوالمفاخر　　شجیی علی غرّ الفعال الظاهر

هذا حسینؑ خیرة الاخایر　　وسید الصغائر والکبائر

شدید جنگ کے بعد اس طرح شہادت پائی۔ کہ خولی بن یزید اصبحی ملعون نے ایسا زبردست تیر مارا کہ شہزادہ زین فرس سے زمین پر گرا۔ اس اثنا میں ایان بن دارم کے قبیلہ کے ایک شخص نے بڑھ کر ان کو شہید کر کے سر مبارک قلم کر لیا۔[2] رضوان اللہ علیہ۔

SIBTAIN.COM

(۱۶) جعفر بن علیؑ بن ابی طالب کی شہادت

یہ شہزادہ جناب قمر بنی ہاشم کے سب سے چھوٹے تیسرے پدری و مادری بھائی ہیں۔ ان کی عمر بالعموم کتب مقاتل میں ۱۹ برس درج ہے۔ جو بظاہر اشتباہ ہے۔ کیونکہ جناب امیر المومنینؑ کی شہادت ۴۰ھ میں واقع ہوئی اور واقعہ کربلا ۶۱ھ میں درپیش آیا۔ اس طرح ان کی عمر کم از کم اکیس (۲۱) برس ہونی چاہئے (اگرچہ پہلے قول کی بھی تاویل بعید ممکن ہے) اس لئے صاحب ابصار العین کا قول صحیح ہے۔ کہ ان کی عمر اکیس (۲۱) برس تھی۔ اور چونکہ یہ جناب عثمان سے دو برس چھوٹے تھے۔ اس لئے ان کی عمر تیئس اور وہ جناب عبداللہ سے دو برس کم تھے۔ اس لئے ان کی پچیس سال تسلیم کرنا پڑے گی۔ بعض آثار سے آشکار ہوتا ہے کہ جناب امیرؑ نے اپنے بھائی جعفرؑ طیار کے نام پر ان کا نام جعفر رکھا۔[3] عثمان بن علیؑ کی شہادت کے بعد ابوالفضلؑ نے ان کو میدان قتال کی طرف بھیجا۔ چنانچہ یہ رخصت جنگ حاصل کرنے کے بعد یہ رجز پڑھتے ہوئے لشکر اعداء پر حملہ آور ہوئے۔

---

[1] ذخیرۃ الدارین، ص ۱۴۷۔ فرسان الہیجاء، ج ۱، ص ۲۶۳۔

[2] عاشر بحار، ص ۲۰۱۔ فرسان الہیجاء، ج ۱، ص ۲۶۲۔ ذخیرۃ، ص ۱۴۷۔ نفس المہموم، ص ۱۷۳۔ لوائح الاشجان، ص ۱۴۳۔ طبری، ج ۶، ص ۲۵۷ وغیرہ۔

[3] ذخیرۃ الدارین، ص ۱۴۶۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

انی انا جعفر ذو المعالی　　ابن علی الخیر ذی النوال

حسبی بعمی شرفاً و خالی　　احمی حسیناً ذا الندی المفضال

پھر داد شجاعت دیتے ہوئے ہانی بن ثبیت ملعون کے ہاتھوں جام شہادت نوش کیا۔ اور بروایتے خولی بن یزید اصبحی نے نیزا مارا جوان کی پیشانی یا آنکھ میں لگا۔ جس سے ان کی شہادت واقع[1] ہوئی۔

(۱۷) قمر بنی ہاشم عباس بن علی بن ابی طالب کی شہادت

آپ کی ولادت باسعادت مدینہ منورہ میں ۴ شعبان[2] المعظم ۲۶ھ[3] کو واقع ہوئی۔ ۱۴ سال اپنے والد ماجد حضرت امیر المومنینؑ کے سایۂ عاطفت میں رہے۔ ان کے حین حیات میں بعض جنگوں کے موقع پر حاضر تھے۔ مگر آنجنابؑ نے انہیں جنگ کی اجازت نہیں دی۔[4] اپنے عظیم والد کی شہادت کے بعد دس سال جناب امام حسن علیہ السلام کی زیر تربیت رہے۔ اور ان کی شہادت کے بعد قریباً دس سال امام حسین علیہ السلام کی خدمت میں گذارے۔ اس طرح بوقت شہادت ان کی عمر چونتیس (۳۴) سال تھی۔

جناب ام البنینؑ کے مختصر حالات

آپ کی والدہ ماجدہ جناب ام البنین فاطمہ بنت حزام بن خالد بن ربیعہ بن عامر الکلابی تھیں۔

جناب امیر علیہ السلام نے اپنے بھائی عقیلؑ سے فرمایا تھا۔ (جو علم الانساب میں بڑے ماہر تھے) کہ میں چاہتا ہوں کہ دلیر اور شجاع ترین خاندان عرب میں شادی کروں۔ اس لئے کسی ایسے خاندان کا انتخاب کرو۔ تاکہ اس سے بہادر اولاد پیدا ہو۔ جناب عقیلؑ نے عرض کیا۔ کہ اس مقصد کے لئے بنی کلاب کی ام البنین سے عقد کیجئے۔ کیونکہ عربوں میں اس کے آباواجداد سے زیادہ کوئی شجاع و دلیر نہیں ہے۔ چنانچہ آنجنابؑ نے اس طرح ان محترمہ سے شادی کی۔[5] یہ خاندان تمام عربوں میں صف شکنی اور شیر افگنی میں مشہور و معروف تھا۔ عرب کے مشہور شاعر لبید نے جو خود اسی خاندان سے تھا۔ اپنے خاندان کے بارے میں یہ شعر کہا اور تمام قبائل عرب نے سنا۔ مگر کسی کو یارائے انکار نہ ہو سکا۔

نحن بنوام البنین الاربعة　　ونحن خیر عامر بن صعصعه

الضاربون الهام وسط الجمجمه

---

۱ عاشر بحار، ص ۲۰۱۔ فرسان الہیجا، ج ۱، ص ۷۴۔ وغیرہ، ص ۱۲۶۔ نفس، ص ۱۷۲۔ لواعج، ص ۱۴۳۔ مناقب، ج ۴، ص ۹۷ وغیرہ۔

۲ وقائع الایام پیر جندی۔ انوار نعمانیہ۔ العباس للمقرم۔ فرسان، ج ۱، ص ۱۸۷ وغیرہ۔

۳ المجالس السنیہ للعاملی، ج ۱، ص ۱۳۹۔ بحوالہ العبد العظیم للشامی وغیرہ۔

۴ عمدۃ الطالب، ص ۳۲۴، طبع بمبئی۔

۵ فرسان الہیجا، ج ۱، ص ۱۸۷۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

اسی خاندان کی ایک فرد ملاعب الاسنہ ابو براء بھی ہیں جو تمام قبائل عرب میں اپنی شجاعت وشہامت میں بے نظیر سمجھے جاتے تھے۔ اسی طرح طفیل فارس قرزل اور عامر بن طفیل بھی اسی خاندان کے نامی گرامی جنگ جو بہادر تسلیم کئے جاتے ہیں۔ اس معظمہ کے بطن سے خداوند عالم نے جناب امیر المومنینؑ کو چار فرزند ارجمند عطا فرمائے: (۱) ابوالفضل العباسؑ۔ (۲) عبداللہ۔ (۳) عثمان۔ (۴) جعفر۔ جو سب کے سب روز عاشورا نصرت امامؑ میں کام آئے۔ اور دنیا کے سوتیلے بھائیوں کے لئے وفاداری و جاں نثاری کی گرانقدر مثال قائم کر دی۔ یہ مخدرہ واقعہ کربلا کے وقت زندہ اور مدینہ منورہ میں موجود تھیں۔ آپ کے جگر خراش مراثی کتب مقاتل وسیر میں موجود ہیں۔

القاب والکنی

جناب قمر بنی ہاشمؑ کی مشہور کنیت ابوالفضل ہے۔ علاوہ بریں دو کنیتیں اور بھی بیان کی جاتی ہیں: (۱) ابوالقاسم۔ (۲) ابوالقربہ، جو زیارت جناب جابر بن عبداللہ انصاری سے ماخوذ ہیں۔ آپ کے زیادہ مشہور القاب قمر بنی ہاشم اور سقائے اہل بیتؑ ہیں۔ علاوہ بریں باب الحوائج، الشہید، العبد الصالح، صاحب اللواء بھی آپ کے القاب جلیلہ ہیں۔[1]

SIBTAIN.COM
Presented By: www.jafrilibrary.com

شکل وشمائل

آپ کشیدہ قامت متناسب اعضاء کے نہایت وجیہہ نوجوان تھے۔ تمام ارباب سیر وتراجم نے آپ کے حالات میں لکھا ہے۔ کہ ﴿ان العباس کان وسیماً جسیماً جمیلاً یرکب الفرس المطهم و رجلاه یخطان علی الارض و یقال له قمر بنی هاشم﴾ یعنی جناب عباسؑ بہت حسین وجمیل اور جسیم ووسیم تھے۔ دو رکابہ گھوڑے پر سوار ہوتے تھے۔ مگر پھر بھی پائے مبارک زمین پر خط دیتے تھے۔ ان کے خداداد حسن و جمال کی وجہ سے ان کو قمر بنی ہاشم کہا جاتا تھا۔[2] صاحب فرسان الھیجاء نے ان کے حسن و جمال کے بارے میں لکھا ہے۔ کہ اگر کبھی شہزادہ ابوالفضلؑ اور شہزادہ علی اکبرؑ کا اکٹھے مدینہ کے کسی گلی کوچہ سے گذر ہوتا۔ تو سب زن ومرد ان کے جمال باکمال کا نظارہ کرنے کے لئے جمع ہو جاتے۔ اور ایک دوسرے سے آگے بڑھنے کی کوشش کرتے۔[3] اسی طرح آنجناب شجاعت وشہامت اور بہادری میں بھی ممتاز مقام رکھتے تھے۔

۱۔ فرسان الھیجاء، ج ۱، ص ۱۸۹۔

۲۔ مقاتل الطالبین، ص ۵۹۔ عاشر بحار، ص ۲۰۱۔ نفس المہموم، ص ۱۷۷ وغیرہ۔

۳۔ فرسان الھیجاء، ج ۱، ص ۱۸۸۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

فضائل ومناقب کا ایک شمہ

مذکورہ بالا ظاہری خوبیوں کے ساتھ ساتھ قمر بنی ہاشمؑ کا دامن باطنی وروحانی خوبیوں سے بھی لبریز تھا۔ اور ایمان وعمل کی اوج کمال پر پہنچے ہوئے تھے۔ اور مکارم اخلاق وفضائل نفسانیہ کے بلند درجہ پر فائز تھے۔ ان کے بچپن کا ایک عجیب واقعہ بعض کتب میں ملتا ہے۔ ایک مرتبہ قمر بنی ہاشمؑ، جناب عباسؑ اور عقیلۂ بنی ہاشم جناب زینبؑ اپنے عظیم والد جناب امیر علیہ السلام کی خدمت میں حاضر تھے۔ شہزادہ دائیں جانب اور شہزادی بائیں طرف۔ امیر علیہ السلام نے شہزادہ سے فرمایا: ﴿قل واحد﴾ کہو: ایک۔ شہزادہ نے کہا: ﴿واحد﴾۔ پھر فرمایا: ﴿قل اثنان﴾ کہو: "دو" شہزادہ نے عرض کیا: ﴿استحی ان اقول باللسان الذی قلت واحد اثنان﴾ جس زبان سے ایک بار ایک کہہ دیا ہے۔ اب اس سے دو کہتے ہوئے حیا دامنگیر ہوتی ہے۔ جناب امیرؑ نے شہزادہ کا یہ موحدانہ جواب سن کر ان کی آنکھوں پر بوسہ دیا۔ پھر جناب زینبؑ کی طرف متوجہ ہوئے۔ بی بی نے معصومانہ انداز میں سوال کیا: ﴿یا ابتاہ اتحبّناہ؟﴾ بابا جان! کیا آپ ہم سے محبت کرتے ہیں۔ فرمایا: ﴿نعم یا بنیّہ! اولادنا اکبادنا﴾ ہاں بیٹی! ہماری اولاد ہمارے جگر کا ٹکڑا ہے۔ بی بی نے عرض کیا: ﴿یا ابتاہ حبّان لا یجتمعان فی قلب مؤمن. حب اللّٰہ و حبّ الاولاد﴾ بابا جان! بھلا مؤمن کے دل میں خدا اور اولاد دونوں کی محبت کیونکر جمع ہو سکتی ہے؟ پھر جناب امیرؑ کے جواب ارشاد فرمانے سے پہلے باپ کی زینت بیٹی نے خود ہی یہ عقدہ یوں حل کر دیا۔ بابا جان! آپؑ کا مطلب یہ ہوگا کہ ﴿الشفقة لنا و الحب للّٰہ خالصًا﴾ شفقت ہمارے لیے اور محبت خالصاً خدا کے لیے؟ جناب امیر علیہ السلام اپنے شہزادے اور شہزادی کا یہ کلام حقائق ترجمان سن کر بہت محظوظ ہوئے۔ اور شفقت پدری میں اضافہ ہو گیا۔ سچ ہے۔[1]

ے فی المهد ینطق عن سعادة جده ۔۔۔ اثر النجابة ساطع البرهان

جناب شہزادہؑ کا ایمان وایقان

جناب قمر بنی ہاشم کی بلندیٔ کردار وایثار اور ایمان وایقان کا یہ عالم ہے کہ ائمہ طاہرین علیہم السلام ان کی تعریف وتوصیف میں رطب اللسان نظر آتے ہیں۔ چنانچہ امام زین العابدینؑ فرماتے ہیں: ﴿رحم اللّٰہ عمّی العباس فلقد آثر و ابلیٰ و فدیٰ اخاہ بنفسہ حتیٰ قطعت یداہ فابدلہ اللّٰہ عزّوجلّ منهما جناحین یطیر بهما مع الملائکة فی الجنة کما جعله لجعفر بن ابی طالبؑ و ان للعباس عند اللّٰہ منزلةً یغبطه بها جمیع الشهداء یوم القیامة﴾۔ "خدا میرے چچا عباسؑ پر رحمت نازل کرے۔ جنہوں نے بڑے مصائب و

---

[1] مستدرک الوسائل، ج ۲، ص ۶۳۵۔ مقتل الحسین للخوارزمی، ج ۲، ص ۱۲۲۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

شدائد جھیلے، ایثار کاری و جاں نثاری کا عملی مظاہرہ کرتے ہوئے اپنی جان اپنے بھائی پر قربان کر دی۔ حتیٰ کہ اس سلسلہ میں ان کے دونوں بازو بھی قلم ہو گئے۔ جن کے عوض خداوند عالم نے ان کو دو پر عطا فرمائے ہیں۔ جن کے ذریعہ سے وہ جنت میں فرشتوں کے ساتھ اڑتے پھرتے ہیں۔ جس طرح جناب جعفر بن ابی طالبؑ کو عطا فرمائے تھے۔ خداوند عالم کے نزدیک جناب عباس کا مقام اس قدر بلند ہے کہ بروز قیامت تمام شہداء ان کے اوپر رشک کریں گے۔"[1]

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں: ﴿کان عمنا العباس نافذ البصیرة صلب الایمان جاهد مع اخیه الحسینؑ و ابلیٰ بلاءً حسناً و مضیٰ شهیداً﴾ ہمارے عم بزرگوار عباس علمدارؑ کی بصیرت تیز اور ایمان (مانند چٹان) مضبوط تھا۔ اپنے بھائی امام حسینؑ سے مل کر عظیم جہاد کیا۔ اور بڑے عمدہ صبر و ثبات کے ساتھ شدائد جنگ کو برداشت کیا۔ یہاں تک کہ نصرتِ امامؑ میں شہادت کے درجۂ رفیعہ پر فائز ہوئے۔[2]

اسی طرح ائمہ اطہار علیہم السلام سے جناب شہزادہ ابوالفضلؑ کی زیارت میں جو فقرے وارد ہیں۔ ان سے بھی ان کے مقام و منزلت کی بلندی کا اندازہ ہوتا ہے۔ جیسے زیارت صادقؑ کے یہ فقرے: ﴿اشهد انک قد بالغت فی النصیحة و اعطیت غایة المجهود..... اشهد انک لم تهن ولم تنکل و انک مضیت علی بصیرة من امرک..... فنعم الصابر المجاهد المحامی الناصر و الاخ الدافع عن اخیه المجیب الی طاعة ربه الراغب فیما زهد فیه غیره من الثواب الجزیل و الثناء الجمیل[3]..... الخ﴾

جناب ابوالفضلؑ کا شمار فقہاء اہل بیتؑ میں ہوتا تھا۔ چنانچہ فاضل بیرجندی نے لکھا ہے: ﴿ان العباس من اکابر الفقها و افاضل اهل البیت... الخ﴾ جناب عباسؑ اکابر فقہاء اور فضلائے اہل بیتؑ میں سے تھے۔[4] اسی طرح صاحب فرسان الہیجاء نے بعض کتب کے حوالہ سے ان کے بارے میں لکھا ہے: ﴿و کان من فقهاء اولاد الائمة﴾ جناب عباسؑ ائمہ طاہرینؑ کی اولاد میں سے فقیہ تھے۔[5]

جناب شہزادہؑ کے اہل و عیال

جناب قمر بنی ہاشمؑ کی زوجۂ محترمہ لبابہ بنت عبداللہ بن عباس بن عبدالمطلب تھیں۔ جن کے بطن سے جناب

---

1. خصال شیخ صدوق، ص ۴۴۔ مع ترجمہ فارسی۔
2. عمدۃ الطالب، ص ۳۲۳۔ نفس المہموم، ص ۱۷۶۔ فرسان، ج ۱، ص ۱۹۱۔
3. کامل الزیارۃ، ص ۲۵۷۔ مفاتیح الجنان، ص ۴۳۶۔
4. کبریت احمر، ج ۲، ص ۴۵۔
5. فرسان الہیجاء، ج ۱، ص ۱۹۱۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

کے دو صاحبزادے تھے۔ ایک فضل۔ دوسرے عبید اللہ۔ جناب کی نسل کا سلسلہ عبید اللہ سے آگے بڑھا[1] یہی قول مشہور ہے۔ مگر کتاب العباس للمقرم میں جناب کی پانچ بلکہ چھ عدد اولاد امجاد کا تذکرہ موجود ہے۔ دو تو یہی صاحبزادے جو جناب لبابہ کے بطن سے تھے۔ تیسرے حسن جو کہ ایک کنیز کے بطن سے تھے۔ بحوالہ معارف ابن قتیبہ، چوتھے قاسم جسے بعض کتب مقاتل نے نقل کیا ہے۔ پانچویں ایک دختر نام نہیں لکھا۔ بحوالہ حدائق الانس۔ چھٹے محمد، جنہیں ابن شہر آشوب نے شہداء کربلا کی فہرست میں درج کیا ہے۔ اس کے بعد مؤلف نے بعض تفصیلات کا ذکر کیا ہے جن کے یہاں درج کرنے کی نہ گنجائش ہے اور نہ ہی ضرورت۔ اس سلسلہ میں کتب انساب کی طرف رجوع کرنا چاہیے۔

کربلا میں جناب ابوالفضلؑ کے جلیل القدر خدمات

واقعۂ کربلا سے پہلے بعض کتب غیر معتبرہ میں حضرت امیر المؤمنینؑ کی بعض لڑائیوں میں شہزادہ ابوالفضل کی شجاعت کے بعض محیر العقول واقعات درج ہیں لیکن وہ چونکہ نا قابل اعتماد ہیں۔ اس لیے ان کا تذکرہ نہیں کیا جاتا۔ البتہ شہادت سے پہلے واقعۂ کربلا میں جناب شہزادہ کی جلیل القدر خدمات آب زر سے لکھنے کے قابل ہیں:

(۱) جناب شہزادہؑ ہر وقت سایہ کی طرح امام علیہ السلام کے ہمراہ رہتے۔ مبادا ان کو کوئی گزند نہ پہنچ جائے۔

(۲) عصر عاشوراء جب لشکر اعداء ہجوم کر کے خیام حسینیؑ کے قریب پہنچ گیا۔ تو اس وقت امامؑ نے انہی کو بھیجا تھا کہ معلوم کریں کہ اس وقت ان کے اس طرح آ دھمکنے کا مقصد کیا ہے؟ جو جناب شہزادہ کی معاملہ فہمی اور نظر امامؑ میں ان کے انتہائی قابل اعتماد ہونے کی دلیل ہے۔

(۳) شب عاشوراء امامؑ کے تاریخی خطبہ کے بعد جناب شہزادہ نے مؤمنانہ اور شجاعانہ انداز میں نصرت امامؑ کے عہد کی تجدید کرتے ہوئے کہا تھا: ﴿لا اراني الله ذلك اليوم ابداً﴾ (خدا ہمیں وہ دن کبھی نہ دکھائے کہ چشم زدن کے لیے بھی آپ کو تنہا چھوڑ کر آپؑ سے علیحدہ ہوں)۔

(۴) اسی طرح شدت پیاس کے وقت جن مشکلات میں گھر کر جناب خیام حسینیؑ میں پانی لائے تھے۔

(۵) اور روز عاشوراء جب عمرو بن خالد صیداوی اور ان کے ساتھی نرغۂ اعداء میں گھر گئے تھے تو بحکم امامؑ جس طرح قمر بنی ہاشم ان کی نصرت کے لیے میدان میں پہنچے۔ اور دشمنوں کے نرغہ سے ان کو نکالا۔ یہ سب واقعات قبل ازیں اپنے اپنے مقام پر تفصیل کے ساتھ ذکر کیے جا چکے ہیں۔ جو آپ کے کمال شجاعت و شہامت اور صلابت ایمان و استقامت ایقان پر دلالت کرتے ہیں۔

---

[1] عمدۃ الطالب، ص ۳۲۴۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

(۶) وہ واقعہ بھی جناب ابوالفضل کے کمال ایمان وایقان اور مصائب وآلام پر صبر واستقامت کا شاہکار ہے کہ جب شمر ذی الجوشن (جو ماں کی طرف سے آپ کا رشتہ دار تھا) ابن زیاد سے جناب شہزادہ اور ان کے تینوں بھائیوں کے لیے امان نامہ لکھوا کر لایا تھا۔ اور پھر خیام حسینؑ کے قریب آ کر بآواز بلند کہا: ﴿این بنو اختنا؟﴾ ہماری بہن کے بیٹے کہاں ہیں؟ شہزادوں نے سنا مگر کوئی جواب نہ دیا۔ امام حسین علیہ السلام نے فرمایا: ﴿اجیبوہ و ان کان فاسقاً فانہ بعض اخوالکم﴾ "جواب دو۔ اگرچہ وہ فاسق وفاجر ہے۔ لیکن پھر بھی تمہارا دور کا ماموں ہوتا ہے۔" اس وقت جناب ابوالفضل نے باہر نکل کر دریافت کیا: ﴿ما شانک؟﴾ کیا بات ہے؟ شمر نے کہا: ﴿یا بنی اختی! انتم امنون. فلا تقتلوا انفسکم مع اخیکم الحسینؑ والزموا طاعة امیر المومنین یزید﴾ اے میری بہن کے بیٹو! تمہیں امان ہے تم خواہ مخواہ اپنے بھائی حسینؑ کے ہمراہ اپنی جانیں ضائع نہ کرو۔ بلکہ امیر یزید کی اطاعت قبول کرلو۔ یہ سنتے ہی جناب عباسؑ نے بڑے جوش وخروش کے ساتھ فرمایا: ﴿تبت یداک و بئس ما جئتنا به من امانک یا عدو اللّٰہ اتامرنا ان نترک اخانا و سیّدنا الحسینؑ بن فاطمة و ندخل فی طاعة اللعنا و اولاد اللعناء﴾ تیرے ہاتھ ٹوٹ جائیں او خدا کے دشمن! تو کس قدر بُرا امان نامہ لایا ہے؟ کیا تو یہ کہتا ہے کہ ہم اپنے بھائی اور سردار حسینؑ بن فاطمہؑ کو چھوڑ دیں۔ اور لعین بن لعین کی اطاعت قبول کرلیں۔ یہ جواب سن کر شمر غیظ و غضب سے بڑبڑاتا ہوا واپس[1] چلا گیا۔ و نعم ما قیل۔

اسلام کے وقار کی اونچی چٹان پر
عباسؑ کی وفا کے ہیں جھنڈے گڑے ہوئے

ابوالفضل عباسؑ کی شہادت

ارباب سیر ومقاتل میں جناب کی شہادت اور طرح مشہور ہے۔ لیکن جناب شیخ مفید علیہ الرحمہ اور جناب سید بن طاؤس علیہ الرحمہ نے اور طرح، رقم فرمائی ہے۔ بطریق مشہور اس واقعہ ہائلہ کو قلمبند کرنے سے پہلے حضرت شیخ وسید کے بیان کے مطابق اس کا تذکرہ کیا جاتا ہے۔ وہ بیان کرتے ہیں: کہ اصحاب واقرباء کی شہادت کے بعد جب پیاس کا اور بھی زیادہ غلبہ ہوا تو جناب سید الشہداءؑ نے اپنی ناقہ پر سوار ہو کر دریائے فرات کا رخ کیا۔ اور شہزادہ ابوالفضلؑ آپؑ کے آگے آگے حفاظت امامؑ میں مصروف جہاد ہو گئے۔ جدھر جدھر سید الشہداءؑ رخ کرتے۔ جناب شہزادہ بھی ادھر ہی مڑ جاتے اور داد شجاعت دیتے جاتے۔ ایک داری شخص نے بآواز بلند لشکر ابن سعد سے کہا: ﴿ویلکم حولو ابنیه وبین الفرات ولا تمکنوه من الماء﴾ تمہیں کیا ہو گیا ہے۔ ان کے اور نہر فرات کے درمیان حائل ہو جاؤ۔ اور انہیں پانی تک نہ پہنچنے دو۔ امامؑ نے اس کا یہ گستاخانہ کلام سن کر فرمایا: ﴿اللّٰھم اظماہ﴾

---

[1] ملہوف، ص ۷۷، ۷۸۔ وغیرہ۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

خداوندا اسے شدت پیاس میں مبتلا کر[1] امامؑ کے اس کلام سے داری نے غضب ناک ہو کر زور سے ایک تیر مارا۔ جو جناب سید الشہداءؑ کے سینہ اقدس میں پیوست ہو گیا۔ جب جنابؑ نے اسے کھینچا تو خون کا فوارہ چھوٹا۔ آپؑ نے دونوں چلو نیچے رکھے جب خون سے بھر گئے تو فرمایا ﴿اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَشْکُوْ اِلَیْکَ مَا یُفْعَلُ بِابْنِ بِنْتِ نَبِیِّکَ﴾ خداوندا! میں تیری بارگاہ میں اس سلوک کی شکایت کرتا ہوں۔ جو تیرے رسولؐ کی دختر کے فرزند کے ساتھ کیا جا رہا ہے۔" (چونکہ سپاہ ابن سعد راستہ میں پرہ باندھ کر کھڑی ہو گئی تھی۔ اس لیے جناب سید الشہداءؑ نے آگے بڑھنے کی مزید کوشش کو بے سود سمجھ کر) واپس لوٹنے کا قصد فرمایا۔ اس اثنا میں قوم اشقیاء قمر بنی ہاشم پر ٹوٹ پڑی اور ان کو امام علیہ السلام سے علیحدہ کر دیا۔ اب شہزادہ نے تن تنہا خدمت اسلام و نصرت امامؑ کا فریضہ انجام دیتے ہوئے زبردست جنگ کی۔ حتیٰ کہ جب زخموں سے چور چور ہو کر زین فرس سے زمین پر تشریف لائے۔ اور لڑنے کے قابل نہ رہے۔ تو زید بن ورقا حنفی اور حکیم بن طفیل سنبسی نے ان کو شہید کر دیا۔[2] رضوان اللہ تعالےٰ علیہ

جناب ابن طاؤس کا بیان ہے کہ ﴿فبکی الحسین لقتلہ بکاءً شدیداً﴾ شہادت عباسؑ پر جناب سید الشہداء پھوٹ پھوٹ کر روئے۔ اسی بنا پر شاعر کہتا ہے۔

احق الناس ان یبکیٰ علیہ — فتیً ابکی الحسین بکربلا

اخوہ و ابن والدہ علیٍ — ابو الفضل المضرج بالدماء

ومن واساہ لایثنیہ شیٔ — وجادلہ علی عطش بماءٍ[3]

کیفیتِ شہادتِ ابوالفضل العباسؑ بطریق مشہور

عموماً کتب مقاتل میں جناب ابوالفضل عباسؑ کی شہادت کی کیفیت اس طرح مرقوم ہے اور یہی ہمارے نزدیک اصح ہے کہ جب امامؑ کے تمام کے تمام اصحاب و اعوان شہادت کا جام نوش کر چکے۔ اور جناب قمر بنی ہاشمؑ نے سید الشہداءؑ کی بے کسی اور تنہائی دیکھی۔ تو خدمت امامؑ میں حاضر ہو کر عرض کیا: ﴿یا اخی ھل من رخصۃ؟﴾ بھائی جان! کیا آپ مجھے اجازت دیتے ہیں؟ یہ سن کر ﴿بکی الحسینؑ بکاءً شدیداً﴾ جناب امام حسین علیہ السلام نے سخت گریہ و بکا کیا۔ پھر فرمایا: ﴿یا اخی انت صاحب لوائی﴾ بھائی جان تم میرے علمدار ہو۔ تمہارے چلے جانے

---

[1] روایاتِ اخبار کا بیان ہے کہ یہ ملعون اسی وقت مرض استسقاء میں مبتلا ہو گیا۔ جس قدر پانی پیتا تھا پیاس نہیں بجھتی تھی حتیٰ کہ شدت پیاس سے بلک بلک کر اور آب آب کرتے ہوئے واصل جہنم ہو گیا۔ ﴿و ان عذاب الآخرۃ اشد و ابقی﴾۔ (تمقام، ص ۳۷۵۔ نفس المہموم، ص ۱۷۵ وغیرہ)۔

[2] ارشاد شیخ مفید، ص ۲۶۲۔ ملہوف سید بن طاؤس، ص ۱۰۴۔

[3] ملہوف، ص ۱۰۴۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

سے سب سلسلہ ہی ختم ہو جائے گا۔ جناب عباسؑ نے عرض کیا ﴿قد ضاق صدری وسمئت من الحیوۃ واریدان اطلب ثاری من ھوأ لاء المنافقین﴾ (حالات حاضرہ دیکھ کر) میرا سینہ تنگ ہو گیا ہے۔ اور زندگانی دنیا سے تنگ ہو گیا ہوں۔ اس لیے اب چاہتا ہوں کہ ان منافقوں سے انتقام لوں۔ امام علیہ السلام نے فرمایا ﴿فا طلب لھؤ لاء قلیلاً من الماء﴾ اچھا (اگر جنگ کا خیال ہے) تو پھر ان اطفال خورد سال کے لئے کچھ تھوڑا سا پانی لاؤ۔۔ جناب ابوالفضلؑ گھوڑے کو ایڑ لگا کر قوم اشقیاء کے پاس تشریف لے گئے۔ اور ان کو پند و نصحت کرتے ہوئے فرمایا:

﴿یا عمر بن سعد! ھذا الحسین بن بنت رسولؐ اللّٰہ یقول انکم قتلتم اصحابہ واخوتہ وبنی اعمامہ وبقی فریداً مع اولادہ و عیالہ و ھم عطاش قد احرق الظماء قلوبھم﴾ اے پسر سعد! یہ حسینؑ دختر رسولؐ کے بیٹے! فرماتے ہیں کہ تم نے ان کے اصحاب اور اعزا کو شہید کر دیا ہے۔ اب وہ مخدرات عصمت اور اطفال خورد سال کے ساتھ یکا و تنہا رہ گئے ہیں۔ جن کے دلوں کو شدت پیاس نے جلا دیا ہے۔ (یعنی ان لئے کچھ پانی کا انتظام کر دو) جناب قمر بنی ہاشمؑ کے اس کلام کا یہ اثر ہوا۔ کہ فوج مخالف کے بعض لوگ رونے لگے۔ اور بعضوں نے سر نیچے جھکا لئے یہ حالت دیکھ کر شمر اور شبث بن ربعی آگے بڑھے اور کہا: ﴿یابن ابی تراب! لو کان کل وجہ الارض ماء وھو فی ایدینا ما اسقینا کم منہ قطرۃً واحدۃ الا ان تدخلوا فی بیعۃ یزید﴾ اے ابوترابؑ کے بیٹے! اگر بالفرض تمام روئے زمین پر پانی ہی پانی ہو جائے۔ اور پھر وہ سب ہمارے قبضہ میں ہو تب بھی ہم اس وقت تک تمہیں ایک قطرہ نہ دیں گے۔ جب تک یزید کی بیعت نہ کرو۔" ان کا یہ کافرانہ جواب سن کر جناب عباسؑ مایوس ہو کر واپس خدمت امامؑ میں پلٹ آئے اور سارا ماجرا گوش گذار کیا۔ سید الشہداءؑ سر نیچا کر کے اس قدر روئے کہ گریبان تر ہو گیا۔ اسی اثنا میں خیام حسینیؑ سے بچوں کی صدائے العطش العطش بلند ہوئی۔ امام علیہ السلام شہزادہ کو پانی لانے کا حکم تو پہلے ہی دے چکے تھے۔ اب بچوں کا نالہ و شیون سن کر سقائے اہل بیتؑ کو تاب صبر و ضبط نہ رہی۔ آسمان کی طرف منہ کر کے بارگاہ ایزدی میں عرض کیا: ﴿الٰھی و سیدی ارید ان اعتدّ بعدّتی واملأ لھو لاء الاطفال قربۃ من الماء﴾ خداوندا! میں چاہتا ہوں۔ اپنی امکانی کوشش کو بروئے کار لاتے ہوئے ان بچوں کے لئے پانی کا ایک مشکیزہ بھر لاؤں۔ اس کے بعد مشکیزہ و تلوار ہاتھ میں لیکر اور گھوڑے پر سوار ہو کر نہر فرات کی طرف روانہ ہوئے۔ اس وقت یہ رجز زبان پر جاری تھا ؎

لا ارھب الموت اذا الموت رقا　　حتی اواری فی المصالیت لقا

نفسی لنفس المصطفیٰ الطھر وقا　　انی انا العباس اغدو بالسقا

ولا اخاف الشر یوم الملتقی

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

پھر صاعقہ آتش بار کی طرح لشکر فجار کی صفوں کو چیرتے ہوئے نہر فرات کی طرف بڑھے۔ ادھر جب سپاہ ابن سعد کو فرزند حیدر کرار کے عزم وارادہ کا علم ہوا۔ تو چار ہزار کا لشکر جرار جو نہر فرات پر متعین تھا۔ یکبارگی حرکت میں آ گیا۔ یہ حالت دیکھ کر شجاعت علویہؑ کے وارث نے تلوار میان سے کھینچ لی اور برق خاطف وصرصر عاصف کی مانند دشمنان اسلام پر ٹوٹ پڑے۔ اور کشتوں کے پشتے لگانے شروع کر دیئے۔ اور ان کی صفوں کو الٹنے پلٹنے لگے۔ چنانچہ میمنہ کو میسرہ پر اور میسرہ کو میمنہ پر الٹ دیا۔ اسی زد وخورد میں اسی (۸۰) ناریوں کو واصل جہنم کیا اس وقت یہ رجز پڑھ رہے تھے ؎

اقاتل القوم بقلب مهتد　　اذب عن سبط النبی احمدؐ

اضربکم بالصارم المهنّد　　حتی تحید واعن قتال سیدیؑ

انی انا العباس ذوالتودّد　　نجل علی المرتضیٰؑ المؤیّد

شجاعت ہاشمیہ کے مالک کا یہ محیر العقول کارنامہ دیکھ کر سپاہ نے پسپائی اختیار کی۔ اور راستہ چھوڑ دیا۔ یہاں تک کہ جناب نے اپنا گھوڑا نہر فرات میں ڈال دیا۔ چونکہ شدت پیاس سے قلب وجگر کباب ہو رہے تھے ﴿فلما اراد ان یشرب غرفۃ من الماء ذکر عطش الحسینؑ و اهلبیته فرمی الماء﴾ پانی کا چلو بھرا۔ اور چاہا کہ پئیں لیکن معاً حسینؑ اور ان کے اہل بیتؑ کی پاس یاد آ گئی۔ (تو شاید یہ سوچ کر کہ یہ طریقہ شان وفا کے خلاف ہے) چلو سے پانی انڈیل دیا۔ اس کے بعد مشکیزہ پانی سے پر کیا۔ باہر نکلے۔ اس وقت تک پھر فوج مخالف پر اباندھ کر راستہ پر کھڑی ہو چکی تھی۔ جناب ابوالفضلؑ کی پوری کوشش تھی۔ کہ کسی طرح یہ پانی خیام حسینیؑ تک پہنچ جائے۔ دوسری طرف مخالفین کی بھی بھرپور کوشش تھی۔ کہ پانی خیام تک نہ پہنچے۔ چنانچہ فوج نے شہزادہ کو چاروں طرف سے گھیرے میں لے لیا۔ تیروں کی بارش ہونے لگی۔ مگر شیر خدا کا بیٹا۔ حملے پر حملہ کر کے سپاہ ابن سعد کو پسپا کر رہا تھا۔ کہ اچانک کمین گاہ سے چھپ کر ایک کمینے نوفل ارزق (اور بروایتے زید بن ورقاء) نے جناب کے دائیں بازو پر ایسا وار کیا کہ بازو قلم ہو کر زمین پر گر پڑا۔ شہزادہ نے نہایت پھرتی سے مشکیزہ کو بائیں کاندھے پر ڈالا۔ اور بائیں ہاتھ میں تلوار لے کر دفاع کرنا شروع کیا۔ اس وقت یہ اشعار آپ کی زبان اقدس پر جاری تھے ؎

واللّٰہ ان قطعتم یمینی　　انی احامی ابداً عن دینی

وعن امام صادق الیقین　　نجل النبی الطاهر الامین

یہ اشعار زبان پر جاری تھے۔ اور کشت وخون کا بازار بھی گرم تھا۔ مگر بریدہ بازو سے بکثرت خون بہ جانے کی وجہ سے قدرے نقاہت کے آثار نمودار ہونے لگے تھے۔ کہ اسی اثنا میں اس ملعون نے پھر وار کر کے جناب کا بایاں

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

بازو بھی قلم کر دیا۔ اس وقت شہزادہ نے یہ اشعار پڑھے ؎

یا نفس لا تخافی من الکفار　　وابشری برحمة الجبار

مع النبی السید المختارؐ　　قد قطعو البغیهم یساری

فاصلهم یارب حر النار

اگرچہ شہزادہ کے دونوں بازو قلم ہو چکے تھے۔ اب وہ لڑنے کے قابل نہیں رہے تھے۔ مگر مشکیزہ کو دانتوں سے دبا کر اب بھی کوشش یہی تھی کہ کسی نہ کسی طرح پانی کا یہ مشکیزہ خیام تک سلامتی کے ساتھ پہنچ جائے۔ ہائے افسوس سقائے آل محمدؐ کی امیدوں اور آرزوؤں پر اس وقت پانی پھر گیا۔ جب ایک تیر آ کر مشکیزہ میں پیوست ہو گیا اور سارا پانی زمین پر بہہ گیا۔ اسی اثنا میں ایک دوسرا تیر شہزادہ کے سینہ اقدس پر لگا۔ اور بروایتے حکیم بن طفیل سنبسی نے آہنی گرز اس زور سے سر اقدس پر مارا۔ کہ شہزادہ کا فرق اقدس شگافتہ ہو گیا۔ اور اب گھوڑے کی زین پر سنبھل نہ سکے ناچار فرش زمین پر تشریف لائے۔ گرتے ہوئے امام علیہ السلام کو آواز دی: ﴿یا ابا عبد اللہ علیک من السّلام﴾ ابو عبداللہ! میرا آخری سلام قبول ہو۔ جناب سید الشہداؑ افتان و خیزاں جناب کی لاش پر تشریف لے گئے۔ اور جب پیکر وفا اور جوان سال بھائی کو اس حال میں کشتہ دیکھا کہ ہاتھ ساتھ نہیں۔ سر شگافتہ ہے۔ بدن زخموں سے چھلنی ہے تو روتے ہوئے فرمایا: ﴿الان انکسر ظهری وقلت حیلتی﴾ عباس! اب میری کمر ٹوٹ گئی۔ اور رشتۂ تدبیر و قوت کمزور ہو گیا۔

اب خواہ اس وجہ سے کہ عباس ایسے جوان بھائی کی موت نے کمر توڑ دی تھی۔ اس لئے جنابؑ کو لاش اٹھانے کی تاب نہ تھی۔ یا اس وجہ سے کہ بوجہ کثرت جراحات لاش اٹھانے کے قابل نہ تھی۔ بہر حال جو وجہ بھی ہو۔ مشہور یہی ہے کہ جناب سید الشہداؑ قمر بنی ہاشم کی لاش مقدس کو وہیں کنار فرات پر چھوڑ کر اور حزن و ملال کے کوہ گراں کو اٹھا کر گریاں و باکاں واپس خیام میں تشریف[1] لائے۔ خیام میں اس قدر گریہ و بکا ہوا کہ مخدرات عصمت و طہارت کے نالہ و شیون سے یوں معلوم ہوتا تھا۔ کہ زمین کربلا تھرا رہی ہے۔[2] بعض روایات کی بنا پر امامؑ نے اس مقام پر یہ اشعار پڑھے ؎

تعدیتم یا شر قوم ببغیکم　　و خالفتم دین النبی محمد

---

[1] عاشر بحار، ص ۲۰۱۔ نفس المہموم، ص ۱۷۹۔ وقائع ایام محرم، ص ۴۹۶۔ منتخب للطریحی۔ فرسان الہیجاء، ج ۱، ص ۲۰۵۔ ناسخ، ج ۶، ص ۲۸۰۔ مقتل، ص ۳۷۴ وغیرہ۔

[2] فرسان الہیجاء، ج ۲، ص ۲۰۵۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

اما کان خیر الرسل او صاکم بنا　　اما نحن من نسل النبی المسدّد

اما کانت الزهراء امی دونکم　　اما کان من خیر البریه احمدؐ

لعنتم و اخزیتم بما قد جنیتم　　فسوف تلاقو حرّ نار توقد[1]

سرکار سید الشہداء حضرت امام حسین علیہ السلام کی شہادت عظمیٰ

آخر وہ حشر ساماں وقت آ گیا کہ حضرت امام حسین علیہ السلام کے تمام اصحاب و اعزا ایک ایک کر کے داغ مفارقت دے گئے ؎

نہ لشکرے نہ سپاہے نہ کثرت الناسے　　نہ قاسمؑ نہ علی اکبرؑ نہ عباسؑ سے

محرم کا اصلی وقت قریب آ گیا۔ سورج ڈھل چکا ہے۔ عصر کا وقت قریب ہے۔ حسینؑ یکاہ تنہا رہ گئے ہیں۔ ﴿نظر یمینا و شمالا﴾ دائیں بائیں نظر کرتے ہیں۔ سب اعوان و انصار اور اعزا و اقرباء کے لاشے خاک و خون میں غلطاں پڑے ہیں۔ اور کوئی یار و مددگار اور مونس و غمگسار نظر نہیں آتا۔ چند انصار کو نام بنام پکار کر فرماتے ہیں۔

یا ابطال الصفا و یا فرسان الهیجا　　مالی انادیکم فلا تجیبون و ادعوکم فلا تسمعون[2]

اے شجاعان باصفا و شیران بیشہ وغا۔ کیا بات ہے کہ میں تمہیں ندا دیتا ہوں۔ مگر تم جواب نہیں دیتے۔ اور میں تمہیں بلاتا ہوں مگر تم نہیں سنتے۔"

SIBTAIN.COM

سب انصار و اقرباء داغ مفارقت دے چکے ہیں۔ جن کے غم میں حسینؑ دل شکستہ ہیں۔ عباسؑ کی موت نے کمر توڑ دی ہے۔ علی اکبرؑ کی شہادت نے گویا آنکھوں کی بصارت زائل کر دی ہے۔ کئی دن کی بھوک و پیاس۔ کربلا کی قیامت خیز تپش سر پر پڑ رہی ہے۔ ستاون سال کا سن ہے۔ ان حالات میں جنگ کریں تو کیونکر؟ اگر حسین کی جگہ کوئی اور انسان ہوتا تو اپنا سر خود شمشیر قاتل کے سپرد کر دیتا۔ مگر شجاعت نبویہ و صولت حیدریہ کے وارث حسینؑ کے لئے ایسا کرنا ناممکن تھا کیونکہ خود سپردگی قوانین اسلام کے خلاف ہے اور حفاظت خود اختیاری لازم ہے۔ حسینؑ نے آخر وقت تک اپنے فرائض کو اس خوش اسلوبی سے انجام دیا۔ کہ جس کی نظیر نہیں ملتی۔ مگر ظاہری اسباب کی بنا پر جنگ کرنے کا لطف تو جب ہی تھا کہ جب آپؑ تلوار لے کر حملہ آور ہوتے۔ اور ایک طرف حضرت عباسؑ داد شجاعت دیتے ہوتے۔ ایک طرف علی اکبرؑ معرکہ جنگ میں جوہر دکھاتے ہوتے۔ ایک طرف اصحاب حفاظت کے لئے ساتھ ساتھ ہوتے۔ اس صورت میں جنگ کا منظر دوسرا ہی ہوتا مگر حسینؑ نے سب کو دنیا سے ایک ایک کر کے رخصت ہو جانے

---

[1] وقائع الایام محرم، ص ۲۹۶۔ ناسخ، ج ۶، ص ۲۸۴۔ قمقام، ص ۳۷۴ وغیرہ۔

[2] فرسان الہیجاء، ج ۱، ص ۳۳۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

دیا۔ اور ان کے ساتھ مل کر جنگ نہیں کی۔[1] مزید برآں یہ کہنا بھی بالکل صحیح ہے۔ کہ اگر امام کا مقصد کوئی مادی جنگ لڑ کر ظاہری اقتدار پر قبضہ کرنا ہوتا۔ تو مذکورہ بالا بیان کے مطابق جہاں واقعہ کربلا میں موجود حضرات کو ایک ایک کر کے رخصت نہ کرتے وہاں شیر بیشہ شجاعت مسلم بن عقیلؑ کو تنہا کوفہ نہ بھیجتے۔ اور شجاعت حیدریہؑ کے مظہر اتم محمد بن حنفیہ کو مدینہ نہ چھوڑتے۔ اگر یہ حضرات بھی ہمراہ ہوتے اور پھر امامؑ ان کے ساتھ مل کر جنگ کرتے۔ تو پھر معرکۂ کربلا کا ظاہری نقشہ کچھ اور ہی ہوتا مگر یہاں تو باطل کے ساتھ حق ظلم کے ساتھ مظلومیت، مادی طاقت کے ساتھ روحانیت کا مقابلہ تھا۔ اس لئے اس کے تقاضے وہی تھے۔ جن کو حکیم امت ونباض اسلام امام عالی مقامؑ نے پورا کیا۔ ہاں جہاد آخر سے پہلے ایک بار پھر سیدؑ ابرار نے اتمام حجت کے لئے آواز استغاثہ بلند کی:

﴿هَلْ مِنْ ذَابٍّ يَذُبُّ عَنْ حَرَمِ رَسُولِ اللّٰهِ؟ هَلْ مِنْ مُوَاحِدٍ يَخَافُ اللّٰهَ فِينَا؟ هَلْ مِنْ مُغِيثٍ يَرْجُوْ اللّٰهَ بِاِغَاثَتِنَا هَلْ مِنْ مُعِيْنٍ يَرْجُوْ مَا عِنْدَ اللّٰهِ بِاِعَانَتِنَا؟﴾

کوئی ہے جو حرم رسولؐ سے دشمنوں کے شر کو دور کرے؟ کوئی خدا پرست ہے جو ہمارے معاملہ میں خدا سے ڈرے؟ کوئی فریادرس ہے جو ثواب خداوندی کی خاطر ہماری فریادرسی کرے؟ کوئی مددگار ہے جو حصول اجر کے لئے ہماری مدد کرے؟

اگرچہ سنگدل مخالفین پر امامؑ کے اس استغاثہ کا کوئی خاص اثر نہ ہوا۔ مگر بعض آثار سے واضح وآشکار ہوتا ہے۔ کہ امام کی اس آواز استغاثہ سے تمام عوالم امکانیہ میں تلاطم برپا ہوگیا۔[2] کائنات کے ذرہ ذرہ میں کھلبلی مچ گئی۔ چونکہ ندائے استغاثہ مطلق ہے اس میں کوئی استثنا نہیں۔ بظاہر تو خداوند عالم بھی اس اطلاق میں شامل ہے کہ "کوئی ہے جو ہماری مدد کرے۔" اس لئے سب سے پہلے خداوند عالم نے اس کا عملی جواب دیا۔

هست از ملال گرچه بری ذات ذوالجلال او درد دل است و هیچ دلے نیست بے ملال

چنانچہ امام محمد باقر علیہ السلام فرماتے ہیں: ﴿انزل اللّٰہ تعالٰی النصر حتی رفرف علی راس الحسینؑ ثم خیر بین النصر علی اعدائہ وبین لقاء اللّٰہ تعالٰی فاختار لقاء اللّٰہ﴾ خدا نے نصرت کو (ایک پرندہ کی شکل میں) نازل کیا۔ اس نے حسینؑ کے سر اقدس پر پر مارے۔ خدا نے آپؑ کو اختیار دیا۔ کہ چاہو تو تمہیں دشمنوں پر ظاہری فتح وفیروزی دے دوں اور چاہو تو میری لقا کو اختیار کرو؟ آپؑ نے برضا ورغبت لقاء پروردگار کو اختیار کیا۔ (اصول کافی)

---

[1] شہید انسانیت، ص ۵۱۶۔

[2] الخصائص الحسینیہ، ص ۱۵۴۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

بعض اخبار کے مطابق چار ہزار فرشتوں نے لبیک کہتے ہوئے کربلا میں حاضر ہو کر اپنی خدمات کی پیش کش کی۔ مگر جناب سید الشہداء نے ان کو جہاد کی اجازت نہ دی۔[1]

اسی طرح بعض آثار سے آشکار ہوتا ہے۔ کہ جنات نے بھی حاضر ہو کر اپنی خدمات پیش کیں۔ مگر مصلحت شناس امام زمانؑ نے ان کی خدمات کو بھی شرف قبولیت نہ بخشا[2] اور جب امامؑ کی آواز استغاثہ خیام میں پہنچی تو پردگیان عصمت وطہارت کی صدائے گریہ وبکا بلند ہوئی۔[3]

امام زین العابدینؑ اگرچہ سخت بیمار تھے۔ اور حس وحرکت کرنے سے معذور تھے۔ مگر حجت خدا کی آواز استغاثہ کا یہ اثر ہوا۔ کہ عصاء کی ٹیک لیتے ہوئے افتاں وخیزاں شمشیر بکف ہو کر میدان کارزار کی طرف چل پڑے۔ جناب ام کلثوم نے ان کو تھامنے کی کوشش کی۔ مگر امام بیمار نے فرمایا: ﴿یاعمتاہ ذرنی اقاتل بین یدی ابن رسول اللّٰہ؟﴾ پھوپھی جان مجھے چھوڑ دیجئے تاکہ میں فرزند رسولؐ پر جان نثار کروں۔ جب جناب سید الشہداء نے یہ عجیب منظر دیکھا تو جناب ام کلثوم کو آواز دی۔ ﴿احبسیہ لئلا تخلو الارض من نسل ال محمدؐ﴾ بہن ان کو روک لو۔ کہیں ایسا نہ ہو کہ زمین آل رسولؐ کی نسل سے خالی ہو جائے۔ چنانچہ بی بی نے ان کو واپس کر کے اپنے بستر بیماری پر لٹا دیا۔[4] اس وقت امام حسین علیہ السلام نے یہ دعا پڑھی: ﴿اَللّٰهُمَّ اَنْتَ مُتَعَالِي الْمَكَانِ عَظِيمُ الْجَبَرُوتِ. شَدِيدُ الْمِحَالِ. غَنِيٌّ عَنِ الْخَلَائِقِ. عَرِيضُ الْكِبْرِيَاءِ. قَادِرٌ عَلَى مَا تَشَاءُ قَرِيبُ الرَّحْمَةِ. صَادِقُ الْوَعْدِ. سَابِغُ النِّعْمَةِ. حَسَنُ الْبَلَاءِ. قَرِيبٌ اِذَا دُعِيتَ. مُحِيطٌ بِمَا خَلَقْتَ قَابِلُ التَّوْبَةِ لِمَنْ تَابَ اِلَيْكَ قَادِرٌ عَلَى مَا اَرَدْتَ. مُدْرِكٌ مَا طَلَبْتَ. وَ شَكُورٌ اِذَا شُكِرْتَ. وَ ذَكُورٌ اِذَا ذُكِرْتَ. اَدْعُوكَ مُحْتَاجًا. وَ اَرْغَبُ اِلَيْكَ فَقِيرًا وَ اَفْزَعُ اِلَيْكَ خَائِفًا وَ اَبْكِي اِلَيْكَ مَكْرُوبًا وَ اَسْتَعِينُ بِكَ ضَعِيفًا وَ اَتَوَكَّلُ عَلَيْكَ كَافِيًا. اُحْكُمْ بَيْنَنَا وَ بَيْنَ قَوْمِنَا فَاِنَّهُمْ غَرُّونَا وَ خَذَلُونَا وَ غَدَرُوا بِنَا وَ قَتَلُونَا وَ نَحْنُ عِتْرَةُ نَبِيِّكَ وَ وَلَدُ حَبِيبِكَ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الَّذِي اصْطَفَيْتَهُ بِالرِّسَالَةِ وَ اَتْمَنْتَهُ عَلَى وَحْيِكَ فَاجْعَلْ لَنَا مِنْ اَمْرِنَا فَرَجًا وَ مَخْرَجًا بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ﴾[5]

---

[1] کامل الزیارۃ، ص ۸۳۔ قمقام ذخار، ص ۳۷۸۔

[2] منتخب للطریحی، ص ۲۲۹۔

[3] ملہوف، ص ۲۲۹۔

[4] خصائص حسینیہ، ص ۱۵۳، طبع ایران۔

[5] مفاتیح الجنان، ص ۱۹۴۔ قمقام، ص ۳۷۷۔ مصباح کفعمی، ص ۴۳۳، طبع لکھنؤ۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

فائدہ

یہاں جناب سید الشہداء علیہ السلام کی ایک اور دعائے مبارکہ کا تذکرہ بھی خالی از فائدہ نہیں ہے۔ محدث قمیؒ نے بحوالہ دعوات قطب راوندی امام زین العابدینؑ کی یہ روایت نقل کی ہے۔ کہ آنجناب کا بیان ہے۔ کہ روز عاشورا میرے بابا بزرگوار نے مجھے سینہ سے لگا کر جب کہ جسم مبارک سے خون بہ رہا تھا۔ یہ دعا تعلیم فرمائی اور فرمایا کہ یہ دعا مجھے اپنی والدہ ماجدہؑ نے اور ان کو جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تعلیم فرمائی تھی۔ ہر شدت اور سخت مصیبت کے وقت اسے پڑھنا چاہیئے۔ وہ دعا یہ ہے: ﴿بِحَقِّ يٰسٓ وَالْقُرْآنِ الْحَكِيْمِ وَ بِحَقِّ طٰهٰ وَ الْقُرْاٰنِ الْعَظِيْمِ. يَا مَنْ يَقْدِرُ عَلٰى حَوَائِجِ السَّائِلِيْنَ. يَا مَنْ يَعْلَمُ مَا فِي الضَّمِيْرِ يَا مُنَفِّسُ عَنِ الْمَكْرُوْبِيْنَ يَا مُفَرِّجُ عَنِ الْمَغْمُوْمِيْنَ يَا رَاحِمَ الشَّيْخِ الْكَبِيْرِ يَا رَازِقَ الطِّفْلِ الصَّغِيْرِ. يَا مَنْ لَا يَحْتَاجُ اِلَى التَّفْسِيْرِ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَ آلِ مُحَمَّدٍ وَافْعَلْ بِيْ كَذَا وَ كَذَا﴾[1] (یہاں اپنی حاجات کا تذکرہ کیا جائے)۔

(۱۸) امامؑ کے طفل شیر خوار کی شہادت

اوپر بیان کیا جا چکا ہے کہ جب امام علیہ السلام نے آواز استغاثہ بلند کی تو اس وقت خیام حسینیؑ سے مخدرات عصمت وطہارت کی صدائے نالہ وشیون بلند ہوئی۔ غیور امامؑ کے کانوں میں جب بیبیوں کے رونے کی آواز پڑی تو ان کو تسلی دینے کی غرض سے فوراً خیام میں تشریف لائے۔ اور بی بیوں[2] کو خاموش کیا۔ اسی اثنا میں خیمہ سے امامؑ کے طفل شیر خوار کے رونے کی آواز آئی۔ امامؑ نے زینب عالیہؑ سے فرمایا: ﴿نَاوِلِيْنِي وَلَدِي الصَّغِيْرَ حَتّٰى اُوَدِّعَهٗ﴾ میرے چھوٹے بچے کو لاؤ تاکہ میں اس سے وداع کرلوں۔ چنانچہ شہزادہ کو خدمت امامؑ میں پیش کیا گیا۔ امامؑ نے اسے گود میں لیا۔ اور بوسہ دینے کے لئے جھکے مگر اس سے پہلے حرملہ بن کاہل اسدی (اور بروایتے عقبہ بن بشر[3]) کا تیر لگا۔ جس سے بچہ جان بحق ہوگیا۔ جہاں تیر لگا تھا۔ وہاں سے خون کا فوارہ چھوٹا۔ امامؑ نے نیچے چلو رکھ لیا۔ جب چلو لبریز ہوگیا۔ تو اسے آسمان کی طرف پھینک دیا۔ امام محمد باقر علیہ السلام فرماتے ہیں ﴿فلم يسقط من ذلك الدم قطرة الى الارض﴾ اس مقدس خون کا ایک قطرہ بھی زمین پر نہ گرا۔ اس کے بعد شہزادہ کی لاش بی بی کو دیتے ہو فرمایا: ﴿هَوَّنَ عَلَيَّ مَا نَزَلَ بِيْ اَنَّهٗ بِعَيْنِ اللّٰهِ﴾ اس یقین نے میرے مصائب کو آسان کردیا ہے۔ کہ جو کچھ ہو رہا ہے۔ وہ خدا کے سامنے ہے۔[4]

دمعۂ ساکبہ میں بعض کتب کے حوالہ سے شہزادہ کی شہادت قدرے تفصیل سے مذکور ہے۔ جناب عقیلہ بنی

---

۱ نفس المہموم، ص ۱۸۴۔
۲ خصائص حسینیہ، ص ۱۵۳۔
۳ مقاتل الطالبین۔
۴ نفس المہموم، ص ۱۸۵۔ ملہوف سید ابن طاؤس، ص ۱۰۱۴۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

ہاشم بچہ کو امام حسین علیہ السلام کے پاس لائیں اور عرض کیا کہ بچہ نے کئی دن سے پانی کا قطرہ نہیں پیا۔ اس لئے اب شدت پیاس سے بلک رہا ہے۔ اس کے لئے کچھ پانی کا انتظام کرو۔ چنانچہ امامؑ شہزادہ کو لے کر قوم جفا کار کے سامنے تشریف لے گئے۔ اور فرمایا: ﴿یا قوم قد قتلتم شیعتی و اهل بیتی قد بقی هذا الطفل ویلکم اسقوا هذا الرضیع اما ترونه یتلظی عطشاً من غیر ذنب﴾ اے قوم (اشقیاء) تم نے میرے شیعیان اور اہل خاندان کو قتل کر دیا ہے۔ یہ طفل شیر خوار باقی ہے۔ اسے پانی کا گھونٹ پلا دو۔ ذرا دیکھو تو سہی کس طرح بلا گناہ شدت پیاس سے تڑپ رہا ہے۔ امامؑ کا سلسلہ کلام ابھی جاری تھا کہ حرملہ بن کاہل اسدی نے تیر مارا۔ جس سے شہزادہ نے امامؑ کی گود میں ہی دم توڑ دیا۔[1] تذکرۃ الخواص کی روایت کے مطابق فرمایا: ﴿ان لم ترحمونی فارحموا هذا الطفل!﴾ اگر مجھ پر رحم نہیں کرتے تو اس بچے پر تو رحم کرو۔[2]

بعض آثار سے معلوم ہوتا ہے کہ امامؑ کے اس کلام کا یہ اثر ہوا کہ فوج اشقیا میں ہمہمہ پیدا ہوا۔ اور ایک دوسرے کو کہنے لگے: اگر اس بچے کو قطرۂ آب دے دیا جائے تو کیا حرج ہے؟' (ریاض القدس، ج ۲، ص ۱۰۱) پسر سعد نے حرملہ کو حکم دیا: ﴿یا حرمله! اقطع کلام الحسینؑ﴾ اے حرملہ! حسینؑ کا کلام قطع کر دے۔ چنانچہ سہ شعبہ تیر فرّاٹے لیتا ہوا آیا اور شہزادہ کے نازک کان میں لگا: ﴿فذبحه من اذن الی اذن﴾ اور کان کو چھیدتا ہوا دوسرے کان سے پار ہو گیا۔ اور بچہ نے دم توڑ دیا۔[3]

اس وقت امامؑ نے فرمایا: ﴿اللّٰهم احکم بیننا و بین قوم دعونا لینصرونا فقتلونا﴾ خداوندا تو ہی ہمارے اور اس قوم کے درمیان فیصلہ کر۔ جس نے ہمیں بلایا تا کہ نصرت کریں۔ اور جب ہم آئے تو ہمیں قتل کرنا شروع کر دیا۔[4] ہاتف غیبی کی آواز آئی: ﴿یا حسین دعه فان له مرضعاً فی الجنة!﴾ اے حسینؑ! اسے چھوڑ دو کہ اس کے لیے جنت میں دایہ موجود ہے۔[5]

بعض روایات میں وارد ہے کہ امامؑ اس شہزادہ کی لاش واپس لائے۔ اور دوسرے شہداء اہل بیتؑ کے پاس رکھ دی۔[6] لیکن مشہور یہ ہے کہ امامؑ گھوڑے سے اترے اور تلوار سے ننھی سی قبر کھودی پھر نماز جنازہ پڑھی اور بچہ کو خون میں رنگین کر کے اس میں دفن کر دیا۔ اور اس وقت یہ اشعار غم شعار پڑھے ؎

کفر القوم و قدماً رغبوا — عن ثواب الله رب الثقلین

---

۱ الدمعۃ الساکبہ، ص ۳۴۰۔
۲ تذکرۃ الخواص، ص ۲۵۲، طبع النجف۔
۳ منتخب طریحی، ص ۲۴۔
۴ بحار الانوار، ج ۱۰، ص ۲۰۳۔
۵ مقتل، ص ۳۸۵۔
۶ ارشاد، ص ۲۶۲۔ نفس المہموم، ص ۱۸۶۔

SIBTAIN.COM
Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

قتلوا قدماً علیاً و ابنه — حسن الخیر کریم الابوین[1]

ے ننھی سی قبر کھود کے اصغرؑ کو گاڑ کے — شبیرؑ اٹھ کھڑے ہوئے دامن کو جھاڑ کے

وَ سَیَعْلَمُ الَّذِیْنَ ظَلَمُوْا اَیَّ مُنْقَلَبٍ یَّنْقَلِبُوْنَ۔

تبصرہ

ارباب مقاتل کے درمیان اس بات میں شدید اختلاف پایا جاتا ہے کہ اس طفل شیر خوار کا نام کیا تھا۔ چنانچہ بعض نے عبداللہ اور بعض نے علیؑ اصغر لکھا ہے۔ اور بعض نے یہ کہا ہے کہ یہ دو علیحدہ علیحدہ شہزادے ہیں۔ علی اصغر جناب رباب کے بطن سے تھے۔ جن کی عمر واقعۂ کربلا کے وقت چھ ماہ سے زائد نہ تھی۔ اور عبداللہ کی ولادت اسی روز عاشوراء کربلا میں ہوئی تھی لیکن تحقیقی قول یہ ہے کہ یہ ایک ہی صاحبزادے کے دو عنوان ہیں۔ اصل میں شہید ہونے والا یہ بچہ وہی ہے جو شہزادہ علی اصغرؑ[2] کے نام سے مشہور ہے۔ واللہ العالم۔

سید الشہداءؑ کا مخدرات سے الوداع ہونا

وہ گھڑی بڑی قیامت خیز تھی۔ جب سرکار سید الشہداء علیہ السلام مخدرات سے روانہ ہونے کے لیے مہیا ہو رہے تھے۔ یہ جانتے ہوئے کہ تھوڑی دیر کے بعد ان اطفال خورد سال اور پردگیان عصمت وطہارت کا کوئی ظاہری ملجاء و ماوا اور پرسان حال نہ ہوگا بلکہ قریباً تیس ہزار کے بے رحم لشکر جرار کے ہاتھوں گرفتار ہوں گی۔ اہل حرم کو بھی اس بات کا اندازہ تھا۔ نیز یہ احساس بھی تھا کہ امامؑ تھوڑی دیر کے مہمان ہیں۔ آپؑ سیدزادیوں کے جھرمٹ میں کھڑے ہوئے ہیں۔ سب کے چہروں پر حسرت ویأس برس رہی ہے۔ اسی لیے بعض آثار سے بھی ظاہر ہوتا ہے کہ جناب امام حسینؑ کا آخری وداع عظیم ترین مصائب تھا۔ ع

گر خوانمش قیامت صغریٰ بعید نیست

اسرار امامت و ودائع نبوت کی تحویل

اس وقت امام علیہ السلام نے دو کام انجام دیے۔ (۱) پہلا کام اسرار و ودائع امامت کی تحویل کی۔ بعض اخبار و آثار سے واضح و آشکار ہوتا ہے کہ ودائع و اسرار امامت دو قسم کے ہوتے ہیں۔ کچھ وہ جو بلا واسطہ امام سابق سے امام لاحق کی طرف منتقل ہوتے ہیں جیسے اسم اعظم وغیرہ اور کچھ ایسے ہوتے ہیں جو بالواسطہ بھی منتقل ہو سکتے ہیں۔ اول قسم کے ودائع و اسرار امامت تو جناب امام حسینؑ نے آخری رخصت کے وقت امام زین العابدینؑ کو سپرد فرمائے۔[3] اور

---

[1] مقتل الحسین خوارزمی، ج ۲، ص ۳۲۔ احتجاج طبرسی، ص ۱۶۳۔ [2] کبریت احمر، ص ۱۴۱۔ وقائع ایام محرم، ص ۵۲۰۔

[3] جلاء العیون مجلسی، ص ۱۹۶۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

دوسری قسم کے ودائع وتبرکات بتوسط جناب ام سلمہؓ امامؑ کو پہنچائے۔ جیسا کہ بعض آثار سے ظاہر ہوتا ہے کہ مدینہ سے روانگی کے وقت ان کے سپرد کئے تھے۔ جو انہوں نے رہائی کے بعد امام سجادؑ کے حوالے کئے۔[1] اور بعض اپنی دختر فاطمہ کبریٰؑ کے ذریعہ سے امامؑ تک پہنچائے۔[2] کتاب کمال الدین صدوقؒ کی ایک روایت سے جناب عقیلۂ بنی ہاشم کا توسط بھی ظاہر ہوتا[3] ہے۔

امامؑ کا آخری وقت لباس کہنہ طلب فرمانا

دوسرا کام یہ انجام دیا کہ جناب زینب عالیہؑ سے فرمایا: ﴿یا اختاہ ایتینی بثوب عتیق لا یرغب فیہ احد من القوم. اجعلہ تحت ثیابی لئلا اجرد منہ بعد قتلی﴾ ''بہن زینب! مجھے ایسا پرانا پیراہن لاکر دو جس میں کوئی بھی رغبت نہ کرے کہ اسے اپنے لباس کے نیچے پہن لوں تاکہ شہادت کے بعد مجھے برہنہ نہ کیا جائے۔'' امامؑ کا یہ کلام سن کر بی بیوں میں گریہ وبکا کا کہرام مچ گیا۔ پھر قدرے تنگ اور بہت ہی بوسیدہ لباس پیش کیا گیا۔ امامؑ نے یہ فرما کر کہ ﴿ذاک لباس من ضربت علیہ الذلت﴾ ''یہ تو اس شخص کا لباس ہے جس پر پوری طرح بے کسی و بے نوائی مسلط ہو جائے۔'' اس کو پہننے سے انکار کر دیا پھر ایک کھلا مگر قدرے پرانا لباس پیش خدمت کیا گیا۔ امامؑ نے اسے جابجا سے پارہ پارہ کر دیا۔ اور زیر لباس زیب تن فرمایا۔[4] مگر افسوس کہ ایسی احتیاطی تدابیر کے اختیار کرنے کے باوجود بھی امامؑ کا مقصد پورا نہ ہو سکا۔ کیونکہ تاریخ شاہد ہے کہ آپ کی شہادت کے بعد جہاں آپ کا دوسرا لباس اتارا گیا۔ وہاں وہ لباس کہنہ بھی ابجر بن کعب ملعون نے اتار[5] لیا۔ (تفصیل بعد میں آرہی ہے۔ انشاء اللہ اسی طرح پھر بردِ یمانی کی سلی ہوئی شلوار طلب فرمائی۔ اسے بھی جابجا سے چاک کر کے پہن لیا۔[6] اس کے بعد اسلحۂ جنگ سے مسلح ہوئے۔ جب باہر تشریف لے جانے کا ارادہ فرمایا تو پردگیان عصمت وطہارت کو الوداعی سلام کرتے ہوئے فرمایا: ﴿یا سکینۃ و یا فاطمۃ یا زینب یا ام کلثوم علیکن منی السلام[7]﴾ اس وقت عجیب دردانگیز اور رقت خیز منظر تھا کیونکہ ؎

عصر کا وقت آ گیا وعدہ وفا ہونے کو ہے — زیر خنجر آج سبط مصطفیٰ ہونے کو ہے
خشک ذروں میں نمایاں ہوں گے آثار جناں — آج دشت ماریہ اک پُر فضا ہونے کو ہے

---

[1] اثبات الوصیۃ مسعودی، ص۔۔۔؟۔
[2] اکمال الدین واتمام النعمۃ۔
[3] جلاء العیون، ص۱۹۶۔
[4] ملہوف، ص۱۰۹۔
[5] ملہوف، ص۱۰۹۔ نفس المہموم، ص۱۹۲۔
[6] طبری، ج۶، ص۲۵۹۔ مقتل الحسین، ص۳۱۶۔
[7] عاشر بحار، ص۲۰۳۔ وقائع، ص۵۲۷۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

آج آثار قیامت ہیں نمایاں دہر میں — سجدۂ خالق میں کس کا سر جدا ہونے کو ہے
جس کی خاطر زینب مغموم نے چھوڑا وطن — عالم غربت میں بھائی سے جدا ہونے کو ہے

یہ جگر خراش منظر دیکھ کر جناب سکینہؑ خاتون آگے بڑھیں۔ اور عجیب معصومانہ انداز میں سوال کیا: ﴿یا ابتاہ اَوَ اِسْتَسْلَمْتَ لِلْمَوْتِ؟﴾ بابا جان! کیا آپ نے مرنے کے لیے بالکل تیاری کر لی ہے؟ امامؑ نے فرمایا: ﴿کَیْفَ لَا یَسْتَسْلِمُ لِلْمَوْتِ مَنْ لَا نَاصِرَ لَهٗ وَلَا مُعِیْنَ﴾ بیٹی! جس شخص کا کوئی یار و مددگار نہ ہو۔ اگر وہ موت کے لیے تیار نہ ہو تو اور کیا کرے؟ سکینہ نے عرض کیا: ﴿یا ابة ردنا الی حرم جدنا﴾ بابا جان! پھر ہمیں جد نامدارؐ کے حرم کی طرف لوٹا دیجئے۔ امامؑ نے جواب میں مشہور ضرب المثل زبان پر جاری فرمائی کہ ﴿هَیْهَاتَ لَوْ تُرِکَ الْقَطَا لَنَامَ﴾ افسوس اگر قطا پرندہ کو آزاد چھوڑ دیا جاتا تو آرام کی نیند سو جاتا۔ مطلب یہ تھا کہ واپس لوٹانے کی فرصت نہیں۔ باپ بیٹی کا یہ سوال و جواب سن کر مخدرات کی آواز گریہ و بکا بلند ہوئی۔ امامؑ نے ان کو صبر و شکیب کی تلقین کر کے خاموش[1] کیا۔ اور جناب سکینہؑ کو پیار کرتے ہوئے دلاسا دیتے ہوئے فرمایا ؎

سیطول بعدی یا سکینة فاعلمی — منک البکاء اذ الحمام دهانی
لا تحرقی قلبی بدمعک حسرةً — مادام منی الروح فی جثمانی
فاذا قتلت فانت اولی بالذی — تاتینه یا خیرة النسوان[2]

اس کے بعد آخری جہاد کے لیے باہر تشریف لائے۔ اس وقت اہل خیام کی کیا حالت تھی؟ مرزا صاحب مرحوم نے اس کی تصویر کشی یوں کی ہے ؎

شیرؑ برآمد ہوئے یوں خیمہ کے در سے — جیسے کہ نکلتا ہے جنازہ کسی گھر سے

شبیرؑ جہانگیر عرصۂ رزم گاہ کربلا میں

اس وقت جنابؑ نے سیاہی مائل خز کا جبہ در بر اور گلابی رنگ کا عمامہ بر سر، چادر رسولؐ بر دوش، زرہ رسولؐ بر بدن اور شمشیر رسولؐ بکف[3] کر رکھی تھی اور ریش مبارک پر وسمہ کا خضاب لگایا ہوا[4] تھا۔ اسی حالت میں قوم اشقیاء کے سامنے آ کر کھڑے ہو گئے۔ اور بعض روایات کی بنا پر وہ اشعار پڑھے جن کا پہلے تذکرہ کیا جا چکا ہے ؎

کفر القوم و قد ما رغبوا — عن ثواب[5] اللّٰه رب العالمین

---

۱ عاشر بحار، ص ۲۰۳۔
۲ نفس المہموم، ص ۱۸۴۔
۳ مقتل الحسینؑ للمقرم، ص ۳۹۵ بحوالہ منتخب للطریحی، ص ۳۱۵، طبع النجف۔
۴ کامل ابن اثیر، ج ۳، ص ۲۹۵۔
۵ عاشر بحار، ص ۲۰۳۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

پھر مبارز طلب کیا۔ اب امام حسینؑ نظر بہ نظر حالات جیسے کہ پہلے بیان ہو چکا ہے۔ جنگ کرنے کے قابل نہ رہے تھے مگر شجاعت نبویہؐ، صولت حیدریہؑ اور بیت الٰہیہ کے مالک امامؑ نے وہ جوہر شجاعت و شہامت دکھائے کہ شجاعان عالم کے جنگی کارنامے ان کے سامنے ہیچ نظر آتے ہیں۔ جو مقابلہ میں آیا اسے واصل جہنم کیا۔ اس طرح ایک جماعت کثیرہ کو اس کے کیفر کردار تک پہنچایا۔[1] اب جبکہ مخالف مقابلہ میں نکلنے سے پس و پیش کرنے لگے۔[2] تو امام علیہ السلام نے یہ رجز پڑھتے ہوئے مخالف کے میمنہ لشکر پر حملہ کر دیا۔

الموت اولیٰ من رکوب العار　　و العار اولیٰ من دخول النّار

اس طرح دشمنانِ خدا و رسولؐ کے ایک جم غفیر کو واصل جہنم کرنے کے بعد پھر میسرہ پر یہ رجز پڑھتے ہوئے ٹوٹ پڑے ؎

انا الحسینؑ بن علیؑ　　الیت ان لا انثنی

احمی عیالات ابیؑ　　امضی علی دین[3] النبیؐ

اس طرح پھر ایک جماعت کثیرہ کو جہنم رسید کیا۔

فرزندِ حیدرؑ کرّار کی بے مثال بہادری کے کارنامے

بعض راویانِ اخبار (حمید بن مسلم[4] یا عبداللہ بن عمار[5] بن یغوث) کا بیان ہے کہ ﴿واللّٰہ ما رایت مکثوراً قط قد قتل ولدہ و اھل بیتہ و اصحابہ اربط جاشاً منہ علیہ السلام و ان کانت الرجالۃ لتشدّ علیہ فیشدّ علیھا بسیفہ فتنکشف عنہ انکشاف المعزیٰ اذ اشد فیھا الذئب و لقد کان یحمل فیھم و قد تکملوا ثلثین الفاً فینھزمون بین یدیہ کانھم الجراد المنتشر ثم یرجع الی مرکزہ وھو یقول لا حول ولا قوۃ الا باللّٰہ العلی العظیم﴾ بخدا میں نے کسی نرغۂ اعداء میں گھرے ہوئے شخص کو نہیں دکھا جس کا سارا گھرانہ آنکھوں کے سامنے قتل ہو گیا ہو۔ اور پھر حسینؑ ایسا شجاع، ثابت قدم، مطمئن، اور جری ہو۔ حالت یہ تھی کہ چاروں طرف سے ان پر پیادے حملہ کرتے تھے مگر جب حسینؑ تلوار سونت کر ان پر جوابی حملہ کرتے تھے۔ تو وہ اس طرح بھاگ کھڑے ہوتے تھے۔ جس طرح بھیڑیے کے حملہ کے وقت بکریاں بھاگ جاتی ہیں۔ حالانکہ ان کی تعداد تیس ہزار تھی۔ مگر جب امامؑ ان پر تابڑ توڑ حملہ کرتے تو ان کے سامنے سے یہ اس طرح بھاگ نکلتے۔ اور ادھر ادھر تتر بتر ہو جاتے گویا کہ پراگندہ ٹڈیاں ہیں۔ ہر حملہ کے بعد امامؑ اپنے مرکز پر واپس لوٹ آتے اور

۱۔ مقتل عوالم، ص ۹۷۔ مقتل الحسین خوارزمی، ج ۲، ص ۳۳۔ مقتل المقرم، ص ۳۱۹۔

۲۔ جلاء العیون، ص ۱۹۶، طبع النجف۔

۳۔ عاشر بحار، ص ۱۰۳۔ نفس المہموم، ص ۱۸۷۔

۴۔ ارشاد، ص ۲۶۴۔

۵۔ مقتل الحسین للمقرم، ص ۳۲۰۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

پڑھتے ﴿لا حول ولا قوة الا باللہ العلی العظیم﴾[1] بعض روایات میں اس کے ساتھ ﴿العلی العظیم﴾ موجود نہیں ہے۔ امامؑ نے اسی طرح مسلسل کئی حملے کئے۔ علامہ مجلسی علیہ الرحمہ نے جناب سید محمد بن ابی طالب کے مقتل کے حوالہ سے لکھا ہے کہ ان شدید حملوں میں اسد اللہ الغالب کے فرزند نے ایک ہزار نوسو پچاس لعینوں کو دار البوار میں پہنچایا۔[2] یہ فوق العادۃ شجاعت کا مظاہرہ دلیل امامت ہے فوج کی یہ سراسیمگی اور ابتری دیکھ کر عمر بن سعد نے سپاہیوں کو للکار کر کہا: ﴿ویل لکم اتدرون لمن تقاتلون هذا ابن الانزع البطین هذا بن قتال العرب فاحملوا علیه من کل جانب و کانت الرماة اربعة آلاف فرموه بالسهام﴾ افسوس ہے۔ تم پر کچھ جانتے بھی ہو کہ تم کس سے جنگ کر رہے ہو؟ یہ انزع بطین اور عرب کے سب سے بڑے جنگجو بہادر (علی بن ابی طالبؑ) کا فرزند ہے۔ ان پر چاروں طرف سے ایک ساتھ حملہ کر دو۔ فوج مخالف میں صرف چار ہزار تو تیر انداز تھے۔ حکم کا ملنا تھا کہ امامؑ پر ہر طرف سے تیروں کی بوچھاڑ ہونے لگی۔[3]

شمر ذی الجوشن کا خیام امامؑ کو لوٹنے کا ارادہ کرنا

اسی اثناء میں شمر بن ذی الجوشن فوج کا ایک دستہ لے کر اہل حرم کی غارتگری کے منحوس ارادہ سے امامؑ کے خیام کی طرف متوجہ ہوا اور یہ دستہ فوج امامؑ اور ان کے خیام کے درمیان حائل ہو گیا۔ امامؑ نے سپاہ ابن سعد کو مخاطب کر کے فرمایا۔ ﴿و یحکم یا شیعة آل ابی سفیان ان لم یکن لکم دین و کنتم لا تخافون المعاد فکونوا احراراً فی دنیاکم و ارجعوا الی احسابکم اذ کنتم اعراباً﴾ اے آل ابوسفیان کے شیعو! اگر تمہیں مذہب کا خیال اور آخرت کا خوف نہیں ہے تب بھی آخر تم عرب ہونے کے دعویدار ہو۔ اپنی قومی غیرت و حمیت کا ثبوت دو۔ شمر نے کہا۔ ﴿ما تقول یابن فاطمة؟﴾ فرزند فاطمہؑ کیا کہتے ہو؟۔ غیور امامؑ نے فرمایا۔ ﴿اقول انا الذی اقاتلکم و تقاتلونی والنساء لیس علیهن جناح فامنعوا عتاتکم عن التعرض لحرمی ما دمت حیاً﴾ میں کہتا ہوں کہ میں تم سے جنگ کر رہا ہوں اور تم مجھ سے۔ عورتوں کا اس میں کیا قصور ہے؟ جب تک میں زندہ ہوں اپنے سرکش گستاخوں کو منع کرو کہ میرے خیام سے تعرض نہ کریں۔ یہ سن کر شمر نے قدرے شرمندہ ہو کر کہا۔ ﴿لک ذالک﴾ آپ کا یہ مطالبہ منظور ہے۔ پھر اس نے اس دستہ فوج کو پکار کر کہا۔ ﴿الیکم عن حرم الرجل فاقصدوه فی نفسه فلعمری لهو کفو کریم﴾ اس شخص (امامؑ) کے خیام سے دور ہو جاؤ اور خود اس کی طرف متوجہ ہو۔ مجھے اپنی زندگی کی قسم یہ کفو کریم ہے۔[4]

---

[1] ملہوف، ص ۱۰۵۔
[2] بحار، ج ۱۰، ص ۲۰۴۔ نفس المہموم، ص ۱۸۸۔
[3] بحار الانوار، ج ۱۰، ص ۲۰۴۔
[4] بحار، ج ۱۰، ص ۲۰۴۔ طبری، ج ۶، ص ۲۵۹۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

چنانچہ اس حکم کے بعد تمام فوج امامؑ کی طرف متوجہ ہوگئی اور ہر طرف سے آپ پر تیروں، تلواروں اور نیزوں کی بارش ہونے لگی۔ شدت پیاس سے امامؑ کی حالت غیر ہو رہی تھی۔ وہ بار بار پانی کا مطالبہ کرتے تھے مگر ظالم استہزاء کرتے تھے اور گستاخانہ جواب دیتے تھے۔[1] امام شریعۂ فرات کی طرف رخ کرتے، بے حیا فوج سامنے حائل ہو جاتی۔ فوج مخالف کے ٹھٹ کے ٹھٹ بڑھے چلے آتے تھے مگر یہ امام حسینؑ کی شمشیر خارا شگاف تھی جو انہیں اناج کے دانوں کی طرح بکھیر کر رکھ دیتی تھی۔ یہ امام حسینؑ کا ہی حوصلہ تھا کہ زخموں سے چور چور ہونے کے باوجود بھی اس طرح بے جگری سے مقابلہ کر رہے تھے۔ کوئی اور ہوتا تو کبھی کا دل چھوڑ گیا ہوتا۔

نہر فرات پر ساقیٔ کوثر کے فرزند کا قبضہ

اثناء جہاد میں ایک ایسا موقع آیا کہ ساقیٔ حوض کوثر کے فرزند نے اعور اسلمی اور عمرو بن الحجاج زبیدی (نہر فرات کی حفاظتی چار ہزار فوج کا سردار تھا) پر حملہ کرتے ہوئے اور تمام فوج کو بھگاتے ہوئے گھوڑا دوڑاتے ہوئے نہر فرات تک پہنچ کر گھوڑا نہر میں ڈال دیا۔ چاہا کہ پانی پیئں مگر ایک ظالم حصین بن تمیم لعین نے تیر مارا جو آپؑ کے حلق مبارک میں پیوست ہو گیا۔ آپؑ نے تیر کھینچا، خون کا فوارہ نکلا۔ امامؑ نے ہاتھ نیچے دھرا۔ دونوں چلو خون سے بھر گئے۔ آپؑ نے خون آسمان کی طرف اچھالا اور خدا کا شکر ادا کیا اور کہا۔ ﴿یارب الیک مشتکیٰ من قوم ارادوا دمی و منعونی شرب الماء﴾ بارالہا! میں اس قوم جفا کار کا شکوہ تیری بارگاہ میں کرتا ہوں، جس نے میرا خون بہایا اور مجھے پانی پینے سے روکا۔[2]

بعض روایات میں وارد ہے کہ جب سید الشہداؑ نے گھوڑا نہر میں ڈال دیا اور گھوڑے نے پانی پینے کے لئے منہ نیچے کیا تو امامؑ نے فرمایا۔ ﴿انت عطشان و انا عطشان و اللہ لاذقت الماء حتیٰ تشرب﴾ گھوڑا! تو بھی پیاسا ہے اور میں بھی۔ بخدا میں اس وقت تک پانی نہیں پیوں گا جب تک تو نہ پی لے۔ گویا اسپ وفادار امامؑ کا کلام سمجھ گیا اس لئے منہ اوپر اٹھا لیا۔ امامؑ نے فرمایا۔ ﴿اشرب فانا اشرب﴾ تو پانی پی، میں بھی پانی پیتا ہوں۔ پھر پانی کا چلو بھرا، چاہا کہ پیئں کہ اس اثناء میں ایک مکار نے کہا۔ ﴿یا ابا عبداللہ تتلذذ بشرب الماء وقد ھتکت حرمک!﴾ ابوعبداللہ! آپؑ پانی پی رہے ہیں اور ادھر آپؑ کے خیام لوٹے جا رہے ہیں۔ امامؑ نے پانی پھینک دیا اور حملہ کر کے فوجوں کو ہٹاتے ہوئے جب خیام کے پاس پہنچے تو دیکھا کہ خیام صحیح و سالم ہیں۔[3]

---

۱ مقاتل الطالبین، ص ۸۶۔

۲ طبری، ج ۶، ص ۲۵۸۔

۳ بحار، ج ۱۰، ص ۲۰۴۔ نفس المہموم، ص ۱۸۸۔ ناسخ، ۶، ص ۲۸۹۔ مقتل الحسین للمقرم، ص ۳۲۱ بحوالہ کتاب متعددہ۔ ناسخ، ج ۶، ص ۲۸۹۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

امامؑ کا دوسری بار اہل حرم کو الوداع کہنا

امام علیہ السلام پھر ایک بار خیام میں تشریف لے گئے اور اپنے اہل بیتؑ کو صبر و شکر کی تلقین کی اور اجر و ثواب عظیم کی بشارت دیتے ہوئے فرمایا: ﴿استعدوا للبلاء و اعلموا ان اللّٰہ تعالیٰ حافظکم و حامیکم سیجنیکم من شر الاعداء و یجعل عاقبۃ امرکم الیٰ خیر ویعذب اعادیکم بانواع البلاء و یعوضکم عن ھذہ البلیۃ بانواع النعم والکرامۃ فلا تشکوا ولا تقولوا بالسنتکم ما ینقص من قدرکم[1]﴾ اب تم بلاو مصیبت کے لئے تیار ہو جاؤ۔ یقین رکھو کہ خدا تمہارا حافظ و مددگار ہے۔ وہ تمہیں شر اعداء سے محفوظ رکھے گا۔ تمہارا انجام بخیر کرے گا اور تمہارے دشمنوں کو مختلف قسم کے عذاب و عقاب میں مبتلا کرے گا اور تمہیں اس بلا و مصیبت کے عوض مختلف انعام و اکرام سے نوازے گا۔ پس تم کسی قسم کا کوئی شکوہ و شکایت نہ کرنا اور کوئی ایسی بات منہ سے نہ نکالنا جو تمہاری منزلت میں کمی کی موجب ہو۔

اس کے بعد امام علیہ السلام دوبارہ میدان کارزار میں تشریف لائے اور خداداد شجاعت و شہامت کے جوہر دکھانے شروع کئے اور کشتوں کے پشتے لگانے لگے۔ شمر نے یہ دیکھ کر نئے سرے سے لشکر کو اس طرح سے مرتب کیا کہ پیادوں کے پیچھے سواروں کو کھڑا کر کے تیر اندازوں کو تیر چلانے کا حکم دیا۔ چنانچہ امام علیہ السلام پر اس قدر تیر برسائے گئے کہ اہل تاریخ کے بیان کے مطابق صارکالقنفذ کہ آپ کا جسم نازنین ساہی کے کانٹوں کی طرح ہو گیا۔[2] ہر طرف سے تیروں کا مینہ برس رہا تھا۔ امامؑ جوابی حملے بھی کرتے جاتے تھے اور یہ بھی فرماتے جاتے تھے: ﴿یا امۃ السوء بئسما خلفتم محمداً فی عترتہ اما انکم لن تقتلوا بعدی عبداً من عباد اللّٰہ فتھابوا قتلہ بل یھون علیکم عند قتلکم ایای و ایم اللّٰہ انی لارجوان یکرمنی ربی بالشھادۃ بھوانکم ثم ینتقم لی منکم من حیث لا تشعرون﴾ اے رسولؐ کی بری امت! تم نے جناب رسول خداؐ کے بعد ان کی عترت طاہرہ کے ساتھ بہت ہی برا سلوک کیا ہے۔ آگاہ ہو کہ تم میرے بعد کسی ایسے بندۂ خدا کو قتل نہیں کرو گے کہ جس سے کہ تمہیں خوف محسوس ہو بلکہ میرے عظیم قتل کے بعد تمہیں دوسروں کا قتل آسان معلوم ہوگا۔ خدا کی قسم! مجھے امید ہے کہ خدا مجھے شہادت کے درجۂ رفیعہ پر فائز کرے گا اور پھر تم سے میرے قتل کا اس طرح انتقام لے گا کہ تمہیں شعور بھی نہ ہوگا۔

حصین بن مالک سکونی نے بآواز بلند کہا۔ اے فرزند فاطمہ! خدا کس طرح ہم سے انتقام لے گا؟ امامؑ نے فرمایا۔ ﴿یلقی باسکم بینکم و یسفک دمائکم ثم یصیب علیکم العذاب الالیم﴾ تمہارے درمیان

---

[1] جلاء العیون، ص ۱۹۶۔ نفس المہموم، ص ۱۸۸۔ مقتل الحسین للمقرم، ص ۳۲۲ وغیرہ۔

[2] ارشاد مفیدؒ، ص ۲۶۴۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

اختلاف اور لڑائی واقع کر کے تمہارے خون بہائے گا اور پھر تم پر دردناک عذاب نازل کرے گا۔

اس اثناء میں ایک ملعون ابوالحتوف جعفی نے آپ کی پیشانیٔ اقدس پر زبردست تیر مارا جس کی وجہ سے چہرۂ انور پر خون بہنے لگا۔ امام علیہ السلام نے بارگاہ ایزدی میں عرض کیا: ﴿اللّٰھم انک تری ما انا فیہ من عبادک ھولاء العصاۃ اللّٰھم احصھم عدداً او اقتلھم بدداً ولا تذر علی وجہ الارض منھم احدا ولا تغفر لھم ابداً﴾ یا اللہ! تو دیکھ رہا ہے کہ تیرے یہ سرکش بندے میرے ساتھ کیا سلوک کر رہے ہیں۔ تو انہیں قتل و غارت کر اور روئے زمین پر ان میں سے کسی ایک کو بھی زندہ نہ چھوڑ اور انہیں ہرگز معاف نہ کر۔[1]

بعض کتب میں وارد ہے کہ بایں ہمہ امام علیہ السلام بڑی دلیری اور جگر کاوی کے ساتھ قوم اشقیاء کا مقابلہ کر رہے تھے۔ حتیٰ کہ اب کے بعض حملوں میں مقام ذوالکفل تک پہنچ گئے جو اس مقام سے جہاں آپ نے علم نصب کیا ہوا تھا بارہ میل کے فاصلے پر تھا۔ اس اثناء میں ہاتف غیبی کی آواز آئی۔ ﴿یایھا الذین آمنوا اوفوا بالعقود﴾

ع آواز آئی غیب سے وعدے وفا کرو

اس وقت امام علیہ السلام نے تلوار میان میں ڈال لی اور ہاتھ پر ہاتھ رکھ کر فرمایا: ﴿لا حول ولا قوۃ الا باللہ رضاً بقضائہ و تسلیماً لامرہ﴾۔[2]

SIBTAIN.COM
Presented By: www.jafrilibrary.com

امام مظلومؑ کے زخموں کی تعداد

ظالموں نے یہ کیفیت دیکھ کر اور بھی شدید حملے کر کے امامؑ کو بالکل گھائل کر دیا۔ آقائے مظلومؑ کا جسم مقدس زخموں سے چور چور ہو چکا تھا۔ بروایتے بہتر (۷۲) بروایتے تینتیس (۳۳) نیزوں کے اور ۲۴ تلوار کے، بروایتے کچھ اوپر تین سو، بروایتے تین سو ساٹھ اور ایک روایت کے مطابق ایک ہزار نو سو پچاس زخم تھے۔[3] کما قیل ؎

یک ہزار و نہ صد و پنجاہ زخمے بر بدن ہیچ زخمے کمتر از داغ علی اکبرؑ نبود

ہماری ناچیز رائے یہ ہے کہ یہ حد بندی صحیح نہیں ہے جبکہ ایک ایک زخم میں کئی کئی زخم موجود تھے۔ تو اس صورت میں کون صحیح اندازہ لگا سکتا ہے کہ زخموں کی اصل تعداد کس قدر تھی؟

می خواہم از خدا بدعا صد ہزار جان تا صد ہزار بار بمیرم برائے او

---

[1] مقتل الحسین للمقرم، ص ۳۲۴۔ نفس المہموم، ص ۱۸۹۔

[2] مواعظ حسنہ (نقل بالمعنیٰ)، ص ۱۰۴، ۱۰۵، طبع سیوم۔

[3] نفس المہموم، ص ۱۸۹۔ وقائع ایام محرم، ص ۵۵۲۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

ارباب مقاتل کا بیان ہے کہ خون کے بکثرت بہہ جانے کی وجہ سے امام عالی مقامؑ پر ضعف و نقاہت کا غلبہ تھا۔ بدن زخموں سے نڈھال ہوگیا تھا۔ قدرے ستا رہے تھے کہ اچانک ایک شقی نے پیشانی اقدس پر پتھر مارا جس کی وجہ سے خون نکلا۔ امام عالی مقامؑ نے کرتہ کا دامن اٹھایا تا کہ خون کو پونچھیں کہ اس اثناء میں ایک سہ شعبہ نوکدار تیر فرائے لیتا ہوا آیا اور آنجنابؑ کے سینہ بے کینہ میں پیوست ہوگیا۔ تیر کا لگنا تھا کہ امامؑ نے پڑھا۔ ﴿بسم الله و بالله و علیٰ ملة رسول الله صلی الله علیه و آله﴾۔ پھر آسمان کی طرف سر بلند کر کے کہا۔ ﴿الهی انک تعلم انهم یقتلون رجلاً لیس علیٰ وجه الارض ابن نبی غیره﴾۔ بارالہا! تو بہتر جانتا ہے کہ یہ لوگ ایسے شخص کو قتل کر رہے ہیں کہ اس وقت تمام روئے زمین پر اس کے سوا اور کوئی فرزند رسولؐ نہیں ہے۔ تیر سہ شعبہ تھا اور سینہ بے کینہ کے آر پار ہوگیا تھا۔ اس لئے امامؑ نے ہر چند کوشش کی مگر سامنے کی طرف سے تیر کو نہ کھینچ سکے اس لئے جھک کر پشت کی طرف سے کھینچا۔ ﴿فابعث الدم کالمیزاب﴾ پرنالے کی طرح جوش مار کر خون نکلا۔ امامؑ نے نیچے ہاتھ رکھ لیا۔ جب چلو لبریز ہوگیا تو آسمان کی طرف پھینک دیا۔ مگر ایک قطرہ بھی واپس نہ آیا۔ پھر دوبارہ نیچے ہاتھ رکھا جب بھر گیا تو اپنے سر و ریش مبارک پر مل کر فرمایا ﴿هکذا اکون حتی القی جدی رسول اللهؐ وانا مخضوب بدمی واقول یا رسول الله قتلنی فلان و فلان﴾ میں اسی طرح اپنے خون کا خضاب لگا کر اپنے جد نامدار کی بارگاہ میں حاضر ہوں گا اور جا کر عرض کروں گا۔ یا رسول اللہ! مجھے فلاں و فلاں نے شہید کیا ہے۔[1]

اسی اثنا میں صالح بن وہب مزنی نے آپ کی پشت مبارک پر اس زور سے نیزہ مارا کہ آپ زین پر سنبھل نہ سکے بلکہ ﴿بسم الله و بالله و علیٰ ملة رسول الله صلی الله علیه﴾ پڑھتے ہوئے زین فرس سے زمین کے فرش پر داہنے رخسار کے بل تشریف لائے۔[2]

بلند مرتبہ شاہے زصدر زین افتاد　　اگر غلط نکنم عرش برزمین افتاد

بعض آثار سے واضح و آشکار ہوتا ہے کہ امام علیہ السلام زمین پر گرنے کے بعد اٹھ کھڑے ہوئے۔ جہاں پہلے پہل گرے تھے وہ مقتل گاہ سے خاصے فاصلے پر تھی۔ پھر افتاں و خیزاں موجودہ مقام تک پہنچے۔ مؤرخین نے لکھا ہے ﴿تارة یبوء و تارة یکبو و یقوم مرة و یکب اخریٰ﴾ چند قدم چلتے پھر منہ کے بل گر پڑتے۔ (نفس المہموم، ص ۱۹۳۔ طبری، ج ۶) بعض علماء نے لکھا ہے کہ یہ بار بار کا گرنا ضعف کی وجہ سے نہ تھا بلکہ وجہ یہ تھی کہ حضرت اٹھ کر

---

[1] نفس المہموم، ص ۱۹۰۔ بحار، ج ۱۰، ص ۲۰۴۔ مقتل خوارزمی، ج ۲، ص ۳۴ وغیرہ۔

[2] نفس المہموم، ص ۱۹۲ وغیرہ۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

چند قدم چلتے تو کوئی شقی نیزہ مارتا اور کوئی تلوار اور حضرت گر پڑتے۔[1]

اس اثناء میں حصین بن نمیر تمیمی ملعون نے دہن اقدس میں تیر مارا۔ ابوایوب غنوی لعین نے حلق میں تیر مارا اور زرعہ بن شریک لعین نے آپ کے بائیں بازو پر تلوار کا وار کیا۔ ایک دوسرے ملعون نے دائیں شانے پر تلوار ماری اور سنان بن انس نخعی لعین نے آپؑ کی ہنسلی کی ہڈی میں نیزہ مارا جس سے آپؑ منہ کے بل گر پڑے، پھر اٹھ کر بیٹھ گئے اور حلق سے تیر کھینچا۔[2] اس وقت دشمنوں نے آپؑ کو گھیرے میں لے لیا۔ امامؑ کو شہید کرنے کی تیاریاں ہونے لگیں۔ پسر سعد پاس کھڑا تھا۔

زینبؑ عالیہ کی بے تابی

یہ دردناک اور ہوشربا منظر دیکھ کر عقیلۂ قریش جناب زینبؑ عالیہ خیمہ کے دروازہ (تلہ زینبیہ) پر آ گئیں اور صدائے نالہ وشیون بلند کی اور شدت درد وکرب سے بے چین ہو کر کہنا شروع کیا ﴿وا اخاہ! واسیداہ! وا اھل بیتاہ! لیت السماء اطبقت علی الارض! ولیت تدکدکت علی السھل﴾[3] ہائے بھائی! ہائے سردار! ہائے اہل بیتؑ! اے کاش آج آسمان زمین پر گر پڑتا۔ اور اے کاش! پہاڑ زمین پر گر کر پارہ پارہ ہو جاتے۔ پھر بیتابانہ انداز میں عمر بن سعد لعین کو خطاب کر کے فرمایا۔ ﴿ویلک یا عمر! ایقتل ابوعبداللہ و انت تنظر الیہ﴾ اے پسر سعد! تو دیکھ رہا ہے اور ابوعبداللہ کو شہید کیا جا رہا ہے! راوی کہتا ہے کہ عمر لعین نے کوئی جواب نہ دیا لیکن میں نے دیکھا کہ اس وقت آنسوؤں کی لڑیاں اس کے رخساروں پر جاری تھیں۔[4] پھر بی بی نے تمام فوج مخالف کو خطاب کر کے فرمایا۔ ﴿ویحکم اما فیکم مسلم؟﴾ وائے ہو تم پر، کیا تم میں کوئی بھی مسلمان نہیں ہے؟ بی بی کی اس داد وفریاد پر کسی بھی شقی نے کوئی جواب نہ دیا۔[5]

ہائے افسوس! بی بیؑ کی یہ کوششیں بارآور نہ ہوئیں اور وہ اپنے بھائی کی جان نہ بچا سکیں۔ امامؑ نہایت مجروح وخستہ حالت میں خاک پر تشریف فرما تھے کہ مالک بن نسر کندی لعین نے آگے بڑھ کر امامؑ پر سب وشتم کیا اور پھر سر اقدس پر تلوار ماری جس سے عمامہ کے نیچے جو ٹوپی تھی وہ کٹ گئی اور سر مبارک بھی شگافتہ ہو گیا۔ ٹوپی خون سے بھر گئی۔ امامؑ نے وہ ٹوپی اتار دی۔ سر پر پٹی باندھی۔ ظالم سے فرمایا۔ ﴿لا اکلت بیمینک ولا شربت و

---

[1] مواعظ حسنہ، ص ۱۶۸، طبع سوم۔

[2] عاشر بحار، ص ۲۰۵۔ نفس المہموم، ص ۱۹۳۔ مقتل الحسین للمقرم، ص ۳۲۹ وغیرہ۔

[3] بحار، ج ۱۰، ص ۲۰۵۔ وقائع، ص ۵۵۷۔

[4] کامل، ج ۳، ص ۲۹۵۔ نفس، ص ۱۹۲ وغیرہ۔

[5] ارشاد، ص ۲۶۴۔ نفس المہموم، ص ۱۹۲۔ ناسخ، ج ۶، ص ۲۹۳۔ بحار، ج ۱۰، ص ۲۰۵ وغیرہ۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

حشرک اللّٰہ مع الظالمین ﴾ تجھے کبھی اس دائیں ہاتھ سے کھانا بلکہ پینا بھی نصیب نہ ہو اور خدا تیرا حشر ظالموں کے ساتھ کرے۔ امامؑ کی اس بددعا کا اثر یہ ہوا کہ اس ظالم کے دونوں ہاتھ سردیوں میں چوب خشک کی طرح ہو جاتے تھے اور گرمیوں میں ان سے خون اور پیپ بہتی تھی۔ یہاں تک کہ اسی حالت میں فقر و فلاکت میں مبتلا رہ کر واصل جہنم ہو گیا۔ (قمقام زخار، ص ۳۸۲۔ بحار الانوار، ص ۲۰۱)

امامؑ کو زین اسپ سے فرش پر آئے کافی دیر ہو چکی تھی۔ دشمن چاہتا تو آپؑ کو بہت پہلے شہید کر ڈالتا مگر معلوم ہوتا ہے کہ یہ گناہ عظیم کوئی اپنے سر لینا نہ چاہتا تھا۔[1] آخر کار شمر لعین نے للکار کر کہا۔ کیا انتظار ہے؟ ان کا کام جلد تمام کرو۔ خولی بن یزید اصبحی لعین آگے بڑھا مگر وہ لرزہ براندام ہو کر واپس چلا گیا۔ شمر لعین نے غصہ سے کہا۔ خدا تیرے بازو کو شل کرے کانپتا کیوں ہے؟ اس کے بعد یہ ملعون خود آگے بڑھا اور ناقابل بیان گستاخانہ انداز میں بیٹھ گیا۔ یہ ملعون مبروص تھا۔ جناب سید الشہداءؑ نے اس کی طرف دیکھا اور فرمایا: ﴿اللّٰہ اکبر صدق اللّٰہ و رسولہ قال رسول اللّٰہ کانی انظر الی کلب ابقع یلغ فی دم اھلبیتی﴾ خدا اور رسولؐ نے سچ فرمایا ہے! جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تھا کہ میں ایک سفید داغ والے کتے کو دیکھ رہا ہوں جو میرے اہل بیتؑ کے خون میں منہ ڈال رہا ہے۔ بہر حال، اس شقی ازلی نے کند تلوار کی بارہ ضربات سے خامس آل عبا نواسہ رسولؐ خدا جناب سید الشہداء علیہ آلاف التحیۃ والثناء کا پس گردن سے سر اقدس تن اطہر سے جدا کر[2] دیا۔ ﴿اِنَّا لِلّٰہِ وَ اِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ وَ سَیَعْلَمُ الَّذِیْنَ ظَلَمُوْا اَیَّ مُنْقَلَبٍ یَّنْقَلِبُوْنَ﴾

تاریخ عالم کا یہ عدیم النظیر واقعہ ۱۰ محرم الحرام ۶۱ھ بروز جمعہ واقع ہوا۔

گر خوانمش قیامت صغریٰ بعید نیست
آں رستخیز عام کہ نامش محرم است

---

[1] کامل، ج ۳، ص ۲۹۵ وغیرہ۔

[2] مقتل عوالم، ص ۱۰۰۔ مقتل خوارزمی، ج ۲، ص ۳۷۔ مقتل مقرم، ص ۳۳۳۔ بحار الانوار، قمقام زخار، ارشاد شیخ مفید، امالی شیخ صدوق، مقتل ابن نما، تاریخ طبری، تاریخ کامل، ناسخ التواریخ، نفس المہموم وغیرہا۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

چوبیسواں باب

امامؑ کی شہادت عظمیٰ سے لے کر اسیری اہل بیتؑ تک کے واقعات

امر اول:۔ شہادتِ حسینی کے بعد قہر و غضب الٰہی کے آثار کا نمودار ہونا

اس باب میں چند اہم امور پر تبصرہ کرنا مقصود ہے۔

اخبار و آثار سے واضح و آشکار ہوتا ہے کہ حجت خدا کی اس بیدردانہ و سفاکانہ شہادت سے کائنات میں تلاطم پیدا ہو گیا اور انقلاب عالم و عذاب الٰہی کے آثار پیدا ہونے لگے۔ سیاہ آندھیاں چلنے لگیں۔ زمین میں زلزلہ پیدا ہوا۔ آسمان سے خون کی بارش ہوئی۔ بجلیاں کڑکنے لگیں۔ دن کے وقت تارے نظر آنے لگے اور فضا میں تاریکی چھا گئی۔ قریباً ایک گھنٹہ تک یہی کیفیت رہی۔[1]

مندرجہ ذیل علامات کا تذکرہ تو برادران اسلامی کی کتب میں بھی موجود ہے۔ تین دن تک دنیا تاریک ہو گئی۔[2] سخت اندھیرا چھا گیا۔[3] یہاں تک کہ لوگوں نے سمجھا کہ قیامت آ گئی ہے۔[4] دن دہاڑے تارے نمودار ہو گئے۔[5] سورج کو گہن لگ گیا۔[6] آسمان سے خون برسا۔[7] اور اس کا اثر دیواروں اور کپڑوں پر مدت تک باقی رہا۔[8] دوسری صبح جب مٹکے اور گھڑے دیکھے گئے تو وہ خون سے پُر تھے[9] اور جب کوئی پتھر یا ڈھیلا زمین سے اٹھایا جاتا تھا تو اس کے نیچے سے ابلتا ہوا خون نکلتا تھا۔[10]

کئی آثار سے ظاہر ہوتا تھا کہ سید الشہداءؑ کی شہادت سے پہلے آسمان پر سرخی نہ تھی۔ اس کا سلسلہ شہادت امامؑ کے بعد شروع ہوا۔[11] غنیۃ الطالبین، مترجم، ص ۵۸۶، طبع لاہور میں لکھا ہے: ﴿هبط على قبر الحسينؑ بن

---

[1] تاریخ، ج ۶، ص ۲۹۳، ۲۹۴۔ عاشر بحار، ص ۲۰۵۔ مقتل، ص ۳۹۴۔ نفس، ص ۱۹۲۔

[2] تاریخ ابن عساکر، ج ۴، ص ۳۳۹۔ خصائص کبریٰ سیوطی، ج ۲، ص ۱۲۲ وغیرہ۔

[3] الاتحاف بحب الاشراف، ص ۲۴۔

[4] صواعق محرقہ، ص ۱۱۶، اتحاف، ص ۲۴۔

[5] تہذیب التہذیب، ج ۱، ص ۳۵۴۔ صواعق، ص ۱۱۶۔

[6] تاریخ الخلفاء، ص ۱۳۸، صواعق، ص ۱۱۶

[7] خصائص کبریٰ، ج ۲، ص ۱۲۱۔ تذکرۃ الخواص، ص ۱۵۵۔ صواعق محرقہ، ص ۱۱۶۔

[8] تاریخ ابن عساکر، ج ۴، ص ۳۳۹۔

[9] خصائص کبریٰ، ج ۲، ص ۱۲۶۔ الکواکب الدریہ، ج ۱، ص ۵۶۔

[10] تاریخ ابن عساکر، ج ۴، ص ۳۳۹۔ صواعق بحوالہ مقتل الحسین للمقرم، ص ۳۲۷۔

[11] صواعق، ص ۱۱۶، طبع قدیم۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

علیؑ لما اصیب سبعون الف ملک یبکون علیه الی یوم القیامة﴾ جب امام حسینؑ کی شہادت واقع ہوئی تو خداوند عالم نے ستر ہزار فرشتے نازل کئے جو قیامت تک وہاں آپ پر گریہ و بکا کرتے رہیں گے۔ ان حقائق سے یہ حقیقت بھی روز روشن کی طرح واضح و آشکار ہو جاتی ہے کہ امام مظلوم پر مظاہر غم و حزن کا اظہار کرنا سنت پروردگار ہے۔ جب حکم خدا سے معصوم فرشتے آں جنابؑ کی مصیبت پر گریہ و بکا کرتے ہیں تو اگر ہم ایسا کریں تو اسے کیونکہ بدعت قرار دیا جا سکتا ہے؟

جناب امّ سلمہ و ابن عباس کا روز عاشوراء حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو عالم رؤیا میں اس حال میں دیکھنا کہ سر و ریش مبارک میں خاک تھی۔ اور دست مبارک میں ایک شیشی تھی جس میں سید الشہداء اور ان کے اعزاء و اصحاب کا خون مقدس تھا۔ موصوفین نے اس پریشانی کی وجہ دریافت کی تو آں حضرتؐ نے فرمایا کہ میں ابھی ابھی حسینؑ کی قتل گاہ سے آ رہا ہوں (مشکوٰۃ ص ۵۶۲ تا ۵۶۴ طبع دہلی۔ ترمذی شریف ج ۲ ص ۲۱۸ طبع دہلی) اس سے معلوم ہوا کہ روز عاشوراء سر و ریش میں خاک ڈالنا اور دوسرے مظاہر غم کا اظہار کرنا سنت رسولؐ ہے۔

ناسخ (ج ۶ ص ۲۹۳) میں لکھا ہے کہ شہادت حسینؑ کے بعد قوم اشقیاء نے تین بار نعرہ تکبیر بلند کیا۔ اور ص ۲۹۴ پر لکھا ہے کہ ہاتف غیبی نے آواز دی۔ قتل واللّٰہ الامام ابن الامام و اخو الامام و ابو الائمة الحسین بن علی بن ابی طالب علیهم السّلام ولنعم ما قیل ؎

و یکبرون بان قتلت وانّما قتلوا بک التکبیر والتهلیلا

امر دوم:۔ امامؑ کی لاش مقدس کی عریانی

انسان نما درندوں نے صرف شہادت امامؑ پر ہی اکتفا نہیں کی بلکہ جسد اطہر پر زخموں کے ساتھ تار تار شدہ جو لباس تھا وہ بھی اتار لیا۔ چنانچہ قمیص اسحاق بن الحیوۃ حضرمی نے اتاری، شلوار ابجر بن کعب تمیمی نے، عمامہ خنس بن مرشد حضرمی نے، نعلین اسود بن خالد نے اتاریں۔ اور انگوٹھی بجدل بن سلیم کلبی نے جس کے ساتھ ملعون نے آقائے نامدار کی انگشت مبارک بھی قلم کر لی۔ اور قطیفہ (چادر یمانی) قیس بن اشعث نے اور تبراء نامی زرہ عمر بن سعد نے حاصل کی۔ اس کے قتل کے بعد مختار نے وہ زرہ اس کے قاتل ابی عمرہ کو دے دی تھی تلوار کس نے لی؟ اس کے بارے میں مختلف اقوال ہیں (۱) قبیلہ اود کے ایک شخص نے لی (۲) وارمی شخص نے لی (۳) بنی تمیم کے ایک آدمی نے لی (۴) اور یہ کہ بنی نہشل کے ایک مرد فلافس [1] نے لی۔ واللہ العالم

مخفی نہ رہے کہ یہ تلوار ذوالفقار نہ تھی۔ کیونکہ وہ تو ذخائر نبوت و امامت میں مذخور تھی بلکہ کوئی اور تلوار تھی۔ [2]

---

[1] ارشاد، ص ۲۶۴۔ طبری، ج ۶، ص ۲۶۰۔

[2] ملہوف، ص ۱۱۴، ۱۱۵۔ بحار، ج ۱۰، ص ۲۰۵۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

نیز پوشیدہ نہ رہے کہ بعض روایات میں حضرت امام جعفر صادقؑ سے انگوٹھی والے واقعہ کی نفی وارد ہوئی ہے۔ اور اس کی علت یہ بیان کی گئی ہے کہ وہ انگوٹھی جس کا نقش لا اله الا الله عدة للقاء الله تھا۔ ودائع نبوت وامامت میں سے تھی جو آں جنابؑ نے اپنی شہادت سے پہلے امام زین العابدینؑ کے حوالہ کر دی تھی۔[1] لہٰذا اگر انگوٹھی والے واقعہ کو صحیح تسلیم کیا جائے (اور اسے صحیح تسلیم نہ کرنے کی بظاہر کوئی وجہ نہیں ہے جب کہ اکثر کتب معتمدہ میں مذکور ہے) تو تلوار کی طرح اس کی بھی یہ تاویل ممکن ہے کہ یہ وہ انگوٹھی نہ تھی جو ذخائر نبوت میں سے تھی۔ یہی تاویل جناب محدث قمی نے کی ہے۔[2] بعض کتب میں انگوٹھی کی بجائے ایک قیمتی ازار بند کا واقعہ عجیب وغریب تفصیل کے ساتھ مذکور ہے۔ جس میں امام کے سر اور دست مبارک کی انگشتان مبارک کے قطع کرنے کا واقعہ مسطور ہے۔[3] واللہ العالم

واضح رہے کہ جو ظالم جناب سید الشہداءؑ کی کوئی چیز لوٹ کر لے گئے۔ آثار واخبار سے معلوم ہوتا ہے کہ قریباً سب کے سب کسی نہ کسی آہت وآفت اور لاعلاج جسمانی بیماری کا شکار ہوئے۔ چنانچہ اسحاق نے قمیص پہنی تو برص کی بیماری میں مبتلا ہو گیا۔ ابجر نے جب شلوار استعمال کی تو پاؤں شل ہو گئے اور زمین گیر ہو گیا۔ اخنس نے جب عمامہ باندھا تو دیوانہ ہو گیا اور مرض جذام میں مبتلا ہو گیا۔ بجدل کو مختار نے ہاتھ قطع کر کے ہلاک کیا۔[4] و لعذاب الاخرة اشد و ابقی۔

امر سوئم:۔ جناب سید الشہداءؑ کی لاش مقدس کو پامال سم اسپاں کرنے کی تحقیق

حضرت سید الشہداء علیہ السلام کی پامالیٔ لاش مقدس کی بابت علماء میں قدرے اختلاف ہے جو بات مشہور و معروف بلکہ حد تواتر تک پہنچی ہوئی ہے وہ یہی ہے کہ لاش مطہر کو پامال سم اسپاں کیا گیا جیسا کہ ارشاد شیخ مفیدؒ، ص ۲۶۵۔ ملہوف سید بن طاؤسؒ، ص ۱۱۹۔ عاشر بحار الانوار، ص ۲۰۶۔ قمقام زخار فاضل فرہاد مرزا، ص ۳۹۹۔ ناسخ التواریخ۔ مرزا سپہر کاشانی، ج ۶، ص ۲۹۷۔ نفس المہموم شیخ عباس قمی، ص ۲۰۱۔ مقتل الحسین السید عبد الرزاق المقرم النجفی، ص ۳۶۱۔ لوائح الاشجان علامہ سید محسن امین عاملی، ص ۱۵۸، اور کامل ابن اثیر، ج ۳، ص ۲۹۶ وغیرہ میں مذکور ہے۔

اس واقعہ ہائلہ کی اجمالی کیفیت جو ان کتب میں مذکور ہے وہ یہ ہے کہ شہادت امام عالی مقام کے بعد عمر بن

---

[1] نفس المہموم، ص ۱۹۷، ۱۹۸۔ قمقام، ص ۳۹۹۔

[2] نفس المہموم، ص ۱۹۷۔

[3] انوار نعمانیہ، ص ۳۴۲، طبع ایران۔

[4] ملہوف، ص ۱۱۴۔ نفس المہموم، ص ۱۹۴۔ قمقام، ص ۳۹۵۔ ناسخ، ج ۶، ص ۲۹۶۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

سعد نے اپنی سپاہ کو خطاب کر کے کہا: ﴿من ینتدب للحسین و یوطئه فرسه؟﴾ تم میں ہے کون حسینؑ کی لاش کو پامال سم اسپاں کرتا ہے؟ اس اعلان کے بعد دس شقی گھوڑ سوار آگے بڑھے جن کے نام یہ ہیں:

(۱) اسحاق بن حیوہ۔ (۲) اخنس بن مرثد۔ (۳) حکیم بن طفیل۔ (۴) عمر بن صبیح صیداوی۔ (۵) رجاء بن منقذ عبدی۔ (۶) سالم بن خیثمہ جعفی۔ (۷) واحظ بن ناعم۔ (۸) صالح بن وہب الجعفی۔ (۹) ہانی بن ثبیت حضرمی۔ (۱۰) اسید بن مالک لعنهم الله جمیعاً۔ مؤرخین نے لکھا ہے کہ ﴿فداسوا الحسین علیه السلام بحوافر خیولهم حتی رضوا صدره و ظهره﴾ ان ملاعین نے جناب امام حسین علیہ السلام کی لاش مقدس کو اپنے گھوڑوں کی ٹاپوں کے نیچے اس طرح پامال کیا کہ سینہ و پشت کی ہڈیوں کو ریزہ ریزہ کر دیا۔ یہی ملعون تھے جنہوں نے ابن زیاد بدنہاد کے دربار میں اپنے اسی سیاہ کارنامے کو فخریہ انداز میں اس طرح بیان کیا تھا۔

نحن رضضنا الصدر بعد الظهر　　بکل یعبوب شدید الاسر

اور پھر ابن زیاد نے ان کو معمولی سا جائزہ دیا تھا۔ ﴿خسر الدنیا والاخرة و ذلک هو الخسران المبین﴾ ابو عمر زاہد کا بیان ہے کہ ﴿فنظرنا الی هولا العشرة فوجدنا هم جمیعاً اولاد زنا﴾ ہم نے جب ان دس آدمیوں کے نسبی حالات و کوائف کا جائزہ لیا تو معلوم ہوا کہ سب کے سب ولد الزنا تھے۔[1]

محبت شه مردان مجوز بے پدرے　　که دست غیر گرفت است پائے مادر او

ہاں بعض علماء کرام کا خیال یہ ہے (جناب علامہ مجلسیؒ کا رجحان بھی اسی قول کی طرف ہے) کہ لاش مقدس پامال نہیں ہوئی۔ ان کے اس نظریہ کی بنیاد اس روایت پر قائم ہے جو اصول کافی (ص ۲۵۴ طبع ایران) میں موجود ہے کہ جب ملاعین نے پامالی لاش سید اشہداء کا ارادہ کیا تو جناب فضہ نے عقیلہ بنی ہاشم جناب زینب علیہا کے حکم سے جنگل کے شیر کو بلایا[2] جو چنگھاڑتا ہوا آیا اور اگلے پاؤں لاش مبارک پر پھیلا کر بیٹھ گیا۔ ابن سعد نے یہ منظر دیکھ کر اپنے سپاہیوں کو حکم دیا کہ ﴿فتنة لا تثیروها انصرفوا﴾ یہ کوئی آزمائش ہے اسے نہ چھیڑو اور واپس چلے جاؤ۔ چنانچہ سوار واپس چلے گئے۔ بنا بر تسلیم اس روایت کا جواب اس طرح دیا جا سکتا ہے کہ ممکن ہے کہ اس وقت (عصر عاشوراء کو) شیر کی وجہ سے لاش مطہر پامال نہ کی گئی ہو۔ لیکن ابن سعد چونکہ گیارہویں محرم کو زوال کے بعد کربلا سے اپنی

---

[1] ملہوف، ص ۱۲۰۔ نفس، ص ۲۰۲ وغیرہ۔

[2] مخفی نہ رہے کہ روایت میں لفظ ابو الحارث وارد ہے۔ ابو الحارث ہر شیر کو کہا جاتا ہے۔ یہ اس کی متعدد کنیتوں میں سے ایک کنیت ہے۔ ملاحظہ ہو: حیوۃ الحیوان دمیری، ج ۱، ص ۳۔ لہٰذا بعض داستان گو اس شیر کے بارے میں جو قصے بیان کرتے ہیں ان کی کوئی حقیقت نہیں ہے۔ (منہ عفی عنہ)

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

فوج سمیت کوفہ روانہ ہوا تھا۔ اور یہ اس روایت میں مذکور نہیں ہے کہ اس کی روانگی تک شیر برابر پہرہ دیتا رہا تھا۔ لہٰذا ہوسکتا ہے کہ کچھ دیر کے بعد جب شیر چلا گیا ہو تو ان بدبختوں نے اپنے مشئوم ارادہ کی تکمیل کر لی ہو۔ اسی طرح اس روایت کی تکذیب بھی نہیں ہوتی۔ اور قول مشہور کی صحت پر بھی آنچ نہیں آتی۔

فاضل بیرونی نے اسی انسانیت سوز واقعہ پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھا ہے: ﴿لقد فعلوا بالحسین ما لم یفعل فی جمیع الامم باشرار الخلق من القتل بالسیف و الرمح والحجارة واجراء الخیول﴾ ان اشقیاء نے امام حسینؑ کے ساتھ وہ سلوک کیا جو تمام اقوام وامم میں اشرار خلق کے ساتھ بھی نہیں کیا جاتا یعنی ان کو نیزہ و تلوار اور پتھروں سے شہید کیا۔ اور پھر ان پر گھوڑے دوڑائے۔[1]

امر چہارم:۔ اسپ امامؑ کا عجیب کیفیت کے ساتھ خیام کی طرف آنا

اخبار و آثار سے واضح و آشکار ہوتا ہے کہ امام علیہ السلام کی شہادت کے بعد امام کے گھوڑے نے اپنے سر گردن کو خون امام سے رنگین کیا۔ اور پریشان حال دوڑتا اور ہنہناتا ہوا۔ خیام کی طرف آیا جب بنات رسولؐ نے گھوڑے کی آواز سنی تو در خیمہ پر آ گئیں دیکھا کہ رہوار بلا سوار ہے۔ یقین ہو گیا کہ امام شہید ہو گئے ہیں۔ بی بیوں نے سخت گریہ و بکا کیا اور جناب ام کلثومؑ نے سر پر ہاتھ رکھ کر یہ بین کیا: ﴿وا محمداه هذا الحسین بالعراء قد سلب العمامة و الرداء﴾ ہائے جد نامدار یہ حسینؑ ہیں جو ق و دق صحرا میں پڑے ہیں۔ سر سے عمامہ اور کاندھوں سے رداء چھین لی گئی ہے۔[2]

بعض کتب میں مرقوم ہے کہ امام کی شہادت کے بعد ظالموں نے امام کے گھوڑے کو پکڑنے کی کوشش کی مگر گھوڑے نے اپنی پیشانی خون امام سے رنگین کی اور دوڑتا اور ہنہناتا ہوا خیام حسینیؑ کی طرف گیا وہاں پہنچ کر زور زور سے زمین پر سر مارنا شروع کیا حتی کہ اس حالت میں اس کی موت واقع ہو گئی۔[3]

ناسخ کی ایک روایت کے مطابق گھوڑے نے خیام میں اس طرح اطلاع دینے کے بعد اپنے آپ کو دریائے فرات میں ڈال دیا اور غم امامؑ میں جان دے دی۔[4] اس طرح راہوار نے اپنے عظیم سوار کے ساتھ وفاداری کا پورا پورا حق ادا کر دیا۔

بعض کتب میں اس گھوڑے کی حمایت و نصرت امامؑ کی بابت ایک عجیب واقعہ مذکور ہے کہ جب امام زین سے زمین پر تشریف لائے تو گھوڑے نے اپنے عظیم سوار کی اس طرح حفاظت کرنا شروع کی کہ فوج اشقیاء کے

---

۱ الآثار الباقیہ للبیرونی، ص ۳۲۹، طبع لیدن۔ (علی ما نقل عنہ)۔
۲ امالی شیخ صدوق، ص ۹۸، طبع ایران۔
۳ عاشر بحار، ص ۲۰۶۔
۴ ناسخ التواریخ، ج ۶، ص ۱۹۳۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

سواروں میں سے پہلے کسی سوار پر حملہ کر کے نیچے گرا دیتا اور پھر اپنی ٹاپوں سے اسے روند ڈالتا۔ اسی طرح پورے چالیس سواروں کا صفایا کیا۔[1]

شہادت امامؑ کے بعد مذکورہ بالا کیفیت کے ساتھ گھوڑے کا خیام کی طرف آنا جناب سید مرتضیٰ علم الہدائیؒ کی انشاء کردہ زیارت امام میں وارد ہے: ﴿فلما رأین جوادک مخزیا وسرجک علیه ملویا برزن من الخدور ناشرات الشعور علی الخدود لا طمات الوجوه. سافرات و بالعویل واعیات و بعد العز من مذللات﴾ جب مخدرات عصمت نے تیرے رہوار کو اس طرح پریشان حال دیکھا اور دیکھا کہ زین ایک طرف سرکی ہوئی ہے۔ تو بیبیاں کھلے بالوں، منہ پر طمانچے مارتی ہوئی خیام سے باہر نکل آئیں اور جگر خراش بین کرنے لگیں۔[2]

ناسخ[3] میں جناب سکینہ بنت الحسینؑ کے یہ بین مذکورہ ہیں:

﴿وا قتیلاه وا ابتاه. وا حسناه. وا حسیناه. وا غربتاه. وابعد سفراه. وا طول کربتاه. هذا الحسین بالعراء مسلوب العمامة و الرداء﴾۔

ایضاح در کشف ابہام از نام اسپ امامؑ

اس گھوڑے کا نام کیا تھا؟ عام طور پر مشہور ذوالجناح مگر قریباً تمام قابل وثوق کتب سیر و مقاتل کی ورق گردانی کے بعد بھی اس کا کوئی ثبوت نہیں مل سکا البتہ اس کی رد میں بعض اہل تحقیق کے ارشادات ملے ہیں۔

(۱) چنانچہ صاحب ناسخ رقمطراز ہیں: ﴿مکشوف باد که اسپ سید الشهداء که در کتب معتبره بنام نوشته اند افزون از دو مال سواری نیست. یکے اسپ رسول خدا صلی الله علیه و آله که "مرتجز" نام داشت و دیگر شترے که "مسنات" مینا مید ند. و اسپے که ذوالجناح نام داشته باشد. در هیچ یك از کتاب احادیث واخبار و تواریخ معتبره من بنده ندیده ام "الخ..﴾ یعنی جو کچھ کتب معتبرہ میں موجود ہے وہ یہ ہے کہ جناب سید الشہداء کی دو سواریاں تھیں۔ ایک جناب رسول خداؐ والا گھوڑا جس کا نام "مرتجز" تھا۔ اور دوسرا شتر جس کا نام مسنات تھا۔ آیا آنجناب کا کوئی ذوالجناح نامی گھوڑا بھی تھا؟ میں نے کسی معتبر کتاب یا حدیث میں ایسی کوئی تصریح نہیں دیکھی۔"

---

[1] مناقب شہر ابن آشوب، ج ۴، ص ۷۲۔ عاشر بحار، ص ۲۰۵۔

[2] زیارت سید مرتضیٰؒ مندرجہ بحار، ج ۲۲، ص ۱۷۲۔ بخلط معروف بزیارت ناحیہ۔

[3] ج ۶، ص ۲۹۵۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

(۲) ایسا ہی مقام میں مذکور ہے۔ فراجع

امر پنجم:۔ تاراجیٔ خیام اہل بیتؑ

ظالموں نے مذکورہ بالا مظالم پر ہی اکتفا نہیں کیا بلکہ شہادت حسینیؑ کے بعد ان انسان نما وحشی درندوں نے وحشت و بربریت کا وہ مظاہرہ کیا کہ انسانیت لرزہ براندام اور شرافت و آدمیت انگشت بدندان ہو کر رہ گئی۔ ان ملاعین کو اگر کوئی کدو کاوش یا پھر کوئی نزاع تھی تو وہ صرف جناب سید الشہداء کی ذات قدسی صفات سے تھی جب وہ شہید ہو چکے تو اب ان لوگوں میں اسلام نہ سہی اگر انسانیت کا بھی کوئی رمق ہوتا تو اس کا تقاضا یہ تھا کہ رسول اسلام کی بہو بیٹیوں کو عزت و احترام کے ساتھ مدینہ پہنچا دیتے۔ مگر افسوس ان اسلام کے دعویداروں اور درحقیقت اسلام و انسانیت کے دشمنوں نے وہ اسلام بلکہ انسانیت سوز ظلم و ستم ڈھائے کہ ؎

هیچ کافر نه کند آنچه مسلمان کردند

بعد ازیں اس بات میں کوئی شک و شبہ باقی رہ جاتا ہے کہ ان دشمنان خدا اور رسول کو مسلمان کہنا اسلام کی توہین اور انسان کہنا انسانیت کی تحقیر و تہجین ہے؟

مخدرات عصمت و طہارت کو احترام سے مدینہ پہنچانا تو درکنار۔ وہاں تو کچھ اس قسم کی آوازیں گونجنے لگیں جن کا مطلب یہ تھا ؎

لو لو تبرکات علیؑ و بتولؑ کو قیدی بنا کے لے چلو آل رسولؐ کو

چنانچہ یہ وحشی جانور خیام حسینیؑ میں گھس آئے اور بلا تحاشا لوٹ مار کا بازار گرم کر دیا۔ خیام میں جو کچھ ملا، اسے لوٹ لیا بلکہ پردگیان عصمت و طہارت کے سروں سے چادریں، کانوں سے گوشوارے اور پاؤں سے خلخال تک اتار لئے۔[1]

جناب زینب عالیہؑ کی جگر خراش روایت

جناب زینب عالیہ سلام اللہ علیہا بیان کرتی ہیں کہ جب عمر بن سعد نے ہمارے خیام کے لوٹنے کا حکم دیا تو اس وقت میں در خیمہ پر کھڑی تھی کہ ایک ازرق چشم ظالم خیمہ میں گھس آیا۔ جو کچھ مال و اسباب ملا لوٹا۔ پھر امام زین العابدین علیہ السلام کی طرف بڑھا جو چمڑے کے ایک ٹکڑے پر رنجوری و بیماری کی حالت میں پڑے تھے۔ اس نے امام کو زمین پر گرا دیا اور وہ چمڑا بھی نیچے سے کھینچ لیا۔ اس کے بعد میری طرف بڑھا اور کانوں سے گوشوارے کھینچنے لگا وہ ظالم ظلم و ستم بھی کرتا جاتا تھا اور اس کے ساتھ ساتھ روتا بھی جاتا تھا۔ میں نے اس سے رونے کی وجہ دریافت کی؟ اس نے

---

[1] ملہوف، ص ۱۱۶۔ ارشاد، ص ۲۶۴ بالاختصار۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

کہا: آپ اہل بیتؑ کی مظلومیت و بے کسی رلاتی ہے۔ جس میں آپ گرفتار ہوگئے ہیں۔ میں نے کہا: ظالم اگر تجھے ہم سے اس قدر ہمدردی ہے تو پھر ہمیں لوٹتا کیوں ہے؟ کہا: اس اندیشہ سے کہ اگر میں نہ لوٹوں گا تو کوئی اور لوٹ لے گا! بی بی عالم نے غصہ میں آ کر فرمایا: ﴿قطع اللّٰہ یدیک و رجلیک و احرقک بنار الدنیا قبل نار الاخرۃ﴾ خدا تیرے ہاتھوں اور پاؤں کو قطع کرے اور آخرت کی آگ سے پہلے دنیا کی آگ میں جلائے۔ ثانی زہرا کی اس بد دعا کا ظہور مختار کے ہاتھوں پر ہوا کہ اس نے اس ملعون کو اس کے ہاتھ پاؤں قلم کرنے کے بعد زندہ نذر آتش کر دیا گیا تھا۔[1]

جناب فاطمہؑ بنت الحسینؑ کی زبانی جانگداز واقعات

ایسے ہی ایک خسیس الطبع شقی کا واقعہ جناب فاطمہ بنت الحسین بیان کرتی ہیں کہ جب غارتگر ہمارے خیمہ میں گھس آئے تو ایک ظالم میرے پاؤں سے خلخال اتارنے لگا اور اس کے ساتھ ساتھ روتا بھی جاتا تھا۔ میں نے پوچھا: ﴿ما یبکیک یا عدو اللّٰہ؟﴾ اے دشمن خدا! تو روتا کیوں ہے؟ کہنے لگا: ﴿کیف لا ابکی وانا اسلب ابنۃ رسول اللّٰہ؟﴾ بھلا کیونکر نہ روؤں جب کہ رسول زادی کو لوٹ رہا ہوں؟ میں نے کہا: ﴿فلا تسلبنی؟﴾ اگر تجھے اس قدر احساس ہے تو پھر نہ لوٹ کہا: ﴿اخاف یجیئ غیری فیاخذہ﴾ مجھے یہ اندیشہ ہے کہ کوئی اور آ کر نہ لوٹ لے۔ بی بی کہتی ہیں پس جو کچھ خیام میں تھا وہ سب لوٹ کر لے گیا حتیٰ کہ ہمارے سروں سے چادریں بھی اتار لیں۔[2]

بحار وغیرہ کتب معتبرہ میں انہی جناب فاطمہ صغریٰ سے ان کی مظلومیت کی داستان قدرے تفصیل کے ساتھ اس طرح مرقوم ہے۔ وہ بیان کرتی ہیں کہ میں در خیمہ پر کھڑی اپنے بابا اور ان کے اصحاب و اعزا کی لاشوں کو دیکھ رہی تھی جو قربان گاہ کربلا میں بے گور و کفن پڑی تھیں۔ اور اپنے انجام قید یا قتل کے بارے میں سوچ رہی تھی کہ ایک ظالم سوار خیمہ میں گھس آیا جس کے ہاتھ میں نیزہ تھا جو نیزہ کی انی سے بی بیوں کو اذیت پہنچا کر ان کی چادریں اور زیور اتار رہا تھا۔ بی بیاں داد و فریاد کر رہی تھیں۔ اسی اثناء میں یکایک وہ سفاک میری طرف بڑھا۔ میں یہ سمجھ کر دوڑی کہ شاید اس طرح میں اس کے چنگل سے بچ جاؤں گی مگر اس ظالم نے میرا تعاقب کیا اور اچانک میرے دونوں کاندھوں کے درمیان نیزہ مارا جس سے میں منہ کے بل گر گئی۔ پھر اس نے میرے سر سے چادر اور کانوں سے گوشوارے اتار لئے۔ میرے کانوں سے خون بہنے لگا اور میں شدت غم و دہشت سے بے ہوش ہوگئی۔ کچھ دیر کے بعد

---

[1] ناسخ التواریخ، ج ۶، ص ۲۹۸۔ عاشر بحار، ص ۲۰۶۔ مقتل الحسینؑ، ص ۳۵۷ وغیرہ۔

[2] امالی شیخ صدوق، ص ۹۹۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

جب افاقہ ہوا تو دیکھا کہ پھوپھی اماں میرے پاس بیٹھ کر رو رہی رہیں اور فرما رہی ہیں۔ اٹھو جا کر دیکھیں کہ دوسری مستورات اور تمہارے بیمار بھائی پر کیا گذری ہے؟ میں نے کہا: ﴿یا عمتاہ هل من خرقة استر بها رأسی عن اعین النظار﴾ پھوپھی اماں! کیا کپڑے کا کوئی ٹکڑا نہیں ہے جس سے میں اپنے سر کو ڈھانپ سکوں؟ پھوپھی نے فرمایا: ﴿یا بنتاه عمتک مثلک﴾ بیٹی! تیری پھوپھی بھی تیری مانند ہے! میں نے جب نظر اوپر اٹھائی تو ﴿فرایت راسها مکشوفة متنها قد اسود من الضرب﴾ دیکھا کہ پھوپھی اماں کا سر ننگا ہے۔ اور مار کی وجہ سے پشت مبارک سیاہ ہوگئی ہے۔ واپس خیمہ میں پہنچیں تو دیکھا کہ سب مال اسباب لوٹا جا چکا ہے۔ اور امام بیمار منہ کے بل زمین پر پڑے ہیں جو کثرت بھوک و پیاس اور شدت بیماری کی وجہ سے حس و حرکت نہیں کر سکتے تھے۔ ﴿فجعلنا نبکی علیه ویبکی علینا﴾ ہم ان کی حالت پر رونے لگیں۔ اور وہ ہماری حال زار پر رونے لگے۔[1]

خاندان نبوت کے انہیں مصائب و شدائد سے متاثر ہو کر بکر بن وائل کے خاندان کی ایک عورت جو اپنے شوہر کے ساتھ پسر سعد کے لشکر میں تھی۔ تلوار ہاتھ میں لے کر نعرہ بلند کرتی ہوئی خیام اہل بیتؑ کے دروازہ پر آ کر کھڑی ہوگئی اور بآواز بلند کہا: ﴿یا ال بکر بن وائل اتسلب بنات رسول اللّٰه! لا حکم الا للّٰه یالثارات رسول اللّٰه﴾ اے آل بکر بن وائل! تم موجود ہو اور بنات رسول کو لوٹا جا رہا ہے؟ خدا کے سوا کسی کا حکم قابل قبول نہیں۔ اے لوگو! آؤ خاندان رسول کا بدلہ لو! یہ کیفیت دیکھ کر اس کا شوہر آیا اور اسے اپنی قیام گاہ کی طرف لے گیا۔[2]

بیمار کربلا کے قتل کا ارادہ اور اس میں ناکامی کا سبب؟

یہ خونخوار درندے خیام حسینی میں لوٹ مار کرتے ہوئے اس مقام پر پہنچ گئے جہاں امام بیمار بستر بیماری پر پڑے ہوئے تھے۔ اب باہم اختلاف کرنے لگے۔ بعض نے کہا کہ صنف ذکور میں سے کسی چھوٹے یا بڑے کو زندہ نہ چھوڑو۔ اور بعض نے کہا جلدی نہ کرو۔ امیر عمر ابن سعد سے مشورہ کر لو۔ اسی دوران شمر بن ذی الجوشن تلوار سونت کر پہنچ گیا۔ اور چاہا کہ امام بیمار کو شہید کر دے۔ حمید بن مسلم نے کہا: ﴿یا سبحان اللّٰه! اتقتل الصبیان انما هو صبی مریض﴾ سبحان اللہ! کیا لڑکے اور وہ بھی بیمار قتل کئے جاتے ہیں؟ اتنے میں عمر بن سعد بھی آ گیا اس نے شمر کو ایسا کرنے سے منع کیا۔[3] بعض روایات میں وارد ہے کہ جب شمر نے قتل امامؑ پر اصرار کیا۔ تو جناب زینب عالیہ نے فرمایا: ﴿لا یقتل حتی اقتل﴾ پہلے مجھے قتل کرو پھر ان کو کرنا۔ یہ دیکھ کر ظالم رک گیا۔[4] یہ ان مقامات میں سے ایک

---

[1] عاشر بحار، ص ۲۰۶، ۲۰۷۔ تاریخ، ج ۶، ص ۲۹۸، ۲۹۹ وغیرہ۔

[2] بحار، ج ۱۰، ص ۲۰۶۔ مقتل الحسین، ص ۳۵۸۔ نفس المہموم، ص ۱۹۹ وغیرہ۔

[3] طبری، ج ۶، ص ۲۶۰۔

[4] اخبار الدول قرمانی، ص ۱۰۸، بحوالہ مقتل الحسین، ص ۳۵۹۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

مقام ہے۔ جہاں شریکۃ الحسین نے اپنی جان کو خطرے میں ڈال کر اپنے بیمار بھتیجے زین العابدینؑ کو بچانے کی کامیاب کوشش فرمائی ہے۔

معلوم ہوتا ہے کہ ابھی ان ظالموں کے ترکش ظلم و جور میں کچھ تیر باقی تھے۔ چنانچہ سب کچھ لوٹنے کے بعد خیام کو آگ لگا دی: ﴿فخرجن حواسرات مسلبات. حافیات. باکیات یسبین فی اسر الذلۃ﴾

بی بیاں اس حال میں باہر نکلیں کہ سر ننگے، لوٹی ہوئی، پاؤں ننگے، روتی ہوئی اور ذلت و خواری کی قید میں گرفتار تھیں۔[1] اور اس طرح ان لوگوں نے اپنی اسلام بلکہ انسان دشمنی کے جذبہ کو عریاں کر دیا۔ لعنۃ اللہ علیہم اجمعین۔

امام حسینؑ کے پس ماندگان میں صرف ایک بیمار علی بن الحسینؑ، پردہ نشین خواتین اور کچھ چھوٹے بچے رہ گئے تھے۔ جو رات بھر خیموں کے جلنے کے بعد اسی کھلے ہوئے صحراء میں مقیم رہے۔[2]

ظالم جو کچھ مال و اسباب لوٹ کر لے گئے تھے اس میں کچھ زعفران، کچھ مہندی اور چند اونٹ بھی شامل تھے۔ نتیجہ یہ نکلا کہ جس نے بھی زعفران استعمال کیا اس کا بدن جل گیا، مہندی راکھ کی مانند ہو گئی اور اونٹ جس نے بھی نحر کئے دیکھا ان کا گوشت حنظل سے بھی زیادہ کڑوا ہے۔[3]

SIBTAIN.COM

امر ششم:۔ دفن شہداء کربلاء کی تحقیق

اس بات پر قریباً مورخین کا اتفاق ہے کہ عمر بن سعد نے عصر عاشوراء کو جناب سید الشہداء کا سر مبارک خولی بن یزید اصبحی اور حمید بن مسلم کی تحویل میں۔ اور دوسرے شہداء کربلا کے سر ہائے مبارکہ شمر بن ذی الجوشن، قیس بن اشعث اور عمرو بن الحجاج زبیدی کی سرکردگی میں ابن زیاد کی طرف کوفہ روانہ کر دیئے۔ اور خود پسر سعد گیارہ محرم کے زوال تک کربلا میں رہا۔ اس اثنا میں اپنے مقتولین کی نجس لاشوں کو اکٹھا کیا۔ ان پر نماز جنازہ پڑھی۔ اور ان کی تجہیز و تکفین کا انتظام کیا۔ اور اس کام سے فارغ ہو کر جناب سید الشہداء اور ان کے اصحاب و اعزہ کی مقدس لاشوں کو بلا سر اور بلا کفن و دفن کربلا کے لق و دق صحراء میں چھوڑ کر زوال آفتاب کے بعد اپنے لاؤ و لشکر اور اسارائے آل محمدؐ کے ساتھ کوفہ روانہ ہو گیا۔

اس کے روانہ ہو جانے کے بعد بنی اسد نے جو کربلا کے قریب "غاضریہ" نامی بستی میں فروکش تھے آئے

---

[1] عاشر بحار، ص ۲۰۶۔ نفس المہموم، ص ۱۹۹۔ تاریخ طبری، ج ۶، ص ۲۶۰۔

[2] شہید انسانیت، ص ۵۲۴۔

[3] خصائص کبریٰ، ج ۲، ص ۱۹۲۔ تاریخ ابن عساکر، ج ۴، ص ۳۳۹۔ مقتل الحسین خوارزمی، ج ۲، ص ۹۰ وغیرہ۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

اور شہداء پر نماز جنازہ پڑھی اور ان کو دفن کیا۔ اب رہیں اس واقعہ کی تفاصیل کہ آیا اسی گیارہ محرم کو دفن کیا یا بارہ کو۔ کس ترتیب سے دفن کیا؟ اور کس چیز کا کفن دیا؟ نماز جنازہ کس نے پڑھائی؟ لاشوں کی شناخت کیونکر کی؟ ان تفاصیل کے بارے میں کتب معتبرہ خاموش ہیں۔

جناب محدث قمی لکھتے ہیں: ﴿لیس فی الکتب المعتبرة کیفیة دفن الحسین علیه السلام ومن قتل معه مفصلاً﴾ کتب معتبرہ میں جناب امام حسین علیہ السلام اور دوسرے شہداء کربلا کے دفن کی تفصیلی کیفیت مذکور نہیں ہے۔ (نفس المہموم)

تاریخ دفن کے بارے میں اکثر کتب مقاتل میں ﴿بعد قتلهم بیوم﴾[1] درج ہے۔ جس سے گیارہ محرم ظاہر ہوتی ہے۔ اور بعض کتب میں بارہ محرم کی تصریح[2] موجود ہے۔ اس سے یہ بات پایۂ ثبوت کو پہنچ جاتی ہے کہ گیارہ سے پہلے نہیں اور بارہ کے بعد نہیں۔ البتہ مقتل الحسین للمقرم میں درج ہے۔ اور جہاں تک دفن کی ترتیب کا تعلق ہے۔ اس کے متعلق اتنی بات پر تو تمام ارباب تاریخ و مقاتل متفق ہیں کہ جناب سید الشہداء کو وہاں دفن کیا گیا جہاں اب ان کا مزار مقدس ہے۔ ان کے پائیں پا شہزادہ علی اکبر کو دفنایا گیا نیز ان کی پائنتی کی طرف ایک بڑا سا گڑھا کھود کر دیگر اصحاب و اعزا کو دفن کیا گیا اور شہزادہ ابوالفضل کو وہیں دفن کیا گیا جہاں وہ کنار فرات غاضریہ کے راستہ میں شہید ہوئے تھے جہاں ان کی اب قبر مبارک[3] ہے۔

SIBTAIN.COM

جناب شیخ مفید علیہ الرحمہ کا قول ہے: ﴿لسنا نحصل لهم اجداثا علی التحقیق و التفصیل الا انا لا نشک ان الحائر محیط بهم رضی الله عنهم﴾ (ارشاد ص ۲۷۲) ہم تعیین و تشخیص نہیں کر سکتے کہ کس شہید کا جسد کہاں ہے؟ ہاں اس قدر یقین ہے کہ حائر حسینی سب کو احاطہ کیے ہوئے ہے۔

مشہور یہ کہ جناب حر کو ان کے قبیلہ والے لوگ اٹھا کر دور لے گئے اور وہاں دفن کیا۔ جہاں ان کی اس وقت قبر[4] ہے۔ نیز بعض آثار سے ظاہر ہوتا ہے کہ ان کا سر بھی قلم ہونے سے بچ گیا تھا۔[5]

بنی اسد قبائل عرب پر فخر کرتے تھے کہ ہم وہ ہیں جنہوں نے امام حسین علیہ السلام پر نماز جنازہ پڑھی ہے اور آپ کو اور آپؑ کے اصحاب کو دفن کیا۔[6]

---

1. کامل ابن اثیر، ج ۳، ص ۲۹۶۔
2. ناسخ التواریخ، ج ۶، ص ۳۰۴۔
3. ارشاد، ص ۲۶۸۔ نفس المہموم، ص ۲۰۵۔ عاشر، بحار الانوار، ص ۲۱۸۔
4. نفس المہموم، ص ۲۰۵۔
5. کبریت احمر، ص ۴۱۸۔
6. ابصار العین، ص ۔۔۔؟۔ نفس المہموم، ص ۲۰۵ بحوالہ کامل بہائی۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

تبصرہ:۔

چونکہ مذہب شیعہ کے مسلمہ عقائد میں سے ایک عقیدہ یہ بھی ہے کہ امام کی نماز جنازہ امام ہی پڑھاتا ہے۔ اور اس کی تجہیز و تکفین اور تدفین کا انتظام بھی وہی کرتا ہے۔ اس لئے اگرچہ حسب ظاہر یہ سب فرائض بنی اسد نے انجام دیئے اور امام بظاہر گرفتار تھے مگر مذکورہ بالا مسلمہ عقیدہ کی رو سے تسلیم کرنا پڑتا ہے۔ کہ امام باعجاز امامت تشریف لائے۔ اور اپنے والد ماجد کی نماز جنازہ پڑھی اور ان کی تجہیز و تدفین کا بندوبست کیا۔ جیسا کہ امام رضا علیہ السلام کی حدیث احتجاج علی الواقفہ سے بھی ظاہر ہوتا ہے۔ اس حدیث کا خلاصہ یہ ہے کہ علی بن ابی حمزہ ابن البراج اور ابن المکاری نے حضرت امام رضا علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا کہ ہم تک آپ کے آباء و اجداد طاہرینؑ کی یہ حدیث پہنچی ہے کہا: امام کی تکفین کا انتظام امام ہی کرتا ہے (مطلب یہ کہ اگر آپ امام ہوتے تو بغداد میں جا کر امام موسیٰ کاظم علیہ السلام کی تدفین و تکفین کا اہتمام فرماتے)۔ امامؑ نے فرمایا: مجھے یہ بتاؤ کہ امام حسین علیہ السلام امام تھے یا نہ؟ سب نے کہا کہ ہاں وہ امام تھے! فرمایا: پھر ان کے کفن و دفن کا انتظام کس نے کیا تھا؟ کہا: ان کے فرزند امام زین العابدین علیہ السلام نے! فرمایا: وہ اس وقت تھے کہاں؟ کہا: ابن زیاد کی قید میں تھے مگر جنابؑ اس طرح کربلا پہنچے کہ کسی کو خبر نہ ہو سکی اور جا کر امامؑ کے دفن و کفن وغیرہ کا انتظام کر کے واپس چلے گئے امام رضا علیہ السلام نے فرمایا کہ جس خدا نے امام زین العابدین علیہ السلام کو اس بات پر قادر کیا کہ وہ کربلا جا کر اپنے والد ماجد کے فرائض کفن و دفن کو انجام دیں وہی خدا اس امام کو بھی قدرت دے سکتا ہے کہ وہ مدینہ سے بغداد پہنچ کر اپنے والد ماجد کی تکفین و تدفین اور نماز جنازہ کا فریضہ انجام دیں حالانکہ یہ تو قید بھی نہ تھے۔[1]

اور اس کی تائید مزید مقتل الحسین للمقرم کے بیان سے بھی ہوتی ہے کہ بنی اسد دفن کے معاملہ میں حیران و سرگرداں تھے۔ کہ امام زین العابدینؑ باعجاز امامت تشریف لائے۔ امام نے ان کو لاشہائے شہداء کی معرفی کرائی اس وقت بہت گریہ و بکا ہوا۔ اس کے بعد امام اپنے بابائے بزرگوار کی لاش مطہر کے پاس گئے۔ گلے لگ کر بکثرت گریہ و بکا کیا۔ پھر قبر کے مقام سے تھوڑی سی مٹی ہٹائی۔ وہاں کھدی کھدائی قبر تیار تھی۔ امام نے نماز جنازہ پڑھنے کے بعد تنہا یہ پڑھتے ہوئے اپنے والد ماجد کو قبر میں اتارا ﴿بسم اللہ و فی سبیل اللہ و علی ملۃ رسول اللہ. صدق اللہ و رسولہ ماشاء اللہ لا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم﴾ جب لحد میں لاش مقدس کو لٹا چکے تو گلوئے بریدہ کے پاس دہن اقدس لے جا کر کہا: ﴿طوبی لارض تضمنت جسدک الطاھر. فان الدنیا بعدک مظلمۃ. و الاخرۃ بنورک مشرقۃ. اما اللیل فمسھد و الحزن سرمد. او یختار اللہ لاھل بیتک

---

[1] رجال کشی، ص ۹۔ نفس المہموم، ص ۲۰۶ وغیرہ۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

دارک التی انت بها مقیم و علیک منی السلام یا بن رسول اللّٰہ ورحمۃ اللّٰہ وبرکاتہ﴾

پھر قبر مبارک پر (انگشت سے) لکھا ﴿ھذا قبر الحسین ابن علی بن ابی طالب الذی قتلوہ عطشاناً غریباً﴾ یہ اس حسین بن علیؑ کی قبر ہے جسے لوگوں نے پیاسا شہید کیا۔

اس کے بعد عم بزرگوار جناب ابوالفضلؑ کی لاش مبارک کے پاس پہنچے۔ ان کے گلوئے بریدہ پر بوسہ دیتے ہوئے فرمایا ﴿علی الدنیا بعدک العفا یا قمر بنی ھاشم وعلیک منی السلام من شھید محتسب ورحمۃ اللّٰہ وبرکاتہ﴾ اس کے بعد قبر کھودی اور خود تنہا ان کو اس میں اتارا۔ ہر دو دفعہ بنی اسد سے فرمایا: میرے ساتھ معاون موجود ہیں۔ پھر بنی اسد کو حکم دیا کہ دو گڑھے کھودیں۔ ایک میں بنی ہاشم کو اور دوسرے میں اصحاب کو دفن کریں۔ چنانچہ انہوں نے اس کے مطابق عمل درآمد کیا۔[1] واللہ العالم

امر ہفتم:۔ سید الشہداء کے سر اقدس کے مدفن کی تحقیق

سید الشہداء کا سر مبارک کہاں دفن ہے؟ اس میں شدید اختلاف ہے۔ مذہب امامیہ میں قول مشہور و منصور یہی ہے کہ سر اطہر جسد اقدس کے ساتھ ہی دفن ہے[2] مگر اس سلسلہ میں اختلافات کو دیکھتے ہوئے شرح صدر اور پورے یقین کے ساتھ کچھ کہنا مشکل ہے۔

ذیل میں اس اختلاف کا ایک شمہ بیان کر کے اس پر کچھ مختصر سا تبصرہ کیا جاتا ہے۔

حضرت سید الشہداء علیہ السلام کے سر مبارک کے مدفن کے متعلق علمائے سیر و تواریخ میں بڑا اختلاف ہے۔ اور قطع و یقین کے ساتھ کچھ نہیں کہا جا سکتا کہ کہاں دفن ہوا؟

۱۔ اصول کافی و تہذیب الاحکام کی ایک روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت کا فرق مقدس مدینہ طیبہ میں دفن ہے

۲۔ سید علی بن عبداللہ مدنی نے خلاصۃ الوفا میں لکھا ہے کہ امام حسن مجتبیٰؑ کے مزار مقدس کے پاس دفن ہے ابن شہر آشوب، ابن بکار اور ہمدانی کا یہی قول ہے۔

۳۔ فتاوائے قرطبی میں یہ لکھا ہے کہ یزید نے سر مبارک مدینہ کے گورنر عمرو بن سعید بن عاص کے پاس بھجوایا اور اس نے جنت البقیع میں دفن کرا دیا۔

۴۔ کامل الزیارۃ میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کی ایک روایت درج ہے۔ جس سے معلوم ہوتا ہے کہ آپؑ

---

[1] مقتل الحسین للمقرم، ص ۳۸۶۔ اسرار الشہادت، ص ۴۵۸۔

[2] روضۃ الواعظین قتال نیشاپوری، ص ۲۳۰۔ مثیر الاحزان، ص ۵۸۔ لہوف، ص ۱۷۵۔ اعلام الوریٰ طبرسی، ص ۱۵۱۔ مقتل العوالم، ص ۱۵۴۔ عاشر بحار، ص ۲۲۸۔ مقتل الحسینؑ، ص ۴۳۶۔ جلاء العیون، ص ۲۱۶، طبع النجف۔ تقمام، ص ۵۰۲ وغیرہ۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

کا سر اقدس نجف اشرف میں حضرت امیر علیہ السلام کے پہلو میں سپرد خاک کیا گیا۔ علامہ مجلسی نے تحفۃ الزائر میں اور بہت سے علماء شیعہ نے اسی قول کی طرف میلان ظاہر کیا ہے۔

۵۔ عبداللہ بن عمر وراق نے اپنے مقتل میں لکھا ہے کہ سر مبارک مسجد رقہ میں دفن ہے۔

۶۔ قطب راوندی کی ایک روایت سے ظاہر ہوتا ہے کہ جناب رسول خدا بامعجاز نبوت اسے شام سے اپنے ہمراہ مدینہ لے گئے۔

۷۔ ایک قول یہ ہے کہ یزید نے دیار و امصار میں اس کی تشہیر کا حکم دیا جب لوگ پھراتے پھراتے عسقلان لے گئے تو وہاں کے حاکم نے وہیں دفن کرا دیا۔ چنانچہ خوان خلیلی کے قریب اب تک مشہد حسینی موجود ہے۔ اس مشہد کی ابتداء امیر الجیوش بدر الجمالی وزیر مستنصر باللہ نے کی اور تکمیل ان کے بیٹے ملک افضل نے کی۔

۸۔ تہذیب التہذیب اور صواعق محرقہ وغیرہ میں یہ لکھا ہے کہ جناب امام حسینؑ کا سر مبارک خزانہ یزید میں ہی رہا جب سلیمان بن عبدالملک بن مروان تخت حکومت پر بیٹھا۔ اور اسے معلوم ہوا کہ سر امام خزانہ میں موجود ہے تو اس نے تلاش کر کے منگایا۔ دیکھا کہ استخوان سر منور مجلا چاندی کی مانند چمک رہے ہیں کچھ دیر پاس رکھنے کے بعد کفن دے کر اکرام و احترام کے ساتھ مقابر مسلمین میں دفن کرا دیا۔

۹۔ بعض کا قول یہ ہے کہ عمر بن عبدالعزیز نے اپنے دور حکومت میں وہاں سے نکلوا کر کربلا میں بھجوا دیا اور وہاں دفن کیا گیا۔

۱۰۔ یہ بھی تہذیب میں لکھا ہے کہ سر مبارک برابر خزانہ یزید میں رہا۔ جب بنی عباس کی حکومت قائم ہوئی۔ اور انہوں نے خزانہ یزید کو لوٹا تو ایک سپاہی کو ایک تھیلی نظر پڑی۔ اس نے کوئی دنیوی گراں بہا چیز سمجھ کر اٹھا لیا۔ جب میدان میں لا کر کھولا تو سر مقدس ایک پارچہ حریر میں لپٹا ہوا دیکھا۔ اس حریر پر لکھا تھا: ﴿هذا رأس الحسين بن علي﴾ اس سپاہی نے وہیں نوک تلوار سے زمین کھود کر دفن کر دیا۔

۱۱۔ ابن جوزی اور بعض دوسرے مورخین نے یہ لکھا ہے کہ جب مصور بن جمہور نے خزانہ بن امیہ پر قبضہ کیا تو اسے سر مقدس ایک مقفل صندوق میں ملا۔ جب اسے معلوم ہوا کہ حضرت امام حسینؑ کا سر مطہر ہے تو اس نے دمشق کے تیسرے برج سے جانب شرق باب الفرادیس کے قریب دفن کرایا۔

۱۲۔ عبوس منصوری نے زبدۃ الفکرہ میں یہ لکھا ہے کہ بنی عباس کے زمانہ میں سر مطہر کو دمشق سے عسقلان لے جایا گیا۔ اور عرصہ دراز تک وہیں دفن رہا۔ جب صلیبی جنگوں کے زمانے میں نصاریٰ کے غلبہ کا اندیشہ ہوا۔ تو مسلمانوں نے وہاں سے نکال کر دار السلطنت میں پہنچا دیا۔ مقریزی نے خطط میں لکھا ہے کہ ۸ جمادی الاولیٰ

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

۵۴۸ھ بروز یکشنبہ کو سر مطہر قاہرہ لایا گیا۔ اس وقت اس سے تازہ خون ٹپک رہا تھا۔ اور مشک جیسی خوشبو آ رہی تھی۔ وہاں اب تک اسی نام۔ مسجد راس الحسین سے مسجد مشہور ہے جو نہایت مکلف سامانوں سے آراستہ ہے اور لوگ بکثرت زیارت کو آتے ہیں۔

۱۳۔ بعض کتب میں سر مبارک کے دمشق سے عسقلان لے جانے کی وجہ یہ لکھی ہے کہ دمشق دشمنان خاندان نبوت کا مرکز تھا۔ خطرہ تھا کہ یہ لوگ کبھی کوئی بے ادبی نہ کریں۔ اس لئے اسے عسقلان منتقل کر دیا گیا۔ اور ۵۴۸ھ ۱۱۵۳ء جب مصر میں خاندان فاطمی کا آخری تاجدار عاضد لدین اللہ مسند اقتدار پر متمکن تھا۔ ان کے وزیر اعظم ملک صالح طلائع بن زریک نے ان کو اطلاع دی کہ عسقلان کی طرف برابر صلیبی فوجیں بڑھ رہی ہیں۔ لہٰذا اس اندیشہ کے پیش نظر کہ وہ لوگ سر امام کے ساتھ کوئی بے ادبی کریں۔ مصر منتقل کرنے کا عزم کر لیا۔ چنانچہ ۸ جمادی الاولیٰ ۵۴۸ھ کو سر مبارک قاہرہ لایا گیا۔ اور بوستان کافوری میں جہاں وزیر اعظم موصوف کے نام سے عالی شان مسجد صالح تھی۔ اس میں ایک طرف سر مبارک دفن کیا گیا۔ اور اس پر عالی شان عمارت بنوا کر اس کی خوب زیبائش و آرائش کی گئی۔ ادھر ابھی سر مبارک کو عسقلان سے لائے ہوئے ہنوز پورے بیس روز بھی نہ گذرے تھے کہ ۲۷ جمادی الثانیہ کو اس پر نصرانیوں کا قبضہ ہو گیا۔ لیکن چونکہ یہ مسجد صالح باب رملہ سے قدرے فاصلہ پر تھی اور زائروں کی آمد و رفت میں تکلیف ہوتی تھی۔ اس لئے عاضد لدین اللہ نے وہاں سے سر مطہر نکلوا کر اپنے خاص رہائشی محل قصر زمرد کے پاس دفن کرا دیا۔ اور اس پر پُر شکوہ عمارت بنوا کر اسے خوب آراستہ و پیراستہ کیا۔ سیاح ابن جبیر نے اپنے سفر نامہ میں ۵۷۸ھ میں مصر کی سیاحت کے دوران قاہرہ میں مشہد حسینؑ کی زیارت کرنے اور اس کی عجیب و غریب عمارت کا تذکرہ کیا ہے اور لکھا ہے کہ سر مطہر ایک منقش تابوت میں مدفون ہے۔ اسی طرح مشہور سیاح ابن بطوطہ نے بھی جب ۷۲۶ھ میں مصر کی سیاحت کی ہے تو اپنے سفر نامہ میں مشہد حسینؑ اور اس کی عظیم عمارت کا پر شکوہ الفاظ میں تذکرہ کیا ہے۔ پھر برابر مختلف ادوار میں اس کی توسیع و تزئین میں برابر اضافہ ہوتا رہا۔ چنانچہ امیر حسن کتخدا المتوفی ۱۱۲۳ھ نے اس کی بڑے اہتمام سے توسیع اور زیبائش کرائی۔ اور ۱۱۷۰ھ میں امیر عبدالرحمٰن کتخدا کے حکم سے اس کی تجدید ہوئی۔ بعد ازاں ۱۲۰۴ھ میں مزید توسیع سید علی الوالواز نے کرائی۔ پھر ۱۲۷۹ھ میں عباس پاشا نبیرہ محمد علی پاشا نے اس کی مزید توسیع کرانا شروع کی۔ مگر تکمیل سے پہلے وفات پا گیا۔ اس کے بعد خدیو اسماعیل پاشا نے اپنے خاص اہتمام سے اس کی تجدید و تکمیل کی ۱۲۹۰ھ کو تکمیل ہوئی۔ اب یہ مشہور خان خلیلی اور جامع ازہر کے درمیان واقع ہے۔ عمارت بہت وسیع نہایت شاندار اور خوشنما ہے۔ ہر وقت زائرین کا ہجوم رہتا ہے۔ صدہا مصری حفظ اور قاری خوش الحانی سے تلاوت قرآن مجید اور دوسرے

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

لوگ نمازوں اوراد و وظائف میں مشغول رہتے ہیں۔ خصوصاً جمعہ کے روز بہت ہجوم رہتا ہے۔ اس مشہد مطہر کی دیواروں پر دائروں کی شکل میں آیات قرآنی اور مختلف اشعار سنہری حروف میں لکھے ہوئے ہیں ۱۳۱۶ھ میں خدیو عباس حلمی کے زمانہ میں ان حروف پر پھر سنہرا رنگ چڑھایا گیا۔

۱۴۔ اکثر کتب مقاتل میں یہ لکھا ہے کہ امام زین العابدین نے رہائی کے بعد سر مبارک ہمراہ لا کر کربلا میں جسد اطہر کے ہمراہ دفن کیا۔

﴿الی غیر ذلک من الاقوال المختلفه والاراء المتشتة﴾ ان مختلف اخبار اور متضاد آثار کے درمیان جمع و توفیق یا بعض کو بعض پر تقدیم و ترجیح دینا اگر ناممکن نہیں تو مشکل ضرور ہے۔ جیسا کہ صاحب فرسان الہیجاء نے (ج ۲، ص ۳۰۰ پر) اعتراف کیا ہے کہ:

﴿جمع بین این روایات و اقوال مختلفه در عقده محال است و قضاوت کردن باینکه کدام یك صحیح است در غایت اشکال ست و ترجیح قول باینکه در کربلا مدفون است سزاوار است﴾۔

ہم بوجہ خوف طوالت ہر قول کے دلائل اور پھر ان پر نقض و ابرام کو ترک کرتے ہیں۔ بہر حال جہاں تک ہمارے ذاتی رجحان کا تعلق ہے۔ ہمیں اقرب الی الصواب یہی معلوم ہوتا ہے کہ سر اقدس جسم اطہر کے ساتھ کربلا میں ایک جگہ دفن ہے اور یہی قول علماء امامیہ میں مشہور ہے۔ جیسا کہ ابتداء میں بیان کیا جا چکا ہے۔ اگرچہ روایات کثیرہ چوتھے قول پر دلالت کرتے ہیں کہ سر منور پہلوئے جناب امیر علیہ السلام میں مدفون ہے۔ اور عام مورخین میں مصر والے قول کو شہرت حاصل ہے۔ واللہ العالم

باقی رہے دوسرے شہداء کربلا ان کے سرہائے مقدسہ کے بارے میں تاریخیں خاموش ہیں۔ اس لئے ہمیں بھی خاموشی اختیار کرنے کے سوا کوئی چارۂ کار نہیں ہے۔ اگرچہ حبیب السیر اور روضۃ الشہداء سے ظاہر ہوتا ہے کہ حضرت سید الساجدین علیہ السلام نے رہائی کے بعد بروز اربعین تمام شہداء کربلا کے سر واپس لا کر کربلا معلی میں دفن کئے تھے مگر یہ بیان چونکہ بے دلیل برہان ہے اس لئے اس پر اعتماد نہیں کیا جا سکتا ہے۔[1] ﴿واللہ العالم بحقیقة الحال﴾

---

[1] مجاہد اعظم، ج ۱، از صفحہ ۲۹۷ تا ص ۳۰۳۔ تاریخ، ج ۶ و از ص ۳۵۸ تا ص ۳۶۱۔ تقمام از ص ۵۰۱ تا ص ۵۰۸۔
فرسان الہیجاء، ج ۲، از ص ۲۹۶ تا ص ۳۰۴۔ الدمعۃ الساکبۃ، از ص ۳۸۷ تا ۳۸۹ وغیرہ۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

افادۂ جدیدہ

فاضل سماوی نے یہ تحقیق انیق فرمائی ہے کہ واقعہ کربلا میں سرکار سید الشہداء کے تمام اعزہ وانصار کے سر مبارکہ قلم کر کے دیار وامصار میں پھرائے گئے تھے۔ سوائے دو (۲) سروں کے۔ ایک شہزادہ علی اصغر کا سر مبارک کیونکہ آنجناب نے ننھی سی قبر کھود کر شہزادہ کو دفن کر دیا تھا۔ دوسرے جناب حرؑ۔ کیونکہ بنی تمیم نے ان کا سر قلم نہیں ہونے دیا تھا۔ بعض دیگر آثار سے بھی اس قول کی تصدیق ہوتی ہے۔ واللہ العالم

امر ہشتم:۔ سید الشہداء کے قاتل کی تعیین

امام الشہداءؑ کا قاتل کون ہے؟ اگرچہ علماء امامیہ میں قول مشہور ومنصور یہی ہے کہ شمر ذی الجوشن ہی جناب سید الشہداء کا قاتل ہے۔ مگر اختلاف کرنے والوں نے دیگر حقائق کی طرح اس حقیقت میں بھی اختلاف کیا ہے اور اس سلسلہ میں متعدد قول ملتے ہیں: (۱) بعض نے کہا ہے کہ قاتل حصین بن نمیر ہے۔ (۲) بعض نے مہاجر بن اوس تمیمی۔ (۳) بعض نے عبداللہ شعبی کو۔ (۴) بعض نے خولی بن یزید اصبحی۔ (۵) بعض نے زرعہ بن شریک۔ (۶) بعض نے شبل بن یزید (برادر خولی)۔ (۷) بعض نے سنان بن انس نخعی کو آنجناب کا قاتل قرار دیا ہے۔[1] پہلے چھ قول تو بالکل نا قابل التفات ہیں۔ ہاں البتہ ساتواں قول یعنی یہ کہ قاتل سنان بن انس نخعی ہے۔ اسے اکثر مورخین اہل سنت اور ہمارے بھی بعض اکابر جیسے شیخ صدوق (در امالی، ص ۹۸)۔ سید بن طاؤس (در ملہوف، ص ۱۱۱) اور شہزادہ فرہاد مرزا (در قمقام، ص ۳۹۲) وغیرہم نے اختیار کیا ہے مگر مشہور ومسلم قول یہی ہے کہ اصل قاتل شمر بن ذی الجوشن ہی ہے۔ اور اس قول کی صحت کے بہت سے تاریخی قرائن وشواہد ہیں۔ جن کے یہاں ذکر کرنے کی گنجائش نہیں ہے۔ ہاں چونکہ سنان ملعون کے نیزہ کی ضرب بہت کاری تھی۔ جس سے سرکار شہادت زمین پر گرے تھے۔ اس لئے بعض حضرات نے شہادت امام کو اسی کی طرف منسوب کر دیا۔ اسی طرح زرعہ بن شریک نے بھی تلوار سے کاری ضرب لگائی تھی۔ انہی حقائق کی بنا پر شہید انسانیت میں بالکل صحیح لکھا ہے کہ "بالآخر زرعہ بن شریک کی تلوار سنان بن انس کا نیزہ اور پھر شمر بن ذی الجوشن کا خنجر وہ تھا جس نے اس مجسمہ حق کی شمع حیات گل کر دی، سچائی کی گردن قلم ہوئی۔ اور شہید حق شہید انسانیت شہید راہ خدا کا سر نیزہ پر بلند کر دیا گیا۔[2]

امر نہم:۔ جناب مخدرہ شہر بانو کے طوس جانے کی تحقیق

فاضل مازندرانی نے لکھا ہے ﴿الا شهر بانويه فانها اتلفت نفسها فی الفرات﴾ تمام اہل حرم کو قید

---

[1] نفس المہموم، ص ۱۹۵، ۱۹۶۔

[2] شہید انسانیت، ص ۵۲۲۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

کر کے لائے سوائے جناب بی بی شہر بانو کے۔ کیونکہ اس معظمہ نے نہر فرات میں اپنی جان تلف کر دی تھی۔[1]

"آقائے دربندی نے اس پر تنقید کرتے ہوئے لکھا ہے" ﴿اعلم ما عن ابن شهر آشوب فی قضیة شهر بانویه مالم اظفریه فی کلام احد﴾ جناب شہر بانو کے بارے میں ابن شہر آشوب نے جو کچھ لکھا ہے۔ میں نے کسی بھی اہل علم کے کلام میں اسے نہیں پایا۔" پھر لکھا ہے کہ اگر یہ واقعہ صحیح تسلیم کیا جائے تو ماننا پڑے گا کہ یہ معظمہ بادشاہ عجم یزدجرد کی دختر اور امام زین العابدین کی والدہ کے علاوہ کوئی اور ہوں گی کیونکہ ان خاتون کا تو امام کی ولادت باسعادت کے چند لمحے بعد ہی انتقال ہو گیا تھا۔[2] بعد ازاں یہ افادہ جدیدہ فرمایا ہے کہ وہ بی بی شہر بانو جو میدان کربلا میں تھیں وہ فاطمہ زوجہ قاسم کی والدہ تھیں جو وصیت امام کے مطابق اپنی بیٹی فاطمہ کو ہمراہ لے کر امام کے گھوڑے پر سوار ہو کر مقررہ مقام کی طرف چلی گئیں۔ جب گھوڑا رائے کے قریب پہنچا تو انہوں نے اپنی بیٹی کو حکم دیا تم یہیں اتر جاؤ کیونکہ یہاں تمہارے ننیال موجود ہیں تمہاری کفالت کریں گے۔ چنانچہ ان کو وہاں اتار کر خود وہاں چلی گئیں۔ جہاں ان کو حکم تھا۔ یعنی جبل طوس جو رے کے قریب ہے۔[3] یہ قصہ بالکل غلط موضوع اور بے بنیاد ہے۔ اس میں حسب ذیل امور تنقیح طلب ہیں۔

(الف) کیا جناب شہر بانو اس وقت تک زندہ اور واقعہ کربلا میں موجود تھیں؟

(ب) کیا یہ ممکن تھا کہ جناب شہر بانو تمام اہل بیت اور اولاد امام کو اس مصیبت عظمیٰ میں گرفتار تنہا چھوڑ کر اپنے تحفظ کے لئے علیحدگی اختیار کر لیں؟

(ج) کیا ان کے کوئی بھائی رائے کے قریب آباد تھے؟ جن کا نام شہریار بیان کیا جاتا ہے؟

(د) کیا جناب امام حسینؑ نے بی بی کو رے کی طرف جانے کا حکم دیا تھا؟

(ہ) اگر یہ شہر بانو سید الساجدین کی والدہ نہ تھیں تو کیا کوئی دوسری عجمی شہزادی تھیں؟ اگر تھیں تو آں جناب نے ان سے کب اور کس طرح عقد کیا تھا؟

(و) کیا فاطمہ بنت الحسینؑ کے علاوہ جو جناب ام اسحاق کے بطن سے تھیں۔ امام کی کوئی اور صاحبزادی اس نام کی تھیں؟

(ز) وہ کون سا گھوڑا تھا جس پر سوار ہو کر آپ گئی تھیں؟

امر اول کے متعلق عموماً محدثین و مورخین کا اتفاق ہے کہ جناب شہر بانو واقعہ کربلا کے وقت زندہ ہی نہ تھیں۔ بلکہ اس سے ایک عرصہ دراز پہلے ان کا انتقال ہو چکا تھا۔ بنا بر اختصار صرف چند اقوال پیش کئے جاتے ہیں۔

---

[1] مناقب، ج ۴، ص ۹۹۔ [2] اسرار الشہادت، ص ۴۳۹۔ [3] اسرار، ص ۴۳۹

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

۱۔ رئیس المحدثین حضرت شیخ صدوقؒ نے کتاب عیون اخبار الرضا میں بسند معتبر امام رضاؑ کی یہ روایت نقل کی ہے کہ امام زین العابدینؑ کی ولادت کے بعد اس مخدرہ کا انتقال ہوگیا۔

۲۔ علامہ مجلسی جلاء العیون میں تحریر فرماتے ہیں: ﴿از روایات معتبرہ ظاہر می شود کہ شہر بانو در آں صحرا نبود﴾۔

۳۔ مرزا محمد بن سلیمان تنکابنی اکلیل المصائب میں رقم فرماتے ہیں: ﴿قول دیگر در شہر بانو کہ در کربلا ہمراہ بود و اسیر شد این نیز ضعیف است و محل اعتنا نیست واضح این کہ شہر بانو یہ و خواہرش کہ زوجہ امام حسن بود حاملہ شدند و ہر دو متولد شدند و در ایام نفاس وفات یافتند﴾۔

۴۔ مرزا محمد حسن خیرات حسان میں لکھتے ہیں: ﴿بارے حضرت شہر بانو چنانچہ در اخبار معتبرہ رسیدہ است بحال نفاس درگذشت﴾۔

۵۔ فرہاد مرزا، تقمام ذخار میں تحریر کرتے ہیں: ﴿آنچہ از کتب معتبرہ روایات محدثین شیعہ بہ نظر رسیدہ شہر بانو در نفاس وفات یافت۔ و کفالت و حصانت امام سجاد را یکے از امہات اولاد حضرت سید الشہداء ممی نبود﴾۔

۶۔ مرزا سپہر کاشانی ناسخ التواریخ میں لکھتے ہیں: ﴿چہ شہر بانو در ہنگام ولادت علی بن الحسینؑ وداع جہاں گفت و در سفر کربلا ملازمت سید الشہداء نداشت﴾

۷۔ جناب علامہ محمد حسن قزوینی ریاض الشہادہ میں لکھتے ہیں: ﴿از احادیث ظاہر می شود کہ شہربانو مادر امام زین العابدینؑ در صحرائے کربلا حاضر نبود بلکہ آنچہ مستفاد می شود از اخبار اینست کہ در وقت وضع حمل از دنیا رفت و آں مصائب و وقائع را ندید﴾۔

۸۔ جناب سید اولاد حیدر صاحب بلگرامی کا ارشاد ہے: ﴿جن روایتوں سے جناب شہر بانو کا واقعہ کربلا میں تشریف رکھنا معلوم ہوتا ہے وہ زیادہ اعتماد کے لائق نہیں ہیں۔ اور مجہول الاسانید ہیں اور ان معظمہ کا حضرت امام زین العابدین علیہ السلام کی ولادت کے ساتھ وفات پانا اقوی اور اظہر ہے۔

۹۔ مولانا سید ناصر حسین صاحب ایک استفتا کے جواب میں تحریر فرماتے ہیں "کتاب اخبار عیون الرضا" سے واضح ہوتا ہے کہ شہر بانو والدہ ماجدۂ امام زین العابدین نے قریب ولادت سید سجاد انتقال فرمایا۔

SIBTAIN.COM
Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

۱۰۔ خود فاضل دربندی نے اسرار الشہادت میں اس بات کا اقرار کیا ہے جنہوں نے جناب شہر بانو کے رائے کی طرف جانے کا طومار باندھا ہے۔ جیسا کہ اوپر لکھا جا چکا ہے۔ تلک عشرۃ کاملۃ۔

امر دوم:۔ اگر بالفرض اس روایت کو تسلیم کر لیا جائے۔ تو اس سے جناب شہر بانو کی نسبت کئی شبہات وارد ہوتے ہیں۔

ا۔ انہوں نے ایسی قیامت خیز مصیبت کے وقت رسول اللہ کی نواسیوں اور خاتون جنت کی بیٹیوں اور بہوں کا ساتھ چھوڑ کر ایک بڑی اخلاقی کمزوری کا اظہار کیا (معاذ اللہ)

ب۔ انہوں نے اپنی عزت کو دختران سید النساء کی عزت پر مقدم سمجھا

ج۔ انہوں نے اپنی اولاد (امام سجادؑ) کو ایسی دردناک مصیبت میں چھوڑ کر مادری محبت و شفقت کو خیر باد کہہ دیا۔ بھلا آپ کی ذات سے ایسے خلاف مروت و وفاداری امور کی امید کی جا سکتی ہے؟

امر سوم:۔ ہمارے پاس کوئی ایسی تاریخی شہادت نہیں ہے کہ یزدجرد پدر جناب شہر بانو کا کوئی بیٹا بنام شہریار موجود تھا۔ متقدمین اور متاخرین کی تمام معتبر و مستند کتابیں دیکھنے سے کہیں اشارۃً و کنایۃً بھی اس کا ذکر نہیں پایا جاتا کہ زوال سلطنت کے بعد یزدجرد کے کسی بیٹے یا کسی عزیز کو کسی ملک یا کسی حصے کی سلطنت حاصل ہوئی ہو! مولانا سید ناصر حسین صاحب ایک سوال کے جواب میں تحریر فرماتے ہیں: شہریار کا قصہ قطعاً کتب معتبرہ میں نہیں اور اس کا قصہ جس طرح روضہ خواں پڑھتے ہیں وہ بالکل غلط اور سراسر خلاف واقعات مسلمہ مورخین فریقین ہے۔

امر چہارم:۔ کی نسبت صاف ظاہر ہے کہ علماء و مورخین کی تمام مستند و معتبر کتابیں اس سے خالی ہیں کہ حضرت سید الشہداء نے جناب شہر بانو سے ایسا فرمایا ہو کہ تم گھوڑے پر سوار ہو کر چلی جانا۔ گھوڑا تم کو وہاں پہنچا دے گا جہاں حکم خدا ہوگا! تعجب ہے کہ آقائے دربندی نے یہ بے سروپا مہمل واقعہ درج کرتے وقت "فی کتب التواریخ المعتبرہ" تو لکھ دیا۔ مگر کسی کتاب یا سند کا حوالہ تحریر کرنے کی تکلیف گوارا نہ کی۔ بظاہر انہوں نے یہ واقعہ کتاب بحر الانساب سے لیا ہے۔ اور یہ کتاب مہملات و لغویات سے جیسی بھری ہوئی ہے وہ محتاج تشریح نہیں۔

علاوہ بریں یہ بھی سوچنے کی بات ہے کہ جناب سید الشہداء نے ایسا حکم اپنی دوسری ازواج کو کیوں نہ دیا۔ بالخصوص جناب رباب جن سے آپ زیادہ مانوس تھے۔ نیز اپنی بہنوں اور بیٹیوں کو کیوں نہ دیا جو دین و دنیا کی شہزادیاں تھیں۔

امر پنجم:۔ آقائے دربندی نے جواہر الانفال میں ایک قیاسی تجویز کی ہے۔ زبیدہ زوجہ قاسم کی والدہ اور سید سجاد علیہ السلام کی مادر گرامی دونوں حقیقی بہنیں تھیں۔ حضرت سید الشہداء نے بعد وفات والدہ سید سجادؑ ان کی خواہر سے عقد

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

کرلیا تھا اور یہی معظمہ آنجناب کی شہادت کے بعد گھوڑے پر سوار ہو کر گئی تھیں۔

یہ فاضل موصوف کا ذاتی اجتہاد اور قیاسی فیصلہ ہے جو انہوں نے بحرالانساب پر اعتماد کرتے ہوئے کیا ہے حالانکہ متقدمین و متاخرین کی کتابیں اس سے خالی ہیں۔ اگرچہ بعض روایات میں یزدجرد کی دو (۲) اور بعض میں تین بیٹیوں کا وارد مدینہ ہونا بیان کیا گیا ہے۔ لیکن ایک سے زیادہ کا داخل زوجیت سید الشہداء ہونا کسی روایت میں نہیں پایا جاتا۔ یہ خیال جناب موصوف نے اسرار الشہادت میں زوجہ قاسم کا نام فاطمہ اور جواہر الانفال میں زبیدہ لکھا ہے۔ یہ تناقض بجائے خود اس قصہ کے بطلان کا قوی برہان ہے۔

امر ششم:۔ ہم سید الشہداء علیہ السلام کی اولاد اور دامادی قاسم کے قصہ کے بیان میں ارباب سیر و تواریخ کی قطعی شہادتوں سے ثابت کر آئے ہیں کہ جناب سید الشہداء کی دو صاحبزادیاں تھیں۔ ایک فاطمہ جو جناب ام اسحاق کے بطن سے تھیں اور دوسری سکینہ جو جناب رباب کے بطن سے تھیں۔ ان کے علاوہ کسی اور فاطمہ کا کسی مستند کتاب میں کوئی تذکرہ نہیں ملتا۔

امر ہفتم:۔ ہم اسی باب میں امر چہارم کی تحقیق میں تاریخی شواہد کی روشنی میں ثابت کر آئے ہیں کہ جناب سید الشہداء کی سواری کا ایک ہی گھوڑا کربلا میں تھا۔ جس نے آنجناب کی شہادت کے بعد زمین پر سر مار مار کر اور بقولے دریائے فرات میں ڈوب کر جان قربان کر دی تھی۔ ان ناقابل رد حقائق کی روشنی میں یہ بات بالکل اظہر من الشمس ہو کر رہ جاتی ہے کہ یہ قصہ بالکل من گھڑت اور بے بنیاد ہے۔ انہی حقائق سے جناب ابن شہر آشوب کے بیان کا ناقابل اعتماد ہونا بھی واضح و عیاں ہو جاتا ہے۔ کیونکہ یہ علاوہ فریقین کی روایات کے منافی ہونے کے جیسا کہ صاحب تمقام نے اس پر بحث کرتے ہوئے لکھا ہے: ﴿منافی با جمیع روایات فریقین است﴾۔

یہ خودکشی ہے جو بالاتفاق حرام ہے۔ اور قرآنی حکم ﴿وَلَا تَقْتُلُوْٓا اَنْفُسَكُمْ﴾ اور ﴿لَا تُلْقُوْا بِاَيْدِيْكُمْ اِلَى التَّهْلُكَةِ﴾ کے منافی ہے۔ بھلا وہ گھر جو مہبط قرآن، سرچشمہ علم و عرفان اور منبع رشد و ہدایت تھا۔ ایسے گھر کی ایک ممتاز خاتون جو امام کی بہو، امام کی بھاوج، امام کی بی بی اور امام کی ماں تھی۔ اس حکم سے بے خبر یا پھر اس کی مخالفت کر سکتی تھیں؟ تعجب ہے کہ فاضل مازندرانی نے ایسی بے سروپا روایت کو اپنی کتاب میں کس طرح جگہ دی؟ سچ ہے: ﴿الجواد قد یکبوا و اللہ العاصم﴾۔ (ملخص از: مجاہد اعظم ج ۱، مع اضافات)

امر دہم:۔ شام غریباں کے دلخراش واقعات پر مختصر تبصرہ

مشہور یہ ہے کہ دنیا کی سخت ترین شب شب عاشوراء ہے۔ اور اس میں کوئی شک نہیں کہ یہ شب اپنی خصوصیات کی وجہ سے منفرد ہے۔ کائنات کا سردار اپنے مٹھی بھر اعزا و انصار سمیت پوری طرح نرغہ اعداء میں گھر چکا

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

تھا۔ موت سامنے نظر آ رہی تھی۔ کربلا والوں کو صبح اپنی موت کا یقین تھا۔ ہر ماں کو علم تھا کہ کل اس کا ماہ لقا بیٹا قربان گاہ کربلا میں فدیہ راہ خدا ہو جائے گیا۔ ہر بہن کو یقین تھا کہ کل اس کا قوت بازو دائمی طور پر رخصت ہو جائے گا۔ اور ہر زوجہ کو سامنے نظر آ رہا تھا کہ کل اس کا سہاگ لٹ جائے گا۔ علاوہ بریں بھوک تھی۔ پیاس تھی دشمنوں کی کثرت اور اپنی قلت تھی۔ مظلومیت تھی۔ بے کسی تھی۔ غرضکہ شب عاشورا سخت ابتلاء و آزمائش کی رات تھی مگر باین ہمہ اس میں ایک گونہ چہل پہل تھی۔ ہنوز سب خورد و کلاں زندہ اور موجود تھے۔ رسول زادیوں کا ظاہری سہارا موجود تھا۔ پنجتن پاک کی آخری فرد فرید دنیا میں موجود تھی۔ ذکر تسبیح و تہلیل سے خیام حسینی گونج رہے تھے۔ لیکن شام غریباں (شب یازدہم محرم) کو کچھ اور سماں تھا۔ شام غریباں کی کیفیت کچھ اور ہے۔ آسمان نیلگوں، غروب ہونے والے آفتاب، طلوع ہونے والے ماہتاب اور چمکتے ہوئے ستاروں نے نہ معلوم کتنے انقلاب روزگار دیکھے ہوں گے اور خدا معلوم سطح زمین پر کس قدر دردناک سانحے گذرے ہوں گے۔ اور نہ معلوم سینہ تاریخ میں کس قدر حیرت افزاء واقعات محفوظ ہوں گے مگر بلا خوف رد کہا جا سکتا ہے کہ اس ربع مسکون پر آسمان کے نیچے اور زمین کے اوپر شام غریباں سے زیادہ دلخراش، جگر سوز اور دردناک سانحہ کبریٰ نہیں گذرا ہوگا۔ وارثوں کا سایہ اٹھ چکا۔ ظاہری سہارے ٹوٹ چکے۔ سامان لٹ چکا۔ خیام جل چکے۔ خاتم المرسلین کی نواسیوں کے گوشوارے اتر چکے۔ علیؑ و بتولؑ کی پوتیوں کے خلخال اتر چکے۔ جناب رباب کی گود خالی ہو چکی۔ پہرہ دینے والے کٹ چکے ہر دل میں کوئی نہ کوئی غم و الم کا ناسور ہے مگر شریکۃ الحسینؑ کے قلب حزیں پر تو ایک سو پینتالیس داغ ہیں۔ پنجتن پاک کی آخری یادگار زمین سے اٹھ چکی ہے۔ بچے بزرگوں کی یادوں میں نڈھال ہو رہے ہیں۔ شدت گرسنگی و تشنگی سے بلک رہے ہیں مگر کوئی دلاسا دینے والا نہیں۔ بی بیوں کے سامنے عزیزوں کی خون میں نہائی ہوئی اور سر بریدہ لاشیں بے گور و کفن پڑی ہیں۔ عجیب بے کسی و بے بسی کا عالم ہے۔ کہتے ہیں کہ پسر سعد نے زوجہ حر کے ہاتھ اس رات کچھ خورد و نوش کا سامان بھجوایا تھا مگر کسی قابل اعتماد کتاب میں ایسی کوئی تصریح نظر قاصر سے نہیں گذری۔ خدا معلوم ان ستم زدہ سیدانیوں اور یتیم بچوں اور بیواؤں نے کس طرح فاقہ شکنی کی؟

آہ۔ نام نہاد مسلمانوں نے اسیران اہل بیتؑ کے ساتھ وہ سلوک کیا جو ترک و دیلم کے اسیروں کے ساتھ نہیں کیا جاتا۔

ے آہ از دمے کہ لشکر اعداء نہ کردہ شرم — کردند رو بخیمہ سلطان کربلا

ے گزرے ہیں کربلا میں وہ پر ہول سانحے — مر جائے آدمی جو تصور کبھی کرے

اِنَّا لِلّٰہِ وَ اِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ وَ سَیَعْلَمُ الَّذِیْنَ ظَلَمُوْا اَیَّ مُنْقَلَبٍ یَّنْقَلِبُوْنَ۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

پچیسواں باب

ابتداءِ اسیریٔ اہل بیتؑ سے روانگی شام تک کے حالات

جیسا کہ سابقہ باب میں بیان کیا جا چکا ہے عمر بن سعد نے حضرت سید الشہداؑ اور دوسرے شہدا کربلا کے سرہائے مبارکہ عصر عاشوراء کو کوفہ روانہ کر کے خود گیارہ محرم کو زوال آفتاب کے بعد خاندان نبوت کو اسیر کر کے اور بے مقنعہ و چادر ترک و دیلم کی باندیوں کی طرح[1] بے کجاوہ اونٹوں پر سوار کر کے کوفہ روانہ ہوا۔ بعض آثار کی بنا پر اس وقت اسیران اہل بیتؑ میں بیس خواتین اور بارہ لڑکے[2] تھے۔ جن میں امام حسن مجتبیٰؑ کے تین صاحبزادے حسن مثنیٰ جو معرکہ کربلا میں امام برحقؑ کی نصرت کا حق ادا کرتے ہوئے سترہ ناریوں کو واصل جہنم کرنے کے بعد خود اٹھارہ زخم لگنے سے نڈھال ہو کر گر گئے تھے۔ اور دایاں بازو بھی قلم ہو گیا تھا۔ اسماء بن خارجہ فزاری (جو حسن مثنیٰ کی والدہ کے خاندان سے تھا کی سفارش پر قتل ہونے سے بچ گئے[3] تھے) (۲) زید بن الحسنؑ۔ (۳) عمرو بن الحسنؑ اور امام محمد باقرؑ بھی انہی میں شامل تھے جن کی عمر اس وقت قریباً چار سال تھی۔[4]

عقبہ بن سمعان جو جناب رباب کے غلام تھے (جنہیں سپاہی پکڑ کر پسر سعد کے پاس لے گئے لیکن ان کے یہ بتلانے سے کہ وہ غلام ہیں ان کی تن بخشی ہو گئی تھی[5] بھی ہمراہ[6] تھے۔ یہ وہی عقبہ ہیں جن کا ایک مختصر سا مقتل بھی ہے۔ جو چشم دید واقعات پر مشتمل ہے۔

بہر حال وہ ساعت کسی طرح قیامت سے کم نہ تھی۔ جب پیغمبر آخر الزمانؐ کے نام نہاد کلمہ گو مسلمان ان کی بہوؤں اور بیٹیوں کو پابند رسن کر کے اسی کوفہ کے دربار میں پیش کرنے کے لئے لے جا رہے تھے۔ جو کبھی جناب امیرؑ کے ظاہری دور خلافت میں ان کا دار الخلافہ تھا۔ اور یہ چادر تطہیر کی وارث بی بیاں اس میں شہزادیوں کے طور پر قیام پذیر رہ چکی تھیں۔ آہ ؎

یصلی علی المبعوث من آل هاشم　　و یغزی بنوه ان ذا لعجیب

---

۱ لہوف، ص ۱۲۲۔ عاشر بحار، ص ۲۱۸۔ تمقام، ص ۴۳۳۔ نفس المہموم، ص ۲۰۴ وغیرہ۔

۲ نفس المہموم، ص ۲۰۴۔ مقتل الحسین، ص ۳۶۵ وغیرہ۔

۳ مقتل الحسین، ص ۳۶۵۔ لہوف، ص ۱۲۸ وغیرہ۔

۴ نفس المہموم، ص ۲۰۴۔

۵ نفس المہموم، ص ۱۵۸۔ مقتل الحسین، ص ۳۶۶۔

۶ مقتل الحسین للمقرم، ص ۳۶۵۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

بیبیاں شہدا کے لاشوں پر

شامیان بستند بازو زینب و کلثوم را اے فلک آں ابتدا ایں انتہائے اہل بیت"

جب اشقیاء کوفہ کی طرف روانہ ہونے لگے تو پردگیاں عصمت وطہارت نے فرمایا: ﴿باللّٰہ علیکم الا مامررتم بنا علی القتلیٰ﴾ خدا کے واسطے ہمیں وہاں سے لے چلو جہاں شہداء کی لاشیں پڑی ہیں۔ اور بعض آثار کے مطابق خود اشقیا اسی راستہ سے اسیروں کو لے کر گزرے (اسرار الشہادت)

جب بی بیوں نے شہداء کربلا اور بالخصوص جناب سید الشہداء کی لاشوں کو اس حال میں دیکھا کہ بندے بند جدا ہے اور پامال سم اسپاں بے گور وکفن خاک پر پڑی ہیں تو یہ دل خراش منظر دیکھ کر تاب ضبط نہ رہی بآواز بلند گریہ وبکاء کیا۔ اور رخساروں پر طمانچے مارے[1] راوی (مرہ بن قیس تمیمی[2]) کہتا ہے: ﴿فما نسیت من الاشیاء لا انسی قول زینب ابنة فاطمةؑ حین مررت باخیھا الحسینؑ صریعاً فنادت بصوت حزین و قلب کئیب یا محمداہ یا محمداہ صلی علیک ملائکة السماء ھذا حسین بالعراء مرمل بالدما مقطع الاعضاء مسلوب العمامة والرداء یا محمداہ و بناتک سبایا و ذریتک مقتلة تسفی علیھا الصباء فابکت و اللّٰہ کل عدو وصدیق﴾ میں اور سب کچھ بھول جاؤں تو بھول جاؤں مگر میں جناب زینبؑ بنت فاطمہؑ کے اس کلام کو کبھی فراموش نہیں کر سکتا جب وہ اپنے بھائی کی لاش مقدس کے پاس سے گذریں تو پرسوز دل اور غمناک لب ولہجہ کے ساتھ اپنے نانا رسول کو خطاب کر کے کہہ رہی تھیں۔ اے جد نامدار آپ پر تو آسمان کے فرشتے درود وسلام پڑھتے ہیں۔ مگر یہ آپؐ کے حسینؑ لق ودق صحرا میں خاک وخون میں غلطاں پڑے ہیں۔ جن کے اعضاء پارہ پارہ ہیں اور سر عمامہ اور کاندھوں سے عبا اتار لی گئی ہے آپ کی بیٹیاں اسیر اور ذریت قتل ہوئی پڑی ہے۔ جن پر باد صبا مٹی ڈال رہی[3] ہے۔" اگر کوئی رستم وسہراب بھی ہوتا تو یہ جانکاہ اور جگر خراش منظر دیکھ کر حواس کھو بیٹھتا۔ مگر یہ شیر خدا کی شیر دل بیٹی کا دل وگردہ تھا کہ پورے صبر وثبات اور اطمینان واستقلال کے ساتھ آسمان کی طرف دست دعا بلند کئے اور کہا: ﴿اَللّٰھُمَّ تَقَبَّلْ مِنَّا ھٰذَا الْقُرْبَانَ﴾ خداوند ہماری یہ قربانی قبول فرما[4] اس سے جناب بی بی عالم کے صبر وثبات اور خلوص وللّٰہیت اور بلندی مقام کا اندازہ ہو سکتا ہے۔

اخبار واثار سے ظاہر ہوتا ہے کہ اس اثنا میں جناب سکینہ کسی طرح اپنے بابا بزرگوار کے جسد اطہر کے ساتھ جا کر لپٹ گئیں۔ ان کا بیان ہے کہ انہوں نے اپنے بابا کے گلوئے بریدہ سے یہ آواز سنی ؎

---

[1] نفس المہموم، ص ۲۰۴۔ مقتل ابن نما، ص ۴۱۔ مقتل الحسین، ص ۳۶۷ وغیرہ۔ [2] نفس المہموم، ص ۲۰۴۔

[3] لوائج الاشجان، ص ۱۵۷۔ نفس المہموم، ص ۲۰۴۔ [4] کبریت احمر۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

شیعتی ماءٍ شربتم　　عذب ماء فاذکرونی

او سمعتم بغریب　　او شهید فاندبونی[1]

بی بی کچھ اس طرح بابا کی لاش مطہر سے لپٹی ہوئی تھی کہ کسی طرح جدا نہیں ہوتی حتیٰ کہ کسی شقی نے زبردستی کھینچ[2] کر علیحدہ کیا اور بروایتے زجر بن قیس نے تازیانہ کی ضرب سے جدا کر کے شتر پر سوار کیا۔[3]

امام سجادؑ کی بے قراری اور شریکۃ الحسینؑ کی دلجوئی

روایات میں وارد ہے کہ جب امام زین العابدینؑ نے شہداء کربلا اور بالخصوص لخت جگر زہراؑ کو ایسی حالت میں دیکھا۔ جس سے قریب تھا کہ آسمان پھٹ جائے زمین شگافتہ ہو جائے اور پہاڑ ریزہ ریزہ ہو جائیں۔ تو یہ جانگداز منظر دیکھ کر اچانک حجت خدا کی حالت غیر ہونے لگی۔ جب ثانی زہراؑ نے اپنے بھتیجے کی یہ حالت دیکھی تو بیمار کربلا کو تسلی و تشفی دیتے ہو فرمایا: ﴿ما لی اراک تجود بنفسک یا بقیة جدی و ابی و اخوتی﴾ اے میرے جد و اب اور بھائیوں کی یادگار! کیا بات ہے کہ میں تجھے دم توڑتے دیکھ رہی ہوں۔؟ امامؑ نے فرمایا: ﴿کیف لا اجزع و اهلع وقد اری سیدی و اخوتی و عمومتی و ولد عمی و اهلی مصرعین بدمائهم مرملین. بالعراء مسلّبین لا یکفّنون ولا یوارون لا یعرج علیهم احد ولا یقربهم بشر کانهم اهل بیت من الدیلم و الخزر﴾ بھلا میں کیونکر جزع و فزع نہ کروں۔ جب کہ میں اپنے سید و سردار (والد بزرگوار) بھائیوں اور چچازاد بھائیوں کو اس حال میں دیکھ رہا ہوں کہ لق و دق صحراء میں خاک و خون میں غلطان لباس سے عریاں بلا کفن و دفن پڑے ہیں۔ کوئی آدمی ان کے قریب نہیں جاتا۔ یوں معلوم ہوتا ہے کہ گویا یہ دیلم و خزر کے خاندان سے ہیں! عقیلہ قریش نے فرمایا: ﴿لا یجزعنک ما تری فو اللّٰه ان هذا لعهد من اللّٰه الی جدک و ابیک، ولقد اخذ اللّٰه میثاق اناس لا تعرفهم فراعنة هذه الارض وهم معروفون فی اهل السموت انهم یجمعون هذه الاعضاء المقطعة والجسوم المضرجة فیوارونها وینصبون بهذا الطف علما بقبر ابیک سید الشهداء لایداس اثره ولا یمحی رسمه علی قرور اللیالی والایام ولیجهدن ائمة الکفر و اشیاع الضلال فی محوه و تطمیسه فلا یزداد اثره الا ظهوراً و امره الا علواً﴾[4] بیٹا جو منظر آپ دیکھ رہے ہیں۔ آپ کو گھبراہٹ میں نہ ڈالے۔ خدا کی قسم یہ تو خدا کا ایک عہد تھا جو اس نے آپ کے جد نامدار

---

[1] نفس المہموم، ص ۲۰۰۔ مقتل الحسین، ص ۳۶۸ بحوالہ مصباح کفعمی، ص ۳۷۶۔

[2] مقتل الحسین للمقرم، ص ۳۶۹۔ ولواعج الاشجان، ص ۱۵۸۔

[3] مقتل الحسین، ص ۳۷۰۔

[4] کامل الزیارۃ، ص ۲۶۱ وغیرہ۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

اور بابائے بزرگوار سے لیا تھا۔ نیز کچھ لوگوں سے خدا نے یہ عہد و پیمان لیا ہے جنہیں اس زمین کے فراعنہ وقت نہیں پہچانتے مگر وہ اہل آسمان کے نزدیک مشہور و معروف ہیں کہ وہ ان قطع شدہ اعضا اور خون سے آغشتہ اجسام کو دفن کریں گے اور تیرے بابا سید الشہداء کی قبر مقدس پر علم نصب کریں گے باوجود لیل و نہار کی گردشوں کے تیرے بابا کی قبر کا نام و نشان ہرگز نہیں مٹے گا۔ اور اگرچہ کئی ائمہ کفر اور پروان ضلالت اس کے مٹانے کی پوری کوشش کریں گے مگر ان کی ہر ناکام کوشش سے الٹا اس کے نشان روشن و عیاں ہونگے۔ اور ان کی شان زیادہ بلند و بالا ہوگی۔"

اس مکالمہ اور امام کو دلاسہ دینے سے عقیلہ بنی ہاشم کی عظمت و جلالت اور رفعت منزلت کا جس قدر اظہار ہوتا ہے وہ کسی تبصرہ اور بیان کا محتاج نہیں ہے۔ اللہ اللہ بی بی عالم کا مقام صبر و تحمل کس قدر بلند ہے۔ کہ امام وقت کو صبر و ضبط اور تحمل و استقلال کی تلقین فرما رہی ہیں۔ نیز بی بی عالم کا یہ کلام بالکل وحی ترجمان معلوم ہوتا ہے جو کچھ اس مخدومہ کونین نے اس روز فرمایا تھا بعد میں آنے والے حالات و واقعات نے اس کی حرف بحرف تصدیق و تائید کردی ہے۔ جیسا کہ تاریخ دان حضرات جانتے ہیں ؎

یرید الجاحدون لیطفئوہ　　و یابی اللّٰہ الّا ان یتمّہ!

سچ ہے۔

فانوس بن کے جس کی حفاظت ہوا کرے　　وہ شمع کیا بجھے جسے روشن خدا کرے

SIBTAIN.COM
Presented By: www.jafrilibrary.com

اسارائے اہل بیتؑ کی کوفہ میں آمد

بہر حال عمر بن سعد اس لٹے ہوئے قافلہ کو لے کر اپنے لاؤ لشکر سمیت سرہائے مبارکہ کے کوفہ پہنچنے کے ایک روز بعد (۱۲ محرم کو) کوفہ پہنچا۔[1] ابن زیاد کو جب اس لٹے ہوئے قافلہ کے قریب پہنچنے کی اطلاع ملی۔ تو اس نے سرہائے شہداء نوک ہائے نیزہ پر چڑھا کر بھجوا دیے تا کہ ایک ساتھ وارد دربار ہوں۔ چنانچہ ایسا ہی کیا گیا۔ آگے آگے شہداء کے سرہائے مقدس تھے اس کے پیچھے اسیران آل محمدؐ کا مختصر قافلہ تھا۔[2] نیز ابن زیاد نے متوقع خوف ہنگامہ آرائی کے پیش نظر یہ احتیاطی تدبیر کر رکھی تھی کہ گو آج دربار و بازار میں لوگوں کو جمع ہو کر اسراء اہل بیتؑ کا نظارہ کرنے کا اذان عام تھا۔ مگر یہ اعلان بھی کرا دیا گیا تھا کہ کوئی زن یا مرد اسلحہ جنگ لے کر گھر سے باہر نہ نکلے اور اس پر عمل درآمد کرانے کے لئے جابجا پولیس کے دستے بھی متعین کر دیے گئے تھے۔[3]

---

۱ ارشاد، ص ۲۶۶۔

۲ تاریخ، ج ۶، ص ۳۰۵۔ قمقام، ص ۴۴۳۔ نفس المہموم، ص ۲۱۴۔

۳ ناسخ التواریخ، ج ۶، ص ۳۰۵۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

مسلم جصاص کی روایت

مسلم جصاص بیان کرتا ہے کہ ابن زیاد نے مجھے دارالامارہ کی اصلاح کے لیے بلایا ہوا تھا اور میں اپنے کام میں مشغول تھا کہ اچانک کوفہ کے اطراف و جوانب سے شور و شغب کی آوازیں آنے لگیں۔ اس اثناء میں ایک خادم آیا۔ میں نے اس سے دریافت کیا: کیا وجہ ہے کہ آج کوفہ میں بہت شور و غل ہو رہا ہے؟ اس نے کہا: ابھی ابھی ایک خارجی (بخاک دہن قاتل) کا سر لایا جا رہا ہے۔ جس نے یزید پر خروج کیا تھا۔ میں نے پوچھا: اس کا نام کیا تھا؟ کہا: حسینؑ بن علیؑ۔ میں یہ سنتے ہی دم بخود ہو کر رہ گیا۔ جب خادم باہر چلا گیا تو میں نے زور سے دو ہتھڑ اپنے منہ پر مارا۔ قریب تھا کہ میری آنکھیں ضائع ہو جائیں۔ اس کے بعد میں ہاتھ دھو کر دارالامارہ کی پچھلی طرف سے کناسہ کے مقام پر پہنچا جہاں لوگ سروں اور قیدیوں کے آنے کا انتظار کر رہے تھے تھوڑی دیر کے بعد ایک قافلہ پہنچا جو چالیس اونٹوں پر مشتمل تھا۔ جن پر اولاد حضرت فاطمہ زہراؑ سوار تھی۔ جن میں کچھ بچے اور کچھ مستورات تھیں۔ امام زین العابدینؑ بے پلان اونٹ پر سوار تھے۔ رگہائے بدن سے خون جاری تھا۔ اور گریہ کناں آواز کے ساتھ یہ اشعار پڑھ رہے تھے۔

یاامة السوء لا سقیا لربعکم	یاامة لم تراعی جدنا فینا
لو اننا و رسول اللّٰہ یجمعنا	یوم القیامة ما کنتم تقولونا
تسیرونا علی الاقتاب عاریة	کانالم نشید فیکم دینا
بنی امیة! ما ھذاالوقوف علی	تلک المصائب لا تلبون داعینا
تصفقون علینا کفکم فرحاً	وانتم فی فجاج الارض تسبونا
الیس جدی رسول اللّٰہ ویلکم	اھدی البریة من سبل المضلینا
یاوقعة الطف قد اورثتنی حزنا	و اللّٰہ تھتک استار المسیئینا

اسیرانِ آل محمدؐ کی خستہ تنی اور زبوں حالی دیکھ کر اہل کوفہ صدقہ کی کھجوریں اور روٹیوں کے ٹکڑے بچوں کی طرف پھینکتے تھے۔ اور جناب ام کلثومؑ یہ فرما کر کہ ﴿یا اھل الکوفة ان الصدقة علینا حرام﴾ اے اہل کوفہ! صدقہ ہم پر حرام ہے۔ کھجوریں وغیرہ بچوں کے ہاتھ سے لے کر نیچے پھینک دیتی تھیں۔ لوگ خاندان نبوت کی یہ حالت دیکھ کر دھاڑیں مار مار کر رو رہے تھے۔ جناب ام کلثومؑ نے فرمایا: ﴿صہ یا اھل الکوفة تقتلنا رجالکم و تبکینا نساء کم فالحاکم بیننا و بینکم اللّٰہ یوم فصل القضاء﴾ اے اہل کوفہ خاموش ہو جاؤ! تمہارے مرد ہمیں قتل کرتے ہیں۔ اور تمہاری عورتیں ہم پر روتی ہیں؟ خداوند عالم روز قیامت ہمارے تمہارے درمیان فیصلہ کرے گا مسلم کہتا ہے بی بی یہی گفتگو کر رہی تھیں کہ اچانک صدائے شور و شغب بلند ہوئی۔ کیا دیکھتا ہوں کہ (دوسری طرف

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

سے) شہداء کربلا کے سر نیزوں پر سوار ہیں۔ ان سب کے آگے آگے جناب امام حسین علیہ السلام کا سر مبارک تھا۔ ﴿وهو رأس زهري قمري اشبه الخلق برسول الله و لحيته كسواد السبج قد انتصل منها الخضاب و وجهه دارة قمر طالع و الرمح تلعب بها يميناً و شمالاً﴾ اور وہ سر بدر کامل کی طرح تابندہ اور درخشندہ تھا۔ اور تمام لوگوں سے زیادہ رسول خداؐ کے ساتھ مشابہ تھا۔ ریش مبارک خضاب کی وجہ سے بالکل سیاہ تھی۔ چہرہ انور ماہتاب کی مانند مدورا (روشن تھا اور ہوا ریش مبارک کو دائیں بائیں حرکت دے رہی تھی۔ جب جناب زینب عالیہ کی بھائی کے سر مبارک پر اس حال میں نظر پڑی تو اس منظر سے بے تاب ہو کر فرط غم والم سے چوب پالان پر اس زور سے سر مارا کہ خون جاری ہو گیا۔ اور اس وقت یہ رقت خیز اشعار پڑھے

يا هلا لا لما استتم كما لا — غاله خسف فابدا غروباً

ما توهمت يا شقيق فؤادي — كان هذا مقدراً مكتوبا

يا اخي! فاطم الصغيرة كلمها — فقد كاد قلبها ان يذوبا

يا اخي! قلبك الشفيق علينا — ما له قد قسى و صار صليبا

يا اخي لو ترى علياً لدى الاسر — مع اليتم لا يطيق وجوبا

كلما اوجعوه بالضرب ناداء — كي يذل يفيض دمعاً سكوبا

يا اخي ضمه اليك و قربه — و سكن فؤاده المرعوبا

ما اذال اليتيم حين ينادي — بابيه ولا يراه مجيبا[1]

بہر حال ارباب سیر و مقاتل کا بیان ہے کہ جب اس حال میں یہ لٹا ہوا قافلہ کوفہ کے در و دیوار کے قریب پہنچ گیا۔ ہاں ہاں وہی کوفہ جس میں جناب امیر علیہ السلام کے ظاہری دور خلافت میں جناب زینب و ام کلثوم شہزادیوں کی حیثیت سے رہ چکی تھیں۔ اور آج قیدیوں کی حیثیت سے داخل ہو رہی تھیں۔ آہ۔ ع

---

[1] بحار، ج ۱۰، ص ۲۲۰۔ ناسخ، ج ۶، ص ۳۱۱، ۳۱۲۔ نفس المہموم، ص ۲۱۳ وغیرہ۔

مخفی نہ رہے کہ صاحب طراز المذہب نے بڑے شد و مد کے ساتھ زینبؑ عالیہ کے سر پھوڑنے والے واقعہ کی نفی کی ہے اور اس امر کو بی بی عالم کے صبر و استقلال کے منافی قرار دیا ہے۔ ہمارا خیال ہے کہ اس قسم کے خیالی استبعاد کی بنا پر ان واقعات کا جو کتب معتمدہ میں موجود ہیں انکار نہیں کیا جا سکتا نیز اس فعل کو منافی صبر و استقلال قرار دینا درست نہیں ہے۔ ﴿بفهوی هر سخن جائے و هر نکته مقامے دارد﴾۔ جہاں حسب ضرورت زینبؑ عالیہ نے اس قدر صبر و ضبط سے کام لیا ہے کہ خود امام زین العابدینؑ کو تسلیاں اور دلاسے دیئے ہیں۔ وہاں یہ بھی ثابت ہے کہ گریبان چاک کر کے منہ پر طمانچے بھی مارے ہیں۔ لہٰذا حسینؑ ایسے عظیم بھائی کا اچانک نوک سنان پر سر دیکھ کر فرط غم والم کی وجہ سے چوب پالان پر سر دے مارنا کون سی تعجب خیز بات ہے؟ واللہ العالم۔ (منہ عفی عنہ)

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

اے فلک آں ابتدا ایں انتہائے اہل بیتؑ

کوفہ کے زن و مرد جو ہزاروں کی تعداد میں وہاں یہ نظارہ دیکھنے کے لئے جمع تھے۔ آل رسول کو اس تباہ حال میں دیکھ کر زار و قطار رونے لگے۔ امام زین العابدینؑ نے نحیف و نزار آواز کے ساتھ فرمایا: ﴿تنوحون و تبکون من اجلنا فمن ذا الذی قتلنا؟﴾ کوفہ والو! اب تم ہم پر نوحہ اور گریہ کر رہے ہو۔ یہ تو بتاؤ کہ ہمیں قتل کس نے کیا ہے؟[1] اس اثنا میں ایک کوفیہ عورت نے بالائے بام جھانک کر دیکھا اور دریافت کیا: ﴿من ای الاساری انتم؟﴾ تم کس قوم و قبیلہ کے قیدی ہو؟ بی بیوں نے فرمایا: ﴿نحن اساری آل محمدؐ﴾ ہم خاندان نبوت کے اسیر ہیں' یہ سن کر وہ نیک بخت عورت نیچے اتری اور کچھ برقعے اور کچھ چادریں اکٹھی کر کے ان کی خدمت میں پیش کیں جن سے پردگیانِ عصمت نے اپنے سروں کو ڈھانپ لیا۔[2]

زینبؑ عالیہ کا خطبہ

اس وقت عقیلہ بنی ہاشم نے درج ذیل خطبہ ارشاد فرمایا: لوگوں کے گریہ و بکاء اور شور و شغب کی وجہ سے کان پڑی آواز سنائی نہیں دیتی تھی۔ لیکن راویان اخبار کا بیان ہے کہ جونہی شیر خدا کی بیٹی نے لوگوں کو ارشاد کیا کہ ﴿انصتوا﴾ خاموش ہو جاؤ! تو کیفیت یہ تھی کہ ﴿ارتدت الانفاس وسکنت الاجراس﴾ آتے ہوئے سانس رک گئے اور جرس کارواں کی آوازیں خاموش ہو گئیں۔ اس کے بعد خطیب منبر سلونی کی دختر نے جب خطبہ شروع کیا تو لوگوں کو حضرت علی علیہ السلام کا لب و لہجہ اور ان کا عہد معدلت انگیز یاد آ گیا۔ راوی (حذام[3] اسدی یا بشیر بن خریم[4] اسدی) کہتا ہے: ﴿لم ار و اللہ خفرۃ قط انطق منھا کانھا تنطق و تفرغ علی لسان امیر المؤمنین علی علیہ السلام﴾ خدا کی قسم میں نے کبھی کسی خاتون کو دختر علیؑ سے زیادہ پرزور تقریر کرتے نہیں دیکھا (بی بی کے لب و لہجہ اور خطابت سے معلوم ہوتا تھا) کہ گویا جناب امیر المومنینؑ کی زبان سے بول رہی ہیں۔ بالفاظ دیگر یوں

---

[1] ملہوف، ص ۱۲۹۔ نفس المہموم، ص ۲۰۸۔
[2] نفس المہموم، ص ۲۰۸۔ ملہوف، ص ۱۲۸۔
[3] نفس المہموم، ص ۲۰۸۔
[4] ملہوف، ص ۱۲۹۔

* مخفی نہ رہے کہ کلمات علماء ابرار اور اخبار و آثار میں قدرے اختلاف ہے کہ کوفہ اور دربار ابن زیاد میں وارد ہونے کے وقت مخدرات عصمت بے مقنعہ و چادر تھیں۔ یا باپردہ؟ مشہور یہی ہے جو ہم نے اوپر درج کیا ہے کہ چادر تطہیر کی وارث بی بیاں امت کے سلوک کے نتیجہ میں بے مقنعہ و چادر تھیں۔ ہاں البتہ بعض آثار سے یہ ضرور آشکار ہوتا ہے کہ بی بیاں مکشفات الوجوہ نہ تھیں چنانچہ فاضل دربندی نے اسی قول پر بہت زور دیا ہے ہم نے اوپر جو روایت درج کی ہے اس سے دونوں اقوال کے درمیان جمع و توفیق ہو جاتی ہے کہ اس کوفیہ عورت کے برقعوں اور چادروں کے انتظام سے پہلے سر ننگے تھیں بعد ازاں جب سر ڈھانکنے کا انتظام ہو گیا تو بنات رسولؐ نے پردہ کر لیا۔ اگرچہ بعض لوگوں کا خیال ہے کہ ظالموں نے وہ چادریں بھی چھین لیں (سیرت صدیقہ صغریٰ) مگر یہ دعویٰ بلا دلیل ہونے کی وجہ سے ناقابل قبول ہے۔ (و اللہ العالم بحقائق الامور)۔ (منہ عفی عنہ)

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

محسوس ہوتا کہ حضرت امیر علیہ السلام آپ کی زبان سے بول رہے ہیں ؎

دربار میں خطبے، کبھی قرآں کی تلاوت　　انداز تکلم میں علیؑ کی تھی فصاحت

جب ہر طرف مکمل خاموشی چھا گئی تو ام المصائب نے یہ خطبہ ارشاد فرمایا:

﴿الحمد للّٰہ و الصلوٰۃ علی ابی محمد و الہ الطیبین الاخیار. اما بعد یا اھل الکوفۃ یا اھل الختل والغدر اتبکون فلا رقأت الدمعۃ ولا ھدأت الزفرۃ انما مثلکم کمثل التی نقضت غزلھا من بعد قوۃ انکاثا تتخذون ایمانکم دخلاً بینکم الا وھل فیکم الا الصلف و النطف و الصدر الشنف (الصلف و العجب و الشنف و الکذب) و ملق الاماء و غمز الاعداء او کمرعی علی دمنۃ او کفضۃ علی ملحودۃ الا ساء ما قدمت لکم انفسکم ان سخط اللّٰہ علیکم و فی العذب انتم خالدون. اتبکون و تنتحبون ای واللّٰہ فابکوا کثیراً و اضحکوا قلیلاً فلقد ذھبتم بعارھا و شنارھا و ان ترحضوھا بغسل بعدھا و انی ترحضون قتل سلیل خاتم النبوۃ ومعدن الرسالۃ و سید شباب اھل الجنۃ و ملاذ حیرتکم و مفزع نازلتکم و منار حجتکم و مدرۃ سنتکم (مدرۃ حججکم و منار محجتکم ن و) الا ساء ما تزرون و بعدا لکم و سحقا فلقد خاب السعی و تبت الایدی و خسرت الصفقۃ و بؤتم بغضب من اللّٰہ و ضربت علیکم الذلۃ و المسکنۃ ویلکم یا اھل الکوفۃ اتدرون ای کبد لرسول اللّٰہ فریتم و ای کریمۃ لہ ابرزتم و ای دم لہ سفکتم و ای حرمۃ لہ انتھکتم (لقد جئتم شیئاً اذا تکاد السموات یتفطرن منہ و تنشق الارض و تخر الجبال ھدا) و لقد جئتم بھا صلعاء عنقاء سوداء فقماء خرقاء شوھاء کطلاع الارض او ملاء السماء افعجبتم ان مطرت السماء دما و العذاب الاخرۃ اخزی و انتم لا تنصرون فلا یستخفنکم المھل فانہ لا یخفرہ البدار ولا یخاف فوت الثار وان ربکم لبالمرصاد﴾ [1]

(بعض روایات کے مطابق پھر یہ اشعار پڑھے) ؎

ماذا تقولون اذ قال النبی لکم　　ماذا صنعتم وانتم اخر الامم

باھلبیتی و اولادی وتکرمتی　　منھم اساریٰ و منھم ضرجوا بدم

ما کان ذاک جزائی اذ نصحت لکم　　ان تخلفونی بسوء فی ذوی رحم

انی لاخشی علیکم ان یحل بکم　　مثل العذاب الذی اودی علی ارم [2]

---

[1] ملہوف، ص ۱۳۱۔ لواعج الاشجان، ص ۲۶۰۔　[2] تاریخ، ج ۶، ص ۳۰۶۔ نفس المہموم، ص ۲۰۹۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

سب تعریفیں خدا کے لئے ہیں۔ اور درود و سلام میرے باپ (نانا) محمدؐ اور ان کی طیب و طاہر اور نیک اولاد پر۔ امابعد۔ اے اہل کوفہ! اے اہل دھوکہ و مکر! کیا اب تم روتے ہو؟ (خدا کرے) تمہارے آنسو کبھی خشک نہ ہوں اور تمہاری آہ و فغاں کبھی بند نہ ہو! تمہاری مثال اس عورت جیسی ہے۔ جس نے بڑی محنت و جانفشانی سے محکم ڈوری بانٹی اور پھر خود ہی اسے کھول دیا۔ اور اپنی محنت پر پانی پھیر دیا تم (منافقانہ طور پر) ایسی جھوٹی قسمیں کھاتے ہو۔ جن میں کوئی صداقت نہیں تم جتنے بھی ہو سب کے سب بے ہودہ گو ڈینگ مارنے والے پیکر فسق و فجور اور فسادی کینہ پرور اور لونڈیوں کی طرح جھوٹے چاپلوس اور دشمنوں کی غمازی ہو تمہاری کیفیت یہ ہے جیسے کثافت کی جگہ سبزی یا چاندی جیسی ہے جو دفن شدہ عورت (کی قبر) پر رکھی جائے۔

آگہ باشید! تم نے بہت ہی برے اعمال کا ارتکاب کیا ہے۔ جن کی وجہ سے خداوند عالم تم پر غضب ناک ہے۔ اس لئے تم اس کے ابدی عذاب و عقاب میں گرفتار ہو گئے۔ کیا اب گریہ و بکاء کرتے ہو۔ ہاں بخدا۔ البتہ تم اس کے سزاوار ہو کہ رو زیادہ اور ہنسو کم۔ تم امام علیہ السلام کے قتل کی عار و شنار میں گرفتار ہو چکے ہو۔ اور تم اس دھبے کو کبھی دھو نہیں سکتے! اور بھلا تم خاتم نبوت و معدن رسالت کے سلیل (فرزند) اور جوانان جنت کے سردار جنگ میں اپنے پشت پناہ۔ مصیبت میں جائے پناہ، منارہ حجت اور عالم سنت کے قتل کے الزام سے کیونکر بری ہو سکتے ہو؟ تمہارے لئے لعنت و ہلاکت ہو۔ تم نے بہت ہی برے کام کا ارتکاب کیا ہے اور آخرت کے لئے برا ذخیرہ جمع کیا ہے۔ تمہاری کوشش رائیگاں ہو گئی تم برباد ہو گئے۔ تمہاری تجارت خسارہ میں رہی اور خدا کے قہر و غضب کے شکار ہو گئے۔ اور ذلت و رسوائی میں مبتلا ہوئے۔ افسوس ہے تم پر اے اہل کوفہ! کچھ جانتے بھی ہو کہ تم نے رسولؐ کے کس جگر کو پارہ پارہ کیا؟ اور ان کا کونسا خون بہایا؟ اور ان کی کونسی ہتک حرمت کی؟ اور ان کی کن مستورات کو بے پردہ کیا؟ تم نے ایسے افعال شنیعہ کا ارتکاب کیا ہے کہ آسمان گر پڑیں۔ زمین شگافتہ ہو جائے اور پہاڑ ریزہ ریزہ ہو جائیں۔ تم نے قتل امام کا جرم شنیع کیا ہے جو پہنائی و وسعت میں آسمان و زمین کے برابر ہے۔ اگر اس واہیہ و ہیاء و بلیہ عمیا پر آسمان سے خون برسا ہے تو تم تعجب کیوں کرتے ہو؟ یقیناً آخرت کا عذاب اس سے زیادہ سخت اور رسوا کن ہوگا اور اس وقت تمہاری کوئی امداد نہ کی جائے گی! تمہیں جو مہلت ملی ہے اس سے خوش نہ ہو کیونکہ خداوند عالم بدلہ لینے میں جلدی نہیں کرتا کیونکہ اسے انتقام کے فوت ہونے کا اندیشہ نہیں یقیناً تمہارا پروردگار اپنے نافرمان بندوں کی گھات میں ہے۔

صاحب طراز المذہب ص ۲۷۳ نے اس خطبہ کی انوکھی تعبیرات و تشبیہات اور استعارات و کنایات کے متعلق لکھا ہے: ﴿فصحاء و بلغاء روزگار را متحیر و مبہوت می دارد﴾۔

پھر بی بی عالم نے منہ دوسری طرف پھیر لیا۔ راوی کہتا ہے میں نے دیکھا کہ لوگ حیران و سرگرداں ہیں۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

اور تعجب سے انگلیاں منہ میں ڈالے ہوئے ہیں۔ میں نے ایک عمر رسیدہ شخص کو دیکھا جو میرے پہلو میں کھڑا رو رہا تھا۔ ڈاڑھی آنسوؤں سے تر ہو چکی تھی۔ ہاتھ آسمان کی طرف بلند تھا اور وہ اس حال میں کہہ رہا تھا: ﴿بابی انتم و امی کھولکم خیر الکھول وشبابکم خیر الشباب ونساء کم خیر النساء ونسلکم خیر نسل وفضلکم فضل عظیم﴾ میرے ماں باپ تم پر قربان! تمہارے بزرگ سب بزرگوں سے بہتر۔ تمہارے جوان سب جوانوں سے افضل تمہاری عورتیں سب عورتوں سے اشرف! تمہاری نسل سب نسلوں سے اعلیٰ۔ اور تمہارا فضل عظیم ہے۔ پھر یہ شعر پڑھا ؎

کھو لھم خیر الکھول ونسلھم　　اذا عد نسل لا یبور ولا یخزی

امام زین العابدین علیہ السلام نے فرمایا: ﴿اسکتی یا عمة ففی الباقی من الماضی اعتبار و انت بحمد اللّٰہ عالمة غیر معلّمة فھمة غیر مفھّمة ان البکاء و الحنین لا یرّد ان من قد اباده الدھر فسکنت﴾ پھوپھی اماں! چپ کرو! جو کچھ گذرا اس میں باقی ماندہ کے لئے درس عبرت ہے۔ آپ بحمد اللہ بغیر پڑھائے ہوئے عالمہ اور بغیر سمجھائے ہوئے سمجھ دار ہیں۔ گریہ و بکاء اسے واپس نہیں لا سکتا جو حوادث روزگار کا شکار ہو چکا ہے۔ چنانچہ مخدومۂ عالم خاموش ہو گئیں۔[1]

SIBTAIN.COM

جناب فاطمہ صغریٰ کا خطبہ

مخدومۂ کونین کے بعد جناب فاطمہ بنت الحسینؑ نے غم والم میں ڈوبا ہوا یہ خطبہ دیا جسے زید بن موسیٰ نے اپنے آباواجداد کے سلسلہ سند سے روایت کیا ہے: ﴿الحمد للّٰہ عدد الرمل. والحصیٰ وزنة العرش الی الثریٰ احمده و اؤمن به واتوکل علیه واشھد ان لا اله الا اللّٰہ وحده لا شریک له وان محمداً عبده ورسوله صلّی اللّٰہ علیه و اله و ان اولاده ذبحوا بشطّ الفرات بغیر ذحل ولا ترات اللّٰھمّ انی اعوذ بک ان افتری علیک الکذب و ان اقول علیک خلاف ما انزلت علیه من اخذ العھود لوصیه علی بن ابی طالب المسلوب حقه المقتول من غیر ذنب کما قتل ولده بالامس فی بیت من بیوت اللّٰہ و بھا معشر مسلمة بالسنتھم تعساً لرؤسھم ما رفعت عنه ضیماً فی حیاته ولا عند مماته حتی قبضته، الیک محمودا النقیة طیب الضریبة معروف المناقب مشھود المذاھب لا تاخذه فیک اللّٰھمّ لومة لائم ولا عذل عاذل ھدیته اللّٰھمّ للاسلام صغیراً و حمدت مناقبه کبیراً ولم یزل ناصحاً لک ولرسولک صلی اللّٰہ علیه و اله حتیٰ قبضته الیک زاھداً فی الدنیا غیر حریص

---

[1] احتجاج طبرسی، ص ۱۶۶، طبع النجف۔ لہوف، ص ۲۰۹۔ ناسخ، ج ۶، ص ۳۰۷۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

علیها راغباً فی الاخرة مجاهدا لک فی سبیلک فاخترته و هدیته الی صراط مستقیم. اما بعد یا اهل الکوفة یا اهل المکرو الغدر والخیلاء فانا اهل بیت ابتلانا اللّٰه بکم وابتلاکم بنا فجعل بلائنا حسنا وجعل علمه عندنا و فهمه لدینا فنحن عیبة علمه و وعاء فهمه و حکمته و حجته علی الارض فی بلاده لعباده اکرمنا اللّٰه بکرامة و فضلنا بنبیه محمّد علی کثیر من خلقه تفضیلا بیّناً فکذبتمونا و کفرتمونا ورأیتم قتالنا حلالاً و اموالنا نهبا کأننا اولاد الترک او کابل کما قتلتم جدنا بالامس وسیوفکم تقطر من دمائنا اهل البیت لحقد متقدم قرت لذلک عیونکم وفرحت قلوبکم افتراء علی اللّٰه ومکراً مکرتم واللّٰه خیر الماکرین فلا تدعونکم انفسکم الی الجذل بما اصبتم من دمائنا ونالت ایدیکم من اموالنا فان ما اصابنا من المصائب الجلیلة و الرزایا العظیمة فی کتاب من قبل ان نبرأها ان ذلک علی اللّٰه یسیر لکیلا تأسوا علی ما فاتکم ولا تفرحوا بما اتکم واللّٰه لا یحب کل مختال فخور. تبّاً لکم فانتظروا اللعنة والعذاب فکان قد حلّ بکم وتواترت من السّماء نقمات فیسحتکم بعذاب (فتسحتکم بما کسبتم) ویذیق بعضکم بأس بعض ثم تخلدون فی العذاب الالیم یوم القیامة بما ظلمتمونا الا لعنة اللّٰه علی الظالمین ویلکم أتدرون اية يدٍ طاغتنا منکم و اية نفس نزعت الی قتالنا ام بای رجل مشیتم الینا تبغون محاربتنا واللّٰه قست قلوبکم و غلظت اکبادکم و طبع لی افئدتکم وختم علی سمعکم وبصرکم وسوّل لکم الشیطان واملی لکم وجعل علی بصرکم غشاوة فانتم لا تهتدون فتبّاً لکم یا اهل الکوفة ایّ ترات لرسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وآله قبلکم و ذحول له لدیکم ثم غدرتم باخیه علی بن ابی طالب جدی و بنیه و عترته الطّیبین الاخیار فافتخر بذلک مفتخر و قال ؎

نحن قتلنا علیّا و بنی علیّ ... بسیوف هندیة ورماح

و سبینا نساء هم سبی ترک ... و نطحنا هم ایّ نطاح

بفیک ایها القائل الکثکث و لک الاثلب افتخرت بقتل قوم زکاهم اللّٰه وطهرم اللّٰه واذهب عنهم الرجس فاکظم واقع کما اقعیٰ ابوک و انما لکل امرء ما کسب وما قدمت یداه احسدتمونا ویلاً لکم علی ما فضلنا اللّٰه.

فما ذنبنا ان جاش ذهراً بجودنا ... و بحرک ساج لا یواری الدعامصا

ذلک فضل اللّٰه یؤتیه من یشاء و اللّٰه ذوالفضل العظیم و من لم یجعل اللّٰه له نوراً فما له

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

من نور۔

(حمد پروردگار و ثنائے پیغمبر و آئمہ اطہار پر مشتمل تمہیدی خطبہ کے بعد فرمایا:)

اے اہل کوفہ، اے اہل غدر و مکر اور تکبر۔ خداوند عالم نے ہمارا تمہارے ذریعہ اور تمہارا ہمارے ذریعہ سے امتحان و اختبار لیا ہے پھر ہماری آزمائش کو اچھا بنایا ہے۔ اور ہمیں اپنے علم و فہم اور حکمت کا گنجینہ قرار دیا ہے۔ اور ہمیں زمین میں اپنے بندوں پر اپنی حجت قرار دیا ہے۔ خداوند عالم نے ہمیں اپنی مخصوص عزت و کرامت سے نوازا ہے۔ اور ہمیں اپنے پیغمبر حضرت محمدؐ کی وجہ سے اپنی تمام مخلوق پر فضیلت دی ہے مگر تم نے ہماری تکذیب کی۔ اور ہمارے (احسانات کا) انکار کیا اور ہمارے ساتھ قتل و قتال کرنے اور ہمارے مال و منال کے لوٹنے کو جائز سمجھا گویا کہ ہم (معاذاللہ) ترک و کابل کے (غیر مسلمان) لوگ ہیں۔ تم نے کل (ماضی قریب میں) سابقہ کینوں کی بنا پر جد امجد کو شہید کیا۔ تمہاری تلواروں سے اب بھی ہمارا خون بہہ رہا ہے۔ مگر (ایسے سنگین جرائم کے باوجود) تمہارے دل شاد کام اور آنکھیں روشن ہیں۔ یہ سب کچھ تم نے خدا پر افترا پردازی اور مکر و فریب کا مظاہر کرتے ہوئے کیا ہے۔ خدا تمہیں تمہارے مکر و فریب کی ضرور سزا دے گا تم نے جو ہمارے خون بہائے ہیں اور مال و اسباب لوٹے ہیں۔ اس سے تم خوش و خرم نہ ہو کیونکہ ہم پر جو سخت مصائب و آلام نازل ہوئے ہیں۔ وہ خلقت سے پہلے کتاب میں لکھے ہوئے تھے اور یہ بات خدا پر آسان ہے تاکہ دنیوی مال کے ضیاع سے ملول نہ ہو اور اس کی فراوانی پر مسرور و شاد کام نہ ہو۔ خدا تکبر اور فخر کرنے والوں کو دوست نہیں رکھتا اے اہل کوفہ تمہارے لئے ہلاکت ہو۔ اب لعنت و عذاب کا انتظار کرو۔ گویا کہ تم پر نازل ہو گیا ہے۔ اور تم پر آسمان سے مسلسل قلمتیں نازل ہو رہی ہیں جو تمہیں نیست نابود کر کے رکھ دیں گی اور خدا ایک دوسرے کے ہاتھوں تم سے انتقام لے گا۔ تم نے ہم پر جو ظلم و ستم کیا ہے اس کی پاداش میں ہمیشہ عذاب جہنم میں مبتلا رہو گے۔ ظالموں پر خدا کی لعنت ہو! وائے ہو تم پر اے اہل کوفہ! کیا تمہیں معلوم ہے کہ تم نے کس ہاتھ سے ہم پر ظلم و زیادتی کی ہے؟ اور کس نفس کے ساتھ ہم سے جدال و قتال کیا ہے؟ اور کن پاؤں سے چل کر ہم سے لڑنے کے لئے آئے ہو؟ خدا کی قسم تمہارے دل سخت اور جگر درشت ہو گئے ہیں۔ اور تمہارے دلوں، کانوں اور آنکھوں پر مہریں لگ چکی ہیں۔ شیطان نے تمہیں فریب دیا ہے۔ اور تمہاری آنکھوں پر پردہ ڈال دیا ہے اس لئے تم ہدایت حاصل نہیں کر سکتے! اے اہل کوفہ! ہلاکت ہو تمہارے لئے تم نے جناب رسول خداؐ سے کونسا بدلہ اور انتقام لینا تھا کہ ان کے بھائی اور میرے جد علی بن ابی طالبؑ اور ان کی عترت طاہرہ کے ساتھ تم نے غرور مکر کیا۔ چنانچہ تمہارے بعض فخر کرنے والوں نے کہا: ہم نے علی اور اولاد علی کو ہندی تلواروں اور نیزوں کے ساتھ قتل کیا ہے اور ان کی مستورات کو ترک و دیلم کی باندیوں کی طرح قید کیا ہے۔ اور ان کو خوب لتاڑا ہے۔ اے قائل تیرے منہ میں خاک و پتھر تو اس گروہ کے قتل پر فخر و

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

مباہات کررہا ہے۔ جن کو خداوند عالم نے طہارت و پاکیزگی عطا فرمائی ہے۔ اور ان سے ہر قسم کے رجس و ناپاکی کو دور رکھا ہے۔ اپنے غصہ کو پی اور اپنے باپ کو مانند کتے کی طرح بیٹھ۔ ہر آدمی کو وہی کچھ ملے گا جو کچھ اس نے آگے بھیجا ہوگا تم ہمارے ساتھ اس لئے حسد کرتے ہو کہ خدا نے ہم کو فضیلت عطا فرمائی ہے۔ اس میں ہمارا کیا قصور ہے۔ کہ ہمارے (کمالات کا) سمندر تمام زمانہ کو محیط ہے۔ اور تمہارا سمندر ساکن و پایاب ہے۔ یہ خدا کا فضل ہے جسے چاہے عطا کرے کیونکہ وہ صاحب فضل عظیم ہے۔ اور جسے خدا اپنے نور کا حصہ نہ دے اس کے لئے تاریکی سے نکلنے کے لئے کوئی نور نہیں ہے۔"

راوی کہتا ہے کہ جب دختر حسینؑ کا کلام بلاغت نظام یہاں تک پہنچا تو روتے روتے لوگوں کی ہچکیاں بندھ گئیں۔ گریہ و بکا کرتے ہوئے عرض کیا: ﴿حسبک یا ابنة الطیبین فقد احرقت قلوبنا و انضجت نحورنا و اضرمت اجوافنا﴾ اے طیب و طاہر آباء کی بیٹی! اتنا کلام کافی ہے آپ نے تو ہمارے دلوں کو شدت غم سے جلا دیا۔ سینوں کو پکا دیا اور ہمارے اندر حزن و ملال کی آگ سلگا دی چنانچہ بی بی خاموش ہوگئیں۔[1]

جناب ام کلثوم کا خطبہ

اس کے بعد جناب ام کلثوم نے بآواز بلند آہ و بکا کرتے ہوئے یہ خطبہ انشا فرمایا:

یا اهل الکوفة سوءة لکم ما لکم خذلتم حسیناً و قتلتموه و انتهبتم امواله و ورثتموه و سبیتم نساءه و نکبتموه فتبًا لکم و سحقاً و یلکم اتدرون ای دواه دهتکم وای وزر علی ظهورکم حملتم وای دماء سفکتموها و ای کریمة اصبتموها وای صبیة سلبتموها وای اموال انتهبتموها قتلتم خیر رجالات بعد النبیؐ و نزعت الرحمة من قلوبکم الا ان حزب الله هم الفائزون (المفلحون) و حزب الشیطان هم الخاسرون ثم قالت.

قتلتم اخی صبراً فویل لأمکم — ستجزون ناراً حرها یتوقد

سفکتم دماءً حرّم الله سفکها — و حرمها القران ثم محمّد

الا فابشروا بالنّار انکم غداً — لفی سقر حقا یقیناً تخلّدوا

و انی لأبکی فی حیاتی علی اخی — علی خیر من بعد النبی سیولد

---

[1] ملہوف، ص ۱۳۷۔ عاشر بحار، ص ۲۱۹۔ نفس المہموم، ص ۲۱۲۔ ناسخ، ج ۶، ص ۳۰۸۔ قمقام، ص ۴۳۹۔ لوائج الاشجان، ص ۱۶۳۔ مقتل الحسین للمقرم، ص ۳۷۹۔ مقتل الحسین للخوارزمی، ج ۲، ص ۔۔۔؟۔ تظلم الزہراء، ص ۲۴۷۔ الدمعۃ الساکبہ، ص ۳۶۲ وغیرہ۔

نوٹ: علاوہ دوسرے شواہد کے خود یہ تاریخی خطبہ بھی جناب فاطمہ صغریٰ کے سید الشہداءؑ کے ہمراہ ہونے کی قطعی دلیل ہے۔ (منہ عفی عنہ)

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

بدمع غزیر مستهلّ مکفکف　　علی الخد منی دائماً لیس یجمد

اے اہل کوفہ! برائی ہو تمہارے لئے تم نے کیوں حسینؑ کی نصرت نہ کی۔ اور ان کو شہید کیا اور ان کے مال و اسباب کو لوٹا اور اپنا ورثہ بنایا۔ اور ان کے اہل عیال کو قید کیا۔ تمہارے لئے ہلاکت اور رحمت ایزدی سے دوری ہو۔ وائے بہ حال شما۔ کیا کچھ معلوم بھی ہے کہ تم کن مصائب میں مبتلا ہوئے اور کیا بوجھ اپنی پشتوں پر اٹھایا؟ اور کیسے خون تم نے بہائے۔ اور کن اہل حرم کو تکلیفیں پہنچائیں۔ اور کن لڑکیوں کو لوٹا اور کن اموال پر ناجائز قبضہ کیا۔ تم نے ایسے شخص (امام حسینؑ) کو شہید کیا جو پیغمبر اکرمؐ کے بعد تمام لوگوں سے افضل تھا۔ رحم تمہارے دلوں سے اٹھا لیا گیا۔ یقیناً خدا کا گروہ ہی کامران ہوتا ہے۔ اور شیطانی گروہ خائب و خاسر ہوتا ہے۔ پھر حزن و ملال میں ڈوبے ہوئے یہ اشعار پڑھے۔

وائے ہو تم پر تم نے بلاقصور میرے بھائی کو شہید کیا۔ اس کی سزا تمہیں جہنم کی بھڑکتی ہوئی آگ میں دی جائے گی۔ تم نے ایسے خون بہائے جن کے بہانے کو خدا، قرآن اور رسولؐ نے حرام قرار دیا تھا۔ تمہیں آتش کی بشارت ہو جس میں ابد آلاباد تک معذب رہو گے! میں اپنے بھائی پر جو بعد از رسول سب لوگوں سے افضل تھا۔ زندگی بھر روتی رہوں گی اور کبھی نہ خشک ہونے والا سیل اشک بہاتی رہوں گی۔"

راوی کہتا ہے کہ جناب ام کلثومؑ کے خطبہ کا اتنا اثر ہوا کہ روتے روتے لوگوں کی ہچکیاں بندھ گئیں۔ عورتیں اپنے بال بکھیر کر ان میں مٹی ڈالنے لگیں۔ اور مونہوں پر طمانچے مارنے شروع کئے۔ اسی طرح مرد شدت غم سے نڈھال ہو کر اپنی ڈاڑھیاں نوچنے لگے۔ اس روز سے زیادہ رونے والے مرد اور عورتیں کبھی نہیں دیکھی گئیں۔[1]

حضرت امام زین العابدینؑ کا خطبہ

لوگ ہنوز گریہ و بکاء کر رہے تھے کہ امام زین العابدینؑ نے انہیں خاموش ہونے کا حکم دیا۔ چنانچہ جب سب لوگ خاموش ہو گئے تو امام علیہ السلام نے خدا کی حمد و ثنا اور پیغمبر اسلامؐ پر درود و سلام بھیجنے کے بعد فرمایا: ﴿ایها الناس من عرفنی فقد عرفنی و من لم یعرفنی فانا اعرفه بنفسی انا علی بن الحسین بن علی بن ابی طالب علیهم السّلام انا بن من انتهکت حرمة و سلبت نعمته و انتهب ما له و سبی عیاله انا بن المذبوح بشطّ الفرات من غیر ذحل ولا ترات انا بن من قتل صبراً و کفی بذلک فخرا. ایها الناس ناشدتکم باللّٰه (انشدکم اللّٰه) هل تعلمون انکم کتبتم الی ابی و خدعتموه و اعطیتموه من انفسکم العهد و المیثاق و البیعة و قاتلتموه و خذلتموه فتباً لکم ما قدمتم لأنفسکم و سوئة

[1] ملہوف، ص ۱۳۹۔ علاوہ بریں یہ خطبہ شریفہ تمام مذکورہ بالا کتب میں موجود ہے۔ فراجع۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

لرایکم بایة عین تنظرون الی رسول اللّٰہ اذ یقول لکم قتلتم عترتی وانتھکتم حرمتی فلستم من امتی﴾۔

فرمایا: ایہا الناس! جو شخص مجھے پہچانتا ہے وہ تو پہچانتا ہی ہے اور جو نہیں پہچانتا میں اسے اپنی معرفی کرائے دیتا ہوں۔ میں علی بن الحسینؑ ہوں۔ وہ حسینؑ جو بلا جرم وقصور نہر فرات کے کنارے ذبح کیا گیا۔ میں اس کا بیٹا ہوں جس کی ہتک حرمت کی گئی جس کے مال ومنال کو لوٹا گیا اور جس کے اہل وعیال کو قید کیا گیا۔ میں اس کا پسر ہوں جسے ظلم وجور سے واماندہ کر کے شہید کیا گیا۔ اور یہ بات ہمارے فخر کے لئے کافی ہے۔ اے لوگو! میں تمہیں خدا کی قسم دے کر پوچھتا ہوں۔ کیا تم نے میرے پدر عالی قدر کو (دعوتی) خطوط لکھ کر نہیں بلایا تھا؟ اور ان کی نصرت وامداد کے عہد پیمان نہیں کئے تھے؟ اور جب وہ تمہاری دعوت پر لبیک کہتے ہوئے تشریف لائے تو تم نے مکر وفریب کا مظاہرہ کیا۔ اور ان کی نصرت ویاری سے دست برداری اختیار کر لی۔ بلکہ ان کے ساتھ قتال کر کے ان کو قتل کر دیا۔ ہلاکت ہو تمہارے لئے کہ تم نے بہت برا ذخیرہ اعمال جمع کیا ہے اور برائی ہو تمہاری رائے وتدبیر کے لئے! بھلا تم کن آنکھوں سے اس وقت جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ کی طرف دیکھو گے جب وہ تم سے فرمائیں گے کہ تم نے میری عترت اہل بیت کو قتل کیا اور میری ہتک حرمت کی اس لئے تم میری امت سے نہیں ہو۔ راویان اخبار کا بیان ہے کہ جب امام کا کلام غم التیام یہاں تک پہنچا تو ہر طرف سے لوگوں کے رونے اور چیخ وپکار کی آوازیں بلند ہوئیں۔ اور ایک دوسرے کو کہنا شروع کیا: ﴿ھلکتم وما تعلمون﴾ تم بے علمی میں ہلاک وبرباد ہو گئے ہو۔ امام نے پھر سلسلہ کلام شروع کرتے ہوئے فرمایا: ﴿رحم اللّٰہ امرأ قبل نصیحتی و حفظ و صیتی فی اللّٰہ و فی رسولہ و اھلبیتہ فان لنا فی رسول اللّٰہ اسوۃ حسنۃ﴾ خدا اس بندے پر رحم کرے جو میری نصیحت کو قبول کرے اور میری وصیت کو خدا اور رسولؐ اور اہل بیت رسولؐ کے بارے میں یاد رکھے کیونکہ ہمارے لئے رسول خداؐ کی ذات میں اعلیٰ نمونہ موجود ہے۔ سب حاضرین نے یک زبان ہو کر کہا: یا ابن رسول اللہ ہم سب آپ کے مطیع وفرمانبردار ہیں۔ آپ جو حکم دیں ضرور اس کی تعمیل کی جائے گی۔ ہم آپ کے دوستوں کے دوست اور دشمنوں کے دشمن ہیں۔ امام نے ان کا یہ کلام فریب انضمام سن کر فرمایا: ﴿ھیھات ھیھات ایھا الغدرۃ المکرۃ حیل بینکم و بین شھوات انفسکم تریدون ان تأتوا الیّ کما اتیتم الی ابائی من قبل کلاّ و ربّ الراقصات فان الجرح لما یندمل من قتل ابی صلوات اللّٰہ علیہ بالامس و اھلبیتہ معہ و لم ینسی ثکل رسول اللّٰہؐ و ثکل ابی و بنی ابی و جدی بین لھاتی و مرارتہ بین حناجری و حلقی و غصصہ تجری فی فراش صدری و مسئلتی ان تکونوا لا لنا ولا علینا﴾۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

امامؑ نے فرمایا: ہیہات اے گروہ مکاراں وعیاراں! اب تمہاری یہ خواہش پوری نہیں ہوسکتی۔ اب تم چاہتے ہو کہ میرے ساتھ بھی وہی سلوک کرو جو اس سے پہلے میرے اب وجد کے ساتھ کر چکے ہو؟ حاشا وکلا۔ ایسا ہرگز نہیں ہو سکتا۔ بخدا! ابھی تک تو سابقہ زخم بھی مندمل نہیں ہوئے۔ کل تو میرے پدر عالی قدر کو ان کے اہل بیتؑ سمیت قتل کیا گیا ابھی تک تو مجھے ابؑ وجدؑ اور بھائیوں کی شہادت کا صدمہ فراموش نہیں ہوا بلکہ ان مصائب کے غم والم (کی تلخی) میرے حلق میں موجود ہے اور غم وغصہ کے گھونٹ میرے سینہ کی ہڈیوں میں گردش کر رہے ہیں۔

ہاں تم سے صرف اس قدر خواہش ہے کہ نہ ہمیں فائدہ پہنچاؤ اور نہ نقصان۔

پھر یہ اشعار پڑھے:

لا غرو ان قتل الحسینؑ فشیخه — قد کان خیراً من حسین واکرما

فلا تفرحوا یا اهل کوفة بالذی — اصیب حسین کان ذلک اعظما

قتیل بشط النهر روحی فداله — جزاء الذی ارداه نار جهنما [1]

ابن زیاد کی سید الشہداؑ کے سر اقدس کے ساتھ بے ادبی

ان خطبوں کے بعد اسیران اہل بیتؑ کا یہ لٹا ہوا قافلہ دربار ابن زیاد کی طرف روانہ ہوا۔ ادھر ابن زیاد نے دربار میں تمام لوگوں کو حاضری کا اذن عام دے رکھا تھا۔[2] اس لئے آج دربار درباریوں اور تماش بینوں سے کھچا کھچ بھرا ہوا تھا۔ سب سے پہلے شہداء کے سر دربار میں پہنچائے گئے۔ جناب سید الشہداء کا سر اقدس ایک طشت[3] طلائی میں رکھ کر ابن مرجانہ کے سامنے پیش کیا گیا وہ بدنہاد سر مقدس کی طرف دیکھ دیکھ کر مسکرانے لگا اور چھڑی سے دندان مبارک کے ساتھ بے ادبی کی پھر امامؑ کے لب ودندان کے حسن وجمال کے بارے میں کچھ کلام کیا۔ بروایتے یہ بھی کہا: ﴿لقد اسرع الشیب الیک یا ابا عبد اللّٰه﴾ اے ابوعبداللہ! تم بہت جلد بوڑھے ہوگئے۔ اس وقت زید بن ارقمؓ (صحابی رسولؐ) موجود تھا۔ اس نے ابن زیاد کی گستاخی کا یہ افسوس ناک منظر دیکھ کر کہا: ﴿ارفع قضیبک عن هاتین الشفتین فو اللّٰه الذی لا اله غیره لقد رایت شفتی رسول اللّٰه علی هاتین الشفتین ما لا احصیه کثرة یقبلها﴾ اے ابن زیاد ان مقدس ہونٹوں سے اپنی چھڑی اٹھالے۔ کیونکہ میں نے بے شمار بار رسول کو ان ہونٹوں کا بوسہ لیتے ہوئے دیکھا ہے۔" اس کے بعد ابن ارقم نے پھوٹ پھوٹ کر رونا شروع کیا۔ ابن زیاد نے

---

[1] ملہوف، ص ۱۴۲۔ نیز خطبہ مبارکہ تمام مذکورہ بالا کتب میں موجود ہے۔

[2] تاریخ، ج ۶، ص ۳۱۲۔ ارشاد، ص ۲۶۶۔ ملہوف، ص ۱۴۲ وغیرہ۔

[3] تاریخ، ج ۶، ص ۳۱۲۔ امالی صدوق، ص ۹۹۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

آگ بگولا ہو کر کہا خدا تیری آنکھوں کو رلائے کیا تو فتح خداوندی پر روتا ہے؟ اگر بڑھاپے کی وجہ سے تیری عقل زائل نہ ہوگئی ہوتی تو میں تیری گردن اڑا دیتا۔ اس کے بعد زیدؓ وہاں سے اٹھ کر چلے گئے۔ بعض روایات کے مطابق وہ جاتے وقت لوگوں سے یہ کہہ رہے تھے: ﴿ایھا النّاس! انتم العبید بعد الیوم قتلتم ابن فاطمۃ و امرتم ابن مرجانہ واللّٰہ یقتلن خیارکم و یستعبدن شرارکم فبعداً لمن رضی بالذلّ و العار﴾ ایہا الناس! تم آج کے بعد غلام ہو۔ تم نے فرزند فاطمہ کو شہید کیا۔ اور ابن مرجانہ کو امیر بنایا جو بخدا تمہارے اچھے لوگوں کو قتل کرتا ہے اور برے لوگوں کو غلام بناتا ہے۔ ہلاکت ہو اس کے لئے جو ذلت و رسوائی اور ننگ و عار پر رضامند ہوتا ہے۔[1]

اسیران آل محمدؐ کا دربار ابن زیاد میں ورود

کیسی ہوش ربا اور قیامت خیز گھڑی تھی جس وقت سید الانبیاء اور سید الاوصیاء کی بہو بیٹیاں اور نواسیاں بحالت قید و بند اور پابند رسن کر کے ایک فاسق فاجر، شراب خوار سردار کے دربار میں لائی جا رہی تھیں وہ دربار شاہانہ ٹھاٹھ باٹھ کے اظہار کے لئے ہر قسم کی زیبائش و آرائش سے آراستہ کیا گیا تھا۔ کوفہ کے تمام اراذل و اوباش لوگ تماشہ بینی کے لئے اس میں موجود تھے۔ اور سپاہیوں اور پہرہ داروں کو اسلحہ جنگ اور لباس فاخرہ سے نوازا گیا تھا۔

تمام ارباب تواریخ و مقاتل کا اتفاق ہے کہ ﴿دخلت زینب ابنۃ فاطمۃ منکرۃً و علیھا ارذل ثیابھا﴾ فاطمۃ الزہراؑ کی دختر اور حسینؑ کی بہن زینب کبریٰ اس حال میں ابن زیاد کے دربار میں پیش ہوئیں کہ بہت ہی پست اور کم قیمت قسم کا لباس زیب تن کیا ہوا تھا جس کی وجہ سے پہچانی نہیں جاتی تھیں۔ پھر دار الامارہ کے ایک کونہ میں کنیزوں کے جھرمٹ میں بیٹھ گئیں۔ بھلا خاندان نبوت و امامت کی جلالت کے آثار کیونکر چھپ سکتے تھے؟ ابن زیاد بدنہاد نے فوراً دریافت کیا: ﴿من ھذہ﴾ یہ گوشہ دربار میں اس طرح بیٹھنے والی کون ہے؟ بی بی نے کوئی جواب نہ دیا۔ ملعون نے دوبارہ سہ بارہ یہی سوال کیا۔ بالآخر بنت زہراؑ کی ایک کنیز نے جواب میں کہا: ﴿ھذہ زینب بنت فاطمہ بنت رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ و الہ﴾ یہ رسولؐ خدا کی صاحبزادی فاطمہ زہراؑ کی بیٹی زینب عالیہ ہیں۔

دربار میں بنت حیدر کرار کی ابن زیاد سے گفتگو

بے شرم نشۂ فتح میں بدمست حاکم بجائے اس کے کہ خجل و شرمسار ہوتا کہ آج رسول اکرمؐ کی نواسی اس حالت میں اسکے دربار میں پیش ہے۔ الٹا اس نے اپنی نفس و خست طبع بلکہ اپنے کفر و الحاد کا اس طرح مظاہرہ کیا کہ بی

---

[1] عاشر بحار، ص ۲۲۰۔ طبری، ج ۶، ص ۲۶۲۔ تاریخ ابن کثیر، ج ۸، ص ۱۹۰۔ نفس المہموم، ص ۲۱۵۔ لواعج الاشجان، ص ۱۶۶۔

نوٹ:۔ اگر یہ تسلیم بھی کر لیا جائے کہ زید بن ارقم اس وقت نابینا تھے۔ تب بھی اس واقعہ کی صداقت پر کچھ اثر نہیں پڑتا کیونکہ عین ممکن ہے کہ لوگوں سے سن کر انہوں نے اس اخلاقی جرأت کا مظاہرہ کیا ہو۔ (منہ عفی عنہ)

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

بی کا مزید دل جلانے کی خاطر کہا (نقل کفر کفر نہ باشد) ﴿الحمد للہ الذی فضحکم و قتلکم و اکذب احدو ثتکم﴾ اس خدا کی حمد ہے جس نے تمہیں رسوا کیا، تمہیں قتل کیا۔ اور تمہارے ڈھونگ کو ظاہر کیا۔ عقیلہ قریش علیؑ زادی نے جرأت ہاشمیہ کے ساتھ فوراً حاکم کو جواب دیا: ﴿الحمد للہ الذی اکرمنا بنبیہ والحمد للہ وطھرنا من الرجس تطھیراً. انما یفتضع الفاسق و یکذب الفاجر و ھو غیرنا و الحمد للہ﴾ سب تعریفیں اس خدا کے لئے ہیں جس نے ہمیں اپنے رسول محمدؐ کے ذریعہ سے عزت و کرامت بخشی اور ہمیں ہر قسم کے گناہوں سے پاک و پاکیزہ قرار دیا۔ ہاں البتہ ذلیل و رسوا فاسق ہوتا ہے اور جھوٹ فاجر بولتا ہے۔ اور وہ الحمدللہ ہم نہیں بلکہ ہمارا غیر ہے۔

پھر ابن زیاد نے طنزاً کہا: ﴿کیف رأیت فعل اللہ باھلبیتک﴾ تم نے اپنے خاندان کے ساتھ خدا کا سلوک کیسے دیکھا ہے؟ تو اسی رسولؐ نے بڑی سنجیدگی کے ساتھ جواب دیا: ﴿ما رأیت الا جمیلاً ھؤلاء قوم کتب اللہ علیھم القتل فبرزوا الی مضاجعھم و سیجمع اللہ تعالیٰ بینک و بینھم فتحاجون تختصمون و تختصمون عندہٗ فانظر لمن یکون الفلج یومئذٍ ھبلتک امّک یابن مرجانۃ!﴾ میں نے خدا کے حسن سلوک کے سوا اور کچھ نہیں دیکھا۔ یہ شہید ہونے والا وہ گروہ تھا جس کے لئے خدا نے درجہ شہادت قلم قدرت سے لکھ دیا تھا اس لئے وہ اپنی مقتل گاہ کی طرف گیا۔ عنقریب خدا تعالیٰ تمہیں اور انہیں (بروز قیامت ایک جگہ جمع کرے گا۔ اس وقت اس عادل حقیقی کی بارگاہ میں تمہارا مقدمہ پیش ہوگا۔ اچھی طرح غور کر لے کہ اس وقت کون کامیاب ہوگا؟ اور ابن مرجانہ! تیری ماں تیرے ماتم میں بیٹھے!

راوی کہتا ہے کہ بی بی کا یہ کلام حقیقت ترجمان سن کر ابن زیاد غصہ سے آگ بگولہ ہوگیا۔ اور بی بی کو کچھ گزند پہنچانے کا مشئوم ارادہ کیا۔ مگر عمرو بن حریث نے یہ کہہ کر اس کے غصہ کو فرو کر دیا کہ ﴿ایھا الامیر! انھا امراۃ والمراۃ لا تؤاخذ بشی من منطقھا ولا تذم علی خطابھا﴾ اے امیر! یہ عورت ہے اور عورت کی کسی گفتگو کا مؤاخذہ نہیں کیا جا سکتا۔ اور نہ اس کے کسی خطاب پر اس کی مذمت کی جا سکتی ہے! پھر ابن زیاد نے اس طرح اپنے کفر والحاد کا اظہار کیا: ﴿قد شفی اللہ نفسی من طاغیتک والعصاۃ من اھل بیتک﴾ خدا نے میرے نفس کو تیرے سرکش بھائی اور تیرے خاندان کے دوسرے نافرمان لوگوں سے شفا دی ہے، بی بی عالم کو ملعون کا یہ کلام نافرجام سن کر جو کھلم کھلا گالی تھا۔ سخت صدمہ ہوا اس لئے آبدیدہ ہوگئیں۔ اور رو رو کر فرمایا: ﴿لعمری لقد قتلت کھلی و ابرت اھلی قطعت فرعی و اجتثثت اصلی فان یشفک ھذا فقد اشتفیت!﴾ مجھے اپنی زندگی کی قسم! تو نے میرے بڑوں کو قتل کیا۔ میرے اہل و عیال کو تباہ کیا، فرع کو قطع کیا اور اصل کو جڑ سے اکھیڑا اگر اسی بات میں تیری شفا ہے تو یقیناً تو نے شفا حاصل کر لی ہے۔"

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

علیؑ کی لاڈلی کا یہ جواب باصواب سن کر ابن زیاد نے کہا: ﴿هذه سجاعة ولعمری لقد کان ابوها سجاعا شاعراً﴾ یہ تو بڑی قافیہ باز عورت ہے۔ اور مجھے اپنی زندگی کی قسم اور اس کا والد بھی بڑا قافیہ باز اور شاعر تھا۔ بی بی نے اس کی اس خرافات کا یہ جواب دیا کہ ﴿ما للمراة و للسجاعة ان لی عن السجاعة لشغلا و لکن صدری نفث بما قلت﴾ "ایک عورت کو سجع بندی سے کیا واسطہ ہے۔ اور مجھے قافیہ بازی کا کہاں ہوش ہے لیکن میں نے جو کچھ کہا ہے وہ میرے دل کی آواز ہے۔"

امام سجادؑ کا ابن زیاد کے ساتھ مکالمہ

اس کے بعد ابن زیاد امام زین العابدینؑ کی طرف متوجہ ہوا اور کہا: ﴿من انت؟﴾ تم کون ہو؟ امام نے فرمایا: انا علی بن الحسینؑ میں علی بن الحسینؑ ہوں! ابن زیاد نے کہا: ﴿او لیس قتل اللّٰہ علی بن الحسینؑ؟﴾ کیا خدا نے علی بن الحسینؑ کو (میدان کربلا میں) قتل نہیں کر دیا؟ امام نے فرمایا: ﴿قد کان لی اخ (اصغر منی) یسمّٰی علیًا قتله النّاس﴾ میرا ایک بھائی تھا (جو مجھ سے چھوٹا تھا) جسے لوگوں نے شہید کیا ہے![1]

ابن زیاد نے کہا: ﴿بل اللّٰہ قتله﴾ نہیں بلکہ اسے خدا نے ہی قتل کیا ہے امامؑ نے فرمایا: ﴿اللّٰہ یتوفی الانفس حین موتها وما کان لنفس ان تموت الا باذن اللّٰہ﴾ خداوند عالم روحوں کو ان کی موت کے وقت قبض کرتا ہے۔ اور کوئی نفس خدا کے حکم کے بغیر نہیں مرتا۔

SIBTAIN.COM

امام علیہ السلام کا یہ کلام وحی ترجمان ابن زیاد پر شاق گذرا کہا: ﴿الک جراة علی جوابی﴾ کیا تمہیں میرا جواب دینے کی ابھی تک جرأت ہے؟ پھر جلاد کو حکم دیا کہ ان کی گردن اڑا دے۔ یہ حکم سنتے ہی جناب زینب عالیہؑ اپنے بھتیجے بیمار کربلا کے گلے سے لپٹ گئیں۔ اور ابن زیاد کو خطاب کر کے فرمایا: ﴿حسبک یا بن زیاد! من دمائنا ما سفکت و هل ابقیت احدا. غیر هذا لا واللّٰہ لا افارقه فان اردت قتله فاقتلنی معه﴾ اے ابن زیاد جس قدر تو ہمارا خون بہا چکا ہے۔ وہی تیرے لئے کافی ہے۔ سوائے اس بیمار کے کسی اور (مرد) کو زندہ چھوڑا ہے؟ بخدا میں ان سے جدا نہ ہوں گی۔ اگر ان کے بھی قتل کا ارادہ ہے تو مجھے بھی ان کے ہمراہ قتل کر دو۔

امام علیہ السلام نے فرمایا: ﴿اسکتی یا عمتی حتی اکلمه﴾ پھوپھی اماں آپ چپ کریں تا کہ میں اس سے کچھ باتیں کر لوں۔ پھر ابن زیاد کی طرف متوجہ ہو کر فرمایا: ﴿ابا لقتل تهددنی یا بن زیاد! اما علمت ان القتل لنا عادة و کرامتنا الشهادة﴾ اے پسر زیاد! کیا تو مجھے قتل سے ڈراتا ہے کیا تجھے معلوم نہیں کہ قتل ہونا ہماری عادت اور راہ خدا میں شہید ہونا ہماری فضیلت و کرامت ہے!

---

[1] عمدۃ الطالب۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

ابن زیاد کچھ دیر تک پھوپھی اور بھتیجے کی باہمی محبت و اخلاص کا یہ عجیب و غریب منظر دیکھتا رہا پھر کہا: ﴿عجبا للرحم و اللّٰہ انی لاظنھا ودت انی قتلتھا معہ﴾ تعجب ہے۔ قرابت داری پر خدا کی قسم میرا خیال ہے بی بی چاہتی تھی کہ اسے بھی ان کے ساتھ قتل کر دیا جائے پھر حکم دیا: ﴿دعوہ فانی اراہ لما بہ مشغول﴾ "اسے چھوڑ دو کیونکہ میں دیکھتا ہوں کہ موجودہ بیماری ہی اس کے لئے کافی ہے۔"

حقیقت یہ ہے کہ جس خوش اسلوبی کے ساتھ جناب زینب عالیہ نے دربار ابن زیاد میں جس منزل کو طے کیا وہ اس مرحلہ سے بھی زیادہ مشکل تھی جس کو اعوان و انصار حسین نے کربلا میں طے کیا تھا۔ ایسے ہوش ربا حالات میں ابن زیاد کے سامنے اگر کوئی فارغ البال اور مطمئن الحال مرد کئی شب و روز کی سوچ بچار کے بعد بھی ایسی یادگار تقریر کرتا جیسے دختر علی نے ہزاروں کے نامحرم مجمع میں خطبوں اور مکالموں کی شکل میں کی ہے تو یہ اس کا عظیم کارنامہ شمار ہوتا حالانکہ رسول کی نواسی تو مصائب و آلام میں اس طرح گھری ہوئی تھی جیسے بتیس دانتوں میں زبان۔ اس کے بعد ابن زیاد نے دربار برخاست کرتے ہوئے اسیران آل محمدؐ کے متعلق حکم دیا کہ انہیں مسجد کوفہ کے پہلو میں جو قید خانہ ہے۔ اس میں لے جا کر بند کر دیا جائے۔ چنانچہ ایسا ہی کیا گیا۔

اس وقت جناب زینب عالیہ نے فرمایا: ﴿لا یدخلن علینا عربیۃ الا ام ولد او مملوکۃ فانھن سبین کما سبینا﴾ ہمارے پاس کوئی (آزاد) عربی عورت نہیں آئی۔ سوائے ام ولد یا کنیز کے کیونکہ وہ بھی اسی طرح قید ہو چکی ہیں جس طرح ہم قید ہوئے ہیں۔[1]

ابن زیاد کا جامع مسجد کوفہ میں شر انگیز خطبہ اور عبداللہ بن عفیف ازدیؓ کی شہادت

سابقہ کاروائی کرنے کے بعد ابن زیاد بدنہاد نے منادی کرائی الصلوٰۃ جامعہ چنانچہ جب سب لوگ مسجد جامع میں حاضر ہو گئے اور مسجد پر ہو گئی تو ابن زیاد نے منبر پر جا کر یہ خطبہ دیا جسے نقل کفر کفر نہ باشد کے طور پر مجبوراً نقل کیا جاتا ہے: ﴿الحمد للّٰہ الذی اظھر الحق واھلہ و نصر امیر المؤمنین یزید وحزبہ وقتل الکذاب الحسینؑ بن علی و شیعتہ﴾ حمد ہے خدا کی جس نے حق اور اہل حق کو غلبہ دیا اور امیر یزید اور اس کی جماعت کو فتح و نصرت عطا کی اور۔۔۔۔ حسینؑ اور علیؑ اور ان کے شیعوں کو قتل کیا۔

ابھی اس بدنہاد کا سلسلہ کلام یہیں تک پہنچا تھا کہ عبداللہ بن عفیف ازدی یہ ناہنجار کلام سن کر اٹھ کھڑا ہوا جو

---

[1] مقاتل الطالبین، ص ۸۸، طبع النجف۔ منتخب طریحی، ص ۲۳۸۔ نسب قریشی زبیری، ص ۵۸۔ مقتل الحسین للمقرم، ص ۳۹۳۔ ارشاد، ص ۲۶۷۔ ملہوف، ص ۱۴۳۔ قمقام، ص ۴۴۶۔ تاریخ، ج ۶، ص ۳۱۵۔ نفس المہموم، ص ۲۱۷۔ لواعج الاشجان، ص ۱۶۸۔ مقتل الحسین للخوارزمی، ج ۲، ص ۴۳۔ تظلم الزہراء، ص ۲۵۳۔ عاشر بحار، ص ۲۲۱۔ تتمہ وقائع ایام محرم، ص ۲۶۳۔ کامل ابن اثیر، ج ۳، ص ۲۹۷ وغیرہ۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

کہ بہت عمر رسیدہ و نابینا اور حضرت امیر علیہ السلام کے خواص اصحاب میں سے تھا ان کی ہمراہی میں بائیں آنکھ جنگ جمل میں اور دوسری جنگ صفین میں بے کار ہوگئی تھی۔ زہد و ورع کا یہ عالم تھا کہ سارا دن مسجد میں نماز پڑھنے میں مشغول رہتا تھا۔ بہر حال ابن عفیف نے گرج کر کہا: ﴿یابن مرجانہ (یا عدو اللّٰہ) الکذاب ابن الکذاب انت و ابوک والذی ولاک و ابوہ! یابن مرجانۃ اتقتلون ابناء النبیین و تکلمون بکلام الصدیقین (اتقتل اولاد النبیین و تقوم علی منبر الصدیقین)﴾ اے دشمن خدا ابن مرجانہ۔ کذاب تو اور تیرا باپ ہے اور وہ جس نے تجھے حاکم بنایا ہے (یزید) اور اس کا باپ تم اولاد انبیاء کو قتل کرتے ہو اور پھر صدیقوں والا کلام کرتے ہو۔ بروایت دیگر اور پھر صدیقین کے منبر پر چڑھتے ہو۔ ابن زیاد نے کہا: اسے پکڑ کر میرے پاس لاؤ چنانچہ پولیس والوں نے اسے پکڑ لیا۔ مگر جب عبداللہ نے بنی ازد کے مخصوص شعار "یا مبرور" کی صدا بلند کی تو کئی ازدی نوجوان اٹھے اور اسے ان ظالموں کے چنگل سے چھڑا کر لے گئے لیکن ابن زیاد نے رات کے وقت کسی آدمی کو بھیج کر ان کو قتل کرا دیا۔ اور ان کی لاش مقام سبخہ (طبری) یا مسجد میں (کامل) سولی پر لٹکوا دی۔[1] طبری و کامل اور ارشاد میں تو یہ واقعہ اسی قدر لکھا ہے۔ مگر دوسری بعض کتب معتبرہ میں یہ واقعہ بائلہ قدرے تفصیل کے ساتھ درج ہے۔

ابن عفیف کا مذکورہ بالا جرات مندانہ اور مؤمنانہ جواب سن کر ابن زیاد بھڑک اٹھا کہا: ﴿من المتکلم﴾ یہ کلام کرنے والا کون ہے؟ جناب عبداللہ نے کہا: ﴿انا یا عدو اللّٰہ اتقتل الذریۃ الطاھرۃ التی قد اذھب اللّٰہ عنھا الرجس و تزعم انک علی دین الاسلام وا غوثاہ این اولاد المھاجرین والانصار لا ینتقمون من طاغیتک اللعین بن اللعین علی لسان محمد رسول ربّ العالمین﴾۔

اے اللہ کے دشمن! میں کلام کر رہا ہوں۔ تو اس ذریت طاہرہ کو شہید کرتا ہے۔ جس سے خدا نے ہر قسم کے رجس کو دور رکھا ہے۔ اور پھر یہ گمان کرتا ہے کہ تو مسلمان ہے۔ ہائے فریاد! اولاد مہاجرین و انصار کہاں ہے؟ جو اس (ابن زیاد) کے سرکش (یزید) سے جو رسولؐ خدا کی زبان سے لعین بن لعین ہے انتقام لے؟ یہ کلام سن کر ابن زیاد شدت غیظ و غضب کی وجہ سے آگ بگولہ ہو کر بولا: اسے میرے پاس لاؤ چنانچہ پولیس والے اسے پکڑنے کے لئے آگے بڑھے۔ مگر عبداللہ کے شعار بنی "ازد" یا "مبرور" پکارنے سے اس کی قوم کے کچھ لوگ اٹھے جن کی تعداد شیخ مفید نے سات سو لکھی[2] ہے۔ اور اسے پولیس سے چھڑا کر گھر لے گئے۔

ابن زیاد نے پولیس کو حکم دیا کہ اس اندھے کے گھر جاؤ اور اسے پکڑ کر لاؤ۔ چنانچہ جب یہ لوگ اس کے گھر پہنچے تو بنی ازد نے مزاحمت کی اور کچھ یمنی بھی ان کی حمایت میں کھڑے ہو گئے۔ ادھر سے انکار ادھر سے اصرار جب

---

[1] تاریخ طبری، ج ۶، ص ۲۶۴۔ تاریخ کامل، ج ۳، ص ۲۹۷۔ ارشاد، ص ۲۶۷۔ [2] ارشاد، ص ۲۶۷۔ تنقیح، ص ۴۴۷۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

ابن زیاد کو حقیقت حال کا علم ہوا تو اس نے محمد بن اشعث کی کمان میں کئی قبائل عبداللہ کو پکڑنے اور بصورت دیگر جنگ کرنے کے لئے بھیج دیئے۔ چنانچہ فریقین میں سخت جنگ ہوئی جس کے نتیجہ میں ایک جماعت ماری گئی۔ اور بالآخر ابن زیاد کے آدمی عبداللہ کے گھر کا دروازہ توڑ کر اندر داخل ہو گئے۔ عبداللہ کی لڑکی نے کہا: بابا دشمن آ گیا ہے۔ عبداللہ نے فرمایا: بیٹی کوئی حرج نہیں۔ مجھے تلوار پکڑا دو۔ چنانچہ عبداللہ نے تلوار ہاتھ میں لے کر یہ رجز پڑھتے ہوئے اپنا دفاع شروع کیا ؎

انا ابن ذی الفضل عفیف الطاهر　　عفیف شیخی و ابن ام عامر

کم دارع من جمعکم و حاسر　　و بطل جدلته مغادر

عبداللہ کی صاحبزادی نے کہا اے کاش میں مرد ہوتی اور آج تیرے ہمراہ ذریت طاہرہ کے ان قاتلوں کے ساتھ جنگ کرتی۔ لوگ حملہ پر حملہ کر رہے تھے اور لڑکی برابر بتائے جاتی تھی کہ بابا اب دشمن فلاں طرف سے حملہ کر رہا ہے۔ بالآخر دشمنوں نے چاروں طرف سے گھیر کر اسے پکڑ لیا اور اٹھا کر ابن زیاد کے پاس لے گئے ملعون نے دیکھتے ہی کہا: ﴿الحمد للہ الذی اخزاک﴾ شکر ہے کہ خدا نے تجھے ذلیل کیا ہے! عبداللہ نے کہا: ﴿یا عدو اللہ! و بما ذا اخزانی اللہ!﴾ او خدا کے دشمن! بھلا خدا نے مجھے کیونکر ذلیل کیا ہے۔ پھر یہ شعر پڑھا ؎

لو فرج لی عن بصری　　ضاق علیک موردی و مصدری

ابن زیاد نے کہا: او دشمن تو عثمان بن عفان کی بابت کیا کہتا ہے؟ عبداللہ نے کہا: یا ابن مرجانہ تجھے عثمان سے کیا تعلق ہے؟ وہ اچھا ہے یا برا۔ خدا کے پاس اس کا حساب ہے۔ البتہ تو مجھ سے اپنے اور اپنے باپ، یزید اور اس کے باپ کی بابت سوال کر! ابن زیاد نے کہا: اب کوئی سوال نہیں ہوگا۔ یہاں تک کہ تم موت کے گھاٹ اتارے جاؤ۔ یہ سن کر عبداللہ نے کہا: ﴿الحمد للہ ربّ العالمین اما انی قد کنت اسئل اللہ ربی ان یرزقنی الشهادة من قبل ان تلدک امک وسئلت اللہ ان یجعل ذلک علی یدی العن خلقه و ابغضهم الیه فلما کف بصری یئست عن الشهادة والآن فالحمد للہ الذی رزقنیها بعد الیاس منها و عرفنی الاجابة منه فی قدیم دعائی﴾ سب تعریف ہے اس خدا کے لئے جو تمام عالمین کا پروردگار ہے تمہیں معلوم ہونا چاہیے کہ میں تمہاری ولادت سے بھی پہلے اپنے پروردگار سے دعا کیا کرتا تھا کہ وہ مجھے اپنی بدترین مخلوق کے ہاتھوں شہادت نصیب فرمائے۔ لیکن جب میری آنکھیں جاتی رہیں تو میں شہادت سے ناامید ہو گیا۔ اب (شہادت کو سامنے دیکھ کر) میں اس کی حمد کرتا ہوں کہ اس نے میری قدیمانہ دعا کو قبول فرماتے ہوئے مجھے شرف شہادت عطا فرمایا ہے۔

ابن زیاد نے حکم دیا کہ ان کی گردن اڑا دو۔ چنانچہ ان کو شہید کر دیا گیا اور مقام سبخہ پر لاش کو سولی پر لٹکوا دیا

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

گیا۔[1] اِنَّا لِلّٰہِ وَ اِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ۔

سر مقدس کا کوفہ کے بازاروں میں پھرایا جانا

اس کے بعد حکم دیا کہ سید الشہداء کا سر مقدس نوک سنان پر سوار کر کے کوفہ کے بازاروں میں پھرایا جائے چنانچہ اس حکم کی تعمیل کی گئی۔[2] اس کے بعد دار الامارہ کے دروازہ پر نصب کر دیا گیا۔[3] کوفہ میں جناب مسلم کے سر کے بعد یہ دوسرا سر مقدس تھا جسے نصب کیا گیا تھا۔[4] بروایتے تمام شہداء کے سرہائے مقدسہ کے ساتھ یہی سلوک کیا گیا (لوائج الاشجان ص ۱۷۰) بعض اہل تاریخ کا خیال ہے کہ ھو اول راس حمل فی الاسلام. آں جناب کا سر مقدس پہلا سر ہے جسے نوک سنان پر بلند کر کے پھرایا گیا۔ مگر صحیح یہ ہے کہ سب سے پہلے جناب عمرو بن الحمق خزاعی کے ساتھ یہ سلوک کیا گیا۔[5] (جو کہ جناب امیر المومنین علی علیہ السلام کے مخلص صحابی تھے اور معاویہ نے انہیں شہید کرایا تھا)۔

سر اقدس کا بازار کوفہ میں تلاوت قرآن کرنا

زید بن ارقم بیان کرتے ہیں کہ جب امام حسینؑ کے سر مقدس کو کوفہ کے بازاروں میں پھرایا جا رہا تھا اس وقت میں اپنے بالائی غرفہ میں بیٹھا تھا۔ جب سر مبارک میرے بالمقابل پہنچا تو میں نے اسے یہ آیت پڑھتے ہوئے سنا: ﴿اَمْ حَسِبْتَ اَنَّ اَصْحٰبَ الْکَھْفِ وَ الرَّقِیْمِ کَانُوْا مِنْ اٰیٰتِنَا عَجَبًا﴾ بخدا یہ سن کر میرے رونگٹے کھڑے ہو گئے۔ اور میں نے پکار کر کہا: ﴿رَاْسُکَ یَا بْنَ رَسُوْلِ اللّٰہِ! اَعْجَبُ وَ اَعْجَبُ!﴾ اے فرزند رسول! تیرے سر کا معاملہ ان سے زیادہ عجیب ہے۔[6]

---

[1] نفس المہموم، ص ۲۲۰۔ ملہوف، ص ۱۵۰۔ مقتل الحسین المقرم، ص ۳۹۸۔ عاشر بحار، ص ۲۲۱۔ لوائج الاشجان، ص ۱۷۰ وغیرہ۔

[2] تاریخ کامل ابن اثیر، ج ۳، ص ۲۹۸۔ نفس المہموم، ص ۲۱۴۔ ارشاد، ص ۲۶۷۔ ملہوف، ص ۱۴۵۔ تظلم الزہراء، ص ۲۵۳، اور عاشر بحار، ص ۲۲۲ وغیرہ۔

[3] نفس المہموم، ص ۲۱۶۔ لوائج الاشجان، ص ۱۷۰۔

[4] نفس المہموم، ص ۲۱۶۔

[5] کامل ابن اثیر، ج ۳، ص ۳۹۸۔

[6] عاشر بحار، ص ۲۲۲۔ ارشاد، ص ۲۶۸۔ تظلم الزہراء، ص ۲۵۳۔ خصائص کبریٰ، ج ۲، ص ۱۲۵۔

تبصرہ: مقتل الحسین للمقرم، ص ۴۰۲، ۴۰۳ تا متعدد مقامات پر مختلف عناوین کے تحت سید الشہداء علیہ السلام کے سر اقدس کے کلام کرنے کے واقعات ذکر کئے ہیں اور اس میں کسی قسم کے تعجب کی کوئی بات نہیں کیونکہ جو خدائے قدیر کو طور پر ایک درخت میں کلام پیدا کر سکتا ہے جو بروز قیامت انسانی اعضاء و جوارح کو قوت گویائی عطا فرما سکتا ہے کیا وہ قادر مطلق امام حسین علیہ السلام کے سر کو باعجاز امامت گویا نہیں کر سکتا؟ تاکہ حیات انسانی شہداء کا عملی مظاہرہ ہو جائے اور پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی متواتر حدیث ثقلین ﴿اِنِّیْ تَارِکٌ فِیْکُمُ الثَّقَلَیْنِ کِتَابَ اللّٰہِ وَ عِتْرَتِیْ اَھْلَبَیْتِیْ﴾ کی صداقت و حقانیت کی تصدیق ہو جائے۔ نیز تاکہ مقصد حسینؑ یعنی لوگوں کو خواب غفلت سے جگانے اور اسلام کو زندہ جاوید بنانے کی تکمیل بھی ہو جائے؟ یقیناً یہ امر قدرت خدا سے کچھ بعید نہیں حالانکہ شجرہ طور یا انسانی اعضا کو سید الشہداء کے سر اقدس کے ساتھ کوئی نسبت ہی نہیں۔ (منہ عفی عنہ)

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

بعض کتب میں مذکور ہے کہ جب اسیران آل محمدؐ ابن زیاد کے قید خانہ میں تھے۔ تو ایک روز کسی نے قید خانہ میں ایک پتھر پھینکا جس کے ساتھ ایک تحریر بندھی ہوئی تھی جس کا مضمون یہ تھا کہ تمہارے متعلق قاصد فلاں روز یزید کے پاس چلا گیا ہے۔ وہ فلاں دن تک وہاں پہنچے گا اور فلاں روز تک واپس آئے گا۔ پس اگر اس دن تکبیر کی آواز سنو تو اپنے قتل کا یقین کر لینا اور اگر تکبیر کی آواز نہ آئے تو اسے امان کی علامت سمجھنا۔ چنانچہ مقررہ تاریخ کو تکبیر کی آواز بلند نہ ہوئی۔[1]

شہادت سید الشہداءؑ کی مدینہ میں اطلاع

ان امور سے فارغ ہو کر بنا بر مشہور ابن زیاد نے پہلا کام یہ کیا کہ ایک سبک رفتار قاصد کو شہادت حسینؑ کی بشارت پر مشتمل خط دے کر شام یزید کی طرف روانہ کیا اور اسیران آل محمدؐ کے متعلق اس کی رائے دریافت کی مگر ابی مخنف کے مقتل سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ ابن زیاد نے یزید کے پاس کوئی قاصد نہیں بھیجا بلکہ خود بخود اسیران اہل بیت کو شام بھیج دیا۔ اور دوسرا قاصد (عبدالملک بن الحارث السلمی کو) حاکم مدینہ عمرو بن سعید الاشدق اموی کے پاس بھیجا اور اسے تاکید کی کہ اس قدر جلدی مدینہ پہنچے کہ اس کے علاوہ کسی اور ذریعہ سے اس سے پہلے یہ خبر مدینہ نہ پہنچنے پائے۔ چنانچہ عبدالملک تیز رفتار شتر پر سوار ہو کر جلد منازل سفر طے کرتا ہوا مدینہ پہنچا۔ حاکم کے پاس پہنچنے سے پہلے اسے قریش کا ایک آدمی ملا۔ اس نے اسے اس قدر شتابی کرتے ہوئے دیکھ کر دریافت کیا کہ کہاں سے آ رہے ہو۔ اور کیا نئی خبر لا رہے ہو؟ عبدالملک نے کہا: خبر حاکم مدینہ کے پاس آ کر معلوم کرو۔ چنانچہ قاصد نے جا کر ابن سعید کو شہادت حسینؑ کی خبر سنائی۔ عمرو یہ خبر سن کر بہت خوش و خرم ہوا۔ پھر منادی کو حکم دیا کہ مدینہ کے گلی کوچوں میں شہادت حسینؑ کا اعلان کرے۔ راوی کا بیان ہے کہ اس خبر دہشت اثر کے سننے سے خواتین بنی ہاشم کے ہاں گریہ و بکاء کا کہرام بپا ہوا بلکہ مدینہ کے تمام مردوں اور عورتوں نے اس قدر شور و شین کی صدا بلند کی کہ اس سے پہلے ایسا نالہ و شیون نہ کسی کان نے سنا تھا اور نہ کسی آنکھ نے دیکھا تھا۔ جب عمرو کے کانوں میں بنی ہاشم کی خواتین کی صدائے گریہ پڑی تو شقی نے مسکراتے ہوئے عمرو بن سعد یکرب کا یہ شعر پڑھا ؎

عجت نساء بنی زیاد عجۃً　　کعجیج نسوتنا غداۃ الارنب

بنی زیاد نے اسی طرح آواز گریہ بلند کی جس طرح ہماری عورتوں نے واقعہ ارنب کی صبح بلند کی تھی۔ (جو بنی زیاد کے ہاتھوں درپیش آیا تھا) پھر کہا: ﴿ھذہ واعیۃ بواعیۃ عثمان﴾ یہ گریہ و بکاء عثمان پر ہونے والے گریہ و بکاء کا عوض ہے۔[2]

---

[1] تاریخ طبری، ج ۶، ص ۲۶۶۔ تاریخ کامل، ج ۳، ص ۲۹۸۔ مقتل الحسین للمقرم، ص ۳۹۵۔　[2] طبری، ج ۶، ص ۲۶۸۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

بعدازاں قبر رسولؐ کی طرف متوجہ ہو کر یہ کفریہ کلمہ کہا: ﴿یوم بیوم بدر یا رسول اللہ!﴾ یا رسول اللہ! یہ دن بدر والے دن کا بدلہ ہے! جن بعض انصار نے اس سے یہ کافرانہ جملہ سنا انہوں نے اسے ناپسند کیا۔[1] پھر لوگوں کے اجتماع میں گیا اور یہ خطبہ دیا جو کہ کذب وافترا کا پلندہ ہے۔ ﴿ایھا الناس لدمة بلدمة و صدمة بصدمة کم خطبة بعد خطبة و موعظة بعد موعظة حکمة بالغة فما تغنی النذر (واللہ لوددت ان رأسه فی بدنه و روحه فی جسده احیانا) کان یسبنا و نمدحه و یقطعنا و نصله کعادتنا و عادته ولم یکن من امره ما کان ولکن کیف نصنع بمن سلّ سیفه یرید قتلنا الا ان ندفعه من انفسنا﴾ ایہا الناس! یہ ضرب کے عوض ضرب اور صدمہ کے بدلے صدمہ ہے! کس قدر خطبے اور موعظے گوش گذار ہوتے ہیں اور کس قدر خدا کی حکمت بالغہ ہے مگر یہ چیزیں فائدہ نہیں دیتیں۔ بخدا میں تو اس بات کو پسند کرتا تھا کہ ان (امام حسینؑ) کا سر ان کے بدن کے ساتھ رہتا اور روح جسم میں رہتی۔ جب وہ ہمیں گالیاں دیتے اور ہم ان کی مدح کرتے تھے، وہ قطع رحمی کرتے اور ہم صلہ رحمی کرتے تھے جس طرح کہ ان کی اور ہماری عادت تھی مگر کیا کرتے جب انہوں نے تلوار کھینچ کر ہم کو قتل کرنا چاہا تو اب بجز اپنے دفاع کے اور کوئی چارہ کار نہ تھا۔[2]

عبداللہ بن السائب یہ خطبہ سن کر اٹھا اور عمرو سے کہا: ﴿لو کانت فاطمة حیة فرأت رأس الحسینؑ لبکت عینها و حرت کبدها﴾ اگر اس وقت فاطمہ زہراء (سلام اللہ علیہا) زندہ ہوتیں اور اپنے فرزند حسینؑ کا سر اس حال میں دیکھتیں تو وہ یقیناً روتیں۔ عمرو نے اسے جھڑکتے ہوئے کہا: ہم تجھ سے زیادہ فاطمہؑ کے قریب ہیں۔ ان کا والد ہمارا چچا ان کا شوہر ہمارا بھائی۔ ان کا بیٹا ہمارا بیٹا ہے اگر وہ زندہ ہوتیں تو روتیں ضرور مگر جس نے حسینؑ کو اپنا دفاع کرتے ہوئے قتل کیا ہے اس کی ملامت نہ کرتیں۔[3] مخفی نہ رہے کہ بعض کتب میں مذکور ہے کہ سب سے پہلے مدینہ میں یزید عنید نے اطلاع بھجوائی تھی۔ اور پھر عمرو بن سعید نے یہ کاروائی کی تھی مگر مشہور یہی ہے کہ اسے ابن زیاد بدنہاد نے اطلاع دی تھی۔

جناب اسماء بنت عقیل کچھ دوسری خواتین بنی ہاشم کے ہمراہ قبر رسولؐ پر گئیں اور قبر مقدس کے ساتھ لپٹ کر اور دھاڑیں مار مار کر روئیں۔ پھر مہاجرین وانصار کی طرف رخ کرتے ہوئے کہا

ماذا تقولون ان قال النبی لکم	یوم الحساب وصدق القول مسموع
خذلتموا عترتی او کنتم غیباً	والحق عند ولی الامر مجموع
اسلمتموهم بایدی الظالمین فما	منکم له الیوم عند اللہ مشفوع

---

[1] نفس المہموم، ص ۲۲۲۔ [2] ناسخ، ج ۶، ص ۳۲۰ وغیرہ۔ [3] ناسخ، مقتل العوالم، ص ۱۳۱۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

ما کان عند غداة الطف اذ حضروا　　تلک المنا یا ولا عنهن مدفوع

ان اشعار غم شعار نے تمام حاضرین کو رلا دیا اور ایک کہرام بپا ہو گیا۔[1] جب جناب ام سلمہؓ کو اطلاع ملی تو وہ اس قدر روئیں کہ ان پر غشی طاری ہو گئی افاقہ آنے کے بعد کہا: ﴿فعلوها ملأ الله قبورهم ناراً﴾ کیا یہ لوگ یہ اقدام کر گذرے ہیں؟ خدا ان کی قبروں کو آتش جہنم سے پر کرے۔[2]

جناب ام البنین نے تو حسین علیہ السلام کے لئے باقاعدہ تعزیت کا اہتمام کیا تھا۔ بنی ہاشم کی مستورات وہاں جمع ہو کر امامؑ پر گریہ و بکاء کرتی تھیں۔[3]

کچھ لوگ عبداللہ بن جعفر طیار کے پاس تعزیت پیش کرنے کے لئے گئے۔ ان کے ملازم ابوالسلاس نے کہا ہمیں یہ جو کچھ صدمہ پہنچا (عبداللہ کے دو بیٹے مارے گئے) یہ سب حسینؑ کی وجہ سے ہوا۔ یہ سنتے ہی عبداللہ نے اسے جوتا مار کر خاموش کیا۔ اور کہا: ﴿یا بن اللخناء! أللحسین تقول هذا؟﴾ اے فاحشہ کے بیٹے! کیا تم حسینؑ کے متعلق ایسی بات کرتے ہو؟ پھر کہا: ﴿والله لو شهدته لأحببت ان لا افارقه حتی اقتل معه والله انه لممّا یسخی بنفسی عنهما و یهوّن علیّ المصائب بهما انهما اصیبا مع اخی و ابن عمی مواسیین له صابرین معه﴾ بخدا اگر میں ان کے پاس موجود ہوتا تو یقیناً اس بات کو پسند کرتا کہ ان سے علیحدہ نہ ہوں۔ یہاں تک کہ شہید ہو جاؤں بخدا جو چیز میرے بیٹوں کی مصیبت کو مجھ پر آسان کرتی ہے وہ یہ ہے کہ وہ میرے بھائی اور ابن عم (امام حسینؑ) کی نصرت و ہمدردی میں شہید ہوئے ہیں۔

پھر حاضرین کی طرف متوجہ ہو کر کہا: ﴿الحمد لله عز علی بمصرع الحسین ان لا یکن آست حسیناً یدی فقد اساه ولدی﴾ مجھ پر حسینؑ کی شہادت کا صدمہ بہت شاق ہے اگر میں بذات خود ان پر اپنی جان نثار نہیں کر سکا تو میرے بیٹوں نے تو اپنی جانیں قربان کی ہیں۔[4] جس روز عمرو بن سعید نے خطبہ دیا اور یہ سب کاروائی ہوئی اسی رات اہل مدینہ کسی منادی کو یہ ندا دیتے ہوئے سنتے تھے مگر کوئی منادی دکھائی نہیں دیتا تھا

ایها القاتلون جهلاً حسیناً　　ابشروا بالعذاب و التنکیل

کل اهل السماء یدعو علیکم　　من نبی و ملک و قبیل

قد لعنتم علی لسان داؤد　　و موسیٰ و حامل الانجیل[5]

---

۱ امالی ابن الشیخ الطوسی، ص ۵۵۔
۲ نفس المہموم، ص ۲۲۴ بحوالہ طبقات ابن سعد۔
۳ مقتل الحسین، ص ۴۰۰۔
۴ طبری، ج ۶، ص ۲۶۸۔ مقتل الحسین، ص ۴۰۹۔ لوائح الاشجان، ص ۱۷۲۔
۵ طبری، ج ۶، ص ۲۶۹۔ لوائح الاشجان، ص ۱۷۲۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

چھبیسواں باب

اسیرانِ آل محمد علیہم السلام کی روانگی بجانب شام
اور
منازل سفر کے حالات وواقعات

پہلا امر:۔ اصل مقصد میں وارد ہونے سے قبل یہاں چند امور کی تنقیح ضروری معلوم ہوتی ہے۔

آل محمدؐ کا قافلہ کب کوفہ سے روانہ ہوا اور کب شام پہنچا؟

سابقہ اوراق میں بیان کیا جا چکا ہے کہ بنابریں مشہور ابن زیاد نے شہادت حسینؑ کی اطلاع یزید کو بھجوائی اور اسیران اہل بیتؑ کی بابت اس کی رائے معلوم کی تھی اور یزید نے اسے حکم دیا تھا کہ شہداء کے سروں اور اسیران اہل بیتؑ کو شام بھیج دو۔ چنانچہ ابن زیاد نے اس حکم کی تعمیل کی لیکن تنقیح طلب بات یہ ہے کہ اسیران اہل بیتؑ کس تاریخ کو دارالسلطنت شام پہنچے؟ تقریباً تمام کتب تواریخ ومقاتل ان تاریخوں کے تعیین کے سلسلہ میں خاموش ہیں اور کوئی ایسی قابل اطمینان روایت نہیں ملتی جس کی بناء پر کوئی حتمی فیصلہ کیا جا سکے۔ تاریخ طبری، کامل، ارشاد، ملہوف، عاشر بحار، دمعہ ساکبہ، تمقام اور ناسخ وغیرہ سب موجود ہیں مگر سب خاموش۔

ہاں تمقام (ص ۴۴۹ پر) تذکرۃ الخواص سے یہ قول نقل کیا گیا ہے کہ اسیران اہل بیتؑ کا قافلہ ۱۵ محرم ۶۱ھ کو کوفہ سے روانہ ہوا اور صاحب تتمہ وقائع ایام محرم نے بھی (ص ۲۸۱ پر) اسی خیال کا اظہار کیا ہے! اور شام پہنچنے کے متعلق صاحب نفس المہموم نے (ص ۲۲۹ پر) اور صاحب مقتل الحسینؑ نے (ص ۴۴۵ پر) یہ لکھا ہے[1] کہ "یکم صفر (سنہ ۶۱ ہجری) کو یہ قافلہ وارد شام ہوا۔"

ایک ایراد اور اس کا جواب

اس تاریخ روانگی پر جو کھلا ہوا اشکال وارد ہوتا ہے وہ یہ ہے کہ جب اس زمانہ کے رسل ورسائل اور ذرائع آمد ورفت کو دیکھا جاتا ہے تو یہ بات کسی طرح بھی باور نہیں کی جا سکتی کہ اسیران آل محمدؐ ۱۲ یا ۱۳ محرم کو دربار ابن زیاد میں پیش ہوں اور اسی اثنا میں وہ شام قاصد بھیجے اور ۱۵ دن تک حکم اسیری آ جائے اور پھر روانگی بھی عمل میں آ جائے؟

---

[1] صاحب مقتل الحسینؑ نے یہ بھی لکھا ہے کہ کامل بہائی، الاثار الباقیہ للبیرونی، مصباح کفعمی ص ۲۶۹ اور تقویم المحسنین ملا محسن فیض ص ۱۵ پر بھی دمشق پہنچنے کی یہی تاریخ لکھی ہے (ص ۴۱۵) (منہ عفی عنہ)

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

اگر ان تاریخوں کو درست تسلیم کیا جائے تو کئی طرح اس ایراد کا جواب دیا جا سکتا ہے۔

اولاً: ممکن ہے کہ ابن زیاد نے کوئی قاصد بھیج کر یزید سے اس بارے میں استصواب کیا ہی نہ ہو جیسا کہ ابی مخنف کا بیان ہے، بلکہ اس نے یہ تمام کارروائی اپنی صوابدید سے کی ہو۔

ثانیاً: چونکہ گیارہ محرم کی شام تک ابن زیاد کو شہادت امام کی اطلاع مل گئی تھی اس لئے ممکن ہے کہ اس نے اسی شب کو کسی ہشیار قاصد کو سبک رفتار گھوڑا دے کر شام روانہ کر دیا ہو جس نے ہفتوں کی مسافت دنوں اور دنوں کی مسافت گھنٹوں میں طے کر لی ہو اور پندرہ محرم تک واپس آ گیا ہو۔

ثالثاً: عین ممکن ہے کہ نامہ دے کر جو قاصد بھیجا گیا تھا وہ کوئی آدمی نہ ہو بلکہ کوئی سدھایا ہوا پرندہ ہو جیسا کہ صاحب مقتل الحسینؑ نے ص ۲۱۵ پر اس احتمال کا اظہار کیا ہے اور صاحب تتمہ وقائع ایام محرم نے بھی ص ۲۷۳ پر اسی نظریہ کو اختیار کیا ہے اور پھر (ص ۲۷۳ سے لے کر ص ۲۸۱ سطر اول تک) تاریخی شواہد و قرائن سے یہ بات ثابت کرنے کی کامیاب کوشش کی ہے کہ قدیم زمانہ میں موصل، مصر، شام، قسطنطنیہ، کوفہ، بغداد اور مدینہ وغیرہ جیسے بڑے بڑے ملکوں اور شہروں میں اسی طریق کار کا رواج تھا۔ بنابریں ان تاریخی شواہد کے پیش نظر یہ جواب بعید از عقل نہیں ہے۔ و اللہ العالم بحقائق الامور۔

SIBTAIN.COM

امر دوم:۔ کوفہ سے شام تک منازل سفر کی تعیین و تحقیق

یہ امر بھی تنقیح طلب ہے کہ اسرائے اہل بیتؑ کا قافلہ کس راستہ سے کون کون سے اور کس قدر منازل طے کر کے دمشق پہنچا اور ان منازل کی ترتیب کیا تھی؟ اس سلسلہ میں بھی تاریخ اور مقاتل کی کتب معتبرہ بالکل خاموش نظر آتی ہیں، چنانچہ وہ کتب جن کے نام اوپر امر اول کے ضمن میں ذکر کئے گئے ہیں وہ تمام اس معاملہ میں بھی کوئی رہنمائی نہیں کرتیں بلکہ علماء سیر و مقاتل نے اقرار و اعتراف کیا ہے کہ انہیں اس سلسلے میں حتمی طور پر کچھ معلوم نہیں ہے، چنانچہ محدث قمیؒ نفس المہموم (ص ۲۲۷ پر) لکھتے ہیں: ﴿اعلم ان ترتیب المنازل التی نزلوها فی کل مرحلة باتوا بها ام عبروا منها غیر معلوم ولامذکور فی شئ من الکتب المعتبرة بل لیس فی اکثرها کیفیة مسافرة اهل البیت الی شام نعم وقع بعض القضایا فی بعضها نحن نشیر الیها فی هذا الکتاب انشاء اللہ تعالیٰ﴾۔

جاننا چاہئے کہ ان منازل کی ترتیب و تفصیل کہ جن میں اسیران اہل بیتؑ نے رات گزاری تھی یا صرف عبور کیا تھا، معلوم نہیں ہے اور نہ کتب معتبرہ میں سے کسی کتاب میں اس بات کا کوئی تذکرہ ہے بلکہ اکثر کتب میں تو اہل بیتؑ کے سفر شام کی کیفیت میں ہی مذکور نہیں ہے کہ کس طرح سفر کیا، ہاں البتہ بعض منازل میں بعض واقعات درپیش

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

آئے، ہم اس کتاب میں ان کا تذکرہ کریں گے۔ انشاء اللہ۔

ایسا ہی مقام، زخار وصمصام بتار، ص ۴۶۱ پر افادہ فرمایا گیا ہے کہ:

هر چند هيچ يك از مؤرخين و محدثين فريقين شرح منازل عرض راه را از كوفه تا شام نداده اند وليكن چون حسن بن علي الطبرسي در كتاب كامل بهائي كه بنام بهاء الدين محمد بن شمس الدين جويني صاحب ديوان تاليف كرده ذكر بعضے از آنها را نموده ودرمقتل ابي مخنف هر يك را مرتباً نوشته است شرح آن در اين كتاب بياوريم ۔ اگرچه اين روايت خالي از اشكال وترتيب منازل بيرون از تشويش نيست﴾ (ترجمہ) اگرچہ شیعہ وسنی مورخین ومحدثین میں سے کسی نے بھی کوفہ سے شام تک درمیانی منازل کی تشریح نہیں کی لیکن چونکہ حسن بن علی الطبرسی نے اپنی کتاب کامل میں جسے انہوں نے بہاء الدین محمد بن شمس الدین جوینی کے نام پر تالیف کیا ہے بعض منازل کا تذکرہ کیا ہے اور مقتل ابی مخنف میں ان منازل کا بالترتیب تذکرہ موجود ہے اس لئے ہم انہی دو کتابوں سے یہاں ان منازل کا تذکرہ کرتے ہیں، اگرچہ یہ روایت منازل خالی از اشکال اور ترتیب خالی از تشویش واضطراب نہیں ہے۔

اسی طرح صاحب تتمہ وقائع ایام محرم ص ۲۸۳ پر لکھتے ہیں: ﴿چون ترتيب منازل معلوم و مضبوط نيست فقير احوال آن مراحل مذكور ميدارم كه در آنها تفصيلے واقع شده بدون مراعات ترتيب﴾ چونکہ ان منازل ومراحل کی ترتیب معلوم ومضبوط نہیں ہے اس لئے میں ترتیب کی رعایت کئے بغیر صرف ان بعض منازل کا ذکر کروں گا جن میں کوئی تفصیلی واقعہ رونما ہوا ہے اس کے بعد کے پندرہ منزل کا تذکرہ کیا ہے۔

ان حقائق کی روشنی میں یہ بات بالکل الم نشرح ہوجاتی ہے کہ کتب معتبرہ ان منازل کے بارے میں بالکل خاموش ہیں اور ان سے ان منازل کے متعلق کچھ معلومات فراہم نہیں ہوسکتے۔ جن بعض کتب میں بعض منازل مذکور ہیں ان کا اعتماد بھی مقتل ابی مخنف پر ہے اور بدقسمتی سے مقتل ابی مخنف کا وہ نسخہ جو مطبوع وموجود ہے بنابر تصریح علماء محققین محرف ومبدل اور بالکل ناقابل اعتماد ہے، بالخصوص ان امور میں جن کے ذکر کرنے میں وہ متفرد ہو۔

تفصیلی حالات معلوم کرنے کے شائقین محدث نوری مرحوم کی کتاب ''لؤلؤ ومرجان'' کی طرف رجوع کریں جو عام مؤمنین کے لئے بالعموم اور اہل منبر حضرات کے لئے بالخصوص حرز جان بنانے کے قابل ہے۔ اس وقت مقتل ابی مخنف کا مطبوعہ نجف اشرف نسخہ ہمارے پیش نظر ہے۔ اس کے ص ۱۱۴ تا ص ۱۲۰ پر بایں ترتیب تیس منازل سفر کا تذکرہ کیا ہے جن کے نام ہم یہاں محض تبرکاً درج کرتے ہیں۔ وهي هذه۔

۱۔ منزل اول۔ تکریت ۲۔ منزل دوم۔ اعمی ۳۔ منزل سوم۔ دیر عروہ

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

۴۔منزل چہارم۔صلیتا ۵۔منزل پنجم۔وادی النخلہ ۶۔منزل ششم۔اربیناء
۷۔منزل ہفتم۔لینا ۸۔منزل ہشتم۔کحیل ۹۔منزل نہم۔جہینیہ
۱۰۔منزل دہم۔تل باعفر ۱۱۔منزل یازدہم۔جبل سنجار ۱۲۔منزل دوازدہم۔نصیبین
۱۳۔منزل سیزدہم۔عین الورد ۱۴۔منزل چہاردہم۔قنسرین ۱۵۔منزل پانزدہم۔معرۃ النعمان
۱۶۔منزل شانزدہم۔شیرد ۱۷۔منزل ہفدہم۔کفرطاب ۱۸۔منزل ہیجدہم۔سیبور
۱۹۔منزل نوزدہم۔حما ۲۰۔منزل بیستم۔حمص ۲۱۔منزل بیست ویکم۔کنیسہ قسین
۲۲۔منزل بیست ودوم۔بعلبک ۲۳۔منزل بیست وسوم۔صومہ راہب۔

وہ پندرہ منازل جن کا تذکرہ بلالحاظ ترتیب صاحب تتمہ وقائع ایام محرم نے (ص ۲۸۴ لغایت ص ۳۰۸) کیا ہے جن کی طرف اوپر اشارہ کیا جاچکا ہے۔ان کے نام یہ ہیں:۔

۱۔منزل اول۔تکریت ۲۔منزل دوم۔موصل ۳۔منزل سوم۔حران
۴۔منزل چہارم۔دعوات ۵۔منزل پنجم۔قنسرین ۶۔منزل ششم۔سیبور
۷۔منزل ہفتم۔حمص ۸۔منزل ہشتم۔بعلبک ۹۔منزل نہم۔قصر بنی مقاتل
۱۰۔منزل دہم۔حماۃ ۱۱۔منزل یازدہم۔حلب ۱۲۔منزل دوازدہم۔نصیبین
۱۳۔منزل سیزدہم۔عسقلان ۱۴۔منزل چہاردہم۔دیر قسین ۱۵۔منزل پانزدہم۔دیر راہب

نوٹ۔ مخفی نہ رہے کہ جن حضرات نے ان منازل کا تذکرہ کیا ہے ان کے بیان سے یہ نہیں سمجھا جاسکتا کہ اس قافلہ نے ضرور ان مقامات پر رات گزاری ہے یا کچھ دیر قیام کیا ہے بلکہ جہاں سے اس لٹے ہوئے قافلے نے عبور ومرور بھی کیا ہے اس مقام کو بھی منازل سفر شمار کردیا گیا ہے، جیسا کہ ان کتب کے ناظرین پر روشن ہے۔فتدبر۔

امر سوم:۔کیا صرف مخدرات عصمت کو شام لے جایا گیا یا دوسری مستورات بھی ہمراہ تھیں؟

کوفہ سے جو اسیروں کا قافلہ شام کی طرف روانہ کیا گیا ان میں صرف بنی ہاشم کی مخدرات عصمت وطہارت تھیں یا دوسری وہ بعض خواتین بھی شامل تھیں جو کربلا سے قید ہوکر اسیران اہل بیتؑ کے ساتھ کوفہ لائی گئی تھیں؟ عام کتب تواریخ ومقاتل میں اس کے متعلق کوئی تصریح نہیں ملتی۔البتہ بعض کتب سے معلوم ہوتا ہے کہ انصار حسینؑ کی مستورات کو ان کے خاندان والوں نے سفارشیں کرکے کوفہ میں رہا کرالیا تھا۔اب شام جو قافلہ بھیجا گیا اس میں بنی

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

ہاشم کی مخدرات (یا ان کی بعض کنیزیں) ہی تھیں۔ چنانچہ فاضل سماوی کی ابصار العین کے خاتمہ میں لکھا ہے: ﴿بقیت عیالات غیر الطالبین من انصار الحسین علیه السلام بالکوفة و ذالک لانهن حین الوصول الی الکوفة شفع فیهن ذو قرباهن من القبائل عند ابن زیاد فاخذ هن من السبی و سبیت الطالبیات الی الشام﴾ یعنی بنی ہاشم کے علاوہ دوسرے انصار حسینؑ کے اہل وعیال کوفہ میں رہ گئے کیونکہ کوفہ پہنچنے کے بعد ان کے رشتہ دار قبائل نے ابن زیاد کے پاس سفارش کر کے ان کو قید و بند سے آزاد کرالیا تھا۔ اس لئے صرف بنی ہاشم کی مستورات ہی قید ہو کر شام گئیں۔ (ص ۱۵۹)

آہ! آج دوسری تمام عورتوں کے سفارشی تو پیدا ہو گئے مگر وہ پردگیان عصمت وطہارت جن کے اب وجد پورے عالمین کے شفیع وسفارشی ہیں ان کی سفارش کرنے والا کوئی نہ تھا۔ ان کو اس طرح بیدردی کے ساتھ قید کر کے دیار وامصار میں پھروایا گیا جس طرح ترک ودیلم کے قیدیوں کی دیار وامصار میں تشہیر کی جاتی ہے۔

کس منہ سے یہ لوگ شفیع العالمین کی بارگاہ میں حاضر ہوں گے؟ عمر بن عبدالعزیز کہا کرتا تھا۔ اگر میں قاتلان حسینؑ میں شامل ہوتا اور پھر بفرض محال خدا مجھے بھی بخش دیتا تو تب بھی جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے شرم وحیا کی وجہ سے جنت میں داخل نہ ہوتا۔[1]

ویل لمن شفعائه خصمائه والصور فی یوم القیامة ینفخ

صاحب تتمہ وقائع ایام محرم نے بھی (ص ۲۸۱ پر) ایسا ہی افادہ فرمایا ہے۔ لکھتے ہیں: ﴿مخفی مباد که از اسراء غیر طالبیات و نساء غیر هاشمیات کسے را با اهل بیتؑ دیلم و خزرا سیر کرده بجانب شام برده اند﴾۔ ﴿فعلی الحسین و اهل بیته فلیبک الباکون و علیه فلیندب النادبون و لیصرخ الصارخون﴾۔

سرہائے شہداء اور اسیران خانوادہ مصطفیؐ کی شام کی طرف روانگی

جب ابن زیاد کے پاس حاکم شام کا حکم نامہ پہنچ گیا کہ سرہائے شہداء اور اسیران اہل بیتؑ کو اس کے پاس شام بھیج دے تو ابن زیاد نے زجر بن قیس کی نگرانی میں شہداء کے سرہائے مقدس شام روانہ کر دیئے اور اس کے ہمراہ ابو بردہ بن عوف ازدی، طارق بن ظبیان وغیرہ پچاس آدمی کر دیئے۔[2]

---

[1] تمقام، ص ۴۵۷، بحوالہ تاریخ ابن خلکان۔

[2] تتمہ ایام محرم، ص ۲۸۳۔ ناسخ، ج ۶، ص ۳۲۶۔ مگر منتخب طریحی میں ان کی تعداد ایک ہزار اور مقتل ابی مخنف میں ڈیڑھ ہزار لکھی ہے جو بظاہر مبالغہ آمیز معلوم ہوتی ہے۔ (منہ عفی عنہ)

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

اوران کی روانگی کے بعد اسی روز اسیران آل محمدؐ کو محفز بن ثعلبہ عائذی اور شمر بن ذی الجوشن کی نگرانی میں ایک جماعت کثیرہ کے ہمراہ روانہ کردیا۔[1] جو بعض منازل پر جاکر پہلی جماعت کے ساتھ شامل ہوگئے۔[2]

اسیری کی کیفیت

اسیروں کی کیفیت یہ تھی کہ امام بیمارؑ کے گلے میں طوق تھا۔[3] اور بعض روایات کے مطابق ہاتھوں میں ہتھکڑیاں بھی تھیں۔[4] بروایتے ہاتھ پشت گردن باندھے ہوئے تھے۔[5] اور پاؤں شکم شتر کے ساتھ بندھے ہوئے تھے۔[6] اور مخدرات اس طرح بے کجاوہ اونٹوں پر بے مقنع و چادر سوار تھیں کہ تمام لوگ ان کا نظارہ کرسکتے تھے۔[7]

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے کہ امام زین العابدین علیہ السلام بیان کرتے تھے کہ مجھے ایک ایسے بے پالان اونٹ پر سوار کیا گیا تھا جو لنگڑاتا تھا۔ آگے بابا کا سر مبارک نیزہ پر تھا، پیچھے پیچھے مخدرات تھیں۔ اگر ہم میں سے کسی کی آنکھ سے آنسو نکل آتا تھا تو نیزوں کی انیوں سے اس کی سرکوبی کی جاتی تھی۔ جب شام کے قریب پہنچے تو کسی نے آواز بلند کی۔ ھولاء سبایا اھل البیت الملعون۔[8]

سفر شام میں امام کی خاموشی

انہی حالات و واقعات سے متاثر ہوکر امام بیمارؑ نے بالکل خاموشی اختیار کرلی تھی۔ راویان اخبار کا بیان ہے کہ کوفہ سے شام تک امام بیمارؑ نے کسی سپاہی سے کوئی بات نہیں کی۔ ﴿فلم یکلمھم علی بن الحسینؑ فی الطریق حتی بلغوا الشام﴾[9]

شریکۃ الحسینؑ کی شان عبادت

ایسے ہوش ربا مصائب و شدائد اور نامساعد حالات میں بھی ثانی زہراؑ کی عبادت کا یہ عالم تھا کہ واجبی نماز تو بجائے خود، کبھی نماز تہجد بھی قضا نہیں ہوئی۔ چنانچہ امام زین العابدین علیہ السلام سے منقول ہے کہ ﴿ان عمتی زینب مع تلک المصائب والمحن النازلۃ بھا فی طریقنا الی الشام ما ترکت نوافلھا اللیلیۃ﴾ میری پھوپھی اماں زینب نے باوجود ان مصائب و شدائد کے جو ہمیں شام کے راستہ میں درپیش آئے کبھی اپنے نوافل

---

1. طبری، ج ۶، ص ۲۶۴۔ کامل، ج ۳، ص ۲۹۸۔
2. نفس المہموم، ص ۲۲۵۔ ارشاد، ص ۲۶۸۔ ناسخ، ج ۴، ص ۳۲۶ پر لکھا ہے کہ پہلی منزل پر ملحق ہوگئے۔
3. تاریخ کامل ابن اثیر، ج ۳، ص ۲۹۸۔ تاریخ قرمانی، ص ۱۰۸۔ مقتل الحسین، ص ۴۱۰۔ ارشاد ۲۹۸ وغیرہ۔
4. تاریخ کامل، ج ۳، ص ۲۹۸۔
5. تاریخ قرمانی، ص ۱۰۸، تقمام، ص ۴۵۸۔
6. تتمہ وقائع ایام محرم ص
7. تتمہ وقائع ایام محرم، ص ۲۸۲۔ تقمام، ص ۲۵۸۔ ناسخ، ج ۶ ص ۳۲۶۔
8. تظلم الزہراء، ص ۲۶۰۔ عاشر بحار، ص ۲۳۱۔
9. کامل ابن اثیر، ج ۳، ص ۲۹۰۔ نفس المہموم، ص ۲۲۵۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

شب ترک نہیں کیے۔[1]

ثانیٔ زہراؑ کی یہی عبادت واطاعت ہی تو تھی جس کی بناء پر جناب سید الشہداؑ نے ان کو وصیت کی تھی: ﴿یا اُختاہُ لا تنسینی فی نافلۃ اللّیل﴾ بہن زینب! مجھے نماز شب میں دعائے خیر سے فراموش نہ کرنا۔[2] خداوند عالم تمام خواتین اسلام کو اس مخدرہ کے نقش قدم پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین بجاہ النبی و آلہ الطاہرین۔

سفر شام کے بعض واقعات اور ظہور کرامات

بعض کتب مقاتل سے مستفاد ہوتا ہے کہ اس سفر میں کئی کرامات کا ظہور ہوا اور کئی سانحات درپیش آئے۔ ہم بطور تبرک یہاں ان میں سے بعض کا تذکرہ کرتے ہیں۔

پہلا واقعہ

ابن یسعہ بیان کرتے ہیں کہ میں طواف بیت اللہ کر رہا تھا کہ اس اثنا میں ایک شخص کو استار کعبہ سے لپٹ کر یہ فریاد کرتے ہوئے سنا: ﴿اللّٰھم اغفر لی وما اراک فاعلاً﴾ یا اللہ! مجھے بخش دے لیکن میرا خیال ہے کہ تو ایسا کرے گا نہیں۔ میں نے اس سے کہا: ﴿یا عبد اللّٰہ! اتق اللّٰہ ولا تقل مثل ذالک فان ذنوبک لو کانت مثل قطر الامطار وورق الاشجار فاستغفرت اللّٰہ غفرھا لک و انہ غفور رحیم﴾ او اللہ کے بندے! ایسا نہ کہہ، کیونکہ خداوند غفور رحیم ہے کہ اگر تیرے گناہ قطرات باران و برگہائے درختان کے برابر بھی ہوں اور تو اس سے بخشش طلب کرے تو وہ ضرور بخش دے گا۔ میرا کلام سن کر اس شخص نے کہا۔ میرے پاس آ تا کہ میں تجھے اپنا قصہ سناؤں۔ چنانچہ میں اس کے پاس گیا۔ اس نے کہا۔ میں ان پچاس آدمیوں میں سے ایک تھا جو سفر شام میں امام حسینؑ کے سر کے ساتھ گئے تھے۔ ہمارا یہ معمول تھا کہ جب رات ہو جاتی تھی تو ہم فرق مقدس کو ایک صندوق میں بند کر دیتے تھے اور اس کے اردگرد بیٹھ کر شراب کا دور چلاتے تھے۔ چنانچہ ایک رات میرے ساتھیوں نے حسب معمول شراب پی اور نشہ میں مخمور ہو گئے، لیکن میں نے نہ پی۔ جب رات کی تاریکی خوب چھا گئی تو میں نے اچانک رعد و برق کے گرجنے چمکنے کی آواز سنی۔ اس کے ساتھ ہی درہائے آسمان کھل گئے اور جناب آدمؑ، نوحؑ، ابراہیمؑ، اسمٰعیلؑ، اسحاقؑ اور ہمارے پیغمبر اکرمؐ نیچے اترے اور ان کے ساتھ جبرائیلؑ اور بہت سے ملائکہ تھے۔ جبرائیلؑ نے صندوق کے قریب جا کر سر امام کو باہر نکالا، سینہ سے لگایا اور بوسہ دیا۔ پھر تمام حاضر انبیاءؑ نے یکے بعد دیگرے ایسا ہی کیا اور جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم اپنے نواسہ کا سر مبارک دیکھ کر روئے۔ انبیاءؑ نے تعزیت پیش کی۔ پھر جبرائیلؑ نے خدمت

---

[1] رسالہ زینب کبریٰ، طبع النجف، ص ۸۴۔

[2] حوالہ مذکورہ بالا۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

رسولؐ میں عرض کیا: ﴿یا محمداً! ان اللّٰہ تبارک و تعالیٰ امرنی ان اطیعک فی امتک فان امرتنی زلزلت بھم الارض و جعلت عالیھاسافلھا کما فعلت بقوم لوطا﴾ یا محمدؐ! خداوند عالم نے مجھے آپ کی امت کی بابت آپ کی اطاعت کا حکم دیا ہے۔ اگر آپ حکم دیں تو میں اس وقت زمین کو اسی طرح تہہ و بالا کر کے ان کو تہس نہس کر دوں جس طرح میں نے قوم لوط کے ساتھ کیا تھا۔ اس وقت جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ﴿لا جبرائیل! فان لھم معی موقفاً بین یدی اللّٰہ تعالیٰ یوم القیامۃ﴾ نہیں جبرائیل! ایسا نہیں کرنا کیونکہ میرا اور ان کا حساب کتاب بروز قیامت بارگاہ خداوندی میں ہوگا۔ پھر فرشتے قتل کرنے کے لئے ہماری طرف بڑھے۔ میں نے کہا: ﴿الامان الامان یا رسول اللّٰہؐ﴾ آنحضرتؐ نے فرمایا: ﴿اذھب فلا غفر اللّٰہ لک﴾ چلے جاؤ، خدا تمہیں معاف نہ کرے۔ اس شخص نے اپنا یہ تمام قصہ بیان کر کے مجھ سے کہا، اب بتاؤ ان حالات میں میری بخشش کی کوئی امید ہے؟[1]

وھذہ القصۃ کما تریٰ فتامل ولا تکن من الغافلین

دوسرا واقعہ

کتب فریقین میں یہ واقعہ مذکور ہے کہ سر امامؑ کو شام کی طرف لے جانے والے ملعون کسی منزل پر حسب معمول جب رات کے وقت شراب پینے اور مسرت و شادمانی کا اظہار کرنے میں مصروف تھے کہ یکا یک سامنے والی دیوار سے ایک ہاتھ نمودار ہوا جس میں لوہے کا قلم تھا پھر اس نے اس دیوار پر خون سے یہ شعر لکھا۔

اترجوا امۃ قتلت حسیناً　　شفاعۃ جدہ یوم الحساب

بھلا وہ امت بھی جس نے حسین علیہ السلام کو شہید کیا قیامت کے روز ان کے جد نامدار کی شفاعت کی امید رکھ سکتی ہے؟؟

ملاعین یہ ہولناک منظر دیکھ کر خوف زدہ ہو گئے اور اس منزل سے آگے چلے گئے۔[2]

بعض کتب میں یہ واقعہ اس طرح مرقوم ہے کہ سفر کرتے ہوئے جب ملاعین ایک راہب کے دیر کے پاس پہنچے تو اس کی بعض دیواروں پر یہی مذکورہ بالا شعر لکھا ہوا دیکھا۔ انہوں نے راہب سے اس شعر کے لکھے جانے کی کیفیت دریافت کی۔ راہب نے بتایا کہ تمہارے نبیؐ کے مبعوث ہونے سے پانچ سو سال پہلے کا یہ شعر لکھا ہوا موجود

---

[1] نفس المہموم، ص ۲۱۷۔ تمام، ص ۴۶۱۔ تظلم الزہرا، ص ۱۵۷، ۲۵۸۔ مقتل الحسین للمقرم۔ ملہوف ص ۱۵۴۔ ناسخ، ج ۶، ص ۳۲۶ وغیرہ۔

[2] خصائص کبریٰ سیوطی، ج ۲، ص ۱۲۷۔ تاریخ ابن عساکر، ج ۴، ص ۳۴۲۔ صواعق محرقہ، ص ۱۱۶۔ نفس المہموم، ص ۲۲۵۔ مقتل الحسین للمقرم، ص ۴۱۱۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

ہے۔[1]

سبط ابن جوزی نے لکھا ہے کہ نبی آخر الزمان صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مبعث سے پانچ سو سال پہلے ایک پتھر پر سریانی زبان میں یہ شعر کندہ تھا۔ جب اس کا عربی میں ترجمہ کیا گیا تو وہ یوں تھا۔

اترجو امة قتلت حسیناً　　شفاعة جده یوم الحساب[2]

تیسرا واقعہ

ان ملاعین نے منازل سفر طے کرتے ہوئے ایک راہب کے دیر کے پاس قیام کیا اور وہ نیزہ جس پر سید الشہداءؑ کا سر مقدس سوار تھا دیوار کے ساتھ لگا دیا۔ جب رات کا کچھ حصہ گزر گیا اور سوائے چند پہرہ داروں کے باقی تمام لوگ سو گئے تو راہب نے دیکھا کہ سر مقدس سے نور کی شعاعیں پھوٹ کر آسمان کو چھو رہی ہیں اور سر مقدس سے تسبیح و تہلیل کی آواز آ رہی ہے اور کوئی کہنے والا یہ کہہ رہا ہے: ﴿السلام علیک یا ابا عبد اللہ﴾ راہب یہ عجیب نظارہ دیکھ کر حیران ہو گیا۔ لب بام سے جھانک کر پہرہ داروں سے پوچھا، تم کون ہو؟ انہوں نے بتایا کہ ہم ابن زیاد کے آدمی ہیں۔ پھر دریافت کیا: یہ سر کس کا ہے؟ انہوں نے جواب دیا: حسینؑ بن فاطمہؑ بنت محمدؐ کا۔ راہب نے کہا: وہی محمدؐ جو تمہارا رسولؐ ہے؟ انہوں نے کہا۔ ہاں۔ یہ سن کر راہب نے کہا: ﴿بئس القوم انتم لو کان للمسیح ولد لا سکناہ احداقنا﴾ تم بہت ہی برے لوگ ہو۔ اگر ہمارے عیسیٰؑ کا کوئی بیٹا ہوتا تو ہم اسے آنکھوں پر بٹھاتے۔ پھر کہا۔ یہ سر صبح تک میرے حوالے کر دو۔ مگر انہوں نے انکار کر دیا۔ اس نے کہا میرے پاس دس ہزار دینار ہیں، یہ لے لو اور صبح تک یہ سر مقدس میرے حوالے کر دو۔ اس پیشکش کو انہوں نے منظور کر لیا۔ دیناروں کی تھیلیاں لے لیں اور سر مقدس اس کے حوالے کر دیا۔ (سر مبارک چونکہ گرد آلود تھا) راہب نے اسے صاف کیا، خوشبو لگائی اور پھر گود میں لے کر ساری رات گریہ و بکاء کرتا رہا۔ جب سپیدہ صبح نمودار ہونے لگا تو اس نے سر مقدس کو خطاب کرتے ہوئے کہا: ﴿یا رأس لا املک الا نفسی وانا اشهد ان لا اله الا اللہ و ان جدک محمداً رسول اللہ صلی اللہ علیه وآله واشهد انی مولاک و عبدک﴾ اے سر مقدس! میں سوائے اپنی ذات کے کسی اور شے کا مالک نہیں، میں گواہی دیتا ہوں کہ خدا کے علاوہ کوئی معبود نہیں اور آپ کے جد نامدار محمدؐ اس کے رسول ہیں اور میں آپ کا غلام ہوں۔ صبح سر ان کے حوالے کیا اور خود شام تک اسارائے اہل بیتؑ کی خدمت کرتا رہا۔[3] اور بروایتے دیر چھوڑ کر پہاڑیوں میں چلا گیا اور وہاں عبادت خدا کرتے کرتے جان جان آفرین کے حوالہ کر

---

[1] مقتل، ص ۳۵۹۔
[2] تذکرہ، ص ۲۷۴۔
[3] تذکرہ خواص الامہ، ص ۲۶۴۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

دی۔[1] یہ بھی منقول ہے کہ جب یہ ملاعین شام کے قریب پہنچے تو ایک دوسرے سے کہا آؤ دینار تقسیم کرلیں مبادا یہ واقعہ یزید کو معلوم ہوجائے اور وہ ہم سے لے لے۔ چنانچہ جب تھیلیاں کھولیں تو دیکھا کہ دینار ٹھیکریاں بن چکے تھے، جن کی ایک طرف لکھا تھا: ﴿ولا تحسبن اللہ غافلاً عما یعمل الظالمون﴾ اور دوسری طرف لکھا تھا: ﴿وسیعلم الذین ظلموا ای منقلب ینقلبون﴾[2]

چوتھا واقعہ

بعض کتب مقاتل میں لکھا ہے کہ شام جاتے ہوئے جب یہ لوگ موصل کے قریب پہنچے تو حاکم موصل کو پیغام بھیجا کہ وہ ان کے اور ان کی سواریوں کے لئے نان و چارہ اور قیام کا انتظام کرے (جیسا کہ بالعموم راستہ میں بڑے شہروں سے گزرتے وقت یہ ایسا کرتے تھے) حاکم نے منظور کرلیا مگر اہل بلد نے استدعا کی کہ یہ لوگ شہر میں داخل نہ ہوں بلکہ شہر سے باہر قیام کریں۔ چنانچہ ان لوگوں نے ایک فرسخ کے فاصلے پر قیام کیا۔ اس اثنا میں سر مقدس کو ایک پتھر پر رکھا۔ سر مطہر سے خون کا ایک قطرہ پتھر پر گرا۔ وہ لوگ تو چلے گئے مگر اس خون کا اثر یہ ہوا کہ ہر سال روز عاشورہ اس سے جوش مار کر خون نکلتا تھا اور اطراف و اکناف سے لوگ جمع ہوکر گریہ و بکاء اور مراسم عزا قائم کرتے تھے۔ یہ سلسلہ عبدالملک بن مروان کے وقت تک قائم رہا۔ پھر اس نے یہ پتھر کہیں منتقل کرادیا جس کے بعد یہ سلسلہ منقطع ہوگیا مگر لوگوں نے وہاں ایک قبہ بنادیا جو "مشہد النقطہ" کے نام سے مشہور ہے۔[3]

SIBTAIN.COM

پانچواں واقعہ

بعض کتب مقاتل لکھا ہے کہ حلب کے مغربی جانب "جوشن" ایک پہاڑ ہے جس میں کئی مشاہیر شیعہ کی قبریں ہیں، منجملہ ان کے ایک عالم ربانی محمد بن علی بن شہر آشوب مازندرانی اور شیخ احمد بن منیر عاملی کا مقبرہ بھی ہے۔ اسی پہاڑ پر ایک "مشہد السقط" ہے۔ اس کی وجہ تسمیہ یہ بیان کی جاتی ہے کہ شام جاتے وقت جب اسیران آل محمد کو یہاں سے گزارا گیا تو امام حسینؑ کی ایک زوجہ محترمہ کا جو کہ حاملہ تھیں بوجہ شدائد و مصائب سفر حمل سقط ہوگیا جسے اس مقام پر دفن کیا گیا جسے "مشہد السقط اور مشہد الدکۃ" کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔[4]

صاحب مقتل الحسین نے (۴۱۳ کے حاشیہ پر) کتاب نہر الذہب فی تاریخ حلب ج ۲ ص ۲۷۸ کے حوالہ

---

[1] نفس المہموم، ص ۲۴۶۔ [2] تذکرۃ الخواص، ص ۲۶۴۔

[3] نفس المہموم، ص ۲۲۸۔ مقتل الحسین، ص ۴۱۲۔ اس کتاب میں نہر الذہب فی تاریخ حلب، ج ۳، ص ۲۳ کے حوالے سے لکھا ہے کہ یہ واقعہ حلب کے جبل عربی میں درپیش آیا اور یہ مشہد النقطہ وہاں ہے۔ واللہ العالم۔

[4] معجم البلدان، ج ۳، ص ۱۷۳، بذیل مادہ جوشن و خریدۃ العجائب، ص ۱۲۸۔ نفس المہموم، ص ۲۲۹۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

سے لکھا ہے کہ یہ "مشہد" ۳۵۱ھ میں ظاہر ہوا اور اس کے ظاہر ہونے کا قصہ یوں ہے کہا: ایک مرتبہ سیف الدولہ ہمدانی نے اپنے مکان سے جو کہ حلب کے باہر تھا، دیکھا کہ جہاں مشہد ہے وہاں آسمان سے نور نازل ہو رہا ہے، اس نے کئی بار یہ ماجرا دیکھا، پھر وہ گھوڑے پر سوار ہو کر وہاں پہنچا اور اپنے ہاتھ سے وہ جگہ کھودی۔ چنانچہ وہاں ایک پتھر نکلا جس پر کندہ تھا: ﴿هذا قبر المحسنؑ بن الحسینؑ بن علیؑ بن ابی طالبؑ﴾ ؎

فانظر الی هذا الاسم کیف لقی　　من الاواخر مالاقی من الاول

سیف الدولہ نے علویین کو جمع کر کے ان سے اس امر کی حقیقت دریافت کی۔ چنانچہ بعض سادات نے اسے بتایا کہ جب اسیران اہل بیتؑ شام کی طرف لے جائے جا رہے تھے اس وقت جناب امام حسینؑ کی ایک حاملہ زوجہ کا حمل یہاں سقط ہو گیا تھا، یہ اسی سقط کی قبر ہے۔ اس کے بعد سیف الدولہ نے وہاں مقبرہ تعمیر کرایا۔ حموی نے یہ بھی لکھا ہے کہ اس پہاڑ پر پہلے سرخ تانبے کی ایک کان تھی لیکن جب اسیران اہل بیتؑ کا وہاں سے گزر ہوا اور امام حسینؑ کی ایک زوجہ محترمہ کا حمل ساقط ہوا تو انہوں نے ان لوگوں سے جو وہاں کام کر رہے تھے کچھ پانی وغیرہ طلب کیا مگر انہوں نے نہ صرف دینے سے انکار کیا بلکہ کچھ ناسزا کلمات بھی کہے۔ بی بی نے ان کو بددعا دی جس کی وجہ سے وہ کان برباد ہو گئی۔[1]

SIBTAIN.COM
Presented By: www.jafrilibrary.com

اسیران آل رسولؐ کا شام میں داخلہ

سفر کے جانگداز شدائد و آلام جھیلنے کے بعد بالآخر یہ تباہ حال قافلہ شام کے قریب پہنچا تو جناب ام کلثوم نے شمر سے جا کر فرمایا: ﴿لی الیک حاجة﴾ مجھے تم سے کچھ کام ہے۔ شمر نے کہا: ﴿ما حاجتک؟﴾ کیا کام ہے؟ بی بی نے فرمایا: ﴿اذا دخلت بنا البلد فاحملنا فی درب قلیل النظارة و تقدم الیهم ان یخرجوا هذه الرؤس من بین المحامل وینحونا عنها فقد خزینا من کثرة النظر الینا و نحن فی هذه الحال﴾ جب شہر میں داخلہ ہو تو ہمیں ایسے راستے سے لے جاؤ جس میں دیکھنے والوں کی بھیڑ کم ہو اور ان لوگوں سے کہو جن کے ہاتھوں میں سرہائے شہداء ہیں کہ وہ ان کو آگے لے جائیں اور ہم کو ان سے علیحدہ رہنے دیں کیونکہ ہم اس حالت میں دیکھنے والوں کی کثرت سے رسوا ہو رہی ہیں۔ اس شقی نے اس فرمائش کے برعکس حکم دیا کہ سروں کو جو کہ نیزوں پر سوار تھے ان اونٹوں کے درمیان لائے جائیں جن پر مخدرات سوار تھیں اور پھر اس بازار (باب الساعات)[2] سے داخلہ کا حکم دیا جس میں سب سے زیادہ لوگوں کی بھیڑ تھی۔[3]

---

[1] معجم البلدان، ج ۳، ص ۱۷۳۔
[2] مقتل الحسین للمقرم، ص ۴۱۵۔
[3] لہوف، ص ۱۵۵۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

بعض تابعین کی روپوشی

وارد ہے کہ اہل فضل تابعین میں سے ایک بزرگوار نے جب حسینؑ مظلوم اور ان کے خانوادہ کو اس تباہ حال میں شام میں داخل ہوتے دیکھا تو تو اس نے شدت غم سے روپوشی اختیار کر لی۔ پورا ایک ماہ غائب رہا۔ جب ایک ماہ کے بعد اس کے احباب نے اسے ڈھونڈ نکالا تو اس سے اس روپوشی اختیار کرنے کا سبب دریافت کیا۔ اس نے کہا کیا تم نہیں دیکھ رہے کہ ہم پر کیا مصیبت نازل ہوئی ہے؟ پھر یہ اشعار پڑھے ؎

جاؤا برأسک یا بن بنت محمدؐ　　مترملا بدمائه ترمیلا

وکانما بک یا بن بنت محمدؐ　　قتلوا جهاراً عامدین رسولا

قتلوک عطشاناً و لم یترقبوا　　فی قتلک التاویل والتنزیلا

و یکبرون بان قتلت و انما　　قتلوا بک التکبیر والتهلیلا [1]

یزید کے کافرانہ اشعار اور مسرت کا اظہار

بعض کتب تواریخ میں لکھا ہے کہ جب یہ لٹا ہوا قافلہ سربائے شہداء کے ساتھ شام میں داخل ہو رہا تھا اس وقت یزید (لع) اپنے اس مکان کی بالائی منزل پر بیٹھا یہ منظر دیکھ رہا تھا جو (شام سے باہر) جیرون میں تھا۔ جب اس نے دور سے سروں کو نوکہائے سنان پر سوار دیکھا۔ اس وقت ایک کوے نے کائیں کائیں کی (جسے نحوست کی علامت سمجھا جاتا ہے) یزید (لع) خوش ہو کر یہ اشعار گنگنانے لگا۔

لما بدت تلک الحمول واشرقت　　تلک الرؤس علیٰ ربی جیرون

جب سواریاں ظاہر ہوئیں اور سر جیرون کے ٹیلوں پر نمودار ہوئے۔

نعب الغراب فقلت صح اولا تصح　　فلقد قضیت من الرسول دیونی

تو کوے نے کائیں کائیں کی، میں نے اس سے کہا، تو آواز بلند کر یا نہ کر، میں نے رسول سے اپنے قرضے چکا لئے ہیں۔ [2]

ان اشعار سے بھی یزید کے دین کا بھانڈا چوراہے پر پھوٹ جاتا ہے اور صاف ظاہر ہو جاتا ہے کہ اس کی یہ تمام کارروائی اپنے آباء و اجداد کے عہد جاہلی والے انتقام لینے پر مبنی تھی۔ انہی حقائق کی بناء پر ابن جوزی، قاضی ابویعلی، تفتازانی اور جلال الدین سیوطی وغیرہ علماء نے اس کے کافر و ملعون ہونے کا فتویٰ دیا ہے۔ [3]

---

[1] لہوف، ص ۱۵۶۔ تقمام، ص ۴۶۷ وغیرہ۔　[2] تذکرۃ الخواص، ص ۲۶۲، طبع النجف۔ تفسیر روح المعانی للآلوسی، ج ۶، ص ۷۔

[3] حوالہ مذکورہ بالا۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

سہل ابن سعد ساعدیؓ کی روایت

اخبار و آثار سے واضح و آشکار ہوتا ہے کہ جب شہدائے کربلا کے سر اور اسیران آل محمدؐ کا لٹا ہوا قافلہ شام پہنچا اور سابقہ تحقیق کے مطابق اس روز یکم صفر ۶۱ھ تھی۔ تو شہادت حسینؑ اور یزید کی ظاہری فتح کی تقریب کی مناسبت سے دارالسلطنت شام کو دلہن کی طرح سجایا گیا تھا اور اسے انواع و اقسام کی زیبائش و آرائش سے مزین و مرصع کیا گیا تھا۔ عورتیں مرد لباس فاخرہ زیب تن کئے ہوئے ہاتھوں میں مہندی، آنکھوں میں سرمہ لگائے خوشی سے طبلے اور شادیانے بجا رہے تھے۔ شہر کے باہر لوگوں کا اس قدر ہجوم تھا کہ عرصہ محشر معلوم ہوتا تھا اور دارالامارہ کی سجاوٹ تو حیطہ بیان سے باہر ہے۔ یزید (لع) کے لئے انواع و اقسام کی زینت سے مرصع سریر بچھائی گئی تھی اور ارد گرد سنہری، روپہلی کرسیاں بچھائی گئی تھیں جن پر عمائدین وقت بیٹھے تھے۔[1] یہ سب انتظام سید المرسلین اور امیر دین کی ستم رسیدہ بیٹیوں کے استقبال کے لئے کیا جا رہا تھا۔ آہ! ؎

یصلی علی المبعوث من آل ہاشم و یغزی بنوہ ان ذا لعجیب

چنانچہ سہل بن سعد ساعدیؓ صحابی رسولؐ بیان کرتے ہیں کہ میں حج بیت اللہ سے فارغ ہو کر آ رہا تھا۔ واپسی پر بیت المقدس کی زیارت کی۔ جب واپس شام پہنچا تو اس کی عجیب ہیئت دیکھی۔ نہریں جاری ہیں، درخت لہلہا رہے ہیں، لوگوں نے مخمل و دیبا کے زرنگار پردے لٹکائے ہوئے ہیں، لوگ بہت خوش و خرم ہیں اور کچھ عورتیں فرط مسرت و شادمانی سے دفیں بجا رہی ہیں۔ میں نے دل میں کہا شاید اس تاریخ کو شامیوں کی کوئی عید ہوگی جس کا مجھے علم نہیں۔ بہر حال میں حیران تھا کہ یہ جشن مسرت کیسا ہے؟ اس اثناء میں بعض لوگوں کو کچھ کھسر پھسر کرتے ہوئے دیکھا۔ میں ان کے قریب گیا اور ان سے دریافت کیا۔ آج تمہاری کوئی عید ہے جس کا مجھے علم نہیں؟ انہوں نے کہا۔ اے شیخ! تم کوئی اجنبی اور بادیہ نشین معلوم ہوتے ہو۔ میں نے کہا، میں سہل بن سعد ہوں، جناب پیغمبر اسلامؐ کی صحبت کا شرف حاصل کر چکا ہوں۔ اس وقت انہوں نے کہا۔ اے سہلؓ! تعجب ہے کہ آسمان سے خون کی بارش کیوں نہیں برستی اور زمین اپنے اہل سمیت پانی میں کیوں دھنس نہیں جاتی؟ میں نے کہا۔ کیوں، کیا بات ہے؟ انہوں نے کہا اس لئے کہ یہ نواسہ رسولؐ امام حسینؑ کا سر عراق سے دربار یزید میں لایا جا رہا ہے۔ میں نے کہا۔ ہیں؟ حسینؑ کا سر لایا جا رہا ہے اور لوگ خوش ہو رہے ہیں؟ پھر میں نے دریافت کیا۔ کس دروازہ سے داخلہ ہے؟ انہوں نے باب الساعات کی طرف اشارہ کیا۔ ابھی یہی گفتگو ہو رہی تھی کہ اچانک کیا دیکھتا ہوں کہ یکے بعد دیگرے کئی علم آ رہے ہیں اور ایک سوار کے ہاتھ میں نیزہ ہے جس پر ایک ایسا سر سوار ہے جو سب لوگوں سے زیادہ رسولؐ خدا کے ساتھ مشابہ ہے۔

---

[1] کامل بہائی، ص ۴۴۰، طبع قم۔ نفس المہموم، ص ۲۳۲۔ مقتل الحسین، ص ۴۱۵، مختصراً۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

کامل بہائی میں جناب سہل کی زبانی اس واقعہ کی جو منظر کشی کی گئی ہے وہ یوں ہے۔ ''میں نے کئی سروں کو نیزوں کی نوکوں پر دیکھا۔ آگے آگے عباسؑ بن علیؑ کا سر تھا۔ ان کے پیچھے امامؑ کا سر مقدس تھا۔ ان کے پیچھے اسیران اہل بیتؑ تھے۔ سر مقدس کی حالت یہ تھی کہ اس سے ہیبت و دبدبہ ٹپک رہا تھا۔ ریش مبارک مدور تھی جس میں بڑھاپے کے آثار نمایاں تھے۔ خضاب لگا ہوا تھا، آنکھیں سیاہ تھیں، ابرو قوس کی طرح نوکدار، پیشانی کشادہ، ناک بلند، آنکھیں افق کی طرف، چہرہ آسمان کی طرف تبسم کناں معلوم ہوتا تھا اور ہوا ریش مبارک کو دائیں بائیں اڑاتی تھی، یوں معلوم ہوتا تھا گویا ہو بہو امیر المومنین علی علیہ السلام ہیں۔ ان کے پیچھے چند عورتیں تھیں جو بے کجاوہ اونٹوں پر سوار تھیں۔ پہلے اونٹ پر ایک لڑکی سوار تھی۔ میں اس کے قریب گیا اور جا کر دریافت کیا۔ تم کون ہو؟ اس نے جواب دیا: ﴿انا سکینہ بنت الحسینؑ﴾ میں نے عرض کیا۔ میں سہل بن سعد ہوں، آپ کے جد امجد کا صحابی ہوں اور ان کی حدیثیں سن چکا ہوں۔ اگر میرے لائق کوئی کار خدمت ہو تو بتائیں۔ بی بی نے کہا۔ اے سہل! اس آدمی سے کہو جس کے ہاتھ میں سر ہے کہ وہ اسے آگے لے جائے تاکہ لوگ ان سروں کو دیکھنے میں مشغول ہوں اور حرم رسولؐ کی طرف نہ دیکھیں۔ سہل کہتے ہیں۔ میں نے اس شخص کے پاس گیا اور جا کر کہا۔ کیا تم ایسا کر سکتے ہو کہ میری ایک مطلب براری کر دو اور میرے پاس جو چار سو دینار ہیں وہ لے لو۔ اس نے دریافت کیا۔ تمہارا کیا مقصد ہے؟ میں نے مقصد بیان کیا تو اس نے آمادگی ظاہر کی اور سر مقدس کو آگے لے گیا۔ اس لئے میں نے مقررہ رقم اس کے حوالے کر دی۔[1] (الی آخر القصہ)

کافی دیر تک اس قافلہ کو دروازہ دمشق پر ٹھہرایا گیا۔[2] شاید مقصد یہ تھا کہ اگر بازار یا دربار کی سجاوٹ میں کچھ کمی رہ گئی ہے تو وہ پوری کر دی جائے۔ بعض کتب میں تو یہاں تک لکھا ہے کہ پورے تین دن ان کو وہاں روکے رکھا گیا جو کہ ناقابل اعتبار ہے۔

داخلہ شام کے وقت اسیران آل رسولؐ کی کیفیت

بعض کتب مقاتل میں لکھا ہے کہ ملاعین نے دروازہ شام میں داخل ہونے سے قبل یہ نیا ظلم ڈھایا کہ تمام زن و مرد، خورد و کلاں، غرضیکہ تمام اسیران آل محمدؐ کو گلۂ گوسفنداں کی طرح رسیوں میں جکڑ دیا گیا اور اسی حال میں کہ مخدرات عصمت و طہارت مکشفات[3] الوجوہ تھیں، ان کو بازار سے گزار کر دربار یزید میں لایا گیا۔ جبکہ وہ شریر سریر

---

[1] تمام، ص ۴۶۸، ۴۶۹۔ نفس المہموم، ص ۲۳۱۔ عاشر بحار، ص ۲۲۳۔

[2] مقتل الحسین للمقرم، ص ۴۱۵۔

[3] امالی صدوقؒ، ص ۱۰۰ وغیرہ۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

حکومت پر نشہ اقتدار میں چور متمکن تھا۔ امام زین العابدین علیہ السلام نے فرمایا: ﴿ما ظنک برسول اللّٰہ، لو یرانا علی ھذا الحال﴾ اے یزید! تیرا کیا خیال ہے، اگر جناب رسولؐ خدا ہمیں اس حال میں دیکھیں تو ان کا کیا حال ہوگا؟ امامؑ کے اس کلام کا یہ اثر ہوا کہ حاضرین رونے لگے اور یزید (لع) نے رسیاں کاٹنے کا حکم دے دیا۔[1]

بعض روایات میں اس اندوہ ناک واقعہ کی منظر کشی حضرت امام زین العابدینؑ سے یوں مروی ہے: ﴿لما وفدنا علی یزید بن معاویہ اتو بحبال و ربقونا مثل الاغنام و کان الحبل بعنقی و عنق ام کلثوم و بکتف زینب و سکینہ والبنات تساق کلما قصرنا عن المشی (ضربنا) ضربونا حتی اوقفونا بین یدی یزید فتقدمت وھو علی سریر مملکتہ وقلت لہ ما ظنک برسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ و آلہ لو یرانا علی ھذہ الصفۃ..... الخ﴾ جب ہم یزید (لع) کے قریب پہنچے تو اس کے آدمی رسیاں لائے جن سے ہمیں بکریوں کے گلہ کی طرح باندھ دیا گیا۔ چنانچہ میری اور ام کلثوم کی گردن میں اور جناب زینب اور سکینہ کے کاندھوں سے رسی بندھی ہوئی تھی اور لڑکیوں کو ہانکا جاتا تھا۔ اگر ہم چلنے میں تھوڑی سی بھی سستی کرتے تھے تو ہمیں مارا جاتا تھا۔ حتیٰ کہ اسی حالت میں ہمیں یزید کے دربار میں ٹھہرایا گیا۔ اس وقت وہ اپنی سریر مملکت پر متمکن تھا۔ میں نے آگے بڑھ کر کہا۔ او یزید! تیرا کیا خیال ہے، اگر جناب رسولؐ خدا ہمیں اس حال میں مشاہدہ کریں تو ان کی کیا حالت ہوگی؟[2]

SIBTAIN.COM

بہر حال یہ لٹا ہوا قافلہ اسی خستہ حالی میں بازار سے گزارا جا رہا تھا، مگر ودائع نبوت و عقائل امامت کی شکل و ہیئت سے جمال و کمال کے آثار نمایاں تھے۔ چنانچہ شام کے بعض لئام نے کہا: ﴿ما رأینا سبایا احسن من ھولاء فمن انتم؟﴾ ہم نے اتنے خوبصورت قیدی نہیں دیکھے تم کس خاندان کے قیدی ہو؟ جناب سکینہؑ نے جواب دیا: ﴿نحن سبایا آل محمد﴾ ہم اسیران آل محمدؐ ہیں۔[3]

بعض اخبار میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے کہ ابراہیم بن طلحہ بن عبید اللہ نے (طنزاً) امام زین العابدین علیہ السلام سے پوچھا: ﴿من غلب؟﴾ بتاؤ غلبہ کسے حاصل ہوا؟ اور فتح کس کی ہوئی؟ امام علیہ السلام نے جواب میں فرمایا: ﴿اذا اردت ان تعلم من غلب و دخل وقت الصلوۃ فاذن و اقم﴾ اگر یہ معلوم کرنا چاہتے ہو کہ غلبہ کسے حاصل ہوا تو جب نماز کا وقت آئے اس وقت اذان و اقامت کہنا۔ معلوم ہو جائے گا کہ فاتح کون

---

[1] ملہوف، ۱۵۹۔ مقتل الحسینؑ، ص ۴۲۷۔ تمام، ص ۴۷۱۔ تذکرۃ الخواص، ص ۲۶۲۔

[2] انوار نعمانیہ، ص ۳۴۰۔ منتخب طریحی، ص ۴۴۳ طبع بمبئی۔

[3] امالی شیخ صدوقؒ، ص ۱۰۰۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

ہے اور مفتوح کون؟[1]

جب یہ قافلہ بازار سے گزر رہا تھا تو جابجا لوگوں کی مزاحمت کا سامنا کرنا پڑتا تھا۔ نیز استقبال کرنے والوں میں سے بعض لوگ کچھ پھول (پتھر) بھی ہمراہ لائے تھے۔ وہ بھی اسیران آل محمدؐ اور شہداء کے سروں پر نثار کر رہے تھے۔ چنانچہ سہل بن ساعد ساعدیؓ کی مذکورہ بالا روایت میں وارد ہے کہ جب یہ تباہ حال قافلہ بازار شام سے گزر رہا تھا تو میں نے ایک مکان کے ڈربہ پر پانچ عورتوں کو کھڑے ہوئے دیکھا۔ ان میں ایک بوڑھی اور کبڑی عورت بھی تھی۔ جب سید الشہداؑ کا سر مقدس ان کے قریب پہنچا تو اس بوڑھی عورت نے پتھر اٹھا کر امامؑ کے دندان مبارک پر دے مارا۔ جب میں نے یہ کیفیت دیکھی تو میں نے یہ بددعا کی: ﴿اللّٰهم اهلكها و اهلكهن معها بحق محمدؐ و آله اجمعين﴾ سہل بیان کرتے ہیں کہ ابھی میری یہ دعا ختم نہیں ہوئی تھی وہ ڈربہ ٹوٹ گیا اور وہ بڑھیا گر کر ہلاک ہوگئی اور اس کے ساتھ دوسری عورتیں بھی ہلاک ہوگئیں۔[2]

منہال بن عمرو بیان کرتا ہے کہ میں نے شام میں دیکھا کہ امام حسینؑ کا سر مبارک نوک سنان پر سوار تھا۔ آگے آگے ایک شخص سورہ کہف کی تلاوت کرتا جاتا تھا۔ جب وہ اس آیت پر پہنچا: ﴿اَمْ حَسِبْتَ اَنَّ اَصْحٰبَ الْكَهْفِ وَالرَّقِيْمِ كَانُوْا مِنْ اٰيٰتِنَا عَجَبًا﴾ تو یکا یک سر مقدس بزبان فصیح گویا ہوا اور کہا: ﴿اعجب من اصحاب الكهف قتلى و حملى﴾ اصحاب کہف کے قصہ سے میرا شہید ہونا اور نوک سنان پر سوار ہونا زیادہ تعجب خیز ہے۔[3]

یہی وجوہ تھے جن کی بناء پر اسیران اہل بیتؑ کا قافلہ دربار میں بہت دیر سے پہنچا۔ بعض آثار سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہ قافلہ اگلے پہر بازار میں داخل ہوا اور زوال کے بعد دربار یزید میں پہنچا۔[4]

جب اسیران آل محمدؐ یزید کے محل کے نزدیک پہنچے (جو کہ جامع مسجد کے قریب ہی تھا) تو محضر بن ثعلبہ نے بآواز بلند یہ کفریہ کلمات کہے: ﴿هذا محضر بن ثعلبه جاء امير المؤمنين باللئام الفجرة﴾ اس ملعون کا یہ کلام نافرجام سن کر امام زین العابدین علیہ السلام جنہوں نے کوفہ سے شام تک ان لئام سے کوئی کلام نہیں کیا تھا فرمایا: ﴿ما ولدت ام محضرة اشر و اللئام﴾[5] ام محضر کا بیٹا سب سے بڑا شریر و لئیم ہے۔

بالآخر وہ قیامت خیز ساعت آگئی کہ اس لٹے ہوئے قافلہ کو جامع مسجد کی سیڑھیوں کے پاس ٹھہرا دیا گیا

---

۱ اسرار الشہادت، ص ۵۱۰
۲ نفس المہموم، ص ۲۳۳۔
۳ مقتل الحسین للمقرم، ص ۴۰۳۔ خصائص کبریٰ سیوطی، ج ۲، ص ۱۲۷۔ نفس المہموم، ص ۲۳۷ وغیرہ۔
۴ نفس المہموم، ص ۲۳۲، بحوالہ کامل بہائی۔
۵ ارشاد، ص ۲۶۹۔ تمام، ص ۴۷۰۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

جہاں عام قیدی ٹھہرائے جاتے تھے۔[1] اور سید الشہداؑ کا سر مقدس یزید (لع) کے سامنے طشت طلائی میں رکھ کر پیش کیا گیا۔[2]

راویان اخبار کا بیان ہے کہ اس وقت یزید شراب نوشی میں مشغول تھا۔[3]

امام رضا علیہ السلام سے اس سلسلہ میں جو حدیث مروی ہے اس میں قدرے تفصیل کے ساتھ اس وقت یزید عید کی حالت کی تصویر کشی کی گئی ہے۔ فضل بن شاذان بیان کرتے ہیں کہ ﴿سمعت الرضاً یقول لما حمل رأس الحسینؑ الی الشام امر یزید لعنه الله فوضع و نصب علیه مائدة فاقبل هو واصحابه یاکلون و یشربون الفقاع فلما فرغوا امر بالرأس فوضع فی طشت تحت سریرة و بسط علیه رقعة الشطرنج و جلس یزید لعنهٗ الله یلعب بالشطرنج ویذکر الحسین بن علی علیهما السلام وآبائه وجده علیهم السلام ویستهزء بذکرهم فمتی قمر صاحبه تناول الفقاع فشربه ثلث مرات ثم صب فضلته علی ما یلی الطشت من الارض فمن کان من شیعتنا فلیتورع من شرب الفقاع واللعب بالشطرنج ومن نظر الی الفقاع او الی الشطرنج فلیذکر الحسینؑ ولیلعن یزید وآل زیاد یمحوا الله عز و جل بذالک ذنوبه کلها ولو کانت بعدد النجوم﴾۔

جب امام حسینؑ کا سر مقدس شام میں یزید کے پاس لایا گیا تو یزید نے حکم دیا کہ اس کے اوپر دسترخوان بچھایا جائے۔ چنانچہ ایسا ہی کیا گیا اور یزید نے اپنے یار دوستوں کے ساتھ بیٹھ کر شراب نوشی کی۔ بعد ازاں سر انور طشت طلائی میں رکھ کر سریر کے نیچے رکھ دیا اور اوپر بساط شطرنج بچھا کر شطرنج کھیلنا شروع کیا۔ اور ساتھ ہی امام حسینؑ اور ان کے اب وجد کا برائی کے ساتھ ذکر کرتا جاتا تھا۔ جب کھیل میں اپنے ساتھیوں پر غلبہ حاصل کرتا تو شراب کے تین جام چڑھا جاتا اور تلچھٹ سر مقدس کے پاس زمین پر انڈیل دیتا۔ امام رضا علیہ السلام فرماتے ہیں جو ہمارا شیعہ ہے اسے لازم ہے کہ شراب نوشی اور شطرنج بازی سے اجتناب کرے اور جو شخص کبھی شراب یا شطرنج کو دیکھے تو اسے چاہئے کہ امام حسینؑ کو یاد کرے (ان پر درود وسلام بھیجے) اور یزید اور آل یزید (آل زیاد) پر لعنت کرے۔ ایسا کرنے سے خدا اس کے گناہ معاف کردے گا اگرچہ تعداد میں ستارہ ہائے آسمان کے برابر بھی ہوں۔[4]

آہ ؎ ہجوم عام کجا آل بوتراب کجا سر حسینؑ کجا مجلس شراب کجا؟

---

[1] امالی صدوقؒ، ص ۱۰۰۔ لہوف، ص ۱۵۶ وغیرہ۔

[2] تقام، ص ۴۷۰۔ مقتل الحسین للمقرم، ص ۴۲۲۔ مرآۃ الجنان یافعی، ج ۱، ص ۱۳۵۔

[3] لہوف، ص ۱۷۰۔

[4] من لا یحضرہ الفقیہ، ص ۔۔۔؟۔ عیون اخبار الرضا، ج ۲، ص ۲۲۷۔ تقام، ص ۴۷۹۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

بہرحال جب جناب سیدالشہداؑ کا سر مقدس یزید عنید (لع) کے سامنے پیش کیا گیا تو وہ بہت مسرور و شادکام ہوا[1] اور کہا: ﴿یوم بیوم بدر﴾ ۔آج کا دن بدر کے دن کا بدلہ ہے۔[2] اسی پر اکتفاء نہ کی بلکہ چھڑی سے جناب سیدالشہداؑ کے لب و دندان مبارک کی بے ادبی کی اور اس کے ساتھ ساتھ نشۂ فتح و سرور سے چور ہو کر حصین بن حمام مری کے یہ شعر پڑھے ۔

ابی قومنا ان ینصفونا فانصفت　　قواضب فی ایماننا تقطر الدماء

نفلق هاماً من رجال اعزة　　علینا و هم کانوا اعقا و اظلما[3]

اس وقت ابوبرزہ صحابیٔ رسولؐ وہاں موجود تھے۔ وہ یہ کیفیت دیکھ کر تاب ضبط نہ لا سکے اور پکار کر کہا: ﴿ویحک یا یزید! اتنکت بقضیبک ثغر الحسینؑ بن فاطمةؑ! اشهد لقد رأیت النبی صلی اللّٰه علیه و آله وسلم یرشف ثناياه و ثنایا اخیه الحسن علیهما السلام ویقول انتما سیدا شباب اهل الجنة فقتل اللّٰه قاتلکما و لعنه و اعد له جهنم وساءت مصیراً﴾ ''وائے ہو تم پر اے یزید! تم چھڑی سے حسینؑ بن فاطمہؑ کے لب و دندان کی بے ادبی کرتے ہو؟ میں گواہی دیتا ہوں کہ میں نے جناب رسول صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کو ان کے اور ان کے بھائی حسنؑ کے لب و دندان پر بوسہ دیتے ہوئے دیکھا ہے اور یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ تم دونوں جوانان جنت کے سردار ہو! خدا تمہارے قاتل کو قتل کرے، لعنت کرے اور اس کے لئے عذاب جہنم مہیا کرے اور وہ بہت ہی بری بازگشت ہے''۔

راوی کا بیان ہے کہ ابوبرزہؓ کا یہ کلام حق ترجمان سن کر یزید غضبناک ہو گیا اور اسے دربار سے نکال دینے کا حکم دیا۔ چنانچہ درباریوں نے کھینچ کر اسے دربار سے باہر نکال دیا۔[4]

---

[1] تاریخ الخلفاء، ص ۲۰۸۔ کامل ابن اثیر، ج ۳، ص ۳۰۰۔　[2] مقتل الحسین، ص ۴۲۳۔ مناقب شہر آشوب، ج ۴، ص ۱۰۰۔

[3] تاریخ طبری، ج ۶، ص ۲۶۷۔ کامل، ج ۳، ص ۲۹۸۔ صواعق محرقہ، ص ۱۱۹۔ تذکرۃ الخواص، ص ۲۶۲۔ بدایہ و نہایہ ابن کثیر، ج ۸، ص ۱۹۲ وغیرہ۔

[4] ملہوف، ص ۱۶۰۔ طبری، ج ۶، ص ۲۶۷۔ مقتل الحسین، ص ۴۲۵۔ فصول مہمہ، ص ۲۰۵۔

فائدہ: ابن جوزی نے اپنی کتاب ''الرد علی المتعصب العنید'' میں یزید کی اسی حرکت شنیعہ پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھا ہے: (علی ما نقله فی نفس المهموم، ص ۲۳۳) ﴿لیس العجب من فعل عمر بن سعد و عبید اللّٰه بن زیاد و انما العجب من خذلان یزید و ضربه بالقضیب علی ثنیة الحسین علیه السلام و اغارته علی المدینة افیجوز ان یفعل هذا بالخوارج او لیس فی الشرع انهم یدفنون اما قوله لی ان اسیهم فامر لا یقنع لفاعله و معتقده باللعنة و لو انه احترم الرأس حین وصوله و صلی علیه و لم یترکه فی الطست ولم یضربه بقضیب ما الذی کان یضرّه وقد حصل مقصوده من القتل ولکن احقاد جاهلیة و دلیلها ما تقدم من انشاده لیت اشیاخی ببدر شهدوا... الخ﴾۔

[بقیہ حاشیہ صفحہ ۵۴۳ پر]

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

ایک بوڑھے شامی کی گستاخی اور پھر توبہ

ادھر دربار میں یہ کارروائی ہو رہی تھی اور ادھر جہاں امام سیڑھیوں کے پاس تشریف فرما تھے ایک عجیب واقعہ درپیش آیا۔ ایک عمر رسیدہ شامی جو حقیقت حال سے بالکل ناواقف تھا اور بنی امیہ کے غلط پراپیگنڈے کا شکار تھا مخدرات عصمت وطہارت کے قریب آ کر کہنے لگا: ﴿الحمد للہ الذی قتلکم و اھلککم و اراح البلاد عن رجالکم و امکن امیر المؤمنین منکم﴾ خدا کا شکر ہے جس نے تمہیں قتل کیا اور لوگوں کو تمہارے مردوں کے شر سے راحت پہنچائی اور امیر (یزید) کو تم پر فتح ونصرت عطا کی۔

امام زین العابدین علیہ السلام نے علم امامت سے دیکھا کہ جوہر قابل ہے مگر صرف غلط فہمی کا شکار ہے۔ لہٰذا چاہا کہ اس کے سامنے چراغ ہدایت روشن کر دیں۔ فرمایا: ﴿یا شیخ! ھل قرأت القرآن؟﴾ اے شیخ! کیا تو نے قرآن پڑھا ہے؟ کہا: ہاں۔ فرمایا: ﴿فھل عرفت ھذہ الایۃ قل لا اسئلکم علیہ اجراً الا المودۃ فی القربیٰ﴾ کیا آیت مودت کو پہچانتے ہو؟ شیخ نے کہا۔ ہاں پہچانتا ہوں۔ فرمایا: ﴿نحن القربیٰ﴾ وہ قرابتداران رسولؐ ہم ہیں۔ پھر فرمایا: ﴿یاشیخ! فھل قرأت فی بنی اسرائیل و آت ذو القربیٰ حقہ﴾ اے شیخ! کیا تو نے سورہ بنی اسرائیل میں یہ آیت پڑھی ہے کہ اے رسولؐ قرابتداروں کو انکا حق دے دو۔ شیخ نے کہا۔ ہاں ضرور پڑھی ہے۔ فرمایا۔ وہ قرابتدار ہم ہیں۔ پھر فرمایا: ﴿یا شیخ! ھل قرأت ھذہ الآیۃ واعلموا انما غنمتم من شیء فان للہ خمسہ وللرسول وللذی القربیٰ﴾ اے شیخ! کیا یہ آیت پڑھی ہے جس میں خدا فرماتا ہے کہ جب تمہیں کسی قسم کی غنیمت حاصل ہو تو اس کا پانچواں حصہ خدا، رسولؐ اور ذوی القربیٰ کے لئے ہے۔ کہا، ہاں پڑھی ہے۔ امام نے فرمایا: ﴿فنحن القربیٰ﴾ وہ اقرباء رسولؐ ہم ہیں۔ پھر فرمایا: ﴿یا شیخ! فھل قرأت ھذہ الایۃ انما یرید اللہ لیذھب عنکم الرجس اھل البیت و یطھرکم تطھیراً﴾ اے شیخ! کیا آیت تطہیر انما یرید اللہ پڑھی

[بقیہ حاشیہ از صفحہ نمبر ۵۴۲]

ہمیں عمر بن سعد اور عبید اللہ بن زیاد کے افعال (ناشائستہ) سے تعجب نہیں بلکہ ہمیں تو یزید کے حرکات سے تعجب ہے کہ اس نے امام حسین علیہ السلام کے لب ودندان پر چھڑی سے بے ادبی کی اور مدینۃ النبی کو لوٹا۔ کیا خارجیوں کے ساتھ بھی ایسا سلوک کرنا روا ہے؟ کیا شرع انور میں یہ حکم نہیں کہ ان کو دفن کیا جائے؟ باقی رہا یزید کا یہ کہنا کہ مجھے حق حاصل ہے کہ میں ان پسماندگان حسینؑ کو قید کروں! یہ ایسا جرم ہے کہ اس کے مرتکب پر صرف لعنت کرنے پر اکتفا نہیں کی جا سکتی۔ جب سر امام یزید کے پاس پہنچا تھا اگر وہ اس کا احترام کرتا اور اس پر نماز جنازہ پڑھتا اور اسے طشت میں رکھ کر چھڑی سے اس کی بے ادبی نہ کرتا تو اس کا کیا نقصان ہوتا تھا حالانکہ قتل امامؑ سے اس کا مقصد تو حاصل ہو چکا تھا لیکن عہد جاہلیت والے حقد وکینہ نے اسے ایسا کرنے پر آمادہ کیا جس کی دلیل اس کے یہ اشعار ہیں ؎

لیت اشیاخی ببدر شھدو لہ. الخ۔

(منہ عفی عنہ)

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

ہے؟ شیخ نے عرض کیا۔ ہاں یہ آیت بھی پڑھی ہے۔ امامؑ نے فرمایا: ﴿فنحن اهل البيت الذين خصصنا الله بآية التطهير يا شيخ!﴾ اے شیخ! ہم ہی وہ اہل بیتؑ ہیں جن کو خدا نے آیت تطہیر کے ساتھ مخصوص فرمایا ہے۔

شامی امامؑ کا یہ کلام حقیقت ترجمان سن کر اپنے گستاخانہ کلام کی وجہ سے بالکل ساکت وصامت ہوگیا۔ تھوڑی دیر بعد بولا: ﴿بالله انكم هم؟﴾ خدا کے لئے سچ بتاؤ کیا آپ حقیقتاً وہی لوگ ہیں؟ امامؑ نے فرمایا: ﴿فالله انا لنحن هم من غير شك و حق جدنا رسول الله انا لنحن هم﴾ خدا کی قسم! بلاشک ولاریب ہم ہی وہ لوگ ہیں۔ اپنے جد نامدار کے حق کی قسم! یقیناً ہم ہی وہی لوگ ہیں"۔ یہ سنتے ہی شیخ شامی نے زار وقطار رونا شروع کردیا اور عمامہ سر سے اتار کر زمین پر پھینک دیا۔ پھر آسمان کی طرف سر بلند کرکے کہا: ﴿اللهم انا نبرء اليك من عدو آل محمدؐ من الجن و الانس﴾ یا اللہ! ہم دشمنان آل محمدؐ سے بیزار ہیں خواہ وہ جن ہوں یا انسان! بعد ازاں امامؑ کی خدمت میں عرض کیا: ﴿هل لي من توبة﴾ کیا میری توبہ قبول ہوسکتی ہے؟ امامؑ نے فرمایا: ﴿نعم! ان تبت تاب الله عليك و انت معنا﴾۔ ہاں! اگر تم صدق دل سے توبہ کرلو تو ضرور خدا تمہاری توبہ قبول فرمائے گا اور تمہارا حشر ونشر ہمارے ساتھ ہوگا۔ یہ مژدہ سن کر شیخ نے دل کی گہرائیوں سے کہا۔ میں تائب ہوں۔ جب اس واقعہ کی اطلاع یزید کو ملی تو اس نے شیخ کو شہید کرادیا۔[1] رضوان الله عليه۔

اس کے بعد اسیران آل محمدؐ کو دربار میں حاضر کیا گیا۔ روایت میں وارد ہے کہ جب ام المصائب جناب زینبؑ کی اس حال میں بھائی کے سر اقدس پر نظر پڑی تو بی بی نے شدت غم سے اپنا گریبان چاک کردیا اور غمگین لب و لہجہ میں فرمایا: ﴿يا حسيناه! يا حبيب رسول الله! يابن فاطمة الزهراء سيدة النساء يابن بنت المصطفى﴾۔ بی بی کے غم میں ڈوبے ہوئے یہ کلمات سن کر حاضرین دربار رو پڑے۔ مگر یزید پلید ملعون خاموش بیٹھا رہا۔[2] اور جناب فاطمہؑ بنت الحسین نے فرمایا: ﴿يا يزيد! بنات رسول الله سبايا؟﴾ اے یزید! کیا یہ جائز ہے کہ رسولؐ زادیاں قید ہوں؟[3]

زحر بن قیس کی دربار یزید میں غلط رپورٹ

زحر بن قیس ملعون نے واقعات کربلا کی مسخ شدہ رپورٹ پیش کی جس میں حسینی فوج کے عدیم النظیر کارناموں پر پردہ ڈالنے اور یزیدی فوج کی من گھڑت جرأت ودلیری کے افسانے بیان کرنے کی مذموم کوشش کی گئی

---

[1] ملہوف، ص ۱۵۸۔ تمقام، ص ۴۶۸۔ تفسیر ابن کثیر، ج ۴، ص ۱۱۲۔ روح المعانی للآلوسی، ج ۲۵، ص ۳۱۔ مقتل الحسین للخوارزمی، ج ۲، ص ۶۲۔

[2] ملہوف، ص ۱۵۹۔

[3] تاریخ، ج ۶، ص ۳۳۸۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

تھی، جس کا خلاصہ یہ تھا۔ اے امیر! حسینؑ اپنے خاندان کے اٹھارہ اور اشیاع واصحاب میں سے ساٹھ آدمیوں کو لے کر کربلا پہنچے۔ ہم نے ان سے کہا۔ کہ دو باتوں میں سے ایک اختیار کرلیں۔ یا تو غیر مشروط طریقہ پر اپنے تئیں عبیداللہ بن زیاد کے حوالے کردیں یا پھر جنگ وجدال کے لئے تیار ہوجائیں۔ انہوں نے جنگ کو اختیار کیا۔ پھر کیا تھا ہم نے ان کو چاروں طرف سے گھیر کر اس طرح حملہ کردیا جس طرح شقرا کبوتروں پر کرتا ہے۔ وہ ادھر ادھر بھاگتے پھرتے تھے، مگر کوئی جائے پناہ نہ ملتی تھی۔ بس اتنی دیر گزری ہوگی جتنی ذبح کرنے میں لگتی ہے یا جتنی دیر کوئی شخص دوپہر کا قیلولہ کرتا ہے کہ ہم نے سب کو تہ تیغ کردیا، اب ان کے جسم بلالباس کربلا میں خاک وخون میں غلطاں پڑے ہیں۔[1]

اس وقت یزید جیسا کہ پہلے بیان کیا جاچکا ہے، اپنے ندیموں کے ساتھ شطرنج کھیلنے اور شراب پینے میں مشغول تھا۔ ظاہری فتح وکامرانی کی دوآتشہ شراب کے نشے سے چور چور ہوکر ترنگ میں آگیا اور یہ کفریہ اشعار پڑھنے لگا ؎

لیت اشیاخی ببدر شهدوا　　جزع الخزرج من وقع الاسل

اے کاش! میرے بدر والے وہ بزرگ آج موجود ہوتے جنہوں نے اس جنگ میں نیزوں کے لگنے سے خزرج کی جزع فزع دیکھی تھی۔

لاهلوا واستهلوا فرحاً　　ثم قالوا یا یزید لا تشل

وہ تو یقیناً خوش ہوتے اور خوش ہوکر بآواز بلند پکار کر کہتے، اے یزید! تیرے ہاتھ شل نہ ہوں۔

قد قتلنا القرم من ساداتهم　　و عدلنا ببدر فاعتدل

ہم نے بنی ہاشم کے سرداروں میں سے بڑے سردار کو قتل کردیا ہے۔ اس طرح جب ہم نے اس واقعہ کا بدر سے موازنہ کیا ہے تو مقابلہ برابر ہوگیا ہے۔

---

[1] طبری، ج۶، ص۲۶۴۔ کامل، ج۳، ص۲۹۸۔ ارشاد، ص۲۵۸۔

تبصرہ:۔ تاریخ کامل ابن اثیر کا فاضل محشی زحر بن قیس کی اس رپورٹ پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھتا ہے: ﴿هذا هو الفخر المزيف والكذب الصريح فان كان كل المورخين يذكرون لمن كان مع الحسينؑ وله ثباتاً لايضارعه ثبات واباء وشمايل ان يرى لكثور قل ناصروه وكثروا تروه﴾۔ یہ ہے غلط فخر اور کھلم کھلا جھوٹ، کیونکہ تمام مورخین متفق ہیں کہ حسین علیہ السلام اور ان کے اصحاب نے جس جرأت وہمت کا عملی مظاہرہ کیا ہے اس کی مثال نہیں ملتی اور جس عزت نفس کا ثبوت دیا ہے اس کی نظیر ایسے لوگوں میں کم نظر آئے گی جو کثرت اعداء میں گھرے ہوئے ہوں، جن کے مددگار کم اور دشمن زیادہ ہوں۔ (منہ عفی عنہ)

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

لعبت بنو هاشم بالملک فلا　　خبر جاء ولا وحی نزل[1]

بنی ہاشم نے ملک حاصل کرنے کے لئے ایک ڈھونگ رچایا تھا ورنہ، نہ کوئی خبر آئی اور نہ کوئی وحی آسمان سے نازل ہوئی تھی۔

دربار یزید میں زینب کبریٰؑ کا تاریخی خطبہ

یزید کے یہ کفریہ اشعار سنتے ہی رسولؐ اسلام کی نواسی اور شیر خدا کی شیر دل بیٹی زینب کبریٰ سلام اللہ علیہا نے اپنا تاریخی خطبہ ارشاد فرمایا، جس نے یزیدی ایوان حکومت کے در و دیوار کو ہلا کر رکھ دیا:

﴿الحمد للّٰہ رب العلمین و صلی اللّٰہ علیٰ رسولہ و آلہ اجمعین صدق اللّٰہ سبحانہ کذالک یقول ثم کان عاقبۃ الذین اساء وا السوء ان کذبوا بآیات اللّٰہ و کانوا بھا یستھزء ون. اظننت یا یزید حیث اخذت علینا اقطار الارض و آفاق السماء فاصبحنا نساق. کما تساق الاسارىٰ ان بنا ھواناً علی اللّٰہ و بک علیہ کرامۃً و ان ذالک لعظم خطرک عندہ فشمخت بانفک و نظرت فی عطفک جذلان مسروراً حیث رأیت الدنیا لک مستوثقۃ و الامور متسقۃ و حین صفالک ملکنا و سلطاننا فمھلاً مھلاً انسیت قول اللّٰہ تعالیٰ ولا یحسبن الذین کفروا انما نملی لھم خیر لانفسھم انما نملی لھم لیزدادوا اثماً ولھم عذاب مھین۔ أمن العدل یابن الطلقاء تخدیرک حرائرک و امائک و سوقک بنات رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ و آلہ و سلم سبایا قد ھتکت ستورھن و ابدیت وجوھھن تحدوا بھن الاعداء من بلد الی بلد و یستشرفھن اھل المناھل و المناقل و یتصفح وجوھھن القریب و البعید و الدنی و الشریف لیس معھن من رجالھن ولی ولا من حماتھن حمیم و کیف یرتجی مراقبۃ من لفظ فوہ اکباد الازکیاء و نبت لحمہ من دماء الشھداء و کیف لا یستبطاء فی بغضنا اھل البیت من نظر الینا بالشنف و الشنان والاحن و الاضغان ثم تقول غیر متاثم ولا مستعظم، لاھلوا و استھلوا فرحاً، ثم قالوا یا یزید لا تشل، منتحیاً علی ثنایا ابی عبد اللّٰہ سید شباب اھل الجنۃ تنکتھا بمحضرتک و کیف لا تقول ذالک و قد نکأت القرحۃ و استاصلت الشافۃ باراقتک دماء ذریۃ محمد صلی اللّٰہ علیہ و آلہ و نجوم الارض من آل عبد المطلب و تھتف باشیاخک زعمت انک تنادیھم و لتردن وشیکا موردھم و لتودن انک شللت و بکمت ولم تکن قلت ما قلت و فعلت ما فعلت اللّٰھم خذ بحقنا و انتقم ممن ظلمنا

---

[1] ملہوف، ص ۶۱۔ مقتل الحسین خوارزمی، ج ۲، ص ۵۸۔ تفسیر روح المعانی الوسی، ج ۲۹، ص ۷۲۔ تذکرۃ الخواص الامہ، ص ۲۶۱۔ قمقام، ص ۴۷۳ وغیرہ

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

و احلل غضبک بمن سفک دمائنا و قتل حماتنا فواللّٰہ ما فریت الا جلدک ولا حززت الا لحمک و لتردن علی رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ و آلہ بما تحملت من سفک دماء ذریتہ و انتھکت من حرمتہ فی عترتہ و لحمتہ حیث یجمع اللّٰہ شملھم و یلم شعثھم و یاخذ بحقھم ولا تحسبن الذین قتلوا فی سبیل اللّٰہ امواتاً بل احیاء عند ربھم یرزقون و حسبک باللّٰہ حاکماً و بمحمّدؐ خصیما و بجبرئیل ظھیراً و سیعلم من سوّل لک و مکنک من رقاب المسلمین بئس للظالمین بدلاً و ایکم شر مکاناً و اضعف جندا و لئن جرت علی الدواھی مخاطبتک انی لاستصغر قدرتک و استعظم تقریعک و استکثر توبیخک لکن العیون عبریٰ و الصدور حری الا فالعجب کل العجب لقتل حزب اللّٰہ النجباء بحزب الشیطان الطلقاء فھذہ الایدی تنطف من دمائنا و الافواہ تتحلب من لحومنا و تلک الجثث الطواھر الزواکی تنتابھا العواسل و تعفرھا امھات الفراعل و لئن اتخذتنا مغنماً لتجدنا و شیکا مغرماً حین لا تجد الا ما قدمت یداک وما ربک بظلام للعبید فالی اللّٰہ المشتکی و علیہ المعول فکد کیدک واسع سعیک و ناصب جھدک فواللّٰہ لا تمحو ذکرنا ولا تمیت وحینا ولا تدرک امرنا ولا ترحض عنک عارھا و ھل رایک الا فندا و ایامک الا عددا و جمعک الا بددا یوم ینادی المنادی الا لعنۃ اللّٰہ علی الظالمین و الحمد للّٰہ رب العالمین الذی ختم لاولنا بالسعادۃ و المغفرۃ ولآخرنا بالشھادۃ و الرحمۃ و نسئل اللّٰہ ان یکمل لھم الثواب و یوجب المزید و یحسن علینا الخلافۃ انہ رحیم ودود و حسبنا و نعم الوکیل﴾۔[1]

سب تعریف اس خدا کے لئے ہے جو عالمین کا پروردگار ہے اور درود وسلام ہو اس کے رسولؐ اور انکی اہل بیتؑ پر! خدا کا ارشاد برحق ہے کہ ان لوگوں کا انجام جو برابر برے کام کرتے رہے یہ ہوا کہ خدا کی آیات کو جھٹلایا اور ان کے ساتھ تمسخر کیا۔ اے یزید! اس بات سے کہ تو نے ہم پر زمین کے گوشے اور آسمان کے کنارے تنگ کر دیئے اور ہمیں قیدیوں کی طرح ہنکایا جا رہا ہے یہ گمان کر لیا ہے کہ ہم خدا کی نظر میں ذلیل اور تو عزیز اور جلیل ہے؟ تو نے دیکھا کہ آج دنیا تجھے حاصل ہے اور تمام اسباب مجتمع ہیں اور ہماری سلطنت تیرے قبضہ اقتدار میں ہے۔ اس لئے کہ تو ناک چڑھا کر اترا رہا ہے اور مسرور وشاد کام ہو رہا ہے۔ ٹھہر جلدی نہ کر! کیا تو خدا کا یہ فرمان بھول گیا ہے کہ ''کافر لوگ یہ گمان نہ کریں کہ ہم نے ان کو جو ڈھیل دے رکھی ہے یہ ان کے لئے بہتر ہے! ہم تو محض اس لئے ان کو مہلت دیتے

---

[1] ملہوف، ص ۱۶۱، ۱۶۶۔ تقام، ص ۴۷۳۔ نفس المہموم، ص ۲۴۰ وغیرہ۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

ہیں کہ وہ (دل کھول کر) گناہ زیادہ کرلیں۔ ان کے لئے رسوا کرنے والا عذاب موجود ہے۔ اے آزاد کردہ غلاموں کے بیٹے! کیا عدل وانصاف ہے کہ تو اپنی آزاد عورتوں اور لونڈیوں کو گھر میں پردہ کے اندر بٹھائے لیکن دختران رسول کو بے مقنعہ و چادر مکشفات الوجوہ اس حال میں شہر بشہر پھرائے کہ چشمہائے آبی پر خیمہ زن اور خانہ بدوش نیز قریب و بعید، رذیل وشریف، حاضر وغائب غرضیکہ تمام اقسام کے لوگ ان کا نظارہ کررہے ہیں اور ان کے ساتھ ان مردوں اور مددگاروں میں سے کوئی نہیں ہے۔ بھلا اس شخص سے کسی خیر وخوبی کی کیا امید ہوسکتی ہے جس کی (دادی نے) پاکبازوں کے جگر چبائے ہوں اور ان کا گوشت شہیدوں کے خون سے اگا ہو اور رسولؐ خدا کے خلاف جتھے اکٹھے کرکے جنگیں کی ہوں اور ایسا شخص ہم اہل بیتؑ کے بغض وعداوت میں کیونکر تامل اور سستی کرسکتا ہے جو ہماری طرف سے دشمنی وعداوت اور حسد وکینہ کی نظر سے نگاہ کرتا ہے۔ پھر تو گناہ (اور امر عظیم) نہ سمجھتے ہوئے (بلکہ خوش ہوکر) کہتا ہے کہ اگر آج تیرے بدر والے مقتول موجود ہوتے تو خوش ہوکر تجھے دعا دیتے کہ اے یزید تیرے ہاتھ شل نہ ہوں۔ اے یزید! تو جوانان جنت کے سردار ابوعبداللہ (الحسینؑ) کے لب و دندان پر اپنی چھڑی سے بے ادبی کرتا ہے؟ تو کیوں ایسا نہ کرے، جبکہ تو نے ہمارے زخم کو گہرا کردیا اور ذریت رسولؐ اور عبدالمطلب کی اولاد میں سے ستارہ ہائے زمین کے خون مقدس بہا کر ان کی جڑ کو اصل سے اکھیڑ دیا پھر خوش ہوکر اپنے بزرگوں کو پکارتا اور صدا دیتا ہے۔ عنقریب تو ان کے انجام سے دوچار ہوگا اور انہی کے موردوں میں وارد ہوگا۔ اس وقت تو (اپنے اس رویہ ورفتار کی وجہ سے) اس بات کو پسند کرے گا کہ کاش تیرے ہاتھ شل ہوتے اور تو گونگا ہوتا اور جو کچھ کہا اور کیا ہے نہ کہتا اور نہ کرتا۔ یااللہ! ہمارا حق حاصل کر اور ہمارے ظالموں سے انتقام لے اور جن لوگوں نے ہمارا خون بہایا ہے اور ہمارے مددگاروں کو قتل کیا ہے ان پر اپنا قہر وغضب نازل کر۔ اے یزید! خدا کی قسم تو نے اپنا چمڑا کاٹا ہے اور اپنے ہی گوشت کے ٹکڑے کئے ہیں۔ تو ذریت رسول کا خون بہانے اور انکی ہتک حرمت کرنے کا بوجھ اٹھا کر عنقریب رسولؐ خدا کی بارگاہ میں حاضر ہوگا جبکہ (بروز قیامت) خدا ان سب کو ایک جگہ جمع کرلے گا۔ ان کی پراگندگی کو دور کرے گا اور ان کے دشمنوں سے ان کا انتقام لے گا۔ جو لوگ خدا کی راہ میں قتل ہوگئے ان کو مردہ گمان نہ کرو بلکہ وہ زندہ ہیں اور اپنے پروردگار سے رزق پاتے ہیں۔ تیرے لئے خدا کا حاکم ہونا، پیغمبرؐ کا دشمن ہونا اور جبرائیلؑ کا (تمہارے برخلاف) ہمارا مددگار ہونا کافی ہے۔ جن لوگوں نے تیرے لئے زمین ہموار کی اور تجھے مسلمانوں کی گردنوں پر مسلط کیا ان کو معلوم ہوجائے گا کہ ظالموں کا کس قدر برا انجام ہے اور یہ بھی واضح ہوجائے گا کہ کس کا انجام برا اور لشکر کمزور ہے۔

اے یزید! یہ بھی انقلاب روزگار اور حوادث دہرنا ہنجار کا شاہکار ہے کہ میں تجھ سے خطاب کروں؟ میں تیرے مقام کو اس سے کہیں پست تر اور تیری زجر وتوبیخ کرنے کو سخت عظیم سمجھتی ہوں مگر کیا کروں۔ آنکھ گریاں اور سینہ

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

سوزاں و بریاں ہے۔ کس قدر تعجب کی بات ہے کہ شیطانی گروہ اور اولاد طلقاء نے خدا کے نجیب گروہ کو قتل کر دیا ہے۔ یہ دیکھئے ان ہاتھوں سے ہمارا خون بہہ رہا ہے اور ان مونہوں سے ہمارا گوشت گر رہا ہے۔ افسوس ہے کہ کربلا میں ابدان طاہر بے گور و کفن پڑے ہوئے ہیں۔

اے یزید! اگر آج تو ہماری (ظاہری کمزوری) کو اپنے لئے غنیمت سمجھ رہا ہے تو کل فردائے قیامت تو اسی بات کو تاوان سمجھے گا جب تو سوائے اپنے ہاتھوں کے کرتوتوں کے اور کچھ نہ پائے گا اور خدا اپنے بندوں پر ہرگز ظلم نہیں کرتا۔ ہم بارگاہ خدا میں ہی شکوہ و شکایت کرتے ہیں اور اسی پر بھروسہ کرتے ہیں۔ جس قدر جی چاہے مکر و فریب کرلے اور جس قدر چاہے تگ و تاز کرلے اور جی بھر کر جدوجہد کرلے۔ خدا کی قسم! تو ہرگز ہمارے ذکر جمیل مٹا نہیں سکتا۔ نہ ہماری وحی (شریعت) کو ختم کرسکتا ہے اور نہ ہی ہمارے مقام کی بلندی کو چھو سکتا ہے اور نہ اپنے کرتوت کی عار و شناء کو دور کرسکتا ہے۔ تیری رائے و تدبیر کمزور! اور (بادشاہی) گنتی کے چند یوم اور تیری جماعت پراگندہ ہے۔ وہ وقت قریب ہے جب ایک منادی ندا کرے گا، آگاہ باشید! لعنت ہو ظلم و ستم کرنے والی قوم پر!

اس خدا کی حمد و ثناء ہے جس نے ہمارے پہلے کا خاتمہ سعادت و مغفرت کے ساتھ اور آخری کا شہادت و رحمت کے ساتھ فرمایا۔ ہم اس سے سوال کرتے ہیں کہ وہ ان کے اجر و ثواب کو مکمل فرمائے اور مزید اجر جزیل عطا فرمائے اور ہمیں ان کی صحیح جانشینی کرنے کی توفیق دے۔ وہ بڑا مہربان اور محبت کرنے والا ہے۔ حسبنا اللہ و نعم الوکیل۔

SIBTAIN.COM

تبصرہ

رازق الخیری نے اپنی کتاب ''سیدہ کی بیٹی'' میں بطلۂ کربلا کے اس عظیم خطبۂ عالیہ کے متعلق جن پاکیزہ خیالات کا اظہار کیا ہے ہم بلا تبصرہ یہاں پیش کرتے ہیں:

''یزید کا دربار شامیوں سے کھچا کھچ بھرا ہوا تھا مگر ایسا معلوم ہوتا تھا کہ سب کو سانپ سونگھ گیا ہے۔ ہر شخص بے حس و حرکت اس طرح بیٹھا یا کھڑا تھا جس طرح پتھر کی مورتیں۔ ان کی زبانیں اور ان کے ہونٹ چپکے ہوئے تھے۔ ان کے دل دریائے حیرت میں غوطے کھا رہے تھے۔ ان کی آنکھیں پھٹی کی پھٹی رہ گئی تھیں، جب شیر خدا کی بیٹی لاکھوں کے مجمع میں شیر کی طرح دھاڑ رہی تھی اور رعیت کے سامنے ان کے بادشاہ کو للکار رہی تھی۔ خود یزید دانت پیس پیس لیتا، ہونٹ چباتا اور تاؤ پیچ کھا رہا تھا، مگر زبان سے ایک لفظ نہ نکلتا تھا۔ سیدہ کی بیٹی کی تقریر روانی کا ایک چشمہ تھا کہ ابلا چلا آرہا تھا اور فصاحت و بلاغت کا ایک دریا تھا جو بہے چلا جا رہا تھا اور کون اس سے انکار کرسکتا ہے کہ اس تقریر سے بی بی زینبؑ نے صداقت اور حق گوئی کا حق ادا کر کے اسلام کی ناقابل فراموش خدمت انجام دی۔ اس تقریر سے شامیوں کو معلوم ہوگیا خلافت ملوکیت میں تبدیل ہو کر اسلام کو کیسا زبردست دھچکا لگا ہے۔''

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

جناب فاطمہؑ بنت الحسینؑ اور ایک ناواقف حال شامی کی گستاخی

جناب بی بی کا یہ خطبہ سن کر یزید نے صرف اس قدر کہا۔

یا صیحة تحمد من صوائح　　ما اهون الموت عن النوائح[1]

آل رسولؐ کے لئے کس قدر ہوش ربا اور صبر آزما تھی وہ ساعت جب ایک شامی نے جناب فاطمہ بنت الحسینؑ کی طرف اشارہ کرتے ہوئے حاکم وقت یزید سے خطاب کرتے ہوئے کہا: ﴿یا امیر المومنین! هب لی هذه الجاریة﴾ اے امیر! یہ کنیز مجھے دے دیں۔ یہ منحوس آواز سنتے ہی جناب فاطمہؑ اپنی پھوپھی زینب عالیہؑ کے دامن سے لپٹ گئیں اور کہا: ﴿یا عماه! او تمت و استخدمت؟﴾ پھوپھی اماں! کیا یتیمی کے بعد اب مجھے کنیز بھی بنایا جا رہا ہے؟ جناب بی بی عالم نے بھتیجی کو تسلی و تشفی دیتے ہوئے فرمایا: ﴿لا و لا کرامة له﴾ نہیں بیٹی! ایسا ہرگز نہیں ہوسکتا۔ پھر بی بی نے شامی کو مخاطب کرتے ہوئے فرمایا: ﴿کذبت و لومت ما ذالک لک لاله﴾ او شامی! تو نے غلط کہا اور اپنی کمینگی کا مظاہرہ کیا۔ ایسا کرنے کا نہ کوئی تجھے حق ہے اور نہ اس (یزید) کو۔ یزید نے کہا: ﴿لو اردت لفعلت!﴾ اگر میں چاہوں تو ایسا کرسکتا ہوں۔ ابوترابؑ کی صاحبزادی نے پوری جرأت و استقلال کے ساتھ فرمایا: ﴿کلا و اللّٰه! ما جعل اللّٰه لک ذالک؟ الا ان تخرج عن ملتنا و تدین بغیر دیننا﴾ ہرگز نہیں! خدا کی قسم ہرگز خدا نے تجھے یہ حق نہیں دیا مگر یہ کہ ہمارے دین سے کھلم کھلا نکل کر کوئی اور دین اختیار کرلے۔ اس پر یزید نے جھلا کر کہا: ﴿انما خرج من الدین ابوک و اخوک!﴾ دین سے تیرا باپ اور بھائی نکلے ہیں (خاک بدہن قائل)۔ بی بی نے فرمایا: ﴿بدین اللّٰه و دین جدی و ابی و اخی اهتدیت انت و ابوک ان کنت مسلماً﴾ اگر تو مسلمان ہے تو تو نے اور تیرے باپ نے ہمارے جد (نانا) و اب (بابا) اور بھائی کے ذریعے سے ہدایت حاصل کی ہے۔ یزید نے برافروختہ ہوکر کہا: ﴿کذبت یا عدوة اللّٰه﴾ اے خدا کی دشمن تو نے غلط کہا ہے۔ (معاذ اللہ)۔ یزید کا یہ ہتک آمیز جواب سن کر زہرا زادی آبدیدہ ہوگئی اور فرمایا: ﴿انت امیر مسلط تشتم ظالماً و تقهر بسلطانک﴾ تو حاکم ہے اس لئے گالیاں دیتا ہے اور ظلم و جور کرتا ہے۔ اس اثناء میں اس شامی نے پھر یہی مطالبہ دہرایا۔ یزید نے اسے ڈانٹتے ہوئے کہا: ﴿اغرب ذهب اللّٰه لک حتفاً قاضیاً﴾ دور ہوجا خدا تجھے موت دے۔[2] بعض کتب میں یہ بھی مذکور ہے کہ عقیلۂ بنی ہاشم اور یزید کی باہمی گفتگو کے بعد شامی نے

---

[1] ملہوف، ص ۱۶۶۔

[2] مخفی نہ رہے کہ ان کتب میں اس واقعہ کی نسبت فاطمہ بنت علی کی طرف دی گئی ہے لیکن ہماری کتب کی روایت کے مطابق یہ واقعہ جناب فاطمہ بنت الحسینؑ کے ساتھ پیش آیا۔ (منہ عفی عنہ)

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

دوبارہ اپنی خواہش کا اظہار کرنے کی بجائے یزید سے دریافت کیا: یہ لڑکی کون ہے؟ یزید نے کہا: یہ فاطمہ بنت الحسینؑ اور وہ زینب بنت علیؑ ہیں۔ شامی نے تعجب انگیز لہجہ میں پوچھا: حسین بن فاطمہ علیہا السلام وعلی ابن ابی طالبؑ! یہ اسی حسینؑ کی بیٹی ہیں جو فاطمہ زہرا اور علی ابن ابی طالبؑ کے فرزند ہیں؟ یزید نے کہا: ہاں اسی حسینؑ کی بیٹی ہیں! یہ سننا تھا کہ شامی کے تن من میں آگ لگ گئی اور پکار کر کہا: ﴿لعنک اللّٰہ یا یزید! اتقتل عترۃ نبیک وتسبی ذریتہ واللہ ما توھمت الا انھم سبی الروم﴾ او یزید! خدا تجھ پر لعنت کرے، تو عترت رسول کو قتل کرتا ہے اور پھر ذریت رسول کو قید کرتا ہے۔ خدا کی قسم میرا تو یہ خیال تھا کہ یہ روم کے قیدی ہیں۔ یزید نے غصہ سے آگ بگولہ ہو کر کہا۔ ابھی میں تمہیں بھی انہیں کے ساتھ ملحق کرتا ہوں۔ پھر حکم دیا اور اس شامی کی گردن اڑا دی گئی۔[1]

حقیقت یہ ہے کہ ایسے نازک حالات میں ثانی زہراؑ نے ذریت رسول کی عظمت ظاہر کرتے ہوئے یزید ایسے بدمغز بادشاہ کو ایسے بیباکانہ اور دندان شکن جوابات دے کر اس کی حکومت کے ارکان کو بالکل کھوکھلا کر دیا۔

امام زین العابدینؑ کے ساتھ یزید کا مکالمہ

دربار یزید عنید نے امام زین العابدینؑ کو زبانی ایذا رسانی کی خاطر کئی بار چھیڑا مگر ہر بار امام عالی وقار نے اسے وہ دندان شکن جوابات دیئے کہ یزید کھسیانہ ہو کر رہ گیا۔

ایک مرتبہ امامؑ کو خطاب کر کے کہا: ﴿کیف صنع اللّٰہ بک یا علی بن الحسینؑ﴾ اے علی ابن الحسینؑ! تم نے اپنے ساتھ خدا کا سلوک کیسا دیکھا؟ امامؑ نے فرمایا: ﴿رایت ما قضاہ عزوجل قبل ان یخلق السموات والارض﴾ میں نے وہی دیکھا ہے جس کا خدا نے زمین و آسمان کی خلقت سے بھی پہلے فیصلہ کر دیا تھا۔[2]

یزید نے کہا: ﴿یابن حسینؑ! ابوک قطع رحمی وجھل حقی و نازعنی سلطانی فصنع اللّٰہ بہ ما قد رایت!﴾ اے فرزند حسینؑ! تیرے باپ نے مجھ سے قطع رحمی کی۔ میرے حق کو نہ پہچانا اور میری سلطنت میں مجھ سے جھگڑا کیا۔ لہٰذا آپ نے دیکھ لیا کہ خدا نے ان کے ساتھ کیا سلوک کیا؟ امام علیہ السلام نے جواب میں یہ آیت تلاوت فرمائی: ﴿مَا اَصَابَکُمْ مِّنْ مُّصِیْبَۃٍ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِیْٓ اَنْفُسِکُمْ اِلَّا فِیْ کِتٰبٍ مِّنْ قَبْلِ اَنْ نَّبْرَاَھَا اِنَّ ذٰلِکَ عَلَی اللّٰہِ یَسِیْرٌ﴾[3] زمین میں تمہیں جو کچھ مصیبت پہنچتی ہے وہ تمہاری خلقت سے پہلے کتاب (لوح محفوظ) میں لکھی ہوئی ہوتی ہے اور یہ بات خدا پر بالکل آسان ہے۔

---

[1] ملہوف، ص ۱۶۷۔ تمام، ص ۴۷۸۔ نفس المہموم، ص ۲۴۱ وغیرہ۔ [2] مقتل الحسین، ص ۴۱۹، بحوالہ اثبات الوصیۃ، ۱۴۳۔
[3] الارشاد، ص ۲۶۹۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

یزید نے یہ آیت پڑھی: ﴿مَا اَصَابَکُمْ مِنْ مُصِیْبَةٍ فَبِمَا کَسَبَتْ اَیْدِیْکُمْ﴾ تمہیں جو تکلیف پہنچتی ہے وہ تمہارے ہاتھوں کے کرتوتوں کا نتیجہ ہوتی ہے۔ امام نے فرمایا: ﴿ما هذه وفينا نزلت انما نزلت فينا ما اصابكم من مصيبة في الارض ولا في انفسكم الا في كتاب من قبل ان نبراها ان ذالك على الله يسير لكيلا تأسو على ما فاتكم ولا تفرحوا بما اتاكم﴾[1]

یہ آیت ہمارے حق میں نہیں نازل ہوئی، ہمارے بارے میں تو یہ آیت اتری ہے کہ تم پر جو بھی مصیبت آتی ہے وہ تمہاری خلقت سے بھی پہلے کتاب میں لکھ دی گئی ہے اور یہ بات خدا پر آسان ہے تاکہ جو کچھ فوت ہو جائے اس پر افسوس نہ کرو اور جو کچھ مل جائے اس سے خوش نہ ہو۔

﴿فنحن لا فاتنی علی ما فاتنا ولا تفرح بما اتانا﴾ پس ہم وہ لوگ ہیں جو چیز ہم سے فوت ہو جائے اس پر افسوس نہیں کرتے اور جو مل جائے اس پر خوش و خرم نہیں ہوتے۔[2]

بعض آثار میں وارد ہے کہ یزید نے امامؑ بیمار سے کہا: ﴿اراد جدک و ابوک ان یکونا امیرین والحمد لله الذی قتلهما وسفک دمائهما﴾ آپ کے جد (علیؑ) اور باپ (حسینؑ) نے چاہا کہ وہ امیر و بادشاہ بنیں لیکن خدا کا شکر ہے جس نے ان کو قتل کیا۔ امام علیہ السلام نے فرمایا: ﴿لم تزل النبوة و الامرة لابائی و اجدادی قبل ان تولد﴾ "اے یزید! ابھی تو پیدا بھی نہیں ہوا تھا کہ میرے آباء و اجداد کے خانوادہ میں نبوت اور امارت موجود تھی۔"[3]

یزید کا ایک دین فروش خطیب کو مذمت اہل بیتؑ کا حکم دینا اور پھر امامؑ کا خطبہ پڑھنا

جب اس طرح سوال و جواب سے یزید ذلیل و رسوا ہوا تو اپنی خفت اور سبکی کو کم کرنے کے لئے ایک دین فروش خطیب کو حکم دیا کہ منبر پر جا کر بزعم خود بنی امیہ کے فضائل اور بنی ہاشم کے رذائل و مثالب بیان کرے۔ چنانچہ خطیب نے منبر پا جا کر مقدور بھر معاویہ و یزید کی مدح اور جناب امیرؑ اور سید الشہداءؑ کی قدح کی۔ یہ کیفیت دیکھ کر امام زین العابدینؑ نے بآواز بلند فرمایا: ﴿ویلک ایها الخاطب! اشتریت مرضات المخلوق بسخط الخالق فتبو مقعدک من النار﴾ اے خطیب! افسوس ہے تجھ پر۔ تو نے خالق کو ناراض کر کے مخلوق کی رضامندی خریدی ہے اس لئے تو جہنم میں اپنی جگہ مہیا سمجھ۔[4] جب وہ دین فروش ملا منبر سے نیچے اترا تو امامؑ نے یزید سے فرمایا مجھے اجازت ہے کہ ﴿ان ارقی هذه الاعواد و اتکلم بکلام فیه لله تعالی رضیً و لهولاء اجر و ثواب﴾

---

[1] عقد فرید، ج ۲، ص ۳۱۳۔ طبری، ج ۶، ص ۲۶۷۔
[2] تفسیر قمی، ص ۶۰۳۔
[3] مقتل، ص ۴۸۷۔
[4] ملہوف، ص ۱۶۷۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

منبر پر چڑھ کر وہ کچھ بیان کروں جس میں خدا کی خوشنودی ہے اور ان لوگوں کے لئے باعث اجر وثواب ہے۔ یزید نے کچھ پس وپیش کیا، لیکن حاضرین کے اصرار سے مجبور ہو کر اجازت دے دی۔ جب امام عالی مقام اپنے اصلی منصب ومقام پر پہنچے تو خدا کی حمد وثناء اور پیغمبرؐ اسلام پر درود وسلام بھیجنے کے بعد فرمایا: ﴿ایھا الناس من عرفنی فقد عرفنی ومن لم یعرفنی فانا اعرفه بنفسی اناعلی بن الحسینؑ اناابن البشیر النذیر اناابن الداعی الی اللّٰہ باذنه اناابن السراج المنیر﴾ ''ایہا الناس! جو شخص مجھے پہچانتا ہے وہ تو پہچانتا ہی ہے اور جو نہیں پہچانتا میں اسے اپنی معرفی کرائے دیتا ہوں۔ میں علی بن الحسینؑ ہوں، میں بشیر ونذیر کا بیٹا ہوں، میں داعی الی اللہ کا بیٹا ہوں، میں سراج منیر (یعنی رسولؐ خدا) کا فرزند ہوں۔''[1]

احتجاج طبرسی ص ۱۶۹ میں ﴿فانا اعرفه بنفسی﴾ کے بعد یوں وارد ہے: ﴿انا ابن مکة و منیٰ و انا ابن المروة و الصفا و انا ابن محمدالمصطفیٰؐ انا ابن من لا یخفیٰ انا ابن من علی فاستعلی فجاء سدرة المنتهیٰ فکان من ربه قاب قوسین او ادنیٰ﴾۔

بعض کتب میں آپ کا وہ خطبہ شریف ان الفاظ کے ساتھ مروی ہے۔ فرمایا: ﴿الحمد للّٰہ الذی لا بدایة له الدائم الذی لا نفاد له الاول الذی لا اول لاولیته والآخر لا خریته الباقی بعد فناء الخلق قدر اللیالی والایام وقسم فیما بینهم الاقسام فتبارک اللّٰہ العلام﴾ پھر فرمایا: ﴿معاشر الناس من عرفنی فقد عرفنی ومن لم یعرفنی فانا اعرفه بنفسی انا ابن مکة و منیٰ انا ابن المروة والصفاء انا ابن محمد المصطفیٰؐ انا ابن من لا یخفیٰ انا ابن من علی فاستعلی فجاز سدرة المنتهیٰ وکان من ربه کقاب قوسین او ادنیٰ انا بن من صلی بملائکة السماء مثنیٰ مثنیٰ انا ابن من اسری به من المسجد الحرام الی المسجد الاقصیٰ انا ابن علی المرتضیٰؑ انا ابن فاطمة الزهراؑ انا ابن خدیجة الکبریٰ انا ابن المقتول ظلماً انا ابن مجزوز الرأس من القفاء انا ابن العطشان حتیٰ قضیٰ انا ابن طریح کربلا انا ابن مسلوب العمامة والرداء انا ابن من بکت علیه ملائکة السماء انا ابن من ناحت علیه الجن فی الارض و الطیر فی الهواء انا ابن من راسه علی السنان یهدیٰ انا بن من حرمه من العراق الی الشام تسبیٰ. ایها الناس! ان اللّٰہ تعالیٰ وله الحمد ابتلانا اهل البیت ببلاء حسن حیث جعل رایة الهدیٰ والعدل والتقی فینا وجعل رایة الضلالة و الردیٰ فی غیرنا فضلنا اهل البیت خصال فضلنا بالعلم والحلم والشجاعة والسماحة والمحبة والمحلة فی قلوب المؤمنین و اتانا مالم یؤت احداً

[1] مقاتل الطالبین، ص ۸۹۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

من العالمین فینا مختلف الملائکة و تنزیل الکتاب... الخ﴾

میں صاحب مکہ ومنیٰ ہوں، میں صاحب مروہ وصفا ہوں، میں فرزند مصطفیٰؐ ہوں، میں اس باپ کا بیٹا ہوں جس کی شان مخفی نہیں ہے، میں اس بیٹا ہوں جو اس قدر بلند ہوا کہ سدرۃ المنتہیٰ سے بھی آگے بڑھ گیا اور مقام قاب قوسین اوادنیٰ تک پہنچا۔ میں اس کا بیٹا ہوں جس نے فرشتوں کو نماز پڑھائی۔ میں اس کا بیٹا ہوں جسے مسجد حرام سے مسجد اقصیٰ تک لے جایا گیا۔ میں علی مرتضیٰؑ کا فرزند ہوں، میں فاطمہ زہراؑ کا فرزند ہوں، میں خدیجہ الکبریٰؑ کا فرزند ہوں، میں اس کا فرزند ہوں جسے ظلم وستم سے شہید کیا گیا۔ میں اس کا فرزند ہوں جسے پس گردن سے قتل کیا گیا، میں اس کا فرزند ہوں جو پیاسا راہیٔ ملک بقاء ہوا، میں شہید کربلا کا فرزند ہوں، میں اس کا فرزند ہوں جس کی دوش سے چادر اور سر سے عمامہ اتار لیا گیا۔ میں اس کا فرزند ہوں جس پر فرشتوں نے آسمان میں، جنوں نے زمین میں اور پرندوں نے ہوا میں گریہ وبکاء کیا۔ میں اس کا فرزند ہوں جس کا سر نوک سناں پر تختۂ درباروں میں پیش کیا جارہا ہے۔ میں اس کا فرزند ہوں جس کی مستورات کو عراق سے شام قید کر کے لایا جارہا ہے۔

ایہا الناس! خداوند عالم نے ہم اہل بیت رسولؐ کے ساتھ بہت اچھا سلوک کیا۔ کہ علم ہدایت وعدل اور تقویٰ ہم میں مقرر فرمایا: اور علم ضلالت وہلاکت ہمارے غیروں میں مقرر کیا۔ خداوند عالم نے ہمیں چھ چیزوں کے ساتھ فضیلت بخشی ہے۔ وہ ہیں علم۔ حلم۔ شجاعت۔ سخاوت محبت اور اہل ایمان کے دلوں میں منزلت۔ اور ہمیں وہ کچھ عطا فرمایا ہے جو عالمین میں سے کسی کو بھی عطا نہیں کیا۔ ہمارے گھروں میں ملائکہ کی آمد ورفت کا سلسلہ قائم رہتا ہے اور ہمارے ہی گھر میں کتاب خدا اتری ہے۔[1]

راویان اخبار کا بیان ہے کہ ابھی امام کا خطبہ جاری وساری تھا کہ حاضرین دربار نے زار وقطار رونا شروع کر دیا۔ جب یزید نے یہ نازک صورت حال دیکھی اور انقلاب کا خطرہ محسوس کیا تو موذن کو حکم دیا کہ اذان دے چنانچہ موذن نے اذان دینا شروع کی۔ امامؑ نے خطبہ بند کر دیا۔ موذن نے کہا: ﴿اللّٰہ اکبر﴾ امامؑ نے فرمایا: ﴿اللّٰہ اکبر و اجل و اعلیٰ و اکرم مما اخاف و احذر﴾ موذن نے کہا: ﴿اشھد ان لا الہ الا اللّٰہ﴾ امامؑ نے فرمایا: ﴿نعم اشھد مع کل شاھدان لا الہ غیرہ ولا رب سواہ﴾ جب موذن نے کہا: ﴿اشھد انّ محمّداً رسول اللّٰہ﴾ امام نے موذن سے فرمایا: ﴿اسئلک بحق محمّدؐ. ان تسکت حتی اکلم ھذا﴾ تجھے انہی محمدؐ کا واسطہ ذرا خاموش ہو جاتا کہ میں اس (یزید) سے کچھ کلام کرلوں۔ پھر یزید کو خطاب کرتے ہوئے فرمایا: ﴿ھذا الرسول العزیز الکریمؐ جدی ام جدّک؟ فان قلت جدک علم الحاضرون والناس کلھم

---

[1] تمام، ص ۴۸۲۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

انک کاذب و ان قلت انہ جدی فلم قتلت ابی ظلماً و عدو اناً و انتھبت ما لہ و سبیت نسائہ فویل لک یوم القیامۃ اذا کان جدی خصمک﴾ یہ رسول اکرمؐ تیرے جد ہیں یا میرے؟ اگر تو یہ کہے کہ تیرے جد ہیں تو حاضرین اور تمام لوگ گواہی دیں گے کہ تو جھوٹا ہے اور اگر تو یہ مانتا ہے کہ یہ میرے جد ہیں تو پھر میرے باپ (حسینؑ) کو ظلم و جور سے کیوں شہید کیا ہے؟ پھر ان کے مال و اسباب کو کیوں لوٹا ہے؟ اور ان کی مخدرات کو کیوں قید کیا ہے؟ او یزید بروز قیامت ویل ہے تیرے لئے جبکہ میرے جدّ نامدار تیرے دشمن ہوں گے۔ اس کے بعد یزید نے اسی مؤذن کو اقامت نماز کا حکم دیا لیکن لوگوں میں ایک ہمہمہ اور غلغلہ تھا چنانچہ بعض نے نماز پڑھی اور بعض ویسے ہی متفرق ہو گئے۔[1]

یزید کا حاضرین دربار سے آل رسولؐ کے بارے میں مشورہ کرنا

پھر یزید نے اہل دربار سے اسیران آل رسولؐ کے بارے میں مشورہ کیا (یعنی ان کو قتل کیا جائے، قید میں رکھا جائے یا رہا کر دیا جائے؟)

بعض ملاعین نے بڑے گستاخانہ الفاظ میں (جن کو نقل نہیں کیا جا سکتا) سب کو شہید کر دینے کا مشورہ دیا۔[2]

اس وقت امام زین العابدینؑ نے فرمایا: ﴿یا یزید! لقد اشار علیک ھؤلاء بخلاف ما اشار بہ جلساء فرعون علیہ حین شاورھم فی موسیٰ وھارونؑ فانھم قالوا الہ ارجہ واخاہ ولا یقتل الا الادعیاء اولاد الانبیاء وابنائھم﴾ اے یزید! تیرے درباریوں نے تجھے وہ مشورہ دیا ہے جو فرعون کے درباریوں نے بھی نہیں دیا تھا جب کہ اس نے جناب موسیٰؑ و ہارونؑ کے بارے میں ان سے مشورہ کیا تھا تو انہوں نے کہا تھا کہ ان دونوں بھائیوں کو ڈھیل دو (قید میں ڈال دو) یاد رکھو کہ انبیاء کی اولاد کو سوائے ولد الزنا کے اور کوئی قتل نہیں کرتا۔[3] ہاں البتہ نعمان بن بشیر نے یہ مشورہ دیا ﴿ما کان الرسولؐ یصنع بھم فاصنعہ بھم﴾ جو رسول اکرمؐ ان کے ساتھ سلوک کرتے تھے تو بھی ان کے ساتھ وہی سلوک کرو۔[4]

اسیران آل محمدؐ زندان شام میں

بالآخر یزید نے قتل کا ارادہ ترک کر کے ان کو زندان میں بھیجنے کا فیصلہ کیا چنانچہ اس کے اقامتی محل کے قریب جو زندان تھا اس میں اسیران آل محمدؐ کو بھیج دیا۔ اس زندان کو اجمالی کیفیت ارباب مقاتل نے یہ لکھی ہے کہ ﴿لا یکنھم من حرّ ولا برد فاقاموا بہ حتی تقشرت وجوھم و کانوا فی مدۃ اقامتھم ینوحون علی

---

[1] نفس المہموم، ص ۲۴۳۔ مقتل الحسین، ص ۴۲۲۔
[2] ملہوف، ص ۱۶۶۔ تمام، ص ۴۷۶ وغیرہ۔
[3] اثبات الوصیۃ للمسعودی، ص ۱۴۳، طبع النجف۔
[4] ملہوف، ص ۶۶۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

الحسینؑ﴾ جو گرمی اور سردی سے حفاظت نہیں کرتا تھا (یعنی اس پر چھت نہ تھی)[1] اتنا عرصہ ان کو اس زندان میں رکھا گیا کہ ان کے چہروں کے رنگ جھلس گئے۔ اور پوری مدت قیام کے دوران وہ برابر حسینؑ پر نوح و ماتم کرتے رہتے تھے۔[2]

اس کے بعد یزید کے حکم سے جناب سید الشہداء علیہ السلام کا سر اقدس قصر الامارہ کے دروازہ پر لٹکا دیا گیا جو تین دن تک لٹکا رہا۔[3] اور بروایتے جامع مسجد کے منارہ پر چالیس دن تک لٹکا رہا۔[4] اور دوسرے شہداء کے سرہائے مقدسہ میں سے بعض کو شہر شام کے مختلف دروازوں پر اور بعض کو جامع مسجد کے دروازں پر لٹکایا گیا۔[5]

زندان شام اور دربار یزید کے بعض واقعات

بعض آثار و اخبار سے واضح ہوتا ہے کہ یزید عنید نے یہ معمول بنا لیا تھا کہ سید الشہداء کے سر اقدس کو دربار میں طلب کرتا پھر مجلس شراب جماتا۔ ایک بار وہ اسی قسم کے لہو و لعب کے مظاہرہ میں مشغول تھا اور اس وقت دربار میں بادشاہ روم کا ایک نصرانی سفیر بھی موجود تھا۔ اس نے یزید سے دریافت کیا: ﴿ھذا الرأس من﴾ یہ کس کا سر ہے؟ یزید نے کہا: ﴿مالک و لھذا الراس؟﴾ تجھے اس سے کیا سروکار ہے؟ سفیر نے کہا میں جب لوٹ کر اپنے ملک جاتا ہوں تو بادشاہ مجھ سے سب واقعات دریافت کرتا ہے۔ اس لئے چاہتا ہوں کہ حقیقت حال معلوم کروں تا کہ تمہاری اس مسرت و شادمانی میں ہمارا بادشاہ بھی تمہارے ساتھ شریک ہو سکے یزید نے کہا: ﴿ھذا راس حسین بن علی بن ابی طالبؑ﴾ یہ حسینؑ بن علیؑ کا سر ہے۔ سفیر نے پوچھا: ﴿و من امہ؟﴾ ان کی ماں کا کیا نام ہے؟ یزید نے کہا: فاطمہ بنت رسول اللہ یہ سنتے ہی نصرانی نے کہا: ﴿اف لک ولدینک لی دین حسن من دینکم﴾ اف ہے تم پر اور تمہارے دین پر! تمہارے دین سے تو میرا دین بہتر ہے۔ میرا باپ حضرت داؤد کے نواسوں میں سے ہے۔ حالانکہ میرے اور جناب داؤد کے درمیان کئی (بروایتے ستر (۷۰) پشتوں[6] کا فاصلہ ہے لیکن اس کے باوجود نصرانی لوگ محض یہ سمجھ کر کہ میں حضرت داؤد کا نواسہ ہوں میری اس قدر تعظیم و تکریم کرتے ہیں کہ میرے قدموں کی مٹی بطور

۱۔ انوار نعمانیہ، ص ۳۴۰۔ تقمام، ص ۴۷۶۔

۲۔ ملہوف، ص ۱۶۸۔ امالی شیخ صدوقؒ، ص ۱۰۱۔ عاشر بحار، ص ۲۲۷۔ نفس المہموم، ص ۲۴۵۔

۳۔ مقتل الحسین، ص ۴۲۵۔ خطط مقریزیہ، ج ۲، ص ۲۸۹۔ الاتحاف بحب الاشراف، ص ۲۳۔ مقتل خوارزمی، ج ۲، ص ۷۵۔ البدایہ والنہایہ ابن اثیر، ج ۸، ص ۲۰۴۔ امالی صدوق، ص ۱۰۰۔

۴۔ نفس المہموم، ص ۲۴۷۔

۵۔ نفس المہموم، ص ۲۴۷۔ مقتل الحسین، ص ۲۲۶۔

۶۔ ملہوف، ص ۱۶۹۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

تبرک حاصل کرتے ہیں۔ ﴿و انتم تقتلون ابن بنت نبیکم وما بینکم و بین نبیکم الا ام واحدة فای دین دینکم؟﴾ مگر تم اپنے نبی کی دختر کے فرزند کو قتل کرتے ہو۔ حالانکہ تمہارے اور تمہارے رسولؐ کے درمیان صرف ایک ماں کا فاصلہ ہے تمہارا کیسا دین ہے؟ پھر سفیر روم نے یزید سے کہا تجھے "کنیسہ حافر" والے واقعہ کا علم ہے؟ یزید نے اپنی لاعلمی ظاہر کی۔ سفیر نے کہا عمان اور چین کے درمیان ایک بڑا عظیم الشان شہر ہے۔ جس میں نصرانی لوگ آباد ہیں۔ اس میں کئی کنیسے (گرجے) ہیں۔ ان میں سب سے بڑا کنیسہ حافر یہ اس کے محراب میں سونے کا ایک ظرف لٹکا ہوا ہے جسے ریشم و دیبا سے آراستہ کیا گیا ہے۔ وہ لوگ کہتے ہیں۔ کہ اس میں حضرت عیسیٰؑ کے سواری والے گدھے کی سم موجود ہے! ہر سال نصرانی لوگ اس کی زیارت کے لیے جاتے ہیں اس کے اردگرد طواف کرتے ہیں۔ اسے چومتے ہیں اور اس کے پاس کھڑے ہو کر خدا سے حاجتیں طلب کرتے ہیں؟ نصرانی تو اس قسم کا۔ اس قدر اکرام واحترام کریں۔ جسے وہ اپنے نبی کی سواری کے گدھے کا خیال کرتے ہیں۔ مگر تم ﴿انتم تقتلون ابن بنت نبیکم فلا بارک اللّٰہ فیکم ولا فی دینکم﴾ اپنے نبی کی دختر کے فرزند کو قتل کرتے ہو۔ خدا تم میں اور تمہارے دین میں برکت نہ دے۔

سفیر کا یہ کلام سن کر یزید نے حکم دیا کہ اس کو قتل کر دو۔ تاکہ یہ واپس جا کر اپنے ملک میں مجھے ذلیل وخوار نہ کرے۔ جب نصرانی نے اپنے قتل کیے جانے کا حکم سنا تو اس نے یزید سے پوچھا: ﴿اتریدان تقتلنی؟﴾ کیا تو واقعاً مجھے قتل کرنا چاہتا ہے؟ یزید نے کہا: نعم۔ ہاں۔ سفیر نے کہا: تمہیں معلوم ہونا چاہیے کہ ﴿رأیت البارحة نبیکم فی المنام یقول یا نصرانی انت من اهل الجنة؟﴾ میں نے گذشتہ رات عالم خواب میں تمہارے پیغمبرؐ کو دیکھا جو مجھ سے فرما رہے تھے۔ اے نصرانی! تو جنتی ہے؟ مجھے اس سے بڑا تعجب ہوا (مگر اب راز کھل گیا ہے اس لئے) اشهدان لا اله الاّ اللّٰہ وانّ محمّد ارسول اللّٰہ۔ میں گواہی دیتا ہوں کہ خدا کے سوا کوئی معبود برحق نہیں اور حضرت محمدؐ اس کے رسولؐ ہیں۔ اس کے بعد نصرانی سید الشہداءؑ کے سر مبارک کی طرف بڑھا اور اسے سینہ سے لگا لیا اور رو رو کر اسے بوسے دینے لگا۔ اسی اثنا میں یزید کے حکم سے اسے شہید کر دیا گیا۔[1] رضوان اللّٰہ علیہ

امام سجادؑ کی تسبیح

یزید امام زین العابدینؑ کے قتل کے بہانے تلاش کیا کرتا تھا۔ ایک بار امام کو دربار میں بلایا اور مختلف موضوعات پر سلسلہ گفتگو شروع کیا۔ مقصد یہ تھا کہ کسی طرح امام کوئی ایسی بات کہہ دیں جس سے اس کے لئے ان کے قتل کا جواز پیدا ہو جائے۔ امامؑ اس کی باتوں کا جواب بھی دیتے جاتے تھے اور دست مبارک میں جو چھوٹی سی تسبیح

---

[1] لہوف، ص ۱۷۲۔ نفس المہموم، ص ۲۴۸۔ عاشر، حار، ص ۲۲۸ وغیرہ۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

تھی۔ اسے بھی برابر پھیرتے جاتے تھے۔ یزید نے جھلا کر کہا یہ کیا بات ہے؟ میں تم سے باتیں کر رہا ہوں مگر آپ مجھے جواب بھی دیتے ہیں۔ اور ہاتھ میں تسبیح لئے اسے بھی پھیرتے جاتے ہیں! امام نے فرمایا مجھ سے میرے والد ماجد نے میرے جد بزرگوار کا یہ معمول نقل کیا ہے کہ جب وہ صبح کی نماز سے فارغ ہوتے تھے تو کلام کرنے سے پہلے ہاتھ میں تسبیح لے کر اس کے دانوں کو پھیرتے جاتے تھے اور یہ دعا بھی پڑھتے جاتے تھے: ﴿اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَصْبَحْتُ اُسَبِّحُکَ وَ اَحْمِدُکَ وَ اُھَلِّلُکَ وَ اُکَبِّرُکَ وَ اُمَجِّدُکَ بِعَدَدِ مَا اُدِیْرُ بِہٖ سُبْحَتِیْ﴾ اس کے بعد اپنے ضروریات کے متعلق بات چیت کرتے۔ اس طرح وہ بات بھی ان کی تسبیح شمار ہوتی تھی۔ اور یہ تسبیح صبح ان کے لئے رات کے سونے تک (بلیات و آفات) حرز ہوتی تھی اور جب رخت خواب پر تشریف لے جاتے۔ تو پھر حسب سابق عمل کرتے بعد ازاں تسبیح کو زیر بالین رکھ دیتے۔ اس طرح نماز صبح تک یہ تسبیح ان کے اعمال صالحہ میں شمار ہوتی۔ میں بھی اپنے جد امجد کی اقتداء کرتے ہوئے ایسا ہی کیا کرتا ہوں۔ یزید نے امام سجاد کا یہ جواب باصواب سن کر کہا میں جب بھی تمہارے خاندان کے کسی آدمی سے کوئی بات کرتا ہوں تو وہ ایسا جواب دیتا ہے جس میں فوز و فلاح پوشیدہ ہوتی ہے۔[1]

امام بیمار سے منہالؒ کی ملاقات

SIBTAIN.COM

منہال بن عمرو بیان کرتے ہیں کہ میں نے ایک بار امام زین العابدین علیہ السلام کو دیکھا جب کہ وہ شام کے بازار سے گذر رہے تھے۔ اس وقت آپ کی حالت یہ تھی کہ عصا پر ٹیک لگا کر چل رہے تھے سر کنڈے کی طرح ٹانگیں کمزور تھیں۔ پنڈلیوں سے خون جاری تھا۔ رنگت میں صفرت (زردی) کا غلبہ تھا۔ یہ حالت دیکھ کر میری آنکھوں میں آنسو ڈبڈبا آئے اور عرض کیا: ﴿کیف اصبحت یا بن رسول اللّٰہ!﴾ فرزند رسولؐ! آپ نے کس حال میں صبح کی ہے؟ میرا سوال سن کر امام بیمار رو پڑے پھر فرمایا: ﴿کیف حال من اصبح اسیراً لیزید بن معاویہ و نسائی الی الآن ما شبعن بطونھن ولا کسین رؤسھن نائحات اللیل والنھار۔ نحن یا منھال کمثل بنی اسرائیل فی ال فرعون یذبحون ابنائھم و یستحیون نسائھم امست العرب تفتخر علی العجم بان محمداً عربی وامست قریش تفتخر علی العرب بان محمداً منھم، امسینا معشر اھل البیت مغصوبین مقتلین مشرّدین ما یدعونا یزید الیہ مرۃ الا نظن القتل اِنَّا لِلّٰہِ وَ اِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ﴾ اس آدمی کی کیا حالت پوچھتے ہو جو یزید بن معاویہ کا قیدی ہو جس کی مستورات نے پیٹ بھر غذا نہ کھائی ہو اور نہ ان کے پاس سر ڈھانپنے کے لئے کپڑا موجود ہو۔ اور دن رات گریہ و بکا سے سروکار ہو۔ پھر فرمایا: اے منہال! اس امت میں ہماری

---

[1] نفس المہموم، ص ۲۴۴۔ قمقام، ص ۴۸۵۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

حالت وہی ہے جو آل فرعون میں بنی اسرائیل کی تھی جوان کے لڑکوں کو قتل کرتے تھے۔ اور لڑکیوں کو زندہ رکھتے تھے۔ اہل عرب اہل عجم کے بالمقابل فخر کرتے ہیں کہ جناب محمد مصطفٰے عربی ہیں۔ پھر قریش تمام عربوں کے سامنے فخر کرتے ہیں کہ جناب رسول خدا ان کے خاندان سے ہیں مگر ہم اہل بیت رسول کی حالت یہ ہے کہ ہمارے حقوق غصب کر لئے گئے۔ پھر قتل کیا گیا۔ اور وطن سے بے وطن کر دیا گیا جب بھی یزید ہمیں بلاتا ہے تو ہم یہی خیال کرتے ہیں کہ اب وہ ہمیں قتل کر دے گا۔[1] اِنَّا لِلّٰہِ وَ اِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ۔

یعظون له اعواد منبره وتحت ارجلهم اولاده وضعوا

بای حکم بنوه یتبعونکم وفخرکم انکم صحب له تبع

جناب سکینہ بنت الحسینؑ کا زندان شام میں ایک عجیب خواب دیکھنا

جناب سکینہ بنت الحسینؑ بیان کرتی ہیں کہ ہمیں زندان شام میں قیام کئے ابھی چوتھا دن تھا کہ میں روتی رہی اور بڑی دیر سے سوئی سوتے ہی میں نے ایک خواب دیکھا (پھر ایک طویل خواب بیان کیا۔ جس کا خلاصہ یہ ہے) کہ پانچ نوری ناقاؤں سے پانچ بزرگوار سوار اترے (۱) حضرت آدم صفی اللہ (۲) حضرت ابراہیم خلیل اللہ، حضرت موسیٰ کلیم اللہ، حضرت عیسیٰ روح اللہ اور حضرت محمد حبیب اللہؐ اور پانچ عماریاں اتریں۔ جن میں سے ایک میں جناب حوا ام البشر، دوسری میں جناب آسیہ بنت مزاحم تیسری میں جناب مریم بنت عمران، چوتھی میں جناب خدیجہ بنت خویلد اور پانچویں میں حضرت فاطمہ زہراؑ سوار تھیں۔ پہلے جناب سکینہ نے اپنے جد نامدار کی خدمت میں اپنے مصائب و آلام کا تذکرہ کیا۔ اور اس کے بعد اپنی جدہ ماجدہ کی خدمت میں حاضر ہوئیں تفصیل کے لئے عاشر بحار، ص ۲۲۷، قمقام، ص ۴۸۶، نفس المہموم، ص ۲۴۵، اور انوار نعمانیہ ۳۴۱ کی طرف رجوع کیا جائے۔

اس خواب کے آخر میں یہ مذکور ہے کہ میں نے ایک مستور کو ہودج میں دیکھا جس نے شدت غم سے اپنا ہاتھ سر پر رکھا ہوا ہے۔ میں نے پوچھا یہ معظمہ کون ہیں؟ تو مجھے بتایا گیا کہ تمہاری جدہ ماجدہ فاطمہ زہراؑ ہیں پس میں جلدی جلدی ان کی خدمت میں حاضر ہوئی اور جا کر سامنے کھڑی ہوگئی۔ اور روتے ہوئے عرض کیا: ﴿یا اماہ جحدوا واللہ حقنا یا اماہ بدد واللہ شملنا یا اماہ استبا حوا واللہ حریمنا یا اماہ قتلوا واللہ الحسین ابانا﴾ "اے اماں! بخدا لوگوں نے ہمارے حق کا انکار کیا۔ اے اماں بخدا لوگوں نے ہماری جمعیت کو پراگندہ کر دیا، ہماری حرمت کا خیال نہ کیا۔ اے اماں! بخدا لوگوں نے ہمارے بابا حسینؑ کو شہید کر دیا۔"

میری یہ داد و فریاد سن کر خاتون قیامت نے مجھ سے فرمایا: ﴿کفی یا سکینة! فقد قطعت نیاط قلبی

[1] انوار نعمانیہ، ص ۳۴۰۔ ملہوف، ص ۱۷۳۔ نفس المہموم، ص ۲۴۹۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

هذا قميص ابيک الحسينؑ لا يفارقني حتى القي الله به﴾ اے سکینہ! خاموش ہو تو نے تو میرے قلب حزین کے ٹکڑے ٹکڑے کر دیئے۔ یہ دیکھو! تمہارے بابا حسینؑ کی قمیص ہے جب تک میں اسے لے کر بارگاہ ایزدی میں پیش نہ ہوں۔ اس وقت تک یہ مجھ سے علیحدہ نہیں ہو سکتی۔[1]

ہند زوجۂ یزید کا خواب دیکھنا

بعض آثار سے معلوم ہوتا ہے کہ جناب سکینہ کے خواب سے ملتا جلتا ایک خواب ہند زوجہ یزید نے بھی بقول صاحب ناسخ التواریخ (ج ۶ ص ۳۵۱) اسی رات (اہل بیت کے وارد دمشق ہونے کی چوتھی رات) دیکھا کہ آسمان کے دروازے کھل گئے ہیں۔ اور فرشتے صف اندر صف زیارت حسینؑ کے لئے اتر رہے ہیں اور کہہ رہے ہیں۔ السلام علیک یا بن رسول اللہ! اسی اثنا میں آسمان سے ایک بادل زمین پر اترا جس سے چند بزرگ برآمد ہوئے ان میں سے ایک بزرگ نے جو سفید رنگ اور قمر نما چہرہ والے تھے۔ اپنے آپ کو حسینؑ کے سر مبارک پر گرا دیا اور ان کے لب و دندان کے بوسے لیتے ہوئے فرمایا: ﴿یا ولدی قتلوک! اتراهم ما عرفوک من شرب الماء منعوک یا ولدی انا جدک رسول اللہ! و هذا ابوک علی المرتضی و هذا اخوک الحسن وهذا عمک جعفر و هذا عقیل و هذان حمزه و العباس﴾ اے فرزند! ان لوگوں نے تجھے شہید کر دیا۔ تمہارا کیا خیال ہے کہ انہوں نے تمہیں نہیں پہچانا؟ اور تجھے پانی پینے سے بھی روک دیا۔ اے فرزند میں تیرا نانا رسولؐ ہوں! یہ تیرے بابا علی مرتضیٰؑ اور یہ تیرے بھائی حسنؑ اور یہ تیرے چچا جعفر عقیل اور یہ حمزہ و عباس ہیں۔ اسی طرح اپنے خاندان کے اور بھی بعض بزرگوں کے نام لئے۔ ہند کہتی ہیں کہ یہ ماجرا دیکھ کر میں گھبرا کر اٹھ بیٹھی۔ سر حسینؑ کو دیکھا کہ اس پر نور برس رہا ہے۔ میں اٹھ کر یزید کو ڈھونڈنے لگی۔ اچانک دیکھا کہ ایک تاریک کمرے میں دیوار کی طرف منہ کئے ہوئے کہہ رہا ہے۔ ما لی و للحسین؟ مجھے حسینؑ سے کیا سروکار تھا؟ ہند نے اپنا خواب بیان کیا مگر یزید سر جھکائے سنتا رہا اور کوئی جواب نہ دیا۔[2] بعض لوگوں کا خیال ہے کہ ہند کا یہ خواب بھی اسیران آل رسول کی جلد رہائی کے اسباب میں سے ایک سبب ہے۔

ہند زوجۂ یزید کا ننگے سر دربار میں نکل آنا

اسیران آل رسولؐ کے قیام دمشق کے زمانہ میں ہند زوجہ یزید کے بارے میں دو روایتیں عام طور پر مشہور ہیں۔ ایک یہ کہ ایک روز وہ قید خانہ میں گئیں اور اسیران اہل بیتؑ کی بڑی آؤ بھگت کی۔ مگر چونکہ یہ روایت کسی قابل اعتبار کتاب میں مذکور نہیں ہے۔ اس لئے اس پر اعتماد نہیں کیا جا سکتا۔ دوسری روایت یہ ہے کہ جب سید الشہداء کا سر

---

[1] ملہوف، ص ۶۔ [2] ناسخ، ج ۶، ص ۳۵۱۔ عاشر بحار، ص ۲۴۳۔ منتخب طریحی، ص ۲۴۹ وغیرہ۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

مبارک یزید کے محل کے دروازہ پر آویزاں کیا گیا۔ (وھو الظاھر من الفاظ الروایۃ) اور اس بات کا ہند کو علم ہوا تو ننگے سر (اور بروایتے ننگے پاؤں بھی[1]) دربار میں نکل آئی۔ اور یزید سے کہا جب کہ وہ مجلس عام جمائے بیٹھا تھا: ﴿یا یزید. اراس ابن فاطمۃ بنت رسول اللہ! مصلوب علی فناء بابی؟﴾ اے یزید! کیا دختر رسول فاطمہ زہراؑ کے فرزند کا سر میرے گھر کے دروازہ پر لٹکایا جائے؟ یزید نے فوراً اٹھ کر اس کے سر پر چادر ڈالی۔ اور مصلحت وقت کے پیش نظر کہا: ﴿نعم فاعولی علیہ یا ھند وابکی علی ابن بنت رسول اللہ و صریحۃ قریش عجّل علیہ ابن زیاد فقتلہ قتلہ اللہ﴾ ہاں اے ہند! یہ سر حسینؑ ہی کا ہے۔ اے ہند! تم فرزند دختر رسول اور خلاصہ دودمان قریش پر خوب گریہ و بکا کرو۔ ابن زیاد نے جلد بازی سے کام لیا اور ان کو قتل کر دیا۔ خدا اسے قتل کرے۔[2]

یہ واقعہ قریباً قریباً مقتل کی تمام کتب معتبرہ وغیرہ معتبرہ میں موجود ہے۔ لہٰذا مجاہد اعظم کے فاضل مصنف کے صرف اسی عقلی استبعاد کی بنا پر اسے غلط نہیں قرار دیا جا سکتا کہ "عقل سلیم اس کو ہرگز قبول نہیں کر سکتی کہ ایک شہنشاہ کی بی بی اس طرح بے حجابانہ مجمع عام میں نکل آئے۔ یزید اس وقت دنیا کا سب سے بڑا تاجدار اور سب سے وسیع سلطنت کا بادشاہ تھا۔ اسی طرح ہندہ بھی دنیا کی ان شاہی بیگمات سے جن کو ملکہ آفاق کہلائے جانے کا شرف حاصل تھا سب سے بڑی شہنشاہ بیگم تھی۔ یزید کے محلات بھی غالباً شاہی قاعدے سے بنے ہوں گے۔ متعدد ڈیوڑیاں اور ہر ڈیوڑی پر خواجہ سراؤں اور محافظوں کا انتظام تھا۔ پھر کیوں کر قیاس میں آ سکتا ہے کہ ہندہ باوجود شاہی انتظامات اور پہرہ چوکی کے اس طرح بے تحاشا اور بے پردہ بھرے دربار میں نکل آتی۔ الخ (مجاہد اعظم، ص ۲۹۳/۲۹۴) کسی کے قیاس میں آئے یا نہ آئے جب ایک واقعہ کتب معتبرہ میں موجود ہے تو اسے اپنی قیاس آرائیوں کی بناء پر مسترد نہیں کیا جا سکتا۔ علاوہ بریں ایسے غیر معمولی واقعات کے وقت ہندہ سے بھی بڑی عظیم الشان بیگمات کے بے مقنعہ و چادر درباروں میں چلے آنے کے متعدد واقعات کتب سیر و تواریخ میں مل جاتے ہیں۔ چونکہ اس خاتون کو ایک گونہ خاندان نبوت سے لگاؤ تھا۔ اس لئے یہ ہولناک منظر دیکھ کر از خود رفتہ ہو گئی۔ اور عالم بے تابی میں یوں بے حجابانہ باہر نکل آئی جیسا کہ ناسخ میں لکھا ہے: ﴿از خرد بیگانہ شد و بے ہوشانہ از سرائے خویش بیروں دوید و بے پردہ بمجلس یزید... الخ﴾ دریں حالات اس بات میں کون سا استبعاد ہو سکتا ہے؟ ہاں البتہ اس سلسلہ میں جو کچھ منتخب طریحی (ص ۲۴۲ طبع بمبئی) میں مرقوم ہے کہ وہ دربار میں آئی تو یزید کو بہت لعن طعن کی اور کہا نہ تو میرا شوہر

---

[1] نفس المہموم، ص ۲۴۹۔

[2] عاشر بحار، ص ۲۲۸۔ جلاء العیون، ص ۲۱۴۔ نفس المہموم، ص ۲۴۶۔ مقتل الحسین خوارزمی، ج ۲، ص ۷۴۔ ناسخ، ج ۶، ص ۳۴۷۔ طبری، ص ۱۴۷۔ ج ۶۔ کامل ابن اثیر، ج ۳، ص ۲۹۸۔ الدمعۃ الساکبہ، ص ۳۸۰۔ ریاض القدس، ج ۲، ص ۳۳۰۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

ہے نہ میں تیری بیوی ہوں اور پھر ناراض ہو کر کہیں چلی گئی۔ یہ واقعہ بالکل بے اصل ہے اور کتب معتبرہ سے اس کی تائید نہیں ہوتی۔ اہل علم جانتے ہیں طریحی کے متفردات قابل اعتماد نہیں ہوتے۔

"تذنیب"

یہ ہند زوجۂ یزید کون تھی؟

عجالۃً جس قدر کتب مقاتل کی سیر کی گئی ہے۔ ان میں صرف اس قدر ملا ہے کہ یہ ہند عبداللہ بن عامر بن کریز کی دختر تھی۔ یزید کی زوجیت میں آنے سے پہلے جناب سید الشہداء کے حرم سرا میں داخل تھی۔[1] سرکار ناصر الملۃ لکھنوی نے اس سوال کو "ہندہ زوجہ یزید کون تھی؟ اسے اہل بیت رسالت سے کیا تعلق تھا؟ اس کا زندان شام میں آنا صحیح ہے یا نہیں۔ اس کے بطن سے کوئی اولاد تھی یا نہیں؟ کے جواب میں تحریر فرماتے ہیں: "بحار الانوار میں منقول ہے کہ ہند زوجہ یزید لعنہ اللہ عبداللہ بن عامر بن کریز کی دختر تھی۔ اور قبل یزید کے وہ زوجہ امام حسین علیہ السلام کی تھی اور اس کا مجلس یزید میں نکل آنا تو روایات معتبرہ میں وارد ہے۔ لیکن زندان شام میں اس کا آنا کسی روایت معتبرہ میں مذکور نہیں ہے۔ اور بنا بر تصریح مورخین مخالفین مثل طبری وابن الاثیر۔ یزید ملعون کا ایک لڑکا بطن ہند بنت عبداللہ بن عمار سے تھا (ہدایات ناصریہ ص ۶) ان سب تاریخی حقائق کے خلاف فاضل مقرم نجفی نے مقتل الحسینؑ کے ص ۱۵ پر یہ لکھا ہے کہ یہ ہند عمرو بن سہیل کی صاحبزادی تھی۔ اور پہلے عبداللہ بن عامر بن کریز کی زوجیت اور کتاب محبر ص ۴۵۰ کے حوالہ سے لکھا ہے کہ عبداللہ سے پہلے عبدالرحمن بن عتاب بن اسید بن العیص کے عقد نکاح میں تھی۔ جب عبداللہ بن عامر کی زوجیت میں تھی تو یزید کو اس کے ساتھ شادی کرنے کی رغبت پیدا ہوئی۔ اس لئے معاویہ نے اپنے چہیتے بیٹے کی آرزو کی تکمیل کے لئے عبداللہ کو جو اس کی طرف سے بصرہ کا گورنر تھا۔ طلاق دینے پر مجبور کر دیا۔ (ایسا ہی مقتل الحسین خوارزمی ج ا ص ۱۵۰ طبری ج ۶ ل ۱۶۷ میں مذکور ہے (مگر اس میں ہند کے باپ کا نام سہیل بن عمرو لکھا ہے) باقی رہی یہ بات کہ اس نے کس طرح سرکار سید الشہداء سے ناطہ توڑا اور کس طرح یزید سے رشتہ جوڑا؟ اس کی تفصیل کتب معتبرہ میں مذکور نہیں ہے۔ واللہ العالم

یزید کا عمرو بن الحسنؑ کو اپنے بیٹے خالد کے ساتھ کشتی لڑنے کی دعوت دینا

ایک بار جب امام زین العابدینؑ کو دربار یزید میں بلایا گیا تو ان کے ساتھ عمرو بن الحسن بھی تھے (بعض کتب میں غلط طور پر عمرو بن الحسینؑ درج ہے) جن کی عمر قریباً گیارہ برس تھی۔ یزید نے اپنے بیٹے خالد کی طرف اشارہ کرتے ہوئے شہزادہ سے کہا: اتصارع ہذا۔ کیا تم اس سے کشتی لڑو گے؟ شہزادہ نے جواب میں کہا: ﴿لا ولکن

---

[1] عاشر بحار، ص ۲۲۸۔ نفس المہموم، ص ۲۴۹۔ دمعہ ساکبہ، ص ۳۸۰۔ ناسخ، ج ۶، ص ۳۴۷۔ مقتل خوارزمی، ج ۲، ص ۷۴ وغیرہ۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

اعطنی سکیناً واعطه سکیناً ثمه اقاتله﴾ ویسے نہیں ہاں اگر مقابلہ کرانے کا خیال ہے تو ایک چھری مجھے دے دو اور ایک اسے دے دو۔ پھر میں اس کے ساتھ مقابلہ کرنے کے لئے تیار ہوں۔ شہزادہ کا یہ جواب سن کر یزید نے یہ ضرب المثل دہرائی: ﴿شنشنة اعرفها من اخزم هل تلد الحية الا الحية﴾۔[1]

یزید کا قتل امامؑ کی سازش کرنا اور اس میں ناکام ہونا

مدائنی کا بیان ہے کہ جب امام زین العابدینؑ نے دربار یزید میں وہ خطبہ پڑھا جس میں اپنے حسب ونسب کا تذکرہ تھا تو یزید نے آتش حسد سے بیخ پا ہو کر اپنے ایک پولیس ملازم کو حکم دیا کہ ان کو فلاں باغ میں لے جا کر قتل کر دو اور پھر وہیں دفن کر دو۔ چنانچہ وہ شخص امام کو اس باغ میں لے گیا۔ اور قبر کھودنے لگا۔ سید الساجدینؑ نے لمحات فرصت کو غنیمت سمجھتے ہوئے نماز پڑھنا شروع کر دی۔ جب وہ قبر کھود چکا اور قتل امام کا ارادہ کیا تو یکا یک ہوا سے ایک دست غیبی نمودار ہوا۔ اور اسے ایک ایسا تھپڑ رسید کیا کہ وہ مدہوش ہو کر منہ کے بل گر پڑا۔ صرف ایک چیخ ماری اور پھر واصل جہنم ہو گیا۔ اتفاق سے خالد بن یزید یہ وحشت ناک منظر دیکھ رہا تھا اس نے واپس جا کر یزید سے یہ تمام ماجرا بیان کیا۔ یزید نے حکم دیا کہ اس قبر میں اس شخص کو دفن کر دو اور امام کو چھوڑ دو۔[2]

جناب سکینہ بنت الحسینؑ کے زندان شام میں وفات پانے کی رد

من جملہ ان قصص وحکایات کے جو بالکل بے بنیاد و بے سروپا ہیں۔ اور ان کی اصلاً کوئی اصلیت وحقیقت نہیں ہے۔ ایک قصہ بھی ہے کہ جناب سکینہ بنت الحسینؑ نے شدائد ومصائب زندان کی تاب نہ لاتے ہوئے قید خانہ میں (اور وہ بھی قید تنہائی میں وفات پائی۔ اس سراسر غلط اور کذب محض روایت کو بڑے درد انگیز اور رقت خیز پیرایہ میں بیان کیا جاتا ہے۔ مگر افسوس کہ اس میں کوئی اصلیت نہیں بلکہ بالکل کذب عظیم اور افترائے جسیم ہے۔ فریقین کے تمام مورخین اور علمائے انساب کا اتفاق ہے کہ آپ واقعہ کربلا کے بعد مدت مدید تک زندہ رہیں۔ اور ۱۱۷ھ میں رحلت فرمائی۔ جو غلط واقعات آپ کی طرف منسوب کئے جاتے ہیں۔ تاریخی شواہد ودلائل اور عقلی براہین سے ان کو غلط ثابت کرنا چاہیے۔ یہ منفی طریقہ کار کسی طرح بھی مستحسن نہیں کہ تمام مسلمہ تاریخی حقائق کا انکار کر کے ان کی وفات کا نظریہ اختیار کیا جائے تمام کتب سیر وتواریخ اور مقاتل موجود ہیں۔ کسی ایک قابل اعتماد کتاب میں بھی جناب سکینہؑ کے زندان شام میں وفات پانے کا نام ونشان تک نہیں ملتا۔ زیادہ سے زیادہ بعض کتب[3] میں سید الشہداؑ کی ایک تین سالہ بچی

---

[1] عاشر بحار، ص ۲۲۸۔ نفس المہموم، ص ۲۵۰۔ مقتل وغیرہ۔

[2] تظلم الزہرا، ص ۲۷۶۔ عاشر بحار، ص ۲۲۷۔ الدمعۃ الساکبہ، ص ۳۸۰۔ ناسخ، ج ۶، ص ۳۴۶۔

[3] اسرار شہادت، ص ۵۳۳، بحوالہ منتخب طریحی۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

کی وفات کا تذکرہ موجود ہے۔ مگر اس روایت میں بھی چونکہ اس صاحبزادی کے نام کی قطعاً کوئی تصریح موجود نہیں ہے۔ اس لئے بعض ارباب مقاتل کا خیال ہے کہ اس بچی کا نام رقیہ تھا۔ اور بعض نے زینب لکھا ہے اور بعض نے فاطمہ[1] اگرچہ ہمارے نزدیک یہ روایت بھی چنداں قابل اعتبار نہیں ہے۔ کیونکہ ہم سابقہ اوراق میں کتب فریقین سے ثابت کر آئے ہیں۔ کہ جناب سید الشہداء کی کل دو صاحبزادیاں تھیں ایک جناب فاطمہ دوسری جناب سکینہ۔ لہٰذا جب کسی اور دختر کا وجود ہی ثابت نہیں تو پھر اس کی وفات کیونکر باور کی جا سکتی ہے؟ اور بنا بر تسلیم وہ صاحبزادی کوئی اور ہیں پر زیادہ بحث و تمحیص کرنے کی ضرورت نہیں۔ ہاں البتہ ہمارے شعراء اور ذاکرین نے اس کو بڑی اہمیت دے رکھی ہے۔ اس لئے یہاں ایک متقدر عالم جلیل مولانا سید ناصر حسین صاحب لکھنوی کی تحقیق کا درج کر دینا مناسب اور کافی ہے۔ یہ بزرگوار ایک سوال کے جواب میں تحریر فرماتے ہیں:

"جناب سکینہ کا زندان شام میں انتقال کرنا بالکل غلط اور طریق معتبر سے ثابت ہے کہ آپ بعد جناب سید الشہداء علیہ السلام ایک مدت تک زندہ رہیں۔ البتہ کتاب منتخب فخر الدین طریحی میں ایک روایت ایسی موجود ہے جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ امام حسین علیہ السلام کی ایک صاحبزادی نے جن کا سن تین سال تھا۔ زندان شام میں انتقال فرمایا۔ اور چونکہ اس روایت میں صاحبزادی کا کوئی نام درج نہیں ہے۔ لہٰذا بالیقین نہیں کہا جا سکتا کہ ان کا نام کیا تھا لیکن ممکن ہے کہ نام ان کا زینب ہو۔ اس لئے بنا بر ایک قول کے جناب سید الشہداء تین صاحبزادیاں تھیں۔ ایک فاطمہ دوسری سکینہ تیسری زینب اور چونکہ فاطمہ و سکینہ کا بعد جناب سید الشہداء مدت تک موجود رہنا ثابت ہے۔ اور ان کے بعض حالات موثق طریق پر وارد ہیں۔ اور زینب بنت الحسینؑ کا کوئی حال ثابت نہیں۔ لہٰذا قرین قیاس معلوم ہوتا ہے کہ جن صاحبزادی نے زندان شام میں انتقال کیا۔ وہ زینب بنت الحسین ہیں۔[2]

اسی طرح مجاہد اعظم کے فاضل مصنف نے بھی (از ص ۲۹۱ تا ص ۲۹۳) بڑے شد و مد اور تاریخی شواہد و دلائل سے اس واقعہ کا بے سروپا اور کذب محض ہونا ثابت کیا ہے۔ (فراجع)

اسیران اہل بیتؑ کتنا عرصہ زندان شام میں رہے؟

اسیران اہل بیتؑ کب تک دار السلطنت شام میں رہے؟ کب رہا ہو کر مدینہ روانہ ہوئے؟ یہ تلخ حقیقت بہت ہی افسوس ناک ہے کہ تمام کتب سیر و تواریخ اور مقاتل اس سلسلہ میں خاموش نظر آتی ہیں اور کوئی ایسی قابل اطمینان روایت نہیں ملتی۔ جس کی بنا پر پورے انشراح صدر اور قلبی اطمینان کے ساتھ کوئی حتمی فیصلہ کیا جا سکے۔ کتب

---

[1] ریاض القدس، ج ۲، ص ۳۲۴۔

[2] ہدایات ناصریہ، ص ۵۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

قدیمہ میں جو بعض جلی یا خفی اشارات ملتے ہیں وہ اس قدر مختصر اور نامکمل ہیں کہ ﴿لا یسمن ولا یغنی من جوع﴾ کے مصداق ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ اس سلسلہ میں اہل علم کے آراء و نظریات میں شدید اختلاف نظر آتا ہے۔

ھر قوم راہ است راھے۔ دینے و قبلہ گاھے

اس سلسلہ میں اختلاف آراء کا نمونہ

ذیل میں ہم اس اختلاف وافتراق کا ایک جامع خاکہ پیش کرتے ہیں تاکہ قارئین کرام کو کچھ اندازہ ہو جائے کہ یہ موضوع کس طرح اختلاف آراء کی آماجگاہ بنا ہوا ہے۔ اور ان حالات میں اصل حقیقت تک رسائی حاصل کرنا کس قدر مشکل ہے؟

۱۔ صاحب روضۃ الشہداء اور صاحب مہیج الاحزان کا خیال تو یہ ہے کہ جب اسیران آل رسول دربار یزید میں پیش ہوئے تو وہ ان کی خستہ حالی دیکھ کر اس قدر متاثر ہوا کہ اسی وقت رہائی کا حکم دے دیا اور عزت واحترام کے ساتھ پیش آیا۔

۲۔ خوارزمی نے مقتل الحسین (ج ۲ ص ۷۴) میں یہ لکھا ہے کہ اسارائے آل محمدؐ کا صرف تین دن دمشق میں قیام رہا۔ اس اثنا میں امام حسین پر گریہ وبکاء کا سلسلہ جاری رہا۔ سید عبد الرزاق المقرم النجفی صاحب مقتل الحسین (ص ۴۳۳) کا میلان بھی اسی قول کی طرف ظاہر ہوتا ہے۔

۳۔ ارشاد شیخ مفیدؒ (۲۷۰) میں صرف اس قدر لکھا ہے: ﴿فاقاموا ایاماً﴾ شام میں چند یوم قیام رہا۔

۴۔ کتاب شہید اعظم جناب ریاض بنارسی (ج ۲ ص ۴۱۹ پر) لکھا ہے اہل بیتؑ چھ دن دمشق میں رہے۔

۵۔ منتخب طریحی (ص ۲۴۹) تقمام (۴۸۸) تظلم الزہراء (ص ۲۸۷) عاشر بحار الانوار (ص ۲۴۳) ناسخ ج ۶ ص ۳۵۱ میں لکھا ہے کہ سات دن میں قیام رہا۔ اور اس اثنا میں برابر امام حسین پر نوحہ و ماتم ہوتا رہا۔ اور آٹھویں روز رہائی عمل میں آئی۔

۶۔ امالی شیخ صدوق (ص ۱۰۱) ملہوف (۱۶۸) تظلم الزہراء (ص ۴۷۸) دمعہ ساکبہ (۳۸۰) لوائح الاشجان ص ۱۸۴ نفس المہموم (ص ۲۵۲) روضۃ الواعظین (ص ۲۳۰) میں یہ لکھا ہے کہ اسیران آل رسول کو ایک ایسے قید خانہ میں (جو سردی وگرمی سے بچا نہ سکتا تھا اتنے دنوں تک قید رکھا گیا کہ مخدرات کے چہرے جھلس گئے۔

۷۔ آقائے دربندی نے اسرار الشہادت (ص ۵۲۶) پر مذکورہ بالا واقعہ سے استدلال کرتے ہوئے یہ لکھا ہے کہ ﴿فان فرضنا ھا اقل من مدۃ شھر فلا یجوز ان نفرضھا اقل من من عشرین او خمسۃ عشر یوماً﴾ اگر ہم مدت قید کو ایک ماہ سے کم بھی فرض کریں۔ تو بیس یا پندرہ دن سے کم تو کسی طرح فرض نہیں کر سکتے

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

دلیل ان کی یہ ہے کہ اتنے دنوں سے پہلے ﴿تقشّر وجوہ﴾ (چہروں کا جھلسنا) ممکن نہیں۔

۸۔ سید اجل ابن طاؤس نے کتاب اقبال میں یہ لکھا ہے (علی نقل عنہ فی تظلم الزہراء ص ۲۸۷) کہ ایک ماہ تک سلسلہ قید و بند نے طول کھینچا۔

۹۔ سید طباطبائیؒ نے حاشیہ ریاض المصائب پر مدت قید چالیس روز بتائی ہے اور سید سہارنپوری نے جلاء العینین فی سیرۃ علی بن الحسینؑ میں اسی قول کو اختیار کیا ہے۔

۱۰۔ کتاب سیرت زینب سلام اللہ علیہا مطبوعہ حیدر آباد دکن (ص ۲۵۳ پر) مدت قید چھ ماہ درج ہے

۱۱۔ اردو کی بعض کتب متداولہ میں مدت قید ایک سال بھی ملتی ہے۔

یہ ہیں وہ تمام مختلف اقوال جو اس موضوع پر ہمیں کتب مقاتل میں دستیاب ہو سکے ہیں۔ اب اگرچہ ان میں سے اصل حقیقت کا کھوج لگانا جوئے شیر لانے سے بھی زیادہ مشکل ہے۔ تاہم ذیل میں بتائید ایزدی اصل حقیقت کے چہرہ سے نقاب کشائی کرنے کی کوشش کی جاتی ہے۔ و بیدہ ازمۃ التحقیق

مخفی نہ رہے کہ سب سے پہلے ضروری ہے کہ اس سلسلہ میں کتب حدیث کی ورق گردانی کی جائے کہ آیا اس موضوع کی بابت آئمہ اہل بیت کی کوئی تصریح ملتی ہے یا نہیں؟ اور اگر آئمہ معصومینؑ کی کوئی تصریح مل جائے تو اسے تمام اقوال و آراء پر مقدم سمجھا جائے گا۔ جہاں تک ہم نے گلستان اخبار اہل بیت اطہار کی سیر کی ہے۔ ہمیں اس سلسلہ میں صرف دو روایتیں ملی ہیں۔ ایک میں قید خانہ کی اجمالی کیفیت تو مذکور ہے۔ مگر اس میں مدت قید کا کوئی تذکرہ نہیں ہے۔ یہ روایت بصائر الدرجات ص ۳۴۸ طبع ایران میں امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے۔ اور دوسری روایت میں مدت قید کا تذکرہ موجود ہے۔ یہ روایت بھی سند صحیح بصائر الدرجات (ص ۳۳۹ پر) مروی ہے۔ اور اس کے حوالہ سے بحار۔ ناسخ۔ مقتل اور اسرار وغیرہ میں مذکور ہے۔ اور یہ روایت امام زین العابدین علیہ السلام سے مروی ہے۔ روایت قدرے طویل ہے اس کے آخر میں امام علیہ السلام فرماتے ہیں ﴿فمکثنا یومین ثم دعانا و اطلق عنا﴾ ہم مکمل دو دن زندان شام میں رہے۔ پھر تیسرے دن یزید نے ہمیں بلا کر رہا کر دیا۔

بنابریں ہماری تحقیق کے مطابق مذکورہ بالا اقوال میں سے پانچواں قول اقویٰ ہے۔ یعنی اسیران آل رسول کا سات روز شام میں قیام رہا اور آٹھویں روز رہائی ہوئی اور واپس مدینہ تشریف لے گئے۔

عند التحقیق تیسرا و چوتھا اور چھٹا قول بھی اس پر منطبق ہو سکتا ہے۔ اور یہ آٹھ روز اس طرح بنتے ہیں۔ سابقاً بیان کیا جا چکا ہے کہ یہ اسارائے اہل بیت کا قافلہ یکم صفر کو شہر شام اور پھر دربار میں وارد ہوا۔ تین دن قید میں رہے تیسرے دن یزید نے رہائی کا حکم صادر کیا۔ اور مخدرات عصمت و طہارت کی خواہش پر تین روز تک خود یزید کے گھر

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

میں سید الشہداءؑ پر گریہ و بکاء اور مراسم عزا کا اظہار کیا گیا۔ جس میں شام کی خواتین قریش نے بھی برابر حصہ لیا[1] اس طرح سات روز پورے ہو گئے اور آٹھویں روز بسوئے مدینہ روانگی عمل میں آئی اور یہ جو ہم نے کہا ہے کہ تیسرا چوتھا اور چھٹا قول بھی اس پر منطبق ہوتا ہے! اس کی وجہ یہ ہے کہ تیسرے قول میں صرف چند یوم کی قید کا تذکرہ ہے۔ معلوم ہوتا ہے اس میں داخلہ شام اور رہائی کے بعد والے دو دن شامل نہیں کئے گئے ورنہ وہی آٹھ یوم بن جاتے باقی چھٹا قول کہ اتنا عرصہ اسیران اہل بیت زندان میں رہے کہ مخدرات کے چہرے جھلس گئے یہ بھی اس پر منطبق ہو سکتا ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ گرمیوں کے موسم میں چہروں کے جھلسنے کے لئے بقول صاحب اسرار الشہادت پندرہ بیس دن کی مدت ضروری نہیں ہے۔ یہ کیفیت دو تین روز بلکہ اس سے بھی کم عرصہ میں پیدا ہو سکتی ہے۔ بالخصوص جب کہ یہ بھی ملحوظ رکھا جائے۔ کہ یہ ان ستم رسیدہ پردگیانِ عصمت و طہارت اور ناز پروردگیانِ گودِ زہراءؑ کی روئیداد ہے۔ جنہوں نے کبھی دن کے وقت روضہ رسولؐ کی زیارت بھی نہیں کی تھی۔ اگر صرف ایک دن کی دھوپ سے بھی ان کی یہ کیفیت ہو جائے۔ تو کوئی جائے تعجب نہیں ہے۔ لہٰذا صرف اس واقعہ سے مدت قید کو کم از کم پندرہ بیس دن یا اس سے کم و بیش تسلیم کرنا۔ جیسا کہ صاحب اسرار الشہادت (ص ۵۲۶ اور صاحب ریاض القدس ج ۲ ص ۳۲۱) کا خیال ہے کوئی وزنی استدلال نہیں ہے۔ اسی استدلال کو رد کرتے ہوئے فاضل میبدی نے اپنے کشکول (ص ۱۵ طبع ایران) پر لکھا ہے ﴿ان ذلک یمکن ان یحصل فی ایام قلیلة﴾ اس کیفیت کا بالکل تھوڑے دنوں میں حاصل ہونا ممکن ہے۔

SIBTAIN.COM
Presented By: www.jafrilibrary.com

ایک غلطی کا ازالہ

مذکورہ بالا حدیث امام میں وارد شدہ فقرہ ﴿و اطلق عنا﴾ کی صاحب ریاض القدس نے (ج ۲ ص ۳۱۸) پر ریاض الاحزان کے حوالہ سے یہ تاویل بیان کی ہے ﴿ای یفک الاغلال و الحبال﴾ ﴿یعنی غلهارا از گردن مردان که دوازده نفر بودند برداشتند﴾۔ یعنی دو دن کے بعد یزید نے بارہ اطفال بنی ہاشم کی رسیاں کاٹ دیں اور گلے سے طوق اتار دئے۔ یہ تاویل اس لئے علیل ہے کہ پہلے ثابت کیا جا چکا ہے کہ دربار میں پیشی کے وقت ہی غل و جامعہ اتار دئے گئے تھے اور رسیاں کاٹ دی گئی تھیں۔ بعد ازاں کسی روایت میں یہ وارد نہیں ہے کہ قید خانہ میں دوبارہ یہ طوق گلے میں ڈالے گئے تھے۔ لہٰذا جب طوقوں کا دوبارہ پہنانا ہی ثابت نہیں تو اتارے جانے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ اسی طرح صاحب اسرار الشہادت نے (ص ۵۲۶ پر) اس کی جو تاویل کی ہے کہ شاید اس سے مراد یہ ہو کہ رومی داروغوں کی گفتگو کے بعد دو دن مزید قید میں رہے اور پھر رہائی کا حکم ملا یہ تاویل بھی دور از قیاس اور سیاق و سباق کے خلاف ہونے کی وجہ سے نا قابل التفات ہے۔ کما لا یخفی۔

---

[1] عاشر بحار، ص ۲۲۸۔ مقتل الحسین للخوارزمی، ج ۲، ص ۷۴۔ تظلم الزہراء، ص ۲۷۵۔ مقتل الحسین للمقرم، ص ۴۳۳ وغیرہ۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

پانچویں قول کی صحت پر شواہد

اس قول کی صحت وقوت کی چند وجوہ ہیں۔

وجہ اول:۔ اسے اخبار آئمہ اور اکثر ناقلین آثار کی تائید حاصل ہے اور دوسرے اقوال اس سے محروم ہیں۔

وجہ دوم:۔ اس سے زیادہ عرصہ تک مدت قید کا تسلیم کرنا۔ علاوہ اس کے کہ اس پر کوئی روایت دلالت نہیں کرتی خلاف روایت بھی ہے کیونکہ مزید مدت تک ان کو قید و بند میں رکھنا مفاد ملکی کے خلاف تھا ہم عنقریب رہائی کے اسباب پر تبصرہ کرتے ہوئے تفصیل سے بیان کریں گے کہ یزید کا یہ خیال سراسر غلط فہمی پر مبنی تھا کہ شہادت حسینؑ کے بعد مخدرات کی اس طرح تشہیر کر کے وہ اپنے تسلط و اقتدار کا لوہا اہل عالم سے منوا لے گا۔ اس پر اپنے اس زعم باطل کا بطلان پہلے دن ہی دربار میں پیشی کے بعد واضح و عیاں ہو گیا تھا۔ تاریخی بیانات سے ظاہر ہے کہ جوں جوں لوگ حقیقت حال سے آگاہ ہوتے جاتے تھے۔ توں توں یزید سے ان کی نفرت بڑھتی جاتی تھی اور انقلاب کے آثار واضح و آشکار ہونے لگے تھے۔ اس لئے یزید نے اپنی اور اپنی حکومت کی سلامتی اسی میں دیکھی کہ ان کے ساتھ مدارات سے پیش آئے۔ اور جلدی رہائی کے احکام صادر کرے۔ چنانچہ اس نے ایسا ہی کیا۔ شہادت حسینؑ کی ذمہ داری ابن زیاد کے سر تھوپتے ہوئے جلد رہائی کے احکام جاری کئے اور حسن سلوک کے ساتھ مدینہ پہنچا دیا۔

وجہ سوم:۔ دوسرے اقوال کا بے دلیل ہونا بھی اس قول کی تقویت کا باعث ہے۔ جہاں تک پہلے قول کا تعلق ہے۔ وہ جمہور ارباب تاریخ کے بیانات کے مخالف ہونے کی وجہ سے ناقابل التفات ہے۔ اور سراسر تفریط پر مبنی ہے۔

دوسرا قول:۔ ﴿حفظت شیئاً و غابت عنک اشیاء﴾ کا مصداق ہے۔ یہ درست ہے کہ روایت امام میں تین دن قید کا تذکرہ ہے۔ مگر اس میں یہ مذکور نہیں ہے کہ تیسرے دن شام سے روانگی بھی عمل میں آ گئی۔ لہٰذا جب دوسرے آثار سے آشکار ہے کہ کم از کم تین یوم دار السلطنت میں ماتم اور گریہ و بکاء کے لئے قیام کیا گیا تو اسے کیونکہ نظر انداز کیا جا سکتا ہے۔ مخفی نہ رہے کہ جن آثار میں سات یوم نوحہ و بکا کرنا وارد ہے اس سے مراد پوری مدت قیام شام ہے۔ بشمول ایام زندان کیونکہ یہ سلسلہ زندان میں بھی جاری رہا تھا۔ (کما تقدم)

تیسرا، چوتھا اور چھٹا قول تو اس قول کے ساتھ موافق ہے۔ ان میں درحقیقت کوئی تضاد تصادم نہیں ہے۔ جیسا کہ قبل ازیں واضح کیا جا چکا ہے۔

ساتواں قول:۔ پندرہ بیس دن والا ہے۔ اس پر بھی سطور بالا میں تبصرہ کر دیا گیا ہے کہ ان حضرات کا ذاتی خیال ہے جس کی بنیاد پر کسی مضبوط اساس پر قائم نہیں ہے۔

آٹھواں قول:۔ ایک ماہ قید والا ہے۔ اس کی تائید بھی کسی روایت سے نہیں ہوتی۔ صاحب تظلم الزہراء نے

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

ص ۲۸۷ پر اس قول پر نقد تبصرہ کرتے ہوئے لکھا ہے: ﴿لم نظفر علی روایة دلت علی مقامهم فیها مدة شهر﴾ ہمیں کوئی ایسی روایت نہیں ملی۔ جو اس بات پر دلالت کرے کہ اسیران اہل بیتؑ کا قیام شام میں ایک ماہ تک رہا۔

نواں قول:۔ جس میں چالیس دن مدت قید بیان کی گئی ہے۔ یہ بھی آٹھویں قول کی طرح بے ماخذ و بے دلیل ہونے کی وجہ سے نا قابل قبول ہے۔

جہاں تک دسویں اور گیارہویں قول کا تعلق ہے۔ ان کی رکاکت و کمزوری محتاج بیان نہیں ہے۔ علاوہ اس کے کہ کتب سیر و تواریخ و مقاتل میں ان کا کہیں نام و نشان تک موجود نہیں (اور ظاہر ہے کہ ایسے بے سروپا اقوال کے تسلیم کرنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا) یہ قول روایت کے بھی سراسر خلاف ہیں۔ اگر یزید اتنی طویل مدت تک خاندان نبوت کو قید و بند میں رکھتا تو ملک میں انقلاب آ جاتا۔ ان اقوال کے لکھنے والے حضرات نے جہاں کسی روایت کی ضرورت نہیں سمجھی۔ وہاں از روئے قانون درایت سیاسیات ملکیہ کے قوانین و آئین کو بھی پیش نظر رکھنے کی زحمت گوارا نہیں کی۔ پس جب اس پانچویں قول کے علاوہ جس قدر اقوال ہیں وہ یا تو اس کے موافق ہیں اور یا پھر روایت و درایت کے مخالف ہونے کی وجہ سے نا قابل اعتبار ہیں۔ تو اس سے باوجوہ اس قول کی صحت و صداقت بالکل بے غبار اور واضح و آشکار ہو جاتی ہے۔ وہو المطلوب!!

SIBTAIN.COM

وجہ چہارم:۔ اگر قول کو صحیح تسلیم کر لیا جائے تو پھر وقت واپسی پہلی اربعین پر اسیران آل رسول کا کربلا پہنچنا اور جناب جابر بن عبداللہ کے ساتھ وہاں ملاقات کرنا (جیسا کہ مشہور ہے) ممکن الوقوع ہو جاتا ہے۔ بخلاف اس کے کہ اگر زیادہ مدت والے اقوال کو درست مانا جائے تو پھر مذکورہ بالا واقعہ سے انکار کے سوا کوئی چارہ کار نہیں ہے۔ کیونکہ جو حضرات اس واقعہ کی صحت کے منکر ہیں۔ وہ یہی دلیل پیش کرتے ہیں کہ اس قدر طویل مدت تک قید و بند میں رہنے کے بعد کیونکر پہلی اربعین کو کربلا واپس پہنچ سکتے ہیں؟ اور جو بوجہ قلت وقت آمد و رفت اور قید و بند کی وجہ سے اس کے منکر ہیں۔ ہماری سابقہ تحقیقات سے ان کے استبعادات کے جوابات واضح ہو جاتے ہیں۔

رہائی اہل بیتؑ اور اس کے علل و اسباب

یزید عنید کا شہادت حسینؑ کا حکم دینا اور پھر اس پر رضامند اور مسرور و شاد کام ہونا، مخدرات عصمت و طہارت کو دیار و امصار میں تشہیر کرانا، سر مقدس اور خانوادہ عصمت کے ساتھ پہلے سخت توہین آمیز سلوک کرنا جوش مسرت اور ظاہری فتح و نصرت اور نشہ اقتدار سے چور چور ہو کر کفریہ اشعار پڑھنا تاریخ اسلام کے وہ مسلم الثبوت واقعات ہیں۔ جن کا نہ تو کسی سے انکار ممکن ہے اور نہ ہی کسی یزید نواز فرد یا گروہ کے پردہ ڈالنے سے ان پر پردہ ڈالا جا سکتا ہے۔ برادران اسلامی کے فاضل گرامی علامہ سعد الدین تفتازانی نے بالکل صحیح لکھا ہے کہ ﴿الحق ان رضا یزید

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

بقتل الحسین رضی اللہ عنہ واستبشارہ بذلک واھنۃ اھل بیت النبی علیہ السلام مما تواتر معناہ وان کان تفاصیلھا احاداً فنحن لا نتوقف فی شانہ بل فی ایمانہ لعنۃ اللہ علیہ وعلی انصارہ واعوانہ﴾ حق یہ ہے کہ یزید کا قتل حسینؑ پر راضی اور خوش وخرم ہونا۔ اور اس کا اہلبیت رسولؐ کی اہانت کرنا اس پر تواتر معنوی موجود ہے۔ اگرچہ ان واقعات کی تفاصیل بطریق احاد مروی ہیں۔ بنابریں ہم اس کے بے ایمان ہونے میں ذرہ بھر توقف نہیں کرتے۔ خدا اس پر اور اس کے اعوان انصار پر لعنت کرے۔[1]

شہادت حسینؑ کے بعد خاندان رسولؐ کی اس طرح تذلیل وتوہین سے یزید کا بظاہر جو مقصد تھا کہ وہ اس طرح اس خانوادہ کے اثر ورسوخ کو ختم کر کے اہل عالم پر اپنی دھاک بٹھا سکے گا۔ اور اس کا اقتدار مضبوط سے مضبوط تر ہو جائے گا۔ حالات نے بہت جلد یزید پر اس کے خیال کے غلط ہونے کو واضح وآشکار کر دیا۔ کربلا کی شیر دل خاتون نے اپنے غیر فانی خطبوں کے ذریعہ سے یزید کے ظلم وستم کو طشت از بام کر کے اس کے ایوان اقتدار کے ستونوں کو صرف ہلایا ہی نہیں بلکہ بالکل کھوکھلا کر دیا۔ چنانچہ ہر چہار طرف حتیٰ کہ خود اپنے افراد خانہ کی طرف سے بھی اس کی لعنت ملامت ہونے لگی۔ ملک میں انقلاب کے آثار نمودار ہونے لگے۔ خانہ جنگی کا شدید خطرہ پیدا ہو گیا۔ یزید کو ان بدلتے ہوئے حالات کی سنگینی کا پورا پورا احساس ہو گیا تھا۔ اس لئے ان حالات میں اس نے اپنی اور اپنی سلطنت کی حفاظت وبقا اس امر میں دیکھی کہ شہادت حسینؑ کی ذمہ داری ابن زیادہ پر ڈال کر اس سے اپنی برات وبیزاری کا اظہار کرے اور اسیران آل رسولؐ کی جلد رہائی کے احکام جاری کرے۔ چنانچہ اس نے ایسا ہی کیا۔

مذکورہ بالا تاریخی مسلم الثبوت حقائق کی تائید علامہ جلال الدین سیوطی اور مؤرخ شہیر ابن اثیر جزری کے حقیقت وافروز بیانات سے بھی ہوتی ہے جو اکثر وبیشتر خود یزید کے بیانات سے ماخوذ ہیں۔ اول الذکر لکھتے ہیں ﴿ولما قتل الحسین و بنوابیہ بعث ابن زیاد برؤسھم الی یزید فسر بقتلھم اوّلاً ثم ندم لما مقتہ المسلمون علی ذلک وابغضہ الناس وحق لھم ان یبغضوہ[2]﴾ جب امام حسینؑ اور ان کے بھائی (اور دیگر اعزا وانصار) شہید ہو گئے۔ اور ابن زیاد نے ان کے سر یزید کے پاس بھیج دیے تو وہ پہلے تو ان کے قتل سے بہت خوش ہوا۔ پھر جب لوگوں نے اس کے فعل شنیع کی وجہ سے اسے برا سمجھنا شروع کیا اور ان کو اس کا حق بھی تھا کہ اسے برا سمجھیں تب اس نے ندامت کا اظہار کیا۔

اور ثانی الذکر قمطراز ہیں: ﴿لما وصل راس الحسین الی یزید حسنت حال ابن زیاد عندہ وزادہ و وصلہ و سرۃ ما فعل ثم لم یلبث الایسیراً حتی بلغہ بغض الناس و لعنھم وسبھم فندم علی

---

[1] شرح عقائد نسفی، ص ۱۸۱، طبع اسلامبول۔

[2] تاریخ الخلفاء، ص ۲۰۸، طبع جدید۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

قتل الحسین فکان یقول وما علی لو احتملت الاذی وانزلت الحسین معی فی داری وحکمة فیما یریدوان کان علی فی ذلک وهن فی سلطانی حفظا الرسول اللّٰہ صلّی اللّٰہ علیه و سلّم و رعایة لحقه و قرابته لعن اللّٰہ ابن مرجانة فانه اضطره وقد سئله ان یضع یده فی یدی اویلحق بثغر حتی یتوفاه اللّٰہ فلم یجبه الی ذلک فقتله فبغضنی بقتله الی المسلمین وزرع فی قلوبهم العداوة فابغضنی الی البر والفاجر لما استعظموه من قتل الحسین مالی ولا بن مرجانة لعنة اللّٰہ و قتله[1]

یعنی جب امام حسینؑ کا سر مبارک یزید کے پاس پہنچا تو اس کی نظر میں ابن زیاد کی وقعت اور بڑھ گئی۔ اور جو کچھ اس نے کیا تھا اس نے یزید کو مسرور وشاد کام کیا۔ چنانچہ اس نے اس کو انعام واکرام سے بھی نوازا[2] لیکن ابھی بہت ہی تھوڑا وقت گذرا تھا کہ یزید کو یہ اطلاعیں ملنے لگیں کہ لوگ اس کو برا سمجھنے لگے ہیں۔ اور یہ کہ انہوں نے اس کو لعن وطعن اور سب وشتم کرنا شروع کر دیا ہے۔ اس لئے اب اس نے شہادت حسینؑ پر اپنی ندامت کا اظہار کرتے ہوئے کہا: میرا کیا نقصان ہوتا اگر میں اذیت برداشت کر لیتا اور حسینؑ کو یہاں اپنے پاس اپنے گھر میں رکھ لیتا۔ اور وہ جو کچھ چاہتے ان کو کرنے دیتا۔ اگرچہ اس سے میرے اقتدار میں کمزوری پیدا ہو جاتی۔ لیکن حق رسول اور ان کی قرابتداری کی حفاظت ورعایت تو ہو جاتی۔ خدا لعنت کرے ابن مرجانہ پر جس نے ان کو مجبور کر کے قتل کر دیا حالانکہ حسینؑ نے اس سے کہا تھا کہ مجھ سے آ کر صلح کی گفتگو کر لیں۔ یا کسی سرحد کی طرف نکل جائیں۔ مگر اس نے ان کی بات نہ مانی (اس آخری پیراگراف پر ہم سابقہ بعض ابواب میں تفصیل کے ساتھ گفتگو کر چکے ہیں۔ ناقل) اس طرح ان کو قتل کر کے مجھے مسلمانوں کی نگاہوں میں مبغوض بنا دیا۔ اور میرے خلاف دلوں میں دشمنی کا بیج بو کر مجھے ہر نیک وبد کی نظر میں برا بنا دیا۔ مجھ سے ابن مرجانہ کو کیا کد تھی؟ خدا اس پر لعنت کرے اور اسے قتل کرے۔

بعض آثار سے یہ بھی واضح ہوتا ہے کہ یزید نے عامۃ المسلمین کی آنکھوں میں دھول ڈالنے اور آل رسول کی اشک شوئی کرنے کے لئے کچھ لوگوں سے پوچھ گچھ بھی کی۔ مگر ان میں سے بعض نے اصل حقیقت کو بالکل بے نقاب کر کے الٹا اسے دربار عام میں ذلیل ورسوا کر دیا۔

چنانچہ بعض کتب میں وارد ہے کہ یزید نے بعض قائدین لشکر مثل شبث بن ربعی، شمر بن ذی الجوشن، سنان

---

[1] کامل ابن اثیر، ج ۳، ص ۳۰۰، طبع جدید۔

[2] منجملہ ان قطعی دلائل کے جو شہادت حسینؑ پر یزید کی رضامندی پر دلالت کرتے ہیں ایک دلیل یہ بھی ہے کہ اگر وہ اس بات پر راضی نہ تھا اور نہ قتل حسینؑ کو جائز سمجھتا تھا۔ بلکہ اس کے نزدیک یہ ابن زیاد کے طغیان وسرکشی کا نتیجہ تھا تو پھر لازم تھا کہ اس سے قصاص وانتقام لینے کا کوئی انتظام کرتا مگر اس کے متعلق تاریخ خاموش ہے بلکہ اس کے برعکس اس کو انعام واکرام سے نوازنا ثابت ہے۔ بعد ازیں کون دشمن عقل وخرد یہ باور کر سکتا ہے کہ یہ سب کچھ یزید کے حکم اور اس کی رضامندی کے بغیر ہوا۔!! (منہ عفی عنہ)

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

بن انس نخعی، مصائب بن وہیہ اور خولی بن یزید اصبحی وغیرہ کو دربار میں بلایا۔ پہلے شبث کو خطاب کر کے کہا کیا تو نے حسینؑ کو قتل کیا ہے؟ اور کیا میں نے تمہیں ان کو قتل کرنے کا حکم دیا تھا؟ شبث نے کہا: میں نے ان کو قتل نہیں کیا۔ خدا ان کے قاتل پر لعنت کرے! یزید نے کہا پھر کس نے ان کو قتل کیا ہے؟ شبث نے کہا: مصائب بن وہیہ نے یزید نے روئے سخن مصائب کی طرف کرتے ہوئے اس سے یہی سوال کیا مصائب نے بھی شبث کی طرح جواب دے کر تیسرے آدمی پر ٹال دیا۔ اسی طرح یکے بعد دیگرے یزید ان لوگوں سے دریافت کرتا رہا اور وہ جواب میں اپنی برات ظاہر کر کے دوسرے پر ٹالتے رہے۔ بالآخر نوبت قیس بن ربیع تک جا پہنچی۔ سب نے بالاتفاق اسے قاتل قرار دیا۔ یزید نے اس سے وہی سوال کیا۔ قیس نے نفی میں جواب دیا۔ یزید نے قدرے برہم ہو کر کہا وائے ہو تم پر! آخر کس نے انہیں قتل کیا؟ قیس نے کہا اگر مجھے امان دی جائے تو میں بتاتا ہوں کہ حسینؑ کا اصل قاتل کون ہے؟ یزید نے امان دی قیس نے کہا: حسین کو قتل نہیں کیا مگر اس شخص نے جس نے علم جنگ بلند کیا اور لشکر پر لشکر روانہ کیا! یزید نے کہا وہ شخص کون ہے؟ قیس نے برجستہ جواب دیا وہ تو ہے اے یزید! تو نے حسینؑ کو قتل کیا ہے۔ یزید یہ تلخ مگر مبنی بر حقیقت جواب سن کر یہ کہتے ہوئے کہ مالی و لقتل الحسین محل سرا میں چلا گیا۔[1]

رہائی کی کیفیت

SIBTAIN.COM

پھر یزید نے اسیران اہل بیتؑ کی رہائی کے احکام صادر کیے اور امام زین العابدینؑ کو بلا بھیجا۔ جب امام تشریف لائے تو تخلیہ کرا کے ان سے انہی سابقہ خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا: ﴿لعن اللّٰہ ابن مرجانة اما واللّٰہ لوانی صاحبه ما سئلنی خصلةً ابداً الا اعطیته ایاها ولدفعت الحتف عنه بکل ما استطعت ولو بهلاک بعض ولدی﴾ خدا ابن مرجانہ پر لعنت کرے۔ خدا کی قسم۔ اگر مجھ سے ان (حسینؑ) کا سامنا ہوتا تو جو کچھ چاہتے میں اسے پورا کرتا۔ اور جہاں تک ممکن ہوتا۔ ان کو قتل ہونے سے بچاتا اگرچہ مجھے اپنی بعض اولاد بھی موت کے منہ میں جھونکنی پڑتی۔[2]

بعض کتب مقاتل میں مرقوم ہے کہ قیام دمشق کے دوران جب امامؑ کو دربار میں بلایا جاتا تھا تو کسی وقت یزید نے کسی بات سے خوش ہو کر امامؑ کی تین حاجتیں برلانے کا وعدہ کیا تھا۔ چنانچہ رہائی کے وقت یزید نے امام علیہ السلام سے کہا: اپنی حاجات ذکر کریں۔ امامؑ نے فرمایا:

﴿الاولی ان ترینی وجه سیدی و مولائی و ابی الحسین علیه السلام فانزود منه. والثانیة ان ترد علینا ما اخذ منا. و الثالثة ان کنت عزمت علی قتلی ان توجه مع هولاء النسوة من یردهن

---

[1] تاریخ التواریخ، ج ۶، ص ۳۵۲۔ [2] کامل ابن اثیر، ج ۳، ص ۳۰۰۔ ارشاد، ص ۲۷۰۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

الی حرم جدھن﴾ پہلی حاجت تو یہ ہے کہ مجھے اپنے آقا و بابا حسین علیہ السلام کا سر مقدس دکھاؤ تا کہ میں اس سے زاد (زیارت) حاصل کرلوں۔ دوسری یہ ہے کہ (کربلا کی) لوٹ مار میں ہمارا جو مال و اسباب لوٹا گیا ہے وہ واپس کر دیجئے تیسری یہ ہے کہ اگر تو نے میرے قتل کا ارادہ کرلیا ہے تو کوئی (امین) آدمی مقرر کرنا جو ان مستورات کو ان کے جدّ نامدار کے حرم میں پہنچا آئے۔ یزید نے کہا: ﴿اما وجه ابیک فلا تراه ابداً و اما قتلک فقد عفوت عنک و اما النساء فما یردھن غیرک و اما ما اخذه منکم فانا اعوضکم عنه اضعاف قیمته﴾ جہاں تک آپ کے والد کے سر کا تعلق ہے آپ اسے کبھی نہیں دیکھ سکیں گے۔ اور جہاں تک تمہیں قتل کرنے کا تعلق ہے میں نے اس سے درگذر کیا ہے۔ لہٰذا مستورات کو آپ خود ہی واپس ساتھ لے جائیں گے۔ اور جہاں تک تمہارے مال و اسباب کا تعلق ہے میں اس کے عوض تمہیں کئی گناہ زیادہ قیمت ادا کرتا ہوں! امام نے جواب دیا: ﴿اما مالک فلا نریده وھو موفر علیک وانما طلبت ما اخذ منا لان فیه مغزل فاطمة بنت محمد صلّی اللّٰه علیه واله ومقنعتها وقلادتها وقمیصها﴾ ہمیں تمہارے مال کی کوئی ضرورت نہیں ہے میرا مطالبہ تو یہ ہے کہ جو مال ہم سے چھینا گیا ہے وہی ہمیں واپس دے دیا جائے کیونکہ اس میں حضرت فاطمہ بنت رسول کا چرخہ، ان کا مقنعہ، گلوبند اور ان کی قمیص ہے۔ چنانچہ یزید کے حکم سے یہ سب مال و اسباب واپس کر دیا گیا۔ مزید برآں یزید نے اپنی طرف سے دو سو دینار بھی پیش کئے جو امام نے اسی وقت فقراء و مساکین میں تقسیم کر دیئے۔[1] اگرچہ سید اجل بن طاؤس علیہ الرحمہ کی اس روایت کو بلا کسی جرح کے اکثر ارباب مقاتل نے اپنی کتب میں درج کر دیا ہے۔ مگر اس روایت کی بابت دو چیزیں بری طرح طبیعت میں کھٹکتی ہیں۔ پہلی یہ کہ جن تبرکات فاطمہؑ کا اس میں تذکرہ کیا گیا ہے۔ وہ کربلا میں ہمراہ کیوں لائے گئے تھے؟ دوسری جو کہ پہلی سے بھی اہم ہے۔ وہ یہ ہے کہ کربلا میں خاندان نبوت کا جو مال و اسباب لوٹا گیا تھا وہ تو لوٹنے والے سپاہی اپنے اپنے گھر لے گئے تھے۔ وہ شام میں کیسے پہنچ گیا تھا جو یزید نے رہائی کے وقت واپس کر دیا؟ اگرچہ بنا بر صحت روایت اس کی تاویل بعید ممکن ہے مگر اس کی صحت محل کلام ہے۔ و اللّٰه العالم

یہ بھی بعض آثار میں وارد ہے کہ اسیران آل محمدؐ کی رہائی کے وقت یزید نے اونٹوں پر شان دار محمل رکھائے۔ اور چمڑے کے قطعے اور ریشم کے کپڑے بچھا کر ان پر درہم و دینار کے ڈھیر لگا دیئے۔ پھر بوقت رخصت مخدرات کو بلا کر کہا: ﴿یا ام کلثوم! خذوا هذه الاموال عوض ما اصابکم﴾ ام کلثوم! ان مصائب و شدائد کے عوض جو تم پر وارد ہوئے ہیں یہ مال و منال لے لو۔ جناب ام کلثوم نے فرمایا: ﴿یا یزید! ما اقلّ حیائک واصلب وجهک. تقتل اخی واهلبیتی و تعطینی عوضهم مالاً واللّٰه لا کان ذلک ابداً﴾ اے یزید!

---

[1] ملہوف، ص ۱۷۵۔ تظلم الزہراء، ص ۲۸۱۔ عاشر بحار، ص ۲۲۸۔ الدمعۃ الساکبہ، ص ۳۸۰، ۳۸۷۔ نفس المہموم، ص ۲۵۱، ۲۵۲۔ تاریخ، ج ۶، ص ۳۵۱۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

تو کتنا بے شرم و بے حیا ہے۔ میرے بھائی اور جملہ اہل بیت کو قتل کرتا ہے اور پھر اس کے عوض مجھے مال دیتا ہے۔ خدا کی قسم ایسا ہرگز نہیں ہو سکتا۔[1]

اس کے بعد نعمان بن بشیر انصاری کو آدمیوں کی ایک جماعت دے کر (جن کی تعداد مورخ طبری اور صاحب اخبار الدول کے بیان کے مطابق تیس تھی مگر ابی مخنف اور اس کے حوالہ سے صاحب ناسخ نے پانچ سو لکھی ہے جو کسی طرح بھی قرین عقل و نقل نہیں ہے) حکم دیا کہ پس ماندگان امامؑ کو احترام کے ساتھ مدینہ پہنچائیں۔[2]

چنانچہ نعمان بن بشیر ہماری سابقہ تحقیق کے مطابق ۸ صفر المظفر کو خاندان نبوت کے پس ماندگان کو لے کر دار السلطنت شام سے مدینہ کی طرف روانہ ہوا۔ اور یزید کی ہدایت کے مطابق ۔۔۔۔۔ پورے عز و احترام کے ساتھ اہل بیت رسالت کو مدینہ پہنچایا۔[3]

اسیران آل محمدؐ کا رہائی کے بعد کربلا میں ورود

راویان اخبار کا بیان ہے کہ واپسی پر جب یہ قافلہ اہل بیت سرزمین عراق کی سرحد پر پہنچا جہاں دوراہہ تھا۔ ایک راستہ سیدھا مدینہ کو جاتا تھا۔ اور دوسرا عراق کی طرف سے تو انہوں نے راہبر سے فرمایا کہ ہمیں کربلا (عراق) کے راستہ سے لے چلو چنانچہ حسب الحکم عراقی راستہ اختیار کیا گیا۔ جب کربلا میں ورود ہوا اور مقتل گاہ کے قریب پہنچے تو دیکھا کہ اسی وقت جناب جابر بن عبداللہ انصاریؓ اور کچھ ہاشمی؟؟ قبر حسینؑ کی زیارت کے لئے مدینہ سے کربلا پہنچے ہیں۔ جناب ابن طاؤسؒ نے لکھا ہے: ﴿فوافدا فی وقت واحدو تلاقوا بالبکاء و الحزن و اللطم و اقامو المآتم المقرّحة للاکباد و اجتمع الیهم نساء ذلک السواد فاقاموا علی ذلک ایاماً﴾ یعنی دونوں قافلے ایک ہی وقت میں بروز اربعین یعنی (بیستم (۲۰) صفر کو)[4] وارد کربلا ہوئے۔ انتہائی حزن و ملال اور گریہ و بکا کے ساتھ باہمی ملاقات ہوئی، جگر خراش انداز میں مراسم عزاداری بجالائے۔ اور اس علاقہ کی عورتیں بھی آ کر شریک ماتم و غم ہو گئیں۔ کئی روز (بروایت ریاض الاحزان، ص ۱۵۷: تین یوم) تک یہ سلسلہ قائم رہا۔[5] جناب جابرؓ کی کیفیت

۱۔ تظلم الزہراء، ص ۲۸۸۔ نفس المہموم، ص ۲۵۲۔ الدمعۃ الساکبہ، ص ۳۸۶ وغیرہ۔

۲۔ طبری، ج ۶، ص ۲۶۵۔ کامل، ج ۳، ص ۳۰۰۔ ارشاد، ص ۲۷۰۔ عاشر بحار، ص ۲۲۹۔ نفس المہموم، ص ۲۵۵۔

۳۔ ارشاد، ص ۲۷۰۔ نفس المہموم، ص ۲۵۱۔

۴۔ الدمعۃ الساکبہ، ص ۳۸۹۔ المنتخب للطریحی، ص ۲۵۰۔

۵۔ ملہوف، ص ۱۷۶۔ عاشر بحار، ص ۲۲۹۔ نفس المہموم، ص ۲۵۳۔ تقام، ص ۴۹۰۔ ناسخ، ج ۶، ص ۳۵۲۔ لوائح الاشجان، ص ۱۸۹۔ مقتل الحسین للمقرم، ص ۴۳۵۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

زیارت مفصل طور پر بشارۃ المصطفیٰ (ص ۸۹ پر) طبع النجف وغیرہ کتب میں بروایت عطیہ عوفی مرقوم ہے۔

تبصرہ:۔

مخفی نہ رہے کہ رہائی کے بعد واپسی پر اس قافلہ کا کربلا پہنچنا ایک معرکۃ الآرا مسئلہ ہے اور اختلاف کی آماجگاہ ہے۔ بعض حضرات نے تو محض اس استبعاد کی وجہ سے کہ یہ کیسے ہوسکتا ہے کہ شہادت امام کے بعد ابن زیاد کا قاصد شام جائے۔ پھر وہاں سے حکم یزید لائے۔ بعدازاں اسیران اہل بیت کو شام بھیجا جائے اور وہاں کچھ عرصہ ان کو زندان میں رکھا جائے۔ اور پھر رہائی کے بعد وہی قافلہ بروز اربعین بیستم صفر کو کربلا میں بھی پہنچ جائے۔ یعنی صرف چالیس روز کی قلیل مدت میں یہ سب کچھ ہو جائے۔ سرے سے اس واقعہ کا انکار کر دیا ہے[1] اور بعض نے یہ نظریہ قائم کیا کہ کوفہ سے شام جاتے وقت کربلا میں ورود ہوا تھا[2] اور بعض نے یہ بے پر کی اڑائی کہ کربلا میں یہ ورود اور جناب جابر سے ملاقات ایک سال کے بعد دوسری اربعین ۶۲ھ ہجری کو ہوئی[3] الغرض ؎

ہر کس بقدر فہمش فہمید مدعا را

ہم اسی کتاب کے اسی باب کی ابتداء میں جو تحقیق پیش کر آئے ہیں کہ بنا بر تسلیم ارسال قاصد پندرہ محرم تک سدھائے ہوئے کبوتر یا تیز گام قاصد کے ذریعہ سے یزید کا پیغام ابن زیاد کے پاس پہنچ گیا تھا اور اسی روز اس نے اس لٹے ہوئے قافلہ کو شام کی طرف روانہ کر دیا تھا اور یکم صفر کو قریباً پندرہ یوم میں یہ قافلہ شام پہنچا۔ پھر زندان وغیرہ میں سات روز قیام کرنے کے بعد آٹھویں دن یعنی آٹھویں صفر کو واپس روانہ ہوا۔ اس طرح قریباً بارہ یوم میں یہ قافلہ بآسانی کربلا پہنچ سکتا ہے۔ اور ان حقائق کی روشنی میں مذکورہ بالا استبعادات کا کوئی محل اور وزن باقی نہیں رہ جاتا اور نہ ہی ان کی بنا پر ایک مشہور واقعہ کی صحت کا انکار کیا جا سکتا ہے صاحب تظلم الزہراء نے ۲۸۷ پر ایسے ہی استبعادات پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھا ہے کہ "بعد تسلیمہ محض استبعاد ولا یبغی بمحضہ انکار الروایات" بعدازاں ثابت کیا ہے کہ کوفہ شام تک تیز رو قاصد تین یوم میں پہنچ سکتا ہے۔ خصوصاً جبکہ کسی غیر معمولی واقعہ کی اطلاع دینا ہو۔ جیسے شہادت امام مظلوم کی خبر مشوم فراجع۔

باقی رہا یہ خیال کہ اگر یہ واقعہ صحیح ہوتا تو اکابر علماء مثل شیخ صدوق و شیخ مفید وامثالہم رضوان اللہ علیہم اس واقعہ

---

[1] محدث نوری (در لؤلؤ و مرجان) و محدث قمی (در منتہی الامال)۔ فاضل امروہوی (در مجاہد اعظم)۔

[2] مرزا سپہر کاشانی (در ناسخ، ج ۶، ص ۳۵۳)۔

[3] مظلومہ کربلا، ص ۳۶۲۔ اس کتاب میں یہ زیادتی بھی کی گئی ہے کہ ۲۰ صفر ۶۲ھ لکھ کر نیچے لہوف، منتخب طریحی اور ناسخ کا نام درج کر دیا ہے حالانکہ ان کتب میں ۶۲ھ کا کہیں نام و نشان بھی نہیں ہے۔ (منہ عفی عنہ)

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

کا ذکر کرتے۔ اس کا جواب واضح ہے کہ ان بزرگواروں کا بوجہ اختصار اس واقعہ کا ذکر نہ کرنا اس واقعہ کے عدم وقوع کی دلیل نہیں بن سکتا جب کہ یہ واقعہ دوسری کتب معتبرہ میں موجود ہے۔ بوجہ اختصار جب انہوں نے دیگر منازل وحالات سفر کو قلم بند نہیں کیا تو اگر اس واقعہ کو نظر انداز کر دیا ہے تو اس میں کون سی تعجب کی بات ہے آخر یہ اس سفر کی ایک منزل ہی تو ہے۔

زیارتِ اربعین کی فضیلت

غالباً اسی وجہ سے کہ امام زین العابدین علیہ السلام نے اربعین کے دن جناب سید الشہداء علیہ السلام کی زیارت کی تھی۔ اور اس روز سے زیارت حسینؑ کو علامات مؤمن میں داخل کر دیا گیا۔ جیسا کہ امام حسن عسکریؑ سے مروی ہے فرمایا: ﴿علامات المؤمن خمس صلواة احدی و خمسین و زیارة الاربعین والجهر بسم اللّٰه الرّحمٰن الرحیم والتختم فی الیمین وتعفیر الجبین﴾ مومن کی پانچ علامتیں ہیں: (۱) (شب وروز میں) اکیاون رکعت نماز پڑھنا۔ (۲) زیارت اربعین کرنا۔ (۳) (نماز میں) بسم اللہ کو بآواز بلند پڑھنا۔ (۴) داہنے ہاتھ میں انگوٹھی پہننا۔ (۵) (سجدہ) میں خاک پر جبہ سائی کرنا۔[1]

اس حدیث میں وارد شدہ لفظ "زیارۃ الاربعین" سے علماء اعلام نے یہی سمجھا ہے کہ اس سے مراد بروز بیستم صفر سید الشہداء کی زیارت کرنا ہے تفصیل مقتل الحسین للمقرم میں موجود ہے۔

SIBTAIN.COM
Presented By: www.jafrilibrary.com

قافلۂ آل محمدؐ کا مدینہ میں ورود

بہر کیف یہاں سے چل کر جب یہ قافلہ منازل سفر طے کرتے ہوئے بالآخر مدینہ رسولؐ کے قریب پہنچا تو سالار قافلہ امام نے وہاں حل اقامت ڈال دیا خیمہ نصب کر کے مخدرات کو اس میں بٹھایا گیا۔ پھر امام نے بشیر بن جذلم کو (جو پہرہ داروں میں شامل تھا) بلا کر فرمایا: ﴿رحم اللّٰه اباک لقد کان شاعراً فهل تقدر علی شئی منه؟﴾ خدا تیرے باپ پر رحم کرے وہ تو شاعر تھا کیا تم بھی کچھ شعر کہہ لیتے ہو؟ بشیر نے عرض کیا ﴿بلی یا بن رسول اللّٰه انی لشاعر﴾ ہاں فرزند رسول! میں بھی شاعر ہوں! امام نے فرمایا: ﴿ادخل المدینة وانع ابا عبداللّٰه﴾ مدینہ میں جاؤ اور اہل مدینہ کو ابو عبداللہ الحسینؑ کی خبر شہادت سناؤ بشیر کا بیان ہے کہ میں گھوڑے پر سوار ہوا اور گھوڑا دوڑاتا ہوا مدینہ میں داخل ہوا۔ جب مسجد نبویؐ کے قریب پہنچا تو بلند آواز سے گریہ وبکا کرتے ہوئے یہ اشعار پڑھنے شروع کئے ؎

یا اهل یثرب لا مقام لکم بها　　قتل الحسین فاد معی مدرار

---

[1] تہذیب الاحکام شیخ طوسیؒ، ج ۲، ص ۱۷۔ احتجاج طبرسی، طبع النجف۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

الجسم منه بكر بلاء مخرج والرأس منه على القناة يدار

پھر میں نے کہا: ﴿یا اهل المدینة هذا علی بن الحسینؑ مع عماته و اخواته قد حلّوا بساحتکم و نزلوا بفنائکم وانا رسوله الیکم اعرّفکم مکانه﴾ اے مدینہ والو! یہ علی بن الحسینؑ! اپنی پھوپھیوں اور بہنوں کے ساتھ تمہارے قریب تشریف لا چکے ہیں۔ میں تمہیں ان کی آمد کی اطلاع اور شہادت حسینؑ کی خبر دینے کے لئے آیا ہوں۔ بشیر بیان کرتا ہے کہ میرا یہ اعلان کرنا تھا کہ مدینہ کے اندر جس قدر مستورات تھیں۔ وہ بے حجاب ہو کر کھلے سروں رخساروں پر طمانچے مارتی ہوئی اور ویل وثبور پکارتی ہوئی اپنے اپنے گھروں سے نکل پڑیں۔ اور مدینہ کے تمام مرد بھی گریہ و بکا کرتے ہوئے نکل پڑے۔ میں نے اس سے زیادہ کبھی گریہ و بکا ہوتے نہیں دیکھا تھا۔ اور نہ ہی وفات رسولؐ کے بعد مسلمانوں پر کوئی ایسا سخت دن نظر سے گذرا تھا۔ اسی اثنا میں میں نے ایک لڑکی کو سید الشہداء علیہ السلام پر یوں نوحہ کرتے ہوئے سنا ؎

نعیٰ سیدی ناع نعاه فا و جعا و امرضنی ناع نعاه فافجعا

فعینی جودا بالدموع و اسکبا وجودا بدمع بعد دمعکما معاً

علیٰ من دهی عرش الجلیل فزعزعا فاصبح هذا المجد والدین اجدعا

علیٰ بن نبیّ الله و ابن وصیهٗ و ان کان عنا شاحط الدار اشسعا

پھر مجھ سے مخاطب ہو کر کہا: ﴿الناعی جددت حزننا بابی عبد الله و حرشت منا قروحاً لما تندمل فمن انت رحمک الله؟﴾ اے خبر شہادت سنانے والے تو کون ہے؟ تو نے تو حضرت ابوعبداللہ کی وجہ سے ہمارے ان زخموں کو تازہ کر دیا ہے جو ہنوز مندمل بھی نہیں ہوئے تھے۔ میں نے کہا: ﴿انا بشیر بن جزلم جهنی مولائی علی بن الحسین و هو نازل الموضع کذا و کذا مع عیال ابی عبد الله الحسین و نسائه﴾ میں بشیر بن جذلم ہوں! مجھے میرے آقا علی بن الحسینؑ نے بھیجا ہے جو فلاں جگہ پر حضرت ابوعبداللہ الحسینؑ کے اہل وعیال سمیت موجود ہیں۔ میرا یہ جواب سن کر لوگوں نے مجھے وہیں چھوڑا اور خود خدمت امامؑ میں حاضر ہونے کے لئے دوڑ پڑے۔ میں بھی گھوڑے کو ایڑ لگا کر واپس پہنچا دیکھا کہ لوگوں کی اس قدر کثرت ہے کہ تل دھرنے کی جگہ نہیں۔ تمام راستے بند ہیں۔ چنانچہ میں گھوڑے سے اتر پڑا۔ اور لوگوں کے اژدہام سے بمشکل گذرتا ہوا خیمہ امامؑ کے دروازے پر پہنچا۔ اس وقت تک امامؑ خیمہ سے باہر تشریف نہیں لائے تھے۔ پس اچانک امامؑ اس حالت میں خیمہ سے باہر برآمد ہوئے کہ آنکھوں سے آنسو جاری تھے اور ہاتھ میں ایک رومال تھا جس سے آنسو پونچھتے جاتے تھے مگر آنسو تھے کہ برابر بہہ رہے تھے۔ پیچھے پیچھے خادم کرسی اٹھا کر لا رہا تھا۔ خادم نے کرسی رکھی۔ امام بیمارؑ اس پر بیٹھ گئے جب

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

لوگوں کی نظر اس حال میں سوگوار امام پر پڑی تو دھاڑیں مار مار کر رونے لگے اور رو رو کر چاروں طرف سے تعزیت مسنونہ پیش کرنے لگے۔ اس وقت اس قدر گریہ و بکا اور نالہ و شیون کا شور بلند ہوا کہ کانوں پڑی آواز سنائی نہیں دیتی تھی۔ تھوڑی دیر کے بعد امامؑ نے لوگوں کو ہاتھ سے اشارہ کیا کہ خاموش ہو جاؤ۔ چنانچہ ان کی اواز گریہ خاموشی کے ساتھ تبدیلی ہوگئی۔ اس وقت امام سجاد علیہ السلام نے یہ خطبہ ارشاد فرمایا:

امام سجاد علیہ السلام کا خطبہ

الحمد للّٰہ ربّ العلمین الرّحمن الرّحیم ملک یوم الدین باری الخلائق اجمعین الذی بعد فارتفع فی السموات العلیٰ و قرب فشهد النجوی نحمده علی عظائم الامور و فجائع الدهور و الم الفجائع و مضاضة اللواذع و جلیل الرزء و عظیم المصائب الفاظعة الکاظة الفادحة الجائحة ایّها الناس انّ اللّٰہ و له الحمد ابتلانا بمصائب الجلیلة و ثلمه فی الاسلام عظیمة قتل ابو عبد اللّٰہ و عترته و سبی نسائه و صبیتهٔ وداروا براسه فی البلد ان من فوق عامل السنان و هذه الرزیة التی لا مثلها رزیة ایها الناس فای رجالات منکم یسرون بعد قتله ام ای فواد لا یحزن من اجله ام ایة عین منکم تحبس دمعها وتضن عن انهما لها فقد بکت السبع الشدا دلقتله و بکت البحار بامواجها والسموات بارکانها والارض بارجائها والاشجار با غصانها والحیتان فی لجج البحار و الملائکة المقربون و اهل السموات اجمعون. یا ایها النّاس ای قلب لا ینصدع لقتله ام ای فواد لا یحنّ الیه ام ایّ مسمع یسمع هذه الثلمة التی ثلمت فی الاسلام ولا یصم ایها الناس اصبحنا مطرو دین مشردین مذودین شاسعین عن الامصار کأنا اولاد ترک و کابل من غیر جرم اجترمناه ولا مکروه ارتکبناه ولا ثلمة فی الاسلام ثلمناها ما سمعنا بهذا فی ابائنا الاولین ان هذا الا اختلاق. واللّٰہ لوانّ النبی صلی اللّٰہ علیه و اله تقدم الیهم لم فی قتا لنا کما تقدم الیهم فی الوصایة بنا لما زادوا علی ما فعلوا بنا فانا للّٰہ و انا الیه راجعون من مصیبة ما اعظمها و اوجعها و افجعها و اکظها و افظها و امرها و اقدحها فعند اللّٰہ تحتسب فیما اصابنا وما بلغ بنا انه عزیز ذوانتقام۔[1]

سب تعریفیں اس خدا کے لئے ہیں جو یوم جزاء کا مالک اور تمام مخلوق کا خالق ہے۔ جو (ذات کے اعتبار سے) انتہائی بلند و دور ہے اور (علم و دیگر صفات کے لحاظ سے) انتہائی نزدیک ہے۔ ہم شدائد روزگار نوائب، جگر،

---

[1] لوائج الاشجان، ص ۱۹۳۔ نفس المہموم، ص ۲۵۵۔ ناسخ، ج ۶، ص ۳۵۶ وغیرہ۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

فگار، تکالیف صبر سوز سخت مصیبت، وشدید مصائب اندوہ آگین پر اس کی حمد وثنا کرتے ہیں۔ ایہا الناس! خدا کا شکر ہے کہ اس نے عظیم مصائب وشدائد کے ساتھ ہماری آزمائش کی۔ اسلام کی دیوار میں سخت رخنہ شگاف پڑ گیا۔ جناب ابوعبداللہ (الحسینؑ) اور ان کی عترت شہید کردی گئی۔ اور ان مستورات اور بچوں کو قید کیا گیا۔ اور ان کے سر مقدس کو نوک نیزہ پر بلند کر کے مختلف دیار وامصار میں پھرایا گیا۔ اور یہ وہ عظیم مصیبت ہے جس کی کوئی نظیر نہیں ہے۔ ایہا الناس تم میں سے وہ کون ہیں جو آں جنابؑ کی شہادت کے بعد خوش وخرم ہوں گے؟ اور وہ کونسی آنکھ ہے جو اس واقعہ ہائلہ پر آنسو بہانے میں بخل کرے گی؟ ان کی شہادت پر تو ساتوں آسمان (اپنی بلندیوں سمیت سمندر اپنی موجوں کے ساتھ آسمان اپنے ارکان کے ساتھ، زمین اپنے اطراف کے ساتھ، درخت اپنی ٹہنیوں کے ساتھ مچھلیاں سمندروں کی موجوں میں تمام ملائکہ مقربین اور تمام اہل آسمان (وزمین) روئے ہیں۔ ایہا الناس! وہ کونسا دل ہے جو آپ کی شہادت کی وجہ سے پھٹ نہ جائے گا۔ وہ کونسا دل ہے جو ان کی طرف نہیں کھنچے گا، اور وہ کونسا کان ہے جو اس اسلامی رخنہ کی خبر (غم اثر) سنے گا۔ اور بہرہ نہ ہو جائے گا؟ ایہا الناس! ہمیں (اپنے وطن مالوف سے) دور کر دیا گیا۔ ہماری جمعیت کو پراگندہ کر دیا گیا اور ہمیں دیار وامصار سے دور پھینک دیا گیا۔ گویا کہ ہم ترک ودیلم کی اولاد ہیں؟ حالانکہ ہم نے نہ کسی جرم کا ارتکاب کیا تھا نہ کسی ناپسندیدہ حرکت کا اور نہ اسلام میں کوئی رخنہ واقعہ کیا تھا نیز ہم نے اپنے بزرگوں کے متعلق بھی ایسی کوئی بات نہیں سنی۔ خدا کی قسم جس طرح پیغمبر اسلام نے ان لوگوں کو ہمارے اعزاز جلال کی وصیت فرمائی تھی اگر (اس کے برعکس) ان کو ہمارے ساتھ قتل وقتال کا حکم دیتے تو یہ اس سے زیادہ برا سلوک نہ کر سکتے تھے جو اب ہمارے ساتھ کیا ہے۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَ اِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ (آہ) یہ مصیبت کس قدر عظیم تر، دردناک تر تکلیف دہ تر، شنیع تر، تلخ تر اور گزندہ تر ہے ہمیں جو کچھ مصائب وشدائد پہنچے ہیں ہم ان کے عوض خداوند عالم سے اجر وثواب کے امیدوار ہیں۔ کیونکہ وہ غالب اور (ظالموں سے) انتقام لینے والا ہے۔

جناب صوحان بن صعصعہ بن صوحان نے جو بوجہ مرض زمین گیر ہو چکے تھے۔ نصرت امام کا فریضہ ادا نہ کر سکنے پر معذرت پیش کی۔ اور امامؑ نے ان کی معذرت کو شرف قبول بخشتے ہوئے ان کے والد کے حق میں دعائے خیر فرمائی بعد ازاں یہ تباہ حال قافلہ مدینہ رسولؐ کی طرف روانہ ہوا۔ دیکھا کہ مدینہ اجڑا ہوا نظر آ رہا ہے اور یوں محسوس ہو رہا ہے کہ اس کے در ودیوار اپنے مکینوں کی شہادت پر نوحہ وماتم اور گریہ وبکا کر رہے ہیں۔ کما قال ابن قتیبة فی مرثیة الحسینؑ ؎

مررت علی ابیات آل محمدؐ — فلم ارھا امثالھا یوم حلّت

فلا یبعد اللّٰہ الدیار و اھلھا — و ان اصبحت منھم بزعمی تخلّت

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

الا ان قتلی الطف من آل هاشم — اذلت رقاب المسلمین فذلّت

و کانوا غیاثاً ثم اضحوا رزیة — لقد عظت تلک الرزایا و جلّت

الم تر ان الشمس اضحت مریضةً — لفقد حسینؑ و البلاد اقشعرّت[1]

بعض کتب مقاتل میں منقول ہے کہ جب اس حال میں جناب ام کلثوم کی نظر مدینہ رسولؐ کے در و دیوار پر پڑی تو گریہ کناں آواز میں یہ اشعار حزن شعار پڑھنا شروع کئے۔

مدینة جدنا لا تقبلینا — فبالحسرات والاحزان جئنا

الا اخبر رسول اللّٰہ فینا — بانا قد فجعنا فی ابینا

و ان رجالنا بالطف صرعیٰ — بلا رؤوس و قد ذبحوا البنینا

و اخبر جدنا انا اسرنا — و بعد الاسر یا جدا سبینا

و رهطک یا رسول اللّٰہ اضحوا — عرایا بالطفوف مسلبینا

وقد ذبحوا الحسینؑ و لم یراعوا — جنابک یا رسول اللّٰہؐ فینا

فلو نظرت عیونک للاساریٰ — علی اقتاب الجمال محملینا

رسولؐ اللّٰہ بعد الصون صارت — عیون الناس ناظرة الینا

و کنت تحوطنا حتیٰ تولت — عیونک ثارت الاعداء علینا

افاطم لو نظرت الی السبایا — بناتک فی البلاد مشتتینا

افاطم لو نظرت الی الحیاری — و لو ابصرت زین العابدینا

افاطم لو رأیت بنا سهاری — و من سهر اللیالی قد عمینا

افاطم ما لقیت من عداک — و لا قیراط مما قد لقینا

فلو دامت حیاتک لم تزالی — الیٰ یوم القیامة تندبینا

و عرّج بالبقیع وقف و نادی — ابن حبیب رب العالمینا

و قل یا عم یا الحسن المزکی — عیال اخیک اضحو اضایعینا

---

[1] ملہوف، ص ۱۸۸۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

ایا عماه ان اخاک اضحی — بعیدا عنک بالرمضا رهینا

بلا رأس تنوح علیه جهرا — طیور والوحوش الموحشینا

ولو عاینت یا مولائی ساقوا — حریماً لا یجدن لهم معینا

علی متن النیاق بالاوطاءِ — و شاهدت العیال مکشفینا

مدینة جدنا لا تقبلینا — فبالحسرات والاحزان جینا

خرجنا منک بالاهلینا جمعا — رجعنا لا رجال ولا بنینا

و کنا فی الخروج بجمع شملی — رجعنا خاسرین مسلّبینا

و کنا فی امان اللّٰه جهراً — رجعنا بالقطیعة خائفینا

و مولٰینا الحسینؑ لنا انیس — رجعنا والحسینؑ به رهینا

فنحن الضائعات بلا کفیل — و نحن النائحات علٰی اخینا

و نحن السائرات علی المطایا — نشال علٰی جمال المبغضینا

و نحن بنات یٰس و طٰه — و نحن الباکیات علٰی ابینا

و نحن الطاهرات بلا خفاء — و نحن المخلصون المصطفونا

و نحن الصابرات علی البلایا — و نحن الصادقون الناصحونا

الا یا جدنا قتلوا حسینا — و لم یرعوا جناب اللّٰه فینا

الا یا جدنا بلغت عدانا — مناها و اشتفی الاعداء فینا

لقد هتکوا النساء و حملوها — علی الاقتاب قهرا اجمعینا

و زینب اخرجوها من خباها — و فاطم و اله تبدی الانینا

سکینة تشتکی من حر وجد — تنادی الغوث رب العالمینا

و زین العابدین بقید ذل — و راموا قتله اهل الخنونا

فبعد هم علی الدنیا تراب — فکاس الموت فیها قد سقینا

و هذی قصتی مع شرح حالی — الا یا سامعون ابکوا علینا

SIBTAIN.COM
Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

قافلۂ اہل بیتؑ روضۂ رسولؐ پر

راویان اخبار کا بیان ہے کہ جب یہ قافلہ مدینہ میں داخل ہوا تو پہلے پہل سیدھا مسجد نبویؐ اور روضہ رسولؐ کے پاس پہنچا۔ فلک کج رفتار اور دیدہ دہر غدار نے لاکھوں جگر سوز اور جانگداز سانحے دیکھے ہوں گے مگر اس نے علیؑ و بتولؑ کی لاڈلیوں اور رسولؐ اسلام کی نواسیوں اور حسینؑ مظلوم کی بیٹیوں کی واقعہ کربلا کے بعد قید و بند کی صعوبتیں اور طویل سفروں کی دل ہلا دینے والی مشکلیں جھیلنے کے بعد روضہ رسولؐ پر پہنچنے جیسا دردناک منظر کبھی نہ دیکھا ہوگا، جبکہ ام المصائب زینب کبریٰؑ نے مسجد نبویؐ کے دروازہ کو دونوں ہاتھوں سے پکڑ کر بلند آواز سے روتے ہوئے کہا ﴿یا جداہ! انی ناعیة الیک اخی الحسینؑ﴾ اے جد نامدارؐ! میں آپ کے پاس اپنے بھائی حسینؑ کی خبر شہادت لائی ہوں۔ اس وقت بی بی عالم کی یہ حالت تھی کہ نہ تو آنکھوں سے آنسو تھمتے تھے اور نہ گریہ و بکاء اور نوحہ و بین کرنے میں افاقہ ہوتا تھا۔ اس حال میں جب بھی شریکۃ الحسینؑ کی نظر امام زین العابدینؑ پر پڑتی تھی تو ان کے حزن و ملال میں اور اضافہ ہو جاتا تھا۔[1] بعض کتب میں وارد ہے کہ اس کے بعد جناب ام کلثوم با چشم گریاں و دل بریاں قبر رسولؐ کی طرف بڑھیں اور عرض کیا۔ ﴿السلام علیک یا جداہ! انی ناعیة الیک ولدک الحسینؑ﴾ اے نانا! آپ پر درود و سلام ہو، میں آپ کے فرزند حسینؑ کی خبر شہادت سنانے آئی ہوں۔[2]

بعض کتب میں لکھا ہے کہ اس وقت جناب سکینہؑ بنت الحسینؑ نے با آواز بلند کہا: ﴿یا جداہ! الیک المشتکی مما جری علینا فو اللہ ما رأیت اقسی من یزید ولا رأیت کافراً ولا مشرکاً شرا منه ولا اجفا و اغلظ فلقد کان یقرع ثغر ابی بمخصرته و هو یقول کیف رأیت الضرب یا حسینؑ﴾ اے جد بزرگوار! جو کچھ ہم پر مصائب و آلام گزرے ہیں تیری بارگاہ میں ان کی شکایت کرتی ہوں۔ خدا کی قسم! میں نے یزید سے بڑھ کر کوئی قسی القلب اور کوئی کافر و مشرک اور شریر نہ دیکھا اور نہ ہی اس سے زیادہ کوئی درشت خو اور جفا کار دیکھا ہے۔ وہ اپنی چھڑی میرے بابا کے دندان پر مارتا بھی تھا اور ساتھ یہ بھی کہتا تھا۔ اے حسینؑ! بتاؤ، اس ضرب کو کیسا پاتے ہو؟[3]

لا اضحک اللہ سن الدهر ان ضحکت　　یوماً و آل رسولؐ اللہ قد قهروا

اِنَّا لِلّٰهِ وَ اِنَّا اِلَیْهِ رَاجِعُوْنَ

---

[1] عاشر بحار، ص ۲۴۳۔ نفس المہموم، ص ۲۵۶۔ مقتل الحسین للمقرم، ص ۴۵۲۔ الدمعۃ الساکبہ، ص ۳۹۰۔ تاریخ، ج ۶، ص ۳۵۷۔ قمقام، ص ۴۹۳ وغیرہ۔

[2] تاریخ التواریخ، ج ۶، ص ۳۵۷۔

[3] مقتل الحسین للمقرم، ص ۴۵۳ بحوالہ ریاض الاحزان، ص ۱۶۳۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

بعض کتب مقاتل میں لکھا ہے کہ امام زین العابدینؑ نے اپنا چہرہ مبارک قبر رسولؐ پر رکھ کر روتے ہوئے کہا۔

انا جیک یا جداہ یا خیر مرسل — حبیبک مقتول و نسلک ضائع

اناجیک محزوناً علیلاً موجلاً — اسیراً و نالی حامی و مدافع

سبینا کما تسبی الاماء و مسنا — من الضر ما لا تحتمله الا ضائع

ایا جد یا جداہ بعدک اظهرت — امیة فینا مکرها و الشنائع[1]

اس وقت لوگوں کی حالت یہ تھی کہ ابر بہاری کی طرح پھوٹ پھوٹ کر رو رہے تھے اور ہر طرف سے وامحمداہ! واعلیاہ! واحساناہ! واحسیناہ! کی آوازیں بلند تھیں۔ بقول صاحب ناسخ التواریخ پندرہ روز تک اسی طرح گریہ و بکاء اور نوحہ وعزا کا سلسلہ جاری رہا۔[2] اور مخدرات عصمت وزنان بنی ہاشم کی یہ کیفیت تھی کہ لباس غم پہن کر دن رات سید الشہداءؑ پر گریہ و بکاء کرتی رہتی تھیں اور امام زین العابدینؑ ان کے لئے طعام پکوا کر بھیجتے تھے۔[3]

امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے کہ ﴿ما اختضبت هاشمية ولا ادهنت ولا اجيل مرود في عين هاشمية خمس حجج حتىٰ بعث المختار براس عبيد الله ابن زياد﴾ جب تک مختار نے عبیداللہ بن زیاد کا سر نہیں بھیجا اس وقت تک پورے پانچ سال زنان بنی ہاشم میں سے کسی عورت نے نہ خضاب لگایا اور نہ تیل اور نہ کسی نے آنکھ میں سرمہ لگایا تھا۔[4] امام زین العابدینؑ کے گریہ و بکاء اور حزن و ملال کی کیفیت کیا تھی؟ امام جعفر صادق علیہ السلام کی زبانی سن لیجئے۔ فرمایا۔ ﴿ان زين العابدينؑ بكى على ابيه اربعين سنة صائماً نهاره و قائماً ليلة فاذا احضر الافطار و جاءه غلامه بطعامه و شرابه فيضعه بين يديه فيقول قتل ابن رسولؐ الله جائعاً قتل ابن رسول اللهؐ عطشاناً فلا يزال يكرر ذالك و يبكي حتى يبتل طعامه من دموعه و يمزج شرابه بدموعه فلم يزل كذالك حتى لحق بالله عزوجل﴾ زین العابدین علیہ السلام اپنے بابا (کے مصائب) پر چالیس برس روئے۔ کیفیت یہ تھی کہ دن کو روزہ رکھتے، رات بھر عبادت خدا کرتے۔ جب افطاری کا وقت ہوتا اور غلام روٹی پانی لا کر سامنے حاضر کرتا اور عرض کرتا، میرے آقا! کھانا تناول فرمایئے! تو آپ فرماتے، فرزند رسول کو بھوکا شہید کیا گیا۔ ان کلمات کا بار بار تکرار فرماتے اور ساتھ ہی اس قدر روتے کہ آنسوؤں سے کھانا تر

---

۱ ناسخ، ج ۶، ص ۳۵۷۔

۲ ایضاً۔

۳ محاسن برقی، ج ۲، ص ۴۲۰۔

۴ مقتل الحسین للمقرم، ص ۴۵۳۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

ہوجاتا اور آنسو پانی میں مل جاتے۔ آپ کی یہی حالت رہی یہاں تک کہ بارگاہ الٰہی میں تشریف لے گئے۔[1]

جناب امام زین العابدینؑ کا غلام روایت کرتا ہے کہ ایک بار آپ صحرا کی طرف نکل گئے۔ میں بھی آپ کے پیچھے پیچھے چلا گیا۔ دیکھا کہ آپ ایک درشت پتھر کے اوپر سجدہ ریز ہیں اور بلند آواز سے گریہ وبکاء فرمارہے ہیں اور یہ تسبیح بھی پڑھ رہے ہیں۔ میں نے آپ کو اس کا ایک ہزار بار تکرار کرتے ہوئے سنا: ﴿لا الہ الا اللّٰہ حقاً حقاً لا الہ الا اللہ تعبداً و رقاً لا الہ الا اللہ ایماناً و تصدیقاً و صدقاً﴾ اس کے بعد آپ نے سر بلند کیا، میں نے دیکھا کہ آپ کا چہرہ انور اور ریش مبارک آنسوؤں سے تر بتر تھے۔ میں نے عرض کیا ﴿یا سیدی اما ان لحزنک ان ینقضی و لبکائک ان یقل؟﴾ میرے آقا! کیا کبھی آپ کا حزن وملال ختم نہ ہوگا؟ اور گریہ وبکاء کم نہ ہوگا؟ میرا یہ سوال سن کر امامؑ نے فرمایا۔ ﴿ویحک ان یعقوبؑ بن اسحاقؑ بن ابراھیمؑ کان نبیاً ابن نبی لہ اثنی عشر ابنا فغیب اللہ واحداً منھم فشاب رأسہ من الحزن واحد و دب ظھرہ من الغم و ذھب بصرہ من البکاء و ابنہ حی فی دار الدنیا و انا رأیت ابی واخی و سبعۃ عشر من اھل بیتی صرعیٰ مقتولین فکیف ینقضی حزنی و یقل بکائی﴾ افسوس ہے تجھ پر، یعقوبؑ بن اسحاقؑ بن ابراہیم نبی اور نبی زادہ تھے۔ خدا نے ان کو بارہ فرزند عطا فرمائے تھے اور صرف ایک کو (کچھ عرصہ کے لئے ان کی آنکھوں سے) پوشیدہ کردیا تھا، اس کے نتیجہ میں بوجہ حزن سر سفید بسبب غم کمر خمیدہ اور بوجہ گریہ بصارت ختم ہوگئی تھی حالانکہ ان کا فرزند دنیا میں زندہ موجود تھا مگر میں نے تو اپنی آنکھوں سے اپنے باپ، بھائی اور اپنے خانوادہ کے دوسرے سترہ شہیدوں کو مقتول حالت میں زمین پر پڑا ہوا دیکھا ہے، اس لئے میرا حزن وملال کیونکر ختم ہوسکتا ہے؟ اور میرا گریہ وبکاء کس طرح کم ہوسکتا ہے؟[2]

﴿اِنَّا لِلّٰہِ وَ اِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ وَ سَیَعْلَمُ الَّذِیْنَ ظَلَمُوْا اَیَّ مُنْقَلَبٍ یَّنْقَلِبُوْنَ﴾

---

[1] ملہوف ص ۱۸۹۔

مخفی نہ رہے کہ بنابر مشہور امام سجادؑ کی ولادت ۱۵ جمادی الثانی ۳۸ھ اور ستاون سال کی عمر میں ۲۵ محرم ۹۵ھ میں شہادت واقع ہوئی۔ واقعہ کربلا کے وقت آپ کی عمر تیئس برس تھی اور واقعہ کربلا کے بعد ۳۵ برس زندہ رہے۔ مگر اس روایت میں چالیس برس تک ہونا مذکور ہے۔ تعجب ہے کہ مذکورہ بالا تحقیق کے مطابق بیمار کربلا کی ستاون سال کی عمر کے قائل حضرات بھی بلا تبصرہ مذکورہ بالا روایت درج کردیتے ہیں اور اس اشکال کی طرف متوجہ ہی نہیں ہوتے کہ چونتیس اور چالیس سال کیونکر جمع ہوسکتے ہیں، ممکن ہے کہ اصل روایت میں ﴿اربعہ و ثلاثون﴾ کا لفظ وارد ہوا اور بعد میں کتابت کی غلطی سے اربعین بن گیا ہو۔ و اللہ العالم۔ (منہ عفی عنہ)

[2] ملہوف، ص ۱۹۰۔ نفس المہموم ص ۲۵۶۔ ناسخ ج ۶ ص ۳۵۸۔ تقمام ص ۵۵۶۔ اوائج الاشجان ص ۱۹۵ وغیرہ۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

ان شہداء کی شہادتوں کا بیان
جن کا واقعہ کربلا کے ساتھ بالواسطہ گہرا ربط ہے

مناسب معلوم ہوتا ہے کہ یہاں ان بعض شہدائے کرام کی شہادتوں کا تذکرہ کر دیا جائے جن کا بلاواسطہ یا بالواسطہ کربلا کے ساتھ گہرا ربط و تعلق ہے۔ بلکہ یہ شہادتیں سانحہ کربلا ہی کا ایک شعبہ (حصہ) ہیں۔

اس سلسلہ میں سرفہرست جناب (۱) مسلم بن عقیل (۲) ہانی بن عروہ اور (۳) قیس بن مسہر صیداوی (۴) عبداللہ بن یقطر (۵) عبداللہ بن عفیف کی شہادتیں ہیں جن کا تذکرہ اسی کتاب میں اپنے اپنے مناسب مقام پر کیا جا چکا ہے لہٰذا یہاں ان کے اعادہ و تکرار کی ضرورت نہیں ہے۔

صاحب فرسان الہیجاء، صاحب ذخیرۃ الدارین نے جناب مسلمؑ کی حمایت میں کوفہ کے اندر بعض اور بزرگواروں کی شہادتوں کا تذکرہ بھی کیا ہے۔ ذیل میں ہم نہایت اختصار کے ساتھ ان شہبازان کوفہ کی شہادتوں کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔ (۶) عبدالاعلیٰ بن یزید الکلبی العلیمی جو شیعیان کوفہ میں سے قاری قرآن اور بڑے اچھے شہسوار تھے۔ جناب مسلم کی بیعت کی تھی اور خروج کے دن ان کے ہمراہ تھے۔ کثیر بن شہاب نے ان کو گرفتار کر کے ابن زیاد کے سامنے پیش کیا اور اس نے مختصر سوال و جواب کے بعد حکم دیا کہ جبابہ سبیع میں لے جا کر ان کو شہید کر دیا جائے۔ چنانچہ ایسا ہی کیا گیا۔[1]

(۷) عبداللہ (یا عبداللہ) بن الحارث جو کہ صحابی رسولؐ تھے اور جنگ صفین میں حضرت امیرالمومنینؑ کے ہمرکاب ظفر انتساب تھے۔ کوفہ میں جناب مسلمؑ کے لئے لوگوں سے بیعت لیتے تھے۔ کثیر بن شہاب نے ان کو گرفتار کر کے ابن زیاد کے سامنے پیش کیا۔ چنانچہ جناب مسلمؑ کی شہادت کے بعد ان کو بھی شہید کر دیا گیا۔[2]

(۸) عبیداللہ بن عمرو الکندی، حضرت امیر علیہ السلام کے شیعیان کوفہ میں سے بڑے دلیر اور شہسوار تھے۔ جنگ جمل و صفین اور نہروان میں حضرت امیر علیہ السلام کے ہمراہ رہ کر داد شجاعت دے چکے تھے۔ کوفہ میں جناب مسلمؑ کے ہمراہ سرکار سید الشہداءؑ کے لئے لوگوں سے بیعت لیتے تھے۔ جنگ کوفہ کے وقت جناب مسلمؑ نے بنی کندہ

---

[1] فرسان، ج ۱، ص ۲۳۰۔ [2] فرسان الہیجاء، ج ۱، ص ۲۳۷۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

کے قبیلہ کا علمبردار انہیں کو بنایا تھا۔ بالآخر حصین بن نمیر نے ان کو گرفتار کر کے ابن زیاد کے سامنے پیش کیا اور اس بدنہاد کے حکم سے ان کو جام شہادت پلایا گیا۔[1]

(۹) عمارہ بن صلخب الازدی کوفہ کے شیعیان حیدر کرار میں سے تھے۔ جناب مسلمؑ کے ہاتھ پر جناب سید الشہداءؑ کے لئے بیعت کر چکے تھے۔ جناب مسلمؑ کی گرفتاری کے بعد محمد بن اشعث محلہ بنی عمارہ میں گشت کر رہا تھا کہ اس اثناء میں عمارہ بن صلخب اس حالت میں گھر سے نکلے کہ اسلحہ جنگ سے مسلح تھے۔ محمد بن اشعث نے انہیں گرفتار کر کے ابن زیاد لعین کے دربار میں پیش کیا۔ اس نے انہیں قید کر دیا اور جناب مسلمؑ کی شہادت کے بعد اسی بدنہاد کے حکم سے ان کو اپنے قبیلہ کے سامنے لے جا کر شہید کر دیا گیا۔[2]

(۱۰) ابوذر بن سلیمان غلام با آزاد کردہ جناب سید الشہداءؑ نے مکہ سے مکتوب دے کر بصرہ بھیجا تھا جسے گرفتار کر کے ابن زیاد کے حکم سے شہید کر دیا گیا۔[3]

(۱۱۔۱۲) شہادت فرزندان مسلم بن عقیلؑ

بعض تحقیق طلب امور پر تبصرہ

قبل اس کے کہ ان مظلوم شہزادوں کی شہادت کا تذکرہ کیا جائے یہاں بعض امور کی وضاحت کر دینا مناسب معلوم ہوتی ہے۔

SIBTAIN.COM

پہلا امر :۔ اس بات کی تنقیح ضروری ہے کہ ان شہزادوں کا نسب کیا ہے؟ مشہور اور منصور قول یہی ہے کہ یہ دونوں صاحبزادے جناب مسلم بن عقیلؑ کے چشم و چراغ تھے مگر بعض کتب میں ان کو جناب جعفر طیار کے صاحبزادے قرار دیا گیا ہے۔[4] اور بعض میں ان کو عبداللہ بن جعفرؓ کے صاحبزادے ظاہر کیا گیا ہے۔[5] اور طبری نے صرف دو لڑکے لکھے ہیں۔[6] بہر حال صحیح قول پہلا ہی ہے۔ دوسرے تمام اقوال جادہ اعتدال سے ہٹے ہوئے ہیں۔ (و لیس ھھنا للتفصیل مجال)۔

دوسرا امر :۔ ان شہزادوں کے نام کیا تھے؟ مشہور یہی ہے کہ ایک کا نام ابراہیم اور دوسرے کا محمد[7] تھا لیکن اس پر صاحب فرسان الہیجاء نے (ج ۲ ص ۶۰ پر) یہ اعتراض کیا ہے کہ جناب مسلم کے ایک صاحبزادے مسمی بہ محمد تو کربلا میں جام شہادت پی چکے تھے۔ تاریخ سے یہ پتہ چلتا ہے کہ آپ کے دونوں صاحب زادوں کے نام محمد

---

۱ فرسان، ج ۱، ص ۲۶۱۔
۲ فرسان، ج ۲، ص ۳، ۴۔
۳ منتخب التواریخ، ص ۲۹۴۔
۴ تمقام، ص ۴۰۶۔
۵ ایضاً۔
۶ بحوالہ حاشیہ فرسان الہیجاء، ج ۱، ص ۱۷۔
۷ فرسان، ج ۱، ص ۱۷۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

ہوں ﴿تواریخ بمانشان نمی دھد کہ مسلم دو پسر بنام محمد داشتہ باشد﴾ پھر خود ہی اس کتاب میں (ج ۲ ص ۶۱ پر) یہ جواب دیا ہے کہ ممکن ہے کہ شہید کوفہ کا اصل نام کوئی اور ہو اور محمد کے نام سے مشہور ہو گئے ہوں ﴿ممکن است آن پسر کہ درکوفہ شہید شدہ است بابرادرش ابراھیم نام دیگر داشتہ وبمحمد شھرت پیدا کردہ و اللہ العالم﴾۔

تیسرا امر :۔ آیا یہ شہزادے جناب مسلم کے ہمراہ کوفہ میں آئے تھے یا شہادت امامؑ کے بعد گرفتار ہوئے تھے؟ مشہور بین العلماء یہی ہے کہ یہ شہزادے امام علیہ السلام کے ہمراہ کربلا میں موجود تھے، آپ کی شہادت کے بعد گرفتار ہو کر قید ہوئے مگر تاریخ اعثم کوفی سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ جناب مسلم کے ہمراہ کوفہ آئے تھے اور جناب نے ان کو بوقت شہادت شریح قاضی کے سپرد کیا تھا۔ صاحب ناسخ نے بھی اسی قول کو اختیار کیا[1] ہے مگر صحیح قول پہلا ہی ہے۔ دوسرا قول اصول روایت کے خلاف ہے۔

چوتھا امر :۔ شہزادوں کی شہادت کیونکر واقع ہوئی؟ اس میں قدرے اختلاف ہے۔ مشہور و معروف وہی کیفیت ہے جسے رئیس المحدثین جناب شیخ صدوق علیہ الرحمہ نے امالی میں درج فرمایا ہے اور پھر متاخرین نے بلا نقد و تبصرہ اپنی اپنی کتب مقاتل میں درج کیا ہے۔ اگرچہ اس کیفیت میں بھی قیل و قال اور اشکال کی گنجائش موجود ہے مگر شیخ کی جلالت اور اس روایت کے راویوں کی وثاقت کے پیش نظر اس پر اعتماد کرنا ہی پڑتا ہے۔ چنانچہ محدث قمی نے بھی (نفس المہموم ص ۸۶ کے حاشیہ پر) اسی طرح شہزادوں کی شہادت درج کرنے کے بعد ایسے ہی خیالات کا اظہار کیا ہے: ﴿اقول عندی قتل ھذین الغلامین بھذا التفصیل مستبعدو لکن نقلتہ اعتماداً علیٰ شیخنا الصدوقؒ و رجال مسندہ. و اللہ العالم﴾ چنانچہ ہم بھی اسی بنا پر یہاں شیخ صدوقؒ کی روایت کے مطابق ان شہزادوں کی شہادت درج کرتے ہیں۔[2]

چنانچہ جناب شیخ صدوق علیہ الرحمہ اپنے والد ماجد شیخ علی سے اور وہ جناب علی بن ابراہیم قمی سے اور وہ اپنے باپ ابراہیم سے اور وہ ابراہیم بن رجاء سے اور وہ علی بن جابر سے اور وہ عثمان بن داؤد ہاشمی سے اور وہ محمد بن مسلم سے اور وہ حمران بن اعین سے اور وہ اہل کوفہ کے ایک بزرگ ابو محمد سے روایت کرتے ہیں کہ جب امام حسین علیہ السلام کی شہادت ہو چکی تو ان کے پسماندگان میں سے دو شہزادے گرفتار کر کے عبیداللہ بن زیاد کے پاس لائے گئے۔ اس نے

---

[1] ناسخ، ج ۶، ص ۱۹۸ تا ص ۲۰۱۔

[2] مقتل، ص ۴۰۶ پر بالاختصار اور ناسخ، ج ۶، ص ۱۹۸ تا ص ۲۰۱ پر بالتفصیل اور کیفیت کے ساتھ ان کی شہادت مذکور ہے۔ تفصیلات کے شائقین ان کتب کی طرف رجوع کریں۔ (منہ عفی عنہ)

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

داروغہ زندان کو بلا کر حکم دیا کہ ان کو قید میں ڈال دے اور ساتھ ہی یہ تاکید کر دی کہ ﴿فمن طیب الطعام فلا تطعمهما و من البارد فلا تسقهما و ضیق علیهما سجنهما﴾ نہ ان کو اچھی غذا کھلانا، نہ ٹھنڈا پانی پلانا اور جہاں تک ہو سکے ان پر قافیہ قید تنگ کرنا۔ زندان میں شہزادوں کا طریقہ کار یہ تھا کہ دن کو روزہ رکھتے۔ جب افطار کا وقت ہوتا تو داروغہ دو روٹیاں اور ایک کوزہ آب پیش کرتا۔ ایک روز ایک بھائی نے دوسرے بھائی سے کہا۔ برادر جان! ہماری مدت قید بہت دراز ہوگئی ہے، اندیشہ ہے کہ اس حال زار میں کہیں ہمارے قویٰ مضمحل اور زندگیاں ختم نہ ہو جائیں، لہٰذا جب شیخ (داروغہ) آئے تو کم از کم اسے اپنا نام و نسب اور پیغمبر اسلام کے ساتھ اپنی قرابت قریبہ کا کا تذکرہ تو کریں شاید اس وجہ سے وہ ہمیں خورد و نوش اور رہائش میں کچھ سہولت بہم پہنچائے۔ چنانچہ حسب معمول جب رات کے وقت داروغہ دو قرص نان اور پانی کا ایک کوزہ لے کر آ گیا تو اس وقت چھوٹے شہزادے اور داروغہ کے درمیان اس طرح سلسلہ کلام کا آغاز ہوا۔

شہزادہ:۔ ﴿یا شیخ اتعرف محمداً صلّی اللّٰہ علیه و اله﴾ اے شیخ! کیا تم جناب محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو پہچانتے ہو؟

شیخ:۔ ﴿کیف لا اعرف محمداً و هو نبیّ﴾ بھلا یہ ممکن ہے کہ میں محمدؐ کو نہ پہچانوں؟ حالانکہ وہ میرے پیغمبر ہیں؟

SIBTAIN.COM

شہزادہ:۔ ﴿افتعرف جعفر ابن ابی طالبؑ؟﴾ کیا تم جعفر بن ابی طالبؑ کو بھی پہچانتے ہو؟

شیخ:۔ ﴿کیف لا اعرف جعفراً وقد اتیت اللّٰہ له جناحین یطیر بهما مع الملائکة کیف یشاء!﴾ بھلا میں جناب جعفرؑ کو کس طرح نہ پہچانوں؟ حالانکہ خدائے قدوس نے ان کو دو پر عطا فرمائے ہیں۔ جن کے ساتھ وہ ملائکہ جنت کے ساتھ جس طرح چاہتے ہیں پرواز کرتے ہیں۔

شہزادہ:۔ ﴿افتعرف علی بن ابی طالبؑ﴾ کیا تم علیؑ بن ابی طالبؑ کو بھی پہچانتے ہو؟

شیخ:۔ ﴿کیف لا اعرف علیًا و هو ابن عمّ نبیّی و اخو نبیّی؟﴾ بھلا میں علیؑ کو کیونکر نہ پہچانوں۔ حالانکہ وہ میرے نبیؐ کے ابن عم و برادر ہیں؟

شہزادہ:۔ ﴿یا شیخ فنحن عترة نبیّک محمد و نحن من ولد مسلم بن عقیل بن ابی طالب علیهم السلام و بیدک اساریٰ من طیب الطعام فلا تطعمنا و من بارد الشراب فلا تسقینا و قد ضیّقت علینا سجننا؟﴾ اے شیخ ہم تیرے نبیؐ کی عترت ہیں۔ یعنی ہم جناب مسلمؑ بن عقیلؑ بن ابی طالبؑ کے فرزند ہیں۔ تو نہ تو ہمیں عمدہ کھانا کھلاتا ہے، نہ ٹھنڈا پانی پلاتا ہے (الٹا) ہماری قید کو سخت کرتا ہے؟

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

شیخ:۔ کا یہ سننا تھا کہ یہ کہتا ہوا شہزادوں کے قدموں پر گر پڑا: ﴿نفسی لنفسکما الفداء و وجهی لوجهکما الوقاء یا عترة نبی اللّٰه المصطفیٰ. هذا باب السّجن بین یدیکما مفتوح فخذ ایّ طریق شئتما!﴾ میری جان تم نثار! اے عترتِ مصطفیٰؐ! یہ قید خانہ کا دروازہ کھلا ہوا ہے۔ جہاں چاہو تشریف لے جاؤ۔ یہ کہہ کر دروازہ کھول دیا۔ اور راستہ دکھاتے ہوئے عرض کیا کہ رات کو چلنا اور دن کو کہیں چھپے رہنا۔ یہاں تک کہ خدا تمہاری کشائش کے اسباب مہیا فرمائے۔

چنانچہ شہزادوں نے قید خانہ سے نکل کر چلنا شروع کیا۔ جب (غالباً دوسری) رات کی تاریکی چھانے لگی۔ تو شہزادے ایک دروازہ پر کھڑی ہوئی ایک بوڑھی عورت کی طرف بڑھے۔ اور فرمایا: ﴿یا عجوز انا غلامان صغیران غریبان حدثان غیر خبیرین بالطریق و هذا اللیل قد جننا اضفینا سواد لیلتنا هذه فلمّا اصبحنا الزمنا الطریق!﴾ اے ضعیفہ! ہم دو صغیر السن مسافر بچے ہیں۔ اور راستہ سے ناواقف۔ رات کی تاریکی چھا گئی ہے۔ ہمیں آج رات اپنے ہاں مہمان ٹھہرا لے۔ صبح ہوتے ہی ہم اپنا راستہ پکڑیں گے۔ بڑھیا نے کہا: ﴿فمن انتما یا حبیبی! فقد شممت الروائح فما شممت رائحة هی اطیّب من رائحتکما!﴾ میرے عزیزو! تم یہ بتاؤ کہ تم کون ہو؟ میں نے تمام خوشبوئیں سونگھی ہیں۔ لیکن تمہاری خوشبو سے بہتر کوئی خوشبو نہیں سونگھی۔ شہزادوں نے کہا: ﴿یا عجوز! نحن من عترة نبیک محمدٍ (صلی اللّٰه علیه و اٰله هربنا من سجن عبید اللّٰه ابن زیاد من القتل﴾ ہم تیرے پیغمبر کی ذرّیت ہیں۔ بوجہ خوفِ قتل ابن زیاد کے قید خانہ سے بھاگ آئے ہیں! ضعیفہ نے کہا: میرا ایک فاسق و فاجر داماد ہے جو واقعۂ کربلا میں لشکر ابن زیاد میں شامل تھا۔ مجھے اس سے اندیشہ ہے کہ وہ کہیں تمہیں یہاں دیکھ کر کوئی گزند نہ پہنچائے۔ شہزادوں نے کہا: اب رات تاریک ہے۔ جب صبح ہوگی۔ ہم اپنی راہ لیں گے۔ چنانچہ ضعیفہ شہزادوں کو گھر لے گئی۔ پھر آب و طعام لائی۔ شہزادوں نے نوش جان کیا۔ جب سونے لگے تو چھوٹے بھائی نے بڑے بھائی سے کہا: برادر جان! امید ہے کہ آج کی رات امن و امان سے گزرے گی۔ آیئے میں اپنی باہیں آپ کے گلے میں ڈال دوں۔ اور تم اپنی باہیں میرے گلے میں ڈال دو۔ اور میں آپؑ کی خوشبو کو سونگھوں۔ تم میری خوشبو کو سونگھو۔ قبل اس کے کہ موت ہمارے تمہارے درمیان جدائی ڈال دے۔

چنانچہ شہزادے اسی حالت میں ایک دوسرے کے گلے میں باہیں ڈال کر سو گئے۔ ابھی رات کا کچھ حصہ ہی گزرا تھا کہ اس ضعیفہ کے داماد نے دق الباب کیا۔ ضعیفہ نے دریافت کیا: کون ہے؟ ملعون نے کہا: میں فلاں ہوں! بڑھیا نے کہا: اس وقت آنے کا کیا مقصد ہے؟ فاسق نے کہا: جلدی دروازہ کھولو کہ شدت خستگی کی وجہ سے میری جان نکل رہی ہے۔ اور دماغ ماؤف ہو رہا ہے۔ ضعیفہ نے پوچھا: یہ خستگی کیسی ہے؟ ملعون نے کہا: عبید اللّٰہ بن زیاد کے لشکر

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

(قید خانہ) سے دو صغیر السن بچے بھاگ گئے ہیں۔ اس نے اعلان کیا ہے کہ جو شخص ان میں سے ایک کا سر لائے گا۔ اسے ایک ہزار اور جو دونوں کا سر لائے گا۔ اسے دو ہزار درہم انعام دیا جائے گا۔ اس لیے میں نے اس لالچ میں دن بھر بڑی تگ و دو کی۔ مگر کچھ ہاتھ نہیں لگا۔ ضعیفہ نے کہا: اس بات سے ڈرو کہ بروزِ قیامت محمد مصطفیٰ تیرے دشمن ہوں۔ فاسق نے کہا: میں یہ سب کچھ حرص دنیا کے لیے کر رہا ہوں۔ ضعیفہ نے کہا: اس دنیا کو حاصل کر کے کیا کرو گے؟ جبکہ آخرت ہاتھ سے چلی جائے گی۔ اس نے اس رحم دل بڑھیا کا یہ جواب سن کر کہا: تیرے اس ہمدردانہ جواب سے ظاہر ہوتا ہے کہ تو ان بچوں کی حمایت کر رہی ہے۔ گویا تمہیں ان کا کچھ اتہ پتہ ہے۔ پھر کہا: اٹھو، تمہیں حاکم کوفہ نے یاد کیا ہے۔ بڑھیا نے کہا: مجھ سے حاکم کو کیا سروکار ہے۔ میں ایک بوڑھی عورت ہوں۔ جو اس صحرا میں رہتی ہوں۔ اس خبیث نے جھلا کر کہا: دروازہ کھول۔ تاکہ میں کچھ آرام و استراحت کر لوں۔ صبح سوچوں گا کہ کہاں انہیں تلاش کروں۔ بہر حال ضعیفہ نے دروازہ کھولا۔ ملعون اندر آیا۔ بڑھیا نے طعام پیش کیا جسے کھا کر سو گیا۔ ابھی تھوڑی دیر ہی گزری تھی کہ ملعون کے کانوں میں شہزادوں کے سانس لینے کی بھنک پڑ گئی۔ چنانچہ فوراً اٹھ بیٹھا۔ اور اونٹ کی طرح بلبلاتا اور بیل کی طرح آواز نکالتا ہوا کمرے کی دیواروں کو ٹٹولنے لگا۔ حتیٰ کہ اس کا نجس ہاتھ چھوٹے شہزادوں کے پہلو پر جا لگا۔ شہزادہ نے گھبرا کر کہا: کون ہے؟ ملعون نے جواب دیا: میں تو صاحب منزل ہوں۔ البتہ تم بتاؤ تم کون ہو؟ اس وقت چھوٹے شہزادے نے بڑے شہزادے کو جگاتے ہوئے کہا: ﴿قم یا حبیبی افقد واللّٰہ وقعنا فیما کنا نحاذرہ﴾ حبیب من! اٹھو بخدا ہم جس مصیبت سے ڈرتے تھے۔ اسی میں مبتلا ہو گئے ہیں۔ ملعون نے پھر یہی سوال دہرایا کہ تم کون ہو؟ شہزادوں نے کہا: ﴿یا شیخ ان نحن صدقناک فلنا الامان؟﴾ اے شیخ! اگر ہم تجھے صحیح صحیح صورتِ حال بتا دیں۔ تو کیا ہمارے لیے امان ہے؟ ملعون نے کہا: ﴿نعم امان اللّٰہ و امان رسولہ و ذمۃ اللّٰہ و ذمۃ الرسول اللّٰہ﴾ ہاں خدا اور رسولؐ کی امان ہے۔ اور خدا اور رسولؐ کے عہد و پیمان اور ذمہ داری پر؟ شہزادوں نے اس امان دہی کو مزید پختہ کرنے کے لیے فرمایا: ﴿و محمد بن عبد اللّٰہ علی ذلک من الشاھدین﴾ (جناب رسولؐ خدا اس بات پر گواہ ہیں؟) ملعون نے کہا: ہاں۔ پھر شہزادوں نے کہا: ﴿یا شیخ فنحن من عترۃ نبیک محمد صلی اللّٰہ علیہ و الہ ھربنا من سجن عبید اللّٰہ بن زیاد من القتل﴾ اے شیخ! ہم تیرے نبی محمدؐ کی عترت میں سے ہیں۔ خوفِ قتل کی وجہ سے ابن زیاد کی قید سے بھاگ آئے ہیں۔ ملعون نے کہا: ﴿من الموت ھربتما و الی الموت وقعتما الحمد للّٰہ الذی اظفرنی بکما﴾ تم موت کے ڈر سے بھاگے ہو اور موت کے چنگل میں پھنس گئے ہو۔ خدا کا شکر ہے جس نے مجھے اپنے مقصد میں کامیاب کیا۔ پھر اٹھا۔ اور شہزادوں کے ہاتھ پس پشت باندھ دیئے۔ اسی حالت میں انہوں نے صبح کی۔ جب صبح صادق ہوئی تو اس نے اپنے سیاہ فام فلیح نامی غلام کو حکم

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

دیا کہ ان شہزادوں کو دریائے فرات کے کنارے لے جا کر قتل کر دو۔ اور ان کے سر میرے پاس لاؤ۔ تا کہ میں ابن زیاد کے پاس لے جا کر دو ہزار درہم کا انعام حاصل کروں۔ چنانچہ وہ غلام شہزادوں کو ہمراہ لے کر فرات کی طرف روانہ ہوا۔ ابھی تھوڑا سا راستہ طے کیا تھا کہ شہزادوں نے کہا: اے سیاہ فام! تیری سیاہی بلال مؤذن رسولؐ کے ساتھ کس قدر مشابہت رکھتی ہے۔ غلام نے کہا: میرے آقا نے تمہیں قتل کرنے کا حکم دیا ہے۔ تم یہ بتاؤ کہ تم کون ہو؟ شہزادوں نے کہا: ﴿یا اسود! نحن من عترة نبیک محمدؐ﴾ اے سیاہ فام! ہم تیرے نبیؐ کی عترت ہیں۔ ہم ابن زیاد کی قید سے بھاگ کر تمہاری اس ضعیفہ کے ہاں مہمان ہوئے۔ اب تمہارا آقا ہمیں قتل کرنا چاہتا ہے۔ جب غلام کو شہزادوں کا حسب ونسب معلوم ہوا۔ تو شہزادوں کے قدموں پر گر پڑا۔ اور قدموں پر بوسہ دیتے ہوئے کہا: ﴿نفسی لنفسکما الفداء. و وجهی لوجهکما الوقاء یا عترة نبی الله المصطفیٰؐ و الله لا یکون محمدؐ خصمی فی القیمة﴾ میری جان تم پر قربان۔ بخدا ہرگز ایسا نہیں ہو سکتا۔ کہ بروز قیامت جناب رسول خداؐ میرے دشمن ہوں۔ اس کے بعد تلوار ہاتھ سے پھینک دی۔ اور اپنے آپ کو نہر فرات میں ڈال دیا اور تیر کر دوسری جانب چلا گیا۔ ملعون نے یہ منظر دیکھ کر اسے کہا: اے غلام تو نے میری نافرمانی کی۔ غلام نے جواب دیا: جب تک تو نے خدا کی نافرمانی نہیں کی۔ اس وقت تک میں نے تیری فرمان برداری کی ہے۔ اب جبکہ تو خدا کی معصیت کر رہا ہے۔ تو میں دنیا و آخرت میں اب تجھ سے بیزار ہوں۔ پھر اس ملعون نے اپنے بیٹے کو بلا کر کہا: دیکھ بیٹا میں دنیا کا سب حلال وحرام تیرے ہی لیے جمع کر رہا ہوں۔ جاؤ! نہر فرات کے کنارے ان بچوں کو قتل کر کے ان کے سر میرے پاس لاؤ۔ تا کہ میں ابن زیاد سے جا کر مقررہ انعام حاصل کروں۔ چنانچہ اس نوجوان نے تلوار ہاتھ میں لی اور شہزادوں کو لے کر چلا۔ ابھی تھوڑا سا ہی راستہ طے کیا تھا کہ ایک شہزادہ نے کہا: ﴿یا شباب ما اخوفنی علی شبابک من نار جهنم﴾ ''اے جوان مجھے تیری اس بھرپور جوانی کا بڑا اندیشہ ہے کہ کس طرح آتش جہنم میں جلے گی۔'' شہزادوں کا یہ کلام سن کر نوجوان نے دریافت کیا: تم کون ہو؟ شہزادوں نے جواب دیا: ہم تیرے نبیؐ کی عترت ہیں۔ تمہارا والد ہمیں قتل کرنا چاہتا ہے۔ یہ سننا تھا کہ وہ نوجوان شہزادوں کے قدموں پر گر گیا۔ اور قدم چومتے ہوئے وہی کلمات دہرائے جو قبل ازیں سیاہ فام غلام نے کہے تھے۔ پھر تلوار پھینک کر دریا کے اس پار چلا گیا۔ ملعون نے چلا کر کہا: بیٹا! تو نے بھی میری نافرمانی کی۔ جوان نے کہا: اگر خدا کی فرمانبرداری کروں۔ اور تمہاری نافرمانی تو یہ اس سے بہتر ہے۔ کہ تمہاری فرمانبرداری کروں اور خدا کی نافرمانی! اس وقت ملعون نے غصہ سے آگ بگولہ ہو کر کہا: میرے سوا تمہیں اور کوئی قتل نہیں کرے گا۔ پھر شمشیر بکف ہو کر نکلا۔ چنانچہ جب نہر فرات کے کنارے پہنچا تو تلوار کو میان سے کھینچا۔ جب شہزادوں نے کھنچی ہوئی تلوار کو دیکھا تو آبدیدہ ہو گئے اور فرمایا:

SIBTAIN.COM

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

شہزادے:۔ ﴿یا شیخ انطلق بنا الی السوق و استمتع باثماننا. ولا ترد ان یکون محمدؐ خصمک فی القیمة﴾ اے شیخ ہمیں بازار میں زندہ لے جا کر فروخت کر دے اور ہماری قیمت سے فائدہ حاصل کر۔ ہمیں قتل کر کے محمد مصطفیٰؐ کو بروزِ قیامت اپنا دشمن نہ بنا۔

ملعون:۔ نہیں میں تو ضرور تمہیں قتل ہی کروں گا۔ اور تمہارے سر ابن زیاد کے پاس پہنچا کر دو ہزار درہم انعام حاصل کروں گا۔

شہزادے:۔ ﴿یا شیخ! اما تحفظ قرابتنا من رسول اللّٰہ﴾ اے شیخ! کیا تم ہماری قرابتِ رسولؐ کا بھی کوئی خیال نہیں کرتے؟

ملعون:۔ تمہیں رسولؐ سے کوئی قرابت نہیں ہے۔

شہزادے:۔ ﴿یا شیخ فات بنا الی عبید اللّٰہ بن زیاد حتیٰ یحکم فینا بامرہ﴾ اے شیخ! ہمیں زندہ ابن زیاد کے پاس لے جاؤ تا کہ وہ ہمارے متعلق مناسب فیصلہ کرے۔

ملعون:۔ ایسا بھی نہیں ہو سکتا۔ میں تو تمہارا خون بہا کر ہی ابن زیاد کا تقرب حاصل کروں گا۔

شہزادے:۔ ﴿یا شیخ! اما ترحم صغر سننا﴾ اے شیخ! کیا تم ہماری صغر سنی پر بھی رحم نہیں کرتے۔

ملعون:۔ تمہارے بارے میں خدا نے میرے دل میں رحم پیدا ہی نہیں کیا۔

شہزادے:۔ ﴿یا شیخ! ان کان ولا بدّ فدعنا نصلّی رکعات﴾ اے شیخ! اگر ہمیں ضرور قتل ہی کرنا ہے۔ تو ہمیں چند رکعت نماز پڑھنے کی تو مہلت دے دو۔

ملعون:۔ ﴿فصلّیا ما شئتما ان نفعتکما الصّلوٰۃ﴾ اگر نماز تمہیں کوئی فائدہ دیتی ہے تو جس قدر چاہو پڑھو۔

چنانچہ شہزادوں نے چار چار رکعت پڑھی۔ پھر آسمان کی طرف نگاہیں بلند کر کے بارگاہِ الٰہ العالمین میں عرض کیا: ﴿یا حیّ یا حلیم. یا احکم الحاکمین اُحکم بیننا و بینہٗ بالحق﴾ (اے حی و حلیم۔ اے احکم الحاکمین تو ہمارے اور اس کے درمیان برحق فیصلہ فرما)۔ جب شہزادے دعا و پکار سے فارغ ہوئے۔ تو ملعون بڑے شہزادے کی طرف بڑھا۔ اور ان کی گردن اڑا دی اور سر توبرے میں رکھ دیا۔ چھوٹا شہزادہ بڑے بھائی کے خون میں لوٹنے لگا۔ اور کہا: میں رسولؐ خدا کی خدمت میں اپنے بھائی کے خون میں اس طرح لتھڑا ہوا جاؤں گا۔ ملعون نے کہا: میں ابھی تمہیں بھی اپنے بھائی سے ملحق کرتا ہوں۔ اس کے بعد تلوار کا ایک وار کر کے ان کا سر بھی تن سے جدا کر دیا۔ اور سر توبرے میں رکھ دیا۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَ اِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ۔ پھر دونوں شہزادوں کی لاش ہائے مقدسہ کو دریا میں پھینک دیا۔ جبکہ ان سے خون ٹپک رہا تھا۔ اور سروں کو لے کر سیدھا ابن زیاد کے دربار میں پہنچا۔ اس وقت ابن زیاد کرسی پر بیٹھا تھا اور

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

ہاتھ میں چھڑی تھی۔ جب ملعون نے اس کے سامنے سر پیش کیے۔ تو ابن زیاد سروں کو دیکھتے ہی تین بار اٹھا اور بیٹھا۔ پھر اس ملعون کو مخاطب کر کے دریافت کیا:

ابن زیاد: افسوس ہے تجھ پر۔ تو نے ان کو کہاں پایا؟

ملعون: ہماری ایک بڑھیا نے ان کو مہمان ٹھہرایا ہوا تھا۔

ابن زیاد: پھر تو نے حق مہمانی کا خیال بھی نہ کیا؟

ملعون: نے نفی میں جواب دیا۔

ابن زیاد: شہزادوں نے تمہیں کچھ کہا بھی تھا؟

ملعون: ہاں کہا تھا کہ ہمیں بازار میں جا کر فروخت کر دو۔ اور ہماری قیمت سے فائدہ اٹھاؤ۔

ابن زیاد: پھر تم نے انہیں کیا کہا تھا؟

ملعون: میں نے کہا تھا: ایسا نہیں ہو سکتا۔ میں تو تمہیں قتل کر کے تمہارے سر ابن زیاد کے پاس لے جاؤں گا۔ تا کہ دو ہزار کا انعام حاصل کروں۔

ابن زیاد: اور کیا کہا تھا؟

ملعون: کہا تھا کہ ہمیں زندہ ابن زیاد کے پاس لے جا۔ تا کہ وہ جو چاہے ہمارے متعلق فیصلہ کرے۔

ابن زیاد: تو نے انہیں کیا جواب دیا؟

ملعون: میں نے کہا تھا: میں تمہارے قتل کے ذریعہ سے اس کا تقرب حاصل کروں گا۔

ابن زیاد: اگر تو ان کو زندہ میرے پاس لاتا۔ تو میں یہ انعام دوگنا کر کے تجھے چار ہزار درہم دیتا۔ اچھا یہ بتاؤ: پھر انہوں نے کچھ اور بھی کہا تھا؟

ملعون: کہا تھا: ہماری قرابت داری رسول کا لحاظ کر۔

ابن زیاد: تو نے کیا کہا تھا؟

ملعون: میں نے کہا تھا: تمہیں رسولؐ سے کوئی قرابت داری نہیں ہے!

ابن زیاد: اور بھی کچھ کہا تھا؟

ملعون: ہاں کہا تھا کہ ہماری صغر سنی پر رحم کرو۔

ابن زیاد: پھر تو نے ان پر رحم نہ کیا؟

ملعون: میں نے کہا تھا: تمہارے متعلق خدا نے میرے دل میں رحم پیدا ہی نہیں کیا۔

SIBTAIN.COM
Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

ابن زیاد: کیا کچھ اور بھی کہا تھا؟

ملعون: ہاں یہ کہا تھا کہ ہمیں چند رکعت نماز پڑھنے دو۔ میں نے کہا تھا کہ اگر نماز تمہیں کچھ فائدہ دیتی ہے تو پڑھ لو۔ چنانچہ شہزادوں نے چار رکعت نماز پڑھی تھی۔

ابن زیاد: نماز کے بعد بھی کچھ کہا تھا؟

ملعون: ہاں آسمان کی طرف نگاہیں بلند کر کے یہ دعا پڑھی تھی: ﴿یا حیّ یا حلیم. یا احکم الحاکمین اُحکم بیننا و بینهٗ بالحق﴾

ابن زیاد: احکم الحاکمین نے تمہارا فیصلہ کر دیا ہے۔ پھر بآواز بلند کہا: ﴿من للفاسق؟﴾ کوئی ہے جو اس فاسق کا کام تمام کرے۔ یہ سن کر ایک شامی مرد اٹھا۔ اور کہا: میں حاضر ہوں۔ ابن زیاد نے اسے کہا: اسے اسی جگہ لے جاؤ جہاں اس نے شہزادوں کو قتل کیا تھا۔ وہاں اسے قتل کر دو۔ مگر خیال رکھنا اس کا خون ان کے خون کے ساتھ نہ ملنے پائے اور جلدی اس کا سر قلم کر کے میرے پاس لاؤ۔ چنانچہ شامی نے تعمیل حکم کی۔ اور اس کا سر قلم کر کے لایا پھر اسے نوک سناں پر بلند کیا گیا۔ کوفہ کے اطفال خوردسال اسے پتھر مارتے اور کہتے تھے: ﴿هذا قاتل ذریّة رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه و اٰله﴾ یہ ذریت رسولؐ کا قاتل ہے۔[1]

SIBTAIN.COM
Presented By: www.jafrilibrary.com

---

[1] امالی شیخ صدوق علیہ الرحمہ، ص ۵۱۔ عاشر بحار الانوار، ص ۲۱۶۔ نفس المہموم، ص ۸۶۔ تظلم الزہراء، ص ۱۴۹ وغیرہ۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

اسیران آل رسولؐ کا مختصر تعارف

یہاں مناسب معلوم ہوتا ہے کہ اسیرانِ اہل بیتؑ کی بعض اہم شخصیات کے مختصر مگر جامع حالات کا تذکرہ کر دیا جائے۔ تاکہ قارئین کرام ان کے حالاتِ زندگی سے آگاہی حاصل کر سکیں۔ جیسا کہ قبل ازیں شہدائے کربلا کے مختصر حالاتِ زندگی سے ان کو روشناس کرایا جا چکا ہے۔

(۱) امام علی بن الحسینؑ المعروف بامام زین العابدینؑ

ولادت باسعادت

آنجنابؑ کی ولادت مدینہ منورہ میں ۲۵ جمادی الاولیٰ ۳۸ھ میں واقع ہوئی۔ آپؑ کی والدہ ماجدہ شاہ زنان (شہربانو) بنت یزدجرد ہیں۔ آپ کی ولادت حضرت امیرؑ کی ظاہری خلافت کے دور میں ہوئی۔ ابھی ولادت کو پورے تین سال بھی نہیں ہوئے تھے۔ کہ جناب امیرؑ کی شہادت واقع ہوئی۔ اور قریباً زندگی کی بارہ بہاریں ہی دیکھی تھیں کہ عم بزرگوار حضرت امام حسن مجتبیٰؑ کی شہادت کا صدمہ برداشت کرنا پڑا۔ شہادت امام حسینؑ کے وقت آپ کی عمر شریف ۲۳ برس تھی۔ ہجرت مدینہ سے لے کر آخر دم تک آپ سید الشہداؑ کے ہمرکاب رہے۔ اس اثنا میں آنجنابؑ بیمار ہو گئے۔ بیماری کی صحیح تاریخ معلوم نہیں ہو سکی۔ لیکن اس قدر معلوم ہے کہ روز عاشوراء آپؑ اتنے بیمار تھے کہ جہاد میں شرکت نہیں کر سکے۔ اور نصرت امامؑ میں دوسرے شہداء کی طرح شمولیت نہیں فرما سکے۔ عالم اسباب میں خداوند عالم کو نسل رسولؐ کا باقی رکھنا اور امام زین العابدینؑ کا اور طریقہ سے امتحان لینا مقصود تھا۔ اس لئے ان کو ان ایام میں مبتلائے مرض کر دیا۔

شہادت امامؑ کے بعد جب مخدراتِ عصمت وطہارت کو اسیر کیا گیا تو امام زین العابدینؑ اس مصیبت میں شریک تھے۔ قبل ازیں ان کی اسیری کے واقعات بیان کئے جا چکے ہیں۔

زہد وتقویٰ

مؤرخین متفق القول ہیں کہ آپؑ اپنے زمانہ میں بے مثال زاہد ومتقی تھے۔ ذہبی نے تذکرۃ الحفاظ میں لکھا ہے: ﴿انہ کان یصلی فی الیوم واللیلۃ الف رکعت الی ان مات﴾ آپؑ دن اور رات میں ایک ہزار رکعت

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

نماز پڑھتے تھے۔ اسی حالت میں آپؑ نے اس جہان فانی سے رحلت فرمائی۔[1] احیاء العلوم غزالی میں ہے: ﴿کان اذا توضأ للصلوٰۃ یصفر لونہ فقیل لہ ما ھذا الحال الذی یعتریک قال اتدرون بین یدی من ارید ان اقف﴾۔ امام زین العابدینؑ جس وقت وضو کرتے تھے۔ آپؑ کا رنگ پیلا ہوجاتا تھا۔ لوگوں نے اس کا سبب پوچھا تو آپؑ نے فرمایا کہ کیا تم نہیں جانتے کہ میں کس کے سامنے کھڑا ہونے والا ہوں۔[2] نور الابصار، (ص ۱۳۹) میں جناب ابن شہاب زہری سے روایت ہے کہ ﴿لم ار ھاشمیا افضل من علی بن الحسینؑ﴾ میں نے علیؑ بن الحسینؑ سے افضل کوئی ہاشمی نہیں دیکھا۔ فصول مہمہ (ص ۱۸۵ پر) سعید بن مسیب تابعی کا قول ہے: ﴿لم ار اورع منہ﴾ میں نے امام زین العابدینؑ سے زیادہ کوئی پرہیزگار نہیں دیکھا۔[3]

آپ کا علم و فضل

یحییٰ عامری نے ریاض المستطابہ میں لکھا ہے ﴿کان رضی اللہ عنہ نہایۃ فی العلم و غایۃ فی العبادۃ و کان لہ فی الیوم و اللیلۃ اورداً الا تطیق القیام بھا جماعۃ من الناس﴾ آپ کی ذات ستودہ صفات علم کی انتہائی بلندیوں اور عبادت کی آخری چوٹیوں پر پہنچی ہوئی تھی۔ آپ شب و روز میں اس قدر اوراد و وظائف پڑھا کرتے تھے کہ لوگوں کی مشترکہ جماعت بھی اس قدر نہیں پڑھ سکتی۔[4]

SIBTAIN.COM

آپؑ کے اخلاق کریمانہ

آپؑ کے اخلاق کریمانہ میں سے صرف ایک واقعہ کا نقل کردینا ہی کافی ہوگا۔ نور الابصار، (ص ۱۴۱، طبع مصر) میں مروی ہے: ﴿ان علیا زین العابدین خرج من المسجد یوما فلقیہ رجل فسبہ و بالغ فی سبہ دعا و الیہ العبیدو. الموالی فکفھم عنہ و اقبل الیہ و قال لہ ما ستر عنک من امرنا اکثرا لک حاجۃ نعینک فیھا فاستحی الرجل فالقی الیہ قمیصہ و القی الیہ خمسۃ آلاف درھم فقال اشھد انک من اولاد المصطفیٰ﴾۔ ایک مرتبہ آپؑ مسجد سے برآمد ہوئے تو ایک شخص سے آپؑ کی ملاقات ہوگئی۔ جس نے آپؑ کی شان میں گستاخانہ کلمات کہے۔ آپؑ کے غلام اس کی طرف بڑھے۔ مگر آپؑ نے ان کو روک دیا اور کہا۔ اے شخص! ہمارے حالات کا بہت سے حصہ تو تجھ سے مخفی ہے۔ اگر تجھ کو کوئی حاجت ہو تو بیان کرو تاکہ ہم تمہاری معاونت کریں۔ پھر آپؑ نے اپنا جبہ اور پانچ ہزار درہم اس کی طرف پھینک دیئے، اس کو حیاء آئی اور اس نے کہا میں گواہی دیتا ہوں کہ واقعی آپ اولاد رسولؐ ہیں۔

---

[1] فصول مہمہ، ص ۱۸۳۔ تاریخ احمدی، ص ۳۲۹۔
[2] تاریخ احمدی، ص ۳۳۹۔
[3] نور الابصار، ص ۱۳۹۔
[4] تاریخ احمدی، ص ۳۳۰۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

آپؑ کی شہادت

آپؑ کی شہادت ۲۵ محرم الحرام ۹۵ھ میں ہوئی۔ جبکہ آپؑ کی عمر ۵۷ سال تھی۔ ابن صباغ مالکی نے لکھا ہے: ﴿انه مات مسموماً و ان الذی سمه ولید بن عبد الملک و دفن بالبقیع عند عمه الحسن﴾[1]۔ علماء کا قول ہے۔ کہ آپؑ زہر سے شہید کئے گئے۔ اور آپ کو ولید بن عبد الملک نے زہر دی اور جنت البقیع میں دفن ہوئے۔

(۲) امام محمد بن علی الباقرؑ

ولادت باسعادت

آپؑ کی ولادت باسعادت یکم رجب المرجب ۵۷ھ کو مدینہ منورہ میں واقع ہوئی۔ واقعہ کربلا میں آپ اپنے اب وجد کے ہمراہ موجود تھے۔ اس وقت آپؑ کی عمر قریباً چار برس تھی۔

القاب شریفہ

آپؑ کے بہت سے القاب مبارکہ ہیں۔ سب سے زیادہ مشہور لقب "باقر" ہے۔ جس کی وجہ علماء نے یہ لکھی ہے: ﴿بذلک من بقر الارض ای شقها و اثار مخباتها و مکامنها فلذلک هو اظهر من مخبات کنوز المعارف و حقائق الاحکام..... و من ثم قیل فیه هو باقر العلم و جامعه و شاهر علمه و رافعه﴾[2] بقر کے لغوی معنی شگافتہ کرنے کے ہیں۔ کہا جاتا ہے: ﴿بقر الارض ای شقها و اثار مخباتها﴾ اس نے زمین کو شگافتہ کیا۔ یعنی اس کو چیرا اور اس کے پوشیدہ اسرار کو واضح کیا۔ آپؑ کو اسی مناسبت سے باقر کہا جاتا ہے۔ کیونکہ آپ نے خزائن علوم و معارف کے اسرار و رموز اور احکام کے حقائق کو واضح کر دیا۔ اس وجہ سے کہا جاتا ہے۔ آپؑ ہی علم کے شگافتہ کرنے والے، اس کو جمع کرنے والے اور اس کے علمبردار ہیں۔ آپ کا یہ لقب گرامی خود رسول اللہؐ نے تجویز فرمایا تھا۔ چنانچہ الفصول المہمہ، ص ۱۹۳، اور صواعق، ص ۱۹۹ میں جابر بن عبد اللہ سے روایت ہے کہ آنحضرتؐ نے ان سے فرمایا: ﴿یا جابر یوشک ان تلتحق بولدی من ولدی الحسینؑ اسمهٗ کاسمی یبقر العلم بقراً ای یفجره تفجیراً فاذا برائیته فاقرأه منی السلام﴾۔ اے جابر! عنقریب تم امام حسینؑ کی اولاد میں سے میرے ایک فرزند سے ملاقات کرو گے۔ جو میرا ہم نام ہوگا۔ جو کہ علم کو شگافتہ کرے گا۔ یعنی علم کے چشمے جاری کرے گا۔ جب تم ان کو دیکھو تو ان کو میرا اسلام کہہ دینا۔

---

[1] الفصول المہمہ، ص ۱۹۰۔ صواعق محرقہ، ص ۱۲۰۔

[2] صواعق محرقہ، ص ۱۹۹۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

آپؑ کا علم و فضل

صاحب نور الابصار (ص ۱۴۳ میں) اور ابن صباغ مالکی فصول مہمہ (ص ۱۹۲ میں) بحوالہ الارشاد لکھتے ہیں: ﴿کان اشهرهم ذکراً و اکملهم فضلاً و اعظمهم نبلاً لم یظهر من احد من ولد لحسنؑ و الحسینؑ من علم الدین و السنن و علم القرآن و فنون الادب ما ظهر من ابی جعفر الباقر علیه السلام﴾ آپ تمام ائمہ علیہم السلام سے زیادہ مشہور اور زیادہ صاحب فضل و جلالت تھے۔ اولاد امام حسنؑ و حسینؑ میں سے کسی سے اس قدر علم دین و سنن اور علم قرآن اور فنون ادب ظاہر نہیں ہوئے جس قدر امام محمد باقرؑ سے ظاہر ہوئے ہیں۔ آپؑ سے جلیل القدر تابعین اور جید علماء نے علوم دینیہ حاصل کئے اور آپؑ کے متعلق محدث شہیر مالک بن اعین جہنی کہتا ہے: ﴿اذا طلب الناس علم القرآن کان القریش علیه عیالاً﴾۔ اگر لوگ علم قرآن حاصل کریں۔ تو قریش اس علم میں امام باقرؑ کے عیال (ممنون احسان) ہیں۔

آپؑ کا زہد و تقویٰ اور اخلاق فاضلہ

ابن حجر مکی صواعق محرقہ، ص ۱۹۹ میں فرماتے ہیں: آپؑ علم و عبادت اور زہد و تقویٰ میں حضرت امام زین العابدین علیہ السلام کے قائم مقام تھے۔ ابن صباغ مالکی الفصول المہمہ، ص ۱۹۲ میں فرماتے ہیں: ﴿هو باقر العلم و جامعه و شاهره و رافعه و متفرق دررہ و راصعه صفی قلبه و زکی عمله و طهرت نفسه و شرفت اخلاقه و عمرت اوقاته بطاعة الله و رسخ فی مقام التقویٰ قدمه و میثاقه﴾ آپؑ ہی علم کے سینہ کو چیرنے والے، اس کے جامع اور اس کے علم بردار ہیں۔ اور اس کے آبدار موتیوں کو ٹانکنے والے ہیں۔ آپؑ پاکیزہ دل، نیک سیرت، طاہر النفس اور شریف الاخلاق تھے۔ جن کے اوقات اللہ کی اطاعت سے آباد رہتے تھے۔ اور مقام تقویٰ و طہارت میں راسخ القدم تھے۔ ابن صباغ لکھتے ہیں کہ: امام محمد باقرؑ اپنے علم و فضل، ریاست علمیہ اور امامت کبریٰ کے حامل ہونے کے باوجود مشہود ترین سخی تھے۔ اسود بن کثیر نے آپ کی خدمت میں تنگ دستی کی شکایت کی۔ آپؑ نے اس کو سات سو درہم عطا فرمائے۔ اور فرمایا: فی الحال ان کو صرف کرو۔ جب یہ ختم ہو جائیں تو مجھ کو آگاہ کر دینا۔[1]

آپؑ کی شہادت

آپؑ کی شہادت زہر کی وجہ سے ہوئی۔ اور جنت البقیع میں دفن ہوئے۔ صواعق محرقہ، ص ۱۹۹ میں ہے: ﴿توفی سنة سبع عشرة و مأة عن ثمان و خمسین سنة مسموماً کابیه﴾۔ آپؑ اٹھاون برس کی عمر میں اپنے والد ماجدؑ کی طرح زہر سے شہید ہوئے۔ اور سن شہادت ۱۱۷ھ ہے۔ (صحیح ۱۱۴ھ ہے۔ ۷ ذی الحجہ) (ہر دو

---

[1] الفصول المہمہ، ص ۱۹۷۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

اماموں کے حالات کا یہ اجمالی مگر جامع خاکہ اپنی کتاب ''اثبات الامامت'' از ص ۲۷۲ تا ص ۲۷۵ لیا گیا ہے)۔

(۳) حضرت زینبؑ بنتِ علی علیہا السلام

ولادت باسعادت

آپؑ کی تاریخ ولادت میں اختلاف ہے۔ مگر صحیح یہ ہے کہ آپ کی ولادت باسعادت ۵ جمادی الاولیٰ، سنہ ۵ ھ میں ہوئی۔[1] آپؑ جناب صدیقہ کبریٰ کی بڑی صاحبزادی اور امام حسینؑ سے قریباً دو سال چھوٹی تھیں۔

بعض آثار سے ظاہر ہوتا ہے کہ ولادت کے بعد جناب مخدومہ کونین سلام اللہ علیہا ان کو حضرت امیرؑ کی خدمت میں لائیں۔ اور عرض کیا۔ ان کا نام تجویز فرمایئے۔ آنجنابؑ نے فرمایا میں حضرت رسولؐ خدا پر کس طرح سبقت کر سکتا ہوں۔ اس وقت آنحضرتؐ کہیں سفر پر تشریف لے گئے ہوئے تھے۔ جب واپس آئے اور ان کی خدمت میں نام تجویز کرنے کی درخواست پیش کی گئی تو آپؐ نے فرمایا میں خداوند عالم پر کس طرح سبقت کر سکتا ہوں۔ اس وقت جبرئیل امینؑ نازل ہوئے اور پروردگار عالم کی طرف سے تحفہ درود وسلام کے بعد کہا کہ خداوند ارشاد فرماتا ہے کہ اس مولودہ کا نام زینبؑ رکھ دیجئے کہ خدا نے ان کے لیے یہی نام تجویز کیا ہے۔ پھر جبرئیلؑ نے ان مصائب وآلام کی خبر دی جو اس مخدرہ پر وارد ہونے والے تھے۔ سن کر آنحضرتؐ روئے اور فرمایا: ﴿من بکی علی مصائب هذه البنت کان کمن بکی علی اخویها الحسنؑ و الحسینؑ﴾۔ جو میری اس بیٹی کی مصیبت پر روئے گا وہ اجر وثواب میں اس کے بھائی حسنؑ وحسینؑ کے مصائب پر رونے والے کی مانند ہوگا۔[2]

القاب مبارکہ

جناب زینب عالیہ علیہا السلام کے بہت سے القاب ہیں جن میں سے زیادہ مشہور یہ ہیں: (۱) صدیقہ صغریٰ، (۲) عقیلہ بنی ہاشم، (۳) عالمہ غیر معلمہ، (۴) عابدہ آل علی، (۵) شریکۃ الحسینؑ اور مشہور کنیت اُم کلثوم ہے۔

تعلیم وتربیت

اس بی بی کی تعلیم وتربیت اور خاندانی عظمت وجلالت کا اندازہ کیوں کر لگایا جا سکتا ہے۔ جس کے نانا جناب رسولؐ خدا اور بابا علی مرتضیٰؑ، والدہ ماجدہ فاطمۃ الزہراؑ، ایک بھائی حسن مجتبیٰؑ اور دوسرے حسینؑ سید الشہداء ہوں اور انہی بزرگواروں کی آغوش تربیت میں نشو ونما پائی ہو اور جسے امام زین العابدینؑ عالمہ غیر معلمہ اور فہمۃ غیر مفہمہ کا جلیل القدر لقب عطا فرمائیں۔ امام کے اس کلام حقیقت ترجمان سے تو یہی واضح وعیاں ہوتا ہے کہ صدیقہ صغریٰ علم لدنی کی مالک تھیں۔

---

[1] زینب الکبریٰ، ص ۲۲ و ۲۳۔ خصائص زینبیہ وسیرت جناب زینبؑ، ص ۱۷ وغیرہ۔ [2] زینب الکبریٰ، ص ۲۱۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

راشد الخیری نے لکھا[1] ہے: ''ایثار و قربانی اور دانشمندی، استقامت و استقلال، صداقت اور جرات تواضع اور مہمان نوازی۔ زہد تقویٰ، عبادت و ریاضت۔ خلق و کرم۔ سادگی و پاکیزگی ان تمام صفات کا بی بی زینبؑ میں جمع ہو جانا نہ صرف اثر تھا ان کے بزرگوں کے خون کا جو ان کی رگوں میں دوڑ رہا تھا بلکہ فیض تھا۔ اس ماحول اور صحبت کا جس میں انہوں نے آنکھ کھولی اور بچپن اور کنوار پنہ گذارا۔ پھر سونے پر سہاگہ اس محترمہ اور مقدسہ ماں کی تربیت تھی جس نے غیروں تک کو جانور سے انسان۔ پیتل سے سونا اور پتھر سے ہیرا بنا دیا۔ اور جناب زینبؑ کے ارشادات اور خطبات سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ آپ مختلف علوم یعنی قرآن و تفسیر۔ ادب و علم کلام و بیان پر یہ پوری طرح حاوی تھیں۔ جو نتیجہ تھا جناب امیرؑ کی تعلیم کا اور آپ کے حصول تعلیم کی صلاحیت کا۔[2]

زینبؑ عالیہ کے بچپن کا ایک عجیب واقعہ

سچ ہے: ﴿نہالے کہ نکو است از بہارش پیدا﴾۔ وہ زینبؑ عالیہ جس نے بڑے ہو کر شریکۃ الحسینؑ بننا تھا۔ بعد واقعہ ہائلہ کربلا میں مثالی کارہائے نمایاں انجام دینے تھے۔ ان کا بچپن ہی ان کے مستقبل کے درخشاں و تاباں ہونے کی غمازی کر رہا تھا۔ بعض آثار و اخبار میں موجود ہے کہ بی بی کا بچپن تھا۔ جناب امیرؑ ان کو گود میں لے کر پیار کر رہے تھے اور دل بہلانے کے لئے ان سے باتیں کر رہے تھے۔ فرمایا: ﴿یا بنیۃ قولی واحد﴾۔ بیٹی کہو: ''ایک''۔ بی بی نے کہا: ﴿واحد﴾۔ پھر فرمایا۔ بیٹی کہو: ﴿اثنین﴾ ''دو''۔ بی بی خاموش ہو گئیں، فرمایا: ﴿تکلمی یا قرۃ عینی﴾ ''میری آنکھ کی ٹھنڈک بیٹی بولو۔ بی بی نے عرض کیا: ﴿یا ابتاہ ما اطیق ان اقول اثنین بلسان اجریۃ بالواحد﴾۔ بابا جان! مجھ میں یہ طاقت نہیں کہ جس زبان سے ایک بار ایک کہہ دیا۔ اسی زبان سے اب دو کہوں۔ بی بی کا یہ شگفتہ اور موحدانہ جواب سن کر جناب امیرؑ خاموش ہو گئے اور بی بی کو سینہ سے لگا لیا اور دونوں آنکھوں کے درمیان بوسہ دیا۔[3]

شکل و شمائل

اخبار و آثار سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ کا قد بلند و بالا۔ چہرہ نورانی تھا اور وقار و سکینہ میں مثل اُم المومنین خدیجۃ الکبریٰؑ کے تھیں۔ عصمت و حیا میں مثل فاطمۃ الزہراؑ۔ فصاحت و بلاغت اور طرز تکلم میں مثل علی المرتضیٰؑ کے۔ علم و بردباری میں مثل حسن مجتبیٰؑ کے۔ شجاعت و اطمینان قلب میں مثل حسینؑ سید الشہداء کے تھیں۔ صاحب خصائص زینبیہ

---

[1] سیدہ کی بیٹی۔

[2] سیرت جناب زینبؑ، ص ۲۰۔

[3] کتاب زینب الکبریٰ للشیخ جعفر النقدی النجفی، ص ۴۶، ۴۷۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

لکھتے ہیں کہ آپ کشیدہ قامت تھیں۔ چہرہ انور سے رعب حیدری اور جلالت نبوی آشکار تھے۔ اعضاء متناسبہ آپ کی بزرگی و مہابت پر دال تھے۔ آپ فضائل صوریہ و معنویہ کی مجموعہ تھیں۔[1]

جناب زینبؑ عالیہ کی تزویج

اگرچہ صحیح تاریخ اور ماہ و سال کا تاریخ سے یہ پتہ نہیں چلتا۔ مگر اس قدر اجمالاً معلوم ہے کہ جب بی بی عالم سن بلوغ کو پہنچیں تو حضرت امیرؑ نے ان کا عقد نکاح آپ کے چچازاد بھائی جناب عبداللہ بن جعفر طیارؓ سے کر دیا۔ آپ کی والدہ ماجدہ کی طرح آپ کی رسم نکاح بھی بڑی سادگی کے ساتھ ادا کی گئی۔ مسجد میں خود جناب امیرؑ نے نکاح پڑھایا اور خاندان کی عورتوں نے دلہن کو حضرت عبداللہ کے گھر پہنچایا۔ اور دوسرے روز حضرت عبداللہ نے دعوت ولیمہ کی۔[2] جناب بی بی عالم کو جہیز کیا دیا گیا؟ اس کی تفصیل بھی کتب سیر و تواریخ سے دستیاب نہیں ہو سکی۔ ظن غالب یہی ہے کہ اس سلسلہ میں بھی جناب امیرؑ نے حضرت رسولؐ خدا کی تاسی کی ہوگی۔ والعلم عند اللہ۔

جناب زینبؑ عالیہ کی طرز بود و ماند اور امور خانہ داری

یہ بات محتاج بیان نہیں ہے کہ بی بی عالم امور خانہ داری میں مہارت تامہ رکھتی تھی۔ جہاں رہیں گھر کو نمونہ جنت بنا دیا۔ شادی سے قبل والد کے گھر میں تھیں تو تمام گھر کا نظم و نسق آپ کے ہی متعلق تھا۔ اور شوہر کے گھر گئیں تو اُسے حسن انتظام سے رشک جنت بنا دیا۔ راشد الخیری نے لکھا ہے ان کی سلیقہ شعاری میں یہ عادت بھی شامل تھی کہ وہ فضول اور بے کار کوئی چیز گھر میں نہ رکھتی تھیں، کھانا ضرورت کے مطابق تیار کرتیں اور وقت پر تیار کرتیں۔ جب تمام مرد اور بچے یا مہمان کھانے سے فارغ ہو جاتے تب کھاتیں اور جو بچ جاتا اٹھا کر نہ رکھتیں۔ بلکہ کسی بھوکے کو کھلا دیتیں۔ کفایت و نظم ان کے تمام کاموں میں جلوہ گر ہوتا۔ ضرورت سے زیادہ کوئی چیز خرچ نہ کرتیں۔ ان کی خانہ داری میں غریبوں، بے کسوں اور یتیموں کی مدد بھی شامل تھی جن کی امداد میں ہمیشہ بلند حوصلگی سے کام لیتیں۔ اپنی محترم ماں کی طرح انہیں بھی اچھے کھانوں کا شوق نہ تھا۔ جو کچھ میسر آتا اس پر صبر و شکر کرتیں۔ حضرت عبداللہ بن جعفر کے یہ الفاظ زینبؑ بہترین گھر والی ہے۔ بتا رہے ہیں کہ سیدہ کی بیٹی خانہ داری میں کس قدر ماہر تھیں۔[3]

بی بی عالم کے شرم و حیا کا ایک واقعہ

یحییٰ مازنی کا بیان ہے کہ مدینہ منورہ میں جناب امیرؑ کے اس گھر کے جوار میں ایک مدت مدید تک رہا ہوں جس میں جناب زینبؑ عالیہ رہتی تھیں۔ خدا کی قسم اس پوری مدت میں ﴿ما رأیت لها شخصا ولا سمعت لها

---

[1] سیرت جناب زینبؑ، مطبوعہ دکن، ص ۱۸۔
[2] سیرت مذکورہ، ص ۲۶۔
[3] سیدہ کی بیٹی۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

صوتاً﴾۔ نہ میں نے کبھی ان کا قد و قامت دیکھا اور نہ ہی کبھی ان کی آواز سنی۔[1]

بی بی کی جلالت قدر کی انتہا

بی بی عالم کی عظمت و جلالت کا کچھ اندازہ اس واقعہ سے لگایا جاسکتا ہے جو بعض اخبار سے واضح و آشکار ہوتا ہے کہ جب بی بی عالم اپنے بھائی امام حسینؑ کی زیارت کے لیے تشریف لے جاتیں تو امام عالی مقام ان کا اٹھ کر استقبال فرماتے اور اپنی جگہ پر ان کو بٹھاتے تھے۔[2]

جناب زینبؑ کا زہد و تقویٰ

جیسا کہ قبل ازیں بیان کیا جاچکا ہے آپ کے کثیر التعداد اور جلیل القدر القاب میں سے ایک لقب۔ زاہدہ بھی ہے آپ نے زہد و تقویٰ اپنے والدین شریفین سے وارثت میں پایا تھا۔ آپ کے زاہد و تقویٰ کے متعلق راشد الخیری لکھتے ہیں کہ زینبؑ کبریٰ کا زہد و اتقا اس درجہ کا بلند تھا کہ بہت کم عورتوں کو نصیب ہوا ہوگا۔ دنیا کی زینتوں، دنیا کی لذتوں، دنیا کے ساز و سامان سے انہیں دلچسپی نہ تھی۔ دنیاوی خوشحالی۔ دنیاوی عشرت اور دنیاوی راحت پر وہ ہمیشہ ابدی راحت کو ترجیح دیتی تھیں۔ ان کا قول تھا کہ دنیا کی زندگی بالکل ایسی ہے جیسے کوئی مسافر چند لمحوں کیلئے تکان دور کرنے کے واسطے آسائش کی جگہ ٹھہر جائے۔ بی بی زینبؑ کا تقویٰ اس درجہ بڑھا ہوا تھا کہ کسی مشتبہ چیز کو احتیاط کی بنا پر استعمال نہیں کیا۔ خدا کی رضامندی کے حصول میں کوشاں رہیں۔ اور خدا کے بندوں کی دل آزاری کی کبھی روادار نہ ہوئیں۔[3]

جناب صدیقہ صغریٰؑ کی عبادت و اطاعت

جناب صدیقہ صغریٰ کی عبادت و اطاعت کی یہ کیفیت تھی کہ آپ کو عابدہ آل علی کے جلیل القدر لقب سے یاد کیا جاتا تھا۔ بی بی عالم کا مقام عبادت اس قدر بلند ہے کہ امام حسینؑ نے وصیت فرمائی تھی کہ ﴿یا اختاہ زینب. لا تنسینی فی نافلة اللیل[4]﴾۔ بہن زینب! مجھے نماز تہجد میں فراموش نہ کرنا اللہ اللہ جس مخدرہ سے امامؑ نماز شب میں دعائے خیر کرنے کی درخواست کریں۔ اس معظمہ کی عبادت کا اندازہ کون لگا سکتا ہے۔ بی بی عالم کو عبادت خدا بجا لانے کا کس قدر شوق و ذوق تھا اس کا کچھ اندازہ امام زین العابدینؑ کے اس بیان حقیقت ترجمان سے لگایا جاسکتا ہے۔ جو انہوں نے جناب بی بی عالم کی عبادت کی کیفیت بیان کرتے ہوئے فرمایا ہے، فرماتے ہیں: ﴿ان عمتی زینبؑ مع تلک المصائب و المحن النازلة بها فی طریقنا الی الشام ما ترکت نوافلها اللیلة[5]﴾

---

1. کتاب زینب الکبریٰؑ، ص ۲۸، طبع النجف۔
2. کتاب مذکور، ص ۲۹۔
3. سیدہ کی بیٹی۔
4. کتاب زینب الکبریٰؑ للشیخ جعفر النقدی، ص ۸۴۔
5. حوالہ مذکورہ بالا۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

باوجود ان مصائب وشدائد کے جو شام کے سفر میں ہمیں درپیش آئے۔ میری پھوپھی جناب زینبؑ نے پھر بھی نماز تہجد ترک کبھی نہیں کی۔

جناب زینب عالیہؑ کا ایمان باللہ وتوکل علی اللہ

ویسے تو بی بی عالم کی تمام زندگی اور اس کا ایک ایک لمحہ ان کے ایمان باللہ اور توکل علی اللہ کا بہترین نمونہ پیش کرتا ہے مگر اس کا سب سے عمدہ عملی مظاہرہ اس وقت ہوا۔ جب شہادت حسینؑ کے بعد مخدرات عصمت وطہارت کو اسیر کر کے وہاں سے گذارا گیا۔ جہاں سید الشہداؑ کی نعش مطہر مع اعزا وانصار کی لاشہائے مقدسہ کے بے گور وکفن تپتی ہوئی ریت پر خاک وخون میں غلطان پڑی ہوئی تھی۔ اس وقت اگر کوئی رستم زماں بھی ہوتا۔ تو یہ جانگداز منظر دیکھ کر اُس کا زہرہ آب ہو جاتا۔ مگر امام الصابرینؑ کی بہنؑ نے پورے صبر وثبات اور یقین واعتماد کے ساتھ بارگاہ قدرت میں دست دعا بلند کر کے یوں عرض کیا: ﴿الٰھی تقبل منا ھذا القربان﴾ بارالہا! اپنے دین کے تحفظ کے سلسلہ میں ہماری یہ قربانی قبول فرما۔[1] بی بی عالم کا یہ قول وفعل آپؑ کے معرفت الٰہی اور توکل علی اللہ کے اعلیٰ مراتب پر فائز ہونے کی بین دلیل ہے۔ ایسی جانگسل مصیبت کے وقت تسلیم ورضا کے یہ کلمے بطلۂ کربلا ہی فرما سکتی تھیں۔

SIBTAIN.COM
Presented By: www.jafrilibrary.com

جناب زینبؑ کی امام حسینؑ سے محبت والفت

جناب زینبؑ عالیہ کو بچپن سے ہی اپنے بھائی حسینؑ سے جو بے پناہ محبت تھی۔ اور آخر دم تک رہی۔ اس کی مثال اس عالم رنگ وبو اور دُنیائے نفسانفسی میں بہت کم ملے گی۔ مؤرخین نے لکھا ہے کہ آپؑ کی امام حسینؑ سے محبت والفت کی یہ کیفیت تھی۔ کہ جب آپؑ نماز کا قصد فرماتیں۔ تو پہلے حضرت سید الشہداؑ کے روئے اقدس کو دیکھ لیا کرتی تھیں۔ یہی دلی محبت تھی جس نے آپؑ کو مجبور کیا۔ کہ گھر بار، آل اولاد، امن و راحت کو خیر باد کہیں اور اپنے عزیز بھائی کے ساتھ سفر پر خطر اختیار کریں۔ روز عاشوراء اور بعد شہادت حسین قید و دربدری، صحرا نوردی کے وہ شدید مصائب برداشت کریں۔ جو اگر پہاڑوں پر پڑتے تو ریزہ ریزہ ہو جاتے اور پھر ان بلاؤں ومصیبتوں کو صبر وشکر کے ساتھ برداشت کریں۔ بقول صاحب طراز المذہب کسی نبی یا ولی کی ذریت سے کسی بھی بی بی پر ایسے مظالم ومصائب نہیں وارد ہوئے جو جناب زینب پر گذرے۔ اور نہ کسی بی بی نے ایسے شدید مصائب واقع ہونے پر اس طرح صبر وشکر اور حلم کا مظاہرہ کیا جو آپ نے کیا۔[2]

---

[1] مقتل الحسین، ص ۳۶۷۔

[2] سیرت جناب زینبؑ، ص ۲۲۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

واقعہ کربلا میں شریکۃ الحسینؑ کا حصہ

شہادت امامؑ کے بعد بعض ایسے جگر خراش اور دلدوز واقعات درپیش آئے کہ امام زین العابدینؑ ایسے بزرگوار کے ہاتھوں سے زمام صبر وشکیبائی چھوٹنے لگی۔ مگر اس مجسمہ صبر وثبات بی بی نے امامؑ کو تسلی اور دلاسا دیا۔ اُن تمام واقعات کی تفصیل سابقاً گذر چکی ہے۔ بہرحال یہ بات اہل انصاف کے نزدیک مسلم الثبوت ہے کہ واقعہ کربلا کی تصویر میں رنگ عقیلہ بنی ہاشمؑ جناب زینب عالیہؑ نے بھرا ہے۔ اور اس پیکر میں روح حیات جاودانی بنت علیؑ کے بازار و دربار کوفہ وشام میں عدیم النظیر خطبات نے ڈالی ہے۔ اور خواب غفلت میں سوئی ہوئی دنیا کو اس خواب گراں سے بی بی عالم کی اسیری نے بیدار کیا ہے۔ اور مظلوم کربلا کی مظلومیت وحقانیت کا یگانوں اور بیگانوں سے اقرار بنت زہراؑ نے کرایا ہے اور امامؑ کی شہادت کو چار چاند اسی نواسی رسولؐ نے لگائے ہیں۔ حد ہوگئی کہ یزید ایسے ظالم کے دارالحکومت دمشق میں مظلوم بھائی کی پہلی مجلس عزا اور ماتم برپا کرنا بھی آپ کا ہی زریں کارنامہ ہے۔ ان حقائق کی روشنی میں بلاخوف رد کہا جاسکتا ہے۔ کہ آپؑ صحیح معنوں میں شریکۃ الحسینؑ ہیں۔

SIBTAIN.COM
Presented By: www.jafrilibrary.com

وفات حسرت آیات اور مدفن شریف

جناب زینب عالیہؑ کی تاریخ وفات میں بہت اختلاف ہے۔ ہاں اس قدر مسلم ہے کہ رہائی کے بعد جناب بہت تھوڑا عرصہ زندہ رہیں۔ اور بھائی اور دیگر اعزہ کے غم میں گھل گھل کہ بہت جلد دار فانی سے دار جاودانی کی طرف انتقال کر گئیں۔ صاحب زینب کبریٰ[1] نے معتبر حوالہ جات سے آپؑ کی تاریخ وفات پندرہ رجب المرجب ۶۲ھ ثابت کی ہے۔ ہمیں بھی ان کی تحقیق سے اتفاق ہے۔

اسی طرح ان کے مدفن اور کیفیت وفات میں بھی شدید اختلاف ہے۔ مشہور شام ہی ہے مگر کئی ایک محققین کے نزدیک ان کا مدفن مدینہ میں ہے۔ اور متعدد ارباب سیر وتواریخ کا رجحان مصر کی طرف ہے۔ یہاں اس اختلاف کی تنقیح واحقاق ماھوالحق کی گنجائش نہیں ہے البتہ یہاں صرف اس قدر اشارہ کیا جاتا ہے کہ تاریخی شواہد وقرائن کی بنا پر ہمارا میلان ورجحان سب سے زیادہ مصر اور اس کے بعد مدینہ والے قول کی طرف ہے۔ اگر خداوند عالم توفیق عطا فرمائے تو ہر سہ مقامات مقدسہ پر اس محسنہ اسلام کی زیارت کا شرف حاصل کرنا چاہیے۔ واللہ الموفق

---

[1] زینب کبریٰ، ص ۱۶۵، طبع النجف الاشرف۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

(۴) جناب اُم کلثوم بنت امیر المومنینؑ

یہ معظمہ پیغمبرؐ اسلام کی چھوٹی نواسی اور علیؑ و بتولؑ کی منجھلی صاحبزادی ہیں۔ ان کا نام نامی و اسم گرامی بھی زینب ہے اور کنیت ام کلثوم۔[1] مگر کنیت نام سے زیادہ مشہور ہے آپ کی تزویج پہلے اپنے عم زاد جناب عون بن جعفر طیارؓ کے ساتھ ہوئی اور ان کی وفات کے بعد جناب محمد بن جعفر طیارؓ کے ساتھ ہوئی۔[2] صحیح تاریخ ولادت و وفات معلوم نہیں۔ اجمالاً اتنا معلوم ہے کہ حیات رسولؐ کے آخری ایام میں آپ کی ولادت ہوئی اور شہادت امام کے تھوڑا عرصہ بعد وفات پائی۔

مسلمانوں کے خلیفہ ثانی کے ساتھ ان کے ازدواج کا افسانہ بالکل بے اصل و بے حقیقت ہے۔ جو قوانین روایت و درایت اور آئین عقل و نقل کے سراسر خلاف ہے۔ ہم نے اپنی کتاب ''تنزیہ الامامیہ و تجلیات صداقت'' میں اس موضوع پر مفصل بحث کر کے اس قصہ کو بے اصل ثابت کیا ہے قارئین کرام کتاب مذکور نیز اس موضوع پر مستقل تالیف شدہ کتب و رسائل مثل السر المختوم، کنز مکتوم در حل عقد ام کلثوم اور شرح کنز مکتوم وغیرہ کی طرف رجوع فرمائیں۔ یہاں اس موضوع پر گفتگو کرنے کی گنجائش نہیں ہے ہاں یہاں صرف اشارہ کرنا مقصود ہے۔ کہ جس اُم کلثوم کی تزویج کا افسانہ خلیفہ ثانی کی طرف منسوب کیا جاتا ہے۔ اس کی وفات بالاتفاق بعہد معاویہ بیان کی جاتی ہے۔ مگر ام کلثوم بنت علیؑ و بتولؑ کے واقعہ کربلا میں اور اس کے بعد اسیران اہل بیتؑ کے ہمراہ موجود ہونے پر تمام ارباب سیر و تواریخ اور اصحاب مقاتل کا اجماع و اتفاق ہے۔

جناب اُم کلثوم نے اپنی بڑی بہن جناب زینبؑ عالیہ کے دوش بدوش بازار کوفہ وغیرہ میں جو پر جوش اور ولولہ انگیز خطبے پڑھے وہ سابقہ ابواب میں درج کئے جا چکے ہیں۔ یہی زینبؑ و اُم کلثوم کے عدیم النظیر خطبات تھے جنہوں نے یزید کی حکومت کے ارکان کو متزلزل کر دیا تھا۔''

(۵) جناب رقیہ کبریٰ بنت امیر المومنینؑ

یہ مخدرہ جناب امیرؑ کی زوجہ محترمہ اُم حبیب دختر ربیعہ کے بطن سے تھیں۔ یہ اپنے بھائی عمر بن علی کے ساتھ توام متولد ہوئیں۔[3] ان کا ازدواج اپنے چچا زاد بھائی جناب مسلم بن عقیل کے ساتھ ہوا۔ سفر کربلا میں اپنے بھائی امام حسینؑ کے ہمراہ تھیں۔ اور روز عاشوراء اپنا ایک لخت جگر عبداللہ بن مسلم بن عقیل قربان گاہ

---

[1] منتہی الامال، ج ۱، ص ۱۸۶، مگر صاحب منتخب التواریخ، (ص ۹۴) نے ان کا اسم گرامی رقیہ کبریٰ لکھا ہے۔

[2] منتہی الامال، ج ۱، ص ۱۸۶۔

[3] منتہی الامال، ج ۱، ص ۱۸۷ وغیرہ۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

کربلا میں اپنے بھائی پر قربان کیا۔[1] اور بعد از شہادت امام مصیبت اسیری و دربدر گردی و صحرا نوردی میں اپنی دونوں بڑی بہنوں اور بھتیجوں کے ہمراہ شریک رہیں۔[2] اور رہائی کے بعد واپس مدینہ منورہ تشریف لائیں۔ تاریخ وفات معلوم نہیں ہو سکی۔

(۶) جناب فاطمہ بنت الحسینؑ

یہ معظمہ جناب سید الشہداءؑ کی بڑی صاحبزادی ہیں۔ آپ کی والدہ ماجدہ اُم اسحاق بنت طلحہ بن عبداللہ التیمہ ہیں۔ اس مخدرہ کو تقویٰ و کمال و فضائل و جمال کی وجہ سے حور العین کے ساتھ تشبیہ دی جاتی تھی۔[3] امام حسینؑ نے اپنے برادر زادہ جناب شہزادہ حسن مثنیٰ فرزند امام حسنؑ کے ساتھ ان کی تزویج کی وارد ہے کہ جب شہزادہ نے امامؑ سے رشتہ کی خواستگاری کی تو امامؑ نے فرمایا میری دو صاحبزادیوں میں سے جس سے چاہو تمہارا عقد کر دیا جائے۔ جناب حسن نے بوجہ شرم و حیا سر جھکا لیا اور کوئی جواب نہ دیا۔ پھر امامؑ نے خود ہی فرمایا: میں تمہارے لئے اپنی بڑی صاحبزادی فاطمہ کو منتخب کرتا ہوں کیونکہ یہ میری والدہ ماجدہ فاطمہ زہراؑ سے زیادہ شباہت رکھتی ہیں۔[4]

جناب حسن مثنیٰ سے آپ کی تین اولادیں ہوئیں۔ (۱) عبداللہ المحض۔ (۲) ابراہیم الغمر و۔ (۳) حسن مثلث۔[5] اس معظمہ کو بیوگی کا صدمہ بھی برداشت کرنا پڑا۔ چنانچہ ۳۵ سال کی عمر میں جناب حسن مثنیٰ کا انتقال ہو گیا۔ پورا ایک سال اپنے شوہر گرامی کی قبر پر خیمہ نصب کر کے سوگ میں بیٹھی رہیں۔ اور کیفیت یہ تھی کہ دن کو روزہ رکھتیں۔ اور رات بھر عبادت خدا میں بیدار رہتیں۔ سال کے بعد گھر تشریف لائیں۔ جب خیمہ اُٹھا کر گھر آنے لگیں۔ تو ایک ہاتف غیبی کی آواز سنی جو کہ رہا تھا: ﴿هل وجدوا ما فقدوا﴾۔ دوسرے نے جواب میں کہا: ﴿بل یسؤا فانقلبوا[6]﴾۔

اس محترمہ کی عظمت کے لیے یہی بات کافی ہے کہ امام حسینؑ نے آخری وقت ظاہری وصیت نامہ انہی

---

۱ منتخب التواریخ، ص ۱۲۴۔

۲ منتخب طریحی، ص ۲۴۲۔ منتخب التواریخ، ص ۲۹۶۔

۳ ناسخ التواریخ، ج ۶، ص ۴۹۹۔ منتہی الامال، ج ۱، ص ۴۶۳۔

۴ ارشاد، ص ۲۰۹ وغیرہ۔

۵ منتخب التواریخ، ص ۳۶۔

۶ ارشاد، ص ۲۰۶۔ منتخب، ص ۲۳۹۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

کے سپرد کیا تھا۔ جو انہوں نے امامؑ زین العابدینؑ کی صحت کے بعد ان کے حوالہ کیا تھا۔[1] جناب سید الشہداء کی روانگی از مدینہ کے مقام پر تفصیل سے اس موضوع پر گفتگو کی جا چکی ہے۔ کہ یہ معظمہ سفر کربلا میں امامؑ کے ہمراہ تھیں۔ اور بعد از شہادت اسیری کے صدمے بھی سہے۔ رہائی کے بعد عرصہ دراز تک زندہ رہیں۔ بالآخر ۱۱۷ھ کو مدینہ میں دار فانی سے دار جاودانی کی طرف رحلت فرمائی۔[2]

(۷) جناب سکینہ بن الحسینؑ

یہ معظمہ حضرت سید الشہداؑ کی چھوٹی صاحبزادی ہیں۔ ان کی اور شہزادہ علی اصغرؑ کی والدہ گرامی کا نام نامی جناب رباب بنت امرالقیس ہے۔ آپ کا اصل نام آمنہ یا امیہ تھا۔ مگر جناب رباب نے سکینہ لقب تجویز کیا۔ جو نام پر بھی غالب آ گیا۔[3] آپ بالاتفاق واقعہ کربلا میں موجود تھیں۔ شہادت امام کے بعد اسیری کے مصائب و شدائد بھی برداشت کئے رہائی کے بعد مدینہ گئیں۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ آپ واقعہ کربلا کے بعد عرصہ دراز تک زندہ رہیں۔ اور بنا بر مشہور عند المورخین ۵ ربیع الاول ۱۱۷ھ میں وفات پائی۔[4] مگر ان کی واقعہ کربلا کے بعد والی زندگی کے واقعات و حالات مستند طریقہ سے مروی نہیں ہیں۔ اس لئے ان پر اعتماد نہیں کیا جا سکتا۔ ان بے سر پا واقعات کے ایجاد و اختراع میں سیاست اموی کارفرما نظر آتی ہے۔ حقیقت حال سے آنکھیں بند کر کے ہمارے بھی بعض اہل علم نے ان واقعات کو اپنی کتب میں درج کر دیا جو کہ اصول روایت و درایت کے پیش نظر بالکل ناقابل اعتبار ہیں۔ یہاں اس موضوع پر تفصیل کے ساتھ تبصرہ کرنے کی گنجائش نہیں ہے۔ اہل تحقیق کا کام یہ ہوتا ہے کہ وہ کسی واقعہ کی تحقیق کرتے وقت اس کے مثبت پہلو کو سامنے رکھ کر بحث کرتے ہیں نہ کہ منفی پہلو کو یہاں بھی اسی طریق کو اپنانا چاہیے کہ جناب سکینہ کو زندہ موجود تسلیم کرنے کے باوجود ان واقعات پر جرح و تنقید کر کے ان کو بے اصل ثابت کرنا چاہیے۔ نہ یہ کہ سرے سے ان کے زندہ ہونے کا ہی انکار کر دیا جائے۔ اگرچہ اس انکار کی گراں قیمت تمام ارباب سیر و تواریخ کے بیان کی تکذیب کی صورت میں ہی کیوں نہ ادا کرنا پڑے۔ ہم قبل ازیں تفصیلاً بتا چکے ہیں کہ زندان شام میں ان کی وفات کا واقعہ بالکل بے بنیاد ہے۔ اس موضوع پر رسالہ "حضرت سکینہ"، مصنفہ: مولانا سید علی حیدر صاحب کھجویؒ قابل

---

[1] منتہی الامال، ج ۱، ص ۴۶۳۔ منتخب التواریخ، ص ۲۴۰۔ ناسخ، ج ۶، ص ۴۹۹ وغیرہ۔

[2] اصول کافی۔

[3] منتہی الامال، ج ۱، ص ۴۶۳۔

[4] منتخب التواریخ، ص ۲۴۱۔ منتہی الامال، ج ۱، ص ۴۶۳۔ ناسخ التواریخ، ص ۵۰۴۔ تمام ؟؟، ص ۵۶۵ وغیرہا۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

دید ہے۔ ہم اپنے قارئین کرام سے اُس کے مطالعہ کی سفارش کرتے ہیں۔

(۸) جناب رُباب بنت امرء القیس الکلبیہ سلام اللہ علیہا

یہ مخدرہ جیسا کہ اوپر بیان ہو چکا ہے شہزادہ علی اصغرؑ اور جناب سکینہؑ کی والدہ ماجدہ ہیں۔ جناب رباب کے والد جناب امرء القیس کلبی عرب کے اشراف و اکابر خانوادہ سے تھے۔[1] اور خود جناب رباب بہترین زنان عرب سے تھیں جیسا کہ صاحب تمقام نے ہشام کلبی (نسابہ) کا یہ قول نقل کیا ہے کہ ﴿کانت الرباب من خیار النساء﴾[2] ان کی انہی خصوصیات کی وجہ سے سرکار سید الشہداؑ ان کو بہت چاہتے تھے۔ اور ان سے خاص تعلق خاطر تھا سبط ابن جوزی وغیرہ نے ان اشعار کی نسبت آنجناب کی طرف دی ہے۔ جس سے مذکورہ بالا بیان کی تائید مزید ہوتی ہے ؎

لعمرک انی لاحب داراً — تکون بها سکینة و الرباب

احبهما ابذل جلّ مالی — و لیس لعاتب عندی عتاب

و لست لهم و ان عابوا مطیعاً — حیوتی او یغیبنی التراب[3]

آپ میدان کربلا میں موجود تھی۔ پھر اسیری کے مصائب و آلام جھیلنے کے بعد واپس مدینہ تشریف لائیں اخبار و آثار سے واضح و آشکار ہوتا ہے کہ رہائی کے بعد بڑے بڑے اکابرین قریش نے آپ کی خواستگاری کی مگر آپ نے یہ فرما کر سب کی خواستگاری مسترد کر دی کہ ﴿ما کنت لا تخذ بعد رسول اللّٰہ حموا﴾۔ میں جناب رسولؐ خدا کے بعد اب کسی اور کو اپنا خسر بنانا گوارا نہیں کر سکتی۔[4] اسی وفادار معظمہ کے متعلق مشہور ہے کہ جب جناب سید الشہداؑ کی نعش اقدس کو بے گور و کفن خاک و خون میں غلطان دھوپ میں پڑا ہوا دیکھا تو عہد کیا تھا۔ کہ زندگی بھر سایہ میں نہیں بیٹھیں گی۔ چنانچہ اس عہد کو پورا کیا۔ جب تک زندہ رہیں سایہ میں نہ بیٹھیں حتیٰ کہ اسی حزن و غم اور رنج و ملال میں گھل گھل کر ایک سال کے بعد دنیا سے رحلت کر گئیں۔[5] یہ بھی منقول ہے کہ "رہائی کے بعد آپ نے مدینہ جانے سے انکار کر دیا۔ اور ایک سال تک قبر حسینؑ پر خیمہ لگا کر مجاور

---

[1] منتخب التواریخ، ص ۳۷۔

[2] تمقام، ص ۵۶۰۔

[3] تذکرۃ الخواص، ص ۲۶۵ وغیرہ۔

[4] کامل ابن اثیر، ج ۳، ص ۳۰۰ وغیرہ۔

[5] منتخب التواریخ، ص ۲۳۸۔ کامل، ج ۳، ص ۳۰۰۔ تذکرہ، ص ۲۶۵۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

کی حیثیت سے مقیم رہیں جس میں شب و روز گریہ و بکا اور نوحہ و ماتم میں مصروف رہیں۔[1]

تبصرہ

قبل ازیں واقعات بعد شہادت کے ضمن میں بالتفصیل ثابت کیا جاچکا ہے کہ جناب بی بی شہر بانو سلام اللہ علیہا واقعہ کربلا میں قطعاً موجود نہ تھی بلکہ ولادت امام زین العابدینؑ کے چند روز بعد ایام زچگی میں ہی دُنیا سے رحلت فرما گئی تھیں۔ اسی طرح شہادت جناب شہزادہ علی اکبرؑ کے بیان میں یہ امر بھی واضح کیا چکا ہے کہ آپ کی والدہ جناب اُم لیلیٰ بھی اقعہ کربلا میں موجود نہ تھیں۔ مزید برآں یہاں فاضل بیرجندی کی تصریح بھی پیش کی جاتی ہے۔ وہ لکھتے ہیں:

﴿و بودن ام لیلی مادر علی اکبر در کربلا در هیچ کتاب معتبرے ذکر نه شده و اعتبارے نیست بکلام مهیّج که مادر و خواهران بر نعش او آمدند..... و الا چرا در هیچ مقامے از وقائع کربلا و شام و کوفه ازاں مخدورهؑ ذکرے نیست﴾۔[2]

فتدبّر و تشکر. ولا تغفل ولا تکن من الجاحدین.

SIBTAIN.COM
Presented By: www.jafrilibrary.com

---

[1] شہید انسانیت، ص ۵۶۳ بحوالہ اصابہ مصر، ج ۱، ص ۱۱۳۔

[2] کبریت احمر، ص ۱۸۷۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

انتیسواں باب

واقعہ کربلا کے اخلاقی وافادی نتائج وآثار

بعض سابقہ بیانات میں سے یہ حقیقت بیان کی جا چکی ہے۔ کہ کسی بھی واقعہ کی حقیقی قدر و قیمت کا صحیح اندازہ اس کے اغراض ومقاصد اور اس کے نتائج وآثار کی بلندی یا پستی سے لگایا جاسکتا ہے بنابریں دیکھنا چاہیے کہ کربلا کے واقعہ ہائلہ سے عالم انسانیت کو کیا کیا اخلاقی وروحانی درس ہائے رشد وہدایت حاصل ہوئے۔ اور اس سانحہ عظمیٰ سے کیا فوائد وعوائد حاصل ہوئے ہیں۔ اور اس سانحہ کبریٰ پر کیا کیا نتائج وآثار مترتب ہوئے ہیں۔ دنیا کا ہر واقع نتیجہ خیز اور ہر سانحہ سبق آموز ہوتا ہے۔ تو کیا کربلا کا خونچکاں، دل فگار اور عظیم الشان واقعہ ہائلہ ہمارے سامنے کوئی درس عمل پیش نہیں کرتا۔ ایسا ہرگز نہیں ہوسکتا۔ بلکہ یہ عظیم الشان واقعہ عبرت ونصیحت اور رشد وہدایت کے ہزارہا خونین اوراق پیش کرتا ہے بلکہ روحانی واخلاقی اقدار کا بحر بے کنار نظر آتا ہے۔ یہ مطلب اس وقت اور بھی زیادہ واضح وآشکار ہوجاتا ہے۔ جب یہ ملحوظ رکھا جاتا ہے کہ یہ واقعہ ہائلہ جس ذات جامع الصفات سے وابستہ ہے وہ الہ العالمین کے آخری رسولؐ جو رحمۃ للعالمین کے جلیل القدر لقب سے ملقب ہیں) کے عظیم نواسے سید الکونین حضرت امام حسینؑ ہیں جس کے بعد یہ حقیقت بالکل اُجاگر ہوجاتی ہے کہ جس طرح خداوند عالم کی خدائی کسی خاص قوم وملت کے ساتھ مختص نہیں۔ اور نہ اس کے آخری عظیم المرتبت رسول کی رسالت ونبوت کسی خاص قوم وقبیلہ اور مذہب وملت کے حدود کے ساتھ محدود ہے اسی طرح آنحضرتؐ کی مسند کے صحیح وارث تیسرے لعل ولایت کی اس شہادت عظمیٰ کے فیوض و برکات کو بھی کسی خاص قوم وملت تک محدود کرنا سوائے کوتاہ اندیشی کے اور کچھ نہیں ہوسکتا۔ بلکہ اس کے فیوض وبرکات پورے عوالم امکانیہ کے حدود کو چھو رہے ہیں۔ اور نہیں تو کم از کم تمام عالم انسانیت تو یقیناً ان سے بہرہ مند ہو رہا ہے۔ اب رہی ان روحانی واخلاقی فوائد وعوائد اور عمومی فیوض وبرکات کی تفصیل! تو اگرچہ اس کتاب کے اوراق اس کے متحمل نہیں ہیں۔ کیونکہ ع سفینہ چاہیے اس بحر بیکراں کے لیے

تاہم بموجب ما لا یدرک کلہ لا یترک کلہ بعض تفصیلات ہدیہ قارئین کی جاتی ہیں۔ نیز مخفی نہ رہے کہ ہر اس موضوع پر کتاب مستطاب شہید انسانیت اور "مجاہد اعظم" جلد اول میں اس قدر تفصیل کے ساتھ تبصرہ کیا جاچکا ہے کہ اس سے زیادہ اس پر خامہ فرسائی کی بہت ہی کم گنجائش باقی رہ جاتی ہے۔ اس لئے ہم اس سلسلہ میں جو کچھ پیش کررہے ہیں اس میں وہ زیادہ تر اسی گلشن کی شاداب روشوں سے گل چینی کی گئی ہے۔ اب ہم ذیل میں ان

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

اخلاقی نتائج و آثار اور روحانی درس و اقدار کی چند جھلکیاں پیش کرتے ہیں۔

(۱) روحانیت و مادیت کا تصادم اور روحانیت کا غلبہ

اس میں کوئی شک نہیں کہ موجودہ زمانہ میں مذہبی نقوش روز بروز دھندلے ہوتے جا رہے ہیں۔ اور دنیا بڑی سرعت کے ساتھ خدا پرستی کو چھوڑ زر، زن، زمین اور خود پرستی کی طرف مائل ہو رہی ہے۔ مذہب جو روحانیت کا علمبردار ہے وہ دین و دنیا میں حسین امتزاج اور حد اعتدال قائم کرنے کا داعی ہے۔ مگر مادی قوتیں اس کے مقرر کردہ حدود کو توڑنے پر تلی ہوئی ہیں۔ درحقیقت مادیت و روحانیت کی یہ کش مکش کوئی تازہ حادثہ نہیں۔ بلکہ ابتدائے آفرینش سے برابر جاری ہے۔

ستیزہ کار رہا ہے ازل سے تا امروز　　چراغ مصطفویؐ سے شرار بولہبی

مگر یہ حقیقت ناقابل انکار ہے کہ اس باہمی آویزش میں ممکن ہے نظر بظاہر حالات چند دنوں کے لیے مادیت نے حق پر غلبہ حاصل کر لیا ہو۔ مگر حقیقت بین نگاہوں سے یہ حقیقت ہرگز پوشیدہ نہیں کہ نتائج و آثار اور مقصد جنگ کے اعتبار سے ہمیشہ روحانیت غالب رہی ہے۔ اور مذہب نے ہمیشہ اپنی طاقت کا لوہا منوایا ہے۔ معرکہ کربلا بھی اسی مادی و روحانی دائمی کش مکش کی ہی ایک اہم کڑی تھی۔ ایک طرف وہ تمام مادی اسباب و وسائل جمع تھے۔ جو ایک انسان کو مرعوب و مغلوب کرنے کے لیے کافی و وافی تھے۔ دوسری طرف ان دیکھی حقیقتوں یعنی مذہبی و روحانی اقدار کا حامل امام حسینؑ تھے۔ جو مادی مظاہر سے تہی دامن تھے۔ مادی طاقتیں اس پیکر حریت، غیبی طاقتوں پر ایمان رکھنے والے عظیم الشان انسان کی گردن کو یزید کے سامنے جھکانے پر تلی ہوئی تھیں مگر دنیا نے یہ ایمان افزا منظر اپنی آنکھوں سے دیکھ لیا۔ کہ روحانیت کے اس علمبردار نے آخر وقت تک انکار بیعت پر قائم رہ کر اپنی گردن کٹوا دی۔ اور نتیجہ کے اعتبار سے روحانیت کی فتح و نصرت کا عالم پرسکہ بیٹھا دیا۔ مگر مادی طاقتیں اس گردن کو باطل کے سامنے جھکا نہ سکیں۔

سر داد و نداد دست در دست یزید　　حقا کہ بنائے لا الہ است حسینؑ

امامؑ کے اس کارنامہ میں اقوام و افراد کے لیے یہ پیغام مضمر ہے۔ کہ انسان اگر حق و حقیقت پر ہو تو اسے ہرگز باطل کی مادی اور طاغوتی طاقتوں کے سامنے سپر انداز نہیں ہونا چاہیے بلکہ حق و راستی پر قائم رہنے کے لیے اپنے خون کا آخری قطرہ بہانے میں دریغ نہ کرنا چاہیے۔

(۲) شہادت حسینؑ صداقتِ اسلام کی ناقابل انکار دلیل ہے

یہ حقیقت کسی دلیل و برہان کی محتاج نہیں ہے کہ یزید کی تخت نشینی جسد اسلام کے لیے زہر ہلاہل سے کسی طرح بھی کم نہ تھی۔ وہ گو بظاہر اسلام کا کلمہ پڑھتا تھا۔ مگر اس کے افعال و اقوال اس بات کے گواہ تھے۔ کہ اس نے

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

اسلام کا جوا گردن سے اتارا ہوا ہے۔ اس کے تمام حرکات وسکنات شرع اسلامی کے خلاف تھے۔ اور یہ مار آستین اسلام اور مسلمانوں کے لیے کافروں سے بھی زیادہ ضرر رساں اور خطرناک تھا۔ الغرض اسلام کا یہ رنگیلا خلیفہ ان تمام خصائل ورزائل کا مجموعہ تھا۔ جو انسانیت کو حیوانیت سے بھی بدتر بنا دیتی ہیں۔ اس موضوع پر قبل ازیں ایک مستقل باب میں تفصیل کے ساتھ تبصرہ کیا جا چکا ہے۔ بایں ہمہ فسق وفجور اور کفر وشرک حسینؑ سے اپنی بیعت کا مطالبہ کر رہا تھا۔ اگر حسینؑ اس کی بیعت کر لیتے تو اس کا مطلب یہ ہوتا کہ گویا آپؑ اس کو خلیفہ برحق تسلیم کر کے اس کے رندانہ اور کافرانہ افعال واعمال پر مہر جواز ثبت فرما رہے ہیں پھر اس کا نتیجہ یہ کہ فرزند رسولؐ کے مصدقہ خلیفہ کے وہ افعال واحکام جو سراسر خلاف اسلام تھے بلکہ ہادم شریعت تھے سب مستحسن اور واجب العمل ہو جاتے۔ اور نتیجہ یہ نکلتا کہ دین اسلام مٹ جاتا اور پھر کفر والحاد عود کر آتا۔ حسینؑ سے زیادہ اس بیعت کے تباہ کن نتائج وعواقب کو سمجھنے والا کون تھا وہ کس طرح اپنے اب وجد بلکہ تمام انبیاء ومرسلین کی کوششوں اور محنتوں کو ضائع وبرباد ہونا گوارا فرما سکتے تھے؟

حالانکہ اگر مادی نقطہ نگاہ سے دیکھا جائے تو حکومت وقت کا ساتھ دینے میں امامؑ کو ہر قسم کی دولت وصولت اور جاہ ومنصب کے ملنے کا یقین تھا۔ اور مخالفت کرنے میں نہ صرف اپنی جان بلکہ اپنے خانوادہ کی تباہی کا یقین تھا یہی وہ موقع تھا کہ امامؑ نے اپنی جان ومال اور تمام انصار واعزا کو داؤ پر لگا دیا۔ مگر اسلام کی صداقت وحقیقت پر آنچ آنا گوارا نہ کی۔ کیونکہ وہ جانتے تھے کہ کسی بھی مذہب ودین کی صداقت کے منجملہ اور دلائل وبراہین کے ایک بہت بڑا نشان اس کے بانیوں کا اس کی بقا وتحفظ کی خاطر خندہ پیشانی اور پوری جرأت ایمانی کے ساتھ مصائب وشدائد کو برداشت کرنا بھی ہے۔ کسی مذہب کے نام لیواؤں کا مذہب کی خاطر کوئی قربانی پیش کرنا اس کی صداقت کی دلیل قرار نہیں دیا جا سکتا۔ کیونکہ وہ اکثر حقیقت حال سے بے خبر ہوتے ہیں۔ اس لیے ممکن ہے کہ باطل کو حق سمجھ کر اس کی حمایت میں جان قربان کر دیں۔ لیکن خود بانی مذہب یا اس کے مخصوص واقف کار اور ان افراد خانوادہ کا جو اس کے اسرار ورموز حیات سے کماحقہ واقف ہیں۔ اور اس کی زندگی کے تمام خفی وجلی گوشوں سے آگاہ ہیں۔ اور مذہب کے حقائق سے من حیث المذہب مطلع ہیں۔ ان کا اس مذہب کے تحفظ کی خاطر بوقت ضرورت جان تک قربان کر دینا یقیناً اس مذہب اور اس کے بانی کی حقانیت وصداقت کی ناقابل انکار دلیل ہے یہی وجہ تھی کہ آنحضرت کا غزوات میں یہ طریقہ کار تھا۔ کہ میدان کارزار میں اپنے عزیزوں کو سب سے آگے رکھتے تھے۔ میدان مباہلہ میں بھی قریبی رشتہ داروں کو ہمراہ لے گئے تھے۔ جہاں ابدی ہلاکت کا سوال تھا۔ یہی تو وجہ تھی کہ جب اسقف نجران نے دیکھا کہ ایسے کٹھن مرحلہ پر بجائے غیروں کے اپنوں کو ہمراہ لائے ہیں۔ تو ان کو اپنی حقانیت پر مکمل یقین ہے۔ اس لئے جزیہ دینا قبول کر لیا۔ مگر مباہلہ کرنے کی جسارت نہ کی۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا طرز عمل بتلاتا ہے۔ کہ خدا کا دین ان

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

کو کس قدر عزیز تھا۔ اور اس کی خاطر آپ کیسی عظیم الشان قربانیاں پیش کرنے کے لیے تیار رہتے تھے۔ اسی طرز عمل کا نتیجہ تھا کہ آپ کے چچازاد بھائی عبیدہ بن الحارث بن عبدالمطلب جنگ بدر میں شہید ہوئے۔ اور جناب کے چچا حمزہ بن عبدالمطلب جنگ احد میں کام آئے اور دوسرے چچازاد بھائی جعفر بن ابی طالب موتہ میں درجۂ شہادت پر فائز ہوئے۔ آخر میں امام حسین علیہ السلام نے نانا کے مقصد اقصیٰ کے تحفظ کی خاطر وہ عظیم الشان قربانی پیش کی کہ چشم فلک نے اس کی نظیر نہ دیکھی ہوگی۔ حسینؑ نے جس دشوار اور مشکل مہم کا بیڑا اٹھایا تھا۔ اس راستہ میں مصائب و آلام کے وہ پہاڑ موجود تھے۔ جن کا برداشت کرنا تمام انسانی طاقت سے بالاتر تھا۔ اس کے لیے مافوق العادت صبر و استقلال درکار تھا۔ راکب دوش نبوتؐ نے حق و حقیقت اور مذہب کی صداقت کو چار چاند لگانے کی خاطر خندہ پیشانی سے یہ سب کچھ برداشت کر کے اسلام کی صداقت و حقانیت کا دائمی نقش صفحہ عالم پر ثبت کر دیا۔

ثبت ست بر جریدۂ عالم دوام ما

حسین علیہ السلام کی پیری تھی لیکن ہمت و جرأت کا شباب تھا کثرت مصائب سے جس قدر حسینؑ کی کمر جھکتی تھی۔ اسی قدر ہمت و جرأت بلند ہوتی تھی۔ جب تک بدن پر سر اور تن میں روح رہی۔ حسینؑ کے صبر و ثبات اور عزم استقلال میں سر مو فرق نہ آیا۔ پیرانہ سالی، شدت بھوک و پیاس، عورتوں کی نالہ و زاری، بچوں کی فریاد العطش، عزیزوں اور دوستوں کے داغ مفارقت، ان کے جسموں کو اپنی آنکھوں سے ٹکڑے ٹکڑے ہوتے دیکھا۔ لیکن پھر بھی اپنی آن، اپنی بات اور اپنی خودداری پر پہاڑ کی طرح ثابت قدم رہنا صرف نواسہ رسول حسینؑ ہی کا کام تھا۔ جس نے اپنے اس مثالی کارنامہ سے اسلام کو ایک زندہ جاوید حقیقت بنا دیا۔

بہر حق در خاک و خون غلیطدہ است پس بنائے لا الہ گردیدہ است

امام علیہ السلام کے اس عظیم الشان کارنامے میں یہ سبق پوشیدہ ہے کہ مذہب و ملت کے تحفظ کی خاطر انسان کو بڑی سے بڑی قربانی بھی پیش کرنے میں ہرگز کسی قسم کی ہچکچاہٹ اور پس و پیش نہیں کرنا چاہیے۔ اور ایک مسلمان کا یہ قول و کردار ہونا چاہیے کہ ﴿اِنَّ حَیَاتِیْ وَ مَمَاتِیْ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ﴾ لہٰذا اسے اگر راہِ خدا میں جان دینا پڑے تو یہ کہہ کر جان آفریں کے حوالے کر دے۔

جان دے دی دی ہوئی اُسی کی تھی
حق تو یہ ہے کہ حق ادا نہ ہوا

(۳) حریت فکر کی آبیاری

حریت فکر کا بالعموم بموجب ''کلمۂ حق یراد بہا الباطل'' یہ مفہوم لیا جاتا ہے کہ انسان بالکل مطلق العنان اور

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

خلیج العذار ہے نہ وہ کسی مذہب و دین کا تابع ہے اور نہ اسے کسی اخلاقی ضابطہ کی پابندی کی ضرورت ہے۔ ارباب عقل وخرد جانتے ہیں۔ کہ اگر حریت فکر کا یہی مطلب لیا جائے تو پھر تو انسان حیوان سے بھی بدتر ہو جائے گا اس طرح پدرومادر آزاد ہونے کی کوئی بھی انسانی معاشرہ انسان کو اجازت نہیں دے سکتا۔ بلکہ حریت فکر کا صاف وسادہ مطلب یہ ہے کہ انسان اپنے ضمیر (جس کا خمیر شریعت کے پانی سے ہوا ہو) کے فیصلوں پر بلا کسی قسم کی روک ٹوک کے عمل کرے۔ اور اس کے فیصلہ پر عمل کرنے میں اپنے لذائذ نفسانیہ یا محرکات شیطانیہ اور بیرونی طاغوتی طاقتیں اس کے لیے سدراہ نہ بن سکیں۔ امامؑ نے مشکلات ومصائب راہ کی ذرہ بھی پروانہ کرتے ہوئے پورے عزم وثبات کے ساتھ اپنے ضمیر کی آواز پر یہ جرأت مندانہ اعلان واجب الاذعان فرمادیا۔ کہ مثلی لا یبایع مثلہ کہ مجھ ایسا پاک باز انسان۔ یزید ایسے ننگ انسانیت آدمی کے ہاتھ پر بیعت نہیں کرسکتا۔ اور پھر اس انکار کی جو بھی گراں سے گراں قیمت ادا کرنی پڑی۔ خندہ پیشانی کے ساتھ ادا فرمائی۔ اور اس سلسلہ میں بڑی سے بڑی مصیبت بھی جادہ حق وصواب سے آپؑ کے پائے ثبات میں لغزش واقع نہ کرسکی۔ امام علیہ السلام نے حریت نفس وفکر کا یہ لافانی شاہکار پیش کرکے دنیا والوں پر یہ حقیقت واضح کردی کہ۔

ما سوی اللہ رامسلماں بندہ نیست　　پیش فرعونے سرش افگندہ نیست

اس میں یہ درس عمل مخفی ہے کہ صحیح معنوں میں انسان کامل وہ ہے جسے اپنی ضمیر کے فیصلہ پر عمل درآمد کرنے سے دنیا کی کوئی مادی طاقت باز نہ رکھ سکے۔

SIBTAIN.COM

(۴) ثبات واستقلال کی تلقین

جب انسان کسی عظیم مقصد کے حصول کے لیے کوشاں ہو۔ اور اس کے آگے دشوار گزار منزلیں سدِ راہ ہوں اور مشکلات راہ مزاحم ہوں۔ مگر وہ انسان کے بڑھتے ہوئے قدم میں لغزش واقع نہ کرسکیں۔ اور وہ برابر اپنے مقصد کے حصول کے لیے رواں دواں رہے۔ یہ چیز ثبات واستقلال کہلاتی ہے۔ تمام عقلائے روزگار کا اس حقیقت پر اتفاق ہے کہ کسی مقصد میں کامیابی حاصل کرنے کی کلید۔ ثبات واستقلال کے ساتھ جدوجہد کرنا ہے۔ ﴿من طلب شیأ وجدّ وجد﴾ جہاں تک گفتار کا تعلق ہے ہر شخص اپنے استقلال مزاج کا دعویٰ کرتا ہے مگر کردار سے ثابت کرنا دشوار ہوتا ہے ظاہر ہے کہ حسینؑ نے اپنے استقلال اور طرز عمل سے اہل عالم کو یہ سبق دیا کہ ایک عظیم مقصد کے حامل راست باز انسان کو اپنے ضمیر کی شہادت پر کس طرح ثابت اور قائم رہنا چاہیے۔ رضا بالقضاء کا عملی نمونہ کیا ہے قوم ومذہب کی خاطر قربانیاں کس رنگ سے دی جاتی ہیں صداقت پرست انسان کو کن کن دشواریوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے؟ اور ان کا مقابلہ کس طرح کرنا چاہیے؟ بعض اوقات بڑی تحریکات کا خیر مقدم نہ کرنے سے کن کن آفات وبلیات میں گرفتار

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

ہوسکتا ہے؟ اور ان کی مدافعت کے طور وطریقے کیا ہیں؟ حمایت مذہب کا عملی نمونہ کیا ہے امام حسینؑ نے اپنے کردار سے اقوام عالم کو ایسا سبق دیا۔ جس کی نظیر اولین اور آخرین میں نہیں مل سکتی۔ حضرت امام حسینؑ نے جب فرمایا تھا کہ بیعت نہیں کروں گا۔ تو اس وقت اس کا صحیح مفہوم دنیا کو معلوم نہ تھا۔ کیونکہ انسان تخیل کے حدود ان امکانات کا اندازہ نہیں کر سکتے تھے۔ جہاں تک واقعات کی رفتار بعد کو پہنچ گئی۔ دنیا نہیں سمجھ سکتی تھی۔ کہ اس نہیں میں کتنے مشکلات کے مقابلہ کا عزم مضمر ہے۔ لیکن حسینؑ جس وقت "نہیں" کی آواز بلند کر رہے تھے تو دل کی گہرائیوں میں اپنی قوت ارادی کا جائزہ لینے اور موقع کی نزاکت پر غور کرنے کے بعد یہ فیصلہ کر رہے تھے کہ شدائد اپنے امکان کی آخری حد کو پہنچ جائیں گے۔ لیکن میرے عزم کو نہ بدل سکیں گے۔ چنانچہ نتیجہ نے ظاہر کر دیا کہ اس "نہیں" میں کتنا وزن تھا۔ دنیا نے دیکھ لیا کہ میدان جنگ میں ہزاروں مصائب کے سیلاب تھے۔ جو آتے تھے اور اس کوہ عزم واستقلال سے ٹکرا کر واپس چلے جاتے تھے۔ گویا ان تمام مصائب کے ہجوم میں حسینؑ کی زبان پر یہ شعر جاری تھا۔

ع ان کان دین محمدؐ لم یستقم الا بقتلی یا سیوف خذینی

اگر میرے نانا کا دین اس وقت تک برقرار نہیں رہ سکتا۔ جب تک میری رگ حیات قطع نہ ہو جائے۔ تو اے خون آشام تلوارو! آؤ یہ جسم حاضر ہے"۔ امامؑ کے اس مثالی کارنامہ میں یہ سبق مضمر ہے۔ کہ مقاصد جلیلہ کے حامل انسانوں کو "صخرۃ الوادی" کی طرح ثبات واستقلال کی وہ چٹان ہونا چاہیے۔ کہ حوادث روزگار کے جس قدر تند و تیز سیلاب آئیں۔ ٹکرائیں اور واپس لوٹ جائیں۔ مگر ان کے پائے استقلال میں ہرگز جنبش پیدا نہ کر سکیں۔ تب تو کامیابی یقینی ہے لیکن جو لوگ اس قدر بلند حوصلہ نہیں رکھتے ان کو اس پُر خار دار وادی میں قدم رکھنے کی زحمت ہی نہیں کرنا چاہیے۔

ہر مدعی کے واسطے دار و رسن کہاں

(۵) شجاعت وشہامت کے عدیم النظیر نمونے

طاقت وقوت کے حد اعتدال پر ہونے کا نام شجاعت ہے۔ اگر اس میں افراط پیدا ہو جائے تو اس سے تہور (اجڈ پن) پیدا ہو جاتا ہے۔ اور معمولی سی تفریط سے "جبن" (بزدلی) جنم لیتا ہے یہ دونوں صفات رذیلہ اسی طرح مذموم ہیں۔ جس طرح شجاعت کی صفت جلیلہ ممدوح ہے"۔ یہ دنیا والوں کی ناسمجھی ہے کہ وہ ہر اس شخص کو جو بے محل جنگ پر آمادہ ہو جائے۔ بہادر وشجاع کہہ دیتے ہیں۔ لیکن شجاعت حقیقتہً یہ ہے کہ انسان کے لیے جس وقت قدم اٹھانا مناسب ہو اور اقدام ضروری ہو۔ اُس وقت پر جگری کے ساتھ آگے بڑھے۔ اور وہ سب کچھ کرے۔ جو اس کا فرض معلوم ہوتا ہو۔ چاہے اس سلسلہ میں اسے جان بھی دینا پڑے۔ اور جس موقع پر اقدام مناسب نہ ہو۔ بلکہ سکوت اور

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

چشم پوشی کی ضرورت ہو۔ چاہے اس سلسلہ میں اسے جان بھی دینا پڑے۔ اور جس موقع پر اقدام مناسب نہ ہو۔ بلکہ سکوت اور چشم پوشی کی ضرورت ہو۔ اس وقت تحمل سے کام لے۔ چاہے اس میں کتنے ہی مشکلات درپیش ہوں۔ اور ناگوار صورتوں کا مقابلہ کرنا پڑے۔ اس صورت میں خاموشی اسی طرح شجاعت کا ثبوت ہوگی جس طرح پہلی صورت میں نبرد آزمائی۔۔۔ حسینؑ بن علیؑ کی شجاعت کا وہ صرف ایک رخ ہے جسے کربلا پیش کرتی ہے۔ ارواس کا دوسرا پہلو وہ ہے۔ جسے حضرت نے دس برس تک اپنے بھائی امام حسنؑ کی صلح کا پابند رہ کر پہلے دکھایا۔ اس دوران میں بہت سے تکلیف دہ واقعات پیش آئے۔ مگر حسینؑ نے انہیں برداشت کیا۔ اور کسی طرح مکدر فضا میں اپنی طرف سے اضطراب پیدا نہ کیا۔ بے شک جس وقت آپ کو یہ فرض معلوم ہوا کہ آپ کھڑے ہوں اور باطل سے ٹکرا جائیں تو پھر پہاڑوں کا استحکام آپ کے استقلال تک نہیں پہنچتا تھا۔ آپ کی شجاعت کا وہ رخ بھی بے نظیر تھا اور یہ رخ بھی ایسا تھا۔ جس کی مثال پیش نہیں کی جاسکتی۔ (شہید انسانیت) حسینؑ کا اٹل انکار بیعت ان کے فولادی عزم و استقلال اور بے نظیر شجاعت کا شاہکار ہے۔ مصیبتیں اس وقت تک مصیبتیں ہیں۔ جب تک انسان ان سے ڈرتا ہے کس چہرہ کا یہ حوصلہ تھا کہ ششماہہ بچہ کو دم توڑتا دیکھ کر شکر کی مسرت سے رخ ہو جائے۔ کس زبان کا یہ جگر تھا۔ کہ خراب خنجر میں امت کی نجات کے لیے دعا مانگے۔ تلوار کے لیے یہ کوئی نئی بات نہ تھی۔ کہ کسی مظلوم کے گلے پر پھرائی جائے۔ تیروں کے لیے یہ پہلا موقع نہ تھا کہ کسی بے گناہ کے بدن میں پیوست ہوں۔ نیزے آپ سے پہلے بھی انسانی خون سے رنگین ہو چکے تھے۔ لیکن دنیا کے کسی ہتھیار نے اپنے مقتول کو اس قدر مستقل مزاج (اور جری و دلیر) نہ پایا ہوگا۔ وقت تھا کہ رستم و اسفندیار اپنی خاکی آرام گاہ سے سر نکالتے۔ ارجن و بھیم کی راکھ کے پریشان ذروں میں روح پھونکی جاتی جعفر طیارؑ اور حیدر کرارؑ قبروں سے نکل پڑتے۔ سنہال و جولیس عالم ارواح کے موکل سے رخصت لے کر دنیا میں آتے۔ اور یہ سب مل کر تین دن کے بھوکے پیاسے کی مدافعانہ جنگ کا تماشہ دیکھتے۔ زخمی ہاتھوں نے کس روز اس زور کی لڑائی لڑی تھی۔ بہتر کا داغ اٹھائے دل نے کس دن یہ جرأت دکھائی تھی شجاعت و استقلال کو علیؑ نے پالا تھا۔ اور آج حسینؑ کے ہاتھوں ان کو پروان چڑھایا جا رہا تھا۔ حسینؑ کی پیری تھی۔ مگر ان کی ہمت و جرأت کا شباب تھا کثرت مصائب سے جس قدر حسینؑ کی کمر جھکتی تھی اس قدر ہمت و جرأت بلند ہوتی جاتی تھی۔ بایں ہمہ جس طرف کا رخ کرتے ہیں۔ کشتوں کے پشتے لگا دیتے ہیں۔ اور دشمن اس طرح بدحواس ہو کر گرتے پڑتے بھاگتے ہوئے دکھائی دیتے ہیں۔ جس طرح بھیڑیں شیر کے حملہ کے وقت بدحواس ہو کر بھاگتی ہیں۔ ادھر اُدھر حسینؑ کی تنہا ذات مقدس پر جن مصائب کا نرغہ ہوا۔ اور جن ہوش ربا اور روح فرسا صدمات و حالات کا حسین علیہ السلام نے تنہا مقابلہ کیا۔ وہ عام انسانی طاقت برداشت سے بالاتر ہیں۔ رفیقوں اور عزیزوں کی شہادت کے بعد بھی خود تن تنہا بھوک و پیاس کے باوجود حسینؑ کا

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

حیرت انگیز بہادری سے ہزاروں دشمنوں کے ساتھ جدال وقتال کرنا اور صدہا زخم کھانے پر بھی تلوار کو ہاتھ سے نہ چھوڑنا جنگی کارناموں میں تحیر افزا کارنامہ ہے۔ کیا کوئی کہہ سکتا ہے کہ کسی انسان کو اس قدر مصیبتوں اور تکلیفوں نے گھیرا ہو۔ اور وہ اپنے عزم واستقلال پر اس طرح ثابت قدم رہا ہو کہ دنیا کے کسی بہادر نے اتنے صدمے برداشت کرنے کے بعد ایسے دل شکن ہجوم وآلام میں شجاعت و بہادری کے ایسے مافوق الفطرت جوہر دکھائے ہم بلاخوف تردید دعوے سے کہتے ہیں کہ نہیں ہرگز نہیں۔ اگر تم تمام بہادران عالم کے فرداً فرداً شجاعانہ کارناموں پر غور کرو اور بایں ہمہ مصائب و شدائد حسینؑ کی شجاعت ہمت، استقامت سے ان کا موازنہ کرو۔ تو تمہارا ضمیر خود پکار اٹھے گا۔ کہ بے شک شجاعت استقلال کا حسینؑ پر خاتمہ ہوگیا۔ شجاعت واستقلال کا دوسرا نام حسینؑ ہے (مجاہد اعظم) صرف آنجنابؑ ہی نہیں۔ آپؑ کے تمام رفقاء اس صفت جلیلہ میں بے نظیر نظر آتے ہیں۔ ان کے مثالی کارناموں کے تفصیلی تذکرے سابقہ ابواب میں گذر چکے ہیں۔ بہرحال حسینؑ واصحاب حسینؑ کے کارناموں میں یہ درس مضمر ہے کہ انسان کو حق وحقیقت کے لیے جان تک کی بازی لگا دینی چاہیے۔ اور موت کا خوف دل سے بالکل نکال دینا چاہیے۔ اور اس بات کی پروا نہیں کرنا چاہیے کہ موت پر گر رہا ہے یا موت اس پر گر رہی ہے اور اسی چیز کا دوسرا نام شجاعت ہے۔

(۶) عزت نفس کی بلند تعلیم

یہ حقیقت ہر قسم کے شک وشبہ سے بالاتر ہے کہ اس عالم رنگ وبو میں انسان کی سب سے زیادہ گرانمایہ متاع اس کی اپنی زندگی ہے۔ انسان کی تمام تگ وتاز، جدوجہد اور تمام محنت ومشقت اسی زندگی کے تحفظ وبقا یا اس کی سہولت وآسائش کی خاطر ہوتی ہے۔ اسی کی بقا کے لیے وہ تمام مشکلات ومصائب برداشت کرتا ہے۔ اور اسی کی حفاظت و صیانت کے لیے تمام ممکن وسائل وذرائع کو بروئے کار لاتا ہے۔ ﴿یود احدھم لو یعمر الف سنۃ﴾ مشاہدہ شاہد ہے کہ انسان اپنی زندگی کے بچاؤ کی خاطر اپنا سب مال ومتاع قربان کر دیتا ہے لیکن یہ حقیقت بھی ناقابل انکار ہے۔ کہ انسانی زندگی میں گردش لیل ونہار سے کچھ ایسے نشیب وفراز بھی رونما ہو جاتے ہیں۔ اور ایسے سخت ترین لمحات بھی درپیش آجاتے ہیں۔ کہ جب جذبات میں تلاطم اور طبعی وعقلی رجحانات میں تصادم ہو جاتا ہے اور ایک غیور وجسور انسان اپنی اس عزیز ترین متاع (زندگی) سے آنکھیں پھیر لیتا ہے۔ اور اپنے سرمایہ حیات وہستی کو قربانی کی بھینٹ چڑھانے میں روحانی لذت اور شادمانی محسوس کرتا ہے۔ انہی نازک مواقع میں سے ایک موقع وہ ہے جب ذلت کی زندگی، اور عزت کی موت کا سوال درپیش ہو۔ اس قسم کے نازک مواقع پر بلند ہمت، عزت نفس کے پیکر، اور انسان کامل وقتی فنا کو قبول کرتے ہوئے موت کے منہ میں جا پڑتے ہیں۔ اور اس طرح حیات جاودانی اور ابدی وسرمدی کامرانی حاصل کرنے میں کامیاب ہو جاتے ہیں۔ لیکن کبھی عزت نفس قربان کر کے ذلت کے ساتھ زندہ رہنا گوارا

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

نہیں کرتے کیونکہ وہ اس حقیقت سے آشنا ہوتے ہیں کہ ؎

جو رہی خودی تو شاہی نہ رہی تو روسیاہی

شہید کربلا (روحی لہ الفداء) کو اپنی زندگی میں ایسا ہی نازک لمحہ پیش آیا تھا۔ ایک طرف ذلت کی زندگی تھی اور وہ بیعت یزید میں پوشیدہ۔ اور دوسری طرف عزت کی موت تھی۔ اور وہ انکار بیعت میں مضمر تھی۔ تاریخ عالم گواہ ہے کہ امام عالی مقامؑ نے اس موقع پر ﴿الموت فی عزّ خیر من حیاۃ فی ذلّ﴾ یعنی عزت کی موت ذلت کی زندگی سے بہتر ہے۔ اور ﴿الموت خیر من رکوب العار﴾ ننگ و عار برداشت کرنے سے موت کا اختیار کرنا بہتر ہے۔ فرما کر موت کے سمندر میں چھلانگ لگا دی۔ اور بقا دائمی و حیات ابدی کا گوہر یگانہ حاصل کر لیا۔

حقیقت ابدی ہے مقام شبیریؑ بدلتے رہتے ہیں انداز کوفی و شامی

اگر حسین علیہ السلام چاہتے تو صرف اتنی بات پر اپنی اور اپنے اہل خانوادہ کو ان مصائب و شدائد سے بچا سکتے تھے۔ کہ یزید کے سامنے گردن جھکا دیں۔ اس صورت میں ممکن ہی نہیں بلکہ یقین تھا کہ یزید کے دربار میں ظاہری عزت و حرمت بھی مل جاتی۔ اور جاہ و منصب بھی۔ مگر اس طرح عزت نفس اور دین اسلام کا خاتمہ ہو جاتا۔ اس لئے فرزند رسول کی غیرت نفس نے آخر دم تک اس ذلت کو گوارا نہ کیا۔ کہ دنیوی زندگی کے بچاؤ کی خاطر عزت نفس اور دین رسول کو قربانی کی بھینٹ چڑھا دیں۔ حالانکہ آپ کی آنکھوں کے سامنے وہ کشت و خون کا ہنگامہ محشر برپا ہونے والا تھا۔ جس میں آپؑ کے سب عزیز و رفیق تیروں و تلواروں سے کٹ کٹ کر زمین پر گریں گے۔ آپؑ کی آنکھوں کے سامنے وہ منحوس سماں بھی تھا۔ کہ آپؑ کی شہادت کے بعد مخدرات عصمت و طہارت پر مصیبتوں اور بلاؤں کا آسمان ٹوٹنے والا تھا۔ اور وہ حوصلہ شکن منظر بھی پیش نظر تھا۔ جب عورتوں کی جگر خراش صدائے فریاد اور بچوں کی بھوک و پیاس کی شدت سے بے قراری اور آواز العطش، العطش بلند ہوگی۔ اپنی جماعت کی قلت، دشمنوں کی کثرت، تمازت آفتاب، لو کے جھونکے، پانی کی بندش مگر ان میں سے کوئی چیز بھی آپ کو مرکز ثقل سے ہٹا کر عزت نفس کے قربان کرنے پر آمادہ نہ کر سکی۔ حالانکہ ان میں سے کوئی ایک مصیبت بھی ایک انسان کو خواہ وہ بات کا کیسا ہی دھنی ہو۔ خلاف ضمیر اور مخالف دین راستہ اختیار کرنے پر مجبور کرنے کے لیے کافی تھی۔ مگر امام حسین علیہ السلام یہ تمام سختیاں بلائیں اور زہر گداز مصیبتیں اٹھا کر بھی وجدانی صداقت، روحانی سچائی، ایمانی قوت، اسلامی جوش اور عزت نفس پر قائم اور ثابت قدم رہے۔ کیا عالم کی تاریخ میں کسی اور بہادر کی بھی ایسی کوئی شاندار مثال موجود ہے لا واللہ۔

حسینؑ نے فوق التصور شدائد و مصائب برداشت کرنے کے باوجود جان دی۔ مگر بات نہ دی، سر قلم ہو جانا گوارا کیا مگر اپنی عزت نفس پر حرف نہ آنے دیا۔ اس میں نہ صرف مسلمانوں بلکہ تمام عوالم امکانیہ میں بسنے والے

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

انسانوں کے لیے یہ بے نظیر درس موجود ہے۔ کہ جب بھی زندگی میں کوئی ایسا موڑ آجائے کہ عزت نفس کی موت اور ذلت کی زندگی میں معاملہ دائر ہو جائے تو چند روزہ حیات مستعار کو قربان کر دینا مگر عزت نفس پر حرف نہ آنے دینا اسی میں بقاء دوام کا راز مضمر ہے۔ روحی لک الفداء یا حسینؑ ؎

از ہیچ پیمبر نیاید ایں کار　　واللہ کہ اے حسینؑ کارے کردی

(۷) تنظیم، محکم یقین اور عمل پیہم کی تلقین

مفکرین عالم کا اس بات پر اتفاق ہے کہ ہر چیز کا خواہ وہ عالم روحانیات سے تعلق رکھتی ہو یا عالم مادیات سے ایک وضعی وطبعی اثر ہوتا ہے جو کبھی اس سے جدا نہیں ہوتا۔ بنابریں اصول، نظم وضبط، یقین کامل اور عمل پیہم اور ان کی اضداد اختلاف وافتراق، شک وبے یقینی کی کیفیت اور بے عملی یا عملی کمزوری کے بھی کچھ مخصوص وضعی وطبعی آثار و خواص ہیں جو کبھی ان سے منفک وجدا نہیں ہوتے۔ اب قابل غور امر یہ ہے کہ ان امور اور ان کے اضداد کے وہ خواص ولوازم ہیں کیا؟ اگر آپ چند لمحات کے لیے تاریخ عالم کی روشنی میں قوموں کے بننے اور بگڑنے، ان کے ابھرنے اور کچھ عرصہ تک تمام ربع مسکون یا اس کے کسی خطہ پر حکومت کرنے کے بعد صفحۂ عالم سے حرف غلط کی طرح مٹ جانے اور پردۂ عدم میں روپوش ہو جانے کے فلسفہ پر غور کریں گے تو آپ پر یہ حقیقت بالکل بے نقاب ہو جائے گی۔ کہ قوموں کے بننے وابھرنے اور عالم پر چھا جانے کا فلسفہ ان کی جماعتی تنظیم، سعی وکوشش اور پھر اس کے نتیجہ میں اپنی کامیابی وکامرانی پر یقین محکم میں مضمر ہے۔ اس کے خلاف ان کی ذلت ورسوائی، نکبت وپسپائی اور بالآخر لوح کائنات سے مٹنے کا راز ان کے جماعتی شیرازہ کے بکھرنے، عملی قویٰ کے شل ہو جانے اور شک وتذبذب کا شکار ہو جانے میں پوشیدہ ہے۔

؎ یقیں محکم، عمل پیہم، محبت فاتح عالم　　جہاد زندگانی میں یہ ہیں مردوں کی شمشیریں

انہی حقائق کی بنا پر خدائے حکیم نے یہ حکیمانہ حکم دیا ہے کہ ﴿وَلَا تَنَازَعُوا فَتَفْشَلُوا وَتَذْهَبَ رِيحُكُمْ﴾ آپس میں اختلاف نہ کرنا ورنہ کمزور پڑ جاؤ گے۔ (سورۂ انفال، آیت ۴۶) اور جب کمزور ہو جاؤ گے تو تمہاری ہوا اکھڑ جائے گی۔ (عزت وآبرو خاک میں مل جائے گی)۔ یہ کسی ہادی وراہبر اور لیڈر کی انتہائی خوش قسمتی ہے کہ اسے کچھ ایسے افراد مل جائیں جو وحدت خیال، وحدت مقصد اور وحدت عمل کے سلک میں منسلک ہوں کیونکہ کسی انسان کی انتہائی عظمت وجلالت کے بعد بھی یہ ضروری نہیں ہے کہ اسے ایسے منظم ساتھی بھی مل جائیں اوروں کا تو ذکر ہی کیا۔ انبیاء ومرسلین کے حالات وکوائف سامنے موجود ہیں۔ ان میں سے بھی اکثر (بلکہ تمام) کو ایسے ساتھی نصیب نہیں ہوئے جسے شک ہے وہ قرآن وحدیث اور کتب تاریخ میں حضرت موسیٰ، حضرت عیسیٰ علیہما السلام بلکہ خود

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

پیغمبر آخر الزمان صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اصحاب کے حالات و واقعات پر ایک سرسری نظر ڈال لے۔ اسے اس حقیقت کا علم الیقین ہو جائے گا کہ شخصی عظمت و بلندی اور ہے اور منظم، مخلص اور مستقل مزاج پیرووں کا دستیاب ہو جانا چیزے دیگر۔ اس سلسلہ میں حضرت امام حسین علیہ السلام ممتاز و منفرد نظر آتے ہیں۔ امامؑ نے اپنے ساتھیوں میں تنظیم و اتحاد اور عمل کی وہ روح پھونک دی کہ ان کے ہمراہیوں میں کوئی ایک شخص بھی ایسا نظر نہیں آتا جس کے قول و فعل میں تضاد کا شائبہ بھی نظر آئے یا جس کے رویہ و رفتار سے عدم تنظیم، عدم یقین اور عدم عمل کی بو بھی آئے۔ حالیؔ نے اپنے دیوان کے مقدمہ میں حسینؑ کے ساتھیوں کی انہی وفاکیشیوں کا نقشہ بایں الفاظ کھینچا ہے:

''چھوٹے سے بڑے تک ہر شخص کے دل میں یہ امنگ ہے کہ سب سے پہلے اپنی جان خاندان پر نثار کروں۔ باپ کی یہ خواہش ہے کہ تلواروں کی آنچ میں بھائی، بھتیجے، بھانجوں سے پہلے اپنے جگر بند کو جھونک دوں۔ بھائی، بھائیوں، بھتیجوں سے پہلے مرنے کو تیار، اور میدان جنگ کا خواستگار ہے۔ بھانجوں کی یہ تمنا ہے کہ ماموں اور ماموں کی اولاد پر سب سے پہلے ہم قربان ہوں۔ بھتیجے کی یہ آرزو ہے کہ چچا کا فدیہ سب سے پہلے میں ہوں۔ بہن کا یہ ارادہ ہے کہ اپنے بچوں کو بھائی اور بھتیجوں پر قربان کر دے۔ بھائی اس غم میں گھلا جاتا ہے کہ اگر بھانجے میری رفاقت میں مارے گئے۔ تو بہن کو کیا منہ دکھاؤں گا''۔۔۔ (یہ تو حسینؑ کے اہل خاندان کے صنف منور کا تذکرہ تھا۔ اب ذرا خواتین کربلا کا کردار بھی دیکھئے) ''بیبیاں خاوندوں کو اور مائیں بیٹوں کو قتل اور زخمی ہوتے دیکھتی ہیں۔ مگر کوئی زبان سے اُف نہیں کرتی۔ اور منہ سے سانس نہیں لیتی۔ صرف اس خیال سے کہ جس مربی اور سرپرست کی رفاقت میں وہ کام آئے ہیں۔ اس کے دل پر میل نہ آئے اور وہ اپنے دل میں ہم سے محجوب نہ ہو۔ سب اس کی اور اس کی اولاد کی خیر مناتے ہیں اور کوئی اپنے بچھڑے ہوؤں کو یاد نہیں کرتی''۔۔۔۔ (اب ذرا انصار حسینؑ کے کردار کی بھی ایک جھلک دیکھ لیں) ''چند وفادار رفیق اور دوست جو فرزند نبیؐ کے ہمراہ ہیں اور جو ایک ٹڈی دل کے مقابلہ میں اس قدر قلیل ہیں کہ انگلیوں پر گنے جا سکیں۔ وہ ایک عالم کو اپنے سردار سے برگشتہ اور منحرف پاتے ہیں اس کا ساتھ دینے میں کوئی نفع عاجل اور دنیا کی کوئی بھلائی نہیں سوجھتی۔ بلکہ ہر وقت موت کا سامنا ہے۔ رفاقت کی بدولت بھوک اور پیاس میں تین دن سے جان لبوں پر آ رہی ہے نہ کوئی رشتہ ہے نہ قرابت ہے جو اس کی رفاقت چھوڑنے سے مانع ہو مگر وفاداری کا طوق ان کی گردن میں اور دوستی و اخلاص کی زنجیر ان کے پاؤں میں پڑی ہے۔ کوئی خوف اور کوئی طمع ان کے اس تعلق کو قطع نہیں کر سکتی۔ ہر وقت یہی آرزو ہے کہ کب اذن جنگ ملے اور کب خاندان نبوت پر اپنی جانیں قربان کریں اور کب اس فرض سے سبکدوش ہوں۔۔۔ غور کیجئے ان خاصانِ خدا کے جذبات وفاداری کی کیا کیفیت تھی؟ اور وہ سب ایک اصول کے لیے قربان ہونے آئے تھے۔ اور حق و صداقت کی حمایت کا حق ادا کر گئے۔'' بنابریں

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

جناب امام حسینؑ یہ فخر و مباہات کرنے میں بالکل حق بجانب ہیں کہ "جیسے وفادار اور جاں نثار ساتھی مجھے نصیب ہوئے ایسے کسی کو نصیب نہیں ہوئے۔"

بہر حال یوں تو اسلام اپنے ہر فرزند سے حق و صداقت کی نظیر پیش کر سکتا ہے۔ حمایت صداقت کی ایسی شان دار مثال قائم کرنا صرف حسینؑ کا ہی کام تھا۔ حسینؑ کا اسی جذبہ سے متاثر ہو کر ناقابل برداشت مصائب کو جھیلنا گوارا فرمایا اور تعلیم اسلام کو اپنے خون سے عملی رنگ میں دنیا کے روبرو پیش کیا۔ حسینؑ اگر باطل سے دب جاتے تو یہ اسلام کی شکست تھی اس لیے وہ خود ہدف مصائب بنے۔ اور اپنے قتل سے نہ صرف اسلام کی آبرو رکھ لی۔ بلکہ اسلام کی فتح کا اعلان کر دیا۔ جب تک دنیا قائم ہے اسلام فرزند بانی اسلام کا مرہون احسان اور یہ واقعہ مسلمانوں کے لیے درس عبرت و موعظت بنا رہے گا۔ اور ان کو یاد دلاتا رہے گا۔ کہ مسلمانوں کو حق و صداقت کی حمایت اس طرح کرنی چاہیے۔ (مقدمہ دیوان حالیؔ)

خداوند عالم تمام اہل عالم کو حسینؑ اور انصاران حسینؑ کے ان زرین کارناموں سے عملی سبق حاصل کرنے کی توفیق مرحمت فرمائے۔

(۸) صبر و رضا کی بے مثال عملی تعلیم

صبر کا مطلب یہ ہے کہ کسی بلا و مصیبت کے وقت انسان سے کوئی ایسا قول یا فعل سرزد نہ ہو جس سے خداوند عالم کی قضا و قدر پر ناراضی کا اظہار ہوتا ہو۔ یہ ایک مسلمہ حقیقت ہے کہ قید حیات "بند غم" کا دوسرا نام ہے۔ یہاں قدم قدم پر مصائب و آلام اور ناملائم و نامساعد حالات کا سامنا کرنا ناگزیر ہے۔ اگر کوئی انسان یہ چاہے کہ دار دنیا میں تمام امور اس کے حسب دلخواہ ہوں۔ اور اسے کبھی ناموافق حالات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ تو اس کا یہ خواب کبھی شرمندۂ تعبیر نہیں ہو سکے گا ایسے آدمی کی مثال اس آدمی جیسی ہے جو آگ میں پانی یا پانی میں آگ تلاش کرے۔

طبعت علی کدر و انت تریدها — صفواً من الاقذاء و الاکدار

و مکلف الایام ضدّ طباعها — متطلّب فی الماء جذوة نار

اسی بنا پر ارباب دانش و بینش نے تمام مشکلات و مصائب کا واحد حل "صبر جمیل" تجویز کیا ہے کہ انسان کو مشکلات و مصائب کے وقت کسی قسم کی گھبراہٹ و اکتاہٹ کا اظہار نہیں کرنا چاہیے بلکہ پوری طمانیت قلبی اور دلی لگن کے ساتھ مگن رہنا چاہیے اور ایسا کرنے سے مشکلات کے بادل چھٹ جاتے ہیں اور مقصد کا ابر آلود مطلع صاف ہو جاتا ہے۔

مشکلے نیست که آساں نه شود — امّا مردے باید که هراساں نه شود

تجربہ شاہد ہے کہ جب انسان اپنے اندر رنج و الم سہنے کا جذبہ پیدا کر لے اور مشکلات برداشت کرنے کا خوگر

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

ہو جائے تو اس وقت رنج رنج نہیں رہتا اور مصیبت مصیبت نہیں رہتی۔

ع رنج سے خوگر ہوا انسان تو مٹ جاتا ہے غم
مشکلیں مجھ پر اتنی پڑیں کہ آساں ہو گئیں

انہی حقائق کی وجہ سے قرآن وحدیث میں صبر کی بے حساب مدح وثنا وارد ہوئی ہے۔ قرآن مجید میں ستر سے زائد مقامات پر صبر وصابرین کا ذکر خیر کیا گیا ہے۔ اور حدیث میں صبر کو ایمان کے ساتھ وہی نسبت دی گئی ہے جو سر کو بدن کے ساتھ ہوتی ہے۔ (المقامات العلیہ)

یہ صفت جلیلہ امام حسینؑ میں اس قدر نمایاں طور پر موجود تھی کہ آپؑ کا لقب ہی "سید الصابرین" ہو گیا۔ حادثہ کربلا کوئی معمولی حادثہ نہ تھا۔ مرور ایام کا کوئی ادنیٰ معاملہ نہ تھا۔ روزگار عالم کی آئے دن کی بات نہ تھی بلکہ گردش افلاک کا اہم ترین دور تھا۔ تاریخ اسلام کا شاندار واقعہ تھا۔ حق و باطل کی جنگ کا معرکۃ الآراء دور تھا۔ بے دینی و ایمان وصداقت و بطلان کا فیصلہ کن ہنگامہ تھا۔

حسینیؑ شہادت کا دوسرے شہداء سے سرسری مقابلہ

حسین علیہ السلام کے مصائب کا موازنہ دنیا کی کسی مصیبت سے نہیں ہو سکتا اگرچہ ہر قسم کے مصلحین ومجددین کو ان کے مخالفین نے طرح طرح کی تکلیفیں دیں۔ لیکن ان سب میں انبیاء علیہم السلام کے مصائب کا پیمانہ سب سے بڑھا ہوا ہے۔ تاہم تمام دنیا کے انبیاء ورسل کے واقعات شدائد کو دیکھتے ہوئے ہم یہ کہنے پر مجبور ہیں کہ کسی نبیؑ یا رسولؑ نے حسینؑ سے بڑھ کر رضائے الٰہی کے لیے مصائب کا مقابلہ نہیں کیا۔ کیونکہ انبیائے ماسلف نے اپنے مخالفوں کے ہاتھوں جو آلام وصدمات برداشت کئے۔ وہ صرف ان کی ذات تک محدود تھے۔ یہاں تو نہ صرف اپنی ذات بلکہ سارے خاندان کی تباہی و بربادی، قتل واسیری کو گوارا فرمایا گیا۔ اس کے علاوہ ایک بات اور بھی قابل غور ہے کہ انبیاء علیہم السلام کے صبر ورضا کا جو امتحان لیا گیا وہ ان بلاؤں کا دفاع نہیں کر سکتے تھے۔ اس لیے ان کو سوائے صبر کے چارہ نہ تھا۔ اس کے خلاف حسین علیہ السلام پر جن مصائب کا ہجوم بیک وقت ہوا۔ ان کے مقابلہ میں کوئی مصیبت پیش نہیں کی جا سکتی۔ پھر یہ کہ ان کا دفاع آپؑ کے اختیار میں تھا۔ اگر آپؑ یزید کی بیعت کر لیتے (۔۔۔۔۔) تو ساری مصیبتوں کا خاتمہ تھا۔ یا اگر چاہتے تو مقابلہ کے لیے لشکر فراہم کر سکتے تھے۔ اس کے علاوہ انبیاءؑ کی مصیبتیں تنہا تھیں۔ یہاں مصائب وصدمات کی یورش۔ ہر مصیبت کے بعد دوسری مصیبت پہلی مصیبت سے بھی زیادہ شدید اور روح فرسا۔ ہر لحظہ شدائد کی سختی بڑھتی جاتی تھی۔ مصیبتوں کے بادل مہیب اور بھیانک صورت کے ساتھ پے در پے امڈے چلے آتے تھے لیکن حسینؑ جادۂ صبر ورضا پر پہاڑ کی طرح قائم ہیں۔ اور ان کے پائے ثبات کو ذرا بھی لغزش نہیں ہوتی۔ شہید دنیا

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

میں ہزاروں ہوئے اور ہزاروں ہوں گے۔ مگر اس شان کا شہید نہ اب تک ہوا۔ نہ آئندہ ہوگا۔ کسی نے سچ کہا ہے اور اس میں کوئی مبالغہ نہیں ؎

از ھیچ پیمبر نیاید ایں کار　　واللہ کہ اے حسینؑ کارے کردی

امامؑ کے سر پر مصیبت کا یہ کوہ گراں کیوں رکھا گیا؟

یہ بات بھی سوچنے کے لائق ہے کہ کارساز حقیقی نے مصائب و آلام کا یہ کوہ گراں اپنے برگزیدہ ترین کے سر پر کیوں رکھا؟ بارگاہ خداوندی کے مقرب ملائکہ نے تخلیق آدمؑ کے وقت عرض کیا تھا تو زمین پر ایسا خلیفہ (انسان) پیدا کرے گا جو فساد برپا کرے۔ اور خون بہاتا رہے؟ اور ہم تیری حمد و ثنا کی تسبیح کرتے ہیں اور تہلیل و تقدیس میں مصروف رہتے ہیں۔ حکیم مطلق ان فرشتوں کو بتا دینا چاہتا تھا کہ اطمینان و سکون سے تمہارا حمد و ثنا کرنا۔ ان انسانوں کی تسبیح کے مقابلہ میں کچھ حقیقت نہیں رکھتا۔ جو ہماری خاطر اور ہماری راہ میں اپنی گردنیں قلم کراتے ہیں اور امانت توحید کی پاسبانی کے لیے خطرات عظیمہ کا تسلیم و رضا سے مقابلہ کرتے ہیں۔ بلاشبہ معبود مطلق کے دربار میں وہی عبادت اعلیٰ قبولیت کا شرف حاصل کرتی ہے جو مصائب و آلام اور ابتلاء و آزمائش سے ہم آغوش ہو (مجاہد اعظم) چنانچہ بعض زیارات میں وارد ہے: ﴿و لقد عجبت من صبرک ملائکۃ السماء﴾ اے حسینؑ! تیرے صبر و رضا سے آسمان کے فرشتے بھی تعجب کرتے ہیں۔ علاوہ بریں اللہ تعالیٰ کی مشیت عہد حاضر کے ضعیف الاعتقاد مسلمانوں کو بھی درس عمل دینا چاہتی تھی۔ کہ توحید پرستی و حق نوازی وہ گرانقدر اور عظیم الشان عمل ہے۔ جس کی حفاظت و پاسبانی میں تمہاری دنیا و آخرت کے سردار کا عزیز ترین لخت جگر معہ بیٹوں، بھائیوں اور بھتیجوں، بھانجوں کے اپنا خون پانی طرح بہا چکا ہے۔" خداوند عالم تمام انسانوں کو بالعموم اور مسلمانوں کو بالخصوص اور شیعوں کو بالاخص امام الشہداء کے اس اسوۂ حسنہ سے سبق لینے کی توفیق عطا فرمائے۔

(۹) مواسات و ایثار کے شاندار عملی نمونے

کسی کو گرفتار مصیبت دیکھ کر اس کے ساتھ اظہار ہمدردی کرنے کا نام "مواسات" اور اپنی ضرورت و احتیاج کے باوجود دوسرے صاحب ضرورت کو اپنی ذات پر ترجیح دینے کا نام "ایثار" ہے۔ علم الاخلاق میں ان دونوں صفتوں کا شمار اعلیٰ درجہ کی انسانی صفات جلیلہ میں ہوتا ہے۔ کربلا میں امام حسینؑ اور ان کے ساتھی مجاہدین نے موسات و ایثار کے بے مثال عملی نمونے پیش کیے ہیں۔ امامؑ کی مواسات کا یہ عالم ہے کہ انصار و اصحاب پر جو مصیبت بھی پڑتی ہے ان میں ان کا ساتھ دیتے ہوئے نظر آتے ہیں۔ اسی طرح اصحاب حسینؑ کی امامؑ کے ساتھ مساوات و ہمدردی کی مثال بھی ڈھونڈے سے نہیں ملتی۔ جہاں تک ایثار کا تعلق ہے امامؑ نے اپنے طرز عمل سے ثابت کر دیا کہ جوہر انسانیت

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

یہ ہے کہ احتیاج کے وقت دوست تو کجا دشمن کو بھی اپنے نفس پر مقدم سمجھنا چاہیے۔ ذرا اس وقت کو تصور میں لائیے جب راستہ میں حر ایک ہزار کا لشکر لے کر امامؑ کے سدِ راہ ہونے کے لیے آیا ہے۔ مگر مع اپنی فوج کے شدت پیاس سے نڈھال ہے۔ امام علیہ السلام اپنے اور اپنے متعلقین کے مستقبل کا خیال نہ فرماتے ہوئے سب پانی انہیں پلا دیتے ہیں۔

اسی طرح میدان کربلا میں اقارب واصحاب امامؑ میں سے ہر شخص نے ایثار کا لافانی مرقع پیش کیا ہے ہر فرد نے امام کی جان کی حفاظت کو اپنے جسم وجان سے مقدم سمجھا ہے۔ ذرا روز عاشورا، ہنگام ظہر ابوثمامہ صائدی اور سعید بن عبداللہ حنفی کا بوقت نماز امامؑ کے سامنے سپر بن کر کھڑا ہونے اور تیروں کو سینے پر روکنے کا ہوشربا اور روح فرسا منظر آنکھوں کے سامنے لائیں اور پھر انصاف سے فرمائیں۔ کہ آیا تاریخ عالم اس کی کوئی نظیر پیش کر سکتی ہے؟ قربان گاہ کربلا میں ہر شخص دوسرے پر سبقت لے جانا چاہتا تھا۔ کیوں؟ محض اس لئے کہ وہ اپنی جان دے کر دوسروں کے تحفظ کا ذریعہ بن سکے۔

انہیں اپنا غم نہ تھا۔ اپنی فکر نہ تھی۔ ہاں اگر انہیں غم تھا تو حسین کا فکر تھی تو ان کی تنہائی کی چنانچہ یاد کیجئے سیف بن حارث و مالک بن عبد دونوں بھائیوں کا وہ امامؑ کے پاس آکر رونے لگنا اور امامؑ کا فرمان کیوں روتے ہو؟ اور ان کہنا ہم اپنے لئے تھوڑی روتے ہیں۔ ہمیں آپ کی بے کسی پر رونا آتا ہے ہم دیکھ رہے ہیں کہ آپ کو چاروں طرف سے گھیر لیا گیا ہے اور یہ کہ اب ہم سے آپ کی حفاظت قرار واقعی طور پر نہ ہو سکے گی۔ یا یاد کیجئے وہ مسلم بن عوسجہ کے آخری وقت حبیب بن مظاہر کے ان کے پاس جانے اور ان سے یہ کہنے کہ "اگر مجھے یہ یقین نہ ہوتا کہ میں ابھی عنقریب تمہارے پیچھے آرہا ہوں تو ضرور کہتا کہ کچھ وصیت کرو اور میں اس وصیت کو پورا کرتا" اور اس وقت جناب مسلم کا امام حسینؑ کی طرف اشارہ کرتے ہوئے یہ کہنا کہ جو کچھ وصیت ہے وہ اسی بزرگوار کے بارے میں ہے۔ یعنی ان پر اپنی جان قربان کرنا اور حبیب کا بڑی پر جگری کے ساتھ کہنا۔ بخدا ضرور ایسا ہی ہوگا۔ (شہید انسانیت) اور انہوں نے یقیناً ایسا ہی کیا بلکہ اگر بہ نظر غائر دیکھا جائے تو کربلا کا پورا المیہ ہی ایثار کا عملی نمونہ ہے۔ امامؑ اور ان کی پوری جماعت نے دین ومذہب کے تحفظ اور نوع انسانی کو ابدی ہلاکت سے بچانے کی خاطر اپنا تن، من، دھن راہ خدا میں قربان کر دیا۔ کربلا والوں کے اس اسوہ حسنہ سے یہ درس ملتا ہے کہ صحیح معنوں میں انسان وہی ہے جو مواسات وایثار کے زیور سے آراستہ ہے۔ اور جس آدمی میں یہ صفت نہیں ہے وہ درحقیقت جوہر انسانیت سے عاری وخالی ہے۔ و لنعم ما قیل

درد دل کے واسطے پیدا کیا، انسان کو
ورنہ طاعت کے لیے کچھ کم نہ تھے کرو بیاں

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

(۱۰) عظیم مقصد کے حصول کیلئے ہر قسم کی قربانی دینے کا درس

صاحبان خرد سے یہ امر پوشیدہ نہیں کہ مقاصد و اغراض کی نوعیت مختلف ہوتی ہے کچھ مقصد بغیر کسی قسم کی قربانی دیئے صرف معمولی عملی جدوجہد کرنے سے حاصل ہو جاتے ہیں۔ اور بعض کے حصول کے لیے کچھ مالی قربانی بھی پیش کرنا پڑتی ہے۔ اور بعض عظیم مقصد اپنے حصول میں مختلف النوع جانی قربانیوں کے متقاضی ہوتے ہیں۔

اذا عظیم المطلوب قل المساعد

صحیح معنوں میں مدبر اور معقول انسان وہی ہوتا ہے جو ہر ہر مقصد کی نوعیت و اہمیت کو سمجھے۔ اور پھر اس کے حصول کے لیے وہی طریقہ کار اختیار کرے جو اس کے لیے مناسب ہے اس لیے ہمیشہ مردان راہ کو مقاصد عظیمہ کی خاطر دشوار گذار اور پُر خار وادیوں میں قدم رکھنا پڑتا ہے۔ چنانچہ خداوند عالم کا ارشاد ہے:

﴿وَ لَنَبْلُوَنَّكُمْ بِشَيْءٍ مِنَ الْخَوْفِ وَ الْجُوْعِ وَ نَقْصٍ مِنَ الْاَمْوَالِ وَ الْاَنْفُسِ وَ الثَّمَرٰتِ وَ بَشِّرِ الصّٰبِرِيْنَ الَّذِيْنَ اِذَآ اَصَابَتْهُمْ مُّصِيْبَةٌ قَالُوْٓا اِنَّا لِلّٰهِ وَ اِنَّآ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ اُولٰٓئِكَ عَلَيْهِمْ صَلَوٰتٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ وَ رَحْمَةٌ﴾ (سورۂ بقرہ، آیت ۱۵۵، ۱۵۶)

ترجمہ:۔ ”اور ہم تمہیں کچھ خوف، بھوک اور مال و جان اور ثمرات (کے نقصانات) سے ضرور آزمائیں گے اور ان صبر کرنے والوں کو خوش خبری دیجیے۔ جو مصیبت میں مبتلا ہونے کی صورت میں کہتے ہیں کہ ہم تو اللہ ہی کے پاس ہیں اور اسی کی طرف ہمیں پلٹ کر جانا ہے۔ ان پر ان کے رب کی طرف سے درود ہیں اور رحمت بھی۔“

حضرت امام حسین علیہ السلام کے سامنے جو عظیم مقصد تھا وہ ہر قسم کی مالی اور جانی قربانی کا طلب گار تھا۔ کیونکہ اس وقت اسلام بلکہ انسانیت کی کشتی فسق و فجور بلکہ کفر و الحاد کے بحر ناپیدا کنار کے بھنور میں پھنس گئی تھی۔ طوفان استبداد کے زبردست تھپیڑے چاروں طرف سے اس پر پڑ رہے تھے۔ ظلم و جور اور کفر و زندقہ کے تیز و تند جھونکے اس سفینہ نجات کو ڈبونا چاہتے تھے۔ قریب تھا کہ یہ کشتی پاش پاش ہو کر تباہ ہو جائے۔ مگر اس اولوالعزم امام نے مخالف ہواؤں کی کچھ پروا نہ کی اور ﴿بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرٖهَا وَ مُرْسٰهَا﴾ پڑھتے ہوئے اس کشتی کو گرداب بلا سے نکالنے کا عزم بالجزم کر لیا۔ اور اس کے بچانے کے لیے ایسی راہ اختیار کی۔ جس کو پہلے کسی نے اختیار نہ کیا تھا۔ جو ابتلا و پُر خطر ہونے کے لحاظ سے ایسی سخت اور کٹھن تھی۔ کہ اس کے تصور سے ہی رونگٹے کھڑے ہوتے ہیں۔ یہ کوئی آسان کام نہ تھا۔ کوئی سہل مہم نہ تھی کوئی چرب لقمہ نہ تھا اس سفینہ نجات کی حفاظت بڑی بھاری قربانیاں چاہتی تھی۔ بڑے بڑے فدیوں کی ضرورت تھی۔ کوہ شکن مصائب کا تحمل درکار تھا۔ مگر حسینؑ ایسے نہ تھے۔ کہ ان مصائب و شدائد کے سامنے جھکتے۔ انہوں

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

نے بڑی خوشی سے لبیک کہا اور تمام آنے والی مصیبتوں کا تہ دل سے خیر مقدم کیا۔ وہ تو عہد طفولیت سے ہی ان تمام مصائب کے لیے تیار تھے اور باوجود ایسے جانکاہ شدائد کے جو اپنی نوعیت میں عدیم المثال ہیں۔ آخر دم تک اپنی بات پر ثابت اور قائم رہے آپؑ کی قربانی بڑی عظیم تھی۔ آپ کا مقصد یہ تھا کہ مذکورہ بالا عظیم مقصد کو حاصل کرنے کے لیے اپنی طرف نسبت رکھنے والی ہر شے کو خود اپنے ہاتھ سے قربان گاہ کربلا میں پیش کریں۔ اور جب اپنی ذات کے علاوہ اور کچھ باقی نہ رہے تو سب کے آخر میں اسے بھی میدان قربانی میں پیش کر دیں۔ چنانچہ روز عاشور آپؑ نے سب سے پہلے اپنے محبوب ترین اعوان و انصار کو قربان کیا۔ یہاں تک کہ جب عزیزوں کی باری آئی۔ تو ایک ایک کر کے ان سب کو میدان قربانی میں بھیجا۔ حتیٰ کہ اپنے دل کی قوت، آنکھوں کی روشنی، پیری کے سہارے علی اکبرؑ ایسے فرزند۔ قاسمؑ وعبداللہ ایسے بھتیجے۔ ابوالفضلؑ ایسے وفادار بھائی۔ سب کو فدیہ راہ حق ہونے دیا۔ اور سب کے آخر میں باغ امید کی آخری کونپل اور غنچہ ناشگفتہ علی اصغرؑ کو خود اپنے ہاتھوں پر نشانہ تیر ستم ہوتے دیکھ لیا۔ اب اعضائے جسم تک نوبت پہنچی۔ سطح جسم کا چپہ چپہ اور خون کا ہر ہر قطرہ قربان کیا۔ اب کوئی قربانی کے قابل شے باقی نہیں رہی تھی۔ صرف ایک رشتہ حیات تھا۔ جو قائم تھا۔ اور سر و گردن کا ارتباط تھا۔ جس میں ابھی جدائی نہیں ہوئی تھی۔ عصر کے ہوتے ہوتے حسینؑ اس قربانی میں کامیاب ہو گئے۔ ایک طرف نفس کی آمد و شد کا سلسلہ اور جسم و روح کا اتصال قطع ہوا۔ اور دوسری طرف سر و گردن کے باہمی ارتباط میں جدائی پیدا ہوئی۔ آسمان لاکھوں بار گردش کرے زمانہ کے ورق ہزاروں بار الٹ جائیں۔ لیکن اتنی شاندار مکمل، منظم اور مرتب قربانی کی مثال پیدا نہیں ہو سکتی۔" (شہید انسانیت)

امامؑ کی اس عظیم قربانی میں یہ درس پوشیدہ ہے کہ اگر وقت آنے پر قوم و مذہب کے لیے مال تو مال اگر عزیز و اقارب کٹوانے پڑیں اور جان بھی نثار کرنا پڑے تو اس میں دریغ نہیں کرنا چاہیے۔ بلکہ یہ کہتے ہوئے کہ

؎ جان دے دی دی ہوئی اُسی کی تھی حق تو یہ ہے کہ حق ادا نہ ہوا

خندہ پیشانی کے ساتھ اپنی جان، جان آفریں کے حوالہ کر دینا چاہیے۔

(۱۱) انسانی ہمدردی اور حسن معاشرت کے تابناک مظاہرے

قبل ازیں بھی اس حقیقت کی طرف اشارہ کیا جا چکا ہے۔ کہ انسانیت کی معراج اور انسانیت کا جوہر اعلیٰ انسانی ہمدردی۔ ان کیساتھ حسن سلوک اور ان کی خیر خواہی اور نفع رسانی کے اندر مضمر ہے۔ حدیث نبویؐ ہے: ﴿خیر الناس من انفع الناس﴾ بہترین انسان وہ ہے جو لوگوں کو نفع پہنچائے۔ یہ بھی روایات معصومینؑ میں وارد ہے کہ ﴿لا تنظروا الی کثرۃ صلوٰۃ الرجل و صومہ بلی انظروا الی معاملاتہ﴾ کسی آدمی کی کثرت صوم وصلوٰۃ پر نگاہ نہ کرو۔ بلکہ اُس کے معاملات پر نظر کرو۔ کیونکہ ﴿لا یعرف المرء بکثرۃ الصوم و الصلوٰۃ بل یعرف

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

بالمعاملات﴾ انسان کا جوہر اس کی نماز و روزہ سے نہیں ظاہر ہوتا۔ بلکہ حسن معاملات سے نکھرتا ہے۔ دوستوں کے ساتھ اچھا سلوک کرنا۔ کوئی تعجب خیز بات نہیں ہے۔ یہ تو عام فطری بات ہے۔ لطف تو یہ ہے کہ نگاہ اس قدر بلند ہو۔ کہ اس کی نظر میں دوست و دشمن کا فرق بھی ہیچ ہو جائے۔ اور اپنے خون کے پیاسوں سے بھی حسن سلوک کرے۔ یہ سبق حسینؑ نے دیا۔ ذرا ایک نظر حسینؑ کے ان خطبوں پر نگاہ ڈالئے جو آپؑ نے روز عاشوراء گم گشتگان وادی ضلالت کو راہ راست پر لانے کے لیے ارشاد فرمائے ہیں۔ یا وہ منظر آنکھوں کے سامنے لایئے جب روز عاشوراء آپؑ کو روتے ہوئے دیکھ کر کسی بدطینت نے یہ طعنہ دیا ہے کہ حسینؑ! اگر رونا تھا تو کربلا کا رخ کیوں تھا؟ امامؑ اس کے جواب میں فرماتے ہیں: تیرا کیا خیال ہے میں اپنے مصائب پر رو رہا ہوں؟ پھر کس پر رو رہے ہیں؟ فرمایا: مجھے یہ چیز رلا رہی ہے کہ میری وجہ سے تیس ہزار آدمی جہنم میں جائیں گے۔ اس سے مذکورہ بالا حقائق کی کس قدر تائید ہوتی ہے۔ امامؑ نے آخر وقت تک کوشش کی۔ کہ ان کے نانا کے کلمہ گو راہ راست پر آجائیں۔ اور اہل بیت رسالتؐ کا خون ناحق اپنی گردنوں پر نہ لیں۔ اور جہنم کا ایندھن نہ بنیں۔ مگر افسوس ان اشقیاء پر اس کا کوئی اثر نہ ہوا۔ سچ ہے: ﴿وَمَا تُغْنِي الْآيَاتُ وَالنُّذُرُ عَنْ قَوْمٍ لَا يُؤْمِنُونَ﴾

اسی طرح امامؑ کے مثالی کردار میں اس امر کے بھی کئی نمونے موجود ہیں۔ کہ انسان کو دوستوں کے ساتھ کیا برتاؤ کرنا چاہیئے اور اپنوں کے ساتھ کس طرح مساویانہ سلوک برتنا چاہیے۔ نیز ایک سردار، ایک رئیس اور ایک افسر کو اپنے ساتھیوں، ماتحتوں اور سپاہیوں کے ساتھ کس طرح پیش آنا چاہیے۔ اور ان کے ساتھ کس طرح یگانگی اور مساوات کو ملحوظ رکھنا چاہیے۔ اگر طوالت کا خوف دامنگیر نہ ہوتا تو اس کی مثالیں پیش کی جاتیں۔ اگر صرف واقعہ کربلا میں امام کے اپنے ہمراہیوں کے ساتھ سلوک کو پیش نظر رکھا جائے۔ تو مثالوں کی کوئی کمی نہیں رہتی۔ سابقہ ابواب میں یہ واقعات درج کئے جا چکے ہیں۔

کربلا کا سانحہ ہمارے لیے اپنے دامن میں موعظہ و ارشاد کی ایک دنیا چھپائے ہوئے ہے۔ امامؑ کے اس عظیم کارنامے میں ہمارے لیے یہ درس موجود ہے کہ ہم اپنے آپ کو کسی بھی انسان کا اپنا دشمن تصور نہ کریں۔ بلکہ اپنے قول و فعل سے ثابت کریں۔ کہ ہم اس کے دوست اور خیر خواہ ہیں۔ اور اس بات کے خواہشمند ہیں۔ کہ وہ کسی طرح راہ راست پر آجائے۔ کس قدر شرم کا مقام ہے۔ کہ ہمارے سامنے ایسے اعلیٰ اخلاق کے نمونے موجود ہوں۔ اور پھر بھی ہماری جگہ دنیا کی اعلیٰ اقوام کی آخری صف میں ہو۔ اگر ہمارے دلوں میں قوت، بازوؤں میں سکت، آوازوں میں زور اور اخلاق میں بلندی نہیں ہے۔ تو اس کی وجہ یہ ہے کہ ہم نے سید الشہداؑ کی شہادت عظمیٰ کے بلند مقاصد و اغراض سے کوئی درس عمل حاصل نہیں کیا۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

(۱۲) ادائیگی فرض اور عبادت الٰہی کی بجا آواری کا عدیم المثال نمونہ

ارباب بصیرت پر یہ حقیقت روز روشن سے بھی زیادہ روشن ہے کہ کائنات کی ہر شئی کی خلقت انسان کے لیے ہوئی ہے۔ (خلق لکم مافی الارض جمیعاً) اور حضرت انسان کی خلقت کی غرض و غایت عبادت الٰہی کی بجا آوری ہے۔ جیسا کہ ارشاد قدرت ہے: ﴿وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَ الْاِنْسَ اِلَّا لِيَعْبُدُوْنَ﴾ اب انسان کامل وہی ہوگا۔ جو اپنی اس غرض خلقت کی تکمیل کرے گا۔ اور جو اس سلسلہ میں کوتاہی کرے گا۔ وہ ﴿اُولٰٓئِكَ كَالْاَنْعَامِ بَلْ هُمْ اَضَلُّ﴾ کا مصداق قرار پائے گا۔ عبادت پروردگار کے کئی شعبے ہیں۔ منجملہ ان کے اقامت صلوٰۃ و جہاد بھی اس کے دو اہم شعبے ہیں۔ تاریخ کے اوراق گواہ ہیں۔ کہ حضرت امام حسینؑ کو عبادت الٰہی کے ساتھ ایک والہانہ شغف تھا جس کا اظہار خود آپؑ نے بھی تاسوعا (نویں محرم) کی عصر کو اس وقت فرمایا تھا۔ جب فوج مخالف اچانک خیام کے سامنے آدھمکی تھی۔ اور آنے کا مقصد دریافت کرنے پر انہوں نے کہا تھا کہ وہ غروب آفتاب سے پہلے بیعت کا یا جنگ کا فیصلہ کرنا چاہتے ہیں۔ آنجنابؑ نے حضرت ابوالفضل العباسؑ کو یہ فرما کر کہ ﴿و اللّٰہ یعلم انی احبّ الصلوٰۃ و الدعا و الاستغفار﴾ (خدا بہتر جانتا ہے کہ مجھے نماز پڑھنے اور دعاء استغفار کرنے کے ساتھ بڑی محبت ہے) پسر سعدؓ سے ایک شب کی مہلت طلب کی تھی جو بڑی مشکل کے ساتھ ملی۔ تفصیل پہلے ذکر ہو چکی ہے اور جناب نے وہ تمام شب اپنے اعزا و انصار کے ساتھ اس طرح عبادت الٰہی میں بسر کی۔ کہ مورخین نے لکھا ہے: ﴿لھم دوی کدوی النحل﴾۔ حسینؑ اور ان کے اعزا و اعوان کے خیام سے اس طرح تسبیح و تقدیس الٰہی کی آوازیں بلند تھیں جس طرح شہد کے چھتہ سے بھنبھناہٹ کی آواز بلند ہوتی ہے۔ اسی طرح پیدل چل کر پورے پچیس حج بیت اللہ کرنا۔ (عاشر بحار) اور نماز ہائے پنجگانہ اور ان کے نوافل راتبہ اور نماز تہجد کے علاوہ شب و روز میں ایک ہزار رکعت نماز پڑھنا (العقد الفرید) عبادت خدا کے ساتھ اسی غیر معمولی محبت کے مختلف مظاہرے ہیں۔ بالخصوص آنجنابؑ نے روز عاشورا عین حالت جہاد میں اول وقت پر نماز ظہر اور وہ بھی جماعت کے ساتھ ادا کر کے نماز کی اہمیت و عظمت کا وہ عملی نمونہ پیش فرمایا ہے جسکی نظیر عالم کی تاریخ پیش نہیں کر سکتی۔ ذرا اس وقت کا تصور کیجئے۔ جب روز عاشورا لڑائی شروع ہو چکی ہے۔ حسین علیہ السلام کی جماعت کے بہت سے افراد درجۂ شہادت پر فائز ہو چکے ہیں۔ مختصر حسینی سپاہ میں نمایاں کمزوری محسوس ہو رہی ہے اور تیروں کی بارش جاری ہے، لو چل رہی ہے زمین و آسمان کرہ نار بنے ہوئے ہیں۔ گرد و غبار سے ایک اور آسمان۔ آسمان نیچے پیدا ہو گیا ہے۔ حدت آفتاب سے اسلحہ جنگ آتش سوزاں بنا ہوا ہے۔ بیابان کربلا کا ریگستانی علاقہ تپش میں خاکستر تنور کی کیفیت پیش کر رہا ہے۔ میدان کارزار گرم ہے۔ دشمن کی ٹڈی دل سپاہ گھنگھور گھٹا کی طرح چاروں طرف چھائی ہوئی ہے۔ شدت پیاس سے سب کے جگر کباب ہو رہے ہیں۔ اور خیام

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

سے بچوں کی صدائے العطش شور محشر کا نمونہ پیش کر رہی ہے، عورتوں کا نالہ جانکاہ جگر کے ٹکڑے کر رہا ہے۔ لاش پر لاش گر رہی ہے۔ مختصر حسینیؑ جماعت کے نصف سے زیادہ آدمی جام شہادت نوش کر چکے ہیں۔ شدت تشنگی سے زبانیں خشک ہو کر کانٹا ہو گئی ہیں۔ بایں ہمہ تائید و نصرت حق میں دشمن کی کثیر التعداد فوج کو خاطر میں نہ لاتے ہوئے بے مثال شجاعت کے جوہر دکھا رہے ہیں۔

اتنے میں دوپہر ڈھل جاتی ہے اور نماز ظہر کا وقت آجاتا ہے ابو ثمامہ صیداویؓ آگے بڑھ کر عرض کرتے ہیں۔ یا ابن رسول اللہ! میری جان آپ پر نثار! جب تک میں زندہ ہوں۔ آپ کو کوئی گزند نہیں پہنچ سکتا۔ میری تمنا ہے۔ بارگاہ خداوندی میں حاضر ہونے سے پہلے آخری نماز باجماعت آپ کے ساتھ پڑھ لوں۔ جب امامؑ نظر اٹھا کر آسمان کی طرف دیکھتے ہیں۔ تو نماز ظہر کا اول وقت دکھائی دیتا ہے۔ آپ ابو ثمامہؓ کے حق میں دعائے خیر کرتے ہیں۔ کہ ﴿ذکرت الصلوٰۃ جعلک اللہ من المصلّین﴾ تو نے ایسے وقت میں نماز کو یاد کیا ہے۔ خدا تجھے نماز گذاروں سے بنائے۔ اس کے بعد امام علیہ السلام نماز خدا ادا کرنے کی مہلت طلب کرتے ہیں۔ فوج یزید مہلت دینے پر آمادہ نہیں ہوتی۔ امامؑ اس صبر آزما موقع پر بطور نماز خوف اس طرح نماز ظہر باجماعت ادا کرتے ہیں۔ کہ امام علیہ السلام رو بقبلہ مجاہدین کی صفیں پیچھے اور دو جان نثار بہادر مجاہد امامؑ کے آگے سینہ سپر بنے کھڑے ہیں۔ جدھر سے جو تیر آتا ہے۔ آگے بڑھ کر سینے سے اس کا استقبال کرتے ہیں۔ اور اس طرح ؎

عشق ادا ہوتی ہے تلواروں کے سائے میں

کا مکمل نقشہ کھنچا ہوا ہے۔ حسینؑ نے ایسے جانگداز حالات، میں تلواروں کی چھاؤں اور تیروں کی بوچھاڑ میں نماز ظہر کو اپنی تھوڑی سی جماعت کے ساتھ ادا کر کے تمام دنیا کو یہ بات دکھا دی کہ احکام الٰہی کی کامل پیروی اس کو کہتے ہیں۔ اور یہ حقیقت اہل عالم پر واضح کر دی کہ فریضہ نماز کی ادائیگی کسی حالت میں معاف نہیں ہو سکتی۔ کیا عالم کی کوئی قوم اپنے عبادت گذاروں کی فہرست میں اس عبادت کی کوئی نظیر پیش کر سکتی ہے۔ حاشا وکلا! جس طرح خندق میں باپ (حیدر کرارؑ) کی ایک ضرب ثقلین کی عبادتوں سے افضل تھی۔ اسی طرح آج بیٹے (حسینؑ) کی نماز ثقلین کی اطاعتوں سے برتر نظر آتی ہے ؎

یاد رکھا اُسے درد میں آزاروں میں
اور سجدہ کیا چلتی ہوئی تلواروں میں

لمحۂ فکریہ یا ملت گریہ کن سے دو باتیں

خداوند عالم حسین مظلوم علیہ السلام کے تمام نام لیواؤں کو یہ توفیق مرحمت فرمائے کہ وہ اپنی سیرت کو حسینیؑ سیرت

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

وکردار کے آئینے میں تشکیل دینے کی کوشش کریں۔ امام حسین علیہ السلام یقیناً نہ صرف عالم اسلام بلکہ پورے عالم انسانیت کے نجات دہندہ ہیں۔ لیکن اس معنی میں کہ انہوں نے نجاح وفلاح دارین کا راستہ واضح وآشکار کر دیا ہے۔ اور کربلا کے جہاد کا بے نظیر عملی نمونہ پیش کرتے ہوئے دین وشریعت کو بقائے دوام بخش کر ہمیں نجات کے قابل بنا دیا ہے۔ لیکن اس اعتبار سے ان کو نجات دہندہ قرار دینا بالکل غلط ہے۔ کہ امت کے گناہوں کا کفارہ بن کر خود شہید ہو گئے ہیں اور اپنے نام لیواؤں کو واجبات کی ادائیگی یا محرمات سے اجتناب کی قید سے بالکل آزاد کر دیا ہے۔ انجناب نے شہید ہو کر (معاذ اللہ) ہمارے عملی قوی کو معطل نہیں کیا۔ بلکہ اپنے تابناک اور عدیم النظیر عملی کارناموں سے ہمیں عمل کرنے کا درس دیا ہے۔

"کیا حسین علیہ السلام کی شہادت سے یہ غرض تھی کہ کچھ رونے والے پیدا ہو جائیں۔ کیا حسینؑ نے انسانی طاقت برداشت سے بالاتر مصیبتیں صرف اس لیے اٹھائی تھیں کہ ان کے نام پر سبیلیں لگائی جائیں۔ شیرینی تقسیم ہو علم اور تابوت اٹھیں۔ تعزیے بنائے جائیں۔ تاشے نقارے بجیں یا سینہ کوبی ہوا کرے۔ نہیں، ایسا ہرگز نہیں۔ حسینؑ نے اسلام کی حمایت میں جان دی۔ احیائے ملت کے واسطے اپنے دوستوں، عزیزوں اور بیٹوں کی قربانی منظور فرمائی۔ اصول کے تحفظ کو اپنے خون سے خریدا اور ہم کو تعلیم دی کہ اصولوں کی تائید و پیروی آخر دم تک کرنی چاہیے۔ خواہ کچھ ہی افتاد پڑے۔ یہ جو کچھ ہوا ہمارے مذہبی، روحانی اور اخلاقی معاشرتی، تمدنی اصلاح وحمایت اور ہماری تعلیم وہدایت کے لیے نہ صرف عورتوں کی طرح رونے پیٹنے اور چھاتی کوٹنے کے لیے۔

مگر کس قدر افسوس ہے کہ ہماری دنیا ایک مرکز اخلاق اور پیشوائے ملت کی بنائی نہیں معلوم ہوتی۔ جہاں اس قدر جہالت اور اس قدر نخوت، اس قدر خود غرضی، اس قدر ایذا رسانی، اس قدر غصب حقوق، اس قدر ظلم، اس قدر کذب وافتراء اس قدر برائیاں، بداخلاقیاں اور احکام شریعت سے اس قدر لاپروائی موجود ہے۔ حسینؑ کے اس قدر ایثار اور قربانی کا ماحصل صرف یہ ہونا چاہیے۔ کہ ہم ایک جگہ جمع ہو کر حقہ پئیں۔ کچھ شیرینی بانٹ دیں۔ اشعار رزم و بزم کا لطف اٹھائیں۔ کچھ ذاکرین کے مخصوص انداز دیکھ لیں۔ ذاکر فاتحانہ انداز سے دائیں بائیں دیکھیں۔ اور لوگ اپنے ایثار پر ناز کریں۔ کہ ہم نے کچھ وقت اس مشغلہ میں صرف کر دیا۔ ایسا خیال حسین علیہ السلام پر اس سے بھی بڑھ کر ظلم ہے۔ جو کربلا میں واقع ہوا۔ حسینؑ کی شہادت احقاق حق اور ابطال باطل کے واسطے ہے۔ حسین علیہ السلام نے ملت اسلام کے جہاز کی اس وقت ناخدائی کی جب وہ فسق وارتداد کے طوفانی جھونکوں سے ڈگمگا رہا تھا۔ حسینؑ نے اسلام کا عملی مثالیہ بن کر ہم کو ایثار اور علوئے نفس، استقلال، تسلیم ورضا، صبر، حمایت حق، صیانت شریعت، خلق وکرم، ہمدردی، رحم اور ادائے فرض کی تعلیم دی، مگر یہ تو بتائیے۔ کہ ہم میں کتنے ایسے ہیں۔ جو مذکورہ بالا صفات واحکام پر عمل کرتے ہوں۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

صرف فرائض ہی کو لیجئے۔ نماز، روزہ، حج، زکوہ، خمس، جمعہ جماعت تلاوت قرآن ہم میں کس قدر ہے۔ کس قدر شرم کی بات ہے کہ حافظ قرآن ہونا تو درکنار قاری قرآن بھی بہت کم ملیں گے۔ نماز باجماعت اور نماز جمعہ سے تو غرض ہی کیا۔ عتبات عالیہ کی زیارات کو اگر سو جائیں گے تو حج کو پانچ بھی نہیں۔ امام باڑوں کی عمارتیں عالی شان ہیں۔ ہزاروں روپیہ کا شیشہ، آلات وغیرہ موجود ہیں مگر مساجد ویران پڑی ہیں۔ اول تو مسجد میں نماز کی پابندی ہی نہیں۔ اگر ہے بھی تو کسی وقت ایک نماز پڑھ گیا۔ کسی وقت دو آگئے۔ کسی وقت چار مجالس کی ترتیب، روشنی اور تکلفات کی افراط، ذاکرین کی خدمت اور شیرینی کی تقسیم پر دل و جان سے روپیہ صرف کرنے کو تیار ہیں مگر زکوۃ و صدقات سے سروکار ہی نہیں۔ ایسی حالت میں ان کا ادعائے پیروی حسینؑ اس شخص سے بلند درجہ پر نہیں جو مسلمان ہی نہ ہو۔

کوئی شخص صرف آنسوؤں کے چند قطروں یا منہ بسور دینے سے وہ بڑا انعام نہیں حاصل کر سکتا۔ جسے جنت کہتے ہیں۔ نہ بہشت اور دائمی نجات کے پٹہ ایسے ارزاں پڑے بکتے ہیں جو اس طرح رائیگاں اور مفت ہاتھ آجائیں۔ ہمارا مسئلہ شفاعت مسیحیوں کی طرح عجیب و غریب نہیں ہے۔ کہ گناہوں کی گٹھڑی خدا کے بیٹے کے حوالے کر دینا کافی ہے۔ اور پھر خلیع الغدار ہو کر جو چاہیں کریں۔ کوئی باز پرس کرنے والا ہی نہیں۔ قرآن مجید صاف لفظوں میں فرماتا ہے: ﴿فَمَنْ يَعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَرَهُ وَمَنْ يَعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَرَهُ﴾۔

ہم پر طاعات اسی طرح فرض ہیں جس طرح خدا اور اس کے رسول کا حکم اگر ہم ان سے جاہل و غافل اور لاپروا ہیں۔ تو ہمارا دعوی محبت حسینؑ محض دروغ اور سراسر کذب ہے۔ حسینؑ کے مصائب تو انہیں طاعات کے قائم کرنے کے لیے تھے۔ اگر طاعات و فرائض کی بجا آوری میں تساہل و لاپرواہی خدا اور اس کے رسولؐ سے عدول حکمی اور سرکشی کی جائے تو یہ رونا کیا فائدہ رساں ہو سکتا ہے اور جب حسینؑ اور ان کے نانا کا تتبع نہیں کرتے اور حسینؑ اور ان کے اوامر کی ہمارے دلوں میں کچھ وقعت نہیں تو ہم مسلمان، مومن اور محب حسینؑ کہلائے جانے کے کیونکر مستحق ہو سکتے ہیں۔ صرف حالات و مصائب سن کر رو دینا کچھ بڑی بات نہیں ہے۔ یہ تو انسانی فطرت کا تقاضا ہے۔ کہ وہ کسی انسان کی مصیبت سن کر متاثر ہو جائے اس لیے ایک غیر مسلم بھی ہماری طرح رو دیتا ہے۔ حسینؑ پر ہی کیا موقوف ہے کسی کے مصائب کیوں نہ ہوں۔ یا ایک گھڑا ہوا قصہ ہی کیوں نہ ہو۔ محض رو دینا کافی نہیں ہے۔ جب تک حسینؑ کی شرافت اعمال اور غرض شہادت کے سمجھنے کے قابل نہ ہوں۔ ہم یہ دیکھنا چاہتے ہیں کہ آپ کے آنسوؤں کے پیچھے آپ کا درجہ ہمدردی و اثر کیا ہے۔ آپ کتنے عامل فرائض مستقل مزاج، کریم النفس، رحیم، ہمدرد، سخی، شجاع اور پابند صوم و صلوات ہیں۔ مصیبتوں کا کس طرح مقابلہ کرتے ہیں؟ اور آپ میں غیرت کتنی ہے۔'' (مجاہد اعظم)

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

تیسواں باب

امام حسین علیہ السلام کا مقام اور کام
مفکرین عالم کی نظر میں

قبل ازیں کئی بار اس حقیقت کا اظہار کیا جا چکا ہے کہ کسی کام کی اہمیت و عظمت کا اندازہ اس کی غرض و غایت کی بلندی اور اس کی افادیت کی وسعتوں سے لگایا جا سکتا ہے۔ جس کام کی علت غائی جس قدر بلند و پاکیزہ ہوگی اور اس کی افادیت میں جس قدر وسعت و پہنائی ہوگی۔ اسی قدر وہ کارنامہ عظیم متصور ہوگا۔ بنابریں اُصول یہ تسلیم کرنا پڑتا ہے کہ واقعہ ہائلہ کربلا اپنی غرض و غایت کی بلندی اور افادیت کی ہمہ گیر وسعتوں کے اعتبار سے اس کارخانۂ "ہست و بود" میں عدیم النظیر نظر آتا ہے اور اُس نے ہمیشہ ہر دور میں مفکرین عالم کو اپنی اہمیت و عظمت کا اقرار کرنے پر مجبور کیا ہے۔ اور دنیا کے اکابرین و مفکرین نے بلاتفریق مذہب و ملت اس شہید عالم انسانیت کی خدمت میں عقیدت و ارادت کے قیمتی پھول نچھاور کئے ہیں۔ جس سے معلوم ہوتا ہے کہ اس سانحۂ عظمیٰ کو کسی قسم کے جغرافیائی اور نسلی حدود میں مقید نہیں کیا جا سکتا اور نہ امام کی ذات کو صرف اُمت مسلمہ کے لیے مخصوص کیا جا سکتا ہے۔ ایسا کرنا تکبر اور کوتاہ اندیشی کا بدترین مظاہرہ ہے۔ حسینؑ کو شہید ہوئے قریباً ساڑھے تیرہ سو برس ہونے کو ہیں مگر ان کا نام و کام آج تک برابر زندہ و تابندہ ہے۔ ہر قوم و ملت کے لوگ آپؑ کا ذکر سنتے، اشک غم بہاتے اور ان کی عظمت کا کلمہ پڑھتے ہیں۔ دنیا کا کوئی ملک ایسا نہیں جہاں ان کے تذکرے نہ ہوں۔ کوئی قابل ذکر زبان نہیں جس میں ان کے مرثیے اور ان کے عظیم کارناموں پر تبصرے نہ ہوئے ہوں۔ اور دنیا کا کوئی ایسا خطہ نہیں جہاں ہر سال ان کی یادگار نہ منائی جاتی ہو۔ اور ان کے غم میں عملی مظاہرے نہ ہوتے ہوں۔ جب ان لوگوں کی طویل فہرست پر نگاہ ڈالی جاتی ہے جنہوں نے سرکار سید الشہداؑ کی بارگاہ معلیٰ میں اپنی عقیدت کے موتی نثار کیے ہیں تو ان میں کچھ نام ایسے لوگوں کے بھی نظر آتے ہیں جو خدا کو خدا نہیں مانتے۔ پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو رسولؐ نہیں جانتے۔ اور روز حشر و نشر پر ایمان نہیں رکھتے۔ جس سے شاعر کے اس بیان کی حرف بحرف تائید مزید ہو جاتی ہے کہ ؎

تو اپنے خون پاک کے چھینٹوں سے اے حسینؑ — انسان کی شرافت خفتہ جگا گیا
اسلام کی کشش کا نہ جن پر اثر ہوا — تو درد بن کے ان کے دلوں میں سما گیا

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

اس سے یہ بات واضح ہوجاتی ہے کہ حسینؑ زندہ ہیں۔ ان کی دعوت جاری ہے۔ اور روز بروز ان کا نام روشن سے روشن تر ہوتا جارہا ہے۔ اور وہ وقت دور نہیں کہ

ہر قوم پکارے گی ہمارے ہیں حسینؑ

اس کے برخلاف ان کا حریف یزید مرگیا۔ اس کا نام مٹ گیا۔ کوئی شخص حتی کہ کافر بھی اس کا نام پسند نہیں کرتا اور جو لیتا ہے برائی سے یاد کرتا ہے اس کے نام کے ساتھ ہر زبان پر لفظ پلید، یا لعنت اللہ شامل ہے اور نام حسین علیہ السلام کے ساتھ ہر زبان پر صلوات اللہ علیہ۔ ''منضم'' (مجاہد) اور رفتہ رفتہ نوبت یہاں تک پہنچ چکی ہے کہ ؎

نام یزید داخل دشنام ہو گیا

اسی بات سے اس امر کا بآسانی اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ طرفین میں سے اپنے مقصد میں کون کامیاب ہوا؟ رسالۂ شریفہ ''حسینی دنیا'' میں قریباً قریباً عقیدت وارادت کے ان تمام ابدار موتیوں کو یک جا جمع کرنے کی سعی جمیل کی گئی ہے۔ جو پہلی صدی ہجری سے لیکر چودھویں صدی کے نصف تک شہید حریت اور قتیل ظلم وجور کی بارگاہ میں پیش کیے گئے اور جابجا بکھرے ہوئے تھے۔ ہم اسی رسالہ کی وساطت سے بطور نمونہ مشتے از خروارے ودانہ از انبار چند مشاہیر کے گرانقدر آرا کے اقتباس پیش کرتے ہیں جس سے قارئین کرام کو اندازہ ہوجائے گا کہ ہر عہد اور ہر ملک میں سید الشہداء علیہ السلام کی اولوالعزمی اور ان کے عظیم کارناموں پہ غور وفکر کیا گیا ہے۔ اور اس عدیم النظیر واقعہ نے ہمیشہ مفکرین عالم کو متاثر کیا ہے اور ہر شخص نے اس ناپیدا کنار سمندر سے اپنی اپنی عقل وفکر کی بساط کے مطابق اس سے نتائج اخذ کیے ہیں۔ اور ہر شخص نے اپنے مخصوص زاویہ نگاہ سے امام کی سیرت وشہادت کے مختلف پہلوؤں کا جائزہ لیا ہے۔ جس سے یہ حقیقت بالکل الم نشرح ہوجاتی ہے کہ کربلا کا محیر العقول واقعہ کسی خاص قوم وملت کی میراث نہیں۔ بلکہ بقول کارلائل: ''تمام عالم انسانیت کی میراث ہے۔''

وضاحت

مخفی نہ رہے کہ اختصار کے پیش نظر ہم نے اس سلسلہ جلیلہ میں مختلف اسلامی مکاتیب فکر کے ساتھ تعلق رکھنے والے اکابرین ومفکرین کے قیمتی آراء کو درج نہیں کیا بلکہ صرف غیر مسلم مفکرین اور وہ بھی سینکڑوں میں سے صرف اقل قلیل کے گلہائے عقیدت اور تحسین وآفرین کے کلمات کے چند اقتباس پیش کیے ہیں۔ ع

و الفضل ما شهدت به الاعداء

(۱) مہاتما گاندھی سابق صدر انڈیا (بھارت)

''میں اہل ہند کے سامنے کوئی نئی بات پیش نہیں کرتا بلکہ میں نے کربلا کے ہیرو کی زندگی کا بخوبی مطالعہ کیا

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

ہے اور اس سے مجھ کو یقین ہو گیا ہے کہ ہندوستان کی اگر نجات ہو سکتی ہے تو ہم کو حسینی اصول پر عمل کرنا چاہیے۔"

(۲) پنڈت جواہر لعل نہرو۔ سابق وزیر اعظم انڈیا

"کربلا کے عدیم المثال ہیرو اور اس کی قربانی کی جو اس ہیرو نے مفاد انسانی کی خاطر پیش کی۔ جذبہ تفاخر کو بلند کرتی ہے (مون لائٹ محرم نمبر ۶۰ھ کا واقعہ امام حسینؑ جرأت و استقلال کی ایک زبردست یادگار ہے جواب سے تیرہ سو سال قبل رونما ہوا تھا۔ ہر فرقہ ہر قوم اور فرد کو استقلال اور اپنی جرات و ہمت میں اضافہ کی کوشش کرنا چاہیے۔ اور اپنے جذبہ ایثار و قربانی کو عروج و ترقی کی انتہائی منزل پر پہنچانا چاہیے میں بھی اپنی جانب سے خراج عقیدت پیش کرتا ہوں۔" (سرفراز، ۲ فروری ۱۹۴۲ء)

(۳) سوامی شنکر آچاریہ جی

اگر حسینؑ نہ ہوتے تو دنیا سے اسلام کا وجود مٹ جاتا۔ اور دنیا ہمیشہ کے لیے خدا پرستی اور نیکیوں سے خالی ہو جاتی۔ میں نے حسینؑ سے بڑھ کر کوئی شہید نہیں دیکھا۔ اور حسینؑ کی شہادت سے زیادہ کسی شہید کی قربانی کا اثر نہیں ہوا۔ (سرفراز لکھنؤ، ۲۱ فروری ۱۹۳۹ء)

(۴) سر رادھا کرشن وائس چانسلر ہندو یونیورسٹی بنارس

امام حسینؑ نے اپنی قربانیوں اور ایثار سے دنیا پر ثابت کر دیا کہ دنیا میں حق و صداقت کو زندہ اور پائندہ رکھنے کے لیے ہتھیاروں اور فوجوں کی بجائے جانوں کی قربانی پیش کر کے کامیابی حاصل ہو سکتی ہے۔ انہوں نے دنیا کے سامنے ایک مثال پیش کر دی ہے۔ آج ہم اس بہادر جان فدا کرنے والے اور انسانیت کو زندہ کرنے والے عظیم الشان انسان کی یادگار مناتے وقت اپنے دلوں میں فخر و مباہات کا جذبہ محسوس کرتے ہیں۔ امام حسینؑ نے ہمیں بتایا کہ حق و صداقت کے لیے سب کچھ قربان کیا جا سکتا ہے۔ (سرفراز، فروری، ۱۹۴۲ء)

(۵) ہز ہائنس دھیراج مہند بہادر سکھ مہاراجہ آف پٹیالہ

حضرت امام حسین علیہ السلام نے انسان کی خدمت بہادری سے اپنی جان کی پروا نہ کرتے ہوئے خدمت کا طریقہ بتا دیا ہے۔ اسی لیے لاکھوں روپے خرچ کر کے ہر قوم کے لوگ آپ کی یادگار ہر سال مناتے ہیں۔

(اچھوت اخبار حسینی پتھ علی گڑھ)

(۶) دستور کیخسرو مھیار کتور پیشوائے اعظم فرقہ پارسی بمبئی

اگر شہداء اعظم کی قربانیاں نہ ہوتیں، دنیائے اخلاق و مذہب و صداقت سے ناآشنا رہتی۔ دنیا ان شہیدوں کی ممنون ہے۔ جنہوں نے موت کو ذلت ترجیح دی۔ امام حسینؑ ان شہداء میں سے ہیں جنہوں نے انسانیت کی خدمت

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

کے لیے جان دی۔ ہم کو ان کی یاد اپنے عمل سے منانا چاہیے۔ اور ان کی قربانیوں سے سبق لینا چاہیے۔

(ہندو قوم و عزاداری)

(۷) مورخ مسٹر واشنگٹن ایروِنگ

حضرت حسینؑ اس وقت مدینہ میں تھے جہاں دس گیارہ برس سے اپنے بھائی کے ساتھ کوفہ سے چلے گئے تھے۔ وہ سمجھے کہ میں نے یزید کی باقاعدہ بیعت کرلی تو یقیناً سارا عالم میرے ساتھ بیعت کرلے گا۔ اور تمام ناجائز افعال سنت ہو کر رواج پائیں گے۔ نہایت ایمانداری اور بڑی جوانمردی سے تمام مصیبتوں کے مقابلے میں صاف انکار کر دیا۔ وہ خود انہی کا یہ مقدس خیال تھا کہ جان دو اور یزید اموی کے ہاتھ سے بندگانِ خدا کا ایمان بچاؤ۔ جب الہام یا خود اپنی حق پسند طبیعت نے فیصلہ کر دیا تو اب زمانے کی کوئی قوت اور دنیا کی کوئی مصیبت ان کو اس ارادہ سے پھیرنے میں کامیاب نہ ہو سکی۔۔۔ یہاں تک کہ ہزاروں آدمیوں کے مقابلے میں فقط بہتر آدمی ہو گئے۔ جن کی تعداد پوری کرنے کو ایک چھ مہینے کا بچہ بھی تھا۔ یہی لوگ درحقیقت ایک سچے مذہب کا نمونہ تھے محرم کی دسویں ۶۱ھ مطابق ۱۰ اکتوبر ۶۸۰ء اس لاجواب لڑائی کی تاریخ ہے۔

نہایت آسانی سے ممکن تھا کہ حضرت امام حسینؑ یزید اموی سے اس کی تمنا کے موافق بیعت کر کے اپنی جان و دل بچا لیتے۔ مگر اس ذمہ داری کے خیال نے جو مذہبی ریفارمر کی طبیعت میں ہوتا ہے اس بات کا اثر نہ ہونے دیا۔ اور نہایت سخت مصیبت اور تکلیف پر ایک بے مثل صبر و استقلال کے ساتھ قائم رہنا۔ اولاد کا سامنے قتل ہونا۔ چھوٹے چھوٹے بچوں کا مارا جانا۔ زخموں کی تکلیف۔ عرب کی دھوپ، پھر اس دھوپ میں زخمی کی پیاس۔ یہ ایسی تکلیفیں نہ تھیں جو سلطنت کے شوق کے سامنے آدمی کو صبر کے ساتھ اپنے ارادے پر قائم رہنے دیتیں۔ (حسینی دنیا، ص ۱۸۶)

(۸) مسٹر کارلائل مصنف ہیرو ورشپ

"بہادرانہ کارنامے محض ایک قوم یا ایک ملک تک محدود نہیں رہتے بلکہ تمام انسانی برادری کی میراث اور ملکیت ہو جاتے ہیں۔ ان کی وجہ سے آنے والی نسلوں میں سلسلہ شجاعت اور استقامت باقی رہتا ہے۔ اس لحاظ سے واقعہ شہادت (حسینؑ) پر جس درجہ غور و فکر کیا جائے گا۔ اسی قدر اس کے اعلیٰ اور عمیق مطالب روشن ہو جائیں گے۔ اچھا آؤ، ہم دیکھیں کہ واقعہ کربلا سے ہمیں کیا سبق حاصل ہوتا ہے۔ سب سے بڑا سبق یہ ہے کہ فاتحان کربلا کو خدا کا کامل یقین تھا اور وہ اپنی آنکھوں سے اس دنیا سے اچھی دنیا دیکھ رہے تھے۔ اس کے علاوہ قومی غیرت و حمیت کا بہترین سبق ملتا ہے۔ جو کسی اور تاریخ سے نہیں ملتا۔ اور ایک نتیجہ یہ بھی حاصل ہوتا ہے وہ یہ کہ جب دنیا میں مصیبت اور غضب وغیرہ بہت ہو جاتا ہے تو خدا کا قانون قربانی بنتا ہے۔ اس کے بعد تمام راہیں صاف ہو جاتی ہیں۔" (ہیرو ورشپ)

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

(۹) ایڈورڈ گبن مؤرخ و مصنف ڈکلائن اینڈ فال رومن امپائر

"خاندان بنی ہاشم کی سرداری اور رسول اللہ کا متبرک چال چلن ان (حسینؑ) کی شخصیت میں مجتمع تھے۔ یزید کے خلاف ان کو اپنا مقصد پورا کرنے کی آزادی تھی۔ جو کہ دمشق کا ظالم حاکم تھا۔ اور جس کی برائیوں کو وہ نفرت کی نگاہ سے دیکھتے تھے۔ اور جس کا خطاب (خلافت) انہوں نے کبھی تسلیم نہیں کیا۔۔۔۔۔ یوم قتل کی صبح کو امام حسین علیہ السلام ایک ہاتھ میں تلوار اور دوسرے میں قرآن لے کر پشت مرکب پر سوار ہوئے۔۔۔۔۔ قریب بمرگ ہیرو ان پر حملہ آور ہوا تو اس (یزید) بہادر سپاہی بھی ہر طرف بھاگ نکلے۔۔۔۔۔ امام حسینؑ کا پُر درد واقعہ ایک دور دراز ملک میں واقع ہوا۔ یہ ایک ایسا واقعہ ہے جو بے رحم و سنگ دل کو بھی ہلا دیتا ہے۔ اگرچہ کوئی کتنا ہی بے رحم ہو مگر حسینؑ کا نام سنتے ہی اس کے دل میں ایک جوش ہمدردی پیدا ہو جائے گا۔ (گینبر رومن امپائر)

(۱۰) مسٹر جیمس کارکرن مصنف تاریخ چین

دنیا میں رستم کا نام بہادری میں مشہور ہے۔ لیکن کئی شخص ایسے گذرے ہیں جن کے سامنے رستم کا نام قابل لینے کے نہیں۔ چنانچہ اول درجہ میں حسینؑ بن علیؑ کا مرتبہ بہادری میں ہے کیونکہ میدان کربلا میں ریت پر تشنگی اور گرسنگی میں جس شخص نے ایسا کام کیا ہو۔ اس کے سامنے رستم کا نام وہی شخص لیتا ہے جو تاریخ سے واقف نہیں ہے۔ ایک کی دو اور دو مثل مشہور ہے اور مبالغہ کی حد بھی ہے جب کسی کے حال میں یہ کہا جاتا ہے کہ دشمن نے چاروں طرف سے گھیر لیا۔ لیکن حسینؑ اور بہتر تن کو آٹھ قسم کے دشمنوں نے تنگ کیا تھا۔ اور اس پر بھی قدم نہ ہٹا۔ چنانچہ چاروں طرف دس ہزار فوج یزید کی تھی جن کے تیروں اور نیزوں کی بوچھاڑ مثل آندھی کے آتی تھی۔ پانچویں دشمن عرب کے دھوپ کے مانند عرب کے دھوپ ہے۔ اور چھٹا دشمن وہ ریگ کا میدان تھا جو آفتاب کی تمازت میں شعلہ زن اور تنور کی خاکستر سے زیادہ پرسوز تھا بلکہ اس کو دریائے قہر کہنا چاہیے۔ جس کے بلبلے بنی فاطمہ کے پاؤں کے آبلے تھے۔ اور دشمن سب سے ظالم بھوک اور پیاس مثل دغا باز ہمراہی کے تھے۔۔۔ پس جنہوں نے ایسے معرکہ میں ہزار ہا کافروں کا مقابلہ کیا ہو۔ پس ان پر خاتمہ بہادری کا ہو چکا۔ (تاریخ چین اُردو، ج ۲، باب ۱۶، ۱۸۴۸ء)

(۱۱) ڈاکٹر میسور ماربین جرمنی مؤرخ سیاست اسلامیہ

ہمارے نزدیک قانون محمدؐ کی حفاظت اور مسلمانوں کی ترقی اور اسلام کی اشاعت یہ سب کچھ حسینؑ کے قتل ہو جانے سے اور ان واقعات کے پیدا ہو جانے سے ہے۔ ملکی احساس اور ہیجان مذہبی جو تعزیہ داری سے پیدا ہوا۔ کسی قوم میں نظر نہیں آتا۔ تمام اعلیٰ صفات اور پولیٹیکل رزولیوشن کا احساس۔۔۔۔۔ حسینؑ کی عزاداری سے ہو گیا ہے۔ اور جب تک اس عمل کو اپنا ملکہ قرار دیتے رہیں گے۔ پستی اور زبردستی قبول نہ کریں گے۔۔۔۔ حسینؑ اپنے زمانے میں

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

سیاست میں اعلیٰ درجہ رکھتے تھے۔ بلکہ یہ بھی کہا جاسکتا ہے کہ ارباب دیانات میں سے کسی شخص نے ایسی موثر سیاست اختیار نہیں کی کہ جو آں جنابؑ نے اختیار فرمائی۔ ان کا قصد سلطنت اور ریاست حاصل کرنے کا نہ تھا۔ صاف صاف اپنے ہمراہیوں سے فرماتے جاتے تھے کہ جو جاہ وجلال کی حرص وطمع میں میرے ساتھ جانا چاہتا ہے وہ ہم سے الگ ہوجائے۔ آپ نے بے کسی اور مظلومیت کو اختیار فرمایا۔ حسینؑ کے واقعہ نے تمام وقائع پر برتری حاصل کرلی۔ حسینؑ کا واقعہ عالمانہ اور حکیمانہ اور سیاسی حیثیت کا تھا۔ جس کی نظیر دنیا کی تاریخ میں نہیں ملتی۔ (رسالہ مذکورہ، مترجمہ اُردو)

(۱۲) پروفیسر براؤن مصنف تاریخ ادبیات ایران

"ایسا کوئی متنفس ہے کہ جو درد بھرا دل رکھتا ہو۔ اور پھر حالات کربلا کو پڑھ کر اس کا دل نہ پسیجے۔ بحیثیت مجموعی یہ کہا جاسکتا ہے کہ محرم کی عزاداری کے سلسلہ میں جو جذبات پیدا ہوتے ہیں۔ خواہ شبیہیں دیکھنے سے ہوں یا نوحہ خوانی سے وہ نہایت کھرے اور سچے ہوتے ہیں۔ اور غیر ملکوں اور غیر مسلموں کو بھی ان کے مخلصانہ اور موثر ہونے کا اعتراف کرنا پڑتا ہے۔ (لٹریری ہسٹری آف پرشیا)

(۱۳) مسٹر والٹیر مشہور فرنچ اہل قلم

کربلا والے حسینؑ کے علاوہ دور تاریخ میں ایسی کوئی ہستی دیکھنے میں نہیں آئی۔ جس نے بنی نوع انسان پر ایسے مافوق الفطرت اثرات چھوڑے ہوں۔ (والٹیر)

(۱۴) جرجی زیدان معروف مسیحی مؤرخ

واقعہ کربلا ایک سانحہ عظیمہ ہے جس کی تاریخ عالم میں نظیر نہیں ملتی (غادہ کربلا) اسی چودہ کے مبارک ومسعود عدد پر اس سلسلہ مبارکہ کو ختم کیا جاتا ہے۔ ورنہ ع

سفینہ چاہیئے اس بحر بے کراں کے لیے

بنابریں حقائق امام حسینؑ کے فقید المثال کارنامہ کے متعلق بڑے فکر وانبساط کے ساتھ کہا جاسکتا ہے کہ ؎

انسانیت کے نام پہ کیا کر گئے حسینؑ
ہر دور کے بلند خیالوں سے پوچھ لو
(قیصر)

حُسینیت پائندہ باد

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

خاتمۃ الکتاب

انقلاب عالم اسلام

یا

نافرجام قاتلانِ حسینؑ کا عبرت ناک انجام

تاریخ کے اوراق شاہد ہیں کہ شہادت امام کے ساتھ ہی عالم اسلامی میں انقلاب کے آثار نمودار ہونے شروع ہوگئے تھے۔ کیونکہ کسی بھی انقلاب کے لیے دو چیزوں کا ہونا ضروری ہے۔ ایک قوت احساس اور دوسرا جرات اظہار۔ اور یہ دونوں چیزیں شہادت حسینؑ کے ساتھ ہی مسلمانوں میں پیدا ہوگئی تھیں۔ اور اگر اس کی تصویر ہنوز دھندلی تھی تو کوفہ و شام کے بازاروں اور درباروں میں جناب زینب اُم کلثوم اور فرزند امام مظلومؑ کے فقید المثال خطبوں نے اس میں رنگ بھر دیا تھا۔ ان خطبوں کو سن کر لوگوں کا بے اختیار ہو کر گریہ و بکاء اور داد و فریاد کرنا رائے عامہ کے بیدار ہونے اور انقلاب کے نمودار ہونے کا پیش خیمہ تھا۔ چنانچہ واقعات بتاتے ہیں کہ جوں جوں عالم اسلامی میں حسینؑ کی خبر شہادت اور ان کے پس ماندگان کی دیار و امصار میں تشہیر کی اطلاع پھیلتی گئی۔ توں توں یزید اور اس کی حکومت کے خلاف غم و غصہ اور نفرت و بیزاری کے جذبات ابھرتے گئے۔ حتیٰ کہ تھوڑے دنوں کے بعد خود یزید کو بھی اس کا احساس ہوگیا تھا اس لیے وہ باوجودیکہ پہلے شہادت حسینؑ پر اپنی انتہائی شادمانی کا اظہار کر چکا تھا۔ مگر اب پشیمانی کا اظہار کرتے ہوئے اس خونچکاں واقعہ کی ذمہ داری تمام تر ابن زیاد پر ڈالتے ہوئے کہتا تھا۔ خدا لعنت کرے ابن زیاد پر جس نے حسین بن علیؑ کو قتل کر کے مجھے مسلمانوں کی نظروں میں ذلیل و رسوا کر دیا ہے۔ اور ان کے دلوں میں میری طرف سے نفرت و عداوت کے بیج بوئے ہیں۔ اور سب لوگ مجھ سے بیزار ہونے لگے ہیں۔[1]

جماعت توابین کا تذکرہ

جیسا کہ اوپر ذکر کیا گیا ہے انفرادی طور پر تو ہر جگہ حکومت وقت سے اس کے عظیم جرم شنیع کی وجہ سے نفرت و بیزاری کے جذبات پیدا ہو ہی رہے تھے مگر اجتماعی طور پر دو جماعتیں امامؑ کے خون ناحق کا انتقام لینے کے لیے منظم طریقہ پر اُبھر کر سامنے آئیں۔ اور اس سلسلہ میں کارہائے نمایاں انجام دیئے۔ ان میں سے ایک ''جماعت توابین''

[1] طبری، ج ۷، ص ۲۹۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

کے نام سے مشہور ہے۔ اور دوسری "جماعت مختار" کے نام سے یاد کی جاتی ہے۔ ہم یہاں بڑے اختصار کے ساتھ ہر دو جماعتوں کے تشکیل پانے اور انتقام خون شہیداں لینے کے سلسلہ میں مساعی جمیلہ بروئے کار لانے کا مستند ماخذ و مصادر سے اجمالی تذکرہ کرتے ہیں۔ تاکہ اس موضوع پر بھی فی الجملہ تبصرہ ہوجانے سے ہماری یہ کتاب ہر لحاظ سے مکمل و مختتم ہوجائے۔ انشاءاللہ۔

ارباب تاریخ نے لکھا ہے کہ جب امام حسینؑ کی شہادت انتہائی بے کسی اور مظلومیت کے عالم میں ہوچکی تو ان شیعیان کوفہ کے اندر جنہوں نے امام کو نصرت کی یقین دہانی پر مشتمل خطوط لکھے تھے۔ اور پھر نصرت کا حق ادا نہ کر سکے۔ بیداری کی لہر دوڑ گئی اور احساس ندامت اُبھر آیا۔ اور ایک دوسرے کو ملامت کرنا شروع کی۔ اور اس بات کا اعتراف کرنے لگے کہ ہم سے بڑی زبردست خطا سرزد ہوئی ہے۔ اور ہم ننگ و عار کا شکار ہوگئے ہیں۔ اور پھر یہ تجویز پاس کی کہ اس گناہِ عظیم کا کفارہ اور اس ننگ و عار کا ازالہ اس طرح ممکن ہے کہ ہم قاتلان حسینؑ سے امام کے خون ناحق کا بدلہ لیں یا پھر اسی کوشش میں اپنی جانیں قربان کردیں۔

سلیمان بن صردؓ کے مکان پر شیعیان علیؑ کا اجتماع

چنانچہ اس سلسلہ میں عام شیعوں نے کوفہ کے سربرآوردہ پانچ شیعیان علیؑ سے رابطہ قائم کیا:

(۱) سلیمان بن صرد خزاعی جو اپنی قوم میں معزز اور بہت ہی سن رسیدہ بزرگ تھے صحبت رسولؐ کا شرف بھی حاصل تھا۔ وفات رسولؐ کے بعد کوفہ میں رہائش اختیار کرلی تھی۔ اور امیرالمومنین کے ہمرکاب ہوکر جمل و صفین میں داد شجاعت دے چکے تھے۔ مرگ معاویہ کے بعد سب سے پہلے شیعیان کوفہ کا انہی کے مکان پر اجتماع ہوا تھا۔ جس میں جناب امام حسینؑ کو کوفہ تشریف لانے کی دعوت دینے کی تجویز پاس ہوئی تھی۔ اور پھر ان کو مسلسل خطوط لکھے گئے تھے۔ مگر جب امام تشریف لائے تو سوئے اتفاق سے یہ نصرت امام کا فریضہ انجام نہ دے سکے۔

(۲) مسیب بن نجبہ فزاری۔ یہ بزرگ حضرت امیرؑ کے خاص اصحاب میں سے تھے۔

(۳) عبداللہ بن وال تیمی۔

(۴) عبداللہ بن سعد بن نفیل ازدی

(۵) رفاعہ بن شدّاد بجلی۔ یہ ہر سہ حضرات بھی اصحاب حضرت امیرؑ میں ممتاز مقام کے مالک تھے۔ چنانچہ یہ تمام حضرات مع اور چند منتخب افراد کے سلیمان بن صرد خزاعی کے مکان پر جمع ہوئے۔

اس اجتماع میں مسیب بن نجبہ کی تقریر

سب سے پہلے مسیب بن نجبہ نے ایک پرجوش تقریر کی جس کا خلاصہ یہ ہے۔ حمد و ثنا کے بعد کہا۔ ہم بوجہ

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

طول عمر مختلف آزمائشوں میں مبتلا ہو گئے ہیں۔ مجھے اندیشہ ہے کہ ہم ان لوگوں میں سے نہ ہوں جن کے بارے میں خدا فرماتا ہے: کیا میں نے تم کو اس قدر عمر عطا نہیں کی تھی کہ اگر اس میں نصیحت حاصل کرنا چاہتے تو کر سکتے تھے۔ اب ہماری عمریں ساٹھ ساٹھ سال سے تجاوز ہو چکی ہیں۔ ہمیں اپنے نفوس کی پاکیزگی پر بہت کچھ گھمنڈ تھا۔ مگر دختر رسولؐ کے فرزند کی نصرت کے ساتھ جب ہماری آزمائش کی گئی تو ہم جھوٹے ثابت ہوئے۔ حالانکہ ہم نے تحریری طور پر ان کی نصرت کرنے کا وعدہ کیا تھا۔ مگر جب وہ قریب تشریف لائے اور ہمارے قریب بڑی مظلومیت کے ساتھ شہید کر دیئے گئے تو ہم نے مالی اور جانی طور پر ان کی بالکل کوئی نصرت و امداد نہ کی۔ بتاؤ جب ہم خدا اور رسول کی بارگاہ میں حاضر ہوں گے تو کیا عذر پیش کریں گے؟ جب ہمارے پاس رسول کا پورا کنبہ شہید کر دیا گیا نہ بخدا ہمارے پاس کوئی عذر نہیں۔ سوائے اس کے کہ ان کے قاتلوں سے انتقام لیں۔ یا اسی سلسلہ میں خود بھی جام مرگ نوش کریں۔ اور کسی ایک کو اپنا امیر مقرر کر لو۔ کیونکہ اس سلسلہ میں ایک امیر کا ہونا ضروری ہے۔

قیادت کے لیے سلیمان کا انتخاب

ان کے بعد رفاعہ بن شداد نے کھڑے ہو کر پرزور الفاظ میں مسیب بن نجبہ کی تقریر کی تائید کی اور آخر میں کہا کہ میری رائے تو یہ ہے کہ اس امیری کے لیے مسیب ہی نہایت موزوں شخص ہیں۔ اور اگر آپ کا خیال ہو تو سلیمان بن صرد خزاعی کو بھی سردار لشکر مقرر کیا جا سکتا ہے۔ جو علاوہ شیخ الشیعہ، بہادر اور دیندار ہونے کے صحابی رسولؐ بھی ہیں۔ مسیب نے بھی سلیمان کی قیادت کی تائید کر دی۔[1]

سلیمانؓ بن صرد کی تقریر

اس کے بعد سلیمان نے کھڑے ہو کر ایک پرزور تقریر کی جس کا ایک حصہ یہ ہے ہم گردنیں دراز کر کے آل رسولؐ کی تشریف آوری کا انتظار کرتے تھے۔ اور ان کو خطوط لکھ لکھ کر اپنی نصرت و امداد کا یقین دلاتے تھے۔ مگر جب وہ تشریف لائے تو ہم نے سستی و کمزوری کا مظاہرہ کیا یہاں تک کہ ہمارے پاس ہی فرزند رسولؐ بڑی بیدردی کے ساتھ شہید کر دیئے گئے۔ آواز استغاثہ بلند کی۔ مگر کسی نے لبیک نہ کہی انصاف طلب کیا مگر ان کے ساتھ انصاف نہ کیا گیا بلکہ فاسقوں کی جماعت نے ان کو اپنے تیروں کا ہدف اور نیزوں کا نشانہ بنا دیا۔ اب اٹھ کھڑے ہو کہ خدا تم پر ناراض ہو چکا ہے۔ اور اس وقت تک اپنے بیوی بچوں کے پاس نہ جائے جب تک خدا کو راضی نہ کر لو۔ اور میں سمجھتا ہوں کہ خدا اس وقت تک راضی نہیں ہوگا جب تک قاتلین امامؑ کو قتل نہ کر دو۔ خبردار موت سے نہ ڈرنا۔ کیونکہ جو شخص موت سے

---

[1] اصدق الاخبار، ص ۴۔ کامل، ج ۳، ص ۳۳۲۔ قیام، ص ۵۸۳۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

ڈرتا ہے وہ ذلیل وخوار ہوتا ہے تم بنی اسرائیل کی طرح ہو جاؤ۔ جب انہوں نے گوسالہ پرستی کر کے اپنے نفوس پر ظلم و زیادتی کی تو ان کے نبی (حضرت موسیٰ) نے کہا اب تمہاری توبہ اس طرح قبول ہو سکتی ہے کہ اپنے نفوس کو اپنے ہاتھوں سے قتل کرنے پر آمادہ ہو جاؤ۔ چنانچہ انہوں نے ایسا ہی کیا۔ اب تم تلواروں کو تیز کر لو۔ اور نیزوں کو درست کر لو۔ اور جس قدر ہو سکتا ہے جنگ کے لیے ساز و سامان جمع کر لو۔ نیز لوگوں کو اس کار خیر میں شمولیت کی دعوت دو تا کہ ہم مناسب وقت پر نکل کھڑے ہوں۔[1]

اس پرزور تقریر کا اثر تھا کہ حاضرین کے خوابیدہ جذبات میں تلاطم پیدا ہو گیا خالد بن سعد بن نفیل نے کھڑے ہو کر کہا۔ خدا کی قسم اگر مجھے معلوم ہو جاتا کہ پروردگار میرے گناہ سے صرف اس صورت میں درگذر فرمائے گا اور راضی ہو گا کہ میں اپنے آپ کو قتل کر دوں تو یقیناً میں ایسا کر گذرتا (پھر کہا) میں تمام حاضرین کو گواہ کر کے کہتا ہوں کہ میرے پاس جو کچھ مال و اسباب ہے۔ سوائے اسلحہ جنگ کے وہ سب میں نے فاسقوں کے ساتھ جہاد کرنے والے مسلمانوں پر وقف کر دیا ہے۔ کئی اور افراد نے بھی ایسے ہی پاکیزہ خیالات کا اظہار کیا۔ سلیمان بن صرد نے عبداللہ بن وال کو خزانچی مقرر کرتے ہوئے کہا کہ جو صاحب اس خیر میں حصہ لینا چاہتے ہیں وہ ان کے پاس جمع کرا دیں۔[2]

SIBTAIN.COM
Presented By: www.jafrilibrary.com

سلیمان بن صرد ؓ کی شیعیان علیؑ سے خط و کتابت

اس کے بعد سلیمانؓ نے دوسرے علاقوں کی فضا کو ہموار کرنے کے لیے مختلف اطراف و جوانب میں اسی مطلب پر مشتمل قاصدوں کے ذریعہ خطوط بھیجے چنانچہ مدائن میں سعد بن حذیفہ بن الیمانؓ اور دوسرے شیعیان مدائن کے نام عبداللہ بن مالک طائی کے ہاتھ ایک خط روانہ کیا۔ جس میں شیعیان کوفہ کے ان عزائم کی اطلاع دینے کے ساتھ ساتھ ان کو بھی دعوت دی کہ وہ اس کار خیر میں ان کی مساعدت کریں۔ جب سعد کو یہ خط پہنچا تو اس نے شیعیان مدائن کو پڑھ کر سنایا چنانچہ سب نے لبیک کہتے ہوئے مدد کرنے پر اپنی آمادگی ظاہر کی۔ سعد نے جواب میں سلیمان بن صرد ؓ کو وعدۂ نصرت پر مشتمل جواب بھیج دیا۔

اسی طرح سلیمان نے دوسرا خط مثنیٰ بن مخرمہ عبدی کو ظبیان بن عمارۃ تمیمی کے ہاتھ بصرہ روانہ کیا۔ مثنیٰ نے جواب میں سلیمانؓ کو لکھا۔ میں نے آپ کا مکتوب پڑھا اور آپ کے دوسرے دینی بھائیوں کو بھی پڑھایا۔ سب نے

---

[1] اصدق الاخبار، ص ۵۔ تقام، ص ۵۸۳۔ کامل، ج ۳، ص ۳۳۳۔

[2] اصدق الاخبار، ص ۵۔ تقام، ص ۵۸۳۔ کامل، ج ۳، ص ۳۳۳۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

آپ کی تجویز کی تائید کرتے ہوئے نصرت پر آمادگی ظاہر کی ہے۔ ہم مقررہ وقت پر حاضر ہو جائیں گے۔ انشاء اللہ۔[1]

مرگ یزید سے شیعیان کوفہ میں ہلچل

جیسا کہ پہلے بیان ہو چکا ہے۔ شیعیان علیؑ میں خون ناحق کے انتقام لینے کی تحریک تو اسی ۶۱ھ سے شروع ہو چکی تھی۔ جس میں امام حسینؑ شہید ہوئے تھے لیکن اسلحہ جنگ جمع کرنے اور پوشیدہ طور پر رائے عامہ کو ہموار کرنے میں کافی دن گذر گئے۔ یہاں تک کہ ۶۴ھ ۱۴ ربیع الاول میں یزید ہلاک ہو گیا۔ شہادت امامؑ اور مرگ یزید میں تین سال دو ماہ اور چار دن کا فاصلہ ہے۔[2] جب یزید مر گیا تو ایک بار پھر شیعیان کوفہ سلیمان بن صردؓ کے مکان پر جمع ہوئے اور کہا کہ طلب انتقام اور حق خلافت بحق دار پہنچانے کے لیے یہ بہت مناسب و موزوں وقت ہے۔ یہ طاغی مر گیا ہے۔ اور بنی اُمیہ کی خلافت رو بانحطاط ہے۔ لیکن سلیمان نے اتفاق نہ کرتے ہوئے کہا۔ تمہارا مقابلہ اکابر کوفہ سے ہے جن کے پاس تمام ظاہری وسائل کی فراوانی ہے۔ مگر تمہاری تعداد مختصر ہے۔ اگر خروج میں جلدی کی گئی تو نتیجہ یہ نکلے گا کہ تم مارے جاؤ گے اور اپنے مقصد میں کامیاب بھی نہیں ہو گے۔ اس لیے بہتر یہ ہے کہ لوگوں میں اپنے داعی و مبلغ پھیلا دو۔ ان کو زیادہ سے زیادہ اپنا ہم خیال بناؤ۔ تاکہ تمہاری جمعیت زیادہ ہو جائے چنانچہ سب نے اس رائے سے اتفاق کیا۔ اور اسی طریقہ پر عمل درآمد کیا گیا۔ یہاں تک کہ کچھ عرصہ بعد اس تحریک سے اتفاق کرنے والوں کی تعداد بہت زیادہ ہو گئی۔[3]

SIBTAIN.COM

مرگ یزید کے بعد ابن زیاد کا کردار

ادھر یہ سب کاروائی خفیہ طور پر ہو رہی تھی اور دوسری طرف یہ کیفیت تھی کہ مرگ یزید کے وقت عبداللہ بن زیادہ بصرہ کا گورنر تھا۔ اور کوفہ میں اس کی نیابت میں عمرو بن حریث حاکم تھا۔ جب ابن زیاد کو مرگ یزید اور شام میں اختلاف کی اطلاع ملی تو اس نے اہل بصرہ کو جمع کر کے ان کو اس امر کی اطلاع دی۔ اور ساتھ ہی یزید کی مذمت کرتے ہوئے اپنی بیعت لینے کا مطالبہ بھی کیا۔ اس وقت تو لوگوں نے بیعت کر لی۔ مگر باہر جا کر دیواروں پر ہاتھ رگڑتے ہوئے کہا۔ کیا ابن مرجانہ یہ خیال کرتا ہے کہ ہم ہمیشہ اس کے مطیع و منقاد رہیں گے؟ نیز ابن زیاد نے دو قاصد بیعت لینے کے لیے کوفہ بھی بھیجے۔ جن کو اہل کوفہ نے پتھر مار کر واپس کر دیا۔[4] قاصدوں نے واپس جا کر حقیقت حال سے ابن زیاد کو آگاہ کیا۔ جب اہل بصرہ کو اہل کوفہ کے رویہ کا پتہ چلا تو وہ بھی انکار پر ڈٹ گئے۔ چنانچہ جب ابن زیاد کو

---

[1] اصدق الاخبار، ص ۶۔ تمام، ص ۵۸۴۔ کامل، ج ۳، ص ۳۳۴۔

[2] اصدق الاخبار، ص ۶۔ شرح اخذ الثار، مطبوع مع عاشر بحار، ص ۲۸۴۔

[3] کامل، ج ۳، ص ۳۳۴۔ اصدق، ص ۷۔ تمام، ص ۵۸۴۔

[4] اصدق الاخبار، ص ۷۔ کامل ابن اثیر، ج ۳، ص ۳۲۰۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

خلافت تو کجا اپنی گورنری کے زوال بلکہ اپنی جان کا بھی خطرہ لاحق ہوگیا تو پہلے تو بعض روسا بصرہ مسعود بن عمرو کے ہاں پناہ لی اور پھر شام کی طرف بھاگ گیا۔ (کامل، ج ۳، ص ۳۲۳) اہل کوفہ نے عمرو بن حریث کو نکال دیا۔ اور بعض لوگوں نے وقتی طور پر عمر بن سعد کو امیر کوفہ بنانے کا ارادہ کیا مگر قبیلہ ہمدان کی باہمت خواتین آڑے آئیں اور جامع مسجد میں جمع ہو کر داد و فریاد کی کہ قاتل حسین کو امیر کوفہ بنایا جا رہا ہے چنانچہ لوگ رو پڑے اور اس ارادہ سے باز آئے۔[1]

تمام اہل کوفہ کا بیعت ابن زبیر کرنا اور اس کا عبداللہ بن یزید کو گورنر کوفہ مقرر کرنا

اس کے بعد عام اہل کوفہ نے عبداللہ بن زبیر کی بیعت کر لی۔ جس کی وجہ سے ابن زبیر نے عبداللہ بن یزید انصاری کو کوفہ کا گورنر اور ابراہیم بن محمد بن طلحہ کو امیر خراج بنا کر کوفہ بھیجا۔ جو ۲۲ ماہ رمضان ۶۴ھ کو کوفہ پہنچے۔ جب کہ سلیمان بن صرد اور ان کے ساتھی لوگوں کو قاتلان حسینؑ سے انتقام لینے کی دعوت دینے میں مشغول تھے۔[2]

ویسے تو یزید کے حین حیات ابن زبیر بھی قتل حسینؑ کا بدلہ لینے کا ڈھونگ رچا کر لوگوں سے بیعت لیا کرتا تھا اور اہل مدینہ نے بھی یزید کے انہی زہرہ گداز مظالم کی وجہ سے اس کی بیعت توڑ دی تھی۔ جس کے نتیجہ میں انسانیت سوز واقعۂ حرہ پیش آیا (جس کی تفصیلات سابقاً حالات یزید میں بیان ہو چکی ہیں) اس لشکر جرار کا قائد مسلم بن عقبہ مری تو مدینہ کی تباہی کے بعد مکہ جاتے ہوئے راستہ میں ہی واصل جہنم ہو گیا تھا۔ اور اس کے قائم مقام حصین بن نمیر نے مکہ جا کر ابن زبیر کا محاصرہ کر لیا تھا۔ مگر جب اس اثناء میں اس کو مرگ یزید کی اطلاع ملی تو حصار اٹھا کر مدینہ کے راستہ سے مروان بن الحکم وغیرہ بنی اُمیہ کو ہمراہ لیتا ہوا واپس شام چلا گیا۔ اب بلا مزاحمت اہل حجاز و عراق نے ابن زبیر کی بیعت کا پٹہ اپنے گلے میں ڈال لیا۔ جب ابن زبیر نے اپنی قیادت کی دکان چمکتی ہوئی دیکھی تو اب انتقام خون شہیدان کربلا کا ذکر کرنا بھی چھوڑ دیا۔[3] صرف یہی نہیں بلکہ اس کا بھائی مصعب بن زبیر (حاکم بصرہ) ان قاتلان سید الشہداء کی آخری جائے پناہ تھا جو کوفہ سے بھاگ کر بصرہ جاتے تھے۔ چنانچہ جب اس نے کوفہ پر چڑھائی کی تو اس کی فوج میں ایسے لوگوں کی کثرت تھی۔ (تاریخ کامل، ج ۳، ص ۳۸۴)

معاویہ بن یزید کی بیعت

اہل شام نے مرگ یزید کے بعد اس کے بیٹے معاویہ کی بیعت کر لی۔ مگر اس نے خلع بیعت کر لیا۔ اور تین ماہ اور بقولے چالیس دن کے بعد وفات پائی۔ مشہور یہ ہے کہ بنی اُمیہ نے اس کا کام تمام کر دیا تھا۔[4] واللہ العالم۔

---

[1] اصدق الاخبار، ص ۸۔

[2] کامل، ج ۳، ص ۳۲۵۔ قمقام، ص ۵۸۴۔

[3] شرح الآثار، ص ۲۸۴۔ اصدق الاخبار، ص ۹۔

[4] اصدق الاخبار، ص ۹۔ کامل، ج ۳، ص ۳۱۹۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

بوقت وفات اس کی عمر اکیس برس اور اٹھارہ دن تھی۔[1]

یہ بھی بیان کیا جاتا ہے کہ مروان بن الحکم بھی چاہتا تھا کہ ابن زبیر کی بیعت کرے مگر ابن زیاد جب شام پہنچ گیا تو اس نے اس کو اس ارادہ سے باز رکھا بلکہ خود اس کو ادعائے خلافت پر آمادہ کیا۔ چنانچہ اسی سال ۶۴ھ شام میں مروان کی بیعت کر لی گئی۔[2]

جماعت توابین کی روانگی

اس طرف سلیمان بن صرد ۶۵ھ تک برابر پروگرام کی تیاری میں مشغول رہا اور بالآخر یکم ربیع الثانی ۶۵ھ کی شب کو کوفہ سے نکل کر مقام نخیلہ میں قیام کیا اور اس مقررہ مقام و تاریخ پر سب ہم خیال جمع ہوئے۔ مگر اس وقت یہ حوصلہ شکن صورت حال سامنے آئی کہ جن لوگوں نے نصرت کے وعدے کئے تھے ان کی تعداد تو سولہ اور بقولے اٹھارہ ہزار تھی لیکن جو لوگ وہاں پہنچے وہ بمشکل چار ہزار تھے۔ وہاں قیام کر کے سلیمان نے کوفہ میں اکا دکا اپنے آدمی بھیجے۔ جنہوں نے کوفہ کی جامع مسجد وغیرہ میں یا لثارات الحسینؑ کے نعرہ ہائے حق بلند کئے۔ اس طرح تین دن کی تگ و دو اور انتظار کے بعد صرف ایک ہزار آدمی اور جمع ہوئے۔ اس طرح ان جانبازوں کی کل تعداد پانچ ہزار ہوگئی۔ مسیب بن نجلبہ نے کہا جو لوگ خروج کو ناپسند کرتے ہیں۔ ان کا مزید انتظار کرنا بے سود ہے۔ اور نہ ہی ایسے لوگوں کی حاضری سودمند ہو سکتی ہے۔ سلیمانؓ نے اس مشورہ کو پسند کیا۔ اور آگے بڑھنے سے پہلے اپنی کمان پر ٹیک لگا کر تقریر کی۔ جس میں اس امر کی وضاحت کی کہ ہم مال غنیمت حاصل کرنے کے لیے خروج نہیں کر رہے۔ بلکہ ہمارا مقصد تو صرف خدا کی خوشنودی کا پروانہ حاصل کرنا ہے۔ پس جس شخص کا یہی مقصد ہے۔ خدا اس پر زندگی اور موت ہر حال میں رحمت نازل کرے وہ ہمارے ساتھ آئے۔ اور جس کا مقصد مال دنیا حاصل کرنا ہے تو اسے معلوم ہونا چاہیے کہ ہمارے پاس کوئی سونا و چاندی نہیں ہے۔ ہماری حالت تو یہ ہے کہ تلواریں کاندھوں پر۔ اور نیزے ہاتھ میں ہیں۔ سلیمان کی یہ تقریر سن کر ہر طرف سے یہی آواز آئی کہ ہم طلب دنیا کے لیے نہیں نکلے بلکہ توبہ کرنے اور فرزند رسولؐ کا بدلہ لینے کیلئے نکلے ہیں۔[3]

---

[1] کامل، ج ۳، ص ۳۱۹۔

[2] اصدق، ص ۹۔ کامل، ج ۳، ص ۳۲۶۔

[3] اصدق الاخبار، ص ۱۱۔ کامل، ج ۳، ص ۳۴۱۔

(**نوٹ**)۔ اسی سال مروان نے اپنے بیٹوں عبدالملک اور عبدالعزیز کی ولی عہدی کا اعلان کیا اور اسی سال نو ماہ حکومت کرنے کے بعد یکم ماہ رمضان کو اکیاسی برس کی عمر میں مر گیا اور اس کے بعد عبدالملک مسند نشین ہوا۔

(الدمعۃ الساکبہ، ص ۴۰۶۔ کامل، ج ۳، ص ۳۴۷۔ شرح الثار لابن نما، ص ۲۸۵، مع عاشر بحار)

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

جب سلیمان بن صرد نے آگے بڑھنے کا ارادہ کیا تو عبداللہ بن سعد بن نفیل نے کہا کہ جب ہمارا مقصد حضرت امام حسینؑ اور ان کے ساتھیوں کا بدلہ لینا ہے اور عبیداللہ بن زیاد کے سوا باقی سب قاتل کوفہ میں موجود ہیں تو ہمیں یہیں سے ابتداء کرنا چاہیے۔ مگر سلیمان نے یہ کہا کہ جس شخص نے لشکر بھیج بھیج کر ان کو شہید کرایا وہ یہی فاسق ابن مرجانہ ہے۔ ہمیں پہلے اسی سے مقابلہ و مقاتلہ کرنا چاہیے۔ اگر خدا نے اس پر ہمیں غلبہ عطا فرما دیا تو پھر اہل کوفہ کا مقابلہ کرنا آسان ہو جائے گا۔ اور ممکن ہے کہ بلا جنگ اہل کوفہ تمہاری اطاعت کر لیں۔ پھر چن چن کر قاتلین کو قتل کر دینا۔ بالآخر اسی رائے پر اتفاق ہو گیا۔[1]

جماعت توابین سے گورنر کوفہ کی ملاقات

وہاں سے روانہ ہونے ہی والے تھے کہ عبداللہ بن یزید گورنر کوفہ اور ابراہیم بن محمد امیر خراج نے ان کی طرف قاصد بھیج کر استدعا کی کہ ہم آپ سے ملنا چاہتے ہیں۔ ہمارا انتظار کرو۔ سلیمان نے رفاعہ بن شداد کو حکم دیا کہ تم اپنے لشکر کو مرتب کرو۔ چنانچہ انہوں نے ایسا ہی کیا۔ سلیمان اپنے اکابر اصحاب کے حلقہ میں بیٹھ گئے۔ اتنے میں عبداللہ بن یزید اور ابراہیم بن محمد بھی چند اشراف کوفہ کی معیت میں پہنچ گئے۔ موصوفین نے سلیمان کو مشورہ دیا کہ ابن زیاد کے ساتھ جنگ کرنے میں جلدی نہ کریں بلکہ یہیں قیام کریں۔ ہاں جب ان کو ابن زیاد کے ان کی طرف بڑھنے کی اطلاع ملے تو پھر پیشقدمی کریں۔ مزید برآں انہوں نے یہ کہا کہ ان کی اس پیش کش کو شکریہ کے ساتھ مسترد کر دیا کہ ہم مال و دولت جمع کرنے کی خاطر خروج نہیں کر رہے۔

دوسرے یہ کہ اگر آپ قیام کریں تو عندالضرورت آپ کو لشکر کثیر دیا جائے گا۔ مگر سلیمان نے ان کی یہ پیش کش بھی قبول نہ کی اور مزید توقف کو درست نہ سمجھتے ہوئے آگے بڑھنے میں مصلحت دیکھی۔[2] مگر انہوں نے یہ ضرور محسوس کیا کہ شیعیان بصرہ و مدائن مقررہ وقت پر نہیں پہنچے۔ چنانچہ بعض حضرات نے ان کی ملامت کرنا شروع کی۔ مگر سلیمان نے یہ کہہ کر ان کو روک دیا کہ ان کی ملامت نہ کرو۔ اگر وہ اس وقت نہیں پہنچ سکے تو زادِ راہ کی کمی یا کوئی اور وجہ ہوگی۔ البتہ ان کو جب آپ کی روانگی کی اطلاع ملے گی تو وہ ضرور آ کر آپ کے ساتھ ملحق ہو جائیں گے۔ اس وقت پھر سلیمان نے ایک تقریر کی جو دنیا میں بے رغبتی پیدا کرنے، آخرت میں رغبت بڑھانے اور جہاد کی فضیلت پر مشتمل تھی۔ بالآخر پانچ ربیع الثانی ۶۵ھ شب جمعہ کو وہاں سے روانہ ہو کر "دیر الاعور" کے مقام پر پہنچ کر رات گذاری۔ کچھ آدمی وہاں رک گئے۔ مگر سلیمان اپنے مخلص اصحاب کے ساتھ ان کی پروا نہ کرتے ہوئے برابر آگے بڑھتے گئے اور نہر فرات کے کنارے اقساس بنی مالک کے پاس رات بسر کی۔

---

[1] اصدق الاخبار، ص ۱۱۔ کامل، ج ۳، ص ۳۴۱۔ [2] اصدق الاخبار، ص ۱۲۔ کامل، ج ۳، ص ۳۴۱۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

جماعت توابین کا کربلا میں ورود

پھر صبح سویرے وہاں سے اٹھ کر کربلا معلیٰ پہنچ گئے۔ ایک شب و روز تک وہاں قیام کیا۔ اس اثنا میں قبر حسینؑ کی زیارت کی۔ اور اس کے پاس برابر دعا استغفار اور گریہ و بکاء میں مشغول رہے۔ راویان اخبار کا بیان ہے کہ وہاں اس قدر گریہ و بکاء کا کہرام برپا ہوا۔ کہ اس سے زیادہ کبھی رقت خیز منظر نہیں دیکھا گیا تھا۔ ایک شب و روز تک وہاں قیام رہا پھر تمام حضرات قبر حسینؑ سے رخصت ہوئے۔ لوگ اس طرح قبر مبارک پر ٹوٹ رہے تھے جیسے حاجی حجر اسود پر ٹوٹتے ہیں۔ اس وقت ان کے نالہ و شیون کا عجیب سماں تھا۔ جذبات بے قابو تھے۔ سب سید الشہداء کی مظلومیت اور اپنی حرمان نصیبی پر اشک بہا رہے تھے۔ سب کے آخر میں سلیمانؓ یہ دعا کرتے ہوئے رخصت ہوئے کہ بار الہا! اگر ہم امامؑ کے ہمرکاب ہو کر شرف شہادت حاصل نہیں کر سکے تو اب ہمیں اس سعادت سے محروم نہ رکھ۔[1]

بالآخر وہاں سے روانہ ہو کر مقام انبار میں پہنچے۔ وہاں پھر عبداللہ بن یزید حاکم کوفہ کا قاصد خط لیکر پہنچا جس میں ان حضرات سے واپس لوٹنے کی استدعا کی گئی تھی۔ سلیمان نے کہا: جب ہم نے مقام نخیلہ میں ان کے مشورہ کو قبول نہیں کیا۔ تو اب دشمن کی سرحد کے قریب پہنچ کر واپس لوٹنا کہاں کی دانشمندی ہے؟ سلیمان نے جواب میں اس کے اس مشورہ کا شکریہ ادا کرتے ہوئے لکھا کہ میرے ہمراہیوں نے خدا پر بھروسہ کرتے ہوئے اپنی جانوں کا سودا کر دیا ہے۔ اس لئے وہ کسی قیمت پر واپس لوٹنے پر آمادہ نہیں ہیں۔ جب عبداللہ کے پاس یہ مکتوب پہنچا تو اس نے کہا یہ لوگ خود موت کو طلب کر رہے ہیں۔ بخدا یہ لوگ عزت کی موت مارے جائیں گے۔[2]

زفر کلابی سے ملاقات

بعد ازاں سفر کرتے ہوئے مقام "ہیت" میں پہنچے۔ پھر وہاں سے چل کر مقام "قرقیسیا" میں وارد ہوئے۔ وہاں زفر بن حارث کلابی سے ملاقات ہوئی۔ جس نے پہلے انہیں دشمن تصور کر کے۔ شہر کے دروازے بند کر لیے تھے۔ اور خود قلعہ بند ہو گیا تھا۔ مگر انکشاف حقیقت کے بعد باہم گھل مل گئے۔ اس نے انہیں کافی آذوقہ اور ضروریات خورد و نوش مہیا کر دیں۔ رات وہاں گذاری۔ دوسرے دن صبح وہاں سے آگے بڑھے۔ زفر بغرض مشایعت ان کے ساتھ نکلا۔ اور اس نے سلیمان بن صرد کو بتایا۔ کہ عبیداللہ بن زیاد وغیرہ پانچ سرداران لشکر مقام "رقہ" سے افواج کثیرہ لیکر روانہ ہو چکے ہیں۔ اس لیے بہتر یہ ہے کہ آپ یہیں شہر میں داخل ہو کر قیام کریں تا کہ اگر وہ حملہ آور ہوں۔ تو ہم تم اتفاق سے ان کا مقابلہ کریں۔ سلیمانؓ نے کہا خود ہمارے شہر (کوفہ) والوں نے بھی ہم سے یہی مطالبہ کیا تھا جسے ہم نے مسترد کر دیا تھا۔ (مطلب یہ کہ تمہاری یہ پیش کش بھی قبول نہیں ہے)۔

---

[1] اصدق الاخبار، ص ۱۲۔ کامل، ج ۳، ص ۳۴۱۔ [2] اصدق الاخبار، ص ۱۴۔ کامل، ج ۳، ص ۳۴۲۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

زفر کا مشورہ

جب زفر مایوس ہو گیا تو اس نے دوسرا مشورہ یہ دیا کہ پھر جلد کرو۔ ان لوگوں کے پہنچنے سے پہلے تم مقام ''عین الوردۃ'' جسے ''رأس عین'' بھی کہا جاتا ہے پر پہنچ جاؤ اور شہر کو پشت کی جانب قرار دے کر دوسری طرف قیام کرو۔ اس طرح شہر، پانی اور دیگر ضروریات زندگی تمہارے قبضہ میں ہو جائیں گے۔ اور جہاں تک ہمارے تمہارے معاملات کا تعلق ہے میری طرف سے مطمئن رہو۔ میں ہرگز تمہارے خلاف کوئی کاروائی نہیں کروں گا۔ بخدا میں نے تم سے بڑھ کر کوئی شریف جماعت نہیں دیکھی۔ دیکھو جلدی کرو۔ مجھے اُمید ہے کہ تم ان سے پہلے پہنچ جاؤ گے۔ خیال رکھنا کھلی فضا میں ان کے ساتھ جنگ نہ کرنا۔ ورنہ وہ تمہیں چاروں طرف سے گھیر کر ہلاک کر دیں گے۔ کیوں کہ ان کی تعداد تم سے بہت زیادہ ہے۔

جماعت کا مقام عین الوردہ پر قیام

چنانچہ یہ لوگ بڑی تیزی کے ساتھ دو دو مرحلوں کو ایک ایک مرحلہ میں قطع کرتے ہوئے مقام ''عین الوردۃ'' میں پہنچ گئے۔ اور اس کی غربی جانب رحل اقامت ڈال دیا۔ اور پانچ دن تک استراحت کر کے تھکان سفر دور کی۔ پانچویں دن معلوم ہوا کہ ابن زیاد اہل شام کے عساکر کثیرہ لے کر آ رہا ہے اور صرف درمیان میں ایک شب و روز کی مسافت باقی ہے۔

سلیمان کی تقریر اور جنگی ہدایات

اس وقت سلیمان بن صرد نے تقریر کی جس میں دنیا کی بے ثباتی بیان کر کے اور دار آخرت میں رغبت دلانے کے بعد کہا۔ تمہارا وہ دشمن آ پہنچا ہے جس کی طرف تم شب و روز ایک کر کے بڑھ رہے تھے جب دشمن سے مڈبھیڑ ہو۔ تو اس سے فیصلہ کن جنگ کرو اور شدائد جنگ پر صبر کرو۔ خدا صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے۔ کسی زخمی کا کام تمام نہ کرنا۔ اور نہ کسی اسیر کو قتل کرنا ہی جناب امیرؑ کی سیرت تھی۔[1]

اور یہ بھی کہا کہ اگر میں جاں بحق ہو جاؤں تو پھر امیر لشکر مسیب بن نجبہ ہوں گے۔ اگر وہ بھی راہ خدا میں کام آ جائیں تو پھر رئیس لشکر عبداللہ بن سعد بن نفیل ہوں گے۔ اگر وہ بھی جان سپار ہو جائیں۔ تو پھر سردار عبداللہ بن وال ہوں گے۔ اور اگر وہ بھی راہی ملک بقاء ہو جائیں تو پھر قائد رفاعہ بن شداد ہوں گے۔ خدا اس بندہ پر رحم کرے جو اپنے کئے ہوئے وعدہ کو پورا کرے۔[2]

---

[1] الصدق الاخبار، ص ۱۶۔ کامل، ج ۳، ص ۳۴۲۔ تقمام، ص ۵۹۱۔

[2] الصدق الاخبار، ص ۱۶۔ تقمام، ص ۵۹۱۔ کامل، ج ۳، ص ۳۴۲۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

مسیب کی پیشقدمی اور کامیابی

پھر مسیب کو چار سو سوار دے کر آگے بھیج دیا۔ اور اسے حکم دیا کہ اگر مخالف لشکر کے پہلے حصہ سے ملاقات ہو تو اس پر ٹوٹ پڑیں۔ اگر فتح و نصرت حاصل ہو تو فبہا ورنہ واپس پلٹ آئیں۔ مسیب کو راستہ میں ایک اعرابی ملا۔ اس سے دریافت کرنے پر معلوم ہوا کہ قریباً ایک میل کے فاصلہ پر شراحیل بن ذی الکلاع چار ہزار کے دستہ فوج کے ساتھ اور اس کے پیچھے حصین بن نمیر چار ہزار کے ساتھ اس کے پیچھے صلت بن نجبہ غلابی چار ہزار کے ساتھ اور ان سب کے بعد عبیداللہ بن زیاد ایک لشکر جرار لیکر آرہا ہے۔ جس نے مقام رقہ سے ان دستوں کو "مقدمۃ الجیش" کے طور پر آگے بھیج دیا ہے۔ باوجود اس مدہش خبر سننے کے مسیب کے قدم بجائے پیچھے ہٹنے کے اور تیزی کے ساتھ بڑھنے لگے۔ حتیٰ کہ شامیوں کے پہلے دستہ فوج پر نگاہ پڑی جو بڑے اطمینان سے آگے بڑھ رہا تھا۔ مسیبؓ نے اپنے ساتھیوں کو حکم دیا کہ ان پر یکبارگی حملہ کردو۔ اس مختصر مگر مستعد اور دلیر دستہ کا حملہ اس قدر سخت تھا کہ شامیوں کے قدم اکھڑ گئے۔ اور وہ بھاگ کھڑے ہوئے۔ مسیب اور ان کے ساتھیوں کے ہاتھوں بہت سے شامی مارے گئے۔ اور بہت سے زخمی ہوئے اور ان سے کافی مال غنیمت ہاتھ آیا۔ پھر واپس اپنے مرکز کی طرف لوٹ آئے۔[1]

جنگ عین الوردہ کا بیان

جب ابن زیاد کو اس واقعہ کی اطلاع ملی تو اس نے حصین بن نمیر کو مزید لشکر دے کر روانہ کیا۔ اس طرح اہل شام کی کم از کم تعداد بارہ ہزار اور اہل عراق کی پورے پانچ ہزار بھی نہ تھی۔ چنانچہ دونوں لشکر بروز چہار شنبہ ۱۶ اور بقولے ۲۲ جمادی الاولیٰ ۶۵ھ کو ایک دوسرے کے مقابل ڈٹ گئے۔ اہل عراق نے اپنا لشکر اس طرح ترتیب دیا میمنہ پر مسیب بن نجبہ، میسرہ پر عبداللہ بن سعد۔ جناح پر رفاعہ بن شداد افسر اعلیٰ مقرر ہوئے اور امیر لشکر سلیمان بن صرد خزاعی قلب میں کھڑے ہوگئے۔ اور اہل شام نے لشکر اس طرح ترتیب دیا۔ میمنہ پر عبداللہ بن ضحاک فہری کو میسرہ پر ربیعہ بن مخارق غنوی کو۔ جناح پر شراحیل بن ذی الکلاع کو افسر اعلیٰ مقرر کیا۔ اور خود حصین بن نمیر قلب میں کھڑا ہوگیا۔ جب دونوں لشکر باہم قریب آگئے۔ تو اہل شام نے عراقیوں کو عبدالملک بن مروان کے حلقۂ اطاعت میں داخل ہونے کی دعوت دی۔ اور اہل عراق نے شامیوں کو یہ دعوت دی کہ عبدالملک اور آل زبیر کی اطاعت چھوڑ دو۔ بلکہ امر خلافت اس کے صحیح حق داروں یعنی اہل بیت رسولؐ تک پہنچانے میں ہمارے ساتھ تعاون کرو۔ مگر کسی فریق نے بھی دوسرے کی بات نہ سنی۔ اور اب جنگ ناگزیر ہوگئی۔[2] سلیمان نے اپنے اصحاب کو جنگ و جدال کی بہت کچھ ترغیب و تحریص دلائی۔

---

[1] اصدق الاخبار، ص ۱۷۔ تتمام، ص ۵۹۳۔ کامل، ج ۳، ص ۳۴۳۔ [2] اصدق الاخبار، ص ۱۸۔ تتمام، ص ۵۵۳۔ کامل، ج ۳، ص ۳۴۳۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

المختصر جنگ شروع ہوگئی۔ سلیمان بن صرد کے میمنہ نے حصین بن نمیر کے میسرہ پر اور میسرہ نے میمنہ پر اور خود سلیمان نے قلب پر اس زور کا حملہ کیا کہ اہل شام میدان چھوڑنے پر مجبور ہوگئے۔ پھر شام تک اکا دکا زد و خورد کا سلسلہ جاری رہا مگر میدان بہر حال سلیمان کے ہاتھ رہا۔ دوسرے دن حصین کو آٹھ ہزار تازہ دم فوج کی مزید کمک پہنچ گئی۔

اب ان کی تعداد بارہ ہزار سے بڑھ کر بیس ہزار ہوگئی۔[1] چنانچہ دوسرے روز پھر جنگ شروع ہوئی اور سوائے نماز کے وقت کے سارا دن شام تک جاری رہی۔ اصحاب سلیمان نے باوجود قلیل التعداد ہونے کے بڑی پامردی سے دشمن کا مقابلہ کیا۔ جب شام کو جنگ بند ہوئی تو معلوم ہوا کہ فریقین کا بہت زیادہ جانی نقصان ہوا ہے اور زخمی بھی کافی ہوئے ہیں۔

جب تیسرے روز اور یہ یوم جمعہ تھا صبح ہوئی۔ تو اہل شام کے پاس ادہم بن محرز باہلی کی ماتحتی میں مزید دس ہزار لشکر پہنچ گیا اسے بھی ابن زیاد نے کمک کے طور پر بھیجا تھا۔ چنانچہ جب جنگ شروع ہوئی تو چاشت تک تو فریقین میں گھمسان کا رن پڑا۔ مگر اب اہل شام کے ٹڈی دل لشکر نے اس مختصر جماعت توابین کو ہر طرف سے گھیرے میں لے لیا۔ یہ کیفیت دیکھ کر سلیمان گھوڑے سے اتر پڑے اور اپنے آدمیوں کو للکار کر کہا۔ اے اللہ کے بندو! جو شخص توبہ کر کے جلدی اپنے پروردگار کی بارگاہ میں جانا چاہتا ہے۔ وہ میری طرف آئے یہ کہہ کر تلوار کا میان توڑ دیا۔ اسی طرح ان کے بہت سے ہمراہیوں نے بھی ان کی متابعت کی۔ اور بڑی جگر کاوی اور پامردی کے ساتھ لڑنا شروع کیا یہاں تک کہ اہل شام کے بہت سے سپاہیوں کو موت کے گھاٹ اتار دیا۔ اس وقت سلیمان یہ رجز پڑھ رہے تھے

الیک ربی تبت من ذنوبی وقد علانی فی الوریٰ مشیبتی[2]

و اغفر ذنوبی سیدی و ربی

جب حصین بن نمیر نے شدائد جنگ پر ان کے صبر و ثبات اور شدید حملوں کو دیکھا تو بزدل نے تیر اندازوں کو حکم دیا کہ ان پر تیر برسائے جائیں۔ حکم کا ملنا تھا کہ آگ کے شراروں اور موسلا دھار بارش کے قطروں کی طرح ہر طرف سے تیر آنے لگے۔ چنانچہ اسی اثنا میں جناب سلیمان بن صرد خزاعیؓ یزید بن حصین بن نمیر کے تیر لگنے سے دار فانی سے عالم جاودانی کی طرف سدھار گئے۔[3] ان کی عمر تریانوے برس تھی۔[4] اس کے بعد علم لشکر مسیب بن نجبہ نے ہاتھ میں لیا۔ اور رجز پڑھتے ہوئے کئی بار بڑے زوردار حملے کئے۔ اور ہر مرتبہ بہت سے شامیوں کو واصل جہنم کیا۔

---

[1] اصدق الاخبار، ص ۱۸۔ کامل، ج ۳، ص ۳۴۳۔
[2] تمام، ص ۵۹۲۔
[3] کامل، ج ۳، ص ۳۴۳۔ تمام، ص ۵۹۳ وغیرہ۔
[4] اصدق الاخبار، ص ۱۹۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

حتیٰ کہ دشمن نے ہر طرف سے حملہ کر کے ان کو گھیر لیا۔ اس طرح وہ بھی بہادرانہ جنگ لڑتے ہوئے عروس موت سے ہمکنار ہو گئے۔ اس کے بعد علم لشکر عبداللہ بن سعد بن نفیل نے سنبھالا۔ اور بڑی جرأت و ہمت سے دادِ شجاعت دینا شروع کی۔ اسی اثنا میں ان کے پاس تین سوار پہنچے۔ عبداللہ بن فضل الطائی، کثیر بن عمرو المزنی اور سعر بن ابی سعر الحنفی جنہیں سعد بن حذیفہ بن الیمان نے یہ اطلاع دے کر بھیجا تھا کہ وہ ایک سو ستر آدمیوں کا جتھہ لے کر مدائن سے روانہ ہو چکا ہے۔ اور اسی طرح مثنیٰ بن مخرمہ عبدی بھی بصرہ سے تین سو آدمیوں کے ساتھ روانہ ہو چکا ہے۔ یہ خوش خبری سن کر عبداللہ بن سعد کے ساتھی خوش ہوئے۔ مگر عبداللہ نے کہا یہ خوشی اس وقت تھی کہ یہ لوگ ہماری زندگی میں پہنچتے (جس کی اب امید نہ تھی) جب ان قاصدوں نے صورت حال کی نزاکت کو دیکھا۔ تو وہ بھی اپنے ایمانی بھائیوں کے ساتھ مل کر جنگ میں شریک ہو گئے۔ اور دادِ شجاعت دیتے ہوئے راہی ملک بقاء ہوئے۔[1] بقولے کثیر بن عمرو المزنی اس وقت زخمی ہو کر گرا تھا جو بعد میں تندرست ہو گیا[2] بالآخر عبداللہ بن سعد نے بھی فیصلہ کن جنگ لڑتے ہوئے عالم آخرت کی راہ لی۔ اب جناب سلیمان کی ہدایت کے مطابق علم لشکر عبداللہ بن دال نے سنبھالنا تھا مگر وہ دوسری طرف شدید جنگ لڑ رہے تھے۔ اس لیے کچھ دیر کے لیے علم زمین پر گر گیا جب عبداللہ کو صورت حال کا علم ہوا تو انہوں نے علم سنبھال لیا۔ اور بڑی پر جگری کے ساتھ تابڑ توڑ حملے شروع کیے اور ساتھ ہی اپنے ساتھیوں سے بھی کہتے جاتے تھے جو شخص دائمی زندگی کی راحت چاہتا ہے وہ دل کھول کر ان لوگوں سے جنگ کرے۔ اب عصر کا وقت ہو چکا تھا اور فوج مخالف کی کمان ادھم بن محرز باہلی نے سنبھال لی تھی۔ جو بڑے زوردار حملے کر رہا تھا۔ اس وقت عبداللہ یہ آیت پڑھ رہے تھے: ﴿وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ قُتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتًا بَلْ اَحْيَآءٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ يُرْزَقُوْنَ﴾ انہی حملوں میں اسی ملعون کے ہاتھوں سے عبداللہ بن دال نے بھی سفر آخرت اختیار کیا۔[3] اب حسب وصیت علم لشکر رفاعہ بن شداد کے حوالہ کیا گیا۔ انہوں نے بھی خوب دادِ شجاعت دی۔ آج شامی چاہتے تھے کہ شام سے قبل ہی اہل عراق کا خاتمہ کر دیا جائے مگر رات کے حائل ہو جانے کی وجہ سے مجبوراً جنگ موقوف کرنا پڑی۔ اب رفاعہ نے یہ سوچا کہ ان کے ہمراہ بالکل تھوڑے سے آدمی رہ گئے ہیں جن کی تعداد چند سو سے زیادہ نہیں ہے اور اور وہ بھی سب صحیح سلامت نہیں بلکہ بہت سے زخمی ہونے کے باعث جنگ کرنے کے قابل نہیں ہیں لہٰذا اب جنگ جاری رکھنے میں کامیابی کی بالکل کوئی اُمید نہیں ہے۔ لہٰذا انہوں نے رات کی تاریکی میں اپنے باقی ماندہ ساتھیوں کو لے کر

---

[1] اصدق الاخبار، ص ۲۰۔ کامل، ج ۳، ص ۳۴۳۔

[2] اصدق، ص ۲۰۔

[3] تمقام، ص ۵۹۴۔ کامل، ج ۳، ص ۳۴۴۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

مراجعت کی۔ بعض آثار سے یہ بھی ظاہر ہوتا ہے کہ جب کرب بن یزید حمیری کو رفاعہ کے واپسی کے ارادہ کی اطلاع ملی تو اس نے موافقت نہ کی بلکہ اپنی قوم بنی حمیر اور قبیلہ ہمدان کے ایک سو آدمیوں کے ساتھ واپس جانے پر موت کو ترجیح دی۔ چنانچہ راتوں رات اپنے ساتھیوں سمیت فوج مخالف پر ٹوٹ پڑا۔ ابن الکلاع نے ان کو امان کی پیش کش کی مگر انہوں نے جواب میں کہا۔ امن میں تو پہلے ہی زندگی گذار رہے تھے۔ اب تو صرف ہم آخرت کی امان کے طلبگار ہیں چنانچہ زبردست جنگ کرنے کے بعد سب عالم بقا کی طرف سدھار گئے۔ اسی طرح صخر بن حذیفہ ہلال مزنی نے بھی اپنے قبیلہ بنی مزن کے تیس آدمیوں کی معیت میں حیات پر موت کو ترجیح دی اور آخر دم تک لڑتے ہوئے دنیا کے رنج والم سے رہائی پاکر عالم آخرت کے روح، ریحان کی طرف منتقل ہوگئے۔[1] بہرحال جب صبح ہوئی تو حصین بن نمیر نے میدان کو خالی پایا۔ رفاعہ اپنے چند ساتھیوں سمیت واپس جاچکے تھے۔ مگر اس نے تعاقب کرنا ضروری نہ سمجھا۔ واپسی پر "قرقیسیا" پہنچ کر زفر کے پاس تین دن تک قیام کیا۔ اس اثنا میں زخمیوں کی مرہم پٹی کی۔ بعدازاں وہاں سے بجانب کوفہ روانہ ہوئے سعد بن حذیفہ جب مقام حیف پر پہنچا اور اس کو صورت حال کی اطلاع ملی تو وہ وہیں سے واپس ہوگیا۔ واپسی پر بمقام صندودار پر مثنیٰ بن مخرمہ عبدی سے ملاقات ہوئی۔ اسے بھی تازہ صورت حال سے آگاہ کیا۔ اور دونوں حضرات اپنے ہمراہیوں سمیت وہیں رفاعہ کے انتظار میں رک گئے۔ جب رفاعہ بن شداد پہنچے۔ تو انہوں نے ان تباہ حالوں کا گریہ وبکاء سے استقبال کیا۔ دونوں گروہ پھوٹ پھوٹ کر روئے۔ ایک شب وروز تک وہیں قیام رہا۔ اس کے بعد سب اپنے اپنے گھروں کی طرف چلے گئے۔[2] ابن زیاد کی فوج نے جناب سلیمان بن نجبہ کا سر قلم کرکے عبدالملک بن مروان کے پاس شام میں بھیج دیا۔[3] "اور اس طرح قاتلان حسینؑ سے بدلہ لینے کی یہ پہلی کوشش منزل آخر تک پہنچی"۔[4]

---

[1] اصدق الاخبار، ص ۲۲۔ کامل، ج ۳، ص ۳۴۴۔

[2] اصدق الاخبار، ص ۲۲۔ الدمعۃ الساکبہ، ص ۴۰۷۔ تقمام، ص ۵۹۶۔ کامل، ج ۳، ص ۳۴۴۔

[3] اصدق الاخبار، ص ۲۳۔

[4] شہید انسانیت، ص ۶۲۵۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

مختارِ آلِ محمدؐ کے قاتلانِ امامؑ سے انتقام لینے کا بیان

سطور بالا میں مجملاً بیان کیا جاچکا ہے کہ سلیمان بن صرد خزاعیؓ کی قیادت میں توابین کی جو جماعت قاتلان امامؑ سے انتقام لینے کے لیے کھڑی ہوئی تھی وہ کس طرح اور کن وجوہ سے اپنے مقصد میں ناکامی کا شکار ہوئی۔ جس کی سب سے نمایاں وجہ باوجود اپنی تعداد کے قلیل ہونے کے براہ راست بنی اُمیہ کی حکومت سے ٹکر لینا تھا۔ حالانکہ انفرادی طور پر عام قاتلانِ حسینؑ کوفہ میں ہی تھے۔ بہرحال ایسا معلوم ہوتا ہے کہ کاتبان قضاء قدر نے اس مہم کو سر کرنے کے لیے مختار بن ابی عبیدہ ثقفی کو منتخب کیا تھا۔ سچ ہے ؎

این سعادت بزور بازو نیست　　تانہ بخشد خدائے بخشندہ

مختار کے حسب ونسب کا مختصر تعارف

اصل مقصد میں وارد ہونے سے پہلے مختار کے حسب ونسب اور نام وکام کا مختصر سا تعارف کرا دینا مناسب معلوم ہوتا ہے۔ مختار بن ابی عبیدہ قبیلۂ ثقیف کے ایک ممتاز فرد ہیں۔ جو عرب کے شریف قبائل میں سے تھا۔ اور اصل میں طائف کے باشندہ تھے۔ بعد ازاں کوفہ میں سکونت اختیار کی۔ ان کا شمار کوفہ کے روسا میں ہوتا تھا۔ ان کے والد ابو عبیدہ کا شمار جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اصحاب کبار میں ہوتا تھا وہ کئی اسلامی غزوات میں دادِ شجاعت دے چکے تھے۔ بدور خلیفۂ ثانی ۱۳ھ کو اواخر ماہِ شعبان میں عجمیوں سے جنگ کرتے ہوئے کام آئے۔[1]

مختار کی ولادت ۱ھ میں بمقام طائف ہوئی۔ ان کی کنیت ابو اسحاق اور لقب کیسان ہے۔ والد کی شہادت کے وقت ان کی عمر تیرہ برس تھی۔ اور زندگی کی ۶۷ بہاریں دیکھنے کے بعد جاں بحق تسلیم ہوئے۔[2]

مختار کی مدح اور قدح میں روایات کا اختلاف

اگرچہ مختار آل محمد علیہم السلام کے ہمدرد وخیر خواہ ہونے میں مشہور تھے اور ہیں۔ مگر ان کے بارے میں جو اخبار وآثار ہم تک پہنچے ہیں۔ ان میں مختار کی مدح وقدح کے متعلق اس قدر شدید اختلاف ہے کہ غواص بحار اخبار آئمہ اطہار حضرت علامہ مجلسیؒ ایسے عالم خبیر بھی سپر انداز ہوگئے ہیں۔ اور دونوں قسم کی روایات درج کرنے کے بعد

---

[1] فرسان الہیجاء، ج ۲، ص ۱۹۹، ۱۹۸۔

[2] فرسان، ج ۲، ص ۱۹۸۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

کوئی حتمی فیصلہ کئے بغیر صاف صاف لکھ دیا ہے: ﴿و انا فی شانہ من المتوقفین و ان کان الاشہر بین اصحابنا انہ من المشکورین﴾۔ میں ان کے بارے میں توقف کرنے والوں میں سے ہوں۔ اگرچہ ہمارے علماء میں مشہور یہی ہے کہ وہ مشکورین میں سے ہیں۔[1] جہاں تک ہمارے ذاتی رجحان کا تعلق ہے ہمارا میلان ان کی مدح کی طرف ہے حقیقت تو یہ ہے کہ جب انتہائی مذمت والی روایات سے بھی بالآخر ان کا مخلص ہونا ہی ظاہر ہوتا ہے۔[2] تو بعد ازیں سرے سے یہ بحث ہی قلیل الجدوی معلوم ہوتی ہے۔ اتنا تو تاریخی شواہد سے معلوم ہے کہ انہوں نے قاتلانِ حسینؑ سے انتقام لے کر خاندانِ رسولؐ کو مسرور و شاد کام کیا ہے۔ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے، فرمایا: ﴿ما اکتحلت ھاشمیۃ ولا اختضبت ولا رؤی فی دارھا شمی دخان خمس سنین حتی قتل عبید اللہ بن زیاد﴾ جب تک عبیداللہ بن زیاد قتل نہیں ہوا۔ اس وقت تک خاندان بنی ہاشم کی کسی عورت نے نہ آنکھوں میں سرمہ لگایا اور نہ خضاب لگایا۔ اور نہ ہی کسی ہاشمی کے گھرانے سے پانچ سال تک دھواں اٹھتا دیکھا گیا۔[3] ایسا ہی جناب فاطمہ بنت علی سے منقول ہے، فرمایا: ﴿ما تحنات امراۃ منا ولا اجالت فی عینھا مرودا ولا امتشطت حتی بعث المختار براس عبید اللہ بن زیاد﴾ جب تک مختار نے عبیداللہ بن زیاد کا سر نہیں بھیجا۔ اس وقت تک ہماری کسی عورت نے نہ مہندی لگائی۔ نہ آنکھوں میں سرمہ لگایا۔ اور نہ بالوں میں کنگی کی۔[4] اسی طرح بعض موارد پر آئمہ اطہار علیہم السلام کا ان کے حق میں دعائے خیر کرنا بھی وارد ہے۔[5] اور یہی امر مختار کی فلاح کے لیے کافی ہے اور بعید نہیں کہ جو غلط باتیں ان کی طرف منسوب ہیں ان میں حکومت بنی اُمیہ اور حکومت ابن زبیر کے پروپیگنڈے کا دخل ہو۔ کیونکہ مختار بیک وقت دونوں حکومتوں کے عتاب کا شکار تھے۔ واللہ العالم

خروج مسلمؑ کے وقت مختار کوفہ سے باہر تھے

جن لوگوں نے کوفہ سے حضرت امام حسینؑ کو بلاوے کے خطوط لکھے تھے اگرچہ ان میں مختار کا کہیں نام نہیں ملتا لیکن کوفہ پہنچ کر امامؑ کے سفیر خاص جناب مسلم بن عقیل نے پہلے مختار کے گھر ہی قیام کیا تھا۔ جیسا کہ اپنے مقام پر بیان کیا جا چکا ہے۔ اس سے بھی مختار کے ہمدرد اہل بیت ہونے پر تیز روشنی پڑتی ہے۔ ہاں بعد ازاں ابن زیاد کی آمد سے جب حالات دگرگوں ہوئے اور اس وقت مختار کوفہ سے باہر اپنی ملکیتی بستی میں گئے ہوئے تھے (جس کا نام لقفا تھا)[6] جہاں ان کی جائداد اور باغات تھے۔[7] تب جناب مسلمؑ ہانیؓ کے گھر منتقل ہو گئے۔ اور چونکہ جناب مسلم کا

---

۱ عاشر بحار، ص ۲۸۰۔
۲ عاشر بحار، ص ۲۸۰۔
۳ اصدق الاخبار، ص ۷۱۔ بحار، ج ۱۰، ص ۲۸۱۔
۴ اصدق الاخبار، ص ۷۱۔
۵ اصدق، ص ۷۱، فرسان، ج ۲، ص ۲۴۰۔
۶ فرسان الہیجاء، ج ۲، ص ۲۰۴۔
۷ اصدق، ص ۲۵۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

خروج جیسا کہ پہلے لکھا جا چکا ہے۔ جناب ہانی کی گرفتاری کے واقعہ کی وجہ سے اچانک اور قبل از وقت تھا۔ اس لیے مختار ان کے ساتھ شامل نہ ہو سکے۔ ہاں جب ان کو ان کے خروج کی اطلاع ملی تو اپنی قوم وقبیلہ اور اپنے غلاموں کی ایک جمعیت کے ساتھ رات کے وقت کوفہ پہنچے۔ مگر اس وقت جناب مسلم روپوش ہو چکے تھے۔ اور ابن زیاد کے حکم سے عمرو بن حریثؓ نے امان کا جھنڈا بلند کر رکھا تھا۔ کہ جو اس کے نیچے آجائے اسے امان مل جائے گی۔ چنانچہ بعض لوگوں کے مشورہ سے مختار اسی جھنڈے کے نیچے چلے گئے۔ اور صبح تک وہیں رہے۔[1]

مختار۔ زندان ابن زیاد میں

مگر چونکہ حاکم وقت کو مختار کی طرف سے کافی شکوک وشبہات تھے۔ لہذا انہیں امان نہ مل سکی۔ اس لیے انہیں صبح زندان میں بھیج دیا گیا۔ بلکہ ابن زیادؒ نے چھڑی کے ساتھ ان کے منہ پر کچھ ضربیں بھی لگائیں جس سے ان کی ایک آنکھ کو کچھ نقصان بھی پہنچا۔[2] اسی قید میں جناب میثم تمار بھی قید تھے۔ انہوں نے مختار کو بشارت دی کہ ہم عنقریب قید سے آزاد ہو جائیں گے۔ اور یہ مردود ابن زیاد تمہارے ہاتھوں اپنے کیفر کردار کو پہنچے گا۔ مختار نے دریافت کیا تمہیں یہ بات کیسے معلوم ہوئی ہے۔ میثم نے کہا۔ میں نے حضرت امیرؑ سے سنی ہے۔[3] پھر مختار شہادت حسینؑ تک مسلسل ابن زیاد کے زندان میں رہے۔

بعد ازاں مختار نے تمام صورت حال لکھ کر عبداللہ بن عمر کو بھیجی۔ اور ان سے اپنی رہائی کے لیے یزید کے پاس سفارش کی استدعا کی۔ چونکہ مختار کی بہن صفیہ عبداللہ کے گھر تھی۔ جب اسے اپنے بھائی کی قید وبند کی اطلاع ملی تو اس نے باصرار عبداللہ کو سفارش کرنے پر آمادہ کیا۔ چنانچہ انہوں نے یزید کے نام سفارشی خط لکھا۔ ادھر یزید بھی ایسے سربرآوردہ لوگوں کی (بالخصوص شہادت امامؑ کے بعد) دل شکنی کرنا خلاف مصلحت سمجھتا تھا اور اب تو چونکہ عبداللہ نے اس کی بیعت بھی کر لی تھی۔ اس لیے بھی اسے اس کی خاطر داری ملحوظ تھی۔ چنانچہ یزید نے ابن زیاد کو تاکیدی حکم نامہ بھیجا کہ یہ میرا مکتوب دیکھتے ہی مختار کو آزاد کر دو۔ چنانچہ ابن زیاد نے مختار کو بلا کر آزاد کر دیا۔ مگر یہ شرط کر لی کہ تین دن کے اندر اندر کوفہ سے نکل جاؤ ورنہ حکومت تمہارے خون کی ذمہ دار نہ ہوگی۔[4] کہا جاتا ہے کہ یہ تمام رسل ورسائل کے لیے جانے اور لے آنے کا کام کوفہ کے ایک معلم عمیر بن عامر نامی شخص نے انجام دیا۔[5] ان تفصیلات کو بوجہ ان

---

[1] اصدق، ص ۲۵، فرسان، ج ۲، ص ۲۰۴۔

[2] اصدق، ص ۲۶، فرسان، ج ۲، ص ۲۰۵۔ کامل، ج ۳، ص ۳۳۷۔

[3] فرسان، ج ۲، ص ۲۰۵۔ اصدق، ص ۲۶۔

[4] اصدق، ص ۲۷، طبری، ج ۷، ص ۵۹۔ تقام، ص ۶۰۲۔ کامل، ج ۳، ص ۳۳۷۔

[5] اخذ الثار ابی مخنف۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

کے ناقابل اعتماد ہونے کے نظر انداز کیا جاتا ہے۔

مختار رہائی کے بعد حجاز میں

چنانچہ رہائی کے تیسرے روز بعد مختار حجاز روانہ ہوگئے۔ وہاں عبداللہ بن زبیر نے امام حسینؑ کے خون ناحق کے انتقام کا بہانہ کر کے لوگوں سے اپنی بیعت لینے کا سلسلہ شروع کر رکھا تھا۔ مختار نے چند ایسے شرائط کے ساتھ اس کی بیعت کرنے پر اپنی آمادگی ظاہر کی جن کی بنا پر وہ ابن زبیر کی کامیابی کے بعد قاتلان امامؑ سے انتقام لے سکتے۔[1] مگر ابن زبیر نے وہ شرائط قبول نہ کیں اس لیے مختار اس کے ہاں سے چلے گئے اور سال بھر طائف میں رہے۔[2] ایک سال کے بعد ابن زبیر نے لوگوں سے دریافت کیا کہ مختار کہاں ہیں؟ اسے بتایا گیا کہ طائف میں ہیں۔[3] مختار دوبارہ مکہ پہنچے (بعید نہیں کہ ابن زبیر کے بلانے سے آئے ہوں) اور انہی شرائط پر جو پہلے ابن زبیر نے مسترد کر دی تھیں بیعت کر لی اور برابر پانچ ماہ اور کچھ دن ابن زبیر کے ہمراہ مکہ میں قیام کیا۔[4] اسی دوران میں اہل مدینہ کے بیعت یزید توڑنے اور یزید کے ان کی سرکوبی کے لیے مسلم بن عقبہ کی سرکردگی میں لشکر جرار بھیجنے اور اس کے مدینہ رسول میں تباہی مچانے کا المیہ پیش آیا۔ جو واقعہ حرہ کے نام سے مشہور ہے اہل مدینہ کی سرکوبی کے بعد مسلم اپنے لاؤ لشکر کے ساتھ کے ساتھ ابن زبیر کے ساتھ نبٹنے کے لیے مکہ روانہ ہوا۔ مگر چونکہ اس ملعون کی زندگی کا پیمانہ لبریز ہو چکا تھا اس لیے راستہ میں ہی واصل جہنم ہوگیا اب اس کی نیابت میں حصین بن نمیر نے قیادت سنبھالی اور مکہ مکرمہ میں پہنچ کر شہر کا محاصرہ کر لیا۔ چونکہ ابن زبیر خانہ کعبہ میں پناہ گزین تھا اس لیے خانہ خدا پر آگ برسائی گئی۔ اس جنگ میں مختار ابن زبیر کی طرف سے شریک تھے۔ اور تن تنہا کچھ اس طرح داد شجاعت دی کہ شامیوں کے دانت کھٹے کر دیے۔ اور بالآخر ان کو پسپا ہونا پڑا۔[5] اسی اثناء میں حصین کو مرگ یزید کی اطلاع ملی۔ اور وہ محاصرہ اٹھا کر مدینہ سے ہوتا ہوا اور بنی امیہ مثل مروان وغیرہ کو ہمراہ لیتا ہوا واپس شام چلا گیا۔[6] مرگ یزید کے بعد کچھ وقت کے لیے ابن زبیر کے حق میں فضا ساز گار ہوگئی۔ چنانچہ حجاز اور عراق وغیرہ کے اکثر لوگوں نے اس کی بیعت کر لی۔ جوں جوں ابن زبیر کی ظاہری طاقت بڑھتی گئی اس نے انتقام امامؑ کو نظر انداز کرنا شروع کر دیا اور اپنی تمام توجہ اپنی سلطنت کے مضبوط کرنے پر صرف کرنے لگا۔ مختار اس سے دل برداشتہ ہوگئے۔[7] اسی اثناء میں کوفہ کا ایک باشندہ ہانی بن ابی حیۃ الوداعی بغرض عمرہ ماہ

---

۱ تفصیل کے لیے فرسان، ج ۲، ص ۲۱۱ ملاحظہ ہو۔
۲ فرسان، ج ۲، ص ۲۱۱۔
۳ اصدق، ص ۲۷۔
۴ اصدق، ص ۱۷۔ فرسان، ج ۲، ص ۲۱۲۔
۵ طبری، ج ۷، ص ۶۳۔
۶ اصدق، ص ۷۔
۷ فرسان، ج ۲، ص ۲۱۲۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

رمضان میں وارد مکہ ہوا۔ مختار نے اس سے اہل کوفہ کی موجود حالت دریافت کی۔ اس نے بتایا کہ اگرچہ اکثر لوگوں نے ابن زبیر کی بیعت کر لی ہے مگر اب بھی بہت سے لوگ ایسے ہیں جنہوں نے تاحال کسی کی بیعت نہیں کی۔ اگر ان کو کوئی صحیح قائد مل جائے تو وہ ان کے ذریعہ عراق وحجاز وغیرہ پر حکومت کر سکتا ہے۔ یہ سن کر مختار نے کہا وہ شخص میں ہی ہوں گا۔ جو ان سب کو ایک جھنڈے تلے جمع کرے گا اور ان کے ذریعہ حق کا بول بالا کر کے باطل کا سرنگوں کرے گا۔[1]

اس کے بعد مختار نے ابن زبیر کو ہمیشہ کے لیے خیر باد کہتے ہوئے کوفہ کی راہ لی اور بڑی سرعت کے ساتھ منازل سفر طے کرتے ہوئے بروز جمعہ کوفہ کے قریب نہر حیرہ پہنچے۔ وہاں گھوڑے سے اترے۔ غسل کیا۔ تیل لگایا۔ سر پر عمامہ باندھا۔ اور لباس فاخرہ زیب تن کیا۔ ننگی تلوار ہاتھ میں لی اور گھوڑے پر سوار بڑے ٹھاٹھ باٹھ کے ساتھ یہ کہتے ہوئے کوفہ میں داخل ہوئے۔ ﴿فو الذی انزل القران و شرع الادیان لا قتلنّ من ازد و عمان و نهد و خولان غضباً لابن بنت نبی الرحمٰن﴾[2] جس جماعت اور گروہ کے پاس سے گذرتے سلام کرنے کے بعد برابر یہی کہتے جاتے: ﴿ابشروا ما النصر و الفلج اتاکم ما تحبون﴾ تمہیں فتح وظفر کی بشارت ہو۔ تم جو کچھ چاہتے تھے وہ تمہارے پاس پہنچ گیا۔[3] اس وقت کوفہ کی داخلی حالت یہ تھی کہ اہل کوفہ نے عمرو بن حریث کو جو ابن زیاد کا نائب تھا نکال دیا تھا اور اس کی جگہ ابن زبیر نے عبداللہ بن یزید الخطمی الانصاری کو کوفہ کا گورنر بنا دیا تھا جو برابر ابن زبیر کے لیے لوگوں سے بیعت لے رہا تھا اور سلیمان بن صرد خزاعی اپنی جماعت کے ساتھ امام کے خون ناحق کا انتقام لینے کے لیے حکومت شام سے ٹکر لینے کی سرگرمیوں میں مشغول تھے۔

مختار دوبارہ زندان کوفہ میں

ان حالات میں جب مختار کوفہ میں پہنچے اور اہل کوفہ کو ان کے عزائم کا علم ہوا۔ تو قاتلان امام کو اپنا اندیشہ لاحق ہوا۔ چنانچہ عمر بن سعد۔ شبث بن ربعی۔ یزید بن حارث وغیرہ نے حاکم کوفہ کے کان بھرنے شروع کیے کہ سلیمان بن صرد تو تمہارے دشمن سے ٹکر لینا چاہتے ہیں۔ لیکن مختار کا مقابلہ براہ راست تمہاری حکومت سے ہے۔ اس لیے ان کا معاملہ بہت خطرناک ہے۔ مصلحت یہ ہے کہ اسے قید کر دیا جائے۔ حاکم ان کی چکنی چپڑی باتوں میں آ گیا اور اس نے اچانک مختار کو پکڑ کر زندان میں بھیج دیا۔[4] راویان اخبار کا بیان ہے کہ مختار جن دنوں قید خانہ میں تھے وہاں بھی برابر یہ کہا کرتے تھے:

﴿اما و رب البحار و النخیل و الاشجار و المهامة و القفار و الملائکة الابرار و

---

[1] فرسان، ج ۲، ص ۲۱۲، اصدق، ص ۲۷۔
[2] فرسان، ج ۲، ص ۲۱۲۔ کامل، ج ۳، ص ۳۳۸۔
[3] فرسان، ج ۲، ص ۲۱۳۔ کامل، ج ۳، ص ۳۳۸۔ اصدق، ص ۲۸۔
[4] اصدق، ص ۲۸۔ طبری، ج ۷، ص ۶۵۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

المصطفین الاخیار ولاقتلن کل جبار بکل للن خطّار و مهند بتار بجموع الانصار لیسوا بمیل اغمار ولا بعزل اشرار حتی اقمت عمود الدین و زایلت شعب صدع المسلمین و شفیت علیل صدور المؤمنین و ادرکت ثار النبین لم یکبر علیّ زوال الدنیا ولم احفل بالموت اذا اتی﴾

خلاصہ مطلب یہ ہے کہ مجھے سمندروں، درختوں، صحراؤں، فرشتوں اور برگزیدگان اخیار کے پروردگار کی قسم میں ان انصار واعون کی جماعتوں کے ساتھ جو نہ ڈرپوک ہیں اور نہ ہی شریر۔ بذریعہ شمشیر وسنان ہر جبار وسرکش کو ضرور قتل کروں گا۔ اور جب میں نے دین کا ستون کھڑا کردیا۔ مسلمانوں کے رخنہ کو دور کردیا۔ مومنین کے دلوں کو شفا دے دی۔ اور (خاندان) انبیاء کا انتقام لے لیا تو پھر مجھے کوئی پروا نہیں کہ میری سلطنت زائل ہوجائے اور مجھے موت آجائے۔[1]

اسی اثناء میں سلیمان بن صرد خزاعی کی جماعت توابین کے چند بچے کھچے آدمی رفاعہ بن شداد کی ہمراہی میں کوفہ واپس پہنچ گئے۔ مختار نے زندان سے ہی ان کے نام ہمدردی کا ایک مکتوب بھیجا۔ اس کے جواب میں انہوں نے مختار کا شکریہ ادا کرتے ہوئے انہیں اپنے ہر قسم کے تعاون کا یقین دلایا۔ اور یہ بھی کہلا بھیجا کہ اگر آپ اجازت دیں تو ہم زبردستی آکر آپ کو زندان سے نکال دیں۔ مختار ان کے اس ہمت افزا جواب سے بہت خوش ہوا۔ اور جواب میں کہلا بھیجا اس بات کی ضرورت نہیں "تم مطمئن رہو۔ میں عن قریب رہا ہوجاؤں گا۔"[2]

مختار کی قید سے رہائی

اس کے بعد مختار نے اپنے غلام کو ایک خط دے کر مدینہ میں اپنے بہنوئی عبداللہ بن عمر کے پاس بھیجا اور اس سے استدعا کی کہ چونکہ مجھے بلاوجہ دوبارہ قید کردیا گیا ہے اس لیے آپ عبداللہ بن یزید انصاری حاکم کوفہ کے نام سفارشی خط لکھیں۔ اُمید ہے کہ اس طرح میں رہائی حاصل کرنے میں کامیاب ہوجاؤں گا۔ چنانچہ عبداللہ نے فوراً حاکم کوفہ کو مختار کے ساتھ اپنی رشتہ داری کا تذکرہ کرتے ہوئے پرزور الفاظ میں سفارش کی کہ جلد از جلد انہیں رہا کردیا جائے۔ حاکم کوفہ کے پاس یہ سفارش نامہ پہنچا تو اس نے مختار سے خروج نہ کرنے کے متعلق بہت کچھ عہد و پیمان۔ بلکہ اشراف کوفہ سے دس کفیل لینے کے بعد رہائی کے احکام صادر کیے۔[3] مختار جب کہ ابھی زندان میں تھے ان کی بیعت کا سلسلہ تو اسی وقت شروع ہوگیا مگر رہائی کے بعد تو اس سلسلہ نے مزید شدت اختیار کرلی اور اکابر واشراف کوفہ برابر

---

[1] اصدق الاخبار، ص ۲۸۔ فرسان، ج ۲، ص ۲۱۶۔ کامل، ج ۳، ص ۳۲۹۔

[2] فرسان، ج ۲، ص ۲۱۵۔ اصدق، ص ۲۸۔ کامل، ج ۳، ص ۳۵۶۔

[3] فرسان، ج ۲، ص ۲۱۵۔ اصدق، ص ۲۹۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

مختار کے گھر آنے جانے اور ان کی بیعت میں داخل ہونے لگے۔ اور روز بروز ان کی طاقت بڑھنے لگی۔

عبداللہ بن یزید کی بجائے عبداللہ بن مطیع کا تقرر

عبداللہ بن زبیر نے عبداللہ بن یزید گورنر کوفہ و ابراہیم بن محمد امیر خراج کی اس نرم روی یا کمزوری سے متاثر ہو کر ان کو معزول کر کے ان کی جگہ عبداللہ بن مطیع کو نیا گورنر مقرر کیا[1] جو کہ پچیس ماہ رمضان کو کوفہ پہنچا[2]

ابراہیم بن مالک اشتر کی شمولیت

یہ درست ہے کہ مختار کے اعوان و انصار کی تعداد میں روز بروز اضافہ ہو رہا تھا اور بڑے بڑے ممتاز افراد اس تحریک میں شامل ہو رہے تھے۔ مگر مختار چاہتا تھا کہ کسی نہ کسی طرح ابراہیم بن مالک اشتر کو اپنے جماعت میں شامل کرے جو اپنے عظیم باپ کی طرح بہت بہادر و دلیر اور ایک دلآویز و ممتاز شخصیت کا مالک تھا۔ چنانچہ بڑے لطائف الحیل کے ساتھ مختار انہیں اپنی اس تحریک میں شامل کرنے میں کامیاب ہو گئے[3] اور اب برابر طرفین سے باہمی آمد و رفت کا سلسلہ جاری ہو گیا اور ان کی شمولیت کی وجہ سے اس تحریک میں بہت وزن پیدا ہو گیا۔ جو عجمی لوگ کوفہ میں مقیم تھے۔ بوجہ محبت اہل بیتؑ وہ بھی بہت جلد اس مقدس تحریک میں شامل ہو گئے۔ جن کی تعداد بیس ہزار سے بھی متجاوز تھی[4]

جب عبداللہ بن مطیع کو مختار کی خفیہ سرگرمیوں کی اطلاع ملی تو اس نے ایک جمعیت کو بھیجا کہ مختار کو دربار میں لائیں۔ چنانچہ مختار جانے پر تیار ہو گئے مگر جب ابن مطیع کے ہی بعض آدمیوں کے اشارہ سے صورت حال کی نزاکت کا احساس ہوا تو مرض کا بہانہ کر کے حاضر ہونے سے معذرت طلب کی[5] اس طرح اس متوقع آفت سے بال بال بچ گئے۔ جماعت توابین کے برعکس مختار کا خیال یہ تھا کہ انفرادی طور پر چونکہ قاتلانِ حسینؑ کا مرکز کوفہ ہے اس لیے ان سے یہیں نبٹنا چاہیے۔

عملی اقدام کا ہنگام

بہرحال مختار نے جب فضا سازگار کر لی تو شب پنج شنبہ پندرہ و سولہ ربیع الاول ۶۶ھ کی درمیانی شب عملی اقدام کرنے کے لیے تجویز کی۔ جس مکان میں مختار کی رہائش تھی۔ اس کے اردگرد والے مکانوں میں اپنے بکثرت آدمی جمع کر رکھے تھے لیکن پروگرام سے ایک رات پہلے ایک خاص سبب سے اقدام کرنا پڑ گیا۔ ہوا یوں کہ عبداللہ بن

---

[1] طبری، ج ۷، ص ۹۵۔ اصدق، ص ۳۰۔
[2] کامل، ج ۳، ص ۳۵۷۔
[3] اصدق، ص ۳۳۔ کامل، ج ۲، ص ۳۵۸، ۳۵۹۔
[4] فرسان، ج ۲، ص ۲۱۶۔
[5] فرسان، ج ۲، ص ۲۱۶۔ کامل، ج ۳، ص ۳۵۷۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

مطیع (حاکم کوفہ) کو اس کی خفیہ پولیس کے سربراہ ایاس بن مضارب نے اطلاع دی کہ انہی دو راتوں میں مختار خروج کرنے والے ہیں۔ لہٰذا ان مطیع کے حکم سے کوفہ کے تمام بڑے بڑے شارع عاموں کی ناکہ بندی کر دی گئی۔ اور ہر ہر چوک میں فوج کے دستے متعین کر دیئے گئے۔ شب چہار شنبہ یکم ربیع الاول کو ابراہیم بن الاشتر حسب معمول نماز مغرب کے بعد مختار کے پاس آنا چاہتے تھے کہ انہیں اطلاع ملی کہ ابن مطیع نے ناکہ بندی کر دی ہے اور شہر کے سب بڑے بڑے شارع عاموں پر فوج کی بھاری جمعیت مقرر کر دی ہے۔ چنانچہ ابراہیم نے اپنے جنگ آزمودہ سو آدمی ہمراہ لیے اور ان کو اسلحۂ جنگ سے مسلح کر کے اوپر سے عادی کپڑے پہنا دیئے۔ جب وہ اس حال میں روانہ ہوئے تو باب الفیل سے آگے بڑھے ہی تھے کہ راستہ میں ایاس بن مضارب سے مڈبھیڑ ہوگئی جو اپنی پولیس کے ہمراہ وہاں موجود تھا۔

مختصر سوال و جواب کے بعد ایاس نے ابراہیم کو گرفتار کر کے حاکم وقت کے پاس لے جانا چاہا اور ابراہیم نے اسے راستہ چھوڑنے کے لیے کہا مگر جب اس نے راستہ چھوڑنے سے انکار کیا تو ابراہیم نے اچانک بڑے زور سے نیزہ اس کے حلقوم میں پیوست کر دیا جس سے وہ زمین پر گر گیا۔ ابراہیم نے اپنے ایک ہمراہی کو حکم دیا کہ اس کا سر قلم کر لو۔ چنانچہ اس نے بڑھ کر اس کا سر قلم کر لیا۔ یہ ماجرا دیکھ کر ایاس کے آدمی بھاگ نکلے۔ اور ابراہیم ظفریاب ہو کر مختار کے پاس پہنچ گئے۔[1] اور صورت حال کی اطلاع دیتے ہوئے کہا کہ اگرچہ عملی اقدام کے لیے آنے والی رات تجویز ہوئی تھی مگر تازہ صورت حال کے پیش نظر اسی رات اقدام کر دینا چاہیئے۔ مختار ابراہیم کی اس کامیابی کو نیک فال سمجھتے ہوئے خوش ہوئے۔ اور سعید بن منقذ کو حکم دیا کہ سرکلوں (کانوں) کو آگ لگا کر بند کرو۔ اور قدامہ بن مالک و سفیان بن یعلی کو حکم دیا کہ تم اپنا علامتی نعرہ "یا لثارات الحسینؑ" بلند کرو اور عبداللہ بن شداد کو دوسرا علامتی نعرہ "یا منصور امت" کی منادی کرانے کا حکم دیا۔ پھر خود اسلحۂ جنگ سے مسلح ہو کر آمادۂ جنگ ہو گئے۔[2] اور صبح ہونے سے پہلے پہلے ان کے پاس قریباً چار ہزار آدمی جمع ہو چکے تھے۔[3] رات بھر کچھ نہ کچھ زد و خورد کا سلسلہ جاری رہا۔ ادھر ابراہیم جو اس رات مختار سے اجازت لے کر نواحی کوفہ سے اپنے ہم خیال لوگوں کو ہمراہ لینے کے لیے گئے تھے۔ وہ بھی راستہ میں مار دھاڑ کرتے ہوئے اور جاتے آتے راستہ کی رکاوٹیں دور کرتے ہوئے سالماً غانماً واپس مختار کے پاس پہنچ گئے۔ نماز صبح سے قبل ہی مختار کوفہ سے باہر لشکر کی ترتیب سے فارغ ہو چکے تھے۔ ادھر عبداللہ بن مطیع نے بھی حجار بن ابجر اور شبث بن ربعی وغیرہ کی سرکردگی میں لشکر کثیر مقابلہ کے لیے روانہ کیا۔ گھمسان کا رن پڑا۔ مختار و ابراہیم اور ان

---

[1] اصدق، ص ۳۶۔
[2] اصدق، ص ۳۶۔
[3] اصدق، ص ۳۸۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

کے ہمراہیوں نے محیر العقول طور پر داد شجاعت دی اور مخالف کو شکست فاش دی۔ بالآخر عبداللہ بن مطیع قصر الامارہ میں جا کر پناہ لینے پر مجبور ہو گیا۔ ادھر مختار نے جا کر دار الامارہ کا محاصرہ کر لیا۔ کئی روز تک یہ سلسلہ جاری رہا۔ بالآخر ابن مطیع نے خطرہ محسوس کرتے ہوئے راتوں رات وہاں سے نکل کر ابو موسیٰ کے گھر جا کر پناہ لی اور اس کے ساتھیوں نے دروازہ کھول دیا۔ ان لوگوں نے ابراہیم سے امان کی درخواست کی جو منظور کر لی گئی چنانچہ ان لوگوں نے باہر نکل کر مختار کی بیعت کی۔ مختار دار الامارہ میں داخل ہوئے۔ رات دار الامارہ میں ہی گزاری۔ نماز صبح جامع مسجد میں پڑھائی۔ خطبہ کے بعد عام بیعت کا سلسلہ شروع ہوا جو کتاب خدا، سنت رسولؐ، انتقام خون اہل بیتؑ، حمایت مظلوم اور ردِ ظالم پر لی گئی۔[1] اس کے بعد بیت المال کا دروازہ کھولا گیا۔ اس میں کل نو ہزار درہم ملے جو مختار نے سپاہیوں میں تقسیم کر دیئے اور جب مختار کو معلوم ہوا کہ ابن مطیع ابو موسیٰ کے گھر میں پنہاں ہے تو بوجہ قدیمی تعلقات اس کی طرف ایک ہزار درہم بھیج دیئے تاکہ اسے گھر جانے میں سہولت ہو۔ چنانچہ وہ یہ رقم لے کر چلا گیا۔

بعد ازاں مختار اپنی حکومت کے استحکام اور اس کے نظم و نسق کو بحال کرنے کی طرف متوجہ ہوئے۔ چنانچہ ارمینیا، آذربائیجان، موصل، مدائن، حلوان، رائے، ہمدان اور اصفہان میں اپنے عمال و حکام مقرر کئے۔ اس طرح شام و حجاز اور مصر و بصرہ کے علاوہ دیگر تمام اسلامی علاقہ مختار کے زیر نگیں آ گیا۔[2] مختار نے پولیس کا سربراہ عبداللہ بن کامل شاکری اور محافظ فوج کا سربراہ کیسان ابو عمرہ کو مقرر کیا۔[3]

جیسا کہ جماعت توابین کے تذکرہ میں بیان کیا جا چکا ہے کہ مروان نے تخت حکومت پر بیٹھنے کے بعد ابن زیاد کو لشکر جرار دے کر جزیرہ میں بعض لوگوں کی سرکوبی کے لیے بھیجا تھا اور اسے حکم دیا تھا کہ وہاں سے فارغ ہو کر اہل کوفہ کو ان کی مخالفت کا ذائقہ چکھائے مگر اسے کوفہ پہنچنے کی نوبت نہ مل سکی۔ سب سے پہلے اسے سلیمان بن صرد خزاعی کی جماعت کے ساتھ مقابلہ کرنا پڑا۔ اس اثنا میں مروان مر گیا۔ عبدالملک مسند اقتدار پر بیٹھا۔ اس نے بھی ابن زیاد کو اس کے عہدہ پر بحال رکھا۔ جب ابن زیاد جماعت توابین کے مقابلہ سے فارغ ہوا تو پھر اہل جزیرہ یعنی زفر بن الحارث کلابی اور اس کے ساتھ جو قبیلہ قیس غیلان تھا جو کہ ابن زبیر کی اطاعت میں تھے ان سے ٹھن گئی۔ قریباً سال تک ان سے جنگ و جدال کا سلسلہ جاری رہا۔

---

[1] اصدق، ص ۴۳۔ کامل، ج ۳، ص ۳۶۳۔

[2] اصدق الاخبار، ص ۴۴۔ کامل، ج ۳، ص ۳۶۳ وغیرہ۔

[3] اصدق، ص ۴۴۔ کامل، ج ۳، ص ۳۶۴۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

موصل میں مختار کے لشکر کا ابن زیاد کے لشکر سے مقابلہ اور کامیابی

بہرحال جب ابن زیاد ایک سال تک لڑنے کے باوجود اہل جزیرہ پر فتح حاصل نہ کر سکا تو اب اس نے تنگ آ کر ان کا مقابلہ ترک کر کے موصل کا رخ کیا جو کہ مختار کے قبضہ میں تھا۔ جب موصل کے حاکم عبدالرحمٰن بن سعید کو ابن زیاد کے آنے کی اطلاع ملی تو وہ اپنے اندر مقابلہ کی تاب و توانائی نہ پاتے ہوئے تکریت منتقل ہو گیا اور مختار کو صورت حال کی اطلاع دی۔ مختار نے اس کی کمک کے لیے یزید بن انس اسدی کو تین ہزار منتخب شاہسوار دے کر روانہ کیا۔ کوفہ سے باہر نکل کر ان کی مشایعت کی۔ ضروری ہدایات دے کر ان کو روانہ کیا اور بشرط ضرورت مزید کمک دینے کا وعدہ بھی کیا۔[1] یزید منازل سفر طے کرتا ہوا موصل کی سرزمین میں داخل ہوا۔ جب ابن زیاد کو اس کی آمد کی اطلاع ملی تو اس نے اس کے مقابلہ کے لیے بایں ترتیب چھ ہزار کا لشکر بھیجا کہ تین ہزار ربیعہ غنوی کی سرکردگی میں اور تین ہزار عبداللہ بن جملہ خثعمی کی ماتحتی میں۔ ربیعہ ایک دن پہلے روانہ ہوا۔ اور پہلے پہنچا۔ جب یزید بن انس کو اس کی آمد کی اطلاع ملی تو چونکہ وہ بیمار تھا اسے سپاہی گدھے پر سوار کر کے اور پکڑ کر میدان جنگ میں لائے۔ میدان میں پہنچ کر اپنے فوجیوں کو جنگ کی ترغیب و تحریص دلائی اور پھر وہیں ایک چارپائی پر لیٹ گیا۔ اور کہا اب تمہاری مرضی ہے کہ اپنے امیر کے حکم سے لڑو اور اس کی حفاظت کرو۔ یا اسی حالت میں اسے چھوڑ کر چلے جاؤ۔ جب مقابلہ شروع ہوا تو عراقی بڑے بے جگری سے لڑے۔ یہ نو ذی الحجہ بروز عرفہ ۶۶ھ کی صبح کا واقعہ ہے۔ چاشت تک جنگ کا فیصلہ ہو چکا تھا۔ اہل شام کو شکست فاش ہوئی۔ وہ میدان سے بھاگ نکلے اور سردار لشکر ربیعہ مارا گیا۔ جب شامی بھاگ کر واپس جا رہے تھے تو راستہ میں عبداللہ خثعمی سے ملاقات ہوئی۔ جو تین ہزار کا تازہ دم لشکر لے کر آ رہا تھا وہ ان بھگوڑوں کو ہمراہ لے کر واپس پہنچا۔ شب عید گزارنے کے بعد بروز عید الاضحیٰ نماز صبح کے بعد پھر بڑا سخت رن پڑا جو نماز ظہر تک جاری رہا۔ فریقین نے نماز ظہر پڑھی اور پھر میدان کارزار گرم ہو گیا۔ تھوڑی دیر نہ گزری تھی کہ اہل شام نے میدان سے فرار اختیار کیا۔ لشکر شام کا سردار عبداللہ مارا گیا۔ تین سو شامی قید کیے گئے جو بعد میں یزید بن انس کے حکم سے قتل کر دیے گئے۔ اس کے بعد خود یزید بن انس کا بھی طبعی موت سے انتقال ہو گیا۔ ورقہ بن عازب نے نماز جنازہ پڑھائی۔ پھر ان کو اعزاز و احترام کے ساتھ دفن کر دیا گیا۔[2]

یزید بن انس نے اپنی موت سے پہلے ورقاء بن عازب کو اپنا نائب نامزد کر دیا تھا۔ ورقاء کو اطلاع ملی کہ ابن زیاد اسی ہزار کا لشکر جرار لے کر اس طرف کا رخ کر رہا ہے۔ اس نے اپنے ساتھیوں سے مشورہ کیا کہ ہم اتنے بڑے لشکر کا مقابلہ نہیں کر سکتے۔ بہتر یہ ہے کہ واپس چلیں۔ دشمن یہی سمجھے گا کہ ہم اپنے سردار کی موت کی وجہ سے واپس جا

---

[1] کامل، ج ۳، ص ۳۶۴۔ اصدق، ص ۴۵۔ [2] اصدق الاخبار، ص ۴۶۔ کامل، ج ۳، ص ۳۶۵۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

رہے ہیں۔ نہ اس سے ڈر کر۔ ہمراہیوں نے بھی اس کی اس رائے سے اتفاق کیا۔ چنانچہ وہ واپس چلے گئے۔ جب مختار کو تازہ صورت حال کی اطلاع ملی تو انہوں نے ابراہیم بن مالک اشتر کو ایک لشکر جرار دے کر ابن زیاد کے مقابلے کے لیے روانہ کیا اور ساتھ ہی یہ حکم دیا کہ جب راستہ میں کہیں یزید بن انس والا لشکر مل جائے تو تم اس کے بھی سردار ہو کر ان کو بھی اپنی فوج میں شامل کر لینا۔[1]

کوفہ کے بعض شر پسند عناصر کی شورش

قاتلانِ امامؑ میں سے جو سر برآوردہ لوگ کوفہ میں تھے وہ مختار سے خائف و ترساں تو تھے ہی۔ چنانچہ شبث بن ربعی، محمد بن اشعث اور شمر وغیرہ نے جب دیکھا کہ اس وقت مختار کے پاس بالکل تھوڑا سا لشکر ہے تو انہوں نے بغاوت کر دی۔ لشکر مختار نے دفع الوقتی کے طور پر معمولی مقابلہ جاری رکھا اور کسی معتمد آدمی کے ذریعہ ابراہیم کو صورت حال کی اطلاع دیتے ہوئے پیغام بھیجا کہ فوراً اپنے لشکر سمیت کوفہ پہنچو۔ اس وقت ابراہیم مقام حمام اعین سے روانہ ہو کر مقام ساباط میں پہنچ چکے تھے۔ چنانچہ جب ابراہیم کو اس نازک صورت حال کی اطلاع ملی تو وہ لشکر لے کر اچانک صاعقہ شرر بار کی طرح اہل کوفہ پر آ گرا اور جو لوگ مختار سے برسر پیکار تھے ان کو شکست فاش دے کر پانچ سو آدمی قید کر کے مختار کے پاس لایا۔ مختار نے حکم دیا کہ مجھے بتاتے جاؤ کہ ان میں سے کون کون سے لوگ قتل امامؑ میں شریک تھے؟ ان کے علاوہ باقی کو چھوڑ دو۔ چنانچہ ان میں سے دو سو اڑتالیس آدمی تہہ تیغ کر دیئے گئے اور دوسروں کو کسی قسم کی شورش اور ہنگامہ آرائی نہ کرنے کا عہد و پیمان لے کر چھوڑ دیا۔[2]

SIBTAIN.COM
Presented By: www.jafrilibrary.com

تکمیل مقصد کا ہنگام آ گیا

اب قدرت قاتلان امامؑ کو مزید ڈھیل نہیں دینا چاہتی تھی۔ ان کو ان کے کیفر کردار تک پہنچانے کا وقت آ گیا تھا۔ مختار نے اعلان کرایا کہ جو شخص بھی اپنے گھر کا دروازہ بند کر کے بیٹھ جائے گا اسے امان ہے سوائے ان لوگوں کے جو قتل امامؑ میں شریک ہو چکے ہیں۔[3]

قاتلانِ حسینؑ کے گھروں کا ڈھایا جانا

بعد ازاں مختار نے پولیس کے افسر اعلیٰ ابو عمرہ کو حکم دیا کہ ایک ہزار بیلچہ دار مزدور ہمراہ لے کر کوفہ میں گشت کرو اور جن جن لوگوں نے امام حسینؑ کے خلاف جنگ میں شرکت کی ہے ان کے مکانات مسمار کر دو۔ چنانچہ ابو عمرہ نے ایسا ہی کیا اور بہت سے لوگوں کے مکانات منہدم کروا دیئے اور ان کے اموال اپنے اہل عجم لشکریوں میں تقسیم کرا

---

[1] اصدق الاخبار، ص ۴۷۔ کامل، ج ۳، ص ۳۶۵۔
[2] اصدق، ص ۴۹۔ کامل، ج ۳، ص ۳۶۸۔
[3] اصدق، ص ۴۹۔ کامل، ج ۳، ص ۳۶۸۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

دیئے۔ اور اس اثنا میں سے قاتلین حسینؑ میں سے جو شخص گھر میں ملا اسے فوراً واصل جہنم کر دیا۔[1]

سید الشہداءؑ کی لاش مقدس پامال کرنے والوں کا قتل کرنا

قاتلین سید الشہداءؑ میں سے جنہیں مختار نے سب سے پہلے قتل کیا وہ دس نفر تھے جنہوں نے بعد از شہادت جناب سید الشہداءؑ کے بدن مقدس پر گھوڑے دوڑائے تھے۔ مختار نے ان کو پشتوں کے بل لٹا دیا۔ اور ان کے ہاتھوں اور پاؤں میں لوہے کی میخیں گاڑ کر اوپر گھوڑے دوڑائے پھر ان کے نجس بدنوں کو نذر آتش کر دیا۔[2]

عمرو بن الحجاج زبیدی کا قتل

یہ وہی ملعون ہے جو نہر فرات پر متعین شدہ فوج کا افسر تھا۔ جس کی شدت گرفت کی وجہ سے ساقی حوض کوثر کا کنبہ دریائے فرات کے کنارے العطش العطش کرتے ہوئے شہید کر دیا گیا۔ اس ملعون کے قتل کی کیفیت میں قدرے اختلاف ہے۔ بعض نے کہا ہے کہ گھوڑے پر سوار ہوا۔ بجانب "واقصہ" روانہ ہوا۔ پھر معلوم نہ ہو سکا کہ کہاں گیا؟ بعض نے کہا ہے کہ مختار کے آدمی اس کا تعاقب کرتے ہوئے اس کے پاس اس وقت پہنچے جب کہ وہ شدت پیاس سے نڈھال ہو کر گر پڑا تھا۔ انہوں نے اس کا سر قلم کر لیا اور لے جا کر مختار کے سامنے پیش کیا۔[3] اور بعض نے یہ ذکر کیا ہے کہ اس ملعون نے اندیشہ قتل کے ماتحت بصرہ کی طرف راہ فرار اختیار کی۔ راستہ میں اہل شراف کے ہاں پناہ گزین ہونا چاہا مگر ان لوگوں نے مختار کے خوف سے پناہ نہ دی۔ مایوس ہو کر چلا۔ اس کے چلے جانے کے بعد ان لوگوں نے اسے پناہ نہ دینے پر افسوس کیا۔ اور چند آدمی گھوڑوں پر سوار ہو کر ان کے پیچھے دوڑے کہ اسے واپس لائیں۔ جب عمرو نے ان کو اس طرح آتے دیکھا تو اس نے یہ خیال کیا کہ یہ مختار کے آدمی ہیں اس لیے بنی کلب و طئے کے شہروں کے درمیان بمقام بیضہ ریتلی جگہ پر عین شدت گرما کے وقت گھوڑا ڈال دیا۔ اور بالآخر پیاس کے غلبہ سے روح داروغۂ جہنم کے حوالہ کر دی اس طرح خدا نے اسے پیاسا ہلاک کیا۔ و لعذاب الآخرۃ اشد و ابقی۔[4]

خولی بن یزید اصبحی کا قتل

یہ وہی ملعون ہے جو کربلا سے سید الشہداءؑ کا سر اقدس کوفہ لایا تھا۔ اور رات اپنے گھر تنور میں یا بروایتے طشت رخت شوئی کے نیچے رکھا تھا۔ جب اس کی زوجہ نوار (کامل، ج ۳، ص ۳۷۰ اور تقمام، ص ۶۲۶ پر اس کا نام عیوف بنت مالک لکھا ہے) کو جو خاندان نبوتؐ سے محبت رکھتی تھی پتہ چلا تو اس نے اس شقی کو زجر و توبیخ کرتے

---

[1] فرسان، ج ۲، ص ۲۲۰۔ اصدق الاخبار، ص ۵۰۔
[2] اصدق، ص ۵۰۔
[3] کامل، ج ۳، ص ۳۶۸۔
[4] صدوق، ص ۵۰۔ فرسان، ج ۲، ص ۲۲۱۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

ہوئے کہا کہ لوگ مال و زر لائے ہیں اور تم فرزند رسولؐ کا سر لائے ہو؟ پھر عہد کیا تھا کہ میں تمہارے ساتھ ایک چھت کے نیچے جمع نہیں ہوں گی۔ بہر حال جب مختار کے آدمی اس کی طلب میں اس کے گھر پہنچے تو یہ بدبخت بیت الخلاء میں ایک ٹوکری کے نیچے چھپ گیا۔ جب ان آدمیوں نے "نوار" سے دریافت کیا کہ وہ کہاں ہے؟ تو اس نے زبان سے تو یہ کہا کہ مجھے معلوم نہیں مگر ہاتھ سے بیت الخلاء کی طرف اشارہ کر دیا۔ چنانچہ اسے گرفتار کر لیا گیا۔ پھر مختار کے پاس لے جایا جا رہا تھا کہ راستہ میں مختار سے ملاقات ہوگئی۔ انہوں نے حکم دیا کہ اسے اپنے گھر کے سامنے لے جا کر قتل کر دو چنانچہ ایسا ہی کیا گیا۔ اس وقت مختار بھی موجود تھے۔ انہی کے حکم سے قتل کے بعد اس کی نجس لاش کو نذر آتش کیا گیا۔ اور اس وقت مختار نے وہاں سے اس وقت حرکت کی جب وہ جل کر خاکستر ہوگئی۔[1] خسر الدنیا و الاخرۃ۔

حکیم بن طفیل کا قتل

یہ وہی ملعون ہے جس نے جناب ابوالفضلؑ کی شہادت کے بعد ان کا لباس اتارا تھا اور جناب سید الشہداء علیہ السلام کو تیر مارا تھا۔ مختار نے عبداللہ بن کامل کو ایک جماعت کے ساتھ اس کی گرفتاری کے لیے بھیجا چنانچہ انہوں نے جا کر اسے گرفتار کر لیا۔ اس کی عورت عدی بن حاتم کے پاس چلی گئی تا کہ ان سے مختار کے پاس اپنے شوہر کی سفارش کی استدعا کرے۔ جب ابن کامل کو اس امر کی اطلاع ملی تو محض اس اندیشہ سے کہ مبادا عدی اس کی سفارش کریں اس نے راستہ ہی میں اس ملعون کا کام اس طرح تمام کر دیا کہ اس کے کپڑے اتروا کر اس پر اس قدر تیر برسائے کہ اس کا بدن چھلنی ہوگیا اور بالآخر اس طرح جہنم رسید ہوا۔[2]

مالک بن نسر (بسر) جہنی اور اس کے دو ساتھیوں کا قتل

یہ وہی ملعون ہے جس نے روز عاشوراء جناب سید الشہداءؑ کے حق میں بعض نازیبا کلمات استعمال کیے تھے اور آپ کے فرق اقدس پر تلوار کا ایسا وار کیا تھا جس سے آنجنابؑ کا سر شگافتہ ہوگیا اور جب آپ کی وہ ٹوپی جو آپ نے زیر عمامہ پہنی ہوئی تھی خون سے تر ہوگئی تھی تو جناب نے اتار کر پھینک دی تھی جسے یہ شقی اٹھا کر گھر لے گیا تھا۔ بہر حال مختار کو اطلاع دی گئی کہ یہ شقی عبداللہ بن اسید جہنی اور حمل بن مالک محاربی (جو کہ جناب مظلوم کربلا کے قتل میں شریک تھے) سمیت قادسیہ میں قیام پذیر ہے مختار نے مالک بن عمرو نہدی کو جو کہ آپ کے اصحاب کبار میں سے تھا۔ ایک جماعت کے ساتھ ان کی گرفتاری کے لیے قادسیہ بھیجا۔ چنانچہ وہ انہیں گرفتار کر کے عشاء کے وقت مختار کے پاس لائے! مختار نے ان سے کہا۔ اے خدا و رسول، کتاب اور اہل بیت رسول کے دشمنو! تمہیں شرم نہ آئی کہ ان لوگوں کو

---

[1] اصدق، ص ۵۱۔ فرسان، ج ۲، ص ۲۲۲۔ کامل، ج ۳، ص ۳۷۰۔

[2] فرسان، ج ۲، ص ۲۲۲۔ اصدق، ص ۵۱۔ کامل، ج ۳، ص ۳۷۱۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

شہید کیا جن پر نماز میں درود وسلام بھیجنے کا حکم ہے؟ انہوں نے جواب میں کہا: ہم پر احسان کر کے چھوڑ دو کیونکہ ہمیں مجبور کر کے ان کے خلاف لڑنے کے لیے بھیجا گیا تھا۔ مختار نے کہا: تم نے حسینؑ پر کیوں احسان نہ کیا تھا؟ پھر مالک بن نسر کو خطاب کر کے کہا: کیا تم وہی شخص ہو جس نے امام حسینؑ کے فرق اقدس پر تلوار ماری تھی۔ اور ان کی ٹوپی لے گیا تھا؟ بعض حاضرین نے کہا: ہاں ہاں یہ وہی ہے! پھر مختار نے حکم دیا کہ اس کے ہاتھ اور پاؤں کاٹ دیے جائیں چنانچہ ایسا ہی کیا گیا یہاں تک کہ وہ ملعون تڑپ تڑپ کر واصل جہنم ہو گیا اس کے بعد اس کے دوسرے دونوں ساتھیوں کو بھی موت کے گھاٹ اتار دیا گیا۔[1]

شمر بن ذی الجوشن کا قتل

جن لوگوں کی واقعات کربلا پر نگاہ ہے ان کے لیے یہ منحوس نام کوئی اجنبی نہیں ہے یہ وہی ملعون ہے جس نے کند شمشیر کی بارہ ضربوں سے جوانان جنت کے سردار کا سر تن سے جدا کیا تھا اور یہی وہ شقی ازلی ہے جس نے صرف امام حسین علیہ السلام کے بچوں کو نہیں بلکہ پورے عالم اسلام کے تمام زن و مرد اور خورد و کلاں کو یتیم و بے نور کیا تھا۔ اس شقی ازلی کے واصل جہنم ہونے کی کیفیت میں کافی اختلاف ہے جو کچھ عاشر بحار میں امالی شیخ طوسیؒ کے حوالہ سے مرقوم ہے اس کا خلاصہ یہ ہے کہ جب شمر نے کوفہ سے چند آدمیوں سمیت[2] بصرہ کی طرف) راہ فرار اختیار کی تو مختار نے ابو عمرہ کو ایک جماعت کے ساتھ (جن کی تعداد ایک سو تھی)[3] اس کی تلاش میں بھیجا چنانچہ راستہ میں اس سے مڈبھیڑ ہو گئی۔ سخت خونریز جنگ لڑنے اور زخموں سے چور چور ہو جانے کے بعد اسے گرفتار کر کے مختار کے دربار میں لایا گیا۔ مختار نے حکم دیا کہ تیل کی دیگ گرم کی جائے۔ گرم ہونے کے بعد اس شقی کو اس میں ڈال دیا گیا۔ یہاں تک کہ بالکل نیست و نابود ہو گیا۔ ﴿وباء فی الدنیا قبل الآخرة بالذل و سوء العذاب﴾ نیز اس کے ہمراہیوں کو بھی تہہ تیغ کیا اور ان کے سر قلم کر کے مقام ''رحبۂ خدابین'' میں سولی پر لٹکا دیے گئے۔[4]

حرملہ بن کاہل اسدی کا قتل

یہ وہی ملعون ہے جس نے تیر سہ شعبہ سے شہزادہ علی اصغرؑ کی شمع حیات کو گل کیا تھا۔ منہال بن عمرو روایت کرتے ہیں کہ میں مکہ سے واپسی (مدینہ میں) امام زین العابدین علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوا۔ امامؑ نے فرمایا: حرملہ بن کاہل اسدی کا کیا بنا؟ میں نے عرض کیا کہ میں اسے زندہ کوفہ میں چھوڑ آیا ہوں۔ امامؑ نے آسمان کی طرف دست دعا بلند کر کے کہا: ﴿اللّٰھم اذقه حرّ الحدید اللّٰھم اذقه حرّ النار﴾ خداوندا! اسے لوہے اور آگ کا ذائقہ

---

[1] فرسان، ج ۲، ص ۲۲۳۔ تقام، ص ۶۲۶۔ کامل، ج ۳، ص ۳۶۹۔

[2] فرسان، ج ۲، ص ۲۲۴۔

[3] فرسان، ج ۲، ص ۲۲۴۔

[4] عاشر بحار، ج ۲۷۹۔ فرسان، ج ۲، ص ۲۲۴۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

چکھا! جب میں واپس کوفہ پہنچا تو اس وقت مختار نے خروج کیا ہوا تھا۔ چونکہ میرے ان کے درمیان قدیمانہ راہِ رسم محبت تھی۔ لہٰذا چند روز کے بعد ان سے ملنے کے لیے گیا۔ اس وقت مختار گھر سے باہر آ رہے تھے۔ مجھ سے دریافت کیا: اب تک کہاں رہے ہو؟ نہ ہماری امارت میں شریک ہوئے نہ ہی ہمیں مبارک باد دی۔ میں نے بتایا کہ میں مکہ گیا ہوا تھا۔ اب آیا ہوں۔ پھر میں ان کے ہمراہ چلنے لگا۔ جب کناسہ کے مقام پر پہنچا تو وہاں اس طرح رک گئے جیسے کسی کا انتظار کر رہے ہوں۔ زیادہ دیر نہ گزری تھی کہ ایک جماعت آئی اور کہا: ﴿ایھا الامیر! البشارۃ، البشارۃ﴾ حرملہ کو لایا جا رہا ہے چنانچہ جب اسے حاضر کیا گیا تو مختار نے خوش ہو کر کہا: ﴿الحمد للہ الذی مکننی منک﴾ خدا کا شکر ہے جس نے مجھے تم پر غلبہ دیا۔ پھر جزار (قصاب) طلب کیا۔ اسے حاضر کیا گیا۔ حکم دیا: پہلے ایک ایک کر کے اس کی انگلیاں کاٹی جائیں۔ چنانچہ ایسا ہی کیا گیا۔ پھر اس کے ہاتھ اور پاؤں کاٹے گئے۔ بعد ازاں دوسرے اعضاء و جوارح کے ٹکڑے ٹکڑے کیے گئے۔ پھر آگ روشن کر کے اس کے نجس بدن کو اس میں ڈال دیا گیا یہاں تک کہ جل کر بالکل خاکستر ہو گیا۔ منہال کہتا ہے میں نے یہ واقعہ دیکھ کر صدائے تکبیر و تسبیح بلند کی۔

مختار نے اس تعجب خیز تکبیر و تسبیح کا سبب دریافت کیا۔ میں نے امام زین العابدینؑ کی ملاقات والا تمام واقعہ کہہ سنایا یہ سنتے ہی مختار گھوڑے سے اتر آئے۔ دو رکعت نماز پڑھی پھر طویل سجدۂ شکر ادا کیا۔ پھر گھوڑے پر سوار ہوئے۔ واپسی پر جب میرے گھر کے پاس سے گزرنے لگے تو میں نے دعوت طعام دی۔ مختار نے کہا کہ تم نے ہی تو مجھے اطلاع دی ہے کہ میرے آقا علی بن الحسینؑ نے اس طرح دعا فرمائی تھی۔ جب خداوند عالم نے ان کی اس دعا کو میرے ہاتھوں پر مستجاب فرمایا ہے تو تم مجھے دعوت طعام دیتے ہو؟ میں کس طرح آج کھانا کھا سکتا ہوں۔ میں نے تو اس نعمت کے شکریہ میں روزہ کی نیت کر لی ہے۔ منہال کہتے ہیں: میں نے کہا خدا آپ کو موفق فرمائے۔[1]

سید الشہداءؑ کا ورس لوٹنے والے چند آدمیوں کا قتل

مختار نے ان لوگوں کی گرفتاری کے لیے اپنے آدمی بھیجے جنہوں نے دوسرے سامان کے علاوہ جناب سید الشہداءؑ کا ورس (یمن میں اگنے والا خوشبودار گھاس) لوٹا تھا کہ من جملہ ان کے زیاد بن مالک جنبعی، عمرو بن خالد غنوی، عبدالرحمٰن بن ابی خشکارہ بجلی اور عبداللہ بن قیس خولانی تھے جب ان کو پکڑ کر مختار کے سامنے لایا گیا تو مختار نے کہا: اے خدا کے نیک بندوں اور جوانانِ جنت کے سردار کو قتل کرنے والو! دیکھو خدا نے تم سے کس طرح انتقام لیا ہے معلوم ہوتا ہے کہ ورس تمہارے قبضہ میں کسی نحس دن میں آیا تھا پھر حکم دیا کہ ان کو بازار میں لے جا کر قتل کر دیا جائے چنانچہ وہاں

---

[1] تنقیح، ص ۶۲۸۔ فرسان، ج ۲، ص ۲۲۷۔ اصدق، ص ۵۵۔ عاشر بحار، ص ۲۷۸ وغیرہ۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

لے جا کر ان کو واصل جہنم کیا گیا۔[1]

حضرت امام حسینؑ کے قاتلوں میں سے ایک جماعت کا قتل

مختار کے آدمی ان لوگوں کو پکڑ کر لائے جنہوں نے سید الشہداءؑ اور آپ کے اعزا و انصار کی شہادت میں حصہ لیا تھا۔ من جملہ ان کے ایک ابو الحتوف جعفی بھی تھا جس نے آنجنابؑ کی پیشانی اقدس پر تیر مارا تھا۔ دوسرا ابو قدامہ عامری جس نے جناب کے قلب و جگر پر وہ سخت تیر مارا تھا جسے آپؑ نے پس پشت سے کھینچا تھا۔ تیسرا صالح بن وہب تھا جس نے آپؑ کے پہلو میں نیزہ مارا تھا۔ چوتھا ابجر بن کعب تھا جس نے شہزادہ عبداللہ بن الحسنؑ کے بازو پر تلوار ماری تھی جس سے ہڈی کٹ گئی تھی۔ پانچواں ابو ایوب غنوی تھا جس نے تیر سے آنجنابؑ کے حلقوم کو زخمی کیا تھا۔ چھٹے اور ساتویں نصر بن خرشہ اور عمرو بن خلیفہ جعفی تھے جنہوں نے آنجنابؑ کو زخمی کیا تھا۔ آٹھویں اور نویں عبداللہ و عبدالرحمٰن پسران صلخت اور دسویں اور گیارہویں عثمان بن خالد و بشر بن حوط (سوط) تھے۔ جنہوں نے عبدالرحمٰن بن عقیل کو شہید کیا تھا۔ ان سب کو جناب مختار کے حکم سے سر بازار بڑی ذلت و خواری کے ساتھ واصل جہنم کیا گیا اور پھر ان کی نجس لاشوں کو نذر آتش کر دیا گیا۔[2]

عمر بن سعد کا قتل

جن دنوں مختار نے خروج کیا تھا اور ان کی حکومت قائم ہو گئی تھی۔ عمر بن سعد ملعون روپوش ہو گیا تھا پھر کسی طرح عبداللہ بن جعدہ بن ہبیرہ کے ذریعہ سے جو کہ مختار کا مقرب بارگاہ تھا۔ مختار سے اپنے لیے امان نامہ حاصل کرنے میں کامیاب ہو گیا تھا مگر مختار نے امان نامہ میں کچھ ایسے ذو معنی الفاظ درج کئے تھے جن کی وجہ سے مناسب وقت پر اس ملعون کے نجس وجود سے زمین کو پاک کر سکتے تھے چنانچہ بعد ازاں وہ ظاہر ہو گیا اور گاہ بگاہ مختار کے دربار میں آنے جانے لگا۔ چند یوم کے بعد مختار نے حسب عادت مسجع الفاظ میں اعلان کیا: ﴿لاقتلن غداً رجلاً عظیم القدمین. غائر العینین مشرف الحاجبین یهمز الارض برجله یسّر قتله المؤمنین و الملائکة المقربین﴾ چونکہ یہ صفات بظاہر ابن سعد پر منطبق ہوتی تھیں اس لیے حاضرین میں سے ایک شخص (ہیثم نخعی) نے حقیقت حال سے مطلع ہو کر اپنے بیٹے (عربان) کو ابن سعد کے پاس بھیجا۔ چنانچہ ملعون صورت حال سے مطلع ہوا تو آدھی رات کے وقت گھوڑے پر سوار ہو کر راہ فرار اختیار کر لی مگر کچھ مسافت طے کرنے کے بعد زین کے قربوس پر سر رکھ کر سو گیا۔ اس کا سونا تھا کہ گھوڑا اسے واپس کوفہ لے آیا۔ جب آنکھ کھلی تو اپنے تئیں کوفہ کے محلوں میں پایا۔ پھر

---

[1] فرسان، ج ۲، ص ۲۲۸۔ اصدق، ص ۵۵۔ کامل، ج ۳، ص ۳۷۰۔

[2] فرسان، ج ۲، ص ۲۲۷۔ اصدق، ص ۵۵، ۵۶۔ کامل، ج ۳، ص ۳۷۰۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

جلدی سے اپنے گھر میں داخل ہوگیا۔ بقول مرزبانی جب ابن سعد کو مختار کے اس اعلان کی اطلاع ملی کہ میں کل فلاں فلاں صفات والے شخص کو قتل کروں گا تو اس نے بنی تمیم کے ایک بہادر مالک نامی آدمی کو چار سو دینار دے کر ہمراہ لیا اور راہِ فرار اختیار کی۔ جب مقام حمام، اعین و نہر عبدالرحمٰن پر پہنچا تو مالک سے کہا: تمہیں کچھ معلوم ہے کہ میں کوفہ سے کیوں نکلا ہوں؟ مالک نے کہا: نہیں۔ ابن سعد نے کہا: میں مختار سے خائف ہوں۔ یہ سن کر مالک نے کہا: تو نے یہ اقدام کر کے سخت غلطی کی ہے۔ تیرا یہ خیال غلط ہے۔ مختار تجھے ہرگز قتل نہیں کرتا۔ لیکن اگر اسے تیرے فرار کی اطلاع ملی تو وہ تیرے مکانات مسمار کر دے گا اور جائیداد ضبط کر لے گا۔ ابن سعد اس کی باتوں آ گیا اور واپس کوفہ چلا آیا مگر آتے ہی یہ احتیاطی کارروائی کی کہ اپنے لڑکے حفص کو مختار کے پاس تجدید عہد کے لیے بھیجا۔ چنانچہ حفص نے مختار کے پاس جا کر کہا کہ میرا باپ کہتا ہے کہ آیا میں حسب سابق امان میں ہوں؟ مختار نے کہا: تیرا باپ ہے کہاں؟ حفص نے کہا: گھر میں ہے۔ مختار نے کہا: بیٹھ جاؤ۔ حفص بیٹھ گیا۔ پھر مختار نے ابوعمرہ کو بلا کر اس کے کان میں کہا: عمر بن سعد کے گھر جاؤ۔ اور اسے جس حال میں پاؤ قتل کر دو اور اس کا سر میرے پاس لاؤ۔ چنانچہ ابوعمرہ حسب الحکم اس کے گھر پہنچا۔ دیکھا کہ ابن سعد شب خوابی کے کپڑوں میں رخت خواب پر بیٹھا ہے۔ ابوعمرہ نے کہا: تمہیں حاکم (مختار) نے یاد کیا ہے۔ پسر سعد اٹھنے لگا مگر پاؤں کپڑے کے ساتھ الجھا۔ جس کی وجہ سے گر پڑا۔ ابوعمرہ نے اسی وقت تلوار میان سے نکالی اور اس کا سر تن سے جدا کر دیا۔ اس طرح جناب سید الشہداؑ کی ابن سعد کے متعلق بددعا پوری ہوگئی کہ خدا تجھ پر ایسے شخص کو مسلط کرے جو تجھے تیرے رخت خواب میں ذبح کرے۔ بہرکیف ابوعمرہ نے پسر سعد کا سر مختار کے پاس حاضر کیا۔ مختار نے حفص سے کہا: آیا اس سر کو پہچانتے ہو۔ حفص نے کہا: ہاں! اس کے بعد اب زندگانی دنیا میں کوئی خیر و خوبی نہیں ہے۔ مختار نے کہا: تو نے سچ کہا ہے۔ پھر حکم دیا کہ اسے بھی اپنے باپ کے ساتھ ملحق کر دو۔ چنانچہ ایسا ہی کیا گیا۔ اس وقت مختار نے کہا: آیا عمر بن سعد حسینؑ کی جگہ اور حفص علی اکبرؑ کی جگہ ہو سکتا ہے؟ پھر خود ہی کہا: نہ بخدا! اگر میں قریش کی ایک تہائی بھی تہہ تیغ کر دوں تو بھی یہ لوگ حسینؑ کی ایک انگلی کے برابر بھی نہیں ہو سکتے! بعد ازاں مختار نے ابن سعد کا سر محمد بن الحنفیہ کے پاس مدینہ بھجوا دیا کیونکہ موصوف نے ابن سعد کو ڈھیل دینے پر مختار کی کچھ سرزنش کی۔ جب ملعون ابن سعد کا سر محمد بن الحنفیہ کے پاس پہنچا تو سجدۂ شکر ادا کیا اور مختار کے حق میں دعائے خیر کی۔[1]

بجدل بن سلیم کلبی کا قتل

یہ وہی ملعون ہے جس کے متعلق مشہور ہے کہ اس نے جناب سید الشہداؑ کی انگوٹھی اتاری تھی اور اس کی

---

[1] فرسان، ج ۲، ص ۲۳۰۔ اصدق، ص ۵۹۔ تقام، ص ۶۳۲۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

خاطر آنجنابؑ کی انگلی قطع کی تھی۔ مختار کے حکم سے پہلے اس کی انگلیاں کاٹی گئیں، پھر ہاتھ اور پاؤں قلم کیے گئے اور وہ شقی اسی حالت میں تڑپ تڑپ کر واصل جہنم ہو گیا۔[1]

زید بن رقاد کا قتل

یہ وہی ملعون ہے جس نے ابی مخنف کے بیان کے مطابق شہزادہ عبداللہ بن مسلم کی پیشانی پر تاک کر تیر مارا تھا اور جب شہزادہ نے حفاظت کے لیے (۔۔۔) ہاتھ بلند کیا۔ تو وہ پیشانی کے ساتھ چھد گیا۔ مختار نے عبداللہ بن کامل کو اس کی گرفتاری کے لیے بھیجا۔ عبداللہ نے اپنے آدمیوں سمیت جا کر اس کے گھر کو گھیرے میں لیا۔ ناچار زید شمشیر برہنہ بکف ہو کر نکل آیا۔ مختار کے آدمی اس پر حملہ آور ہوئے۔ ابن کامل نے کہا: اسے تلواریں نہ مارو بلکہ صرف تیروں اور پتھروں کا نشانہ بناؤ۔ چنانچہ اس پر اس قدر تیر و پتھر برسائے گئے کہ ملعون گر پڑا ہنوز زندہ تھا کہ آتش جہنم سے پہلے اسے آتش دنیا کے حوالہ کر دیا گیا جس سے بہت جلد اس کی روح داروغۂ جہنم کے پاس پہنچ گئی۔[2]

عمرو بن صبیح (صدائی صیداوی) کا قتل

ابومخنف کے علاوہ دوسرے عام ارباب مقاتل کے بیان کے مطابق شہزادہ عبداللہ بن مسلم کو اسی ملعون نے مذکورہ بالا کیفیت سے تیر مارا تھا۔ ایک بیان کے مطابق رات کے وقت جبکہ عام لوگ سو چکے تھے۔ مختار کے آدمی اس ملعون کی گرفتاری کے لیے اس کے گھر پہنچے۔ یہ مکان کی چھت پر سویا ہوا تھا۔ اور تلوار سر کے نیچے تھی۔ اسے تلوار سمیت گرفتار کر کے مختار کے پاس لایا گیا۔ اس نے کہا: میں نے صرف اصحاب حسینؑ کو نیزے مارے تھے مگر کوئی آدمی قتل نہیں کیا تھا۔ مختار نے صبح تک اسے قید رکھا۔ صبح ہونے پر لوگوں کو حاضر ہونے کا اذن عام دیا۔ پھر حکم دیا کہ اسے اس قدر نیزے مارو کہ ہلاک ہو جائے۔ چنانچہ ایسا ہی کیا گیا جس سے وہ جہنم رسید ہو گیا۔[3]

قیس بن اشعث بن قیس کا قتل

یہ وہی ملعون ہے جس نے سید الشہداءؑ کی شہادت کے بعد آپ کی چادر اتاری تھی۔ دینوری کے بیان کے مطابق اس نے عبداللہ بن کامل کے پاس پناہ لے لی تھی۔ عبداللہ نے مختار سے اس کا تذکرہ کیا تھا۔ مختار نے کوئی جواب نہ دیا۔ پھر باتوں باتوں میں عبداللہ سے کہا: اپنی انگوٹھی تو دکھاؤ۔ عبداللہ نے انگوٹھی اتار کر دکھائی۔ مختار نے اپنی انگشت میں پہن لی۔ پھر ابن کامل کو کسی کام کے لیے بھیج دیا۔ اور ابوعمرہ کو بلا کر کہا کہ ابن کامل کے گھر جاؤ اور اس کی

---

[1] فرسان، ج ۲، ص ۲۳۱۔ اصدق، ص ۶۰۔

[2] فرسان، ج ۲، ص ۲۳۰۔ اصدق، ص ۵۹۔ کامل، ج ۳، ص ۳۷۱۔

[3] فرسان، ج ۲، ص ۲۳۲۔ اصدق، ص ۶۰۔ کامل، ج ۳، ص ۳۷۱۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

زوجہ کو اس کے شوہر کی یہ انگوٹھی بطور علامت دکھا کر کہو کہ میں قیس بن اشعث کو مل کر اس سے کچھ ایسی باتیں بتانا چاہتا ہوں کہ وہ مختار کے گزند سے محفوظ ہو جائے پھر جب قیس ملے تو فوراً اس کا سر قلم کر کے میرے پاس لاؤ۔ چنانچہ ابو عمرہ نے حسب ہدایت ایسا ہی کیا اور جب اس کا سر قلم کر کے مختار کے سامنے پیش کیا۔ تو مختار نے کہا: ﴿ھذا بقطیفة الحسینؑ﴾ (یہ حسینؑ کی چادر کا بدلہ ہے) اس وقت ابن کامل موجود تھا۔ اس نے شکوہ کے انداز میں مختار سے کہا: تم نے اس شخص کو قتل کیا جو میری پناہ میں تھا؟ مختار نے کہا: چپ رہو! کیا تم اس بات کو جائز سمجھتے ہو کہ قاتلین حسینؑ کو پناہ دو۔[1]

سنان بن انس نخعی کا قتل

یہ وہی ملعون ہے جس نے روز عاشوراء اور جنایات کثیرہ کے علاوہ سید الشہداءؑ کو سخت کاری نیزہ مارا تھا بلکہ بہت سے علماء کے نزدیک آنجنابؑ کا قاتل بھی یہی شقی ازلی ہے۔ مختار نے ایک جماعت کو اس کی گرفتاری کے لیے بھیجا۔ معلوم ہوا کہ وہ بصرہ کی طرف فرار ہو گیا۔ مختار کو یہ معلوم کر کے بہت افسوس ہوا۔ اس کا گھر تباہ کر دیا۔ اور اس کا سراغ لگانے کے لیے کچھ جاسوس مقرر کیے۔ چنانچہ چند یوم کے بعد انہوں نے مختار کو اطلاع دی کہ سنان بصرہ سے قادسیہ کی طرف روانہ ہو گیا ہے۔ یہ سن کر مختار کو روحانی شادمانی ہوئی۔ اور ایک جماعت کو اس کی گرفتاری کے لیے قادسیہ روانہ کیا۔ چنانچہ اسے عذیب و قادسیہ کے درمیان گرفتار کر لیا گیا اور مختار کے سامنے پیش کیا۔ مختار نے حکم دیا کہ پہلے تو اس کی ایک ایک کر کے تمام انگلیاں قطع کی جائیں۔ پھر ہاتھ اور پاؤں کاٹے جائیں چنانچہ ایسا ہی کیا گیا۔ بعد ازاں روغن زیتون کی ایک دیگ گرم کی گئی۔ اس طرح کھولتے ہوئے تیل میں ملعون کو ڈال دیا گیا جس سے وہ اپنے کیفر کردار کو پہنچ گیا۔[2]

مختار کا راہ فرار اختیار کرنے والوں کے مکانات کا مسمار کرانا

جن دنوں مختار کوفہ میں قاتلین سید الشہداءؑ کو چن چن کر ہلاک کر رہے تھے۔ اس اثناء میں بہت سے ملاعین کوفہ سے بھاگ کر اکثر بصرہ میں (مصعب بن زبیر کے پاس) چلے گئے۔ چنانچہ ان میں مرۃ بن منقذ[3] (قاتل شہزادہ علی اکبرؑ)، محمد بن اشعث، عبد اللہ بن عروہ نخعی، عبد اللہ بن عقبہ غنوی (قاتل ابی بکر بن الحسین) شبث بن ربعی اور

---

[1] اخبار الطوال، ص ۲۶۴ طبع مصر۔

[2] تقمام، ص ۶۲۷۔ فرسان، ج ۲، ص ۲۳۴۔ اصدق، ص ۶۱۔

[3] اس کے بصرہ فرار کرنے کا ماجرا کچھ اس طرح ہے کہ مختار نے اس کی گرفتاری کے لیے چند آدمی بھیجے جنہوں نے جا کر اس کے گھر کا گھیرا ڈال لیا۔ ملعون گھوڑے پر سوار اور مسلح ہو کر نکلا اور زد و خورد کرتا ہوا بھاگ جانے میں کامیاب ہو گیا۔ اسی اثنا میں اس کے بازو پر تلوار لگی جس سے وہ بازو شل ہو کر بیکار ہو گیا۔ کامل، ج ۳، ص ۳۷۱۔ تقمام، ص ۶۲۷ وغیرہ۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

اسماء بن خارجہ فزاری وغیرہ بھی شامل تھے۔ مختار نے ان کے مکانات منہدم کرا دیئے۔[1]

عبیداللہ بن زیاد، حصین بن نمیر اور شراحیل بن ذی الکلاع کا قتل

جیسا کہ قبل ازیں بیان کیا جا چکا ہے۔ مختار نے ابراہیم بن الاشتر کو ابن زیاد بدنہاد کے ساتھ جنگ کرنے کے لیے لشکر جرار دے کر بھیجا تھا مگر کوفہ کی داخلی شورش کو فرو کرنے کے لیے ان کو واپس بلانا پڑا۔ جب وہ شورش موقوف ہوگئی اور داخلی حالات سازگار ہوگئے تو بعد ازاں مزید دو یوم قیام کرنے کے بعد پھر مختار نے ان کو بارہ بروایتے نو اور بقولے کچھ کم بیس ہزار کا لشکر جرار دے کر ابن زیاد اور اہل شام کے ساتھ فیصلہ کن جنگ لڑنے کے لیے بائیسویں ذی الحجہ ۶۶ھ کو روانہ کیا۔ مختار کچھ دور تک ان کی مشایعت کے لیے ہمراہ گئے۔ اور ضروری ہدایات و وصایا کرنے کے بعد واپس آ گئے۔ ابراہیم نے بڑی سرعت کے ساتھ منازل سفر طے کرتے ہوئے موصل سے پانچ فرسخ اس طرف نہر خاذر پر پہنچ کر اسے اپنا لشکر گاہ قرار دے دیا۔ دوسری طرف سے ابن زیاد بھی تیس[2] ہزار اور بقول ابن نما اس سے بھی زیادہ لشکر کے ساتھ موصل پر قبضہ کرتے ہوئے آگے بڑھ آیا اور ابراہیم کے لشکر کے قریب ڈیرے ڈال دیئے۔ ابن زیاد کے ایک رئیس لشکر عمیر سلمی نے ابراہیم کے پاس پیغام بھیجا کہ وہ رات کے وقت خلوت میں ان سے ملنا چاہتے ہیں۔ چنانچہ وہ رات کے وقت اپنے ایک اور ساتھی فرات بن سالم (ابراہیم ن۔د) کے ہمراہ ابراہیم کے پاس آیا اور کہا کہ اگرچہ میں اور میری قوم ابن زیاد کے ہمراہ ہیں مگر میں اپنی قوم سمیت بنی مروان کو برا سمجھتا ہوں۔ کل جب جنگ شروع ہوگی تو ابن زیاد کے میسرہ کی کمان میرے ہاتھ میں ہوگی۔ تم میسرہ پر حملہ کرنا ہم راہ فرار اختیار کریں گے۔ اس طرح بہت جلد آپ کو فتح و کامرانی حاصل ہو جائے گی۔ حقیقت بھی یہی تھی کہ اس کی باتیں صداقت پر مبنی تھیں۔ مگر وہ دوسرے روز حسب وعدہ بوجہ خوف ننگ و عار جلدی راہ فرار اختیار نہ کر سکا بلکہ سخت جنگ کے بعد جب پہلے ابن زیاد کے کچھ اور آدمیوں نے میدان جنگ سے منہ موڑا تب اس نے بھی میدان چھوڑا۔[3]

ابراہیم بن الاشتر اس رات ہرگز نہ سو سکا بلکہ تمام رات لشکر کو مرتب کرنے اور ان کو دشمن کے ساتھ فیصلہ کن جنگ و جدال کرنے پر ترغیب و تحریص دلانے میں مشغول رہا۔[4] وہ تمام لشکر سے برابر یہی کہتا تھا۔ اے ناصران دین و شیعیان امیر المؤمنینؑ! تمہارے سامنے عبیداللہ بن مرجانہ موجود ہے۔ جو حسین بن فاطمہ بنت رسول کا قاتل ہے۔ یہ وہی ہے جو حسینؑ اور ان کے اہل و عیال اور نہر فرات کے درمیان حائل ہو گیا تھا۔ یہاں تک کہ وہ العطش العطش کرتے ہوئے شہید کر دیئے گئے۔ اسی نے ان کے لیے چوڑی چکلی زمین کا دامن تنگ کر دیا تھا حتیٰ کہ ان کو اور ان کے اہل

---

[1] اصدق، ص ۶۲۔ فرسان، ج ۲، ص ۲۳۵۔
[2] تذکرۃ الخواص، ص ۲۸۶، طبع النجف۔
[3] کامل، ج ۳، ص ۳۸۰۔ تقام، ص ۶۳۷ وغیرہ۔
[4] کامل، ج ۳، ص ۳۸۰۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

بیتؑ کو شہید کر دیا۔ بخدا فرعون نے بنی اسرائیل کے ساتھ ایسا سلوک نہ کیا تھا جو ابن مرجانہ نے ذریت رسولؐ کے ساتھ کیا۔ بخدا مجھے امید ہے کہ خدا تمہارے ہاتھوں سے اس کا خون بہا کر تمہارے دلوں کو شفا دے گا اور تمہیں فتح و فیروزی عطا فرمائے گا۔ نماز صبح کے بعد طرفین کے لشکر ایک دوسرے کے مقابل صف بستہ ہو گئے۔ اور سواروں پر شراحیل بن ذی الکلاع الحمیری کو کمانڈر مقرر کیا۔[1] اور ابراہیم نے اس طرح اپنا لشکر ترتیب دیا کہ میمنہ پر سفیان بن یزید، میسرہ پر علی بن مالک، سواروں پر طفیل بن القیط اور پیادوں پر مزاحم بن مالک کمانڈر مقرر کیا۔[2] پہلے پہل ابن زیاد کے لشکر سے ابن ضبعان کلبی رجز پڑھتا ہوا نکلا اور مبارز طلب کیا۔ ادھر ابراہیم کے لشکر سے احوص بن شداد ہمدانی رجز پڑھتا ہوا مقابلہ کے لیے نکلا۔ احوص نے کلبی سے نام پوچھا۔ اس نے کہا: میرا نام "منازل الابطال" ہے۔ احوص نے کہا: میرا نام مقرب الآجال ہے۔ پھر اس چابک دستی سے اس پر تلوار ماری کہ ایک ہی وار میں واصل جہنم کر دیا۔ پھر داؤد دمشقی مقابلہ کے لیے نکلا۔ احوص نے اس کو بھی ایک ہی وار میں داروغۂ جہنم کے سپرد کر دیا۔ پھر واپس صف میں آ کر کھڑا ہو گیا۔ بعد ازاں ابن زیاد اور آگے بڑھا۔ جب دونوں لشکر بالکل ایک دوسرے کے قریب آ گئے تو یہ کیفیت دیکھ کر حصین بن نمیر نے جو لشکر شام کے میمنہ کا افسر تھا اپنے سپاہیوں کو للکارتے ہوئے اور رجز پڑھتے ہوئے ابراہیم کے میسرۂ لشکر پر حملہ کر دیا۔ ابراہیم کے لشکر سے شریک تغلبی شعلۂ جوالہ کی طرح رجز پڑھتے ہوئے اس ملعون پر ٹوٹ پڑا۔ اور باہم گتھم گتھا ہو گئے۔ اور دو چار بار باہمی ردّ و بدل کے بعد شریک نے اسے ایسی کاری ضرب لگائی کہ اس شقی کی پلید روح واصل جہنم ہو گئی۔

بہر حال یہ حملہ اس قدر سخت تھا کہ ابراہیم کے میسرۂ لشکر کا افسر اعلیٰ بن مالک الجشمی کام آ گیا۔ اس کے بعد اس کے بیٹے قرہ بن علی نے علم سنبھال لیا بلکہ ابراہیم کے میسرہ میں کچھ بھگدڑ بھی مچنے لگی۔ اس وقت میسرہ کا علم عبداللہ بن ورقا کے ہاتھ میں تھا مگر ابراہیم کے شیرانہ تابڑ توڑ حملوں نے جنگ کا پانسہ بدل کے رکھ دیا۔ وہ بپھرے ہوئے شیر کی طرح جدھر کا رخ کرتا کشتوں کے پشتے لگا دیتا۔ راویان اخبار کا بیان ہے کہ گھمسان کا رن پڑ رہا تھا۔ اور طرفین سے نیزوں، تیروں اور تلواروں کی بارش برس رہی تھی۔ اور لوہے سے لوہے کے ٹکرانے کی وجہ سے اس قدر شور بلند تھا کہ میدان جنگ لوہاروں کا بازار معلوم ہوتا تھا۔ تلواروں سے تلواریں ٹکرا کر چنگاریاں برسانے لگیں اور غبار جنگ نے فلک نیلگوں کو تاریک کر دیا۔ اسی اثناء میں نماز ظہر کا وقت آ گیا۔ اصحاب ابراہیمؑ نے تکبیر اور اشارہ کے ساتھ نماز پڑھی۔ دونوں طرف سے کثیر التعداد آدمی مارے گئے۔ اب ابن زیاد کے لشکر نے پیچھے ہٹنا شروع کیا۔ بعض نے راہ فرار اختیار کی۔ اس وقت عمیر سلمی نے بھی میسرہ سمیت میدان چھوڑ دیا۔ اب تو ابن زیاد کے لشکر میں بری طرح بھگدڑ

---

[1] کامل، ج ۳، ص ۳۸۰۔ [2] مقتل، ص ۶۳۵۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

بچ گئی۔ ابراہیم کے سپاہی ان کا تعاقب کر رہے تھے۔ دوسری طرف نہر خازر تھی۔ شامی اندھا دھند اس میں گر رہے تھے۔ اتنے میدان میں نہیں قتل ہوئے ہوں گے جس قدر اس نہر میں ڈوب کر ہلاک ہوئے۔ ابراہیم کے لشکریوں کو بہت کچھ مال غنیمت ہاتھ آیا نیز اسی جنگ مغلوبہ میں شرحبیل بن ذی الکلاع الحمیری بھی جو شامیوں کا بہت بڑا جرنیل تھا۔ مارا گیا اور اس طرح میدان اہل عراق کے ہاتھ رہا اور خداوند عالم نے ابراہیم کو نمایاں فتح و فیروزی عطا فرمائی۔ جب جنگ موقوف ہوگئی اور ابراہیم کے آدمی مال غنیمت جمع کرنے سے فارغ ہو چکے تو ابراہیم نے ان سے کہا: میں نے اثناءِ جنگ میں ایک ایسے شخص کو نہر خازر کے کنارے قتل کیا ہے جو ایک منفرد علم کے نیچے تھا اور اس سے مشک کی خوشبو آتی تھی۔ میں نے اسے تلوار کے ایک بھرپور وار سے دو نیم کر دیا۔ اس کے ہاتھ مشرق کی طرف اور پاؤں مغرب کی جانب تھے۔ میرا خیال ہے کہ وہ ابن زیاد تھا جاؤ اسے تلاش کرو۔ چنانچہ اس ملعون کی تلاش شروع ہوئی بالآخر اس کا جیفہ مل گیا۔ جب اس کی شناخت کر لی گئی کہ یہ ابن زیاد بدنہاد ہی ہے تو ابراہیم نے سجدۂ شکر ادا کیا۔ پھر حکم دیا کہ اس کا سر تن سے جدا کر لیا جائے پھر اس کے نجس بدن کو پہلے الٹا سولی پر لٹکوایا۔ بعد ازاں اسے نذر آتش کر دیا گیا۔ اور ابن زیاد، حصین بن نمیر اور شراحیل وغیرہ سرداران لشکر شام کے سر مختار کے پاس بھجوا دیئے گئے۔ یہ روز عاشورا ۶۶ھ یعنی سید الشہداءؑ کے شہادت کے پورے چھ برس بعد انہی کے یوم شہادت کا واقعہ ہے۔ جب مختار کے پاس سر پہنچے تو وہ اس قدر مسرور و شادکام ہوئے۔ قریب تھا کہ فرط مسرت سے رونے لگیں۔ جب ابن زیاد کا نجس سر مختار کے سامنے پیش کیا گیا تو وہ کھانا کھانے میں مشغول تھے، اٹھے اور اس کے منہ پر لاتیں ماریں۔ پھر جوتا اتار کر غلام کو دیتے ہوئے فرمایا کہ اسے پاک کرو کیونکہ میں نے اسے ایک نجس کافر کے منہ کے ساتھ چھوا ہے۔[1] پھر حکم دیا کہ ان سروں کو وہاں رکھا جائے جہاں جناب سید الشہداءؑ کا سر مبارک رکھا گیا۔ چنانچہ ایسا ہی کیا گیا۔ بعد ازاں ان کو وہاں سولی پر لٹکایا گیا جہاں حضرت امام حسینؑ کا سر مبارک نصب کیا گیا تھا۔ وارد ہے کہ جب ابن زیاد کا سر مختار کے سامنے رکھا گیا تو ایک باریک سانپ آیا جو اس ملعون کے منہ میں داخل ہوا اور ناک کے سوراخ سے نکل گیا۔ پھر ناک سے داخل ہوا اور منہ سے نکل گیا۔ اس نے کئی بار ایسا ہی کیا۔ اور جب سر سولی پر لٹکا ہوا تھا تو پھر ایسا ہی واقعہ پیش آیا۔ بروایتے تین دن تک ایسا ہی ہوتا رہا۔[2] اس کے بعد مختار نے ابن زیاد، حصین بن نمیر اور شرحبیل بن ذی الکلاع کے سر مع تیس ہزار دینار کے مکہ میں جناب محمد بن الحنفیہ کے پاس بھجوا دیئے۔ اور اس مضمون کا ایک مکتوب بھی ہمراہ ارسال کیا کہ ﴿انی بعثت انصارکم و شیعتکم الی عدوکم فخرجوا محتسبین آسفین فقتلوهم فالحمد لله الذی

---

[1] فرسان، ج ۲، از ص ۲۳۵ تا ۲۳۹۔ اصدق، ص ۶۲ تا ص ۷۰۔ کامل، ج ۳، ص ۳۷۷ تا ۳۸۱۔

[2] اصدق، ص ۷۰۔ تذکرۃ الخواص، ص ۲۸۶۔ کامل ابن اثیر، ج ۳، ص ۳۸۱ وغیرہ۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

ادرک لکم الثار و اهلکم فی کل فج عمیق و شفی اللہ صدور قوم مؤمنین ﴾ جب یہ سر محمد بن الحنفیہ کے پاس پہنچے تو وہ سجدۂ باری میں گر گئے۔ اور مختار کے حق میں دعائے خیر کرتے ہوئے فرمایا: ﴿جزاہ اللہ المختار خیر الجزاء فقد ادرک لنا ثارنا و وجب حقہ علی کل من ولدہ عبد المطلب بن ھاشم﴾۔ پھر ابن الاشتر کے حق میں بھی دعائے خیر کی۔ بعد ازاں یہ سر مدینہ میں حضرت امام زین العابدینؑ کی خدمت میں بھجوا دیئے۔ جب امامؑ کی خدمت میں سر حاضر کئے گئے۔ اس وقت آپ کھانا تناول کرنے میں مشغول تھے۔ فوراً سجدۂ شکر میں سر رکھ دیا۔ پھر سر بلند کرنے کے بعد خدا کی حمد و ثنا اور مختار کے حق میں دعائے خیر کرتے ہوئے فرمایا: ﴿الحمد للہ الذی ادرک لی ثاری من عدوی و جزء اللہ المختار خیراً﴾ پھر فرمایا: جب ہمیں دربار ابن زیاد میں پیش کیا گیا اس وقت وہ کھانا کھانے میں مشغول تھا اور میرے والد ماجد کا سر اقدس اس کے سامنے رکھا ہوا تھا اس وقت میں نے یہ دعا کی تھی کہ ﴿اللّٰھم لا تمتنی حتی ترینی راس ابن زیاد﴾ بارالہا! مجھے اس وقت تک موت نہ دینا جب تک اسی طرح ابن زیاد کا سر مجھے دکھا نہ دے۔[1] اس طرح قاتلانِ سید الشہداءؑ عذابِ آخرت سے پہلے دنیوی عذاب میں گرفتار ہوئے اور جو قتل سے بچ گئے وہ نابینائی، چہرہ کی سیاہی وغیرہ آفات و بلیات میں گرفتار ہو گئے۔ جیسا کہ زہری سے مروی ہے: ﴿ما بقی منھم احد الا و عوقب فی الدنیا اما بالقتل او العمی او سواد الوجہ او زوال الملک فی مدۃ یسیرۃ﴾ (تذکرۃ الخواص، ص ۲۸۰) اس طرح ان نابکاروں کے بارے میں سید الشہداءؑ کی وہ بددعا پوری ہوئی جو اس طرح کی تھی: ﴿اللّٰھم اشھد علی ھٰؤلاء القوم فانھم دعونا لینصرونا ثم عدوا علینا یقاتلوننا اللّٰھم امنعھم برکات الارض و فرقھم تفریقاً و مزقھم تمزیقا و اجعلھم طرائق قددا ولا ترض الولاۃ عنھم ابداً و اقتلھم بدداً ولا تغادر منھم احداً﴾۔

(فرسان الہیجا، ج ۲، ص ۲۲۷)

مختار کا ہنگام وفات

حالات کا بنظر غائر جائزہ لینے سے معلوم ہوتا ہے کہ قدرت کاملہ مختار سے جو کام لینا چاہتی تھی۔ وہ لے چکی تھی اور ان کا مشن پایۂ تکمیل کو پہنچ چکا تھا اس لیے بارگاہِ ایزدی سے جلد ان کا بلاوا آ گیا۔ اس امر کا اظہار خود مختار نے بھی ابتداءِ امر میں کیا تھا کہ جب میں خاندانِ نبوت کا انتقام لے کر اہل ایمان کے دلوں کو شفا دے دوں تو پھر مجھے کوئی پروا نہیں کہ میری سلطنت زائل ہو جائے اور پیکِ اجل آ جائے (جیسا کہ پہلے تفصیل گزر چکی ہے)۔ مختار نے اپنے اٹھارہ ماہ دورِ حکومت میں قاتلین سید الشہداءؑ میں سے اٹھارہ ہزار آدمیوں کو قتل کیا۔ اور اگر نہر خازر کے مقتولین کو بھی

---

[1] اصدق، ص ۱۰۔ فرسان، ج ۲، ص ۲۴۰۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

ساتھ شامل کر لیا جائے تو ان کی تعداد اور بھی بڑھ جاتی ہے۔ جب تک مختار بنی امیہ اور ان کے ہوا خواہوں سے نبرد آزما تھے۔ عبداللہ بن زبیر اور اس کے ہوا خواہ خاموش تھے۔ کیونکہ بنی امیہ ان دونوں کے مشترکہ دشمن تھے۔ البتہ جب مختار اس طرف سے فارغ ہوئے تو عبداللہ بن زبیر اور ان کے عمال نے شاید اس اندیشہ سے کہ کہیں مختار ان کے خلاف اعلان جنگ نہ کر دیں۔ خود پیش قدمی میں مصلحت دیکھی۔ چنانچہ اس کا بھائی مصعب بن زبیر نے جو کہ بصرہ کا گورنر تھا۔ غالباً عبداللہ کے حکم سے ایک لشکر جرار کے ساتھ کوفہ پر چڑھائی کر دی۔ اس لشکر میں اکثر وہ لوگ تھے جو کوفہ سے بھاگ کر بصرہ پہنچے تھے۔ ادھر مختار کی جمعیت پراگندہ تھی۔ کیونکہ زیادہ تر فوج ابراہیم کے پاس تھی اور وہ "فتح خازر" کے بعد وہیں بمقام نصیبین قیام پذیر ہو گئے تھے۔ لہٰذا مختار نے نہایت عجلت میں صرف چار ہزار کا لشکر ترتیب دیا۔ اور کوفہ سے نکل کر مقام "حمام اعین" (بقولے بمقام نہر البصیرین) پر مصعب کے مقابلہ کے لیے پہنچ گئے۔ مصعب بھی اپنی جمعیت کے ساتھ مقابل میں آ کر جم گیا۔ اور پہلے مختار سے ابن زبیر کی بیعت کا مطالبہ کیا۔ مختار نے انکار کرتے ہوئے اس کے سامنے یہ تجویز پیش کی کہ پہلے ہم دونوں فریق مل کر دشمنان آل رسولؐ کو ختم کریں۔ پھر باہمی مشورہ سے اہل بیت رسولؐ میں سے جس شخص پر اتفاق ہو گیا اس کی بیعت کر لیں گے۔ اسے مصعب نے منظور نہ کیا۔ نتیجہ یہ نکلا کہ طرفین سے آتش جنگ مشتعل ہو گئی۔ اس جنگ میں مختار کے کئی سربرآوردہ اور مخلص ساتھی کام آ گئے اور اکثر تاب مقابلہ نہ لاتے ہوئے راہ فرار اختیار کر گئے۔ مخالف کا کوئی خاص نقصان نہ ہوا۔ البتہ ایک مشہور دشمن اہل بیت یعنی محمد بن اشعث واصل جہنم ہو گیا۔[1] مختار اپنے چند مخلص ساتھیوں کے ساتھ واپس کوفہ لوٹ کر قصر دار الامارہ میں قلعہ بند ہو گئے۔ اس طرح مصعب بلا مزاحمت کوفہ میں داخل ہو گیا اور دار الامارہ کا محاصرہ کر لیا۔ بقول دینوری اس محاصرہ نے چالیس یوم تک طول کھینچا۔[2] اس طرح مختار کا ازدقہ ختم ہونے لگا۔ اور ان پر قافیۂ زیست تنگ ہونا شروع ہو گیا۔ لہٰذا مختار نے زندگانی دنیا سے مایوس ہو کر غسل کیا۔ حنوط کیا اور خوشبو لگائی۔ اپنی زوجہ ام ثابت وغیرہا کو الوداع کہا۔ پھر باہر نکل کر اپنے چند جانثاروں کے ساتھ دلیرانہ و مجاہدانہ انداز میں داد شجاعت دیتے ہوئے زندگانی دنیا سے منہ موڑتے ہوئے ہمیشہ کے لیے عروس موت سے ہمکنار ہو گئے۔ ظالموں نے ان کا سر بدن سے جدا کر کے مصعب کے سامنے پیش کیا۔ پھر مصعب نے اپنے بھائی عبداللہ بن زبیر کے پاس مکہ بھیج دیا۔ یہ ۱۴ ماہ رمضان ۶۷ھ کا واقعہ ہے۔ اس وقت ان کی عمر سرسٹھ (۶۷) برس تھی۔[3] اس سلسلہ میں چھ ہزار آدمی مارے گئے۔[4] مصعب بدنہاد کی آتش کینہ و عناد اس پر بھی نہ بجھی۔ بلکہ مختار کی دونوں بیویوں ام ثابت بنت سمرۃ بن جندب اور عمرۃ بنت نعمان بن بشیر انصاری کو گرفتار

---

[1] اخبار الطوال، ص ۲۶۷۔ کامل، ج ۳، ص ۳۸۴۔
[2] الاخبار الطوال، ص ۲۶۷۔
[3] فرسان، ج ۲، ص ۲۴۱۔ الاخبار الطوال، ص ۲۶۸۔ کامل، ج ۳، ص ۳۸۸۔
[4] کامل، ج ۳، ص ۳۸۸۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

کر کے مختار سے اظہار برأت پر مجبور کیا۔ چنانچہ ام ثابت، ثابت قدم نہ رہ سکی اور اظہار برأت کر کے اپنی گلوخلاصی کرا لی مگر عمرہ آخر تک اپنے انکار پر قائم رہی۔ اور اس انکار کی اسے یہ قیمت ادا کرنا پڑی کہ مصعب کے حکم سے "جبانہ" میں لے جا کر اس کی گردن اڑا دی گئی۔ بعض شعراء نے اس کے مرثیے کہے۔ ایک مرثیہ کے چند شعر یہ ہیں ؎

ان من اعجب العجائب عندی　　قتل بیضاء حرة عطبول

قتلوها بغیر ذنب سفاها　　ان للّٰه درها من قتیل

کتب القتل و القتال علینا　　و علی المحصنات جرّ الذیول[1]

اگرچہ اس کے ساتھ مختار کی ظاہری زندگی کا خاتمہ ہوگیا اور نفس کی آمد و رفت کا سلسلہ منقطع ہوگیا۔ مگر جیسا کہ قبل ازیں بیان کیا جا چکا ہے۔ قدرت کاملہ مختار سے جو کام لینا چاہتی تھی وہ اس کی تکمیل کی سعادت حاصل کر کے بارگاہ ذوالجلال والاکرام سے بقاء دوام کا انعام حاصل کر چکے تھے۔ اب زمانہ کروڑوں کروٹیں بدلے، لیل و نہار لاکھوں بار گردش کریں۔ انقلاب روزگار ہزاروں بار کوشش کرے آفتاب و ماہتاب سینکڑوں بار طلوع و غروب کریں مگر کیا مجال کہ مختار کے نام و کام کو صفحۂ ہستی سے مٹا سکیں۔ گویا مختار زبانِ حال سے پکار رہے ہیں ؎

افلت شموس الاولین و شمسنا　　ابداً علی افق العلی لا تغرب

سچ ہے ؎

کشتگانِ خنجر تسلیم را　　ہر زمان از غیب جانے دیگر است

و اخر دعوانا ان الحمد للّٰه رب العالمین و صلّی اللّٰه علی سیدنا خاتم النبیین و عترته الطاهرین المعصومین اللّٰهمّ اجعل سعی هذا لوجهک الکریم و اجعله ذخراً لی و لوالدی ولاساتیذی و خلّص تلامیذی و کمّل اخوانی المؤمنین لیوم لا ینفع فیه مال ولا بنون الا من اتی اللّٰه بقلب سلیم و اجعلنی من ورثة جنت نعیم ربنا تقبّل منا انک انت السمیع العلیم و تب علینا انک انت التواب الرحیم برحمتک یا ارحم الراحمین. آمین یا ربّ العالمین بجاه النبی و اله الطاهرین صلوات اللّٰه علیه و علیهم اجمعین قد تم الکتاب بعون اللّٰه الوهاب فی لیلة العشرین من ذی القعدة الحرام ۱۳۸۹ھ من هجرة سید الانام علیه و علی اله الصّلوة و السّلام المصارف للتسع و العشرین من جنوری ۱۹۷۰ء فی الساعة التاسعة و الربع

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ آلِ مُحَمَّدٍ۔

---

[1] الاخبار الطوال، ص ۳۶۹۔ کامل ابن اثیر، ج ۳، ص ۳۸۶ وغیرہ۔

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

اسلامک بک سینٹر اسلام آباد

ہمارے ادارے کی ہمیشہ یہی کوشش رہی ہے کہ عوام کو مستند علمی کتب اعلیٰ پرنٹنگ کے ساتھ مہیا کی جائیں۔

یہ ادارہ "ایلیا" "اوم اور علی" اور "نماز شیعہ" کی اشاعت کے بعد واقعاتِ کربلا پر ایک جامع علمی اور تحقیقی کتاب

"سعادت الدارین فی مقتل الحسینؑ"

شائع کرنے کا شرف حاصل کر رہا ہے۔

یوں تو واقعاتِ کربلا پر بہت سی کتب شائع ہو چکی ہیں لیکن قاری کے لیے مستند واقعات تلاش کرنا بہت ہی مشکل ہوتا ہے۔ اس کتاب میں مؤلف نے انتہائی تحقیق کے بعد مستند واقعات کو جمع کیا ہے۔ امید ہے یہ کتاب علمی حلقوں میں بہت زیادہ پسند کی جائے گی۔

(نوٹ):۔ ہر قسم کے اسلامی موضوعات پر کتب، علمائے کرام کی آڈیو / ویڈیو کیسٹیں اور CD's کی خریداری کے لیے رابطہ فرمائیں۔

سید عمار رضا کاظمی

اسلامک بک سینٹر، C-362، گلی نمبر 12، سیکٹر G-6/2، اسلام آباد

فون نمبر 2870105

Presented By: www.jafrilibrary.com